بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا (القرآن)

جس نے رسول (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی اطاعت کی تو بیشک اس نے اللہ تعالیٰ کا حکم مانا اور جس نے منہ پھیرا تو ہم نے بھی آپ کو ان کا نگہبان (ذمہ دار) بنا کر نہیں بھیجا

سُنَنِ ابُوداؤد شریف

(مُتَرجَم)

جلد سوم

تصنیف

امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی قدس سرہٗ

۲۰۲ھ ——— ۲۷۵ھ

۸۱۷ء ——— ۸۸۹ء

ترجمہ وفوائد

مولانا عبدالحکیم خاں اختر شاہجہانپوری ظلہٗ

(مترجم صحیح بخاری، سنن ابن ماجہ، موطا امام مالک)

تقسیم کار

فرید بُک سٹال ○ ۳۸ اردو بازار۔ لاہور۲ پاکستان

نام کتاب : سنن ابوداود (سوئم)

تصنیف : امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ : مولینا عبدالحکیم خاں اختر شاہجہانپوری قدس سرہ العزیز

اہتمام وتزیین : سید اعجاز احمد (بانیِ اِدارہ)

مطبع : رومی پبلیکیشنز اینڈ پرنٹرز، لاہور

اشاعتِ اوّل : ۱۴۰۵ھ/۱۹۸۵ء

اشاعتِ دوئم : ذوالقعدۃ ۱۴۲۲ھ/فروری ۲۰۰۲ء

ناشر

فرید بُک سٹال (رجسٹرڈ) ۳۸۔اُردو بازار لاہور

فون نمبر 042-7312173 ، فیکس نمبر 092-042-7224899

ای۔میل نمبر Email:info@faridbookstall.com

Visit us at : www.faridbookstall.com ویب سائٹ

فہرست سنن ابوداؤد مترجم جلد سوم

باب	مضمون	صفحہ
x	فہرست	

پارہ ـــ ۲۲

۱۹۔ کتاب القضاء

پارہ — ۲۳

۲۰-کتاب العلم

۲۱-کتاب الاشربہ

۲۲-کتاب الاطعمہ

پارہ ــــــ ۲۴

۲۳۔ کتاب الطّب

۲۴۔ کتاب الکہانۃ والتطیر

پارہ —— ۲۵

۲۵۔ کتاب الحروف والقراءات

۲۶۔ کتاب الحمام

۲۷۔ کتاب اللباس

پارہ — ۲۶

۳۲۔ کتاب الملاحم

۳۳۔ کتاب الحدود

پارہ ـــــ ۲۸

۳۴۔کتاب الدیات

پارہ —— ۲۹

۳۵۔کتاب السنۃ

پارہ — ۳۰

۳۶۔ کتاب الادب

پارہ ــــ ۳۱

۳۷- ابواب النوم

پارہ ـــــ ۳۲

۳۸- ابواب السلام

پارہ ۔۔۔ ۲۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

بَاب فِي التَّشْدِيْدِ فِيْ ذٰلِكَ۔

۱۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ ابْنِ اللَّيْثِ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي قَالَ حَدَّثَنِي عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يُكْرِي أَرْضَهُ حَتّٰى بَلَغَهُ أَنَّ رَافِعَ بْنَ خَدِيْجٍ الْأَنْصَارِيَّ حَدَّثَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْهٰى عَنْ كِرَاءِ الْأَرْضِ فَلَقِيَهُ عَبْدُ اللّٰهِ فَقَالَ يَا ابْنَ خَدِيْجٍ مَاذَا تُحَدِّثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي كِرَاءِ الْأَرْضِ فَقَالَ رَافِعٌ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ سَمِعْتُ عَمَّيَّ وَكَانَا قَدْ شَهِدَا بَدْرًا يُحَدِّثَانِ أَهْلَ الدَّارِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ كِرَاءِ الْأَرْضِ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ وَاللّٰهِ لَقَدْ كُنْتُ أَعْلَمُ فِي عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ الْأَرْضَ تُكْرٰى ثُمَّ خَشِيَ عَبْدُ اللّٰهِ أَنْ يَكُوْنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحْدَثَ فِي ذٰلِكَ شَيْئًا لَمْ يَكُنْ عَلِمَهُ فَتَرَكَ كِرَاءَ الْأَرْضِ قَالَ أَبُوْ دَاوُدَ رَوَاهُ أَيُّوْبُ وَعُبَيْدُ اللّٰهِ وَكَثِيْرُ بْنُ فَرْقَدٍ وَمَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنْ رَافِعٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَوَاهُ الْأَوْزَاعِيُّ عَنْ حَفْصِ بْنِ عِنَانٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ رَافِعٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مزارعت کی ممانعت

سالم بن عبد اللہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اپنی زمین کو کرائے پر دیا کرتے تھے یہاں تک کہ انہیں یہ بات پہنچی کہ حضرت رافع بن خدیج انصاری روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم زمین کو کرائے پر دینے سے منع فرمایا کرتے تھے۔ پس حضرت عبد اللہ ان سے ملے اور کہا کہ اے ابن خدیج! آپ زمین کو کرائے پر دینے کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کیا روایت کرتے ہیں؟ پس حضرت رافع نے حضرت عبد اللہ سے کہا کہ میں نے اپنے دونوں چچاؤں سے سنا جو غزوۂ بدر میں شریک ہوئے تھے وہ گھر والوں سے حدیث بیان کرتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کرائے پر زمین دینے سے منع فرمایا ہے۔ حضرت عبد اللہ نے کہا خدا کی قسم مجھے بخوبی معلوم ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مبارک زمانہ میں زمین کرائے پر دی جاتی تھی۔ پھر حضرت عبد اللہ ڈرے کہ مبادا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس بارے میں کوئی ایسا حکم فرمایا ہو جو ان کے علم میں نہ ہو لہٰذا انہوں نے زمین کو کرائے پر دینا بند کر دیا۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے ایوب اور عبید اللہ اور کثیر بن فرقد اور مالک، نافع، حضرت رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اور روایت کیا اسے اوزاعی، حفص بن عنان، نافع، حضرت رافع کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا اور روایت کی ابو بردہ، حکم، نافع سے کہ

وَكَذٰلِكَ رَوٰى زَيْدُ ابْنُ اَبِي بُرْدَةَ فَقَالَ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ اَتٰى رَافِعًا فَقَالَ سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَعَمْ وَكَذَا رَوَاهُ عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ عَنْ اَبِي النَّجَاشِيِّ عَنْ رَافِعٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَوَاهُ الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ اَبِي النَّجَاشِيِّ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ عَنْ عَمِّهِ ظُهَيْرِ بْنِ رَافِعٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

حضرت ابن عمر نے حضرت رافع کے پاس آکر کہا کہ کیا آپ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنا ہے؟ کہا ہاں اور اسی طرح روایت کیا ہے اسے عکرمہ بن عمار نے ابوالنجاشی سے کہ حضرت رافع نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنا ہے اور روایت کیا ہے اسے اوزاعی ابوالنجاشی حضرت رافع بن خدیج ان کے چچا حضرت ظہیر بن رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے۔

ف۔ زید کے پاس اتنی زیادہ زمین ہے کہ ساری میں خود کاشت نہیں کرسکتا اور زائد زمین بکر کو کاشتکاری کے لیے دیتا ہے یا زمین تو زیادہ نہیں لیکن خود دور رہتا یا اور کوئی کاروبار کرتا ہے بایں وجہ اپنی زمین کاشتکاری کے لیے بکر کو دیتا ہے اور اس نے نصف یا تہائی چوتھائی وغیرہ پیداوار کا حصہ لینا مقرر کرلیتا ہے۔ اسے مزارعت کہتے ہیں۔ امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ کے نزدیک اس طرح مزارعت پر زمین دینا جائز نہیں ہے جبکہ اہل حق کے باقی تینوں آئمہ مجتہدین یعنی امام مالک، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم جواز کے قائل ہیں اس مسئلے میں دلائل کی کثرت اور تقویٰ وطہارت کی عظمت جانب امام اعظم ہے لیکن سہولت عام اور ضرورت عوام کا لحاظ آئمہ ثلاثہ کے موقف میں ہے۔ قاضی شرق وغرب امام ابویوسف اور ناشر مذہب احناف امام محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہما بھی جانب جواز ہیں۔ ضرورت عوام کے باعث فقہائے احناف کا فتویٰ بھی قول صاحبین پر ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَيْسَرَةَ نَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ نَا سَعِيْدٌ عَنْ يَعْلَى بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ اَنَّ رَافِعَ بْنَ خَدِيْجٍ قَالَ كُنَّا نُخَابِرُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ اَنَّ بَعْضَ عُمُوْمَتِهِ اَتَاهُ فَقَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَمْرٍ كَانَ لَنَا نَافِعًا وَطَوَاعِيَةُ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ اَنْفَعُ لَنَا وَاَنْفَعُ قَالَ قُلْنَا وَمَا ذَاكَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَتْ لَهُ اَرْضٌ فَلْيَزْرَعْهَا اَوْ لِيُزْرِعْهَا اَخَاهُ وَلَا يُكَارِيْهَا بِثُلُثٍ وَلَا بِرُبُعٍ وَلَا بِطَعَامٍ مُسَمًّى۔

سلیمان بن یسار سے روایت ہے کہ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں مزارعت کیا کرتے تھے پس ذکر کیا کہ میرے ایک چچا نے ہمارے پاس آکر فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں اس کام سے روکا ہے جو ہمارے لیے نفع بخش تھا لیکن اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت زیادہ نفع دینے والی ہے لہٰذا یہ نفع حاصل کرو۔ ہم عرض گزار ہوئے کہ کیا فرمایا ہے؟ کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جس کے پاس زمین ہو تو خود کاشت کرے یا کاشتکاری کے لیے اپنے بھائی کے سپرد کردے لیکن اسے تہائی چوتھائی بٹائی یا اناج مقرر کرکے کمائے پر نہ دے۔

۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ نَا حَمَّادُ ابْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ قَالَ كَتَبَ اِلَيَّ يَعْلَى بْنُ

محمد بن عبید، حماد بن زید، ایوب کا بیان ہے کہ یعلی بن حکیم نے میرے لیے لکھا کہ میں نے سلیمان بن یسار سے سنا ہے معنا

حكيم أني سمعت سليمان بن يسار بمعنى إسناد عبيد الله وحديثه۔

عبید اللہ کی اسناد والی حدیث کے مطابق۔

۴۔ حدثنا أبو بكر ابن أبي شيبة نا وكيع نا عمر بن ذر عن مجاهد عن ابن رافع ابن خديج عن أبيه قال جاءنا أبو رافع من عند رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال نهانا رسول الله صلى الله عليه وسلم عن أمر كان يرفق بنا وطاعة الله وطاعة رسوله أرفق بنا نهانا أن يزرع أحدنا إلا أرضا يملك رقبتها أو منيحة يمنحها رجل۔

ابن رافع بن خدیج سے روایت ہے کہ ان کے والد ماجد نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ سے حضرت ابورافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں اس نفع بخش کام سے منع فرمایا ہے لیکن اللہ کا حکم ماننا اور اس کے رسول کا حکم ماننا ہمارے لیے زیادہ نفع بخش ہے آپ نے ہمیں کاشتکاری سے منع فرمایا ہے مگر اپنی زمین میں جس کا وہ خود مالک ہو یا جو اسے کسی نے دی ہو۔

۵۔ حدثنا محمد بن كثير أنا سفيان عن منصور عن مجاهد أن أسيد بن ظهير قال جاءنا رافع بن خديج فقال إن رسول الله صلى الله عليه وسلم ينهاكم عن أمر كان لكم نافعا وطاعة الله وطاعة رسول الله صلى الله عليه وسلم أنفع لكم إن رسول الله صلى الله عليه وسلم ينهاكم عن الحقل وقال من استغنى عن أرضه فليمنحها أخاه أو ليدع قال أبو داود وهكذا رواه شعبة ومفضل ابن مهلهل عن منصور قال نا شعبة أسيد ابن أخي رافع بن خديج۔

اسید بن ظہیر کا بیان ہے کہ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تمہیں اس کام سے منع کیا ہے جو تمہارے لیے مفید ہے جبکہ اللہ کا حکم ماننا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حکم ماننا تمہارے لیے زیادہ نفع بخش ہے بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تمہیں مزارعت سے منع فرمایا ہے اور فرمایا کہ جسے اپنی زمین کی ضرورت نہ ہو تو اپنے بھائی کو عاریتاً دے دیا یا چھوڑ دے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اسی طرح روایت کیا ہے اسے شعبہ اور مفضل بن مہلہل نے منصور سے۔ شعبہ نے کہا کہ اسید حضرت رافع بن خدیج کے بھتیجے تھے۔

۶۔ حدثنا محمد بن بشار نا يحيى نا أبو جعفر الخطمي قال بعثني عمي أنا وغلاما له إلى سعيد بن المسيب قال قلنا له شيء بلغنا عنك في المزارعة قال كان ابن عمر لا يرى بها بأسا حتى بلغه عن رافع بن خديج حديث فأتاه فأخبره رافع أن رسول الله صلى الله عليه وسلم أتى بني حارثة فرأى زرعا في أرض ظهير فقال ما أحسن زرع

ابوجعفر خطمی کا بیان ہے کہ میرے چچا جان نے مجھے اور اپنے ایک غلام کو سعید بن مسیب کی خدمت میں بھیجا۔ ہم عرض گزار ہوئے کہ مزارعت کے بارے میں آپ کی طرف سے ہمیں ایک بات پہنچی ہے فرمایا کہ حضرت ابن عمر اس میں کوئی مضائقہ نہیں سمجھا کرتے تھے یہاں تک کہ انہیں حضرت رافع بن خدیج کی حدیث پہنچی۔ ان کے پاس گئے تو حضرت رافع نے انہیں بتایا کہ ایک دفعہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بنی حارثہ کے پاس تشریف لے گئے تو آپ نے ظہیر کی زمین

ظُهَيْرٍ قَالُوا أَلَيْسَ لِظُهَيْرٍ قَالَ أَلَيْسَ أَرْضُ ظُهَيْرٍ قَالُوا بَلَى وَلَكِنَّهُ زَرْعُ فُلَانٍ قَالَ فَخُذُوا زَرْعَكُمْ وَرُدُّوا عَلَيْهِ النَّفَقَةَ قَالَ رَافِعٌ فَأَخَذْنَا زَرْعَنَا وَرَدَدْنَا إِلَيْهِ النَّفَقَةَ قَالَ سَعِيدٌ أَفْقِرْ أَخَاكَ أَوْ أَكْرِهِ بِالدَّرَاهِمِ ۔

میں زراعت دیکھی۔ فرمایا کہ ظہیر کی زراعت کیا خوب ہے۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یہ ظہیر کی نہیں ہے۔ فرمایا کیا یہ ظہیر کی زمین نہیں ہے؟ عرض گزار ہوئے۔ کیوں نہیں لیکن زراعت فلاں کی ہے۔ فرمایا کہ اپنی زراعت لے لو اور خرچ انہیں ادا کر دو۔ حضرت رافع کا بیان ہے کہ ہم نے اپنی زراعت لے لی اور خرچ اسے ادا کر دیا۔ سعید بن مسیب نے فرمایا کہ اپنے بھائی کی تنگدستی دور کر دیا اسے ٹھیکے پر دے دو۔

۷۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا أَبُو الْأَحْوَصِ نَا طَارِقُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ وَقَالَ إِنَّمَا يَزْرَعُ ثَلَاثَةٌ رَجُلٌ لَهُ أَرْضٌ فَهُوَ يَزْرَعُهَا وَرَجُلٌ مُنِحَ أَرْضًا فَهُوَ يَزْرَعُ مَا مُنِحَ وَرَجُلٌ اسْتَكْرَى أَرْضًا بِذَهَبٍ أَوْ فِضَّةٍ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَقَرَأْتُ عَلَى سَعِيدِ بْنِ يَعْقُوبَ الطَّالَقَانِيِّ قُلْتُ لَهُ حَدَّثَكُمُ ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ سَعِيدٍ أَبِي شُجَاعٍ قَالَ حَدَّثَنِي عُثْمَانُ بْنُ سَهْلِ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ قَالَ إِنِّي لَيَتِيمٌ فِي حِجْرِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ وَحَجَجْتُ مَعَهُ فَجَاءَهُ أَخِي عِمْرَانُ بْنُ سَهْلٍ فَقَالَ أَكْرَيْنَا أَرْضَنَا فُلَانَةَ بِمِائَتَيْ دِرْهَمٍ فَقَالَ دَعْهُ فَإِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ كِرَى الْأَرْضِ ۔

سعید بن مسیب نے حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے محاقلہ اور مزابنہ سے منع کیا اور فرمایا کہ زراعت تین طرح ہوتی ہے۔ ایک یہ کہ آدمی کی اپنی زمین ہو اور اس میں کھیتی کرے۔ دوسرے یہ کہ زمین کسی سے مستعار لے کر اس میں کھیتی کرے۔ تیسرے یہ کہ سونے یا چاندی کے بدلے کرائے پر لے۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ میں نے یہ حدیث پڑھی سعید بن یعقوب طالقانی کے سامنے کہ آپ سے حدیث بیان کی ابن المبارک، سعید ابی شجاع، عثمان بن سہل بن رافع بن خدیج کا بیان ہے کہ یتیمی کے باعث میں حضرت رافع بن خدیج کے یہاں زیر پرورش تھا اور میں نے ان کے ساتھ حج کیا تو میرا بھائی عمران بن سہل ان کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ ہم نے فلاں کو اپنی زمین دو سو درہموں کے بدلے کرائے پر دی ہے۔ فرمایا کہ ایسا کرنا چھوڑ دو کیونکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کرائے پر زمین دینے سے منع فرمایا ہے۔

۸۔ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ نَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ نَا بُكَيْرٌ يَعْنِي ابْنَ عَامِرٍ عَنِ ابْنِ أَبِي نُعْمٍ قَالَ حَدَّثَنِي رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ أَنَّهُ زَرَعَ أَرْضًا فَمَرَّ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَسْقِيهَا فَسَأَلَهُ لِمَنِ الزَّرْعُ وَلِمَنِ

ابن ابی نعیم سے روایت ہے کہ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک زمین میں کھیتی کی۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے پاس سے گزرے جبکہ وہ اسے پانی دے رہے تھے۔ دریافت فرمایا کہ یہ کھیتی کس کی ہے اور زمین کس کی ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ جوتنا بونا بیج اور

الْأَرْضُ فَقَالَ زَرْعِي بِبَذْرِي وَعَمَلِي لِي الشَّطْرُ وَلِبَنِي فُلَانٍ الشَّطْرُ قَالَ أَرْبَيْتُمَا فَرُدَّ الْأَرْضَ إِلَى أَهْلِهَا وَخُذْ نَفَقَتَكَ۔

محنت میری طرف سے نصیب پیداوار پر اور نصف فلاں (مالک زمین) کا فرمایا کہ تم دونوں نے سودی کاروبار کیا۔ زمین اس کے مالک کو دے دو اور اپنا خرچ لے لو۔

ف۔ مندرجہ بالا حدیثیں امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب کی تائید کر رہی ہیں اگرچہ ایسی حدیثیں بھی موجود ہیں جن سے دیگر آئمہ اور صاحبین کے مذہب کی تائید ہوتی اور جواز کی صورت نکلتی ہے لیکن ترجیح مذہب امام ہی کو حاصل ہے جبکہ دیگر بزرگوں نے ضرورت عوام اور سہولت عام کو زیادہ ملحوظ رکھا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَاب ۲۲ فِي زَرْعِ الْأَرْضِ بِغَيْرِ إِذْنِ صَاحِبِهَا

مالک کی اجازت کے بغیر زمین میں زراعت کرنا

۹۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا شَرِيكٌ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ زَرَعَ فِي أَرْضِ قَوْمٍ بِغَيْرِ إِذْنِهِمْ فَلَيْسَ لَهُ مِنَ الزَّرْعِ شَيْءٌ وَلَهُ نَفَقَتُهُ۔

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے دوسرے لوگوں کی زمین میں ان کی اجازت کے بغیر کھیتی باڑی کی تو زراعت سے اس کے لیے کچھ نہیں ہے اور اسے اس کا خرچ (مزدوری سمیت) ملے گا۔

بَاب ۲۳ فِي الْمُخَابَرَةِ

بٹائی کا بیان

۱۰۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا إِسْمَعِيلُ ح وَنَا مُسَدَّدٌ أَنَّ حَمَّادًا وَعَبْدَ الْوَارِثِ حَدَّثَاهُمْ كُلُّهُمْ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ قَالَ عَنْ حَمَّادٍ وَسَعِيدِ بْنِ مِينَاءَ ثُمَّ اتَّفَقُوا عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُزَابَنَةِ وَالْمُحَاقَلَةِ وَالْمُخَابَرَةِ وَالْمُعَاوَمَةِ قَالَ عَنْ حَمَّادٍ وَقَالَ أَحَدُهُمَا وَالْمُعَاوَمَةِ وَقَالَ الْآخَرُ بَيْعُ السِّنِينَ ثُمَّ اتَّفَقُوا وَعَنِ الثُّنْيَا وَرَخَّصَ فِي الْعَرَايَا۔

احمد بن حنبل، اسمٰعیل۔ مسدد، حماد اور عبدالوارث، ایوب، ابوالزبیر، حماد اور سعید بن میناء، حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مزابنہ، محاقلہ، مخابرہ اور معاومہ سے منع فرمایا ہے۔ یہ حماد کی روایت ہے اور دونوں میں سے ایک نے معاومہ کہا جبکہ دوسرے نے کہا کہ کئی سالوں تک کی بیع سے پھر سب متفق ہو گئے کہ استثناء کرنے سے اور بیع عرایا (ان سب کا ذکر کتاب البیوع میں ہو چکا ہے) کی اجازت مرحمت فرمائی۔

۱۱۔ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يَزِيدَ السَّيَّارِيُّ أَبُو حَفْصٍ نَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ عَنْ سُفْيَانَ ابْنِ حُسَيْنٍ عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُزَابَنَةِ وَالْمُحَاقَلَةِ وَعَنِ الثُّنْيَا إِلَّا أَنْ يُعْلَمَ۔

عمر بن یزید سیاری ابوحفص، عباد بن عوام، سفیان بن حسین، یونس بن عبید، عطاء، حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مزابنہ و محاقلہ سے منع فرمایا ہے اور استثناء کرنے سے مگر جبکہ مقدار معلوم ہو۔

۱۲- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ نَا ابْنُ رَجَاءٍ يَعْنِي الْمَكِّيَّ قَالَ ابْنُ خُثَيْمٍ حَدَّثَنِي عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ لَمْ يَذَرِ الْمُخَابَرَةَ فَلْيُؤْذَنْ بِحَرْبٍ مِنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ۔

ابوالزبیر سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو بٹائی پر زمین دینا نہ چھوڑے وہ اللہ اور اس کے رسول سے لڑائی کرتا ہے۔

۱۳- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا عُمَرُ بْنُ أَيُّوبَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ عَنْ ثَابِتِ ابْنِ الْحَجَّاجِ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُخَابَرَةِ قُلْتُ وَمَا الْمُخَابَرَةُ قَالَ أَنْ تَأْخُذَ الْأَرْضَ بِنِصْفٍ أَوْ ثُلُثٍ أَوْ رُبُعٍ۔

ثابت بن حجاج سے روایت ہے کہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مخابرہ سے منع فرمایا ہے۔ میں عرض گزار ہوا کہ مخابرہ کیا ہے فرمایا کہ تم نصف یا تہائی یا چوتھائی پیداوار پر زمین لو۔

ف۔ مذکورہ بالا حدیثوں سے بھی امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب کی تائید ہوتی ہے جبکہ بعض حضرات کے نزدیک یہ ممانعت فتح خیبر کے وقت منسوخ ہو گئی تھی جبکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیبر کی مفتوحہ زمین کاشتکاری کے لیے یہودیوں کے پاس ہی رکھی اور ان سے نصف حصہ پیداوار کا وصول کیا جاتا تھا۔ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک خیبر والی حدیثیں ان کی ناسخ نہیں ہیں کیونکہ ان کے نزدیک یہودیوں کو بٹائی پر زمین کاشتکاری کے لیے دے کر نصف حصہ پیداوار کا وصول کرنا خراج کی ایک صورت تھی۔ بہرحال امام ابو یوسف اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہما بھی مزارعت کو جائز قرار دیتے ہیں اور فقہائے احناف کا فتویٰ بھی قول صاحبین پر ہے کیونکہ یہ ضرورتِ عوام ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ فِي الْمُسَاقَاةِ۔

پھلوں کی بٹائی

۱۴- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا يَحْيَى عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَلَ أَهْلَ خَيْبَرَ بِشَطْرِ مَا يَخْرُجُ مِنْ ثَمَرٍ أَوْ زَرْعٍ۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیبر والوں (یہودیوں) سے نصف حصے پر معاملہ طے فرمایا تھا جو بھی پھلوں اور زراعت کی صورت میں حاصل ہو۔

۱۵- حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ عَنِ اللَّيْثِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ يَعْنِي ابْنَ غَنَجٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَفَعَ إِلَى يَهُودِ خَيْبَرَ نَخْلَ خَيْبَرَ وَأَرْضَهَا عَلَى أَنْ يَعْتَمِلُوهَا مِنْ

نافع نے حضرت ابن عمر سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیبر کے یہودیوں کو خیبر کے کھجوروں کے باغات اور ان کی زرعی زمین اس شرط پر دے دی کہ اس میں محنت کریں اور مالی اخراجات برداشت کریں اور اس کے نصف پھل رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ہوں

أَمْوَالِهِمْ وَأَنَّ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَطْرَ ثَمَرِهَا۔

گے۔

ف اپنے چند درختوں یا باغ کی دیکھ بھال زید خود نہیں کرتا بلکہ محنت یا ضرورت کے تحت بکر کو دے دیتا ہے کہ آب پاشی وغیرہ کی محنت وہ کرے اور جتنا پھل حاصل ہو اس میں سے نصف یا تہائی یا چوتھائی زید کا ہوگا۔ اسے مساقاۃ کہا جاتا ہے۔ اس حدیث سے مساقاۃ اور مزارعت کا جواز نکل رہا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۶۔ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الرَّقِّيُّ نَا عُمَرُ بْنُ أَيُّوبَ نَا جَعْفَرُ بْنُ بُرْقَانَ عَنْ مَيْمُونِ ابْنِ مِهْرَانَ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ افْتَتَحَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ وَاشْتَرَطَ أَنَّ لَهُ الْأَرْضَ وَكُلَّ صَفْرَاءَ وَبَيْضَاءَ وَقَالَ أَهْلُ خَيْبَرَ نَحْنُ أَعْلَمُ بِالْأَرْضِ مِنْكُمْ فَأَعْطِنَاهَا عَلَى أَنَّ لَكُمْ نِصْفَ الثَّمَرَةِ وَلَنَا نِصْفٌ فَزَعَمَ أَنَّهُ أَعْطَاهُمْ عَلَى ذٰلِكَ فَلَمَّا كَانَ حِينَ يُصْرَمُ النَّخْلُ بَعَثَ إِلَيْهِمْ عَبْدَ اللَّهِ ابْنَ رَوَاحَةَ فَحَزَرَ عَلَيْهِمُ النَّخْلَ وَهُوَ الَّذِي يُسَمِّيهِ أَهْلُ الْمَدِينَةِ الْخَرْصَ فَقَالَ فِي ذِهْ كَذَا وَكَذَا قَالُوا أَكْثَرْتَ عَلَيْنَا يَا ابْنَ رَوَاحَةَ قَالَ فَأَنَا أَلِي جُزَازَ النَّخْلِ وَأُعْطِيكُمْ نِصْفَ الَّذِي قُلْتُ قَالُوا هٰذَا الْحَقُّ وَبِهِ تَقُومُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ قَدْ رَضِينَا أَنْ نَأْخُذَهُ بِالَّذِي قُلْتَ۔

مقسم سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیبر کو فتح کیا تو یہ شرط رکھی کہ زمین آپ کی ملکیت ہو گی اور جو سونا یا چاندی نکلے وہ بھی حضور کی ہو گی۔ خیبر والوں نے کہا کہ کاشتکاری کو ہم آپ حضرات سے زیادہ جانتے ہیں۔ لہٰذا یہ ہمیں اس شرط پر دے دیجیے کہ نصف پھل آپ کے ہوں اور نصف ہمارے پس آپ نے اس شرط پر زمین انہیں دے دی۔ جب کھجوروں کے پکنے کا وقت آتا تو آپ ان کے پاس حضرت عبداللہ بن رواحہ کو بھیج دیا کرتے۔ وہ کھجوروں کا اندازہ لگا دیا کرتے اور اندازہ لگانے کو اہل مدینہ خرص کہا کرتے تھے۔ جب وہ (حضرت عبداللہ) کہتے کہ اس باغ میں اتنی کھجوریں ہوں گی تو وہ (یہودی) کہتے کہ ابن رواحہ! آپ نے زیادہ بتائی ہیں۔ یہ فرماتے کہ کھجوریں میں توڑوں گا اور جو میں نے کہا ہے اس کا نصف تمہیں دے دوں گا پس انہوں نے کہا کہ یہی وہ ہے جس کے سہارے آسمان وزمین قائم ہیں۔ ہم وہی لینے پر راضی ہیں جو آپ نے فرمایا۔

۱۷۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَهْلٍ الرَّمْلِيُّ نَا زَيْدُ بْنُ أَبِي الزَّرْقَاءِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ بِإِسْنَادِهِ وَمَعْنَاهُ قَالَ فَحَزَرَ وَقَالَ عِنْدَ قَوْلِهِ وَكُلَّ صَفْرَاءَ وَبَيْضَاءَ يَعْنِي الذَّهَبَ

زید بن ابوزرقاء نے جعفر بن برقان سے اپنی اسناد کے ساتھ اسے روایت کرتے ہوئے فَحَزَرَ کہا اور وَكُلُّ صَفْرَاءَ وَبَيْضَاءَ کی تفسیر کرتے ہوئے کہا کہ سونا اور چاندی جو نکلے وہ حضور کا ہو گا۔

۱۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْأَنْبَارِيُّ نَا كَثِيرٌ يَعْنِي ابْنَ هِشَامٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ نَا مَيْمُونٌ عَنْ مِقْسَمٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ افْتَتَحَ خَيْبَرَ فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ زَيْدٍ قَالَ فَحَزَرَ النَّخْلَ وَقَالَ فَأَنَا أَلِي جُذَاذَ

میمون نے مقسم سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب خیبر کو فتح کیا۔ آگے حدیث زید کی طرح بیان کرتے ہوئے کہا۔ پس انہوں (حضرت عبداللہ) نے اندازہ کیا اور فرمایا کہ کھجوروں کو میں کاٹوں گا اور جو میں نے کہا ہے تمہیں اس کا نصف دے دوں گا۔

النَّخْلِ وَأُعْطِيكُمْ نِصْفَ الَّذِي قُلْتُ.

بَابٌ فِي الْخَرْصِ.

پیداوار کا اندازہ کرنا

۱۹۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ نَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ أُخْبِرْتُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْعَثُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ رَوَاحَةَ فَيَخْرُصُ النَّخْلَ حِينَ يَطِيبُ قَبْلَ أَنْ يُؤْكَلَ مِنْهُ ثُمَّ يُخَيِّرُ الْيَهُودَ يَأْخُذُونَهُ بِذَلِكَ الْخَرْصِ أَمْ يَدْفَعُونَهُ إِلَيْهِمْ بِذَلِكَ الْخَرْصِ لِكَيْ تُحْصَى الزَّكَاةُ قَبْلَ أَنْ تُؤْكَلَ الثِّمَارُ وَتُفَرَّقَ.

عروہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت عبداللہ بن رواحہ کو بھیجا کرتے تو وہ کھجوروں کا پکنے کے وقت اندازہ کرتے اس سے پہلے کہ ان میں سے کھائی جائیں پھر یہودیوں کو اختیار دیا جاتا تھا کہ اس اندازے کے مطابق لیں یا اندازے کے مطابق انہیں (مسلمانوں کو) دے دیں تاکہ زکوٰۃ کا حساب ہو سکے پھلوں کے کھانے اور متفرق کرنے سے پہلے۔

۲۰۔ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي خَلَفٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ طَهْمَانَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ أَنَّهُ قَالَ لَمَّا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَى رَسُولِهِ خَيْبَرَ فَأَقَرَّهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا كَانُوا وَجَعَلَهَا بَيْنَهُ وَبَيْنَهُمْ فَبَعَثَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ رَوَاحَةَ فَخَرَصَهَا عَلَيْهِمْ.

ابوالزبیر سے روایت ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا جب اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو خیبر مرحمت فرمایا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں (یہودیوں کو) حسب سابق برقرار رکھا اور اسے اپنے اور ان کے درمیان رکھ لیا پس حضرت عبداللہ بن رواحہ کو بھیجا جاتا جو ان کے لیے اندازہ کر دیتے۔

۲۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَمُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ قَالَا نَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ خَرَصَهَا ابْنُ رَوَاحَةَ أَرْبَعِينَ أَلْفَ وَسْقٍ وَزَعَمَ أَنَّ الْيَهُودَ لَمَّا خَيَّرَهُمُ ابْنُ رَوَاحَةَ أَخَذُوا الثَّمَرَ وَعَلَيْهِمْ عِشْرُونَ أَلْفَ وَسْقٍ.

ابوالزبیر نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضرت ابن رواحہ نے چالیس ہزار وسق کھجوروں کا اندازہ کیا۔ یہودیوں کو جب حضرت ابن رواحہ نے اختیار دیا تو انہوں نے پھل لے لیے کہ بیس ہزار وسق ادا کر دیں گے (اگر یہ اندازہ زائد ہوتا تو وہ پھلوں کو حضرت ابن رواحہ کے سپرد کر کے بیس ہزار وسق کھجوریں لینا قبول کرتے)

ف۔ حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خیبر کے باغات کی کھجوروں کا اندازہ چالیس ہزار وسق کیا جبکہ ابھی وہ درختوں ہی پر تھیں۔ ان میں سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حصے پر بیس ہزار وسق کھجوریں آئیں ایک وسق ساڑھے صاع کا ہوتا ہے اگر دس صاع کا ایک من شمار کیا جائے تو اس طرح ایک وسق میں چھ من کھجوریں ہوئیں اور بیس ہزار وسق کھجوروں کی مقدار ایک لاکھ بیس ہزار من ہو گی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیبر کی کھجوروں کا اندازہ کرنے کے لیے جو حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا انتخاب فرمایا وہ بہت ہی مناسب تھا۔ جب یہودیوں نے ان کی مہارت

اور انصاف کو چیلنج کرتے ہوئے چالیس ہزار وسق کھجوروں کے اندازے کو زائد بتایا تو حضرت عبد اللہ بن رواحہ نے ان کے سامنے دوسری صورت رکھی کہ تم باغات سے ایک طرف ہو جاؤ۔ پھل میں خود کاٹوں گا اور تمہارے حصے کی بیس ہزار وسق کھجوریں میں تمہیں ادا کر دوں گا۔ اگر بقول تمہارے میرا اندازہ زیادہ ہے تو اس صورت میں ہمارے لیے بیس ہزار وسق سے کم کھجوریں بچیں گی لیکن تم مجھ سے اپنی پوری کھجوریں وصول کر لینا۔ یہودی اگرچہ اندازے کو زائد بتاتے تھے لیکن جانتے تھے کہ اندازہ مناسب کیا گیا ہے لہٰذا وہ باغات کو چھوڑنے اور حضرت عبد اللہ بن رواحہ سے بیس ہزار وسق کھجوریں لینے پر آمادہ نہیں ہوئے بلکہ باغات کو اپنی ہی تحویل میں رکھا خود پھل کاٹے اور پھلوں سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حصہ ادا کر دیا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ فِي كَسْبِ الْمُعَلِّمِ

معلم کا اجرت لینا

۲۲۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا وَكِيعٌ وَحُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الرُّؤَاسِيُّ عَنْ مُغِيرَةَ بْنِ زِيَادٍ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ ثَعْلَبَةَ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ عَلَّمْتُ نَاسًا مِنْ أَهْلِ الصُّفَّةِ الْقُرْآنَ وَالْكِتَابَ فَأَهْدَى إِلَيَّ رَجُلٌ مِنْهُمْ قَوْسًا فَقُلْتُ لَيْسَتْ بِمَالٍ وَأَرْمِي عَنْهَا فِي سَبِيلِ اللَّهِ لَآتِيَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَأَسْأَلَنَّهُ فَأَتَيْتُهُ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ رَجُلٌ أَهْدَى إِلَيَّ قَوْسًا مِمَّنْ كُنْتُ أُعَلِّمُهُ الْكِتَابَ وَالْقُرْآنَ وَلَيْسَتْ بِمَالٍ وَأَرْمِي عَنْهَا فِي سَبِيلِ اللَّهِ تَعَالَى قَالَ إِنْ كُنْتَ تُحِبُّ أَنْ تُطَوَّقَ طَوْقًا مِنْ نَارٍ فَاقْبَلْهَا۔

ابوبکر بن ابوشیبہ، وکیع، حمید بن عبد الرحمن رواسی، مغیرہ بن زیادہ، عبادہ بن نسی، اسود بن ثعلبہ سے روایت ہے کہ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ میں نے اصحاب صفہ میں سے کچھ حضرات کو قرآن مجید اور لکھنا سکھایا تو ان میں سے ایک آدمی نے مجھے کمان کا تحفہ دیا۔ میں نے کہا یہ کوئی مال تو ہے نہیں بلکہ اس کے ساتھ میں اللہ کی راہ میں تیر چلاؤں گا۔ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر یہ ضرور دریافت کروں گا۔ پس میں حاضر بارگاہ ہو کر عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! ایک آدمی نے مجھے کمان بطور تحفہ دی ہے جس کو میں نے لکھنا اور قرآن مجید سکھایا ہے۔ یہ مال تو ہے نہیں بلکہ اس کے ذریعے میں اللہ تعالیٰ کی راہ میں تیر اندازی کروں گا۔ فرمایا اگر تم آگ کا طوق پہننا چاہتے ہو تو اسے قبول کر لو۔

۲۳۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ وَكَثِيرُ بْنُ عُبَيْدٍ قَالَا نَا بَقِيَّةُ حَدَّثَنِي بِشْرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ ابْنِ يَسَارٍ قَالَ عَمْرٌو وَحَدَّثَنِي عُبَادَةُ بْنُ نُسَيٍّ عَنْ جُنَادَةَ بْنِ أَبِي أُمَيَّةَ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ نَحْوَ هَذَا الْخَبَرِ وَالْأَوَّلُ أَتَمُّ فَقُلْتُ مَا تَرَى فِيهَا يَا رَسُولَ اللَّهِ فَقَالَ جَمْرَةٌ بَيْنَ كَتِفَيْكَ تَقَلَّدْتَهَا أَوْ تَعَلَّقْتَهَا۔

عمرو بن عثمان اور کثیر بن عبید، بقیہ، بشر بن عبد اللہ بن یسار، عمرو، عبادہ بن نسی، جنادہ بن ابو امیہ نے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پہلی حدیث کے مطابق روایت کی ہے اور پہلی حدیث زیادہ مکمل ہے میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! آپ کا ارشاد گرامی اس کے متعلق کیا ہے؟ فرمایا کہ چنگاری ہے جو تم اپنے دونوں کندھوں کے درمیان پہنو گے یا اسے لٹکاؤ گے۔

ف۔ ایسی ہی بکثرت احادیث مطہرہ کے پیش نظر امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک تعلیم قرآن مجید کی اجرت لینا جائز نہیں ہے اکثر متقدمین بھی اسی کے قائل تھے لیکن قرون اولیٰ جیسی حالت نہ رہنے کے باعث متاخرین علماء نے اس کی اجازت دی ہے بہرحال تقویٰ وہ ہے اور فتویٰ یہ ہے لہٰذا عمل کرنے والا اپنے حوصلے کے مطابق جس پر چاہے عمل کر سکتا ہے نہ وہ راستہ بند ہے اور نہ یہ۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ۔

بَابٌ فِي كَسْبِ الْأَطِبَّاءِ

۲۴ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ ثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ أَبِي بِشْرٍ عَنْ أَبِي الْمُتَوَكِّلِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَهْطًا مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْطَلَقُوا فِي سَفْرَةٍ سَافَرُوهَا فَنَزَلُوا بِحَيٍّ مِنَ الْعَرَبِ فَاسْتَضَافُوهُمْ فَأَبَوْا أَنْ يُضَيِّفُوهُمْ قَالَ فَلُدِغَ سَيِّدُ ذَلِكَ الْحَيِّ فَشَفَوْا لَهُ بِكُلِّ شَيْءٍ لَا يَنْفَعُهُ شَيْءٌ فَقَالَ بَعْضُهُمْ لَوْ أَتَيْتُمْ هَؤُلَاءِ الرَّهْطَ الَّذِينَ نَزَلُوا بِكُمْ لَعَلَّ أَنْ يَكُونَ عِنْدَ بَعْضِهِمْ شَيْءٌ يَنْفَعُ صَاحِبَكُمْ فَقَالَ بَعْضُهُمْ إِنَّ سَيِّدَنَا لُدِغَ فَشَفَيْنَا لَهُ بِكُلِّ شَيْءٍ لَا يَنْفَعُهُ شَيْءٌ فَهَلْ عِنْدَ أَحَدٍ مِنْكُمْ شَيْءٌ يَعْنِي رُقْيَةً فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ إِنِّي لَأَرْقِي وَلَكِنِ اسْتَضَفْنَاكُمْ فَأَبَيْتُمْ أَنْ تُضَيِّفُونَا مَا أَنَا بِرَاقٍ حَتَّى تَجْعَلُوا لِي جُعْلًا فَجَعَلُوا لَهُ قَطِيعًا مِنَ الشَّاءِ فَأَتَاهُ فَقَرَأَ عَلَيْهِ بِأُمِّ الْكِتَابِ وَيَتْفُلُ حَتَّى بَرَأَ كَأَنَّمَا أُنْشِطَ مِنْ عِقَالٍ قَالَ فَأَوْفَاهُمْ جُعْلَهُمُ الَّذِي صَالَحُوهُمْ عَلَيْهِ فَقَالُوا اقْتَسِمُوا فَقَالَ الَّذِي رَقَى لَا تَفْعَلُوا حَتَّى نَأْتِيَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَسْتَأْمِرَهُ فَغَدَوْا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرُوا لَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَيْنَ عَلِمْتُمْ أَنَّهَا رُقْيَةٌ أَحْسَنْتُمْ وَاضْرِبُوا لِي مَعَكُمْ بِسَهْمٍ۔

معالج کا اجرت لینا

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کچھ اصحاب ایک سفر میں تھے کہ وہ عرب کے ایک قبیلے کے پاس اترے اور ان سے ضیافت کے لیے کہا تو انہوں نے مہمان نوازی سے انکار کر دیا۔ پس اس قبیلے کے سردار کو سانپ نے کاٹ کھایا۔ انہوں نے ہر ایک چیز سے اس کا علاج کر کے دیکھ لیا لیکن کسی چیز نے اسے فائدہ نہ دیا۔ ان میں سے بعض لوگوں نے کہا کہ تم ان لوگوں کے پاس کیوں نہیں جاتے جو تمہارے پاس اترے ہوئے ہیں شاید ان میں سے کسی کے پاس کوئی ایسی چیز ہو جو تمہارے سردار کو فائدہ دے۔ ان میں سے بعض لوگوں نے آ کر کہا کہ ہمارے سردار کو سانپ نے ڈس لیا ہے ہم نے ہر چیز سے ان کا علاج کر کے دیکھ لیا لیکن فائدہ نہیں ہوا کیا آپ حضرات میں سے کسی کو دم کرنا آتا ہے؟ ان میں سے ایک صاحب نے فرمایا کہ میں دم کر دوں گا لیکن ہم نے تم لوگوں سے ضیافت کے لیے کہا تھا کہ تم نے انکار کر دیا لہٰذا میں دم نہیں کروں گا یہاں تک کہ میرے لیے کوئی انعام مقرر کر دو۔ پس انہوں نے بکریوں کا ایک ریوڑ مقرر کر دیا۔ پس وہ صاحب اس کے پاس تشریف لے گئے اور سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کرتے رہے یہاں تک کہ وہ شفایاب ہو گیا جیسے قید سے آزاد ہوا ہو۔ راوی کا بیان ہے کہ انہوں نے جو انعام مقرر کیا تھا وہ پیش کر دیا۔ ساتھیوں نے کہا کہ انہیں تقسیم کر لیں۔ دم کرنے والے صاحب نے کہا کہ ایسا نہ کیجیے یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اس کا حکم دریافت کر لیں۔ اگلے روز وہ

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور واقعہ عرض کر دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہیں کیسے معلوم ہوا کہ اس کے ساتھ دم کیا جا سکتا ہے؟ تم نے اچھا کیا اور اپنے ساتھ میرا حصہ بھی نکالنا۔ ف

ف:۔ اس حدیث سے کئی چیزیں معلوم ہوئیں۔ ایک یہ کہ آیات قرآنیہ میں شفا بھی ہے۔ روحانی شفا تو ہر ایک کے نزدیک مسلم لیکن جسمانی شفا سے بھی کلام الٰہی کا دامن خالی نہیں ہے۔ دوسری بات یہ کہ قرآنی آیات سے دم اور جھاڑ پھونک کرنا جائز ہے۔ تیسرے یہ کہ دم کرنے پر اگر کوئی اپنی مرضی سے دم کرنے والے کی مالی خدمت کرے تو اس کے جواز میں کلام نہیں ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے حق کا مطالبہ کرکے اور وَاضْرِبُوْا لِیْ مَعَکُمْ بِسَهْمٍ فرما کر جواز کو خوب ذہن نشین کروا دیا تاکہ کسی کے دل میں اس کے متعلق کوئی شبہ نہ رہ جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۵۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَخِيْهِ مَعْبَدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ۔

حسین بن علی، یزید بن ہارون، ہشام بن حسان، محمد بن سیرین ان کے بھائی معبد بن سیرین، حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس حدیث کو روایت کیا ہے۔

۲۶۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ نَا اَبِيْ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي السَّفَرِ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ خَارِجَةَ بْنِ الصَّلْتِ عَنْ عَمِّهٖ اَنَّهٗ مَرَّ بِقَوْمٍ فَاَتَوْهُ فَقَالُوْا اِنَّكَ جِئْتَ مِنْ عِنْدِ هٰذَا الرَّجُلِ بِخَيْرٍ فَارْقِ لَنَا هٰذَا الرَّجُلَ فَاَتَوْهُ بِرَجُلٍ مَعْتُوْهٍ فِي الْقُيُوْدِ فَرَقَاهُ بِاُمِّ الْقُرْاٰنِ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ غُدْوَةً وَعَشِيَّةً وَكُلَّمَا خَتَمَهَا جَمَعَ بُزَاقَهٗ ثُمَّ تَفَلَ فَكَاَنَّمَا اُنْشِطَ مِنْ عِقَالٍ فَاَعْطَوْهُ شَيْئًا فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَهٗ لَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلْ فَلَعَمْرِيْ لَمَنْ اَكَلَ بِرُقْيَةٍ بَاطِلٍ لَقَدْ اَكَلْتَ بِرُقْيَةٍ حَقٍّ۔

خارجہ بن صلت نے اپنے چچا جان سے روایت کی ہے کہ وہ ایک قوم کے پاس سے گزرے تو وہ لوگ ان کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے کہ آپ بھلائی والے شخص (رحمتِ دوعالم) کے پاس سے تشریف لا رہے ہیں لہٰذا ہمارے اس آدمی پر دم کر دیجیے۔ پس وہ ایک دیوانے کو لے کر آئے جسے رسیوں سے باندھا ہوا تھا۔ پس انہوں نے صبح و شام تین روز تک سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کیا جب ختم کرتے تو منہ میں تھوک جمع کرکے تھوک دیتے۔ پس وہ ایسا ہو گیا جیسے قید سے آزاد ہو گیا ہے پس انہوں نے انعام کے طور پر کوئی چیز دی یہ اسے لیکر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو گئے اور آپ سے ذکر کیا پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کھالو مجھے اپنی عمر کی قسم لوگ جھوٹی جھاڑ پھونک سے کھاتے ہیں اور تم نے

بَابٌ فِيْ كَسْبِ الْحَجَّامِ۔

حجام کا اجرت لینا

۲۷۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا اَبَانُ عَنْ يَحْيٰى عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ يَعْنِي ابْنَ قَارِظٍ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

موسیٰ بن اسمٰعیل، ابان، یحییٰ، ابراہیم بن عبد اللہ بن ... قارظ، سائب بن یزید، حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ پچھنے لگانے والے کی کمائی پلید ہے اور کتے

قَالَ كَسْبُ الْحَجَّامِ خَبِيثٌ وَثَمَنُ الْكَلْبِ خَبِيثٌ وَمَهْرُ الْبَغِيِّ خَبِيثٌ۔

کی قیمت پلید ہے اور زانیہ کی کمائی پلید ہے۔

۲۸۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنِ ابْنِ مُحَيِّصَةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ اسْتَأْذَنَ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي إِجَارَةِ الْحَجَّامِ فَنَهَاهُ عَنْهَا فَلَمْ يَزَلْ يَسْأَلُهُ وَيَسْتَأْذِنُهُ حَتَّى أَمَرَهُ أَنْ أَعْلِفْهُ نَاضِحَكَ وَرَقِيقَكَ۔

ابن محیصہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پچھنے لگانے کی مزدوری لینے کی اجازت مانگتے رہے لیکن آپ نے انہیں اس سے منع فرما دیا وہ برابر سوال کرتے اور اجازت مانگتے رہے یہاں تک کہ آپ نے انہیں حکم دیا کہ اپنے اونٹ کو چارہ کھلا دینا اور اپنے غلام کو۔

۲۹۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَزِيدُ يَعْنِي ابْنَ زُرَيْعٍ نَا خَالِدٌ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ احْتَجَمَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَعْطَى الْحَجَّامَ أَجْرَهُ وَلَوْ عَلِمَهُ خَبِيثًا لَمْ يُعْطِهِ۔

عکرمہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پچھنے لگوائے اور حجام کو اس کی مزدوری عنایت فرمائی اگر آپ اسے پلید جانتے تو اسے عطا نہ فرماتے۔

۳۰۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ حَجَمَ أَبُو طَيْبَةَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَ لَهُ بِصَاعٍ مِنْ تَمْرٍ وَأَمَرَ أَهْلَهُ أَنْ يُخَفِّفُوا عَنْهُ مِنْ خَرَاجِهِ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پچھنے لگوائے تو اسے ایک صاع کھجوریں دینے کا حکم فرمایا اور اس کے مالکوں کو حکم دیا کہ اس کے خراج میں کچھ کمی کر دیں۔

اس باب کی چاروں حدیثوں میں سے پہلی دو حدیثوں سے پچھنے یعنی سینگی لگوانے کی اجرت ناجائز ثابت ہو رہی ہے اور اگلی دونوں حدیثوں سے جواز ثابت ہو رہا ہے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سینگی لگانے والے کو خود اجرت دی۔ لہٰذا پچھلی حدیثوں کو ناسخ سمجھنے کے بغیر چارہ کار نہیں اور فتویٰ اس کی اجرت کے جواز پر ہے۔ خصوصاً اس زمانے میں جبکہ سینگی لگوانے سے ہزاروں منزل آگے معاملہ پہنچ گیا یعنی اب تو بات اپریشن تک آ پہنچی ہے لہٰذا حالات حاضرہ کے تحت معالجہ کی اجرت کے بغیر گزارہ نہیں ہے اس لیے اہل علم حضرات کا فتویٰ اس کے جواز کا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ فِي كَسْبِ الْإِمَاءِ۔

لونڈیوں کی کمائی کا بیان

۳۱۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُعَاذٍ نَا أَبِي نَا شُعْبَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا حَازِمٍ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ

عبید اللہ بن معاذ، معاذ، شعبہ، محمد بن جحادہ، ابو حازم، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لونڈیوں کی کمائی سے منع فرمایا ہے۔

كَسْبِ الْإِمَاءِ۔

۳۲۔ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ نَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ نَا عِكْرِمَةُ حَدَّثَنِيْ طَارِقُ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْقُرَشِيُّ قَالَ جَاءَ رَافِعُ ابْنُ رِفَاعَةَ إِلٰى مَجْلِسِ الْأَنْصَارِ فَقَالَ لَقَدْ نَهَانَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْيَوْمَ فَذَكَرَ أَشْيَاءَ وَنَهَانَا عَنْ كَسْبِ الْأَمَةِ إِلَّا مَا عَمِلَتْ بِيَدِهَا وَقَالَ هٰكَذَا بِأَصَابِعِهِ نَحْوَ الْخُبْزِ وَالْغَزْلِ وَالنَّفْشِ۔

طارق بن عبد الرحمٰن قرشی سے روایت ہے کہ حضرت رافع بن رفاعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ انصار کی مجلس کی طرف آئے اور فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آج ہمیں منع فرمایا ہے پس کچھ چیزوں کا ذکر کیا اور ہمیں لونڈی کی کمائی سے منع فرمایا ہے مگر جو وہ اپنے ہاتھ سے محنت مزدوری کرے اور اپنی انگلیوں کے اشارے سے کہا جیسے روٹی پکانا، چرخہ کاتنا اور روئی دھننا وغیرہ۔

۳۳۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا ابْنُ أَبِيْ فُدَيْكٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ يَعْنِي ابْنَ هُرَيْرٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ رَافِعٍ هُوَ ابْنُ خَدِيْجٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ كَسْبِ الْأَمَةِ حَتّٰى يُعْلَمَ مِنْ أَيْنَ هُوَ۔

احمد بن صالح، ابن ابی فدیک، عبید اللہ بن ہریر ان کے والد ماجد، ان کے والد محترم حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لونڈیوں کی کمائی سے منع فرمایا ہے جب تک یہ معلوم نہ ہو کہ وہ کہاں سے حاصل کی ہے۔

بَابٌ فِيْ عَسْبِ الْفَحْلِ۔

نر کو مادہ پر چھوڑنے کی اجرت

۳۴۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ نَا إِسْمٰعِيْلُ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَسْبِ الْفَحْلِ۔

نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نر کو مادہ پر چھوڑنے کی اجرت سے منع فرمایا ہے۔

ف۔ اگر نر والا دوسرے کی مادہ پر اپنا جانور چھوڑنے کی اجرت لے تو از روئے احادیث یہ جائز نہیں ہے۔ اس مرحلے پر ایک دوسرے کے کام آنا چاہیئے اور احسان کا مالی صلہ نہیں لینا چاہیئے کیونکہ اس فعل کا معاوضہ لینے کی ممانعت ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ فِي الصَّائِغِ۔

سُنار کا بیان

۳۵۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ إِسْمٰعِيْلَ نَا حَمَّادٌ نَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحٰقَ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِيْ مَاجِدَةَ قَالَ قَطَعْتُ مِنْ أُذُنِ غُلَامٍ أَوْ قُطِعَ مِنْ أُذُنِيْ فَقَدِمَ عَلَيْنَا أَبُوْ بَكْرٍ حَاجًّا فَاجْتَمَعْنَا إِلَيْهِ فَرَفَعَنَا إِلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَقَالَ عُمَرُ إِنَّ هٰذَا

علاء بن عبد الرحمٰن سے روایت ہے کہ ابو ماجدہ نے فرمایا۔ میں نے ایک لڑکے کا کان کاٹ دیا یا میرا کسی نے کان کاٹ دیا۔ پس حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ حج کے لیے ہمارے پاس تشریف لائے ہم ان کے پاس جمع ہو گئے تو انہوں نے ہمیں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں بھیج دیا حضرت عمر نے فرمایا کہ یہ بات تو قصاص تک پہنچ گئی کسی حجام

قَدْ بَلَغَ الْقِصَاصَ ادْعُوا لِي حَجَّامًا لِيَقْتَصَّ مِنْهُ فَلَمَّا دُعِيَ الْحَجَّامُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنِّي وَهَبْتُ لِخَالَتِي غُلَامًا وَأَنَا أَرْجُو أَنْ يُبَارَكَ لَهَا فِيهِ فَقُلْتُ لَهَا لَا تُسَلِّمِيهِ حَجَّامًا وَلَا صَائِغًا وَلَا قَصَّابًا۔

کو میرے پاس بلا کر لاؤ تاکہ اس سے قصاص لے۔ جب حجام کو بلا لیا گیا تو فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میں نے اپنی خالہ کو ایک غلام ہبہ کیا اور مجھے امید ہے کہ انہیں اس میں برکت ہوگی۔ پس میں نے ان سے کہا کہ اسے کسی حجام، سنار یا قصاب کے سپرد نہ کرنا۔

۳۶۔ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ يَعْقُوبَ نَا عَبْدُ الْأَعْلَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ قَالَ حَدَّثَنِي الْعَلَاءُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُرَقِيُّ عَنْ أَبِي مَاجِدَةَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي سَهْمٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ بِمَعْنَاهُ۔

علاء بن عبد الرحمٰن حرقی نے بنی سہم کے فرد ابوماجدہ سے روایت کی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے پھر معناً پہلی حدیث کی طرح روایت کی ہے۔

۳۷۔ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسٰى نَا سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ نَا ابْنُ إِسْحٰقَ عَنِ الْعَلَاءِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِي مَاجِدَةَ السَّهْمِيِّ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ۔

یوسف بن موسیٰ، سلمہ بن فضل، ابن اسحاق، علاء بن عبد الرحمٰن، ابوماجدہ سہمی، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پہلی حدیث کی طرح روایت کی ہے۔

بَابٌ فِي الْعَبْدِ يُبَاعُ وَلَهُ مَالٌ۔

جو غلام بیچا جائے اور اس کا مال ہو

۳۸۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ بَاعَ عَبْدًا وَلَهُ مَالٌ فَمَالُهُ لِلْبَائِعِ إِلَّا أَنْ يَشْتَرِطَهُ الْمُبْتَاعُ وَمَنْ بَاعَ نَخْلًا مُؤَبَّرًا فَالثَّمَرَةُ لِلْبَائِعِ إِلَّا أَنْ يَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ۔

سالم نے اپنے والد ماجد حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے اپنا غلام بیچا جس کا مال بھی ہو تو مال بیچنے والے کا ہوگا مگر جبکہ خریدار شرط کرلے اور جس نے کھجور کا درخت بیچا جس میں پیوند لگا ہوا ہو تو پھل بیچنے والے کا ہوگا مگر جب کہ خریدار شرط کرلے۔

۳۹۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقِصَّةِ الْعَبْدِ وَعَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقِصَّةِ النَّخْلِ۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے غلام کے متعلق روایت کی ہے اور حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کھجور کے درخت کے متعلق روایت کی ہے۔

۴۰۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيٰى عَنْ سُفْيَانَ

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے

حَدَّثَنِي سَلَمَةُ بْنُ كُهَيْلٍ حَدَّثَنِي مَنْ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ بَاعَ عَبْدًا وَلَهُ مَالٌ فَالْمَالُ لِلْبَائِعِ إِلَّا أَنْ يَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے اپنا غلام فروخت کیا اور اس کے پاس مال ہو تو وہ بیچنے والے کا ہے مگر جبکہ خریدار شرط کرے۔

بَابٌ ۱۳ فِي التَّلَقِّي۔

تاجروں سے پہلے ملنا

۴۱۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَبِيعُ بَعْضُكُمْ عَلَى بَيْعِ بَعْضٍ وَلَا تَلَقَّوُا السِّلَعَ حَتَّى يُهْبَطَ بِهَا الْأَسْوَاقَ۔

نافع نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی دوسرے کے سودے پر اپنا سودا نہ کرے اور مال کے لیے آگے جا کر نہ ملے بلکہ اسے منڈیوں میں پہنچنے دے۔

۴۲۔ حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ أَبُو تَوْبَةَ نَا عُبَيْدُ اللهِ يَعْنِي ابْنَ عَمْرٍو الرَّقِّيَّ عَنْ أَيُّوبَ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ تَلَقِّي الْجَلَبِ فَإِنْ تَلَقَّاهُ مُتَلَقٍّ مُشْتَرٍ فَاشْتَرَاهُ فَصَاحِبُ السِّلْعَةِ بِالْخِيَارِ إِذَا وَرَدَتِ السُّوقَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ قَالَ سُفْيَانُ لَا يَبِيعُ بَعْضُكُمْ عَلَى بَيْعِ بَعْضٍ أَنْ يَقُولَ إِنَّ عِنْدِي خَيْرًا مِنْهُ بِعَشَرَةٍ۔

ابن سیرین نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آگے جا کر مال خریدنے سے منع فرمایا ہے اور اگر کوئی آگے جا کر مال کا سودا کر لے تو مال والے کو بازار میں پہنچ جانے پر اختیار ہو گا (کہ بیع قائم رکھے یا توڑ دے) امام ابوداؤد کا بیان ہے کہ سفیان نے فرمایا کوئی دوسرے کے سودے پر سودا نہ کرے جیسے یہ کہنا کہ دس روپے کی میرے پاس اس سے بہتر چیز ہے۔

بَابٌ ۱۴ فِي النَّهْيِ عَنِ النَّجْشِ۔

نجش کی ممانعت

۴۳۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَنَاجَشُوا۔

سعید بن مسیب نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ نرخ بڑھانے کے لیے ملی بھگت کے ساتھ بولی نہ لگاؤ۔

ف۔ ایک آدمی کو چیز خریدنا تو منظور نہیں لیکن اس کے مالک سے مل کر یا بغیر ملے دوسرے خریدار کو دھوکا دینے کی خاطر قیمت لگا دیتا ہے تاکہ دوسرا خریدار اس سے بڑھ کر قیمت دے کر خرید لے۔ یہ اپنے مسلمان بھائی کو دھوکا دینا اور بدخواہی کا مظاہرہ کرنا ہے جو اسلامی اخوت و محبت کے سراسر منافی ہے۔ مسلمانوں کا چونکہ اس وعدۂ الٰہی پر یقین ہوتا ہے۔ وَمَا تُقَدِّمُوا لِأَنْفُسِكُمْ مِنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِنْدَ اور اپنے لیے جو بھلائی آگے بھیجو گے اسے اللہ کے پاس

اللہِ ھُوَ خَیْرًا وَّ اَعْظَمَ اَجْرًا ؕ (۷۳ : ۲۰) بہتر اور بڑے ثواب کی صورت میں پاؤ گے۔

لہٰذا وہ اپنے لیے ایسے اعمال آگے بھیجے کا جن کا اچھا صلہ ملے۔ اپنے لیے ایسے درخت بوئے گا جن کے پھل میٹھے اور لذیذ ہوں۔ وہ ہرگز اپنے لیے کانٹے دار درخت بونا پسند نہیں کرتا اور نہ ایسے اعمال کا مرتکب ہوتا ہے جو اسے جہنم کی آگ میں گھسیٹ کر لے جائیں۔ وہ خدا کے بندوں پر رحم کرتا ہے تاکہ خالق و مالک اس پر رحم فرمائے۔ وہ خدا کے بندوں کو نقصان نہیں پہنچاتا تاکہ ابدی زندگی میں اسے نقصان نہ پہنچے اگر وہ مسلمان کو دھوکا دینا اور ظلم و ستم کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں سمجھتا تو اس کا سبب یہی ہے کہ آخرت اور وہاں کی سزا و جزا پر اس کا ایمان لانا محض رسمی ہے وہ خوف خدا اور خطرۂ روز جزا سے عادی ہوچکا ہے ورنہ ایسے اعمال و افعال کے نزدیک جانے کی وہ ہرگز جرأت نہ کرتا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۱۵ فِی النَّهْیِ اَنْ یَّبِیْعَ حَاضِرٌ لِبَادٍ۔ دیہاتی کا مال بیچنے کی ممانعت

۴۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَیْدٍ نَا اَبُوْ ثَوْرٍ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ ابْنِ طَاؤُسٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ یَّبِیْعَ حَاضِرٌ لِبَادٍ فَقُلْتُ مَا یَبِیْعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ قَالَ لَا یَکُوْنُ لَهٗ سِمْسَارًا۔

طاؤس نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ شہری دیہاتی کے مال کا سودا نہ کرے۔ میں عرض گزار ہوا کہ دیہاتی کے مال کا سودا کرنا کیا ہے؟ فرمایا کہ اس کی کوئی دلالی نہ ہو۔

۴۵۔ حَدَّثَنَا زُهَیْرُ بْنُ حَرْبٍ اَنَّ مُحَمَّدَ ابْنَ الزِّبْرِقَانِ اَبَا هَمَّامٍ حَدَّثَهُمْ قَالَ زُهَیْرٌ وَکَانَ ثِقَةً عَنْ یُّوْنُسَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَبِیْعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ وَاِنْ کَانَ اَخَاهُ اَوْ اَبَاهُ قَالَ اَبُوْ دَاؤُدَ سَمِعْتُ حَفْصَ بْنَ عُمَرَ یَقُوْلُ نَا اَبُوْ هِلَالٍ نَا مُحَمَّدٌ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ کَانَ یُقَالُ لَا یَبِیْعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ وَهِیَ کَلِمَةٌ جَامِعَةٌ لَا یَبِیْعُ لَهٗ شَیْئًا وَّلَا یَبْتَاعُ لَهٗ شَیْئًا۔

حسن نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا شہری دیہاتی کا سودا نہ کرے خواہ وہ اس کا بھائی یا باپ ہی کیوں نہ ہو۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ میں نے حفص بن عمر کو فرماتے ہوئے سنا کہ ابوہلال، محمد، حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ یہ جو کہا جاتا ہے کہ شہری دیہاتی کے لیے سودا نہ کرے، یہ جامع کلمہ ہے یعنی اس کی کوئی چیز فروخت نہ کرے اور نہ اس کے لیے کوئی چیز خریدے۔

۴۶۔ حَدَّثَنَا مُوْسَی بْنُ اِسْمٰعِیْلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ سَالِمِ الْمَکِّیِّ اَنَّ اَعْرَابِیًّا حَدَّثَهٗ اَنَّهٗ قَدِمَ بِحَلُوْبَةٍ لَهٗ عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَنَزَلَ عَلٰی طَلْحَةَ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰہِ فَقَالَ اِنَّ

سالم مکی سے ایک اعرابی نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں وہ ایک دودھ والی اونٹنی لے کر آیا اور حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس ٹھہرا۔ انہوں نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے کہ شہری کسی دیہاتی کا سودا کرے لہٰذا تم

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يَّبِيْعَ حَاضِرٌ لِبَادٍ وَلٰكِنِ اذْهَبْ اِلَى السُّوْقِ فَانْظُرْ مَنْ يُّبَايِعُكَ فَشَاوِرْنِيْ حَتّٰى اٰمُرَكَ وَاَنْهَاكَ۔

بازار جاکر دیکھو تم سے کون سودا کرتا ہے۔ پھر مجھ سے مشورہ کر لینا تو میں تمہیں فروخت کرنے کے لیے کہہ دوں گا یا اس سے بیچنے سے روک دوں گا۔

۴۷۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ نَا زُهَيْرٌ نَا اَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَبِيْعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ وَذَرُوا النَّاسَ يَرْزُقُ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ مِنْ بَعْضٍ۔

ابوالزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، شہری دیہاتی کے لیے سودا نہ کرے اور لوگوں کو ان کے حال پر چھوڑ دو کیونکہ اللہ تعالیٰ بعض کے ذریعے بعض کو روزی دیتا ہے۔

باب ۲۶ مَنِ اشْتَرٰى مُصَرَّاةً فَكَرِهَهَا۔

جس نے دودھ روکا ہوا جانور خریدا پھر اسے ناپسند کیا

۴۸۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَلَقَّوُا الرُّكْبَانَ لِلْبَيْعِ وَلَا يَبِعْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَيْعِ بَعْضٍ وَلَا تُصَرُّوا الْاِبِلَ وَالْغَنَمَ فَمَنِ ابْتَاعَهَا بَعْدَ ذٰلِكَ فَهُوَ بِخَيْرِ النَّظَرَيْنِ بَعْدَ اَنْ يَّحْلُبَهَا فَاِنْ رَضِيَهَا اَمْسَكَهَا وَاِنْ سَخِطَهَا رَدَّهَا وَصَاعًا مِّنْ تَمْرٍ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قافلے والوں سے آگے جا کر سودا نہ کرو اور ایک کے سودے پر کوئی دوسرا سودا نہ کرے اور اونٹنی یا بکری کا دودھ نہ روکا کرو جو ایسا جانور خرید لے تو دوہنے کے بعد اسے دونوں میں سے بہتر صورت کا اختیار ہوگا۔ اگر وہ پسند کرے تو رکھ لے اور ناپسند ہو تو واپس کر دے نیز ایک صاع کھجوریں بھی ادا کرے۔

۴۹۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ اَيُّوْبَ وَهِشَامٍ وَحَبِيْبٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اشْتَرٰى شَاةً مُصَرَّاةً فَهُوَ بِالْخِيَارِ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ اِنْ شَاءَ رَدَّهَا وَصَاعًا مِّنْ طَعَامٍ لَا سَمْرَاءَ۔

محمد بن سیرین نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے دودھ روکی ہوئی بکری خرید لی تو تین دن تک اسے اختیار ہے کہ چاہے تو اسے واپس کر دے نیز گندم کے علاوہ ایک صاع کوئی سا اناج بھی دے۔

۵۰۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَخْلَدٍ التَّمِيْمِيُّ نَا الْمَكِّيُّ يَعْنِي ابْنَ اِبْرَاهِيْمَ نَا ابْنُ جُرَيْجٍ حَدَّثَنِيْ زِيَادٌ اَنَّ ثَابِتًا مَوْلٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زَيْدٍ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اشْتَرٰى غَنَمًا مُصَرَّاةً احْتَلَبَهَا فَاِنْ رَضِيَهَا اَمْسَكَهَا وَاِنْ سَخِطَهَا فَفِيْ حَلْبَتِهَا صَاعٌ مِّنْ تَمْرٍ۔

عبداللہ بن مخلد تیمی، ابن ابراہیم مکی، ابن جریج، زیاد، ثابت مولیٰ عبدالرحمٰن بن زید نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے دودھ روکی ہوئی بکری خرید کر اس کا دودھ دوہ لیا تو پسند کرتا ہو تو اسے رکھ لے اور ناپسند کرتا ہو تو دودھ کے بدلے ایک صاع کھجوریں ادا کرے۔

۵۱ - حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ نَا صَدَقَةُ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ جُمَيْعِ بْنِ عُمَيْرٍ التَّيْمِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ ابْتَاعَ مُحَفَّلَةً فَهُوَ بِالْخِيَارِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ فَإِنْ رَدَّهَا رَدَّ مَعَهَا مِثْلَ أَوْ مِثْلَيْ لَبَنِهَا قَمْحًا۔

جمیع بن عمیر تیمی نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے دودھ سے بھرے ہوئے تھنوں والا جانور خریدا تو تین دن تک اسے اختیار ہے۔ اگر اسے واپس کرے تو ساتھ ہی اس کے دودھ کے برابر یا اس سے دوچند گندم ادا کرے۔

ف۔ جانور کا دودھ کئی روز تک اس کے تھنوں میں روک کر فروخت کرنے سے یہی مقصود ہوتا ہے کہ گاہک سے زیادہ قیمت وصول ہو سکے گی۔ وہ بے خبری میں یہی سمجھے گا کہ یہ جانور تو بہت دودھ دیتا ہے اور واقعی قیمت سے زیادہ دے کر اسے خریدے گا۔ جانور کے مالک کی یہ حرکت صریح دھوکا ہے جو ایک مسلمان کی شان کے ہرگز شایاں نہیں کیونکہ دھوکا دے کر جتنی زائد رقم وصول کرنے میں کامیاب ہوا وہ محض دھوکے سے حاصل کی ہے جو اس کے لیے قطعاً جائز نہیں بھلا مسلمان ایسے حربوں سے اپنی پاک روزی کو کب پلید کرنے لگا ہے جبکہ ان کے خالق و مالک نے صاف صاف فرما دیا ہے۔

وَلَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ (۲: ۱۸۸) اور آپس میں ایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھاؤ۔

باب ۱۷ فِي النَّهْيِ عَنِ الْحُكْرَةِ۔

ذخیرہ اندوزی کی ممانعت

۵۲ - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ نَا خَالِدٌ عَنْ مَعْمَرِ بْنِ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو ابْنِ أَبِي مَعْمَرٍ أَحَدِ بَنِي عَدِيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحْتَكِرُ إِلَّا خَاطِئٌ فَقُلْتُ لِسَعِيدٍ فَإِنَّكَ تَحْتَكِرُ قَالَ وَمَعْمَرٌ كَانَ يَحْتَكِرُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ سَأَلْتُ أَحْمَدَ مَا الْحُكْرَةُ قَالَ مَا فِيهِ عَيْشُ النَّاسِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ قَالَ الْأَوْزَاعِيُّ الْمُحْتَكِرُ مَنْ يَعْتَرِضُ السُّوقَ۔

سعید بن مسیب نے حضرت معمر بن ابو معمر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے جو بنی عدی بن کعب کے ایک فرد تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ذخیرہ اندوزی نہیں کرے گا مگر خطار کار میں (محمد بن عمر بن عطار) نے سعید بن مسیب سے عرض کی کہ آپ بھی تو ذخیرہ اندوزی کرتے ہیں؟ فرمایا کہ حضرت معمر بھی ذخیرہ اندوزی کیا کرتے تھے۔

امام ابوداؤد کا بیان ہے کہ میں نے امام احمد سے دریافت کیا کہ ذخیرہ اندوزی کیا ہے؟ فرمایا کہ جن چیزوں پر لوگوں کی زندگی کا دارومدار ہے۔ امام ابوداؤد کا بیان ہے کہ امام اوزاعی نے فرمایا کہ ذخیرہ اندوز وہ ہے جو مال کو بازار میں نہ پہنچنے دے۔

۵۳ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَيَّاضٍ نَا أَبِي ح وَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى نَا يَحْيَى بْنُ الْفَيَّاضِ نَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ لَيْسَ فِي التَّمْرِ حُكْرَةٌ قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى قَالَ عَنِ الْحَسَنِ فَقُلْنَا لَهُ لَا تَقُلْ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَهَذَا الْحَدِيثُ عِنْدَنَا بَاطِلٌ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَكَانَ سَعِيدُ بْنُ

محمد بن یحییٰ بن فیاض ان کے والد ماجد ابن المثنیٰ یحییٰ بن فیاض، ہمام سے روایت ہے کہ قتادہ نے فرمایا۔ کھجوروں میں ذخیرہ اندوزی نہیں ہے۔ ابن مثنیٰ نے کہا کہ یہ امام حسن بصری سے مروی ہے۔ ہم نے ان سے کہا کہ اسے امام حسن بصری سے روایت نہ کرو۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ہمارے

الْمُسَيَّبِ يَحْتَكِرُ النَّوَى وَالْخَبَطَ وَالْبَزْرَ. قَالَ أَبُو دَاوُدَ سَمِعْتُ أَحْمَدَ بْنَ يُونُسَ قَالَ سَأَلْتُ سُفْيَانَ عَنْ كَبْسِ الْقَتِّ قَالَ كَانُوا يَكْرَهُونَ الْحُكْرَةَ وَسَأَلْتُ أَبَا بَكْرِ بْنَ عَيَّاشٍ فَقَالَ اكْبِسْهُ.

نزدیک یہ حدیث باطل محض ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ سعید بن مسیب ذخیرہ کیا کرتے تھے کھجور کی گٹھلیوں، جانوروں کے چارے اور بیجوں کا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ میں نے احمد بن یونس سے سنا۔ انہوں نے فرمایا کہ میں نے سفیان سے جانوروں کے چارے کے متعلق دریافت کیا فرمایا کہ اسلاف اس کے ذخیرے کو ناپسند فرماتے تھے اور میں نے ابوبکر بن عیاش سے پوچھا تو فرمایا کہ روک سکتے ہو۔

بَابٌ ۱۸ فِي كَسْرِ الدَّرَاهِمِ

۵۴ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا مُعْتَمِرٌ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ فَضَاءٍ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تُكْسَرَ سِكَّةُ الْمُسْلِمِينَ الْجَائِزَةُ بَيْنَهُمْ إِلَّا مِنْ بَأْسٍ.

درہموں کو توڑنے کا بیان

احمد بن حنبل، معتمر، محمد بن فضاء ان کے والد ماجد

علقمہ بن عبداللہ کے والد محترم نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مسلمانوں کے سکہ رائج الوقت کو توڑنے سے منع فرمایا ہے مگر جبکہ کسی ضرورت کے تحت ہو۔

بَابٌ ۱۹ فِي التَّسْعِيرِ

۵۵ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الدِّمَشْقِيُّ أَنَّ سُلَيْمَانَ بْنَ بِلَالٍ حَدَّثَهُمْ قَالَ حَدَّثَنِي الْعَلَاءُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَجُلًا جَاءَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ سَعِّرْ فَقَالَ بَلْ أَدْعُو ثُمَّ جَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ سَعِّرْ فَقَالَ بَلِ اللَّهُ يَخْفِضُ وَيَرْفَعُ وَإِنِّي لَأَرْجُو أَنْ أَلْقَى اللَّهَ وَلَيْسَ لِأَحَدٍ عِنْدِي مَظْلِمَةٌ.

نرخ مقرر کرنا

محمد بن عثمان دمشقی، سلیمان بن بلال، علاء بن عبدالرحمٰن کے والد ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک شخص حاضر بارگاہ ہو کر عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ نرخ مقرر فرما دیجیے۔ فرمایا بلکہ دعا کروں گا، پھر ایک شخص نے آکر عرض کی۔ یا رسول اللہ! بھاؤ مقرر فرما دیجیے۔ فرمایا بلکہ اللہ تعالیٰ ہی بھاؤ گھٹاتا بڑھاتا ہے اور میں یہ آرزو رکھتا ہوں کہ اس حال میں اللہ تعالیٰ سے ملاقات کروں کہ میں نے کسی پر بھی زیادتی نہ کی ہو۔

---

۵۶ - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا عَفَّانُ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ نَا ثَابِتٌ عَنْ أَنَسٍ وَقَتَادَةُ وَحُمَيْدٌ عَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ النَّاسُ يَا رَسُولَ اللَّهِ غَلَا السِّعْرُ فَسَعِّرْ لَنَا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْمُسَعِّرُ الْقَابِضُ الْبَاسِطُ الرَّازِقُ وَإِنِّي لَأَرْجُو أَنْ

انس، قتادہ اور حمید سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ بھاؤ بہت چڑھ گئے ہیں لہٰذا ہمارے لیے نرخ مقرر دیجیے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نرخ مقرر کرنے والا تو اللہ تعالیٰ ہے وہی رزق کی تنگی اور کشادگی کرتا ہے اور میں یہ تمنا رکھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ سے اس حال میں

أَلْقَى اللَّهَ وَلَيْسَ أَحَدٌ مِنْكُمْ يُطَالِبُنِي بِمَظْلَمَةٍ فِي دَمٍ وَلَا مَالٍ۔ ملوں کہ تم میں سے کسی کا مجھ سے مطالبہ نہ ہو، جانی یا مالی زیادتی کا۔

ف۔ حکومت کا کسی چیز پر کنٹرول کرنا یعنی اس کا نرخ مقرر کرنا اس حالت میں ظلم ہے جبکہ ایسا کرنے سے کتنے ہی آدمیوں کا واقعی نقصان ہو۔ اگر سرمایہ دار اپنے مال کی منہ مانگی قیمت وصول کریں اور آپس کی ملی بھگت اور ذخیرہ اندوزی سے غریب عوام کو لوٹ رہے ہوں تو ایسے حالات میں حکومت کا نرخ مقرر کر دینا اور ذخیرہ اندوزوں کو مال کھلی مارکیٹ میں لانے پر مجبور کر دینا غریب عوام کے ساتھ ہمدردی ہے۔ راشن بندی یا زرمبادلہ کمانے کے باعث بعض اجناس کو حکومت خود خریدتی ہے جس کے باعث حکومت جس جنس کو خریدتی ہے اس کی مقدار اور قیمت کا قبل از وقت اعلان کر دیتی ہے۔ مثلاً پچھلے سال حکومت نے پچاس من گندم خریدی۔ اس سال گندم کی فصل مارکیٹ میں آنے سے پانچ چھ مہینے پہلے ہی اعلان کر دیا جاتا ہے کہ امسال حکومت اتنے لاکھ ٹن گندم خریدے گی اور ساٹھ روپے من خریدی جائے گی جب تک حکومت کی معینہ مقدار حاصل نہیں ہوتی اس وقت تک کوئی شخص کھلی مارکیٹ میں اپنی زائد گندم برائے فروخت لے جانے کا مجاز نہیں ہوگا۔ ایسی خریداری تین وجہ سے غیر شرعی اور ظلم قرار پاتی ہے۔

۱۔ نرخ وہ ہوتا ہے جو فریقین یعنی بائع اور مشتری کی رضامندی سے قرار پائے لیکن یہاں حکومت خود بھاؤ مقرر کر کے اعلان کر دیتی ہے خواہ اجناس فروخت کرنے والوں کو وہ منظور ہو یا نہ ہو۔ یہ بیع کا شرعی طریقہ کہاں ہوا اور بالخیار والی گنجائش بھی سرے سے مفقود کہ مشتری نے بائع کو مجبور محض بنا دیا کہ اس تجارت میں اس کی مرضی کو سرے سے دخل ہی نہیں۔ ستم بالائے ستم یہ ہوتا ہے کہ جب حکومت اپنی معینہ مقدار خرید لیتی ہے اور باقی کاشتکاروں کو اپنی اجناس کھلی مارکیٹ میں لانے کی اجازت مل جاتی ہے تو منڈی کا بھاؤ عموماً اس بھاؤ سے اونچا ہوتا ہے جس پر گورنمنٹ نے خریداری کی ہوتی ہے۔ حکومت نے مثلاً ساٹھ روپے من فی گندم خریدی تو اب منڈی میں تقریباً ستر روپے من بکے گی۔ یوں ایک جانب دیہات کے کاشتکاروں کو منڈی کی نسبت دس روپے من کم وصول ہوئے اور دوسری جانب دیہات کا غیر کاشتکار طبقہ اپنی ضروریات کے لیے ستر روپے من گندم خریدے گا۔ حکومت اپنے اس طریقۂ خریداری کا یہ عذر پیش کیا کرتی ہے کہ ہم جس بھاؤ خریدتے ہیں راشن میں اسی بھاؤ پبلک کو کھلا دیتے ہیں بلکہ خزانۂ عامرہ پر بوجھ ڈال کر راشن میں پبلک کو پچپن روپے فی من دیتے ہیں لہٰذا ہم نے پبلک کے ساتھ کسی حد تک ہمدردی کا اظہار ہی کیا ہے اور ظلم یا ناانصافی کا تو ہمارے اس فعل میں ذرا بھی دخل نہیں ہے۔ یہ وضاحت حکمران طبقے کے مطمئن ہو جانے کے لیے ممکن ہے کافی ہو لیکن ہماری سمجھ بوجھ سے یہ بات بالاتر ہے کہ کاشتکاروں کو حکومت کے ہاتھوں مثلاً ساٹھ روپے من گندم فروخت کر کے منڈی کی نسبت دس روپے فی من کم ملے اور ان کے کاشتکار دیہاتی بھائی منڈی سے ستر روپے فی من گندم خرید کر کھائیں جبکہ اسی گندم کو شہر میں بسنے والے ملازم مزدور اور تاجر لوگ حکومت کی بدولت پچپن روپے من اڑائیں تو انصاف کی ترازو کے دونوں پلڑے برابر ہی نظر آئیں گے یا کافی اونچے نیچے؟ حضور والا! اس کا صرف یہی حل ہے کہ قیمت مقرر کیے بغیر حکومت اپنی معینہ مقدار کے مطابق تمام اجناس کھلی منڈی سے مقابلے پر خریدے اور زائد از ضرورت اجناس کا کاشتکاروں کو ذخیرہ نہ کرنے دے۔ اس کے علاوہ باقی تمام حدود و قیود ہمیں تو غیر شرعی نظر آتی ہیں اور ہمیں اس میں جانب داری کی بو آ رہی ہے۔

۲- پچھلے سال مثلاً حکومت نے پچاس روپے من گندم خریدی اور امسال ساٹھ روپے من خریدنے کا ارادہ ہے تو حکومت اس قیمت کا گندم کی فصل آنے سے پانچ چھ مہینے پہلے ہی اعلان فرما دیتی ہے تاکہ بڑے بڑے سرمایہ دار جن کے پاس گندم کے وافر سٹور ہیں وہ پچھلی قیمت کے باعث نقصان نہ اٹھائیں بلکہ اگلی قیمت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے آج سے ہی دس روپے من نرخ اور بڑھا دیں۔ معلوم نہیں یہ ملک کے غریب عوام کی ہمدردی میں کیا جاتا ہے یا بیچارے سرمایہ داروں کے مسکین طبقے پر رحم وکرم کی بارش برسائی جاتی ہے؟

۳- نرخ وہ ہوتا ہے جو خریداری کے روز کھلی مارکیٹ کا ہو۔ حکومت جس روز چاہے منڈی سے خریدے یا اس منڈی کے ملحقہ کاشتکاروں سے لیکن نرخ وہی ہو جو خریداری کے روز کھلی مارکیٹ کا ہو۔ حکومت کا ایک طرفہ نرخ مقرر کر دینا کسی طرح بھی شرعی نہیں ہو سکتا اور اس میں کاشتکاروں کے ساتھ زیادتی بھی موجود ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۲۰ فِي النَّهْيِ عَنِ الْغِشِّ۔

ملاوٹ کرنے کی ممانعت

۵۷- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِرَجُلٍ يَبِيعُ طَعَامًا فَسَأَلَهُ كَيْفَ تَبِيعُ فَأَخْبَرَهُ فَأُوحِيَ إِلَيْهِ أَنْ أَدْخِلْ يَدَكَ فِيهِ فَأَدْخَلَ يَدَهُ فِيهِ فَإِذَا هُوَ مَبْلُولٌ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ غَشَّ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک آدمی کے پاس سے گزرے جو اناج فروخت کر رہا تھا۔ آپ نے اس سے پوچھا کہ کس طرح بیچتے ہو۔ اس نے آپ کو بتا دیا۔ پس آپ پر وحی کی گئی کہ اپنا ہاتھ تو اس میں داخل کیجئے آپ نے اس میں اپنا دست مبارک داخل کیا تو وہ (اناج) گیلا تھا۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے ملاوٹ کی وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

۵۸- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ عَنْ عَلِيٍّ عَنْ يَحْيَى قَالَ كَانَ سُفْيَانُ يَكْرَهُ هَذَا التَّفْسِيرَ لَيْسَ مِنَّا لَيْسَ مِثْلَنَا۔

حسن بن صباح نے یحییٰ سے روایت کی ہے کہ سفیان لَیْسَ مِنَّا کی لَیْسَ مِثْلَنَا تفسیر کرنے کو ناپسند فرمایا کرتے تھے۔

باب ۲۱ فِي خِيَارِ الْمُتَبَايِعَيْنِ۔

بائع اور مشتری کے اختیار کا بیان

۵۹- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُتَبَايِعَانِ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا بِالْخِيَارِ عَلَى صَاحِبِهِ مَا لَمْ يَفْتَرِقَا إِلَّا بَيْعَ الْخِيَارِ۔

نافع نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بائع و مشتری میں سے ہر ایک کو اپنے ساتھی پر اختیار رہتا ہے جب تک دونوں جدا نہ ہوں ماسوائے بیع خیار کے۔

۶۰- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنْ

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے اور انہوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے معناً اسے روایت

ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم بمعناہ او یقول احدھما لصاحبہ اختر۔

کیا یا ان میں سے ایک اپنے ساتھی سے کہے کہ تمہیں اختیار ہے۔

۶۱۔ حدثنا قتیبۃ بن سعید نا اللیث عن ابن عجلان عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن عبد اللہ بن عمرو بن العاص ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال المتبایعان بالخیار ما لم یفترقا الا ان تکون صفقۃ خیار ولا یحل لہ ان یفارق صاحبہ خشیۃ ان یستقیلہ۔

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بائع اور مشتری کو اختیار ہے جب تک ایک، دوسرے سے جدا نہ ہوں مگر جبکہ اختیار باقی رکھنا بیان کر دیں اور اس کے لیے حلال نہیں ہے کہ چیز واپس کرنے کے خدشے کی وجہ سے اپنے ساتھی سے جدا ہو۔

۶۲۔ حدثنا مسدد نا حماد عن جمیل ابن مرۃ عن ابی الوضیء قال غزونا غزوۃ لنا فنزلنا منزلا فباع صاحب لنا فرسا بغلام ثم اقاما بقیۃ یومھما ولیلتھما فلما اصبحنا من الغد حضر الرجل قام الی فرسہ یسرجہ فندم فاتی الرجل واخذہ بالبیع فابی الرجل ان یدفعہ الیہ فقال بینی وبینک ابو برزۃ صاحب النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاتیا ابا برزۃ فی ناحیۃ العسکر فقالا لہ ھذہ القصۃ فقال اترضیان ان اقضی بینکما بقضاء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم البیعان بالخیار ما لم یتفرقا قال ھشام ابن حسان حدث جمیل انہ قال ما اراکما افترقتما۔

ابو الوضی کا بیان ہے کہ ہم نے ایک جہاد کیا جس کے دوران ایک منزل پر اترے تو ہمارے ایک ساتھی نے غلام کے بدلے گھوڑا فروخت کیا۔ پھر اس روز باقی وقت اور رات کو دونوں (بائع و مشتری) اکٹھے رہے۔ اگلی صبح کو جب کوچ کرنے لگے تو گھوڑے والا اپنے گھوڑے پر زین کسنے لگا نادم ہو کر پس دوسرے کے پاس آیا اور بیع فسخ کرنے کو کہا۔ دوسرے نے اسے گھوڑا دینے سے انکار کیا اور کہا کہ میرے اور آپ کے درمیان نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابی حضرت ابو برزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فیصلہ کریں گے پس، دونوں حضرت ابو برزہ کی خدمت میں حاضر ہوئے جو لشکر کے ایک جانب تھے۔ دونوں نے آپ سے واقعہ عرض کر دیا۔ انہوں نے فرمایا۔ کیا تم دونوں راضی ہو کہ میں تمہارے درمیان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فیصلے کے مطابق فیصلہ کر دوں؟ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ بائع اور مشتری کو اس وقت تک اختیار ہے جب تک دونوں جدا نہ ہوں۔ ہشام بن حسان نے کہا کہ جمیل کی حدیث میں ہے کہ انہوں نے فرمایا میری نظر میں تم دونوں جدا نہیں ہوئے۔

۶۳۔ حدثنا محمد بن حاتم الجرجرائی قال مروان الفزاری اخبرنا عن یحیی بن ایوب قال کان ابو زرعۃ اذا بایع رجلا خیرہ قال

ایوب کا بیان ہے کہ ابو زرعہ جب کسی سے سودا کرتے تو اسے اختیار دیتے پھر کہتے کہ آپ مجھے اختیار دیں اور کہتے کہ میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے

ثُمَّ يَقُولُ خَيْرٌ ثُمَّ يَقُولُ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَفْتَرِقَنَّ اثْنَانِ إِلَّا عَنْ تَرَاضٍ۔

سنا کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ دونوں جدا نہ ہوں مگر رضامندی کے ساتھ۔

۶۴۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ نَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي الْخَلِيلِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَفْتَرِقَا فَإِنْ صَدَقَا وَبَيَّنَا بُورِكَ لَهُمَا فِي بَيْعِهِمَا وَإِنْ كَتَمَا وَكَذَبَا مُحِقَتِ الْبَرَكَةُ مِنْ بَيْعِهِمَا قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَكَذَلِكَ رَوَاهُ سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ وَحَمَّادٌ وَأَمَّا هَمَّامٌ فَقَالَ حَتَّى يَتَفَرَّقَا أَوْ يَخْتَارَا ثَلَاثَ مِرَارٍ۔

عبد اللہ بن حارث نے حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بائع اور مشتری کو اختیار ہے جب تک دونوں جدا نہ ہوں۔ اگر انہوں نے سچائی سے کام لیا اور ہر بات صاف ظاہر کر دی تو دونوں کو اللہ تعالیٰ اس سودے میں برکت دے گا۔ اگر انہوں نے کچھ چھپایا اور غلط بیانی سے کام لیا تو ان کے سودے سے برکت جاتی رہے گی۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اسے اسی طرح روایت کیا ہے۔ سعید بن ابی عروبہ اور حماد اور ہمام نے ہمام کی روایت میں یہ بھی فرمایا۔ یہاں تک کہ دونوں جدا ہو جائیں یا تین دفعہ کا اختیار دے دیں۔

بَابٌ ۲۲ فِي فَضْلِ الْإِقَالَةِ۔

اقالہ کی فضیلت

۶۵۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ نَا حَفْصٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَقَالَ مُسْلِمًا أَقَالَهُ اللَّهُ عَثْرَتَهُ۔

ابو صالح نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے کسی مسلمان سے اقالہ کیا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اس سے درگزر فرمائے گا۔

ف۔ زید غریب ہے اور بکر مالدار۔ بکر اگر سودے میں زید کی غربت کو مدنظر رکھے اور زید اگر سودے کو پھیرنا چاہے تو واپس کرنے اور اس کی غربت کے پیش نظر بیع کو فسخ کر دے سودے میں غریب بھائی کے مفاد کو اپنے مفاد پر ترجیح دینا بہت بڑی نیکی اور اعلیٰ درجے کی خیرات ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ ۲۳ فِي مَنْ بَاعَ بَيْعَتَيْنِ فِي بَيْعَةٍ۔

ایک سودے میں دو سودے کرنا

۶۶۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ زَكَرِيَّا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ بَاعَ بَيْعَتَيْنِ فِي بَيْعَةٍ فَلَهُ أَوْكَسُهُمَا أَوِ الرِّبَا۔

ابو سلمہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے ایک سودے میں دو سودے کیے تو اس کا سودا وہی ہے جو کم قیمت والا ہو ورنہ سود شمار ہو گا۔

ف۔ دو قیمتوں سے مراد یہ ہے کہ زید مثلاً بجلی کے پنکھوں کا کاروبار کرتا ہے۔ اس نے پنکھوں کی دو قیمتیں رکھی ہوں کہ اگر کوئی نقد خریدے تو پانچ سو روپے میں مل جائے گا اور ادھار یا قسطوں پر لے تو چھ سو روپے میں ملے گا۔ اس

حالت میں اصل قیمت پانچ سو روپے قرار پائے گی اور جتنے پنکھے ادھار یا قسطوں پر فروخت کرکے چھ سو روپے فی پنکھا وصول کرے گا تو ایسے ہر پنکھے کی شرعی قیمت بھی پانچ سو روپے ہی ہوگی اور سو روپیہ فی پنکھا جو زائد وصول کیا وہ سود شمار ہوگا۔ سو اللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۲۴ فِي النَّهْيِ عَنِ الْعِينَةِ۔

بیع عینہ کی ممانعت

۶۷۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ أَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ ح وَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُسَافِرٍ التِّنِّيسِيُّ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَحْيَى الْبُرُلُّسِيُّ أَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ عَنْ إِسْحٰقَ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ سُلَيْمَانُ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْخُرَاسَانِيِّ أَنَّ عَطَاءً الْخُرَاسَانِيَّ حَدَّثَهُ أَنَّ نَافِعًا حَدَّثَهُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِذَا تَبَايَعْتُمْ بِالْعِينَةِ وَأَخَذْتُمْ أَذْنَابَ الْبَقَرِ وَرَضِيتُمْ بِالزَّرْعِ وَتَرَكْتُمُ الْجِهَادَ سَلَّطَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ ذُلًّا لَا يَنْزِعُهُ حَتّٰى تَرْجِعُوا إِلٰى دِينِكُمْ قَالَ أَبُو دَاوُدَ الْإِخْبَارُ لِجَعْفَرٍ وَهٰذَا لَفْظُهُ۔

سلیمان بن داؤد مہری، ابن وہب، حیوۃ بن شریح جعفر بن مسافر تنیسی، عبد اللہ بن یحییٰ برلسی، حیوۃ بن شریح اسحٰق ابو عبد الرحمٰن، سلیمان، ابو عبد الرحمٰن خراسانی، عطا خراسانی، نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جب تم بیع عینہ کرنے لگو گے اور بیل کی دمیں پکڑنے لگو گے اور کاشتکاری میں مگن ہو جاؤ گے اور جہاد کو چھوڑ بیٹھو گے تو اللہ تعالیٰ ذلت و رسوائی کو تم پر مسلط کر دے گا جب تک اپنے دین کی طرف نہیں لوٹو گے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ حدیث کے یہ الفاظ جعفر بن مسافر تنیسی کے ہیں۔

ف۔ ایک ہی چیز کی نقد قیمت کچھ ہو اور ادھار قیمت کچھ۔ اسے بیع عینہ کہتے ہیں۔ نقد قیمت سے ادھار والی قیمت جتنی زیادہ ہو وہ اضافہ شرعاً سود شمار ہوتا ہے۔ یہ تجارت کے پردے میں سود کھانے کی ترکیب ہے جس سے ذلت و رسوائی پوری قوم کا مقدر ہو جاتی ہے کیونکہ ہمدردی اور ایثار کے جذبات اس کے باعث مفقود ہو جاتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۲۵ فِي السَّلَفِ۔

بیع سلف کا بیان

۶۸۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ نَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَثِيرٍ عَنْ أَبِي الْمِنْهَالِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ وَهُمْ يُسْلِفُونَ فِي الثَّمَرِ السَّنَةَ وَالسَّنَتَيْنِ وَالثَّلَاثَةَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَسْلَفَ فِي تَمْرٍ فَلْيُسْلِفْ فِي كَيْلٍ مَعْلُومٍ وَوَزْنٍ مَعْلُومٍ إِلٰى أَجَلٍ مَعْلُومٍ۔

عبد اللہ بن کثیر نے ابو المنہال سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب مدینہ منورہ میں تشریف لائے تو وہ پھلوں میں سال، دو سال یا تین سال کا سلف کیا کرتے تھے چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے جو پھلوں کا سلف کرے تو پیشگی قیمت دیتے وقت تول مقرر ہو، وزن مقرر ہو اور مدت مقرر ہو۔

٦٩- حدثنا حفص بن عمر نا شعبة ح ونا ابن كثير أنا شعبة أخبرني محمد أو عبد الله بن مجالد قال اختلف عبد الله بن شداد وأبو بردة في السلف فبعثوني إلى ابن أبي أوفى فسألته فقال إن كنا نسلف على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم وأبي بكر وعمر في الحنطة والشعير والتمر والزبيب زاد ابن كثير إلى قوم ما هو عندهم ثم اتفقا وسألت ابن أبزى فقال مثل ذلك۔

حفص بن عمر، شعبہ۔ ابن کثیر، شعبہ، محمد یا عبدالرحمن بن مجالد کا بیان ہے کہ عبداللہ بن شداد اور ابوبردہ کا سلف میں اختلاف ہوگیا تو انہوں نے مجھے حضرت ابن ابی اوفیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں بھیجا۔ پس میں نے ان سے پوچھا تو انہوں نے فرمایا۔ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں اور حضرت ابوبکر و حضرت عمر کے دور میں گندم، جو، کھجور اور کشمش میں سلف کیا کرتے تھے۔ ابن کثیر نے یہ بھی کہا کہ ان لوگوں سے جن کے پاس یہ چیزیں نہ ہوتیں پھر دونوں متفق ہوگئے۔ میں نے حضرت ابن ابزیٰ سے دریافت کیا تو انہوں نے بھی اسی طرح فرمایا۔

٧٠- حدثنا محمد بن بشار نا يحيى وابن مهدي قالا نا شعبة عن عبد الله بن أبي المجالد بهذا الحديث قال عند قوم ما هو عندهم قال أبو داود الصواب ابن أبي المجالد وشعبة أخطأ فيه۔

محمد بن بشار، یحییٰ اور ابن مہدی، شعبہ، عبداللہ بن ابومجالد اور عبدالرحمن نے ابن مجالد سے اس حدیث سے روایت کرتے ہوئے کہا۔ ان لوگوں سے جن کے پاس یہ چیزیں نہ ہوتیں امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ابن ابی مجالد نے درست کہا اور شعبہ سے اس روایت میں غلطی واقع ہوگئی ہے۔

٧١- حدثنا محمد بن المصفى نا أبو المغيرة نا عبد الملك بن أبي غنية حدثني أبو إسحق عن عبد الله بن أبي أوفى الأسلمي قال غزونا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم الشام فكان يأتينا أنباط من أنباط الشام فنسلفهم في البر والزيت سعرا معلوما وأجلا معلوما فقيل له ممن له ذلك قال ما كنا نسألهم۔

ابواسحق سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی معیت میں علاقہ شام میں جہاد کیا۔ پس شام کے کسانوں میں سے ہمارے پاس کسان آتے تو ہم نے ان سے گندم اور تیل میں سلف کیا جس کا نرخ اور مدت مقرر کر لیتے ان سے کہا گیا کہ یہ اس سے کرتے ہوں گے جس کے پاس یہ چیزیں ہوں گی؟ فرمایا کہ ہم ان سے پوچھا نہیں کرتے تھے۔

باب ٢٦ في السلم في ثمرة بعينها۔

کسی خاص درخت کے پھل میں سلف کرنا

٧٢- حدثنا محمد بن كثير أنا سفيان عن أبي إسحق عن رجل نجراني عن ابن عمر أن رجلا أسلف رجلا في نخل فلم تخرج تلك السنة شيئا فاختصما إلى النبي صلى الله عليه وسلم فقال بم تستحل ماله اردد

ایک نجرانی نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی نے دوسرے سے کھجوروں میں سلف کیا اس سال کھجوروں میں بالکل پھل نہ آیا۔ پس وہ اپنا جھگڑا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لے گئے۔ فرمایا کہ تم کس چیز کے بدلے اس کا مال لے رہے ہو؟ اس

عَلَيْهِ مَالَهُ ثُمَّ قَالَ لَا تُسْلِفُوا فِي النَّخْلِ حَتّٰى يَبْدُوَ صَلَاحُهُ۔

کا مال اسے واپس دے دو پھر فرمایا کہ کھجوروں میں سلف نہ کیا کرو مگر جب ان کی پختگی ظاہر ہوجائے۔

باب ۲۷ السَّلَفُ لَا يُحَوَّلُ۔

جس میں سلف کیا اسے نہ بدلے۔

۷۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى نَا أَبُو بَدْرٍ عَنْ زِيَادِ بْنِ خَيْثَمَةَ عَنْ سَعْدٍ يَعْنِي الطَّائِيَّ عَنْ عَطِيَّةَ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَسْلَفَ فِي شَيْءٍ فَلَا يَصْرِفْهُ إِلٰى غَيْرِهِ۔

محمد بن عیسٰی، ابوبدر، زیاد بن خیثمہ، سعد طائی، عطیہ بن سعد نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو کسی چیز کی پیشگی قیمت دے تو اسے دوسری چیز کی طرف نہ پھیرے۔

باب ۲۸ فِي وَضْعِ الْجَائِحَةِ۔

قدرتی نقصان کو وضع کرنا

۷۴۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا اللَّيْثُ عَنْ بُكَيْرٍ عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّهُ قَالَ أُصِيبَ رَجُلٌ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ثِمَارٍ ابْتَاعَهَا فَكَثُرَ دَيْنُهُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَصَدَّقُوا عَلَيْهِ فَتَصَدَّقَ النَّاسُ عَلَيْهِ فَلَمْ يَبْلُغْ ذٰلِكَ وَفَاءَ دَيْنِهِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذُوا مَا وَجَدْتُمْ وَلَيْسَ لَكُمْ ذٰلِكَ۔

عیاض بن عبداللہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ ایک شخص کے پھلوں کو قدرتی آفت آگئی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں جو اس نے خریدے تھے۔ لہٰذا اس پر قرض بہت ہوگیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اسے صدقہ دو پس لوگوں نے اسے خیرات دی لیکن وہ اتنا مال نہ ہوا جس سے اس کا قرضہ ادا ہوجاتا چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قرض خواہ سے فرمایا کہ جو کچھ موجود ہے اسے لے لو اور اس کے سوا تمہیں کچھ نہیں ملے گا۔

۷۵۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ وَأَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَا نَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ جُرَيْجٍ ح وَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ نَا أَبُو عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ الْمَعْنٰى أَنَّ أَبَا الزُّبَيْرِ الْمَكِّيَّ أَخْبَرَهُ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنْ بِعْتَ مِنْ أَخِيكَ تَمْرًا فَأَصَابَتْهَا جَائِحَةٌ فَلَا يَحِلُّ لَكَ أَنْ تَأْخُذَ مِنْهُ شَيْئًا بِمَ تَأْخُذُ مَالَ أَخِيكَ بِغَيْرِ حَقٍّ۔

سلیمان بن داؤد مہری اور احمد بن سعید ہمدانی، ابن وہب، ابن جریج، محمد بن معمر، ابوعاصم، ابن جریج، ابوالزبیر مکی نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم پھل خریدو اپنے بھائی سے پھر اسے قدرتی آفت آجائے تو تمہیں اپنے بھائی سے کچھ بھی لینا حلال نہیں ہے۔ تم کس چیز کے بدلے میں اپنے بھائی کا مال ناحق لوگے؟

باب ۲۹ فِي تَفْسِيرِ الْجَائِحَةِ۔

۷۶۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ أَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عُثْمَانُ بْنُ الْحَكَمِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ الْجَوَائِحُ كُلُّ ظَاهِرٍ مُفْسِدٍ مِنْ مَطَرٍ أَوْ بَرَدٍ أَوْ جَرَادٍ أَوْ رِيحٍ أَوْ حَرِيقٍ۔

قدرتی آفت کا بیان

سلیمان بن داؤد مہری، ابن وہب، عثمان بن حکم، ابن جریج سے روایت ہے کہ عطاء نے فرمایا۔ قدرتی آفت سے ہر وہ ظاہری نقصان ہے جو فصل کو تباہ کر دے جیسے بارش، پالا، ٹڈی، آندھی اور جھلسنا وغیرہ۔

۷۷۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ أَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عُثْمَانُ بْنُ الْحَكَمِ عَنْ يَحْيَى ابْنِ سَعِيدٍ أَنَّهُ قَالَ لَا جَائِحَةَ فِيمَا أُصِيبَ دُونَ ثُلُثِ رَأْسِ الْمَالِ قَالَ يَحْيَى وَذَلِكَ فِي سُنَّةِ الْمُسْلِمِينَ۔

عثمان بن حکم سے روایت ہے کہ یحییٰ بن سعید نے فرمایا۔ قدرتی آفت اسے شمار نہیں کیا جائے گا جس کے باعث تہائی سے کم مال کا نقصان ہو۔ یحییٰ نے فرمایا کہ مسلمانوں میں یہی دستور چلا آتا ہے۔

باب ۳۰ فِي مَنْعِ الْمَاءِ۔

پانی روکنے کا بیان

۷۸۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُمْنَعُ فَضْلُ الْمَاءِ لِيُمْنَعَ بِهِ الْكَلَأُ۔

ابو صالح نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ زائد پانی سے کوئی کسی کو نہ روکے تاکہ گھاس بھی بچی رہے۔

۷۹۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا وَكِيعٌ نَا الْأَعْمَشُ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ رَجُلٌ مَنَعَ ابْنَ السَّبِيلِ فَضْلَ مَاءٍ عِنْدَهُ وَرَجُلٌ حَلَفَ عَلَى سِلْعَةٍ بَعْدَ الْعَصْرِ يَعْنِي كَاذِبًا وَرَجُلٌ بَايَعَ إِمَامًا فَإِنْ أَعْطَاهُ وَفَى لَهُ وَإِنْ لَمْ يُعْطِهِ لَمْ يَفِ لَهُ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تین آدمی ایسے ہیں جن سے اللہ تعالیٰ قیامت کے روز کلام نہیں فرمائے گا۔ ایک وہ جس کے پاس زائد پانی ہو اور مسافر کو اس سے روکے۔ دوسرا وہ جو اپنا مال بیچنے کے لیے عصر کے بعد جھوٹی قسم کھائے۔ تیسرا وہ جس نے کسی امام کے ہاتھ پر بیعت کی، امام نے اسے کچھ دیا تو وعدہ پورا کرے اور نہ دے تو وہ پورا نہ کرے۔

۸۰۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ بِإِسْنَادِهِ وَمَعْنَاهُ قَالَ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ وَقَالَ فِي السِّلْعَةِ بِاللَّهِ لَقَدْ أُعْطِيَ بِهَا كَذَا وَكَذَا فَصَدَّقَهُ الْآخَرُ وَأَخَذَهَا۔

جریر نے اعمش سے اپنی اسناد کے ساتھ معناً حدیث مذکورہ کو روایت کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ انہیں پاک نہیں کرے گا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے اور مال بیچتے ہوئے کہے کہ خدا کی قسم مجھے اتنی قیمت ملتی تھی تاکہ دوسرا اسے سچا سمجھ کر چیز خرید لے۔

۸۱۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُعَاذٍ نَا أَبِي نَا كَهْمَسٌ عَنْ سَيَّارِ بْنِ مَنْظُورٍ رَجُلٍ مِنْ بَنِي فَزَارَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ امْرَأَةٍ يُقَالُ لَهَا بُهَيْسَةُ عَنْ أَبِيهَا قَالَتِ اسْتَأْذَنَ أَبِي النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَخَلَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ قَمِيصِهِ فَجَعَلَ يُقَبِّلُ وَيَلْتَزِمُ ثُمَّ قَالَ يَا نَبِيَّ اللهِ مَا الشَّيْءُ الَّذِي لَا يَحِلُّ مَنْعُهُ قَالَ الْمَاءُ قَالَ يَا نَبِيَّ اللهِ مَا الشَّيْءُ الَّذِي لَا يَحِلُّ مَنْعُهُ قَالَ الْمِلْحُ قَالَ يَا نَبِيَّ اللهِ مَا الشَّيْءُ الَّذِي لَا يَحِلُّ مَنْعُهُ قَالَ أَنْ تَفْعَلَ الْخَيْرَ خَيْرٌ لَكَ۔

بہیسہ نامی عورت نے اپنے والد ماجد سے روایت کرتے ہوئے کہا کہ میرے والد محترم نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اجازت طلب کی۔ پس اپنا منہ آپ کے کرتہ مبارک کے اندر داخل کر کے بوسے دینے اور لپٹنے لگے۔ پھر عرض گزار ہوئے یا نبی اللہ! وہ کونسی چیز ہے جس کا روکنا حلال نہیں ہے؟ فرمایا پانی۔ عرض کی کہ یا نبی اللہ! وہ کونسی چیز ہے جس کا روکنا حلال نہیں ہے؟ فرمایا کہ نمک۔ عرض گزار ہوئے کہ یا نبی اللہ! وہ چیز کونسی ہے جس کا روکنا حلال نہیں ہے؟ فرمایا کہ اگر تم نیکی کرو تو وہ تمہارے لیے بہتر ہے۔

۸۲۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ اللُّؤْلُؤِيُّ نَا حَرِيزُ بْنُ عُثْمَانَ عَنْ حِبَّانَ بْنِ زَيْدٍ الشَّرْعَبِيِّ عَنْ رَجُلٍ مِنْ قَرْنٍ ح وَحَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ نَا حَرِيزُ بْنُ عُثْمَانَ نَا أَبُو خِدَاشٍ وَهَذَا لَفْظُ عَلِيٍّ عَنْ رَجُلٍ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ غَزَوْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثًا أَسْمَعُهُ يَقُولُ الْمُسْلِمُونَ شُرَكَاءُ فِي ثَلَاثٍ فِي الْمَاءِ وَالْكَلَإِ وَالنَّارِ۔

علی بن جعد لؤلؤی، حریز بن عثمان، حبان ابن زید شرعبی قرن کا ایک آدمی مسدد بن یونس، حریز بن عثمان، ابوخداش نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے ایک نے فرمایا۔ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی معیت میں تین دفعہ جہاد کرنے کا شرف حاصل کیا۔ میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا کہ تین چیزوں میں مسلمان شریک ہیں پانی گھاس اور آگ میں (حدیث کے یہ الفاظ علی بن جعد لؤلؤی کے ہیں۔

بَابُ ۳۱ فِي بَيْعِ فَضْلِ الْمَاءِ۔

زائد پانی فروخت کرنا

۸۳۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ نَا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَطَّارُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ أَبِي الْمِنْهَالِ عَنْ إِيَاسِ بْنِ عَبْدٍ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ فَضْلِ الْمَاءِ۔

عبداللہ بن محمد نفیلی، داؤد بن عبدالرحمٰن عطار، عمرو بن دینار، ابومنہال نے حضرت ایاس بن عبد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس پانی کے فروخت کرنے سے منع فرمایا ہے جو ضرورت سے بچ رہے۔

بَابُ ۳۲ فِي ثَمَنِ السِّنَّوْرِ۔

بلی کی قیمت کا بیان

۸۴۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى الرَّازِيُّ وَالرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ أَبُو تَوْبَةَ وَعَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ

ابراہیم بن موسیٰ رازی اور ربیع بن نافع ابوتوبہ اور علی بن بحر، عیسیٰ، اعمش، سفیان نے حضرت جابر بن عبداللہ

قَالَا ثَنَا عِيْسٰى وَقَالَ اِبْرَاهِيْمُ اَخْبَرَنَا عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ سُفْيَانَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَالسِّنَّوْرِ۔

رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے اور بلی کی قیمت سے منع فرمایا ہے۔

۸۵۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُالرَّزَّاقِ نَا عُمَرُ بْنُ زَيْدِ الصَّنْعَانِيُّ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ ثَمَنِ الْهِرِّ۔

احمد بن حنبل، عبدالرزاق، عمرو بن زید صنعانی، ابو الزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بلی کی قیمت سے منع فرمایا ہے۔

بَابٌ ۳۳ فِيْ اَثْمَانِ الْكِلَابِ۔

کتوں کی قیمت کا بیان

۸۶۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ نَهٰى عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَمَهْرِ الْبَغِيِّ وَحُلْوَانِ الْكَاهِنِ۔

قتیبہ بن سعید، سفیان، زہری، ابوبکر بن عبدالرحمٰن حضرت ابو مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کتے کی قیمت، زانیہ کی کمائی اور کاہن کے نذرانوں سے منع فرمایا ہے۔

ف۔ اس زمانے میں جبکہ انسان کو انسان سے ہمدردی کم عداوت زیادہ ہو گئی ہے اور ایک علاقے یا ملک کے انسان دوسرے علاقے یا ملک کے انسانوں کو صفحۂ ہستی سے نیست و نابود کر دینے کی کوششوں میں مصروف ہیں اور مہلک سے مہلک ہتھیار دوسرے انسانوں کو ختم کرنے کے لیے ایجاد کیے جا رہے ہیں تو پلید جانوروں کی محبت بھی زوروں پر ہے بعض انسانوں کو کتوں سے تو دیوانہ وار پیار ہے۔ بعض کتے سرمایہ داروں کے یہاں ہزاروں میں بیچے اور خریدے جا رہے ہیں حالانکہ کتے کی قیمت لینا اور دینا دونوں حرام ہیں اور پھر کتوں کی اتنی خدمت کرتے ہیں جتنی اس طبقے میں والدین کی خدمت بھی نہیں کی جاتی۔ یہ قیامت کی ایک نشانی اور انسانیت کا جنازہ نکالنے کے سوا اور کیا ہے؟ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۸۷۔ حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ نَافِعٍ اَبُوْ تَوْبَةَ ثَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ يَعْنِي ابْنَ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِالْكَرِيْمِ عَنْ قَيْسِ بْنِ حَبْتَرٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَاِنْ جَاءَ يَطْلُبُ ثَمَنَ الْكَلْبِ فَامْلَاْ كَفَّهٗ تُرَابًا۔

ربیع بن نافع ابو توبہ، عبیداللہ بن عمرو، عبدالکریم، قیس بن حبتر سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کتے کی قیمت سے منع فرمایا ہے۔ اگر کتے کا مالک قیمت طلب کرنے آئے تو اس کے ہاتھوں میں مٹی بھر دینا۔

۸۸۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ نَا شُعْبَةُ اَخْبَرَنِيْ عَوْنُ بْنُ اَبِيْ جُحَيْفَةَ اَنَّ اَبَاهُ قَالَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى

ابو الولید طیالسی، شعبہ، عون بن ابو جحیفہ کے والد ماجد نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کتے کی قیمت سے منع فرمایا ہے۔

عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ۔

۸۹۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي مَعْرُوفُ بْنُ سُوَيْدٍ الْجُذَامِيُّ أَنَّ عَلِيَّ بْنَ أَبَاحٍ اللَّخْمِيَّ حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ ثَمَنُ الْكَلْبِ وَلَا حُلْوَانُ الْكَاهِنِ وَلَا مَهْرُ الْبَغِيِّ۔

بَاب ۳۴ فِي ثَمَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْتَةِ

۹۰۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَبْدُ اللَّهِ ابْنُ وَهْبٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ بُخْتٍ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللَّهُ حَرَّمَ الْخَمْرَ وَثَمَنَهَا وَحَرَّمَ الْمَيْتَةَ وَثَمَنَهَا وَحَرَّمَ الْخِنْزِيرَ وَثَمَنَهُ۔

۹۱۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيدَ ابْنِ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ عَامَ الْفَتْحِ وَهُوَ بِمَكَّةَ إِنَّ اللَّهَ حَرَّمَ بَيْعَ الْخَمْرِ وَالْمَيْتَةِ وَالْخِنْزِيرِ وَالْأَصْنَامِ فَقِيلَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَرَأَيْتَ شُحُومَ الْمَيْتَةِ فَإِنَّهُ يُطْلَى بِهَا السُّفُنُ وَيُدْهَنُ بِهَا الْجُلُودُ وَيَسْتَصْبِحُ بِهَا النَّاسُ فَقَالَ لَا هُوَ حَرَامٌ ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذَلِكَ قَاتَلَ اللَّهُ الْيَهُودَ إِنَّ اللَّهَ تَعَالَى حَرَّمَ عَلَيْهِمْ شُحُومَهَا أَجْمَلُوهُ ثُمَّ بَاعُوهُ فَأَكَلُوا ثَمَنَهُ۔

۹۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا أَبُو عَاصِمٍ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ قَالَ كَتَبَ إِلَيَّ عَطَاءٌ عَنْ جَابِرٍ

احمد بن صالح، ابن وہب، معروف بن سوید جذامی علی بن اباح لخمی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ حلال نہیں ہے کتے کی قیمت، کاہن کی مٹھائی اور زانیہ کی کمائی۔

شراب اور مردار کی قیمت کا بیان

احمد بن صالح، عبد اللہ بن وہب، معاویہ بن صالح عبد الوہاب بن بخت، ابو الزناد، اعرج نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے شراب کو حرام فرمایا اور اس کی قیمت کو، مردار کو حرام فرمایا اور اس کی قیمت کو خنزیر کو حرام فرمایا اور اس کی قیمت کو۔

عطاء بن ابی رباح سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فتح مکہ کے سال مکہ مکرمہ میں فرماتے ہوئے سنا۔ بیشک اللہ تعالیٰ نے شراب، مردار، خنزیر اور بتوں کی خرید و فروخت کو حرام قرار دیا ہے۔ عرض کی گئی کہ یا رسول اللہ مردار کی چربی کے بارے میں کیا ارشاد ہے جبکہ اس سے کشتیوں کو چکنی اور کھالوں کو نرم کیا جاتا ہے اور لوگ اسے چراغوں میں جلاتے ہیں۔ فرمایا نہیں وہ تو حرام ہے۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے ساتھ فرمایا۔ اللہ تعالیٰ یہود کو غارت کرے کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر چربی کو حرام فرمایا لیکن انہوں نے اسے پگھلایا پھر فروخت کر کے اس کی قیمت کھائی۔

محمد بن بشار، ابو عاصم، عبد الحمید بن جعفر، یزید بن ابو حبیب، عطاء نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسی طرح روایت کی لیکن یہ نہیں کہا کہ وہ حرام ہے۔

نَحْوَهُ لَمْ يَقُلْ هُوَ حَرَامٌ۔

۹۳۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ اَنَّ بِشْرَ بْنَ الْمُفَضَّلِ وَخَالِدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَاهُمُ الْمَعْنٰی عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ بَرَكَةَ قَالَ مُسَدَّدٌ فِی حَدِیْثِ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ بَرَكَةَ اَبِی الْوَلِیْدِ ثُمَّ اتَّفَقَا عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا عِنْدَ الرُّكْنِ قَالَ فَرَفَعَ بَصَرَهُ اِلَی السَّمَآءِ فَضَحِكَ فَقَالَ لَعَنَ اللّٰهُ الْیَهُوْدَ ثَلَاثًا اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی حَرَّمَ عَلَیْهِمُ الشُّحُوْمَ فَبَاعُوْهَا وَاَكَلُوْا اَثْمَانَهَا وَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی اِذَا حَرَّمَ عَلٰی قَوْمٍ اَكْلَ شَیْءٍ حَرَّمَ عَلَیْهِمْ ثَمَنَهُ وَلَمْ یَقُلْ فِی حَدِیْثِ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَاَیْتُ وَقَالَ قَاتَلَ اللّٰهُ الْیَهُوْدَ۔

خالد بن عبداللہ نے برکہ ابوالولید سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو رکن (حجر اسود یا رکن یمانی) کے پاس بیٹھے ہوئے دیکھا پس آپ نے نگاہ مبارک آسمانوں کی طرف اٹھائی اور ہنسے۔ پس تین مرتبہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے یہود پر لعنت کی۔ اللہ تعالیٰ نے ان پر چربی کو حرام فرمایا تھا پس انہوں نے اسے بیچا اور اس کی قیمت کھائی۔ اللہ تعالیٰ جب کسی قوم پر کسی چیز کا کھانا حرام فرماتا ہے تو ان پر اس کی قیمت بھی حرام کر دیتا۔ خالد بن عبداللہ کی حدیث میں رَاَیْتُ کا لفظ نہیں کہا ہے اور کہا۔ اللہ تعالیٰ یہودیوں کو غارت کرے۔

۹۴۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ ثَنَا ابْنُ اِدْرِیْسَ وَوَكِیْعٌ عَنْ طُعْمَةَ بْنِ عَمْرٍو الْجُعْفِیِّ عَنْ عُمَرَ بْنِ بَیَانٍ التَّغْلِبِیِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الْمُغِیْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ عَنِ الْمُغِیْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ بَاعَ الْخَمْرَ فَلْیُشَقِّصِ الْخَنَازِیْرَ۔

عثمان بن ابو شیبہ، ابن ادریس اور وکیع، طعمہ بن عمرو جعفری، عمرو بن بیان تغلبی، عروہ بن مغیرہ بن شعبہ نے حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے شراب فروخت کی تو گویا اس نے خنزیر کے گوشت کو صاف کیا۔

۹۵۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ نَا شُعْبَةُ عَنْ سُلَیْمَانَ عَنْ اَبِی الضُّحٰی عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا نَزَلَتِ الْاٰیٰتُ الْاَوَاخِرُ مِنْ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَاَهُنَّ عَلَیْنَا وَقَالَ حُرِّمَتِ التِّجَارَةُ فِی الْخَمْرِ۔

مسروق سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ جب سورہ البقرہ کی آخری آیتیں نازل ہوئیں تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے اور وہ ہمیں پڑھ کر سنائیں اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے شراب کی تجارت کو حرام فرما دیا ہے۔

۹۶۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ نَا اَبُوْ مُعَاوِیَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ بِاِسْنَادِهٖ وَمَعْنَاهُ قَالَ الْاٰیٰتُ الْاَوَاخِرُ فِی الرِّبَا۔

عثمان بن ابو شیبہ، ابو معاویہ نے اعمش سے اپنی اسناد کے ساتھ معناً اسے روایت کرتے ہوئے کہا کہ سود کے متعلق آخری آیتیں ہیں۔

بَاب ۳۵ فِیْ بَیْعِ الطَّعَامِ قَبْلَ اَنْ یُّسْتَوْفٰی۔

قبضے سے پہلے غلے کو فروخت کرنے کا بیان

۹۷۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ ابْتَاعَ طَعَامًا فَلَا یَبِعْهُ حَتّٰی یَسْتَوْفِیَهُ۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو اناج خریدے تو اس وقت تک اسے فروخت نہ کرے جب تک قبضہ نہ کر لے۔

۹۸۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ قَالَ كُنَّا فِیْ زَمَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَبْتَاعُ الطَّعَامَ فَیَبْعَثُ عَلَیْنَا مَنْ یَّاْمُرُنَا بِانْتِقَالِهٖ مِنَ الْمَكَانِ الَّذِی ابْتَعْنَاهُ فِیْهِ اِلٰی مَكَانٍ سِوَاهُ قَبْلَ اَنْ نَّبِیْعَهٗ یَعْنِیْ جُزَافًا۔

نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں ہم اناج خریدتے تو ہمارے پاس آدمی بھیجا جاتا جو ہم سے کہتا کہ جس مکان سے ہم نے اناج خریدا ہے اس سے کسی دوسرے مکان میں منتقل کر لیں اس سے پہلے کہ ہم اسے فروخت کریں۔

۹۹۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا یَحْیٰی عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنِیْ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانُوْا یَتَبَایَعُوْنَ الطَّعَامَ جُزَافًا بِاَعْلَی السُّوْقِ فَنَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ یَّبِیْعُوْهُ حَتّٰی یَنْقُلُوْهُ۔

نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ لوگ بازار کے بلندی والے حصے سے اناج کے ڈھیر خریدا کرتے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے منتقل کرنے سے پہلے فروخت کرنے سے منع فرما دیا۔

۱۰۰۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا ابْنُ وَهْبٍ نَا عَمْرٌو عَنِ الْمُنْذِرِ بْنِ عُبَیْدِ الْمَدَنِیِّ اَنَّ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ حَدَّثَهٗ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ عُمَرَ حَدَّثَهٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَهٰی اَنْ یَّبِیْعَ اَحَدٌ طَعَامًا اشْتَرَاهُ بِكَیْلٍ حَتّٰی یَسْتَوْفِیَهُ۔

احمد بن صالح، ابن وہب، عمرو، منذر بن عبید مدینی قاسم بن محمد نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ناپ تول کر خریدے ہوئے غلے کو قبضہ کرنے سے پہلے فروخت کرنے سے منع فرمایا ہے۔

۱۰۱۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ وَّعُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ قَالَا نَا وَكِیْعٌ عَنْ سُفْیَانَ عَنِ ابْنِ طَاؤُسٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنِ ابْتَاعَ طَعَامًا فَلَا یَبِعْهُ حَتّٰی یَكْتَالَهٗ زَادَ اَبُوْ بَكْرٍ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ لِمَ قَالَ اَلَا تَرٰی اَنَّهُمْ یَبْتَاعُوْنَ بِالذَّهَبِ وَالطَّعَامُ مُرْجًی۔

طاؤس نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو غلہ خریدے تو اس وقت تک اسے فروخت نہ کرے جب تک اسے تول نہ لیا جائے۔ ابو بکر نے یہ بھی کہا۔ میں (طاؤس) حضرت ابن عباس کی خدمت میں عرض گزار ہوا کہ یہ کیوں؟ فرمایا تم دیکھتے نہیں کہ لوگ میعاد مقرر کر کے سونے کے بدلے اناج خرید لیتے ہیں۔

۱۰۲۔ حدثنا مسدد وسليمان بن حرب قال نا حماد ح ونا مسدد نا ابو عوانة وهذا لفظ مسدد عن عمرو بن دينار عن طاؤس عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اشترى احدكم طعاما فلا يبعه حتى يقبضه قال سليمان بن حرب حتى يستوفيه زاد مسدد قال وقال ابن عباس واحسب كل شيء مثل الطعام۔

مسدد اور سلیمان بن حرب، حماد ..... مسدد، ابو عوانہ، عمرو بن دینار، طاؤس نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی اناج خریدے تو جب تک قبضہ نہ کرلے اُسے فروخت نہ کرے۔ سلیمان بن حرب نے حتی یستوفیہ کہا ہے۔ مسدد نے یہ بھی کہا کہ حضرت ابن عباس نے فرمایا۔ میرے خیال میں ہر چیز کا حکم اناج کی طرح ہے۔

۱۰۳۔ حدثنا الحسن بن علي نا عبد الرزاق انا معمر عن الزهري عن سالم عن ابن عمر قال رأيت الناس يضربون على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اشتروا الطعام جزافا ان يبيعوه حتى يبلغه الى رحله۔

سالم سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: میں نے لوگوں کو دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں انہیں مار پڑتی تھی جب کہ وہ اناج خریدتے اور اپنے گھر لے جانے سے پہلے اُسے فروخت کر دیا کرتے۔

۱۰۴۔ حدثنا محمد بن عوف الطائي نا احمد بن خالد الوهبي نا محمد بن اسحق عن ابي الزناد عن عبيد بن حنين عن ابن عمر قال ابتعت زيتا في السوق فلما استوجبته لقيني رجل فاعطاني به ربحا حسنا فاردت ان اضرب على يده فاخذ رجل من خلفي بذراعي فالتفت فاذا زيد بن ثابت فقال لا تبعه حيث ابتعته حتى تحوزه الى رحلك فان رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى ان تباع السلع حيث تبتاع حتى يحوزها التجار الى رحالهم۔

ابو الزناد نے عبید اللہ بن حنین سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں نے بازار سے تیل خریدا۔ جب میں نے اُسے قیمت ادا کر دی تو مجھے ایک آدمی ملا جو مجھے اچھا خاصا نفع دینے لگا۔ میں نے چاہا کہ اس کے ہاتھوں فروخت کر دوں کہ ایک آدمی نے پیچھے سے میری کلائی پکڑی۔ میں نے مڑ کر دیکھا تو وہ حضرت زید بن ثابت تھے۔ فرمایا کہ اسے اس وقت تک فروخت نہ کیجئے جب تک آپ اپنے گھر نہ لے جائیں کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسی جگہ چیز کو بیچنے سے منع فرمایا ہے جہاں سے خریدی ہو، یہاں تک کہ خریدار اُسے اپنے گھر لے جائے۔

ف۔ دریں ایام تاجر حضرات اس شرعی اصول کو بالکل نظر انداز کرتے ہیں۔ ایک منڈی سے مال خریدتے ہیں اور دوسرے سے سودا کر کے اسی منڈی سے مال دوسرے کو فروخت کر دیتے ہیں اور پہلا خریدار اس جگہ سے مال کو

اٹھاتا ہی نہیں جہاں سے خرید ا تھا۔ بعض اوقات کئی روز تک اسی منڈی میں مال کو رکھوا دیا جاتا ہے اور نفع ملنے پر اسی جگہ سے دوسرے کو دے دیا جاتا ہے۔ یہ شرعی اصول تجارت کے خلاف ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۳٦ - فِي الرَّجُلِ يَقُولُ عِنْدَ الْبَيْعِ لَا خِلَابَةَ۔

سودے کے وقت کہنا کہ دھوکا نہ دینا

۱۰۵ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَجُلًا ذَكَرَ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ يُخْدَعُ فِي الْبَيْعِ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا بَايَعْتَ فَقُلْ لَا خِلَابَةَ فَكَانَ الرَّجُلُ إِذَا بَايَعَ يَقُولُ لَا خِلَابَةَ۔

عبد اللہ بن دینار نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ذکر کیا کہ وہ بیع میں دھوکا کھا جاتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا کہ جب تم سودا کرو تو کہہ دیا کرو کہ دھوکا نہ دینا۔ پس وہ آدمی جب بھی سودا کرتا تو کہہ دیا کرتا کہ دھوکا نہ دینا۔

۱۰٦ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْأَرُزِّيُّ وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ خَالِدٍ الْكَلْبِيُّ أَبُو ثَوْرٍ الْمَعْنَى قَالَا نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ قَالَ مُحَمَّدٌ عَبْدُ الْوَهَّابِ ابْنُ عَطَاءٍ قَالَ أَنَا سَعِيدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَجُلًا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَبْتَاعُ وَفِي عُقْدَتِهِ ضُعْفٌ فَأَتَى أَهْلُهُ نَبِيَّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا يَا نَبِيَّ اللهِ احْجُرْ عَلَى فُلَانٍ فَإِنَّهُ يَبْتَاعُ وَفِي عُقْدَتِهِ ضُعْفٌ فَدَعَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَهَاهُ عَنِ الْبَيْعِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ إِنِّي لَا أَصْبِرُ عَنِ الْبَيْعِ فَقَالَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنْ كُنْتَ غَيْرَ تَارِكٍ لِلْبَيْعِ فَقُلْ هَاءَ وَهَاءَ وَلَا خِلَابَةَ قَالَ أَبُو ثَوْرٍ عَنْ سَعِيدٍ۔

قتادہ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانۂ مبارک میں خرید و فروخت کیا کرتا تھا جب کہ اُس کی عقل میں کمزوری تھی۔ اس کے گھر والے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے کہ یا نبی اللہ! فلاں کو خرید و فروخت سے روک دیجئے کیونکہ ان کی عقل میں کمی ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں بلایا اور خرید و فروخت سے منع فرمایا۔ وہ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! میں بیع سے رک نہیں سکتا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر تم تجارت کو چھوڑ نہیں سکتے تو سودے کے وقت کہہ دیا کرو: ہا رہا ور دھوکا نہ دینا۔۔۔۔ ابو ثور نے سعید سے بھی روایت کی ہے۔

باب ۳۷ - فِي الْعُرْبَانِ۔

عربان کا بیان

۱۰۷ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ أَنَّهُ بَلَغَهُ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّهُ قَالَ

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اپنے والدِ محترم سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بیع عربان سے منع فرمایا ہے۔ امام مالک نے فرمایا کہ

نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْعُرْبَانِ قَالَ مَالِكٌ وَذٰلِكَ فِيمَا نَرَى وَاللّٰهُ أَعْلَمُ أَنْ يَشْتَرِيَ الرَّجُلُ الْعَبْدَ أَوْ يَتَكَارَى الدَّابَّةَ ثُمَّ يَقُولُ أُعْطِيكَ دِينَارًا عَلَى أَنِّي إِنْ تَرَكْتُ السِّلْعَةَ أَوِ الْكِرَاءَ فَمَا أَعْطَيْتُكَ لَكَ۔

ہمارے خیال میں یہ اس طرح ہے، آگے اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے، جیسے ایک آدمی غلام خریدے یا کرائے پر جانور لے تو کہے کہ میں آپ کو ایک دینار دیتا ہوں اس شرط پر کہ اگر میں سامان نہ لوں یا کرائے پر نہ رکھوں تو جو میں نے آپ کو دیا ہے وہ آپ کا ہوگا۔

ف۔ قیمت ادا کرنے اور چیز لینے سے پہلے خریدار کا بطور سائی یا بیعانہ کچھ دینا ایک قسم کا پیشگی معاہدہ ہے اور بیع اُسی وقت واقع ہوگی جب قیمت ادا کی جائے اور مشتری اس چیز پر قبضہ کرے۔ پیشگی ایسا معاہدہ کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ جیسا کہ ایک سفر سے واپس لوٹتے وقت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اونٹ کا سودا کیا۔ لیکن مدینہ منورہ پہنچنے پر حضرت جابر نے اونٹ آپ کی خدمت میں پیش کیا اور اسی وقت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قیمت ادا کی۔ بطور بیعانہ یا سائی کچھ رقم دی ہے لیکن گاہک کسی وجہ سے اب خریدنے سے عاجز ہو جائے تو بیعانہ ضبط کرنا حرام ہے اور ایسی ہی بیع کو بیع عربان کہتے ہیں۔ اگر معاہدے کے وقت بائع نے ایسی شرط کی ہو تو شرعاً ایسی شرط کرنا محض باطل اور لغو ہے۔ دوسرے کا مال ایسی شرط کر کے ہڑپ کرنا قطعاً جائز نہیں ہے۔ اگر وہ خریدنے سے عاجز ہو گیا تو اس کا بیعانہ واپس کر دینا چاہیئے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

باب ۳۸ فِي الرَّجُلِ يَبِيعُ مَا لَيْسَ عِنْدَهُ۔ ایسی چیز بیچنا جو پاس نہ ہو

۱۰۸۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ أَبِي بِشْرٍ عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهِكٍ عَنْ حَكِيمِ ابْنِ حِزَامٍ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ يَأْتِينِي الرَّجُلُ فَيُرِيدُ مِنِّي الْبَيْعَ لَيْسَ عِنْدِي أَفَأَبْتَاعُهُ لَهُ مِنَ السُّوقِ فَقَالَ لَا تَبِعْ مَا لَيْسَ عِنْدَكَ۔

یوسف بن ماہک سے روایت ہے کہ حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ تعالیٰ عنہ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! میرے پاس ایک آدمی آتا ہے اور وہ مجھ سے ایسی چیز خریدنا چاہتا ہے جو میرے پاس نہیں ہے۔ کیا میں اس کے لیے بازار سے خرید کر لے آؤں؟ فرمایا کہ جو چیز تمہارے پاس نہیں ہے اُسے فروخت نہ کرو۔

۱۰۹۔ حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ نَا إِسْمٰعِيلُ عَنْ أَيُّوبَ حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ أَبِيهِ حَتّٰى ذَكَرَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ سَلَفٌ وَبَيْعٌ وَلَا شَرْطَانِ فِي بَيْعٍ وَلَا رِبْحُ مَا لَمْ تَضْمَنْ وَلَا بَيْعُ مَا لَيْسَ عِنْدَكَ۔

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اپنے والد محترم یعنی حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں حلال وہ سلف اور بیع اور نہ بیع میں دو شرطیں اور نہ منافع جس کا آدمی ذمہ دار نہ بنے اور نہ اس چیز کی بیع جائز ہے جو تمہارے پاس نہ ہو۔

ف۔ بائع یا مشتری کی جانب سے کسی سودے میں دو شرطوں کا رکھنا جائز نہیں ہے، ہاں ایک شرط میں مضائقہ نہیں ہے جیسا کہ مشہور حدیث میں ہے کہ ایک سفر سے لوٹتے ہوئے راستے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ

وسلم نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اونٹ کا سودا کیا۔ انہوں نے شرط رکھی کہ مدینہ منورہ تک اسی پر سوار ہو کر جاؤں گا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ شرط منظور فرمائی تھی جس سے ایک شرط کے جواز میں جائے کلام نہ رہی۔ علامہ وحیدالزمان خاں صاحب کا اسی حدیث کے تحت حاشیے میں ایک شرط کو نا جائز بتانا (صفحہ ۲۸) خلافِ حدیث ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۳۹ فِي شَرْطٍ فِي بَيْعٍ۔ — بیع میں شرط کرنا

۱۱۰۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ زَكَرِيَّا نَا عَامِرٌ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ بِعْتُهُ يَعْنِي بَعِيرَهُ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاشْتَرَطْتُ حُمْلَانَهُ إِلَى أَهْلِي قَالَ فِي آخِرِهِ تَرَانِي إِنَّمَا مَاكَسْتُكَ لِأَذْهَبَ بِجَمَلِكَ خُذْ جَمَلَكَ وَثَمَنَهُ فَهُمَا لَكَ۔

عامر سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایک اونٹ بیچا اور یہ شرط رکھی کہ اپنے گھر پہنچنے تک اسی پر سواری کروں گا۔ اس کے آخر میں حضور نے فرمایا: تم خیال کرتے ہو گے کہ تمہارے اونٹ کو لے کر تمہارے لیے دشواری پیدا کر دوں گا۔ اپنا اونٹ لے لو اور اسکی قیمت بھی وصول کر لو، دونوں چیزیں تمہاری ہیں۔

باب ۴۰ فِي عُهْدَةِ الرَّقِيقِ۔ — لونڈی غلام کی ذمہ داری

۱۱۱۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا أَبَانُ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عُهْدَةُ الرَّقِيقِ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ۔

حسن نے حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لونڈی غلام کی ذمہ داری تین دن تک ہے۔

۱۱۲۔ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَنِي عَبْدُ الصَّمَدِ نَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ بِإِسْنَادِهِ وَمَعْنَاهُ زَادَ إِنْ وَجَدَ دَاءً فِي ثَلَاثِ لَيَالٍ رُدَّ بِغَيْرِ بَيِّنَةٍ وَإِنْ وَجَدَ دَاءً بَعْدَ الثَّلَاثِ كُلِّفَ الْبَيِّنَةَ أَنَّهُ اشْتَرَاهُ وَبِهِ هَذَا الدَّاءُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ هَذَا التَّفْسِيرُ مِنْ كَلَامِ قَتَادَةَ۔

ہمام نے قتادہ سے اپنی اسناد کے ساتھ معناً اسے روایت کرتے ہوئے یہ بھی کہا: اگر تین دنوں کے اندر کوئی عیب پائے تو گواہوں کے بغیر واپس کر سکتا ہے اور تین دن کے بعد عیب پائے تو گواہ پیش کرنے ہوں گے کہ خریدتے وقت یہ عیب اس میں موجود تھا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ قتادہ کے ارشاد کا مطلب یہی ہے۔

باب ۴۱ فِي مَنِ اشْتَرَى عَبْدًا فَاسْتَعْمَلَهُ ثُمَّ وَجَدَ بِهِ عَيْبًا۔ — کسی نے غلام خریدا، اس سے کام لیا پھر اسمیں عیب پایا

۱۱۳۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ عَنْ مَخْلَدِ بْنِ خُفَافٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخَرَاجُ بِالضَّمَانِ۔

احمد بن یونس، ابن ابی ذئب، مخلد بن خفاف، عروہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو ضامن ہو وہی محاصل کا مستحق ہے۔

۱۱۴- حدثنا محمود بن خالد نا الفريابي عن سفيان عن محمد بن عبد الرحمن عن مخلد الغفاري قال كان بيني وبين اناس شركة في عبد فاقتويته وبعضنا غائب فاغل علي غلة فخاصمني في نصيبه الى بعض القضاة فامرني ان ارد الغلة فاتيت عروة بن الزبير فحدثته فاتاه عروة فحدثه عن عائشة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الخراج بالضمان۔

۱۱۵- حدثنا ابراهيم بن مروان نا ابي نا مسلم بن خالد الزنجي نا هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة ان رجلا ابتاع غلاما فاقام عنده ما شاء الله ان يقيم ثم وجد به عيبا فخاصمه الى النبي صلى الله عليه وسلم فرده اليه فقال الرجل يا رسول الله صلى الله عليه وسلم الخراج بالضمان قال ابو داود هذا اسناد ليس بذلك۔

باب ۷۲ اذا اختلف البيعان والمبيع قائم۔

۱۱۶- حدثنا محمد بن يحيى بن فارس نا عمر بن حفص بن غياث انا ابي عن ابي عميس قال اخبرني عبد الرحمن بن قيس بن محمد بن الاشعث عن ابيه عن جده قال اشترى الاشعث رقيقا من رقيق الخمس من عبد الله بعشرين الفا فارسل عبد الله اليه في ثمنهم فقال انما اخذتهم بعشرة الاف فقال عبد الله فاختر رجلا يكون بيني وبينك قال الاشعث انت بيني وبين نفسك قال عبد الله فاني سمعت

مخلد غفاری کا بیان ہے کہ میرے اور کچھ لوگوں کے درمیان ایک غلام مشترک تھا۔ میں نے غلام کو ایک کام پر لگایا اور ساتھیوں میں سے ایک موجود نہ تھا۔ اس نے مجھ سے جھگڑا کیا اور مقدمہ ایک قاضی کی عدالت میں پیش کر دیا۔ اس نے مجھے حصہ ادا کرنے کا حکم دیا۔ پس میں نے حضرت عروہ بن زبیر کی خدمت میں حاضر ہو کر ان سے ماجرا عرض کیا۔ عروہ نے ان کے پاس تشریف لا کر حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نفع اس کا ہے جو ضامن ہو۔

ہشام بن عروہ کے والد ماجد نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی نے غلام خریدا اور وہ اس کے پاس رہا جتنے دن اللہ نے چاہا۔ پھر اس میں عیب معلوم ہوا۔ پس اس نے یہ مقدمہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا۔ آپ نے اسے واپس کروا دیا۔ سابقہ مالک عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! اس نے میرے غلام سے کمائی کی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نفع اس کا ہے جو ضامن ہو۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ

جب بائع اور مشتری میں اختلاف ہو جائے اور سودا قائم ہو

عبدالرحمان بن قیس بن محمد بن اشعث کے والد ماجد نے اپنے والد محترم سے روایت کی ہے کہ حضرت اشعث نے چند غلام خمس کے غلاموں میں سے حضرت عبداللہ بن مسعود سے بیس ہزار میں خریدے۔ پس حضرت عبداللہ نے قیمت مانگنے کے لیے ان کی طرف آدمی بھیجا تو انہوں نے کہا کہ میں نے دس ہزار میں لیے ہیں۔ حضرت عبداللہ نے کہا کہ ہم دونوں کسی آدمی کو تجویز کر لیتے ہیں جو ہم دونوں کے درمیان فیصلہ کر دے۔ حضرت اشعث نے کہا کہ ہم دونوں کا فیصلہ آپ خود کر دیجئے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِذَا اخْتَلَفَ الْبَيِّعَانِ وَلَيْسَ بَيْنَهُمَا بَيِّنَةٌ فَهُوَ مَا يَقُوْلُ رَبُّ السِّلْعَةِ أَوْ يَتَتَارَكَانِ۔

فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جب بائع اور مشتری کے درمیان اختلاف ہو جائے اور ان کے پاس گواہ نہ ہوں تو وہ بات مانی جائے گی جو مال والا کہے یا دونوں اس سودے کو چھوڑ دیں۔

ف۔ قربان جائیں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دیانت وفقاہت اور تقویٰ وطہارت پر کہ ایک غلام کی خرید وفروخت سے متعلق قیمت کے بارے میں حضرت اشعث رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے درمیان اختلاف ہو گیا تو حضرت اشعث نے کسی تیسرے سے فیصلہ کروانے کے بجائے فیصلہ حضرت عبداللہ بن مسعود ہی کے سپرد کر دیا۔ سبحان اللہ ہمارے امام اعظم کے امام اعظم کی دیانت وفقاہت صحابہ کرام میں بھی اس درجہ مسلمہ تھی کہ ایک فریق ہونے کے باوجود خود دوسرے فریق نے فیصلہ حضرت ابن مسعود کے سپرد کر دیا۔ جس ہستی کی فقاہت ودیانت اور تقویٰ وطہارت پر فریق ہونے کے باوجود صحابہ کرام کو اس درجہ اعتماد ہو اس پر اگر آج کے نیم ملاں چند حدیثیں پڑھ کر اعتماد نہ کریں تو کشور فقاہت کے اس فرماں روا کی جلالت پر کیا اثر پڑتا ہے؟

آنکھ والا تیرے جوبن کا تماشا دیکھے!
دیدۂ کور کو کیا نظر آئے کیا دیکھے

۱۱۷۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ نَا هُشَيْمٌ أَنَا ابْنُ أَبِي لَيْلَى عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ ابْنَ مَسْعُوْدٍ بَاعَ مِنَ الْأَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ رَقِيْقًا فَذَكَرَ مَعْنَاهُ وَالْكَلَامُ يَزِيْدُ وَيَنْقُصُ۔

قاسم بن عبدالرحمان نے اپنے والد یا جد سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن مسعود نے حضرت اشعث بن قیس کے ہاتھوں چند غلام فروخت کیے۔ آگے معناً یہی حدیث بیان کی اور اس میں الفاظ کچھ کم وبیش ہیں۔

بَابٌ ۴۳ فِي الشُّفْعَةِ۔

شفعہ کا بیان

۱۱۸۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا إِسْمٰعِيْلُ ابْنُ إِبْرَاهِيْمَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشُّفْعَةُ فِي كُلِّ شِرْكٍ رَبْعَةٍ أَوْ حَائِطٍ لَا يَصْلُحُ أَنْ يَبِيْعَ حَتّٰی يُؤْذِنَ شَرِيْكَهُ فَإِنْ بَاعَ فَهُوَ أَحَقُّ بِهِ حَتّٰی يُؤْذِنَهُ۔

ابوالزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر مشترک چیز میں شفعہ ہے خواہ وہ گھر ہو یا باغ۔ شریک کی اجازت کے بغیر اس کا فروخت کرنا درست نہیں ہے۔ اگر فروخت کر دی بلا اجازت، تو وہی زیادہ حقدار ہے، جب تک اجازت نہ دے۔

۱۱۹۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ إِنَّمَا جَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشُّفْعَةَ فِي كُلِّ مَالٍ لَمْ يُقْسَمْ فَإِذَا وَقَعَتِ

ابوسلمہ بن عبدالرحمان سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے فرمایا: کہ رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہر مال میں شفعہ مقرر فرمایا ہے جو تقسیم نہ کر لیا گیا ہو۔ جب حد بندی ہو جائے اور راستے نکل جائیں تو شفعہ ختم ہو گیا۔

الحدود وصرفت الطرق فلا شفعة۔

۱۲۰- حدثنا محمد بن يحيى بن فارس نا الحسن بن الربيع نا ابن ادريس عن ابن جريج عن الزهري عن ابي سلمة او عن سعيد بن المسيب او عنهما جميعا عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا قسمت الارض وحدت فلا شفعة فيها۔

محمد بن یحییٰ بن فارس، حسن بن ربیع، ابن ادریس، ابن جریج، زہری، ابو سلمہ یا سعید بن مسیب یا دونوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب زمین تقسیم کر لی جائے اور اس کی حد بندی ہو گئی تو اس میں شفعہ نہیں ہے۔

۱۲۱- حدثنا عبد الله بن محمد النفيلي نا سفيان عن ابراهيم بن ميسرة سمع عمرو بن الشريد سمع ابا رافع سمع النبي صلى الله عليه وسلم يقول الجار احق بسقبه۔

عبداللہ بن محمد نفیلی، سفیان، ابراہیم بن میسرہ، عمرو بن شرید حضرت ابو رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ اپنی نزدیکی کے باعث ہمسایہ زیادہ حقدار ہے۔

ف۔ امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے نزدیک مکان کے شفعہ کا ہمسائے کو بھی حق حاصل ہے اور اس حدیث کے مطابق دوسروں سے زیادہ حقدار ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۲۲- حدثنا ابو الوليد الطيالسي نا شعبة عن قتادة عن الحسن عن سمرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال جار الدار احق بدار الجار والارض۔

حسن نے حضرت سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ گھر کا ہمسایہ دوسرے ہمسائے کے گھر کا زیادہ حقدار ہے اور زمین کا۔

۱۲۳- حدثنا احمد بن حنبل نا هشيم انا عبد الملك عن عطاء عن جابر بن عبد الله قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الجار احق بشفعة جاره ينتظر بها وان كان غائبا اذا كان طريقهما واحدا۔

عطاء نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ہمسایہ اپنے ہمسائے کے شفعہ کا زیادہ حقدار ہے۔ وہ اس کا انتظار کرے جب کہ وہ غائب ہو جب کہ دونوں کا راستہ ایک ہو۔

باب ۴۴ في الرجل يفلس فيجد الرجل متاعه بعينه۔

مفلس ہو جانے کی صورت میں مال والا اپنے مال کا زیادہ مستحق ہے

۱۲۴- حدثنا عبد الله بن مسلمة عن مالك ح ونا النفيلي نا زهير المعنى عن يحيى ابن سعيد عن ابي بكر بن محمد بن عمرو

عبداللہ بن مسلمہ، مالک۔ نفیلی، زہیر، یحییٰ بن سعید، ابو بکر بن محمد بن عمرو بن حزم، عمر بن عبدالعزیز، ابو بکر بن عبدالرحمان نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت

ابن حزم عن عمر بن عبد العزيز عن ابي بكر بن عبد الرحمن عن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ايما رجل افلس فادرك الرجل متاعه بعينه فهو احق به من غيره۔

کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جو شخص مفلس ہو جائے پھر کوئی اس کے پاس اپنا ہو بہو مال پائے تو دوسرے (قرض خواہ) کی نسبت اپنے مال کا وہی زیادہ حقدار ہے۔

۱۲۵۔ حدثنا عبد الله بن مسلمة عن مالك عن ابن شهاب عن ابي بكر بن عبد الرحمن بن الحارث بن هشام ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ايما رجل باع متاعا فافلس الذي ابتاعه ولم يقبض الذي باعه من ثمنه شيئا فوجد متاعه بعينه فهو احق به وان مات المشتري فصاحب المتاع اسوة الغرماء۔

ابن شہاب نے ابوبکر بن عبد الرحمان بن حارث بن ہشام سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جس نے اپنا مال فروخت کیا۔ پھر خریدار مفلس ہو گیا اور بیچنے والے نے اس کی قیمت میں سے کچھ بھی وصول نہ کیا ہو پھر وہ اپنا مال ہو بہو دیکھے تو وہی اس کا زیادہ حقدار ہے۔ اگر مشتری مر گیا ہو تو مال والا بھی دوسرے قرض خواہوں کی طرح ہے۔

۱۲۶۔ حدثنا محمد بن عوف نا عبد الله بن عبد الجبار يعني الخبائري نا اسمعيل يعني ابن عياش عن الزبيدي عن الزهري عن ابي بكر بن عبد الرحمن عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه قال فان كان قضاه من ثمنها شيئا فما بقي فهو اسوة الغرماء وايما امرئ هلك وعنده متاع امرئ بعينه اقتضى منه شيئا او لم يقتض فهو اسوة الغرماء۔

ابوبکر بن عبد الرحمان نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسی کے مانند فرمایا کہ اگر وہ اس کی قیمت سے کچھ ادا کر چکا ہو تو حق باقی نہ رہا اور وہ دوسرے قرض خواہوں کی طرح ہے اور جو مشتری فوت ہو جائے اور اس کے پاس کسی بائع کی چیز اسی طرح موجود ہو، جس کی قیمت سے کچھ ادا کیا یا نہ کیا ہو، وہ دوسرے قرض خواہوں کی طرح ہے۔

۱۲۷۔ حدثنا سليمان بن داود نا عبد الله يعني ابن وهب اخبرني يونس عن ابن شهاب قال اخبرني ابوبكر بن عبد الرحمن بن الحارث بن هشام ان رسول الله صلى الله عليه وسلم فذكر معنى حديث مالك زاد وان كان قد قضى من ثمنها شيئا فهو اسوة الغرماء فيها قال ابوداود

سلیمان بن داؤد، عبد اللہ بن وہب، یونس، ابن شہاب کو ابوبکر بن عبد الرحمان بن حارث بن ہشام نے بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ آگے حدیث، مالک کی طرح معنًا بیان کرتے ہوئے یہ بھی کہا:۔ اگر اس کی قیمت سے کچھ ادا کر دیا تو وہ بھی دوسرے قرض خواہوں کی طرح ہے.....
امام ابوداؤد نے فرمایا کہ امام مالک کی حدیث زیادہ صحیح ہے۔

حَدِيثُ مَالِكٍ أَصَحُّ۔

۱۲۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا أَبُو دَاوُدَ نَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ عَنْ أَبِي الْمُعْتَمِرِ عَنْ عُمَرَ بْنِ خَلْدَةَ قَالَ أَتَيْنَا أَبَا هُرَيْرَةَ فِي صَاحِبٍ لَنَا أَفْلَسَ فَقَالَ لَأَقْضِيَنَّ فِيكُمْ بِقَضَاءِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَفْلَسَ أَوْ مَاتَ فَوَجَدَ رَجُلٌ مَتَاعَهُ بِعَيْنِهِ فَهُوَ أَحَقُّ بِهِ۔

عمر بن خلدہ کا بیان ہے کہ ہم حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ کی خدمت میں اپنے ایک ساتھی کے متعلق حاضر ہوئے جو مفلس ہوگیا تھا۔ اُنہوں نے فرمایا کہ میں تمہارا فیصلہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے فیصلے کے مطابق کرتا ہوں کہ جو مفلس ہوگیا یا مر گیا، پھر کوئی شخص اپنی ہو بہو چیز پائے تو وہی اس کا زیادہ حقدار ہے۔

باب ۷۵ فِي مَنْ أَحْيَى حَسِيرًا۔

مجبور ہو جانے والے جانور کو زندگی بخشنا

۱۲۹۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ نَا حَمَّادٌ ح وَحَدَّثَنَا مُوسَى نَا أَبَانُ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ ابْنِ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحِمْيَرِيِّ عَنِ الشَّعْبِيِّ وَقَالَ عَنْ أَبَانَ أَنَّ عَامِرًا الشَّعْبِيَّ حَدَّثَهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ وَجَدَ دَابَّةً قَدْ عَجَزَ عَنْهَا أَهْلُهَا أَنْ يَعْلِفُوهَا فَسَيَّبُوهَا فَأَخَذَهَا فَأَحْيَاهَا فَهِيَ لَهُ وَقَالَ فِي حَدِيثِ أَبَانَ قَالَ عُبَيْدُ اللَّهِ فَقُلْتُ عَمَّنْ قَالَ عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ هَذَا حَدِيثُ حَمَّادٍ وَهُوَ أَبْيَنُ وَأَتَمُّ۔

موسیٰ بن اسماعیل، حماد، موسیٰ، ابان، عبید اللہ بن حمید بن عبدالرحمٰن حمیری، شعبی، ابان نے کہا کہ عامر شعبی نے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: جو ایسا جانور پائے جس کو عاجز کر کے اس کے مالکوں نے منہ موڑ لیا ہو۔ پس یہ اُسے لے کر دوبارہ زندہ کرے تو وہ اسی کا ہوگا۔ ابان کی حدیث میں ہے کہ عبید اللہ عرض گزار ہوئے: آپ نے یہ کس سے روایت کی ہے؟ فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے کتنے ہی اصحاب سے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یہ حماد کی حدیث ہے اور یہی سب سے واضح اور مکمل ہے۔

۱۳۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ عَنْ حَمَّادٍ يَعْنِي ابْنَ زَيْدٍ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنِ الشَّعْبِيِّ يَرْفَعُ الْحَدِيثَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ مَنْ تَرَكَ دَابَّةً بِمَهْلَكٍ فَأَحْيَاهَا رَجُلٌ فَهِيَ لِمَنْ أَحْيَاهَا۔

عبید اللہ بن حمید بن عبدالرحمان نے شعبی سے مرفوعاً روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے جانور کو مرنے کے لیے چھوڑ دیا ہو۔ پھر دوسرا آدمی اُسے نئی زندگی بخش دے تو وہ اسی کا ہوگا جس نے دوبارہ زندہ کیا ہے۔ (یعنی پرورش کر کے اُسے دوبارہ زندوں میں شامل کیا ہے)۔

باب ۷۶ فِي الرَّهْنِ۔

رہن کا بیان

۱۳۱۔ حَدَّثَنَا هَنَّادٌ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ

عَنْ زَكَرِيَّا عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَبَنُ الدَّرِّ يُحْلَبُ بِنَفَقَتِهِ إِذَا كَانَ مَرْهُونًا وَالظَّهْرُ يُرْكَبُ بِنَفَقَتِهِ إِذَا كَانَ مَرْهُونًا وَعَلَى الَّذِي يَحْلِبُ وَيَرْكَبُ النَّفَقَةُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَهُوَ عِنْدَنَا صَحِيحٌ۔

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جانور کا دودھ دوہا جائے گا اس کے خرچ خوراک کے بدلے میں جب کہ وہ رہن رکھا ہوا ہو اور پیٹھ پر سواری کی جائے گی خرچ کے باعث جب کہ رہن رکھا ہوا ہو اور جو دودھ دوہے اور سواری کرے خرچ اسی پر ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یہ حدیث ہمارے نزدیک صحیح ہے۔

بَابٌ فِي الرَّجُلِ يَأْكُلُ مِنْ مَالِ وَلَدِهٖ۔

اپنے بیٹے کی کمائی سے کھانا

۱۳۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَمَّتِهِ أَنَّهَا سَأَلَتْ عَائِشَةَ فِي حِجْرِي يَتِيمٌ أَفَآكُلُ مِنْ مَالِهِ فَقَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنْ أَطْيَبِ مَا أَكَلَ الرَّجُلُ مِنْ كَسْبِهِ وَوَلَدُهُ مِنْ كَسْبِهِ۔

عمارہ بن عمیر نے اپنی پھوپھی جان سے روایت کی کہ انہوں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا کہ یتیم میرے زیر پرورش ہے، کیا میں اس کے مال سے کھا سکتی ہوں؟ ارشاد ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: آدمی کے لیے سب سے پاک اپنی کمائی کھانا ہے اور بیٹا بھی اس کی کمائی ہے۔

۱۳۳۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَيْسَرَةَ وَعُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ الْمَعْنَى قَالَا نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ أُمِّهِ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ وَلَدُ الرَّجُلِ مِنْ كَسْبِهِ مِنْ أَطْيَبِ كَسْبِهِ فَكُلُوا مِنْ أَمْوَالِهِمْ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَحَمَّادُ بْنُ أَبِي سُلَيْمَانَ زَادَ فِيهِ إِذَا احْتَجْتُمْ وَهُوَ مُنْكَرٌ۔

عبیداللہ بن عمر بن میسرہ اور عثمان بن ابوشیبہ، محمد بن جعفر، شعبہ، حکم، عمارہ بن عمیر، ان کی والدۂ ماجدہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی کا بیٹا اس کی کمائی سے ہے بلکہ اس کی بہترین کمائی ہے۔ پس ان کے مالوں سے کھا سکتے ہو۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ حماد بن ابوسلیمان راوی نے اس میں اذا احتجتم بھی کہا ہے جو منکر ہے۔

۱۳۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ نَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا حَبِيبٌ الْمُعَلِّمُ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهٖ أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ لِي مَالًا وَوَلَدًا وَإِنَّ وَالِدِي يَحْتَاجُ مَالِي قَالَ أَنْتَ وَمَالُكَ لِوَالِدِكَ إِنَّ أَوْلَادَكُمْ مِنْ أَطْيَبِ كَسْبِكُمْ فَكُلُوا مِنْ

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اپنے والد محترم سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! میرے پاس مال ہے اور اولاد بھی ہے اور میرے والد محترم میرے مال کے محتاج ہیں۔ فرمایا کہ تم اور تمہارا مال سب تمہارے والد کا ہے۔ تمہاری اولاد تمہاری بہترین کمائی سے ہے۔ پس تم اپنی اولاد کی کمائی سے کھا سکتے ہو۔

كَسْبِ أَوْلَادِكُمْ.

بَابٌ ۴۸ فِي الرَّجُلِ يَجِدُ عَيْنَ مَالِهِ عِنْدَ رَجُلٍ.

۱۳۵ - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ أَنَا هُشَيْمٌ عَنْ مُوسَى بْنِ السَّائِبِ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ وَجَدَ عَيْنَ مَالِهِ عِنْدَ رَجُلٍ فَهُوَ أَحَقُّ بِهِ وَيَتْبَعُ الْبَيِّعُ مَنْ بَاعَهُ.

بَابٌ ۴۹ فِي الرَّجُلِ يَأْخُذُ حَقَّهُ مِنْ تَحْتِ يَدِهِ.

۱۳۶ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا زُهَيْرٌ نَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ هِنْدًا أُمَّ مُعَاوِيَةَ جَاءَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ شَحِيحٌ وَأَنَّهُ لَا يُعْطِينِي مَا يَكْفِينِي وَبَنِيَّ فَهَلْ عَلَيَّ مِنْ جُنَاحٍ أَنْ آخُذَ مِنْ مَالِهِ شَيْئًا قَالَ خُذِي مَا يَكْفِيكِ وَبَنِيكِ بِالْمَعْرُوفِ.

۱۳۷ - حَدَّثَنَا خُشَيْشُ بْنُ أَصْرَمَ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَاءَتْ هِنْدٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ مُمْسِكٌ فَهَلْ عَلَيَّ مِنْ حَرَجٍ أَنْ أُنْفِقَ عَلَى عِيَالِهِ مِنْ مَالِهِ بِغَيْرِ إِذْنِهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا حَرَجَ عَلَيْكِ أَنْ تُنْفِقِي عَلَيْهِمْ بِالْمَعْرُوفِ.

جو اپنے مال کو اسی طرح دوسرے کے پاس پائے

حسن نے حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالے علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو اپنے مال کو بجنسہٖ دوسرے آدمی کے پاس پائے تو وہی اس کا زیادہ حقدار ہے اور خریدنے والا اس کا پیچھا کرے جس نے اُسے فروخت کیا۔

اس مال میں سے اپنا حق لینا جو اپنی ہی تحویل میں ہو

عروہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ حضرت ہندہ اُمّ معاویہ بارگاہِ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئیں کہ حضرت ابوسفیان بخیل آدمی ہیں۔ اور وہ مجھے اتنا خرچ نہیں دیتے جو میرے لیے اور میری اولاد کے لیے کافی ہو جائے تو کیا میرے لیے کوئی مضائقہ ہے کہ میں اُن کے مال میں سے کچھ لے لیا کروں؟ فرمایا کہ دستور کے مطابق اتنا لے لیا کرو جو تمہارے لیے۔

عروہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ حضرت ہندہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئیں کہ یا رسول اللہ! بیشک حضرت ابوسفیان کم خرچ آدمی ہیں تو کیا میرے لیے اس میں کچھ حرج ہے کہ ان کے مال میں سے اُن کی اجازت کے بغیر بچوں پر کچھ خرچ کر دیا کروں؟ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر تم ان پر دستور کے موافق خرچ کرو تو کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

ف۔ اگر خاوند بساط سے کم خرچ دے تو بیوی اتنا خرچ لے سکتی ہے جو بساط کے اندر ہو اور گھر میں جھگڑا فساد نہ ہو ورنہ خاوند کی مرضی کو فوقیت دے کر راضی برضا رہنا چاہیئے۔ اس کے برعکس چادر سے باہر پَیر پھیلانا اور بیوی بچوں کا فرمائشوں کی ایسی قطار لگائے رکھنا کہ گھر کے آمد و خرچ کے انجارج کو قرض کے ختم نہ ہونے والے چکّر میں پھنسنا

پڑے تو یہ بھی ظلم اور احسان فراموشی ہے، بہر حال گھر کی خوشحالی کا دارومدار اسی بات پر ہے کہ تمام افرادِ خانہ خرچ کے معاملے میں اپنی چادر کو دیکھ لیا کریں اور پیر اس سے باہر نکالنے کی بساط بھر کوشش نہ کریں ورنہ سب کو تنگ ہونا پڑے گا اور صاحبِ خانہ کو سب سے زیادہ ۔

زندگانی آدمی کی اس سے ہوتی ہے تلخ
جو زمانے قرض کے پھندے میں پھنس کر دیکھ لے

۱۳۸- حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ أَنَّ يَزِيدَ بْنَ زُرَيْعٍ حَدَّثَهُمْ نَا حُمَيْدٌ يَعْنِي الطَّوِيلَ عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهِكٍ الْمَكِّيِّ قَالَ كُنْتُ أَكْتُبُ لِفُلَانٍ نَفَقَةَ أَيْتَامٍ كَانَ وَلِيَّهُمْ فَغَالَطُوهُ بِأَلْفِ دِرْهَمٍ فَأَدَّاهَا إِلَيْهِمْ فَأَدْرَكْتُ لَهُمْ مِنْ مَالِهِمْ مِثْلَيْهَا قَالَ قُلْتُ أَقْبِضِ الْأَلْفَ الَّذِي ذَهَبُوا بِهِ مِنْكَ قَالَ لَا حَدَّثَنِي أَبِي أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ أَدِّ الْأَمَانَةَ إِلَى مَنِ ائْتَمَنَكَ وَلَا تَخُنْ مَنْ خَانَكَ ۔

یوسف بن ماہک مکی کا بیان ہے کہ میں فلاں شخص کے زیر پرورش یتیموں کا خرچ لکھا کرتا تھا، انہوں نے اس شخص کو (بڑے ہو کر) ایک ہزار درہم کا مغالطہ دیا، جو اس نے انہیں ادا کر دیئے۔ پس میرے ہاتھ ان یتیموں کے مال سے دوگنا آ گیا، میں نے اس شخص سے کہا تم اپنے ایک ہزار لے لو جو وہ تم سے لے گئے تھے۔ اس نے کہا نہیں، مجھ سے میرے والد محترم نے حدیث بیان کی کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے تمہارے پاس امانت رکھی ہو اُسے امانت ادا کر دو اور اس کے ساتھ بھی خیانت نہ کرو جس جس نے تمہارے ساتھ خیانت کی ہو۔

۱۳۹- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ وَأَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَا نَا طَلْقُ بْنُ غَنَّامٍ عَنْ شَرِيكٍ قَالَ ابْنُ الْعَلَاءِ وَقَيْسٍ عَنْ أَبِي حَصِينٍ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَدِّ الْأَمَانَةَ إِلَى مَنِ ائْتَمَنَكَ وَلَا تَخُنْ مَنْ خَانَكَ ۔

محمد بن علاء اور احمد بن ابراہیم، طلق بن غنام، شریک، ابن العلاء اور قیس، ابو حصین، ابو صالح نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے تمہارے پاس امانت رکھی اُسے امانت ادا کر دو اور جس نے تمہارے ساتھ خیانت کی تم اس کے ساتھ بھی خیانت نہ کرو۔

بَابٌ فِي قَبُولِ الْهَدَايَا ۔

تحفے قبول کرنا

۱۴۰- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ وَعَبْدُ الرَّحِيمِ ابْنُ مُطَرِّفٍ الرُّوَاسِيُّ قَالَا نَا عِيسَى هُوَ ابْنُ يُونُسَ بْنِ أَبِي إِسْحٰقَ السَّبِيعِيِّ عَنْ هِشَامِ ابْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْبَلُ الْهَدِيَّةَ وَيُثِيبُ عَلَيْهَا ۔

علی بن بحر اور عبد الرحیم بن مطرّف رواسی، عیسٰی ابن یونس بن ابو اسحاق سبیعی، ہشام بن عروہ کے والد ماجد نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہدیہ قبول فرما لیتے اور اس پر بدلہ دیا کرتے تھے۔

۱۴۱- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الرَّازِيُّ نَا سَلَمَةُ يَعْنِي ابْنَ الْفَضْلِ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ ابْنُ إِسْحٰقَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَايْمُ اللّٰهِ لَا أَقْبَلُ بَعْدَ يَوْمِي هٰذَا مِنْ أَحَدٍ هَدِيَّةً إِلَّا أَنْ يَكُونَ مُهَاجِرًا قُرَشِيًّا أَوْ أَنْصَارِيًّا أَوْ دَوْسِيًّا أَوْ ثَقَفِيًّا۔

سعید بن ابو سعید مقبری کے والد ماجد نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: خدا کی قسم، آج کے بعد میں کسی کا بھی ہدیہ (تحفہ) قبول نہیں کروں گا، ماسوائے اس کے کہ وہ مہاجر قرشی ہو یا انصاری ہو یا دوسی ہو یا ثقفی ہو۔

بَابٌ الرُّجُوعِ فِي الْهِبَةِ۔

ہبہ کی ہوئی چیز کو لوٹانا

۱۴۲- حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا أَبَانُ وَهَمَّامٌ وَشُعْبَةُ قَالُوا نَا قَتَادَةُ عَنْ سَعِيدِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْعَائِدُ فِي هِبَتِهِ كَالْعَائِدِ فِي قَيْئِهِ قَالَ هَمَّامٌ وَقَالَ قَتَادَةُ لَا نَعْلَمُ الْقَيْءَ إِلَّا حَرَامًا۔

مسلم بن ابراہیم، ابان اور ہمام اور شعبہ، قتادہ، سعید بن مسیّب نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہبہ کی ہوئی چیز کو واپس لینے والا قے کر کے کھانے والے کی طرح ہے۔ ہمام کا بیان ہے کہ قتادہ نے فرمایا: نہیں جانتے ہم قے کو مگر حرام۔

۱۴۳- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَزِيدُ يَعْنِي ابْنَ زُرَيْعٍ نَا حُسَيْنٌ الْمُعَلِّمُ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ لِرَجُلٍ أَنْ يُعْطِيَ عَطِيَّةً أَوْ يَهَبَ هِبَةً فَيَرْجِعَ فِيهَا إِلَّا الْوَالِدَ فِيمَا يُعْطِي وَلَدَهُ وَمَثَلُ الَّذِي يُعْطِي الْعَطِيَّةَ ثُمَّ يَرْجِعُ فِيهَا كَمَثَلِ الْكَلْبِ يَأْكُلُ فَإِذَا شَبِعَ قَاءَ ثُمَّ عَادَ فِي قَيْئِهِ۔

طاؤس نے حضرت ابن عمر اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: حلال نہیں ہے کسی شخص کے لیے کہ وہ دوسرے کو عطیہ دے یا کوئی چیز ہبہ کرے پھر اُسے واپس لوٹائے ماسوائے باپ کے جو اپنے بیٹے کو دے اور مثال اس شخص کی جو عطیہ دے کر واپس لے کتے جیسی ہے جو کھاتا رہتا ہے۔ جب شکم سیر ہو جائے تو قے کر دیتا ہے، پھر اپنی قے کو کھا لیتا ہے۔

۱۴۴- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ أَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَنَا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ أَنَّ عَمْرَو ابْنَ شُعَيْبٍ حَدَّثَهُ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے، کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مثال اس شخص کی جو اپنی ہبہ کی ہوئی چیز کو واپس لوٹائے کتے جیسی ہے

سَلَّمَ قَالَ مَثَلُ الَّذِي يَسْتَرِدُّ مَا وَهَبَ كَمَثَلِ الْكَلْبِ يَقِيئُ فَيَأْكُلُ قَيْئَهُ فَإِذَا اسْتَرَدَّ الْوَاهِبُ فَلْيُوَقِّفْ فَلْيُعَرِّفْ بِمَا اسْتَرَدَّ ثُمَّ لِيَدْفَعْ إِلَيْهِ مَا وَهَبَ۔

جو قے کرتا ہے اور اپنی قے کو کھالیتا ہے۔ جب ہبہ کرنے والا چیز کو واپس لینا چاہے تو موہوب لہٗ توقف کرے اور واپس لینے کی وجہ معلوم ہونے پر جو چیز دی تھی وہ اُسے واپس کر دے۔

بَاب ۵۲ فِي الْهَدِيَّةِ لِقَضَاءِ الْحَاجَةِ۔

کام کرنے کا ہدیہ لینا

۱۴۵ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ نَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ ابْنِ أَبِي جَعْفَرٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ أَبِي عِمْرَانَ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ شَفَعَ لِأَخِيهِ شَفَاعَةً فَأَهْدَى لَهُ هَدِيَّةً عَلَيْهَا فَقَبِلَهَا فَقَدْ أَتَى بَابًا عَظِيمًا مِنْ أَبْوَابِ الرِّبَا۔

احمد بن عمرو بن سرح، ابن وہب، عمرو بن مالک، عبید اللہ بن ابو جعفر، خالد بن ابو عمران، قاسم نے حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :۔ جو اپنے مسلمان بھائی کی سفارش کرے اور وہ اس احسان کے باعث اس کے لیے تحفہ بھیجے اور یہ اُسے قبول کرے تو سُود کے دروازوں میں سے ایک بہت بڑے دروازے کے اندر داخل ہو گیا۔

بَاب ۵۳ فِي الرَّجُلِ يُفَضِّلُ بَعْضَ وَلَدِهِ فِي النَّحْلِ۔

اولاد میں سے کسی بیٹے کو دوسروں سے زائد دینا

۱۴۶ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا هُشَيْمٌ نَا سَيَّارٌ وَأَنَا مُغِيرَةُ وَنَا دَاوُدُ عَنِ الشَّعْبِيِّ وَأَنَا مُجَالِدٌ وَإِسْمَاعِيلُ بْنُ سَالِمٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ أَنْحَلَنِي أَبِي نُحْلًا قَالَ إِسْمَاعِيلُ بْنُ سَالِمٍ مِنْ بَيْنِ الْقَوْمِ نَحَلَهُ غُلَامًا لَهُ قَالَ فَقَالَتْ لَهُ أُمِّي عَمْرَةُ بِنْتُ رَوَاحَةَ ائْتِ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَشْهِدْهُ فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذَلِكَ لَهُ قَالَ فَقَالَ لَهُ إِنِّي نَحَلْتُ ابْنِي النُّعْمَانَ نُحْلًا وَإِنَّ عَمْرَةَ سَأَلَتْنِي أَنْ أُشْهِدَكَ عَلَى ذَلِكَ قَالَ فَقَالَ أَلَكَ وَلَدٌ سِوَاهُ قَالَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَكُلَّهُمْ أَعْطَيْتَ مِثْلَ مَا أَعْطَيْتَ النُّعْمَانَ قَالَ لَا قَالَ فَقَالَ بَعْضُ هَؤُلَاءِ الْمُحَدِّثِينَ هَذَا جَوْرٌ وَقَالَ بَعْضُهُمْ

شعبی سے روایت ہے کہ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ میرے والد ماجد نے مجھے کچھ دیا۔ راویوں میں سے اسمٰعیل بن سالم نے کہا کہ اپنا ایک غلام دیا۔ چنانچہ ان سے میری والدہ ماجدہ حضرت عمرہ بنت رواحہ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر آپ کو گواہ بنا لیجئے۔ پس وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ سے اس بات کا ذکر کیا کہ میں نے اپنے بیٹے نعمان کو کچھ دیا ہے اور عمرہ کہتی ہیں کہ میں اس بات پر آپ کو گواہ بنا لوں۔ فرمایا کیا تمہارے اس کے سوا بھی بیٹے ہیں؟ عرض گزار ہوئے کہ ہاں۔ فرمایا کہ کیا تم نے ہر ایک کو اتنی ہی چیز دی جتنی نعمان کو دی ہے؟ عرض کی، نہیں۔ بعض محدثین نے کہا کہ یہ ظلم ہے۔ بعض نے کہا کہ مجبوری کا فیصلہ ہے لہٰذا اس پر میرے سوا کسی اور کو گواہ بناؤ۔ مغیرہ بن شعبہ نے اپنی حدیث میں کہا کہ کیا

هٰذَا تَلْجِئَةٌ فَأَشْهِدْ عَلَى هٰذَا غَيْرِي قَالَ مُغِيرَةُ فِي حَدِيثِهِ أَلَيْسَ يَسُرُّكَ أَنْ يَكُونُوا لَكَ فِي الْبِرِّ وَاللُّطْفِ سَوَاءً قَالَ نَعَمْ قَالَ فَأَشْهِدْ عَلَى هٰذَا غَيْرِي وَذَكَرَ مُجَالِدٌ فِي حَدِيثِهِ أَنَّ لَهُمْ عَلَيْكَ مِنَ الْحَقِّ أَنْ تَعْدِلَ بَيْنَهُمْ كَمَا أَنَّ لَكَ عَلَيْهِمْ مِنَ الْحَقِّ أَنْ يَبَرُّوكَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ فِي حَدِيثِ الزُّهْرِيِّ قَالَ بَعْضُهُمْ أَكُلَّ بَنِيكَ وَقَالَ بَعْضُهُمْ وَلَدِكَ وَقَالَ ابْنُ أَبِي خَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ فِيهِ أَلَكَ بَنُونَ سِوَاهُ وَقَالَ أَبُو الضُّحَى عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ أَلَكَ وَلَدٌ غَيْرُهُ۔

تمہیں یہ بات اچھی نہیں لگتی کہ تمہارے ساتھ نیکی اور مہربانی کرنے میں سب برابر ہوں؟ عرض کی ہاں۔ فرمایا تو اس پر میرے سوا اور کو گواہ بنا لو۔ مجاہد نے اپنی حدیث میں ذکر کیا کہ ان کا تمہارے اُوپر حق ہے کہ ان کے درمیان انصاف کرو جیسے تمہارا ان پر حق ہے کہ وہ تمہارے ساتھ نیکی کا سلوک کریں..... امام ابوداؤد نے فرمایا حدیث زہری میں کہا ہے کہ بعض راویوں نے اکل بنیک اور بعض نے ولدک کہا ہے۔ ابن ابی خالد نے شعبی سے روایت کرتے ہوئے اس میں الک بنون سواہ کہا ہے اور ابوالضحی نے حضرت نعمان بن بشیر سے روایت کرتے ہوئے الک ولد غیرہ کہا ہے۔

۱۴۷۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا جَرِيرٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ حَدَّثَنِي النُّعْمَانُ بْنُ بَشِيرٍ قَالَ أَعْطَاهُ أَبُوهُ غُلَامًا فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا هٰذَا الْغُلَامُ قَالَ غُلَامِي أَعْطَانِيهِ أَبِي قَالَ أَفَكُلُّ إِخْوَتِكَ أَعْطَى كَمَا أَعْطَاكَ قُلْتُ لَا قَالَ فَارْدُدْهُ۔

ہشام بن عروہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ اُن کے والد ماجد نے انہیں ایک غلام دیا۔ تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا۔ یہ غلام کس کا ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ میرا غلام ہے، مجھے میرے والد محترم نے عطا فرمایا ہے فرمایا کہ کیا تمہارے سب بھائیوں کو دیئے جیسے تمہیں دیا ہے؟ میں نے عرض کی نہیں۔ فرمایا تو اسے واپس کر دو۔

۱۴۸۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ نَا حَمَّادٌ عَنْ حَاجِبِ بْنِ الْمُفَضَّلِ بْنِ الْمُهَلَّبِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيرٍ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اعْدِلُوا بَيْنَ أَبْنَائِكُمْ اعْدِلُوا بَيْنَ أَبْنَائِكُمْ۔

حاجب بن مفضل بن مہلب کے والد ماجد نے حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اپنے بیٹوں میں انصاف کرو اپنے بیٹوں میں انصاف کرو۔

۱۴۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ نَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ نَا زُهَيْرٌ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَتِ امْرَأَةُ بَشِيرٍ انْحَلِ ابْنِي غُلَامَكَ وَأَشْهِدْ لِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ ابْنَةَ فُلَانٍ سَأَلَتْنِي أَنْ أَنْحَلَ ابْنَهَا

ابوالزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ حضرت بشیر کی بیوی نے کہا کہ میرے بیٹے کو اپنا غلام دے دیجئے اور میری خاطر اس پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو گواہ بنا لیجئے۔ پس وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے کہ فلاں کی بیٹی مجھ سے سوال کرتی ہے کہ میں اس کے بیٹے کو ایک غلام دے دوں

غُلَامًا فَقَالَتْ لِي اَشْهِدْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ اِخْوَةٌ فَقَالَ نَعَمْ قَالَ فَكُلَّهُمْ اَعْطَيْتَ مَا اَعْطَيْتَهُ قَالَ لَا قَالَ فَلَيْسَ يَصْلُحُ هٰذَا وَاِنِّيْ لَا اَشْهَدُ اِلَّا عَلَى الْحَقِّ۔

اور کہتی ہے کہ میری خاطر اس پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو گواہ بنا لیجئے۔ فرمایا کہ اس کے بھائی ہیں؟ عرض کی ہاں۔ فرمایا کہ کیا سب کو وہی دیا جو اُسے دیا ہے؟ عرض کی نہیں۔ فرمایا کہ یہ تو درست نہیں ہے اور میں گواہ نہیں بنتا مگر انصاف کی بات پر۔

ف۔ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ان کے والد محترم نے دوسرے بیٹوں کو چھوڑ کر ایک غلام دیا اور اپنی اہلیہ محترمہ کی خواہش پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس پر گواہ بنانا چاہا تو آپ نے ان کے اس اقدام کو ناانصافی قرار دیا اور اس پر گواہ بننا منظور نہ فرمایا۔ معلوم ہوا کہ والدین کو بھی اولاد کے درمیان انصاف ملحوظ رکھنا ضروری ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

بَابٌ ۵۴ فِي عَطِيَّةِ الْمَرْأَةِ بِغَيْرِ اِذْنِ زَوْجِهَا۔

خاوند کی اجازت کے بغیر بیوی کا کسی کو مال دینا

۱۵۰۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ وَحَبِيْبٍ الْمُعَلِّمِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَجُوْزُ لِامْرَاَةٍ اَمْرٌ فِيْ مَالِهَا اِذَا مَلَكَ زَوْجُهَا عِصْمَتَهَا۔

موسیٰ بن اسمٰعیل، حماد، داؤد بن ابو ہند اور حبیب معلم، عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اپنے والد محترم سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ عورت کو اپنے خاوند کے مال میں تصرف جائز نہیں ہے جب کہ وہ اس کی عصمت کا مالک ہے۔

۱۵۱۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ كَامِلٍ نَا خَالِدٌ يَعْنِي ابْنَ الْحَارِثِ نَا حُسَيْنٌ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ اَنَّ اَبَاهُ اَخْبَرَهٗ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَجُوْزُ لِامْرَاَةٍ عَطِيَّةٌ اِلَّا بِاِذْنِ زَوْجِهَا۔

ابو کامل، خالد ابن حارث، حسین، عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ عورت کا کسی کو عطیہ دینا جائز نہیں ہے مگر اپنے خاوند کی اجازت سے۔

بَابٌ ۵۵ فِي الْعُمْرٰى۔

عمریٰ کا بیان

۱۵۲۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ نَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ بَشِيْرِ بْنِ نَهِيْكٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْعُمْرٰى جَائِزَةٌ۔

ابوالولید طیالسی، ہمام، قتادہ، نضر بن انس، بشیر بن نہیک نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ کسی کو عمر بھر کے لیے چیز دینا جائز ہے۔

۱۵۳۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ نَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِيِّ

حسن نے حضرت سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حدیث مذکورہ

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ۔

کے مطابق فرمایا۔

۱۵۴۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ نَا أَبَانُ عَنْ يَحْيَى عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ الْعُمْرَى لِمَنْ وُهِبَتْ لَهُ۔

ابو سلمہ نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: عمر بھر وہی اس چیز کا مالک ہے جس کو دی گئی ہو۔

۱۵۵۔ حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ الْفَضْلِ الْحَرَّانِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ أَخْبَرَنِي الْأَوْزَاعِيُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أُعْمِرَ عُمْرَى فَهِيَ لَهُ وَلِعَقِبِهِ يَرِثُهَا مَنْ يَرِثُهُ مِنْ عَقِبِهِ۔

مومل بن فضل حرانی، محمد بن شعیب، اوزاعی، زہری، عروہ نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کسی کو عمر کے لیے کوئی چیز دے دی تو وہ اس کے پاس رہے گی لیکن اس کے بعد اُنہیں ملے گی جو اس کی میراث پائیں گے۔

۱۵۶۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي الْحَوَارِيِّ نَا الْوَلِيدُ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ وَعُرْوَةَ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَاهُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَهَكَذَا رَوَاهُ اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ جَابِرٍ۔

احمد بن ابوحواری، ولید، اوزاعی، زہری، ابوسلمہ اور عروہ نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے معناً وہی فرمایا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اسی طرح اسے روایت کیا ہے لیث بن سعد، زہری، ابوسلمہ نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے۔

باب ۵۶۔ مَنْ قَالَ فِيهِ وَلِعَقِبِهِ۔

جس نے عمریٰ میں وارثوں کا ذکر بھی کر دیا۔

۱۵۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ نَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ نَا مَالِكٌ يَعْنِي ابْنَ أَنَسٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَيُّمَا رَجُلٍ أُعْمِرَ عُمْرَى لَهُ وَلِعَقِبِهِ فَإِنَّهَا لِلَّذِي يُعْطَاهَا لَا تَرْجِعُ إِلَى الَّذِي أَعْطَاهَا لِأَنَّهُ أَعْطَى عَطَاءً وَقَعَتْ فِيهِ الْمَوَارِيثُ۔

محمد بن یحییٰ بن فارس اور محمد بن مثنیٰ، بشر بن عمر، مالک بن انس ابن شہاب، ابوسلمہ نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ایسا عمریٰ دیا جو اس کو اور اس کے وارثوں کو دیا ہو، تو وہ اسی کا ہوگا جس کو دے دیا اور دینے والے کی طرف واپس نہیں لوٹے گا کیونکہ اُس نے ایسا عطیہ دیا ہے جس میں میراث واقع ہوگی۔

۱۵۸۔ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ أَبِي يَعْقُوبَ نَا يَعْقُوبُ نَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ بِإِسْنَادِهِ وَمَعْنَاهُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَكَذَلِكَ رَوَاهُ

حجاج بن ابو یعقوب، یعقوب، ان کے والد ماجد، صالح نے ابن شہاب سے اپنی اسناد کے ساتھ معناً اسے روایت کیا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اسی طرح روایت کیا ہے اسے

عُقَيْلٌ وَيَزِيدُ بْنُ حَبِيبٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ وَاخْتُلِفَ عَلَى الْأَوْزَاعِيِّ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي لَفْظِهِ وَرَوَاهُ فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ مِثْلَ ذَلِكَ۔

عقیل اور یزید بن حبیب نے ابن شہاب سے اور امام اوزاعی نے ابن شہاب سے جو روایت کی ہے اس کے لفظوں میں اختلاف کیا گیا ہے اور اسے روایت کیا ہے فلیح بن سلیمان نے اسی کے مانند۔

۱۵۹۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ إِنَّمَا الْعُمْرَى الَّتِي أَجَازَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَقُولَ هِيَ لَكَ وَلِعَقِبِكَ فَأَمَّا إِذَا قَالَ هِيَ لَكَ مَا عِشْتَ فَإِنَّهَا تَرْجِعُ إِلَى صَاحِبِهَا۔

ابو سلمہ سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: جس عمریٰ کی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اجازت مرحمت فرمائی، یہ ہے کہ آدمی کہے کہ یہ چیز تمہارے لیے اور تمہاری اولاد کے لیے ہے۔ جب یہ کہا کہ یہ چیز تمہارے لیے ہے جب تک تم زندہ رہو تو وہ چیز اس کے مالک کی طرف لوٹے گی۔

۱۶۰۔ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُرْقِبُوا وَلَا تُعْمِرُوا فَمَنْ أُرْقِبَ شَيْئًا أَوْ أُعْمِرَهُ فَهُوَ لِوَرَثَتِهِ۔

عطاء نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: رقبیٰ اور عمریٰ نہ کرو۔ جس نے رقبیٰ یا عمریٰ کیا تو وہ اس کے وارثوں کا ہوگا۔

۱۶۱۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ نَا سُفْيَانُ عَنْ حَبِيبٍ يَعْنِي ابْنَ أَبِي ثَابِتٍ عَنْ حُمَيْدٍ الْأَعْرَجِ عَنْ طَارِقٍ الْمَكِّيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَضَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي امْرَأَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ أَعْطَاهَا ابْنُهَا حَدِيقَةً مِنْ نَخْلٍ فَمَاتَتْ فَقَالَ ابْنُهَا إِنَّمَا أَعْطَيْتُهَا إِيَّاهَا حَيَاتَهَا وَلَهُ إِخْوَةٌ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هِيَ لَهَا حَيَاتَهَا وَمَوْتَهَا قَالَ كُنْتُ تَصَدَّقْتُ بِهَا عَلَيْهَا قَالَ ذَلِكَ أَبْعَدُ لَكَ۔

عثمان بن ابو شیبہ، معاویہ بن ہشام، سفیان، حبیب بن ابو ثابت، حمید اعرج، طارق مکی سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک انصاری عورت کا فیصلہ فرمایا جس کو اس کے بیٹے نے کھجوروں کا باغ دیا تھا۔ وہ فوت ہو گئی تو اس کے بیٹے نے کہا کہ میں نے صرف ان کی زندگی کے لیے دیا تھا اور اس لڑکے کے بھائی بھی تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ زندگی اور موت میں اُسی عورت کا ہے۔ بیٹا عرض گزار ہوا کہ میں نے انہیں صدقہ دیا تھا۔ فرمایا کہ اس کا واپس لینا تمہارے لیے اور بھی بعید ہے۔

ف۔ عمریٰ اور رقبیٰ دونوں ہبہ کی قسمیں ہیں، اگر کسی کو کوئی چیز استعمال کرنے کو دی کہ جب تک تم رہو اسے استعمال کرو تو اس کے وارث اُسے لیں گے، اور رقبیٰ اس شرط پر کوئی چیز دینے کو کہتے ہیں کہ اگر تم مر گئے تو وہ چیز ہماری ہوگی اور میں پہلے مر گیا تو وہ تمہاری ہوگی۔ واللہ تعالیٰ اعلم

باب ۵۷ فِي الرُّقْبَى۔

۱۶۲۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا هُشَيْمٌ نَا دَاوُدُ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعُمْرَى جَائِزَةٌ لِأَهْلِهَا وَالرُّقْبَى جَائِزَةٌ لِأَهْلِهَا۔

۱۶۳۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَعْقِلٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنْ حُجْرٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَعْمَرَ شَيْئًا فَهُوَ لِمُعْمَرِهِ مَحْيَاهُ وَمَمَاتَهُ وَلَا تُرْقِبُوا فَمَنْ أَرْقَبَ شَيْئًا فَهُوَ سَبِيلُهُ۔

۱۶۴۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْجَرَّاحِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مُوسَى عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْأَسْوَدِ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ الْعُمْرَى أَنْ يَقُولَ الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ هُوَ لَكَ مَا عِشْتَ فَإِذَا قَالَ ذٰلِكَ فَهُوَ لَهُ وَلِوَرَثَتِهِ وَالرُّقْبَى هُوَ أَنْ يَقُولَ الْإِنْسَانُ هُوَ لِلْآخِرِ مِنِّي وَمِنْكَ۔

رقبیٰ کا بیان

ابوالزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ عمریٰ اس (معمر لہٗ) کے گھر والوں کے لیے جائز ہو جاتا ہے اور رقبیٰ اس (مرقب لہٗ) کے گھر والوں کے لیے جائز ہو جاتا ہے۔

عبداللہ بن محمد نفیلی، معقل، عمرو بن دینار، طاؤس، حجر نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جس نے کوئی چیز عمر بھر کے لیے دی تو وہ زندگی اور موت میں اُسی (معمر لہٗ) کی ہو جائے گی اور رقبیٰ نہ کیا کرو، جس نے کسی چیز کا رقبیٰ کیا تو وہ اسی (مرقب لہٗ) کی ہے۔

اسود سے روایت ہے کہ مجاہد نے فرمایا:۔ عمریٰ یہ ہے کہ ایک آدمی دوسرے سے کہے کہ یہ چیز تمہاری ہے جب تک تم زندہ رہو، جب ایسا کہا تو وہ چیز اس کی اور اس کے وارثوں کی ہو جائے گی۔ رقبیٰ یہ ہے کہ انسان کہے:۔ یہ اس کی ہوگی جو آخر میں رہے یعنی میں تمہارے بعد زندہ رہا تو میری اور تم میرے بعد زندہ رہے تو تمہاری۔

باب ۵۸ فِي تَضْمِينِ الْعَارِيَةِ۔

۱۶۵۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ نَا يَحْيَى عَنِ ابْنِ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَلَى الْيَدِ مَا أَخَذَتْ حَتَّى تُؤَدِّيَ ثُمَّ إِنَّ الْحَسَنَ نَسِيَ فَقَالَ هُوَ أَمِينُكَ لَا ضَمَانَ عَلَيْهِ۔

۱۶۶۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَسَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ قَالَا نَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ نَا شَرِيكٌ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ عَنْ أُمَيَّةَ ابْنِ صَفْوَانَ بْنِ أُمَيَّةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ

ادھار لی ہوئی چیز کا تاوان

مسدد بن مسرہد، یحییٰ، ابن ابی عروبہ، قتادہ، حسن، حضرت سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ ادھار لی ہوئی چیز کی ذمہ داری ہے، جب تک واپس نہ کردے۔ پھر حسن بھول گئے اور کہا:۔ وہ تمہارا امین ہے اور تاوان اس پر نہیں ہے۔

حسن بن محمد اور سلمہ بن شبیب، یزید بن ہارون، شریک، عبدالعزیز بن رفیع، امیہ بن صفوان بن امیہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ حنین کے روز ان سے زرہیں مستعار لی تھیں۔

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُسْتُعَارَ مِنْہُ اَدْرُعًا یَوْمَ حُنَیْنٍ فَقَالَ اَغَصْبٌ یَا مُحَمَّدُ فَقَالَ لَا بَلْ عَارِیَۃٌ مَضْمُوْنَۃٌ قَالَ اَبُوْ دَاوٗدَ ھٰذِہٖ رِوَایَۃُ یَزِیْدَ بِبَغْدَادَ وَفِیْ رِوَایَتِہٖ بِوَاسِطَ تَغَیَّرَ عَلٰی غَیْرِ ھٰذَا۔

پس کہا تھا کہ اے محمد! کیا یہ زبردستی لے رہے ہیں؟ فرمایا نہیں بلکہ ادھار لے رہا ہوں تو ذمہ داری پر۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ یزید کی یہ روایت بغداد میں تھی اور واسط میں جو روایت ہے اس میں اس کے علاوہ کچھ تغیر ہے۔

۱۶۷۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَۃَ نَا جَرِیْرٌ عَنْ عَبْدِ الْعَزِیْزِ بْنِ رُفَیْعٍ عَنْ اُنَاسٍ مِّنْ اٰلِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ صَفْوَانَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ یَا صَفْوَانُ ھَلْ عِنْدَکَ مِنْ سِلَاحٍ قَالَ عَارِیَۃٌ اَمْ غَصْبًا قَالَ لَا بَلْ عَارِیَۃٌ فَاَعَارَہٗ مَا بَیْنَ الثَّلٰثِیْنَ اِلَی الْاَرْبَعِیْنَ دِرْعًا وَغَزَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حُنَیْنًا فَلَمَّا ھُزِمَ الْمُشْرِکُوْنَ جُمِعَتْ دُرُوْعُ صَفْوَانَ فَفُقِدَ مِنْھَا اَدْرَاعًا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِصَفْوَانَ اِنَّا قَدْ فَقَدْنَا مِنْ اَدْرَاعِکَ اَدْرَاعًا فَھَلْ نَغْرَمُ لَکَ قَالَ لَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ لِاَنَّ فِیْ قَلْبِی الْیَوْمَ مَا لَمْ یَکُنْ یَوْمَئِذٍ۔

عبدالعزیز بن رفیع نے آلِ عبداللہ بن صفوان کے کئی آدمیوں سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے صفوان! کیا تمہارے پاس کچھ ہتھیار ہیں؟ کہا ادھار یا ہتھیا لے کے لیے؟ فرمایا نہیں بلکہ ادھار لے رہا ہوں۔ پس انہوں نے تیس اور چالیس کے درمیان زرہیں ادھار دے دیں۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ حنین فرمایا۔ جب مشرکوں کو شکست ہوگئی تو صفوان کی زرہیں اکٹھی کی گئیں۔ جن میں سے چند زرہیں نہ رہیں۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صفوان سے فرمایا:۔ تمہاری زرہوں میں سے چند زرہیں ہم گنوا بیٹھے ہیں، پس کیا ہم تمہیں تاوان دے دیں؟ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول! نہیں۔ کیونکہ آج میرے دل میں وہ چیز نہیں ہے جو پہلے تھی۔

۱۶۸۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ ثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ نَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ رُفَیْعٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ نَاسٍ مِّنْ اٰلِ صَفْوَانَ قَالَ اسْتَعَارَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَذَکَرَ مَعْنَاہُ۔

مسدد، ابوالاحوص، عبدالعزیز بن رفیع، عطاء نے آلِ صفوان کے کئی حضرات سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مستعار لیں۔ پھر معناً وہی حدیث بیان کی۔

۱۶۹۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَھَّابِ بْنُ نَجْدَۃَ الْحَوْطِیُّ نَا ابْنُ عَیَّاشٍ عَنْ شُرَحْبِیْلَ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَۃَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ اللّٰہَ قَدْ اَعْطٰی کُلَّ ذِیْ حَقٍّ حَقَّہٗ فَلَا وَصِیَّۃَ لِوَارِثٍ وَلَا تُنْفِقُ الْمَرْاَۃُ شَیْئًا مِّنْ بَیْتِھَا اِلَّا بِاِذْنِ زَوْجِھَا قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَلَا الطَّعَامَ قَالَ

شرحبیل بن مسلم سے روایت ہے کہ حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ نے ہر حق والے کو اس کا حق دیا ہے۔ پس وارث کے لیے وصیت نہیں ہے اور نہ عورت اپنے گھر سے کچھ خرچ کرے گی مگر اپنے خاوند کی اجازت سے۔ عرض کی گئی کہ کھانا بھی نہیں؟ فرمایا یہ تو ہمارے مالوں میں سب سے افضل ہے۔ پھر فرمایا کہ ادھار لی ہوئی چیز واپس دی جائے

ذٰلِكَ أَفْضَلُ أَمْوَالِنَا ثُمَّ قَالَ الْعَارِيَةُ مُؤَدَّاةٌ وَالْمِنْحَةُ مَرْدُودَةٌ وَالدَّيْنُ مَقْضِيٌّ وَالزَّعِيمُ غَارِمٌ۔

دودھ کا جانور مالک کو لوٹایا جائے۔ قرض کی ادائیگی ضروری ہے اور ضامن کو تاوان دینا ہوگا۔

۱۷۰۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ نَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ نَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَعْلَى عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَتَتْكَ رُسُلِي فَأَعْطِهِمْ ثَلَاثِينَ دِرْعًا وَثَلَاثِينَ بَعِيرًا قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَعَارِيَةٌ مَضْمُونَةٌ أَوْ عَارِيَةٌ مُؤَدَّاةٌ قَالَ بَلْ مُؤَدَّاةٌ۔

ابراہیم بن مستمر، حبان بن ہلال، ہمام، قتادہ، عطاء بن ابی رباح، صفوان بن یعلیٰ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا:۔ جب تمہارے پاس میرے قاصد آئیں تو انہیں تیس زرہیں اور تیس اونٹ دے دینا۔ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! ایسی عاریت پر جس کا تاوان دیا جاتا ہے یا ایسی عاریت پر جو اسی طرح مالک کو واپس لوٹائی جاتی ہے۔ فرمایا بلکہ واپس لوٹانے کے لیے۔

بَابٌ فِي مَنْ أَفْسَدَ شَيْئًا يَغْرَمُ مِثْلَهُ۔

جس نے کوئی چیز تلف کر دی تو اسی کے برابر تاوان دے

۱۷۱۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى نَا خَالِدٌ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عِنْدَ بَعْضِ نِسَائِهِ فَأَرْسَلَتْ إِحْدَى أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِينَ مَعَ خَادِمٍ بِقَصْعَةٍ فِيهَا طَعَامٌ قَالَ فَضَرَبَتْ بِيَدِهَا فَكَسَرَتِ الْقَصْعَةَ قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى فَأَخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكِسْرَتَيْنِ فَضَمَّ إِحْدَاهُمَا إِلَى الْأُخْرَى فَجَعَلَ يَجْمَعُ فِيهَا الطَّعَامَ وَيَقُولُ غَارَتْ أُمُّكُمْ زَادَ ابْنُ الْمُثَنَّى كُلُوا فَأَكَلُوا حَتَّى جَاءَتْ قَصْعَتُهَا الَّتِي فِي بَيْتِهَا ثُمَّ رَجَعْنَا إِلَى لَفْظِ حَدِيثِ مُسَدَّدٍ قَالَ كُلُوا وَحَبَسَ الرَّسُولَ وَالْقَصْعَةَ حَتَّى فَرَغُوا فَدَفَعَ الْقَصْعَةَ الصَّحِيحَةَ إِلَى الرَّسُولِ وَحَبَسَ الْمَكْسُورَةَ فِي بَيْتِهِ۔

مسدد، یحیٰی، محمد بن مثنّٰی، خالد، حمید، حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی ایک زوجۂ مطہرہ کے پاس تھے کہ کسی دوسری ام المومنین نے خادم کے ہاتھوں پیالے میں آپ کے لیے کھانا بھیجا۔ راوی کا بیان ہے کہ انہوں نے اپنا ہاتھ مارا جس سے پیالہ ٹوٹ گیا۔ ابن المثنّٰی کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دونوں ٹکڑوں کو لیا اور ایک دوسرے کے ساتھ جوڑ کر اس میں کھانا اکٹھا کرنے لگے اور فرماتے:۔ تمہاری ماں کو غیرت آئی۔ ابن المثنّٰی نے یہ بھی کہا، کھاؤ، پس لوگوں نے کھایا، یہاں تک کہ اس گھر میں سے پیالہ آیا جس میں تھے، پھر ہم حدیث مسدد کی طرف لوٹ آتے ہیں۔ فرمایا کہ کھانا کھاؤ نیز قاصد اور پیالے کو روکے رکھا۔ جب فارغ ہو گئے تو سالم پیالہ قاصد کو دے دیا اور ٹوٹا ہوا پیالہ اس گھر میں رکھ لیا جس میں جلوہ افروز تھے۔

۱۷۲۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنْ

جسرہ بنت دجاجہ سے روایت ہے کہ حضرت

سُفْيَانَ حَدَّثَنِي فُلَيْتٌ الْعَامِرِيُّ عَنْ جَسْرَةَ بِنْتِ دَجَاجَةَ قَالَتْ قَالَتْ عَائِشَةُ مَا رَأَيْتُ صَانِعًا طَعَامًا مِثْلَ صَفِيَّةَ صَنَعَتْ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا فَبَعَثَتْ بِهِ فَأَخَذَنِي أَفْكَلٌ فَكَسَرْتُ الْإِنَاءَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا كَفَّارَةُ مَا صَنَعْتُ قَالَ إِنَاءٌ مِثْلُ إِنَاءٍ وَطَعَامٌ مِثْلُ طَعَامٍ۔

عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: میں نے ایسا کھانا پکانے والی کوئی نہیں دیکھی جیسا حضرت صفیہ پکاتی تھیں۔ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے کھانا پکا کر بھیجا۔ مجھے غصہ آیا تو میں نے برتن توڑ دیا۔ پس میں عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! جو میں نے کیا اس کا کفارہ کیا ہے؟ فرمایا کہ برتن کے بدلے اسی طرح کا برتن اور کھانے کے بدلے اسی طرح کا کھانا۔

بَابُ الْمَوَاشِي تُفْسِدُ زَرْعَ قَوْمٍ۔

کسی کے جانوروں نے دوسرے کی کھیتی میں نقصان کیا

۱۷۳- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ ثَابِتٍ الْمَرْوَزِيُّ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ حَرَامِ بْنِ مُحَيِّصَةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ نَاقَةً لِلْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ دَخَلَتْ حَائِطَ رَجُلٍ فَأَفْسَدَتْهُ عَلَيْهِمْ فَقَضَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أَهْلِ الْأَمْوَالِ حِفْظَهَا بِالنَّهَارِ وَعَلَى أَهْلِ الْمَوَاشِي حِفْظَهَا بِاللَّيْلِ۔

احمد بن محمد ابن ثابت مروزی، عبد الرزاق، معمر، زہری

حرام بن محیصہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت براء بن عازب کی اونٹنی ایک شخص کے باغ میں داخل ہو گئی اور ان لوگوں کا نقصان کیا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فیصلہ فرمایا کہ دن کے وقت حفاظت کرنا مال والوں کی ذمہ داری ہے اور رات کے وقت حفاظت کرنا مویشی والوں کا ذمہ ہے۔

۱۷۴- حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ خَالِدٍ نَا الْفِرْيَابِيُّ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ حَرَامِ بْنِ مُحَيِّصَةَ الْأَنْصَارِيِّ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ كَانَتْ لَنَا نَاقَةٌ ضَارِيَةٌ فَدَخَلَتْ حَائِطًا فَأَفْسَدَتْ فِيهِ فَكُلِّمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهَا فَقَضَى أَنَّ حِفْظَ الْحَوَائِطِ بِالنَّهَارِ عَلَى أَهْلِهَا وَأَنَّ حِفْظَ الْمَاشِيَةِ بِاللَّيْلِ عَلَى أَهْلِهَا وَأَنَّ عَلَى أَهْلِ الْمَاشِيَةِ مَا أَصَابَتْ مَاشِيَتُهُمْ بِاللَّيْلِ۔ آخِرُ كِتَابِ الْبُيُوعِ۔

حرام بن محیصہ انصاری سے روایت ہے کہ حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ ہماری ایک نقصان کرنے والی اونٹنی تھی جو ایک باغ میں داخل ہو گئی اور اس میں نقصان کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی گئی تو آپ نے فیصلہ فرمایا کہ دن کے وقت باغات کی حفاظت کرنا ان کے مالکوں کا کام ہے اور رات کے وقت مویشیوں کی حفاظت کرنا ان کے مالکوں کی ذمہ داری ہے اور رات کے وقت مویشی جو نقصان کریں وہ ان کے مالکوں کو ادا کرنا پڑے گا۔ کتاب البیوع ختم ہوئی۔

اَوَّلُ کِتَابِ الْقَضَاءِ

فیصلوں کا بیان

بَابٌ فِي طَلَبِ الْقَضَاءِ۔

عہدۂ قضا چاہنا

۱۷۵۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ نَا فُضَيْلُ ابْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِي عَمْرٍو عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ وُلِّيَ الْقَضَاءَ فَقَدْ ذُبِحَ بِغَيْرِ سِكِّينٍ۔

نصر بن علی، فضیل بن سلیمان، عمرو بن ابی عمرو، سعید مقبری نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جسے قاضی بنایا گیا تو وہ چھری کے بغیر ذبح کر دیا گیا۔

۱۷۶۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ أَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْأَخْنَسِيِّ عَنِ الْمَقْبُرِيِّ وَالْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ جُعِلَ قَاضِيًا بَيْنَ النَّاسِ فَقَدْ ذُبِحَ بِغَيْرِ سِكِّينٍ۔

نصر بن علی، بشر بن عمر، عبداللہ بن جعفر، عثمان بن محمد اخنسی مقبری، اعرج نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو لوگوں کے لیے قاضی بنا دیا گیا وہ چھری کے بغیر ذبح کر دیا گیا۔

ف: چونکہ قاضی بننے والے کے سر پر بڑی نازک ذمہ داری آجاتی ہے لہٰذا قاضی، مجسٹریٹ اور جج بننے سے بچنے میں ہی خیریت ہے کیونکہ فیصلے کے وقت کمی بیشی واقع ہونے کے بڑے امکانات ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہمارے امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے قاضی بننا منظور نہیں فرمایا تھا اور اس کی پاداش میں بڑی تکلیف برداشت کر لی تھی۔ یہ ان کے تقویٰ و ورع کے اعلیٰ مقام پر فائز ہونے کے باعث تھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

بَابٌ فِي الْقَاضِي يُخْطِئُ۔

قاضی سے غلطی ہونے کا بیان

۱۷۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ السَّمْتِيُّ نَا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ عَنْ أَبِي هَاشِمٍ عَنْ أَبِي بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْقُضَاةُ ثَلَاثَةٌ وَاحِدٌ فِي الْجَنَّةِ وَاثْنَانِ فِي النَّارِ فَأَمَّا الَّذِي فِي الْجَنَّةِ فَرَجُلٌ عَرَفَ الْحَقَّ فَقَضَى بِهِ وَرَجُلٌ عَرَفَ الْحَقَّ فَجَارَ فِي الْحُكْمِ فَهُوَ فِي النَّارِ وَرَجُلٌ قَضَى لِلنَّاسِ عَلَى جَهْلٍ فَهُوَ فِي النَّارِ۔

ابو بریدہ نے اپنے والد ماجد سے مرفوعاً روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قاضی تین قسم کے ہوتے ہیں، ایک جنت میں اور دو قسم کے جہنم میں جائیں گے پس جنت میں وہ جائے گا جس نے حق کو پہچانا اور اس کے مطابق فیصلہ کیا۔ جس قاضی نے حق کو پہچانا اور حکم دینے میں زیادتی کی وہ دوزخ میں جائے گا اور جس نے جہالت کے باوجود لوگوں کے فیصلے کیے، وہ بھی جہنم میں جائے گا۔

۱۷۸۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَيْسَرَةَ قَالَ نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهَادِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي قَيْسٍ مَوْلَى عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ عَنْ عَمْرِو ابْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا حَكَمَ الْحَاكِمُ فَاجْتَهَدَ فَأَصَابَ فَلَهُ أَجْرَانِ وَإِذَا حَكَمَ فَاجْتَهَدَ فَأَخْطَأَ فَلَهُ أَجْرٌ فَحَدَّثْتُ بِهِ أَبَا بَكْرِ بْنَ حَزْمٍ فَقَالَ هٰكَذَا حَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ۔

عبیداللہ بن عمر بن میسرہ، عبدالعزیز بن محمد، یزید بن عبداللہ بن ہاد، محمد بن ابراہیم، بسر بن سعید، ابو قیس مولیٰ عمرو بن العاص نے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جب کسی حاکم نے فیصلہ کیا اور بساط بھر سوچ سمجھ کر فیصلہ کیا۔ اگر فیصلہ درست ہوا تو اس کے لیے دُوگنا اجر ہے اور جب خوب اجتہاد کر کے فیصلہ کیا لیکن غلط واقع ہوا تو اس کے لیے ایک گنا اجر ہے۔ جب میں نے ابو بکر بن حزم سے یہ حدیث بیان کی تو فرمایا کہ اس طرح حدیث بیان کی ہے مجھ سے ابو سلمہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے واسطے سے۔

ف۔ اجتہادی مسائل میں آئمہ مجتہدین نے جو آیاتِ محکمہ، سنتِ قائمہ اور فریضۂ عادلہ کی روشنی میں مسائل حل فرمائے انہیں بہر صورت بعض مسائل میں دوہرا اور بعض میں اکہرا ثواب ملا اور آج تک جتنے حضرات ان کے فیصلوں پر یقین کر کے عمل کرتے آرہے ہیں ان سب کے مجموعی ثواب کے برابر بھی ان بزرگوں کو ثواب ملتا آرہا ہے۔ دریں حالات اُن حضرات کے اجر و ثواب کا بھلا کون اندازہ کر سکتا ہے؟ اس کے برعکس جن گمراہ گروں اور نام نہاد محققین نے مجتہدین حضرات کے خلاف فیصلے کیے اس پر انہیں سزا ملے گی اور آج تک جتنے ان کی نام نہاد تحقیق پر عمل کرتے آرہے ہیں۔ اُن کے مجموعی گناہوں کے برابر بھی ان محققین کے نامۂ اعمال میں گناہ درج ہو رہے ہوں گے۔ دریں حالات، ابنِ سبا، ابنِ حزم ظاہری المذہب، ابنِ تیمیہ حرانی، ابنِ قیم الجوزی، محمد بن عبدالوہاب نجدی، مولوی محمد اسمٰعیل دہلوی اور انگریزوں کے خود کاشتہ پودے مرزا غلام احمد قادیانی جیسے حضرات کے اعمال ناموں کے مندرجات کا اندازہ بھی بھلا کس سے ہو سکتا ہے؟ اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو سچی ہدایت اور دینِ متین پر استقامت عطا فرمائے، آمین

۱۷۹۔ حَدَّثَنَا عَبَّاسٌ الْعَنْبَرِيُّ نَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ نَا مُلَازِمُ بْنُ عَمْرٍو وَحَدَّثَنِي مُوسَى ابْنُ نَجْدَةَ عَنْ جَدِّهِ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَهُوَ أَبُو كَثِيرٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ طَلَبَ قَضَاءَ الْمُسْلِمِينَ حَتّٰى يَنَالَهُ ثُمَّ غَلَبَ عَدْلُهُ جَوْرَهُ فَلَهُ الْجَنَّةُ وَمَنْ غَلَبَ جَوْرُهُ عَدْلَهُ فَلَهُ النَّارُ۔

عباس عنبری، عمر بن یونس، ملازم بن عمرو، موسیٰ بن نجدہ یزید بن عبدالرحمان ابو کثیر کی دادی جان نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جس نے مسلمانوں کی قضاء کا عہدہ طلب کیا۔ یہاں تک کہ اُسے پالیا۔ پھر اس کا عدل اس کے ظلم پر غالب رہے تو اس کے لیے جنت ہے اور جس کا ظلم اس کے عدل پر غالب ہوا تو اس کے لیے جہنم ہے۔

۱۸۰۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمْزَةَ بْنِ

عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ سے روایت ہے کہ حضرت

أَبِي يَحْيَى الرَّمْلِيُّ حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ أَبِي الزَّرْقَاءِ نَا ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ فَأُولَئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ إِلَى قَوْلِهِ الْفَاسِقُونَ هَؤُلَاءِ الْآيَاتُ الثَّلَاثُ نَزَلَتْ فِي يَهُودَ خَاصَّةً فِي قُرَيْظَةَ وَالنَّضِيرِ۔

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے حکمِ ربانی :- اور جو حکم نہ کرے جس طرح اللہ نے نازل فرمایا ہے تو وہی لوگ کافر ہیں .... الفاسقون تک (۵: ۴۴ تا ۴۷) کے بارے میں فرمایا کہ یہ تینوں آیتیں خاص طور پر بنی قریظہ اور بنی نضیر کے یہودیوں کے متعلق نازل ہوئیں (مذکورہ تینوں آیتوں کا محل الگ الگ ہے)۔

بَابٌ ۳ فِي طَلَبِ الْقَضَاءِ وَالتَّسَرُّعِ إِلَيْهِ۔

فیصلہ کرنے میں جلدی کرنا

۱۸۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَا نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ رَجَاءٍ الْأَنْصَارِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ بِشْرٍ الْأَزْرَقِ قَالَ دَخَلَ رَجُلَانِ مِنْ أَبْوَابِ كِنْدَةَ وَأَبُو مَسْعُودٍ الْأَنْصَارِيُّ جَالِسٌ فِي حَلْقَةٍ فَقَالَا أَلَا رَجُلٌ يُنَفِّذُ بَيْنَنَا فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْحَلْقَةِ أَنَا فَأَخَذَ أَبُو مَسْعُودٍ كَفًّا مِنْ حَصًى فَرَمَاهُ بِهِ وَقَالَ مَهْ إِنَّهُ كَانَ يُكْرَهُ التَّسَرُّعُ إِلَى الْحُكْمِ۔

رجاء انصاری سے روایت ہے کہ عبدالرحمان بن بشر ازرق نے فرمایا :- ابواب کندہ کے دو آدمی اندر آئے اور حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ حلقہ میں بیٹھے ہوئے تھے۔ ان دونوں حضرات نے کہا :- کیا ایسا کوئی آدمی نہیں جو ہم دونوں کے درمیان فیصلہ کر دے؟ حلقہ میں سے ایک آدمی نے کہا :- میں کرتا ہوں حضرت ابومسعود نے ایک مٹھی کنکریاں لے کر ماریں اور فرمایا ٹھہرو وہ فیصلے میں جلدی کرنے کو ناپسند فرمایا کرتے تھے۔

۱۸۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا إِسْرَائِيلُ نَا عَبْدُ الْأَعْلَى عَنْ بِلَالٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ طَلَبَ الْقَضَاءَ وَاسْتَعَانَ عَلَيْهِ وُكِلَ إِلَيْهِ وَمَنْ لَمْ يَطْلُبْهُ وَلَمْ يَسْتَعِنْ عَلَيْهِ أَنْزَلَ اللَّهُ مَلَكًا يُسَدِّدُهُ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا :- جو عہدۂ قضا کا طلب گار ہو اور اس کے لیے لوگوں سے مدد حاصل کرے تو اُسے مخلوق کے سپرد کر دیا جاتا ہے اور جو طلب نہ کرے اور نہ اس کے لیے کسی سے مدد لے تو اللہ تعالیٰ ایک فرشتے کو نازل فرماتا ہے جو اس کی مدد کرتا رہتا ہے۔

۱۸۳۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا يَحْيَى ابْنُ سَعِيدٍ نَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ نَا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ حَدَّثَنِي أَبُو بُرْدَةَ قَالَ أَبُو مُوسَى قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَنْ نَسْتَعْمِلَ أَوْ لَا نَسْتَعْمِلُ عَلَى عَمَلِنَا مَنْ أَرَادَهُ۔

احمد بن حنبل، یحییٰ بن سعید، قرہ بن خالد، حمید بن ہلال، ابوبردہ نے حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :- ہم ہرگز اُسے عامل نہیں بناتے یا اُسے عامل نہیں بنایا کرتے جو عامل بننے کا ارادہ رکھتا ہے۔

باب ۶۴ فِي كَرَاهِيَةِ الرِّشْوَةِ۔

۱۸۴۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّاشِيَ وَالْمُرْتَشِيَ۔

رشوت کی برائی کا بیان

احمد بن یونس، ابن ابی ذئب، حارث بن عبدالرحمان، ابوسلمہ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے رشوت لینے والے اور رشوت دینے والے پر لعنت فرمائی ہے۔

باب ۶۵ فِي هَدَايَا الْعُمَّالِ۔

۱۸۵۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيٰى عَنْ إِسْمٰعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنِي قَيْسٌ قَالَ حَدَّثَنِي عَدِيُّ بْنُ عُمَيْرَةَ الْكِنْدِيُّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ لَنَا عَلٰى عَمَلٍ فَكَتَمَنَا مِنْهُ مِخْيَطًا فَمَا فَوْقَهُ فَهُوَ غُلٌّ يَأْتِي بِهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ أَسْوَدُ كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اقْبَلْ عَنِّي عَمَلَكَ قَالَ وَمَا ذٰلِكَ قَالَ سَمِعْتُكَ تَقُولُ كَذَا وَكَذَا قَالَ وَأَنَا أَقُولُ ذٰلِكَ مَنِ اسْتَعْمَلْنَاهُ عَلٰى عَمَلٍ فَلْيَأْتِ بِقَلِيلِهِ وَكَثِيرِهِ فَمَا أُوتِيَ مِنْهُ أَخَذَ وَمَا نُهِيَ عَنْهُ انْتَهٰى۔

عمال کے تحفے

حضرت عدی بن عمیرہ کندی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ تم میں سے جو ہم کسی کام پر عامل مقرر کریں تو وہ سوئی کے دھاگے کے برابر بھی کوئی چیز چھپائے یا اس سے بھی کم تو وہ خیانت ہے اور روز قیامت اس کے ساتھ حاضر ہوگا۔ پس انصار میں سے ایک کالے رنگ کا آدمی کھڑا ہوگیا، گویا میں اُسے دیکھ رہا ہوں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! اپنا عمل مجھ سے لے لیجئے فرمایا یہ کیا بات ہے؟ عرض گزار ہوا کہ میں نے آپ کو ایسا اور ایسا فرماتے ہوئے سنا ہے۔ ارشاد ہوا کہ میں ان سے کہہ رہا ہوں جس کو ہم نے کسی کام پر عامل مقرر کیا ہو۔ پس وہ تھوڑا سا مال لے کر حاضر ہو یا زیادہ لیکن اس میں سے جو اُسے دیا جائے وہ لے اور جس سے منع کردیا جائے اس سے رُکے۔

باب ۶۶ كَيْفَ الْقَضَاءُ

۱۸۶۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ قَالَ نَا شَرِيكٌ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ حَنَشٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْيَمَنِ قَاضِيًا فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ تُرْسِلُنِي وَأَنَا حَدِيثُ السِّنِّ وَلَا عِلْمَ لِي بِالْقَضَاءِ فَقَالَ إِنَّ اللّٰهَ سَيَهْدِي قَلْبَكَ وَيُثَبِّتُ لِسَانَكَ فَإِذَا جَلَسَ بَيْنَ يَدَيْكَ الْخَصْمَانِ فَلَا تَقْضِيَنَّ حَتّٰى تَسْمَعَ مِنَ الْآخَرِ كَمَا سَمِعْتَ مِنَ الْأَوَّلِ

قضا کا طریقہ

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے قاضی بنا کر یمن کی طرف بھیجا۔ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! آپ مجھے بھیج رہے ہیں حالانکہ میں کم عمر ہوں اور فیصلہ کرنے کا مجھے علم بھی نہیں ہے۔ فرمایا کہ عنقریب اللہ تعالیٰ تمہارے دل کو اس کا راستہ دکھا دے گا اور تمہاری زبان کو اس پر قائم کردے گا۔ جب فریقین تمہارے سامنے بیٹھ جائیں تو جلدی سے فیصلہ نہ کر دینا جب تک دوسرے کی باتیں نہ سن لو جیسے تم نے پہلے کی باتیں سنیں۔ یہ طریقہ کار

فَإِنَّهُ أَحْرَى أَنْ يَتَبَيَّنَ لَكَ الْقَضَاءُ قَالَ فَمَا زِلْتُ قَاضِيًا أَوْ مَا شَكَكْتُ فِي قَضَاءٍ بَعْدُ۔

تمہارے لیے فیصلے کو واضح کر دیگا حضرت علی کا بیان ہے کہ فیصلہ کرنے میں مجھ سے لغزش نہیں ہوئی اور اسکے بعد کسی فیصلے میں مجھے شک بھی

بَابٌ ٦٧ فِي قَضَاءِ الْقَاضِي إِذَا أَخْطَأَ۔

جب قاضی سے غلط فیصلہ ہو جائے

١٨٧۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ وَإِنَّكُمْ تَخْتَصِمُونَ إِلَيَّ وَلَعَلَّ بَعْضَكُمْ أَنْ يَكُونَ أَلْحَنَ بِحُجَّتِهِ مِنْ بَعْضٍ فَأَقْضِيَ لَهُ عَلَى نَحْوِ مِمَّا أَسْمَعُ مِنْهُ فَمَنْ قَضَيْتُ لَهُ مِنْ حَقِّ أَخِيهِ شَيْئًا فَلَا يَأْخُذْ مِنْهُ شَيْئًا فَإِنَّمَا أَقْطَعُ لَهُ قِطْعَةً مِنَ النَّارِ۔

زینب بنت ام سلمہ نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں بھی ایک بشر ہوں اور تم اپنے جھگڑے میرے پاس لاتے ہو اور ہو سکتا ہے کہ بعض تم میں سے اپنی دلیل بیان کرنے میں دوسرے سے زیادہ خوش بیان ہو تو سُننے کے مطابق میں اس کے حق میں فیصلہ دے دوں۔ پس جس کے موافق میں نے فیصلہ کر دیا اور اس کے بھائی کے حق سے کچھ دلا دیا تو اس میں سے ذرا بھی نہ لے کیونکہ اس طرح میں اُسے آگ کا ایک ٹکڑا دے رہا ہوں گا۔

ف: یہ حدیث اصولِ قضا سے متعلق ہے کہ شرعی ضابطوں کے تحت مدّعی اور مدّعا علیہ کے بیانات کی روشنی میں فیصلہ کیا جاتا ہے۔ فیصلہ کرنے والے کی ذاتی معلومات کا اُس میں کوئی دخل نہیں ہوتا۔ بعض حضرات اس حدیث سے یہ ثابت کرنے میں خاص لطف ولذّت محسوس کرتے ہیں کہ حبیبِ خدا اور اللہ تعالیٰ کے خلیفۂ اعظم بھی بالکل دوسرے انسانوں جیسے تھے اور جس طرح دوسرے قاضیوں کو مدّعی اور مدّعا علیہ کے بیانات کے علاوہ قضیۂ وارده کے بارے میں کوئی علم نہیں ہوتا بس یہی حالت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تھی۔ ایسا خیال کرنا ان قلوب واذہان کی کرشمہ کاری ہے جنہوں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے منصب علیہ اور حالتِ خاصہ کو تسلیم کیا ہی نہیں ہوتا لیکن چونکہ قضا میں اُس حالت کا دخل نہیں کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اگر اپنی ذاتی معلومات کے تحت فیصلے فرماتے تو قضا کا یہی قانون قرار پاتا اور قیامت تک قاضی اپنے علم کی آڑ لے کر من مانے فیصلے کرتے اور ایسا کرنے سے ظلم وستم کا وہ دروازہ کھلتا جو قیامت تک بند نہیں ہو سکتا تھا۔ لہٰذا آپ نے مدّعی اور مدّعا علیہ کے بیانات کی روشنی میں ہی فیصلے فرمائے تاکہ انصاف کا دروازہ قیامت تک کھلا رہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہٗ اتم واحکم

١٨٨۔ حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ أَبُو تَوْبَةَ نَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ رَافِعٍ مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ أَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلَانِ يَخْتَصِمَانِ فِي مَوَارِيثَ لَهُمَا لَمْ تَكُنْ لَهُمَا بَيِّنَةٌ إِلَّا دَعْوَاهُمَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ مِثْلَهُ فَبَكَى الرَّجُلَانِ وَقَالَ

عبداللہ بن رافع مولیٰ ام سلمہ سے روایت ہے کہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس دو شخص اپنی میراث کے بارے میں جھگڑتے ہوئے آئے اور ان کے پاس گواہ نہ تھے۔ صرف اپنا اپنا دعویٰ ہی تھا۔ پھر مذکورہ حدیث کی طرح بیان کیا۔ پس دونوں آدمی رونے لگے اور دونوں میں سے ہر ایک نے کہا کہ میں نے اپنا حصّہ آپ کو دیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دونوں سے

كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا حَقِّي لَكَ فَقَالَ لَهُمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَّا إِذَا فَعَلْتُمَا مَا فَعَلْتُمَا فَاقْتَسِمَا وَتَوَخَّيَا الْحَقَّ ثُمَّ اسْتَهِمَا ثُمَّ تَحَالَّا۔

فرمایا۔ جب تم ایسا کر رہے ہو تو اپنے حق کو تقسیم بھی کرلو اور پھر حق کو تلاش کرو یعنی قرعہ اندازی کر کے کمی بیشی پر ایک دوسرے کو معاف کر دو۔

۱۸۹۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى الرَّازِيُّ أَنَا عِيسَى نَا أُسَامَةُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ قَالَ سَمِعْتُ أُمَّ سَلَمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا الْحَدِيثِ قَالَ يَخْتَصِمَانِ فِي مَوَارِيثَ وَأَشْيَاءَ قَدْ دَرَسَتْ فَقَالَ إِنِّي إِنَّمَا أَقْضِي بَيْنَكُمْ بِرَأْيِي فِيمَا لَمْ يُنْزَلْ عَلَيَّ فِيهِ۔

عبداللہ بن رافع نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اس حدیث میں ہے کہ دو آدمی میراث اور پرانی چیزوں کے بارے میں جھگڑتے ہوئے آئے۔ فرمایا کہ میں تمہارے درمیان اپنی رائے سے فیصلہ کرتا ہوں جس کے متعلق مجھ پر کوئی حکم نازل نہیں ہوتا۔

۱۹۰۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ قَالَ أَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ الرَّأْيَ إِنَّمَا كَانَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُصِيبًا لِأَنَّ اللّٰهَ كَانَ يُرِيهِ وَإِنَّمَا هُوَ مِنَّا الظَّنُّ وَالتَّكْلِيفُ۔

ابن شہاب سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے برسر منبر فرمایا: اے لوگو! بیشک رائے تو صرف رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی درست تھی، کیونکہ اللہ تعالیٰ انہیں دکھاتا تھا جب کہ ہماری طرف سے تو گمان غالب اور محنت ہے۔

۱۹۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ أَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو عُثْمَانَ الشَّامِيُّ وَلَا إِخَالُنِي رَأَيْتُ شَامِيًّا أَفْضَلَ مِنْهُ يَعْنِي حَرِيزَ بْنَ عُثْمَانَ۔

احمد بن عبدہ ضبی، معاذ بن معاذ کا بیان ہے کہ اس حدیث کی مجھے ابو عثمان نے خبر دی اور میں نے حریز بن عثمان سے افضل کسی شامی کو نہیں دیکھا۔

بَابٌ ۶۸ كَيْفَ يَجْلِسُ الْخَصْمَانِ بَيْنَ يَدَيِ الْقَاضِي۔

فریقین قاضی کے سامنے کس طرح بیٹھیں

۱۹۲۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ نَا مُصْعَبُ بْنُ ثَابِتٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ الْخَصْمَيْنِ يَقْعُدَانِ بَيْنَ يَدَيِ الْحَكَمِ۔

احمد بن منیع، عبداللہ بن مبارک، مصعب بن ثابت، حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فیصلہ فرمایا کہ دونوں فریق حاکم کے سامنے بیٹھا کریں۔

باب ۶۹ اَلْقَاضِیْ یَقْضِیْ وَهُوَ غَضْبَانُ۔

۱۹۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ قَالَ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ اَبِیْ بَكْرَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهٗ كَتَبَ اِلٰى ابْنِهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقْضِی الْحَكَمُ بَيْنَ اثْنَيْنِ وَهُوَ غَضْبَانُ۔

قاضی کا غصّے کی حالت میں فیصلہ کرنا

عبدالرحمان بن ابوبکرہ نے اپنے والدماجد سے روایت کی ہے کہ انہوں نے اپنے ایک بیٹے کے لیے لکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: حاکم فیصلہ نہ کرے دو آدمیوں کے درمیان جب کہ وہ غصّے کی حالت میں ہو۔

باب ۷۰ اَلْحُكْمُ بَيْنَ اَهْلِ الذِّمَّةِ۔

۱۹۴۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِیُّ حَدَّثَنِیْ عَلِیُّ بْنُ الْحُسَيْنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ يَزِيْدَ النَّحْوِیِّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ فَاِنْ جَآءُوْكَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ عَنْهُمْ فَنُسِخَتْ قَالَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ۔

۱۹۵۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ اِسْحٰقَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ فَاِنْ جَآءُوْكَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ عَنْهُمْ وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ قَالَ كَانَ بَنُو النَّضِيْرِ اِذَا قَتَلُوْا مِنْ بَنِیْ قُرَيْظَةَ اَدَّوْا نِصْفَ الدِّيَةِ وَاِذَا قَتَلَ بَنُوْ قُرَيْظَةَ مِنْ بَنِی النَّضِيْرِ اَدَّوْا اِلَيْهِمُ الدِّيَةَ كَامِلَةً فَسَوّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمْ۔

ذمیّوں کا فیصلہ کرنا

احمد بن محمد مروزی، علی بن حسین، ان کے والد ماجد، یزید نحوی، عکرمہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: حکم خداوندی: "اگر وہ تمہارے پاس آئیں تو ان کے درمیان فیصلہ کر دیا ان سے منہ پھیر لو" (۵:۴۲) دوسرے حکم: پس ان کے درمیان فیصلہ کرو اللہ کے نازل کیے ہوئے کے مطابق۔

عکرمہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: جب یہ آیت نازل ہوئی: "اگر وہ تمہارے پاس آئیں تو ان کے درمیان فیصلہ کر دیا اُن سے منہ پھیر لو۔ اور اگر تم ان کے درمیان فیصلہ کرو تو انصاف سے کرو۔ بیشک اللہ انصاف کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے (۵:۴۲)۔ راوی کا بیان ہے کہ بنو نضیر جب بنو قریظہ کے آدمی کو قتل کرتے تو نصف دیت ادا کیا کرتے اور جب بنو قریظہ کسی بنو نضیر کے آدمی کو قتل کر دیتے تو انہیں پوری دیت ادا کرنا پڑتی۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے درمیان مساوات قائم کر دی۔

پارہ ـــــ ۲۳

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

باب: اِجْتِهَادِ الرَّأْيِ فِي الْقَضَاءِ۔ قضا میں اجتہاد کرنا۔

۱۹۶۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ أَبِي عَوْنٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَمْرٍو ابْنِ أَخِي الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ عَنْ أُنَاسٍ مِنْ أَهْلِ حِمْصَ مِنْ أَصْحَابِ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا أَرَادَ أَنْ يَبْعَثَ مُعَاذًا إِلَى الْيَمَنِ قَالَ كَيْفَ تَقْضِي إِذَا عَرَضَ لَكَ قَضَاءٌ قَالَ أَقْضِي بِكِتَابِ اللَّهِ قَالَ فَإِنْ لَمْ تَجِدْ فِي كِتَابِ اللَّهِ قَالَ فَبِسُنَّةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَإِنْ لَمْ تَجِدْ فِي سُنَّةِ رَسُولِ اللَّهِ قَالَ أَجْتَهِدُ بِرَأْيِي وَلَا آلُو فَضَرَبَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدْرَهُ فَقَالَ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي وَفَّقَ رَسُولَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَا يُرْضِي رَسُولَ اللَّهِ۔

حضرت مغیرہ بن شعبہ کے بھتیجے حارث بن عمرو نے حضرت معاذ بن جبل کے حمص والے کئی اصحاب سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یمن کی طرف بھیجنے کا ارادہ فرمایا تو ارشاد ہوا۔ جب تمہارے سامنے مقدمہ پیش ہوگا تو کیسے فیصلہ کرو گے؟ عرض گزار ہوئے کہ اللہ کی کتاب سے فیصلہ کروں گا۔ فرمایا کہ اگر تم اللہ کی کتاب میں نہ پاؤ؟ عرض گزار ہوئے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت کے ساتھ۔ فرمایا کہ اگر تم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت میں نہ پاؤ اور اللہ کی کتاب میں) تب عرض کی کہ میں اپنی رائے سے اجتہاد کروں گا اور حقیقت تک پہنچنے میں کوتاہی نہ کروں گا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انکے سینے کو تھپکا اور فرمایا خدا کا شکر ہے جس نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بھیجے ہوئے شخص کو اس چیز کی توفیق بخشی جو اللہ کے رسول کو خوش کرے۔

ف:۔ اس حدیث سے اولاً ادلہ ثلاثہ کی ترتیب معلوم ہوئی کہ سب سے مقدم کلام الٰہی ہے، پھر سنتِ رسول اور اس کے بعد اجماع و قیاس کی باری ہے۔ ثانیاً یہ بھی معلوم ہوا کہ تمام مسائل کی تصریح ہمیں قرآن مجید میں نہیں مل سکے گی۔ ثالثاً یہ بھی معلوم ہوا کہ سنتِ رسول اگرچہ کلام الٰہی کی شرح ہے لیکن تمام مسائل نصاً یہاں بھی نہیں مل سکیں گے بلکہ بعض عنوانات پر احادیث آپس میں ٹکراتی ہوئی بھی ملیں گی۔ ایسے مواقع پر اجماعِ صحابہ کی روشنی میں دیکھا جائے گا۔ جو باتیں کتاب و سنت میں تصریحاً نہ ملیں ان میں ائمہ مجتہدین کی تقلید کی جائے گی کیونکہ آیات و احادیث اور اجماعِ صحابہ کی روشنی میں جو فیصلے مجتہدین عظام نے فرمائے وہ آج تک کوئی دوسرا کر نہیں سکا اور نہ یہ ممکن ہے کہ میدانِ اجتہاد میں کوئی ان بزرگوں کی ہمسری کر سکے۔ اس امت میں ان حضرات کا وجود نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا علمی معجزہ ہے۔ آئمہ مجتہدین صرف چار ہیں جن کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔

۱۔ امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ (المتوفیٰ ۱۵۰ھ/ ۷۶۷ء)

۲۔ امام مالک بن انس رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (المتوفیٰ ۱۷۹ھ/ ۷۹۵ء)

۳۔ امام محمد بن ادریس شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (المتوفی ۲۰۴ھ/ ۸۱۹ء)

۴۔ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (المتوفی ۲۴۱ھ/ ۸۵۵ء)

اہل حق کے یہی آئمہ مجتہدین ہیں جن کے اجتہادی مذاہب مدوّن و منضبط ہیں۔ لہٰذا اجتہادی مسائل میں ان چاروں میں سے کسی ایک کی تقلید کرنا ضروری ہے۔ جو ان چاروں میں سے کسی کی تقلید نہ کرے بلکہ محقق بن کر اجتہادی مسائل کو قرآن و حدیث سے خود حل کرے وہ گمراہ، بدمذہب، بے دین اور اجماعِ امت کا مخالف ہے کیونکہ اہل حق کا راستہ وہی تقلید آئمہ مجتہدین والا ہے جیسا کہ پروردگارِ عالم نے فرمایا ہے۔

وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ۭ وَسَاۗءَتْ مَصِيْرًا (۴:۱۱۵)

اور جو رسول کا خلاف کرے بعد اس کے کہ حق راستہ اس پر کھل چکا اور مسلمانوں کی راہ سے جدا راستے پر چلے تو ہم اسے اس کے حال پر چھوڑ دیں گے اور اسے دوزخ میں داخل کریں گے جو بُری جگہ ہے پلٹنے کی۔

رسول کی مخالفت سے اُن مسائل میں خلاف مراد ہے جو قرآن و حدیث میں تصریحاً موجود ہیں اور مسلمانوں کے راستے کو چھوڑنے سے مراد اجتہادی مسائل میں آئمہ مجتہدین کی تقلید سے انحراف کرنا ہے۔ جائے غور ہے کہ ان بزرگوں کے بعد بھی امتِ محمدیہ میں ہزاروں ایسی ہستیاں ہوئی ہیں جن میں سے ہر ایک علم و عرفاں کا بحرِ بیکراں تھا۔ اس کے باوجود وہ حضرات بھی ائمہ مجتہدین کی تقلید سے بے نیاز نہ رہ سکے تو آج کل کے محقق بننے والے اور آئمہ مجتہدین کے منہ آنے والے مدّعیانِ خام کس گنتی شمار میں ہیں؟ بعض گمراہ گر اس پُرفتن دور میں اجتہاد و تحقیق کے بڑے اونچے دعوے جماتے ہیں لیکن ہم برادرانِ اسلام کو ان دعاوی کا طول و عرض دکھاتے ہیں۔ غیر مقلد حضرات کے شیخ الکل میاں نذیر حسین صاحب دہلوی (المتوفی ۱۳۲۰ھ/ ۱۹۰۲ء) نے معیار الحق نامی اپنی کتاب میں جمع بین الصلوٰتین کے مسئلے پر دل کھول کر اپنی شانِ اجتہاد و تحقیق اور حدیث دانی دکھائی تو چودھویں صدی کے مجدّدِ برحق نے اپنے رسالہ حاجز البحرین میں ان کی علمیت کے فلک بوس محل کو مسمار کر دیا۔ موصوف کی دیانت و علمیت کی جو عدیم المثال قلعی کھولی تو دوسرے مقام پر اس تفصیل کا اجمال و خلاصہ یوں پیش کیا۔

(۱) حضرت کو ضعیف محض و متروک میں تمیز نہیں (۲) تشیع و رفض میں فرق نہیں (۳) فلاں یغرب و فلاں غریب الحدیث میں امتیاز نہیں (۴) غریب و منکر میں تفرقہ نہیں (۵) فلاں یہم کو وہمی کہنا جانیں (۶) لہ اوہام کا یہی مطلب مانیں۔ (۷) حدیث مرسل تو مردود و مخذول اور عنعنۂ مدلس ماخوذ و مقبول (۸) ستم جہالت کہ وصل متاخر تو تعلیق بتائیں۔ مثلاً محدّث کے رواۃ مالک عن نافع عن ابن عمر حدثنا بذلک فلاں عن فلاں عن مالک حضرت اسے معلق ٹھہرائیں اور حدثنا بذلک کو ہضم کر جائیں (۹) صحیح حدیثوں کو تری زبان زوریوں سے مردود و منکر و واہیات بتائیں (۱۰) حدیث ضعیف جس کے منکر و معلول ہونے کی امام بخاری وغیرہ اکابر آئمہ نے تصریح کی محض بیگانہ تقریروں سے اُسے صحیح بنائیں (۱۱) ضعفِ حدیث کو ضعف رواۃ پر مقصور جانیں۔ ہنگام ثقۂ رواۃ علل قوادح کو لاشئی مانیں (۱۲) معرفتِ رجال میں وہ جوشِ تمیز کو امام اجل سلیمان اعمش عظیم القدر جلیل الفخر تابعی مشہور معروف کو سلیمان بن ارقم ضعیف سمجھیں۔ (۱۳) خالد بن الحارث ثقہ ثبت کو خالد بن مخلد قطوانی کہیں۔ (۱۴) ولید بن مسلم ثقہ مشہور کو ولید بن قاسم بنالیں۔ (۱۵) مسئلہ تقوی طرق سے نرے غافل۔ (۱۶) راوی مجروح و مرجوح کے

فرقِ بدیہی سے محض جاہل (۱۷) متابع و مدار میں تمیز دو بھر۔ صاف صاف متابعتِ ثقات وہ بھی باقرب وجوہ پیشِ نظر۔ مگر۔ بعض میں بزعمِ شریف وقوعِ ضعیف سے حدیث سخیف۔ (۱۸) جابجا طرقِ جلیلہ موضحۃ المعنی امشہورہ ومتداول کتابوں خود صحیحین و سنن اربعہ میں موجود، انہیں تک رسائی محال، باقی کتب سے جمع طرق واحاطۂ الفاظ اور سیاق و معانی کے محققانہ محاظ کی کیا مجال۔ (۱۹) تصحیح و تضعیف میں قول آئمہ جیسی مقبول کہ خود ان کی تصانیف میں مذکور و منقول، ورنہ نقلِ ثقات مردود و مخذول۔ (۲۰) اجلہ رواۃ بخاری و مسلم بے وجہ و جیہہ و دلیل ملزم کوئی مردود و خبیث کوئی متروک الحدیث مثل امام بشر بن بکر و محمد بن فضیل بن غزوان کوفی و خالد بن مخلد ابوالہیثم بجلی۔ بھلا یہ تو بخاری و مسلم کے خاص خاص رجال بے مساغ و مجال پر فقط منہ ہے، اس سے بڑھ کر سنیئے کہ حضرت کی حدیث دانی نے صحاح ستہ کے رد و ابطال کو قواعد سبعہ وضع فرمائے کہ جس راوی کو تقریب میں صدوق رمی بالتشیع یا صدوق تشیع یا ثقہ یعرب یا صدوق یخطی یا صدوق یہم یا صدوق لہ اوہام لکھا ہو وہ سب ضعیف و مردود الروایت و متروک الحدیث ہیں۔ حالانکہ باقی صحاح درکنار خود صحیحین میں ان اقسام کے راوی دو چار نہیں، دس بیس نہیں، سینکڑوں ہیں چھ قاعدے تو یہ ہوئے (۷) جس سند میں کوئی راوی غیر منسوب واقع ہو مثلاً حدثنا خالد عن شعبہ عن سلیمان۔ اسے برعایت قرب طبقہ و روایات مخرج جو ضعیف راوی اس نام کا ملے رجماً بالغیب وجزماً بالریب اس پر حمل کر لیجئے اور ضعفِ حدیث و سقوطِ روایت کا حکم کر دیجئے۔ مسلمانو! حضرت کے یہ قواعد سبعہ پیشِ نظر رکھ کر بخاری و مسلم سامنے لائیے اور جو حدیثیں ان مخترع محدثات بمرد ہوتی جائیں، کاٹتے جائیے، اگر دونوں کتابیں آدھی تہائی بھی باقی رہ جائیں تو میرا ذمہ۔ خدا نہ کرے کہ مقلدین آئمہ کا کوئی متوسط طالب علم بھی اتنا بوکھلایا ہو معاذ اللہ! جب ایک مسئلہ میں یہ کوتک تو تمام لام کا کمال کہاں تک۔ العظمۃ للہ جب پرانے پرانے، بجوں کے سیانے جنہیں طائفہ بھر اپنی ناک مانے، اونچے پائے کا مجتہد جانے، ان کی لیاقت کا یہ اندازہ کہ نری شیخی اور تین کالے تو نئی امت، چھٹ بھیوں کی جماعت، کس گنتی شمار میں! کس شمار قطار میں! لا فی العیر ولا فی النفیر والعیاذ باللہ من ذلک۔

شرح الشریف الفضل الموھبی)

چودھویں صدی کے مجدد برحق امام احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ المتوفی ۱۳۴۰ھ/۱۹۲۱ء نے مذکورہ تمام امور کو ۱۳۱۳ھ میں حاجز البحرین کے اندر تمام و کمال ثابت کیا۔ پھر الفضل الموہبی کے اندر اسی سال مذکورہ امور کا خلاصہ پیش کیا جو مذکور ہوا۔ اگر مذکورہ امور میں ایک بات بھی محض زبان زوری اور الزام تراشی ہوتی تو مدعیانِ تحقیق کے شیخ الکل صاحب کبھی سات سال تک خاموش نہ پڑے رہتے جبکہ وہ ۱۳۲۰ھ میں ملکِ عدم کو سدھارے تھے۔ پوری جماعت میں سے کسی معتقدِ عالم کو جرأت نہیں ہوئی کہ پوری ایک صدی گزرنے والی ہے لیکن اپنے امام الکل و مجتہد دوران کے سر سے ایک الزام کا بوجھ ہی اتار دیتے۔ اتارتے کیسے؟

۱۹۷۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنْ شُعْبَةَ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو عَوْنٍ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ نَاسٍ مِنْ أَصْحَابِ مُعَاذٍ عَنْ مُعَاذِ ابْنِ جَبَلٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا بَعَثَهُ إِلَى الْيَمَنِ بِمَعْنَاهُ۔

مسدد، یحیی، شعبہ، ابو عون بن حارث بن عمرو، حضرت معاذ کے کئی اصحاب نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب انہیں یمن کی جانب روانہ فرمایا۔ آگے معناً وہی روایت کی۔

باب ۲۷ فِی الصُّلْحِ۔

۱۹۸۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ أَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ ح وَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ الدِّمَشْقِيُّ نَا مَرْوَانُ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ نَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ أَوْ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ شَكَّ الشَّيْخُ عَنْ كَثِيرِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ وَلِيدِ بْنِ رَبَاحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصُّلْحُ جَائِزٌ بَيْنَ الْمُسْلِمِينَ زَادَ أَحْمَدُ إِلَّا صُلْحًا حَرَّمَ حَلَالًا أَوْ أَحَلَّ حَرَامًا زَادَ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُسْلِمُونَ عَلَى شُرُوطِهِمْ۔

۱۹۹۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ تَقَاضَى ابْنَ أَبِي حَدْرَدٍ دَيْنًا كَانَ لَهُ عَلَيْهِ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ فَارْتَفَعَتْ أَصْوَاتُهُمَا حَتَّى سَمِعَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي بَيْتِهِ فَخَرَجَ إِلَيْهِمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى كَشَفَ سِجْفَ حُجْرَتِهِ وَنَادَى كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ فَقَالَ يَا كَعْبُ فَقَالَ لَبَّيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَأَشَارَ بِيَدِهِ أَنْ ضَعِ الشَّطْرَ مِنْ دَيْنِكَ قَالَ كَعْبٌ قَدْ فَعَلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُمْ فَاقْضِهِ۔

باب ۲۳ فِی الشَّهَادَاتِ۔

۲۰۰۔ حَدَّثَنَا ابْنُ السَّرْحِ وَأَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَا أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ

صلح کا بیان۔

سلیمان بن داؤد مہری، ابن وہب، سلیمان بن بلال۔ احمد بن عبدالواحد دمشقی، مروان بن محمد، سلیمان بن بلال یا عبدالعزیز بن محمد، کثیر بن زید، ولید بن رباح نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مسلمانوں کے درمیان صلح جائز ہے۔ احمد بن عبدالواحد نے یہ بھی کہا:۔ ماسوائے اس صلح کے جو حلال کو حرام یا حرام کو حلال کرے۔ سلیمان بن داؤد نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مسلمان اپنی شرطوں پر رہیں۔

عبداللہ بن کعب بن مالک نے حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے حضرت ابن ابی حدرد سے اپنے قرض کا تقاضا کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانۂ مبارک میں مسجد کے اندر۔ پس دونوں حضرات کی آوازیں بلند ہو گئیں جنہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سُنا جب کہ آپ اپنے کاشانۂ اقدس میں تھے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اُن کی طرف نکلنے لگے یہاں تک کہ حجرے کا پردہ ہٹایا اور حضرت کعب بن مالک کو آواز دیتے ہوئے فرمایا۔ اے کعب! عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! میں حاضر ہوں۔ آپ نے دست مبارک کے اشارے سے فرمایا کہ نصف قرض معاف کر دو۔ حضرت کعب عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! میں نے تعمیل ارشاد کی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اٹھو اور اسے ادا کرو۔

گواہیوں کا بیان۔

ابن السرح اور احمد بن سعید ہمدانی، ابن وہب مالک بن انس، عبداللہ بن ابی بکر، ان کے والد ماجد،

أَخْبَرَنِي مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ أَنَّ أَبَاهُ أَخْبَرَهُ أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ أَخْبَرَهُ أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ أَبِي عَمْرَةَ الْأَنْصَارِيَّ أَخْبَرَهُ أَنَّ زَيْدَ بْنَ خَالِدٍ الْجُهَنِيَّ أَخْبَرَهُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ الشُّهَدَاءِ الَّذِي يَأْتِي بِشَهَادَتِهِ أَوْ يُخْبِرُ بِشَهَادَتِهِ قَبْلَ أَنْ يُسْأَلَهَا شَكَّ عَبْدُ اللهِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ أَيَّتُهُمَا قَالَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ قَالَ مَالِكٌ الَّذِي يُخْبِرُ بِشَهَادَتِهِ وَلَا يَعْلَمُ بِهَا الَّذِي هِيَ لَهُ قَالَ الْهَمْدَانِيُّ وَيَرْفَعُهَا إِلَى السُّلْطَانِ قَالَ ابْنُ السَّرْحِ أَوْ يَأْتِي بِهَا الْإِمَامَ وَالْإِخْبَارُ فِي حَدِيثِ الْهَمْدَانِيِّ قَالَ ابْنُ السَّرْحِ ابْنُ أَبِي عَمْرَةَ لَمْ يَقُلْ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ۔

عبداللہ بن عمرو بن عثمان بن عفان، عبدالرحمٰن بن ابوعمرہ انصاری نے حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کیا میں تمہیں اچھے گواہوں کے متعلق نہ بتاؤں جو گواہی دینے آتا ہے یا اپنی گواہی کے متعلق بتاتا ہے پہلے اس سے کہ اس کے متعلق پوچھا جائے۔ ان دونوں باتوں میں عبداللہ بن ابوبکر کو شک ہے کہ کونسی فرمائی۔ امام ابوداؤد کا بیان ہے کہ امام مالک نے فرمایا۔ جو اپنی گواہی کے متعلق بتاوے اور یہ نہ جانتے کہ وہ کس شخص کے حق میں ہے۔ ہمدانی نے کہا کہ اسے سلطان کے پاس لے جائے۔ ابن السرح نے کہا کہ اسے امام کے پاس لے جائے۔ اخبار کا لفظ حدیث ہمدانی میں ہے۔ ابن السرح نے ابن ابی عمرہ کہا ہے اور عبدالرحمٰن نہیں کہا۔

بَابٌ فِي الرَّجُلِ يُعِينُ عَلَى خُصُومَةٍ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَعْلَمَ أَمْرَهَا۔

علم نہ ہونے کے باوجود فریقین میں سے کسی ایک کی مدد کرنا۔

۲۰۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا زُهَيْرٌ نَا عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ رَاشِدٍ قَالَ جَلَسْنَا لِعَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ فَخَرَجَ إِلَيْنَا فَجَلَسَ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ حَالَتْ شَفَاعَتُهُ دُونَ حَدٍّ مِنْ حُدُودِ اللهِ فَقَدْ ضَادَّ اللهَ وَمَنْ خَاصَمَ فِي بَاطِلٍ وَهُوَ يَعْلَمُهُ لَمْ يَزَلْ فِي سَخَطِ اللهِ حَتَّى يَنْزِعَ عَنْهُ وَمَنْ قَالَ فِي مُؤْمِنٍ مَا لَيْسَ فِيهِ أَسْكَنَهُ اللهُ رَدْغَةَ الْخَبَالِ حَتَّى يَخْرُجَ مِمَّا قَالَ۔

یحییٰ بن راشد کا بیان ہے کہ ہم حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے انتظار میں بیٹھے۔ وہ ہمارے پاس تشریف لائے۔ بیٹھے اور فرمایا۔ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جس نے اللہ کی حدوں میں سے کسی حد کو روکنے کی سفارش کی تو اس نے اللہ سے ضد بازی کی اور جو جان بوجھ کر باطل کی حمایت میں جھگڑا وہ ہمیشہ خدا کے غضب میں رہے گا یہاں تک کہ اسے چھوڑ دے اور جس نے کسی مومن کے متعلق ایسی بات کہی جو اس میں نہ ہو تو وہ دوزخیوں کی گندگی میں رہے گا یہاں تک کہ اپنی بات سے توبہ کر لے۔

۲۰۲۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ نَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ نَا عَاصِمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ الْعُمَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي الْمُثَنَّى بْنُ يَزِيدَ عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ

علی بن حسین بن ابراہیم، عمر بن یونس، عاصم بن محمد بن زید عمری، مثنیٰ بن یزید، مطر وراق، نافع نے ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے معناً اسی ارشاد کے بعد فرمایا۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَاهُ قَالَ وَمَنْ أَعَانَ عَلَى خُصُومَةٍ بِظُلْمٍ فَقَدْ بَاءَ بِغَضَبٍ مِنَ اللّٰهِ۔

جس نے ظلم کے کام میں ناحق مدد کی تو وہ اللہ کے غضب میں آگیا۔

بَاب ۵ فِي شَهَادَةِ الزُّوْرِ۔

۲۰۳۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوسَى الْبَلْخِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنِي سُفْيَانُ يَعْنِي الْعُصْفُرِيَّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ حَبِيبِ بْنِ النُّعْمَانِ الْأَسَدِيِّ عَنْ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ قَالَ صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الصُّبْحِ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَامَ قَائِمًا فَقَالَ عُدِلَتْ شَهَادَةُ الزُّوْرِ بِالْإِشْرَاكِ بِاللّٰهِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ قَرَأَ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْأَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوا قَوْلَ الزُّوْرِ حُنَفَاءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِينَ بِهٖ۔

جھوٹی گواہی کا بیان۔

حبیب بن نعمان اسدی سے روایت ہے کہ حضرت خریم بن فاتک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نمازِ فجر پڑھی جب فارغ ہوئے تو کھڑے ہو گئے اور فرمایا۔ جھوٹی گواہی اللہ کے شریک ٹھہرانے کے برابر ہو گئی۔ تین مرتبہ یہی فرمایا پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی "تو بتوں کی گندگی سے دور رہو اور بچو جھوٹی بات سے ایک اللہ کے ہو کر اور اس کا شریک کسی کو نہ ٹھہراؤ۔ (۲۲: ۳۰، ۳۱)۔

بَاب ۶ مَنْ تُرَدُّ شَهَادَتُهٗ۔

۲۰۴۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ نَا سُلَيْمَانُ بْنُ مُوسَى عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهٖ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَدَّ شَهَادَةَ الْخَائِنِ وَالْخَائِنَةِ وَذِي الْغِمْرِ عَلَى أَخِيهِ وَرَدَّ شَهَادَةَ الْقَانِعِ لِأَهْلِ الْبَيْتِ وَأَجَازَهَا لِغَيْرِهِمْ قَالَ أَبُو دَاوُدَ الْغِمْرُ الْحِقْدُ وَالشَّحْنَاءُ۔

ناقابلِ قبول گواہی۔

عمرو بن شعیب کے والدِ محترم نے ان کے جدِ امجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیانت کرنے والے مرد، خیانت کرنے والی عورت اور اپنے بھائی سے عداوت رکھنے والے کی گواہی رد فرمائی اور اپنے گھر والوں کے لئے قناعت کرنے والوں کی ان کے متعلق گواہی رد فرمائی اور دوسروں کے لئے اسے جائز رکھا۔ ابوداؤد نے فرمایا کہ اَلْغِمْر سے مراد بغض و عداوت ہے۔

۲۰۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَفِ بْنِ طَارِقٍ الرَّازِيُّ نَا زَيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ الْخُزَاعِيُّ قَالَ نَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى بِإِسْنَادِهٖ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَجُوزُ شَهَادَةُ خَائِنٍ وَلَا خَائِنَةٍ وَلَا زَانٍ وَلَا زَانِيَةٍ وَلَا ذِي غِمْرٍ عَلَى أَخِيهِ۔

محمد بن خلف بن طارق رازی، زید بن یحییٰ بن عبید خزاعی، سعید بن عبد العزیز نے سلیمان بن موسیٰ سے اپنی اسناد کے ساتھ اسے روایت کرتے ہوئے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ خیانت کرنے والے مرد، خیانت کرنے والی عورت، زانی، زانیہ اور اپنے بھائی سے کینہ و عداوت رکھنے والے کی گواہی جائز نہیں۔

بَاب ۷ شَهَادَةُ الْبَدَوِيِّ عَلَى أَهْلِ

دیہاتی کا شہری کی گواہی دینا۔

الْأَمْصَارِ۔

۲۰۶۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَنَافِعُ بْنُ يَزِيدَ عَنِ ابْنِ الْهَادِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا يَجُوزُ شَهَادَةُ بَدَوِيٍّ عَلَى صَاحِبِ قَرْيَةٍ۔

احمد بن سعید ہمدانی، ابن وہب، یحییٰ بن ایوب اور نافع بن یزید، ابن الہاد، محمد بن عمرو بن عطاء، عطاء بن یسار، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ جنگلوں میں رہنے والے کی گواہی بستیوں میں رہنے والے کے لیے جائز نہیں ہے۔

بَابُ الشَّهَادَةِ عَلَى الرَّضَاعِ

رضاعت کی گواہی۔

۲۰۷۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ نَا حَمَّادُ ابْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ قَالَ حَدَّثَنِي عُقْبَةُ بْنُ الْحَارِثِ وَحَدَّثَنِيهِ صَاحِبٌ لِي عَنْهُ وَأَنَا لِحَدِيثِ صَاحِبِي أَحْفَظُ قَالَ تَزَوَّجْتُ أُمَّ يَحْيَى بِنْتَ أَبِي إِهَابٍ فَدَخَلَتْ عَلَيْنَا امْرَأَةٌ سَوْدَاءُ فَزَعَمَتْ أَنَّهَا أَرْضَعَتْنَا جَمِيعًا فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لَهُ فَأَعْرَضَ عَنِّي فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّهَا لَكَاذِبَةٌ قَالَ وَمَا يُدْرِيكَ وَقَدْ قَالَتْ مَا قَالَتْ دَعْهَا عَنْكَ۔

ابن ابی ملیکہ نے حضرت عقبہ بن عامر سے روایت کی کہ مجھ سے میرے ایک دوست نے حدیث بیان کی اور مجھے اپنے دوست کی حدیث خوب یاد ہے۔ اس نے کہا کہ میں نے ام یحییٰ بنت اہاب سے نکاح کیا پس ہمارے پاس ایک کالے رنگ کی عورت آئی اور دعویٰ کیا کہ اس نے ہم دونوں (میاں بیوی) کو دودھ پلایا ہے۔ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اس بات کا آپ سے ذکر کیا۔ آپ نے مجھ سے اعراض فرمایا۔ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! بیشک وہ جھوٹی ہے۔ فرمایا تمہیں کیسے معلوم ہوا؟ وہ اس بات کا دعویٰ کر رہی ہے تو تم اسے (اپنی بیوی کو) چھوڑ دو۔

ف:۔ جمہور علماء کے نزدیک مرضعہ کسی بھی ایک عورت کی گواہی سے رضاعت ثابت نہیں ہوتی بلکہ اس کے لئے بھی دو مردوں یا ایک مرد اور دو عورتوں کی گواہی درکار ہے اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جو حضرت عقبہ بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اس عورت کے چھوڑ دینے کے متعلق فرمایا تو یہ ورع و تقویٰ کے باعث ہے۔ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک دو عورتوں کی گواہی سے رضاعت ثابت ہو جاتی ہے۔ بعض چار عورتوں کی گواہی کو ثبوت رضاعت میں کافی مانتے ہیں۔ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک صرف مرضعہ کی شہادت ثبوت رضاعت کے لئے کافی ہے جیسا کہ اس حدیث کا ظاہری مفاد ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۰۸۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ نَا الْحَارِثُ بْنُ عُمَيْرٍ الْبَصْرِيُّ ح وَحَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا إِسْمَعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ كِلَاهُمَا عَنْ أَيُّوبَ عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنْ

احمد بن شعیب حرانی، حارث بن عمیر بصری۔ عثمان بن ابوشیبہ، اسمٰعیل بن علیہ، ایوب، ابن ابی ملیکہ، عبیدہ بن مریم نے حضرت عقبہ بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے۔ میں (ابن ابی ملیکہ) نے اسے حضرت عقبہ

عُبَيْكِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ وَقَدْ سَمِعْتُهُ مِنْ عُقْبَةَ وَلَكِنِّي لِحَدِيثِ عُبَيْكٍ أَحْفَظُ فَذَكَرَ مَعْنَاهُ.

سے بھی سنا ہے لیکن عبید بن مریم کی حدیث مجھے زیادہ یاد ہے۔ پھر معناً وہی حدیث بیان کی۔

بَابُ شَهَادَةِ أَهْلِ الذِّمَّةِ فِي الْوَصِيَّةِ فِي السَّفَرِ.

سفر میں وصیّت کے متعلق ذمّی کی گواہی۔

۲۰۹- حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ أَيُّوبَ نَا هُشَيْمٌ أَنَا زَكَرِيَّا عَنِ الشَّعْبِيِّ أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْمُسْلِمِينَ حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ بِدَقُوقَاءَ هٰذِهٖ وَلَمْ يَجِدْ أَحَدًا مِنَ الْمُسْلِمِينَ يُشْهِدُهُ عَلَى وَصِيَّتِهٖ فَأَشْهَدَ رَجُلَيْنِ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ فَقَدِمَا الْكُوفَةَ فَأَتَيَا أَبَا مُوسَى الْأَشْعَرِيَّ فَأَخْبَرَاهُ وَقَدِمَا بِتَرِكَتِهٖ وَوَصِيَّتِهٖ فَقَالَ الْأَشْعَرِيُّ هٰذَا أَمْرٌ لَمْ يَكُنْ بَعْدَ الَّذِي كَانَ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَحْلَفَهُمَا بَعْدَ الْعَصْرِ بِاللّٰهِ مَا خَانَا وَلَا كَذَبَا وَلَا بَدَّلَا وَلَا كَتَمَا وَلَا غَيَّرَا وَإِنَّهَا لَوَصِيَّةُ الرَّجُلِ وَتَرِكَتُهٗ فَأَمْضٰى شَهَادَتَهُمَا.

شعبی سے روایت ہے کہ دقوقا کے مقام پر ایک مسلمان کا آخری وقت آگیا اور اسے کوئی مسلمان نہ ملا جو وصیت پر اس کی گواہی دے۔ پس اس نے اہل کتاب میں سے دو آدمیوں کو گواہ بنا لیا۔ دونوں کوفے میں آئے اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر واقعہ عرض کر دیا۔ حضرت اشعری نے فرمایا۔ یہ ایسا واقعہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں ہوا اور اس کے بعد نہیں ہوا۔ پس عصر کے بعد اُن دونوں سے خدا کی قسم لی کہ ہم نے نہ خیانت کی۔ نہ جھوٹ بولا، نہ بات تبدیل کی، نہ چھپائی اور نہ اس میں تغیر و تبدیل کیا۔ اس آدمی کی یہ وصیت ہے اور یہ اس کا ترکہ ہے۔ پس ان دونوں کی گواہی پر حکم کر دیا گیا۔

۲۱۰- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا يَحْيَى ابْنُ آدَمَ نَا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي الْقَاسِمِ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ خَرَجَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي سَهْمٍ مَعَ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ وَعَدِيِّ بْنِ بَدَّاءٍ فَمَاتَ السَّهْمِيُّ بِأَرْضٍ لَيْسَ بِهَا مُسْلِمٌ فَلَمَّا قَدِمَا بِتَرِكَتِهٖ فَقَدُوا جَامَ فِضَّةٍ مُخَوَّصًا بِالذَّهَبِ فَأَحْلَفَهُمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ وُجِدَ الْجَامُ بِمَكَّةَ فَقَالُوا اشْتَرَيْنَاهُ مِنْ تَمِيمٍ وَعَدِيٍّ فَقَامَ رَجُلَانِ مِنْ أَوْلِيَاءِ السَّهْمِيِّ فَحَلَفَا لَشَهَادَتُنَا أَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا وَإِنَّ الْجَامَ لِصَاحِبِنَا قَالَ فَنَزَلَتْ فِيهِمْ

عبدالملک بن سعید بن جبیر نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ بنی سہم کا ایک آدمی تمیم داری اور عدی بن بدا کے ساتھ سفر میں نکلا۔ سہمی نے ایسی جگہ وفات پائی جہاں کوئی مسلمان نہ تھا جب یہ دونوں اس کا ترکہ لے کر واپس آئے تو چاندی کا ایک گلاس نہ تھا جس پر سونے کا ایک پتر اچڑھا ہوا تھا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں سے حلف لیا۔ پھر وہ گلاس مکہ مکرمہ میں پایا گیا۔ ان لوگوں نے کہا کہ ہم نے اسے تمیم اور عدی سے خرید لیا ہے۔ پس سہمی کے وارثوں سے دو آدمی کھڑے ہوئے اور قسم دی کہ ہماری گواہی اُن دونوں کی گواہی سے زیادہ معتبر ہے اور یہ گلاس ہمارے آدمی کا ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ اُن کے بارے

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ۔

باب ٨٠ اِذَا عَلِمَ الْحَاكِمُ صِدْقَ شَهَادَةِ الْوَاحِدِ يَجُوْزُ لَهٗ اَنْ يَقْضِيَ بِهٖ۔

٢١١ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ اَنَّ الْحَكَمَ بْنَ نَافِعٍ حَدَّثَهُمْ قَالَ اَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ اَنَّ عَمَّهٗ حَدَّثَهٗ وَهُوَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْتَاعَ فَرَسًا مِنْ اَعْرَابِيٍّ فَاسْتَتْبَعَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَقْضِيَهٗ ثَمَنَ فَرَسِهٖ فَاَسْرَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَشْيَ وَاَبْطَاَ الْاَعْرَابِيُّ فَطَفِقَ رِجَالٌ يَعْتَرِضُوْنَ الْاَعْرَابِيَّ فَيُسَاوِمُوْنَهٗ بِالْفَرَسِ وَلَا يَشْعُرُوْنَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْتَاعَهٗ فَنَادَى الْاَعْرَابِيُّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنْ كُنْتَ مُبْتَاعًا هٰذَا الْفَرَسَ وَاِلَّا بِعْتُهٗ فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ سَمِعَ نِدَاءَ الْاَعْرَابِيِّ فَقَالَ اَوَلَيْسَ قَدِ ابْتَعْتُهٗ مِنْكَ قَالَ الْاَعْرَابِيُّ لَا وَاللّٰهِ مَا بِعْتُكَهٗ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَلٰى قَدِ ابْتَعْتُهٗ مِنْكَ فَطَفِقَ الْاَعْرَابِيُّ يَقُوْلُ هَلُمَّ شَهِيْدًا فَقَالَ خُزَيْمَةُ اَنَا اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ بَايَعْتَهٗ فَاَقْبَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى خُزَيْمَةَ فَقَالَ بِمَ تَشْهَدُ فَقَالَ بِتَصْدِيْقِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهَادَةَ خُزَيْمَةَ بِشَهَادَةِ رَجُلَيْنِ۔

ف :- اللہ جل مجدہ نے قرآن مجید میں فرمایا۔ "(۲:۶۵)/ اور اپنے میں دو ثقہ کو گواہ کر لو۔

میں یہ آیت نازل ہوئی۔ اے ایمان والو! تمہاری آپس کی گواہی ہے جب تم میں کسی کو موت آئے (۵-۱۰۶)۔

جب حاکم کو ایک گواہ کی سچائی معلوم ہو جائے تو اس کے مطابق فیصلہ کرنا جائز ہے۔

عمارہ بن خزیمہ نے اپنے چچا جان سے روایت کی ہے جو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب سے تھے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کسی اعرابی سے گھوڑا خریدا۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اُسے ساتھ لے چلے تاکہ گھوڑے کی قیمت اسے ادا کر دی جائے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جلدی جلدی چل رہے تھے اور اعرابی آہستہ آہستہ۔ پس اعرابی کو چند حضرات ملے جو اس سے گھوڑے کا سودا کرنے لگے اور انہیں معلوم نہیں تھا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کا سودا کر چکے ہیں۔ چنانچہ اعرابی نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو آواز دیتے ہوئے کہا کہ آپ اس گھوڑے کو خریدنا چاہتے ہیں تو خرید لیں ورنہ میں اسے فروخت کرتا ہوں۔ پس اعرابی کی یہ آواز سن کر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھڑے ہو گئے اور فرمایا۔ کیا میں نے اسے تم سے خرید نہیں لیا ہے؟ اعرابی نے کہا۔ خدا کی قسم میں نے تو آپ کے ہاتھوں فروخت نہیں کیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیوں نہیں میں نے تو تم سے خرید لیا ہے۔ اعرابی نے کہنا شروع کیا۔ اچھا تو گواہ لے آؤ۔ حضرت خزیمہ نے کہا۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے یہ خریدا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت خزیمہ کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا تم کس طرح گواہی دیتے ہو؟ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! آپ کو سچا جانتے ہوئے۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت خزیمہ کی گواہی کو دو آدمیوں کی گواہی کے برابر کر دیا۔

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پروردگار عالم کے خلیفۂ اعظم و محبوب اکرم ہیں لہٰذا آپ کو یہ اختیار دیا گیا کہ تشریعی امور سے جس کو چاہیں مستثنیٰ کر دیں اور جس کے لئے چاہیں اختصاص فرما دیں۔ امام احمد خطیب قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۹۲۳ھ/۱۵۱۶ء) نے مواہب لدنیہ شریف میں فرمایا مِنْ خَصَائِصِهٖ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ يَخُصُّ مَنْ شَاءَ بِمَا شَاءَ مِنَ الْاَحْكَامِ ۔ امام عبدالباقی زرقانی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۱۲۲ھ/۱۷۱۰ء) نے اس کی شرح میں فرمایا۔ (مِنَ الْاَحْكَامِ وَغَيْرِهَا) خاتم الحفاظ امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ المتوفی ۹۱۱ھ/۱۵۰۵ء) نے خصائص کبریٰ شریف میں ایک باب ان لفظوں میں باندھا۔ بَابُ اخْتِصَاصِهٖ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَنَّهٗ يَخُصُّ مَنْ شَاءَ بِمَا شَاءَ مِنَ الْاَحْكَامِ ۔ چنانچہ امام قسطلانی نے مواہب لدنیہ کے اندر اس اختصاص سے متعلق پانچ واقعے بیان کئے، جن کو خصائص کبریٰ میں امام سیوطی نے نقل کر کے پانچ کا اور اضافہ فرمایا۔ امام احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اس زیادت سے تین واقعے ترک کر کے احادیث مطہرہ سے پندرہ واقعات کا مزید اضافہ فرمایا اور جملہ بائیس نظائر پیش فرمائے۔ اکیلے حضرت خزیمہ کی گواہی شہادت کا مکمل نصاب بنانے یعنی دو آدمیوں کی گواہی کے برابر کر دینے کا واقعہ سنن ابوداؤد، سنن نسائی، طحاوی، ابن ماجہ اور خزیمہ بن عمارہ بن خزیمہ بن ثابت نے اپنے چچا جان سے روایت کیا جو صحابی تھے اور مصنف ابن ابی شیبہ، تاریخ بخاری، مسند ابو یعلی، صحیح ابن خزیمہ اور معجم کبیر طبرانی میں خود حضرت خزیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے۔ اس حدیث کے آخری الفاظ۔ فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهَادَةَ خُزَيْمَةَ بِشَهَادَةِ رَجُلَيْنِ سے حق تعالیٰ کے محبوب اکرم، خلیفۂ اعظم کے خداداد اختیارات کی کیسی واضح اور ایمان افروز شہادت مل رہی ہے جو ایمان افروز بھی ہے اور شیطنت سوز بھی۔
واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب القَضَاءِ بِالْيَمِيْنِ وَالشَّاهِدِ۔ ایک قسم اور ایک گواہ پر فیصلہ کرنا۔

۲۱۲۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ اَنَّ زَيْدَ بْنَ الْحُبَابِ حَدَّثَهُمْ قَالَ نَا سَيْفٌ الْمَكِّيُّ قَالَ عُثْمَانُ سَيْفُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِيَمِيْنٍ وَشَاهِدٍ۔

عثمان بن ابو شیبہ اور حسن بن علی، زید بن حباب، سیف مکی، عثمان نے سیف بن سلیمان کہا ہے، قیس بن سعد، عمرو بن دینار، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک قسم اور ایک گواہ پر فیصلہ فرمایا۔

۲۱۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى وَسَلَمَةُ بْنُ شَبِيْبٍ قَالَا نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ بِاِسْنَادِهٖ وَمَعْنَاهُ قَالَ سَلَمَةُ فِيْ حَدِيْثِهٖ قَالَ عَمْرٌو فِي الْحُقُوْقِ۔

محمد بن مسلم نے عمرو بن دینار سے اسے اپنی اسناد کے ساتھ معنًا روایت کیا ہے۔ سلمہ بن شبیب نے اپنی حدیث میں کہا۔ عمرو بن دینار نے فرمایا کہ وہ فیصلہ حقوق سے متعلق تھا۔

۲۱۴۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ اَبُوْ مُصْعَبٍ الزُّهْرِيُّ قَالَ نَا الدَّرَاوَرْدِيُّ عَنْ رَبِيْعَةَ

سہیل بن ابو صالح کے والد ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم

ابن ابی عبد الرحمن عن سهيل بن ابی صالح عن ابیه عن ابی هریرة ان النبی صلی الله علیه وسلم قضی بالیمین مع الشاهد قال ابوداود وزادنی الربیع بن سلیمان المؤذن فی هذا الحدیث قال انا الشافعی عن عبد العزیز قال فذكرت ذلك لسهیل فقال اخبرنی ربیعة وهو عندی ثقة انی حدثته ایاه ولا احفظه قال عبد العزیز وقد كان اصابت سهیلا علة اذهبت بعض عقله ونسی بعض حدیثه فكان سهیل بعد یحدثه عن ربیعة عنه عن ابیه۔

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک قسم اور ایک گواہ پر فیصلہ فرمایا امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ربیع بن سلیمان مؤذن نے اس حدیث میں یہ بھی کہا کہ شافعی نے عبد العزیز سے روایت کرتے ہوئے کہا کہ میں نے سہیل سے اس کا ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا کہ مجھے ربیعہ بن ابو عبد الرحمٰن نے خبر دی اور وہ میرے نزدیک قابل اعتبار ہیں اور میں نے انہیں یہ حدیث سنائی تھی لیکن مجھے اچھی طرح یاد نہیں رہی ۔ عبد العزیز کا بیان ہے کہ سہیل کو ایک مرض لاحق ہو گیا تھا جس کے باعث اُن کی عقل میں فتور آگیا تھا جس کے باعث وہ بعض حدیثوں کو بھول گئے تھے۔ پس اس کے بعد سہیل روایت کرتے تھے ربیعہ سے اُن کے والدِ ماجد کے واسطے سے ۔

ف:۔ آئمہ ثلاثہ کے نزدیک حقوق میں ایک گواہ اور ایک قسم پر فیصلہ ہو سکتا ہے۔ اِن حضرات کے نزدیک یہ حدیثیں حجت ہیں جبکہ امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ان حدیثوں کو قرآن مجید کے اصولِ شہادت سے ٹکرانے کے باعث قابلِ استناد و اعتماد شمار نہیں کرتے اور ان کے نزدیک قرآن کریم کے مقرر فرمودہ اصول شہادت یعنے دو مردوں یا ایک مرد اور دو عورتوں کی گواہی حقوق میں بھی ضروری ہے ۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۱۵۔ حدثنا محمد بن داود الاسكندرانی نا زیاد یعنی ابن یونس حدثنی سلیمان بن بلال عن ربیعة باسناد ابی مصعب ومعناه قال سلیمان فلقیت سهیلا فسالته عن هذا الحدیث فقال ما اعرفه فقلت له ان ربیعة اخبرنی به عنك قال فان كان ربیعة اخبرك عنی فحدث به عن ربیعة عنی۔

سلیمان بن بلال نے ربیعہ سے ابو مصعب کی اسناد کے ساتھ معناً اسے روایت کیا۔ سلیمان نے کہا کہ میں سہیل سے ملا اور اس حدیث کے متعلق اُن سے پوچھا تو فرمایا۔ مجھے معلوم نہیں ۔ میں نے اُن سے کہا کہ ربیعہ نے مجھ سے یہ آپ کے واسطے سے بیان کی ہے۔ فرمایا کہ اگر ربیعہ تمہیں میرے واسطے سے بتاتے ہیں تو اسے ربیعہ سے میرے واسطے کے ساتھ روایت کرتے رہو۔

۲۱۶۔ حدثنا احمد بن عبدة نا عمار بن شعیب بن عبید الله بن الزبیب العنبری حدثنی ابی قال سمعت جدی الزبیب یقول بعث رسول الله صلی الله علیه وسلم جیشا الی بنی العنبر فاخذوهم بركبة من ناحیة الطائف فاستاقوهم الی نبی الله صلی

حضرت زبیب عنبری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بنی عنبر کی طرف ایک لشکر روانہ فرمایا۔ پس انہوں نے طائف کی نواحی بستی رکبہ میں انہیں گرفتار کر لیا اور انہیں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف لے چلے۔ پس میں ان سے پہلے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پہنچ کر عرض گزار ہوا کہ

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَسَبَقْتُہُمْ إِلَی النَّبِيِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ السَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَبِيَّ اللّٰہِ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہُ أَتَانَا جُنْدُکَ فَأَخَذُونَا وَقَدْ کُنَّا أَسْلَمْنَا وَخَضْرَمْنَا آذَانَ النَّعَمِ فَلَمَّا قَدِمَ بَلْعَنْبَرِ قَالَ لِي نَبِيُّ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ہَلْ لَکُمْ بَیِّنَۃٌ عَلَی أَنَّکُمْ أَسْلَمْتُمْ قَبْلَ أَنْ تُؤْخَذُوا فِي ہٰذِہِ الْأَیَّامِ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ مَنْ بَیِّنَتُکَ قَالَ سَمُرَۃُ رَجُلٌ مِنْ بَنِي الْعَنْبَرِ وَرَجُلٌ آخَرُ سَمَّاہُ لَہُ فَشَہِدَ الرَّجُلُ وَأَبَی سَمُرَۃُ أَنْ یَشْہَدَ فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَدْ أَبَی أَنْ یَشْہَدَ لَکَ فَتَحْلِفُ مَعَ شَاہِدِکَ الْآخَرِ فَقُلْتُ نَعَمْ فَاسْتَحْلَفَنِي فَحَلَفْتُ بِاللّٰہِ لَقَدْ أَسْلَمْنَا یَوْمَ کَذَا وَکَذَا ثُمَّ خَضْرَمْنَا آذَانَ النَّعَمِ فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اذْہَبُوا فَقَاسِمُوہُمْ أَنْصَافَ الْأَمْوَالِ وَلَا تَمَسُّوا ذَرَارِیَّہُمْ لَوْلَا أَنَّ اللّٰہَ تَعَالَی لَا یُحِبُّ ضَلَالَۃَ الْعَمَلِ مَا رَزَیْنَاکُمْ عِقَالًا قَالَ الزُّبَیْبُ فَدَعَتْنِي أُمِّي فَقَالَتْ ہٰذَا الرَّجُلُ أَخَذَ زِرْبِیَّتِي فَانْصَرَفْتُ إِلَی نَبِيِّ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَعْنِي فَأَخْبَرْتُہُ فَقَالَ لِي احْبِسْہُ فَأَخَذْتُ بِتَلْبِیبِہِ وَقُمْتُ مَعَہُ مَکَانَنَا ثُمَّ نَظَرَ إِلَیْنَا نَبِيُّ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَائِمَیْنِ فَقَالَ مَا تُرِیدُ بِأَسِیرِکَ فَأَرْسَلْتُہُ مِنْ یَدِي فَقَامَ نَبِيُّ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِلرَّجُلِ رُدَّ عَلَی ہٰذَا زِرْبِیَّۃَ أُمِّہِ الَّتِي أَخَذْتَ مِنْہَا قَالَ یَا نَبِيَّ اللّٰہِ إِنَّہَا خَرَجَتْ مِنْ یَدِي قَالَ فَاخْتَلَعَ نَبِيُّ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَیْفَ الرَّجُلِ فَأَعْطَانِیہِ فَقَالَ لِلرَّجُلِ اذْہَبْ فَزِدْہُ آصُعًا مِنْ

اے اللہ کے نبی! آپ پر سلام ہو اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں۔ ہمارے پاس آپ کا لشکر پہنچا اور انہوں نے ہمیں گرفتار کر لیا حالانکہ ہم مسلمان ہو چکے تھے اور ہم نے اپنے جانوروں کے کان چیر دیئے تھے۔ جب لشکر بنی عنبر کو لے کر پہنچا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا۔ کیا تمہارے پاس اس بات کی شہادت ہے کہ ان دنوں میں گرفتار ہونے سے پہلے تم مسلمان ہو چکے تھے؟ میں عرض گزار ہوا، ہاں۔ فرمایا کہ تمہارے گواہ کون ہیں؟ عرض کی کہ بنی عنبر سے سمرہ اور دوسرے آدمی کا بھی نام لیا۔ تو دوسرے آدمی نے گواہی دی اور سمرہ نے گواہی دینے سے انکار کر دیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ انہوں نے تمہاری گواہی دینے سے انکار کر دیا تو کیا تم اپنے دوسرے گواہ کے ساتھ قسم کھاؤ گے؟ میں نے عرض کی ہاں۔ پس آپ نے مجھ سے حلف لیا تو میں نے اللہ کی قسم کھائی کہ ہم فلاں روز مسلمان ہو گئے تھے اور پھر ہم نے اپنے جانوروں کے کان چیرے تھے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے لشکریوں سے فرمایا کہ ان کا نصف مال آپس میں بانٹ لو اور ان کے اہل و عیال کو ہاتھ نہ لگانا۔ اگر مسلمان کے عمل کا ضائع جانا اللہ تعالیٰ ناپسند نہ فرماتا تو ہم تمہارے مال سے اونٹ کا گھٹنا باندھنے والی رسی بھی نہ لیتے۔ حضرت زبیب کا بیان ہے کہ میری والدۂ ماجدہ کو چھوڑ دیا گیا تو انہوں نے فرمایا۔ اس آدمی نے میری رضائی چھین لی ہے۔ پس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور یہ بات عرض کی تو آپ نے فرمایا اسے بلا کر لاؤ۔ پس میں نے اس کے گلے میں کپڑا ڈال کر آپ کی خدمت میں لا حاضر کیا۔ پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم دونوں کو کھڑے ہوئے ملاحظہ فرمایا۔ ارشاد فرمایا کہ تم اپنے قیدی سے کیا چاہتے ہو؟ پس میں نے اُسے چھوڑ دیا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو گئے اور اس سے فرمایا کہ اس کی والدہ کی رضائی دے دو جو تم نے لی ہے۔ عرض کی کہ یا نبی اللہ! وہ میرے قبضے سے جاتی رہی ہے۔ پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی تلوار لے کر مجھے عطا

طَعَامٍ قَالَ فَنَادَانِي أَصْعًا مِنْ شَعِيرٍ۔

فریادی اور اس آدمی سے فرمایا کہ جاکر اسے کئی صاع اناج دیدو۔ ۴

بَابُ ۸۲ الرَّجُلَانِ يَدَّعِيَانِ شَيْئًا وَلَيْسَتْ بَيْنَهُمَا بَيِّنَةٌ۔

دو شخص ایک چیز پر دعویٰ کریں اور گواہ کسی کے پاس نہ ہو۔

۲۱۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مِنْهَالٍ الضَّرِيرُ نَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ نَا ابْنُ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ أَنَّ رَجُلَيْنِ ادَّعَيَا بَعِيرًا أَوْ دَابَّةً إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَتْ لِوَاحِدٍ مِنْهُمَا بَيِّنَةٌ فَجَعَلَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمَا۔

سعید بن ابوبردہ کے والد ماجد نے اُن کے جدِ امجد حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ دو آدمیوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور ایک اونٹ یا کسی جانور کا دعویٰ کیا اور اُن میں سے کسی ایک کے پاس بھی گواہ نہ تھے۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے دونوں میں برابر برابر تقسیم کردیا۔

۲۱۸۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ نَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ سَعِيدٍ بِإِسْنَادِهِ وَمَعْنَاهُ۔

حسن بن علی، یحییٰ بن آدم، عبدالرحیم بن سلیمان نے سعید سے اپنی اسناد کے ساتھ اسے معناً روایت کیا ہے۔

۲۱۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ نَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ بِمَعْنَى إِسْنَادِهِ أَنَّ رَجُلَيْنِ ادَّعَيَا بَعِيرًا عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَعَثَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا شَاهِدَيْنِ فَقَسَمَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمَا نِصْفَيْنِ۔

ہمام نے قتادہ سے اپنی اسناد کے ساتھ معناً روایت کرتے ہوئے کہا کہ دو آدمیوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں ایک اونٹ کا دعویٰ کیا اور ہر ایک نے اپنے دعویٰ کے ثبوت میں دو گواہ پیش کئے تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وہ اُن دونوں کے درمیان نصف نصف تقسیم فرمادیا۔

۲۲۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مِنْهَالٍ نَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ نَا ابْنُ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ خِلَاسٍ عَنْ أَبِي رَافِعٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَجُلَيْنِ اخْتَصَمَا فِي مَتَاعٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ لِوَاحِدٍ مِنْهُمَا بَيِّنَةٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَهِمَا عَلَى الْيَمِينِ مَا كَانَ أَحَبَّا ذٰلِكَ أَوْ كَرِهَا۔

ابورافع نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ دو آدمیوں نے ایک چیز کے متعلق نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں جھگڑا پیش کیا اور ان میں سے گواہ کسی ایک کے پاس بھی نہ تھے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قسم پر قرعہ ڈالا جائے خواہ تم اسے پسند کرو یا ناپسند۔

۲۲۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَسَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ أَحْمَدُ نَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

احمد بن حنبل اور سلمہ بن شبیب، عبدالرزاق، احمد، معمر، ہمام بن منبہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے

۴۔ فریادی کا بیان سچ ثابت ہوا۔ اس لیے آپ نے اسے مطالبے سے زیادہ دلوایا۔

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا كَرِهَ الْإِثْنَانِ الْيَمِيْنَ أَوِ اسْتَحَبَّاهَا فَلْيَسْتَهِمَا عَلَيْهَا قَالَ سَلَمَةُ قَالَ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ وَقَالَ إِذَا أُكْرِهَ الْإِثْنَانِ عَلَى الْيَمِيْنِ۔

فرمایا۔ جب دونوں فریق قسم کو ناپسند کریں یا اسے پسند کرتے ہوں پھر بھی دونوں اس پر قرعہ ڈالیں گے۔ سلمہ کا بیان ہے کہ معمر نے فرمایا جبکہ دونوں قسم کو ناپسند کرتے ہوں۔

۲۲۲۔ حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ ابْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ نَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ عَنْ سَعِيْدِ ابْنِ أَبِيْ عَرُوْبَةَ بِإِسْنَادِ ابْنِ مِنْهَالٍ مِثْلَهُ قَالَ فِيْ دَابَّةٍ وَلَيْسَ لَهُمَا بَيِّنَةٌ فَأَمَرَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَسْتَهِمَا عَلَى الْيَمِيْنِ۔

خالد بن حارث نے سعید بن ابو عروبہ سے ابن منہال کی اسناد کے ساتھ اسی کے مانند روایت کرتے ہوئے کہا کہ ایک جانور کے متعلق اور دونوں کے پاس گواہ نہ تھے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قسم پر دونوں کے لئے قرعہ ڈالنے کا حکم فرمایا۔

باب ۸۳ اَلْيَمِيْنُ عَلَى الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ۔

قسم مدّعا علیہ پر ہے۔

۲۲۳۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ قَالَ نَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ قَالَ كَتَبَ إِلَيَّ ابْنُ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِالْيَمِيْنِ عَلَى الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ۔

نافع بن عمر سے روایت ہے کہ ابن ابی ملیکہ نے فرمایا حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے میرے لئے لکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فیصلہ فرمایا کہ قسم مدعا علیہ پر ہے۔

باب ۸۴ كَيْفَ الْيَمِيْنُ۔

قسم کس طرح لی جائے۔

۲۲۴۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا أَبُو الْأَحْوَصِ نَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ عَنْ أَبِيْ يَحْيٰى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَعْنِيْ لِرَجُلٍ أَحْلَفَهُ احْلِفْ بِاللّٰهِ الَّذِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ مَا لَهُ عِنْدَكَ شَيْءٌ يَعْنِيْ لِلْمُدَّعِيْ۔

ابو یحییٰ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک آدمی سے قسم کے لئے فرمایا کہ اس خدا کی قسم کھاؤ جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے کہ مدعی کی تمہارے پاس کوئی چیز نہیں ہے۔

باب ۸۵ إِذَا كَانَ الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ ذِمِّيًّا أَيَحْلِفُ۔

مدّعا علیہ ذمی ہو تو کیا اُسے قسم دی جائے۔

۲۲۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ نَا الْأَعْمَشُ عَنْ شَقِيْقٍ عَنِ الْأَشْعَثِ قَالَ كَانَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ رَجُلٍ مِنَ الْيَهُوْدِ أَرْضٌ فَجَحَدَنِيْ فَقَدَّمْتُهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَكَ بَيِّنَةٌ قُلْتُ لَا قَالَ لِلْيَهُوْدِيِّ احْلِفْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِذًا يَحْلِفَ وَيَذْهَبَ بِمَالِيْ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ إِنَّ الَّذِيْنَ

شقیق سے روایت ہے کہ حضرت اشعث رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ ایک زمین میرے اور ایک یہودی کے درمیان مشترک تھی۔ پس اس نے میرے حصے سے انکار کیا تو میں اسے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لے گیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا۔ کیا تمہارے پاس گواہ ہیں؟ میں عرض گزار ہوا کہ نہیں۔ یہودی سے فرمایا کہ تم قسم کھاؤ۔ میں نے عرض کی کہ یا رسول اللہ!

يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا
اِلَى اٰخِرِ الْاٰيَةِ۔

بَابٌ ۸۶ الرَّجُلُ يَحْلِفُ عَلٰى عِلْمِهٖ فِيْمَا غَابَ عَنْهُ۔

۲۲۶۔ حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ خَالِدٍ نَا الْفِرْيَابِيُّ نَا الْحَارِثُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنِيْ كُرْدُوْسٌ عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ اَنَّ رَجُلًا مِّنْ كِنْدَةَ وَ رَجُلًا مِّنْ حَضْرَمَوْتَ اخْتَصَمَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اَرْضٍ مِّنَ الْيَمَنِ فَقَالَ الْحَضْرَمِيُّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَرْضِيْ اغْتَصَبَنِيْهَا اَبُوْ هٰذَا وَ هِيَ فِيْ يَدِهٖ فَقَالَ هَلْ لَكَ بَيِّنَةٌ قَالَ لَا وَلٰكِنْ اُحَلِّفُهٗ وَاللّٰهِ مَا يَعْلَمُ اَنَّهَا اَرْضِيْ اغْتَصَبَنِيْهَا اَبُوْهُ فَتَهَيَّأَ الْكِنْدِيُّ يَعْنِيْ لِلْيَمِيْنِ وَسَاقَ الْحَدِيْثَ۔

۲۲۷۔ حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ نَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ الْحَضْرَمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ مِّنْ حَضْرَمَوْتَ وَرَجُلٌ مِّنْ كِنْدَةَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ الْحَضْرَمِيُّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ هٰذَا غَلَبَنِيْ عَلٰى اَرْضٍ كَانَتْ لِاَبِيْ فَقَالَ الْكِنْدِيُّ هِيَ اَرْضِيْ فِيْ يَدِيْ اَزْرَعُهَا لَيْسَ لَهٗ فِيْهَا حَقٌّ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْحَضْرَمِيِّ اَلَكَ بَيِّنَةٌ قَالَ لَا قَالَ فَلَكَ يَمِيْنُهٗ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهٗ فَاجِرٌ لَيْسَ يُبَالِيْ مَا حَلَفَ لَيْسَ يَتَوَرَّعُ مِنْ شَيْءٍ فَقَالَ لَيْسَ لَكَ مِنْهُ اِلَّا ذٰلِكَ۔

اس طرح تو یہ قسم کھا کر میرا مال لے جائے گا۔ پس اللہ تعالیٰ نے یہ حکم نازل فرمایا۔ اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ (الآیۃ)

کسی سے علم ہونے کے باعث قسم لینا جبکہ مدعا علیہ غائب ہو۔

کردوس نے حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ کندہ کے ایک آدمی اور حضرموت کے ایک آدمی نے زمین کا جھگڑا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا جو یمن میں تھی حضرمی عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! میری زمین کو اس کے باپ نے غصب کر لیا تھا اور وہ اس کے قبضے میں ہے۔ فرمایا کہ تمہارے پاس گواہ ہیں، عرض کی، نہیں لیکن میں اسے قسم دیتا ہوں کہ خدا کی قسم، وہ نہیں جانتا کہ یہ میری زمین ہے اور اس کے باپ نے مجھ سے چھینی تھی۔ پس کندی اسے قسم دینے کے لئے تیار ہو گیا اور باقی حدیث اسی طرح بیان کی۔

علقمہ بن وائل بن حجر حضرمی نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی حضرموت سے اور ایک کندہ سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے۔ پس حضرمی عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! اس نے میری زمین پر قبضہ کر رکھا ہے جو میرے باپ کی تھی۔ کندی نے کہا کہ وہ میری زمین ہے کیونکہ میرے قبضے میں ہے اور میں اس میں کھیتی باڑی کرتا ہوں۔ اس میں اس کا کوئی حق نہیں ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرمی سے فرمایا۔ کیا تمہارے پاس گواہ ہیں؟ اس نے عرض کی نہیں۔ فرمایا کہ تمہیں اس کی قسم ملے گی۔ عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! یہ تو فاجر ہے قسم کھانے کی اسے کیا پروا جو کسی برائی سے نہیں بچتا۔ فرمایا کہ نہیں ہے تمہارے لئے مگر یہی چیز۔

ف۔ قرآنی اصول قضا یہی ہے کہ مدعی گواہ پیش کرے۔ اگر اس کے پاس گواہ نہ ہوں تو مدعا علیہ کی قسم پر فیصلہ ہوگا۔ یہ الگ بات ہے کہ مدعا علیہ کی قسم سچی ہو یا جھوٹی لیکن ایسی صورت میں اس کے سوا اور چارہ کار نہیں ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۸۷ الذمی کیف یستحلف۔

۲۲۸۔ حدثنا محمد بن یحیی نا عبد الرزاق انا معمر عن الزھری قال نا رجل من مزینة ونحن عند سعید بن المسیب عن ابی ھریرة قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعنی للیھود انشدکم باللہ الذی انزل التوراة علی موسی تجدون فی التوراة علی من زنی۔

ذمی سے کیسے قسم لی جائے؟

محمد بن یحییٰ، عبدالرزاق، معمر، زہری، مزینہ کا ایک آدمی، سعید بن مسیب نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہودیوں سے فرمایا۔ میں تمہیں اللہ کی قسم دیتا ہوں جس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر توریت نازل فرمائی، کہ تم توریت میں اس کے متعلق کیا حکم پاتے ہو جس نے زنا کیا ہو؟

۲۲۹۔ حدثنا عبد العزیز بن یحیی ابو الاصبغ حدثنی محمد یعنی ابن سلمة عن محمد ابن اسحق عن الزھری بھذا الحدیث وباسنادہ قال حدثنی رجل من مزینة ممن کان یتبع العلم ویعیہ وساق الحدیث۔

عبدالعزیز بن یحییٰ ابو الاصبغ، محمد بن سلمہ، محمد بن اسحاق نے زہری سے اس حدیث کو اپنی اسناد کے ساتھ روایت کرتے ہوئے کہا۔ مجھ سے مزینہ کے اس شخص نے حدیث بیان کی جو عالم باعمل اور علم کا خزانہ تھا۔ آگے باقی حدیث بیان کی۔

۲۳۰۔ حدثنا محمد بن المثنی حدثنا عبد الاعلی نا سعید عن قتادة عن عکرمة ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لہ یعنی لابن صوریا اذکرکم باللہ الذی نجاکم من آل فرعون واقطعکم البحر وظلل علیکم الغمام وانزل علیکم المن والسلوی وانزل التوراة علی موسی اتجدون فی کتابکم الرجم قال ذکرتنی بعظیم ولا یسعنی ان اکذبک وساق الحدیث۔

قتادہ نے عکرمہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن صوریا سے فرمایا۔ میں تمہیں اللہ یاد دلاتا ہوں جس نے تمہیں فرعون کے ساتھیوں سے نجات دی اور دریا کو تمہارے لئے پھاڑا اور ابر کا تمہارے اوپر سایہ کیا اور تمہارے اوپر من وسلویٰ نازل کیا اور حضرت موسیٰ پر توریت نازل فرمائی کہ تم اپنی کتاب میں رجم کے متعلق کیا حکم پاتے ہو؟ کہا کہ آپ نے اتنا بڑا واسطہ دیا ہے کہ میں آپ سے جھوٹ بولنے کی جرأت نہیں کر سکتا۔ آگے باقی حدیث بیان کی۔

باب ۸۸ الرجل یحلف علی حقہ۔

آدمی کا اپنے حق کے لئے قسم کھانا۔

۲۳۱۔ حدثنا عبد الوھاب بن نجدة وموسی بن مروان الرقی قالا نا بقیة بن الولید عن بحیر بن سعد عن خالد بن معدان عن سیف عن عوف بن مالک انہ حدثھم ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قضی بین

سیف نے حضرت عوف بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو آدمیوں کے درمیان فیصلہ فرمایا جب وہ شخص پیٹھ پھیر کر چلا جس کے خلاف فیصلہ ہوا تھا تو اس نے کہا۔ میرے لئے اللہ کافی ہے اور وہ کافی ہے کام بنانے والا۔

رَجُلَيْنِ فَقَالَ الْمَقْضِيُّ عَلَيْهِ لَمَّا أَدْبَرَ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى يَلُومُ عَلَى الْعَجْزِ وَلَكِنْ عَلَيْكَ بِالْكَيْسِ فَإِذَا غَلَبَكَ أَمْرٌ فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ۔

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ مجبور بن بیٹھنے والے کو ملامت فرماتا ہے کیونکہ تمہارے لئے ہوشیاری لازم ہے۔ جب کسی معاملے میں بے بس ہو جاؤ تو کہو۔ میرے لئے اللہ کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے۔

باب ۹۹ فِي الدَّيْنِ هَلْ يُحْبَسُ بِهِ۔

کیا قرضے کے باعث کسی کو قید کیا جائے۔

۲۳۲۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ وَبْرِ بْنِ أَبِي دُلَيْلَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مَيْمُونٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيُّ الْوَاجِدِ يُحِلُّ عِرْضَهُ وَعُقُوبَتَهُ قَالَ ابْنُ الْمُبَارَكِ يُحِلُّ عِرْضَهُ يُغَلَّظُ عَلَيْهِ وَعُقُوبَتَهُ يُحْبَسُ لَهُ۔

عمرو بن شرید نے اپنے والدِ ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مالدار آدمی کا قرض ادا کرنے میں لیت ولعل کرنا اس کی آبرو ریزی اور سزا کو حلال کر دیتا ہے۔ ابن المبارک نے فرمایا۔ آبرو ریزی حلال کرنے سے مراد ہے اُس کے ساتھ تلخ کلامی ہوتی ہے اور سزا سے اسے قید کرنا مراد ہے۔

۲۳۳۔ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ أَسَدٍ نَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ نَا هِرْمَاسُ بْنُ حَبِيبٍ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِغَرِيمٍ لِي فَقَالَ لِي الْزَمْهُ ثُمَّ قَالَ لِي يَا أَخَا بَنِي تَمِيمٍ مَا تُرِيدُ أَنْ تَفْعَلَ بِأَسِيرِكَ۔

جنگل کے رہنے والے ایک شخص نے اپنے والدِ ماجد سے روایت کی کہ اُن کے جدِّ امجد نے فرمایا۔ میں اپنے ایک مقروض کو لے کر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا۔ آپ نے مجھ سے فرمایا۔ اسے پکڑے رکھو۔ مجھ سے پھر فرمایا۔ اے بنی تمیم کے بھائی! تم اپنے قیدی کے ساتھ کیا کرنا چاہتے ہو۔

۲۳۴۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى الرَّازِيُّ أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَبَسَ رَجُلًا فِي تُهْمَةٍ۔

ابراہیم بن موسیٰ رازی، عبدالرزاق، معمر، بہز بن حکیم کے والدِ ماجد نے ان کے جدِّ امجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو تہمت میں قید فرمایا۔

۲۳۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ وَمُؤَمَّلُ ابْنُ هِشَامِ بْنِ قُدَامَةَ حَدَّثَنِي إِسْمٰعِيلُ عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ ابْنُ قُدَامَةَ أَنَّ أَخَاهُ أَوْ عَمَّهُ وَقَالَ مُؤَمَّلٌ أَنَّهُ قَامَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَخْطُبُ فَقَالَ جِيرَانِي بِمَا أَخَذُوا فَأَعْرَضَ عَنْهُ۔

ابن قدامہ نے فرمایا کہ اُن کے بھائی صاحب یا چچا جان۔ مومل نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور آپ خطبہ دے رہے تھے۔ عرض گزار ہوئے کہ میرے ہمسائے نے فلاں چیز لے لی ہے۔ حضور نے اُن سے دو دفعہ اعراض فرمایا۔ پھر کسی چیز کا ذکر کیا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اُسے اپنے ہمسائے

مَرَّتَيْنِ ثُمَّ ذَكَرَ شَيْئًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلُّوا لَهُ عَنْ جِيرَانِهِ لَمْ يَذْكُرْ مُؤَمَّلٌ وَهُوَ يَخْطُبُ۔

کے لئے چھوڑ دو۔ مؤمل نے وَهُوَ يَخْطُبُ کا ذکر نہیں کیا۔

بَابٌ فِي الْوَكَالَةِ۔

وکالت کا بیان۔

۲۳۶۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ نَا عَمِّي نَا أَبِي عَنِ ابْنِ إِسْحٰقَ عَنْ أَبِي نُعَيْمٍ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّهُ سَمِعَهُ يُحَدِّثُ قَالَ أَرَدْتُ الْخُرُوجَ إِلَى خَيْبَرَ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ وَقُلْتُ لَهُ إِنِّي أَرَدْتُ الْخُرُوجَ إِلَى خَيْبَرَ فَقَالَ إِذَا أَتَيْتَ وَكِيلِي فَخُذْ مِنْهُ خَمْسَةَ عَشَرَ وَسْقًا فَإِنِ ابْتَغَى مِنْكَ آيَةً فَضَعْ يَدَكَ عَلَى تَرْقُوَتِهِ۔

وہب بن کیسان سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے حدیث بیان کرتے ہوئے فرمایا۔ میں نے خیبر کی جانب جانے کا ارادہ کیا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا، سلام کیا اور آپ کی خدمت میں عرض گزار ہوا کہ میں نے خیبر کی جانب جانے کا ارادہ کیا ہے۔ فرمایا کہ جب تم ہمارے وکیل کے پاس پہنچو تو اُس سے پندرہ وسق کھجوریں لے لینا۔ اگر وہ تم سے نشانی کا مطالبہ کرے تو اس کے گلے پر ہاتھ رکھ دینا۔

بَابٌ مِنَ الْقَضَاءِ۔

قضا کے متعلقات۔

۲۳۷۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا الْمُثَنَّى ابْنُ سَعِيدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ بَشِيرِ بْنِ كَعْبٍ الْعَدَوِيِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا تَدَارَأْتُمْ فِي طَرِيقٍ فَاجْعَلُوهُ سَبْعَةَ أَذْرُعٍ۔

بشیر بن کعب عدوی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب راستے کے بارے میں تمہارا جھگڑا ہو تو اسے سات ذراع رکھو۔

...

۲۳۸۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَابْنُ أَبِي خَلَفٍ قَالَا نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اسْتَأْذَنَ أَحَدَكُمْ أَخَاهُ أَنْ يَغْرِزَ خَشَبَةً فِي جِدَارِهِ فَلَا يَمْنَعْهُ فَنَكَسُوا فَقَالَ مَا لِي أَرَاكُمْ قَدْ أَعْرَضْتُمْ لَأُلْقِيَنَّهَا بَيْنَ أَكْتَافِكُمْ قَالَ أَبُو دَاؤُدَ هٰذَا حَدِيثُ ابْنِ أَبِي خَلَفٍ وَهُوَ أَتَمُّ۔

اعرج نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تمہارا بھائی تم سے تمہاری دیوار میں لکڑی گاڑنے کی اجازت مانگے تو اُسے منع نہ کیا کرو۔ پس لوگوں نے سر جھکا لئے۔ فرمایا (حضرت ابوہریرہ نے) بات کیا ہے؟ میں اس حکم سے آپ کو منہ موڑتے دیکھتا ہوں۔ میں یہ آپ حضرات کو سنا کر چھوڑوں گا امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یہ ابن ابی خلف کی حدیث ہے اور زیادہ مکمل ہے۔

ف:۔ یہ حکم استحبابی ہے کہ ہمسائے کی ضرورت کو ملحوظ رکھتے ہوئے اس کی ضرورت کو مدِ نظر رکھا جائے۔ اس امر کو واجب سمجھنا کسی طرح بھی درست نہیں کیونکہ اگر کسی خاص ضرورت کے بغیر ہمسایہ اس کی دیوار میں کیل گاڑنا چاہے تو خواہ دیوار کا نقصان ہو اور خواہ ہمسائے

گو چنداں ضرورت نہ ہو تب بھی اجازت دینی پڑے گی۔ دریں حالات اسے وجوب پر محمول کرنا محل نظر ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲۳۹۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا اللَّيْثُ عَنْ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنْ لُؤْلُؤَةَ عَنْ أَبِي صِرْمَةَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ قَالَ غَيْرُ قُتَيْبَةَ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ عَنْ أَبِي صِرْمَةَ صَاحِبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ مَنْ ضَارَّ أَضَرَّ اللهُ بِهِ وَمَنْ شَاقَّ شَاقَّ اللهُ عَلَيْهِ۔

قتیبہ بن سعید، لیث، یحییٰ، محمد بن یحییٰ بن حبان، لؤلؤہ نے حضرت ابو صرمہ سے ــــ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ قتیبہ کے سوا اس حدیث کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابی حضرت ابو صرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جس نے کسی کو نقصان پہنچایا تو اللہ تعالیٰ اُسے نقصان پہنچائے گا اور جس نے کسی سے دشمنی رکھی تو اللہ تعالیٰ اُس سے دشمنی رکھے گا۔

۲۴۰۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْعَتَكِيُّ نَا حَمَّادٌ نَا وَاصِلٌ مَوْلَى أَبِي عُيَيْنَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا جَعْفَرٍ مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ يُحَدِّثُ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ أَنَّهُ كَانَتْ لَهُ عَضُدٌ مِنْ نَخْلٍ فِي حَائِطِ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ قَالَ وَمَعَ الرَّجُلِ أَهْلُهُ قَالَ فَكَانَ سَمُرَةُ يَدْخُلُ إِلَى نَخْلِهِ فَيَتَأَذَّى بِهِ وَيَشُقُّ عَلَيْهِ فَطَلَبَ إِلَيْهِ أَنْ يَبِيعَهُ فَأَبَى فَطَلَبَ إِلَيْهِ أَنْ يُنَاقِلَهُ فَأَبَى فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ فَطَلَبَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَبِيعَهُ فَأَبَى فَطَلَبَ إِلَيْهِ أَنْ يُنَاقِلَهُ فَأَبَى قَالَ فَهَبْهُ لَهُ وَلَكَ كَذَا وَكَذَا أَمْرًا رَغَّبَهُ فِيهِ فَأَبَى فَقَالَ أَنْتَ مُضَارٌّ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْأَنْصَارِيِّ اذْهَبْ فَاقْلَعْ نَخْلَهُ۔

ابو جعفر محمد بن علی نے حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ کسی انصاری کے باغ میں اُن کے کھجور کے چند درخت تھے اور اُس کے اہل و عیال اُس کے ساتھ رہتے تھے۔ پس حضرت سمرہ اپنے درختوں کے پاس جاتے تو انصاری کو تکلیف ہوتی اور یہ بات اُس پر گراں گزرتی۔ پس اُس نے اِن سے درختوں کو بیچنے کا مطالبہ کیا تو انہوں نے انکار کر دیا۔ اُس نے تبدیل کرنے کے لیے کہا تب بھی انکار کیا۔ پس انہوں نے نبی کریم صلی اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر آپ سے اس کا ذکر کیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فروخت کر دینے کا مطالبہ کیا تو انہوں نے انکار کر دیا۔ ان سے تبدیل کر لینے کا مطالبہ کیا تب بھی انہوں نے انکار ہی کیا۔ فرمایا تو اُسے ہبہ کر دو اور بار بار اس بات کی ترغیب دی لیکن انہوں نے انکار ہی کیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انصاری سے فرمایا کہ جاؤ اور ان کے درختوں کو اکھاڑ کر پھینک دو۔

۲۴۱۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ نَا اللَّيْثُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ الزُّبَيْرِ حَدَّثَهُ أَنَّ رَجُلًا خَاصَمَ الزُّبَيْرَ فِي شِرَاجِ الْحَرَّةِ الَّتِي يَسْقُونَ بِهَا فَقَالَ الْأَنْصَارِيُّ سَرِّحِ الْمَاءَ يَمُرُّ فَأَبَى عَلَيْهِ الزُّبَيْرُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلزُّبَيْرِ اسْقِ يَا زُبَيْرُ ثُمَّ أَرْسِلْ إِلَى جَارِكَ قَالَ فَغَضِبَ الْأَنْصَارِيُّ فَقَالَ

عروہ نے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ حضرت زبیر سے ایک آدمی نے سنگستان کی نالی کے بارے میں جھگڑا کیا جس سے کھیتوں کو پانی دیا جاتا تھا۔ انصاری نے کہا کہ نالی کا پانی بہنے دو مگر حضرت زبیر نے انکار کیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت زبیر سے فرمایا:۔ اے زبیر! اپنے کھیت کو سیراب کرکے اپنے ہمسائے کے لیے چھوڑ دو۔ انصاری کو غصہ آیا اور کہا۔ یا رسول اللہ! اس لیے کہ وہ آپ

يا رسول الله إن كان ابن عمتك فتلون وجه رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم قال اسق إحبس لماء حتى يرجع إلى الجدر فقال الزبير فوالله إني لأحسب هذه الآية نزلت في ذلك فلا وربك لا يؤمنون حتى يحكموك الآية.

کی پھوپھی جان کے صاحبزادے ہیں۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پُر نور چہرے کا رنگ بدل گیا، پھر فرمایا۔ کھیت کو پانی دو اور روکے رکھو یہاں تک کہ منڈیروں تک بھر جائے۔ حضرت زبیر نے فرمایا: خدا کی قسم، میرے خیال میں یہ آیت اس بارے میں نازل فرمائی گئی: ۔ تو اے محبوب! تمہارے رب کی قسم، وہ مسلمان نہ ہوں گے جب تک اپنے آپس کے جھگڑے میں .... (۴ : ۶۵)

٢٤٢- حدثنا محمد بن العلاء نا أبو أسامة عن الوليد يعني ابن كثير عن أبي مالك ابن ثعلبة عن أبيه ثعلبة بن أبي مالك أنه سمع كبراءهم يذكرون أن رجلا من قريش كان له سهم في بني قريظة فخاصم إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم في مهزور يعني السيل الذي يقتسمون ماءه فقضى بينهم رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى الكعبين لا يحبس الأعلى على الأسفل.

ابو مالک بن ثعلبہ نے اپنے والد ماجد ثعلبہ بن ابو مالک سے روایت کی کہ انہوں نے اپنے بڑوں کو ذکر کرتے ہوئے سنا کہ قریش کے ایک آدمی کا بنی قریظہ کے پانی میں حصہ تھا۔ پس انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں نالے کا جھگڑا پیش کیا جس کا پانی وہ تقسیم کرلیا کرتے تھے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے درمیان ٹخنوں تک پانی کا فیصلہ فرمایا کہ اوپر والا اتنا ہونے پر نیچے والے کا پانی اُس کی طرف جانے سے نہ روکے۔

٢٤٣- حدثنا أحمد بن عبدة نا المغيرة ابن عبد الرحمن قال حدثني أبي عبد الرحمن ابن الحارث عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قضى في السيل المهزور أن يمسك حتى يبلغ الكعبين ثم يرسل الأعلى على الأسفل.

عمرو بن شعیب کے والد محترم نے اُن کے جدِ امجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مہزور کی ایک نالی کے متعلق فیصلہ فرمایا کہ کھیت کو سیراب کرتے ہوئے پانی روکا جائے کہ ٹخنوں تک ہوجائے۔ اس کے بعد اوپر کے کھیت والا نیچے کے کھیت والے کی طرف پانی چھوڑ دے۔

٢٤٤- حدثنا محمود بن خالد أن محمد ابن عثمان حدثهم قال نا عبد العزيز بن محمد عن أبي طوالة وعمرو بن يحيى عن أبيه عن أبي سعيد الخدري قال اختصم إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم رجلان في حريم نخلة في حديث أحدهما فأمر بها فذرعت فوجدت سبعة أذرع وفي حديث الآخر فوجدت خمسة

ابو طوالہ اور عمرو بن یحییٰ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور دو شخصوں نے کھجور کے ایک درخت کے نیچے جھگڑا پیش کیا۔ دونوں میں سے ایک حدیث میں ہے۔ آپ نے حکم فرمایا تو اُس کی پیمائش کی گئی۔ پس وہ سات ذراع نکلا۔ دوسری حدیث میں ہے کہ وہ پانچ ذراع نکلا۔

اَذْرُعٍ فَقَضٰى بِذٰلِكَ قَالَ عَبْدُ الْعَزِيْزِ فَاَمَرَ بِجَرِيْدَةٍ مِنْ جَرِيْدِهَا فَذُرِعَتْ۔

اٰخِرُ كِتَابِ الْاَقْضِيَةِ۔

پس آپ نے اُس کا فیصلہ فرمایا۔ عبدالعزیز کا بیان ہے کہ اُس کی ایک ٹہنی کے ساتھ آپ نے ناپنے کا حکم فرمایا تو اُس کی پیمائش کی گئی۔

کتاب الاقضیہ ختم ہوئی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

اَوَّلُ كِتَابِ الْعِلْمِ — علم کا بیان

بَابٌ فِي فَضْلِ الْعِلْمِ۔

۲۴۵۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ قَالَ سَمِعْتُ عَاصِمَ بْنَ رَجَاءِ بْنِ حَيْوَةَ يُحَدِّثُ عَنْ دَاوُدَ بْنِ جَمِيْلٍ عَنْ كَثِيْرِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا مَعَ أَبِي الدَّرْدَاءِ فِي مَسْجِدِ دِمَشْقَ فَجَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ يَا أَبَا الدَّرْدَاءِ إِنِّي جِئْتُكَ مِنْ مَدِيْنَةِ الرَّسُوْلِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَدِيْثٍ بَلَغَنِي أَنَّكَ تُحَدِّثُهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا جِئْتُ لِحَاجَةٍ قَالَ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ سَلَكَ طَرِيْقًا يَطْلُبُ فِيْهِ عِلْمًا سَلَكَ اللّٰهُ بِهِ طَرِيْقًا مِنْ طُرُقِ الْجَنَّةِ وَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَتَضَعُ أَجْنِحَتَهَا رِضًا لِطَالِبِ الْعِلْمِ وَإِنَّ الْعَالِمَ لَيَسْتَغْفِرُ لَهُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَالْحِيْتَانُ فِي جَوْفِ الْمَاءِ وَإِنَّ فَضْلَ الْعَالِمِ عَلَى الْعَابِدِ كَفَضْلِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ عَلَى سَائِرِ الْكَوَاكِبِ وَإِنَّ الْعُلَمَاءَ وَرَثَةُ الْأَنْبِيَاءِ وَإِنَّ الْأَنْبِيَاءَ لَمْ يُوَرِّثُوْا دِيْنَارًا وَلَا دِرْهَمًا إِنَّمَا وَرَّثُوا الْعِلْمَ فَمَنْ أَخَذَهُ أَخَذَ بِحَظٍّ وَافِرٍ۔

علم کی فضیلت کا بیان

عاصم بن رجاء بن حیوۃ نے داؤد بن جمیل سے روایت کی ہے کہ کثیر بن قیس نے فرمایا:- میں دمشق کی مسجد میں حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ ایک آدمی نے آکر کہا:- اے ابو درداء! میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مبارک شہر سے ایک حدیث کی خاطر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں۔ مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے آپ ایک حدیث روایت کرتے ہیں۔ میں کسی اور حاجت سے حاضر نہیں ہوا۔ حضرت ابو درداء نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو علم حاصل کرنے کے لیے کسی راستے پر چلے گا تو اللہ تعالیٰ اسے جنت کے راستے پر چلائے گا اور علم حاصل کرنے والے کی خوشی کے لیے فرشتے اپنے پروں کو بچھا دیتے ہیں اور عالم کے لیے آسمانوں اور زمین کی ہر چیز دعائے مغفرت کرتی ہے یہاں تک کہ پانی کی مچھلیاں بھی اور عبادت کرنے والوں پر عالم کی فضیلت ایسی ہے جیسی چودھویں رات کے چاند کی تمام ستاروں پر اور علماء ہی انبیائے کرام کے وارث ہیں کیونکہ انبیائے کرام کی میراث دینار یا درہم نہیں ہوتے ان حضرات کی میراث علم دین ہے جس نے اسے حاصل کر لیا اس نے بہت بڑا حصہ پا لیا۔

ف:- یہ حدیث علمائے دین کی قدر و منزلت پر روشن دلالت کر رہی ہے۔ جب بارگاہ خداوندی میں اس کی یہ عزت کہ فرشتے تک اس کے لیے اپنے پروں کو فرش راہ کرتے اور دریا کی مچھلیاں تک اس کے حق میں دعا کرتی ہیں۔ تو انسانوں پر اس کی تعظیم و توقیر کرنا اور اس کی خدمت میں کوشاں رہنا ضروری اور سعادت مندی ہے۔ علماء ہی لوگوں کو دین کی دولت سے مالامال

کر کے فکر آخرت میں لگاتے اور ان کے خالق و مالک سے ملاتے ہیں۔ جس عالم کی کاوشوں کا مرکز و محور فکر آخرت ہے وہی عالم دین ہے اور اس کی صحبت و خدمت اکسیر اعظم۔ جس عالم دین کی کوششیں دنیا کمانے کے لیے ہیں وہ علم دین حاصل کرنے کے باوجود عالم دنیا اور گمراہ ہے۔ اس کی صحبت سے کوسوں دور بھاگنا چاہیے۔ ایسے عالم کا علم اسے کوئی نفع نہیں دے گا بلکہ الٹا اس پر حجت ہوگا۔ عالم اگر واصل باللہ ہے اور لوگوں کو قعر جہنم سے بچانے اور ان کے پروردگار کا مقبول بنانے میں کوشاں ہے تو ایسا عالم یقیناً حضرت انبیائے کرام علیہم السلام کا وارث ہے لیکن جو عالم دنیا کمانے میں مصروف ہے اور علم دین سے اس کی غرض چند روزہ زندگی کے راحت و آرام کا حصول ہے تو وہ انبیائے کرام کا وارث نہیں بلکہ سرمایہ داروں کا وارث ہے۔ جس عالم نے صراط مستقیم اور راہ ہدایت میں پیوندکاری کر کے نئی صراط مستقیم بنائی، مسلمانوں سے الگ اپنی علیحدہ جماعت بنائی، اپنا فرقہ یا گروہ علیحدہ تشکیل دیا خواہ اسے فرقہ نہ کہے بلکہ سچے اور پکے مسلمانوں کا گروہ یا صالحین کی جماعت ہی کیوں نہ کہے، وہ عالم انبیائے کرام کا نہیں شیطان علیہ اللعنۃ کا وارث ہے خواہ رات دن اس کی زبان پر قال اللہ اور قال الرسول ہی کیوں نہ جاری رہے۔ اونچے پائے کا مولوی و مولانا کہلاتا ہو یا ولی کامل و قطب ربانی کہا جاتا ہو۔ وہ شریعت مطہرہ میں کاٹ چھانٹ کرنے اور علیحدہ جماعت بنانے کے باعث اسلام کا دشمن، ملت اسلامیہ کا بدخواہ، عبداللہ بن ابی بن سلول کا جانشین اور شیطان کا وارث ہے۔ افسوس! برٹش گورنمنٹ کے عہد حکومت میں متحدہ ہندوستان کے اندر ایسے گندم نما جو فروش رہنماؤں کی فوج اسلامیان ہند پر چھائی جو بڑے بڑے خوشنما لیبل لگا کر مسلمانوں کے سامنے آئی اور اسلام دشمنی کا ایسا انمٹ کارنامہ سرانجام دیا کہ ایک اسلام کے درجنوں اسلام بنا دئیے۔ مختلف فرقے بنا کر مسلمان آپس میں بھڑا دئیے۔ جو بھائی بھائی تھے وہ آپس میں ایک دوسرے کے دشمن بنا دئیے۔ غرضیکہ شیطنت کے ختم نہ ہونے والے چکر چلا دئیے۔ کاش! اللہ تعالیٰ ان کے جانشینوں اور متبعین کو توفیق دے کہ اس چکر کو ختم کر کے اسی مرکز پر جمع ہونے کی کوشش کریں جس پر ان کے آباؤ اجداد تھے وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۤءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ۔

۲۴۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَزِيْرِ الدِّمَشْقِيُّ نَا الْوَلِيْدُ قَالَ لَقِيْتُ شَبِيْبَ بْنَ شَيْبَةَ فَحَدَّثَنِيْ بِهٖ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِيْ سَوْدَةَ عَنْ اَبِي الدَّرْدَاۤءِ بِمَعْنَاهُ يَعْنِيْ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

محمد بن وزیر دمشقی، ولید، شبیب بن شیبہ، عثمان بن ابو شیبہ، حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مذکورہ حدیث کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے معناً روایت کیا ہے۔

۲۴۷۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ نَا زَاۤئِدَةُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ رَجُلٍ يَسْلُكُ طَرِيْقًا يَطْلُبُ فِيْهِ عِلْمًا اِلَّا سَهَّلَ اللّٰهُ لَهٗ بِهٖ طَرِيْقًا اِلَى الْجَنَّةِ وَمَنْ اَبْطَاَ بِهٖ عَمَلُهٗ لَمْ يُسْرِعْ بِهٖ نَسَبُهٗ۔

ابو صالح نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو آدمی علم حاصل کرنے کے لیے کسی راستے کو طے کرتا ہے تو اس کے لیے اللہ تعالیٰ جنت کے راستے کو آسان فرما دیتا ہے اور جس نے اس کے مطابق عمل کرنے میں سستی کی تو اس کا نسب کوئی پیش قدمی نہیں کر سکے گا۔

بَابُ ۹۳ رِوَايَةُ حَدِيْثِ اَهْلِ الْكِتَابِ۔

اہل کتاب کی باتوں کا روایت کرنا

۲۴۸۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ ثَابِتٍ

ابن ابی نملہ انصاری نے اپنے والد یا جد سے روایت

الْمَرْوَزِيُّ نَا عَبْدُ اللّٰهِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ أَبِي نَمْلَةَ الْأَنْصَارِيُّ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ بَيْنَمَا هُوَ جَالِسٌ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ رَجُلٌ مِنَ الْيَهُودِ وَمُرَّ بِجَنَازَةٍ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ هَلْ تَتَكَلَّمُ هٰذِهِ الْجَنَازَةُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللّٰهُ أَعْلَمُ قَالَ الْيَهُودِيُّ إِنَّهَا تَتَكَلَّمُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا حَدَّثَكُمْ أَهْلُ الْكِتَابِ فَلَا تُصَدِّقُوهُمْ وَلَا تُكَذِّبُوهُمْ وَقُولُوا آمَنَّا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهِ فَإِنْ كَانَ بَاطِلًا لَمْ تُصَدِّقُوهُ وَإِنْ كَانَ حَقًّا لَمْ تُكَذِّبُوهُ۔

کی ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور بیٹھے ہوئے تھے اور آپ کے پاس ایک یہودی بھی تھا۔ تو ایک جنازہ گزرا۔ اس یہودی نے کہا، اے محمدؐ! کیا یہ جنازہ کلام کرتا ہے؟ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ بہتر جانتا ہے یہودی نے کہا۔ یہ کلام کرتا ہے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اہل کتاب تم سے جو بات کہیں تو نہ ان کی تصدیق کرو اور نہ تکذیب، بلکہ کہو:۔ ہم اللہ پر ایمان لائے اور اس کے رسولوں پر۔ اگر وہ بات جھوٹی ہے تو تم نے اس کی تصدیق نہیں کی اور اگر وہ سچی ہے تو تم نے اس کی تکذیب نہیں کی۔''

۲۴۹۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ ابْنِ ثَابِتٍ قَالَ قَالَ زَيْدٌ أَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَعَلَّمْتُ لَهُ كِتَابَ يَهُودَ وَقَالَ إِنِّي وَاللّٰهِ مَا آمَنُ يَهُودَ عَلَى كِتَابِي فَتَعَلَّمْتُهُ فَلَمْ يَمُرَّ بِي إِلَّا نِصْفُ شَهْرٍ حَتَّى حَذَقْتُهُ فَكُنْتُ أَكْتُبُ لَهُ إِذَا كَتَبَ وَأَقْرَأُ لَهُ إِذَا كُتِبَ إِلَيْهِ۔

خارجہ بن زید بن ثابت سے روایت ہے کہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے حکم فرمایا تو میں نے آپ کے لیے یہودیوں کی لکھائی سیکھ لی اور خدا کی قسم، مجھے یہود کا اعتبار نہیں کہ میرے لیے درست لکھتے۔ پس نصف ماہ گزرا تھا کہ مجھے مہارت حاصل ہو گئی پس جب حضور لکھوانا چاہتے تو میں لکھ دیتا اور جب وہ آپ کے لیے لکھتے تو میں اسے پڑھ دیتا۔

بَابٌ ۹۴ كِتَابَةُ الْعِلْمِ۔

علمی باتوں کو لکھنا

۲۵۰۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَأَبُو بَكْرِ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَا نَا يَحْيَى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْأَخْنَسِ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ يُوسُفَ ابْنِ مَاهِكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ كُنْتُ أَكْتُبُ كُلَّ شَيْءٍ أَسْمَعُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُرِيدُ حِفْظَهُ فَنَهَتْنِي قُرَيْشٌ وَقَالُوا أَتَكْتُبُ كُلَّ شَيْءٍ تَسْمَعُهُ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَشَرٌ يَتَكَلَّمُ فِي الْغَضَبِ وَالرِّضَا فَأَمْسَكْتُ عَنِ الْكِتَابَةِ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ إِلَى

یوسف بن مالک سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ میں یاد کرنے کے ارادے سے ہر اس بات کو لکھ لیا کرتا جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنتا پس لوگوں نے مجھے منع کیا اور کہا کہ آپ ہر اس بات کو لکھ لیتے ہیں جو کہ سنتے ہیں حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی بشر ہیں جو ناراضگی اور رضامندی میں بھی کلام فرماتے ہیں۔ چنانچہ میں لکھنے سے رک گیا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس بات کا ذکر کیا تو آپ نے انگشتِ مبارک سے دہن اقدس کی جانب

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَوْمَأَ بِاِصْبَعِهٖ اِلٰى فِيْهِ فَقَالَ اُكْتُبْ فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ مَا يَخْرُجُ مِنْهُ اِلَّا حَقٌّ۔

اشارہ کرتے ہوئے فرمایا:۔ لکھتے رہو کیونکہ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے اس سے کوئی بات نہیں نکلتی مگر حق۔

۲۵۱- حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ نَا اَبُوْ اَحْمَدَ نَا كَثِيْرُ بْنُ زَيْدٍ عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ قَالَ دَخَلَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ عَلٰى مُعَاوِيَةَ فَسَاَلَهٗ عَنْ حَدِيْثٍ فَاَمَرَ اِنْسَانًا يَكْتُبُهٗ فَقَالَ لَهٗ زَيْدٌ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَنَا اَنْ لَّا نَكْتُبَ شَيْئًا مِّنْ حَدِيْثِهٖ فَمَحَاهُ۔

مطلب بن عبداللہ بن حنطب کا بیان ہے کہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت معاویہ کے پاس گئے۔ تو انہوں نے ایک حدیث کے متعلق پوچھا اور اسے لکھنے کے لیے ایک آدمی کو حکم دیا۔ حضرت زید نے ان سے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں حکم فرمایا ہے کہ ہم آپ کی حدیث میں سے کچھ نہ لکھا کریں۔ پس اُسے مٹا دیا گیا۔

بَاب ۹۵ اَلتَّشْدِيْدُ فِي الْكَذِبِ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جھوٹ باندھنے کی برائی،

۲۵۲- حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ قَالَ نَا ح وَحَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا خَالِدٌ الْمَعْنٰى عَنْ بَيَانِ بْنِ بِشْرٍ قَالَ مُسَدَّدٌ اَبُوْ بِشْرٍ عَنْ وَبْرَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قُلْتُ لِلزُّبَيْرِ مَا يَمْنَعُكَ اَنْ تُحَدِّثَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا يُحَدِّثُ عَنْهُ اَصْحَابُكَ قَالَ اَمَا وَاللّٰهِ لَقَدْ كَانَ لِيْ مِنْهُ وَجْهٌ وَّمَنْزِلَةٌ وَّلٰكِنِّيْ سَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ۔

عمرو بن عون ۔ مسدد، خالد، بیان بن بشر، ابو بشر، وبرہ بن عبدالرحمٰن، عامر بن عبداللہ بن زبیر کے والد یا جد نے فرمایا کہ میں حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں عرض گزار ہوا کہ آپ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کیوں حدیثیں روایت نہیں کرتے جیسے آپ کے ساتھی حضور سے روایت کرتے ہیں؟ فرمایا:۔ خدا کی قسم، معلوم ہونا چاہیے کہ مجھے حضور کی بارگاہ میں خاص مقام و مرتبہ حاصل ہے لیکن میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سُنا کہ جو مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے تو وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں بنالے۔

بَاب ۹۶ اَلْكَلَامُ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ بِلَا عِلْمٍ۔

علم کے بغیر قرآن مجید کا مطلب بیان کرنا،

۲۵۳- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى نَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِسْحٰقَ الْمُقْرِئُ نَا سُهَيْلُ بْنُ مِهْرَانَ نَا اَبُوْ عِمْرَانَ عَنْ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ بِرَاْيِهٖ فَاَصَابَ فَقَدْ اَخْطَاَ۔

عبداللہ بن محمد بن یحییٰ، یعقوب بن اسحاق مقری، سہیل بن مہران، ابو عمران نے حضرت جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جس نے اللہ کی کتاب میں اپنی رائے سے کچھ کہا، خواہ وہ ٹھیک ہو، پھر بھی اس نے غلطی کی۔

ف:۔ پروردگارِ عالم نے اپنے محبوب سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر قرآن مجید نازل فرمایا اور یہ نصابِ ہدایت کا حقہ، اپنے محبوب کو سکھا کر ساری دنیا کو ان کا محتاج بنایا۔ جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:۔

اَلرَّحْمٰنُ ۔ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۔ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۔ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ۔ (۵۵ : ۱تا۴)

رحمن نے اپنے محبوب کو قرآن سکھایا ۔ انسانیت کی جان محمد کو پیدا کیا ۔ انہیں ماکان وما یکون کا بیان سکھایا ۔

دوسرے مقام پر فرمایا ہے :

وَاَنْزَلْنَا اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ ۔ (۱۶ : ۴۴)

اور اے محبوب ! ہم نے تمہاری طرف یہ یادگار (قرآن) اتاری کہ تم لوگوں سے بیان کر دو جو ان کی طرف اترا

قرآن مجید اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب پر نازل کر کے ہر طرح محبوب ہی کو سکھایا ۔ محبوب پروردگار نے اپنے اصحاب کو سمجھایا ۔ انہوں نے تابعین کو بتایا ۔ ان مطالب و معانی کو مفسرین کرام نے اپنی تفاسیر کی زیب و زینت بنایا ۔ دوسروں کے لیے اس نقل معانی کے سوا چارہ نہیں ۔ کلام الٰہی کی منشا و مراد کو پانے کا ہرگز یارا نہیں ۔ جو اس نقل کو چھوڑ کر عقل کو امام بناتا ہے وہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو منصب رسالت سے ہٹا کر ان کی جگہ پر اپنی عقل خام کو بٹھاتا ہے ۔ ایسے ہی گندم نما جو فروش حضرات نے اپنی تحقیق کا ڈھول بجاتے ہوئے ایک اسلام کے درجنوں اسلام بنا دیے ہیں ۔ راقم الحروف نے ۱۳۹۲ھ / ۱۹۷۲ء میں ایک مناجات کے اندر ایسے گمراہ گر مفسرین و محققین کا یوں ذکر کیا تھا :

کیسے تفسیر و تفہیم کے نام سے ، کیسے فکر و تدبر نما دام سے !

یوں مطالب بتاتے ہیں آیات کے جس سے مفہوم قرآن خطرے میں ہے ،

مصطفیٰ کے فرامین ورد زباں ، مصطفیٰ کی انہیں سے کریں کسر شان ،

کس غضب کی ہیں یہ شوخیاں الاماں تیرے پیارے کا فرمان خطرے میں ہے

باب ۹۴ تَكْرِيرُ الْحَدِيثِ ۔

ایک بات کو کئی بار کہنا

۲۵۴ ۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ اَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِي عَقِيلٍ هَاشِمِ بْنِ بِلَالٍ عَنْ سَابِقِ بْنِ نَاجِيَةَ عَنْ اَبِي سَلَّامٍ عَنْ رَجُلٍ خَدَمَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا حَدَّثَ حَدِيثًا اَعَادَهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ۔

عمرو بن مرزوق ، شعبہ ، ابو عقیل ہاشم بن بلال ، سابق بن ناجیہ ، ابو سلام نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک خادم سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کچھ ارشاد فرماتے تو اسے تین دفعہ دہراتے ۔

باب ۹۵ فِي سَرْدِ الْحَدِيثِ ۔

گفتگو میں جلدی کرنا

۲۵۵ ۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ الطُّوسِيُّ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ قَالَ جَلَسَ اَبُو هُرَيْرَةَ اِلَى جَنْبِ حُجْرَةِ عَائِشَةَ وَهِيَ تُصَلِّي فَجَعَلَ يَقُولُ اسْمَعِي يَا رَبَّةَ الْحُجْرَةِ مَرَّتَيْنِ فَلَمَّا قَضَتْ صَلَاتَهَا قَالَتْ اَلَا تَعْجَبُ اِلَى هٰذَا وَحَدِيثِهِ اِنْ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيُحَدِّثُ

عروہ کا بیان ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے حجرے کے پہلو میں حضرت ابو ہریرہ بیٹھے اور انہوں نے دو مرتبہ کہا جبکہ وہ نماز پڑھ رہی تھیں ، اے حجرے والی ! میری بات سنیے ۔ جب انہوں نے نماز پڑھ لی تو فرمایا ۔ کیا تمہیں ان پر اور ان کی بات پر تعجب نہیں آتا حالانکہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کچھ ارشاد فرماتے تو شمار کرنے والا اگر چاہتا تو آپ کی گفتگو کے ایک ایک لفظ کو شمار کر سکتا تھا ۔

الْحَدِيثَ لَوْ شَاءَ الْعَادُّ أَنْ يُحْصِيَهُ أَحْصَاهُ۔

۲۵۶۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ أَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ حَدَّثَهُ أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ أَلَا يُعْجِبُكَ أَبُو هُرَيْرَةَ جَاءَ فَجَلَسَ إِلَى جَانِبِ حُجْرَتِي يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْمِعُنِي ذَلِكَ وَكُنْتُ أُسَبِّحُ فَقَامَ قَبْلَ أَنْ أَقْضِيَ سُبْحَتِي وَلَوْ أَدْرَكْتُهُ لَرَدَدْتُ عَلَيْهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَسْرُدُ الْحَدِيثَ سَرْدَكُمْ۔

عروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: کیا تمہیں ابوہریرہ پر تعجب نہیں آتا۔ وہ آئے اور میرے حجرے کے پہلو میں بیٹھ کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حدیث بیان کرنے لگے۔ وہ مجھے سنا رہے تھے۔ حالانکہ میں نماز پڑھ رہی تھی۔ میرے نماز پوری کرنے سے پہلے وہ اٹھ کر چلے گئے۔ اگر میں انہیں پاتی تو بتاتی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آپ حضرات کی طرح جلدی جلدی گفتگو نہیں فرمایا کرتے تھے۔

باب ۹۹ التَّوَقِّي فِي الْفُتْيَا

فتویٰ دینے میں محتاط رہنا

۲۵۷۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى الرَّازِيُّ نَا عِيسَى عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَعْدٍ عَنِ الصُّنَابِحِيِّ عَنْ مُعَاوِيَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْغَلُوطَاتِ۔

ابراہیم بن موسیٰ رازی، عیسیٰ، اوزاعی، عبداللہ بن سعد صنابحی نے حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مغالطہ دینے سے منع فرمایا ہے۔

۲۵۸۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِيُّ نَا سَعِيدٌ يَعْنِي ابْنَ أَبِي أَيُّوبَ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَفْتَى بِغَيْرِ عِلْمٍ كَانَ إِثْمُهُ عَلَى مَنْ أَفْتَاهُ۔

حسن بن علی، ابو عبدالرحمٰن مقری، سعید بن ابوایوب، بکر بن عمرو، مسلم بن یسار ابوعثمان نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے علم کے بغیر فتویٰ دیا تو اس کا گناہ فتویٰ دینے والے پر ہوگا۔

۲۵۹۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ نَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِي نُعَيْمَةَ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ الطُّنْبُذِيِّ رَضِيعِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَرْوَانَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَفْتَى بِغَيْرِ عِلْمٍ كَانَ إِثْمُهُ عَلَى مَنْ أَفْتَاهُ زَادَ سُلَيْمَانُ الْمَهْرِيُّ فِي حَدِيثِهِ

سلیمان بن داؤد، ابن وہب، یحییٰ بن ایوب، بکر بن عمرو، عمرو بن ابی نعیمہ ابوعثمان طنبذی کا بیان ہے جن کی پرورش عبدالملک بن مروان نے کی تھی کہ میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے علم کے بغیر فتویٰ دیا تو اس کا گناہ فتویٰ دینے والے پر ہوگا۔ سلیمان مہری نے اپنی حدیث میں یہ بھی کہا: جس نے اپنے بھائی کو کسی کام کا مشورہ

وَمَنْ اَشَارَ عَلٰى اَخِيْهِ بِاَمْرٍ يَعْلَمُ اَنَّ الرُّشْدَ فِيْ غَيْرِهٖ فَقَدْ خَانَهٗ وَهٰذَا لَفْظُ سُلَيْمَانَ۔

دیا یہ جانتے ہوئے کہ یہ غلط ہے تو اس نے خیانت کی یہ حدیث سلیمان کے لفظوں میں ہے۔

بَابٌ فِيْ كَرَاهِيَةِ مَنْعِ الْعِلْمِ۔

علم کو چھپانے کی برائی

۲۶۰- حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا حَمَّادٌ اَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَكَمِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سُئِلَ عَنْ عِلْمٍ فَكَتَمَهٗ اَلْجَمَهُ اللّٰهُ بِلِجَامٍ مِنْ نَارٍ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔

عطاء نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس سے کوئی علمی بات پوچھی گئی اور اس نے چھپائی تو قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اسے آگ کی لگام لگائے گا۔

بَابُ فَضْلِ نَشْرِ الْعِلْمِ۔

علم پھیلانے کی فضیلت

۲۶۱- حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَعُثْمَانُ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ قَالَا نَا جَرِيْرٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْمَعُوْنَ وَيُسْمَعُ مِنْكُمْ وَيُسْمَعُ مِمَّنْ يَسْمَعُ مِنْكُمْ۔

زہیر بن حرب اور عثمان بن ابوشیبہ، جریر، اعمش، عبید اللہ بن عبد اللہ، سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ تم علمی باتیں مجھ سے سنتے ہو اور تم سے بھی سنی جائیں گی اور ان لوگوں سے بھی سنی جائیں گی جو تم سے سنیں گے۔

۲۶۲- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيٰى عَنْ شُعْبَةَ حَدَّثَنِيْ عُمَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ مِنْ وُلْدِ عُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ اَبَانَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ نَضَّرَ اللّٰهُ امْرَاً سَمِعَ مِنَّا حَدِيْثًا فَحَفِظَهٗ حَتّٰى يُبَلِّغَهٗ فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ اِلٰى مَنْ هُوَ اَفْقَهُ مِنْهُ وَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ لَيْسَ بِفَقِيْهٍ۔

عبد الرحمٰن بن ابان کے والد ماجد نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو خوش و خرم رکھے جس نے مجھ سے کوئی بات سنی اور اسے یاد رکھا، یہاں تک کہ وہ دوسروں تک پہنچائی۔ کئی ایک فقہ جاننے والے ایسے ہوں گے جو اپنے سے زیادہ فقہ جاننے والے کو بتائیں گے اور کئی فقہ کے عامل ایسے ہوں گے جو حقیقت میں فقیہ نہیں ہوں گے۔

۲۶۳- حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ ابْنُ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سَهْلٍ يَعْنِي ابْنَ سَعْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَاللّٰهِ لَاَنْ يَهْدِيَ اللّٰهُ بِهُدَاكَ رَجُلًا

عبد العزیز بن ابو حازم کے والد ماجد نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ خدا کی قسم، اگر تمہارے ذریعے اللہ تعالیٰ ایک بھی آدمی کو ہدایت فرما دے تو یہ تمہارے لیے

وَاحِدًا خَيْرٌ لَكَ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ۔ سرخ اونٹوں سے بھی بہتر ہے۔

ف :۔ جس شخص کی کوششوں سے ایک آدمی بھی راہ ہدایت پر آجائے تو یہ قیمتی دولت سے زیادہ مفید ہے لیکن جس کے ورغلانے سے ایک آدمی بھی جادہ مستقیم سے ہٹ گیا اور غلط راستے پر گامزن ہوا تو یہ قیمتی دولت کے ضائع ہو جانے سے زیادہ نقصان ثابت ہوگا۔ دریں حالات جن فرقہ سازوں نے ہزاروں مسلمانوں کو صراط مستقیم سے ہٹا کر اپنے پیچھے لگایا اور اصلاح کے نام پر فساد برپا کیا کہ ملت اسلامیہ پر نئے نئے فرقوں کا بوجھ لادتے اور اس کی جمعیت کو منتشر کرتے رہے ایسے حضرات کے اخروی نقصان کا آج کون اندازہ کر سکتا ہے۔ خدائے ذوالمنن ہم سب کو صراط مستقیم پر قائم رکھے اور شیطان لعین کے ایسے خوشنما فریبوں سے بھی محفوظ و مامون رکھے۔ آمین یا اللہ العالمین بجاہ سید المرسلین علیہ افضل الصلوات واکمل التحیات۔

باب ١٠٢ الْحَدِيثُ عَنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ۔ بنی اسرائیل سے کوئی بات روایت کرنا

٢٦٤۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِّثُوا عَنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَلَا حَرَجَ۔

ابوبکر بن ابو شیبہ، علی بن مسہر، محمد بن عمرو، ابو سلمہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ بنی اسرائیل سے روایت کرو کیونکہ اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

٢٦٥۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى نَا مُعَاذٌ نَا أَبِي عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي حَسَّانَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ ابْنِ عَمْرٍو قَالَ كَانَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُنَا عَنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ حَتَّى يُصْبِحَ مَا يَقُومُ إِلَّا إِلَى عُظْمِ صَلَاةٍ۔

ابو حسان سے روایت ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے سامنے بنی اسرائیل کی باتیں بیان فرمایا کرتے کہ صبح ہو جاتی اور نماز کے ڈر سے اٹھتے۔

باب ١٠٣ فِي طَلَبِ الْعِلْمِ لِغَيْرِ اللَّهِ۔ علم حاصل کرنا جبکہ مقصود رضائے الٰہی نہ ہو،

٢٦٦۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ نَا فُلَيْحٌ عَنْ أَبِي طُوَالَةَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَعْمَرٍ عَنْ سَعِيدِ ابْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَعَلَّمَ عِلْمًا مِمَّا يُبْتَغَى بِهِ وَجْهُ اللَّهِ لَا يَتَعَلَّمُهُ إِلَّا لِيُصِيبَ بِهِ عَرَضًا مِنَ الدُّنْيَا لَمْ يَجِدْ عَرْفَ الْجَنَّةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَعْنِي رِيحَهَا۔

ابوبکر بن ابو شیبہ، سریج بن نعمان، فلیح، ابو طوالہ عبد اللہ بن عبد الرحمن ابن معمر، سعید بن یسار نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جس نے علم حاصل کیا جس سے اللہ کی رضامندی حاصل کی جاتی ہے لیکن وہ نہیں سیکھتا مگر دنیا حاصل کرنے کے لیے تو قیامت کے روز جنت کی خوشبو نہیں پائے گا۔

باب ١٠٤ فِي الْقَصَصِ۔ قصوں کا بیان

٢٦٧۔ حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ خَالِدٍ نَا

محمود بن خالد، ابو مسہر، عباد بن عباد الخواص، یحییٰ ابن ابی

أَبُو مُسْهِرٍ نَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ الْخَوَّاصُ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي عَمْرٍو السَّيْبَانِيِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللَّهِ السَّيْبَانِيِّ عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا يَقُصُّ إِلَّا أَمِيرٌ أَوْ مَأْمُورٌ أَوْ مُخْتَالٌ۔

عمرو شیبانی نے حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ واقعات بیان نہیں کرے گا مگر حاکم یا محکوم یا مکار آدمی۔

۳۶۸۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنِ الْمُعَلَّى بْنِ زِيَادٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ بَشِيرٍ الْمُزَنِيِّ عَنْ أَبِي الصِّدِّيقِ النَّاجِيِّ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ جَلَسْتُ فِي عِصَابَةٍ مِنْ ضُعَفَاءِ الْمُهَاجِرِينَ وَإِنَّ بَعْضَهُمْ لَيَسْتَتِرُ بِبَعْضٍ مِنَ الْعُرْيِ وَقَارِئٌ يَقْرَأُ عَلَيْنَا إِذْ جَاءَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ عَلَيْنَا فَلَمَّا قَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَكَتَ الْقَارِئُ فَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ مَا كُنْتُمْ تَصْنَعُونَ قُلْنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّهُ كَانَ قَارِئٌ لَنَا يَقْرَأُ عَلَيْنَا فَكُنَّا نَسْتَمِعُ إِلَى كِتَابِ اللَّهِ تَعَالَى فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي جَعَلَ مِنْ أُمَّتِي مَنْ أُمِرْتُ أَنْ أَصْبِرَ نَفْسِي مَعَهُمْ قَالَ فَجَلَسَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسْطَنَا لِيَعْدِلَ بِنَفْسِهِ فِينَا ثُمَّ قَالَ بِيَدِهِ هٰكَذَا فَتَحَلَّقُوا وَبَرَزَتْ وُجُوهُهُمْ لَهُ قَالَ فَمَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَرَفَ مِنْهُمْ أَحَدًا غَيْرِي فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبْشِرُوا يَا مَعْشَرَ صَعَالِيكِ الْمُهَاجِرِينَ بِالنُّورِ التَّامِّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ تَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ قَبْلَ أَغْنِيَاءِ النَّاسِ بِنِصْفِ يَوْمٍ وَذٰلِكَ خَمْسُ مِائَةِ سَنَةٍ۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں غریب مہاجرین کی جماعت میں جا بیٹھا جو ہم برہنگی کے باعث ایک دوسرے سے بمشکل ستر چھپاتے تھے اور ہم میں ایک قاری صاحب قرآن مجید پڑھ رہے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لے آئے۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھڑے ہو گئے تو قاری صاحب خاموش ہو گئے۔ پس آپ نے سلام کیا اور فرمایا تم کیا کر رہے تھے ہم عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! یہ ہمیں قرآن مجید سنا رہے ہیں اور ہم غور سے اللہ تعالیٰ کی کتاب کو سن رہے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے میری امت میں ایسے لوگ بھی شامل فرمائے جن کے ساتھ صبر کرنے کا مجھے بھی حکم دیا گیا۔ راوی کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے درمیان میں بیٹھ گئے اپنی ذات اقدس کو ہم میں شمار کرنے کے لیے پھر دست مبارک سے حلقہ بنانے کا اشارہ فرمایا چنانچہ سب کا رخ آپ کی جانب ہو گیا راوی کا بیان ہے کہ میرے خیال میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان میں سے میرے سوا کسی کو نہیں پہچانا تھا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے مہاجرین کے تنگ دست گروہ! تمہیں بشارت ہو روز قیامت تم مکمل نور کے ساتھ امیر لوگوں سے نصف دن پہلے جنت میں داخل ہو گے جو کہ پانچ سو برس کا دن ہے۔

۳۶۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنِي

موسیٰ بن خلف عمی نے قتادہ سے روایت کی ہے کہ حضرت

عَبْدُ السَّلَامِ يَعْنِي ابْنَ مُطَهَّرٍ نَا مُوسَى بْنُ خَلَفٍ الْعَمِّيُّ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَأَنْ أَقْعُدَ مَعَ قَوْمٍ يَذْكُرُونَ اللَّهَ تَعَالَى مِنْ صَلَاةِ الْغَدَاةِ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أُعْتِقَ أَرْبَعَةً مِنْ وُلْدِ إِسْمٰعِيلَ وَلَأَنْ أَقْعُدَ مَعَ قَوْمٍ يَذْكُرُونَ اللَّهَ مِنْ صَلَاةِ الْعَصْرِ إِلَى أَنْ تَغْرُبَ الشَّمْسُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أُعْتِقَ أَرْبَعَةً۔

انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: "رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اگر میں ان لوگوں کے ساتھ بیٹھوں جو نمازِ فجر سے سورج طلوع ہونے تک اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہیں تو یہ مجھے اولادِ اسمٰعیل کے چالیس غلام آزاد کرنے سے زیادہ پسند ہے اور اگر میں ایسے لوگوں کے پاس بیٹھوں جو نمازِ عصر سے سورج غروب ہونے تک اللہ کا ذکر کرتے ہیں تو یہ مجھے چار غلام آزاد کرنے سے زیادہ پسند ہے"

۲۷۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْرَأْ عَلَيَّ سُورَةَ النِّسَاءِ قَالَ قُلْتُ أَقْرَأُ عَلَيْكَ وَعَلَيْكَ أُنْزِلَ قَالَ أُحِبُّ أَنْ أَسْمَعَهُ مِنْ غَيْرِي فَقَرَأْتُ عَلَيْهِ حَتَّى إِذَا انْتَهَيْتُ إِلَى قَوْلِهِ تَعَالَى فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ الْآيَةَ فَرَفَعْتُ رَأْسِي فَإِذَا عَيْنَاهُ تَهْمِلَانِ۔ آخِرُ كِتَابِ الْعِلْمِ۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا کہ مجھے سورہ النساء پڑھ کر سناؤ۔ میں عرض گزار ہوا کہ میں بارگاہِ رسالت میں عرض گزار ہوا کہ میں پڑھ کر سناؤں حالانکہ نازل آپ پر ہوا ہے۔ فرمایا کہ میں دوسرے سے سننا زیادہ پسند کرتا ہوں۔ پس میں نے پڑھ کر سنائی۔ یہاں تک کہ جب میں اس آیت پر پہنچا اس وقت کیا سماں ہوگا جب ہم ہر امت سے ایک گواہ لائیں گے (۴: ۴۱) پس میں نے اپنا سر اٹھا کر دیکھا تو حضور کی چشمانِ مبارک سے آنسو رواں تھے۔ کتاب العلم ختم ہوئی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

اَوَّلُ كِتَابِ الْاَشْرِبَةِ

پینے کی چیزوں کا بیان

بَابٌ فِيْ تَحْرِيْمِ الْخَمْرِ

شراب کا حرام ہونا

۲۷۱- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ نَا اَبُوْ حَيَّانَ قَالَ حَدَّثَنِي الشَّعْبِيُّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ قَالَ نَزَلَ تَحْرِيْمُ الْخَمْرِ يَوْمَ نَزَلَ وَهِيَ مِنْ خَمْسَةِ اَشْيَاءَ مِنَ الْعِنَبِ وَالتَّمْرِ وَالْعَسَلِ وَالْحِنْطَةِ وَالشَّعِيْرِ وَالْخَمْرُ مَا خَامَرَ الْعَقْلَ وَثَلَاثٌ وَدِدْتُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُفَارِقْنَا حَتّٰى يَعْهَدَ اِلَيْنَا فِيْهِنَّ عَهْدًا نَنْتَهِيْ اِلَيْهِ الْجَدُّ وَالْكَلَالَةُ وَاَبْوَابٌ مِنْ اَبْوَابِ الرِّبَا۔

شعبی نے حضرت ابن عمر سے روایت کی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: جب شراب کی حرمت نازل ہوئی تو وہ پانچ چیزوں سے تیار ہوتی تھی: انگور، کھجور، شہد، گندم اور جو سے۔ شراب ہر وہ چیز ہے جو عقل کو زائل کر دے۔ میں چاہتا تھا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس وقت تک ہم سے جدا نہ ہوں جب تک تین چیزوں کی حقیقت ہم پر بخوبی واضح نہ ہو جائے یعنی دادا کا حصہ، کلالہ کا مطلب اور سود کے بعض ذرائع کہ وہ سود ہیں یا نہیں۔

۲۷۲- حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ مُوْسَى الْخُتَّلِيُّ قَالَ نَا اِسْمٰعِيْلُ يَعْنِي ابْنَ جَعْفَرٍ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ عَمْرٍو عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ لَمَّا نَزَلَ تَحْرِيْمُ الْخَمْرِ قَالَ عُمَرُ اللّٰهُمَّ بَيِّنْ لَنَا فِي الْخَمْرِ بَيَانًا شِفَاءً فَنَزَلَتِ الْاٰيَةُ الَّتِيْ فِي الْبَقَرَةِ يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ قُلْ فِيْهِمَا اِثْمٌ كَبِيْرٌ الْاٰيَةَ فَدُعِيَ عُمَرُ فَقُرِئَتْ عَلَيْهِ قَالَ اللّٰهُمَّ بَيِّنْ لَنَا فِي الْخَمْرِ بَيَانًا شِفَاءً فَنَزَلَتِ الْاٰيَةُ الَّتِيْ فِي النِّسَاءِ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكَارٰى فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ يُنَادِيْ اَلَا لَا يَقْرَبَنَّ الصَّلٰوةَ سَكْرَانُ فَدُعِيَ عُمَرُ فَقُرِئَتْ عَلَيْهِ فَقَالَ اللّٰهُمَّ بَيِّنْ لَنَا فِي الْخَمْرِ بَيَانًا شِفَاءً فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ فَهَلْ

ابو اسحاق نے عمرو سے روایت کی ہے کہ جب شراب کی حرمت نازل ہوئی تو حضرت عمر دعا گو ہوئے: اے اللہ! شراب کے متعلق ہمارے لیے واضح حکم بیان فرما۔ پس سورۂ البقرہ کی یہ آیت نازل ہوئی: اے محبوب! تم سے شراب اور جوئے کے متعلق پوچھتے ہیں، تم فرما دو کہ ان دونوں میں بڑا گناہ ہے۔۔۔ (۲: ۲۱۹)۔ پس حضرت عمر کو بلا کر یہ آیت پڑھی گئی تو انہوں نے کہا: اے اللہ! شراب کے بارے میں ہمارے لیے واضح حکم بیان فرما۔ پس سورۃ النساء کی یہ آیت نازل ہوئی۔ اے ایمان والو! نماز کے نزدیک نہ جاؤ جب کہ تم نشے میں ہو۔ (۴: ۴۳) پس جب نماز کھڑی ہوتی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم منادی کرواتے کہ نشے والا کوئی نماز میں شامل نہ ہو۔ پس حضرت عمر کو بلا کر ان کے سامنے یہ آیت پڑھی گئی تو انہوں نے دعا کی: اے اللہ! شراب کا حکم ہمارے لیے واضح طور پر بیان فرما۔ پس یہ آیت نازل ہوئی: پس کیا تم رکنے والے

أَنْتُمْ مُنْتَهُونَ فَقَالَ عُمَرُ انْتَهَيْنَا۔

ہو؟ (۵: ۹۱) حضرت عمر نے کہا: ۔ ہم رک گئے۔

۲۷۳۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا يَحْيَى عَنْ سُفْيَانَ قَالَ نَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ دَعَاهُ وَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ فَسَقَاهُمَا قَبْلَ أَنْ تُحَرَّمَ الْخَمْرُ فَأَمَّهُمْ عَلِيٌّ فِي الْمَغْرِبِ وَقَرَأَ قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ فَخَلَطَ فِيهَا فَنَزَلَتْ لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَأَنْتُمْ سُكَارَى حَتّٰى تَعْلَمُوا مَا تَقُولُونَ۔

ابو عبد الرحمٰن سلمی نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ انہیں اور حضرت عبد الرحمٰن بن عوف کو ایک انصاری نے بلایا اور دونوں کو شراب پلائی، شراب کی حرمت نازل ہونے سے پہلے۔ پس انہیں نماز مغرب حضرت علی نے پڑھائی اور سورہ الکافرون پڑھی تو اس میں خلط ملط کر گئے پس یہ حکم نازل ہوا: نماز کے نزدیک نہ جاؤ جب تم نشے میں ہو یہاں تک کہ جو کہہ رہے ہو اُسے جانو (۴: ۴۳)

۲۷۴۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ نَا عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ يَزِيدَ النَّحْوِيِّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَأَنْتُمْ سُكَارَى وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ قُلْ فِيهِمَا إِثْمٌ كَبِيرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ نَسَخَتْهُمَا الَّتِي فِي الْمَائِدَةِ إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْأَنْصَابُ الْآيَةَ۔

یزید نحوی نے عکرمہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ حکم: ۔ اے ایمان والو! نماز کے نزدیک نہ جاؤ جب تم نشے کی حالت میں ہو (۴: ۴۳) اور اے محبوب! تم سے شراب اور جوئے کے متعلق پوچھتے ہیں۔ تم فرما دو کہ ان دونوں میں بڑا گناہ ہے اور لوگوں کے لیے نفع ہے: (۲: ۲۱۹) یہ دونوں سورہ المائدہ کی اس آیت سے منسوخ ہو گئی ہیں: ۔ بیشک شراب، جوئے اور بُت ۔ ۔ (۵: ۹۰)

۲۷۵۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ نَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ كُنْتُ سَاقِيَ الْقَوْمِ حَيْثُ حُرِّمَتِ الْخَمْرُ فِي مَنْزِلِ أَبِي طَلْحَةَ وَمَا شَرَابُنَا يَوْمَئِذٍ إِلَّا الْفَضِيخُ فَدَخَلَ عَلَيْنَا رَجُلٌ فَقَالَ إِنَّ الْخَمْرَ قَدْ حُرِّمَتْ وَنَادٰى مُنَادِي رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا هٰذَا مُنَادِي رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ حضرت ابو طلحہ کے دولت خانے پر میں لوگوں کو شراب پلا رہا تھا جس روز شراب حرام ہوئی اور ان دنوں ہماری شراب صرف فضیخ نامی ہوتی تھی۔ پس ایک آدمی ہمارے پاس آیا اور کہا کہ شراب حرام فرما دی گئی ہے۔ اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے منادی نے منادی کی تو ہم نے کہا کہ یہ تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا منادی ہے۔

بَابُ ۱۰۶ الْعَصِيرِ لِلْخَمْرِ۔

شراب بنانے کے لیے انگوروں کو نچوڑنا

۲۷۶۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ نَا وَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ عَنْ أَبِي عَلْقَمَةَ مَوْلَاهُمْ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ

عثمان بن ابو شیبہ، وکیع بن جراح، عبد العزیز بن عمر، ابو علقمہ اور عبد الرحمٰن بن عبد اللہ غافقی نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

عَبْدِ اللّٰهِ الْغَافِقِيِّ أَنَّهُمَا سَمِعَا ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ اللّٰهُ الْخَمْرَ وَشَارِبَهَا وَسَاقِيَهَا وَبَائِعَهَا وَمُبْتَاعَهَا وَعَاصِرَهَا وَمُعْتَصِرَهَا وَحَامِلَهَا وَالْمَحْمُولَةَ إِلَيْهِ۔

نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے شراب پر لعنت کی ہے اور اسے پینے والے اٹھانے والے اور جس کے لیے اٹھائی جائے اس پر بھی لعنت کی ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الْخَمْرِ تُخَلَّلُ۔

شراب کو سرکہ بنانے کے متعلق حکم،

۲۷۷۔ حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ نَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ السُّدِّيِّ عَنْ أَبِي هُبَيْرَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ أَبَا طَلْحَةَ سَأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَيْتَامٍ وَرِثُوا خَمْرًا قَالَ أَهْرِقْهَا قَالَ أَفَلَا أَجْعَلُهَا خَلًّا قَالَ لَا۔

ابو ہبیرہ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابو طلحہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے شراب کے متعلق پوچھا جو یتیموں کو ترکے میں ملی فرمایا کہ اسے بہادو۔ عرض گزار ہوئے کہ کیا اس کا سرکہ نہ بنالوں فرمایا، نہیں۔

بَابُ الْخَمْرِ مِمَّا هِيَ۔

شراب کن کن چیزوں سے بنتی ہے،

۲۷۸۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ نَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ قَالَ نَا إِسْرَائِيلُ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنَ الْعِنَبِ خَمْرًا وَإِنَّ مِنَ التَّمْرِ خَمْرًا وَإِنَّ مِنَ الْعَسَلِ خَمْرًا وَإِنَّ مِنَ الْبُرِّ خَمْرًا وَإِنَّ مِنَ الشَّعِيرِ خَمْرًا۔

شعبی نے حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انگور سے شراب بنتی ہے، کھجور سے شراب بنتی ہے، شہد سے شراب بنتی ہے، گندم سے شراب بنتی ہے۔ اور جو سے شراب بنائی جاتی ہے۔

۲۷۹۔ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ قَالَ نَا مُعْتَمِرٌ قَالَ قَرَأْتُ عَلَى الْفُضَيْلِ بْنِ مَيْسَرَةَ عَنْ أَبِي حَرِيزٍ أَنَّ عَامِرًا حَدَّثَهُ أَنَّ النُّعْمَانَ ابْنَ بَشِيرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ الْخَمْرَ مِنَ الْعَصِيرِ وَالزَّبِيبِ وَالتَّمْرِ وَالْحِنْطَةِ وَالشَّعِيرِ وَالذُّرَةِ وَإِنِّي أَنْهَاكُمْ عَنْ كُلِّ مُسْكِرٍ۔

مالک بن عبدالواحد، معتمر، فضیل بن میسرہ، ابو حریز، عامر، حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ شراب انگور کے شیرے کشمش، کھجور، گندم، جو اور مکئی سے بنائی جاتی ہے لیکن میں تمہیں ہر نشہ لانے والی چیز سے منع کرتا ہوں۔

۲۸۰۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ قَالَ نَا أَبَانُ قَالَ حَدَّثَنِي يَحْيَى عَنْ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ

ابو کثیر نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تعالیٰ علیہ وسلم نے

أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْخَمْرُ مِنْ هَاتَيْنِ الشَّجَرَتَيْنِ النَّخْلَةُ وَالْعِنَبَةُ۔

فرمایا: شراب ان دو درختوں سے بنتی ہے۔ کھجور اور انگور سے۔

باب ۱۰۹۔ مَا جَاءَ فِي السُّكْرِ۔

نشہ لانے والی چیزوں کا حکم

۲۸۱۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ وَمُحَمَّدُ ابْنُ عِيسَى فِي آخَرِينَ قَالُوا نَا حَمَّادٌ يَعْنِي ابْنَ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ مُسْكِرٍ خَمْرٌ وَكُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ وَمَنْ مَاتَ وَهُوَ يَشْرَبُ الْخَمْرَ يُدْمِنُهَا لَمْ يَشْرَبْهَا فِي الْآخِرَةِ۔

سلیمان بن داؤد، محمد بن عیسیٰ، حماد، ابن زید، ایوب، نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نشہ لانے والی چیز شراب ہے اور ہر نشہ لانے والی چیز حرام ہے۔ جو اس حالت میں فوت ہوا کہ وہ شراب پیتا تھا اور اس پر مداومت کی تو آخرت میں اسے نہیں پیئے گا۔

ف :۔ احادیث مطہرہ کے مطابق نشہ لانے والی ہر چیز حرام ہے۔ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اسی وقت حرام ہے جب کہ اتنی پی جائے جس سے نشہ ہو اور اسی صورت میں اُسے خمر کہا جائے گا جب کہ نشہ لائے اور اتنی نہیں تو خمر میں اس کا شمار نہیں۔ مطلقاً خمر انگور کی شراب کو کہا جاتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

۲۸۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ أَخْبَرَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عُمَرَ الصَّنْعَانِيُّ قَالَ سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيرٍ يَقُولُ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُلُّ مُخَمِّرٍ خَمْرٌ وَكُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ وَمَنْ شَرِبَ مُسْكِرًا بُخِسَتْ صَلَاتُهُ أَرْبَعِينَ صَبَاحًا فَإِنْ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَإِنْ عَادَ الرَّابِعَةَ كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ أَنْ يَسْقِيَهُ مِنْ طِينَةِ الْخَبَالِ قِيلَ وَمَا طِينَةُ الْخَبَالِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ صَدِيدُ أَهْلِ النَّارِ وَمَنْ سَقَاهُ صَغِيرًا لَا يَعْرِفُ حَلَالَهُ مِنْ حَرَامِهِ كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ أَنْ يَسْقِيَهُ مِنْ طِينَةِ الْخَبَالِ۔

ابراہیم بن عمر صنعانی نے حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا اور طاؤس نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: عقل بگاڑ دینے والی ہر چیز شراب ہے اور ہر نشہ لانے والی چیز حرام ہے۔ جس نے نشہ لانے والی چیز پی تو اس کی چالیس دن کی نمازیں گھٹ جائیں گی۔ اگر وہ توبہ کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرمائے گا۔ اگر وہ چوتھی دفعہ بھی ایسا ہی کرے تو اللہ تعالیٰ پر حق ہے کہ اسے طینۃ الخبال پلائے۔ عرض کی گئی کہ یا رسول اللہ! طینۃ الخبال کیا ہے؟ فرمایا کہ جہنمیوں کی پیپ جو کسی چھوٹے بچے کو شراب پلائے جبکہ وہ حلال و حرام کی تمیز نہیں رکھتا تو اللہ تعالیٰ پر حق ہے کہ اسے (پلانے والے کو) جہنمیوں کی پیپ پلائے۔

۲۸۳۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ نَا إِسْمٰعِيلُ يَعْنِي ابْنَ جَعْفَرٍ عَنْ دَاوُدَ بْنِ بَكْرِ بْنِ أَبِي الْفُرَاتِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

قتیبہ، اسمٰعیل بن جعفر، داؤد بن بکر بن ابی فرات، محمد بن منکدر نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ زیادہ

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَسْكَرَ كَثِيرُهُ فَقَلِيلُهُ حَرَامٌ۔

ہونے کے باعث جو چیز نشہ لائے وہ تھوڑی بھی حرام ہے۔

۲۸۴۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبِتْعِ فَقَالَ كُلُّ شَرَابٍ أَسْكَرَ فَهُوَ حَرَامٌ قَالَ أَبُو دَاوُدَ قَرَأْتُ عَلَى يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ رَبِّهِ الْجُرْجُسِيِّ حَدَّثَكُمْ مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ عَنِ الزُّبَيْدِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهٰذَا الْحَدِيثِ بِإِسْنَادِهِ زَادَ وَالْبِتْعُ نَبِيذُ الْعَسَلِ قَالَ كَانَ أَهْلُ الْيَمَنِ يَشْرَبُونَهُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ سَمِعْتُ أَحْمَدَ بْنَ حَنْبَلٍ يَقُولُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مَا كَانَ أَثْبَتَهُ مَا كَانَ فِيهِمْ مِثْلُهُ يَعْنِي فِي أَهْلِ حِمْصَ يَعْنِي الْجُرْجُسِيَّ۔

ابو سلمہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے تبع شراب کے متعلق پوچھا گیا۔ فرمایا کہ ہر شراب جو نشہ لائے وہ حرام ہے۔۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ میں نے یہ حدیث پڑھی یزید بن عبد ربہ جرجسی کے سامنے کہ آپ سے بیان کی محمد بن حرب زبیدی نے زہری سے یہ حدیث اپنی اسناد کے ساتھ اور یہ بھی کہا کہ تبع شہد سے بنائی جاتی ہے اور اہل یمن اسے پیا کرتے تھے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ میں نے امام احمد بن حنبل کو فرماتے ہوئے سنا۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وہ شخص (یزید بن عبد ربہ جرجسی) کیسا ثقہ تھا کہ اس کے پایہ کا حمص کے رہنے والوں میں کوئی دوسرا نہ تھا۔

۲۸۵۔ حَدَّثَنَا هَنَّادٌ نَا عَبْدَةُ عَنْ مُحَمَّدٍ يَعْنِي ابْنَ إِسْحٰقَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيِّ عَنْ دَيْلَمٍ الْحِمْيَرِيِّ قَالَ سَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّا بِأَرْضٍ بَارِدَةٍ نُعَالِجُ فِيهَا عَمَلًا شَدِيدًا وَإِنَّا نَتَّخِذُ شَرَابًا مِنْ هٰذَا الْقَمْحِ نَتَقَوَّى بِهِ عَلَى أَعْمَالِنَا وَعَلَى بَرْدِ بِلَادِنَا قَالَ هَلْ يُسْكِرُ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَاجْتَنِبُوهُ قُلْتُ فَإِنَّ النَّاسَ غَيْرُ تَارِكِيهِ قَالَ فَإِنْ لَمْ يَتْرُكُوهُ فَقَاتِلُوهُمْ۔

مرثد بن عبداللہ یزنی نے حضرت دیلم حمیری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دریافت کرتے ہوئے عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! ہم سرد علاقے میں رہتے ہیں جہاں سخت محنت کرتے ہیں۔ ہم وہاں گندم سے شراب بناتے ہیں تاکہ اپنے شہروں میں ہم سخت محنت اور سردی کے مقابلے پر اس سے قوت حاصل کریں۔ فرمایا کیا وہ نشہ لاتی ہے؟ میں نے عرض کی ہاں۔ فرمایا تو اس سے اجتناب کرو، عرض گزار ہوا کہ لوگ تو اسے نہیں چھوڑیں گے۔ فرمایا کہ اگر وہ اُسے نہ چھوڑیں تو ان سے لڑنا چاہیئے۔

۲۸۶۔ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ عَنْ خَالِدٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسٰى قَالَ سَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ شَرَابٍ مِنَ الْعَسَلِ فَقَالَ ذَاكَ الْبِتْعُ قُلْتُ وَيُنْتَبَذُ مِنَ الشَّعِيرِ وَالذُّرَةِ فَقَالَ ذٰلِكَ

ابو بردہ نے حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے شہد کی شراب کے متعلق پوچھا تو فرمایا وہ بتع ہے۔ میں عرض گزار ہوا کہ جو اور جوار سے بھی بنائی جاتی ہے؟ فرمایا اُسے مزر کہتے ہیں پھر فرمایا اپنی قوم کو بتا دینا کہ نشہ لانے والی ہر چیز حرام

إِلَيْهِ ثُمَّ قَالَ أَخْبِرْ قَوْمَكَ أَنَّ كُلَّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ۔

ہے۔"

۲۸۷۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ قَالَ نَا حَمَّادٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ عَنْ يَزِيدَ ابْنِ أَبِي حَبِيبٍ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَالْكُوبَةِ وَالْغُبَيْرَاءِ وَقَالَ كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ۔

موسیٰ بن اسمٰعیل، حماد، محمد بن اسحاق، یزید بن ابو حبیب ولید بن عبدہ، حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شراب، جوئے، کوبہ اور غبیرہ سے منع فرمایا ہے اور فرمایا کہ نشہ لانے والی ہر ایک چیز حرام ہے۔"

۲۸۸۔ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ نَا أَبُو شِهَابٍ عَبْدُ رَبِّهِ بْنُ نَافِعٍ عَنِ الْحَسَنِ ابْنِ عَمْرٍو الْفُقَيْمِيِّ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ نَهٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ كُلِّ مُسْكِرٍ وَمُفْتِرٍ۔

سعید بن منصور، ابو شہاب عبد ربہ، نافع، حسن بن عمرو فقیمی، حکم بن عتیبہ، شہر بن حوشب سے روایت ہے کہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نشہ لانے والی اور عقل میں فتور لانے والی یا سستی پیدا کرنے والی ہر ایک چیز سے منع فرمایا ہے۔"

۲۸۹۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَمُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ قَالَا نَا مَهْدِيٌّ يَعْنِي ابْنَ مَيْمُونٍ قَالَ نَا أَبُو عُثْمَانَ قَالَ مُوسَى وَهُوَ عَمْرُو بْنُ سَالِمٍ الْأَنْصَارِيُّ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ وَمَا أَسْكَرَ مِنْهُ الْفَرَقُ فَمِلْءُ الْكَفِّ مِنْهُ حَرَامٌ۔

مسدد، موسیٰ بن اسمٰعیل، مہدی ابن میمون، ابو عثمان موسیٰ عمرو بن سالم انصاری، قاسم بن محمد سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا:۔ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ نشہ لانے والی ہر ایک چیز حرام ہے اور جو کسی کی مقدار میں ہو کر نشہ لائے وہ چلو بھر بھی حرام ہے۔"

بَابٌ فِي الدَّاذِيِّ۔

داذی شراب کا حکم

۲۹۰۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ قَالَ نَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ حَاتِمِ بْنِ حُرَيْثٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ دَخَلَ عَلَيْنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ غَنْمٍ فَتَذَاكَرْنَا الطِّلَاءَ فَقَالَ حَدَّثَنِي أَبُو مَالِكٍ الْأَشْعَرِيُّ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَيَشْرَبَنَّ نَاسٌ مِنْ أُمَّتِي الْخَمْرَ يُسَمُّونَهَا

احمد بن حنبل، زید بن حباب، معاویہ بن صالح، حاتم بن حریث، مالک بن ابو مریم کا بیان ہے کہ عبد الرحمٰن بن غنم ہمارے پاس تشریف لائے تو ہم طلاء یعنی انگور کے شیرے کا ذکر کرنے لگے۔ انہوں نے فرمایا کہ مجھ سے حدیث بیان کی حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ میری امت کے کچھ لوگ شراب پئیں گے اور

بِغَيْرِ اسْمِهَا۔

بَابٌ ۱۱ فِي الْأَوْعِيَةِ

۲۹۱۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ قَالَ نَا مَنْصُورُ بْنُ حَيَّانَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَشْهَدُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْحَنْتَمِ وَالْمُزَفَّتِ وَالنَّقِيرِ۔

۲۹۲۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ وَمُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْمَعْنَى قَالَا نَا جَرِيرٌ عَنْ يَعْلَى يَعْنِي ابْنَ حَكِيمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ يَقُولُ حَرَّمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيذَ الْجَرِّ فَخَرَجْتُ فَزِعًا مِنْ قَوْلِهِ حَرَّمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيذَ الْجَرِّ فَدَخَلْتُ عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍ فَقُلْتُ أَمَا تَسْمَعُ مَا يَقُولُ ابْنُ عُمَرَ قَالَ وَمَا ذَاكَ قُلْتُ قَالَ حَرَّمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيذَ الْجَرِّ قَالَ صَدَقَ حَرَّمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيذَ الْجَرِّ قُلْتُ مَا الْجَرُّ قَالَ كُلُّ شَيْءٍ يُصْنَعُ مِنْ مَدَرٍ۔

۲۹۳۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ قَالَا نَا حَمَّادٌ ح وَحَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ عَنْ أَبِي جَمْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ وَقَالَ مُسَدَّدٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَهَذَا حَدِيثُ سُلَيْمَانَ قَالَ قَدِمَ وَفْدُ عَبْدِ الْقَيْسِ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّا هَذَا الْحَيَّ مِنْ رَبِيعَةَ قَدْ حَالَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ كُفَّارُ مُضَرَ وَلَسْنَا نَخْلُصُ إِلَيْكَ إِلَّا فِي شَهْرٍ حَرَامٍ فَمُرْنَا بِشَيْءٍ نَأْخُذُ بِهِ وَنَدْعُو إِلَيْهِ مَنْ وَرَاءَنَا

اس کا کوئی اور نام رکھ لیں گے۔"

شراب کے برتنوں کا بیان

سعید بن جبیر سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے فرمایا: ہم گواہی دیتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کدو کے تونبے سبز لاکھی برتن، رال لگے ہوئے برتن اور لکڑی کے روغنی برتن کو استعمال کرنے سے منع فرمایا۔

سعید بن جبیر کا بیان ہے کہ میں نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جبر (شراب کا مرتبان) کی نبیذ کو حرام فرمایا ہے۔ پس میں ان کی اس بات سے ڈر کر باہر نکلا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جبر کے نبیذ کو حرام فرمایا ہے۔ پس میں حضرت ابن عباس کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کیا آپ نے سنا جو حضرت ابن عمر فرماتے ہیں؟ فرمایا وہ کیا؟ میں نے کہا: انہوں نے فرمایا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جبر کے نبیذ کو حرام فرمایا ہے۔ فرمایا انہوں نے سچ کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جبر کے نبیذ کو حرام فرما دیا ہے۔ میں عرض گزار ہوا کہ جبر کیا چیز ہے؟ فرمایا کہ ہر وہ برتن جو چکنی مٹی سے بنایا جائے۔

سلیمان بن حرب اور محمد بن عبید، حماد، مسدد، عباد بن عباد، ابو جمرہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا اور یہ حدیث سلیمان ہے۔ فرمایا کہ عبد القیس کا وفد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ ہمارا قبیلہ ربیعہ سے ہے جب کہ ہمارے اور آپ کے درمیان مضر قبیلے کے کفار حائل ہیں لہٰذا ہم آپ کی خدمت میں حاضر نہیں ہو سکتے مگر حرمت والے مہینوں میں۔ لہٰذا ہمیں ایسی باتوں کا حکم فرمائیے جن پر ہم عمل پیرا ہوں اور جنہیں پیچھے چھوڑ کر آئے ہیں انہیں ان چیزوں کی دعوت دیں۔ فرمایا میں تمہیں چار باتوں کا حکم دیتا ہوں اور

قَالَ آمُرُكُمْ بِأَرْبَعٍ وَأَنْهَاكُمْ عَنْ أَرْبَعٍ الْإِيمَانُ بِاللّٰهِ شَهَادَةُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَعَقَدَ بِيَدِهِ وَاحِدَةً وَقَالَ مُسَدَّدٌ الْإِيمَانُ بِاللّٰهِ ثُمَّ فَسَّرَهَا لَهُمْ شَهَادَةُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِقَامُ الصَّلٰوةِ وَإِيتَاءُ الزَّكٰوةِ وَأَنْ تُؤَدُّوا الْخُمُسَ مِمَّا غَنِمْتُمْ وَأَنْهَاكُمْ عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْحَنْتَمِ وَالْمُزَفَّتِ وَالنَّقِيرِ وَقَالَ ابْنُ عُبَيْدٍ النَّقِيرِ مَكَانَ الْمُقَيَّرِ قَالَ مُسَدَّدٌ وَالنَّقِيرِ وَالْمُقَيَّرِ وَلَمْ يَذْكُرِ الْمُزَفَّتَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَأَبُو جَمْرَةَ نَصْرُ بْنُ عِمْرَانَ الضُّبَعِيُّ۔

چار باتوں سے منع کرتا ہوں۔ اللہ پر ایمان رکھنا اور گواہی دیتے رہنا کہ نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ اور مٹھی بند کرکے ایک بنائی مسدد نے کہا کہ اللہ پر ایمان رکھنا اور اس کی ان کے لیے یوں تفسیر فرمائی کہ گواہی دیتے رہنا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بیشک محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں اور نماز قائم کرنا اور زکوٰۃ دیتے رہنا اور مالِ غنیمت سے خمس ادا کرنا اور منع کرتا ہوں تمہیں کدو کے تونبے، سبز لاکھی برتن، رال لگے ہوئے برتن اور چوبی برتن کو استعمال کرنے سے۔ ابن عبید نے اَلنَّقِيرُ کی جگہ اَلْمُقَيَّرُ کیا ہے۔ اور مسدد نے اَلنَّقِيرُ اور اَلْمُقَيَّرُ دونوں کہا اور اَلْمُزَفَّتُ کا ذکر نہیں کیا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ابو جمرہ کا نام نصر بن عمران ہے۔

۲۹۴۔ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ عَنْ نُوحِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِوَفْدِ عَبْدِ الْقَيْسِ أَنْهَاكُمْ عَنِ النَّقِيرِ وَالْمُقَيَّرِ وَالْحَنْتَمِ وَالدُّبَّاءِ وَالْمَزَادَةِ الْمَجْبُوبَةِ وَلٰكِنِ اشْرَبْ فِي سِقَائِكَ وَأَوْكِهِ۔

محمد بن سیرین نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عبدالقیس کے وفد سے فرمایا کہ میں تمہیں چوبی برتن، روغنی برتن سبز لاکھی برتن اور کدو کے تونبے سے منع کرتا ہوں، ہاں اپنی مشک سے پانی پیا کرو اور اس کا منہ باندھ دیا کرو۔

۲۹۵۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ ثَنَا أَبَانُ قَالَ نَا قَتَادَةُ عَنْ عِكْرِمَةَ وَسَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي قِصَّةِ وَفْدِ عَبْدِ الْقَيْسِ قَالُوا فِيمَا نَشْرَبُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَسْقِيَةِ الْأَدَمِ الَّتِي يُلَاثُ عَلَى أَفْوَاهِهَا۔

عکرمہ اور سعید بن مسیب نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے وفدِ عبدالقیس کے قصے میں روایت کی کہ لوگ عرض گزار ہوئے: یا نبی اللہ! پھر کس برتن میں پانی پیا کریں! نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ چمڑے کی مشکوں سے پیا کرو جن کے منہ باندھ دیے جاتے ہیں۔

۲۹۶۔ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ عَنْ خَالِدٍ عَنْ عَوْفٍ عَنْ أَبِي الْقَمُوصِ زَيْدِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنِي رَجُلٌ كَانَ مِنَ الْوَفْدِ الَّذِينَ وَفَدُوا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عَبْدِ الْقَيْسِ يَحْسَبُ عَوْفٌ أَنَّ اسْمَهُ قَيْسُ بْنُ النُّعْمَانِ فَقَالَ لَا تَشْرَبُوا فِي نَقِيرٍ

ابو قموص زید بن علی کا بیان ہے کہ مجھ سے اس شخص نے بیان کیا جو عبدالقیس کے اس وفد میں شامل تھا۔ جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا تھا۔ عوف راوی کے خیال میں ان کا نام قیس بن نعمان ہے فرمایا کہ چوبی برتن، روغنی برتن، کدو کے تونبے اور سبز لاکھی برتن سے نہ پیا کرو بلکہ چمڑے کی مشک سے پیو جس کا سر بندھن ہو۔ اگر نبیذ

وَلَا مُزَفَّتٍ وَلَا دُبَّاءٍ وَلَا حَنْتَمٍ وَاشْرَبُوا مِنَ الْجِلْدِ الْمُوكَاءِ عَلَيْهِ فَإِنِ اشْتَدَّ فَاكْسِرُوهُ بِالْمَاءِ فَإِنْ أَعْيَاكُمْ فَأَهْرِيقُوهُ۔

میں تیزی آجائے تو پانی ڈال کر اسے توڑ دو۔ اگر یوں بھی تیزی نہ جائے تو اسے بہا دو۔"

۲۹۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ نَا أَبُو أَحْمَدَ قَالَ نَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ بَذِيمَةَ قَالَ حَدَّثَنِي قَيْسُ بْنُ حَبْتَرٍ النَّهْشَلِيُّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِنَّ وَفْدَ عَبْدِ الْقَيْسِ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ فِيمَ نَشْرَبُ قَالَ لَا تَشْرَبُوا فِي الدُّبَّاءِ وَلَا فِي الْمُزَفَّتِ وَلَا فِي النَّقِيرِ وَانْتَبِذُوا فِي الْأَسْقِيَةِ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَإِنِ اشْتَدَّ فِي الْأَسْقِيَةِ قَالَ فَصُبُّوا عَلَيْهِ الْمَاءَ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَقَالَ لَهُمْ فِي الثَّالِثَةِ أَوِ الرَّابِعَةِ أَهْرِيقُوهُ ثُمَّ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَيَّ أَوْ حُرِّمَ الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْكُوبَةُ قَالَ وَكُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ قَالَ سُفْيَانُ فَسَأَلْتُ عَلِيَّ بْنَ بَذِيمَةَ عَنِ الْكُوبَةِ قَالَ الطَّبْلُ۔

قیس بن حبتر نہشلی سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ وفدِ عبد القیس والے عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! ہم کس چیز میں پیا کریں۔ فرمایا کہ کدو کے تونبے، روغنی برتن اور چوبی برتن میں نہ پیا کرو بلکہ مشکوں میں نبیذ بنایا کرو۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ اگر مشک کے اندر اس میں تیزی آجائے۔ فرمایا تو اس میں پانی ڈال دیا کرو۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! چنانچہ تیسری یا چوتھی دفعہ آپ نے فرمایا کہ اُسے بہا دو۔ پھر فرمایا کہ اللہ نے مجھ پر حرام کی یا شراب، جوئے اور کوبہ کو حرام کیا گیا ہے فرمایا کہ نشہ لانے والی ہر چیز حرام ہے۔ سفیان کا بیان ہے کہ میں نے علی بن بذیمہ سے کوبہ کے متعلق پوچھا تو فرمایا ڈھول کو کہتے ہیں۔

۲۹۸۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ قَالَ نَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ سُمَيْعٍ قَالَ نَا مَالِكُ بْنُ عُمَيْرٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ نَهَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْحَنْتَمِ وَالنَّقِيرِ وَالْجِعَةِ۔

اسمٰعیل بن سمیع نے مالک بن عمیر سے روایت کی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کدو کے تونبے، سبز لاکھی برتن، چوبی برتن اور جَو کی شراب سے منع فرمایا ہے۔"

۲۹۹۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا مُعَرِّفُ بْنُ وَاصِلٍ عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَيْتُكُمْ عَنْ ثَلَاثٍ وَأَنَا آمُرُكُمْ بِهِنَّ نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُورِ فَزُورُوهَا فَإِنَّ فِي زِيَارَتِهَا تَذْكِرَةً وَنَهَيْتُكُمْ عَنِ الْأَشْرِبَةِ أَنْ لَا تَشْرَبُوا إِلَّا فِي ظُرُوفِ الْأَدَمِ فَاشْرَبُوا فِي

ابن بریدہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ میں نے تین کاموں سے تمہیں منع کیا تھا لیکن اب ان کے کرنے کا تمہیں حکم دیتا ہوں۔ میں نے تمہیں زیارتِ قبور سے منع کیا تھا لیکن اب ان کی زیارت کیا کرو کیونکہ اس میں نصیحت ہے۔ میں نے تمہیں چمڑے کے سوا دوسرے برتنوں میں نبیذ پینے سے منع کیا تھا، اب ہر برتن میں پی لیا کرو، ہاں نشہ لانے والی چیز

كُلِّ وِعَاءٍ غَيْرَ اَنْ لَا تَشْرَبُوْا مُسْكِرًا وَنَهَيْتُكُمْ عَنْ لُحُوْمِ الْاَضَاحِيِّ اَنْ تَاْكُلُوْهَا بَعْدَ ثَلٰثٍ فَكُلُوْا وَاسْتَمْتِعُوْا بِهَا فِيْ اَسْفَارِكُمْ۔

نہ پیا کرو اور میں نے تمہیں قربانی کا گوشت تین دن کے بعد کھانے سے منع کیا تھا لیکن اب کھا لیا کرو اور اپنے سفر میں اس سے فائدہ اٹھایا کرو۔

ف:۔ یہاں دو باتیں خاص طور پر مدِنظر رہیں کہ ہمیں کسی امرونہی کی مصلحت معلوم ہو یا نہ ہو لیکن اس کے مطابق عمل کرنا چاہیے جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیونکہ بارگاہ خداوندی میں مقبول ہونے کا یہی واحد ذریعہ ہے جیسا کہ ارشادِ خداوندی ہے۔

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔ (۳: ۳۱)

اے محبوب! تم فرما دو، لوگو! اگر تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو میرے فرمانبردار ہو جاؤ، اللہ تمہیں دوست رکھے گا اور تمہارے گناہ بخش دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

دوسری یہ بات بھی ملحوظ رہے کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بھی تحلیل و تحریم کا اختیار مرحمت فرمایا تھا جس کے باعث آپ بعض کاموں کا حکم فرماتے اور بعض کاموں سے منع فرمایا کرتے تھے۔ ایسا وحی خفی کی روشنی میں ہوتا یا نورِ نبوت سے دیکھنے کے باعث قرآن مجید نے آپ کی اسی پوزیشن کا ذکر کرتے ہوئے بتایا ہے۔

يُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ ۔ (۷: ۱۵۷)

اور ستھری چیزیں ان کے لیے حلال فرمائے گا اور گندی چیزیں ان پر حرام کرے گا۔

لہٰذا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خواہ کسی چیز کا حلال و حرام ہونا وحی جلی کے تحت بتایا یا وحی خفی کے باعث یا اپنے نورِ نبوت کی روشنی سے دیکھ کر، سب کے متعلق پروردگارِ عالم نے فرما دیا کہ میرا محبوب پاک چیزوں ہی کو حلال قرار دیتا اور ناپاک چیزوں ہی کو حرام فرماتا ہے اور تمام اوامر و نواہی کے بارے میں واضح طور پر یوں فیصلہ فرما دیا ہے۔

وَمَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ (۴: ۸۰)

جس نے رسول کا حکم مانا بے شک اس نے اللہ کا حکم مانا۔

لہٰذا امتی کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ رسول سے یہ پوچھنے کی جرات کرتا کہ حضور! یہ آپ خدا کی طرف سے بیان فرما رہے ہیں یا اپنی جانب سے؟ کیونکہ رسول اللہ نے جس طرح بھی فرمایا وہ حکم خداوندی ہے اور امتی کے لیے اسی کے مطابق عمل کرنا ضروری ہے۔ دوسرے امتی کو یہ حق نہیں ہے کہ وہ رسول کے خداداد منصبِ تحلیل و تحریم کا انکار کرے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳۷۰۰۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا يَحْيٰى عَنْ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَنْصُوْرٌ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ لَمَّا نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْاَوْعِيَةِ قَالَ قَالَتِ الْاَنْصَارُ اِنَّهُ لَا بُدَّ لَنَا قَالَ فَلَا اِذًا۔

منصور نے سالم بن ابی الجعد سے روایت کی ہے کہ حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شراب کے برتنوں سے منع فرمایا تو انصار عرض گزار ہوئے: ہمارا ان کے بغیر گزارہ نہیں۔ فرمایا اب استعمال کر لیا کرو۔

۳۰۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ زِيَادٍ قَالَ نَا شَرِيكٌ عَنْ زِيَادِ بْنِ فَيَّاضٍ عَنْ أَبِي عِيَاضٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ ذَكَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْأَوْعِيَةَ الدُّبَّاءَ وَالْحَنْتَمَ وَالْمُزَفَّتَ وَالنَّقِيرَ فَقَالَ أَعْرَابِيٌّ أَنَّهُ لَا ظُرُوفَ لَنَا فَقَالَ اشْرَبُوا مَا حَلَّ۔

زیاد بن فیاض نے ابو عیاض سے روایت کی ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے برتنوں کا ذکر فرمایا یعنی کدو کے تونبے، سبز لاکھی برتن، روغنی برتن اور چوبی برتن کا تو ایک اعرابی عرض گزار ہوا: یہ برتن ہمارے پاس نہیں ہوتے۔ فرمایا: پیا کرو جو چیز حلال ہو۔

۳۰۲۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ نَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ قَالَ شَرِيكٌ بِإِسْنَادِهِ قَالَ اجْتَنِبُوا مَا أَسْكَرَ۔

حسن بن علی، یحییٰ بن آدم، شریک نے اپنی اسناد کے ساتھ روایت کرتے ہوئے کہا جو چیز نشہ لائے اس سے اجتناب کرنا۔

۳۰۳۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ قَالَ نَا زُهَيْرٌ قَالَ نَا أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ كَانَ يُنْتَبَذُ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سِقَاءٍ فَإِذَا لَمْ يَجِدُوا سِقَاءً نُبِذَ لَهُ فِي تَوْرٍ مِنْ حِجَارَةٍ۔

ابو الزبیر سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے مشک میں نبیذ بنایا جاتا تھا۔ اگر مشک نہ ہوتی تو پتھر کے پیالے میں نبیذ بنایا جاتا۔

بَاب ۱۱۲ فِي الْخَلِيطَيْنِ۔

ملائی ہوئی چیزوں کا بیان

۳۰۴۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ نَا اللَّيْثُ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ نَهَى أَنْ يُنْتَبَذَ الزَّبِيبُ وَالتَّمْرُ جَمِيعًا وَنَهَى أَنْ يُنْتَبَذَ الْبُسْرُ وَالرُّطَبُ جَمِيعًا۔

عطاء بن ابو رباح نے حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انگوروں اور کھجوروں کو ملا کر نبیذ بنانے سے منع فرمایا نیز ادھ کچی اور پکی کھجوروں کو ملا کر نبیذ بنانے سے بھی منع فرمایا۔

۳۰۵۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا أَبَانُ قَالَ حَدَّثَنِي يَحْيَى عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي قَتَادَةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ نَهَى عَنْ خَلِيطِ الزَّبِيبِ وَالتَّمْرِ وَعَنْ خَلِيطِ الْبُسْرِ وَالتَّمْرِ وَعَنْ خَلِيطِ الزَّهْوِ وَالرُّطَبِ وَقَالَ انْتَبِذُوا كُلَّ وَاحِدَةٍ عَلَى حِدَةٍ قَالَ وَحَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي قَتَادَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

عبد اللہ بن ابو قتادہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ انگوروں اور کھجوروں کو ملا کر نبیذ بنانے سے منع فرمایا گیا ہے اور گدر کے ساتھ سوکھی کھجوروں کو ملا کر بنانے سے نیز گدر کھجوروں کے ساتھ پکی ہوئی تازہ کھجوروں کو ملا کر بنانے سے۔ فرمایا ہے کہ ہر ایک کی علیحدہ علیحدہ بناؤ۔ فرمایا کہ یہ حدیث بیان کی مجھ سے ابو سلمہ بن عبد الرحمٰن، ابو قتادہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

وَسَلَّمَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ.

٣٠٦- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ وَحَفْصُ بْنُ عُمَرَ النَّمَرِيُّ قَالَا ثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلٰى عَنْ رَجُلٍ قَالَ حَفْصٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَهٰى عَنِ الْبَلَحِ وَالتَّمْرِ وَالزَّبِيْبِ وَالتَّمْرِ.

حفص کا بیان ہے کہ ابن ابی لیلیٰ نے نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے ایک صحابی سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے پکی ہوئی ماری اور خشک کھجوریں نیز انگور اور کھجوریں ملا کر نبیذ بنانے کے لیے بھگونے سے منع فرمایا ہے۔

٣٠٧- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا يَحْيٰى عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُمَارَةَ حَدَّثَتْنِي رَيْطَةُ عَنْ كَبْشَةَ بِنْتِ أَبِي مَرْيَمَ قَالَتْ سَأَلْتُ أُمَّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا مَا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهٰى عَنْهُ قَالَتْ كَانَ يَنْهَانَا أَنْ نَعْجُمَ النَّوٰى طَبْخًا أَوْ نَخْلِطَ الزَّبِيْبَ وَالتَّمْرَ.

کبشہ بنت ابی مریم کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے دریافت کیا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کس بات سے منع فرمایا ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ ہمیں کھجوروں کو اتنا پکانے سے منع فرمایا ہے کہ گٹھلی بھی گل جائے نیز انگوروں اور کھجوروں کو ملا کر بھگونے سے۔

٣٠٨- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ دَاوُدَ عَنْ مِسْعَرٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ امْرَأَةٍ مِنْ بَنِي أَسَدٍ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُنْبَذُ لَهُ زَبِيْبٌ فَيُلْقٰى فِيْهِ تَمْرٌ أَوْ تَمْرٌ فَيُلْقٰى فِيْهِ زَبِيْبٌ.

موسیٰ بن عبداللہ نے بنی اسد کی ایک عورت سے روایت کی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے انگوروں کا نبیذ بنایا جاتا تو اس میں کھجوریں ڈال دی جاتیں اور کھجوروں کا بنایا جاتا تو اس میں انگور ڈال دیے جاتے۔

٣٠٩- حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ يَحْيَى الْحَسَّانِيُّ نَا أَبُوْ بَحْرٍ قَالَ نَا عَتَّابُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْحِمَّانِيُّ قَالَ حَدَّثَتْنِي صَفِيَّةُ بِنْتُ عَطِيَّةَ قَالَتْ دَخَلْتُ مَعَ نِسْوَةٍ مِنْ عَبْدِ الْقَيْسِ عَلٰى عَائِشَةَ فَسَأَلْنَاهَا عَنِ التَّمْرِ وَالزَّبِيْبِ فَقَالَتْ كُنْتُ آخُذُ قَبْضَةً مِنْ تَمْرٍ وَقَبْضَةً مِنْ زَبِيْبٍ فَأُلْقِيْهِ فِي إِنَاءٍ فَأَمْرُسُهُ ثُمَّ أَسْقِيْهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

صفیہ بنت عطیہ کا بیان ہے کہ میں عبد القیس کی ایک عورت کے ساتھ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئی اور ان سے کھجوروں اور انگوروں کے متعلق دریافت کیا انھوں نے فرمایا کہ میں ایک مٹھی کھجوریں اور ایک مٹھی کشمش لیتی اور انہیں ایک برتن میں ڈال دیتی اس کے بعد انہیں ہاتھوں سے مسلتی۔ پھر وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پلا دیتی۔

بَابُ ١١٣ فِي نَبِيْذِ الْبُسْرِ.

ادھ کچی کھجوروں کی نبیذ کا حکم

٣١٠- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ نَا

قتادہ نے جابر بن زید اور عکرمہ سے روایت کی ہے۔

مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ قَتَادَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ وَعِكْرِمَةَ أَنَّهُمَا كَانَا يَكْرَهَانِ الْبُسْرَ وَحْدَهُ وَيَأْخُذَانِ ذَلِكَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ أَخْشَى أَنْ يَكُونَ الْمُزَّاءُ الَّتِي نُهِيَتْ عَنْهُ عَبْدُ الْقَيْسِ فَقُلْتُ لِقَتَادَةَ مَا الْمُزَّاءُ قَالَ النَّبِيذُ فِي الْحَنْتَمِ وَالْمُزَفَّتِ۔

بَابٌ ۱۱۴ فِي صِفَةِ النَّبِيذِ۔

۳۱۱۔ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ نَا ضَمْرَةُ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الدَّيْلَمِيِّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ أَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا يَا رَسُولَ اللهِ قَدْ عَلِمْتَ مَنْ نَحْنُ وَمِنْ أَيْنَ نَحْنُ وَإِلَى مَنْ نَحْنُ قَالَ إِلَى اللهِ وَرَسُولِهِ فَقُلْنَا يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّ لَنَا أَعْنَابًا مَا نَصْنَعُ بِهَا قَالَ زَبِّبُوهَا قُلْنَا مَا نَصْنَعُ بِالزَّبِيبِ قَالَ انْبِذُوهُ عَلَى غَدَائِكُمْ وَاشْرَبُوهُ عَلَى عَشَائِكُمْ وَانْبِذُوهُ عَلَى عَشَائِكُمْ وَاشْرَبُوهُ عَلَى غَدَائِكُمْ فَانْبِذُوهُ فِي الشِّنَانِ وَلَا تَنْبِذُوهُ فِي الْقُلَلِ فَإِنَّهُ إِذَا تَأَخَّرَ عَنْ عَصْرِهِ صَارَ خَلًّا۔

۳۱۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ الثَّقَفِيُّ عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ أُمِّهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ يُنْبَذُ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سِقَاءٍ يُوكَأُ أَعْلَاهُ وَلَهُ عَزْلَاءُ يُنْبَذُ غُدْوَةً فَيَشْرَبُهُ عِشَاءً وَيُنْبَذُ عِشَاءً فَيَشْرَبُهُ غُدْوَةً۔

۳۱۳۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا الْمُعْتَمِرُ قَالَ سَمِعْتُ شَبِيبَ بْنَ عَبْدِ الْمَلِكِ يُحَدِّثُ عَنْ مُقَاتِلِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ حَدَّثَتْنِي عَمَّتِي عَمْرَةُ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا كَانَتْ تَنْبِذُ لِرَسُولِ

کہ دونوں حضرات ادھ کچی کھجوروں کی نبیذ کو ناپسند کرتے اور اس بات کو حضرت ابن عباس کی طرف منسوب کرتے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا:۔ میں ڈرتا ہوں کہ یہ مزّاء شمار نہ ہو جس سے عبدالقیس کو منع فرمایا گیا تھا۔ میں (ہشام) نے قتادہ سے کہا کہ مزاء کیا ہے؟ فرمایا کہ لاکھی بھر برتن اور روغنی برتن میں نبیذ بنانا۔

نبیذ کی تعریف

عبداللہ دیلمی نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ ہم نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے:۔ یا رسول اللہ! آپ بخوبی جانتے ہیں کہ ہم کون ہیں، کہاں کے رہنے والے ہیں اور کس کی خدمت میں حاضر ہوئے ہیں۔ فرمایا کہ تم اللہ اور اس کے رسول کے پاس آئے ہو۔ ہم عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! ہمارے یہاں انگور ہوتے ہیں، ہم ان کا کیا کریں؟ فرمایا ان کی کشمش بنا لیا کرو۔ عرض کی کہ کشمش کا کیا کریں؟ فرمایا کہ صبح کو بھگو دو اور شام کو پی لیا کرو نیز شام کو بھگو دو اور صبح کو پی لیا کرو لیکن چمڑے کی مشکوں میں بھگویا کرو اور مٹی کے گھڑوں میں نہ بھگونا کیونکہ دیر ہونے سے اس کا

محمد بن مثنیٰ، عبدالوہاب بن عبدالمجید ثقفی، یونس بن عبید، حسن نے اپنی والدہ ماجدہ سے روایت کی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ایک مشک میں نبیذ بھگویا جاتا جس کا اوپر والا منہ باندھ دیا جاتا اور اس کے نیچے بھی منہ تھا۔ صبح کو بھگویا جاتا تو شام کو پی لیتے اور شام کو بھگویا جاتا تو اسے صبح کے وقت نوش فرما لیتے۔

مقاتل بن حیان کی پھوپھی جان عمرہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے صبح کے وقت نبیذ بھگویا جاتا جب شام ہوتی تو آپ رات کے کھانے کے بعد اسے نوش فرما لیتے

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غُدْوَةً فَإِذَا كَانَ مِنَ الْعَشِيِّ فَتَعَشَّى شَرِبَ عَلَى عَشَائِهِ فَإِنْ فَضَلَ شَيْءٌ صَبَبْتُهُ أَوْ فَرَغْتُهُ ثُمَّ تُنْبَذُ بِاللَّيْلِ فَإِذَا أَصْبَحَ تَغَدَّى فَشَرِبَ عَلَى غَدَائِهِ قَالَتْ تَغْسِلُ السِّقَاءَ غُدْوَةً وَعَشِيَّةً فَقَالَ لَهَا أَبِي مَرَّتَيْنِ فِي يَوْمٍ قَالَتْ نَعَمْ۔

۳۱۴۔ حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي عُمَرَ يَحْيَى الْبَهْرَانِيِّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ يُنْبَذُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الزَّبِيبُ فَيَشْرَبُهُ الْيَوْمَ وَالْغَدَ وَبَعْدَ الْغَدِ إِلَى مَسَاءِ الثَّالِثَةِ ثُمَّ يَأْمُرُ بِهِ فَيُسْقَى الْخَدَمَ أَوْ يُهَرَاقُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ مَعْنَى يُسْقَى الْخَدَمَ يُبَادِرُ بِهِ الْفَسَادَ۔

بَابٌ فِي شَرَابِ الْعَسَلِ۔

۳۱۵۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَنْبَلٍ قَالَ نَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ أَنَّهُ سَمِعَ عُبَيْدَ بْنَ عُمَيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُخْبِرُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمْكُثُ عِنْدَ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ فَيَشْرَبُ عِنْدَهَا عَسَلًا فَتَوَاصَيْتُ أَنَا وَحَفْصَةُ أَيَّتُنَا مَا دَخَلَ عَلَيْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلْتَقُلْ إِنِّي أَجِدُ مِنْكَ رِيحَ مَغَافِيرَ فَدَخَلَ عَلَى إِحْدَاهُنَّ فَقَالَتْ ذَلِكَ لَهُ فَقَالَ بَلْ شَرِبْتُ عَسَلًا عِنْدَ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ وَلَنْ أَعُودَ لَهُ فَنَزَلَتْ لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللهُ لَكَ تَبْتَغِي إِلَى إِنْ تَتُوبَا إِلَى اللهِ لِعَائِشَةَ وَحَفْصَةَ وَإِذْ أَسَرَّ النَّبِيُّ إِلَى بَعْضِ أَزْوَاجِهِ حَدِيثًا لِقَوْلِهِ بَلْ شَرِبْتُ عَسَلًا۔

اگر کچھ بچ رہتا تو اُسے بہا دیتے یا کسی طرح مشک کو فارغ کرتے پھر رات کے وقت بھگو یا جاتا تو جب صبح ہوتی تو صبح کے کھانے کے بعد نوش فرما لیتے۔ حضرت صدیقہ کا بیان ہے کہ ہم مشک کو صبح و شام دھویا کرتے۔ مقاتل کے والد یا جد (حیان) نے ان (عمرہ) سے کہا کہ روزانہ دو مرتبہ دھوئی جاتی؟ فرمایا ہاں۔

ابو عمر نے یحییٰ بہرانی سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے کشمش کا نبیذ بھگو یا جاتا تو آپ اس روز نوش فرماتے اگلی صبح کو اور اس سے اگلی صبح کو بلکہ تیسری شام تک۔ پھر حکم فرماتے کہ خدام کو پلا دیا جائے یا بہا دیا جائے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ خادموں کو پلا دینے سے یہ مراد ہے کہ خراب ہونے سے پہلے ختم کر دیا جائے۔

شہد کے شربت کا حکم

عطاء نے عبید بن عمیر سے سنا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے انہیں بتایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت زینب بنت جحش کے پاس ٹھہرتے اور اُن کے پاس سے شہد پیا کرتے۔ پس میں نے اور حضرت حفصہ نے باہم مشورہ کر لیا کہ ہم میں سے جس کے پاس بھی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائیں تو وہی کہے کہ مجھے آپ کے دہن مبارک سے مغافیر کی بو آتی ہے۔ پس ان میں سے ایک کے پاس آپ تشریف لائے تو اس نے آپ سے ایسا ہی کہا۔ آپ نے فرمایا کہ میں نے تو زینب بنت جحش کے پاس سے شہد پیا ہے اور اب کبھی نہیں پیوں گا۔ پس یہ آیت نازل ہوئی۔ تم کیوں حرام ٹھہراتے ہو جو چیز اللہ نے تمہارے لیے حلال کی ہے (۶۶: ۱) یہاں تک کہ حضرت عائشہ اور حضرت حفصہ کو توبہ کرنے کا حکم ہوا جبکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی بعض ازواج مطہرات سے سرگوشی کرتے ہوئے فرمایا کہ میں نے شہد پیا ہے۔

۳۱۶- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ الْحَلْوَاءَ وَالْعَسَلَ فَذَكَرَ بَعْضَ هَذَا الْخَبَرِ وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْتَدُّ عَلَيْهِ أَنْ يُوجَدَ مِنْهُ الرِّيحُ وَفِي الْحَدِيثِ قَالَتْ سَوْدَةُ بَلْ أَكَلْتَ مَغَافِيرَ قَالَ بَلْ شَرِبْتُ عَسَلًا سَقَتْنِي حَفْصَةُ فَقُلْتُ جَرَسَتْ نَحْلُهُ الْعُرْفُطَ نَبْتٌ مِنْ نَبْتِ النَّحْلِ۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو میٹھی چیزیں اور شہد پسند تھا۔ پس مذکورہ حدیث کے بعض حصے بیان کرتے ہوئے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر یہ بات بہت گراں تھی کہ آپ سے بو آئے۔ حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کہا کہ آپ نے مغافیر کھایا ہے۔ فرمایا میں نے تو شہد پیا ہے جو مجھے حفصہ نے پلایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہد کی مکھیوں میں سے شاید کسی مکھی نے عرفط چاٹ لیا ہو گا۔"

ف: ازواج مطہرات اور خصوصاً حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہن وعنہا نے جو کچھ کیا وہ محض محبت رسول میں کیا کہ وہ حبیب پروردگار کی نگاہ لطف وکرم کو زیادہ سے زیادہ اپنی جانب متوجہ کرنا چاہتی تھیں۔ یہ اس ہستی کی زیادہ سے زیادہ رضا حاصل کرنے کی کوشش تھی جن کی رضا خود پروردگار عالم بھی چاہتا ہے۔" واللہ تعالیٰ اعلم!

باب ۱۱۶ فِي النَّبِيذِ إِذَا غَلَى۔

نبیذ میں تیزی آجانے کا بیان

۳۱۷- حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ نَا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ نَا زَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ حُسَيْنٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ عَلِمْتُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَصُومُ فَتَحَيَّنْتُ فِطْرَهُ بِنَبِيذٍ صَنَعْتُهُ فِي دُبَّاءٍ ثُمَّ أَتَيْتُهُ بِهِ فَإِذَا هُوَ يَنِشُّ فَقَالَ اضْرِبْ بِهَذَا الْحَائِطَ فَإِنَّ هَذَا شَرَابُ مَنْ لَا يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ۔

خالد بن عبد اللہ بن حسین سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ مجھے معلوم ہوا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روزے رکھ رہے ہیں۔ میں اس روز کی تلاش میں رہا جبکہ آپ نے روزہ نہ رکھا پس میں نے کدو کے تونبے میں نبیذ بنایا اور اسے لے کر آپ کی بارگاہ میں حاضر ہو گیا۔ اس وقت وہ جوش کھا رہا تھا۔ فرمایا کہ اسے دیوار پر پھینک دو کیونکہ اسے وہی پیے گا جو اللہ اور آخری دن پر ایمان نہ رکھتا ہو۔"

باب ۱۱۷ فِي الشَّرَابِ قَائِمًا۔

کھڑے ہو کر پانی پینا

۳۱۸- حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ نَا هِشَامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ يَشْرَبَ الرَّجُلُ قَائِمًا۔

قتادہ نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ آدمی کھڑا ہو کر پانی پیے۔"

۳۱۹- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا يَحْيَى عَنْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ عَنِ النَّزَّالِ بْنِ سَبْرَةَ أَنَّ عَلِيًّا دَعَا بِمَاءٍ فَشَرِبَ وَهُوَ قَائِمٌ ثُمَّ قَالَ إِنَّ رِجَالًا يَكْرَهُ أَحَدُهُمْ

عبد الملک بن میسرہ نے نزال بن سبرہ سے روایت کی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پانی منگایا پس اسے کھڑے ہو کر پی لیا۔ پھر فرمایا کہ تم میں سے بعض حضرات ایسا کرنا ناپسند کرتے ہوں گے لیکن میں نے رسول اللہ صلی

أَنْ يَفْعَلَ هٰذَا أَوْ قَدْ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُ مِثْلَ مَا رَأَيْتُمُوْنِيْ فَعَلْتُ۔

بَاب۸ الشَّرَابِ مِنْ فِي السِّقَاءِ۔

۳۲۰۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ إِسْمٰعِيْلَ قَالَ نَا حَمَّادٌ قَالَ أَنَا قَتَادَةُ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الشَّرَابِ مِنْ فِي السِّقَاءِ وَعَنْ رُكُوْبِ الْجَلَّالَةِ وَالْمُجَثَّمَةِ قَالَ أَبُوْ دَاوُدَ الْجَلَّالَةُ الَّتِيْ تَأْكُلُ الْعَذِرَةَ۔

بَاب۹ فِي اخْتِنَاثِ الْأَسْقِيَةِ۔

۳۲۱۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ إِسْمٰعِيْلَ قَالَ الزُّهْرِيُّ أَنَّهُ سَمِعَ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ اخْتِنَاثِ الْأَسْقِيَةِ۔

۳۲۲۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْأَعْلٰى قَالَ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ عِيْسَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ عَنْ أَبِيْهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَا بِإِدَاوَةٍ يَوْمَ أُحُدٍ فَقَالَ اخْنُثْ فَمَ الْإِدَاوَةِ ثُمَّ شَرِبَ مِنْ فِيْهَا۔

بَاب۱۰ فِي الشُّرْبِ مِنْ ثُلْمَةِ الْقَدَحِ۔

۳۲۳۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِيْ قُرَّةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ أَنَّهُ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الشُّرْبِ مِنْ ثُلْمَةِ الْقَدَحِ وَأَنْ يُنْفَخَ فِي الشَّرَابِ۔

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایسا ہی کرتے ہوئے دیکھا جیسا کرتے ہوئے تم نے مجھے دیکھا ہے۔''

مشکیزے سے منہ لگا کر پینے کا بیان

عکرمہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مشک کے دہانے سے منہ لگا کر پانی پینے، فضلہ خور جانور پر سواری کرنے اور تیر اندازی کر کے ہلاک کیے ہوئے جانور کو کھانے سے منع فرمایا ہے۔''

مشک کا منہ موڑنا

عبید اللہ بن عبد اللہ نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مشک کا منہ موڑنے سے منع فرمایا ہے۔

نصر بن علی، عبد الاعلیٰ، عبید اللہ بن عمر، عیسیٰ بن عبد اللہ انصاری نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ احد کے روز ایک مشکیزہ منگا کر فرمایا۔ مشکیزے کا منہ مختصر کر کے تھام لو۔ پھر آپ نے اس کے دہانے سے پانی پیا۔

پیالے کے ٹوٹے ہوئے کنارے سے پینا

احمد بن صالح، عبد اللہ بن وہب، قرۃ بن عبد الرحمٰن ابن شہاب، عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ سے روایت ہے کہ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پیالے کے سوراخ سے پینے اور پینے والی چیز میں پھونکیں مارنے سے منع فرمایا ہے۔''

بَابُ ۲۱ فِي الشُّرْبِ فِي آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ۔

سونے چاندی کے برتن میں پینا

۳۲۴۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ قَالَ نَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى قَالَ كَانَ حُذَيْفَةُ بِالْمَدَائِنِ فَاسْتَسْقَى فَأَتَاهُ دِهْقَانٌ بِإِنَاءٍ مِنْ فِضَّةٍ فَرَمَاهُ بِهِ فَقَالَ إِنِّي لَمْ أَرْمِهِ بِهِ إِلَّا أَنِّي قَدْ نَهَيْتُهُ فَلَمْ يَنْتَهِ وَأَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْحَرِيرِ وَالدِّيبَاجِ وَعَنِ الشُّرْبِ فِي آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَقَالَ هِيَ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا وَلَكُمْ فِي الْآخِرَةِ۔

ابن ابی لیلیٰ کا بیان ہے کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مدائن میں تھے انہوں نے پانی مانگا تو ایک کسان نے انہیں چاندی کے برتن میں پانی پیش کیا۔ انہوں نے اسے پھینک دیا اور فرمایا:- میں اسے نہ پھینکتا مگر میں نے اسے منع کیا تھا لیکن باز نہیں آیا حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ریشم اور دیباج کے کپڑے پہننے اور سونے چاندی کے برتنوں میں پینے سے منع فرمایا کہ یہ چیزیں دنیا میں ان (کافروں) کے لیے اور آخرت میں تمہارے لیے ہیں۔"

ف:- مردوں کے لیے ریشمی کپڑا پہننا حرام اور عورتوں کو جائز ہے۔ سونے چاندی کے برتنوں میں کھانا پینا مرد و عورت دونوں کے لیے حرام ہے۔ ہاں عورت سونے چاندی کے زیور پہن سکتی ہے۔ جب کہ مرد نہیں پہن سکتا۔ واللہ تعالیٰ اعلم!

بَابُ ۲۲ فِي الْكَرْعِ۔

منہ لگا کر پانی پینے کا بیان

۳۲۵۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ نَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنِي فُلَيْحٌ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِهِ عَلَى رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ وَهُوَ يُحَوِّلُ الْمَاءَ فِي حَائِطٍ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنْ كَانَ عِنْدَكَ مَاءٌ بَاتَ هَذِهِ اللَّيْلَةَ فِي شَنٍّ وَإِلَّا كَرَعْنَا قَالَ بَلَى عِنْدِي مَاءٌ بَاتَ فِي شَنٍّ۔

سعید بن حارث کا بیان ہے کہ حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے ایک صحابی کسی انصاری کے باغ میں داخل ہوئے جو اپنے باغ کو پانی دے رہے تھے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اگر تمہارے پاس مشک میں گزشتہ رات کا باسی پانی ہے تو پلا دو ورنہ ہم نالی سے پی لیتے ہیں۔ عرض گزار ہوئے، کیوں نہیں، میرے پاس مشک میں رات کا باسی پانی بھی موجود ہے۔"

بَابُ ۲۳ فِي السَّاقِي مَتَى يَشْرَبُ۔

ساقی کب پیئے،

۳۲۶۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ نَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي الْمُخْتَارِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي أَوْفَى أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَاقِي الْقَوْمِ آخِرُهُمْ شُرْبًا۔

حضرت عبد اللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا لوگوں کو پلانے والا خود سب سے آخر میں پیئے۔"

۳۲۷۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِلَبَنٍ قَدْ شِيبَ بِمَاءٍ وَعَنْ يَمِينِهِ أَعْرَابِيٌّ وَعَنْ يَسَارِهِ أَبُو بَكْرٍ فَشَرِبَ ثُمَّ أَعْطَى الْأَعْرَابِيَّ وَقَالَ الْأَيْمَنَ فَالْأَيْمَنَ۔

ابن شہاب نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں دودھ پیش کیا گیا جس میں پانی ڈالا ہوا تھا۔ آپ کے دائیں جانب ایک اعرابی اور بائیں جانب حضرت ابوبکر صدیق تھے۔ آپ نے نوش فرمایا۔ پھر اعرابی کو دے دیا اور فرمایا کہ داہنی طرف والا زیادہ حقدار ہے۔

۳۲۸۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا هِشَامٌ عَنْ أَبِي عِصَامٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا شَرِبَ تَنَفَّسَ ثَلَاثًا وَقَالَ هُوَ أَهْنَأُ وَأَمْرَأُ وَأَبْرَأُ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کوئی چیز پیتے تو تین سانس لیتے اور فرمایا کہ یہ پیاس بجھاتا، کھانا ہضم کرتا اور تندرست رکھتا ہے۔

باب ۱۲۴ النَّفْخِ فِي الشَّرَابِ۔

پینے کی چیز میں پھونکیں مارنا

۳۲۹۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُتَنَفَّسَ فِي الْإِنَاءِ أَوْ يُنْفَخَ فِيهِ۔

عبداللہ بن محمد نفیلی، ابن عیینہ، عبدالکریم، عکرمہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے برتن میں سانس لینے یا اس میں پھونکیں مارنے سے منع فرمایا ہے۔

۳۳۰۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ قَالَ نَا شُعْبَةُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بُسْرٍ مِنْ بَنِي سُلَيْمٍ قَالَ جَاءَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى أَبِي فَنَزَلَ عَلَيْهِ فَقَدَّمَ إِلَيْهِ طَعَامًا فَذَكَرَ حَيْسًا أَتَاهُ بِهِ ثُمَّ أَتَاهُ بِشَرَابٍ فَشَرِبَ فَنَاوَلَ مَنْ عَلَى يَمِينِهِ فَأَكَلَ تَمْرًا فَجَعَلَ يُلْقِي النَّوَى عَلَى ظَهْرِ إِصْبَعَيْهِ السَّبَّابَةِ وَالْوُسْطَى فَلَمَّا قَامَ قَامَ أَبِي فَأَخَذَ بِلِجَامِ دَابَّتِهِ فَقَالَ ادْعُ اللَّهَ لِي فَقَالَ اللَّهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيمَا رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ۔

بنی سلیم کے عبداللہ بن بسر کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے والد ماجد کے گھر تشریف لائے۔ انہوں نے آپ کے حضور کھانا پیش کیا۔ پس حیس لانے کا ذکر کیا۔ پھر شربت پیش کیا جو آپ نے نوش فرمایا اور بچا ہوا داہنی جانب والے کو دے دیا۔ پھر کھجوریں کھائیں اور انگشت سبابہ اور درمیانی کی پشت سے گٹھلیاں ڈالیں۔ جب آپ کھڑے ہوتے تو میرے والد محترم بھی کھڑے ہو گئے اور آپ کی سواری کی لگام پکڑ کر عرض گزار ہوئے کہ میرے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے۔ آپ نے کہا۔ اے اللہ! جو تو نے روزی دی ہے اس میں انہیں برکت دے، ان کی مغفرت [اور ان پر رحم فرما]

باب ۱۲۵ مَا يَقُولُ إِذَا شَرِبَ اللَّبَنَ۔

دودھ پیتے وقت کیا کہے؟

۳۳۱۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا حَمَّادٌ يَعْنِي ابْنَ زَيْدٍ ح وَحَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ قَالَ

مسدد، حماد بن زید۔ موسیٰ بن اسمٰعیل، حماد ابن سلمہ علی بن زید، عمر بن حرملہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس

نا حماد يعني ابن سلمة عن علي بن زيد عن عمر بن حرملة عن ابن عباس قال كنت في بيت ميمونة فدخل رسول الله صلى الله عليه وسلم ومعه خالد بن الوليد فجاءوا بضبين مشويين على ثمامتين فتبزق رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال خالد أخالك تقذره يا رسول الله فقال أجل ثم أتي رسول الله صلى الله عليه وسلم بلبن فشرب فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا أكل أحدكم طعاما فليقل اللهم بارك لنا فيه وأطعمنا خيرا منه وإذا سقي لبنا فليقل اللهم بارك لنا فيه وزدنا منه فإنه ليس شيء يجزي من الطعام والشراب إلا اللبن قال أبو داود هذا لفظ مسدد۔

رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ میں حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے دولت خانے میں تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لے آئے اور آپ کے ساتھ حضرت خالد بن ولید تھے۔ آپ کے حضور بھنی ہوئی اور لکڑیوں پر رکھی ہوئی دو گوہ پیش کی گئیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں دیکھ کر تھوکا تو حضرت خالد عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! کیا آپ کو اس چیز سے نفرت ہے؟ فرمایا یہی بات ہے پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں دودھ پیش کیا گیا تو آپ نے نوش فرمایا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کھانا کھا لے تو کہے۔ اے اللہ! ہمیں اس میں برکت دے اور ہمیں یہ زیادہ عطا فرما۔ کیونکہ دودھ کے سوا ایسی کوئی چیز نہیں جو کھانے اور پانی دونوں کی جگہ کفایت کرے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یہ مسدد کے الفاظ ہیں۔

باب ۱۲۶ في إيكاء الآنية

برتنوں کو ڈھانپ دینے کا بیان

۳۳۲ ـ حدثنا أحمد بن حنبل قال نا يحيى عن ابن جريج قال أخبرني عطاء عن جابر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال أغلق بابك واذكر اسم الله فإن الشيطان لا يفتح بابا مغلقا وأطفئ مصباحك واذكر اسم الله وخمر إناءك ولو بعود تعرضه عليه واذكر اسم الله وأوك سقاءك واذكر اسم الله۔

عطاء نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے دروازے کو بند کر لو اور اللہ کا نام لو کیونکہ بند دروازے کو شیطان نہیں کھولتا۔ اپنے چراغ کو بجھا دو اور اللہ کا نام لیکر اپنے برتن کو ڈھک دو خواہ اس پر چوڑائی میں لکڑی ہی رکھو اور اللہ کا نام لو۔ اپنے مشکیزے میں ڈاٹ لگا دو اور اللہ کا نام لو۔

۳۳۳ ـ حدثنا عبد الله بن مسلمة القعنبي عن مالك عن أبي الزبير عن جابر ابن عبد الله عن النبي صلى الله عليه وسلم بهذا الخبر وليس بتمامه قال فإن الشيطان لا يفتح بابا غلقا ولا يحل وكاء ولا يكشف إناء وإن الفويسقة تضرم

ابوالزبیر نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مذکورہ حدیث کے مطابق فرمایا لیکن یہ حدیث مکمل نہیں ہے فرمایا کہ شیطان بند دروازے کو نہیں کھولتا، نہ بند مشک کو کھولتا ہے اور نہ بند برتن کو کھولے اور چوہا لوگوں کا گھر جلا دیتا ہے یا ان کے گھروں کو۔

عَلَى النَّاسِ بَيْتَهُمْ أَوْ بُيُوتَهُمْ۔

۳۳۴۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَفُضَيْلُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ السُّكَّرِيُّ قَالَا نَا حَمَّادٌ عَنْ كَثِيرِ بْنِ شِنْظِيرٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ رَفَعَهُ قَالَ اكْفِتُوا صِبْيَانَكُمْ عِنْدَ الْعِشَاءِ وَقَالَ مُسَدَّدٌ عِنْدَ الْمَسَاءِ فَإِنَّ لِلْجِنِّ انْتِشَارًا وَخَطْفَةً۔

مسدد، فضیل بن عبدالوہاب سکری، حماد، کثیر بن شنظیر عطاء نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مرفوعاً روایت کی۔ فرمایا کہ عشاء کے وقت اپنے بچوں کو گھر میں روکا کرو۔ مسدد نے کہا کہ شام کے وقت کیونکہ وہ جنات کے پھیلنے اور چلنے پھرنے کا وقت ہے۔

۳۳۵۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ قَالَ نَا الْأَعْمَشُ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَسْقَى فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ أَلَا نَسْقِيكَ نَبِيذًا قَالَ بَلَى فَخَرَجَ الرَّجُلُ يَشْتَدُّ فَجَاءَ بِقَدَحٍ فِيهِ نَبِيذٌ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا خَمَّرْتَهُ وَلَوْ أَنْ تَعْرِضَ عَلَيْهِ عُودًا قَالَ أَبُو دَاوُدَ قَالَ الْأَصْمَعِيُّ تَعْرِضُهُ عَلَيْهِ۔

ابو صالح سے روایت ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہم نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھے کہ آپ نے پانی مانگا۔ ایک شخص عرض گزار ہوا کہ کیا ہم آپ کو نبیذ نہ پلائیں؟ فرمایا کیوں نہیں۔ پس ایک شخص دوڑتا ہوا گیا اور ایک پیالے میں نبیذ لے کر حاضر ہوا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، تم نے اسے ڈھانپ کر کیوں نہ رکھا، خواہ چوڑائی میں اس پر لکڑی ہی رکھتے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اصمعی کا بیان ہے۔ عرضاً اس پر رکھ دیتے۔

۳۳۶۔ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالُوا نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُسْتَعْذَبُ لَهُ الْمَاءُ مِنْ بُيُوتِ السُّقْيَا قَالَ قُتَيْبَةُ هِيَ عَيْنٌ بَيْنَهَا وَبَيْنَ الْمَدِينَةِ يَوْمَانِ۔ آخِرُ كِتَابِ الْأَشْرِبَةِ۔

سعید بن منصور اور عبداللہ بن محمد نفیلی اور قتیبہ بن سعید عبدالعزیز بن محمد، ہشام کے والد ماجد نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے سقیا کے گھروں سے پانی لایا جاتا تھا جو شیریں تھا۔ قتیبہ نے کہا کہ وہ ایک چشمہ تھا جو مدینہ منورہ سے دو روز کی مسافت پر تھا۔ یہاں پر کتاب الاشربہ ختم ہو گئی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

اَوَّلُ كِتَابِ الْاَطْعِمَةِ — کھانے کا بیان

بَابٌ ۱۲۷ مَا جَاءَ فِي اِجَابَةِ الدَّعْوَةِ — دعوت قبول کرنے کا بیان

۳۳۷۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا دُعِيَ اَحَدُكُمْ اِلَى الْوَلِيْمَةِ فَلْيَأْتِهَا۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تم میں سے کسی کو ولیمہ میں بلایا جائے تو اُسے جانا چاہیے۔

۳۳۸۔ حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ نَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَاهُ زَادَ فَاِنْ كَانَ مُفْطِرًا فَلْيَطْعَمْ وَاِنْ كَانَ صَائِمًا فَلْيَدْعُ۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے معناً اسی طرح فرمایا۔ اس میں یہ بھی ہے کہ اگر روزہ دار نہ ہو تو کھالے اور روزے دار ہو تو دعا کرے۔

۳۳۹۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَعَا اَحَدُكُمْ اَخَاهُ فَلْيُجِبْ عُرْسًا كَانَ اَوْ نَحْوَهُ۔

حسن بن علی، عبدالرزاق، معمر، ایوب، نافع نے حضرت ابن عمر سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تم میں سے کوئی اپنے بھائی کو بلائے تو اسے شادی وغیرہ کی تقریب میں شامل ہونا چاہیے۔

۳۴۰۔ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُصَفّٰى قَالَ نَا بَقِيَّةُ قَالَ نَا الزُّبَيْدِيُّ عَنْ نَافِعٍ بِاِسْنَادِ اَيُّوْبَ بِمَعْنَاهُ۔

ابن مصطفیٰ، بقیۃ، زبیری، نافع نے ایوب کی اسناد کے ساتھ اسے معناً روایت کیا ہے۔

۳۴۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ قَالَ اَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ دُعِيَ فَلْيُجِبْ فَاِنْ شَاءَ طَعِمَ وَاِنْ شَاءَ تَرَكَ۔

ابوالزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس کی دعوت کی جائے وہ اسے قبول کرے اگر چاہے تو کھالے اور چاہے نہ کھائے۔

۳۴۲۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا دُرُسْتُ

نافع نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما

ابْنُ زِيَادٍ عَنْ أَبَانَ بْنِ طَارِقٍ عَنْ نَافِعٍ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ دُعِيَ فَلَمْ يُجِبْ فَقَدْ عَصَى اللهَ وَرَسُولَهُ وَمَنْ دَخَلَ عَلَى غَيْرِ دَعْوَةٍ دَخَلَ سَارِقًا وَخَرَجَ مُغِيرًا۔

سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہ جس کی دعوت کی جائے اور وہ اُسے قبول نہ کرے تو اس نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی جو دعوت کے بغیر کھانے چلا گیا وہ چور کی شکل میں داخل ہوا اور لٹیرے کی صورت میں باہر آیا۔"

۳۴۳۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ شَرُّ الطَّعَامِ طَعَامُ الْوَلِيمَةِ يُدْعَى لَهَا الْأَغْنِيَاءُ وَيُتْرَكُ الْمَسَاكِينُ وَمَنْ لَمْ يَأْتِ الدَّعْوَةَ فَقَدْ عَصَى اللهَ وَرَسُولَهُ۔

اعرج سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے: بُرا کھانا اس ولیمہ کا کھانا ہے جس میں امیروں کو بلایا جایا اور مسکینوں کو نظر انداز کر دیا جائے اور جو دعوت میں شریک نہ ہو اس نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی۔"

ف: دعوت ولیمہ کا قبول کرنا ضروری ہے کیونکہ وہ اظہارِ مسرت کے لیے ہے اور اپنے مسلمان بھائی کی خوشی میں شامل ہونا محبت و تعلقات کے اضافے کا باعث ہوتا ہے لہذا دعوت میں نہ جانا اللہ اور رسول کی نافرمانی ہے کیونکہ اللہ اور اس کا رسول یہی چاہتے ہیں کہ مسلمانوں میں الفت و محبت کی فراوانی رہے۔ لہٰذا مسلمانوں میں میل محبت پیدا کرنا اللہ اور رسول کو محبوب اور ان کے درمیان نفرت و عداوت کے بیج بونا اللہ اور رسول کو ناپسند ہے۔ اگر دعوت ولیمہ میں غیر شرعی امور کے باعث شامل نہ ہو تو اس میں اللہ اور رسول کی نافرمانی نہیں ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

بَابٌ ۱۲۸ فِي اسْتِحْبَابِ الْوَلِيمَةِ لِلنِّكَاحِ۔ نکاح کے بعد ولیمہ کرنا مستحب ہے

۳۴۴۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَا نَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ قَالَ ذُكِرَ تَزْوِيجُ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ عِنْدَ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ فَقَالَ مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْلَمَ عَلَى أَحَدٍ مِنْ نِسَائِهِ مَا أَوْلَمَ عَلَيْهَا أَوْلَمَ بِشَاةٍ۔

حماد نے ثابت سے روایت کی ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حضور حضرت زینب بنت جحش کے نکاح کا ذکر ہوا تو فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ازواجِ مطہرات میں سے کسی ایک کا ولیمہ بھی ایسے کرتے ہوئے نہیں دیکھا جیسا ولیمہ ان کا کیا ان کا ایک بکری سے ولیمہ کیا۔"

۳۴۵۔ حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ يَحْيَى قَالَ نَا سُفْيَانُ قَالَ نَا وَائِلُ بْنُ دَاوُدَ عَنِ ابْنِهِ بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْلَمَ عَلَى صَفِيَّةَ بِسَوِيقٍ وَتَمْرٍ۔

حامد بن یحییٰ، سفیان، وائل بن داؤد، ان کے صاحبزادے بکر بن وائل، زہری حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ کا ولیمہ ستو اور کھجوروں سے کیا۔"

بَابٌ ۱۲۹ الْإِطْعَامِ عِنْدَ الْقُدُومِ۔ سفر سے لوٹنے پر لوگوں کو کھانا کھلانا

مِنَ السَّفَرِ۔

۳۴۶- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ نَا وَكِيعٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ لَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ نَحَرَ جَزُورًا أَوْ بَقَرَةً۔

محارب بن دثار سے روایت ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب مدینہ منورہ میں تشریف لائے تو آپ نے اونٹ یا بیل ذبح کیا

بَابٌ ۱۳۱ فِي الضِّيَافَةِ۔

ضیافت کا بیان

۳۴۷- حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِي شُرَيْحٍ الْكَعْبِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ جَائِزَتُهُ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ الضِّيَافَةُ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ وَمَا بَعْدَ ذَلِكَ فَهُوَ صَدَقَةٌ وَلَا يَحِلُّ لَهُ أَنْ يَثْوِيَ عِنْدَهُ حَتَّى يُحْرِجَهُ۔

حضرت ابو شریح کعبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو اللہ اور آخری دن پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہیے کہ ایک رات دن اپنے مہمان کی خوب عزت افزائی کرے جبکہ ضیافت تین دن تک ہے اور اس کے بعد جو کرے گا وہ صدقہ ہے مہمان کے لیے یہ حلال نہیں ہے کہ اتنا ٹھہرے جس سے میزبان کو تنگی ہو۔

۳۴۸- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَحْبُوبٍ قَالَا نَا حَمَّادٌ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الضِّيَافَةُ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ فَمَا سِوَى ذَلِكَ فَهُوَ صَدَقَةٌ قَالَ أَبُو دَاوُدَ قُرِئَ عَلَى الْحَارِثِ بْنِ مِسْكِينٍ وَأَنَا شَاهِدٌ أَخْبَرَكُمْ أَشْهَبُ قَالَ وَسُئِلَ مَالِكٌ عَنْ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَائِزَتُهُ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ قَالَ يُكْرِمُهُ وَيُتْحِفُهُ وَيَحْفَظُهُ يَوْمًا وَلَيْلَةً وَثَلَاثَةُ أَيَّامٍ ضِيَافَةٌ۔

ابو صالح نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ضیافت تین دن تک ہے اور جو اس سے آگے ہو گا وہ صدقہ ہے۔ امام ابوداود نے فرمایا کہ یہ حدیث حارث بن مسکین کے سامنے پڑھی گئی اور میں موجود تھا: میں تمہیں اشہب کے حوالے سے بتاتا ہوں کہ انہوں نے فرمایا: امام مالک سے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشادِ گرامی جائزتہ یوم ولیلۃ کے متعلق پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا: ایک رات دن اس کی خوب عزت افزائی کرے، اسے تحفہ دے اور اس کی حفاظت کرے اور تین دن تک ضیافت ہے۔

بَابٌ ۱۳۲ فِي كَمْ تُسْتَحَبُّ الْوَلِيمَةُ۔

ولیمہ کرنا کب مستحب ہے؟

۳۴۹- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ نَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ قَالَ نَا قَتَادَةُ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُثْمَانَ الثَّقَفِيِّ عَنْ رَجُلٍ أَعْوَرَ مِنْ ثَقِيفٍ كَانَ يُقَالُ لَهُ مَعْرُوفًا أَيْ يُثْنِي عَلَيْهِ خَيْرًا إِنْ

عبداللہ بن عثمان ثقفی نے ثقیف کے ایک کانے آدمی سے روایت کی، جس کو اس کی خوبیوں کے باعث معروف کیا جاتا۔ ممکن ہے اس کا نام زہیر بن عثمان ہو جب کہ مجھے (عبداللہ بن عثمان کو) اچھی طرح اس کا نام معلوم نہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: پہلے روز کا ولیمہ حق ہے اور دوسرے

لَمْ يَكُنِ اسْمُهُ زُهَيْرَ بْنَ عُثْمَانَ فَلَا أَدْرِي مَا اسْمُهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْوَلِيمَةُ أَوَّلَ يَوْمٍ حَقٌّ وَالثَّانِي مَعْرُوفٌ وَالْيَوْمُ الثَّالِثُ سُمْعَةٌ وَرِيَاءٌ قَالَ قَتَادَةُ وَحَدَّثَنِي رَجُلٌ أَنَّ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ دُعِيَ أَوَّلَ يَوْمٍ فَأَجَابَ وَدُعِيَ الْيَوْمَ الثَّانِي فَأَجَابَ وَدُعِيَ الْيَوْمَ الثَّالِثَ فَلَمْ يُجِبْ وَقَالَ أَهْلُ سُمْعَةٍ وَرِيَاءٍ.

روز کا بھی اچھا ہے لیکن تیسرے روز کا شیخی اور دکھاوا ہے قتادہ کا بیان ہے کہ مجھ سے ایک آدمی نے بیان کیا کہ سعید بن مسیب کو (دولیمہ میں) پہلے روز بلایا گیا تو دعوت منظور فرمائی۔ دوسرے روز دعوت دی گئی تب بھی قبول فرمائی اور تیسرے روز بلایا گیا تو دعوت منظور نہ کی اور فرمایا کہ یہ شیخی بگھارنے والے اور دکھاوا کرنے والے ہیں۔"

۳۵۰۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ نَا هِشَامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ بِهَذِهِ الْقِصَّةِ قَالَ فَدُعِيَ الْيَوْمَ الثَّالِثَ فَلَمْ يُجِبْ وَحَصَبَ الرَّسُولَ.

مسلم بن ابراہیم، ہشام، قتادہ نے سعید بن مسیب سے مذکورہ واقعے کو روایت کرتے ہوئے فرمایا کہ جب تیسرے روز دعوت کی گئی تو قبول نہ فرمائی اور بلانے والے کو کنکریاں ماریں۔"

بَابٌ ۱۳۲ مِنَ الضِّيَافَةِ أَيْضًا.

ضیافت کے متعلق مزید باتیں۔

۳۵۱۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَخَلَفُ بْنُ هِشَامٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ أَبِي كَرِيمَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةُ الضَّيْفِ حَقٌّ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ فَمَنْ أَصْبَحَ بِفِنَائِهِ فَهُوَ عَلَيْهِ دَيْنٌ إِنْ شَاءَ اقْتَضَى وَإِنْ شَاءَ تَرَكَ.

عامر نے حضرت ابو کریمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ایک رات تو ہر مسلمان پر مہمان کا حق ہے۔ جو کسی کے گھر بطور مہمان جائے تو صاحب خانہ پر مہمان نوازی کرنا اس کا قرض ہے۔ اب چاہے اُسے وصول کرے اور چاہے اپنے اس قرض (حق) کو چھوڑ دے۔"

۳۵۲۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنْ شُعْبَةَ حَدَّثَنِي أَبُو الْجُودِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي الْمُهَاجِرِ عَنِ الْمِقْدَامِ أَبِي كَرِيمَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّمَا رَجُلٍ أَضَافَ قَوْمًا فَأَصْبَحَ الضَّيْفُ مَحْرُومًا فَإِنَّ نَصْرَهُ حَقٌّ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ حَتَّى يَأْخُذَ بِقِرَى لَيْلَةٍ مِنْ زَرْعِهِ وَمَالِهِ.

سعید بن ابو مہاجر نے حضرت مقدام ابو کریمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی قوم کا مہمان بنے اور وہ مہمان صبح تک محروم رہے تو اُس کی مدد کرنا ہر مسلمان کے لیے ضروری ہو جاتا ہے، یہاں تک کہ ایک رات کی مہمانی تو وہ اس (صاحب خانہ) کی زراعت اور مال میں سے لے سکتا ہے۔"

۳۵۳۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ نَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ أَبِي الْخَيْرِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ أَنَّهُ قَالَ قُلْنَا يَا رَسُولَ اللهِ

یزید بن ابو حبیب نے ابو الخیر سے روایت کی کہ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ ہم عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! آپ ہمیں بھیجتے ہیں تو کبھی ہم ایسے لوگوں

إِنَّكَ تَبْعَثُنَا فَنَنْزِلُ بِقَوْمٍ فَلَا يَقْرُوْنَنَا فَمَا تَرٰى فَقَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ نَزَلْتُمْ بِقَوْمٍ فَاَمَرُوْا لَكُمْ بِمَا يَنْبَغِيْ لِلضَّيْفِ فَاقْبَلُوْا فَاِنْ لَمْ يَفْعَلُوْا فَخُذُوْا مِنْهُمْ حَقَّ الضَّيْفِ الَّذِيْ يَنْبَغِيْ لَهُمْ۔

کے پاس اترتے ہیں جو ہماری مہمانی نہیں کرتے اس بارے میں کیا ارشاد ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہم سے فرمایا۔ جب تم لوگوں کے پاس جا اترو اور وہ تمہارے لیے ایسی چیزیں مہیا کر دیں جو مہمان کا حق ہے تو انہیں قبول کر لو اور اگر ایسا نہ کریں تو جو ان کی بساط کے مطابق مہمان کا حق ہو وہ (ان سے لے لو)

بَاب ۱۳۳ فِيْ نَسْخِ الضَّيْفِ فِي الْاَكْلِ مِنْ مَالِ غَيْرِهٖ۔

دوسرے کے مال سے نہ کھانے کا حکم منسوخ ہے

۳۵۴۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ يَزِيْدَ النَّحْوِيِّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَا تَاْكُلُوْا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ اِلَّا اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِّنْكُمْ فَكَانَ الرَّجُلُ يَحْرَجُ اَنْ يَاْكُلَ عِنْدَ اَحَدٍ مِّنَ النَّاسِ بَعْدَ مَا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ فَنَسَخَ ذٰلِكَ الْاٰيَةُ الَّتِيْ فِي النُّوْرِ فَقَالَ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَاْكُلُوْا جَمِيْعًا اَوْ اَشْتَاتًا كَانَ الرَّجُلُ الْغَنِيُّ يَدْعُو الرَّجُلَ مِنْ اَهْلِهٖ اِلَى الطَّعَامِ قَالَ اِنِّيْ لَاَجَّنَحُ اَنْ اٰكُلَ مِنْهُ وَالتَّجَنُّحُ الْحَرَجُ وَيَقُوْلُ الْمِسْكِيْنُ اَحَقُّ بِهٖ مِنِّيْ فَاُحِلَّ فِيْ ذٰلِكَ اَنْ يَّاْكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَاُحِلَّ طَعَامُ اَهْلِ الْكِتٰبِ۔

یزید نحوی نے عکرمہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ اپنے مال آپس میں ناحق نہ کھاؤ مگر جو تجارت کرو آپس کی رضامندی سے (۴: ۲۹) چنانچہ ایک آدمی دوسرے کے پاس کھانا کھانے کو گناہ سمجھتا تھا اس آیت کے نازل ہو جانے کے بعد پھر مذکورہ آیت سورۂ النور کی اس آیت سے منسوخ ہو گئی۔ "تمہارے اوپر کوئی گناہ نہیں کہ مل کر کھاؤ یا اکیلے اکیلے" (۲۴: ۶۱)۔ پس مالدار آدمی اپنے اہل میں سے کسی کو کھانے کے لیے بلاتا تو وہ کہہ دیا کرتا میں اس میں سے کھانا گناہ سمجھتا ہوں اور کہتا کہ مسکین مجھ سے زیادہ حق رکھتا ہے۔ پس یہ حلال قرار دے دیا گیا کہ اس چیز میں سے کھایا جائے جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو اور اہلِ کتاب کا کھانا بھی حلال قرار دیا گیا۔"

پارہ ـــــ ۲۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

باب ۱۳۴ فِي طَعَامِ الْمُتَبَارِيَيْنِ۔

ناک بڑھانے کے لیے کھانا کھلانا

۳۵۵ - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ زَيْدِ بْنِ أَبِي الزَّرْقَاءِ قَالَ نَا أَبِي قَالَ نَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ خِرِّيتٍ قَالَ سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ يَقُولُ كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَقُولُ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ طَعَامِ الْمُتَبَارِيَيْنِ أَنْ يُؤْكَلَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ أَكْثَرُ مَنْ رَوَاهُ عَنْ جَرِيرٍ لَا يَذْكُرُ فِيهِ ابْنَ عَبَّاسٍ وَهَارُونُ النَّحْوِيُّ ذَكَرَ فِيهِ ابْنَ عَبَّاسٍ أَيْضًا وَحَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ لَمْ يَذْكُرِ ابْنَ عَبَّاسٍ۔

زبیر بن خریت نے عکرمہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرمایا کرتے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مقابلے پر کھانا کھلانے والے دونوں کے کھانے سے منع فرمایا ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اکثر حضرات نے اسے جریر بن حازم سے روایت کیا اور اس میں حضرت ابن عباس کا ذکر نہیں کرتے جب کہ ہارون نحوی نے اس میں حضرت ابن عباس کا ذکر کیا ہے لیکن حماد بن زید بھی حضرت ابن عباس کا ذکر نہیں کرتے۔

باب ۱۳۵ الرَّجُلِ يُدْعَى فَيَرَى مَكْرُوهًا۔

جس کی دعوت کی جائے اور وہ خلافِ شرع کام دیکھے

۳۵۶ - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ نَا حَمَّادٌ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُمْهَانَ عَنْ سَفِينَةَ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَنَّ رَجُلًا أَضَافَ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ فَصَنَعَ لَهُ طَعَامًا فَقَالَتْ فَاطِمَةُ لَوْ دَعَوْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَكَلَ مَعَنَا فَدَعَوْهُ فَجَاءَ فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَى عِضَادَتَيِ الْبَابِ فَرَأَى الْقِرَامَ قَدْ ضُرِبَ بِهِ فِي نَاحِيَةِ الْبَيْتِ فَرَجَعَ فَقَالَتْ فَاطِمَةُ لِعَلِيٍّ الْحَقْهُ فَانْظُرْ مَا رَجَعَهُ فَتَبِعْتُهُ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا رَدَّكَ فَقَالَ إِنَّهُ لَيْسَ لِي أَوْ لِنَبِيٍّ أَنْ يَدْخُلَ بَيْتًا مُزَوَّقًا۔

سفینہ ابو عبدالرحمان سے روایت ہے کہ ایک شخص نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دعوت کی اور ان کے لیے کھانا تیار کیا۔ پس حضرت فاطمہ نے کہا کہ کیوں نہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بھی مدعو کر لیں کہ آپ بھی ہمارے ساتھ کھائیں۔ پس انہوں نے آپ کو بلوایا تو آپ تشریف لے آئے اور اپنا دستِ مبارک دروازے کی چوکھٹ پر رکھا تو دیکھا کہ گھر کے ایک جانب منقش پردہ ہے۔ پس آپ لوٹ آئے۔ حضرت فاطمہ نے حضرت علی سے کہا: دیکھئے تو سہی، آپ کیوں لوٹے ہیں۔ میں آپ کے پیچھے گیا اور عرض گزار ہوا: یا رسول اللہ! کس چیز نے آپ کو واپس لوٹایا؟ فرمایا کہ میرے لیے یا نبی کے لیے لائق نہیں کہ وہ منقش گھر میں داخل ہو۔

باب ۱۳۶ إِذَا اجْتَمَعَ دَاعِيَانِ أَيُّهُمَا أَحَقُّ۔

جب دو آدمی دعوت کریں تو کس کا حق زیادہ ہے

۳۵۷ - حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ

ہناد بن سری، عبدالسلام بن حرب، ابو خالد دالانی، ابو العلاء

عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ عَنْ اَبِيْ خَالِدٍ الدَّالَانِيِّ عَنْ اَبِي الْعَلَاءِ الْاَوْدِيِّ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحِمْيَرِيِّ عَنْ رَجُلٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اجْتَمَعَ الدَّاعِيَانِ فَاَجِبْ اَقْرَبَهُمَا بَابًا فَاِنَّ اَقْرَبَهُمَا بَابًا اَقْرَبُهُمَا جِوَارًا وَاِنْ سَبَقَ اَحَدُهُمَا فَاَجِبِ الَّذِيْ سَبَقَ۔

اودی، حمید بن عبدالرحمٰن حمیری نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک صحابی سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب دعوت کرنے والے دو اکٹھے ہو جائیں تو اس کی دعوت قبول کرو جس کا دروازہ زیادہ نزدیک ہے اُس کا حق ہمسائیگی زیادہ ہے۔ اگر دونوں میں سے ایک پہلے آئے تو پہلے آنے والے کی دعوت قبول کرو۔

بَابٌ ۱۳۷ اِذَا حَضَرَتِ الصَّلٰوةُ وَالْعَشَاءُ

جب نماز کا وقت ہو جائے اور رات کا کھانا آجائے

۳۵۸۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَمُسَدَّدٌ الْمَعْنٰى قَالَ اَحْمَدُ حَدَّثَنِيْ يَحْيٰى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا وُضِعَ عَشَاءُ اَحَدِكُمْ وَاُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ فَلَا يَقُوْمُ حَتّٰى يَفْرُغَ زَادَ مُسَدَّدٌ وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ اِذَا وُضِعَ عَشَاؤُهٗ اَوْ حَضَرَتْ عَشَاؤُهٗ لَمْ يَقُمْ حَتّٰى يَفْرُغَ وَاِنْ سَمِعَ الْاِقَامَةَ وَاِنْ سَمِعَ قِرَاءَةَ الْاِمَامِ۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب رات کا کھانا تمہارے سامنے رکھ دیا جائے اور نماز کھڑی ہو جائے تو نماز کے لیے نہ اُٹھو جب تک کھانے سے فارغ نہ ہو جاؤ۔ مسدد نے یہ بھی کہا کہ حضرت عبداللہ کے سامنے جب رات کا کھانا رکھ دیا جاتا یا جب رات کا کھانا آجاتا تو نماز کے لیے کھڑے نہ ہوتے، یہاں تک کہ کھانے سے فارغ ہو جاتے خواہ اقامت کی آواز آتی رہتی یا امام کی قراءت بھی سنتے رہتے۔ ف

ف۔ اگر بھوک شدید ہو کر بغیر کھائے نماز پڑھے گا تو اطمینان سے نہ پڑھ سکے گا تو نماز سے پہلے کھانا کھالینا چاہیئے۔ اگر حاجت شدید نہیں تو جماعت کے ثواب سے محروم نہ ہو بلکہ نماز سے فارغ ہونے کے بعد کھانا کھائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

۳۵۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ بَزِيْعٍ قَالَ نَا مُعَلَّى يَعْنِي ابْنَ مَنْصُوْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُؤَخِّرُ الصَّلٰوةَ لِطَعَامٍ وَلَا لِغَيْرِهٖ۔

محمد بن حاتم بن بزیع، معلی ابن منصور، محمد بن میمون، جعفر بن محمد کے والد ماجد نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کھانے یا کسی اور کام کے باعث نماز میں دیر نہیں کی جا سکتی۔

۳۶۰۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ الطُّوْسِيُّ قَالَ نَا اَبُوْ بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ قَالَ نَا الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ اَبِيْ

عبداللہ بن عبید بن عمیر کا بیان ہے کہ حضرت ابن زبیر کی حکومت کے دوران اپنے والد ماجد کے ساتھ حضرت عبداللہ بن عمر کے پہلو میں موجود تھا کہ عباد بن عبداللہ بن زبیر نے کہا، ہم

فِي زَمَانِ ابْنِ الزُّبَيْرِ إِلَى جَنْبِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ فَقَالَ عَبَّادُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الزُّبَيْرِ إِنَّا سَمِعْنَا أَنَّهُ يُبْدَأُ بِالْعَشَاءِ قَبْلَ الصَّلَاةِ فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ ابْنُ عُمَرَ وَيْحَكَ مَا كَانَ عَشَاؤُهُمْ أَتُرَاهُ كَانَ مِثْلَ عَشَاءِ أَبِيكَ.

بَابٌ ۱۳۸ غَسْلِ الْيَدَيْنِ عِنْدَ الطَّعَامِ.

۳۶۱- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا إِسْمٰعِيلُ قَالَ نَا أَيُّوبُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مِنَ الْخَلَاءِ فَقُدِّمَ إِلَيْهِ طَعَامٌ فَقَالُوا أَلَا نَأْتِيكَ بِوَضُوءٍ فَقَالَ إِنَّمَا أُمِرْتُ بِالْوُضُوءِ إِذَا قُمْتُ إِلَى الصَّلَاةِ.

بَابٌ ۱۳۹ غَسْلِ الْيَدِ قَبْلَ الطَّعَامِ.

۳۶۲- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ قَالَ نَا قَيْسٌ عَنْ أَبِي هَاشِمٍ عَنْ زَاذَانَ عَنْ سَلْمَانَ قَالَ قَرَأْتُ فِي التَّوْرَاةِ أَنَّ بَرَكَةَ الطَّعَامِ الْوُضُوءُ قَبْلَهُ فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ بَرَكَةُ الطَّعَامِ الْوُضُوءُ قَبْلَهُ وَالْوُضُوءُ بَعْدَهُ وَكَانَ سُفْيَانُ يَكْرَهُ الْوُضُوءَ قَبْلَ الطَّعَامِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَلَيْسَ هَذَا بِالْقَوِيِّ.

بَابٌ ۱۴۰ فِي طَعَامِ الْفُجَاءَةِ.

۳۶۳- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَمِّي يَعْنِي سَعِيدَ بْنَ الْحَكَمِ قَالَ أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ أَخْبَرَنِي خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّهُ قَالَ أَقْبَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ شِعْبٍ مِنَ الْجَبَلِ وَقَدْ قَضَى حَاجَتَهُ وَبَيْنَ أَيْدِينَا تَمْرٌ عَلَى

نے سنا ہے کہ وہ نماز سے پہلے رات کے کھانے کو شروع کر دیتے تھے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا، تم پر افسوس ہے، اسلاف کا رات کا کھانا تھا کیا؟ کیا تمہارے خیال میں اُن کا کھانا تمہارے والد محترم کے رات کے کھانے جیسا ہوتا تھا؟

کھانے سے پہلے دونوں ہاتھوں کو دھونا

عبداللہ بن ابی ملیکہ نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیت الخلاء سے نکلے تو آپ کے سامنے کھانا پیش کیا گیا۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ کیا ہم وضو کے لیے پانی پیش کریں؟ فرمایا کہ مجھے وضو کا حکم دیا گیا ہے جبکہ میں نماز کے لیے کھڑا ہوں۔

کھانے سے پہلے ایک ہاتھ دھونا

زاذان سے روایت ہے کہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، میں نے توریت میں پڑھا کہ کھانے میں برکت اُس سے پہلے وضو کرنے سے ہوتی ہے۔ پس میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس بات کا ذکر کیا تو فرمایا کہ کھانے میں برکت اس سے پہلے اور اس کے بعد وضو کرنے سے ہے۔ سفیان کھانے سے پہلے وضو کو ناپسند کرتے تھے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یہ حدیث ضعیف ہے۔

ہاتھ دھوئے بغیر کھانا

احمد بن مریم، اُن کے چچا سعید بن الحکم، الیث بن سعد، خالد بن یزید، ابوالزبیر سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قضائے حاجت سے فارغ ہو کر پہاڑ کی ایک گھاٹی سے تشریف لائے اور ہمارے سامنے ڈھال میں کھجوریں رکھی تھیں۔ ہم نے آپ سے گزارش کی تو آپ نے ہمارے ساتھ تناول فرمائیں اور پانی کو ہاتھ بھی نہ

تُرْسٍ اَوْ حَجَفَةٍ فَدَعَوْنَاهُ فَاَكَلَ مَعَنَا وَ مَا مَسَّ مَاءً۔

بَابٌ ۱۴۱ فِيْ كَرَاهِيَةِ ذَمِّ الطَّعَامِ۔

۳۶۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ قَالَ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ مَا عَابَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا قَطُّ اِنِ اشْتَهَاهُ اَكَلَهُ وَ اِنْ كَرِهَهُ تَرَكَهُ۔

بَابٌ ۱۴۲ فِي الْاِجْتِمَاعِ عَلَى الطَّعَامِ۔

۳۶۵۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى الرَّازِيُّ قَالَ اَخْبَرَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ وَحْشِيُّ بْنُ حَرْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ اَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا نَاْكُلُ وَلَا نَشْبَعُ قَالَ فَلَعَلَّكُمْ تَفْتَرِقُوْنَ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ فَاجْتَمِعُوْا عَلٰى طَعَامِكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ يُبَارَكْ لَكُمْ فِيْهِ قَالَ اَبُوْدَاؤدَ اِذَا كُنْتَ فِيْ وَلِيْمَةٍ فَوُضِعَ الْعَشَاءُ فَلَا تَاْكُلْ حَتّٰى يَاْذَنَ لَكَ صَاحِبُ الدَّارِ۔

بَابٌ ۱۴۳ التَّسْمِيَةِ عَلَى الطَّعَامِ۔

۳۶۶۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ خَلَفٍ قَالَ نَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِذَا دَخَلَ الرَّجُلُ بَيْتَهٗ فَذَكَرَ اللّٰهَ عِنْدَ دُخُوْلِهٖ وَ عِنْدَ طَعَامِهٖ قَالَ الشَّيْطٰنُ لَا مَبِيْتَ لَكُمْ وَلَا عَشَاءَ وَاِذَا دَخَلَ فَلَمْ يَذْكُرِ اللّٰهَ عِنْدَ دُخُوْلِهٖ قَالَ الشَّيْطٰنُ اَدْرَكْتُمُ الْمَبِيْتَ فَاِذَا لَمْ يَذْكُرِ اللّٰهَ عِنْدَ طَعَامِهٖ قَالَ اَدْرَكْتُمُ الْمَبِيْتَ وَالْعَشَاءَ۔

لگایا۔

کھانے کی برائی کرنے کی کراہیت

ابوحازم سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کسی کھانے کو ہرگز کبھی برا نہیں کہا۔ اگر ضرورت دیکھتے تو تناول فرماتے اور جی نہ چاہتا تو چھوڑ دیتے۔

مل کر کھانے کا بیان

وحشی بن حرب کے والد ماجد نے اُن کے جدِ امجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعض اصحاب عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! ہم کھانا کھاتے ہیں لیکن شکم سیر نہیں ہوتے۔ فرمایا تم اکیلے اکیلے کھاتے ہو؟ عرض گزار ہوئے ہاں فرمایا کہ کھانا مل جُل کر کھایا کرو اور اُس پر اللہ کا نام لیا کرو تو تمہیں اُس میں برکت ہو گی۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ جب تم دعوت میں جاؤ اور رات کا کھانا تمہارے سامنے رکھ دیا جائے تو نہ کھاؤ یہاں تک کہ صاحبِ خانہ تمہیں اجازت دے۔

کھانے پر بسم اللہ پڑھنا

ابوالزبیر سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالےٰ عنہما نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جب آدمی گھر میں داخل ہوتا ہے اور داخل ہوتے وقت اللہ کا ذکر کرتا ہے اور کھانے وقت بھی تو شیطان کہتا ہے (اپنے ساتھیوں سے) تمہارے لیے نہ ٹھکانا ہے اور نہ کھانا اور جب کوئی داخل ہوتے وقت اللہ کا ذکر نہیں کرتا تو شیطان کہتا ہے، تمہیں ٹھکانا تو مل گیا جب وہ کھانا کھاتے وقت اللہ کا ذکر نہیں کرتا تو کہتا ہے کہ تمہیں ٹھکانا ملا اور کھانا بھی۔

ف۔ گھر میں داخل ہوتے وقت اور کھانا کھاتے وقت بسم اللہ پڑھ لینی چاہیئے۔ ایسا کرنے سے نہ شیطان اُس آدمی کے ساتھ گھر میں داخل ہو سکے گا اور نہ اُس کے ساتھ کھانا کھا سکے گا۔ بصورتِ دیگر شیطان اُس کے ساتھ گھر میں بھی داخل ہوتا اور اُس کے ساتھ کھانا بھی کھاتا ہے۔ بسم اللہ قرآنِ مجید کی ایک آیت ہے۔ اگر تسمیہ کے ساتھ کھانے پر قرآنِ مجید کی چند آیتیں اور پڑھ لیں تو مسلمان کے لیے وہ کھانا اور برکت والا ہو گیا اور اُس کے کھانے سے شیطان اور زیادہ محروم ہو جاتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

٣٦٧ - حدثنا عثمان بن أبي شيبة قال نا أبو معاوية عن الأعمش عن خيثمة عن أبي حذيفة قال كنا إذا حضرنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم طعاما لم يضع أحدنا يده حتى يبدأ رسول الله صلى الله عليه وسلم وإنا حضرنا معه طعاما فجاء أعرابي كأنما يدفع فذهب ليضع يده في الطعام فأخذ رسول الله صلى الله عليه وسلم بيده ثم جاءت جارية كأنما تدفع فذهبت لتضع يدها في الطعام قال فأخذ رسول الله صلى الله عليه وسلم بيدها وقال إن الشيطان ليستحل الطعام الذي لم يذكر اسم الله عليه وإنه جاء بهذا الأعرابي ليستحل به فأخذت بيده وجاء بهذه الجارية ليستحل بها فأخذت بيدها فوالذي نفسي بيده أن يده لفي يدي مع أيديهما۔

ابو حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ جب ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ کھانے پر حاضر ہوتے تو ہم میں سے کوئی کھانے میں ہاتھ نہ ڈالتا یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابتدا فرماتے۔ ہم ایک دفعہ آپ کے ساتھ کھانے پر حاضر ہوئے تو ایک اعرابی آیا جیسے کوئی اُسے دھکیل رہا ہے۔ وہ اپنا ہاتھ کھانے میں ڈالنے لگا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا۔ پھر ایک لڑکی آئی گویا اُسے بھی کوئی دھکیل رہا تھا اور وہ کھانے میں ہاتھ ڈالنے لگی تو رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اُس کا بھی ہاتھ پکڑا اور فرمایا۔ بیشک شیطان کے لیے وہ کھانا حلال ہو جاتا ہے جس پر اللہ کا نام نہیں لیا جاتا۔ چنانچہ وہ اس اعرابی کو لے کر آیا تاکہ اس کے باعث اس کے لیے حلال ہو جائے تو میں نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا اور اس لڑکی کو لے کر آیا تاکہ اس کی وجہ سے حلال ہو جائے تو میں نے اس کا ہاتھ بھی پکڑ لیا۔ قسم ہے اُس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے۔ ان دونوں ہاتھوں کے ساتھ اُس کا ہاتھ بھی میرے قبضے میں ہے۔

٣٦٨ - حدثنا مؤمل بن هشام قال نا إسمعيل عن هشام يعني ابن أبي عبد الله الدستوائي عن بديل عن عبد الله بن عبيد عن امرأة منهم يقال لها أم كلثوم عن عائشة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال إذا أكل أحدكم فليذكر اسم الله فإن نسي أن يذكر اسم الله في أوله فليقل بسم الله أوله وآخره۔

مؤمل بن ہشام، اسمٰعیل، ہشام بن ابی عبد اللہ دستوائی، بُدیل عبد اللہ بن عُبید، ایک عورت جس کو اُمّ کلثوم کہا جاتا تھا، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے تو اللہ کا نام ضرور لے۔ اگر کھانے سے پہلے اللہ کا نام لینا بھول جائے تو بسم اللہ اولہ وآخرہ کہنا چاہیئے۔

۳۶۹۔ حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ الْفَضْلِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ نَا عِيسٰى يَعْنِي ابْنَ يُونُسَ قَالَ نَا جَابِرُ ابْنُ صُبْحٍ قَالَ نَا الْمُثَنّٰى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْخُزَاعِيُّ عَنْ عَمِّهِ أُمَيَّةَ بْنِ مَخْشِيٍّ وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا وَرَجُلٌ يَأْكُلُ فَلَمْ يُسَمِّ حَتّٰى لَمْ يَبْقَ مِنْ طَعَامِهِ إِلَّا لُقْمَةٌ فَلَمَّا رَفَعَهَا إِلٰى فِيهِ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ أَوَّلَهُ وَآخِرَهُ فَضَحِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ مَا زَالَ الشَّيْطٰنُ يَأْكُلُ مَعَهُ فَلَمَّا ذَكَرَ اسْمَ اللّٰهِ اسْتَقَاءَ مَا فِي بَطْنِهِ۔

مثنیٰ بن عبدالرحمان خزاعی نے اپنے چچا جان حضرت امیہ بن مخشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابی تھے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے اور ایک آدمی کھانا کھا رہا تھا جس نے بسم اللہ نہیں پڑھی تھی۔ وہ کھاتا رہا یہاں تک کہ ایک ہی لقمہ باقی رہ گیا۔ جب اُسے اُٹھا کر منہ میں ڈالنے لگا تو کہا بسم اللہ اوّلہٗ وآخرہٗ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہنس پڑے۔ پھر فرمایا۔ شیطان اس کے ساتھ برابر کھا رہا تھا۔ جب اس نے اللہ کا نام لیا تو جو کچھ اُس (شیطان) کے پیٹ میں تھا قے کر دی۔ ف

ف۔ شیطان اگر کسی آدمی کے ساتھ کھا رہا ہو تو بظاہر کھانے میں سے ذرا بھی کم ہوتا ہوا نظر نہیں آتا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اُس کھانے میں جو برکت نازل ہوتی ہے اُسے شیطان کھا جاتا ہے اور بسم اللہ نہ پڑھنے والا شخص کھانے کی برکت سے محروم رہ جاتا ہے۔ اگر کوئی بسم اللہ پڑھنا بھول جائے تو کھانے کے دوران جب بھی یاد آئے تو بسم اللہ فی اوّلہٖ وآخرہٖ پڑھ لینے سے برکت واپس لوٹ آئے گی کیونکہ شیطان جو کھا چکا اب اُسے ہضم نہیں کر سکتا بلکہ قے کر دے گا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان تمام حقائق کو ملاحظہ فرماتے تھے۔ اس لیے خیر خواہی کا حق ادا کرتے ہوئے ہمیں شیطان کے حملوں سے محفوظ رہنے کے طریقے بھی تعلیم فرما دیئے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ ۱۴۲ فِي الْأَكْلِ مُتَّكِئًا۔

ٹیک لگا کر کھانے کا بیان

۳۷۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ قَالَ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْأَقْمَرِ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا جُحَيْفَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا آكُلُ مُتَّكِئًا۔

علی بن اقمر نے حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں ٹیک لگا کر کھانا نہیں کھاتا۔

۳۷۱۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى الرَّازِيُّ قَالَ أَنَا وَكِيعٌ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سُلَيْمٍ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُولُ بَعَثَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَجَعْتُ إِلَيْهِ فَوَجَدْتُهُ يَأْكُلُ تَمْرًا وَهُوَ مُقْعٍ۔

مصعب بن سلیم کا بیان ہے کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سُنا: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے ایک کام بھیجا۔ جب میں واپس حاضر بارگاہ ہوا تو میں نے آپ کو حالتِ اقعاء میں کھجوریں کھاتے ہوئے۔

۳۷۲۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ قَالَ

شعیب بن عبداللہ بن عمرو کے والد ماجد نے فرمایا کہ رسول اللہ

نا حماد عن ثابت البناني عن شعيب بن عبد الله بن عمرو عن أبيه قال ما رُئي رسول الله صلى الله عليه وسلم يأكل متكئا قط ولا يطأ عقبه رجلان.

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نہیں دیکھا گیا کہ کبھی آپ نے ٹیک لگا کر کھانا کھایا ہو اور نہ یہ کہ آپ کے پیچھے دو آدمی چلے ہوں۔

باب ۱۴۵ في الأكل من أعلى الصحفة.

تھالی کے درمیان میں سے کھانا

۳۷۳ - حدثنا مسلم بن إبراهيم قال نا شعبة عن عطاء بن السائب عن سعيد بن جبير عن ابن عباس أن النبي صلى الله عليه وسلم قال إذا أكل أحدكم طعاما فلا يأكل من أعلى الصحفة ولكن يأكل من أسفلها فإن البركة تنزل من أعلاها.

سعید بن جبیر نے حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے تو تھالی کے درمیان میں سے نہ کھائے بلکہ ایک کنارے سے کھائے کیونکہ برکت اُس (برتن) کے درمیان میں نازل ہوتی ہے۔

۳۷۴ - حدثنا عمرو بن عثمان الحمصي قال نا أبي نا محمد بن عبد الرحمن بن عرق نا عبد الله بن بسر قال كان للنبي صلى الله عليه وسلم قصعة يحملها أربعة رجال يقال لها الغراء فلما أضحوا وسجدوا الضحى أتي بتلك القصعة يعني وقد ثرد فيها فالتفوا عليها فلما كثروا جثى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال أعرابي ما هذه الجلسة قال النبي صلى الله عليه وسلم إن الله تعالى جعلني عبدا كريما ولم يجعلني جبارا عنيدا ثم قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كلوا من حواليها ودعوا ذروتها يبارك فيها.

حضرت عبداللہ بن بُسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس ایک قصعہ (کونڈہ) تھا جس کو چار آدمی اُٹھاتے تھے اور اُسے غرا کہا جاتا تھا۔ جب چاشت کا وقت ہوا اور نمازِ چاشت (یا اشراق) پڑھ لی گئی تو وہی قصعہ لایا گیا جس میں روٹیاں توڑی ہوئی تھیں۔ چنانچہ اُن پر شوربا ڈال دیا گیا۔ جب لوگوں کی کثرت ہو گئی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مبارک گھٹنے زمین پر رکھ لیے۔ ایک اعرابی نے کہا کہ یہ کیسا بیٹھنا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے باعزّت بندہ بنایا ہے اور مجھے متکبر و مغرور نہیں بنایا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لوگوں سے فرمایا کہ اردگرد سے کھاؤ اور درمیان کو چھوڑے رہو کیونکہ درمیان میں برکت ہوتی ہے۔

باب ۱۴۶ الجلوس على مائدة عليها بعض ما يكره.

اس دسترخوان پر بیٹھنا جس پر خلافِ شرع چیزیں ہوں

۳۷۵ - حدثنا عثمان بن أبي شيبة قال نا كثير بن هشام عن جعفر بن برقان عن

زہری سے روایت ہے کہ سالم کے والدِ ماجد نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو کھانوں سے منع فرمایا ہے

الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مَطْعَمَيْنِ عَنِ الْجُلُوسِ عَلَى مَائِدَةٍ يُشْرَبُ عَلَيْهَا الْخَمْرُ وَأَنْ يَأْكُلَ الرَّجُلُ وَهُوَ مُنْبَطِحٌ عَلَى بَطْنِهِ. قَالَ أَبُو دَاوُدَ هَذَا الْحَدِيثُ لَمْ يَسْمَعْهُ جَعْفَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ وَهُوَ مُنْكَرٌ.

ایک اس دستر خوان پر بیٹھنے سے جس پر شراب پی جائے اور دوسرے پیٹ کے بل اوندھے لیٹ کر کھانے سے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اس حدیث کو جعفر نے زہری سے نہیں سنا لہذا یہ حدیث منکر ہے۔

۳۷۶۔ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ زَيْدِ بْنِ أَبِي الزَّرْقَاءِ قَالَ نَا أَبِي قَالَ جَعْفَرٌ أَنَّهُ بَلَغَهُ عَنِ الزُّهْرِيِّ هَذَا الْحَدِيثُ.

ہارون بن زید بن ابی زرقاء/ان کے والد ماجد نے جعفر سے روایت کی کہ انہیں یہ حدیث زہری سے پہنچی۔

بَابٌ ۱۴ الْأَكْلِ بِالْيَمِينِ.

داہنے ہاتھ سے کھانا

۳۷۷۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ قَالَ نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو بَكْرِ ابْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ جَدِّهِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا أَكَلَ أَحَدُكُمْ فَلْيَأْكُلْ بِيَمِينِهِ وَإِذَا شَرِبَ فَلْيَشْرَبْ بِيَمِينِهِ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَأْكُلُ بِشِمَالِهِ وَيَشْرَبُ بِشِمَالِهِ.

ابوبکر بن عبیداللہ بن عبداللہ بن عمر نے اپنے جدِ امجد حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے تو چاہیئے کہ دائیں ہاتھ سے کھائے اور جب کوئی چیز پئے تو دائیں ہاتھ سے پئے کیونکہ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا اور بائیں سے پیتا ہے۔

۳۷۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ لُوَيْنٌ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ عَنْ أَبِي وَجْزَةَ عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُدْنُ بُنَيَّ فَسَمِّ اللَّهَ وَكُلْ بِيَمِينِكَ وَكُلْ مِمَّا يَلِيكَ.

ابو وجزہ نے حضرت عمر بن ابو سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیٹے! نزدیک ہو جاؤ، بسم اللہ پڑھو، دائیں ہاتھ سے کھاؤ اور اپنے نزدیک سے کھاؤ۔

ف۔ کھانے کے آداب سے چند باتیں پہلے مذکور ہوئیں کہ:

۱۔ بسم اللہ پڑھ کر کھائے۔
۲۔ ہاتھ دھو کر کھائے اور یہاں تعلیم دی کہ
۳۔ داہنے ہاتھ سے کھائے۔
۴۔ اگر ایک ہی برتن میں کئی آدمی مل کر کھا رہے ہوں تو ہر ایک اپنے سامنے سے کھائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

باب ۱۴۸ فِي أَكْلِ اللَّحْمِ

۳۷۹ - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ نَا أَبُو مَعْشَرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقْطَعُوا اللَّحْمَ بِالسِّكِّينِ فَإِنَّهُ مِنْ صَنِيعِ الْأَعَاجِمِ وَانْهَسُوهُ فَإِنَّهُ أَهْنَأُ وَأَمْرَأُ۔

گوشت کھانے کا بیان

ہشام بن عروہ کے والد ماجد نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: گوشت کو چھری کے ساتھ نہ کاٹا کرو کیونکہ یہ عجمیوں کا طریقہ ہے بلکہ دانتوں سے نوچ کر کھایا کرو کیونکہ اس طرح وہ لذیذ اور زود ہضم ہوتا ہے۔

۳۸۰ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ إِسْحٰقَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُعَاوِيَةَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ أُمَيَّةَ قَالَ كُنْتُ آكُلُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَآخُذُ اللَّحْمَ مِنَ الْعَظْمِ فَقَالَ أَدْنِ الْعَظْمَ مِنْ فِيكَ فَإِنَّهُ أَهْنَأُ وَأَمْرَأُ۔

محمد بن عیسیٰ، ابن علیہ، عبدالرحمان بن معاویہ، عثمان بن ابو سلیمان سے روایت ہے کہ حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ کھانا کھا رہا تھا۔ پس آپ نے ہڈی والے گوشت کی بوٹی لی اور فرمایا کہ اسے اپنے منہ کے نزدیک کرو کیونکہ اس طرح کھانا لذیذ اور زود ہضم ہوتا ہے۔

۳۸۱ - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ نَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ نَا زُهَيْرٌ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ سَعْدِ بْنِ عِيَاضٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ كَانَ أَحَبُّ الْعُرَاقِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُرَاقَ الشَّاةِ۔

ہارون بن عبداللہ، ابوداؤد، زہیر، ابواسحاق، سعد بن عیاض سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تمام گوشت والی ہڈیوں میں سے بکری کے گوشت کی ہڈی زیادہ پسند تھی۔

۳۸۲ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ نَا أَبُو دَاوُدَ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْجِبُهُ الذِّرَاعُ قَالَ وَسُمَّ فِي الذِّرَاعِ وَكَانَ يَرَى أَنَّ الْيَهُودَ هُمْ سَمُّوهُ۔

محمد بن بشار نے ابوداؤد سے اسی اسناد کے ساتھ روایت کرتے ہوئے کہا: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دستی کا گوشت پسند تھا۔ دستی کے گوشت میں زہر ملایا گیا اور آپ کے خیال میں وہ زہر یہودیوں نے ملایا تھا۔

باب ۱۴۹ فِي أَكْلِ الدُّبَّاءِ

کدو کھانے کا بیان

۳۸۳ - حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ إِسْحٰقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ إِنَّ خَيَّاطًا دَعَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِطَعَامٍ صَنَعَهُ قَالَ أَنَسٌ فَذَهَبْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک درزی نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کھانے کے لیے بلایا جو اس نے تیار کیا تھا۔ حضرت انس کا بیان ہے کہ اس کھانے میں شریک ہونے کے لیے میں بھی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ گیا۔ پس رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور جو

إِلَى ذٰلِكَ الطَّعَامِ فَقَرَّبَ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُبْزًا مِنْ شَعِيْرٍ وَمَرَقًا فِيْهِ دُبَّاءٌ وَقَدِيْدٌ قَالَ أَنَسٌ فَرَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَتَبَّعُ الدُّبَّاءَ مِنْ حَوَالِي الصَّحْفَةِ فَلَمْ أَزَلْ أُحِبُّ الدُّبَّاءَ بَعْدَ يَوْمَئِذٍ۔

کی روٹیاں اور شوربے والا سالن پیش کیا گیا جس میں کدو اور گوشت تھا۔ پس میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ پیالے میں ادھر اُدھر سے کدو تلاش کر رہے تھے۔ اس روز سے میں کدو کو بہت ہی پسند کرتا ہوں۔

ف۔ یہ محبت کا تقاضا ہے کہ عاشقِ صادق اپنی پسند کو محبوب کی پسند پر قربان کر دیتا ہے۔ وہ ہر اس چیز کو پسند کرنے لگتا ہے جو اس کے محبوب کو پسند ہو جیسا کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دیکھا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کدو بہت پسند ہے تو یہ بھی عمر بھر کدو ہی کو پسند فرماتے رہے۔ تعلق خاطر اور محبت کا تقاضا ہے کہ ہم بھی ہر موقع پر یہ مدِ نظر رکھا کریں کہ ہمارے آقا و مولیٰ سیدنا محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کیا چیز پسند ہے اور کیا پسند نہیں ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

بَابٌ فِي أَكْلِ الثَّرِيْدِ۔

ثرید کھانے کا بیان

۳۸۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ السَّمْتِيُّ قَالَ نَا الْمُبَارَكُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الْبَصْرَةِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ أَحَبُّ الطَّعَامِ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الثَّرِيْدَ مِنَ الْخُبْزِ وَالثَّرِيْدَ مِنَ الْحَيْسِ قَالَ أَبُوْ دَاوُدَ وَهُوَ ضَعِيْفٌ۔

محمد بن حسان سمتی، مبارک بن سعید، عمر بن سعید، ایک بصری نے عکرمہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ پیالے میں ادھر اُدھر سے کدو تلاش کر رہے تھے۔ اُسی روز سے میں کدو کو بہت ہی پسند کرتا ہوں۔

بَابٌ كَرَاهِيَةِ التَّقَذُّرِ لِلطَّعَامِ۔

کسی کھانے سے گھن کھانے کی برائی

۳۸۵۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ قَالَ نَا زُهَيْرٌ قَالَ نَا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ نَا قَبِيْصَةُ بْنُ هُلْبٍ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَأَلَهُ رَجُلٌ فَقَالَ إِنَّ مِنَ الطَّعَامِ طَعَامًا أَتَحَرَّجُ مِنْهُ فَقَالَ لَا يَتَخَلَّجَنَّ فِي نَفْسِكَ شَيْءٌ ضَارَعْتَ فِيْهِ النَّصْرَانِيَّةَ۔

قبیصہ بن ہلب کے والد ماجد نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سُنا جب کہ ایک آدمی سوال کرتے ہوئے عرض گزار ہوا: کیا ایسا بھی کوئی کھانا ہے جس کو کھانے سے میں اجتناب کروں؟ فرمایا کہ تمہارے دل میں کوئی ایسا خیال نہ آئے جس میں نصرانیت سے مشابہت پائی جاتی ہو۔

بَابٌ النَّهْيِ عَنْ أَكْلِ الْجَلَّالَةِ وَأَلْبَانِهَا۔

فضلہ خور جانور کا گوشت کھانا اور دودھ پینا

۳۸۶۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ

عثمان بن ابو شیبہ، عبدہ، محمد بن اسحاق، ابن ابی نجیح،

نَا عَبْدَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنِ ابْنِ اَبِیْ نَجِیْحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَكْلِ الْجَلَّالَةِ وَاَلْبَانِهَا۔

مجاہد سے روایت ہے کہ حضرت ابنِ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فضلہ خور جانور کا گوشت کھانے اور دودھ پینے سے منع فرمایا ہے۔

٣٨٧۔ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبُوْ عَامِرٍ قَالَ نَا هِشَامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَهٰی عَنْ لَبَنِ الْجَلَّالَةِ۔

ابن المثنیٰ، ابوعامر، ہشام، قتادہ، عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فضلہ خور جانور کے دودھ سے منع فرمایا ہے۔

٣٨٨۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ سُرَیْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَهْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِیْ قَیْسٍ عَنْ اَیُّوْبَ السَّخْتِیَانِیِّ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْجَلَّالَةِ فِی الْاِبِلِ اَنْ یُّرْكَبَ عَلَیْهَا اَوْ یُشْرَبَ مِنْ اَلْبَانِهَا۔

احمد بن ابوسریج، عبداللہ بن جہم، عمرو بن ابوقیس، ایوب سختیانی، نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابنِ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فضلہ خور اونٹ سے منع فرمایا ہے کہ اُس پر سواری کی جائے یا اس کا دودھ پیا جائے۔

بَابٌ ١٥٣ فِیْ اَكْلِ لُحُوْمِ الْخَیْلِ۔

گھوڑے کے گوشت کو کھانے کا بیان

٣٨٩۔ حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ نَا حَمَّادٌ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ نَهَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمَ خَیْبَرَ عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ وَاَذِنَ لَنَا فِیْ لُحُوْمِ الْخَیْلِ۔

عمرو بن دینار نے محمد بن علی سے روایت کی ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیبر کے روز ہمیں گدھے کے گوشت سے منع فرمایا اور ہمیں گھوڑے کے گوشت کی اجازت بخشی۔

٣٩٠۔ حَدَّثَنَا مُوْسَی بْنُ اِسْمٰعِیْلَ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ ذَبَحْنَا یَوْمَ خَیْبَرَ الْخَیْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِیْرَ فَنَهَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبِغَالِ وَالْحَمِیْرِ وَلَمْ یَنْهَنَا عَنِ الْخَیْلِ۔

ابوالزبیر سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے فرمایا:۔ خیبر کے روز ہم نے گھوڑے، خچر اور گدھے ذبح کئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں خچر اور گدھے سے منع فرما دیا لیکن گھوڑے سے ہمیں منع نہیں کیا۔

٣٩١۔ حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ شَبِیْبٍ وَحَیْوَةُ بْنُ شُرَیْحٍ الْحِمْصِیُّ قَالَ حَیْوَةُ نَا بَقِیَّةُ عَنْ

سعید بن شبیب اور حیوۃ بن شریح حمصی، حیوۃ، بقیہ، ثور بن یزید، صالح بن یحییٰ بن مقدام بن معدی کرب کے والد ماجد

ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ صَالِحِ بْنِ يَحْيَى بْنِ الْمِقْدَامِ ابْنِ مَعْدِ يْكَرِبَ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ خَالِدِ ابْنِ الْوَلِيْدِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ أَكْلِ لُحُوْمِ الْخَيْلِ وَالْبِغَالِ وَالْحَمِيْرِ زَادَ حَيْوَةُ وَكُلِّ ذِي نَابٍ مِّنَ السِّبَاعِ۔

اُن کے جدِ امجد نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے گھوڑے، خچر اور گدھے کا گوشت کھانے سے منع فرمایا ہے۔ حیواۃ نے یہ بھی کہا کہ ہر اس جانور کے گوشت سے بھی جو دانتوں سے پھاڑ کر کھاتا ہے۔

بَابٌ ۱۵۴ فِيْ أَكْلِ الْأَرْنَبِ۔

خرگوش کا گوشت کھانا

۳۹۲۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ إِسْمٰعِيْلَ قَالَ نَا حَمَّادٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كُنْتُ غُلَامًا حَزَوَّرًا فَصِدْتُ أَرْنَبًا فَشَوَيْتُهَا فَبَعَثَ مَعِيْ أَبُوْ طَلْحَةَ بِعَجُزِهَا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَيْتُهُ بِهَا فَقَبِلَهَا۔

ہشام بن زید سے روایت ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں ایک طاقتور لڑکا تھا۔ میں نے ایک خرگوش شکار کر لیا اور اُسے بھونا۔ پس حضرت ابو طلحہ نے اس کا پچھلا حصہ میرے ہاتھوں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے بھیجا۔ میں لے کر حاضرِ خدمت ہوا تو آپ نے اُسے قبول فرما لیا۔

۳۹۳۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ خَلَفٍ قَالَ نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبِيْ خَالِدَ بْنَ الْحُوَيْرِثِ يَقُوْلُ إِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو كَانَ بِالصِّفَاحِ قَالَ مُحَمَّدٌ مَكَانٌ بِمَكَّةَ وَإِنَّ رَجُلًا جَاءَ بِأَرْنَبٍ قَدْ صَادَهَا فَقَالَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو مَا تَقُوْلُ قَالَ قَدْ جِيْءَ بِهَا إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا جَالِسٌ فَلَمْ يَأْكُلْهَا وَلَمْ يَنْهَ عَنْ أَكْلِهَا وَزَعَمَ أَنَّهَا تَحِيْضُ۔

خالد بن حویرث کا بیان ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ صفاح کے مقام پر تھے۔ محمد بن خالد نے کہا کہ مکہ مکرمہ کی ایک جگہ ہے۔ چنانچہ ایک آدمی خرگوش لے کر آیا جو اس نے شکار کیا تھا۔ عرض گزار ہوا کہ اے عبد اللہ بن عمرو! کیا ارشاد ہے؟ فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور بھی لایا گیا تھا اور میں بھی بیٹھا ہوا تھا۔ آپ نے اُسے نہ کھایا اور نہ اُسے کھانے سے منع فرمایا بلکہ ارشاد فرمایا کہ اسے حیض آتا ہے۔

ف۔ چاروں آئمہ مجتہدین کے نزدیک خرگوش حلال ہے۔ حدیث میں جو حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان فرمایا کہ میرے سامنے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور خرگوش کا گوشت پیش کیا گیا تو آپ نے تناول نہ فرمایا بلکہ ارشاد ہوا کہ اسے حیض آتا ہے لیکن دوسروں کو کھانے سے منع نہ فرمایا جو اس کے حلال ہونے کی دلیل ہے جب کہ دیگر احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے خرگوش کا گوشت تناول بھی فرمایا تھا۔ جیسا کہ حضرت ابو طلحہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے شکار کیے ہوئے خرگوش سے بارگاہِ رسالت میں بھی پیش کیا تھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

بَابٌ ۱۵۵ فِيْ أَكْلِ الضَّبِّ۔

گوہ کا گوشت کھانا

۳۹۴۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ قَالَ نَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ

سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ میری خالہ جان نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ خَالَتَهُ أَهْدَتْ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمْنًا وَأَقِطًا وَأَضُبًّا فَأَكَلَ مِنَ السَّمْنِ وَمِنَ الْأَقِطِ وَتَرَكَ الْأَضُبَّ تَقَذُّرًا وَأُكِلَ عَلَى مَائِدَتِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَوْ كَانَ حَرَامًا مَا أُكِلَ عَلَى مَائِدَةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

علیہ وسلم کے لیے گھی، پنیر اور گوہ کا نذرانہ بھیجا۔ پس آپ نے گھی اور پنیر میں سے تناول فرمایا لیکن نفرت کرتے ہوئے گوہ کو چھوڑ دیا اور وہ آپ کے دستر خوان پر کھائی گئی۔ اگر اس کا کھانا حرام ہوتا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دستر خوان پر نہ کھائی جاتی۔

۳۹۵۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ أَنَّهُ دَخَلَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْتَ مَيْمُونَةَ فَأُتِيَ بِضَبٍّ مَحْنُوذٍ فَأَهْوَى إِلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ فَقَالَ بَعْضُ النِّسْوَةِ اللَّاتِي فِي بَيْتِ مَيْمُونَةَ أَخْبِرُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَا يُرِيدُ أَنْ يَأْكُلَ مِنْهُ فَقَالُوا هُوَ ضَبٌّ فَرَفَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ قَالَ فَقُلْتُ أَحَرَامٌ هُوَ قَالَ لَا وَلَكِنَّهُ لَمْ يَكُنْ بِأَرْضِ قَوْمِي فَأَجِدُنِي أَعَافُهُ قَالَ قَالَ خَالِدٌ فَاجْتَرَرْتُهُ فَأَكَلْتُهُ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ۔

حضرت عبد اللہ بن عباس نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ حضرت میمونہ کے کاشانۂ اقدس میں داخل ہوئے۔ پس ایک بھنی ہوئی گوہ پیش کی گئی۔ پس رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کی جانب ہاتھ بڑھانا چاہا۔ حضرت میمونہ کے دولت کدے میں جو عورتیں تھیں اُن میں سے بعض نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو بتا دیجئے کہ آپ کیا کھانے لگے ہیں۔ پس انہوں نے کہا کہ یہ گوہ ہے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دستِ مبارک اُٹھا لیا۔ حضرت خالد عرض گزار ہوئے:۔ کیا یہ حرام ہے؟ فرمایا نہیں لیکن یہ میری قوم کی زمین میں نہیں ہوتی، اس لیے مجھے اس سے گھن آتی ہے۔ حضرت خالد کا بیان ہے کہ میں نے اُسے کھینچا اور کھا لیا۔ حالانکہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ملاحظہ فرما رہے تھے۔

۳۹۶۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ قَالَ أَخْبَرَنَا خَالِدٌ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ ثَابِتِ بْنِ وَدِيعَةَ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي جَيْشٍ فَأَصَبْنَا ضِبَابًا قَالَ فَشَوَيْتُ مِنْهَا ضَبًّا فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَضَعْتُهُ بَيْنَ يَدَيْهِ فَأَخَذَ عُودًا فَعَدَّ بِهِ أَصَابِعَهُ ثُمَّ قَالَ إِنَّ أُمَّةً مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ مُسِخَتْ دَوَابَّ فِي الْأَرْضِ وَإِنِّي لَا أَدْرِي أَيُّ الدَّوَابِّ

زید بن وہب کا بیان ہے کہ حضرت ثابت بن ودیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ ہم ایک لشکر میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ پس ہم نے کئی گوہ پکڑلیں۔ میں نے اُن میں سے ایک گوہ بھونی۔ اُسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں لے گیا اور آپ کے سامنے رکھ دی۔ آپ ایک لکڑی کے ساتھ اُن کی انگلیاں گننے لگے۔ پھر فرمایا کہ بنی اسرائیل کا ایک گروہ مسخ ہوا تھا اور جانور بنا دیا گیا تھا۔ مجھے نہیں معلوم کہ وہ جانور کونسا ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ آپ نہ اُسے کھاتے اور نہ منع فرماتے۔

هِيَ قَالَ فَلَمْ يَأْكُلْ وَلَمْ يَنْهَهُ۔

۳۹۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْفٍ الطَّائِيُّ أَنَّ الْحَكَمَ بْنَ نَافِعٍ حَدَّثَهُمْ قَالَ نَا ابْنُ عَيَّاشٍ عَنْ ضَمْضَمِ بْنِ زُرْعَةَ عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ أَبِي رَاشِدٍ الْحُبْرَانِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شِبْلٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ أَكْلِ الضَّبِّ۔

محمد بن عوف طائی، حکم بن نافع، ابن عیاش، ضمضم بن زرعہ، شریح بن عبید، ابو راشد حبرانی نے حضرت عبداللہ بن شبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے گوہ کو کھانے سے منع فرمایا ہے۔

ف: اس حدیث کی رُو سے امام شافعی اور امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہما کے نزدیک گوہ پاک نہیں ہے۔ بعض اس کی کراہت کے قائل ہیں اور بعض کے نزدیک مطلقاً حلال ہے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اسے تناول نہ فرمانا کراہت طبعی کی وجہ سے ہے جب کہ آپ نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنے دستر خوان پر گوہ کھانے سے منع نہیں فرمایا لیکن ترمذی اور ابوداؤد میں حضرت عبدالرحمان بن شبل انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے گوہ کھانے سے منع فرمایا ہے۔ شاید اس حکم سے سابقہ اباحت و اجازت منسوخ فرما دی ہو۔ لہٰذا امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے نزدیک گوہ حلال نہیں ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ ۱۵۶ فِي أَكْلِ لَحْمِ الْحُبَارَى۔

حباری کا گوشت کھانا

۳۹۸۔ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَهْدِيٍّ قَالَ حَدَّثَنِي بُرَيْهُ بْنُ عُمَرَ بْنِ سَفِينَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ أَكَلْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَحْمَ حُبَارَى۔

فضل بن سہل، ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن مہدی، بریہ بن عمر بن سفینہ کے والد ماجد سے روایت ہے کہ اُن کے والد محترم نے فرمایا: میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ حباری کا گوشت کھایا۔

بَابٌ ۱۵۷ فِي أَكْلِ حَشَرَاتِ الْأَرْضِ۔

کیڑے مکوڑوں کو کھانے کا بیان

۳۹۹۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ قَالَ نَا غَالِبُ بْنُ حُجْرَةَ قَالَ حَدَّثَنِي مِلْقَامُ بْنُ تَلِبٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ صَحِبْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ أَسْمَعْ لِحَشَرَاتِ الْأَرْضِ تَحْرِيمًا۔

ملقام بن تلب سے روایت ہے کہ ان کے والد ماجد نے فرمایا میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صحبت میں رہا لیکن میں نے آپ سے حشرات الارض کا حرام ہونا نہیں سنا۔

۴۰۰۔ حَدَّثَنَا أَبُو ثَوْرٍ إِبْرَاهِيمُ بْنُ خَالِدٍ الْكَلْبِيُّ قَالَ نَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عِيسَى بْنِ نُمَيْلَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ ابْنِ عُمَرَ فَسُئِلَ عَنْ أَكْلِ

عبدالعزیز بن محمد نے عیسیٰ بن نمیلہ سے روایت کی کہ اُن کے والد ماجد نے فرمایا: میں حضرت ابن عمر کے پاس تھا تو ان سے سہی کو کھانے کے متعلق پوچھا گیا۔ انہوں نے یہ آیت پڑھی: جو میری طرف وحی فرمایا گیا ہے میں اس میں حرام نہیں پاتا (۶:۱۴۵)

الْقُنْفُذِ فَتَلَا قُلْ لَا أَجِدُ فِيمَا أُوحِيَ إِلَيَّ مُحَرَّمًا الْآيَةَ قَالَ قَالَ شَيْخٌ عِنْدَهُ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ ذُكِرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ خَبِيثَةٌ مِنَ الْخَبَائِثِ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ إِنْ كَانَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا فَهُوَ كَمَا قَالَ مَا لَمْ نَدْرِ۔

پاس ہی ایک بوڑھا تھا، اس نے کہا: میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس کا ذکر ہوا تو فرمایا کہ گندی چیزوں میں سے ایک گندی چیز ہے، پس حضرت ابن عمر نے کہا کہ اگر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے تو بات یہی ہوگی جس کا ہمیں علم نہیں۔

بَابٌ ۱۵۸ فِي أَكْلِ الضَّبُعِ۔

بجو کھانے کا بیان

۴۰۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِيُّ قَالَ نَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي عَمَّارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الضَّبُعِ فَقَالَ هُوَ صَيْدٌ وَيُجْعَلُ فِيهِ كَبْشٌ إِذَا صَادَهُ الْمُحْرِمُ۔

عبدالرحمان بن ابو عمار سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بجو کے متعلق دریافت کیا تو فرمایا کہ وہ شکار ہے لیکن مُحرِم اگر اس کا شکار کرے تو اس پر ایک دنبہ لازم آتا ہے۔

بَابٌ ۱۵۹ مَا جَاءَ فِي أَكْلِ السِّبَاعِ۔

درندوں کے گوشت کو کھانے کا بیان

۴۰۲۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِي إِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ عَنْ أَبِي ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ أَكْلِ كُلِّ ذِي نَابٍ مِنَ السَّبُعِ۔

ابو ادریس خولانی نے حضرت ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے درندوں کا گوشت کھانے سے منع فرمایا ہے۔

۴۰۳۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ أَبِي بِشْرٍ عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَكْلِ كُلِّ ذِي نَابٍ مِنَ السَّبُعِ وَعَنْ كُلِّ ذِي مِخْلَبٍ مِنَ الطَّيْرِ۔

میمون بن مہران سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تمام درندوں کا گوشت کھانے سے منع فرمایا ہے، نیز پنجوں سے شکار کرنے والے ہر پرندے کو کھانے سے۔

۴۰۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُصَفّٰى قَالَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ عَنِ الزُّبَيْدِيِّ عَنْ مَرْوَانَ بْنِ رُؤْبَةَ التَّغْلِبِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي عَوْفٍ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيكَرِبَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَلَا

محمد بن مصفیٰ، محمد بن حرب، زبیدی، مروان بن رؤبہ تغلبی عبدالرحمٰن بن ابی عوف، حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: آگاہ ہو جاؤ کہ کوئی درندہ حلال نہیں ہے اور نہ پالتو گدھا اور نہ کافر ذمی یا معاہد کا پڑا ہوا مال مگر جب کہ وہ اس

لَا يَحِلُّ ذُو نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ وَلَا الْحِمَارُ الْأَهْلِيُّ وَلَا اللُّقَطَةُ مِنْ مَالِ مُعَاهِدٍ إِلَّا أَنْ يَسْتَغْنِيَ عَنْهَا وَأَيُّمَا رَجُلٍ ضَافَ قَوْمًا فَلَمْ يَقْرُوهُ فَإِنَّ لَهُ أَنْ يُعْقِبَهُمْ بِمِثْلِ قِرَاهُ۔

سے لاتعلق ہوجائے۔ جو شخص کسی قوم کا مہمان ہوا۔ پھر ان لوگوں نے مہمان نوازی نہ کی تو وہ اپنی مہمان داری کے برابر ان سے وصول کر سکتا ہے۔

۳۸۰۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ عَنِ ابْنِ أَبِي عَدِيٍّ عَنِ ابْنِ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَلَا لَا يَحِلُّ ذُو نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ وَلَا الْحِمَارُ الْأَهْلِيُّ وَلَا اللُّقَطَةُ مِنْ مَالِ مُعَاهِدٍ إِلَّا أَنْ يَسْتَغْنِيَ عَنْهَا وَأَيُّمَا رَجُلٍ ضَافَ قَوْمًا فَلَمْ يَقْرُوهُ فَإِنَّ لَهُ أَنْ يُعْقِبَهُمْ بِمِثْلِ قِرَاهُ۔

محمد بن بشار، ابن ابی عدی، ابن ابی عروبہ، علی بن حکم، میمون بن مہران، سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: آگاہ ہو جاؤ کہ تمہارے لیے کوئی درندہ حلال نہیں ہے اور نہ گھریلو گدھا اور نہ معاہد کا پڑا ہوا مال مگر جبکہ اُسے اس کی ضرورت نہ ہو۔ جو کسی قوم کا مہمان ہو اور وہ اُس کی مہمان نوازی نہ کریں تو اپنی مہمانداری کے مطابق اُن سے وصول کر سکتا ہے۔

۳۸۰۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ عَنِ ابْنِ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ أَكْلِ كُلِّ ذِي نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ وَعَنْ كُلِّ ذِي مِخْلَبٍ مِنَ الطَّيْرِ۔

میمون بن مہران نے سعید بن جبیر سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیبر کے روز درندوں کا گوشت کھانے سے منع فرما دیا اور پنجوں سے شکار کرنے والے ہر پرندے کا گوشت کھانے سے منع فرما دیا گیا۔

۳۸۰۷۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ قَالَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ سُلَيْمَانُ بْنُ سُلَيْمٍ عَنْ صَالِحِ بْنِ يَحْيَى بْنِ الْمِقْدَامِ عَنْ جَدِّهِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيكَرِبَ عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ قَالَ غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ فَأَتَتِ الْيَهُودُ فَشَكَوْا أَنَّ النَّاسَ قَدْ أَسْرَعُوا إِلَى حَظَائِرِهِمْ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا لَا تَحِلُّ أَمْوَالُ الْمُعَاهِدِينَ إِلَّا بِحَقِّهَا وَحَرَامٌ عَلَيْكُمْ الْحُمُرُ الْأَهْلِيَّةُ وَخَيْلُهَا وَبِغَالُهَا وَكُلُّ ذِي

عمرو بن عثمان، محمد بن حرب، ابو سلمہ سلیمان بن سلیم، صالح بن یحییٰ بن مقدام، ان کے جدِ امجد حضرت مقدام بن معدیکرب سے روایت ہے کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ غزوہ خیبر کیا۔ پس یہودیوں نے حاضر بارگاہ ہو کر شکایت کی کہ لوگ (مجاہدین) جلدی میں اُن کے بندھے ہوئے جانوروں کو بھی لے گئے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: خبردار ہو جاؤ کہ معاہد کا مال حلال نہیں ہے مگر حق کے ساتھ اور تم پر گھریلو گدھا، گھوڑا اور خچر حرام ہے۔ نیز ہر ایک درندہ اور پنجوں سے شکار کرنے والا ہر پرندہ

نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ وَكُلُّ ذِي مِخْلَبٍ مِنَ الطَّيْرِ۔

حرام ہے۔

۳۸۰۸۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ قَالَا نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ عُمَرَ بْنِ زَيْدٍ الصَّنْعَانِيِّ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ ثَمَنِ الْهِرِّ قَالَ ابْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ أَكْلِ الْهِرِّ وَأَكْلِ ثَمَنِهَا۔

احمد بن حنبل اور محمد بن عبدالملک، عبدالرزاق، عمرو بن زید صنعانی، ابوالزبیر نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بلی کی قیمت سے منع فرمایا ہے۔ ابنِ عبدالملک نے فرمایا کہ بلی کا گوشت اور اس کی قیمت کھانے سے۔

بَابٌ فِي أَكْلِ لُحُومِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ۔

پالتو گدھوں کے گوشت کو کھانے کا حکم

۳۸۰۹۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي زِيَادٍ قَالَ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ إِسْرَائِيلَ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ غَالِبِ بْنِ أَبْجَرَ قَالَ أَصَابَتْنَا سَنَةٌ فَلَمْ يَكُنْ فِي مَالِي شَيْءٌ أُطْعِمُ أَهْلِي إِلَّا شَيْءٌ مِنْ حُمُرٍ وَقَدْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ لُحُومَ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَصَابَتْنَا السَّنَةُ وَلَمْ يَكُنْ فِي مَالِي مَا أُطْعِمُ أَهْلِي إِلَّا سِمَانُ حُمُرٍ وَإِنَّكَ حَرَّمْتَ لُحُومَ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ فَقَالَ أَطْعِمْ أَهْلَكَ مِنْ سَمِينِ حُمُرِكَ فَإِنَّمَا حَرَّمْتُهَا مِنْ أَجْلِ جَوَّالِ الْقَرْيَةِ۔

عبید بن ابوالحسن نے عبدالرحمان سے روایت کی ہے کہ حضرت غالب بن ابجر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: ہم قحط میں مبتلا ہو گئے اور میرے پاس کچھ مال نہ تھا کہ اپنے گھر والوں کو کھلاتا مگر چند گدھے تھے اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پالتو گدھوں کا گوشت حرام فرما چکے تھے۔ پس میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! ہم قحط میں مبتلا ہو گئے ہیں اور میرے پاس مال نہیں کہ اپنے گھر والوں کو کھلاؤں ماسوائے چند موٹے تازے گدھوں کے اور گھریلو گدھوں کا گوشت آپ آپ پر حرام فرما چکے ہیں۔ فرمایا کہ اپنے گھر والوں کو اپنے موٹے گدھوں کا گوشت کھلاؤ کیونکہ میں نے تو انہیں بستیوں کی گندگی کے باعث حرام قرار دیا تھا۔

۳۸۱۰۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَسَنِ الْمِصِّيصِيُّ قَالَ نَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ أَخْبَرَنِي رَجُلٌ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَنْ نَأْكُلَ لُحُومَ الْحُمُرِ وَأَمَرَنَا أَنْ نَأْكُلَ لُحُومَ الْخَيْلِ قَالَ عَمْرٌو فَأَخْبَرْتُ هٰذَا الْخَبَرَ أَبَا الشَّعْثَاءِ فَقَالَ قَدْ كَانَ الْحَكَمُ

عمرو بن دینار کو ایک آدمی نے خبر دی کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں گدھوں کا گوشت کھانے سے منع فرمایا اور گھوڑے کا گوشت کھانے کا ہمیں حکم دیا۔ عمرو کا بیان ہے کہ یہ حدیث میں نے ابو شعثاء کو بتائی تو انہوں نے کہا کہ ہم میں حکم غفاری بھی ایسا ہی کہتے ہیں لیکن یہ متبحر عالم اس بات کا انکار کرتے ہیں۔ ان کی مراد حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما

الْغِفَارِيُّ فِينَا يَقُولُ هٰذَا وَأَبَى ذٰلِكَ الْبَحْرُ يُرِيدُ ابْنَ عَبَّاسٍ۔

تھے۔

۳۱۱۔ حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ نَا وُهَيْبٌ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ وَعَنِ الْجَلَّالَةِ عَنْ رُكُوبِهَا وَأَكْلِ لَحْمِهَا۔

عمرو بن شعیب کے والد با جد سے روایت ہے کہ ان کے جدّ امجد نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیبر کے روز گھریلو گدھوں کے گوشت سے منع فرمایا نیز فضلہ خور جانور پر سوار ہونے اور اس کا گوشت کھانے سے بھی منع فرمایا۔

بَابٌ ۱۶۱ فِي أَكْلِ الْجَرَادِ۔

ٹڈی کھانے کا بیان

۳۱۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَرَجِ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ نَا ابْنُ الزِّبْرِقَانِ قَالَ نَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ عَنْ سَلْمَانَ قَالَ سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْجَرَادِ فَقَالَ أَكْثَرُ جُنُودِ اللّٰهِ لَا آكُلُهُ وَلَا أُحَرِّمُهُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ الْمُعْتَمِرُ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَذْكُرْ سَلْمَانَ۔

ابو عثمان نہدی سے روایت ہے کہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ٹڈی کے متعلق دریافت کیا گیا تو فرمایا:۔ اللہ تعالیٰ کے بہت سے لشکر میں جنہیں نہ میں کھاتا ہوں اور نہ انہیں حرام قرار دیتا ہوں۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا اسے معتمر، اُن کے والد با جد، ابو عثمان نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے (مرسلاً) اور اس میں حضرت سلمان کا ذکر نہیں کرتے۔

۳۱۳۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ وَعَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَا نَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ عَنْ أَبِي الْعَوَّامِ الْجَزَّارِ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ عَنْ سَلْمَانَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ فَقَالَ مِثْلَهُ فَقَالَ أَكْثَرُ جُنْدِ اللّٰهِ قَالَ عَلِيٌّ اسْمُهُ فَائِدٌ يَعْنِي أَبَا الْعَوَّامِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ أَبِي الْعَوَّامِ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَذْكُرْ سَلْمَانَ۔

ابو عثمان نہدی نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا تو آپ نے مذکورہ حدیث کی طرح فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے بہت سے لشکر ہیں۔ علی بن عبد اللہ نے کہا کہ ابو العوام کا نام فائد ہے امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے حماد بن سلمہ، ابو العوام ابو عثمان نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اور اس میں حضرت سلمان کا ذکر نہیں کرتے (یعنی مرسلاً روایت کرتے ہیں)

ف:۔ ابتدا میں ٹڈی کے متعلق یہی حکم تھا کہ آپ خود تناول نہ فرماتے لیکن دوسروں کو کھانے سے نہیں روکتے تھے۔ اس بعد آپ نے اس کے حلال ہونے کا واضح حکم فرمایا۔ امام محی السنہ نے اس حدیث کو ضعیف قرار دیا ہے اور صحیح حدیث وہی ہے جس میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مچھلی اور ٹڈی کے متعلق فرمایا ہے کہ اُحِلَّ لَكُمُ الْمَيْتَتَانِ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

باب ۶۲۲ فِي أَكْلِ الطَّافِي مِنَ السَّمَكِ۔

۴۱۴۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ قَالَ نَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الطَّائِفِيُّ قَالَ نَا إِسْمٰعِيلُ ابْنُ أُمَيَّةَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَلْقَى الْبَحْرُ أَوْ جَزَرَ عَنْهُ فَكُلُوهُ وَمَا مَاتَ فِيهِ وَطَفَا فَلَا تَأْكُلُوهُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَى هٰذَا الْحَدِيثَ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَأَيُّوبُ وَحَمَّادٌ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ أَوْقَفُوهُ عَلَى جَابِرٍ وَقَدْ أُسْنِدَ هٰذَا الْحَدِيثُ أَيْضًا مِنْ وَجْهٍ ضَعِيفٍ عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

اُس مچھلی کا حکم جو دریا میں مر کر تیرنے لگے

ابوالزبیر نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جس کو دریا باہر ڈال دے یا پانی کم ہو جائے تو اس مچھلی کو کھا لو اور جو مر کر اُوپر تیرنے لگے اُسے نہ کھاؤ۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اس حدیث کو سفیان ثوری اور ایوب اور حماد نے ابوالزبیر سے حضرت جابر پر موقوف کرتے ہوئے اور اس حدیث کو مسنداً بھی روایت کیا گیا ہے لیکن یہ اسناد ضعیف ہے یعنی ابن ابی ذئب، ابوالزبیر نے حضرت جابر سے روایت کی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔

۴۱۵۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ النَّمَرِيُّ قَالَ نَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي يَعْفُورٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ أَبِي أَوْفَى وَسَأَلْتُهُ عَنِ الْجَرَادِ فَقَالَ غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتَّ أَوْ سَبْعَ غَزَوَاتٍ فَكُنَّا نَأْكُلُهُ مَعَهُ۔

ابویعفور کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابن ابی اوفیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ٹڈی کے متعلق دریافت کیا تو اُنہوں نے فرمایا:۔ میں چھ یا سات غزوات میں رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ رہا تو آپ کے ساتھ ہم اُسے کھایا کرتے تھے۔

باب ۶۲۳ فِيمَنِ اضْطُرَّ إِلَى الْمَيْتَةِ۔

۴۱۶۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ قَالَ نَا حَمَّادٌ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ أَنَّ رَجُلًا نَزَلَ الْحَرَّةَ وَمَعَهُ أَهْلُهُ وَوَلَدُهُ فَقَالَ رَجُلٌ إِنَّ نَاقَةً لِي ضَلَّتْ فَإِنْ وَجَدْتَهَا فَأَمْسِكْهَا فَوَجَدَهَا فَلَمْ يَجِدْ صَاحِبَهَا فَمَرِضَتْ فَقَالَتِ امْرَأَتُهُ انْحَرْهَا فَأَبَى فَنَفَقَتْ فَقَالَتِ اسْلُخْهَا حَتَّى نُقَدِّدَ شَحْمَهَا وَلَحْمَهَا وَنَأْكُلَهُ فَقَالَ حَتَّى أَسْأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَاهُ فَسَأَلَهُ فَقَالَ هَلْ عِنْدَكَ غِنًى يُغْنِيكَ قَالَ لَا قَالَ فَكُلُوهَا قَالَ فَجَاءَ صَاحِبُهَا فَأَخْبَرَهُ الْخَبَرَ

جو مردار کھانے پر مجبور ہو جائے

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ ایک آدمی حرہ کے مقام پر اترا اور اہل و عیال اس کے ساتھ تھے۔ ایک آدمی نے کہا کہ میری اونٹنی گم ہو گئی ہے اگر تمہیں ملے تو اسے پکڑ لینا۔ پس اُسے اونٹنی مل گئی لیکن اس کا مالک نہ ملا اور وہ بیمار پڑ گیا۔ اُس کی بیوی نے کہا کہ اسے ذبح کر لو۔ اس نے انکار کیا اور وہ مر گئی۔ عورت نے کہا کہ اس کی کھال اتار دو تاکہ ہم اس کی چربی اور گوشت کو پکا کر کھا لیں۔ کہا کہ جب تک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ سے پوچھ نہ لوں۔ اُس نے حاضر بارگاہ ہو کر پوچھا تو فرمایا۔ کیا تمہارے پاس کوئی چیز ہے جو اس سے بے نیاز کر دے؟ عرض کی، نہیں۔ فرمایا تو اسے کھا لو۔ راوی کا بیان ہے کہ اس کے بعد اس کا مالک آ گیا اور اس نے سارا واقعہ

فَقَالَ هَلَّا كُنْتَ نَحَرْتَهَا قَالَ اسْتَحْيَيْتُ مِنْكَ۔

کہہ سنایا۔ مالک نے کہا: تم نے اُسے ذبح کیوں نہیں کر لیا تھا؟ جواب دیا کہ مجھے آپ سے شرم آتی تھی۔

۴۱۷۔ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ نَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ قَالَ نَا عُقْبَةُ بْنُ وَهْبِ ابْنِ عُقْبَةَ الْعَامِرِيُّ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ عَنِ الْفُجَيْعِ الْعَامِرِيِّ أَنَّهُ أَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا تَحِلُّ لَنَا الْمَيْتَةُ قَالَ مَا طَعَامُكُمْ قُلْنَا نَغْتَبِقُ وَنَصْطَبِحُ قَالَ أَبُو نُعَيْمٍ فَسَّرَهُ لِي عُقْبَةُ قَدَحٌ غُدْوَةً وَقَدَحٌ عَشِيَّةً قَالَ ذَاكَ وَأَبِي الْجُوعُ فَأَحَلَّ لَهُمُ الْمَيْتَةَ عَلَى هَذِهِ الْحَالِ۔

ہارون بن عبداللہ، فضل بن دُکین، عقبہ بن وہب بن عقبہ عامری کے والد ماجد نے حضرت فجیع عامری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے: ہمارے لیے مردار حلال نہیں ہو سکتا؟ فرمایا کہ تمہیں کھانے کو کیا ملتا ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ شام کو پیتے ہیں اور صبح کو پیتے ہیں۔ ابونعیم کا بیان ہے کہ عقبہ نے مجھے اس کا مطلب یوں بتایا کہ ایک پیالہ صبح اور ایک پیالہ شام کو میرے باپ کی قسم، اس میں بھوکے رہتے ہیں۔ پس اس حالت میں آپ نے ان کے لیے مردار کو حلال قرار دیا۔

بَابٌ ۱۶۴ فِي الْجَمْعِ بَيْنَ لَوْنَيْنِ۔

دو کھانے جمع کرنا

۴۱۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ ابْنِ أَبِي رِزْمَةَ قَالَ أَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى عَنْ حُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدِدْتُ أَنَّ عِنْدِي خُبْزَةً بَيْضَاءَ مِنْ بُرَّةٍ سَمْرَاءَ مُلَبَّقَةً بِسَمْنٍ وَلَبَنٍ فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ فَاتَّخَذَهُ فَجَاءَ بِهِ فَقَالَ فِي أَيِّ شَيْءٍ كَانَ هَذَا قَالَ فِي عُكَّةِ ضَبٍّ قَالَ ارْفَعْهُ۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں چاہتا ہوں کہ میرے پاس سمرا گندم کی سفید روٹی گھی اور دودھ سے نرم کی ہوئی ہوں۔ پس حاضرین میں سے ایک شخص کھڑا ہوا اور اسی طرح کی چپاتیاں تیار کروائیں اور انہیں لے کر حاضرِ بارگاہ ہو گیا۔ فرمایا کہ یہ (گھی) کس چیز میں تھا؟ عرض کی کہ گوہ کی کپی میں۔ ارشاد فرمایا کہ پھر اسے اٹھا لو۔

بَابٌ ۱۶۵ فِي أَكْلِ الْجُبْنِ۔

پنیر کھانے کا بیان

۴۱۹۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوسَى الْبَلْخِيُّ قَالَ نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَنْصُورٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجُبْنَةٍ فِي تَبُوكَ فَدَعَا بِسِكِّينٍ فَسَمَّى وَقَطَعَ۔

عمرو بن منصور نے شعبی سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: تبوک کے مقام پر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں پنیر کا ایک ٹکڑا پیش کیا گیا۔ آپ نے چھری منگوائی اور بسم اللہ پڑھ کر اُسے کاٹا۔

بَابٌ ۱۶۶ فِي الْخَلِّ۔

سرکہ کا بیان

۴۲۰۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ

عثمان بن ابوشیبہ، معاویہ بن ہشام، سفیان، محارب

نا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنِي سُفْيَانُ عَنْ مُحَارِبٍ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نِعْمَ الْإِدَامُ الْخَلُّ۔

۴۲۱۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ وَمُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَا نَا الْمُثَنَّى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ نَافِعٍ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نِعْمَ الْإِدَامُ الْخَلُّ

بَابٌ ٤٦ فِي أَكْلِ الثُّومِ۔

۴۲۲۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ نَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَطَاءُ بْنُ أَبِي رَبَاحٍ أَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَكَلَ ثُومًا أَوْ بَصَلًا فَلْيَعْتَزِلْنَا أَوْ لِيَعْتَزِلْ مَسْجِدَنَا وَلْيَقْعُدْ فِي بَيْتِهِ وَإِنَّهُ أُتِيَ بِبَدْرٍ فِيهِ خَضِرَاتٌ مِنَ الْبُقُولِ فَوَجَدَ لَهَا رِيحًا فَسَأَلَ فَأُخْبِرَ بِمَا فِيهَا مِنَ الْبُقُولِ فَقَالَ قَرِّبُوهَا إِلَى بَعْضِ أَصْحَابِهِ كَانَ مَعَهُ فَلَمَّا رَآهُ كَرِهَ أَكْلَهَا قَالَ كُلْ فَإِنِّي أُنَاجِي مَنْ لَا تُنَاجِي قَالَ أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ بِبَدْرٍ فَسَّرَهُ ابْنُ وَهْبٍ طَبَقٌ۔

۴۲۳۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ نَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَمْرٌو أَنَّ بَكْرَ بْنَ سَوَادَةَ حَدَّثَهُ أَنَّ أَبَا النَّجِيبِ مَوْلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَهُ أَنَّ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ حَدَّثَهُ أَنَّهُ ذُكِرَ عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الثُّومُ وَالْبَصَلُ وَقِيلَ يَا رَسُولَ اللهِ وَأَشَدُّ ذَلِكَ كُلِّهِ الثُّومُ أَفَتُحَرِّمُهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُوهُ وَمَنْ أَكَلَهُ مِنْكُمْ فَلَا يَقْرَبْ هَذَا الْمَسْجِدَ حَتَّى

نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سرکہ بہترین سالن ہے۔

ابوالولید طیالسی اور مسلم بن ابراہیم، مثنیٰ بن سعید، طلحہ بن سعید بن نافع نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سرکہ اچھا سالن ہے۔

لہسن کھانے کا بیان

عطاء بن ابی رباح نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو لہسن یا پیاز کھائے وہ ہم سے ایک طرف رہے یا ہماری مسجد سے ایک طرف رہے اور اپنے گھر میں بیٹھا رہے۔ میدانِ بدر کے اندر آپ کی خدمت میں ایک تھالی پیش کی گئی جس میں ساگ سبزیاں تھیں تو ان کی بدبو آئی۔ دریافت کیا تو جو سبزیاں اس میں تھیں وہ بتادی گئیں فرمایا کہ انہیں اپنے ساتھی کے نزدیک کردو جو اس کے ساتھ تھا۔ جب اُسے دیکھا کہ انہیں کھانا اس نے بھی پسند نہیں کیا تو فرمایا: تم کھاؤ کیونکہ میں اس سے سرگوشی کرتا ہوں جس سے تم سرگوشی نہیں کرتے۔ احمد بن صالح کا بیان ہے کہ بدر کا مطلب ابنِ وہاب نے طشتری (تھالی) بتایا۔

ابو نجیب مولیٰ عبداللہ بن سعد نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور لہسن اور پیاز کا ذکر ہوا تو عرض کی گئی: یا رسول اللہ! ان سب میں سخت بدبو والی چیز لہسن ہے تو کیا آپ اسے حرام قرار دیتے ہیں؟ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اسے کھالیا کرو لیکن تم میں سے جو اسے کھائے وہ اس مسجد کے نزدیک نہ آئے یہاں تک کہ اس کی بدبو جاتی رہے۔

يَذْهَبَ مِنْهُ رِيحُهُ۔

۴۲۴۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ نَا جَرِيرٌ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ عَنْ حُذَيْفَةَ أَظُنُّهُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ تَفَلَ تُجَاهَ الْقِبْلَةِ جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ تَفْلُهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ وَمَنْ أَكَلَ مِنْ هَذِهِ الْبَقْلَةِ الْخَبِيثَةِ فَلَا يَقْرَبَنَّ مَسْجِدَنَا ثَلَاثًا۔

زر بن حبیش نے حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی اور میرے خیال میں رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مرفوعاً فرمایا کہ جس نے قبلے کی طرف منہ کر کے تھوکا تو قیامت کے روز دونوں آنکھوں کے درمیان اُس تھوک کو لے کر حاضر ہوگا اور جس نے ان بدبودار سبزیوں میں سے کوئی کھائی ہو وہ ہماری مسجد کے نزدیک نہ آئے۔ یہ تین مرتبہ فرمایا۔

۴۲۵۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ قَالَ نَا يَحْيَى عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَكَلَ مِنْ هَذِهِ الشَّجَرَةِ فَلَا يَقْرَبَنَّ الْمَسَاجِدَ۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ،جو اس درخت (لہسن) میں سے کھائے وہ مسجدوں کے نزدیک نہ آئے۔

۴۲۶۔ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ قَالَ نَا أَبُو هِلَالٍ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ أَكَلْتُ ثُومًا فَأَتَيْتُ مُصَلَّى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ سُبِقْتُ بِرَكْعَةٍ فَلَمَّا دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ وَجَدَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِيحَ الثُّومِ فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاتَهُ قَالَ مَنْ أَكَلَ مِنْ هَذِهِ الشَّجَرَةِ فَلَا يَقْرَبْنَا حَتَّى يَذْهَبَ رِيحُهَا أَوْ رِيحُهُ فَلَمَّا قَضَيْتُ الصَّلَاةَ جِئْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ وَاللَّهِ لَتُعْطِيَنِّي يَدَكَ قَالَ فَأَدْخَلْتُ يَدَهُ فِي كُمِّ قَمِيصِي إِلَى صَدْرِي فَإِذَا أَنَا مَعْصُوبُ الصَّدْرِ قَالَ إِنَّ لَكَ عُذْرًا۔

ابو بردہ سے روایت ہے کہ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: ،میں لہسن کھا کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نماز پڑھانے کی جگہ حاضر ہوا تو ایک رکعت نکل چکی تھی۔ جب میں مسجد میں داخل ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو لہسن کی بدبو آئی۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز پوری کر چکے تو فرمایا، ،جو اس درخت (لہسن) میں سے کھائے وہ ہمارے نزدیک نہ آئے یہاں تک کہ اُس کی بدبو جاتی رہے۔ جب میں نے اپنی نماز پوری کر لی تو رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا: ،یا رسول اللہ! خدا کی قسم اپنا دستِ مبارک مجھے پکڑا دیجئے۔ پس میں نے آپ کا دستِ مبارک اپنی قمیص کے اندر سینے تک داخل کیا تو دیکھا کہ میرا سینہ جکڑا ہوا ہے۔ فرمایا کہ تمہیں تو مجبوری ہے۔

۴۲۷۔ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ قَالَ نَا أَبُو عَامِرٍ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَمْرٍو قَالَ نَا خَالِدُ بْنُ مَيْسَرَةَ يَعْنِي الْعَطَّارَ عَنْ مُعَاوِيَةَ

عباس بن عبد العظیم، ابو عامر عبد الملک بن عمرو، خالد بن میسرہ عطار، معاویہ بن قرۃ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان دونوں درختوں

ابْنِ قُرَّةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ هَاتَيْنِ الشَّجَرَتَيْنِ وَقَالَ مَنْ أَكَلَهُمَا فَلَا يَقْرَبَنَّ مَسْجِدَنَا وَقَالَ إِنْ كُنْتُمْ لَا بُدَّ آكِلِيهِمَا فَأَمِيتُوهُمَا طَبْخًا قَالَ يَعْنِي الْبَصَلَ وَالثُّومَ۔

سے منع فرمایا ہے اور فرمایا کہ جو انہیں کھائے وہ ہماری مسجد کے نزدیک نہ آئے اور فرمایا کہ اگر تمہیں ان دونوں کے سوا چارہ نہ ہو تو پکا کر ان کی بدبو ختم کر دو (یعنی پیاز اور لہسن کی (یعنی پکانے سے ان کی بدبو ختم ہو جاتی ہے)۔

۴۲۸۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا الْجَرَّاحُ أَبُو وَكِيعٍ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ شَرِيكٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ نَهَى عَنْ أَكْلِ الثُّومِ إِلَّا مَطْبُوخًا قَالَ أَبُو دَاوُدَ شَرِيكُ بْنُ حَنْبَلٍ۔

ابو اسحاق نے شریک سے روایت کی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ لہسن کو کھانے سے منع فرمایا گیا ہے مگر جبکہ پکا ہوا ہو۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ شریک کی ولدیت حنبل ہے۔

۴۲۹۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسٰى قَالَ أَخْبَرَنَا ح وَحَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ قَالَ نَا بَقِيَّةُ عَنْ بَحِيرٍ عَنْ خَالِدٍ عَنْ أَبِي زِيَادٍ خِيَارِ بْنِ سَلَمَةَ أَنَّهُ سَأَلَ عَائِشَةَ عَنِ الْبَصَلِ قَالَتْ إِنَّ آخِرَ طَعَامٍ أَكَلَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامٌ فِيهِ بَصَلٌ۔

ابراہیم بن موسیٰ، حیواۃ بن شریح، بقیہ، بحیر، خالد، ابوزیاد خیار بن سلمہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے پیاز کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا:۔ آخری کھانا جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تناول فرمایا اس میں پیاز ڈالی گئی تھی۔

ف۔ کچا لہسن اور پیاز کھانا بدبو کے باعث مکروہ ہے اور انہیں کھا کر مسجد میں نہیں جانا چاہیئے کیونکہ دوسرے نمازیوں اور فرشتوں کو اس سے تکلیف پہنچے گی۔ اگر پیاز یا لہسن کھانا ہی پڑے تو ایسے وقت کھائے جب کہ نماز کے وقت میں کافی دیر ہو اور کسی محفل میں بھی نہ جانا ہو۔ ہاں اگر پیاز یا لہسن کو پکا کر سبزیوں وغیرہ میں کھایا جائے کہ ان کی بدبو جاتی رہے تو پھر ان کے استعمال میں کوئی مضائقہ نہیں جیسا کہ اس حدیث سے ثابت ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

بَابٌ فِي التَّمْرِ۔

کھجور کا بیان

۴۳۰۔ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ نَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ نَا أَبِي عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي يَحْيٰى عَنْ يَزِيدَ الْأَعْوَرِ عَنْ يُوسُفَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ قَالَ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخَذَ كِسْرَةً مِنْ خُبْزِ شَعِيرٍ فَوَضَعَ عَلَيْهَا تَمْرَةً وَقَالَ هٰذِهِ إِدَامُ هٰذِهِ۔

ہارون بن عبداللہ، عمر بن حفص، ان کے والد ماجد، محمد بن ابی یحییٰ، یزید اعور سے روایت ہے کہ حضرت یوسف بن عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے جو کی روٹی کا ایک ٹکڑا لیا اور اس پر کھجور رکھ کر فرمایا:۔ یہ اس کا سالن ہے۔

۴۳۱۔ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ عُتْبَةَ قَالَ نَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ نَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ قَالَ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ

ہشام بن عروہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جس گھر میں کھجوریں بھی

قَالَتْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْتٌ لَا تَمْرَ فِيهِ جِيَاعٌ أَهْلُهُ۔

نہ ہوں اُس میں رہنے والے بھوکے ہیں ۔

بَابٌ ١٦٩ تَفْتِيشُ التَّمْرِ عِنْدَ الْأَكْلِ۔

کھاتے وقت کھجوروں کو صاف کرنا

٤٣٢ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَبَلَةَ قَالَ نَا سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ أَبُو قُتَيْبَةَ عَنْ هَمَّامٍ عَنْ إِسْحٰقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَمْرٍ عَتِيقٍ فَجَعَلَ يُفَتِّشُهُ يُخْرِجُ السُّوسَ مِنْهُ۔

ہمام نے اسحاق بن عبداللہ بن ابو طلحہ سے روایت کی ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں پرانی کھجوریں پیش کی گئیں تو آپ ان میں سے کیڑے نکال کر پھینکنے لگے ۔

٤٣٣ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ قَالَ أَخْبَرَنَا هَمَّامٌ عَنْ إِسْحٰقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُؤْتَى بِالتَّمْرِ فِيهِ دُودٌ فَذَكَرَ مَعْنَاهُ۔

ہمام نے اسحاق بن عبداللہ بن ابو طلحہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں گھن لگی ہوئی کھجوریں آتیں، باقی حدیث کو معناً بیان کیا ۔

بَابٌ ١٧٠ الْإِقْرَانُ فِي التَّمْرِ عِنْدَ الْأَكْلِ۔

دو تین کھجوروں کو جمع کر کے کھانا

٤٣٤ - حَدَّثَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ جَبَلَةَ بْنِ سُحَيْمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْإِقْرَانِ إِلَّا أَنْ تَسْتَأْذِنَ أَصْحَابَكَ۔

ابو اسحاق نے جبلہ بن سحیم سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو تین کھجوریں ایک ساتھ کھانے سے منع فرمایا مگر یہ کہ تم اپنے ساتھی سے اجازت حاصل کر لو ۔

بَابٌ ١٧١ فِي الْجَمْعِ بَيْنَ اللَّوْنَيْنِ عِنْدَ الْأَكْلِ۔

دو قسم کے کھانے ملا کر کھانا

٤٣٥ - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ النَّمَرِيُّ قَالَ نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَأْكُلُ الْقِثَّاءَ بِالرُّطَبِ۔

ابراہیم بن سعد کے والد ماجد نے حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تازہ کھجوروں کے ساتھ ککڑی کھا لیا کرتے تھے ۔

٤٣٦ - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ نُصَيْرٍ نَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُ الْبِطِّيخَ بِالرُّطَبِ فَيَقُولُ

ہشام بن عروہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پکی ہوئی تازہ کھجوروں کے ساتھ تربوز کھایا کرتے اور فرماتے: اس کی گرمی کو اس کی ٹھنڈک سے

تُكْسِرُ حَرَّ هٰذَا بِبَرْدِ هٰذَا وَبَرْدَ هٰذَا بِحَرِّ هٰذَا۔

توڑو اور اُس کی ٹھنڈک کو اِس کی گرمی سے۔

۴۳۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَزِيرِ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مَزْيَدٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ جَابِرٍ قَالَ حَدَّثَنِي سُلَيْمُ بْنُ عَامِرٍ عَنِ ابْنَيْ بُسْرٍ السُّلَمِيَّيْنِ قَالَا دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَدَّمْنَا زُبْدًا وَتَمْرًا وَكَانَ يُحِبُّ الزُّبْدَ وَالتَّمْرَ۔

محمد بن وزیر، ولید بن مزید، ابن جابر، سلیم بن عامر نے سلیمیوں سے بُسر کے دو صاحبزادوں سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف فرما ہوئے تو ہم نے آپ کے حضور مکھن اور کھجوریں پیش کیں کیونکہ آپ کو مکھن اور کھجوریں پسند تھیں۔

بَابٌ ۱۷۲ فِي اسْتِعْمَالِ آنِيَةِ أَهْلِ الْكِتَابِ۔

اہل کتاب کے برتنوں کو استعمال کرنے کا بیان

۴۳۸۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ نَا عَبْدُ الْأَعْلَى وَإِسْمٰعِيلُ عَنْ بُرْدِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنَّا نَغْزُو مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنُصِيبُ مِنْ آنِيَةِ الْمُشْرِكِينَ وَأَسْقِيَتِهِمْ فَنَسْتَمْتِعُ بِهَا فَلَا يَعِيبُ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ۔

برد بن سنان نے عطاء سے روایت کی ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی معیت میں جہاد کرتے تو ہمیں مشرکوں کے برتن اور پانی پینے کے پیالے ملتے پس ہم انہیں اپنے کام میں لاتے اور آپ اس فعل کو بُرا محسوس نہ فرماتے۔

۴۳۹۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَاصِمٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ زَبْرٍ عَنْ أَبِي عُبَيْدِ اللّٰهِ مُسْلِمِ بْنِ مِشْكَمٍ عَنْ أَبِي ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ أَنَّهُ سَأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّا نُجَاوِرُ أَهْلَ الْكِتَابِ وَهُمْ يَطْبُخُونَ فِي قُدُورِهِمُ الْخِنْزِيرَ وَيَشْرَبُونَ فِي آنِيَتِهِمُ الْخَمْرَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنْ وَجَدْتُمْ غَيْرَهَا فَكُلُوا فِيهَا وَاشْرَبُوا وَإِنْ لَمْ تَجِدُوا غَيْرَهَا فَارْحَضُوهَا بِالْمَاءِ وَكُلُوا وَاشْرَبُوا۔

عبداللہ بن علاء ابن زبر نے ابو عبیداللہ مسلم بن مشکم سے روایت کی ہے کہ حضرت ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سوال کرتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض گزار ہوئے: ہم اہل کتاب کے پڑوس میں رہتے ہیں جو اپنی ہانڈیوں میں خنزیر پکاتے اور اپنے برتنوں میں شراب پیتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تمہیں ان کے سوا مل سکیں تو ان میں کھاؤ پیو اور اگر تمہیں اُن کے سوا اور برتن نہ مل سکیں تو انہیں پانی سے دھوکر اُن میں کھا پی لیا کرو۔

بَابٌ ۱۷۳ فِي دَوَابِّ الْبَحْرِ۔

سمندری جانوروں کا بیان

۴۴۰۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ قَالَ نَا زُهَيْرٌ نَا أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ بَعَثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَمَّرَ عَلَيْنَا

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں قریش کے ایک قافلے کے تعاقب میں روانہ کیا اور حضرت ابو عبیدہ بن الجراحؓ کو ہم پر امیر مقرر فرمایا۔

أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ نَتَلَقَّى عِيرًا لِقُرَيْشٍ وَزَوَّدَنَا جِرَابًا مِنْ تَمْرٍ لَمْ نَجِدْ لَهُ غَيْرَهُ فَكَانَ أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ يُعْطِينَا تَمْرَةً تَمْرَةً كُنَّا نَمَصُّهَا كَمَا يَمَصُّ الصَّبِيُّ ثُمَّ نَشْرَبُ عَلَيْهَا مِنَ الْمَاءِ فَتَكْفِينَا يَوْمَنَا إِلَى اللَّيْلِ وَكُنَّا نَضْرِبُ بِعِصِيِّنَا الْخَبَطَ ثُمَّ نَبُلُّهُ بِالْمَاءِ فَنَأْكُلُهُ قَالَ وَانْطَلَقْنَا عَلَى سَاحِلِ الْبَحْرِ فَرُفِعَ لَنَا كَهَيْئَةِ الْكَثِيبِ الضَّخْمِ فَأَتَيْنَاهُ فَإِذَا هُوَ دَابَّةٌ تُدْعَى الْعَنْبَرَةَ فَقَالَ أَبُو عُبَيْدَةَ مَيْتَةٌ وَلَا تَحِلُّ لَنَا ثُمَّ قَالَ لَا بَلْ نَحْنُ رُسُلُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي سَبِيلِ اللَّهِ وَقَدِ اضْطُرِرْتُمْ إِلَيْهِ فَكُلُوا فَأَقَمْنَا عَلَيْهِ شَهْرًا وَنَحْنُ ثَلَاثُمِائَةٍ حَتَّى سَمِنَّا فَلَمَّا قَدِمْنَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرْنَا ذَلِكَ لَهُ فَقَالَ هُوَ رِزْقٌ أَخْرَجَهُ اللَّهُ لَكُمْ فَهَلْ مَعَكُمْ مِنْ لَحْمِهِ شَيْءٌ فَتُطْعِمُونَا مِنْهُ فَأَرْسَلْنَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

کھجوروں کا ایک تھیلا ہم نے زادِ راہ لیا جب کہ اس کے سوا ہمیں اور کچھ میسر نہ آیا۔ پس حضرت ابو عبیدہ ہمیں ایک ایک کھجور دیا کرتے جس کو ہم ایسے چوستے جیسے بچہ چوستا ہے اور اس کے اوپر پانی پی لیا کرتے اور رات تک دن بھر کا یہی راشن ہوتا۔ ہم بیری کے پتے جھاڑتے اور انہیں پانی سے تر کر کے کھایا کرتے۔ ہم ساحل پر پہنچے تو ریت کے بڑے سے ٹیلے جیسی کوئی چیز ظاہر ہوئی پاس پہنچ کر دیکھا تو ایک جانور تھا جس کو عنبرہ کہا جاتا ہے۔ حضرت ابو عبیدہ نے کہا کہ یہ مردار ہے ہمارے لیے حلال نہیں۔ پھر فرمایا کہ ایسا نہیں ہو سکتا کیونکہ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھیجا ہے اور ہم راہِ خدا میں نکلے ہیں۔ نیز آپ اس کے لیے مجبور ہو چکے ہیں، لہٰذا کھائیے ہم کھاتے رہے اور وہاں سے ایک مہینہ ٹھہرے۔ ہم تین سو تھے جو موٹے تازے ہو گئے۔ جب ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ سے اس کا ذکر کیا۔ فرمایا وہ روزی تھی جو اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے نکالی۔ کیا تمہارے پاس اس کے گوشت میں سے کچھ ہے تاکہ اس میں سے ہمیں بھی کھلاؤ۔ پس ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں بھی پیش کیا۔

ف۔ قربان جائیں صحابۂ کرام کی عظمت پر کہ وہ راہِ خدا میں نکلتے تو اللہ تعالیٰ انہیں اپنے مہمان بنا کر مہمانی فرماتا تھا۔ یہ حبیبِ خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سچی نسبت کا اثر تھا۔ شمعِ رسالت کے پروانے اسی طرح نوازے جاتے ہیں۔ سرفروشوں کا راہِ خدا میں نکلنا خدا کا مہمان بننا ہے۔ راہِ خدا میں نکلنا وہی ہے جو رضائے الٰہی کی خاطر اور اعلائے کلمۃ الحق کے لیے ہو۔ یہ نہ ہو جیسے آج بستر بند رضا کاروں کی ٹولیاں پھرتی ہیں جو تالیفِ قلوب کے سارے ساز و سامان سے لیس کر کے بھیجے جاتے ہیں۔ حجروں میں بیٹھے ہوئے شکاریوں نے انہیں اس لیے بھیجا ہوتا ہے کہ کلمہ و نماز کے بہانے بے خبر سنیوں کو اپنے ساتھ ملائیں۔ چند روز اپنے ساتھ گشت کرائیں، اپنا رنگ چڑھا کر اہلِ حق کی جماعت سے بھگا لیں۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امت کے زمرے سے نکال کر محمد بن عبدالوہاب نجدی کے ریوڑ میں پہنچائیں۔ نہ یہ راہِ خدا میں نکلنا اور نہ یہ دین کی خدمت بلکہ اپنے فرقے کی تعداد بڑھانے، اہلِ حق کا زور گھٹانے اور پُراسرار طریقے سے منافقینِ مدینہ کی شیطنت کو پروان چڑھانا ہے۔ مسجدِ نبوی کو غیر آباد کرنا اور مسجدِ ضرار بسانا ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام مدعیانِ اسلام کو سچی ہدایت نصیب فرمائے، آمین۔

بَابٌ فِي الْفَارَةِ تَقَعُ فِي السَّمْنِ۔

گھی میں چوہا گرنے کا بیان

۳۸۴۲ ـ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا سُفْيَانُ

مسدد، سفیان، زہری، عبید اللہ بن عبد اللہ، حضرت

قَالَ نَا الزُّهْرِيُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ مَيْمُوْنَةَ أَنَّ فَارَةً وَقَعَتْ فِيْ سَمْنٍ فَأُخْبِرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَلْقُوْا مَا حَوْلَهَا وَكُلُوْا۔

ابن عباس نے حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ گھی میں ایک چوہا گر گیا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خبر کی گئی، فرمایا اس کے اردگرد سے نکال کر باقی کو کھالو۔

۴۴۲۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ وَالْحَسَنُ ابْنُ عَلِيٍّ وَاللَّفْظُ لِلْحَسَنِ قَالَا نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا وَقَعَتِ الْفَارَةُ فِي السَّمْنِ فَإِنْ كَانَ جَامِدًا فَأَلْقُوْهَا وَمَا حَوْلَهَا وَإِنْ كَانَ مَائِعًا فَلَا تَقْرَبُوْهُ قَالَ الْحَسَنُ قَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَرُبَّمَا حَدَّثَ بِهِ مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ مَيْمُوْنَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

سعید بن مسیّب نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جب گھی میں چوہا گر جائے اور وہ جما ہوا ہو تو اس کے اردگرد سے نکال کر پھینک دو اور اگر وہ پگھلا ہوا ہو تو اس کے نزدیک نہ جاؤ۔ حسن کا بیان ہے کہ عبدالرزاق نے فرمایا:۔ کبھی معمر اس حدیث کو اس سند کے ساتھ بیان کرتے کہ زہری، عبیداللہ بن عبداللہ، حضرت ابن عباس، حضرت میمونہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا (یعنی حضرت میمونہ سے بھی مرفوعاً روایت کرتے)۔

۴۴۳۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ أَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بُوْذَوَيْهِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ مَيْمُوْنَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ۔

احمد بن صالح، عبدالرزاق، عبدالرحمان بن بوذویہ، معمر زہری، عبیداللہ بن عبداللہ، حضرت ابن عباس، حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اُسی حدیث کے مطابق روایت کی جو زہری نے سعید بن مسیّب سے روایت کی ہے۔

بَابٌ فِي الذُّبَابِ يَقَعُ فِي الطَّعَامِ۔

کھانے میں مکھی گرنے کا بیان

۴۴۴۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ قَالَ نَا بِشْرٌ يَعْنِيْ ابْنَ الْمُفَضَّلِ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِيْ إِنَاءِ أَحَدِكُمْ فَامْقُلُوْهُ فَإِنَّ فِيْ أَحَدِ جَنَاحَيْهِ دَاءً وَفِي الْآخَرِ شِفَاءً وَإِنَّهُ يَتَّقِيْ بِجَنَاحِهِ الَّذِيْ فِيْهِ الدَّاءُ فَلْيَغْمِسْهُ كُلَّهُ۔

سعید مقبری نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جب تم میں سے کسی کے برتن میں مکھی گر جائے تو اُسے غوطہ دے دو کیونکہ اس کے ایک پر میں بیماری اور دوسرے میں شفا ہے۔ وہ اپنے اُسی پر کو کھانے میں ڈالتی ہے جس میں بیماری ہے تو تم اُس پوری کو نہلا دو۔

باب ۱۷۶ فِي اللُّقْمَةِ تَسْقُطُ۔

نوالہ گر جانے کا بیان

۳۷۴۵۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ قَالَ نَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَكَلَ طَعَامًا لَعِقَ أَصَابِعَهُ الثَّلٰثَ وَقَالَ إِذَا سَقَطَتْ لُقْمَةُ أَحَدِكُمْ فَلْيُمِطْ عَنْهَا الْأَذٰى وَلْيَأْكُلْهَا وَلَا يَدَعْهَا لِلشَّيْطٰنِ وَأَمَرَنَا أَنْ نَسْلُتَ الصَّحْفَةَ وَقَالَ أَحَدُكُمْ لَا يَدْرِي فِي أَيِّ طَعَامِهِ يُبَارَكُ لَهُ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کھانا تناول فرما لیتے تو تینوں انگلیوں کو چاٹ لیا کرتے اور فرمایا کہ جب تم میں سے کسی کا نوالہ گر جائے تو اُسے صاف کر کے کھا لینا چاہیئے اور اُسے شیطان کے لیے نہ چھوڑے اور ہمیں حکم دیا گیا ہے کہ پیالے کو صاف کر دیا کریں کیونکہ تم میں سے کوئی نہیں جانتا کہ اس کے لیے کھانے کے کون سے حصے میں برکت رکھی گئی۔

باب ۱۷۷ فِي الْخَادِمِ يَأْكُلُ مَعَ الْمَوْلٰى۔

خادم کا آقا کے ساتھ کھانا

۳۷۴۶۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ قَالَ نَا دَاوُدُ ابْنُ قَيْسٍ عَنْ مُوسَى بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَنَعَ لِأَحَدِكُمْ خَادِمُهُ طَعَامًا ثُمَّ جَاءَهُ بِهِ وَقَدْ وَلِيَ حَرَّهُ وَدُخَانَهُ فَلْيُقْعِدْهُ مَعَهُ فَلْيَأْكُلْ فَإِنْ كَانَ الطَّعَامُ مَشْفُوهًا فَلْيَضَعْ فِي يَدِهِ مِنْهُ أُكْلَةً أَوْ أُكْلَتَيْنِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جب تم میں سے کسی کا ملازم اس کے لیے کھانا تیار کرے اور پھر اسے لے کر آئے جس کی خاطر وہ گرمی اور دھواں برداشت کر چکا ہے تو اُسے اپنے ساتھ بٹھا کر کھلائے۔ اگر کھانا تھوڑا ہو تو اس میں سے کم از کم ایک دو لقمے ہی اس کے ہاتھ پر رکھ دے۔

ف: اس حدیث سے امراء کو سبق ملتا ہے کہ اپنے نوکروں اور ملازموں سے حُسنِ سلوک کریں اور کھانے پہننے میں ان کی دلجوئی کرتے رہا کریں۔ کھانا پکانے والے ملازم کو ساتھ کھلانا بہت ہی بہتر ہے ورنہ اُسے کھانے میں سے دے دینا بڑا مفید ثابت ہوتا ہے۔ جب ملازم کے ساتھ ایسا سلوک کیا جائے تو بڑی حد تک وہ کھانے پینے کی چیزوں میں بد دیانتی کا مظاہرہ نہیں کرتا۔ خوشی کے مواقع پر اپنے ذاتی ملازموں کا خصوصیت سے خیال رکھنا چاہیئے کیونکہ ان کا حق دوسروں سے مقدم ہے۔ حُسنِ سلوک اور دوسروں سے برتاؤ ہی تو وہ انسانی کمال ہے جسے مدتوں بھلایا نہیں جا سکتا۔

باب ۱۷۸ فِي الْمِنْدِيلِ۔

رومال کا بیان

۳۷۴۷۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا يَحْيٰى عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَكَلَ أَحَدُكُمْ فَلَا يَمْسَحَنَّ يَدَهُ بِالْمِنْدِيلِ حَتّٰى يَلْعَقَهَا أَوْ يُلْعِقَهَا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جب تم میں سے کوئی کھانا کھا چکے تو اپنا ہاتھ رومال سے نہ پونچھے جب تک اُسے چاٹ نہ لے یا چٹا نہ لے۔

۳۷۴۸۔ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنْ

نفیل، ابو معاویہ، ہشام بن عروہ، عبد الرحمان بن سعد

هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعْدٍ عَنِ ابْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَاْكُلُ بِثَلٰثِ اَصَابِعَ وَلَا يَمْسَحُ يَدَهٗ حَتّٰى يَلْعَقَهَا۔

ابن کعب بن مالک نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تین انگلیوں سے کھانا تناول فرمایا کرتے اور دستِ مبارک کو نہ ملتے یہاں تک کہ اُسے چاٹ لیتے۔

بَابُ مَا يَقُوْلُ الرَّجُلُ اِذَا طَعِمَ۔

کھانا کھا کر کیا کہے؟

۴۴۹۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا يَحْيٰى عَنْ ثَوْرٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رُفِعَتِ الْمَائِدَةُ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ غَيْرَ مَكْفِيٍّ وَّلَا مُوَدَّعٍ وَّلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ رَبَّنَا۔

خالد بن معدان سے روایت ہے کہ حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: جب دسترخوان اُٹھا لیا جاتا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہتے: تعریف اللہ کے لیے ہے، کثرت سے پاکیزہ، بابرکت۔ اے ہمارے رب! ایسی نہیں جو کفایت نہ کرے اور نہ ایسی جسے چھوڑ دیا جائے اور نہ ایسی جس کے کرنے کی ہمیں حاجت نہ ہو۔

۴۵۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ نَا وَكِيْعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِيْ هَاشِمٍ الْوَاسِطِيِّ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ رَبَاحٍ عَنْ اَبِيْهِ اَوْ غَيْرِهٖ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا فَرَغَ مِنْ طَعَامِهٖ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِيْنَ۔

محمد بن العلاء، وکیع، سفیان، ابوہاشم واسطی، اسمٰعیل بن رباح ان کے والد ماجد یا کوئی دوسرا، حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کھانے سے فارغ ہو جاتے تو کہتے: سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے ہمیں کھلایا اور پلایا اور ہمیں مسلمان بنایا۔

۴۵۱۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِيْ عَقِيْلٍ الْقُرَشِيِّ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَكَلَ اَوْ شَرِبَ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَطْعَمَ وَسَقٰى وَسَوَّغَهٗ وَجَعَلَ لَهٗ مَخْرَجًا۔

احمد بن صالح، ابن وہب، سعید بن ابوایوب، ابوعقیل قرشی، ابوعبدالرحمان حبلی سے روایت ہے کہ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کھانا کھا لیتے یا کوئی چیز پی لیتے تو کہتے: سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے کھلایا اور پلایا اور اُسے ٹھہرایا اور اس کے خارج ہونے کا انتظام فرمایا۔

ف۔ ہر مسلمان کو چاہیئے کہ کھانا کھانے کے بعد ان لفظوں میں دعا کیا کرے۔ کھانا خدا کی عنایت فرمائی ہوئی نعمت ہے اور نعمت سے فائدہ اٹھانے پر شکر گزار بندوں کے لیے اپنے منعمِ حقیقی کا شکر ادا کرنا ضروری ہے۔ جس کے متعلق پروردگارِ عالم نے فرمایا ہے:۔

لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِيْ

اگر احسان مانو گے تو میں تمہیں اور زیادہ دوں گا۔ اور اگر

لَشَدِيْدٌ ○ (١٤: ٧)

ناشکری کروگے تو میرا عذاب سخت ہے۔

بَابٌ ١٨٠ فِي غَسْلِ الْيَدِ مِنَ الطَّعَامِ

٤٥٢ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ نَا زُهَيْرٌ قَالَ نَا سُهَيْلٌ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَامَ وَفِي يَدِهِ غَمَرٌ وَلَمْ يَغْسِلْهُ فَأَصَابَهُ شَيْءٌ فَلَا يَلُومَنَّ إِلَّا نَفْسَهُ۔

کھانا کھاکر ہاتھ دھونا

سہیل کے والد ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو سو جائے اور اس کے ہاتھ میں چکنائی لگی ہوئی ہو جسے دھویا نہ ہو۔ پس اُسے کوئی تکلیف پہنچے تو اپنے آپ کو ملامت کرے۔

بَابٌ ١٨١ فِي الدُّعَاءِ لِرَبِّ الطَّعَامِ

٤٥٣ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ نَا أَبُو أَحْمَدَ قَالَ نَا سُفْيَانُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ الدَّالَانِيِّ عَنْ رَجُلٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ صَنَعَ أَبُو الْهَيْثَمِ بْنُ التَّيِّهَانِ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا فَدَعَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابَهُ فَلَمَّا فَرَغُوا قَالَ أَثِيبُوا أَخَاكُمْ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَمَا إِثَابَتُهُ قَالَ إِنَّ الرَّجُلَ إِذَا دَخَلَ بَيْتَهُ فَأَكَلَ طَعَامَهُ وَشَرِبَ شَرَابَهُ فَدَعَوْا لَهُ فَذَلِكَ إِثَابَتُهُ۔

میزبان کے لیے دعا کرنا

یزید بن ابوخالد دالانی نے ایک آدمی سے روایت کی ہے کہ حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: ابوالہیثم بن تیہان نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے کھانا تیار کیا۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب کو بلایا۔ جب فارغ ہو گئے تو فرمایا: اپنے بھائی کو بدلہ دو۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! اس کا بدلہ کیا ہے؟ فرمایا کہ جب کوئی آدمی کسی کے گھر میں داخل ہو اور اس کا کھانا کھائے، نیز اس کا پانی پیئے تو اُس (صاحبِ خانہ) کے لیے دعا کرے۔ یہی اس کا بدلہ ہے۔

٤٥٤ - حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ إِلَى سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ فَجَاءَ بِخُبْزٍ وَزَيْتٍ فَأَكَلَ ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُونَ وَأَكَلَ طَعَامَكُمُ الْأَبْرَارُ وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلَائِكَةُ۔

ثابت نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت سعد بن عبادہ کے پاس تشریف لے گئے۔ پس وہ روٹیاں اور روغن زیتون لے آئے۔ آپ نے کھانا کھایا۔ پھر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے پاس روزہ دار روزے افطار کیا کریں، نیک لوگ تمہارا کھانا کھایا کریں اور فرشتے تم پر رحمتِ خداوندی لے کر آیا کریں۔

ف۔ جہاں میزبان پر حق عائد ہوتا ہے کہ اپنے مہمان کی مہمان داری اور عزت افزائی کرے وہاں مہمان پر بھی حق عائد ہوتا ہے کہ اپنے میزبان کے لیے دعائے خیر کرے اور اس کے احسان کو یاد رکھے۔ مذکورہ لفظوں میں دعا کرنا بہت ہی بہتر ہے کہ کس مبارک زبان سے نکلے ہوئے جامع الفاظ میں جو دارین کی سعادت مندی کو اندر لیے ہوئے ہیں۔ مسلمانوں کو چاہیے کہ قرآن و حدیث میں جو دعائیں مذکور ہوتی ہیں انہیں باقی تمام دعاؤں پر ترجیح دیں، کیونکہ ان میں دارین کی افادیت نسبتاً زیادہ ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

باب ۱۸۲ مَا لَمْ يُذْكَرْ تَحْرِيمُهُ۔

جس کا حرام ہونا مذکور نہیں

۴۵۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ صَبِيحٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ يَعْنِي ابْنَ شَرِيكٍ الْمَكِّيَّ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ أَبِي الشَّعْثَاءِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ أَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ يَأْكُلُونَ أَشْيَاءَ وَيَتْرُكُونَ أَشْيَاءَ تَقَذُّرًا فَبَعَثَ اللَّهُ نَبِيَّهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنْزَلَ كِتَابَهُ وَأَحَلَّ حَلَالَهُ وَحَرَّمَ حَرَامَهُ فَمَا أَحَلَّ فَهُوَ حَلَالٌ وَمَا حَرَّمَ فَهُوَ حَرَامٌ وَمَا سَكَتَ عَنْهُ فَهُوَ عَفْوٌ وَتَلَا قُلْ لَا أَجِدُ فِيمَا أُوحِيَ إِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلَى طَاعِمٍ يَطْعَمُهُ الْآيَةَ۔

عمرو بن دینار نے ابوالشعثاء سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا، زمانۂ جاہلیت میں لوگ بعض چیزوں کو کھاتے اور بعض سے نفرت کرتے ہوئے اُنہیں چھوڑ دیتے پس اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا اور کتاب نازل کی تو حلال چیزوں کو حلال قرار دیا اور حرام چیزوں کو حرام قرار دیا۔ پس حلال وہی ہے جس کو اُس (قرآن مجید) نے حلال قرار دیا اور حرام وہی ہے جس کو اس نے حرام کہا اور جس سے سکوت کیا وہ معاف ہے اور یہ آیت تلاوت کی: تم فرماؤ میں نہیں پاتا اس میں جو میری طرف وحی ہوئی کسی کھانے والے پر کھانا حرام ... (۶: ۱۴۵)

۴۵۶۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا يَحْيَى عَنْ زَكَرِيَّا قَالَ حَدَّثَنِي عَامِرٌ عَنْ خَارِجَةَ بْنِ الصَّلْتِ التَّمِيمِيِّ عَنْ عَمِّهِ أَنَّهُ أَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَسْلَمَ ثُمَّ أَقْبَلَ رَاجِعًا مِنْ عِنْدِهِ فَمَرَّ عَلَى قَوْمٍ عِنْدَهُمْ رَجُلٌ مَجْنُونٌ مُوثَقٌ بِالْحَدِيدِ فَقَالَ أَهْلُهُ إِنَّا حُدِّثْنَا أَنَّ صَاحِبَكُمْ هَذَا قَدْ جَاءَ بِخَيْرٍ فَهَلْ عِنْدَكَ شَيْءٌ تُدَاوِيهِ فَرَقَيْتُهُ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فَبَرَأَ فَأَعْطَوْنِي مِائَةَ شَاةٍ فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ هَلْ إِلَّا هَذَا أَوْ قَالَ مُسَدَّدٌ فِي مَوْضِعٍ آخَرَ هَلْ قُلْتَ غَيْرَ هَذَا قُلْتُ لَا قَالَ خُذْهَا فَلَعَمْرِي لَمَنْ أَكَلَ بِرُقْيَةِ بَاطِلٍ لَقَدْ أَكَلْتَ بِرُقْيَةِ حَقٍّ۔

خارجہ بن صلت تمیمی نے اپنے چچا جان سے روایت کی ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر مسلمان ہو گئے۔ جب آپ کے پاس سے واپس لوٹے تو ایسے لوگوں کے پاس سے گزرے جن کے پاس ایک پاگل آدمی تھا جسے زنجیروں سے جکڑ رکھا تھا۔ اس کے اقرباء نے کہا۔ ہمیں بتایا گیا ہے کہ آپ کے صاحب (نبی کریم) بھلائی لے کر آئے ہیں۔ پس کیا تمہارے پاس اس کا کوئی علاج ہے؟ میں نے سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کر دیا تو وہ تندرست ہو گیا۔ چنانچہ اُنہوں نے مجھے سو بکریاں دیں۔ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور آپ کو یہ بات بتائی فرمایا کیا یہی کیا تھا؟ مسدد نے دوسرے مقام پر کہا، کیا تم نے اس کے علاوہ کچھ کہا تھا؟ عرض کی نہیں۔ فرمایا انہیں لے لو میری عمر کی قسم ایک وہ ہے جو باطل دم کر کے کھاتا ہے اور تم نے سچی چیز سے دم کر کے کھایا ہے۔

۴۵۷۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ قَالَ نَا أَبِي قَالَ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي السَّفَرِ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ خَارِجَةَ بْنِ الصَّلْتِ عَنْ عَمِّهِ أَنَّهُ قَالَ فَرَقَاهُ بِفَاتِحَةِ

عبداللہ بن ابی السفر نے شعبی سے روایت کی ہے کہ خارجہ بن صلت سے اُن کے چچا جان نے فرمایا: پس اُنہوں نے سورۂ فاتحہ کے ساتھ تین دن تک صبح و شام دم کیا۔ جب وہ اسے پڑھ لیتے تو اپنا تھوک جمع کر کے

الْكِتَابِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ غُدْوَةً وَعَشِيَّةً كُلَّمَا خَتَمَهَا جَمَعَ بُزَاقَهُ ثُمَّ تَفَلَ فَكَأَنَّمَا أُنْشِطَ مِنْ عِقَالٍ فَأَعْطَوْهُ شَاءً فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ ذَكَرَ مَعْنَى حَدِيثِ مُسَدَّدٍ۔ اٰخِرُ كِتَابِ الْأَطْعِمَةِ۔

اس پر تھتکار دیتے۔ پس وہ یوں ہو گیا جیسے رسّیاں کھل گئیں۔ پس اُن لوگوں نے اُنہیں بکریاں دیں۔ پھر حدیثِ مسدد کی طرح باقی حدیث معنًا بیان کی۔ کتاب الاطعمہ ختم ہوئی۔

ف۔ قرآنِ مجید جہاں تمام روحانی بیماریوں کا علاج ہے وہاں اس کا دامن جسمانی شفا سے بھی خالی نہیں ہے خصوصًا سورۂ فاتحہ کہ اس کا ایک نام سورۂ شفا بھی ہے۔ مختلف احادیث میں سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کرنے اور مریض کے شفایاب ہونے کے واقعات مذکور ہوئے ہیں۔ اسے پڑھ کر دم کرنے والے صحابی اور مہرِ تصدیق بارگاہِ رسالت سے لگی کہ تیس اور سو بکریاں جو دم کرنے والے کو پیش کی گئیں اُنہیں جائز قرار دیا گیا۔ لہٰذا آیاتِ قرآنیہ کے ذریعے شفا حاصل کرنے یعنی جھاڑ پھونک اور دم درود کی صحت میں کیا کلام رہا۔ ہاں ایسے الفاظ کے ساتھ دم کرنا درست نہیں جنہیں شریعتِ مطہرہ کا مزاج برداشت نہیں کرتا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

....

اَوَّلُ كِتَابِ الطِّبِّ

بَاب ١٨٣ - الرَّجُلُ يَتَدَاوٰى۔

٤٥٨ - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ النَّمَرِيُّ نَا شُعْبَةُ عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيْكٍ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهٗ كَاَنَّمَا عَلٰى رُءُوْسِهِمُ الطَّيْرُ فَسَلَّمْتُ ثُمَّ قَعَدْتُ فَجَاءَ الْاَعْرَابُ مِنْ هٰهُنَا وَهٰهُنَا فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَتَدَاوٰى فَقَالَ تَدَاوَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَمْ يَضَعْ دَاءً اِلَّا وَضَعَ لَهٗ دَوَاءً غَيْرَ دَاءٍ وَاحِدٍ اَلْهَرَمُ۔

بَاب ١٨٤ - فِي الْحِمْيَةِ۔

٤٥٩ - حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ نَا اَبُوْ دَاوٗدَ اَبُوْ عَامِرٍ وَهٰذَا لَفْظُ اَبِيْ عَامِرٍ عَنْ فُلَيْحِ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ صَعْصَعَةَ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ يَعْقُوْبَ بْنِ اَبِيْ يَعْقُوْبَ عَنْ اُمِّ الْمُنْذِرِ بِنْتِ قَيْسٍ الْاَنْصَارِيَّةِ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهٗ عَلِيٌّ وَعَلِيٌّ نَاقِهٌ وَلَنَا دَوَالِيْ مُعَلَّقَةٌ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْكُلُ مِنْهَا وَقَامَ عَلِيٌّ لِيَاْكُلَ فَطَفِقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لِعَلِيٍّ مَهْ اِنَّكَ نَاقِهٌ حَتّٰى كَفَّ عَلِيٌّ قَالَتْ وَصَنَعْتُ شَعِيْرًا وَسِلْقًا فَجِئْتُ بِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَلِيُّ اَصِبْ مِنْ هٰذَا فَهُوَ اَنْفَعُ لَكَ۔

بَاب ١٨٥ - الْحِجَامَةِ۔

٤٦٠ - حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا

طب کا بیان

آدمی کا علاج کروانا

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو آپ کے اصحاب اس طرح تھے گویا ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہیں۔ پس میں سلام کر کے بیٹھ گیا۔ چنانچہ ادھر اُدھر سے اعرابی آکر عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! کیا ہم علاج کروایا کریں؟ فرمایا علاج کروایا کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ایسی کوئی بیماری پیدا نہیں کی جس کی دوا پیدا نہ فرمائی ہو صرف ایک بیماری کے جو بڑھاپا ہے۔

پرہیز کا بیان

ہارون بن عبداللہ، ابوداؤد، فلیح بن سلیمان، ایوب بن عبدالرحمان بن صعصعہ انصاری، یعقوب سے روایت ہے کہ حضرت اُم منذر بنت قیس انصاریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور آپ کے ساتھ حضرت علی بھی تھے۔ حضرت علی بیماری سے ابھی اُٹھے تھے جبکہ ہمارے یہاں کھجوروں کے گچھے لٹک رہے تھے پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اُٹھے اور ان میں سے کھانے لگے اور حضرت علی بھی کھانے کے لیے اُٹھے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت علی کو روکتے ہوئے فرمایا: رُکو ہوں، تم ابھی کمزور ہو۔ پس حضرت علی رک گئے۔ حضرت اُم منذر نے کہا کہ میں نے جو اور چقندر پکائے تھے وہ حاضرِ خدمت کئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اے علی! اس میں سے کھاؤ کیونکہ یہ تمہارے لیے نفع بخش ہے۔

پچھنے لگوانا

عمرو بن ابو سلمہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حَمَّادٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا كَانَ فِي شَيْءٍ مِمَّا تَدَاوَيْتُمْ بِهِ خَيْرٌ فَالْحِجَامَةُ۔

٤٦١ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَزِيرِ الدِّمَشْقِيُّ نَا يَحْيَى يَعْنِي ابْنَ حَسَّانَ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِي الْمَوَالِ نَا فَائِدٌ مَوْلَى عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ عَنْ مَوْلَاهُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي رَافِعٍ عَنْ جَدَّتِهِ سَلْمَى خَادِمِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ مَا كَانَ أَحَدٌ يَشْتَكِي إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَعًا فِي رَأْسِهِ إِلَّا قَالَ احْتَجِمْ وَلَا وَجَعًا فِي رِجْلَيْهِ إِلَّا قَالَ اخْتَضِبْهُمَا۔

بَابٌ ١٨٦ فِي مَوْضِعِ الْحِجَامَةِ۔

٤٦٢ - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدِّمَشْقِيُّ وَكَثِيرُ بْنُ عُبَيْدٍ قَالَا نَا الْوَلِيدُ عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي كَبْشَةَ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ كَثِيرٌ إِنَّهُ حَدَّثَهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَحْتَجِمُ عَلَى هَامَتِهِ وَبَيْنَ كَتِفَيْهِ وَهُوَ يَقُولُ مَنْ أَهْرَاقَ مِنْ هٰذِهِ الدِّمَاءِ فَلَا يَضُرُّهُ أَنْ لَا يَتَدَاوَى بِشَيْءٍ لِشَيْءٍ۔

٤٦٣ - حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا جَرِيرٌ نَا قَتَادَةُ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ ثَلَاثًا فِي الْأَخْدَعَيْنِ وَالْكَاهِلِ قَالَ مَعْمَرٌ احْتَجَمْتُ فَذَهَبَ عَقْلِي حَتَّى كُنْتُ أُلَقَّنُ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ فِي صَلَاتِي وَكَانَ احْتَجَمَ عَلَى هَامَتِهِ۔

بَابٌ ١٨٧ مَتَى تُسْتَحَبُّ الْحِجَامَةُ۔

٤٦٤ - حَدَّثَنَا أَبُو تَوْبَةَ الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ

سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جن چیزوں کے ساتھ تم علاج معالجہ کرتے ہو اُن میں سے کسی میں بھلائی ہے تو وہ پچھنے لگوانا ہے۔

محمد بن وزیر دمشقی، یحییٰ ابن حسّان، عبدالرحمان بن ابوموال، فائد مولیٰ عبیداللہ بن ابورافع، اُن کے مولیٰ عبیداللہ بن علی بن ابورافع سے روایت ہے کہ اُن کی دادی جان حضرت سلمیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خادمہ تھیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے جو بھی سر درد کی شکایت کرتا تو فرماتے کہ پچھنے لگواؤ اور جب پیروں میں درد کی شکایت کرتا تو فرماتے:- مہندی لگاؤ۔

پچھنے لگوانے کی جگہ

عبدالرحمان بن ابراہیم دمشقی اور کثیر بن عبید، ولید، ابن ثوبان کے والد ماجد نے حضرت ابوکبشہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سرِ اقدس پر مانگ کے اندر پچھنے لگوایا کرتے اور دونوں کندھوں کے درمیان اور فرمایا کرتے کہ ان دونوں جگہوں کا خون بہا دیا جائے تو اور کسی طرح کسی بیماری کا علاج نہ کیا جائے تب بھی کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔

قتادہ نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گردن کے دونوں جانب اور دونوں کندھوں کے درمیان تین مقامات پر پچھنے لگوایا کرتے۔ معمر کا بیان ہے کہ میں نے پچھنے لگوائے تو میری عقل اتنی جاتی رہی کہ سورۃ فاتحہ بھی لوگوں کے بتانے سے پڑھتا اور انہوں نے سر میں پچھنے لگوائے تھے۔

کب پچھنے لگوانا بہتر ہے۔

سہیل کے والد ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ

نا اسمعيل بن عبد الرحمن الجمحي عن سهيل عن ابيه عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من احتجم لسبع عشرة وتسع عشرة واحدى وعشرين كان شفاء من كل داء۔

تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے سترہ تاریخ کو پچھنے لگوائے یا انیسویں کو یا اکیسویں تاریخ کو تو یہ اس کے لیے ہر بیماری سے شفا ہے۔

٤٦٥۔ حدثنا موسى بن اسمعيل اخبرني ابو بكرة بكار بن عبد العزيز اخبرتني عمتي كيسة بنت ابي بكرة ان اباها كان ينهى اهله عن الحجامة يوم الثلثاء ويزعم عن رسول الله صلى الله عليه وسلم ان يوم الثلثاء يوم الدم وفيه ساعة لا يرقأ۔

موسیٰ بن اسمٰعیل، ابوبکرہ، بکار بن عبدالعزیز، اُن کی پھوپھی جان کیسہ بنت ابوبکرہ سے روایت ہے کہ اُن کے والد ماجد اپنے گھر والوں کو منگل کے روز پچھنے لگوانے سے منع فرمایا کرتے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کرتے کہ منگل کے روز خون کا زور ہے جس میں ایک ایسی ساعت ہے جس کے اندر خون بند نہیں ہوتا۔

باب ١٨٨ في قطع العرق وموضع الحجم۔

قصد کھولنا اور پچھنے لگوانے کی جگہ

٤٦٦۔ حدثنا محمد بن سليمان الانباري نا ابو معاوية عن الاعمش عن ابي سفيان عن جابر قال بعث النبي صلى الله عليه وسلم الى ابي طبيبا فقطع منه عرقا۔

ابوسفیان سے روایت ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ابی بن کعب کی طرف ایک طبیب کو بھیجا جس نے اُن کی رگ کاٹی۔

٤٦٧۔ حدثنا مسلم بن ابراهيم نا هشام عن ابي الزبير عن جابر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم احتجم على وركه من وثء كان به۔

ابوالزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے مبارک کولھے پر پچھنے لگوائے۔

باب ١٨٩ في الكي۔

داغ لگوانے کا بیان

٤٦٨۔ حدثنا موسى بن اسمعيل نا حماد عن ثابت عن مطرف عن عمران بن حصين قال نهى النبي صلى الله عليه وسلم عن الكي فاكتوينا فما افلحن ولا انجحن۔

مطرف سے روایت ہے کہ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں داغ لگوانے سے منع فرمایا ہے۔ ہم نے داغ لگوائے تو نہ ہمیں شفا ہوئی اور نہ کوئی کام بنا۔

٤٦٩۔ حدثنا موسى بن اسمعيل نا حماد عن ابي الزبير عن جابر ان النبي صلى الله عليه وسلم كوى سعد بن معاذ من رميته۔

ابوالزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک زخم کے باعث حضرت سعد بن معاذ کو داغ دیا۔

بَابٌ ۱۹۰ فِي السَّعُوطِ۔

۴۷۰۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحٰقَ نَا وُهَيْبٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ طَاؤسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعَطَ۔

ناک میں دوائی چڑھانا

عبید اللہ بن طاؤس کے والد ماجد نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ناک میں دوائی چڑھائی۔

بَابٌ ۱۹۱ فِي النُّشْرَةِ۔

۴۷۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا عَقِيلُ بْنُ مَعْقِلٍ قَالَ سَمِعْتُ وَهْبَ بْنَ مُنَبِّهٍ يُحَدِّثُ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النُّشْرَةِ فَقَالَ هُوَ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ۔

نشرہ کا بیان

وہب بن منبہ سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نشرہ کے متعلق دریافت کیا تو آپ نے فرمایا: وہ تو شیطانی کام ہے۔

بَابٌ ۱۹۲ فِي التِّرْيَاقِ۔

۴۷۲۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَيْسَرَةَ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ نَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ نَا شُرَحْبِيلُ بْنُ يَزِيدَ الْمَعَافِرِيُّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ رَافِعٍ التَّنُوخِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا أُبَالِي مَا أَتَيْتُ إِنْ أَنَا شَرِبْتُ تِرْيَاقًا أَوْ تَعَلَّقْتُ تَمِيمَةً أَوْ قُلْتُ الشِّعْرَ مِنْ قِبَلِ نَفْسِي قَالَ أَبُو دَاوُدَ هٰذَا كَانَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاصَّةً وَقَدْ رَخَّصَ فِيهِ قَوْمٌ يَعْنِي التِّرْيَاقَ۔

تریاق کا بیان

عبید اللہ بن عمرو بن میسو، عبداللہ بن یزید، سعید بن ابی ایوب، شرجیل بن یزید معافری، عبدالرحمان بن رافع تنوخی حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: مجھے اس بات کی کیا پڑی ہے کہ ضرورت پڑنے پر میں تریاق پی لوں یا کوئی تعویذ لٹکا لوں یا اپنے ذہن سے کوئی شعر کہوں۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یہ بات نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ خاص تھی جب کہ لوگوں کو تریاق کی اجازت ہے۔

بَابٌ ۱۹۳ فِي الْأَدْوِيَةِ الْمَكْرُوهَةِ۔

۴۷۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَادَةَ الْوَاسِطِيُّ نَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي عِمْرَانَ الْأَنْصَارِيِّ عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ أَنْزَلَ

مکروہ ادویات

محمد بن عبادہ واسطی، یزید بن ہارون، اسمٰعیل بن عیاش، ثعلبہ بن مسلم، ابو عمران انصاری، حضرت ام درداء نے حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے بیماری اور دوا دونوں کو اتارا ہے اور ہر بیماری کی دوا بنائی ہے۔ پس علاج

الدَّاءَ وَالدَّوَاءَ وَجَعَلَ لِكُلِّ دَاءٍ دَوَاءً فَتَدَاوَوْا وَلَا تَدَاوَوْا بِحَرَامٍ۔

کروایا کرو لیکن حرام دوا سے علاج نہ کیا کرو۔

۴۷۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عُثْمَانَ أَنَّ طَبِيبًا سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ضِفْدَعٍ يَجْعَلُهَا فِي دَوَاءٍ فَنَهَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِهَا۔

سعید بن مسیب نے حضرت عبدالرحمٰن بن عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک طبیب نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مینڈک کو دوائی میں ڈالنے کے متعلق دریافت کیا۔ پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے قتل کرنے سے منع فرمایا۔

۴۷۵۔ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ نَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ نَا يُونُسُ بْنُ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ نَهٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدَّوَاءِ الْخَبِيثِ۔

ہارون بن عبداللہ، محمد بن بشر، یونس بن ابو اسحاق، مجاہد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ناپاک دوا سے منع فرمایا ہے۔

۴۷۶۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ نَا الْأَعْمَشُ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَسَا سَمًّا فَسُمُّهُ فِي يَدِهِ يَتَحَسَّاهُ فِي نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيهَا أَبَدًا۔

ابو صالح نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے زہر پیا تو وہ اس کے ہاتھ میں ہوگا جسے وہ جہنم کی آگ میں پیئے گا اور ہمیشہ اُسی کے اندر رہے گا۔

۴۷۷۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلٍ عَنْ أَبِيهِ ذَكَرَ طَارِقُ بْنُ سُوَيْدٍ أَوْ سُوَيْدُ بْنُ طَارِقٍ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَمْرِ فَنَهَاهُ ثُمَّ سَأَلَهُ فَنَهَاهُ فَقَالَ لَهُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ إِنَّهَا دَوَاءٌ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا وَلٰكِنَّهَا دَاءٌ۔

حضرت طارق بن سوید یا سوید بن طارق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے شراب کے متعلق دریافت کیا تو آپ نے اُنہیں منع فرمایا۔ پھر دریافت کیا تو منع فرمایا۔ عرض گزار ہوئے کہ یا نبی اللہ! یہ تو دوائی ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں بلکہ یہ تو بیماری ہے۔

بَابٌ ۱۹۲ فِي تَمْرِ الْعَجْوَةِ۔

عجوہ کھجور کا بیان

۴۷۸۔ حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ سَعْدٍ قَالَ مَرِضْتُ مَرَضًا أَتَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُنِي فَوَضَعَ يَدَهُ بَيْنَ ثَدْيَيَّ حَتّٰى وَجَدْتُ بَرْدَهَا فِي فُؤَادِي

مجاہد سے روایت ہے کہ حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میری عیادت کے لیے تشریف لائے تو اپنا دستِ مبارک میری چھاتیوں کے درمیان میں رکھا، یہاں تک کہ میں نے اپنے دل میں اُس کی ٹھنڈک محسوس کی۔ فرمایا کہ تمہیں تو دل کی تکلیف ہے۔ تم

فَقَالَ إِنَّكَ رَجُلٌ مَفْؤُودٌ ائْتِ الْحَارِثَ بْنَ كَلَدَةَ أَخَا ثَقِيفٍ فَإِنَّهُ رَجُلٌ يَتَطَبَّبُ فَلْيَأْخُذْ سَبْعَ تَمَرَاتٍ مِنْ عَجْوَةِ الْمَدِينَةِ فَلْيَجَأْهُنَّ بِنَوَاهُنَّ ثُمَّ لِيَلُدَّكَ بِهِنَّ۔

قبیلہ ثقیف کے حارث بن کلدہ کے پاس جاؤ جو طبیب ہے اسے چاہیئے کہ مدینہ منورہ کی سات عجوہ کھجوریں لے کر انہیں گٹھلیوں سمیت کوٹ لے۔ پھر وہ تمہیں کھلایا کرے۔

۳۷۹۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا أَبُو أُسَامَةَ نَا هَاشِمُ بْنُ هَاشِمٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ تَصَبَّحَ بِسَبْعِ تَمَرَاتٍ عَجْوَةً لَمْ يَضُرَّهُ ذٰلِكَ الْيَوْمَ سَمٌّ وَلَا سِحْرٌ۔

عامر بن وقاص نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو روزانہ صبح سویرے سات عجوہ کھجوریں کھالے اُسے اُس روز کوئی زہر یا جادو نقصان نہیں پہنچائے گا۔

علق دبانے کا بیان

بَابٌ ۱۹۵ فِي الْعِلَاقِ۔

۳۸۰۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَحَامِدُ بْنُ يَحْيَى قَالَا نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ أُمِّ قَيْسٍ بِنْتِ مِحْصَنٍ قَالَتْ دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِابْنٍ لِي قَدْ أَعْلَقْتُ عَلَيْهِ مِنَ الْعُذْرَةِ فَقَالَ مَاتَدْغَرْنَ أَوْلَادَكُنَّ بِهٰذَا الْعِلَاقِ عَلَيْكُنَّ بِهٰذَا الْعُودِ الْهِنْدِيِّ فَإِنَّ فِيهِ سَبْعَةَ أَشْفِيَةٍ مِنْهَا ذَاتُ الْجَنْبِ يُسْعَطُ مِنَ الْعُذْرَةِ وَيُلَدُّ مِنْ ذَاتِ الْجَنْبِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ يَعْنِي بِالْعُودِ الْقُسْطَ۔

عبیداللہ بن عبداللہ سے روایت ہے کہ حضرت اُم قیس بنت محصن رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: میں اپنے بیٹے کو لے کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی جس کے گلے کو ورم کے باعث میں نے دبایا یا ملا تھا۔ فرمایا کہ اس تکلیف کے باعث تم اپنے بچوں کے گلے کیوں دباتی ہو؟ تمہیں چاہیئے کہ عُود ہندی سے کام لو کیونکہ اس میں سات بیماریوں سے شفا ہے جن میں سے ایک ذات الجنب (نمونیہ) ہے۔ گلے کی بیماری میں ناک کے راستے چڑھائی جاتی ہے اور ذات الجنب میں کوٹ کر۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ مراد قسط کی لکڑی ہے۔

ف۔ عود ہندی ایک درخت کی لکڑی کا فارسی نام ہے۔ عربی میں اسے عود غرقی، سندھی میں اگر کاٹھی، سنسکرت میں اگرو، ہندی میں اگر اور انگریزی میں ایگل وُڈ کہتے ہیں۔ یہ لکڑی اتنی وزنی ہوتی ہے کہ پانی میں ڈوب جاتی ہے کے باعث عربی میں اس کا نام عود غرقی پڑ گیا۔ اس کا رنگ بھورا اور سیاہ ہوتا ہے۔ رنگ جتنا سیاہ ہوتا اتنا ہی اسے بہتر خیال کیا جاتا ہے۔ اس کا ذائقہ تلخ و تیز و خوشبودار ہے۔ مزاج درجہ دوم میں گرم اور درجہ دوم میں خشک ہے۔ سلہٹ (بنگلہ دیش) کا عود بہترین شمار کیا جاتا ہے۔ فرمانِ رسالت کے مطابق اس میں قدرت نے سات بیماریوں کی شفا رکھی ہے۔ جن میں سے ایک ذات الجنب یعنی نمونیہ ہے۔ بچوں کے گلے کی بیماریوں کے لیے عود ہندی کا استعمال فرمانِ رسالت کی تعمیل اور افادیت کی ضمانت ہے۔ یہ مقوی اعضائے رئیسہ، مقوی معدہ، ملطف، مطیب دہن ہے۔ جگر، معدہ، حواس، اعضائے رئیسہ، قوائے دماغی اور آنتوں کو تقویت دیتی ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتی، ضعفِ مثانہ کو دُور کرتی، خنین کی حفاظت کرتی اور منہ کی بدبو کو دُور کرتی ہے۔ اس کی دھونی بہت خوشبودار ہوتی ہے۔ اس لیے مقدس محفلوں، عبادت گاہوں اور گھروں میں اس کی بتیاں جلائی جاتی ہیں۔ اس کی دھونی سے کپڑوں میں

جوئیں نہیں پڑتیں۔

باب ۱۹۶ فِي الْكُحْلِ۔

سرمے کا بیان

۴۸۱۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا زُهَيْرٌ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلْبَسُوْا مِنْ ثِيَابِكُمُ الْبَيَاضَ فَاِنَّهَا مِنْ خَيْرِ ثِيَابِكُمْ وَكَفِّنُوْا فِيْهَا مَوْتَاكُمْ وَاِنَّ خَيْرَ اَكْحَالِكُمُ الْاِثْمِدُ يَجْلُو الْبَصَرَ وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ۔

سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا : سفید کپڑے پہنا کرو کیونکہ وہ تمہارے تمام کپڑوں میں سب سے بہتر ہے اور اُسی کا اپنے مُردوں کو کفن دیا کرو اور تمہارے سرموں میں سب سے بہتر اثمد ہے جو بینائی کو چمکاتا اور پلکوں کو اُگاتا ہے۔

ف۔ جس طرح دانتوں کی صفائی اور مضبوطی کے لیے مسواک کرنا ضروری ہے اسی طرح آنکھوں اور بینائی کی حفاظت کے لیے سرمہ کا استعمال بھی ناگزیر ہے۔ تمام سُرموں میں فرمانِ رسالت کے مطابق اثمد سرمہ سب سے مفید ہے جسے اصفہانی سرمہ کہتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۱۹۷ مَا جَاءَ فِي الْعَيْنِ۔

نظر بد کا بیان

۴۸۲۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هٰذَا مَا حَدَّثَنَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَالْعَيْنُ حَقٌّ۔

احمد بن حنبل، عبد الرزاق، معمر، ہمام بن منبہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : نظر لگ جاتی ہے۔

۴۸۳۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ نَا جَرِيْرٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ يُؤْمَرُ الْعَائِنُ فَيَتَوَضَّأُ ثُمَّ يَغْتَسِلُ مِنْهُ الْمَعِيْنُ۔

اسود سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا : نظر لگانے والے کو وضو کرنے کا حکم دیا جاتا اور اُس پانی سے اُسے غسل دیا جاتا جس کو نظر لگی ہے۔

باب ۱۹۸ فِي الْغَيْلِ۔

غیل کا بیان

۴۸۴۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ تَوْبَةَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ بْنِ السَّكَنِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تَقْتُلُوْا اَوْلَادَكُمْ سِرًّا فَاِنَّ الْغَيْلَ يُدْرِكُ الْفَارِسَ فَيُدَعْثِرُهُ عَنْ فَرَسِهٖ۔

حضرت اسماء بنت یزید بن سکن رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا : اپنی اولاد کو چھپ کر قتل نہ کیا کرو کیونکہ غیل والا بچہ جب گھوڑے پر چڑھتا ہے تو اپنے گھوڑے سے گر پڑتا ہے۔

۳۸۸۵۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نَوْفَلٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ جُدَامَةَ الْأَسَدِيَّةِ أَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ أَنْهَى عَنِ الْغِيلَةِ حَتّٰى ذَكَرْتُ أَنَّ الرُّومَ وَفَارِسَ يَفْعَلُونَ ذٰلِكَ فَلَا يَضُرُّ أَوْلَادَهُمْ قَالَ مَالِكٌ الْغِيلَةُ أَنْ يَمَسَّ الرَّجُلُ امْرَأَتَهُ وَهِيَ تُرْضِعُ۔

قعنبی، مالک، محمد بن عبدالرحمان بن نوفل، عروہ بن زبیر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہ صدیقہ سے روایت ہے کہ حضرت جدامہ اسدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ میں نے ارادہ کیا تھا کہ غیل کرنے سے منع کردوں یہاں تک کہ مجھے معلوم ہوا کہ روم اور ایران کے لوگ ایسا کرتے ہیں اور ان کی اولاد کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا۔ امام مالک نے فرمایا کہ الغیلۃ اپنی بیوی سے صحبت کرنے کو کہتے ہیں جب کہ وہ بچے کو دودھ پلاتی ہو۔

ف۔ بچے کے ایام رضاعت میں اس کی والدہ کے ساتھ صحبت کرنے سے پہلے منع فرمایا گیا کہ اس سے دودھ میں فساد آنے اور بچے کے کمزور رہنے کا خدشہ ہے۔ بعد میں اس کی اجازت مرحمت فرمادی گئی۔ لہٰذا ممانعت تو منسوخ ہوگئی لیکن بچے کی صحت کے باعث جتنا پرہیز ہو سکے بہتر ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

بَابٌ ۱۹۹ فِي تَعْلِيقِ التَّمَائِمِ۔

تعویذ لٹکانے کا بیان

۳۸۸۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ نَا الْأَعْمَشُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ الْجَزَّارِ عَنِ ابْنِ أَخِي زَيْنَبَ امْرَأَةِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ زَيْنَبَ امْرَأَةِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ الرُّقٰى وَالتَّمَائِمَ وَالتِّوَلَةَ شِرْكٌ قَالَتْ قُلْتُ لِمَ تَقُولُ هٰذَا وَاللّٰهِ لَقَدْ كَانَتْ عَيْنِي تَقْذِفُ وَكُنْتُ أَخْتَلِفُ إِلٰى فُلَانٍ الْيَهُودِيِّ يَرْقِينِي فَإِذَا رَقَانِي سَكَنَتْ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ إِنَّمَا ذٰلِكَ عَمَلُ الشَّيْطَانِ كَانَ يَنْخُسُهَا بِيَدِهِ فَإِذَا رَقَاهَا كَفَّ عَنْهَا إِنَّمَا كَانَ يَكْفِيكِ أَنْ تَقُولِي كَمَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ أَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ اشْفِ أَنْتَ الشَّافِي لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا۔

محمد بن علاء، ابو معاویہ، اعمش، عمرو بن مرہ، یحییٰ بن جزار زینب زوجہ عبداللہ کا بھتیجا، زینب زوجہ عبداللہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا:۔ بیشک جادو، گنڈا اور ٹوٹکا شرک ہے۔ حضرت زینب کا بیان ہے کہ میں عرض گزار ہوئی کہ آپ یہ کس طرح فرماتے ہیں جب کہ خدا کی قسم، میری آنکھ میں شدت کا درد ہے تو میں فلاں یہودی کے پاس دم کروانے جاتی جب وہ دم کرتا تو مجھے آرام و سکون ہو جاتا۔ حضرت عبداللہ نے فرمایا کہ یہ تو شیطان کی کرتوت ہے کیونکہ جب جھاڑ پھونک کی جاتی تو شیطان اُسے اپنے ہاتھ سے تھام لیا کرتا۔ تمہارے لیے وہی کہنا کافی تھا جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہا کرتے:۔ اے لوگوں کے رب! بیماری کو دور فرما۔ شفا دینے والا تو ہے۔ شفا نہیں ہے مگر تیری ایسی شفا جو بیماری کو باقی نہیں چھوڑتی۔

۳۸۸۷۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ

مسدد، عبداللہ بن داؤد، مالک بن مغول، حصین، شعبی نے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے

الشَّعْبِيِّ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا رُقْيَةَ إِلَّا مِنْ عَيْنٍ أَوْ حُمَةٍ۔

روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، دم کرنا نہیں ہے مگر نظر بد اور زہریلے زخم کا۔

بَابٌ ۲۰۰ فِي الرُّقَى۔

دم کرنے کا بیان

۴۸۸۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ وَابْنُ السَّرْحِ قَالَ أَحْمَدُ نَا ابْنُ وَهْبٍ وَقَالَ ابْنُ السَّرْحِ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ نَا دَاؤُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيٰى عَنْ يُوسُفَ ابْنِ مُحَمَّدٍ وَقَالَ ابْنُ صَالِحٍ مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ ابْنِ ثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهٗ دَخَلَ عَلٰى ثَابِتِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ أَحْمَدُ وَهُوَ مَرِيْضٌ فَقَالَ اكْشِفِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ عَنْ ثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ ثُمَّ أَخَذَ تُرَابًا مِنْ بُطْحَانَ فَجَعَلَهٗ فِيْ قَدَحٍ ثُمَّ نَفَثَ عَلَيْهِ بِمَاءٍ وَصَبَّهٗ عَلَيْهِ قَالَ أَبُوْ دَاؤُدَ قَالَ ابْنُ السَّرْحِ يُوسُفُ بْنُ مُحَمَّدٍ هُوَ الصَّوَابُ۔

احمد بن صالح اور ابن سرح، احمد، ابن وہب، داؤد بن عبدالرحمان، عمرو بن یحییٰ، یوسف بن محمد، محمد بن یوسف بن ثابت بن قیس بن شماس، اُن کے والد ماجد، اُن کے جدِ امجد سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ حضرت ثابت بن قیس کے پاس تشریف لائے۔ احمد بن صالح نے کہا، جب کہ وہ بیمار تھے اور کہا اے لوگوں کے رب! ثابت بن قیس بن شماس کی بیماری کو دُور فرما۔ پھر بطحان کی مٹی لے کر اُسے ایک پیالے میں ڈالا۔ پھر دم کر کے اُس پر پانی ڈالا اور اُن کے اُوپر چھڑکا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ابن السرح کے نزدیک یوسف بن محمد ہی درست ہے (جب کہ احمد بن صالح نے محمد بن یوسف سے کہا ہے)۔

۴۸۹۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِيْ مُعَاوِيَةُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كُنَّا نَرْقِيْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ تَرٰى فِيْ ذٰلِكَ فَقَالَ اعْرِضُوْا عَلَيَّ رُقَاكُمْ لَا بَأْسَ بِالرُّقٰى مَا لَمْ تَكُنْ شِرْكًا۔

عبدالرحمان بن جبیر نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت عوف بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، ہم دَورِ جاہلیت میں دم کیا کرتے تھے۔ لہٰذا عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! اس بارے میں کیا ارشاد ہے؟ فرمایا کہ جو کچھ پڑھ کر دم کرتے تھے وہ میرے سامنے بیان کرو کیونکہ اُس دم کا کوئی مضائقہ نہیں جس میں شرک نہ ہو۔

۴۹۰۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَهْدِيٍّ الْمِصِّيْصِيُّ نَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ أَبِيْ بَكْرِ ابْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِيْ حَثْمَةَ عَنِ الشِّفَاءِ بِنْتِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا عِنْدَ حَفْصَةَ فَقَالَ لِيْ أَلَا تُعَلِّمِيْنَ

ابراہیم بن مہدی مصیصی، علی بن مسہر، عبدالعزیز بن عمر بن عبدالعزیز، صالح بن کیسان، ابوبکر بن سلیمان بن ابو حثمہ سے روایت ہے کہ حضرت شفاء بنت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے جب کہ میں حضرت حفصہ کے پاس تھی۔ چنانچہ مجھ سے فرمایا، تم انہیں نملہ کا دم کیوں نہیں سکھاتیں جیسے تم نے

هٰذِهٖ رُقْيَةَ النَّمْلَةِ كَمَا عَلَّمْتِيْهَا الْكِتَابَةَ۔

انہیں لکھنا سکھایا تھا۔

۴۹۱۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ نَا عُثْمَانُ بْنُ حَكِيْمٍ حَدَّثَتْنِيْ جَدَّتِيْ الرَّبَابُ قَالَتْ سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ يَقُوْلُ مَرَرْتُ بِسَيْلٍ فَدَخَلْتُ فَاغْتَسَلْتُ فِيْهِ فَخَرَجْتُ مَحْمُوْمًا فَنَمٰى ذٰلِكَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مُرُوْا اَبَا ثَابِتٍ يَتَعَوَّذُ قَالَتْ فَقُلْتُ يَا سَيِّدِيْ وَالرُّقٰى صَالِحَةٌ فَقَالَ لَا رُقْيَةَ اِلَّا فِيْ نَفْسٍ اَوْ حُمَةٍ اَوْ لَدْغَةٍ قَالَ اَبُوْدَاؤُدَ الْحُمَةُ مِنَ الْحَيَّاتِ وَمَا يَلْسَعُ۔

عثمان بن حکیم کی دادی جان رباب نے حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا، میں ایک ندی کے پاس سے گزرا تو اُس میں داخل ہو کر نہایا۔ جب نکلا تو مجھے بخار ہو گیا۔ اس بات کی خبر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پہنچی تو فرمایا ابو ثابت کو تعویذ لینے کا حکم دو۔ میں عرض گزار ہوئی کہ اے آقا! کیا دم سے بھی فائدہ ہو جاتا ہے؟ فرمایا دم کرنا نہیں ہے مگر نظر بد سانپ کے ڈسے اور بچھو کے کاٹے کا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ الحمۃ سانپ وغیرہ زہریلے جانور کا کاٹنا۔

۴۹۲۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوٗدَ نَا شَرِيْكٌ ح وَحَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ الْعَنْبَرِيُّ نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ نَا شَرِيْكٌ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ ذُرَيْحٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ الْعَبَّاسُ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا رُقْيَةَ اِلَّا مِنْ عَيْنٍ اَوْ حُمَةٍ اَوْ دَمٍ يَرْقَاُ لَمْ يَذْكُرِ الْعَبَّاسُ الْعَيْنَ وَهٰذَا لَفْظُ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ۔

سلیمان بن داؤد، شریک۔ عباس عنبری، یزید بن ہارون شریک، عباس ذریع، شعبی نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، دم نہیں ہے دم کرنا مگر جب کہ نظر لگی ہو یا زہریلے جانور نے کاٹا ہو یا خون بہتا ہو۔ عباس عنبری نے نظر بد کا ذکر نہیں کیا اور یہ سلیمان بن داؤد کے الفاظ ہیں۔

ف۔ معلوم ہوا کہ کلام الٰہی اور ادعیۂ مسنونہ میں پروردگارِ عالم نے شفا رکھی ہے اور یہ جسمانی بیماریوں کے لیے بھی شفا ہیں جیسا کہ نظر بد، زہریلے جانور کے کاٹے اور خون بہنے کے لیے دم کرنے کا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم فرمایا ہے۔ بعض لوگ آجکل نظرِ بد کو وہم بتاتے ہیں جو غیر اسلامی ذہنیت کی پیداوار ہے۔ اسی طرح آیاتِ الٰہیہ اور ادعیۂ مسنونہ کے ذریعے دم کرنے اور اُن کے ذریعے شفاء حاصل کرنے کو دقیانوسی خیال بتانا جہالت اور اللہ و رسول کے کلام کی عظمت و افادیت کو گھٹانا ہے۔ یقین واثق و ایمان کامل ہو تو صرف بسم اللہ شریف کے خواص ضبطِ تحریر میں نہیں لائے جا سکتے۔ بزرگوں نے اس سلسلے میں کافی کتابیں لکھیں اور بعض جسمانی امراض کے دفعیہ کے لیے آیتیں اور دُعائیں لکھی ہیں۔ نیز ان کے ذریعے بعض دینی و دنیاوی حاجات کا حصول بھی بتایا ہے جیسا کہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۱۷۶ھ / ۱۷۶۲ء) نے اس سلسلے میں القول الجمیل نامی رسالہ عربی میں تحریر فرمایا جس پر اُن کے جانشین اور مایۂ ناز فرزند حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۲۳۹ھ / ۱۸۲۴ء) نے حواشی لکھے اور مولوی خرم علی بلہوری غیر مقلد (المتوفی ۱۲۷۱ھ / ۱۸۵۴ء) نے اس رسالے کا اردو میں ترجمہ کیا جو عام دستیاب ہے۔ اس عصیاں شعار کو میرے ولی نعمت، مرشدِ برحق، مفتی اعظم دہلی، حضرت شاہ محمد مظہر اللہ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۳۸۶ھ / ۱۹۶۶ء) نے اس رسالے کے اعمال و اشغال کی اجازت مرحمت فرمائی ہوئی ہے۔ والحمد للہ علیٰ ذالک۔

باب ۳۰ كيف الرقى۔

دم کس طرح کرے ؟

۴۹۳۔ حدثنا مسدد نا عبد الوارث عن عبد العزيز بن صهيب قال قال أنس يعني لثابت ألا أرقيك برقية رسول الله صلى الله عليه وسلم قال بلى قال فقال اللهم رب الناس مذهب البأس اشف أنت الشافي لا شافي إلا أنت اشفه شفاء لا يغادر سقما۔

حضرت انس نے ثابت سے فرمایا۔ کیا میں تم پر وہ دم نہ کروں جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیا کرتے تھے؟ کہا کیوں نہیں۔ حضرت انس نے کہا: اے اللہ، لوگوں کے رب تکلیف کو ہٹانے والے، شفا دے کیونکہ شفا دینے والا تو ہے، شفا دینے والا نہیں ہے مگر تو، اسے ایسی شفا دے جو مرض کو ذرا نہ چھوڑے۔

۴۹۴۔ حدثنا عبد الله القعنبي عن مالك عن يزيد بن خصيفة أن عمرو بن عبد الله بن كعب السلمي أخبره أن نافع بن جبير أخبره عن عثمان بن أبي العاص أنه أتى رسول الله صلى الله عليه وسلم قال عثمان وبي وجع قد كاد يهلكني قال فقال النبي صلى الله عليه وسلم امسحه بيمينك سبع مرات وقل أعوذ بعزة الله وقدرته من شر ما أجد قال ففعلت ذلك فأذهب الله ما كان بي فلم أزل آمر به أهلي وغيرهم۔

نافع بن جبیر نے حضرت عثمان بن ابو العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے۔ حضرت عثمان کا بیان ہے کہ مجھے درد تھا جس نے ہلاکت کے قریب پہنچا دیا تھا۔ چنانچہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: درد کی جگہ کو اپنے دائیں ہاتھ سے سات دفعہ ملو اور کہو: میں پناہ لیتا ہوں اللہ کی اُس کی عزت اور قدرت کے ساتھ اُس کی برائی سے جو میں پاتا ہوں۔ پس میں نے ایسا ہی کیا تو اللہ تعالیٰ نے میری تکلیف دور کر دی۔ پس میں اپنے گھر والوں کو اور دوسروں کو اسی کا حکم کرتا ہوں کہ وہ اسے پڑھ کر مریض پر دم کر دیا کریں۔

۴۹۵۔ حدثنا يزيد بن خالد بن موهب الرملي نا الليث عن زياد بن محمد عن محمد بن كعب القرظي عن فضالة بن عبيد عن أبي الدرداء قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من اشتكى منكم شيئا أو اشتكاه أخ له فليقل ربنا الله الذي في السماء تقدس اسمك أمرك في السماء والأرض كما رحمتك في السماء فاجعل رحمتك في الأرض اغفر لنا حوبنا وخطايانا أنت رب الطيبين أنزل رحمة

یزید بن خالد بن موہب رملی، لیث، زیاد بن محمد، محمد بن کعب قرظی، فضالہ بن عبید، حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: تم میں سے جس کو تکلیف ہو یا اُس کا کوئی مسلمان بھائی اُس سے اپنی بیماری کی شکایت کرے تو کہے: ہمارا رب اللہ ہے جس کی حکومت آسمانوں میں بھی ہے، تیرا نام پاک ہے۔ تیرا حکم آسمانوں اور زمین میں ہے۔ تیری رحمت جیسی آسمانوں میں ہے ایسی ہی رحمت زمین میں فرما۔ ہماری غلطیوں اور خطاؤں کو معاف فرما۔ تو ہی پاک لوگوں کا رب ہے۔ اپنی رحمت میں سے رحمت اور اپنی شفاؤں میں سے شفا اس تکلیف پر نازل فرما تاکہ یہ تندرست

مِنْ رَحْمَتِكَ وَشِفَآءً مِنْ شِفَآئِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجَعِ فَيَبْرَأُ۔

ہو جائے۔

۴۹۶۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُعَلِّمُهُمْ مِنَ الْفَزَعِ كَلِمَاتٍ أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهِ وَشَرِّ عِبَادِهِ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ وَأَنْ يَحْضُرُونَ وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو يُعَلِّمُهُنَّ مَنْ عَقَلَ مِنْ بَنِيهِ وَمَنْ لَمْ يَعْقِلْ كَتَبَهُ فَأَعْلَقَهُ عَلَيْهِ۔

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اُن کے جدِّ امجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پریشانی کے وقت کہنے کے لیے یہ کلمات سکھایا کرتے: "پناہ لیتا ہوں میں اللہ تعالیٰ کے مکمل کلمات کی اُس کے غضب سے اور اس کے بندوں کی برائی سے اور شیطانوں کے وسوسوں سے اور اس سے کہ وہ میرے پاس آئیں۔" چنانچہ حضرت عبداللہ بن عمرو یہ دعا اپنے اُن بیٹوں کو سکھایا کرتے جو سمجھدار ہوتے اور جو ناسمجھ ہوتے اُن کے گلوں میں لکھ کر لٹکا دیا کرتے۔

۴۹۷۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي سُرَيْجٍ الرَّازِيُّ أَنَا مَكِّيٌّ نَا يَزِيدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ قَالَ رَأَيْتُ أَثَرَ ضَرْبَةٍ فِي سَاقِ سَلَمَةَ فَقُلْتُ مَا هٰذِهِ فَقَالَ أَصَابَتْنِي يَوْمَ خَيْبَرَ فَقَالَ النَّاسُ أُصِيبَ سَلَمَةُ فَأُتِيَ بِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَفَثَ فِي ثَلٰثَ نَفَثَاتٍ فَمَا اشْتَكَيْتُهَا حَتَّى السَّاعَةِ۔

یزید بن ابو عبید کا بیان ہے کہ میں نے حضرت سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی پنڈلی میں زخم کا نشان دیکھا تو پوچھا یہ کیسا ہے؟ فرمایا کہ مجھے خیبر کے روز پہنچا تھا۔ پس لوگوں نے کہا کہ سلمہ کا کام تمام ہوا۔ پس مجھے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لایا گیا تو آپ نے اس پر تین دفعہ پھونک ماری تو مجھے اب تک کوئی شکایت نہیں ہوئی۔

۴۹۸۔ حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَعُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَا نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ يَعْنِي ابْنَ سَعِيدٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِلْإِنْسَانِ إِذَا اشْتَكَى يَقُولُ بِرِيقِهِ ثُمَّ قَالَ بِهِ فِي التُّرَابِ تُرْبَةُ أَرْضِنَا بِرِيقَةِ بَعْضِنَا يُشْفٰى سَقِيمُنَا بِإِذْنِ رَبِّنَا۔

عمرہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے جب کوئی آدمی تکلیف کی شکایت کرتا تو آپ اپنا لعاب دہن لے کر مٹی سے لگاتے اور پھر کہتے: "ہماری زمین کی مٹی، ہم میں سے ایک کے تھوک کے ساتھ تاکہ ہمارے ایک مریض کو شفا ہو جائے ہمارے رب کے حکم سے۔"

۴۹۹۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيٰى عَنْ زَكَرِيَّا حَدَّثَنِي عَامِرٌ عَنْ خَارِجَةَ بْنِ الصَّلْتِ التَّمِيمِيِّ عَنْ عَمِّهِ أَنَّهُ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَسْلَمَ ثُمَّ أَقْبَلَ رَاجِعًا مِنْ عِنْدِهِ فَمَرَّ عَلٰى قَوْمٍ عِنْدَهُمْ رَجُلٌ مَجْنُونٌ مُوثَقٌ بِالْحَدِيدِ فَقَالَ أَهْلُهُ إِنَّا حُدِّثْنَا أَنَّ صَاحِبَكُمْ هٰذَا قَدْ جَاءَ

خارجہ بن صلت تمیمی نے اپنے چچا جان سے روایت کی ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر مسلمان ہوئے۔ پھر جب آپ کے پاس سے واپس لوٹے تو ایک ایسی قوم کے پاس سے گزرے جن کے پاس ایک پاگل آدمی تھا جو زنجیروں سے باندھا ہوا تھا۔ اُس کے اقرباء نے کہا، ہمیں بتایا گیا ہے کہ آپ کے یہ صاحب (حضور) بھلائی لے کر آئے ہیں۔

بِخَيْرٍ فَهَلْ عِنْدَكُمْ شَيْءٌ تُدَاوُونَهُ فَرَقَيْتُهُ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فَبَرَأَ فَأَعْطُونِي مِائَةَ شَاةٍ فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ هَلْ إِلَّا هَذَا وَقَالَ مُسَدَّدٌ فِي مَوْضِعٍ آخَرَ هَلْ قُلْتَ غَيْرَ هَذَا قُلْتُ لَا قَالَ خُذْهَا فَلَعَمْرِي لَمَنْ أَكَلَ بِرُقْيَةِ بَاطِلٍ لَقَدْ أَكَلْتَ بِرُقْيَةِ حَقٍّ۔

کیا تمہارے پاس کوئی چیز ہے جس سے اس کا علاج کر سکو؟ پس میں نے سورۂ فاتحہ سے اُس پر کیا دم تو وہ تندرست ہو گیا۔ پس اُنہوں نے مجھے سو بکریاں دیں۔ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو گیا اور آپ کو یہ بات بتائی۔ فرمایا کیا صرف یہی پڑھی تھی؟ مسدد نے دوسرے مقام پر کہا۔ کیا تم نے اس کے سوا کچھ کہا تھا؟ عرض گزار ہوا۔ نہیں فرمایا لے لو۔ لوگ باطل دم کر کے کھاتے ہیں اور تم نے سچا دم کر کے کھایا ہے۔

ف۔ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دیوانے پر دم کیا تو اس کی دیوانگی جاتی رہی اور بالکل شفایاب ہو گیا۔ ددیں حالات سورۂ فاتحہ اور دیگر قرآنی آیات پڑھ کر دم کرنے میں کیا کلام رہ گیا؟ معلوم ہوا کہ قرآنِ کریم جہاں انسانی واخلاقی بیماریوں کی دوا اور ہدایت کا مکمل نصاب و نسخۂ کیمیا ہے وہاں اس کے ذریعے جسمانی بیماریوں سے بھی شفا حاصل ہو جاتی ہے۔ ساتھ ہی یہ بھی ثابت ہوا کہ دم کرنے پر اگر کوئی اپنی خوشی سے خدمت کرے تو اُسے قبول کر لینے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

۵۰۰۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا زُهَيْرٌ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ رَجُلًا مِنْ أَسْلَمَ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِهِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ لُدِغْتُ اللَّيْلَةَ فَلَمْ أَنَمْ حَتَّى أَصْبَحْتُ قَالَ مَاذَا قَالَ عَقْرَبٌ قَالَ أَمَا إِنَّكَ لَوْ قُلْتَ حِينَ أَمْسَيْتَ أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ لَمْ يَضُرَّكَ إِنْ شَاءَ اللَّهُ۔

سہیل بن ابو صالح کے والد ماجد نے فرمایا کہ قبیلہ اسلم کے ایک آدمی نے کہا۔ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور بیٹھا ہوا تھا کہ آپ کے اصحاب میں سے ایک حاضرِ بارگاہ ہو کر عرض گزار ہوئے۔ یا رسول اللہ! رات مجھے ڈنگ مارا گیا جس کے باعث میں صبح تک سو نہ سکا۔ فرمایا کس چیز نے؟ عرض کی کہ بچھو نے۔ فرمایا کہ اگر شام کے وقت تم نے کہا ہوتا۔ "پناہ لیتا ہوں میں اللہ تعالیٰ کے مکمل کلمات کی مخلوق کی بُرائی سے" تو اِن شاء اللہ تمہیں کوئی چیز نقصان نہ پہنچا سکتی۔

ف۔ رات کو سونے سے پہلے اگر اعوذ بکلمات اللہ التامات من شرِ ما خلق پڑھ لے تو رات بھر وہ ہر چیز کے شر سے محفوظ رہتا ہے۔ اسی طرح آیۃ الکرسی پڑھ کر سونے والا شیطان کی شرارتوں اور چور ڈاکو وغیرہ بدخواہوں کے شر سے محفوظ رہتا ہے کیونکہ خدائے ذوالمنن اُس کی حفاظت پر فرشتے مقرر فرما دیتا ہے۔ کاش ہم اس جانب بھی توجہ دیں کہ احادیثِ مطہرہ میں مختلف مواقع پر ایسی دعائیں پڑھنا بھی مذکور ہوئی ہیں۔ جن کے باعث وہ فائدے بھی مفت میں حاصل ہو جاتے ہیں جو کثیر دولت خرچ کرنے سے بھی حاصل نہیں ہوتے۔ دوسری بات یہ بھی ملحوظ رہے کہ مختلف مواقع پر دعائیں مانگنا اور بارگاہِ خداوندی میں التجائیں کرنے کے باعث بندہ اپنے خالق و مالک کی طرف متوجہ رہتا ہے اور یہ وہ دولت ہے جو سعادت مندوں کو نصیب ہوتی ہے۔ علماء کو چاہیے کہ اپنی اولاد کو بچپن میں ہی ایسی دُعائیں سکھا کر اُن کا عادی بنا دیں تاکہ زندگی بھر ان کا معمول بنا رہے ؎

پس از سی سال ایں معنی محقق شد بخاقانی!
کہ یک دم با خدا بودن بہ از ملکِ سلیمانی!

۵۰۱۔ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ نَا بَقِيَّةُ نَا الزُّبَيْدِيُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ طَارِقٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَدِيغٍ لَدَغَتْهُ عَقْرَبٌ قَالَ فَقَالَ لَوْ قَالَ أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ لَمْ يُلْدَغْ أَوْ لَمْ يَضُرَّهُ۔

طارق سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ایک ایسے شخص کو لایا گیا جس کو بچھو نے کاٹ کھایا تھا۔ فرمایا اگر شام کے وقت تم نے کہا ہوتا: "پناہ لیتا ہوں میں اللہ تعالیٰ کے مکمل کلمات کی مخلوق سے برائی سے" تو ان شاء اللہ تمہیں کوئی چیز نقصان نہ پہنچا سکتی۔

۵۰۲۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ أَبِي بِشْرٍ عَنْ أَبِي الْمُتَوَكِّلِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَهْطًا مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْطَلَقُوا فِي سَفْرَةٍ سَافَرُوهَا فَنَزَلُوا بِحَيٍّ مِنْ أَحْيَاءِ الْعَرَبِ فَقَالَ بَعْضُهُمْ إِنَّ سَيِّدَنَا لُدِغَ فَهَلْ عِنْدَ أَحَدٍ مِنْكُمْ شَيْءٌ يَنْفَعُ صَاحِبَنَا فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ نَعَمْ وَاللّٰهِ إِنِّي لَأَرْقِي وَلَكِنِ اسْتَضَفْنَاكُمْ فَأَبَيْتُمْ أَنْ تُضَيِّفُونَا مَا أَنَا بِرَاقٍ حَتَّى تَجْعَلُوا لِي جُعْلًا فَجَعَلُوا لَهُ قَطِيعًا مِنَ الشَّاءِ فَأَتَاهُ فَقَرَأَ عَلَيْهِ أُمَّ الْكِتَابِ وَيَتْفُلُ حَتَّى بَرِئَ كَأَنَّمَا أُنْشِطَ مِنْ عِقَالٍ قَالَ فَأَوْفَاهُمْ جُعْلَهُمُ الَّذِي صَالَحُوهُمْ عَلَيْهِ فَقَالُوا اقْتَسِمُوا فَقَالَ الَّذِي رَقَى لَا تَفْعَلُوا حَتَّى نَأْتِيَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَسْتَأْمِرَهُ فَغَدَوْا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرُوا لَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَيْنَ عَلِمْتُمْ أَنَّهَا رُقْيَةٌ أَحْسَنْتُمْ اقْتَسِمُوا وَاضْرِبُوا لِي مَعَكُمْ بِسَهْمٍ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب کی ایک جماعت سفر کر رہی تھی۔ پس وہ عرب کے ایک قبیلے کے پاس اترے۔ ان میں سے بعض نے کہا کہ ہمارے سردار کو سانپ نے ڈس لیا ہے۔ کیا تم میں سے کسی کے پاس کوئی ایسی چیز ہے جس سے ہمارے سردار کو نفع پہنچے؟ جماعت میں سے ایک نے کہا، ہاں۔ خدا کی قسم میں دم کر دوں گا، لیکن ہم نے تم سے مہمان نوازی کے لیے کہا تو تم نے ہماری ضیافت سے انکار کیا۔ لہٰذا میں اس وقت تک دم نہیں کروں گا جب تک تم میرے لیے کچھ مقرر نہ کرو۔ پس انہوں نے بکریوں کا ایک گلّہ طے کر لیا۔ پس صحابی نے آ کر اس پر سورہ فاتحہ پڑھی اور تھتکارا تو وہ تندرست ہو گیا جیسے رسّیاں کھل گئی ہوں۔ پس انہوں نے وعدے کے مطابق مقررہ نذرانہ پیش کر دیا۔ اصحاب کہنے لگے کہ تقسیم کر لو۔ دم کرنے والے نے کہا ایسا نہ کیجئے یہاں تک کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر حکم معلوم نہ کر لیں۔ اگلے روز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں کہاں سے معلوم ہوا کہ اس کے ساتھ دم کیا جاتا ہے؟ تم نے اچھا کیا لہٰذا تقسیم کر لو اور اپنے ساتھ میرا حصہ بھی لگانا۔

۵۰۳۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ قَالَ نَا أَبِي ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَا نَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي السَّفَرِ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ خَارِجَةَ بْنِ الصَّلْتِ التَّمِيمِيِّ عَنْ عَمِّهِ قَالَ أَقْبَلْنَا مِنْ عِنْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى

عبیداللہ بن معاذ، اُن کے والد ماجد۔ ابن بشار، محمد بن جعفر شعبہ، عبداللہ بن السفر، شعبی، خارجہ بن صلت تمیمی کے چچا جان نے فرمایا: ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس سے چلے تو عرب کے ایک قبیلے کے پاس پہنچے۔ اُنہوں نے کہا کہ ہمیں بتایا گیا ہے کہ آپ اس بھلائی والے شخص (حضور) کے پاس سے

اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَيْنَا عَلَى حَيٍّ مِنَ الْعَرَبِ فَقَالُوا إِنَّا أُنْبِئْنَا أَنَّكُمْ قَدْ جِئْتُمْ مِنْ عِنْدِ هَذَا الرَّجُلِ بِخَيْرٍ فَهَلْ عِنْدَكُمْ مِنْ دَوَاءٍ أَوْ رُقْيَةٍ فَإِنَّ عِنْدَنَا مَعْتُوهًا فِي الْقُيُودِ قَالَ فَقُلْنَا نَعَمْ قَالَ فَجَاءُوا بِمَعْتُوهٍ فِي الْقُيُودِ قَالَ فَقَرَأْتُ عَلَيْهِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ غُدْوَةً وَعَشِيَّةً أَجْمَعُ بُزَاقِي ثُمَّ أَتْفُلُ قَالَ فَكَأَنَّمَا أُنْشِطَ مِنْ عِقَالٍ قَالَ فَأَعْطَوْنِي جُعْلًا فَقُلْتُ لَا حَتَّى أَسْأَلَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كُلْ فَلَعَمْرِي مَنْ أَكَلَ بِرُقْيَةِ بَاطِلٍ لَقَدْ أَكَلْتَ بِرُقْيَةِ حَقٍّ.

آئے ہیں، پس کیا آپ کے پاس دوا یا دم ہے کیونکہ ہمارے پاس بیڑیوں میں جکڑا ہوا ایک پاگل ہے۔ پس میں نے تین دن تک صبح و شام اس پر سورۂ فاتحہ پڑھی۔ میں اپنے تھوک کو جمع کرتا اور تھتکار دیتا۔ چنانچہ وہ تندرست ہوگیا جیسے قید سے آزاد ہوگیا ہو۔ پس اُنہوں نے مجھے انعام دیا۔ میں نے کہا کہ اس وقت تک نہیں لوں گا جب تک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دریافت نہ کرلوں۔ آپ نے فرمایا: رکھ لو! مجھے اپنی عمر کی قسم، ایک وہ ہیں جو باطل دم کرکے کھاتے ہیں اور تم نے سچا دم کرکے کھایا ہے۔

۵۰۴- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ بَشَّارٍ نَا ابْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي السَّفَرِ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ خَارِجَةَ ابْنِ الصَّلْتِ عَنْ عَمِّهِ أَنَّهُ قَالَ فَرَقَاهُ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ غُدْوَةً وَعَشِيَّةً كُلَّمَا خَتَمَهَا جَمَعَ بُزَاقَهُ ثُمَّ تَفَلَ فَكَأَنَّمَا أُنْشِطَ مِنْ عِقَالٍ فَأَعْطَوْهُ شَيْئًا فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَى حَدِيثِ مُسَدَّدٍ.

عبیداللہ بن معاذ، اُن کے والد ماجد۔ ابن بشار، ابن جعفر شعبہ، عبداللہ بن ابی السفر، شعبی، خارجہ بن صلت سے روایت ہے کہ اُن کے چچا جان نے فرمایا۔ پس اُنہوں نے تین دن تک صبح و شام اُس پر سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کیا۔ جب بھی ختم کرتے تو اپنا تھوک جمع کرکے تھتکار دیتے۔ پس وہ ایسے ہوگیا جیسے رسیوں سے جکڑا ہوا کھل گیا ہو۔ پس اُنہوں نے بکریاں دیں۔ چنانچہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوگیا۔ آگے حدیثِ مسدد کی طرح معناً بیان کی۔

۵۰۵- حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا اشْتَكَى يَقْرَأُ فِي نَفْسِهِ بِالْمُعَوِّذَاتِ وَيَنْفُثُ فَلَمَّا اشْتَدَّ وَجَعُهُ كُنْتُ أَقْرَأُ عَلَيْهِ وَأَمْسَحُ عَلَيْهِ بِيَدِهِ رَجَاءَ بَرَكَتِهَا.

عروہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جب کوئی تکلیف ہوتی تو معوذتین پڑھ کر اپنے اوپر دم کرتے۔ جب آپ کی تکلیف بڑھ گئی تو میں بھی آپ پر پڑھتی اور اپنا ہاتھ آپ پر پھیرا کرتی برکت کی اُمید رکھتی ہوئی۔

بَابٌ ۲۰۲ فِي السُّمْنَةِ

موٹا کرنے کا بیان

۵۰۶- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى نَا نُوحُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ سَيَّارٍ نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ إِسْحَاقَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ

ہشام بن عروہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: میری والدہ ماجدہ چاہتی ہیں کہ میں جلد از جلد موٹی ہو جاؤں تاکہ مجھے رسول اللہ

عَائِشَةَ قَالَتْ أَرَادَتْ أُمِّي أَنْ تُسَمِّنَنِي لِدُخُولِي عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ فَلَمْ أَقْبَلْ عَلَيْهَا بِشَيْءٍ مِمَّا تُرِيدُ حَتَّى أَطْعَمَتْنِي الْقِثَّاءَ بِالرُّطَبِ فَسَمِنْتُ عَلَيْهِ كَأَحْسَنِ السِّمَنِ۔

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس بھیج دیا جائے۔ اُن کی تمنا کسی صورت پوری نہیں ہو رہی تھی، یہاں تک کہ مجھے تازہ کھجوروں کے ساتھ ککڑیاں کھلائی گئیں تو میں خوب موٹی تازی ہو گئی۔

كِتَابُ الْكِهَانَةِ وَالتَّطَيُّرِ

کہانت اور بدشگونی

باب ٢٠٣ - النَّهْيُ عَنْ إِتْيَانِ الْكُهَّانِ.

٥٠٧ - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا حَمَّادٌ ح وَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ حَكِيمٍ الْأَثْرَمِ عَنْ أَبِي تَمِيمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَتَى كَاهِنًا قَالَ مُوسَى فِي حَدِيثِهِ فَصَدَّقَهُ بِمَا يَقُولُ أَوْ أَتَى امْرَأَةً قَالَ مُسَدَّدٌ امْرَأَتَهُ حَائِضًا أَوْ أَتَى امْرَأَةً قَالَ مُسَدَّدٌ امْرَأَتَهُ فِي دُبُرِهَا فَقَدْ بَرِئَ مِمَّا أُنْزِلَ عَلَى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

باب ٢٠٤ - فِي النُّجُومِ.

٥٠٨ - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَمُسَدَّدٌ الْمَعْنَى قَالَا نَا يَحْيَى عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ الْأَخْنَسِ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اقْتَبَسَ عِلْمًا مِنَ النُّجُومِ اقْتَبَسَ شُعْبَةً مِنَ السِّحْرِ زَادَ مَا زَادَ.

٥٠٩ - حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ أَنَّهُ قَالَ صَلَّى لَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الصُّبْحِ بِالْحُدَيْبِيَةِ فِي إِثْرِ سَمَاءٍ كَانَتْ مِنَ اللَّيْلِ فَلَمَّا انْصَرَفَ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ هَلْ تَدْرُونَ مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ قَالُوا اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ قَالَ قَالَ أَصْبَحَ مِنْ عِبَادِي مُؤْمِنٌ بِي وَكَافِرٌ فَأَمَّا مَنْ قَالَ مُطِرْنَا بِفَضْلِ اللَّهِ وَبِرَحْمَتِهِ

کاہنوں کے پاس جانے کی ممانعت

موسیٰ بن اسمٰعیل، حماد، مسدد، یحییٰ، حماد بن سلمہ، حکیم اثرم ابو تمیمہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کاہن کے پاس پہنچے موسیٰ بن اسمٰعیل نے اپنی حدیث میں کہا۔ پس اُس کی باتوں کی تصدیق کی یا عورت سے صحبت کی۔ مسدد نے کہا نہ اپنی حائضہ بیوی سے صحبت کی یا عورت سے صحبت کی۔ مسدد نے کہا: اپنی بیوی سے اُس کی دُبر میں صحبت کی تو وہ اُس چیز سے لاتعلق ہو گیا۔ جو محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر نازل ہوئی ہے۔

علم نجوم کا بیان

ابوبکر بن ابو شیبہ اور مسدد، یحییٰ، عبید اللہ بن اخنس، ولید بن عبد اللہ، یوسف بن مالک نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے نجومیوں کے علم میں سے جتنا سیکھا اُتنا ہی اُس نے جادو کا حصہ حاصل کیا۔ جتنا یہ زیادہ گویا اُتنا ہی وہ زیادہ حاصل کیا۔

عبید اللہ بن عبد اللہ سے روایت ہے کہ حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: حدیبیہ کے روز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں نماز فجر پڑھائی جبکہ اُسی رات کو بارش ہوئی تھی۔ جب فارغ ہوئے تو لوگوں کی جانب متوجہ ہو کر فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ تمہارے رب نے کیا فرمایا؟ عرض گزار ہوئے کہ اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتے۔ ارشاد ہوا کہ اُس نے فرمایا ہے میرے بندوں نے صبح کی کہ کسی نے مجھ پر ایمان رکھا اور کسی نے میرے ساتھ کفر کیا۔ جس نے کہا کہ ہم پر اللہ کے فضل اور اس کی رحمت سے بارش ہوئی۔ اُس نے مجھ پر ایمان رکھا اور ستاروں کا انکا

فَذٰلِكَ مُؤْمِنٌ بِي وَكَافِرٌ بِالْكَوْكَبِ وَاَمَّا مَنْ قَالَ مُطِرْنَا بِنَوْءِ كَذَا وَكَذَا فَذٰلِكَ كَافِرٌ بِي مُؤْمِنٌ بِالْكَوْكَبِ۔

کیا اور جس نے کہا کہ ہم پر فلاں ستارے سے بارش برسائی تو اس نے میرا انکار کیا اور ستارے پر ایمان لایا۔

ف۔ اس کائنات میں جو کچھ وقوع پذیر ہوتا ہے وہ پروردگارِ عالم کے ارادے اور قدرت سے ہوتا ہے اس میں کسی ستارے وغیرہ کا قطعاً کوئی دخل نہیں۔ ساری کائنات کا وہ اکیلا ہی مالک و مختار ہے۔ ستارے تو کیا چاند اور سورج بھی اُسی کی مخلوق اور اس کے حکم کے پابند ہیں۔ اپنی مخلوق میں خالق و مالک نے مختلف قسم کی تاثیریں رکھی ہیں۔ لیکن ستاروں میں بارش برسانے کی تاثیر اُس نے بالکل نہیں رکھی۔ مسلمانوں کو چاہیئے کہ اپنے خالق و مالک کے ذاتی و مستقل اختیار میں مخلوق کے کسی بھی فرد کو ہرگز شریک نہ کریں کیونکہ اس میں ایمان کی تباہی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو اسلامی عقیدے اختیار کرنے کی توفیق دے اور غلط عقائد و نظریات سے محفوظ و مامون فرمائے آمین۔

باب ۲۰۵ فِي الْخَطِّ وَزَجْرِ الطَّيْرِ۔

خط اور جانوروں کے بولنے کا بیان

۵۱۰۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيٰى نَا عَوْفٌ نَا حَيَّانُ قَالَ غَيْرُ مُسَدَّدٍ ابْنُ الْعَلَاءِ قَالَ نَا قَطَنُ بْنُ قَبِيصَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْعِيَافَةُ وَالطِّيَرَةُ وَالطَّرْقُ مِنَ الْجِبْتِ الطَّرْقُ وَالزَّجْرُ وَالْعِيَافَةُ الْخَطُّ۔

قطن بن قبیصہ سے روایت ہے کہ اُن کے والد ماجد نے فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا۔ فال لینا جانور اڑانا، فال لینے کے لیے کچھ ڈالنا، رمل اور فال نکالنے کے لیے خط کھینچنا بے اصل باتیں ہیں۔

۵۱۱۔ حَدَّثَنَا ابْنُ بَشَّارٍ قَالَ قَالَ مُحَمَّدُ ابْنُ جَعْفَرٍ قَالَ عَوْفٌ الْعِيَافَةُ زَجْرُ الطَّيْرِ وَالطَّرْقُ الْخَطُّ يُخَطُّ فِي الْاَرْضِ۔

ابن البشار نے محمد بن جعفر سے روایت کی ہے کہ عوف نے فرمایا۔ پرندوں کو ڈانٹ ڈپٹ کر اڑانا العیافۃ ہے اور الطرق الخط زمین پر خط کھینچنا

باب ۲۰۶ فِي الطِّيَرَةِ وَالْخَطِّ۔

شگون لینے اور خط کھینچنے کا بیان

۵۱۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ نَا سُفْيَانُ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ عِيْسَى بْنِ عَاصِمٍ عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الطِّيَرَةُ شِرْكٌ الطِّيَرَةُ شِرْكٌ ثَلَاثًا وَمَا مِنَّا اِلَّا وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يُذْهِبُهُ بِالتَّوَكُّلِ۔

محمد بن کثیر، سفیان، سلمہ بن کہیل، عیسٰی بن عاصم، زر بن حبیش، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، شگون شرک ہے، شگون شرک ہے، تین مرتبہ فرمایا، ہم میں سے ہر ایک کو ایسا خیال آجاتا ہے لیکن اللہ تعالیٰ اُسے ہٹا کر توکل پر قائم رکھتا ہے۔

۵۱۳۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيٰى عَنِ الْحَجَّاجِ الصَّوَّافِ حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ هِلَالِ ابْنِ اَبِيْ مَيْمُوْنَةَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِيْ يَسَارٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ

مسدد، یحییٰ، حجاج صواف، یحییٰ بن ابو کثیر، ہلال بن ابو میمونہ، عطاء بن یسار سے روایت ہے کہ حضرت معاویہ بن حکم سلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ میں عرض گزار ہوا کہ

ابن الحکم السلمی قال قلت یا رسول اللہ و منا رجال یخطون قال کان نبی من الانبیاء یخط فمن وافق خطہ فذاک۔

یارسول اللہ! ہم میں سے بعض لوگ خط کھینچتے ہیں؟ فرمایا کہ انبیائے کرام میں سے ایک نبی خط کھینچا کرتے تھے تو جس نے ان کے مطابق خط کھینچا تو وہ درست ہے۔

۵۱۴۔ حدثنا محمد بن المتوکل العسقلانی والحسن بن علی قالا انا عبد الرزاق انا معمر عن الزھری عن ابی سلمۃ عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا عدوی ولا صفر ولا ھامۃ فقال اعرابی ما بال الابل تکون فی الرمل کانھا الظباء فیخالطھا البعیر الاجرب فیجربھا قال فمن اعدی الاول قال معمر قال الزھری فحدثنی رجل عن ابی ھریرۃ انہ سمع النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول لا یوردن ممرض علی مصح قال فراجعہ الرجل فقال الیس قد حدثتنا ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا عدوی ولا صفر ولا ھامۃ قال لم احدثکموہ قال الزھری قال ابو سلمۃ قد حدث بہ وما سمعت ابا ھریرۃ نسی حدیثا قط غیرہ۔

ابوسلمہ نے حضرت ابوہریرہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ ایک سے دوسرے کو بیماری نہیں لگتی، صفر محض وہم ہے اور مردے کی کھوپڑی سے اُلّو کا نکلنا بے اصل بات ہے۔ ایک اعرابی عرض گزار ہوا:۔ ریت میں لیٹنے والے اونٹوں کا کیا حال ہے جو ہرن کی طرح ہوتے ہیں لیکن ایک سے دوسرے کو خارش ہو جاتی ہے۔ فرمایا کہ پہلے کو خارش کس نے لگائی؟ معمر، زہری، ایک آدمی سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا:۔ بیمار اونٹ کو تندرست اونٹوں کے پاس پانی نہ پلایا جائے۔ پس وہ شخص حضرت ابوہریرہ کی طرف لوٹا اور عرض گزار ہوا:۔ کیا آپ نے ہم سے حدیث بیان نہیں کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ نہ چھوت ہے، نہ صفر ہے اور نہ ہامہ ہے۔ فرمایا کہ میں نے تم سے یہ حدیث بیان کی۔ زہری کا بیان ہے کہ ابوسلمہ نے فرمایا:۔ انہوں نے یہ حدیث بیان کی تھی لیکن میں نے ہرگز نہیں سنا کہ حضرت ابوہریرہ اس کے سوا کوئی حدیث بھولے ہوں۔

۵۱۵۔ حدثنا القعنبی نا عبد العزیز یعنی ابن محمد عن العلاء عن ابیہ عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا عدوی ولا ھامۃ ولا نوء ولا صفر۔

علاء کے والد ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ چھوت، مردے کی کھوپڑی سے اُلّو نکلنا، آدمی کا جانور کی شکل میں آنا اور صفر کوئی چیز نہیں۔

۵۱۶۔ حدثنا محمد بن عبد الرحیم البرقی ان سعید بن الحکم حدثھم قال اخبرنا یحیی بن ایوب قال حدثنی ابن عجلان قال حدثنی القعقاع بن حکیم وعبید اللہ بن مقسم وزید بن اسلم عن ابی صالح عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال

محمد بن عبدالرحیم برقی، سعید بن حکم، یحییٰ بن ایوب، ابن عجلان، قعقاع بن حکیم اور عبیداللہ بن مقسم اور زید بن اسلم، ابوصالح نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ بھوت کوئی چیز نہیں ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ حارث بن مسکین کے سامنے یہ حدیث پڑھی گئی اور میں موجود تھا میں تمہیں

لا غول قال ابو داود قرئ على الحارث بن مسكين وانا شاهد اخبركم اشهب قال سئل مالك عن قوله لا صفر قال ان اهل الجاهلية كانوا يحلون صفر يحلونه عاما ويحرمونه عاما فقال النبي صلى الله عليه وسلم لا صفر.

اشہب کے حوالے سے بتاتا ہوں کہ امام مالک سے لا صفر کے متعلق کے متعلق پوچھا گیا کہ تو فرمایا جاہلیت والے صفر کو ایک سال حلال کر لیتے اور دوسرے سال حرام ٹھہراتے۔ لہٰذا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ماہ صفر کا یہ تصور وہم کے سوا اور کچھ نہیں۔

۵۱۷۔ حدثنا مسلم بن ابراهيم نا هشام عن قتادة عن انس ان النبي صلى الله عليه وسلم قال لا عدوى ولا طيرة ويعجبني الفال الصالح والفال الصالح الكلمة الحسنة.

قتادہ نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ چھوت کوئی چیز نہیں اور نہ شگون کی کوئی اصل ہے۔ اچھی فال لینا مجھے پسند ہے اور اچھی فال سے مراد اچھا لفظ ہے۔

۵۱۸۔ حدثنا محمد بن المصفى نا بقية قال قلت لمحمد بن راشد قوله هام قال كانت الجاهلية تقول ليس احد يموت فيدفن الا خرج من قبره هامة قلت فقوله صفر قال سمعنا ان اهل الجاهلية يستشئمون بصفر فقال النبي صلى الله عليه وسلم لا صفر قال محمد وقد سمعنا من يقول هو وجع ياخذ في البطن فكانوا يقولون هو يعدي فقال لا صفر.

بقیہ نے محمد بن راشد سے ہام کے متعلق پوچھا تو فرمایا:۔ جاہلیت والے کہا کرتے کہ جب کوئی مر جائے اور اُسے دفن کر دیا جائے تو اس کی قبر سے ایک اُلّو نکلتا ہے۔ میں نے صفر کے متعلق دریافت کیا تو فرمایا:۔ ہم نے سنا ہے کہ اہل جاہلیت صفر کو منحوس سمجھا کرتے تھے۔ اس لیے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صفر کے متعلق یہ تصور کوئی چیز نہیں۔ محمد بن راشد نے یہ بھی کہا کہ ہم نے کسی کو یہ بھی فرماتے ہوئے سنا کہ وہ ایک درد ہے جو پیٹ میں ہوتا ہے اور جاہلیت والے کہتے کہ وہ متعدی ہے تو حضور نے فرمایا کہ ایسا صفر کوئی چیز نہیں ہے

۵۱۹۔ حدثنا موسى بن اسمعيل نا وهيب عن سهيل عن رجل عن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم سمع كلمة فاعجبته فقال اخذنا فالك من فيك.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک اچھا لفظ سن کر اُسے پسند کیا اور فرمایا:۔ ہم نے تمہاری فال تمہارے منہ سے لی ہے۔

۵۲۰۔ حدثنا يحيى بن خلف نا ابو عاصم نا ابن جريج عن عطاء قال يقول ناس الصفر وجع ياخذ في البطن قلت فما الهامة قال يقول ناس الهامة التي تصرخ هامة الناس وليست بهامة الانسان انما هي دابة.

ابن جریج سے روایت ہے کہ عطاء نے فرمایا:۔ لوگ کہتے ہیں کہ صفر ایک درد ہے جو پیٹ میں ہوتا ہے۔ میں نے کہا:۔ ہامہ کیا ہے؟ فرمایا لوگ کہتے ہیں کہ ہامہ لوگوں کی کھوپڑی میں چیختا چلاتا ہے اور ہامہ انسان نہیں بلکہ ایک جانور ہوتا ہے۔

۵۲۱۔ حدثنا احمد بن حنبل وابو بكر بن ابي شيبة المعنى قالا نا وكيع عن سفيان

احمد بن حنبل اور ابو بکر بن ابو شیبہ، وکیع، سفیان، حبیب بن ابو ثابت، عروہ بن عامر سے روایت ہے کہ حضرت

عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ اَحْمَدُ الْقُرَشِيُّ قَالَ ذُكِرَتِ الطِّيَرَةُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَحْسَنُهَا الْفَالُ وَلَا تَرُدُّ مُسْلِمًا فَاِذَا رَاٰى اَحَدُكُمْ مَا يَكْرَهُ فَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ لَا يَاْتِيْ بِالْحَسَنَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا يَدْفَعُ السَّيِّئَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ.

احمد قرشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور شگون کا ذکر کیا تو فرمایا:۔ اُس میں فال اچھی چیز ہے اور مسلمان کو کسی کام سے نہ روکے۔ جب تم میں سے کوئی ناپسندیدہ چیز دیکھے تو کہے:۔ اے اللہ! نہیں لاتا بھلائیوں کو مگر تو اور نہیں دُور کرتا برائیوں کو مگر تو۔ نہ ہم میں طاقت ہے اور نہ قوت مگر تیری توفیق کے ساتھ۔

۵۲۲۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ نَا هِشَامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَتَطَيَّرُ مِنْ شَيْءٍ وَكَانَ اِذَا بَعَثَ عَامِلًا سَاَلَ عَنِ اسْمِهِ فَاِذَا اَعْجَبَهُ اسْمُهُ فَرِحَ بِهِ وَرُئِيَ بِشْرُ ذٰلِكَ فِيْ وَجْهِهِ وَاِنْ كَرِهَ اسْمَهُ رُئِيَ كَرَاهِيَةُ ذٰلِكَ فِيْ وَجْهِهِ وَاِذَا دَخَلَ قَرْيَةً سَاَلَ عَنِ اسْمِهَا فَاِذَا اَعْجَبَهُ اسْمُهَا فَرِحَ بِهَا وَرُئِيَ بِشْرُ ذٰلِكَ فِيْ وَجْهِهِ وَاِنْ كَرِهَ اسْمَهَا رُئِيَ كَرَاهِيَةُ ذٰلِكَ فِيْ وَجْهِهِ۔

عبداللہ بن بریدہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کسی چیز سے شگون نہیں لیتے تھے۔ آپ جب کسی کو عامل بنا کر بھیجتے تو اس کا نام پوچھتے۔ اگر اس کا نام پسند آتا تو خوش ہوتے اور چہرۂ مبارک پر اس کے آثار دیکھے جا سکتے تھے۔ اگر اُس کا نام ناپسند ہوتا تو کراہیت کے آثار چہرۂ انور پر نمایاں ہوتے۔ جب کسی بستی میں داخل ہوتے تو اس کا نام دریافت فرماتے۔ اگر اس کا نام پسند آتا تو خوش ہوتے اور اُس کے آثار چہرۂ مبارک پر دیکھے جا سکتے اور اگر اس کا نام ناپسند ہوتا تو کراہیت کے آثار چہرۂ انور پر دکھائی دیتے۔

۵۲۳۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ قَالَ نَا اَبَانُ قَالَ حَدَّثَنِيْ يَحْيٰى اَنَّ الْحَضْرَمِيَّ بْنَ لَاحِقٍ حَدَّثَهُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ لَا هَامَةَ وَلَا عَدْوٰى وَلَا طِيَرَةَ وَاِنْ تَكُنِ الطِّيَرَةُ فِيْ شَيْءٍ فَفِي الْفَرَسِ وَالْمَرْاَةِ وَالدَّارِ۔

سعید بن مسیّب نے حضرت سعد بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرمایا کرتے:۔ نہ کھوپڑی سے اُلّو نکلتا ہے اور نہ ایک سے دوسرے کو بیماری لگتی ہے اور نہ بدشگونی ہے۔ اگر بدشگونی کوئی چیز ہوتی تو گھوڑے، عورت اور گھر میں ہوتی۔

۵۲۴۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ نَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ حَمْزَةَ وَسَالِمٍ ابْنَيْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الشُّؤْمُ فِي الدَّارِ وَالْمَرْاَةِ وَالْفَرَسِ قَالَ اَبُوْ دَاؤُدَ قُرِئَ عَلَى الْحَارِثِ بْنِ مِسْكِيْنٍ وَاَنَا شَاهِدٌ اَخْبَرَكَ ابْنُ الْقَاسِمِ قَالَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ نحوست گھر، عورت اور گھوڑے میں ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یہ حدیث حارث بن مسکین کے سامنے پڑھی گئی اور میں موجود تھا۔ ابن القاسم نے خبر دیتے ہوئے فرمایا کہ امام مالک سے گھوڑے اور گھر کی نحوست کے متعلق دریافت کیا گیا تو فرمایا:۔ کئی گھر ایسے ہیں کہ اُس میں لگ

سُئِلَ مَالِكٌ عَنِ الشُّؤْمِ فِي الْفَرَسِ وَالدَّارِ قَالَ كَمْ مِنْ دَارٍ سَكَنَهَا قَوْمٌ فَهَلَكُوا ثُمَّ سَكَنَهَا آخَرُونَ فَهَلَكُوا فَهٰذَا تَفْسِيْرُهُ فِيْمَا نَرٰى وَاللّٰهُ أَعْلَمُ۔

رہے اور ہلاک ہو گئے۔ پھر اس میں دوسرے آ بسے تو وہ بھی ہلاک ہو گئے۔ پس اس کی یہ تفسیر ہم نے دیکھی اور آگے اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے۔

۵۲۵۔ حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ خَالِدٍ وَعَبَّاسُ الْعَنْبَرِيُّ قَالَا نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَحِيْرٍ قَالَ أَخْبَرَنِيْ مَنْ سَمِعَ فَرْوَةَ بْنَ مُسَيْكٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَرْضٌ عِنْدَنَا يُقَالُ لَهَا أَرْضُ أَبْيَنَ هِيَ أَرْضُ رِيْفِنَا وَمِيْرَتِنَا وَإِنَّهَا وَبِئَةٌ أَوْ قَالَ وَبَاؤُهَا شَدِيْدٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعْهَا عَنْكَ فَإِنَّ مِنَ الْقَرَفِ التَّلَفَ۔

یحییٰ بن عبداللہ بن جبیر نے ایک شخص سے روایت کی ہے کہ حضرت فروہ بن مسیک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، میں عرض گزار کریا رسول اللہ! ہمارے پاس زمین ہے جس کو ابین کہا جاتا ہے۔ وہ ہماری زرعی ذور غلہ اگانے کی زمین ہے لیکن بہت وبائی جگہ ہے پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اُسے چھوڑ دو کیونکہ وبائی جگہ میں رہنا ہلاک ہونا ہے۔

۵۲۶۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ يَحْيَى نَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ إِسْحٰقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّا كُنَّا فِيْ دَارٍ كَثِيْرٌ فِيْهَا عَدَدُنَا وَكَثِيْرٌ فِيْهَا أَمْوَالُنَا فَتَحَوَّلْنَا إِلٰى دَارٍ أُخْرٰى فَقَلَّ فِيْهَا عَدَدُنَا وَقَلَّتْ فِيْهَا أَمْوَالُنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَرُوْهَا ذَمِيْمَةً۔

اسحاق بن عبداللہ بن ابو طلحہ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک شخص عرض گزار ہوا :- یا رسول اللہ! ہم ایک گھر میں رہتے تھے تو ہمارے پاس بہت سا مال تھا۔ پھر ہم دوسرے گھر میں منتقل ہو گئے تو ہمارے افراد گھٹ گئے اور ہمارا مال بھی بہت کم ہو گیا۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، اُس بُرے گھر کو چھوڑ دو۔

۵۲۷۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ نَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ نَا مُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ عَنْ حَبِيْبِ الشَّهِيْدِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخَذَ بِيَدِ مَجْذُوْمٍ فَوَضَعَهَا مَعَهُ فِي الْقَصْعَةِ وَقَالَ ثِقَةً بِاللّٰهِ وَتَوَكُّلًا عَلَيْهِ۔

اٰخِرُ كِتَابِ الطِّبِّ۔

حبیب شہید نے محمد بن منکدر سے روایت کی ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک کوڑھی کا ہاتھ پکڑا اور اپنے دستِ مبارک کے ساتھ اُسے تھالی میں رکھتے ہوئے فرمایا، اللہ تعالیٰ پر وثوق اور بھروسہ رکھتے ہوئے۔ کتاب الطب ختم ہوئی۔

پارہ ــــ ۲۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

اَوَّلُ كِتَابِ الْعِتْقِ

غلام آزاد کرنے کا بیان

بَابٌ ۲۰ فِي الْمُكَاتَبِ يُؤَدِّي بَعْضَ كِتَابَتِهٖ فَيَعْجِزُ اَوْ يَمُوْتُ.

مکاتب اپنی کچھ کتابت ادا کر کے عاجز ہو جائے یا مر جائے

۵۲۸۔ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ نَا اَبُوْ بَدْرٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ عُتْبَةَ اِسْمٰعِيْلُ اِبْنُ عَيَّاشٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ بْنُ سُلَيْمٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُكَاتَبُ عَبْدٌ مَا بَقِيَ عَلَيْهِ مِنْ كِتَابَتِهٖ دِرْهَمٌ.

ہارون بن عبداللہ، ابوبدر، ابو عتبہ اسمٰعیل بن عیاش، سلیمان بن سلیم، عمرو بن شعیب، ان کے والد محترم، ان کے جد امجد سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مکاتب اس وقت تک غلام ہی رہتا ہے جب تک اس پر اپنی کتابت کا ایک درہم بھی باقی رہے۔

۵۲۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى عَبْدُ الصَّمَدِ نَا هَمَّامٌ نَا عَبَّاسٌ الْجُرَيْرِيُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَيُّمَا عَبْدٍ كُوْتِبَ عَلٰى مِائَةِ اُوْقِيَّةٍ فَاَدَّاهَا اِلَّا عَشَرَةَ اَوَاقٍ فَهُوَ عَبْدٌ وَاَيُّمَا عَبْدٍ كَاتَبَ عَلٰى مِائَةِ دِيْنَارٍ فَاَدَّاهَا اِلَّا عَشَرَةَ دَنَانِيْرَ فَهُوَ عَبْدٌ.

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اپنے والد محترم سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس غلام نے ایک سو اوقیہ چاندی پر کتابت کی اور ماسوائے دس اوقیہ چاندی کے ساری کتابت ادا کر دی تو وہ اب بھی غلام ہے اور جس نے ایک سو دینار پر کتابت کی اور دس دینار کے سوا باقی ساری رقم ادا کر دی تو وہ اب بھی غلام ہے۔ (کیونکہ کتابت کی رقم سے ابھی ادائیگی باقی ہے)۔

۵۳۰۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ قَالَ نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ نَبْهَانَ مُكَاتَبِ لِاُمِّ سَلَمَةَ قَالَ سَمِعْتُ اُمَّ سَلَمَةَ تَقُوْلُ قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ لِاِحْدٰكُنَّ مُكَاتَبٌ فَكَانَ عِنْدَهٗ مَا يُؤَدِّيْ فَلْتَحْتَجِبْ مِنْهُ.

زہری نے حضرت ام سلمہ کے مکاتب سے روایت کی کہ میں نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہم سے فرمایا، جب تم میں سے کسی کا غلام مکاتب ہو جائے اور اس کے پاس اتنا مال ہو کر کتابت ادا کر سکے تو وہ اس سے پردہ کرے۔

ف۔ امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب بھی اسی حدیث کے مطابق ہے کہ عورت کو اپنے مکاتب سے پردہ کرنا چاہیئے جبکہ اُس کے پاس اتنا مال ہو کہ بدل کتابت ادا کر سکے، کیونکہ اس صورت میں مکاتب مثل آزاد کے ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

باب ۲۰۸ فِي بَيْعِ الْمُكَاتَبِ إِذَا فُسِخَتِ الْمُكَاتَبَةُ

مکاتب کو بیچنا جب کہ کتابت فسخ ہو جائے

۵۳۱- حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَعَبْدُ اللهِ ابْنُ مَسْلَمَةَ قَالَا نَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ أَنَّ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْهُ أَنَّ بَرِيرَةَ جَاءَتْ عَائِشَةَ تَسْتَعِينُهَا فِي كِتَابَتِهَا وَلَمْ تَكُنْ قَضَتْ مِنْ كِتَابَتِهَا شَيْئًا فَقَالَتْ لَهَا عَائِشَةُ ارْجِعِي إِلَى أَهْلِكِ فَإِنْ أَحَبُّوا أَنْ أَقْضِيَ عَنْكِ كِتَابَتَكِ وَيَكُونُ وَلَاؤُكِ لِي فَعَلْتُ فَذَكَرَتْ ذَلِكَ بَرِيرَةُ لِأَهْلِهَا فَأَبَوْا وَقَالُوا إِنْ شَاءَتْ أَنْ تَحْتَسِبَ عَلَيْكِ فَلْتَفْعَلْ وَيَكُونُ لَنَا وَلَاؤُكِ فَذَكَرَتْ ذَلِكَ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْتَاعِي فَأَعْتِقِي فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ ثُمَّ قَامَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا بَالُ أُنَاسٍ يَشْتَرِطُونَ شُرُوطًا لَيْسَتْ فِي كِتَابِ اللهِ فَلَيْسَ لَهُ وَإِنْ شَرَطَهُ مِائَةَ مَرَّةٍ شَرْطُ اللهِ أَحَقُّ وَأَوْثَقُ۔

عروہ کو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بتایا کہ بریرہ اپنی کتابت میں مدد حاصل کرنے کی غرض سے حضرت عائشہ کی خدمت میں آئی اور اُس نے اپنی کتابت میں سے کچھ بھی ادا کر نہیں کیا تھا۔ حضرت عائشہ نے اس سے فرمایا کہ اپنے مالکوں کے پاس جاؤ اگر وہ پسند کریں کہ میں تمہاری کتابت ادا کردوں اور تمہاری ولاء میرے لیے ہو تو ایسا کر دیتی ہوں۔ بریرہ نے اپنے مالکوں سے اس کا ذکر کیا تو انہوں نے انکار کر دیا اور کہا: اگر وہ تم پر احسان کرنا چاہتی ہوں تو کردیں اور تمہاری ولاء ہمارے لیے ہوگی۔ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن (حضرت عائشہ) سے فرمایا: اُسے خرید کر آزاد کر دو کیونکہ ولاء تو اُسی کے لیے ہے جو آزاد کرے۔ پھر رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور فرمایا: لوگوں کا کیا حال ہے کہ ایسی شرطیں کرتے ہیں جو اللہ کی کتاب میں نہیں ہیں۔ جس نے ایسی شرط کی جو اللہ کی کتاب میں نہ ہو تو وہ کچھ بھی نہیں ہے خواہ سو شرطیں کی ہوں۔ اللہ کی شرط زیادہ سچی اور زیادہ مضبوط ہے۔

۵۳۲- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ نَا وُهَيْبٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَاءَتْ بَرِيرَةُ تَسْتَعِينُ فِي مُكَاتَبَتِهَا فَقَالَتْ إِنِّي كَاتَبْتُ أَهْلِي عَلَى تِسْعِ أَوَاقٍ فِي كُلِّ عَامٍ أُوقِيَّةٌ فَأَعِينِينِي فَقَالَتْ إِنْ أَحَبَّ أَهْلُكِ أَنْ أَعُدَّهَا عَدَّةً وَاحِدَةً وَأُعْتِقَكِ وَيَكُونُ وَلَاؤُكِ لِي فَعَلْتُ فَذَهَبَتْ إِلَى أَهْلِهَا وَسَاقَ الْحَدِيثَ نَحْوَ الزُّهْرِيِّ زَادَ

عروہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: بریرہ اپنی کتابت میں مدد حاصل کرنے کے لیے آئی اور کہا کہ میں نے اپنے مالکوں سے نو اوقیہ چاندی پر کتابت کی ہے کہ سالانہ ایک اوقیہ ادا کیا جائے۔ پس میری مدد فرمایئے۔ فرمایا کہ اگر تمہارے مالک پسند کریں کہ میں یکمشت کتابت ادا کردوں اور تمہیں آزاد کردوں بشرطیکہ تمہاری ولاء میرے لیے ہو تو میں ایسا کر دیتی ہوں۔ وہ اپنے مالکوں کے پاس گئی اور باقی حدیث زہری کی طرح بیان کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے ارشاد کے آخر میں یہ بھی فرمایا کہ

فی کلام النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی اخرہ ما بال رجال یقول احدھم اعتق یا فلان والولاء لی وانما الولاء لمن اعتق۔

۵۳۳۔ حدثنا عبد العزیز بن یحیی ابو الاصبغ الحرانی قال حدثنی محمد یعنی ابن سلمۃ عن ابن اسحق عن محمد بن جعفر ابن الزبیر عن عروۃ بن الزبیر عن عائشۃ قالت وقعت جویریۃ بنت الحارث بن المصطلق فی سھم ثابت بن قیس بن شماس او ابن عم لہ فکاتبت علی نفسھا وکانت امراۃ ملاحۃ تاخذھا العین قالت عائشۃ فجاءت تسأل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی کتابتھا فلما قامت علی الباب فرأیتھا کرھت مکانھا وعرفت ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سیری منھا مثل الذی رأیت فقالت یا رسول اللہ انا جویریۃ بنت الحارث وانما کان من امری ما لا یخفی علیک وانی وقعت فی سھم ثابت بن قیس بن شماس وانی کاتبت علی نفسی فجئتک اسألک فی کتابتی فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فھل لک الی ما ھو خیر منہ قالت وما ھو یا رسول اللہ قال اؤدی عنک کتابتک واتزوجک قالت قد فعلت قالت فتسامع تعنی الناس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قد تزوج جویریۃ فارسلوا ما فی ایدیھم من السبی فاعتقوھم وقالوا اصھار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فما رأینا امراۃ کانت اعظم برکۃ علی قومھا منھا اعتق فی سببھا مائۃ اھل بیت من

لوگوں کا حال کیا ہے جب کہ ایک کہتا ہے کہ اے فلاں! آزاد تم کر دو اور ولاء میرے لیے ہوگی حالانکہ ولاء اُسی کی ہے جو آزاد کرے۔

عروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا، جویریہ بنت حارث بن مصطلق تقسیم میں ثابت بن قیس بن شماس یا ان کے چچا زاد بھائی کے حصے میں آئیں۔ انہوں نے اپنی مکاتبت کر لی اور یہ ایسی خوبصورت تھیں کہ اٹھتی ہوئی نظر بھی ان پر پڑتی تھی۔ ——— حضرت عائشہ کا بیان ہے کہ یہ اپنی کتابت کے متعلق سوال کرنے کی غرض سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں۔ جب دروازے پر کھڑی ہوئیں تو میں نے انہیں دیکھ لیا اور اس جگہ اُن کا ہونا میں نے ناپسند کیا کیونکہ میں نے جان لیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی اسی طرح دیکھیں گے جیسے میں نے دیکھی ہے۔ عرض گزار ہوئیں کہ یا رسول اللہ! میں جویریہ بنت حارث ہوں اور میرے حالات آپ پر مخفی نہیں ہیں۔ میں ثابت بن قیس بن شماس کے حصے میں آئی ہوں اور میں نے اپنی مکاتبت کر لی ہے اور اپنے بدلِ کتابت کا سوال کرنے آپ کی خدمت میں حاضر ہوئی ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ کام کیوں نہیں کر لیتیں جو تمہارے لیے اس بہتر ہے؟ عرض گزار ہوئیں کہ یا رسول اللہ! وہ کیا ہے؟ فرمایا کہ میں تمہاری کتابت ادا کر کے تمہارے ساتھ نکاح کر لوں۔ عرض گزار ہوئیں کہ میں ایسا کر چکی۔ حضرت عائشہ کا بیان ہے کہ لوگوں نے جب سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت جویریہ سے نکاح کر لیا ہے تو جتنے قیدی ان کے قبضے میں تھے انہیں آزاد کر دیا اور کہا کہ یہ تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سسرال والے ہیں۔ پس ہم نے کوئی عورت اپنی قوم کے لیے اتنی برکت (فائدے) والی نہیں دیکھی کیونکہ ان کے باعث بنی مصطلق کے سو گھروں کے قیدی آزاد کر دیئے گئے۔

امام ابوداؤد نے فرمایا: یہ دلیل ہے کہ ولی اپنے ساتھ بھی نکاح کر سکتا ہے۔ . . . . .

بَنِي الْمُصْطَلِقِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ هٰذَا حُجَّةٌ فِي أَنَّ الْوَلِيَّ هُوَ يُزَوِّجُ نَفْسَهُ۔

ف۔ اُمّ المومنین سیدہ جویریہ بنت حارث بن ابوضرار رضی اللہ تعالیٰ عنہا ۵ھ میں غزوۂ مریسیع کے دوران مسلمانوں کے ہاتھ قید ہو کر آئیں۔ یہ اپنے قبیلے بنی مصطلق کے سردار حارث بن ابوضرار کی بیٹی تھیں۔ دستِ قدرت نے ان کے حُسن وجمال کو پوری فیاضی سے سنوارا تھا۔ تقسیم غنائم کے وقت حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حصے میں آئیں جب کہ فوراً انہوں نے مکاتبت کرلی اور بدلِ کتابت کی ادائیگی کے سلسلے میں استمداد واستعانت کی غرض سے بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوئیں۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے انہیں بارگاہِ رسالت کی جانب آتے ہوئے دیکھ کر چاہا کہ حسن وجمال کا یہ پیکر بارگاہِ رسالت میں حاضر نہ ہو کر مبادا شرفِ قبولیت حاصل کرجائے۔ حضرت صدیقہ کی خواہش پوری نہ ہوسکی کیونکہ دستِ قدرت کی تحریر کو کون مٹا سکتا ہے۔ بدلِ کتابت کی ادائیگی میں مدد مانگی تو رحمتِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جویریہ! ہم تمہارے بدلِ کتابت بھی ادا کریں گے اور تمہیں شرفِ زوجیت سے نوازنے کے لیے بھی تیار ہیں۔ عرض کی آقا! مجھے دارین میں اس سے زیادہ اور کیا چاہیئے۔ انہوں نے غزوۂ مریسیع سے پہلے خواب دیکھا تھا کہ یثرب (مدینہ طیبہ) کی جانب سے ایک چاند چلتا ہوا میری آغوش میں اُتر آیا ہے۔ خود ہی تعبیر لی جو اُس باریابی کے وقت ظاہر ہوئی۔ ان سے سات حدیثیں مروی ہیں، جن میں سے دو صحیح بخاری اور دو صحیح مسلم میں ہیں۔ ۵۰ھ میں وفات پائی اور مروان حاکم مدینہ نے نمازِ جنازہ پڑھائی۔ بعض نے سالِ وفات ۵۶ھ ہجری لکھا ہے۔ ان کی قوم بنی مصطلق کے ایک سو سے زیادہ افراد مسلمانوں نے قید کرلیے تھے۔ جن کی تقسیم بھی واقع ہوچکی تھی۔ جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کرلیا تو اہلِ اسلام نے بنی مصطلق کے ہر قیدی کو برضا ورغبت خود آزاد کردیا اور صحابہ کرام نے اُس قبیلے کی بارگاہِ رسالت سے نسبت ہوجانے کے باعث ان کے افراد کو قید میں رکھنا مناسب نہ سمجھا۔ بہرحال حضرت جویریہ اپنے قبیلے کے لیے ایسی برکت ورحمت والی ثابت ہوئیں جس کی مثال اس سے پہلے سامنے آئی نہیں تھی۔ بعض حضرات کے نزدیک ان کا مہر چار درہم مقرر ہوا تھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

بَابٌ ۲۰۹ فِي الْعِتْقِ عَلَى شَرْطٍ۔

۵۳۴۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ قَالَ نَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُمْهَانَ عَنْ سَفِينَةَ قَالَ كُنْتُ مَمْلُوكًا لِأُمِّ سَلَمَةَ فَقَالَتْ أُعْتِقُكَ وَأَشْتَرِطُ عَلَيْكَ أَنْ تَخْدِمَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا عِشْتَ فَقُلْتُ وَإِنْ لَمْ تَشْتَرِطِي عَلَيَّ مَا فَارَقْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا عِشْتُ فَأَعْتَقَتْنِي وَاشْتَرَطَتْ عَلَيَّ۔

شرط پر آزاد کرنے کا بیان

سفینہ کا بیان ہے کہ میں حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا غلام تھا۔ انہوں نے فرمایا کہ میں تمہیں اس شرط پر آزاد کرتی ہوں کہ تم زندگی بھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت کرتے رہنا۔ میں عرض گزار ہوا کہ اگر آپ یہ شرط نہ کرتیں تب بھی میں زندگی بھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے جدا نہ ہوتا۔ پس انہوں (حضرت) اُمّ سلمہ نے اسی شرط پر مجھے آزاد کردیا۔

باب ۲۱۰ فِي مَنْ أَعْتَقَ نَصِيبًا لَهُ مِنْ مَمْلُوكٍ.

۵۳۵۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ نَا هَمَّامٌ ح نَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْمَعْنَى قَالَ أَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي الْمَلِيحِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ قَالَ أَبُو الْوَلِيدِ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَجُلًا أَعْتَقَ شِقْصًا لَهُ مِنْ غُلَامٍ فَذُكِرَ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَيْسَ لِلَّهِ شَرِيكٌ زَادَ ابْنُ كَثِيرٍ فِي حَدِيثِهِ فَأَجَازَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِتْقَهُ.

جس نے اپنے غلام کا ایک حصہ آزاد کیا

ابو الولید طیالسی، ہمام، محمد بن کثیر، ہمام، قتادہ، ابو الملیح۔

امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ابو الولید نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی نے کسی غلام سے اپنے حصے کے مطابق آزاد کر دیا پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس بات کا ذکر ہوا تو آپ نے فرمایا کہ اللہ کا کوئی شریک نہیں ہے۔ ابن کثیر نے اپنی حدیث میں یہ بھی کہا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے پوری طرح آزاد کرنے کو جائز قرار دیا۔

باب ۲۱۱ مَنْ أَعْتَقَ نَصِيبًا مِنْ مَمْلُوكٍ بَيْنَهُ وَبَيْنَ آخَرَ.

۵۳۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ قَالَ أَخْبَرَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ النَّضْرِ بْنِ أَنَسٍ عَنْ بَشِيرِ بْنِ نَهِيكٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَجُلًا أَعْتَقَ شَقِيصًا لَهُ مِنْ غُلَامٍ فَأَجَازَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِتْقَهُ وَغَرَّمَهُ بَقِيَّةَ ثَمَنِهِ.

جس نے مشترک غلام سے اپنا حصہ آزاد کیا۔

محمد بن کثیر، ہمام، قتادہ، نضر بن انس، بشیر بن نہیک نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی نے غلام میں سے اپنا حصہ آزاد کر دیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس طرح آزاد کرنے کی اجازت دی اور باقی قیمت کا اس سے تاوان دلوایا۔

۵۳۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ح وَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ سُوَيْدٍ قَالَ نَا رَوْحٌ قَالَا نَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ بِإِسْنَادِهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَعْتَقَ مَمْلُوكًا بَيْنَهُ وَبَيْنَ آخَرَ فَعَلَيْهِ خَلَاصُهُ وَهَذَا لَفْظُ ابْنِ سُوَيْدٍ.

محمد بن مثنیٰ، محمد بن جعفر، احمد بن علی بن سوید، روح، شعبہ نے قتادہ سے اسے اپنی اسناد کے ساتھ روایت کیا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ایسے غلام کو آزاد کیا جو اس کے اور کسی دوسرے کے درمیان مشترک ہے تو اس کے لیے پوری طرح آزاد کرنا ضروری ہے۔ یہ ابن سوید کے الفاظ ہیں۔

۵۳۸۔ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى قَالَ نَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ سُوَيْدٍ قَالَ نَا رَوْحٌ قَالَ نَا هِشَامُ بْنُ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَنْ قَتَادَةَ بِإِسْنَادِهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَعْتَقَ نَصِيبًا

ابن مثنیٰ، معاذ بن ہشام، ان کے والد ماجد، احمد بن علی بن سوید، روح، ہشام بن ابو عبداللہ نے قتادہ سے اپنی اسناد کے ساتھ روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کسی غلام کو اپنے حصے کے مطابق آزاد کیا تو وہ سارا ہی اس کے مال سے آزاد کیا جائے گا جبکہ اس کے پاس مال ہو۔ ابن مثنیٰ

لَهُ فِي مَمْلُوكٍ عُتِقَ مِنْ مَالِهِ إِنْ كَانَ لَهُ مَالٌ. وَلَمْ يَذْكُرِ ابْنُ الْمُثَنَّى النَّضْرَ بْنَ أَنَسٍ وَهَذَا لَفْظُ ابْنِ سُوَيْدٍ.

باب ۲۱۲ مَنْ ذَكَرَ السِّعَايَةَ فِي هَذَا الْحَدِيثِ.

۵۳۹۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ نَا أَبَانُ قَالَ نَا قَتَادَةُ عَنِ النَّضْرِ بْنِ أَنَسٍ عَنْ بَشِيرِ بْنِ نَهِيكٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَعْتَقَ شَقِيصًا فِي مَمْلُوكِهِ فَعَلَيْهِ أَنْ يُعْتِقَهُ كُلَّهُ إِنْ كَانَ لَهُ مَالٌ وَإِلَّا اسْتُسْعِيَ الْعَبْدُ غَيْرَ مَشْقُوقٍ عَلَيْهِ.

۵۴۰۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ يَعْنِي ابْنَ زُرَيْعٍ ح وَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ وَهَذَا لَفْظُهُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ النَّضْرِ ابْنِ أَنَسٍ عَنْ بَشِيرِ بْنِ نَهِيكٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَعْتَقَ شِقْصًا لَهُ أَوْ شَقِيصًا لَهُ فِي مَمْلُوكٍ فَخَلَاصُهُ عَلَيْهِ فِي مَالِهِ إِنْ كَانَ لَهُ مَالٌ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ قُوِّمَ الْعَبْدُ قِيمَةَ عَدْلٍ ثُمَّ اسْتُسْعِيَ لِصَاحِبِهِ فِي قِيمَتِهِ غَيْرَ مَشْقُوقٍ عَلَيْهِ. قَالَ أَبُو دَاوُدَ فِي حَدِيثِهِمَا جَمِيعًا فَاسْتُسْعِيَ غَيْرَ مَشْقُوقٍ عَلَيْهِ.

نے نضر بن انس کا ذکر نہیں کیا۔ اور یہ ابن سوید کے لفظوں میں حدیث بیان کی گئی ہے۔

جس نے اس بارے میں محنت کا ذکر کیا۔

مسلم بن ابراہیم، ابان، قتادہ، نضر بن انس، بشیر بن نہیک، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے اپنے غلام کا ایک حصہ آزاد کیا تو سارے کا آزاد کرنا اس کے لیے ضروری ہے جب کہ اس کے پاس مال ہو ورنہ مشقت میں پھنسائے بغیر غلام سے محنت کروائی جائے گی۔

نصر بن علی، یزید ابن زریع۔ علی بن عبداللہ، محمد بن بشر، سعید بن ابو عروبہ، قتادہ، نضر بن انس، بشیر بن نہیک، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو کسی غلام میں اپنے حصے یا حصوں کے مطابق آزاد کرے تو اس پر لازم ہے کہ اپنے مال سے غلام کو پوری طرح آزاد کروائے جبکہ اس کے پاس مال ہو۔ اگر اس کے پاس مال نہ ہو تو غلام کی انصاف کے ساتھ قیمت لگوائی جائے گی۔ پھر جتنی قیمت واجب الادا ہے اس کے مطابق مالک کے لیے غلام سے محنت کروائی جائے لیکن غلام کو مشقت میں نہ پھنسایا جائے۔ امام ابوداؤد نے اپنی دونوں حدیثوں میں کہا کہ مشقت میں ڈالے بغیر اس سے محنت لی جائے گی۔

ف۔ امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا مذہب یہ ہے کہ ایک غلام مثلاً تین آدمیوں کا مشترک ہے۔ ایک نے اپنے حصے کے مطابق آزاد کر دیا تو باقی دونوں مالکوں کو اختیار ہے کہ اگر آزاد کرنے والا شریک مال دار ہے تو اس سے اپنے اپنے حصے کی قیمت کا مطالبہ کریں ورنہ اپنے حصے کے مطابق غلام سے محنت کروائیں یا وہ دونوں بھی تیسرے کی طرح آزاد کر دیں۔ یہ حدیث حضرت امام اعظم کی مذہب پر صریحاً دلالت کر رہی ہے جب کہ دیگر احادیث کے پیش نظر امام شافعی اور امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہما کے نزدیک پہلے شریک نے غلام کا جتنا حصہ آزاد کیا ہے وہ اتنا آزاد ہو گیا اور باقی دونوں حصوں کے مطابق وہ ابھی غلام ہے جب کہ ان دونوں مالکوں کو اپنا حصہ آزاد کرنے والے مالک سے اپنے حصوں

ــــــــــ کی قیمت کا مطالبہ کرنے کا حق نہیں ہے۔ بہرحال "ناستسعی غیر مشقوق علیہ" یعنی مشقت میں ڈالے بغیر محنت کروانے پر سب متفق ہیں کیونکہ یہ حکم صحابہ کرام کی خاصی جماعت سے مروی ہے۔ رہی حدیث ابن عمر میں "عتق منہ ما عتق" والی بات کہ جتنا حصہ آزاد کر دیا اتنا آزاد ہو گیا ہے، یہ جملہ فرمان رسالت ثابت نہیں ہو سکا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۵۴۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ نَا يَحْيَى بْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنْ سَعِيدٍ بِإِسْنَادِهِ وَمَعْنَاهُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ عَنْ سَعِيدِ ابْنِ أَبِي عَرُوبَةَ لَمْ يَذْكُرِ السِّعَايَةَ وَرَوَاهُ جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ وَمُوسَى بْنُ خَلَفٍ جَمِيعًا عَنْ قَتَادَةَ بِإِسْنَادِ يَزِيدَ بْنِ زُرَيْعٍ وَمَعْنَاهُ وَذَكَرَا فِيهِ السِّعَايَةَ۔

محمد بن بشار، یحییٰ بن ابو عدی نے سعید سے اپنی اسناد کے ساتھ مذکورہ حدیث کو معناً روایت کیا۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے روح بن عبادہ نے سعید بن ابو عروبہ سے لیکن یہ السعایہ کا ذکر نہیں کرتے اور روایت کیا ہے اسے جریر بن حازم اور موسیٰ بن خلف نے یزید بن زریع کی اسناد کے ساتھ معناً اور اس میں السعایہ کا ذکر کیا ہے۔

بَابُ ۲۱۲ فِي مَنْ رَوَى إِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ لَا يُسْتَسْعَى۔

جسکے نزدیک یہ ہے کہ مال نہ ہو تو محنت نہ کروائی جائے

۵۴۲۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَعْتَقَ شِرْكًا لَهُ فِي مَمْلُوكٍ أُقِيمَ عَلَيْهِ قِيمَةَ الْعَدْلِ فَأَعْطَى شُرَكَاءَهُ حِصَصَهُمْ وَأُعْتِقَ عَلَيْهِ الْعَبْدُ وَإِلَّا فَقَدْ أَعْتَقَ مِنْهُ مَا أَعْتَقَ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے غلام میں سے اپنے حصے کے مطابق آزاد کیا تو انصاف سے غلام کی قیمت لگوائی جائے گی اور باقی حصے داروں کو ان کے حصوں کی قیمت دے کر غلام کو آزاد کر دیا جائے گا ورنہ اس میں سے صرف اتنا ہی حصہ آزاد ہو گا جتنا آزاد کیا ہے۔

۵۴۳۔ حَدَّثَنَا مُؤَمَّلٌ قَالَ نَا إِسْمَعِيلُ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَاهُ قَالَ وَكَانَ نَافِعٌ رُبَّمَا قَالَ فَقَدْ عَتَقَ مِنْهُ مَا عَتَقَ وَرُبَّمَا لَمْ يَقُلْهُ۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ معناً روایت کرتے ہوئے ایوب نے کہا کہ نافع کبھی فرماتے، جتنا حصہ آزاد کیا ہے اتنا ہی آزاد ہو گا اور بعض اوقات الیسا نہ فرماتے۔

۵۴۴۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ نَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَذَا الْحَدِيثِ قَالَ أَيُّوبُ فَلَا أَدْرِي هُوَ فِي الْحَدِيثِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْ شَيْءٌ قَالَهُ نَافِعٌ وَإِلَّا عَتَقَ مِنْهُ مَا عَتَقَ۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اس حدیث میں ایوب کا بیان ہے کہ مجھے یہ معلوم نہیں کہ "وَإِلَّا عَتَقَ مِنْهُ مَا عَتَقَ" کے الفاظ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمائے یا نافع نے اپنی طرف سے کچھ اس میں سے کہا ہے۔

۵۴۵- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى الرَّازِيُّ قَالَ اَنَا عِيسَى قَالَ نَا عُبَيْدُ اللهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَعْتَقَ شِرْكًا مِنْ مَمْلُوكٍ لَهُ فَعَلَيْهِ عِتْقُهُ كُلُّهُ اِنْ كَانَ لَهُ مَالٌ يَبْلُغُ ثَمَنَهُ وَاِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ عُتِقَ نَصِيبُهُ۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے اپنے مشترک غلام میں سے اپنے حصّے کا آزاد کیا تو اُس پر لازم ہے کہ پورے کو آزاد کروائے جب کہ اُس کے پاس اتنا مال ہو جس سے باقی قیمت ادا کی جائے اور اگر اس کے پاس مال نہ ہو اُس کے حصّے کے مطابق ہی آزاد ہوگا۔

۵۴۶- حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ نَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ اَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَى اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُوسَى۔

مخلد بن خالد، یزید بن ہارون، یحییٰ بن سعید، نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ معناً موسیٰ بن ابراہیم کی طرح۔

۵۴۷- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْمَاءَ قَالَ نَا جُوَيْرِيَةُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَى مَالِكٍ وَلَمْ يَذْكُرْ وَاِلَّا فَقَدْ عَتَقَ مِنْهُ مَا عَتَقَ اِنْتَهَى حَدِيثُهُ اِلَى وَاُعْتِقَ عَلَيْهِ الْعَبْدُ عَلَى مَعْنَاهُ۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا۔ معناً امام مالک کی طرح روایت کی لیکن اس میں اِلَّا فَقَدْ عَتَقَ مِنْهُ مَا عَتَقَ کا ذکر نہیں کیا اور اپنی حدیث کو وَاُعْتِقَ عَلَيْهِ الْعَبْدُ پر ختم کر دیا، اُن کے معنے ہیں۔

۵۴۸- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ اَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَعْتَقَ شِرْكًا لَهُ فِي عَبْدٍ عَتَقَ مِنْهُ مَا بَقِيَ فِي مَالِهِ اِذَا كَانَ لَهُ مَا يَبْلُغُ ثَمَنَ الْعَبْدِ۔

سالم نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے کسی مشترک غلام میں سے اپنے حصّے کے مطابق آزاد کیا تو غلام کا باقی حصہ اُسی کے مال سے آزاد کیا جائے گا جب کہ اس کے پاس اتنا مال ہو جس سے غلام کی قیمت ادا کی جا سکے۔

۵۴۹- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيهِ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ الْعَبْدُ بَيْنَ اثْنَيْنِ فَاَعْتَقَ اَحَدُهُمَا نَصِيبَهُ فَاِنْ كَانَ مُوسِرًا يُقَوَّمُ عَلَيْهِ قِيمَةً لَا وَكْسَ وَلَا شَطَطَ ثُمَّ يُعْتَقُ۔

سالم نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ اُنہیں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی پہنچا کہ جو دو آدمیوں کا مشترک غلام ہو۔ ایک اُن میں سے اپنے حصّے کا آزاد کرنا چاہے۔ اگر وہ مالدار ہے تو غلام کی مناسب قیمت اُس پر ڈالی جائے گی۔ نہ کم کر کے اور نہ زیادہ کر کے۔ پھر اُسے آزاد کر دیا جائے گا۔

۵۵۰- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ قَالَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ نَا شُعْبَةُ عَنْ خَالِدٍ

ابو بشر عنبری کا بیان ہے کہ ابن التلب نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی نے مشترک غلام میں سے اپنے

عَنْ اَبِیْ بِشْرٍ الْعَنْبَرِیِّ عَنِ ابْنِ التَّلِبِّ عَنْ اَبِیْهِ اَنَّ رَجُلًا اَعْتَقَ نَصِیْبًا لَّهٗ مِنْ مَّمْلُوْكٍ فَلَمْ یُضَمِّنْهُ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَحْمَدُ اِنَّمَا هُوَ بِالتَّاءِ یَعْنِی التَّلِبَّ وَكَانَ شُعْبَةُ اَلْثَغَ لَمْ یُبَیِّنِ التَّاءَ مِنَ الثَّاءِ۔

حصے کا آزاد کر دیا تو نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے باقی قیمت کا اُسے ذمہ دار نہیں ٹھہرایا۔ امام احمد نے کہا کہ یہ نام ت کے ساتھ ہے یعنی ابن التلب اور شعبہ کی زبان سوئی تھی وہ ت اور ث میں تفریق نہیں کر سکتے تھے۔

بَابٌ ۲۱۴ فِیْمَنْ مَلَكَ ذَا رَحِمٍ مَحْرَمٍ۔

رشتہ دار محرم کا مالک ہونا

۵۵۱۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ وَمُوْسَى ابْنُ اِسْمٰعِیْلَ قَالَ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَلَكَ ذَا رَحِمٍ مَحْرَمٍ فَهُوَ حُرٌّ۔

مسلم بن ابراہیم اور موسیٰ بن اسماعیل، حماد بن سلمہ، قتادہ، حسن، حضرت سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو اپنے ذی رحم محرم کی ملکیت میں آگیا تو وہ آزاد ہے۔

۵۵۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَیْمَانَ الْاَنْبَارِیُّ قَالَ نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ عَنْ سَعِیْدٍ عَنْ قَتَادَةَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ مَنْ مَلَكَ ذَا رَحِمٍ مَحْرَمٍ فَهُوَ حُرٌّ۔

محمد بن سلیمان انباری، عبدالوہاب، سعید، قتادہ سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ جو اپنے ذی رحم محرم کی ملکیت میں آگیا وہ آزاد ہے۔

۵۵۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَیْمَانَ نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ عَنْ سَعِیْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ مَنْ مَلَكَ ذَا رَحِمٍ مَحْرَمٍ فَهُوَ حُرٌّ۔

محمد بن سلیمان، عبدالوہاب، سعید، قتادہ، حسن نے فرمایا کہ جو اپنے ذی رحم محرم کی ملکیت میں آگیا وہ آزاد ہے۔

۵۵۴۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ قَالَ نَا اُسَامَةُ عَنْ سَعِیْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ جَابِرِ ابْنِ زَیْدٍ وَالْحَسَنِ مِثْلَهٗ۔

ابوبکر بن ابو شیبہ، اُسامہ، سعید، قتادہ، جابر بن زید اور حسن نے حدیث مذکورہ کے مطابق فرمایا ہے۔

بَابٌ ۲۱۵ فِیْ عِتْقِ اُمَّهَاتِ الْاَوْلَادِ۔

اُمِّ ولد کی آزادی کا بیان

۵۵۵۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَیْلِیُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ خَطَّابِ بْنِ صَالِحٍ مَوْلَى الْاَنْصَارِ عَنْ اُمِّهٖ عَنْ سُلَامَةَ بِنْتِ مَعْقِلٍ اِمْرَاَةٍ مِّنْ خَارِجَةِ قَیْسِ عَیْلَانَ قَالَتْ قَدِمَ بِیْ عَمِّیْ فِی الْجَاهِلِیَّةِ فَبَاعَنِیْ مِنَ الْحُبَابِ بْنِ عَمْرٍو وَاَخِیْ اَبِی الْیُسْرِ بْنِ عَمْرٍو فَوَلَدْتُ

حضرت سلامہ بنت معقل رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے جو خارجہ قیس عیلان کی ایک عورت تھیں کہ زمانۂ جاہلیت میں میرا چچا مجھے لے کر آیا اور مجھے حباب بن عمرو کے ہاتھوں بیچ دیا جو ابوالیسر بن عمرو کے بھائی تھے۔ پھر وہ (حباب) فوت ہوگئے۔ پس میں نے حباب سے عبدالرحمان بن حباب نامی ایک لڑکا جنا۔ اُن کی بیوی نے کہا کہ خدا کی قسم، تمہیں قرضے میں بیچا

لَهُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْحُبَابِ ثُمَّ هَلَكَ فَقَالَتِ امْرَأَتُهُ الْآنَ وَاللّٰهِ تُبَاعِيْنَ فِيْ دَيْنِهِ فَأَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنِّيْ امْرَأَةٌ مِنْ خَارِجَةِ قَيْسِ عَيْلَانَ قَدِمَ بِيْ عَمِّيْ الْمَدِيْنَةَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَبَاعَنِيْ مِنَ الْحُبَابِ بْنِ عَمْرٍو أَخِيْ أَبِي الْيَسَرِ بْنِ عَمْرٍو فَوَلَدْتُ لَهُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْحُبَابِ فَقَالَتِ امْرَأَتُهُ الْآنَ وَاللّٰهِ تُبَاعِيْنَ فِيْ دَيْنِهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ وَلِيُّ الْحُبَابِ قِيْلَ أَخُوْهُ أَبُو الْيَسَرِ بْنُ عَمْرٍو فَبَعَثَ إِلَيْهِ فَقَالَ أَعْتِقُوْهَا فَإِذَا سَمِعْتُمْ بِرَقِيْقٍ قَدِمَ عَلَيَّ فَأْتُوْنِيْ أُعَوِّضْكُمْ مِنْهَا قَالَتْ فَأَعْتَقُوْنِيْ وَقَدِمَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَقِيْقٌ فَعَوَّضَهُمْ مِنِّيْ غُلَامًا۔

جائے گا۔ پس میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر کر عرض گزار ہوئی: یا رسول اللہ! میں خارجہ قیس عیلان کی عورت ہوں، دورِ جاہلیت میں میرا چچا مجھے مدینہ منورہ لے کر آیا اور حباب بن عمرو کے ہاتھوں مجھے فروخت کر دیا جو ابوالیسر بن عمرو کے بھائی تھے۔ میرے پیٹ سے اُن کا لڑکا عبدالرحمان بن حباب پیدا ہوا۔ اُن کی بیوی کہتی ہے کہ خدا کی قسم، اب تمہیں قرض کے باعث فروخت کیا جائے گا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حباب کا ولی کون ہے؟ عرض کی کہ اُن کا حقیقی بھائی ابوالیسر بن عمرو۔ آپ نے اُنہیں بلا کر فرمایا کہ اس عورت کو آزاد کر دو۔ جب تم سنو کہ میرے پاس لونڈی غلام آئے ہیں تو آنا تاکہ میں تمہیں بدلہ دوں۔ پس اُنہوں نے مجھے آزاد کر دیا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس غلام آئے تو آپ نے میرے بدلے اُنہیں ایک غلام عطا فرمایا۔

۵۵۶- حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ إِسْمٰعِيْلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ قَيْسٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ بِعْنَا أُمَّهَاتِ الْأَوْلَادِ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبِيْ بَكْرٍ فَلَمَّا كَانَ عُمَرُ نَهَانَا فَانْتَهَيْنَا۔

عطاء سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: ہم رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مبارک زمانہ میں اولاد والی لونڈیوں کو بیچ دیا کرتے تھے اور حضرت ابوبکر کے زمانے میں بھی۔ جب حضرت عمر کا دور آیا تو ہمیں روک دیا گیا۔ پس ہم رک گئے۔

ف۔ زمانۂ رسالت میں اُمِّ ولد کو فروخت کرنے کی اجازت تھی۔ وصال سے کچھ عرصے پہلے آپ نے ایسا کرنے سے منع فرما دیا ہوگا، بایں وجہ ممانعت کا حکم عام نہ ہو سکا اور حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مختصر سے دور میں بھی یہی معمول رہا۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنے دورِ خلافت میں ممانعت متحقق ہوئی ہوگی تو اُنہوں نے اُمِّ ولد کو فروخت کرنے سے منع فرما دیا۔ اگر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ممانعت نہ فرمائی ہوتی تو حضرت عمر کبھی ممانعت نہ فرما سکتے اور اگر بالفرض کوئی ایسا کرتا تو صحابۂ کرام کی قدسی جماعت کبھی اُسے تسلیم کرنے کی روادار نہ ہوتی۔ لہٰذا ماننا پڑتا ہے کہ زمانِ رسالت ہی میں ممانعت ثابت ہوئی ہوگی۔ اور آپ نے ممانعت وصال سے تھوڑا عرصہ پہلے ہی فرمائی ہوگی تب ہی تو حضرت ابوبکر کے دورِ خلافت میں ممانعت عام نہ ہونے کے باعث اجازت پر عمل ہوتا رہا۔ اہلِ حق کے ائمۂ اربعہ اور جمہور فقہاء کا یہی مذہب ہے کہ مولیٰ کی وفات کے بعد اُمِّ ولد خود بخود آزاد ہو جاتی ہے گی۔ وہ ترکے میں وارثوں کو نہیں مل سکتی اور مولیٰ بھی اپنی زندگی میں اُسے ہبہ یا فروخت نہیں کر سکتا، ہاں اپنی زندگی میں اُس سے فائدہ اُٹھا سکتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۲۱۶ فِي بَيْعِ الْمُدَبَّرِ

مدبّر کی بیع کا بیان

۵۵۷ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ قَالَ نَا هُشَيْمٌ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ عَطَاءٍ وَإِسْمٰعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ أَنَّ رَجُلًا أَعْتَقَ غُلَامًا لَهُ عَنْ دُبُرٍ مِنْهُ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ غَيْرُهُ فَأَمَرَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبِيعَ بِسَبْعِمِائَةٍ أَوْ بِتِسْعِمِائَةٍ۔

احمد بن حنبل، ہشیم، عبدالملک بن سلیمان، عطاء اور اسمٰعیل بن ابو خالد، سلمہ بن کہیل عطاء نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی نے اپنے مدبّر غلام کو آزاد کیا اور اس کے سوا اُس کا کوئی اور مال نہ تھا۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس کے متعلق حکم فرمایا تو اُسے سات سو یا نو سو میں فروخت کیا گیا۔

۵۵۸ - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُسَافِرٍ قَالَ نَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ قَالَ نَا الْأَوْزَاعِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي عَطَاءُ بْنُ أَبِي رَبَاحٍ قَالَ حَدَّثَنِي جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بِهٰذَا زَادَ وَقَالَ يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْتَ أَحَقُّ بِثَمَنِهِ وَاللهُ أَغْنَى عَنْهُ۔

جعفر بن مسافر، بشر بن بکر، اوزاعی، عطاء بن ابی رباح نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اس حدیث کو روایت کیا ہے۔ اس میں یہ بھی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، تم اس کی قیمت کے زیادہ حقدار ہو اور اللہ تعالیٰ کو اس کی ضرورت نہیں ہے۔

۵۵۹ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ قَالَ نَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ نَا أَيُّوبُ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ يُقَالُ لَهُ أَبُو مَذْكُورٍ أَعْتَقَ غُلَامًا لَهُ يُقَالُ لَهُ يَعْقُوبُ عَنْ دُبُرٍ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ غَيْرُهُ فَدَعَا بِهِ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَنْ يَشْتَرِيهِ فَاشْتَرَاهُ نُعَيْمُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ النَّحَّامِ بِثَمَانِ مِائَةِ دِرْهَمٍ فَدَفَعَهَا إِلَيْهِ ثُمَّ قَالَ إِذَا كَانَ أَحَدُكُمْ فَقِيرًا فَلْيَبْدَأْ بِنَفْسِهِ فَإِنْ كَانَ فِيهَا فَضْلٌ فَعَلَى عِيَالِهِ فَإِنْ كَانَ فِيهَا فَضْلٌ فَعَلَى ذِي قَرَابَتِهِ أَوْ قَالَ عَلَى ذِي رَحِمِهِ وَإِنْ كَانَ فَضْلًا فَهٰهُنَا وَهٰهُنَا۔

ابوالزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ انصار میں سے ابو مذکور نامی ایک شخص نے اپنے مدبّر غلام کو آزاد کیا جس کو یعقوب کہا جاتا تھا۔ جس کے سوا اس کے پاس اور مال نہ تھا۔ پس رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے بُلا کر فرمایا۔ اسے کون خریدتا ہے؟ چنانچہ نعیم بن عبداللہ بن نحام نے اُسے آٹھ سو درہم میں خریدا تو اُنہیں دے دیا گیا۔ پھر فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی غریب ہو تو پہلے اپنی جان کا خیال کرے۔ اگر اپنے سے زائد ہو تو اپنی اولاد کی فکر کرے۔ اگر اُن سے زائد مال ہو تو اپنے رشتہ داروں یا ذی رحم کا خیال کرے۔ اگر اُن سے بھی زائد ہو تو فلاں کا اور فلاں کا۔

باب ۲۱۷ فِيمَنْ أَعْتَقَ عَبِيدًا لَهُ وَلَمْ يَبْلُغْهُمُ الثُّلُثُ۔

جس نے اپنے غلاموں کو آزاد کیا جو تہائی مال تک نہیں پہنچے

۵۶۰ - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ نَا

ابوالمہلّب نے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حَمَّادٌ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ اَبِي الْمُهَلَّبِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ رَجُلًا اَعْتَقَ سِتَّةَ اَعْبُدٍ عِنْدَ مَوْتِهٖ لَمْ يَكُنْ لَهٗ مَالٌ غَيْرُهُمْ فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهٗ قَوْلًا شَدِيْدًا ثُمَّ دَعَاهُمْ فَجَزَّاَهُمْ ثَلَاثَةَ اَجْزَاءٍ فَاَقْرَعَ بَيْنَهُمْ فَاَعْتَقَ اثْنَيْنِ وَاَرَقَّ اَرْبَعَةً۔

سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی نے مرتے وقت چھ غلام آزاد کئے اور اُن کے سوا اس کے پاس اور مال نہ تھا۔ پس یہ بات نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک پہنچی تو آپ نے اُس آدمی کو جھڑکا اور انہیں بُلا کر تین حصوں میں تقسیم فرمایا۔ پس اُن کے درمیان قرعہ ڈالا تو دو غلاموں کو آزاد کر دیا اور چار کو برقرار رکھا۔

۵۶۱۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ كَامِلٍ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ يَعْنِي ابْنَ الْمُخْتَارِ نَا خَالِدٌ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ بِاِسْنَادِهٖ وَمَعْنَاهُ وَلَمْ يَقُلْ فَقَالَ لَهٗ قَوْلًا شَدِيْدًا۔

ابو کامل، عبدالعزیز بن مختار، خالد نے ابو قلابہ سے اپنی اسناد کے ساتھ اسے معنًا روایت کیا لیکن یہ نہیں کہا کہ آپ نے اُسے جھڑکا۔

۵۶۲۔ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ عَنْ خَالِدٍ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ اَبِيْ زَيْدٍ اَنَّ رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ بِمَعْنَاهُ وَقَالَ يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ شَهِدْتُهٗ قَبْلَ اَنْ يُّدْفَنَ لَمْ يُدْفَنْ فِيْ مَقَابِرِ الْمُسْلِمِيْنَ۔

وہب بن بقیہ، خالد، ابو قلابہ نے زید سے روایت کی ہے کہ انصار میں سے ایک آدمی نے۔ آگے معنًا روایت کی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اگر دفن کرنے سے پہلے میں اس کے جنازے میں شامل ہوتا تو اسے مسلمانوں کے قبرستان میں دفن نہ کیا جاتا۔

۵۶۳۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَتِيْقٍ وَاَيُّوْبَ عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ رَجُلًا اَعْتَقَ سِتَّةَ اَعْبُدٍ عِنْدَ مَوْتِهٖ وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ مَالٌ غَيْرُهُمْ فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَقْرَعَ بَيْنَهُمْ فَاَعْتَقَ اثْنَيْنِ وَاَرَقَّ اَرْبَعَةً۔

محمد بن سیرین نے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی نے مرتے وقت چھ غلام آزاد کئے اور اُن کے سوا اُس کے پاس اور مال نہ تھا۔ پس یہ بات نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک پہنچی تو آپ نے اُن (غلاموں) کے درمیان قرعہ ڈالا تو دو غلاموں کو آزاد کر دیا اور چار کو اُسی طرح غلامی میں برقرار رکھا۔

ف۔ مرنے والا اگر تہائی سے زیادہ مال کی وصیت کرے تو اس حدیث کے مطابق وہ وصیت صرف تہائی مال ہی میں نافذ ہوگی اور باقی مال وصیت کے مطابق خرچ نہیں کیا جائے گا بلکہ وارثوں کا حصّہ ہوگا اس حدیث کے مطابق متوفی کا کل مال صرف وہی چھ غلام تھے لہٰذا آزاد کرنے پر بھی اُنہیں آزاد شمار نہ کیا گیا بلکہ تہائی میں وصیت نافذ کرتے ہوئے دو غلاموں کو آزاد کیا گیا اور عدل و انصاف کے تقاضوں کو پورا کرنے کی غرض سے اُن میں دو دو افراد کے تین گروپ بنا کر اُن کے درمیان قرعہ اندازی کی گئی۔ جس گروپ کے نام قرعہ نکل آیا ان دونوں غلاموں کو آزاد کر دیا گیا اور باقی چاروں غلام رہے اور وارثوں کے حصے میں آئے۔

واللہ تعالیٰ اعلم

باب ۲۱۸ مَنْ اَعْتَقَ عَبْدًا وَلَهٗ مَالٌ۔

جس نے غلام کو آزاد کیا اور اس کے پاس مال ہو

۵۶۴۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ نَا

احمد بن صالح، ابن وہب، ابن لہیعہ اور لیث بن سعد،

ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ وَاللَّيْثُ ابْنُ سَعْدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي جَعْفَرٍ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْأَشَجِّ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَعْتَقَ عَبْدًا وَلَهُ مَالٌ فَمَالُ الْعَبْدِ لَهُ إِلَّا أَنْ يَشْتَرِطَ السَّيِّدُ۔

عبید اللہ بن ابو جعفر، بکیر بن الاشجع، نافع نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنا غلام آزاد کیا اور اُس (غلام) کا مال ہو تو غلام کا مال اُسی (غلام) کا ہے مگر جب کہ مالک شرط کرلے۔

بَابٌ ۲۱۹ فِي عِتْقِ وَلَدِ الزِّنَا۔

ولد الزنا کی آزادی کا بیان

۵۶۵۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى قَالَ أَخْبَرَنَا جَرِيرٌ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَدُ الزِّنَا شَرُّ الثَّلَاثَةِ وَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ لَأَنْ أُمَتِّعَ بِسَوْطٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أُعْتِقَ وَلَدَ زِنْيَةٍ۔

سہیل بن ابو صالح کے والد ماجد نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ولد الزنا تینوں طرف سے بُرا ہے۔ حضرت ابو ہریرہ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں ایک کوڑا دینا مجھے ولد الزنا کو آزاد کرنے سے زیادہ پسند ہے۔

بَابٌ ۲۲۰ فِي ثَوَابِ الْعِتْقِ۔

غلام آزاد کرنے کا ثواب

۵۶۶۔ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ مُحَمَّدٍ الرَّمْلِيُّ قَالَ نَا ضَمْرَةُ عَنِ ابْنِ أَبِي عَبْلَةَ عَنِ الْعَرِيفِ ابْنِ الدَّيْلَمِيِّ قَالَ أَتَيْنَا وَاثِلَةَ بْنَ الْأَسْقَعِ فَقُلْنَا لَهُ حَدِّثْنَا حَدِيثًا لَيْسَ فِيهِ زِيَادَةٌ وَلَا نُقْصَانٌ فَغَضِبَ وَقَالَ إِنَّ أَحَدَكُمْ لَيَقْرَأُ وَمُصْحَفُهُ مُعَلَّقٌ فِي بَيْتِهِ فَيَزِيدُ وَيَنْقُصُ قُلْنَا إِنَّمَا أَرَدْنَا حَدِيثًا سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَاحِبٍ لَنَا أَوْجَبَ يَعْنِي النَّارَ بِالْقَتْلِ فَقَالَ أَعْتِقُوا عَنْهُ يُعْتِقِ اللَّهُ بِكُلِّ عُضْوٍ مِنْهُ عُضْوًا مِنَ النَّارِ۔

عریف بن دیلمی کا بیان ہے کہ ہم حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے کہ ہم سے اس طرح حدیث بیان فرمایئے جس میں کمی بیشی نہ ہو۔ وہ ناراض ہوئے اور فرمایا۔ تم میں سے ہر ایک تلاوت کرتا ہے اور قرآنِ مجید اس کے گھر میں لٹکا ہوا ہوتا ہے، پس اس سے کمی بیشی ہو جاتی ہے۔ ہم عرض گزار ہوئے کہ ہمارا ارادہ یہ ہے کہ ہم اس سے وہ حدیث بیان فرمایئے جو آپ نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے خود سُنی ہو۔ فرمایا کہ ہم نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں اپنے ایک ساتھی کی وجہ سے حاضر ہوئے جس نے قتل کر کے اپنے لیے جہنم واجب کر لی تھی۔ فرمایا کہ اُس کی طرف سے غلام آزاد کرو تا کہ غلام کے ہر عضو کے بدلے اللہ اسکے ہر عضو کو جہنم سے آزاد کر دے۔

بَابٌ ۲۲۱ أَيُّ الرِّقَابِ أَفْضَلُ۔

کونسا غلام افضل ہے؟

۵۶۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ نَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ عَنْ مَعْدَانَ بْنِ

ابراہیم بن موسیٰ، معاذ بن ہشام، اُن کے والد ماجد، قتادہ سالم بن ابو جعد، معدان بن ابو طلحہ یعمری، حضرت ابو نجیح سلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

أَبِي طَلْحَةَ الْيَعْمُرِيِّ عَنْ أَبِي نَجِيحٍ السُّلَمِيِّ قَالَ حَاصَرْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَصْرِ الطَّائِفِ قَالَ مُعَاذٌ سَمِعْتُ أَبِي يَقُولُ بِقَصْرِ الطَّائِفِ بِحِصْنِ الطَّائِفِ كُلُّ ذٰلِكَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ بَلَغَ بِسَهْمٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَلَهُ دَرَجَةٌ وَسَاقَ الْحَدِيثَ وَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ أَيُّمَا رَجُلٍ مُسْلِمٍ أَعْتَقَ رَجُلًا مُسْلِمًا فَإِنَّ اللّٰهَ جَاعِلٌ وِقَاءَ كُلِّ عَظْمٍ مِنْ عِظَامِهِ عَظْمًا مِنْ عِظَامِ مُحَرِّرِهِ مِنَ النَّارِ وَأَيُّمَا امْرَأَةٍ أَعْتَقَتِ امْرَأَةً مُسْلِمَةً فَإِنَّ اللّٰهَ جَاعِلٌ وِقَاءَ كُلِّ عَظْمٍ مِنْ عِظَامِهَا عَظْمًا مِنْ عِظَامِ مُحَرِّرِهَا مِنَ النَّارِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔

علیہ وسلم کے ساتھ طائف کے محل میں پہنچے۔ معاذ کا بیان ہے کہ میں نے اپنے والدِ محترم کو فرماتے ہوئے سنا کہ طائف کے قلعے میں محل کے اندر، اور میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جسے اللہ کی راہ میں ایک تیر لگا تو اس کے لیے ایک درجہ ہے اور باقی حدیث بیان کی۔ اور میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو مسلمان مرد کو آزاد کرے تو اللہ تعالیٰ اُس (غلام) کی ہر ہڈی کے بدلے آزاد کرنے والے کی ہر ہڈی کو جہنم سے بچائے گا اور جو عورت کسی مسلمان عورت کو آزاد کرے تو اللہ تعالیٰ اس (لونڈی) کی ہر ہڈی کے بدلے آزاد کرنے والی کی ہر ہڈی کو قیامت کے روز جہنم سے بچائے گا۔ (یعنی لونڈی غلام اُن کی طرف سے کفارہ ہو جائیں گے)۔

۵۶۸۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ نَجْدَةَ قَالَ نَا بَقِيَّةُ قَالَ نَا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ حَدَّثَنِي سُلَيْمُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ شُرَحْبِيلَ ابْنِ السِّمْطِ أَنَّهُ قَالَ لِعَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ حَدِّثْنَا حَدِيثًا سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ أَعْتَقَ رَقَبَةً مُؤْمِنَةً كَانَتْ فِدَاءَهُ مِنَ النَّارِ۔

شرجیل بن السمط کا بیان ہے کہ میں حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں عرض گزار ہوا۔ ہم سے کوئی حدیث بیان فرمائیے جو آپ نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنی ہو؟ ارشاد ہوا کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا۔ جس نے ایمان والی کسی گردن کو آزاد کیا تو وہ جہنم سے آزاد ہونے کا آزاد کرنے والے کے لیے فدیہ ہو جائے گا۔

۵۶۹۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ قَالَ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ السِّمْطِ أَنَّهُ قَالَ لِكَعْبِ بْنِ مُرَّةَ أَوْ مُرَّةَ بْنِ كَعْبٍ حَدِّثْنَا حَدِيثًا سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ مَعْنَى مُعَاذٍ إِلَى قَوْلِهِ وَأَيُّمَا امْرِئٍ أَعْتَقَ مُسْلِمًا أَوْ أَيُّمَا امْرَأَةٍ أَعْتَقَتِ امْرَأَةً مُسْلِمَةً وَزَادَ أَيُّمَا رَجُلٍ

شرجیل بن السمط نے حضرت کعب بن مرہ یا حضرت مرہ بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عرض کی کہ ہم سے ایسی حدیث بیان فرمائیے جو آپ نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنی ہو! پھر معنًا وایما امرئٍ اعتق مسلماً او ایما امرأۃٍ اعتقت امرأۃً مسلمۃً تک بیان کی۔ یہ بھی کہا کہ جس مرد نے دو مسلمان عورتوں کو آزاد کیا تو وہ اُس کے لیے جہنم سے کفارہ ہو جائیں گی۔ اور دونوں کی ہڈیاں اُس کی ہر ہڈی کے بدلے میں جہنم سے کفایت کریں گی۔

أَعْتَقَ امْرَأَتَيْنِ مُسْلِمَتَيْنِ إِلَّا كَانَتَا فِكَاكَهُ مِنَ النَّارِ يُجْزِي مَكَانَ كُلِّ عَظْمَيْنِ مِنْهُمَا عَظْمٌ مِنْ عِظَامِهِ۔

بَابٌ ۲۲ فِي فَضْلِ الْعِتْقِ فِي الصِّحَّةِ۔

تندرستی میں آزاد کرنے کی فضیلت

۵۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ قَالَ نَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ أَبِي حَبِيبَةَ الطَّائِيِّ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الَّذِي يُعْتِقُ عِنْدَ الْمَوْتِ كَمَثَلِ الَّذِي يُهْدِي إِذَا شَبِعَ۔

أٰخِرُ كِتَابِ الْعِتَاقِ۔

ابو حبیبہ طائی نے حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو مرتے وقت غلام آزاد کرے وہ ایسا ہے جیسے کوئی پیٹ بھر جانے کے بعد کھانا دوسرے کو دے۔ کتاب العتاق ختم ہوئی۔

ف۔ غلامی کا دور تو بفضلہٖ تعالیٰ گزر گیا۔ اگر کوئی مرتے وقت غلام آزاد کرتا یا صدقہ وخیرات کرے تو اس کی مثال اس سے بہتر کیا ہو سکتی ہے کہ یہ فعل اپنا پیٹ بھر جانے کے بعد باقی کھانا دوسرے کو دینے کی طرح ہے۔ معلوم ہوا کہ صدقہ وخیرات کا اصلی وقت تو وہ ہے جب خیرات کرنے والے کو خود بھی مال کی ضرورت ہو۔ ضرورت اور صحت کی حالت میں خیرات کرنے پر جو اجر ملے گا وہ مرتے وقت کی خیرات میں کہاں؟ اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ اس وقت کی خیرات کا اجر نہیں ملے گا۔ اجر تو ضرور ملے گا لیکن ضرورت وصحت کی حالت میں خیرات کرنے کے اجر سے کم۔ اگر دونوں حالتوں میں خیرات کی جائے یعنی ضرورت وصحت کے وقت اور مرتے دم بھی تو کیا ہی بات ہے لیکن مرتے وقت تہائی مال سے آگے تجاوز کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

أول كتاب الحروف والقراءات

حروف اور قرأتوں کا بیان

٥٧١- حدثنا عبد الله بن محمد النفيلي نا حاتم بن إسمعيل ح وحدثنا نصر بن عاصم نا يحيى ابن سعيد عن جعفر بن محمد عن أبيه عن جابر أن النبي صلى الله عليه وسلم قرأ واتخذوا من مقام ابراهيم مصلى.

عبداللہ بن محمد نفیلی، حاتم بن اسمٰعیل، نصر بن عاصم، یحییٰ بن سعید، جعفر بن محمد کے والد ماجد نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے واتخذوا من مقام ابراہیم مصلّی کی تلاوت فرمائی۔

٥٧٢- حدثنا موسى يعني ابن إسمعيل نا حماد عن هشام بن عروة عن عروة عن عائشة أن رجلا قام من الليل يقرأ فرفع صوته بالقرآن فلما أصبح قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يرحم الله فلانا كائن من آية أذكرنيها الليلة كنت قد أسقطتها.

عروہ بن زبیر نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی نے رات کو قیام کیا اور قرأت پڑھنے لگا تو قرآن مجید پڑھتے ہوئے اس نے آواز بلند رکھی۔ صبح کے وقت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فلاں پر رحم کرے کہ رات اس نے مجھے کئی آیتیں یاد کروا دیں جو میرے ذہن سے نکلنے لگی تھیں۔

٥٧٣- حدثنا قتيبة بن سعيد نا عبد الواحد بن زياد نا خصيف نا مقسم مولى ابن عباس قال قال ابن عباس نزلت هذه الآية وما كان لنبي أن يغل في قطيفة حمراء فقدت يوم بدر فقال بعض الناس لعل رسول الله صلى الله عليه وسلم أخذها فأنزل الله وما كان لنبي أن يغل.

مقسم مولیٰ ابن عباس سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: یہ آیت: وما کان لنبی ان یغل ایک سرخ چادر کے متعلق نازل ہوئی جو غزوۂ بدر کے روز گم ہو گئی تھی۔ بعض لوگوں نے کہا کہ شاید رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے لے لیا ہو۔ پس اللہ تعالیٰ نے وحی نازل فرمائی۔ نبی پر یہ گمان نہیں ہو سکتا کہ وہ کچھ چھپا رکھے۔ (۳:۱۶۱)

٥٧٤- حدثنا محمد بن عيسى نا معتمر قال سمعت أبي يقول سمعت أنس بن مالك يقول قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اللهم إني أعوذ بك من البخل والهرم.

معمر کے والد ماجد نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ! میں بخل اور بڑھاپے سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

۵۷۵۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ عَنْ إِسْمٰعِيلَ بْنِ كَثِيرٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ لَقِيطِ بْنِ صَبِرَةَ عَنْ أَبِيهِ لَقِيطِ بْنِ صَبِرَةَ قَالَ كُنْتُ وَافِدَ بَنِي الْمُنْتَفِقِ أَوْ فِي وَفْدِ بَنِي الْمُنْتَفِقِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ فَقَالَ يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَحْسِبَنَّ وَلَمْ يَقُلْ لَا تَحْسَبَنَّ۔

عاصم بن لقیط بن صبرہ کا بیان ہے کہ ان کے والد ماجد حضرت لقیط بن صبرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، میں بنی منتفق کا وفد لے کر آیا یا بنی منتفق کے وفد میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ پھر باقی حدیث بیان کی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لاتحسِبن پڑھا اور لاتحسَبن نہ پڑھا یعنی سین کے زیر سے پڑھا۔

۵۷۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى نَا سُفْيَانُ نَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَحِقَ الْمُسْلِمُونَ رَجُلًا فِي غُنَيْمَةٍ لَهُ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ فَقَتَلُوهُ وَأَخَذُوا تِلْكَ الْغُنَيْمَةَ فَنَزَلَتْ وَلَا تَقُولُوا لِمَنْ أَلْقَى إِلَيْكُمُ السَّلَمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا تَبْتَغُونَ عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا تِلْكَ الْغُنَيْمَةَ۔

عطاء سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا، مسلمانوں کو ایک آدمی ملا جو اپنی بکریوں میں تھا، اس نے سلام کیا۔ اس نے سلام کیا لیکن انہوں نے اُسے قتل کر دیا اور اس کی بکریاں لے لیں تو یہ آیت نازل ہوئی "اور نہ کہو جو تمہیں سلام کرے کہ تو مسلمان نہیں ہے، تم دنیا کی زندگی کا مال چاہتے ہو (۴: ۹۴) یعنی بکریاں۔

۵۷۷۔ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ نَا ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ ح وَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْأَنْبَارِيُّ نَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي الزِّنَادِ وَهُوَ أَشْبَعُ عَنْ أَبِيهِ عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَأُ غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ وَلَمْ يَقُلْ سَعِيدٌ كَانَ يَقْرَأُ۔

سعید بن منصور، ابن ابی الزناد ــ محمد بن سلیمان انباری، حجاج بن محمد، ابو الزناد، اُن کے والد ماجد، خارجہ بن زید نے اپنے والد ماجد حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غیرُ اُولی الضرر پڑھا کرتے تھے۔ سعید بن منصور نے کان یقرءُ نہیں کہا۔

۵۷۸۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَا نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ نَا يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ عَنْ أَبِي عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَرَأَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْعَيْنُ بِالْعَيْنِ۔

عثمان بن ابو شیبہ اور محمد بن علاء، عبداللہ بن مبارک، یونس بن یزید، ابو علی بن یزید، زہری، حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے والعینُ بالعین پڑھا۔

۵۷۹۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ أَخْبَرَنِي أَبِي أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَأَ وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيهَا أَنَّ

نصر بن علی، اُن کے والد ماجد، عبداللہ بن مبارک، یونس بن یزید، ابو علی، زہری نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

النَّفْسَ بِالنَّفْسِ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ۔

نے وکتبنا علیہم ان النفس بالنفس والعین بالعین (۵:۴۵) پڑھا۔

۵۸۰۔ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا زُهَيْرٌ نَا فُضَيْلُ بْنُ مَرْزُوقٍ عَنْ عَطِيَّةَ بْنِ سَعْدٍ الْعَوْفِيِّ قَالَ قَرَأْتُ عَبْدَ اللهِ بْنِ عُمَرَ اللهُ الَّذِي خَلَقَكُمْ مِنْ ضَعْفٍ فَقَالَ مِنْ ضُعْفٍ قَرَأْتُهَا عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا قَرَأْتَهَا عَلَيَّ فَأَخَذَ عَلَيَّ كَمَا أَخَذْتُ عَلَيْكَ۔

عطیہ بن سعد عوفی کا بیان ہے کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے سامنے اللہ الذی خلقکم من ضَعف پڑھا تو انہوں نے فرمایا کہ من ضُعف ہے کیونکہ میں نے اسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور اسی طرح پڑھا تھا جیسے تم نے میرے سامنے پڑھا ہے تو حضور نے مجھ پر اسی طرح گرفت فرمائی تھی جیسے میں نے تم پر کی ہے۔

۵۸۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقُطَعِيُّ نَا عُبَيْدٌ يَعْنِي ابْنَ عُقَيْلٍ عَنْ هَارُونَ عَنْ عَبْدِ اللهِ ابْنِ جَابِرٍ عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ ضُعْفٍ۔

محمد بن یحییٰ قطعی، عبید بن عقیل، ہارون، عبداللہ بن جابر، عطیہ نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے من ضُعف پڑھا۔

۵۸۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَسْلَمَ الْمِنْقَرِيِّ عَنْ عَبْدِ اللهِ عَنْ أَبِيهِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبْزَى قَالَ قَالَ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ بِفَضْلِ اللهِ وَبِرَحْمَتِهِ فَبِذَلِكَ فَلْتَفْرَحُوا۔

محمد بن کثیر، سفیان، اسلم منقری، عبداللہ، اُن کے والد ماجد عبدالرحمان ابن ابزی سے روایت ہے کہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بفضل اللہ وبرحمتہ فبذالک فلتفرحوا کہا۔

۵۸۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ نَا الْمُغِيرَةُ بْنُ سَلَمَةَ نَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنِ الْأَجْلَحِ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبْزَى عَنْ أَبِيهِ عَنْ أُبَيٍّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَأَ بِفَضْلِ اللهِ وَبِرَحْمَتِهِ فَبِذَلِكَ فَلْتَفْرَحُوا هُوَ خَيْرٌ مِمَّا تَجْمَعُونَ۔

محمد بن عبداللہ، مغیرہ بن سلمہ، ابن المبارک، اجلح، عبداللہ، اُن کے والد ماجد عبدالرحمان بن ابزی، ان کے والد محترم نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بفضل اللہ وبرحمتہ فبذالک فلتفرحوا ھو خیر مما تجمعون پڑھا۔

۵۸۴۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيدَ أَنَّهَا سَمِعَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ إِنَّهُ عَمِلَ غَيْرَ صَالِحٍ۔

موسیٰ بن اسمٰعیل، حماد، ثابت، شہر بن حوشب، حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو انہ عمل غیر صالح پڑھتے ہوئے سُنا۔

۵۸۵۔ حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ الْمُخْتَارِ نَا ثَابِتٌ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ قَالَ سَأَلْتُ أُمَّ سَلَمَةَ كَيْفَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى

شہر بن حوشب کا بیان ہے کہ میں نے حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس آیت و انہ عمل غیر صالح کو کیسے پڑھا کرتے تھے؟ انہوں

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقْرَأُ ھٰذِہِ الْاٰیَۃَ اَنَّہٗ عَمَلٌ غَیْرُ صَالِحٍ فَقَالَتْ قَرَأَھَا اَنَّہٗ عَمِلَ غَیْرَ صَالِحٍ قَالَ اَبُوْدَاؤدَ رَوَاہُ ھَارُوْنُ النَّحْوِیُّ وَمُوْسٰی بْنُ خَلَفٍ عَنْ ثَابِتٍ کَمَا قَالَ عَبْدُ الْعَزِیْزِ۔

نے فرمایا کہ اسے انہ عمل غیر صالح پڑھا ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے ہارون نحوی اور موسیٰ بن خلف نے ثابت سے عبدالعزیز کی طرح۔

۵۸۶۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاھِیْمُ بْنُ مُوْسٰی اَنَا عِیْسٰی عَنْ حَمْزَۃَ الزَّیَّاتِ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنْ سَعِیْدِ ابْنِ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ اُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا دَعَا بَدَأَ بِنَفْسِہٖ وَقَالَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْنَا وَعَلٰی مُوْسٰی لَوْصَبَرَ لَرَاٰی مِنْ صَاحِبِہِ الْعَجَبَ وَلٰکِنَّہٗ قَالَ اِنْ سَاَلْتُکَ عَنْ شَیْءٍ بَعْدَھَا فَلَا تُصَاحِبْنِیْ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّیْ طَوَّلَھَا حَمْزَۃُ۔

سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباس سے روایت کی ہے کہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب دعا کرتے تو اپنی ذات سے ابتداء فرماتے، اور ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہم پر اور حضرت موسےٰ پر رحم فرمائے اگر وہ اور صبر کرتے تو ہم ان کے ساتھی (حضرت خضر) کی عجیب باتیں اور دیکھتے لیکن انہوں نے کہہ دیا:۔ اگر آپ نے اس کے بعد کسی چیز کے متعلق مجھ سے پوچھا تو آپ میرے ساتھ نہیں رہیں گے۔ میری جانب سے آپ کا عذر ختم ہو جائے گا۔ حمزہ نے اس کو طول (تشدید) کے ساتھ پڑھا ہے۔

ف: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھی سے یہاں حضرت خضر علیہ السلام مراد ہیں۔ یہ جس زمین پر بیٹھتے وہاں سبزہ اُگ آتا، اسی لیے خضر کے لقب سے مشہور ہو گئے۔ لقب ابوالعباس اور اسم گرامی بلیا ابن ملکان ہے۔ سلسلہ نسب یہ ہے:۔ بلیا ابن ملکان ابن فالغ ابن عابر ابن شالخ، ابن ارفخشد، ابن سام، ابن نوح۔ یہ اُن چار انبیاء میں سے ہیں جنہیں دنیاوی زندگی بھی قیامت تک ملی ہوئی ہے۔ ان میں سے حضرت ادریس اور حضرت عیسےٰ علیہما السلام تو آسمانوں میں ہیں اور حضرت الیاس و خضر علیہما السلام زمین میں۔ حضرت خضر اب امتِ محمدیہ کے ایک ولی کی حیثیت سے ہیں۔ جس طرح حضرت عیسےٰ علیہ السلام آخر زمانے میں نبی اور صاحبِ کتاب پیغمبر ہوتے کے باوجود امتِ محمدیہ کے ایک ولی کی حیثیت میں اپنی باقی زندگی دنیاوی پوری کریں گے۔ یہ حضرات منصب نبوت سے معزول نہیں ہوئے نہ ہوں گے بلکہ امتِ محمدیہ کے اولیاء میں شامل ہونے کے باعث دوہرا شرف حاصل ہو جائے گا۔ اس حدیث کے اندر خضر کے جس واقعہ کی جانب اشارہ ہے وہ سورۃ الکھف کے اندر آیت ۶۰ تا ۸۲ یعنی ۲۳ آیتوں میں مذکور ہوا ہے۔ چشم بصیرت اور نگاہِ انصاف سے دیکھنا نصیب ہو تو یہ واقعہ موجودہ خارجیت کے عقائدِ باطلہ کو اور خیالاتِ فاسدہ کو حرفِ غلط کی طرح مٹا دیتا ہے۔ شریعت و طریقت کے مجمع البحرین اور حسین امتزاج کو ایسے پیرائے میں دکھایا گیا ہے کہ حقیقت کا جتنا علم ہوتا جائے اُتنا ہی تعجب میں اضافہ ہوتا ہے۔ علم لدنی اور منصبِ ولایت کو ان آیات کی روشنی میں سمجھنے کی کوشش کی جائے تو بڑی حد تک نجدیت کے جراثیم ختم ہو جاتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

۵۸۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰہِ الْعَنْبَرِیُّ نَا اُمَیَّۃُ بْنُ خَالِدٍ نَا اَبُو الْجَارِیَۃِ الْعَبْدِیُّ عَنْ شُعْبَۃَ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ

محمد بن عبدالرحمان ابوعبداللہ عنبری، امیہ بن خالد، ابو الجاریہ عبدی، شعبہ، ابو اسحاق، سعید بن جبیر، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت

عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَرَأَهَا قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَدُنِّي وَثَقَّلَهَا۔

ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قد بلغت من لدنّی کے ن کو ثقالت یعنی تشدید کے ساتھ پڑھا۔

۵۸۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَسْعُودٍ نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ نَا مُحَمَّدُ بْنُ دِينَارٍ نَا سَعِيدُ بْنُ أَوْسٍ عَنْ مِصْدَعٍ أَبِي يَحْيَى قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ أَقْرَأَنِي أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ كَمَا أَقْرَأَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي عَيْنٍ حَمِئَةٍ مُخَفَّفَةً۔

مصدع ابو یحییٰ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا کہ مجھے حضرت ابی بن کعب نے اسی طرح پڑھایا جیسے انہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پڑھایا تھا کہ فی عین حمئۃ تخفیف کے ساتھ۔

۵۸۹۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ الْفَضْلِ نَا وُهَيْبٌ أَنَا هَارُونُ أَخْبَرَنِي أَبَانُ بْنُ تَغْلِبَ عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الرَّجُلَ مِنْ أَهْلِ عِلِّيِّينَ لَيُشْرِفُ عَلَى أَهْلِ الْجَنَّةِ فَتُضِيءُ الْجَنَّةُ بِوَجْهِهِ كَأَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ قَالَ وَهَكَذَا جَاءَ الْحَدِيثُ دُرِّيٌّ مَرْفُوعَةَ الدَّالِ لَا تُهْمَزُ وَإِنَّ أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ لَمِنْهُمْ وَأَنْعَمَا۔

عطیہ عوفی نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک آدمی جنت کے اعلیٰ درجے سے جب نیچے جھانکے گا تو اس کے چہرے سے جنت موتی کی طرح دمکتے ہوئے تارے کے مانند جگمگا اٹھے گی۔ راوی کا بیان ہے کہ حدیث میں دریٌ دال کے پیش ہی سے آیا ہے بغیر ہمزہ کے اور ابو بکر و عمر ان میں سے ہیں اور دونوں انعام یافتہ۔

۵۹۰۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَهَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ قَالَا نَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ الْحَكَمِ النَّخَعِيُّ نَا أَبُو سَبْرَةَ النَّخَعِيُّ عَنْ فَرْوَةَ بْنِ مُسَيْكٍ الْغُطَيْفِيِّ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَخْبِرْنَا عَنْ سَبَإٍ مَا هُوَ أَرْضٌ أَوِ امْرَأَةٌ قَالَ لَيْسَ بِأَرْضٍ وَلَا امْرَأَةٍ وَلَكِنَّهُ رَجُلٌ وَلَدَ عَشَرَةً مِنَ الْعَرَبِ فَتَيَامَنَ سِتَّةٌ وَتَشَاءَمَ أَرْبَعَةٌ قَالَ عُثْمَانُ الْغَطَفَانِيُّ مَكَانَ الْغُطَيْفِيِّ وَقَالَ نَا الْحَسَنُ بْنُ الْحَكَمِ النَّخَعِيُّ۔

عثمان بن ابو شیبہ اور ہارون بن عبد اللہ، ابو اسامہ، حسن بن حکم نخعی، ابو سبرہ نخعی، حضرت فروہ بن مسیک عطیفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا۔ آگے باقی حدیث بیان کی۔ ہماری قوم سے ایک شخص عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ ہمیں سبا کے متعلق بتلائیے کہ وہ کوئی جگہ ہے یا عورت؟ فرمایا کہ نہ وہ جگہ ہے اور نہ کوئی عورت بلکہ عرب کا ایک آدمی تھا جس کے دس بیٹے ہوئے۔ چھ یمن میں آباد ہوئے اور چار شام میں۔ عثمان راوی نے حسن بن حکم کے حوالے سے غطیفی کی جگہ غطفانی کہا ہے۔ (یعنی الغطفانی)

ف۔ معلوم ہوا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو علم انساب میں بھی خاص مہارت حاصل تھی کہ ملکِ سبا کی وجہِ تسمیہ بتاتے

ہوئے اُن لوگوں کے جدِ اعلیٰ اور اُن کی اولاد و اوطان کے بارے میں بھی بتادیا اور آپ کی بدولت یہ بات بھی لوگوں کے علم میں آگئی کہ ملک سبا پر حکومت کرنے والی عورت کا نام بلقیس بنت شراحیل تھا جنہیں بعد میں حضرت سلیمان علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے شرفِ زوجیت سے نوازا تھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

۵۹۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ وَإِسْمٰعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَبُو مَعْمَرٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَمْرٍو عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ نَا أَبُو هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِسْمٰعِيلُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رِوَايَةً فَذَكَرَ حَدِيثَ الْوَحْيِ قَالَ فَذٰلِكَ قَوْلُهُ تَعَالٰى حَتّٰى إِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوبِهِمْ۔

احمد بن عبدہ اور اسمٰعیل بن ابراہیم، ابو معمر، سفیان، عمرو، عکرمہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اسمٰعیل نے روایتِ ابوہریرہ سے حدیثِ وحی کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا: ارشادِ باری تعالیٰ یہ ہے حتیٰ اذا فزع عن قلوبھم۔

۵۹۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ النَّيْسَابُورِيُّ نَا إِسْحٰقُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّازِيُّ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا جَعْفَرٍ يَذْكُرُ عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ أَنَسٍ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ قَرَأَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَلٰى قَدْ جَاءَتْكِ آيَاتِي فَكَذَّبْتِ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتِ وَكُنْتِ مِنَ الْكَافِرِينَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ هٰذَا مُرْسَلٌ الرَّبِيعُ لَمْ يُدْرِكْ أُمَّ سَلَمَةَ۔

ربیع بن انس سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت امّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قرأت یہ ہے: بلیٰ قد جاءتک آیاتی فکذبت بہا واستکبرت وکنت من الکافرین۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ربیع کی یہ روایت مرسل ہے کیونکہ انہوں نے حضرت امّ سلمہ کو نہیں پایا تھا۔

۵۹۳۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَأَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ قَالَا نَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ عَطَاءٍ قَالَ ابْنُ حَنْبَلٍ يَعْنِي عَنْ عَطَاءٍ قَالَ ابْنُ حَنْبَلٍ لَمْ أَفْهَمْهُ جَيِّدًا عَنْ صَفْوَانَ قَالَ ابْنُ عَبْدَةَ بْنِ يَعْلٰى عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقْرَأُ وَنَادَوْا يَا مَالِكُ۔

احمد بن حنبل اور احمد بن عبدہ، سفیان، عمرو نے عطاء سے روایت کی، ابن حنبل نے عطاء سے روایت کی۔ امام احمد بن حنبل نے فرمایا کہ صفوان سے اس کی اسناد میں سمجھ نہیں سکا۔ عبدہ بن یعلیٰ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی وہ اُن کا بیان ہے کہ میں نے منبر پر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پڑھتے ہوئے سنا۔ ونادوا یا مالک (۴۳: ۷۷)

۵۹۴۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ نَا أَبُو أَحْمَدَ أَنَا إِسْرَائِيلُ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ أَقْرَأَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي أَنَا الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِينُ۔

عبدالرحمان بن یزید سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے انی انا الرزاق ذوالقوۃ المتین (۵۱: ۵۸) پڑھایا تھا۔

۵۹۵۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا شُعْبَةُ

اسود نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ

عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَقْرَؤُھَا فَھَلْ مِنْ مُدَّکِرٍ قَالَ اَبُوْدَاوُدَ مَضْمُوْمَۃُ الْمِیْمِ مَفْتُوْحَۃُ الدَّالِ مَکْسُوْرَۃُ الْکَافِ۔

سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسے فہل من مدکر (۵۴ : ۱۵) پڑھا کرتے تھے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ میم کے پیش، دال کے زبر اور کاف کے زیر سے۔

۵۹۶۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاھِیْمَ نَا ھَارُوْنُ ابْنُ مُوْسَی النَّحْوِیُّ عَنْ بُدَیْلِ بْنِ مَیْسَرَۃَ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ شَقِیْقٍ عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقْرَؤُھَا فَرُوْحٌ وَرَیْحَانٌ۔

عبداللہ بن شقیق سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فروح وریحانٌ (۸۹:۵۶) پڑھتے ہوئے سُنا۔

۵۹۷۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَبْدُ الْمَلِکِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الذِّمَارِیُّ نَا سُفْیَانُ حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْکَدِرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ رَاَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقْرَاُ اَیَحْسَبُ اَنَّ مَالَہٗ اَخْلَدَہٗ۔

محمد بن منکدر سے روایت ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں نے دیکھا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسے اَیَحْسَبُ اَنَّ مالہ اخلدہ پڑھا کرتے۔

۵۹۸۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا شُعْبَۃُ عَنْ خَالِدٍ عَنْ اَبِیْ قِلَابَۃَ عَمَّنْ اَقْرَاَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَیَوْمَئِذٍ لَا یُعَذَّبُ عَذَابَہٗ اَحَدٌ وَلَا یُوْثَقُ وَثَاقَہٗ اَحَدٌ۔

ابوقلابہ نے اُن سے روایت کی ہے جنہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یوں پڑھایا: فیومئذٍ لا یعذب عذابہ احدٌ ولا یوثق وثاقہ احدٌ (۸۹ : ۲۶)

۵۹۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَیْدٍ نَا حَمَّادٌ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ اَبِیْ قِلَابَۃَ قَالَ اَنْبَاَنِیْ مَنْ اَقْرَاَہُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَوْ مَنْ اَقْرَاَہٗ مَنْ اَقْرَاَہُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَیَوْمَئِذٍ لَا یُعَذَّبُ۔

ابوقلابہ کا بیان ہے کہ مجھے اُن صاحب نے بتایا یا مجھے اُنہوں نے پڑھایا جنہیں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فیومئذٍ لا یعذَّب پڑھایا تھا۔

۶۰۰۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَیْبَۃَ وَمُحَمَّدُ ابْنُ الْعَلَاءِ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ اَبِیْ عُبَیْدَۃَ حَدَّثَھُمْ قَالَ نَا اَبِیْ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ سَعْدٍ الطَّائِیِّ عَنْ عَطِیَّۃَ الْعَوْفِیِّ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ قَالَ حَدَّثَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَدِیْثًا ذَکَرَ فِیْہِ جِبْرِئِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ فَقَالَ

عثمان بن ابوشیبہ اور محمد بن العلاء، محمد بن ابو عبیدہ، ان کے والد ماجد، اعمش، سعد طائی، عطیہ عوفی کا بیان ہے کہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک حدیث بیان فرمائی اور اُس میں حضرت جبرائیل و حضرت میکائیل کا ذکر فرمایا تو آپ نے پڑھا: جبرئل ومیکائل (۲ : ۹۸)۔

جِبْرِيلُ وَمِيكَائِيلُ۔

۶۰۱۔ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ أَخْزَمَ حَدَّثَنَا بِشْرٌ يَعْنِي ابْنَ عُمَرَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ حَازِمٍ قَالَ ذُكِرَ كَيْفَ قِرَاءَةُ جِبْرَائِيلَ وَمِيكَائِيلَ عِنْدَ الْأَعْمَشِ فَحَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ سَعْدٍ الطَّائِيِّ عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ ذَكَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَاحِبَ الصُّورِ فَقَالَ عَنْ يَمِينِهِ جِبْرَائِيلُ وَعَنْ يَسَارِهِ مِيكَائِيلُ۔

محمد بن حازم کا بیان ہے کہ اعمش کے سامنے اس بات کا ذکر ہوا کہ جبرائیل ومیکائیل کی قراءت کس طرح ہے؟ انہوں نے بیان کیا بحوالہ سعد طائی، عطیہ عوفی، حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صور پھونکنے والے فرشتے کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ اُن کے دائیں جبرائیل اور بائیں جانب میکائیل ہوں گے۔

۶۰۲۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ مَعْمَرٌ وَرُبَّمَا ذَكَرَ ابْنَ الْمُسَيَّبِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ يَقْرَءُونَ مَالِكِ يَوْمِ الدِّينِ وَأَوَّلُ مَنْ قَرَأَهَا مَلِكِ يَوْمِ الدِّينِ مَرْوَانُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ هَذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيثِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَنَسٍ وَالزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ۔

زہری نے معمر سے روایت کی ہے کہ سعید بن مسیب کبھی ذکر کرتے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، نیز حضرت ابوبکر حضرت عمر اور حضرت عثمان پڑھا کرتے۔ مالک یوم الدین اور وہ مروان ہیں جنہوں نے سب سے پہلے ملک یوم الدین پڑھا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ زہری کی حدیثوں میں یہ بہت ہی صحیح ہے جو زہری نے حضرت انس سے روایت کی اور زہری نے سالم بن عبداللہ سے اور اُنہوں نے اپنے والد ماجد سے۔

۶۰۳۔ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى الْأُمَوِيُّ حَدَّثَنِي أَبِي نَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّهَا ذَكَرَتْ أَوْ كَلِمَةً غَيْرَهَا قِرَاءَةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ مَلِكِ يَوْمِ الدِّينِ يُقَطِّعُ قِرَاءَتَهُ آيَةً آيَةً۔

عبداللہ بن ابی ملیکہ سے روایت ہے کہ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ذکر کیا یا اس کے سوا کوئی اور کلمہ فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قراءت یہ تھی:۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الحمد للہ رب العالمین۔ الرحمٰن الرحیم۔ مالک یوم الدین۔ آپ کی قراءت ایک ایک آیت ہوتی تھی۔

ف: اس حدیث میں سورۂ فاتحہ سے پہلے جو تسمیہ کا ذکر کیا یعنی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے کلمات بھی پڑھے تو اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ تسمیہ بھی سورۂ فاتحہ کا جزو اور اس کی پہلی آیت ہے۔ ممکن ہے ہر سورت سے پہلے جو تسمیہ پڑھی جاتی ہے یہاں بھی اُسی طرح پڑھی ہو۔ بہر حال یہی بات زیادہ صحیح ہے کہ تسمیہ سورۂ النمل کی ایک آیت ہے سورۂ فاتحہ کی پہلی آیت نہیں ہے۔ اور سورتوں سے پہلے بایں وجہ اسے لکھا جاتا ہے کہ دو سورتوں کے درمیان تمیز ہو جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

۶۰۴۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَيْسَرَةَ وَعُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ الْمَعْنَى قَالَا نَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ عَنِ الْحَكَمِ ابْنِ عُتَيْبَةَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ كُنْتُ رَدِيفَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى حِمَارٍ وَالشَّمْسُ عِنْدَ غُرُوبِهَا فَقَالَ هَلْ تَدْرِي أَيْنَ تَغْرُبُ هٰذِهٖ قُلْتُ اَللهُ وَرَسُولُهٗ أَعْلَمُ قَالَ فَإِنَّهَا تَغْرُبُ فِي عَيْنٍ حَامِيَةٍ۔

عبید اللہ بن عمر بن میسرہ اور عثمان بن ابوشیبہ، یزید بن ہارون، سفیان بن حسین، حکم بن عیینہ، ابراہیم تیمی نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا اور آپ گدھے پر سوار تھے اور سورج غروب ہونے کے قریب تھا تو فرمایا۔ کیا تم جانتے ہو کہ یہ کہاں غروب ہوتا ہے؟ عرض کی کہ اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتا ہے۔ فرمایا: فانھا تغرب فی عینٍ حمئۃ۔

۶۰۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى نَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي عُمَرُ بْنُ عَطَاءٍ أَنَّ مَوْلًى لِابْنِ الْأَسْقَعِ رَجُلُ صِدْقٍ أَخْبَرَهٗ عَنِ ابْنِ الْأَسْقَعِ أَنَّهٗ سَمِعَهٗ يَقُولُ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَهُمْ فِي صُفَّةِ الْمُهَاجِرِينَ فَسَأَلَهٗ إِنْسَانٌ أَيُّ آيَةٍ فِي الْقُرْآنِ أَعْظَمُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ لَا تَأْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ۔

عطاء کو مولیٰ ابن اسقع نے بتایا جو سچے آدمی تھے کہ انہوں نے حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مہاجرین کے چبوترے پر تشریف لے گئے تو ایک شخص سے آپ نے دریافت کیا۔ قرآن مجید کی کون سی آیت سب سے عظمت والی ہے؟ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ لا الٰہ الا ہو الحی القیوم لا تاخذہ سنۃٌ ولا نومٌ (یعنی آیۃ الکرسی ۲ : ۲۵۵)

ف۔ آیۃ الکرسی جو سورۃ البقرہ کی آیت ۲۵۳ ہے۔ اس کے احادیث مطہرہ میں بڑے فضائل وارد ہوئے ہیں، مثلاً یہ کہ آیۃ الکرسی تمام آیاتِ قرآنیہ کی سردار ہے، نیز جو اسے سونے سے پہلے پڑھے تو صبح تک وہ، اس کے اہل وعیال اور مال سب خدا کی حفاظت میں ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ انہیں جن وانس کے شیاطین سے محفوظ رکھے گا، نیز فرمایا کہ جو ہر فرض نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھے تو اس کے اور جنت کے درمیان موت کے سوا اور کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔ اس آیت میں توحید اور صفاتِ الٰہیہ کا بیان بڑی صراحت کے ساتھ موجود ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

۶۰۶۔ حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ عَمْرِو ابْنِ أَبِي الْحَجَّاجِ نَا عَبْدُ الْوَارِثِ نَا شَيْبَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ شَقِيقٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ أَنَّهٗ قَرَأَ هَيْتَ لَكَ فَقَالَ شَقِيقٌ إِنَّا نَقْرَؤُهَا هِئْتُ لَكَ يَعْنِي فَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ أَقْرَؤُهَا كَمَا عُلِّمْتُ أَحَبُّ إِلَيَّ۔

ابو معمر عبداللہ بن عمرو بن ابوالحجاج، عبدالوارث، شیبان، اعمش، شقیق کا بیان ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہیتَ لک پڑھا تو شقیق نے کہا کہ ہم تو اسے ہیئتُ لک پڑھتے ہیں۔ حضرت ابن مسعود نے فرمایا کہ میں نے اسے اس طرح پڑھا ہے جیسے مجھے انہوں نے پڑھایا جو مجھے سب سے محبوب تھے۔

۶۰۷۔

شقیق کا بیان ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود نالث سے

عرض کی گئی کہ اس آیت میں لوگ پڑھتے ہیں ہیت لک ۔ انہوں نے فرمایا کہ میں اس طرح پڑھتا ہوں جیسا مجھے انہوں نے سکھایا جو مجھے سب سے محبوب تھے کہ ہیت لک ۔

۶۰۸۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ نَا ح وحَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ نَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللَّهُ لِبَنِي إِسْرَائِيلَ ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَقُولُوا حِطَّةٌ تُغْفَرْ لَكُمْ خَطَايَاكُمْ۔

احمد بن صالح .... سلیمان بن داؤد مہری، ابن وہب، ہشام بن سعد، زید بن اسلم، عطاء بن یسار نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل سے: "ادخلوا الباب سجداً وقولوا حطۃٌ تغفر لکم خطایاکم فرمایا۔

۶۰۹۔ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُسَافِرٍ نَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ۔

جعفر بن مسافر، ابن ابی فدیک نے ہشام بن سعد سے اپنی اسناد کے ساتھ اسی طرح روایت کی ہے ۔

۶۱۰۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا حَمَّادٌ نَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ عُرْوَةَ أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ أُنْزِلَ الْوَحْيُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَأَ عَلَيْنَا سُورَةٌ أَنْزَلْنَاهَا وَفَرَضْنَاهَا قَالَ أَبُو دَاوُدَ يَعْنِي مُخَفَّفَةً حَتَّى أَتَى عَلَى هَذِهِ الْآيَاتِ۔ آخِرُ كِتَابِ الْحُرُوفِ وَالْقِرَاءَاتِ۔

عروہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: "رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر وحی نازل ہوئی تو آپ نے ہمیں پڑھ کر سنائی، "سورۃ انزلنا ہا وفرضنا ہا (۱۰۲۴) امام ابوداؤد نے فرمایا کہ تشدید کے بغیر، یہاں تک کہ ان آیتوں تک آئے ۔ حروف اور قراءتوں کا بیان ختم ہوا۔

أَوَّلُ كِتَابِ الْحَمَّامِ

حمام کا بیان

٦١١ - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ شَدَّادٍ عَنْ أَبِي عُذْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ دُخُولِ الْحَمَّامَاتِ ثُمَّ رَخَّصَ لِلرِّجَالِ أَنْ يَدْخُلُوهَا فِي الْمَيَازِرِ.

ابو عذرہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حماموں میں داخل ہونے سے منع فرمایا تھا، پھر مردوں کو ستر چھپا کر اُن میں داخل ہونے کی اجازت مرحمت فرما دی گئی۔

٦١٢ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ نَا جَرِيرٌ ح وَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ نَا شُعْبَةُ جَمِيعًا عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى عَنْ أَبِي الْمَلِيحِ قَالَ دَخَلَ نِسْوَةٌ مِنْ أَهْلِ الشَّامِ عَلَى عَائِشَةَ فَقَالَتْ مِمَّنْ أَنْتُنَّ قُلْنَ مِنْ أَهْلِ الشَّامِ قَالَتْ لَعَلَّكُنَّ مِنَ الْكُورَةِ الَّتِي تَدْخُلُ نِسَاؤُهَا الْحَمَّامَاتِ قُلْنَ نَعَمْ قَالَتْ أَمَا إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا مِنِ امْرَأَةٍ تَخْلَعُ ثِيَابَهَا فِي غَيْرِ بَيْتِهَا إِلَّا هَتَكَتْ مَا بَيْنَهَا وَبَيْنَ اللَّهِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ هَذَا حَدِيثُ جَرِيرٍ وَهُوَ أَتَمُّ وَلَمْ يَذْكُرْ جَرِيرٌ أَبَا الْمَلِيحِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

محمد بن قدامہ، جریر۔ محمد بن مثنیٰ، محمد بن جعفر، شعبہ، منصور سالم بن ابو الجعد، ابن المثنیٰ، ابو الملیح کا بیان ہے کہ ملک شام کی رہنے والی کچھ عورتیں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئیں۔ فرمایا شاید تم اس علاقے کی رہنے والی ہو جہاں عورتیں بھی حماموں میں داخل ہوتی ہیں؟ انہوں نے کہا، ہاں۔ فرمایا کہ میں نے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو عورت دوسرے کے گھر میں اپنے کپڑے اتارے تو جو اس کے اور خدا کے درمیان پردہ ہے وہ اُسے پھاڑ دیتی ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یہ جریر کی حدیث ہے اور سب سے مکمل ہے اور جریر (اس میں) ابو الملیح کا ذکر نہیں کرتے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔

٦١٣ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا زُهَيْرٌ نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زِيَادِ بْنِ أَنْعُمٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ رَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّهَا سَتُفْتَحُ لَكُمْ أَرْضُ الْعَجَمِ وَسَتَجِدُونَ فِيهَا بُيُوتًا يُقَالُ لَهَا الْحَمَّامَاتُ فَلَا يَدْخُلَنَّهَا الرِّجَالُ إِلَّا بِالْأُزُرِ وَامْنَعُوهَا النِّسَاءَ إِلَّا مَرِيضَةً أَوْ نُفَسَاءَ.

عبدالرحمٰن بن رافع نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، عنقریب تم عرب کے علاوہ دوسرے علاقے کو فتح کرو گے اور وہاں ایسے مکان بھی پاؤ گے جنہیں حمام کہا جاتا ہے تو مرد اُن میں داخل نہ ہوں مگر تہمد باندھ کر لیکن عورتوں کو اُن سے روکنا سوائے بیمار اور زچہ کے (یعنی علاج وغیرہ مجبوری کے سبب)

بَابُ ۲۲۳ النَّهْيُ عَنِ التَّعَرِّي۔

۶۱۴۔ حَدَّثَنَا ابْنُ نُفَيْلٍ نَا زُهَيْرٌ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ الْعَرْزَمِيِّ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ يَعْلٰى أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأٰى رَجُلًا يَغْتَسِلُ بِالْبَرَازِ فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ حَيِيٌّ سِتِّيرٌ يُحِبُّ الْحَيَاءَ وَالسَّتْرَ فَإِذَا اغْتَسَلَ أَحَدُكُمْ فَلْيَسْتَتِرْ۔

برہنہ ہونے کی ممانعت

عطاء نے حضرت یعلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک شخص کو کھلی جگہ میں ننگے ہوتے ہوئے دیکھا تو آپ منبر پر جلوہ افروز ہوئے، اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا بیان کی۔ پھر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ حیا والا اور پردہ پوش ہے لہٰذا حیا اور پردے کو پسند فرماتا ہے۔ جب تم میں سے کوئی غسل کرے تو اُسے ستر چھپا لینا چاہیئے۔

۶۱۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي خَلَفٍ نَا الْأَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ نَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَعْلٰى عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا الْحَدِيثِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ الْأَوَّلُ أَتَمُّ۔

محمد بن احمد بن ابو خلف، اسود بن عامر، ابوبکر بن عیاش، عبدالملک بن ابو سلیمان، عطاء، صفوان بن یعلیٰ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہی حدیث ارشاد فرمائی۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ پہلی حدیث زیادہ مکمل ہے۔

۶۱۶۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ أَبِي النَّضْرِ عَنْ زُرْعَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جَرْهَدٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كَانَ جَرْهَدٌ هٰذَا مِنْ أَصْحَابِ الصُّفَّةِ أَنَّهُ قَالَ جَلَسَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَنَا وَفَخِذِي مُنْكَشِفَةٌ فَقَالَ أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ الْفَخِذَ عَوْرَةٌ۔

عبدالرحمٰن بن جرہد نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے۔ ان کا بیان ہے کہ حضرت جرہد اصحاب صفہ سے تھے۔ اُنھوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے پاس آکر بیٹھے اور میری ران کھلی ہوئی تھی، فرمایا کیا تمہیں یہ معلوم نہیں کہ ران بھی عورت (چھپانے کی چیز) ہے۔

ف۔ گھٹنے کے نیچے سے ناف کے اُوپر تک جسم کا حصہ عورت ہے یعنی اس کا چھپانا ہر مرد کے لیے فرض ہے۔ اس حصے میں سے کسی دوسرے مرد کا جسم دیکھنا یا اپنا اُسے دکھانا حرام ہے، ران بھی عورت ہے اور اس کا چھپانا بھی فرض ہے۔ لہٰذا نیکر یا کچھا وغیرہ پہننا یا لنگر لنگوٹے باندھ کر کشتی کرنا یا کبڈی کھیلنا ہرگز مناسب نہیں کیونکہ جسم کے اس حصے کا چھپانا ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے، واللہ تعالیٰ اعلم

۶۱۷۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَهْلٍ الرَّمْلِيُّ نَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ أُخْبِرْتُ عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَكْشِفْ فَخِذَكَ وَلَا تَنْظُرْ إِلٰى فَخِذِ

علی بن سہل رملی، ابن جریج، حبیب بن ابو ثابت، عاصم بن ضمرہ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی ران ننگی نہ کیا کرو کسی زندہ یا مردے کی ران کو نہ دیکھا کرو۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ اس حدیث میں کچھ تیز فہمی شامل کردی

حيٍّ ولا ميّتٍ قال ابوداود هذا الحديث فيه نكارة۔

گئی ہے۔

باب ۲۲۴ في التعرّي۔

ننگے رہنے کا بیان

۶۱۸۔ حدثنا اسمعيل بن ابراهيم نا يحيى بن سعيد الاموي عن عثمان بن حكيم عن ابي امامة بن سهل عن المسور بن مخرمة قال حملت حجرًا ثقيلًا فبينا امشي فسقط عني بعض ثوبي فقال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم خذ عليك ثوبك ولا تمشوا عراة۔

ابوامامہ بن سہل سے روایت ہے کہ حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ میں نے ایک بھاری پتھر اٹھایا ہوا تھا جب میں جا رہا تھا تو میرا کپڑا گر گیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا۔ اپنا کپڑا اوپر لے لو اور ننگے نہ چلو۔

۶۱۹۔ حدثنا عبد الله بن مسلمة نا ابي ح ونا ابن بشار نا يحيى نحوه عن بهز بن حكيم عن ابيه عن جده قال قلت يا رسول الله عوراتنا ما نأتي منها وما نذر قال احفظ عورتك الا من زوجتك او ما ملكت يمينك قال قلت يا رسول الله اذا كان القوم بعضهم في بعض قال ان استطعت ان لا يرينها احد فلا يرينها قال قلت يا رسول الله اذا كان احدنا خاليًا قال الله احق ان يستحيي منه من الناس۔

عبداللہ بن مسلمہ اُن کے والد ماجد۔ ابن بشار، یحییٰ، بہز بن حکیم نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ اُن کے جدِ امجد نے فرمایا: میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! ہم اپنے ستر کو کس سے چھپائیں اور کس سے نہ چھپائیں؟ فرمایا کہ اپنی بیوی اور اپنی لونڈی کے سوا سب سے چھپاؤ۔ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ جب ملے جلے افراد ہوں؟ فرمایا اگر تم سے ہو سکے تو تمہارے ستر کو کوئی دیکھنے نہ پائے۔ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! جب کہ میں خلوت کے اندر اکیلا ہوں؟ فرمایا کہ لوگوں کی نسبت اللہ تعالیٰ زیادہ حقدار ہے کہ اس سے حیا کی جائے۔

۶۲۰۔ حدثنا عبد الرحمن بن عبد الرحيم نا ابن ابي فديك عن الضحاك بن عثمان عن زيد بن اسلم عن عبد الرحمن بن ابي سعيد الخدري عن ابيه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا ينظر الرجل الى عرية الرجل ولا المرأة الى عرية المرأة ولا يفضي الرجل الى الرجل في ثوب ولا تفضي المرأة الى المرأة في ثوب۔

عبدالرحمان بن عبدالرحیم، ابن ابی فدیک، ضحاک بن عثمان زید بن اسلم، عبدالرحمان نے اپنے والد ماجد حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کوئی مرد کسی ننگے مرد کو نہ دیکھے اور نہ کوئی عورت کسی ننگی عورت کو دیکھے۔ کوئی مرد کسی مرد کے ساتھ ایک کپڑے میں نہ لیٹے اور نہ کوئی عورت دوسری عورت کے ساتھ ایک کپڑے میں لیٹے۔

۶۲۱۔ حدثنا ابراهيم بن موسى انا ابن علية عن الجريري عن ابي نضرة عن

طفاوہ کے ایک آدمی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ

رَجُلٍ مِنَ الطُّفَاوَةِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُفْضِيَنَّ رَجُلٌ إِلَى رَجُلٍ وَلَا امْرَأَةٌ إِلَى امْرَأَةٍ إِلَّا إِلَى وَلَدٍ أَوْ وَالِدٍ قَالَ فَذَكَرَ الثَّالِثَةَ فَنَسِيتُهَا۔

اٰخِرُ كِتَابِ الْحَمَّامِ۔

وسلم نے فرمایا۔ ایک کپڑے میں نہ لیٹے کوئی مرد دوسرے مرد کے ساتھ اور نہ کوئی عورت دوسری عورت کے ساتھ ماسوائے اپنے بیٹے کے یا اپنے باپ کے۔ راوی کا بیان ہے کہ تیسرا نام بھی لیا تھا لیکن میں بھول گیا۔

حمام کا بیان ختم ہوا۔

أوّل كتاب اللباس

لباس کا بیان

۶۲۲۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ أَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اسْتَجَدَّ ثَوْبًا سَمَّاهُ بِاسْمِهِ إِمَّا قَمِيصًا أَوْ عِمَامَةً ثُمَّ يَقُولُ اللَّهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ كَسَوْتَنِيهِ أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِهِ وَخَيْرِ مَا صُنِعَ لَهُ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهِ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهُ قَالَ أَبُو نَضْرَةَ وَكَانَ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا لَبِسَ أَحَدُهُمْ ثَوْبًا جَدِيدًا قِيلَ لَهُ تُبْلِي وَيُخْلِفُ اللهُ تَعَالَى۔

ابو نضرہ سے روایت ہے کہ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کوئی نیا کپڑا پہنتے تو اس کا نام لیتے خواہ وہ قمیص ہوتی یا عمامہ اور پھر کہتے ،اے اللہ! تیرے ہی لیے سب تعریفیں ہیں تو نے مجھے یہ پہنایا، میں تجھ سے اس کی بھلائی اور جس مقصد کے لیے بنایا گیا ہے اُس کی بھلائی مانگتا ہوں اور اس کی بُرائی سے نیز جس مقصد کے لیے بنایا گیا ہے اُس کی بُرائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ ابو نضرہ کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب سے جب کوئی نیا کپڑا پہنتا تو اُن سے کہا جاتا کہ آپ اسے پرانا کریں اور اللہ تعالیٰ اس کے بعد دوسرا نصیب کرے۔

۶۲۳۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ بِإِسْنَادِهِ نَحْوَهُ۔

مسدد، عیسےٰ بن یونس نے جریری سے اپنی اسناد کے ساتھ اسی طرح روایت کی ہے۔

۶۲۴۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ دِينَارٍ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ بِإِسْنَادِهِ وَمَعْنَاهُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَعَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ لَمْ يَذْكُرْ فِيهِ أَبَا سَعِيدٍ وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنِ الْعَلَاءِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

مسلم بن ابراہیم، محمد بن دینار نے جریری سے اپنی اسناد کے ساتھ معناً اسے روایت کیا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ عبدالوہاب ثقفی اس میں ابو سعید اور حماد بن سلمہ کا ذکر نہیں کرتے بلکہ جریری نے علاء کے واسطے سے اسے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے۔

۶۲۵۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ الْفَرَجِ نَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يَزِيدَ نَا سَعِيدٌ يَعْنِي ابْنَ أَبِي أَيُّوبَ عَنْ أَبِي مَرْحُومٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ أَنَسٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَكَلَ طَعَامًا ثُمَّ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَطْعَمَنِي هَذَا الطَّعَامَ وَرَزَقَنِيهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّي وَلَا قُوَّةٍ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَمَا تَأَخَّرَ قَالَ وَمَنْ لَبِسَ ثَوْبًا فَقَالَ

سہل بن معاذ بن انس کے والد ماجد نے اپنے والد محترم حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جس نے کھانا کھایا اور پھر کہا، اللہ کا شکر ہے جس نے مجھے یہ کھانا کھلایا اور میری طاقت و قوت کے بغیر مجھے یہ روزی دی تو اُس کے اگلے پچھلے گناہ معاف فرما دیئے جاتے ہیں۔ فرمایا جس نے نیا کپڑا پہن کر کہا۔ اللہ کا شکر ہے جس نے مجھے یہ کپڑا پہنایا اور میری طاقت و قوت کے بغیر مجھے مرحمت فرمایا تو اس کے اگلے پچھلے گناہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ ھٰذَا الثَّوْبَ وَرَزَقَنِیْہِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّۃٍ غُفِرَ لَہٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِہٖ وَمَا تَاَخَّرَ۔

معاف فرما دیئے جاتے ہیں۔

ف۔ کھانا کھانے اور نیا کپڑا پہننے کے بعد مذکورہ لفظوں میں دعا کرنے یعنی نعمت دینے پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے پر اگلے پچھلے سارے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔ معلوم ہوا کہ پروردگارِ عالم اس بات سے بہت خوش ہوتا ہے کہ بندہ اُس کی جانب متوجہ رہے، اس کا ذکر کرے اور جس نعمت سے اُسے نوازا جائے تو منعمِ حقیقی کا اس پر شکر ادا کرے۔ جب بندہ اپنا یہ معمول بنا لیتا ہے تو ازراہِ بشریت جو اس سے گناہ سرزد ہو گئے ہوں اُنہیں پروردگارِ عالم معاف فرما دیتا ہے اور ایسے بندے کے لیے اُس نعمت میں اضافہ فرما دیتا ہے۔ جیسا کہ ارشادِ ربانی ہے۔

لَئِنْ شَکَرْتُمْ لَاَزِیْدَنَّکُمْ وَلَئِنْ کَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِیْ لَشَدِیْدٌ ۔ (۱۴: ۷)

اگر شکر ادا کرو گے اور زیادہ دوں گا اور اگر ناشکری کرو گے تو میرا عذاب سخت ہے۔

دوسرے مقام پر خدائے ذوالمنن نے حکم دیتے اور بشارت سناتے ہوئے فرمایا ہے۔

فَاذْکُرُوْنِیْٓ اَذْکُرْکُمْ وَاشْکُرُوْا لِیْ وَلَا تَکْفُرُوْنِ۔ (۲: ۱۵۲)

تم میرا ذکر کرو میں تمہارا چرچا کروں گا اور میرا حق مانو اور میری ناشکری نہ کرو۔

بابُ ۲۲۵ مَا یَقُوْلُ عَلٰی لِمَنْ لَبِسَ ثَوْبًا جَدِیْدًا

جو نیا کپڑا پہنے اس کے لیے کیا دعا کی جائے

۴۲۶ ۔ حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ الْجَرَّاحِ الْاَذَنِیُّ نَا اَبُو النَّضْرِ نَا اِسْحٰقُ بْنُ سَعِیْدٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ اُمِّ خَالِدٍ بِنْتِ خَالِدِ بْنِ سَعِیْدِ بْنِ الْعَاصِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُتِیَ بِکِسْوَۃٍ فِیْھَا خَمِیْصَۃٌ صَغِیْرَۃٌ فَقَالَ مَنْ تَرَوْنَ اَحَقُّ بِھٰذِہٖ فَسَکَتَ الْقَوْمُ فَقَالَ ائْتُوْنِیْ بِاُمِّ خَالِدٍ فَاُتِیَ بِھَا فَاَلْبَسَھَا اِیَّاھَا ثُمَّ قَالَ اَبْلِیْ وَاَخْلِقِیْ مَرَّتَیْنِ وَجَعَلَ یَنْظُرُ اِلٰی عَلَمٍ فِی الْخَمِیْصَۃِ اَحْمَرَ اَوْ اَصْفَرَ وَیَقُوْلُ سَنَاہٗ سَنَاہٗ یَا اُمَّ خَالِدٍ وَسَنَاہٗ فِیْ کَلَامِ الْحَبَشَۃِ الْحَسَنُ۔

اسحاق بن سعید کے والد ماجد نے اُمِّ خالد بنت خالد بن سعید بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس کپڑے آئے جن میں دھاری دار چھوٹی سی چادر بھی تھی۔ فرمایا کہ تمہارے خیال میں اس کا سب سے زیادہ حقدار کون ہے؟ لوگ خاموش ہو رہے تو فرمایا کہ اُمِّ خالد کو میرے پاس لاؤ۔ پس اُنہیں لایا گیا تو یہ اُنہیں اُڑھا دی گئی۔ پھر دو مرتبہ فرمایا۔ پرانی کر کے پھاڑ دو نیز اور اوڑھو علاوہ بریں آپ چادر کے سُرخ یا زرد نقش و نگار کو ملاحظہ فرماتے رہے اور فرماتے اے اُمِّ خالد! سَناہ سَناہ۔ حبشہ کی زبان میں سَناہ اچھی چیز کو کہتے ہیں۔

ف۔ عربی میں اچھی چیز کو الحسن کہتے ہیں اور اہلِ حبشہ کی زبان میں سَناہ کہا جاتا تھا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سَناہ سَناہ یا اُمِّ خالد کے الفاظ استعمال کر کے اہلِ حبشہ کی زبان کو بھی یہ شرف بخشا کہ ان لوگوں کی زبان کے بعض الفاظ رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی زبانِ مبارک سے ادا فرمائے جیسے عود غرقی کے لیے عود ہندی فرمایا جو فارسی زبان کا لفظ ہے۔ اس طرح آپ نے ترکی وغیرہ زبانوں کے بعض الفاظ استعمال فرمائے تاکہ آپ کی نسبت سے کوئی محروم نہ رہ جائے۔ آگے یہ

اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے جس نے حضرت آدم علیہ السلام کو علم الاسماء عطا فرمایا تھا۔ اس نے اپنے حبیب پاک صاحب لولاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دنیا کی کتنی زبانوں کا کتنا علم عطا فرمایا تھا۔ کیونکہ خدا کے دین اور کمالاتِ حبیب خدا کو ناپنے تولنے کا کسی کے پاس کوئی پیمانہ نہیں ہے۔ رحمتِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فضائل و کمالات کو منعمِ حقیقی خود جانے جس نے عطا فرمائے یا اس کا محبوب جانتا ہے جنہیں عطا فرمائے گئے۔ دوسروں کو تو صرف اتنا ہی پتہ ہے جو بتا دیا اور وہ بھی ہر کوئی اپنی بساط کے مطابق سمجھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۲۲۶ مَا جَاءَ فِي الْقَمِيصِ۔

قمیص کا بیان

۶۲۷۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى اَنَا الْفَضْلُ ابْنُ مُوسَى عَنْ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ بْنِ خَالِدٍ الْحَنَفِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ كَانَ اَحَبُّ الثِّيَابِ اِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَمِيصَ۔

ابراہیم بن موسیٰ، فضل بن موسیٰ، عبدالمومن بن خالد حنفی عبداللہ بن بریدہ سے روایت ہے کہ حضرت اُمِّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تمام کپڑوں میں قمیص سب سے پسند تھی۔

۶۲۸۔ حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ نَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ بُدَيْلِ بْنِ مَيْسَرَةَ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيدَ قَالَتْ كَانَتْ يَدُ كُمِّ قَمِيصِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الرُّسْغِ۔

اسحاق بن ابراہیم حنظلی، معاذ بن ہشام، ان کے والد ماجد بدیل بن میسرہ، شہر بن حوشب سے روایت ہے کہ حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مبارک کرتے کی آستین پہنچوں تک ہوتی تھیں۔

باب ۲۲۷ مَا جَاءَ فِي الْاَقْبِيَةِ۔

قباؤں کا بیان

۶۲۹۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَيَزِيدُ ابْنُ خَالِدِ بْنِ مَوْهَبٍ الْمَعْنَى اَنَّ اللَّيْثَ يَعْنِي ابْنَ سَعْدٍ حَدَّثَهُمْ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ اَنَّهُ قَالَ قَسَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْبِيَةً وَلَمْ يُعْطِ مَخْرَمَةَ شَيْئًا فَقَالَ مَخْرَمَةُ يَا بُنَيَّ انْطَلِقْ بِنَا اِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَانْطَلَقْتُ مَعَهُ قَالَ ادْخُلْ فَادْعُهُ لِي قَالَ فَدَعَوْتُهُ فَخَرَجَ اِلَيْهِ وَعَلَيْهِ قَبَاءٌ مِنْهَا فَقَالَ خَبَاْتُ هٰذَا لَكَ قَالَ فَنَظَرَ اِلَيْهِ زَادَ ابْنُ مَوْهَبٍ مَخْرَمَةُ ثُمَّ اتَّفَقَا قَالَ رَضِيَ

عبداللہ بن عبیداللہ بن ابو ملیکہ سے روایت ہے کہ حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قبائیں تقسیم فرمائیں اور حضرت مخرمہ کو ایک بھی عنایت نہ فرمائی۔ پس حضرت مخرمہ نے فرمایا۔ اے بیٹے! میرے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں چلو پس میں آپ کے ساتھ گیا۔ فرمایا کہ اندر جاؤ اور حضور کو میرے پاس بلا لاؤ۔ ان کا بیان ہے کہ میں نے آپ کو بلایا تو آپ ان میں سے ایک قبا اوپر ڈالی کر باہر تشریف لائے اور فرمایا کہ میں نے تمہارے لیے اٹھا رکھی تھی۔ پس انہوں نے آپ کی طرف دیکھا۔ ابن موہب نے مخرمہ بھی کہا ہے۔ پھر دونوں متفق ہو گئے۔ فرمایا مخرمہ راضی ہو گیا۔ قتیبہ نے ابن ابی ملیکہ

مَخْرَمَةُ قَالَ قُتَيْبَةُ عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ لَمْ يُسَمِّهِ۔

سے روایت کرتے ہوئے نام نہیں لیا ہے۔

بَابُ ۲۲۸ فِي لُبْسِ الشُّهْرَةِ۔

شہرت کے لیے لباس پہننا

۶۳۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى نَا اَبُو عَوَانَةَ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى عَنْ شَرِيكٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي زُرْعَةَ عَنِ الْمُهَاجِرِ الشَّامِيِّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ فِي حَدِيثِ شَرِيكٍ يَرْفَعُهُ قَالَ مَنْ لَبِسَ ثَوْبَ شُهْرَةٍ اَلْبَسَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ثَوْبًا مِثْلَهُ زَادَ عَنْ اَبِي عَوَانَةَ ثُمَّ تُلْهَبُ فِيهِ النَّارُ۔

محمد بن عیسٰے، ابو عوانہ۔ محمد بن عیسٰے، شریک، عثمان بن ابوزرعہ، مہاجر شامی نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے۔ حدیث شریک میں مرفوعًا فرمایا۔ جو شہرت کے لیے لباس پہنے گا تو اللہ تعالیٰ قیامت میں اُسے اُسی طرح کا لباس پہنائے گا۔ ابو عوانہ نے یہ بھی کہا، پھر اُس میں آگ لگا دے گا۔

۶۳۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى نَا اَبُو عَوَانَةَ قَالَ ثَوْبَ مَذَلَّةٍ۔

مسدد نے ابو عوانہ سے روایت کرتے ہوئے کہا کہ ذلت کا لباس پہنائے گا۔

۶۳۲۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ نَا اَبُو النَّضْرِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ ثَابِتٍ نَا حَسَّانُ بْنُ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِي مُنِيبٍ الْجُرَشِيِّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ۔

عثمان بن ابو شیبہ، ابونضر، عبدالرحمان بن ثابت، حسان بن عطیہ، ابو منیب جرشی نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو جس قوم کی مشابہت اختیار کرے وہ اسی میں شمار ہوگا۔

بَابُ ۲۲۹ فِي لُبْسِ الصُّوفِ وَالشَّعْرِ۔

صوف اور بالوں کا لباس پہننا

۶۳۳۔ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّمْلِيِّ وَحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَا نَا ابْنُ اَبِي زَائِدَةَ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ شَيْبَةَ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ مِرْطٌ مُرَحَّلٌ مِنْ شَعْرٍ اَسْوَدَ قَالَ حُسَيْنٌ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْعَلَاءِ الزُّبَيْدِيُّ نَا اِسْمٰعِيلُ ابْنُ عَيَّاشٍ عَنْ عُقَيْلِ بْنِ مُدْرِكٍ عَنْ لُقْمَانَ ابْنِ عَامِرٍ عَنْ عُتْبَةَ بْنِ عَبْدِ السُّلَمِيِّ قَالَ اسْتَكْسَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

یزید بن خالد بن یزید بن عبداللہ رملی اور حسین بن علی، ابن ابی زائدہ، مصعب بن شیبہ، صفیہ بنت شیبہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم باہر تشریف لے گئے اور آپ کے اوپر بالوں کی سیاہ منقش چادر تھی۔ حسین بن علی، یحیٰی بن زکریا، ابراہیم بن العلاء زبیدی، اسمٰعیل بن عیاش، عقیل بن مدرک، لقمان بن عامر سے روایت ہے کہ حضرت عتبہ بن عبد السلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے لباس مانگا تو آپ نے مجھے کتان کے دو کپڑے پہنائے۔ پس میں اپنے ساتھیوں میں اپنے آپ کو خوش پوش

فَكَسَانِي خَمِيْصَتَيْنِ فَلَقَدْ رَأَيْتُنِي وَأَنَا أَكْسَى أَصْحَابِي۔ — دیکھا تھا۔

۶۳۴۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ نَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ قَالَ قَالَ لِي أَبِي يَا بُنَيَّ لَوْ رَأَيْتَنَا وَنَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ أَصَابَتْنَا السَّمَاءُ حَسِبْتَ أَنَّ رِيْحَنَا رِيْحُ الضَّأْنِ۔

قتادہ سے روایت ہے کہ میرے والدِ محترم حضرت ابوبردہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ اے بیٹے! اگر تم ہمیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ کے ساتھ دیکھتے کہ ہم پر بارش ہو جاتی تو سمجھتے کہ ہم میں سے بھیڑ بکریوں کی بدبو آتی ہے۔

۶۳۵۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ أَنَا عُمَارَةُ ابْنُ زَاذَانَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ مَلِكَ ذِي يَزَنَ أَهْدَى إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُلَّةً أَخَذَهَا بِثَلَاثَةٍ وَثَلَاثِيْنَ بَعِيْرًا أَوْ ثَلَاثٍ وَثَلَاثِيْنَ نَاقَةً فَقَبِلَهَا۔

ثابت نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ شاہِ ذی یزن نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے کپڑوں کا ایک جوڑا تحفے کے طور پر بھیجا جو اس نے تینتیس اونٹ یا اونٹنیوں کے بدلے خریدا تھا۔ چنانچہ آپ نے اُسے قبول فرما لیا۔

۶۳۶۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ إِسْمٰعِيْلَ ثَنَا حَمَّادٌ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ عَنْ إِسْحٰقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اشْتَرَى حُلَّةً بِبِضْعَةٍ وَعِشْرِيْنَ قَلُوْصًا فَأَهْدَاهَا إِلَى ذِي يَزَنَ۔

علی بن زید نے حضرت اسحاق بن عبداللہ بن حارث سے روایت کی ہے کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بیس سے زیادہ اونٹنیوں کے بدلے کپڑوں کا ایک جوڑا خریدا اور وہ شاہِ ذی یزن کے لیے تحفے کے طور پر بھیج دیا۔

ف۔ شاہِ ذی یزن نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے کپڑوں کا ایک قیمتی جوڑا تحفے کے طور پر بھیجا جیسا کہ گزشتہ حدیث میں مذکور ہے اور اس کے بعد نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نہایت قیمتی جوڑا شاہِ ذی یزن کے لیے تحفۃً بھیج دیا تاکہ شانِ رسالت پر دنیا کی محبت یا کسی کے منت کش ہونے کا دھبہ نہ آسکے۔ یہ آپ نے مسندِ علم و عرفان پر فائز ہونے والوں کو بڑا قیمتی درس دیا تھا لیکن ہمارے موجودہ راہنماؤں کی خاصی تعداد یہ جانتے ہوئے کہ اُوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہوتا ہے لیکن پھر بھی جھولی تو پھیلائے رکھتے ہیں۔ لیکن اپنے دستِ مبارک کو اُوپر والا ہاتھ بنانے کی ہمت نہیں فرماتے اور معتقدین کی خاصی تعداد با لآخر یوں شکایت کرتی ہوئی نظر آتی ہے ۔

ہم کو تو میسّر نہیں مٹی کا دِیا بھی!
گھر پیر کا بجلی کے چراغوں سے ہے روشن

۶۳۷۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ إِسْمٰعِيْلَ نَا حَمَّادٌ ح وَنَا مُوْسَى نَا سُلَيْمَانُ يَعْنِي ابْنَ الْمُغِيْرَةِ الْمَعْنٰى عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ

موسیٰ بن اسمٰعیل، حماد نیز موسیٰ، سلیمان بن مغیرہ، حمید بن ہلال، حضرت ابوبردہ کا بیان ہے کہ میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا تو وہ ہمارے پاس ایک

قَالَ دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ فَأَخْرَجَتْ إِلَيْنَا إِزَارًا غَلِيظًا مِمَّا يُصْنَعُ بِالْيَمَنِ وَكِسَاءً مِنَ الَّتِي يُسَمُّونَهَا الْمُلَبَّدَةَ فَأَقْسَمَتْ بِاللَّهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُبِضَ فِي هَذَيْنِ الثَّوْبَيْنِ۔

موٹی ازار لے کر تشریف لائیں جو یمن میں بنائی جاتی تھی اور ایک کمبل جس کو ملبدہ کہتے تھے۔ پھر انہوں نے اللہ کی قسم کھاکر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان دونوں کپڑوں میں ہی وصال فرمایا تھا۔

۶۳۸۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ خَالِدٍ أَبُو ثَوْرٍ نَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ بْنِ الْقَاسِمِ الْيَمَامِيُّ نَا عِكْرِمَةُ ابْنُ عَمَّارٍ نَا أَبُو زُمَيْلٍ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا خَرَجَتِ الْحَرُورِيَّةُ أَتَيْتُ عَلِيًّا فَقَالَ ائْتِ هَؤُلَاءِ الْقَوْمَ فَلَبِسْتُ أَحْسَنَ مَا يَكُونُ مِنْ حُلَلِ الْيَمَنِ قَالَ أَبُو زُمَيْلٍ وَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَجُلًا جَمِيلًا جَهِيرًا قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَأَتَيْتُهُمْ فَقَالُوا مَرْحَبًا بِكَ يَا ابْنَ عَبَّاسٍ مَا هَذِهِ الْحُلَّةُ قَالَ مَا تَعِيبُونَ عَلَيَّ لَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحْسَنَ مَا يَكُونُ مِنَ الْحُلَلِ۔

ابوزمیل سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا:۔ جب حروریہ نے خروج کیا تو میں حضرت علی کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اُنہوں نے فرمایا کہ ان لوگوں کے پاس جاؤ۔ پس میں نے یمن کے جوڑوں میں سے بہترین جوڑا پہن لیا۔ ابوزمیل کا بیان ہے کہ حضرت ابن عباس خوبصورت اور وجیہہ آدمی تھے۔ حضرت ابن عباس کا بیان ہے کہ میں ان کے پاس گیا۔ اُنہوں نے کہا:۔ اے ابن عباس! خوش آمدید، یہ جوڑا کیسا ہے؟ فرمایا کہ تم مجھ پر اعتراض کرتے ہو حالانکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس سے بہترین جوڑے پہنتے دیکھا ہے۔

ف۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دورِ خلافت میں کچھ لوگوں نے ناراض ہوکر آپ سے نہ صرف علیحدگی اختیار کرلی بلکہ آپ کی مخالفت پر یوں تل گئے کہ اسے اپنی اُخروی نجات کا سب سے بڑا ذریعہ سمجھنے لگے۔ وہ بدبخت حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسی ہستی کو اسلام سے خارج اور کافر سمجھتے اور آپ کے لیے سود اللہ وجہہ کہنے میں خاص لطف ولذت محسوس کیا کرتے تھے۔ اسی لیے اہلِ حق نے ان کے بالمقابل حضرت علی کرم اللہ وجہہ کہنا اپنا شعار بنا لیا تھا۔ چونکہ اُن خوارج کا مرکز حروراء میں تھا اس لیے انہیں بعض احادیث میں حروریہ کا نام دیا گیا ہے۔ امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حروریہ کے پاس حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو اتمامِ حجت کے لیے بھیجا تھا تاکہ جو حق کو قبول کرلیں ان پر ہاتھ نہ اُٹھایا جائے بالآخر امیر المومنین کو ان کے خلاف جہاد کرنا پڑا اور نہروان کے مقام پر خوارج کی طاقت کا جنازہ نکالا گیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے متعلق بتاتے ہوئے فرمایا تھا۔ لئن ادرکتہم لاقتلنہم قتل عاد۔ اگر میں اُنہیں پاؤں تو قوم عاد کی طرح اُنہیں ہلاک کرکے رکھ دوں۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اُن بدبختوں کو ساری مخلوق میں سب سے بدتر شمار کیا کرتے۔ احادیثِ مطہرہ میں ذوالخویصرہ کی اس ملت کی بہت سی نشانیاں بتائی گئی ہیں کہ وہ مسلمانوں میں سب سے عبادت گزار نظر آئیں گے۔ اُن کے دلوں میں مسلمانوں کی بدخواہی اور بت پرستوں کی خیرخواہی بھری ہوئی ہوگی۔ وہ قیامت تک مختلف رنگ وروپ میں نکلتے رہیں گے اور ہر دور میں اہلِ اسلام کے نمبردار بننے کی کوشش کرتے رہیں گے۔ مسلمانوں پر نمبرداری جماتے ہوئے دجّال کا جھنڈا بھی خوارج کا آخری گروہ ہی اُٹھائے گا۔ ان کی ظاہری دینداری اور عبادت گزاری کے جال

میں پھنس کر ہر دور کے اندر کتنے ہی مسلمان اپنی عاقبت برباد کرتے رہیں گے اور وہ نہیں سمجھ پائیں گے کہ ظاہر میں جو تقدس کے پتلے نظر آرہے ہیں وہ باطن میں عبداللہ بن ابی بن سلول کی آنس کا پیاں ہیں اور ان کے قلوب واذہان میں رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی توہین اور گستاخی بھری ہوتی ہے جس کی قد بدت البغضاء من افواھھم وما تخفی صدورھم اکبر (۳: ۱۱۸) یعنی ان کے منہ سے بغض وعناد ظاہر ہو گیا اور جتنا اُن کے دلوں میں چھپا ہوا ہے وہ تو بہت زیادہ ہے ۔ اگر جلوہ گری دیکھنا ہو تو آج بھی اُن لوگوں کے عمائد کی تصانیف اس امر کا ثبوت پیش کر رہی ہیں کہ اُن میں توہینِ شانِ رسالت میں ایسے ایسے نازیبا کلمات کثرت سے مل جاتے ہیں جنھیں عبداللہ بن ابی بن سلول اور اس کی معنوی ذریت کے سوا کوئی مسلمان کہلانے والا انھیں زبان یا نوکِ قلم پر لانے کی جراُت نہیں کر سکتا تھا ۔ خدائے علیم وخبیر ہی بہتر جانتا ہے کہ وہ گستاخانہ کلمات کب تک سچے مسلمانوں کے قلب وجگر کو چھلنی کرتے رہیں گے ۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کلامِ الٰہی کے مطابق ان لوگوں کے دلوں میں تو عداوتِ رسول کی چنگاری نارِ نمرود کی طرح بھڑک رہی ہوگی ۔ جس کی چنگاریاں آج بھی جابجا شعلہ زن ہوتی رہتی ہیں ۔ اسی ستم ظریفی کے پیشِ نظر سراپا احتجاج ہو کر سچے مسلمان یوں بارگاہِ خداوندی میں دعا کرتے رہتے ہیں ؎

المدد اے خدا ، سب کے حاجت روا ، آج ایمان کی جان خطرے میں ہے
دشمنانِ نبی بن گئے اولیاء ، آج سچا مسلمان خطرے میں ہے !
کیسے تفسیر وتفہیم کے نام سے ، کیسے فکر وتدبر نما دام سے
یوں مطالب بتاتے ہیں آیات کے جس سے مفہومِ قرآن خطرے میں ہے
مصطفےٰ کے فرامین وردِ زباں ، مصطفےٰ کی انھیں سے کریں کسرِ شاں
کس غضب کی ہیں یہ شوخیاں الاماں تیر بیارے کا فرمان خطرے میں ہے

بَاب ۲۳۰ مَا جَاءَ فِي الْخَزِّ ۔

خز کا بیان

۶۳۹ ۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَنْمَاطِيُّ الْبَصْرِيُّ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّازِيُّ ح وَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الرَّازِيُّ نَا أَبِي قَالَ أَخْبَرَنِي أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ سَعْدٍ قَالَ رَأَيْتُ رَجُلًا بِبُخَارَا عَلَى بَغْلَةٍ بَيْضَاءَ عَلَيْهِ عِمَامَةُ خَزٍّ سَوْدَاءُ فَقَالَ كَسَانِيهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا لَفْظُ عُثْمَانَ وَالْإِخْبَارُ فِي حَدِيثِهِ ۔

عثمان بن محمد انماطی بصری ، عبدالرحمان بن عبداللہ رازی احمد بن عبدالرحمان رازی ، ان کے والد ماجد ، ابو عبداللہ بن سعد سے روایت ہے کہ ان کے والد ماجد سعد بن عثمان نے فرمایا ۔ میں نے بخارا میں ایک آدمی کو سفید گدھے پر دیکھا جس کے اوپر خز کا سیاہ عمامہ تھا ۔ اس نے کہا کہ یہ رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے میرے زیبِ تن فرمایا تھا ۔ یہ حدیث عثمان راوی کے لفظوں میں ہے ۔

۶۴۰ ۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ نَجْدَةَ نَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ قَالَ نَا عَطِيَّةُ بْنُ قَيْسٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ غَنْمٍ الْأَشْعَرِيُّ حَدَّثَنِي أَبُو عَامِرٍ أَوْ أَبُو مَالِكٍ وَاللّٰهِ

عبدالرحمٰن بن غنم اشعری سے روایت ہے کہ حضرت ابو عامر یا حضرت ابو مالک رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا ۔ خدا کی قسم ، میں غلط بیانی نہیں کرتا کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ۔ میری امت

يَمِينُ أُخْرَى مَا كَذَبَنِي أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَيَكُونَنَّ مِنْ أُمَّتِي أَقْوَامٌ يَسْتَحِلُّونَ الْخَزَّ وَالْحَرِيرَ وَذَكَرَ كَلَامًا قَالَ يُمْسَخُ مِنْهُمْ آخَرِينَ قِرَدَةً وَخَنَازِيرَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ۔

میں ایسے لوگ بھی ہوں گے جو خز اور ریشم کو اپنے لیے حلال ٹھہرائیں گے۔ پھر اور ذکر کرتے ہوئے فرمایا اور ان کے آخری گروہ کی صورتیں مسخ کر کے قیامت تک بندر خنزیر بنا دیئے جائیں گے۔

بَابُ ۲۳۱ مَا جَاءَ فِي لُبْسِ الْحَرِيرِ۔

ریشمی کپڑا پہننے کا بیان

۶۴۱۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَأَى حُلَّةً سِيَرَاءَ عِنْدَ بَابِ الْمَسْجِدِ تُبَاعُ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ لَوِ اشْتَرَيْتَ هَذِهِ فَلَبِسْتَهَا يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَلِلْوُفُودِ إِذَا قَدِمُوا عَلَيْكَ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا يَلْبَسُ هَذِهِ مَنْ لَا خَلَاقَ لَهُ فِي الْآخِرَةِ ثُمَّ جَاءَتْ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهَا حُلَلٌ فَأَعْطَى عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ مِنْهَا حُلَّةً فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ يَا رَسُولَ اللهِ كَسَوْتَنِيهَا وَقَدْ قُلْتَ فِي حُلَّةِ عُطَارِدٍ مَا قُلْتَ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي لَمْ أَكْسُكَهَا لِتَلْبَسَهَا فَكَسَاهَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ أَخًا لَهُ مُشْرِكًا۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عمر نے مسجد کے دروازے پر ایک حلہ بکتے ہوئے دیکھا تو عرض گزار ہوئے۔ یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم! کاش اسے آپ اسے خرید لیں اور جمعہ کے روز پہنا کریں نیز جب وفود آپ کی خدمت میں حاضر ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: انہیں وہ پہنتا ہے جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہ ہو۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس اُن میں سے حُلے آئے اور آپ نے اُن میں سے ایک حلہ (جوڑا) حضرت عمر کو دے دیا۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ عرض گزار ہوئے یا رسول اللہ! آپ یہ مجھے پہنا رہے ہیں حالانکہ حلہ عطارد کے متعلق آپ نے ایسا فرمایا تھا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں تمہارے پہننے کے لیے نہیں دے رہا ہوں۔ پس حضرت عمر نے وہ اپنے مشرک بھائی کو پہنا دیا۔

۶۴۲۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ وَعَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ عَنْ أَبِيهِ بِهَذِهِ الْقِصَّةِ قَالَ حُلَّةُ إِسْتَبْرَقٍ وَقَالَ فِيهِ ثُمَّ أَرْسَلَ إِلَيْهِ بِجُبَّةِ دِيبَاجٍ وَقَالَ تَبِيعُهَا وَتُصِيبُ بِهَا حَاجَتَكَ۔

سالم نے اپنے والد ماجد حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اسی واقعے کو روایت کرتے ہوئے فرمایا کہ استبرق کا جوڑا اور اسی روایت میں کہا، پھر آپ (حضرت عمر) کی طرف دیباج کا ایک جوڑا بھیج کر فرمایا: اسے فروخت کر کے اپنی حاجت پوری کر لو۔

۶۴۳۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ نَا حَمَّادٌ نَا عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ قَالَ كَتَبَ عُمَرُ إِلَى عُتْبَةَ بْنِ فَرْقَدٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى

ابو عثمان نہدی کا بیان ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عتبہ بن فرقد کے لیے لکھا کہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ریشم سے منع فرمایا ہے مگر جب کہ اتنا

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْحَرِيْرِ اِلَّا مَا كَانَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا اِصْبَعَيْنِ وَثَلٰثَةً وَاَرْبَعَةً۔

ہو یعنی دو انگشت یا تین یا چار (یعنی دھاری یا پٹی کی شکل میں)

۶۴۴- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ عَوْنٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا صَالِحٍ يُحَدِّثُ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ اُهْدِيَتْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُلَّةٌ سِيَرَاءُ فَاَرْسَلَ بِهَا اِلَيَّ فَلَبِسْتُهَا فَاَتَيْتُهٗ فَرَاَيْتُ الْغَضَبَ فِيْ وَجْهِهٖ فَقَالَ اِنِّيْ لَمْ اُرْسِلْ بِهَا لِتَلْبَسَهَا فَاَمَرَنِيْ فَاَطَرْتُهَا بَيْنَ نِسَائِيْ۔

ابو صالح سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالٰی عنہ نے فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی خدمت میں ایک ریشمی جوڑے کا تحفہ پیش کیا گیا۔ آپ نے وہ میرے لیے بھیج دیا۔ میں اُسے پہن کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو میں نے مبارک چہرے پر ناراضگی کے آثار دیکھے۔ فرمایا کہ میں نے یہ تمہارے پہننے کے لیے نہیں بھیجا تھا۔ پس آپ نے مجھے حکم فرمایا تو میں نے وہ اپنی عورتوں میں بانٹ دیا۔

باب ۲۳۲ مَنْ كَرِهَهٗ۔

جس نے اسے ناپسند کیا

۶۴۵- حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُنَيْنٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ لُبْسِ الْقَسِّيِّ وَعَنْ لُبْسِ الْمُعَصْفَرِ وَعَنْ تَخَتُّمِ الذَّهَبِ وَعَنِ الْقِرَاءَةِ فِي الرُّكُوْعِ۔

ابراہیم بن عبداللہ بن حنین کے والد ماجد نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے قسی کپڑے کو پہننے سے منع فرمایا ہے اور معصفر کے پہننے سے نیز سونے کی انگوٹھی سے اور (منع فرمایا ہے) رکوع کے اندر قرآن مجید پڑھنے سے۔

۶۴۶- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُنَيْنٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا قَالَ عَنِ الْقِرَاءَةِ فِي الرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ۔

ابراہیم بن عبداللہ بن حنین کے والد ماجد نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے مذکورہ حدیث کی طرح فرمایا۔ راوی کا بیان ہے کہ آپ نے منع فرمایا رکوع اور سجدوں میں قرآن مجید پڑھنے سے۔

۶۴۷- حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بِهٰذَا زَادَ وَلَا اَقُوْلُ نَهَاكُمْ۔

موسیٰ بن اسمٰعیل، حماد، محمد بن عمرو نے ابراہیم بن عبداللہ سے روایت کرتے ہوئے یہ بھی کہا۔ میں نہیں کہتا کہ تمہیں منع فرمایا ہے۔

۶۴۸- حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ مَلِكَ الرُّوْمِ اَهْدٰى اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ شاہ روم نے نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے لیے سندس کا چوغہ تحفے کے طور پر بھیجا۔ پس آپ نے اُسے پہنا تو

وَسَلَّمَ مُسْتَقَةً مِنْ سُنْدُسٍ فَلَبِسَهَا فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى يَدَيْهِ تُذَبْذِبَانِ ثُمَّ بَعَثَ بِهَا إِلَى جَعْفَرٍ فَلَبِسَهَا ثُمَّ جَاءَهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي لَمْ أُعْطِكَهَا لِتَلْبَسَهَا قَالَ فَمَا أَصْنَعُ بِهَا قَالَ أَرْسِلْ بِهَا إِلَى أَخِيكَ النَّجَاشِيِّ.

گویا میں اب بھی آپ کے مبارک ہاتھوں کو حرکت کرتے ہوئے دیکھ رہا ہوں۔ پھر آپ نے وہ حضرت جعفر کے لیے بھیجدیا، وہ اسے پہن کر حاضر بارگاہ ہوئے تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے یہ تمہیں پہننے کے لیے نہیں دیا تھا۔ عرض گزار ہوئے کہ پھر اس کا کیا کروں؟ فرمایا کہ اسے اپنے بھائی نجاشی (شاہِ حبشہ) کے لیے بھیجدو۔

ف۔ شاہِ روم نے تحفہ کے طور پر رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے لیے ایک قیمتی چغہ بھیجا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وہ سندس کا ریشمی چغہ حضرت انس رضی اللہ تعالےٰ عنہ کو مرحمت فرمایا۔ عنایت فرماتے وقت جو دستِ مبارک حرکت میں آئے تو حضرت انس فرماتے ہیں: "فکانی انظر الی یدیہ تذبذبان۔ گویا اب بھی آپ کے ہاتھ کو حرکت کرتے ہوئے دیکھ رہا ہوں۔ معلوم ہوا کہ صحابہ کرام کے دل و دماغ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہر حرکت سما جاتی اور گھر کر لیا کرتی تھی۔ وہ تصور ان کے ذہنوں سے تا زیست نکلتا نہیں تھا۔ جیسا کہ متعدد احادیثِ مطہرہ میں ایسے واقعات و بیانات مذکور ہوئے ہیں۔ اسی لیے سچے مسلمان آج بھی یوں کہتے ہوئے نظر آتے ہیں ؎

اُن کی دھن، اُن کی لگن، اُن کی تمنا، اُن کی یاد
مختصر سا ہے، مگر کافی ہے، سامانِ حیات

۶۴۹۔ حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ خَالِدٍ نَا رَوْحٌ نَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا أَرْكَبُ الْأُرْجُوَانَ وَلَا أَلْبَسُ الْمُعَصْفَرَ وَلَا أَلْبَسُ الْقَمِيصَ الْمُكَفَّفَ بِالْحَرِيرِ وَأَوْمَأَ الْحَسَنُ إِلَى جَيْبِ قَمِيصِهِ قَالَ وَقَالَ أَلَا وَطِيبُ الرِّجَالِ رِيحٌ لَا لَوْنَ لَهُ قَالَ وَطِيبُ النِّسَاءِ لَوْنٌ لَا رِيحَ لَهُ قَالَ سَعِيدٌ أُرَاهُ قَالَ إِنَّمَا حَمَلُوا قَوْلَهُ فِي النِّسَاءِ عَلَى أَنَّهَا إِذَا خَرَجَتْ فَأَمَّا إِذَا كَانَتْ عِنْدَ زَوْجِهَا فَلْتَتَطَيَّبْ بِمَا شَاءَتْ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں سرخ بالش والے جانور پر سوار نہیں ہوتا اور نہ کسی کا کپڑا پہنتا ہوں اور نہ میں وہ قمیص پہنتا ہوں جس میں ریشمی کف لگے ہوئے ہوں اور حسن نے اپنی قمیص کی جیب کی طرف اشارہ کیا۔ راوی کا بیان ہے کہ آپ نے فرمایا: خبردار ہو جاؤ، مردوں کی خوشبو وہ ہے کہ خوشبو ہو مگر رنگ نہ ہو جب کہ عورتوں کی خوشبو میں رنگ ہوتا اور خوشبو نہیں ہوتی۔ سعید کا بیان ہے کہ میرے خیال میں عورتوں کے متعلق اس ارشادِ گرامی کا محمل یہ ہے جب وہ باہر نکلے لیکن جب وہ اپنے خاوند کے پاس رہے تو جس طرح کی چاہے خوشبو لگا سکتی ہے۔

۶۵۰۔ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَوْهَبٍ الْهَمْدَانِيُّ أَنَا الْمُفَضَّلُ يَعْنِي ابْنَ فَضَالَةَ عَنْ عَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنْ أَبِي الْحُصَيْنِ يَعْنِي الْهَيْثَمَ بْنَ شَفِيٍّ قَالَ خَرَجْتُ أَنَا وَصَاحِبٌ لِي يُكْنَى أَبَا عَامِرٍ رَجُلٌ مِنَ الْمَعَافِرِ لِنُصَلِّيَ

عیاش بن عباس سے روایت ہے کہ ابو الحصین ہیثم بن شفی نے فرمایا: میں اور میرا ساتھی نکلے جس کی کنیت ابو عامر تھی اور قبیلہ معافر کا ایک فرد تھا کہ بیت المقدس میں نماز پڑھیں۔ اور ان کا واعظ ایک ازدی تھا۔ جنہیں ابو ریحانہ کہا جاتا اور وہ صحابی تھے۔ ابو الحصین کا بیان ہے کہ میرا ساتھی مسجد

بِإِيلِيَا وَكَانَ قَاصَّهُمْ رَجُلٌ مِنَ الْأَزْدِ يُقَالُ لَهُ أَبُو رَيْحَانَةَ مِنَ الصَّحَابَةِ قَالَ أَبُو الْحُصَيْنِ فَسَبَقَنِي صَاحِبِي إِلَى الْمَسْجِدِ ثُمَّ جِئْتُ فَجَلَسْتُ إِلَى جَنْبِهِ فَسَأَلَنِي هَلْ أَدْرَكْتَ قَصَصَ أَبِي رَيْحَانَةَ قُلْتُ لَا قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُولُ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَشْرٍ عَنِ الْوَشْرِ وَالْوَشْمِ وَالنَّتْفِ وَعَنْ مُكَامَعَةِ الرَّجُلِ الرَّجُلَ بِغَيْرِ شِعَارٍ وَعَنْ مُكَامَعَةِ الْمَرْأَةِ الْمَرْأَةَ بِغَيْرِ شِعَارٍ وَأَنْ يَجْعَلَ الرَّجُلُ فِي أَسْفَلِ ثِيَابِهِ حَرِيرًا مِثْلَ الْأَعَاجِمِ أَوْ يَجْعَلَ عَلَى مَنْكِبَيْهِ حَرِيرًا مِثْلَ الْأَعَاجِمِ وَعَنِ النُّهْبَى وَعَنْ رُكُوبِ النُّمُورِ وَلُبُوسِ الْخَاتَمِ إِلَّا لِذِي سُلْطَانٍ۔

میں مجھ سے پہلے جا پہنچا۔ پھر میں تو پہنچا تو اس کے پہلو میں بیٹھ گیا۔ اس نے مجھ سے پوچھا۔ کیا آپ نے حضرت ابو ریحانہ کی باتیں سنی ہیں؟ میں نے کہا، نہیں کہنے لگا کہ میں نے انہیں فرماتے ہوئے سنا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ نے دس باتوں سے منع فرمایا ہے یعنی دانت پتلے کروانے، جسم پر گودوانے سفید بال اکھاڑنے، دو مردوں کا لباس کے بغیر یک جا ہونے دو عورتوں کا لباس کے بغیر اکٹھی ہونے، عجمیوں کی طرح اپنے کپڑے کے نیچے ریشم لگانے، عجمیوں کی طرح اپنے کندھوں پر ریشمی کپڑا ڈالنے، درندوں کی کھال پر سوار ہونے اور انگوٹھی پہننے سے مگر جب کہ وہ بادشاہ ہو۔

۶۵۱۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ نَا رَوْحٌ نَا هِشَامٌ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبِيدَةَ عَنْ عَلِيٍّ أَنَّهُ قَالَ نَهَى عَنْ مَيَاثِرِ الْأُرْجُوَانِ۔

یحییٰ بن حبیب، روح، ہشام، محمد، عبیدہ سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ سرخ ریشمی زین پوشوں سے منع فرمایا ہے۔

۶۵۲۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ وَمُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَا نَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنْ هُبَيْرَةَ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ نَهَانِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ وَعَنْ لُبْسِ الْقَسِّيِّ وَالْمِيثَرَةِ الْحَمْرَاءِ۔

حفص بن عمر اور مسلم بن ابو ابراہیم، شعبہ، ابو اسحاق، ہبیرہ سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے سونے کی انگوٹھی قسی کپڑا پہننے اور سرخ زین پوش سے منع فرمایا ہے۔

۶۵۳۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ نَا ابْنُ شِهَابٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى فِي خَمِيصَةٍ لَهَا أَعْلَامٌ فَنَظَرَ إِلَى أَعْلَامِهَا فَلَمَّا سَلَّمَ قَالَ اذْهَبُوا بِخَمِيصَتِي هَذِهِ إِلَى أَبِي جَهْمٍ فَإِنَّهَا أَلْهَتْنِي فِي صَلَاتِي وَأْتُونِي بِأَنْبِجَانِيَّتِهِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ أَبُو جَهْمٍ ابْنُ حُذَيْفَةَ مِنْ بَنِي عَدِيِّ بْنِ كَعْبٍ

عروہ بن زبیر نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نقش و نگار والی ایک چادر میں نماز پڑھی اور اس کے نقش و نگار پر نظر پڑی۔ جب سلام پھیر دیا تو فرمایا۔ یہ چادر لے جا کر ابو جہم کو دے آؤ۔ کیونکہ اس نے مجھے نماز میں اپنی جانب متوجہ کیا تھا اور میرے لیے سادہ چادر لے آؤ۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ ابو جہم بن حذیفہ بنی عدی بن کعب سے تھے۔

باب ۲۳۳ الرُّخْصَةِ فِي الْعَلَمِ وَخَيْطِ الْحَرِيرِ

۶۵۴۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ نَا الْمُغِيرَةُ بْنُ زِيَادٍ نَا عَبْدُ اللَّهِ أَبُو عُمَرَ مَوْلَى أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ قَالَ رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ فِي السُّوقِ اشْتَرَى ثَوْبًا شَامِيًّا فَرَأَى فِيهِ خَيْطًا أَحْمَرَ فَرَدَّهُ فَأَتَيْتُ أَسْمَاءَ فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لَهَا فَقَالَتْ يَا جَارِيَةُ نَاوِلِينِي جُبَّةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْرَجَتْ جُبَّةَ طَيَالِسَةٍ مَكْفُوفَةَ الْجَيْبِ وَالْكُمَّيْنِ وَالْفَرْجَيْنِ بِالدِّيبَاجِ۔

ریشمی نقش و نگار اور ریشمی دھاگے کی اجازت

عبداللہ ابو عمر مولیٰ اسماء بنت ابوبکر کا بیان ہے کہ میں نے بازار میں حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو ایک شامی کپڑا خریدتے ہوئے دیکھا جس میں سرخ دھاگا تھا تو انہوں نے وہ واپس کر دیا۔ پس میں حضرت اسماء کے پاس آیا اور ان سے اس بات کا ذکر کیا۔ انہوں نے فرمایا اے لونڈی! ذرا مجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جبۂ مبارک لا کر دو۔ پس وہ ایک طیالسیہ جبہ نکال کر لائی جس کے گریبان پر دونوں آستینوں پر اور آگے پیچھے دیباج (ریشم) کا کام کیا ہوا تھا۔

۶۵۵۔ حَدَّثَنَا ابْنُ نُفَيْلٍ نَا زُهَيْرٌ نَا خُصَيْفٌ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِنَّمَا نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الثَّوْبِ الْمُصْمَتِ مِنَ الْحَرِيرِ فَأَمَّا الْعَلَمُ مِنَ الْحَرِيرِ وَسَدَى الثَّوْبِ فَلَا بَأْسَ بِهِ۔

عکرمہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خالص ریشمی کپڑے سے منع فرمایا ہے۔ اگر ریشمی نقش و نگار ہوں یا صرف ریشمی تانا ہو تو اس کا کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

باب ۲۳۴ فِي لُبْسِ الْحَرِيرِ لِعُذْرٍ

۶۵۶۔ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا عِيسَى يَعْنِي ابْنَ يُونُسَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ قَالَ رَخَّصَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ وَلِلزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ فِي قُمُصِ الْحَرِيرِ فِي السَّفَرِ مِنْ حِكَّةٍ كَانَتْ بِهِمَا۔

عذر کے باعث ریشمی کپڑا پہننا

قتادہ سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف اور حضرت زبیر بن عوام کو سفر میں ریشمی کپڑا پہننے کی اجازت مرحمت فرمائی کیونکہ دونوں حضرات کو خارش کی شکایت تھی۔

باب ۲۳۵ فِي الْحَرِيرِ لِلنِّسَاءِ

۶۵۷۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ أَبِي أَفْلَحَ الْهَمْدَانِيِّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ زُرَيْرٍ أَنَّهُ سَمِعَ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ يَقُولُ إِنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخَذَ حَرِيرًا فَجَعَلَهُ فِي يَمِينِهِ وَأَخَذَ ذَهَبًا

عورتوں کے لیے ریشم کا حکم

ابو افلح ہمدانی نے عبداللہ بن زریر سے روایت کی ہے کہ انہوں نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ریشمی کپڑا لیا اور دا ہنے دست مبارک سے پکڑا اور سونا لے کر اسے دوسرے دست مبارک میں تھاما۔ پھر فرمایا کہ یہ دونوں چیزیں میری

فَجَعَلَهُ فِي شِمَالِهِ ثُمَّ قَالَ إِنَّ هٰذَيْنِ حَرَامٌ عَلَى ذُكُورِ أُمَّتِي۔

امت کے مردوں پر حرام ہیں۔

۶۵۸۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ وَكَثِيرُ بْنُ عُبَيْدٍ الْحِمْصِيَّانِ قَالَا نَا بَقِيَّةُ عَنِ الزُّبَيْدِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّهُ حَدَّثَهُ أَنَّهُ رَأَى عَلَى أُمِّ كُلْثُومٍ بِنْتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُرْدًا سِيَرَاءَ قَالَ وَالسِّيَرَاءُ الْمُضَلَّعُ۔

عمرو بن عثمان حمصی اور کثیر بن عبید حمصی، بقیہ، زبیدی، زہری سے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حدیث بیان کی کہ اُنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت اُمّ کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو سرخ ریشمی چادر اوڑھے ہوئے دیکھا۔ راوی کا بیان ہے کہ السیراء ریشمی دھاریوں والا ہوتا ہے۔

۶۵۹۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ نَا أَبُو أَحْمَدَ يَعْنِي الزُّبَيْرِيَّ نَا مِسْعَرٌ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنَّا نَنْزِعُهُ عَنِ الْغِلْمَانِ وَنَتْرُكُهُ عَلَى الْجَوَارِي قَالَ مِسْعَرٌ فَسَأَلْتُ عَمْرَو بْنَ دِينَارٍ عَنْهُ فَلَمْ يَعْرِفْهُ۔

عبد الملک بن میسرہ نے عمرو بن دینار سے روایت کی ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ ہم ریشمی کپڑا لڑکوں سے چھین لیتے اور لڑکیوں کو پہنا دیا کرتے۔ مسعر کا بیان ہے کہ میں نے عمرو بن دینار سے اس بات کے متعلق پوچھا تو وہ اسے نہیں جانتے تھے۔

بَابٌ ۲۳۶ فِي لُبْسِ الْحِبَرَةِ۔

حبرہ پہننے کا بیان

۶۶۰۔ حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الْأَزْدِيُّ نَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ قُلْنَا لِأَنَسٍ يَعْنِي ابْنَ مَالِكٍ أَيُّ اللِّبَاسِ كَانَ أَحَبَّ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْ أَعْجَبَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْحِبَرَةُ۔

قتادہ کا بیان ہے کہ ہم حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں عرض گزار ہوئے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کون سا کپڑا زیادہ پسند تھا یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو زیادہ پیارا تھا؟ فرمایا حبرہ (دھاری دار یمنی چادر)

بَابٌ ۲۳۷ فِي الْبَيَاضِ۔

سفید کپڑوں کا بیان

۶۶۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا زُهَيْرٌ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَسُوا مِنْ ثِيَابِكُمُ الْبَيَاضَ فَإِنَّهَا مِنْ خَيْرِ ثِيَابِكُمْ وَكَفِّنُوا فِيهَا مَوْتَاكُمْ وَإِنَّ خَيْرَ أَكْحَالِكُمُ الْإِثْمِدُ يَجْلُو الْبَصَرَ وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ۔

سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کپڑوں میں سے سفید کپڑے پہنا کرو کیونکہ یہ تمہارے کپڑوں میں بہتر ہیں اور انہیں کا اپنے مردوں کو کفن دیا کرو اور تمہارے سرموں میں بہتر اثمد ہے جو بینائی کو تیز کرتا ہے اور پلکوں کو اگاتا ہے۔

بَاب ۲۳۸ فِي الْخُلْقَانِ وَفِي غَسْلِ الثَّوْبِ.

میل کچیل نکالنا اور کپڑے کو دھونا

۶۶۲ - حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا مِسْكِينٌ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ ح وَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ نَحْوَهُ عَنْ حَسَّانَ بْنِ عَطِيَّةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ أَتَانَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَأَى رَجُلًا شَعِثًا قَدْ تَفَرَّقَ شَعْرُهُ فَقَالَ أَمَا كَانَ هٰذَا يَجِدُ مَا يُسَكِّنُ بِهِ شَعْرَهُ وَرَأَى رَجُلًا آخَرَ عَلَيْهِ ثِيَابٌ وَسِخَةٌ فَقَالَ أَمَا كَانَ هٰذَا يَجِدُ مَا يَغْسِلُ بِهِ ثَوْبَهُ.

نفیلی، مسکین، اوزاعی۔ عثمان بن ابوشیبہ، اوزاعی، حسان بن عطیہ، محمد بن المنکدر سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے تو آپ نے ایک شخص کو پراگندہ حال میں دیکھا جس کے بال بکھرے ہوئے تھے۔ فرمایا کیا اسے سر کو صاف کرنے کے لیے کوئی چیز نہیں ملتی؟ پھر ایک دوسرے آدمی کو دیکھا جس کے کپڑے میلے کچیلے تھے۔ فرمایا اسے کوئی چیز نہیں ملتی جس سے اپنے کپڑوں کو دھولے۔

۶۶۳ - حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا زُهَيْرٌ نَا أَبُو إِسْحٰقَ عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ثَوْبٍ دُونٍ فَقَالَ أَلَكَ مَالٌ قَالَ نَعَمْ قَالَ مِنْ أَيِّ الْمَالِ قَالَ قَدْ أَتَانِي اللَّهُ مِنَ الْإِبِلِ وَالْغَنَمِ وَالْخَيْلِ وَالرَّقِيقِ قَالَ فَإِذَا أَتَاكَ اللَّهُ مَالًا فَلْيُرَ أَثَرُ نِعْمَةِ اللَّهِ عَلَيْكَ وَكَرَامَتِهِ.

ابوالاحوص سے اُن کے والد ماجد نے فرمایا کہ میں میلے کچیلے کپڑوں میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور حاضر ہوا۔ فرمایا کیا تمہارے پاس مال ہے؟ عرض گزار ہوا، ہاں۔ فرمایا کہ کیسا مال ہے؟ عرض کی کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اونٹ، بھیڑ بکریاں، گھوڑے اور لونڈی غلام عنایت فرمائے ہیں۔ فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ نے تمہیں مال دیا ہے تو اس کی نعمت اور بخشش کی تم سے نشانی ظاہر ہونی چاہیئے۔

ف: معلوم ہوا کہ جب اللہ تعالیٰ اپنے کسی بندے کو وافر مال دے تو اُسے اپنے لباس وغیرہ سے خدا کی اس نعمت کا اظہار کرنا چاہیئے۔ یہ نہ ہو کہ مال کو جمع کرتا جائے اور خود خراب و خستہ حال رہے کہ لوگ اُسے تنگ دست سمجھیں بایں کرنا بھی کفرانِ نعمت ہے۔ ہاں اگر کوئی راہِ خدا میں مال زیادہ خرچ کرتا ہوا اپنے کھانے پہننے میں بقدر کفایت پر اکتفا کر رہا ہے تو یہ بات ہی اور ہے لیکن اس صورت میں مال کے جمع کرنے کا معاملہ سرے سے ہوتا ہی نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَاب ۲۳۹ فِي الْمَصْبُوغِ بِالصُّفْرَةِ.

زرد رنگنے کا بیان

۶۶۴ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ عَنْ زَيْدٍ يَعْنِي ابْنَ أَسْلَمَ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يَصْبُغُ لِحْيَتَهُ بِالصُّفْرَةِ حَتّٰى تَمْتَلِئَ ثِيَابُهُ مِنَ الصُّفْرَةِ فَقِيلَ لَهُ لِمَ تَصْبُغُ بِالصُّفْرَةِ فَقَالَ إِنِّي رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْبُغُ

زید بن اسلم کا بیان ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اپنی داڑھی مبارک کو صفرہ سے زرد رنگا کرتے یہاں تک کہ صفرہ سے اُن کے کپڑوں کو بھی زردی لگ جاتی۔ اُن سے کہا گیا کہ آپ صفرہ سے کیوں رنگتے ہیں؟ فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس کے ساتھ رنگتے ہوئے دیکھا اور آپ کو اس سے زیادہ اور کوئی رنگ پسند نہ تھا اور اس سے

بِهَا وَلَمْ يَكُنْ شَيْءٌ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْهَا وَقَدْ كَانَ يَصْبُغُ بِهَا ثِيَابَهُ كُلَّهَا حَتَّى عِمَامَتَهُ۔

آپ کے کپڑے بھی بھر جاتے تھے۔ یہاں تک کہ مبارک عمامہ بھی۔

باب ۲۴۰ فِي الْخُضْرَةِ۔

۶۶۵۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا عُبَيْدُ اللَّهِ يَعْنِي ابْنَ إِيَادٍ نَا إِيَادٌ عَنْ أَبِي رِمْثَةَ قَالَ انْطَلَقْتُ مَعَ أَبِي نَحْوَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ فَرَأَيْتُ عَلَيْهِ بُرْدَيْنِ أَخْضَرَيْنِ۔

سبز رنگ کا بیان

احمد بن یونس، عبید اللہ بن ایاد، ایاد سے روایت ہے کہ حضرت ابورمثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں اپنے والد ماجد کے ساتھ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو میں نے آپ کے اوپر دو سبز چادر دیکھیں۔

باب ۲۴۱ فِي الْحُمْرَةِ۔

۶۶۶۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ نَا هِشَامُ بْنُ الْغَازِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ هَبَطْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ ثَنِيَّةٍ فَالْتَفَتَ إِلَيَّ وَعَلَيَّ رَيْطَةٌ مُضَرَّجَةٌ بِالْعُصْفُرِ فَقَالَ مَا هَذِهِ الرَّيْطَةُ عَلَيْكَ فَعَرَفْتُ مَا كَرِهَ فَأَتَيْتُ أَهْلِي وَهُمْ يَسْجُرُونَ تَنُّورًا لَهُمْ فَقَذَفْتُهَا فِيهِ ثُمَّ أَتَيْتُهُ مِنَ الْغَدِ فَقَالَ يَا عَبْدَ اللَّهِ مَا فَعَلَتِ الرَّيْطَةُ فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ أَفَلَا كَسَوْتَهَا بَعْضَ أَهْلِكَ فَإِنَّهُ لَا بَأْسَ بِهِ لِلنِّسَاءِ۔

سرخ رنگ کا بیان

عمرو بن شعیب نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ ان کے جدِ امجد نے فرمایا: ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ایک گھاٹی میں اترے تو آپ میری جانب متوجہ ہوئے اور میرے اوپر کسم کی رنگی ہوئی ایک فرد تھی۔ فرمایا یہ تمہارے اوپر کیسی فرد ہے؟ میں کراہت کی وجہ سمجھ گیا۔ جب میں اپنے گھر والوں میں آیا تو انہوں نے تنور گرم کیا ہوا تھا۔ پس میں نے وہ اس (تنور) میں ڈال دی۔ جب اگلے روز میں حاضر بارگاہ ہوا تو فرمایا: اے عبداللہ! تم نے چادر کا کیا بنایا؟ میں نے واقعہ عرض کر دیا۔ فرمایا کہ تم نے گھر کے کسی فرد کو کیوں نہ پہنا دی؟ کیونکہ عورتوں کے لیے تو کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

۶۶۷۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ الْحِمْصِيُّ نَا الْوَلِيدُ قَالَ قَالَ هِشَامٌ يَعْنِي ابْنَ الْغَازِ الْمُضَرَّجَةُ الَّتِي لَيْسَتْ بِمُشَبَّعَةٍ وَلَا الْمُوَرَّدَةِ۔

عمرو بن عثمان حمصی، ولید، ہشام ابن الغاز نے فرمایا کہ المضرجۃ وہ رنگ ہوتا ہے جو نہ بالکل سرخ ہو اور نہ گلابی۔

۶۶۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الدِّمَشْقِيُّ نَا إِسْمَعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ شُفْعَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ رَآنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَبُو عَلِيٍّ أُرَاهُ وَعَلَيَّ ثَوْبٌ مَصْبُوغٌ بِعُصْفُرٍ مُوَرَّدًا فَقَالَ مَا هَذَا فَانْطَلَقْتُ فَأَحْرَقْتُهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

شفعہ سے روایت ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے دیکھا تو فرمایا: ابو علی کا قول ہے کہ آپ نے کسم کا رنگا ہوا گلابی کپڑا میرے اوپر دیکھا۔ فرمایا یہ کیا ہے؟ پس میں گیا اور اسے جلا دیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے اس اپنے کپڑے کا کیا بنایا؟ میں عرض گزار ہوا کہ اسے جلا دیا ہے۔ فرمایا کہ اپنی کسی گھر والی کو کیوں نہ پہنا دیا۔ امام ابوداؤد نے

مَا صَنَعْتَ بِثَوْبِكَ فَقُلْتُ أَحْرَقْتُهُ قَالَ أَفَلَا كَسَوْتَهُ بَعْضَ أَهْلِكَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ ثَوْرٌ عَنْ خَالِدٍ فَقَالَ مُوَرَّدٌ وَطَاوُسٌ قَالَ مُعَصْفَرٌ۔

نے فرمایا کہ اسے ثور نے خالد سے روایت کرتے ہوئے موَرَّدٌ کہا ہے اور طاؤس نے معصفر کہا ہے۔

۶۶۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَزَابَةَ نَا إِسْحٰقُ يَعْنِي ابْنَ مَنْصُورٍ نَا إِسْرَائِيلُ عَنْ أَبِي يَحْيَى عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ مَرَّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ عَلَيْهِ ثَوْبَانِ أَحْمَرَانِ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

مجاہد سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس سے ایک شخص گزرا جس کے اوپر دو سرخ کپڑے تھے۔ اُس نے آپ کو سلام کیا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے سلام کا جواب نہ دیا۔

۶۷۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ أَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنِ الْوَلِيدِ يَعْنِي ابْنَ كَثِيرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو ابْنِ عَطَاءٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِي حَارِثَةَ عَنْ رَافِعِ ابْنِ خَدِيجٍ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ فَرَأَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى رَوَاحِلِنَا وَعَلَى إِبِلِنَا أَكْسِيَةً فِيهَا خُيُوطُ عِهْنٍ حُمْرٍ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا أَرَى هٰذِهِ الْحُمْرَةَ قَدْ عَلَتْكُمْ فَقُمْنَا سِرَاعًا لِقَوْلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى نَفَرَ بَعْضُ إِبِلِنَا فَأَخَذْنَا الْأَكْسِيَةَ فَنَزَعْنَاهَا عَنْهَا۔

عمرو بن عطاء نے بنی حارثہ کے ایک آدمی سے روایت کی ہے کہ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کیا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہماری سواریوں کے پالانوں اور زین پوشوں کو ملاحظہ فرمایا کہ ان میں اُون کی سُرخ دھاریاں ہیں۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ میں دیکھتا ہوں کہ سرخی تم پر غالب آنے لگی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشادِ گرامی کے باعث ہم جلدی سے کھڑے ہوئے کہ ہمارے بعض اونٹ بدکنے لگے تو ہم نے زین پوشوں کو اُن سے اتار دیا۔

۶۷۱۔ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْفٍ الطَّائِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمٰعِيلَ حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ ابْنُ عَوْفٍ وَقَرَأْتُ فِي أَصْلِ إِسْمٰعِيلَ قَالَ حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ ابْنُ زُرْعَةَ عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ حَبِيبِ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ حُرَيْثِ بْنِ الْأَبَجِّ السُّلَيْحِيِّ أَنَّ امْرَأَةً مِنْ بَنِي أَسَدٍ قَالَتْ كُنْتُ يَوْمًا عِنْدَ زَيْنَبَ امْرَأَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَصْبُغُ ثِيَابًا لَهَا بِمَغْرَةٍ فَبَيْنَا نَحْنُ كَذٰلِكَ إِذْ طَلَعَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا رَأَى

ابنِ عوف طائی، محمد بن اسمٰعیل، ان کے والد ماجد، ضمضم بن زرعہ، شریح بن عبید، حبیب بن عبید، حریث بن ابج سلیحی سے روایت ہے کہ حضرت بنی اسد کی ایک عورت نے فرمایا:۔ ایک روز میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجۂ مطہرہ حضرت زینب کے پاس تھی اور ہم اُن کے کپڑے گیرو میں رنگ رہی تھیں۔ اسی دوران رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہماری جانب تشریف لائے۔ جب آپ نے گیرو ملاحظہ فرمایا تو واپس لوٹ گئے۔ جب یہ بات حضرت زینب نے دیکھی تو سمجھ گئیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے

الْمَغْرَةِ رَجَعَ فَلَمَّا رَأَتْ ذٰلِكَ زَيْنَبُ عَلِمَتْ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ كَرِهَ مَا فَعَلَتْ فَأَخَذَتْ فَغَسَلَتْ ثِيَابَهَا وَوَارَتْ كُلَّ حُمْرَةٍ ثُمَّ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَعَ فَاطَّلَعَ فَلَمَّا لَمْ يَرَ شَيْئًا دَخَلَ۔

ناپسند فرمایا ہے۔ پس انہوں نے کرا پنے کپڑے دھو ڈالے اور سُرخی بالکل دُور کر دی۔ پھر جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم واپس لوٹے اور ایسی کوئی چیز نہ دیکھی تو اندر تشریف لے آئے۔

بَابُ ۲۲۲ فِي الرُّخْصَةِ۔

اِس کی اجازت

۶۷۲۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ النَّمَرِيُّ نَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهُ شَعْرٌ يَبْلُغُ شَحْمَةَ أُذُنَيْهِ وَرَأَيْتُهُ فِي حُلَّةٍ حَمْرَاءَ لَمْ أَرَ شَيْئًا قَطُّ أَحْسَنَ مِنْهُ۔

ابواسحاق سے روایت ہے کہ حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے گیسوئے مبارک کانوں تک تھے۔ میں نے آپ کو سرخ جوڑے میں دیکھا اور میں نے ہرگز کسی کو آپ سے خوبصورت نہیں دیکھا۔

۶۷۳۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنْ هِلَالِ ابْنِ عَامِرٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى يَخْطُبُ عَلَى بَغْلَةٍ وَعَلَيْهِ بُرْدٌ أَحْمَرُ وَعَلِيٌّ أَمَامَهُ يُعَبِّرُ عَنْهُ۔

ہلال بن عامر کے والد ماجد نے فرمایا کہ میں نے منیٰ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خچر پر خطبہ دیتے ہوئے سنا اور آپ کے اُوپر سرخ چادر تھی، حضرت علی آپ کے آگے لوگوں تک ارشادات پہنچا رہے تھے۔

بَابُ ۲۲۳ فِي السَّوَادِ۔

سیاہ رنگ کا بیان

۶۷۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ صُبِغَتْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُرْدَةٌ سَوْدَاءُ فَلَبِسَهَا فَلَمَّا عَرِقَ فِيهَا وَجَدَ رِيحَ الصُّوفِ فَقَذَفَهَا قَالَ وَأَحْسِبُهُ قَالَ وَكَانَ يُعْجِبُهُ الرِّيحُ الطَّيِّبُ۔

مطرف سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے چادر سیاہ رنگی، آپ نے اسے اوڑھا۔ جب پسینہ آیا تو اس میں سے صوف کی بُو آنے لگی لہذا اُسے اتار دیا۔ راوی کا بیان ہے کیونکہ آپ کو خوشبو پسند تھی۔

بَابُ ۲۲۴ فِي الْهُدْبِ۔

کناری کا بیان

۶۷۵۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقُرَشِيُّ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ أَنَا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ عَنْ عُبَيْدَةَ أَبِي خِدَاشٍ عَنْ أَبِي تَمِيمَةَ الْهُجَيْمِيِّ عَنْ جَابِرٍ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُحْتَبٍ بِشَمْلَةٍ قَدْ وَقَعَ هُدْبُهَا عَلَى قَدَمَيْهِ۔

عبیداللہ بن محمد قرشی، حماد بن سلمہ، یونس بن عبید، عبیدۃ بن خداش، ابو تمیمہ ہجیمی سے روایت ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو آپ نے چادر سے احتبار کر رکھا تھا اور اس کا ایک سرا آپ کے مبارک قدموں پر پڑا ہوا تھا۔

باب ۲۴۵ فِي الْعَمَائِمِ۔

عمامہ کا بیان

۶۷۶۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ وَمُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَمُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالُوا نَا حَمَّادٌ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَامَ الْفَتْحِ مَكَّةَ وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَاءُ۔

ابوالزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ فتح مکہ کے وقت جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تو آپ نے سیاہ عمامہ باندھا ہوا تھا۔

۶۷۷۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ مُسَاوِرٍ الْوَرَّاقِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَاءُ قَدْ أَرْخَى طَرَفَيْهَا بَيْنَ كَتِفَيْهِ۔

حضرت جعفر بن عمرو بن حریث کے والد ماجد نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو منبر پر دیکھا کہ سر مبارک پر سیاہ عمامہ تھا۔ جس کا ایک سرا آپ نے اپنے دونوں کندھوں کے درمیان میں لٹکایا ہوا تھا۔

۶۷۸۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ الثَّقَفِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِيعَةَ نَا أَبُو الْحَسَنِ الْعَسْقَلَانِيُّ عَنْ أَبِي جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ رُكَانَةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رُكَانَةَ صَارَعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَرَعَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رُكَانَةُ وَسَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فَرْقُ مَا بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْمُشْرِكِينَ الْعَمَائِمُ عَلَى الْقَلَانِسِ۔

ابوجعفر بن محمد بن علی بن رکانہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ رکانہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کشتی کی تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں پچھاڑ دیا۔ حضرت رکانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ ہمارے اور مشرکوں کے درمیان فرق یہ ہے کہ ہم ٹوپی کے اوپر عمامہ باندھتے ہیں (جب کہ مشرکین ٹوپی کے بغیر ہی پگڑی باندھتے ہیں)۔

۶۷۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ نَا عُثْمَانُ الْغَطَفَانِيُّ نَا سُلَيْمَانُ بْنُ خَرَّبُوذَ حَدَّثَنَا شَيْخٌ مِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ يَقُولُ عَمَّمَنِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَدَلَهَا مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَمِنْ خَلْفِي۔

سلیمان بن خربوذ نے مدینہ منورہ کے ایک شیخ سے روایت کی ہے کہ میں نے حضرت عبدالرحمان بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میرے سر پر عمامہ باندھا تو اس کا شملہ میرے آگے اور پیچھے لٹکایا (شاید پہلے آگے لٹکایا ہو پھر پیچھے کی طرف لٹکا دیا ہو)۔

ف۔ پگڑیوں کا شملہ دونوں کندھوں کے درمیان پیچھے کی جانب رکھنا چاہیے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عبدالرحمان بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سر پر عمامہ باندھتے ہوئے شملہ تو یقیناً پیچھے کی جانب رکھا ہوگا لیکن باندھتے وقت اُن کے سامنے کی جانب لٹکا دیا ہوگا۔ جیسا کہ باندھتے وقت عموماً کیا جاتا ہے اور فارغ ہونے پر پیچھے کی طرف لٹکا دیا ہوگا۔ حدیث میں مجملاً اسی کا اظہار فرمایا گیا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

باب ۲۴۶ فِي لِبْسَةِ الصَّمَّاءِ۔

۶۸۰۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لِبْسَتَيْنِ أَنْ يَحْتَبِيَ الرَّجُلُ مُفْضِيًا بِفَرْجِهِ إِلَى السَّمَاءِ وَيَلْبَسُ ثَوْبَهُ وَأَحَدُ جَانِبَيْهِ خَارِجٌ وَيُلْقِي ثَوْبَهُ عَلَى عَاتِقِهِ۔

۶۸۱۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّمَّاءِ وَعَنِ الِاحْتِبَاءِ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ۔

باب ۲۴۷ فِي حَلِّ الْأَزْرَارِ۔

۶۸۲۔ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ وَأَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَا نَا زُهَيْرٌ نَا عُرْوَةُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ ابْنُ نُفَيْلٍ ابْنُ قُشَيْرٍ أَبُو مَهَلٍ الْجُعْفِيُّ نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ قُرَّةَ نَا أَبِي قَالَ أَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي رَهْطٍ مِنْ مُزَيْنَةَ فَبَايَعْنَاهُ وَإِنَّ قَمِيصَهُ لَمُطْلَقُ الْأَزْرَارِ قَالَ فَبَايَعْتُهُ ثُمَّ أَدْخَلْتُ يَدِي فِي جَيْبِ قَمِيصِهِ فَمَسِسْتُ الْخَاتَمَ قَالَ عُرْوَةُ فَمَا رَأَيْتُ مُعَاوِيَةَ وَلَا ابْنَهُ قَطُّ إِلَّا مُطْلِقَيْ أَزْرَارِهِمَا فِي شِتَاءٍ وَلَا حَرٍّ وَلَا يُزَرِّرَانِ أَزْرَارَهُمَا أَبَدًا۔

باب ۲۴۸ فِي التَّقَنُّعِ۔

۶۸۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ سُفْيَانَ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ قَالَ قَالَ الزُّهْرِيُّ قَالَ عُرْوَةُ قَالَتْ عَائِشَةُ بَيْنَا نَحْنُ جُلُوسٌ فِي بَيْتِنَا فِي نَحْرِ الظَّهِيرَةِ قَالَ قَائِلٌ لِأَبِي بَكْرٍ هَذَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَقَنِّعًا فِي سَاعَةٍ لَمْ يَكُنْ يَأْتِينَا فِيهَا فَجَاءَ رَسُولُ اللَّهِ

صماء کے طور پر کپڑا پہننا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو قسم کے لباس سے منع فرمایا ہے۔ ایک یہ کہ آدمی کپڑے کو اس طرح لپیٹے کہ اس کی شرمگاہ آسمان تک کھلی رہے۔ دوسرے یہ کہ کپڑے کو ایک جانب لپیٹ لے اور اس کپڑے کا دوسرا سرا اپنے کندھے پر ڈال دے۔

ابوالزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صماء سے اور ایک ہی کپڑے میں احتباء کرنے سے منع فرمایا ہے۔

گریبان کھلا رکھنے کا بیان

ابن قشیر ابو مہل جعفی نے معاویہ بن قرۃ سے روایت کی ہے کہ اُن کے والد ماجد نے فرمایا: میں مزنیہ کے وفد کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا۔ پس ہم نے آپ سے بیعت کی اور آپ کے کرتہ مبارک کا گریبان کھلا ہوا تھا پس میں نے بھی بیعت کی اور اپنا ہاتھ آپ کی قمیص مبارک میں داخل کر کے مہرِ نبوت سے مس کیا۔ عروہ بن عبداللہ کا بیان ہے کہ میں نے معاویہ بن قرہ اور ان کے صاحبزادے کو نہیں دیکھا مگر ان کے گریبان کھلے ہی رہتے تھے خواہ سردی کا موسم ہوتا یا گرمی کا۔ دونوں حضرات اپنے گریبانوں میں کبھی گھنڈیاں نہیں لگاتے تھے۔

سر کو چھپانے کا بیان

عروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: ہم دوپہر کے وقت اپنے گھر میں بیٹھے ہوئے تھے کہ کسی نے حضرت ابوبکر سے کہا: رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سر مبارک کو چھپائے ہوئے تشریف لا رہے ہیں۔ حالانکہ آپ اس وقت تشریف نہیں لایا کرتے تھے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَأْذَنَ فَأَذِنَ لَهُ فَدَخَلَ۔

باب ۲۴۹ مَا جَاءَ فِي إِسْبَالِ الْإِزَارِ۔

۶۸۴۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنْ أَبِي غِفَارٍ نَا أَبُو تَمِيمَةَ الْهُجَيْمِيُّ وَأَبُو تَمِيمَةَ اسْمُهُ طَرِيفُ بْنُ مُجَالِدٍ عَنْ أَبِي جُرَيٍّ جَابِرِ بْنِ سُلَيْمٍ قَالَ رَأَيْتُ رَجُلًا يَصْدُرُ النَّاسُ عَنْ رَأْيِهِ لَا يَقُولُ شَيْئًا إِلَّا صَدَرُوا عَنْهُ قُلْتُ مَنْ هٰذَا قَالُوا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ عَلَيْكَ السَّلَامُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَرَّتَيْنِ قَالَ لَا تَقُلْ عَلَيْكَ السَّلَامُ فَإِنَّ عَلَيْكَ السَّلَامُ تَحِيَّةُ الْمَيِّتِ قُلِ السَّلَامُ عَلَيْكَ قَالَ قُلْتُ أَنْتَ رَسُولُ اللّٰهِ قَالَ أَنَا رَسُولُ اللّٰهِ الَّذِي إِذَا أَصَابَكَ ضُرٌّ فَدَعَوْتَهُ كَشَفَهُ عَنْكَ وَإِنْ أَصَابَكَ عَامُ سَنَةٍ فَدَعَوْتَهُ أَنْبَتَهَا لَكَ وَإِذَا كُنْتَ بِأَرْضٍ قَفْرَاءَ أَوْ فَلَاةٍ فَضَلَّتْ رَاحِلَتُكَ فَدَعَوْتَهُ رَدَّهَا عَلَيْكَ قَالَ قُلْتُ اعْهَدْ إِلَيَّ قَالَ لَا تَسُبَّنَّ أَحَدًا قَالَ فَمَا سَبَبْتُ بَعْدَهُ حُرًّا وَلَا عَبْدًا وَلَا بَعِيرًا وَلَا شَاةً قَالَ وَلَا تَحْقِرَنَّ شَيْئًا مِنَ الْمَعْرُوفِ وَأَنْ تُكَلِّمَ أَخَاكَ وَأَنْتَ مُنْبَسِطٌ إِلَيْهِ وَجْهُكَ إِنَّ ذٰلِكَ مِنَ الْمَعْرُوفِ وَارْفَعْ إِزَارَكَ إِلَى نِصْفِ السَّاقِ فَإِنْ أَبَيْتَ فَإِلَى الْكَعْبَيْنِ وَإِيَّاكَ وَإِسْبَالَ الْإِزَارِ فَإِنَّهَا مِنَ الْمَخِيلَةِ وَإِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمَخِيلَةَ وَإِنِ امْرُؤٌ شَتَمَكَ وَعَيَّرَكَ بِمَا يَعْلَمُ فِيكَ فَلَا تُعَيِّرْهُ بِمَا تَعْلَمُ فِيهِ فَإِنَّمَا وَبَالُ ذٰلِكَ عَلَيْهِ۔

۶۸۵۔ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا زُهَيْرٌ نَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ

تشریف لے آئے ۔ اجازت مانگی تو آپ کو اجازت دے دی گئی ۔ لہٰذا آپ اندر داخل ہو گئے ۔

چادر کو لٹکانے کا بیان

حضرت ابو جری جابر بن سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے ایک شخص کو دیکھا کہ لوگ اُس کی رائے پر عمل کرتے ہیں اور جو کچھ وہ فرمائے کوئی اس کے بالمقابل چوں نہیں کرتا میں نے کہا ۔ یہ کون ہے؟ لوگوں نے کہا یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں ۔ میں نے دو مرتبہ کہا ۔ یا رسول اللہ! آپ پر سلام ہو ۔ فرمایا کہ علیک السلام نہ کہا کرو کیونکہ اس طرح تو مردوں کو سلام کیا کرتے ہیں ۔ بلکہ السلام علیک کہا کرو ۔ میں عرض گزار ہوا کہ آپ اللہ کے رسول ہیں؟ فرمایا میں اللہ کا رسول ہوں ، جس کی یہ شان ہے کہ جب تمہیں تکلیف پہنچے اور اس سے دعا کرو تو تمہاری تکلیف دور کر دے اور اگر تم قحط سالی میں مبتلا ہو جاؤ اور اس سے دعا کرو تو تمہارے لیے سبزہ اُگا دے اور جب تم بے آب و گیاہ جنگل میں ہو اور تمہاری اونٹنی گم ہو جائے ۔ پس اُس سے دعا کرو تو تمہارے پاس واپس لے آئے ۔ میں عرض گزار ہوا کہ مجھے نصیحت فرمائیے ۔ فرمایا کہ کسی کو گالی نہ دینا ۔ اُن کا بیان ہے کہ اس کے بعد میں نے کسی آزاد یا غلام اور اونٹ یا بکری کو کبھی گالی نہیں دی ۔ فرمایا کہ کسی کے تحفے کو حقیر نہ سمجھنا اور جب اپنے کسی بھائی سے گفتگو کرو تو خندہ پیشانی سے کرنا کیونکہ یہ اچھی باتوں سے ہے اور اپنی ازار کو نصف پنڈلی تک اونچی رکھنا اگر یہ پسند نہ ہو تو ٹخنوں تک اور ازار کو گھسیٹنے سے بچنا کیونکہ یہ تکبر کے باعث ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ تکبر کو پسند نہیں فرماتا اور اگر کوئی آدمی تمہیں گالی دے یا تمہارا ایسا عیب بیان کرے جو اُسے تم میں نظر آتا ہو تو تم اُس کا وہ عیب بھی بیان نہ کرو جو تمہیں اس میں نظر آتا ہو ۔

سالم بن عبداللہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا : ۔ چادر لٹکانا تکبر

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ جَرَّ ثَوْبَهُ خُيَلَاءَ لَمْ يَنْظُرِ اللّٰهُ إِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ إِنَّ أَحَدَ جَانِبَيْ إِزَارِيْ يَسْتَرْخِيْ إِلَّا أَنْ أَتَعَاهَدَ ذٰلِكَ مِنْهُ قَالَ لَسْتَ مِمَّنْ يَفْعَلُهُ خُيَلَاءَ۔

اپنے کپڑے کو گھسیٹے گا قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اس کی طرف نظر بھی نہیں فرمائے گا۔ حضرت ابوبکرؓ عرض گزار ہوئے کہ مضبوطی سے باندھنے کے باوجود میری ازار کا ایک سرا لٹک جاتا ہے فرمایا تم ان میں سے نہیں ہو جو ازراہِ تکبر ایسا کرتے ہیں۔

۶۸۶۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ إِسْمٰعِيْلَ نَا أَبَانُ نَا يَحْيٰى عَنْ جَعْفَرٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ بَيْنَمَا رَجُلٌ يُصَلِّيْ مُسْبِلًا إِزَارَهُ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اذْهَبْ فَتَوَضَّأْ فَذَهَبَ فَتَوَضَّأَ ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ اذْهَبْ فَتَوَضَّأْ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا لَكَ أَمَرْتَهُ أَنْ يَتَوَضَّأَ ثُمَّ سَكَتَّ عَنْهُ ثُمَّ قَالَ إِنَّهُ كَانَ يُصَلِّيْ وَهُوَ مُسْبِلٌ إِزَارَهُ وَإِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَا يَقْبَلُ صَلٰوةَ رَجُلٍ مُسْبِلٍ۔

عطاء بن یسار سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ ایک آدمی اپنی ازار کو لٹکائے ہوئے نماز پڑھ رہا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا۔ جاؤ وضو کرو۔ اس نے جا کر وضو کیا، پھر آگیا۔ فرمایا جاؤ وضو کرو۔ ایک شخص عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! آپ کس وجہ سے وضو کا حکم فرما رہے ہیں؟ چنانچہ آپ خاموش رہے، پھر فرمایا کہ یہ اپنی ازار کو لٹکائے ہوئے نماز پڑھ رہا تھا اور اللہ تعالیٰ ازار لٹکانے والے کی نماز قبول نہیں فرماتا۔

۶۸۷۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُدْرِكٍ عَنْ أَبِيْ زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيْرٍ عَنْ خَرَشَةَ بْنِ الْحُرِّ عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ ثَلٰثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ وَلَا يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ قُلْتُ مَنْ هُمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَدْ خَابُوْا وَخَسِرُوْا فَأَعَادَهَا ثَلٰثًا قُلْتُ مَنْ هُمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ خَابُوْا وَخَسِرُوْا فَقَالَ الْمُسْبِلُ وَالْمَنَّانُ وَالْمُنْفِقُ سِلْعَتَهُ بِالْحَلْفِ الْكَاذِبِ أَوِ الْفَاجِرِ۔

خرشہ بن حر نے حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ تین شخص ایسے ہیں کہ اللہ ان سے کلام نہیں فرمائے گا۔ اور نہ قیامت کے روز ان کی طرف دیکھے گا اور نہ انہیں پاک کرے گا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! وہ کون ہیں؟ کیونکہ وہ تو خراب ہوئے اور خسارے میں رہے۔ تیسری مرتبہ میں نے کہا یا رسول اللہ! وہ کون ہیں کیونکہ وہ تو خراب ہوئے اور خسارے میں رہے۔ فرمایا کہ ازار لٹکانے والا، احسان جتانے والا اور اپنے مال کو جھوٹی قسم کے ذریعے بیچنے والا۔

۶۸۸۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيٰى عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُسْهِرٍ عَنْ خَرَشَةَ بْنِ الْحُرِّ عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا وَالْأَوَّلُ أَتَمُّ قَالَ الْمَنَّانُ الَّذِيْ لَا يُعْطِيْ شَيْئًا إِلَّا مَنَّهُ۔

خرشہ بن حر نے حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسی طرح فرمایا۔ پہلی حدیث زیادہ مکمل ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ احسان جتانے والا وہ ہے جو احسان رکھے بغیر کچھ نہیں دیتا۔

۴۰۸۹۔ حدثنا هارون بن عبد الله نا أبو عامر يعني عبد الملك بن عمرو نا هشام بن سعد عن قيس بن بشر التغلبي قال أخبرني أبي وكان جليسا لأبي الدرداء قال كان بدمشق رجل من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم يقال له ابن الحنظلية وكان رجلا متوحدا قلما يجالس الناس إنما هو صلوة فإذا فرغ فإنما هو تسبيح وتكبير حتى يأتي أهله قال فمر بنا ونحن عند أبي الدرداء فقال له أبو الدرداء كلمة تنفعنا ولا تضرك قال بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم سرية فقدمت فجاء رجل منهم فجلس في المجلس الذي يجلس فيه رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال لرجل إلى جنبه لو رأيتنا حين التقينا نحن والعدو فحمل فلان فطعن فقال خذها مني وأنا الغلام الغفاري كيف ترى في قوله قال ما أراه إلا قد بطل أجره فسمع بذلك آخر فقال ما أرى بذلك بأسا فتنازعا حتى سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال سبحان الله لا بأس أن يؤجر ويحمد فرأيت أبا الدرداء سر بذلك فجعل يرفع رأسه إليه ويقول أنت سمعت ذلك من رسول الله صلى الله عليه وسلم فيقول نعم فما زال يعيد عليه حتى إني لأقول ليبركن على ركبتيه قال فمر بنا يوما آخر فقال له أبو الدرداء كلمة تنفعنا ولا تضرك قال قال لنا رسول الله صلى الله عليه وسلم المنفق على الخيل كالباسط يده بالصدقة لا يقبضها ثم مر بنا يوما

قیس بن بشر تغلبی کو ان کے والد ماجد نے بتایا جو حضرت ابو درداء کے مصاحب تھے کہ دمشق میں ایک صاحب رہتے تھے جو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابی تھے۔ انہیں ابن حنظلیہ کہا جاتا تھا۔ وہ تنہائی پسند آدمی تھے اور شاذ و نادر ہی لوگوں میں بیٹھتے تھے۔ وہ نماز میں مشغول رہتے اور جب فارغ ہوتے تو گھر جانے تک تسبیح و تکبیر میں مصروف رہتے۔ ایک روز وہ ہمارے پاس سے گزرے اور ہم حضرت ابو درداء کے پاس تھے۔ حضرت ابو درداء نے اُن سے کہا کہ کوئی ایسی بات بتائیے جو ہمیں نفع دے اور آپ کا نقصان نہ ہو۔ کہا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک فوجی دستہ روانہ فرمایا۔ جب وہ لوٹے تو ان میں سے ایسا آدمی بھی آیا جو اس جگہ آ کر بیٹھ گیا جہاں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیٹھا کرتے تھے۔

......

اس نے ایک آدمی سے کہا جو اس کے پہلو میں تھا، کاش! آپ نے ہمیں اس وقت دیکھا ہوتا جب دشمن سے ہماری مڈبھیڑ ہوئی۔ فلاں نے نیزہ تان کر کہا: ”یہ مجھ سے لو، میں قبیلہ غفار کا فرزند ہوں۔ اس قول کے بارے میں تمہاری کیا رائے ہے؟ ایک نے کہا کہ اس نے اپنا ثواب ضائع کر دیا۔“ دوسرے نے کہا: ”اس میں کوئی مضائقہ نہیں۔“ دونوں جھگڑنے لگے یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سُن کر فرمایا: ”اس میں کیا مضائقہ ہے کہ اُسے اجر ملے اور اس کی تعریف بھی کی جائے۔“ پس میں نے حضرت ابو درداء کو دیکھا کہ اس بات سے خوش ہوئے اور اپنا سر اٹھا کر کہتے ہیں: ”کیا یہ آپ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنا؟ وہ کہتے ہیں، ہاں۔ یہ بار بار ان سے پوچھتے رہے یہاں تک کہ میں نے دل میں کہا کہ یہ ان کے گھٹنوں پر سوار ہو جائیں گے۔ راوی کا بیان ہے کہ ایک روز پھر وہ ہمارے پاس سے گزرے۔ حضرت ابو درداء نے اُن سے کہا کوئی ایسی بات جو ہمیں نفع دے اور آپ کا نقصان نہ ہو۔ کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہم سے فرمایا: ”جہاد کے گھوڑوں پر خرچ کرنے والا ایسا ہے جیسے دونوں ہاتھوں سے

آخَرَ فَقَالَ لَهُ أَبُو الدَّرْدَاءِ كَلِمَةً تَنْفَعُنَا وَلَا تَضُرُّكَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِعْمَ الرَّجُلُ خُرَيْمٌ الْأَسَدِيُّ لَوْلَا طُولُ جُمَّتِهِ وَإِسْبَالُ إِزَارِهِ فَبَلَغَ ذَلِكَ خُرَيْمًا فَجَعَلَ فَأَخَذَ شَفْرَةً فَقَطَعَ بِهَا جُمَّتَهُ إِلَى أُذُنَيْهِ وَرَفَعَ إِزَارَهُ إِلَى أَنْصَافِ سَاقَيْهِ ثُمَّ مَرَّ بِنَا يَوْمًا آخَرَ فَقَالَ لَهُ أَبُو الدَّرْدَاءِ كَلِمَةً تَنْفَعُنَا وَلَا تَضُرُّكَ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّكُمْ قَادِمُونَ عَلَى إِخْوَانِكُمْ فَأَصْلِحُوا رِحَالَكُمْ وَأَصْلِحُوا لِبَاسَكُمْ حَتَّى تَكُونُوا كَأَنَّكُمْ شَامَةٌ فِي النَّاسِ فَإِنَّ اللَّهَ تَعَالَى لَا يُحِبُّ الْفُحْشَ وَلَا التَّفَحُّشَ قَالَ أَبُو دَاوُد وَكَذَلِكَ قَالَ أَبُو نُعَيْمٍ عَنْ هِشَامٍ حَتَّى تَكُونُوا كَالشَّامَةِ فِي النَّاسِ

صدقہ دینےوالا جو کبھی ہاتھوں کو بند نہ کرے۔ پھر ایک روز وہ ہمارے پاس سے گزرے تو حضرت ابودردار نے اُن سے کہا: ایسی بات جو ہمیں نفع دے اور آپ کا نقصان نہ ہو۔ کہا کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہم سے فرمایا: خریم اسدی خوب آدمی ہے۔ کاش! اس کے گیسو لمبے نہ ہوتے اور ازار نہ لٹکاتا۔ جب یہ بات حضرت خریم تک پہنچی تو انہوں نے چھری لی اور بالوں کو کاٹ کر اپنے کانوں تک کر لیا اور اپنی ازار کو نصف پنڈلی تک اٹھا لیا۔ پھر ایک روز وہ ہمارے پاس سے گزرے تو حضرت ابودردار نے اُن سے کہا: ایسی بات جو ہمیں نفع دے اور آپ کا نقصان نہ ہو۔ کہا کہ رسول اللہ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ تم اپنے بھائیوں سے ملنے والے ہو لہٰذا اپنی سواریاں اور لباس کو درست کر لو۔ یہاں تک کہ تم تل کی مانند لوگوں میں شامل ہو جاؤ کیونکہ اللہ تعالیٰ فحش بکنے اور بدحال رہنے کو پسند نہیں فرماتا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اسی طرح ابو نعیم نے ہشام کے حوالے سے

بَابٌ ۲ مَا جَاءَ فِي الْكِبْرِ

تکبّر کا بیان

۶۹۰۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ نَا حَمَّادٌ ح وَنَا هَنَّادٌ يَعْنِي ابْنَ السَّرِيِّ عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ الْمَعْنَى عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ قَالَ مُوسَى عَنْ سَلْمَانَ الْأَغَرِّ وَقَالَ هَنَّادٌ عَنِ الْأَغَرِّ أَبِي مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ هَنَّادٌ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللَّهُ تَعَالَى الْكِبْرِيَاءُ رِدَائِي وَالْعَظَمَةُ إِزَارِي فَمَنْ نَازَعَنِي وَاحِدًا مِنْهُمَا قَذَفْتُهُ فِي النَّارِ

موسیٰ بن اسمٰعیل، حمّاد۔ ہنّاد بن سری، ابوالاحوص، عطاء بن سائب، موسیٰ راوی نے کہا کہ سلمان اغر اور ہنّاد راوی نے کہا اغر ابو مسلم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے۔ ہنّاد راوی نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ کبریائی میری چادر اور عظمت میری ازار ہے، جو ان دونوں میں سے ایک چیز بھی مجھ سے چھیننے گا اُسے میں جہنم میں ڈال دوں گا۔

۶۹۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا أَبُو بَكْرٍ يَعْنِي ابْنَ عَيَّاشٍ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ مِنْ كِبْرٍ وَلَا يَدْخُلُ النَّارَ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ خَرْدَلٍ مِنْ إِيمَانٍ

علقمہ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ جنّت میں داخل نہیں ہوگا جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر بھی تکبّر ہوگا اور وہ جہنّم میں داخل نہیں ہوگا جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر بھی ایمان ہوگا.....
امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے قسمل نے اعمش

قَالَ اَبُوْدَاوُدَ رَوَاهُ الْقَسْمَلِيُّ عَنِ الْاَعْمَشِ مِثْلَهُ۔

سے مذکورہ حدیث کی طرح۔

۶۹۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى اَبُوْمُوْسٰى نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ نَا هِشَامٌ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ رَجُلًا جَمِيْلًا فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ رَجُلٌ حُبِّبَ اِلَيَّ الْجَمَالُ وَاُعْطِيْتُ مِنْهُ مَا تَرَاهُ حَتّٰى مَا اُحِبُّ اَنْ يَفُوْقَنِيْ اَحَدٌ اِمَّا قَالَ بِشِرَاكِ نَعْلِيْ وَاِمَّا قَالَ بِشِسْعِ نَعْلِيْ اَفَمِنَ الْكِبْرِ ذٰلِكَ قَالَ لَا وَلٰكِنَّ الْكِبْرَ مَنْ بَطَرَ الْحَقَّ وَغَمَطَ النَّاسَ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا جو حسین و جمیل تھا۔ عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! مجھے خوبصورتی بہت پسند ہے اور اس میں سے اللہ تعالیٰ نے جو حصہ مجھے عطا فرمایا وہ آپ ملاحظہ فرما رہے ہیں۔ مجھے یہ پسند نہیں کہ کوئی ایک مجھ سے بڑھ جائے یہاں تک کہ جوتے کے تسمے میں۔ حضور! کیا یہ تکبر تو نہیں؟ فرمایا، نہیں کیونکہ تکبر تو حق کو مٹانے اور لوگوں کو ذلیل کرنے میں ہے۔

بَابٌ ۲۵۱ فِيْ قَدْرِ مَوْضِعِ الْاِزَارِ

چادر کتنی نیچی رکھے

۶۹۳۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا شُعْبَةُ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَاَلْتُ اَبَا سَعِيْدِ الْخُدْرِيَّ عَنِ الْاِزَارِ فَقَالَ عَلَى الْخَبِيْرِ سَقَطْتَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِزْرَةُ الْمُسْلِمِ اِلٰى نِصْفِ السَّاقِ وَلَا حَرَجَ اَوْ لَا جُنَاحَ فِيْمَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْكَعْبَيْنِ وَمَا كَانَ اَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ فَهُوَ فِي النَّارِ مَنْ جَرَّ اِزَارَهُ بَطَرًا لَمْ يَنْظُرِ اللّٰهُ اِلَيْهِ۔

علاء بن عبدالرحمان کے والد ماجد نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ازار کے متعلق پوچھا تو فرمایا:۔ تم نے کیسے خبردار پر ذمہ داری ڈال دی؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمانوں کی ازار نصف پنڈلی تک ہے اور کوئی مضائقہ نہیں یا کوئی گناہ نہیں کہ وہ ٹخنوں تک ہو اور جتنی ٹخنوں سے نیچے ہے وہ جہنم میں ہے۔ جو از راہِ تکبر اپنی ازار کو لٹکائے تو اس کی طرف اللہ تعالیٰ نگاہِ کرم نہیں فرمائے گا۔

۶۹۴۔ حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ نَا حُسَيْنٌ الْجُعْفِيُّ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ اَبِيْ رَوَّادٍ عَنْ سَالِمِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْاِسْبَالُ فِي الْاِزَارِ وَالْقَمِيْصِ وَالْعِمَامَةِ وَمَنْ جَرَّ مِنْهَا شَيْئًا خُيَلَاءَ لَمْ يَنْظُرِ اللّٰهُ اِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔

سالم بن عبداللہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ ازار قمیص اور عمامہ کا لٹکانا۔ جس نے ان میں سے کوئی چیز از راہِ تکبر لٹکائی تو اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اس کی طرف نگاہِ لطف و کرم نہیں فرمائے گا۔

۶۹۵۔ حَدَّثَنَا هَنَّادٌ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ اَبِي الصَّبَّاحِ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ سُمَيَّةَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ مَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْاِزَارِ فَهُوَ فِي الْقَمِيْصِ۔

یزید بن سمیہ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ازار کے متعلق جو فرمایا وہی حکم قمیص کا ہے۔

۶۹۶۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيٰى عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ اَبِیْ يَحْيٰى حَدَّثَنِیْ عِكْرِمَةُ اَنَّهٗ رَاٰی ابْنَ عَبَّاسٍ يَاْتَزِرُ فَيَضَعُ حَاشِيَةَ اِزَارِهٖ مِنْ مُقَدَّمِهٖ عَلٰی ظَهْرِ قَدَمِهٖ وَيَرْفَعُ مِنْ مُؤَخَّرِهٖ قُلْتُ لِمَ تَاْتَزِرُ هٰذِهِ الْاِزْرَةَ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتَزِرُهَا۔

عکرمہ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو ازار باندھے ہوئے دیکھا کہ اپنی ازار کے کنارے آگے لٹکائے رکھتے اور پیچھے سے اُٹھائے رکھتے۔ میں عرض گزار ہوا کہ آپ اس طرح ازار کیوں باندھتے ہیں؟ فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اسی طرح ازار باندھتے دیکھا ہے۔

پارہ ۔۔۔۔ ۲۶

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

باب ۲۵۱ فِیْ لِبَاسِ النِّسَاءِ

عورتوں کے لباس کا بیان

۶۹۷۔ حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنُ مُعَاذٍ نَا اَبِیْ نَا شُعْبَۃُ عَنْ قَتَادَۃَ عَنْ عِکْرِمَۃَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ لَعَنَ الْمُتَشَبِّہَاتِ مِنَ النِّسَاءِ بِالرِّجَالِ وَ الْمُتَشَبِّہِیْنَ مِنَ الرِّجَالِ بِالنِّسَاءِ۔

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالے عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مردوں کی مشابہت اختیار کرنے والی عورتوں اور عورتوں کی مشابہت اختیار کرنے والے مردوں پر لعنت فرمائی ہے۔

۶۹۸۔ حَدَّثَنَا زُھَیْرُ بْنُ حَرْبٍ نَا اَبُوْعَامِرٍ عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ بِلَالٍ عَنْ سُھَیْلٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الرَّجُلَ یَلْبَسُ لِبْسَۃَ الْمَرْاَۃِ وَالْمَرْاَۃَ تَلْبَسُ لِبْسَۃَ الرَّجُلِ۔

سہیل نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کا لباس پہننے والے مرد اور مردوں کا لباس پہننے والی عورت پر لعنت فرمائی ہے۔

۶۹۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَیْمَانَ لُوَیْنٌ وَ بَعْضُہٗ قَرَاْتُ عَلَیْہِ عَنْ سُفْیَانَ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَیْکَۃَ قَالَ قِیْلَ لِعَائِشَۃَ اِنَّ امْرَاَۃً تَلْبَسُ النَّعْلَ فَقَالَتْ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الرَّجُلَۃَ مِنَ النِّسَاءِ۔

ابن ابی ملیکہ کا بیان ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالے عنہا سے اس عورت کے متعلق کہا گیا جو مردوں جیسے جوتے پہنے فرمایا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مرد جیسا بننے والی عورتوں پر لعنت فرمائی ہے۔

ف :- ان تینوں حدیثوں میں مردوں کی وضع قطع اختیار کرنے والی عورتوں اور عورتوں کی وضع قطع اختیار کرنے والے مردوں پر لعنت کی گئی ہے۔ ایک دوسرے کی وضع کے جوتے یا لباس پہننے کے علاوہ عورتوں کا سر کے بال کٹانا اور مردوں کا داڑھی منڈانا بھی اسی قبیل سے ہے جو مغربی تہذیب کے باعث متعدی مرض کی طرح پوری دنیا میں پھیل چکا ہے شرفا عرب میں پہلے عورت کے سر کے بال کاٹنا اسے انتہائی ذلیل و رسوا کرنے کے موقع پر ہوتا تھا اور داڑھی منڈانے کو بہت معیوب سمجھا جاتا تھا۔ مسلمانوں نے جب اسلام کے ساتھ برائے نام تعلق رکھنے ہی کو کافی سمجھ لیا تو شرافت کا معیار بھی بدل لیا کہ پہلے جو معیوب تھا اب محبوب ہو گیا پہلے جس سے نفرت تھی اب محبت ہو گئی۔ افسوس! مسلمانوں نے اپنے شناختی نشانات ہی مٹا ڈالے۔ اسی لئے تو شاعر مشرق یوں گلہ کرتے ہوئے نظر آتے ہیں ؂

وضع میں تم ہو نصاریٰ اور تمدن میں ہنود — یہ مسلماں ہیں جنہیں دیکھ کے شرمائیں یہود

بَابٌ ۲۵۳ فِي قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ۔

اس ارشاد خداوندی کا بیان کہ عورتیں اپنے اوپر اپنی بڑی چادریں ڈال لیا کریں۔

۷۰۰۔ حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ نَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا ذَكَرَتْ نِسَاءَ الْأَنْصَارِ فَأَثْنَتْ عَلَيْهِنَّ وَقَالَتْ لَهُنَّ مَعْرُوفًا وَقَالَتْ لَمَّا نَزَلَتْ سُوْرَةُ النُّوْرِ عَمَدْنَ إِلَى حُجُوْرٍ أَوْ حُجُوْزٍ شَكَّ أَبُو كَامِلٍ فَشَقَقْنَهُنَّ فَاتَّخَذْنَهُ خُمُرًا۔

صفیہ بنت شیبہ کا بیان ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا نے انصاری عورتوں کا ذکر کیا تو ان کی تعریف کی اور اچھے لفظوں میں ان کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ جب سورۃ النور نازل ہوئی تو انہوں نے اپنے پردوں یا تہمدوں کو، اس میں ابوکامل راوی کو شک ہے پھاڑ دیا اور ان سے اپنے دوپٹے بنا لیئے۔

۷۰۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ ثَوْرٍ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ لَمَّا نَزَلَتْ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ خَرَجَ نِسَاءُ الْأَنْصَارِ كَأَنَّ عَلٰى رُؤُوْسِهِنَّ الْغِرْبَانَ مِنَ الْأَكْسِيَةِ۔

صفیہ بنت شیبہ کا بیان ہے کہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا نے فرمایا۔ جب یہ آیت نازل ہوئی کہ عورتیں اپنی چادروں کا ایک حصہ اپنے منہ پر ڈالے رہیں (۵۹:۳۳) تو انصار کی عورتیں نکلیں ایسے کپڑے اوڑھ کر گویا ان کے سروں پر کوّے بیٹھے ہیں۔

بَابٌ ۲۵۴ فِي قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ۔

ارشادِ خداوندی کہ عورتیں اپنے دوپٹے کا سرا اپنے گریبان پر ڈال لیا کریں۔

۷۰۲۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ وَسُلَيْمَانُ بْنُ دَاؤُدَ الْمَهْرِيُّ وَابْنُ السَّرْحِ وَأَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالُوْا أَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِيْ قُرَّةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُعَافِرِيُّ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ يَرْحَمُ اللّٰهُ نِسَاءَ الْمُهَاجِرَاتِ الْأُوَلِ لَمَّا أَنْزَلَ اللّٰهُ وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ شَقَقْنَ أَكْنَفَ قَالَ ابْنُ صَالِحٍ أَكْنَفَ مُرُوْطِهِنَّ فَاخْتَمَرْنَ بِهَا۔

احمد بن صالح اور سلیمان بن داؤد مہری اور ابن سرح اور احمد بن سعید ہمدانی، ابن وہب، قرۃ بن عبدالرحمٰن معافری، ابن شہاب، عروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا۔ سب سے پہلے ہجرت کرنے والی مہاجر عورتوں پر اللہ تعالےٰ رحم فرمائے کہ جب اللہ تعالےٰ نے حکم نازل فرمایا اور وہ اپنے دوپٹے اپنے گریبانوں پر ڈال لیا کریں (۲۴: ۳۱) تو انہوں نے پردے پھاڑ دیئے۔ ابن صالح کا بیان ہے کہ اپنے پردوں کو پھاڑ کر ان کے دوپٹے بنا لیئے۔

۷۰۳۔ حَدَّثَنَا ابْنُ السَّرْحِ قَالَ رَأَيْتُ فِيْ كِتَابِ خَالِيْ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ بِإِسْنَادِهٖ وَمَعْنَاهُ۔

ابن سرح کا بیان ہے کہ میں نے اپنے ماموں کی کتاب میں عقیل سے بواسطہ ابن شہاب ان کی اسناد کے ساتھ معناً یہ حدیث دیکھی ہے۔

بَابٌ ۲۵۵ فِيْمَا تُبْدِي الْمَرْأَةُ مِنْ زِيْنَتِهَا۔

عورت اپنے جسم سے کیا کھلا رکھ سکتی ہے؟

۷۰۴۔ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ كَعْبٍ الْأَنْطَاكِيُّ وَمُؤَمَّلُ بْنُ الْفَضْلِ الْحَرَّانِيُّ قَالَا نَا الْوَلِيدُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ بَشِيرٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ خَالِدٍ قَالَ يَعْقُوبُ بْنُ دُرَيْكٍ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ أَسْمَاءَ بِنْتَ أَبِي بَكْرٍ دَخَلَتْ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهَا ثِيَابٌ رِقَاقٌ فَأَعْرَضَ عَنْهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ يَا أَسْمَاءُ إِنَّ الْمَرْأَةَ إِذَا بَلَغَتِ الْمَحِيضَ لَمْ تَصْلُحْ لَهَا أَنْ يُرَى مِنْهَا إِلَّا هَذَا وَهَذَا وَأَشَارَ إِلَى وَجْهِهِ وَكَفَّيْهِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ هَذَا مُرْسَلٌ خَالِدُ بْنُ دُرَيْكٍ لَمْ يُدْرِكْ عَائِشَةَ۔

یعقوب بن کعب انطاکی اور مؤمل بن فضل حرانی، ولید، سعید بن بشیر، قتادہ، خالد، یعقوب بن دُرَیک نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ حضرت اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور ان کے اوپر باریک کپڑا دوپٹہ تھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی جانب سے رُخ پھیر لیا اور فرمایا! اے اسماء! عورت جب بالغہ ہو جائے تو اسے جسم کا کوئی حصہ دکھانا درست نہیں سوائے اس کے اور اس کے اور اپنے چہرۂ انور اور ہتھیلیوں کی جانب اشارہ فرمایا۔ (امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یہ حدیث مرسل ہے کیونکہ خالد بن دُرَیک نے حضرت عائشہ کو نہیں پایا۔)

بَابُ ۲۵۶ فِي الْعَبْدِ يَنْظُرُ إِلَى شَعْرِ مَوْلَاتِهِ۔

غلام کا اپنی مولاۃ کے سر دیکھنا۔

۷۰۵۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ وَيَزِيدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ مَوْهَبٍ قَالَا نَا اللَّيْثُ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ اسْتَأْذَنَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحِجَامَةِ فَأَمَرَ أَبَا طَيْبَةَ أَنْ يَحْجُمَهَا قَالَ حَسِبْتُ أَنَّهُ قَالَ كَانَ أَخَاهَا مِنَ الرَّضَاعَةِ أَوْ غُلَامًا لَمْ يَحْتَلِمْ۔

ابن زبیر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ام سلمہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پچھنے لگوانے کے لیے اجازت طلب کی۔ آپ نے ابوطیبہ کو حکم دیا کہ انہیں پچھنے لگا دے۔ راوی کا بیان ہے کہ میرے خیال میں ابوطیبہ ان کا رضاعی بھائی یا نابالغ لڑکا تھا۔

۷۰۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى نَا أَبُو جُمَيْعٍ سَالِمُ بْنُ دِينَارٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَى فَاطِمَةَ بِعَبْدٍ قَدْ وَهَبَهُ لَهَا قَالَ وَعَلَى فَاطِمَةَ ثَوْبٌ إِذَا قَنَّعَتْ بِهِ رَأْسَهَا لَمْ يَبْلُغْ رِجْلَيْهَا وَإِذَا غَطَّتْ بِهِ رِجْلَيْهَا لَمْ يَبْلُغْ رَأْسَهَا فَلَمَّا رَأَى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا تَلْقَى قَالَ إِنَّهُ لَيْسَ عَلَيْكِ بَأْسٌ إِنَّمَا هُوَ أَبُوكِ وَغُلَامُكِ۔

ثابت نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ حضرت فاطمہ کے پاس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک غلام لے کر آئے جو آپ نے انہیں ہبہ کیا تھا۔ راوی کا بیان ہے کہ حضرت فاطمہ کے اوپر ایسا کپڑا تھا کہ جب اس سے سر ڈھکتیں تو پیروں تک نہ پہنچتا اور جب اس سے پیروں کو چھپاتیں تو سر تک نہ پہنچتا۔ جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کا یہ تردد ملاحظہ فرمایا تو ارشاد ہوا کہ تمہارے اس لباس میں کوئی مضائقہ نہیں کیونکہ یہاں صرف تمہارا باپ اور تمہارا غلام ہے۔

بَابُ ۲۵۷ فِي قَوْلِهِ تَعَالَى غَيْرِ أُولِي الْإِرْبَةِ۔

ارشادِ خداوندی کہ خدمت گاروں کے سوا۔

۷۰۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا

عروہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ

محمد بن ثور عن معمر عن الزهري وهشام ابن عروة عن عروة عن عائشة قالت كان يدخل على ازواج النبي صلى الله عليه وسلم مخنث فكانوا يعدونه من غير اولي الاربة فدخل علينا النبي صلى الله عليه وسلم يوما وهو عند بعض نسائه وهو ينعت امرأة وقال انها اذا اقبلت اقبلت باربع واذا ادبرت ادبرت بثمان فقال النبي صلى الله عليه وسلم الا ارى هذا يعلم ما ههنا لا يدخلن عليكن هذا فحجبوه۔

عنہا نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات کے پاس ایک مخنث آیا کرتا اور وہ اسے اُن لوگوں میں شمار کرتیں جن کو عورتوں کی حاجت نہیں۔ ایک روز نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور وہ مخنث آپ کی کسی زوجہ مطہرہ کے پاس تھا اور اس نے ایک عورت کی تعریف کرتے ہوئے کہا جب وہ آتی ہے تو اس کے پیٹ میں چار بل پڑتے ہیں اور جب جاتی ہے تو آٹھ۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا خبردار! یہ تو عورتوں کی باتیں جانتا ہے۔ لہٰذا تمہارے پاس نہ آیا کرے پس وہ اس سے پردہ کرنے لگیں ۔

۷۰۸۔ حدثنا محمد بن داود بن سفيان نا عبد الرزاق انا معمر عن الزهري عن عروة عن عائشة بمعناه نا احمد بن صالح نا ابن وهب اخبرني يونس عن ابن شهاب عن عروة عن عائشة بهذا زاد واخرجه فكان بالبيداء يدخل كل جمعة يستطعم۔

عروہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے یہ معناً روایت کیا۔ دوسری اسناد سے عروہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کرتے ہوئے یہ بھی کہا یعنی آپ نے اسے نکلوا دیا۔ چنانچہ وہ بیداء میں رہنے لگا اور ہر جمعہ کو کھانا مانگنے مدینہ منورہ میں آیا کرتا ۔

۷۰۹۔ حدثنا محمود بن خالد نا عمر عن الاوزاعي في هذه القصة فقيل يا رسول الله انه اذا يموت من الجوع فاذن له ان يدخل في كل جمعة مرتين فيسال ثم يرجع۔

عمر نے اوزاعی سے اس واقعے کو روایت کرتے ہوئے کہا۔ عرض کی گئی یا رسول اللہ! یوں تو وہ بھوک سے مر جائے گا۔ پس آپ نے اسے ہفتے میں دو دفعہ آنے کی اجازت مرحمت فرمائی کر سوال کرکے واپس لوٹ جایا کرے ۔

باب ۲۵۸ في قوله تعالى وقل للمؤمنات يغضضن من ابصارهن۔

ارشادِ خداوندی کہ عورتیں اپنے دوپٹے کا سرا اپنے گریبانوں پر ڈال لیا کریں :۔

۷۱۰۔ حدثنا احمد بن محمد المروزي نا علي بن الحسين بن واقد عن ابيه عن يزيد النحوي عن عكرمة عن ابن عباس وقل للمؤمنات يغضضن من ابصارهن الآية فنسخ واستثنى من ذلك القواعد من النساء اللاتي لا يرجون نكاحا الآية۔

یزید نحوی نے عکرمہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما نے فرمایا: اور مسلمان عورتوں سے کہہ دو کہ اپنی نگاہیں کچھ نیچی رکھا کریں (۲۴ : ۳۱) یہ منسوخ ہو گئی اور استثناء اس سے ہوا۔ القواعد من النساء اللاتی لا یرجون نکاحاً۔ (۲۴ : ۶۰) والی آیت سے ۔

نبہان مولیٰ ام سلمہ سے روایت ہے کہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ

حدثنا محمد بن العلاء نا ابن المبارك عن يونس عن الزهري قال حدثني نبهان مولى أم سلمة عن أم سلمة قالت كنت عند النبي صلى الله عليه وسلم وعنده ميمونة فأقبل ابن أم مكتوم وذلك بعد أن أمرنا بالحجاب فقال احتجبا منه فقلنا يا رسول الله أليس أعمى لا يبصرنا ولا يعرفنا فقال النبي صلى الله عليه وسلم أفعمياوان أنتما ألستما تبصرانه.

تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ میں نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے پاس تھی اور حضرت میمونہ بھی آپ کے پاس تھیں۔ پس حضرت ابن ام مکتوم آگئے اور یہ پردے کا حکم نازل ہونے کے بعد کی بات ہے۔ فرمایا کہ دونوں ان سے پردہ کرو۔ ہم دونوں عرض گزار ہوئیں کہ یا رسول اللہ! کیا یہ نابینا نہیں ہیں۔ نہ یہ ہمیں دیکھتے ہیں اور نہ پہچانتے ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم اندھی ہو؟ کیا تم دونوں انہیں دیکھتی نہیں ہو!

ف :۔ معلوم ہوا کہ جس طرح مردوں کے لئے غیر محرم عورتوں کو دیکھنا جائز نہیں اسی طرح عورتوں کو بھی اجازت نہیں ہے کہ وہ غیر محرم مردوں کو دیکھیں۔ اس اسلامی طرزِ عمل سے بدکاری کا دروازہ ہی بند رہتا ہے۔ آج جو مسلمان عورتیں بناؤ سنگار کر کے، بھڑکیلے اور فیشن ایبل لباس پہن کر دعوت نظارہ دے رہی ہیں یہ ہماری اسلام سے برائے نام وابستگی اور ذہنی آوارگی کی دلیل ہے جس کا الزام ساری قوم پر عائد ہوتا ہے خواہ وہ مرد ہوں یا عورت، حکمران ہوں یا عوام۔ اسلام کے ساتھ ہمارا رشتہ ڈھیلا پڑا تو عقلوں پر پردے پڑ گئے۔ خدائے ذوالمنن ہمیں ایمانی غیرت اور نورِ بصیرت عطا فرمائے آمین۔

۱۷۱۲۔ حدثنا محمد بن عبد الله بن الميمون نا الوليد نا الأوزاعي عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده عن النبي صلى الله عليه وسلم قال إذا زوج أحدكم عبده أمته فلا ينظر إلى عورتها.

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اپنے والد محترم سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنے غلام کا نکاح اپنی لونڈی سے کر دے تو اس کے بعد اپنی لونڈی کے ستر کو نہ دیکھے۔

۱۷۱۳۔ حدثنا زهير بن حرب نا وكيع حدثني داود بن سوار المزني عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده عن النبي صلى الله عليه وسلم قال إذا زوج أحدكم خادمه عبده أو أجيره فلا ينظر إلى ما دون السرة وفوق الركبة قال أبو داود وصوابه سوار بن داود وهم فيه وكيع.

عمرو بن شعیب کے والدِ محترم نے اپنے والد ماجد سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنے خادم، غلام یا ملازم کا نکاح کر دے تو اس کی ناف سے نیچے اور گھٹنوں سے اوپر کے حصے کو نہ دیکھے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ صحیح نام سوار بن داؤد ہے اور وکیع سے اس کے اندر (داؤد بن سوار مزنی لکھ کر) غلطی واقع ہو گئی ہے۔

باب ۲۵۹ كيف الاختمار

دوپٹہ کیسے اوڑھے!

۱۷۱۴۔ حدثنا زهير بن حرب نا عبد الرحمن ح ونا مسدد نا يحيى عن سفيان عن حبيب

زہیر بن حرب، عبد الرحمٰن، مسدد، یحییٰ، سفیان، حبیب بن ابو ثابت، وہب مولیٰ ابو احمد نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے

ابْنِ أَبِي ثَابِتٍ عَنْ وَهْبٍ مَوْلَى أَبِي أَحْمَدَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا وَهِيَ تَخْتَمِرُ فَقَالَ لَيَّةً لَا لَيَّتَيْنِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ مَعْنَى قَوْلِهِ لَيَّةً لَا لَيَّتَيْنِ يَقُولُ لَا تَعْتَمَّ مِثْلَ الرَّجُلِ لَا تُكَرِّرْهُ طَاقًا أَوْ طَاقَيْنِ.

بَابٌ ۲۶۰ فِي لُبْسِ الْقُبَاطِيِّ لِلنِّسَاءِ.

۷۱۵۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ وَأَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَا نَا ابْنُ وَهْبٍ نَا ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ مُوسَى بْنِ جُبَيْرٍ أَنَّ عُبَيْدَ اللهِ ابْنَ عَبَّاسٍ حَدَّثَهُ عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ عَنْ دِحْيَةَ بْنِ خَلِيفَةَ الْكَلْبِيِّ أَنَّهُ قَالَ أُتِيَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَبَاطِيَّ فَأَعْطَانِي مِنْهَا قُبْطِيَّةً فَقَالَ اصْدَعْهَا صِدْعَيْنِ فَاقْطَعْ أَحَدَهُمَا قَمِيصًا وَأَعْطِ الْآخَرَ امْرَأَتَكَ تَخْتَمِرُ بِهِ فَلَمَّا أَدْبَرَ قَالَ وَأْمُرِ امْرَأَتَكَ أَنْ تَجْعَلَ تَحْتَهُ ثَوْبًا لَا يَصِفُهَا قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ فَقَالَ عَبَّاسُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبَّاسٍ.

بَابٌ ۲۶۱ فِي الذَّيْلِ.

۷۱۶۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ نَافِعٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ أَبِي عُبَيْدٍ أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ ذَكَرَ الْإِزَارَ فَالْمَرْأَةُ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ تُرْخِي شِبْرًا قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ إِذًا يَنْكَشِفُ عَنْهَا قَالَ فَذِرَاعٌ لَا تَزِيدُ عَلَيْهِ.

۷۱۷۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى أَنَا عِيسَى عَنْ عُبَيْدِ اللهِ عَنْ نَافِعٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ

سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم ان کے پاس تشریف لائے اور وہ دوپٹہ اوڑھے ہوئے تھیں، فرمایا کہ ایک ہی پیچ رکھو، دو پیچ نہ بناؤ۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ لَیَّۃً لَا لَیَّتَیْنِ فرمانے سے مراد یہ ہے کہ ایسے نہ لپیٹیں جیسے مرد پگڑی لپیٹتے ہیں یعنی لپیٹنے میں مزید تکرار نہ کی جائے۔

عورتوں کا باریک کپڑے پہننا

احمد بن عمرو بن سرح اور احمد بن سعید ہمدانی، ابن وہب، ابن لہیعہ، موسیٰ بن جبیر، عبیداللہ بن عباس، خالد بن یزید بن معاویہ سے روایت ہے کہ حضرت دحیہ بن خلیفہ کلبی رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی خدمت میں کچھ مصری کپڑے آئے تو آپ نے ان میں سے ایک کپڑا مجھے بھی عطا فرمایا۔ فرمایا کہ اسے پھاڑ کر دو حصے کر لینا۔ ایک حصے سے اپنی قمیض بنا لینا اور دوسرا حصہ اپنی بیوی کو دے دینا وہ اس کا دوپٹہ بنائے گی۔ جب وہ پیٹھ پھیر کر چلے تو فرمایا اپنی بیوی کو حکم دینا کہ اس کے نیچے کپڑا رکھا کرے تاکہ اس کا جسم ظاہر نہ ہو۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اسے روایت کرتے ہوئے یحییٰ بن ایوب نے عباس بن عبیداللہ بن عباس کہا ہے۔

ازار لٹکانے کا بیان

صفیہ بنت ابو عبید کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی زوجۂ مطہرہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض گزار ہوئیں جبکہ آپ نے ازار کا ذکر فرمایا کہ یا رسول اللہ! عورت کیا کرے؟ فرمایا کہ ایک بالشت لٹکائے۔ حضرت ام سلمہ عرض گزار ہوئیں کہ اس سے تو اس کا ستر کھلا رہے گا۔ فرمایا تو ایک ہاتھ سہی لیکن اس سے زیادہ نہ بڑھائے (یعنی کپڑا اس سے زیادہ نہ لٹکائے)

سلیمان بن یسار نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے یہی ارشاد فرمایا۔

يَسَارٍ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا الْحَدِيثِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ ابْنُ إِسْحٰقَ وَأَيُّوبُ بْنُ مُوسٰى عَنْ نَافِعٍ عَنْ صَفِيَّةَ۔

امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے ابن اسحاق اور ایوب بن موسیٰ، نافع نے صفیہ بنت ابوعبید سے۔

۷۱۸۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ سُفْيَانَ أَخْبَرَنِي زَيْدٌ الْعَمِّيُّ عَنْ أَبِي الصِّدِّيقِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ رَخَّصَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِينَ فِي الذَّيْلِ شِبْرًا ثُمَّ اسْتَزَدْنَهُ فَزَادَهُنَّ شِبْرًا فَكُنَّ يُرْسِلْنَ إِلَيْنَا فَنَذْرَعُ لَهُنَّ ذِرَاعًا۔

ابو الصدیق سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے امہات المومنین کو ایک بالشت ازار لٹکانے کی اجازت مرحمت فرمائی۔ جب انہوں نے زیادہ کی درخواست کی تو ان کے لیے ایک بالشت کا اور اضافہ فرمادیا گیا۔ وہ ہمارے پاس کپڑا بھیجتیں تو ہم ان کے لیے ہاتھوں سے ناپ دیا کرتے۔

بَاب ۲۶۲ فِي أُهُبِ الْمَيْتَةِ۔

مردہ جانوروں کی کھالوں کا بیان

۷۱۹۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَوَهْبُ بْنُ بَيَانٍ وَعُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَابْنُ أَبِي خَلَفٍ قَالُوا نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مُسَدَّدٌ وَوَهْبٌ عَنْ مَيْمُونَةَ قَالَتْ أُهْدِيَ لِمَوْلَاةٍ لَنَا شَاةٌ مِنَ الصَّدَقَةِ فَمَاتَتْ فَمَرَّ بِهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَلَا دَبَغْتُمْ إِهَابَهَا فَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهِ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّهَا مَيْتَةٌ قَالَ إِنَّمَا حُرِّمَ أَكْلُهَا۔

مسدد، وہب بن بیان اور عثمان بن ابوشیبہ اور ابن ابی خلف، سفیان، زہری، عبید اللہ بن عبداللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے۔ مسدد اور وہب کا بیان ہے کہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا ہماری ایک مولاۃ کو صدقہ کی بکریوں میں سے ایک بکری ملی جو مرگئی۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کے پاس سے گزرے اور فرمایا کہ تم نے اس کی کھال کی دباغت کیوں نہ کی کہ اس سے فائدہ حاصل کرتیں؟ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! یہ تو مردار ہے فرمایا کہ اس کا کھانا ہی تو حرام ہے۔

۷۲۰۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَزِيدُ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهٰذَا الْحَدِيثِ لَمْ يَذْكُرْ مَيْمُونَةَ قَالَ فَقَالَ أَلَا انْتَفَعْتُمْ بِإِهَابِهَا ثُمَّ ذَكَرَ مَعْنَاهُ لَمْ يَذْكُرِ الدِّبَاغَ۔

معمر نے زہری سے اس حدیث کو روایت کیا ہے لیکن وہ حضرت میمونہ کا ذکر نہیں کرتے۔ حضور نے فرمایا کہ تم نے اس کی کھال سے فائدہ کیوں نہ اٹھایا؟ پھر معناً ذکر کیا اور دباغت کا ذکر نہیں کرتے۔

۷۲۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ قَالَ مَعْمَرٌ وَكَانَ الزُّهْرِيُّ يُنْكِرُ الدِّبَاغَ وَيَقُولُ يُسْتَمْتَعُ بِهِ عَلَى كُلِّ حَالٍ قَالَ أَبُو دَاوُدَ لَمْ يَذْكُرِ الْأَوْزَاعِيُّ وَيُونُسُ وَعُقَيْلٌ فِي حَدِيثِ الزُّهْرِيِّ الدِّبَاغَ وَذَكَرَهُ

معمر کا بیان ہے کہ زہری دباغت کا انکار کیا کرتے تھے اور کہا کرتے کہ ہر حال میں اس سے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ حدیث زہری میں اوزاعی اور یونس اور عقیل دباغت کا ذکر نہیں کرتے جب کہ زبیدی اور سعید بن عبدالعزیز اور حفص بن ولید نے دباغت کا ذکر کیا ہے۔

الزُّبَيْدِيُّ وَسَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ وَحَفْصُ ابْنُ الْوَلِيدِ ذَكَرُوا الدِّبَاغَ۔

٧٢٢۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ وَعْلَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِذَا دُبِغَ الْإِهَابُ فَقَدْ طَهُرَ۔

زید بن اسلم نے عبدالرحمٰن بن وعلہ سے روایت کی ہے۔ کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ جب کھال کی دباغت کر لی جائے تو وہ پاک ہو جاتی ہے۔

٧٢٣۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُسَيْطٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ عَنْ أُمِّهِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ أَنْ يُسْتَمْتَعَ بِجُلُودِ الْمَيْتَةِ إِذَا دُبِغَتْ۔

محمد بن عبدالرحمٰن بن ثوبان کی والدہ ماجدہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے حکم فرمایا کہ مردار کی کھال سے فائدہ اٹھایا جائے جب کہ دباغت کے ذریعے اسے صاف کر لیا جائے۔

٧٢٤۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ وَمُوسَى ابْنُ إِسْمٰعِيلَ قَالَا نَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ جَوْنِ بْنِ قَتَادَةَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبِّقِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ أَتَى عَلَى بَيْتٍ فَإِذَا قِرْبَةٌ مُعَلَّقَةٌ فَسَأَلَ الْمَاءَ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّهَا مَيْتَةٌ فَقَالَ دِبَاغُهَا طُهُورُهَا۔

جون بن قتادہ نے حضرت سلمہ بن محبق رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ غزوہ تبوک کے وقت رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم ایک گھر میں داخل ہوئے تو وہاں ایک مشک لٹکی ہوئی تھی پس آپ نے پانی مانگا۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ یہ مردار کی ہے۔ فرمایا کہ اس کو دباغت کرنا ہی اس کی پاکی ہے۔

٧٢٥۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرٌو يَعْنِي ابْنَ الْحَارِثِ عَنْ كَثِيرِ بْنِ فَرْقَدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكِ بْنِ حُذَافَةَ حَدَّثَهُ عَنْ أُمِّهِ الْعَالِيَةِ بِنْتِ سُبَيْعٍ أَنَّهَا قَالَتْ كَانَ لِي غَنَمٌ بِأُحُدٍ فَوَقَعَ فِيهَا الْمَوْتُ فَدَخَلْتُ عَلَى مَيْمُونَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهَا فَقَالَتْ لِي مَيْمُونَةُ لَوْ أَخَذْتِ جُلُودَهَا فَانْتَفَعْتِ بِهَا فَقَالَتْ أَوَيَحِلُّ ذٰلِكَ قَالَتْ نَعَمْ مَرَّ عَلَى رَسُولِ

عبداللہ بن مالک بن حذافہ نے اپنی والدہ ماجدہ حضرت عالیہ بنت سبیع رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ کوہ احد پر میری بکریاں تھیں جو مرنے لگیں۔ پس میں نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت میمونہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئی اور اس بات کا ان سے ذکر کیا حضرت میمونہ نے مجھ سے فرمایا تم ان کی کھالیں اتروا لو کہ ان سے نفع حاصل کر سکو۔ عرض کی کہ کیا ایسا کرنا حلال ہے؟ فرمایا ہاں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے قریش کے کچھ لوگ اپنی بکری کو گدھے کی طرح گھسیٹتے ہوئے گزرے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم اس کی کھال کیوں

اللہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رِجَالٌ مِنْ قُرَیْشٍ یَجُرُّوْنَ شَاۃً لَھُمْ مِثْلَ الْحِمَارِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَوْ اَخَذْتُمْ اِھَابَھَا قَالُوْا اِنَّھَا مَیْتَۃٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُطَھِّرُھَا الْمَاءُ وَالْقَرَظُ۔

نہیں اتار لیتے۔ عرض گزار ہوئے کہ یہ مردار ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پانی اور قرظ اسے پاک کر دیتے ہیں۔

ف :- امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب یہی ہے کہ مردار جانور کی کھال دباغت سے پاک اور قابل استعمال ہو جاتی ہے۔ دباغت یہ ہے کہ اسے کچھ چیزیں لگا کر پانی میں پکایا جاتا ہے جس سے اس کی غلاظت دور ہو جاتی ہے واللہ تعالیٰ اعلم!

باب ۲۶۳ مَنْ رَوٰی اَنْ لَّا یُسْتَنْفَعَ بِاِھَابِ الْمَیْتَۃِ۔

جس کے نزدیک مردہ جانور کی کھال سے فائدہ نہ اٹھایا جائے

۴۱۲۶۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا شُعْبَۃُ عَنِ الْحَکَمِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ لَیْلٰی عَنْ عَبْدِ اللہِ بْنِ عُکَیْمٍ قَالَ قُرِیَٔ عَلَیْنَا کِتَابُ رَسُوْلِ اللہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِاَرْضِ جُھَیْنَۃَ وَاَنَا غُلَامٌ شَابٌّ اَنْ لَّا تَسْتَمْتِعُوْا مِنَ الْمَیْتَۃِ بِاِھَابٍ وَّلَا عَصَبٍ۔

عبد الرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے روایت ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نامہ مبارک جہینہ کی سرزمین میں ہمارے سامنے پڑھا گیا اور ان دنوں میں نوجوان لڑکا تھا کہ مردوں کی کھال اور پٹھوں سے فائدہ حاصل نہ کرو۔

۴۱۲۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِیْلَ مَوْلٰی بَنِیْ ھَاشِمٍ قَالَ نَا الثَّقَفِیُّ عَنْ خَالِدٍ عَنِ الْحَکَمِ بْنِ عُیَیْنَۃَ اَنَّہٗ انْطَلَقَ ھُوَ وَاُنَاسٌ مَعَہٗ اِلٰی عَبْدِ اللہِ بْنِ عُکَیْمٍ رَجُلٍ مِنْ جُھَیْنَۃَ قَالَ الْحَکَمُ فَدَخَلُوْا وَقَعَدْتُ عَلَی الْبَابِ فَخَرَجُوْا اِلَیَّ فَاَخْبَرُوْنِیْ اَنَّ عَبْدَ اللہِ بْنَ عُکَیْمٍ اَخْبَرَھُمْ اَنَّ رَسُوْلَ اللہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَتَبَ اِلٰی جُھَیْنَۃَ قَبْلَ مَوْتِہٖ بِشَھْرٍ اَنْ لَّا تَنْتَفِعُوْا مِنَ الْمَیْتَۃِ بِاِھَابٍ وَّلَا عَصَبٍ قَالَ اَبُوْ دَاؤُدَ قَالَ النَّضْرُ بْنُ شُمَیْلٍ یُسَمّٰی اِھَابًا مَا لَمْ یُدْبَغْ فَاِذَا دُبِغَ لَا یُقَالُ لَہٗ اِھَابٌ اِنَّمَا یُسَمّٰی شَنًّا وَّقِرْبَۃً۔

خالد نے حکم بن عیینہ سے روایت کی ہے کہ وہ اور ان کے ساتھ کچھ آدمی حضرت عبد اللہ بن عکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں گئے جو جہینہ کے ایک فرد تھے۔ حکم کا بیان ہے کہ لوگ اندر داخل ہو گئے اور میں دروازے پر بیٹھا رہا۔ پس وہ میرے پاس آئے تو انہوں نے بتایا کہ حضرت عبد اللہ بن عکیم نے انہیں بتایا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے وصال سے ایک ماہ پہلے جہینہ کے لئے نامہ مبارک لکھا کہ مردوں کی کھال اور پٹھوں سے فائدہ نہ اٹھایا کرو۔ امام ابو داؤد نے فرمایا اور یہی نضر بن شمیل نے فرمایا ہے اھابٌ اس کھال کو کہتے ہیں جس کی دباغت نہ کی گئی ہو۔ جب اس کی دباغت کر دی جاتی ہے تو اسے اھابٌ نہیں کہتے بلکہ شنًّا اور قِربۃً کہتے ہیں۔

باب ۲۶۴ فِیْ جُلُوْدِ النُّمُوْرِ۔

چیتے کی کھال کا بیان

۷۲۸۔ حدثنا هناد بن السري عن وكيع عن أبي المعتمر عن ابن سيرين عن معاوية قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تركبوا الخز ولا النمار قال وكان معاوية لا يتهم في حديث رسول الله صلى الله عليه وسلم.

ابن سیرین نے حضرت معاویہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ریشمی زین پوش اور چیتے کی کھال پر سوار نہ ہوا کرو اور حضرت معاویہ کو رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی حدیث کے بارے میں کسی نے متہم نہیں کیا ہے۔

۷۲۹۔ حدثنا محمد بن بشار نا أبو داود قال نا عمران عن قتادة عن زرارة عن أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا تصحب الملائكة رفقة فيها جلد نمر.

زرارہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ فرشتے ان لوگوں کے ساتھ نہیں رہتے جن کے درمیان چیتے کی کھال ہو۔

۷۳۰۔ حدثنا عمرو بن عثمان بن سعيد الحمصي نا بقية عن بحير عن خالد قال وفد المقدام بن معديكرب وعمرو بن الأسود ورجل من بني أسد من أهل قنسرين إلى معاوية بن أبي سفيان فقال معاوية للمقدام أعلمت أن الحسن بن علي توفي فرجّع المقدام فقال له فلان أتعدها مصيبة فقال ولم لا أراها مصيبة وقد وضعه رسول الله صلى الله عليه وسلم في حجره وقال هذا مني وحسين من علي فقال الأسدي جمرة أطفأها الله قال فقال المقدام أما أنا فلا أبرح اليوم حتى أغيظك وأسمعك ما تكره ثم قال يا معاوية إن أنا صدقت فصدقني وإن أنا كذبت فكذبني قال أفعل قال فأنشدك بالله هل سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم ينهى عن لبس الذهب قال نعم قال فأنشدك بالله هل تعلم أن رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى

خالد سے روایت ہے کہ حضرت مقدام بن معدی کرب، اور عمرو بن اسود اور قنسرین والوں میں سے بنی اسد کا ایک آدمی بصورت وفد حضرت معاویہ بن ابو سفیان کے پاس گئے۔ حضرت معاویہ نے حضرت مقدام سے کہا۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ حضرت حسن بن علی وفات پا گئے۔ حضرت مقدام نے انا للہ وانا الیہ راجعون کہا فلاں نے ان سے کہا۔ کیا آپ اسے مصیبت شمار کرتے ہیں؟ فرمایا کہ میں اسے مصیبت کیوں نہ سمجھوں جب کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اپنی گود میں اٹھا کر فرمایا تھا: یہ مجھ سے ہے اور حسین علی سے ہے۔ اسدی نے کہا کہ ایک چنگاری تھی جو بجھ گئی (معاذ اللہ)۔ حضرت مقدام نے فرمایا کہ آج میں تمہیں ناراض کئے بغیر نہیں رہوں گا اور مجھ سے وہ باتیں سنو گے جو تمہیں ناپسند ہوں پھر فرمایا اے معاویہ اگر میں سچی بات کہوں تو میری تصدیق کر دینا اور غلط کہوں تو میرا جھوٹ ظاہر کر دینا۔ کہا کہ ایسا ہی کروں گا۔ فرمایا کہ میں آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں، کیا آپ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو سونا پہننے سے منع فرماتے ہوئے سنا ہے؟ کہا ہاں۔ فرمایا کہ میں آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں، کیا آپ کے علم میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے ریشمی کپڑے پہننے سے منع فرمایا ہے؟ کہا ہاں۔ فرمایا کہ میں آپ کو اللہ

عَنْ لُبْسِ الْحَرِيرِ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَأَنْشُدُكَ بِاللَّهِ هَلْ تَعْلَمُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ لُبْسِ جُلُودِ السِّبَاعِ وَالرُّكُوبِ عَلَيْهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَوَاللَّهِ لَقَدْ رَأَيْتُ هَذَا كُلَّهُ فِي بَيْتِكَ يَا مُعَاوِيَةُ فَقَالَ مُعَاوِيَةُ قَدْ عَلِمْتُ أَنِّي لَنْ أَنْجُوَ مِنْكَ يَا مِقْدَامُ قَالَ خَالِدٌ فَأَمَرَ لَهُ مُعَاوِيَةُ بِمَا لَمْ يَأْمُرْ لِصَاحِبَيْهِ وَفَرَضَ لِابْنِهِ فِي الْمِائَتَيْنِ فَفَرَّقَهَا الْمِقْدَامُ عَلَى أَصْحَابِهِ قَالَ وَلَمْ يُعْطِ الْأَسَدِيُّ أَحَدًا شَيْئًا مِمَّا أَخَذَ فَبَلَغَ ذَلِكَ مُعَاوِيَةَ فَقَالَ أَمَّا الْمِقْدَامُ فَرَجُلٌ كَرِيمٌ بَسَطَ يَدَهُ وَأَمَّا الْأَسَدِيُّ فَرَجُلٌ حَسَنُ الْإِمْسَاكِ لِشَيْئِهِ۔

کہ میں آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں، کیا آپ کے علم میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے درندوں کی کھال پہننے اور ان پر سوار ہونے سے منع فرمایا ہے؟ کہا ہاں فرمایا خدا کی قسم اے معاویہ! میں یہ سب کچھ آپ کے گھر میں دیکھتا ہوں۔ حضرت معاویہ نے کہا:- اے مقدام! میں جانتا ہوں کہ میں آپ سے نجات نہیں پا سکتا۔ پس حضرت معاویہ نے ان کے لیے اتنے مال کا حکم دیا جتنے کا ان کے دونوں ساتھیوں کے لیے حکم نہ دیا اور ان کے صاحبزادے کا دو سو والوں میں حصہ مقرر کیا۔ حضرت مقدام نے وہ مال اپنے ساتھیوں میں بانٹ دیا اور اسدی نے جو لیا تھا اس میں سے کسی کو کچھ بھی نہ دیا جب یہ بات حضرت معاویہ تک پہنچی تو فرمایا۔ مقدام سخی آدمی ہیں جو اپنا ہاتھ کھلا رکھتے ہیں اور اسدی اپنے مال کو خوب روک لینے والا ہے۔

۷۳۱- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ أَنَّ إِسْمَعِيلَ بْنَ إِبْرَاهِيمَ وَيَحْيَى بْنَ سَعِيدٍ حَدَّثَاهُمُ الْمَعْنَى عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي مَلِيحِ بْنِ أُسَامَةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ جُلُودِ السِّبَاعِ۔

مسدد، اسمٰعیل بن ابراہیم اور یحییٰ بن سعید، سعید بن ابو عروبہ، قتادہ، ابو ملیح بن اسامہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے درندوں کی کھال (کو استعمال کرنے) سے منع فرمایا ہے۔

بَابٌ ۲۶۲ فِي الْإِنْتِعَالِ

جوتے پہننے کا بیان

۷۳۲- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّازُ نَا ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ فَقَالَ أَكْثِرُوا مِنَ النِّعَالِ فَإِنَّ الرَّجُلَ لَا يَزَالُ رَاكِبًا مَا انْتَعَلَ

موسیٰ بن عقبہ نے ابو الزبیر سے روایت کی ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ایک سفر میں ہم نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھے تو آپ نے فرمایا: بکثرت جوتے پہنا کرو کیونکہ جب تک آدمی جوتے پہنے رہے تو گویا وہ سوار رہتا ہے۔

۷۳۳- حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ نَعْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَهَا قِبَالَانِ۔

مسلم بن ابراہیم، ہمام، قتادہ نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نعلین مبارک کے دو تسمے ہوتے تھے۔

۷۳۴- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ أَبُو يَحْيَى قَالَ أَنَا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ

محمد بن عبد الرحیم ابو یحییٰ، ابو احمد زبیری، ابراہیم بن طہمان ابو الزبیر سے روایت ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر جوتے

نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَنْتَعِلَ الرَّجُلُ قَائِمًا۔

پہننے سے منع فرمایا ہے۔"

۷۳۵۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَمْشِي أَحَدُكُمْ فِي النَّعْلِ الْوَاحِدِ لِيَنْتَعِلْهُمَا جَمِيعًا أَوْ لِيَخْلَعْهُمَا جَمِيعًا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ تم میں سے کوئی ایک جوتا پہن کر نہ چلے۔ چاہیے کہ دونوں پہنے یا دونوں جوتے اتار دے۔"

۷۳۶۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ نَا زُهَيْرٌ نَا أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا انْقَطَعَ شِسْعُ أَحَدِكُمْ فَلَا يَمْشِي فِي نَعْلٍ وَاحِدَةٍ حَتّٰى يُصْلِحَ شِسْعَهُ وَلَا يَمْشِي فِي خُفٍّ وَاحِدٍ وَلَا يَأْكُلْ بِشِمَالِهِ۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کا تسمہ ٹوٹ جائے تو ایک جوتا پہن کر نہ چلے یہاں تک کہ اپنے تسمے کو درست کرے اور ایک موزہ پہن کر نہ چلے اور اپنے بائیں ہاتھ سے کھانا نہ کھائے۔"

۷۳۷۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا صَفْوَانُ بْنُ عِيسٰى نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ هَارُونَ عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِي نَهِيكٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مِنَ السُّنَّةِ إِذَا جَلَسَ الرَّجُلُ أَنْ يَخْلَعَ نَعْلَيْهِ فَيَضَعَهُمَا بِجَنْبِهِ۔

قتیبہ بن سعید، صفوان بن عیسیٰ، عبداللہ بن ہارون، زیاد بن سعد، ابو نہیک سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا:۔ یہ سنت ہے کہ جب آدمی بیٹھے تو اپنے جوتے اتارلے اور انہیں اپنے پہلو میں رکھ لے۔"

۷۳۸۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا انْتَعَلَ أَحَدُكُمْ فَلْيَبْدَأْ بِالْيَمِينِ وَإِذَا نَزَعَ فَلْيَبْدَأْ بِالشِّمَالِ وَلْتَكُنِ الْيَمِينُ أَوَّلَهُمَا تُنْعَلُ وَآخِرَهُمَا تُنْزَعُ۔

اعرج نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تم میں سے کوئی جوتے پہننے لگے تو ابتدا دائیں سے کرے اور جب اتارے تو بائیں جوتے سے ابتدا کرے یعنی پہنتے وقت دایاں جوتا پہلے رہے اور اتارتے وقت اسے پیچھے رکھا جائے۔"

۷۳۹۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ وَمُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَا نَا شُعْبَةُ عَنِ الْأَشْعَثِ بْنِ سُلَيْمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ التَّيَمُّنَ مَا اسْتَطَاعَ فِي شَأْنِهِ كُلِّهِ فِي طُهُورِهِ وَتَرَجُّلِهِ

مسروق سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم طہارت کرنے، کنگھی کرنے اور جوتے پہننے یعنی اپنے ہر کام میں حتی الامکان دائیں جانب سے ابتداء کرنے کو پسند فرماتے۔ مسلم بن ابراہیم نے کہا کہ مسواک کرنے میں بھی اور وہ ذکر نہیں کرتے کہ ہر حالت میں۔

وَنَعْلِهِ قَالَ مُسْلِمٌ وَسِوَاكِهِ وَلَمْ يَذْكُرْ فِي شَأْنِهِ كُلِّهِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ عَنْ شُعْبَةَ مُعَاذٌ وَلَمْ يَذْكُرْ سِوَاكَهُ۔

امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے شعبہ نے معاذ سے لیکن یہ مسواک کا ذکر نہیں کرتے۔

٧٤٠۔ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا زُهَيْرٌ نَا الْأَعْمَشُ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا لَبِسْتُمْ وَإِذَا تَوَضَّأْتُمْ فَابْدَءُوا بِأَيَامِنِكُمْ۔

ابو صالح نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم جب کپڑے پہنو یا وضو کرو تو اپنے دائیں جانب سے ابتدا کیا کرو۔

بَاب ٢٦٥ فِي الْفُرُشِ۔

بستروں کا بیان

٧٤١۔ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ خَالِدٍ الْهَمْدَانِيُّ الرَّمْلِيُّ نَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ أَبِي هَانِئٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ ذَكَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْفُرُشَ فَقَالَ فِرَاشٌ لِلرَّجُلِ وَفِرَاشٌ لِلْمَرْأَةِ وَفِرَاشٌ لِلضَّيْفِ وَالرَّابِعُ لِلشَّيْطَانِ۔

یزید بن خالد ہمدانی رملی، ابن وہب، ابو ہانی، ابو عبدالرحمٰن حبلی سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالٰی عنہما نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے ذکر فرمایا کہ ایک بستر مرد کے لیے ایک بستر عورت کے لیے ایک بستر مہمان کے لیے اور چوتھا بستر شیطان کے لیے ہوتا ہے۔

٧٤٢۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا وَكِيعٌ ح وَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْجَرَّاحِ عَنْ وَكِيعٍ عَنْ إِسْرَائِيلَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِهِ فَرَأَيْتُهُ مُتَّكِئًا عَلَى وِسَادَةٍ زَادَ ابْنُ الْجَرَّاحِ عَلَى يَسَارِهِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ إِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُورٍ عَنْ إِسْرَائِيلَ أَيْضًا عَلَى يَسَارِهِ۔

احمد بن حنبل وکیع عبداللہ بن جراح، وکیع، اسرائیل، سماک سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ نے فرمایا میں نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی خدمت میں آپ کے کاشانۂ اقدس کے اندر داخل ہوا۔ پس میں نے آپ کو سرہانے سے ٹیک لگائے ہوئے دیکھا ابن الجراح نے یہ بھی کہا کہ بائیں جانب امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے اسحاق بن منصور نے اسرائیل سے اور یہ بھی کہ اپنی بائیں کروٹ پر۔

٧٤٣۔ حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ وَكِيعٍ عَنْ إِسْحٰقَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ عَمْرٍو الْقُرَشِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ رَأَى رُفْقَةً مِنْ أَهْلِ الْيَمَنِ رِحَالُهُمُ الْأَدَمُ فَقَالَ مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى أَشْبَهِ رُفْقَةٍ كَانُوا بِأَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلْيَنْظُرْ إِلَى هٰؤُلَاءِ۔

سعید بن عمرو قرشی کے والد ماجد نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت کی ہے کہ انہوں نے اپنے ہم سفر یمن کے باشندوں کے بستر چمڑے کے دیکھے فرمایا کہ جو رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے ساتھیوں سے بہت ہی مشابہت رکھنے والوں کو دیکھنا پسند کرتا ہو تو اسے چاہیے کہ ان حضرات کو دیکھ لے۔

٧٤٤۔ حَدَّثَنَا ابْنُ السَّرْحِ نَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت جابر رضی اللہ تعالٰی عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا کیا تم نے توشکیں بنا لیں!

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اتَّخَذْتُمْ اَنْمَاطًا قُلْتُ وَاَنّٰى لَنَا الْاَنْمَاطُ فَقَالَ اَمَا اِنَّهَا سَتَكُوْنُ لَكُمْ اَنْمَاطٌ۔

یں عرض گزار ہوا کہ ہمیں تو شکین کہاں میسّر۔ فرمایا عنقریب تمہارے پاس توشکیں ہوں گی۔

۷۴۵۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ وَاَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ قَالَا نَا اَبُوْمُعَاوِيَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ وِسَادَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِيْ يَنَامُ عَلَيْهِ بِاللَّيْلِ مِنْ اَدَمٍ حَشْوُهَا لِيْفٌ۔

ہشام بن عروہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا سرہانہ جسے لگا کر رات کو سوتے چمڑے کا تھا جو کھجور کے ریشوں سے بھرا ہوا تھا۔

۷۴۶۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ تَوْبَةَ نَا سُلَيْمَانُ يَعْنِي ابْنَ حَيَّانَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ ضِجْعَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَدَمٍ حَشْوُهَا لِيْفٌ۔

ہشام نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا سرہانہ جسے لگا کر رات کو سوتے چمڑے کا تھا جو کھجور کے ریشوں سے بھرا ہوا تھا۔

۷۴۷۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ نَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اُمِّ سَلَمَةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ كَانَ فِرَاشُهَا حِيَالَ مَسْجِدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

زینب بنت امّ سلمہ نے حضرت امّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ ان کا بستر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جائے نماز کے سامنے ہوتا تھا۔

بَابٌ ۲۶۴ فِيْ اِتِّخَاذِ السُّتُوْرِ

پردے لٹکانے کا بیان

۲۴۸۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ نَا ابْنُ نُمَيْرٍ نَا فُضَيْلُ بْنُ غَزْوَانَ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتٰى فَاطِمَةَ فَوَجَدَ عَلٰى بَابِهَا سِتْرًا فَلَمْ يَدْخُلْ قَالَ وَقَلَّ مَا كَانَ يَدْخُلُ اِلَّا بَدَاَ بِهَا فَجَاءَ عَلِيٌّ فَرَاٰهَا مُهْتَمَّةً فَقَالَ مَا لَكِ قَالَتْ جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيَّ فَلَمْ يَدْخُلْ فَاَتَاهُ عَلِيٌّ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ فَاطِمَةَ اشْتَدَّ عَلَيْهَا اَنَّكَ جِئْتَهَا فَلَمْ تَدْخُلْ عَلَيْهَا قَالَ وَمَا اَنَا وَالدُّنْيَا وَمَا اَنَا وَالرَّقْمَ فَذَهَبَ اِلٰى فَاطِمَةَ فَاَخْبَرَهَا بِقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ قُلْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى

نافع نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت فاطمہ کے پاس تشریف لائے تو ان کے دروازے پر پردہ دیکھا لہٰذا اندر داخل نہ ہوئے حالانکہ شاید ہی ایسا ہوا ہو کہ آپ اندر داخل ہوئے اور پہلے ان سے نہ ملے ہوں۔ پس حضرت علی آئے تو انہیں مغموم دیکھا فرمایا تمہارا کیا حال ہے۔ عرض گزار ہوئیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے تھے لیکن اندر داخل نہ ہوئے۔ حضرت علی حاضر بارگاہ ہو کر عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! فاطمہ کو اس بات کا بڑا رنج ہوا ہے کہ آپ تشریف لائے اور ان کے پاس اندر داخل نہ ہوئے۔ فرمایا میرا دنیا سے کیا واسطہ، میرا نقش نگار سے کیا تعلق! انہوں نے جا کر حضرت فاطمہ کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا تَامُرُنِیْ بِہٖ قَالَ قُلْ لَّہَا فَلْتُرْسِلْ بِہٖ اِلٰی بَنِیْ فُلَانٍ۔

گرامی تبایا۔ کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کیجیے کہ اس کے لیے آپ کیا حکم فرماتے ہیں؟ فرمایا کہ اسے بنی فلاں کے لیے بھیج دو۔

۷۴۹۔ حَدَّثَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰی الْاَسَدِیُّ نَا ابْنُ فُضَیْلٍ عَنْ اَبِیْہِ بِھٰذَا الْحَدِیْثِ قَالَ وَکَانَ سِتْرًا مُوَشِّیًا۔

واصل بن عبد الاعلیٰ اسدی، ابن فضیل نے اپنے والد ماجد سے اس حدیث کو روایت کرتے ہوئے کہا کہ وہ پردہ نقش ونگار والا تھا۔

ف:۔ نقش ونگار والے پردے سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع نہیں فرمایا تھا، منع تو جاندار کی تصویر سے فرمایا تھا حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے دروازے پر لٹکا ہوا نقش ونگار والا پردہ دیکھا تو رحمت دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اندر تشریف نہ لے گئے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دریافت کرنے پر آپ نے وجہ بیان فرمائی کہ میرا دنیا اور اس کی زیب وزینت سے کیا واسطہ؟ یہاں دو باتیں قابل غور ہیں کہ پردہ حضور کے کاشانۂ اقدس پر نہیں بلکہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دروازے پر لٹک رہا تھا لیکن آپ نے فرمایا کہ میرا دنیا اور اس کی زیب وزینت سے کیا واسطہ؟ معلوم ہوا کہ حضرت فاطمہ کے گھر کو آپ اپنا ہی گھر تصور فرماتے تھے اور یہ منظور نہ ہوا کہ جب میرا دنیا اور اس کے زیب وزینت سے کوئی واسطہ نہیں تو میری بیٹی کا اس سے واسطہ کیوں ہو۔ دوسرے اس میں علماء ومشائخ کے لیے بھی درس ہے کہ جن باتوں سے اجتناب کرنے کی وہ لوگوں کو تلقین کرتے ہیں ان سے خود بھی پرہیز کریں نیز اپنی اولاد اور متعلقین کو دور رکھنے کی پوری کوشش کریں۔ اگر صورت حال ذرا بھی مختلف ہوئی تو ان کے سارے پند ونصائح کو بیکار کرکے رکھ دے گی اور لوگوں کے دلوں میں ان کی وہ عزت وتکریم نہیں ہوگی جو دین کے علمبرداروں کی ہونی چاہیے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ ۲۶۵ فِی الصَّلِیْبِ فِی الثَّوْبِ۔

کپڑے پر صلیب کا نشان ہونا

۷۵۰۔ حَدَّثَنَا مُوْسَی بْنُ اِسْمٰعِیْلَ نَا اَبَانُ نَا یَحْیٰی نَا عِمْرَانُ بْنُ حِطَّانَ عَنْ عَائِشَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ لَا یَتْرُکُ فِیْ بَیْتِہٖ شَیْئًا فِیْہِ تَصْلِیْبٌ اِلَّا قَضَبَہٗ۔

عمران بن حطان نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے کاشانۂ اقدس میں کوئی ایسی چیز نہ چھوڑتے جس پر صلیب کا نشان ہو مگر توڑ پھوڑ دیا کرتے۔

ف:۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیروی میں مسلمانوں کا صلیب کے ساتھ ہمیشہ یہی سلوک رہنا چاہیے اور جن چیزوں پر صلیب کا نشان ہو اور دوسرے کی ملکیت میں ہونے کے باعث اگر اسے توڑ نہ سکیں تو کم از کم اس سے دور اور نفور رہیں۔ یہ ملی غیرت کا تقاضا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ ۲۶۶ فِی الصُّوَرِ۔

تصویروں کا بیان

۷۵۱۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا شُعْبَۃُ عَنْ عَلِیِّ بْنِ مُدْرِکٍ عَنْ اَبِیْ زُرْعَۃَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِیْرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ یَحْیٰی عَنْ اَبِیْہِ عَنْ عَلِیٍّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَدْخُلُ الْمَلٰئِکَۃُ بَیْتًا فِیْہِ صُوْرَۃٌ وَّلَا کَلْبٌ وَّلَا جُنُبٌ۔

حفص بن عمر، شعبہ، علی بن مدرک، ابو زرعہ بن عمرو بن جریر، عبد اللہ بن یحییٰ کے والد ماجد نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: فرشتے (رحمت کے) اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں تصویر، کتا یا جنبی ہو۔

۷۵۲۔ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ نَا خَالِدٌ عَنْ سُهَيْلٍ يَعْنِي ابْنَ أَبِي صَالِحٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ الْأَنْصَارِيِّ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ عَنْ أَبِي طَلْحَةَ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَتِمْثَالٌ وَقَالَ انْطَلِقْ بِنَا إِلَى أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ عَائِشَةَ نَسْأَلُهَا عَنْ ذَلِكَ فَانْطَلَقْنَا فَقُلْنَا يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ إِنَّ أَبَا طَلْحَةَ حَدَّثَنَا عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَذَا وَكَذَا فَهَلْ سَمِعْتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ ذَلِكَ قَالَتْ لَا وَلَكِنْ سَأُحَدِّثُكُمْ بِمَا رَأَيْتُهُ فَعَلَ خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ مَغَازِيهِ وَكُنْتُ أَتَحَيَّنُ قُفُولَهُ فَأَخَذْتُ نَمَطًا كَانَ لَنَا فَسَتَرْتُهُ عَلَى الْعَرَضِ فَلَمَّا جَاءَ اسْتَقْبَلْتُهُ فَقُلْتُ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ وَرَحْمَةُ اللَّهِ وَبَرَكَاتُهُ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَعَزَّكَ وَأَكْرَمَكَ فَنَظَرَ إِلَى الْبَيْتِ فَرَأَى النَّمَطَ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ شَيْئًا وَرَأَيْتُ الْكَرَاهِيَةَ فِي وَجْهِهِ فَأَتَى النَّمَطَ حَتَّى هَتَكَهُ ثُمَّ قَالَ إِنَّ اللَّهَ لَمْ يَأْمُرْنَا فِيمَا رَزَقَنَا أَنْ نَكْسُوَ الْحِجَارَةَ وَاللَّبِنَ قَالَتْ فَقَطَعْتُهُ وَجَعَلْتُهُ وِسَادَتَيْنِ وَحَشَوْتُهُمَا لِيفًا فَلَمْ يُنْكِرْ ذَلِكَ عَلَيَّ۔

حضرت زید بن خالد جہنی سے روایت ہے کہ حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: فرشتے (رحمت کے) اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا یا تصویر ہو۔ کہا کہ ہمارے ساتھ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس چلیے تاکہ ان سے اس کے متعلق پوچھیں۔ پس ہم جا کر عرض گزار ہوئے کہ اے ام المومنین! حضرت ابوطلحہ نے ہم سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حدیث اس طرح بیان کی ہے کیا آپ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس کا ذکر فرماتے ہوئے سنا ہے؟ فرمایا: نہیں لیکن میں تم سے ایک حدیث بیان کرتی ہوں جو میں نے حضور کو کرتے ہوئے دیکھا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کسی غزوہ میں تشریف لے گئے تھے اور میں واپسی کی منتظر تھی تو میں نے ایک پردہ کر دروازے کی لکڑی سے لٹکا دیا۔ جب آپ تشریف لائے تو میں نے استقبال کیا اور عرض گزار ہوئی۔ یا رسول اللہ! آپ پر سلام ہو اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں۔ خدا کا شکر ہے جس نے آپ کو عزت بخشی اور آپ کو بزرگی دی۔ آپ نے گھر کی طرف نظر کی اور پردہ دیکھا تو مجھے کوئی جواب نہ دیا۔ میں نے چہرۂ انور پر ناراضگی دیکھی اور پردے کے پاس آکر اسے اتار دیا پھر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں حکم نہیں فرمایا کہ اپنی روزی میں سے پتھروں اور اینٹوں کو کپڑے پہنائیں۔ وہ فرماتی ہیں کہ اسے کاٹ کر میں نے دو سرہانے بنا لیے اور ان میں کھجور کے ریشے بھر دیے۔ اس پر آپ مجھ سے ناراض نہ ہوئے۔

۷۵۳۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا جَرِيرٌ عَنْ سُهَيْلٍ فَذَكَرَ مِثْلَهُ قَالَ فَقُلْتُ يَا أُمَّهْ إِنَّ هَذَا حَدَّثَنِي أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَقَالَ فِيهِ سَعِيدُ بْنُ يَسَارٍ مَوْلَى بَنِي النَّجَّارِ۔

عثمان بن ابوشیبہ، جریر نے سہیل سے اسی طرح روایت کرتے ہوئے کہا۔ میں عرض گزار ہوا: اماں جان! انہوں نے مجھ سے حدیث بیان کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اور اسی میں کہا کہ سعید بن یسار مولیٰ تھے بنی نجار کے۔

۷۵۴۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا اللَّيْثُ عَنْ بُكَيْرٍ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ

حضرت زید بن خالد نے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے

عَنْ أَبِي طَلْحَةَ أَنَّهُ قَالَ إِنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَا تَدْخُلُ بَيْتًا فِيْهِ صُوْرَةٌ قَالَ بُسْرٌ ثُمَّ اشْتَكَى زَيْدٌ فَعُدْنَاهُ فَإِذَا عَلَى بَابِهِ سِتْرٌ فِيْهِ صُوْرَةٌ فَقُلْتُ لِعُبَيْدِ اللهِ الْخَوْلَانِيِّ رَبِيْبِ مَيْمُوْنَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَمْ يُخْبِرْنَا زَيْدٌ عَنِ الصُّوَرِ يَوْمَ الْأَوَّلِ فَقَالَ عُبَيْدُ اللهِ أَلَمْ تَسْمَعْهُ حِيْنَ قَالَ إِلَّا رَقْمًا فِي ثَوْبٍ.

۷۵۵۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ أَنَّ إِسْمٰعِيْلَ بْنَ عَبْدِ الْكَرِيْمِ حَدَّثَهُمْ قَالَ حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيْمُ يَعْنِي ابْنَ عَقِيْلٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ وَهْبِ ابْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ زَمَنَ الْفَتْحِ وَهُوَ بِالْبَطْحَاءِ أَنْ يَأْتِيَ الْكَعْبَةَ فَيَمْحُوَ كُلَّ صُوْرَةٍ فِيْهَا فَلَمْ يَدْخُلْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى مُحِيَتْ كُلُّ صُوْرَةٍ مِنْهَا.

۷۵۶۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنِ ابْنِ السَّبَّاقِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ أَخْبَرَتْنِي مَيْمُوْنَةُ زَوْجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ جِبْرَائِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ كَانَ وَعَدَنِي أَنْ يَلْقَانِيَ اللَّيْلَةَ فَلَمْ يَلْقَنِي ثُمَّ وَقَعَ فِي نَفْسِهِ جِرْوُ كَلْبٍ تَحْتَ بِسَاطٍ لَنَا فَأَمَرَ بِهِ فَأُخْرِجَ ثُمَّ أَخَذَ بِيَدِهِ مَاءً فَنَضَحَ بِهِ مَكَانَهُ فَلَمَّا لَقِيَهُ جِبْرَئِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ إِنَّا لَا نَدْخُلُ بَيْتًا فِيْهِ كَلْبٌ وَلَا صُوْرَةٌ فَأَصْبَحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَ بِقَتْلِ الْكِلَابِ حَتّٰى أَنَّهُ لَيَأْمُرُ بِقَتْلِ كَلْبِ الْحَائِطِ الصَّغِيْرِ وَيَتْرُكُ كَلْبَ الْحَائِطِ الْكَبِيْرِ۔

فرمایا:۔ بیشک فرشتے (رحمت کے) اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں تصویر ہو۔ بُسر بن سعید نے کہا کہ پھر حضرت زید بیمار پڑ گئے اور ہم نے ان کی عیادت کی تو ان کے دروازے پر پردہ تھا جس میں تصویریں تھیں۔ میں نے عُبید اللہ خولانی سے کہا جو نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت میمونہ کے پروردہ تھے کہ کیا حضرت زید نے تصویروں کے متعلق پہلے روز ہمیں حدیث نہیں بتائی تھی؟ عبید اللہ نے کہا کہ جب انہوں نے وہ کہا تو کیا آپ نے یہ نہیں سنا کہ کپڑوں کے نقش و نگار کے سوا۔

وہب بن منبہ نے حضرت جابر رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دنوں میں حضرت عمر ابن خطاب کو حکم فرمایا جب کہ وہ بطحاء کے مقام پر تھے کہ کعبہ میں جا کر تمام تصویروں کو مٹا دیں۔ چنانچہ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم اس وقت تک اس (بیت اللہ) میں داخل نہیں ہوئے جب تک وہ تمام تصویریں مٹا نہ دی گئیں جو اس کے اندر تھیں (اور جو بت تھے وہ توڑ پھوڑ کر پھینک دے گئے)۔

ابن سباق نے حضرت ابن عباس سے روایت کی ہے کہ مجھے نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت میمونہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا نے بتایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ بیشک جبرئیل علیہ السلام نے اس رات میرے پاس آنے کا وعدہ کیا تھا لیکن مجھ سے ملاقات نہ کی پھر آپ کے دل میں خیال آیا کہ ہماری چارپائی کے نیچے کتے کا پلاّ تھا۔ پس آپ نے حکم فرمایا تو اسے نکال دیا گیا۔ پھر اپنے دست مبارک میں پانی لے کر اس جگہ چھڑکا جب حضرت جبرئیل علیہ السلام سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے کہا:۔ ہم اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا یا تصویر ہو۔ صبح کے وقت نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے کتوں کو مارنے کا حکم فرما دیا یہاں تک کہ چھوٹے باغ کی حفاظت کرنے والے کتے کا بھی کہ بڑے باغ کی حفاظت کرنے والے کتے کو چھوڑ دیا جاتے۔

۷۵۷۔ حَدَّثَنَا اَبُوْصَالِحٍ مَحْبُوْبُ بْنُ مُوْسٰى نَا اَبُوْ اِسْحٰقَ الْفَزَارِيُّ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ اَنَا اَبُوْهُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَانِيْ جِبْرِيْلُ فَقَالَ لِيْ اَتَيْتُكَ الْبَارِحَةَ فَلَمْ يَمْنَعْنِيْ اَنْ اَكُوْنَ دَخَلْتُ اِلَّا اَنَّهٗ كَانَ عَلَى الْبَابِ تَمَاثِيْلُ وَكَانَ فِي الْبَيْتِ قِرَامُ سِتْرٍ فِيْهِ تَمَاثِيْلُ وَكَانَ فِي الْبَيْتِ كَلْبٌ فَمُرْ بِرَاْسِ التِّمْثَالِ الَّذِيْ فِي الْبَيْتِ يُقْطَعُ فَيَصِيْرُ كَهَيْاَةِ الشَّجَرَةِ وَمُرْ بِالسِّتْرِ فَلْيُقْطَعْ فَلْيُجْعَلْ مِنْهُ وِسَادَتَيْنِ مَنْبُوْذَتَيْنِ تُوْطَاٰنِ وَمُرْ بِالْكَلْبِ فَلْيُخْرَجْ فَفَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِذَا الْكَلْبُ لِحَسَنٍ اَوْ حُسَيْنٍ كَانَ تَحْتَ نَضَدٍ لَهُمْ فَاَمَرَ بِهٖ فَاُخْرِجَ۔

اٰخِرُ كِتَابِ اللِّبَاسِ۔

مجاہد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ حضرت جبریل میرے پاس آئے تو مجھ سے کہا۔ میں گزشتہ رات بھی آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تھا۔ میرے اندر داخل ہونے میں اس کے سوا کوئی رکاوٹ نہ تھی کہ دروازے پر تصویریں تھیں اور گھر میں نقش و نگار والا رنگین کپڑا تھا اور گھر کے اندر کتا تھا۔ لہٰذا حکم فرمایئے کہ گھر کے اندر جو تصویریں ہیں ان کے سر کاٹ دیے جائیں تاکہ وہ درخت کی طرح رہ جائیں۔ پردے کے متعلق حکم فرمایئے کہ اسے کاٹ کر دو گدے بنا لیے جائیں تاکہ وہ (تصویریں) پیروں سے روندی جائیں اور کتے کو نکالنے کا حکم فرما دیجئے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایسا ہی کیا جب کہ پلا امام حسن یا امام حسین کا تھا جو ان کے تخت کے نیچے تھا۔ آپ نے حکم فرمایا تو اسے بھی نکال دیا گیا۔ لباس کا بیان ختم ہوگیا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
اللہ کے نام سے شروع جو مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

اَوَّلُ كِتَابِ التَّرَجُّلِ
بالوں میں کنگھی کرنے کا بیان

۷۵۸۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنْ هِشَامِ ابْنِ سَعِيدِ بْنِ حَسَّانٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مُغَفَّلٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ التَّرَجُّلِ اِلَّا غِبًّا۔

حسن نے حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ تعالے عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کنگھی کرنے سے منع فرمایا ہے مگر جب کہ ایک روز کا ناغہ کر کے ہو۔"

۷۵۹۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا يَزِيْدُ الْمَازِنِيُّ اَنَا الْجُرَيْرِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ اَنَّ رَجُلًا مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحَلَ اِلٰى فُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ وَهُوَ بِمِصْرَ فَقَدِمَ عَلَيْهِ فَقَالَ اَمَا اِنِّيْ لَمْ اٰتِكَ زَائِرًا وَلٰكِنِّيْ سَمِعْتُ اَنَا وَاَنْتَ حَدِيْثًا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَوْتُ اَنْ يَكُوْنَ عِنْدَكَ مِنْهُ عِلْمٌ قَالَ مَا هُوَ قَالَ كَذَا وَكَذَا وَمَا لِيْ اَرَاكَ شَعِثًا وَاَنْتَ اَمِيْرُ الْاَرْضِ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْهَانَا عَنْ كَثِيْرٍ مِنَ الْاِرْفَاهِ قَالَ فَمَا لِيْ لَا اَرٰى عَلَيْكَ حِذَاءً قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُنَا اَنْ نَحْتَفِيَ اَحْيَانًا۔

عبداللہ بن بریدہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک صحابی حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ تعالے عنہ کی طرف روانہ ہوئے جو مصر میں تھے۔ جب پہنچ گئے تو کہا: میں آپ کی زیارت کے لیے نہیں آیا بلکہ میں نے اور آپ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ایک حدیث سنی ہے اور مجھے امید ہے کہ آپ کو میری نسبت بہتر یاد ہو گی۔ انہوں نے کہا: وہ کون سی ہے؟ انہوں نے وہ بیان کر دی اور کہا کہ آپ کے بال بکھرے ہوئے دیکھتا ہوں حالانکہ آپ اس سرزمین کے حاکم ہیں۔ کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ وسلم نے ہمیں زیادہ آرائش کرنے سے منع فرمایا ہے۔ لیکن کیا بات ہے کہ میں آپ کو ننگے پیر دیکھتا ہوں! کہا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالے علیہ وسلم ہمیں حکم فرمایا کرتے کہ کبھی ننگے پیر بھی رہا کریں۔"

۷۶۰۔ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اُمَامَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ ذَكَرَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا عِنْدَهُ الدُّنْيَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا تَسْمَعُوْنَ اَلَا تَسْمَعُوْنَ اَنَّ الْبَذَاذَةَ مِنَ الْاِيْمَانِ اَنَّ الْبَذَاذَةَ مِنَ الْاِيْمَانِ يَعْنِي التَّقَحُّلَ قَالَ اَبُوْدَاؤُدَ وَهُوَ اَبُوْ اُمَامَةَ

عبداللہ بن کعب بن مالک سے روایت ہے کہ حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب نے ایک روز آپ کے سامنے دنیا کا ذکر کیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم سنتے نہیں! کیا تم سنتے نہیں کہ سادہ وضع میں رہنا ایمان کا حصہ ہے، سادہ وضع میں رہنا ایمان کا ایک حصہ ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ان کا پورا نام حضرت ابوامامہ بن ثعلبہ انصاری ہے۔"

ابْنُ ثَعْلَبَةَ الْأَنْصَارِيُّ۔

بَاب ۲۶۹ فِي اسْتِحْبَابِ الطِّيبِ۔

خوشبو کا استحباب

۷۶۱۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ نَا أَبُو أَحْمَدَ عَنْ شَيْبَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُخْتَارِ عَنْ مُوسَى بْنِ أَنَسٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَتْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُكَّةٌ يَتَطَيَّبُ مِنْهَا۔

نصر بن علی، ابو احمد، شیبان بن عبدالرحمٰن، عبداللہ بن مختار، موسیٰ بن انس سے روایت ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیلئے سکر نامی خوشبو ہوتی جس میں سے لگایا کرتے۔"

بَاب ۲۷۰ فِي إِصْلَاحِ الشَّعْرِ۔

بالوں کو درست رکھنے کا بیان

۷۶۲۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ أَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَنَا ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَ لَهُ شَعْرٌ فَلْيُكْرِمْهُ۔

سہیل بن ابو صالح کے والدِ ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے بال رکھے ہوئے ہوں تو انہیں باعزت طریقے سے رکھے۔"

بَاب ۲۷۱ فِي الْخِضَابِ لِلنِّسَاءِ۔

عورتوں کے لیے خضاب کا بیان

۷۶۳۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ نَا يَحْيَى ابْنُ سَعِيدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْمُبَارَكِ قَالَ حَدَّثَتْنِي كَرِيمَةُ بِنْتُ هَمَّامٍ أَنَّ امْرَأَةً سَأَلَتْ عَائِشَةَ عَنْ خِضَابِ الْحِنَّاءِ فَقَالَتْ لَا بَأْسَ بِهِ وَلٰكِنِّي أَكْرَهُهُ كَانَ حَبِيبِي عَلَيْهِ السَّلَامُ يَكْرَهُ رِيحَهُ۔

علی بن مبارک نے کریمہ بنت ہمّام سے روایت کی ہے کہ ایک عورت نے مہندی کے خضاب کے متعلق حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے دریافت کیا۔ انہوں نے فرمایا کہ مضائقہ تو کوئی نہیں لیکن میں اسے ناپسند کرتی ہوں کیونکہ میرے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کی بُو کو ناپسند فرماتے تھے۔"

۷۶۴۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَتْنِي غِبْطَةُ بِنْتُ عَمْرٍو الْمُجَاشِعِيَّةُ قَالَتْ حَدَّثَتْنِي عَمَّتِي أُمُّ الْحَسَنِ عَنْ جَدَّتِهَا عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ هِنْدَ ابْنَةَ عُتْبَةَ قَالَتْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ بَايِعْنِي قَالَ لَا أُبَايِعُكِ حَتّٰى تُغَيِّرِي كَفَّيْكِ كَأَنَّهُمَا كَفَّا سَبُعٍ۔

ام الحسن کی دادی جان نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے۔ حضرت ہند بنت عتبہ عرض گزار ہوئیں کہ یا نبی اللہ! میری بیعت لے لیجیے۔ فرمایا میں تمہاری بیعت نہیں لوں گا جب تک تم اپنی ہتھیلیوں کا رنگ نہ بدلو کیونکہ وہ درندوں جیسی ہیں۔"

۷۶۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصُّورِيُّ نَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ نَا مُطِيعُ بْنُ مَيْمُونٍ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ عِصْمَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ أَوْمَأَتِ امْرَأَةٌ مِنْ وَرَاءِ سِتْرٍ بِيَدِهَا كِتَابٌ

مطیع بن میمون نے صفیہ بنت عصمہ سے روایت کی ہے۔ کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا نے فرمایا۔ پردے کے پیچھے سے ایک عورت نے اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا جس کے ہاتھ میں خط تھا جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نام تھا رسول

إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَبَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ فَقَالَ مَا أَدْرِي أَيَدُ رَجُلٍ أَمْ يَدُ امْرَأَةٍ قَالَتْ بَلْ يَدُ امْرَأَةٍ قَالَ لَوْ كُنْتِ امْرَأَةً لَغَيَّرْتِ أَظْفَارَكِ يَعْنِي بِالْحِنَّاءِ۔

اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک پیچھے کھینچ لیا اور فرمایا:۔ مجھے کیا معلوم کہ مرد کا ہاتھ ہے یا عورت کا۔ عرض گزار ہوئیں کہ عورت کا ہے۔ فرمایا اگر تم عورت ہوتیں تو کم از کم اپنے ناخنوں کو مہندی سے رنگ لیا ہوتا۔"

ف:۔ عورت اپنے ہاتھوں کو یا کم از کم ناخنوں کو مہندی سے رنگین کرے تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ ہاتھ عورت کا ہے یا مرد کا؛ معلوم ہوا کہ عورت غیر محرم مردوں کو اپنا چہرہ نہ دکھائے۔ ہاتھوں کے ذریعے مردوں اور عورتوں کا امتیاز تو اسی صورت میں کرنا پڑتا ہوگا کہ عورت غیر مرد کے سامنے نہ آئے۔ اب جب کہ عورت خود ہی مردوں کی طرح سامنے پھر رہی ہو تو وہ بھلا مردوں سے ممتاز ہونے کی کب ضرورت محسوس کرے گی۔ ایسی عورتیں تو اب مردوں کے شانہ بشانہ چلنے کا اعلان کر رہی ہیں تاکہ جو تھوڑا بہت امتیاز باقی رہ گیا ہو، وہ بھی نہ رہے۔ اللہ تعالیٰ مسلمان مردوں اور عورتوں کو عقلِ سلیم عطا فرمائے۔ آمین۔ دوسری بات یہ مد نظر ہے کہ بعض عورتیں آجکل ناخن پالش استعمال کرتی ہیں۔ اگر وہ پالش ایسی ہے کہ پانی اس کے اندر سرایت کر کے ناخن تک پہنچ نہیں سکتا تو ایسی عورتوں کا نہ وضو ہوتا ہے اور نہ غسل۔ وہ طہارت کرنے کے باوجود بھی شرعاً پلید ہی ہیں اور ان کے لیے قرآنِ مجید اور دیگر کتب دینیہ کو ہاتھ لگانا ہرگز جائز نہیں ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم:۔

بَابٌ ۲۷ فِي صِلَةِ الشَّعْرِ۔

بالوں کو جوڑنے کا بیان

۷۶۶۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَنَّهُ سَمِعَ مُعَاوِيَةَ بْنَ أَبِي سُفْيَانَ عَامَ حَجٍّ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ وَتَنَاوَلَ قُصَّةً مِنْ شَعْرٍ كَانَتْ فِي يَدِ حَرَسِيٍّ يَقُوْلُ يَا أَهْلَ الْمَدِيْنَةِ أَيْنَ عُلَمَاؤُكُمْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهٰى عَنْ مِثْلِ هٰذِهِ وَيَقُوْلُ إِنَّمَا هَلَكَتْ بَنُوْ إِسْرَائِيْلَ حِيْنَ اتَّخَذَ هٰذِهِ نِسَاؤُهُمْ۔

حمید بن عبد الرحمٰن نے حضرت معاویہ بن ابو سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے سُنا جس سال انہوں نے حج کیا کہ وہ منبر پر تھے اور اپنے ایک سپاہی کے ہاتھ سے بالوں کا ایک گچھا لے کر فرماتے ہیں:۔ اے مدینہ منورہ والو! تمہارے علماء کہاں ہیں؟ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ ایسی چیز سے منع فرمایا کرتے تھے اور فرماتے کہ بنی اسرائیل اسی وقت ہلاک ہوئے جب ان کی عورتیں ایسا کام کرنے لگ گئی تھیں۔"

۷۶۷۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَمُسَدَّدٌ قَالَا نَا يَحْيٰى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِي نَافِعٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَاصِلَةَ وَالْمُسْتَوْصِلَةَ وَالْوَاشِمَةَ وَالْمُسْتَوْشِمَةَ۔

نافع سے روایت ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بال کو جوڑنے والی، جڑوانے والی۔ گودنے والی اور گدوانے والی پر لعنت فرمائی ہے۔"

۷۶۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى وَعُثْمَانُ

علقمہ سے روایت ہے کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ

ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَا نَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّهُ قَالَ لَعَنَ اللَّهُ تَعَالَى الْوَاشِمَاتِ وَالْمُسْتَوْشِمَاتِ قَالَ مُحَمَّدٌ وَالْوَاصِلَاتِ وَقَالَ عُثْمَانُ وَالْمُتَنَمِّصَاتِ ثُمَّ اتَّفَقَا وَالْمُتَفَلِّجَاتِ لِلْحُسْنِ الْمُغَيِّرَاتِ خَلْقَ اللَّهِ قَالَ فَبَلَغَ ذَلِكَ امْرَأَةً مِنْ بَنِي أَسَدٍ يُقَالُ لَهَا أُمُّ يَعْقُوبَ زَادَ عُثْمَانُ كَانَتْ تَقْرَأُ الْقُرْآنَ ثُمَّ اتَّفَقَا فَأَتَتْهُ فَقَالَتْ بَلَغَنِي عَنْكَ أَنَّكَ لَعَنْتَ الْوَاشِمَاتِ وَالْمُسْتَوْشِمَاتِ قَالَ مُحَمَّدٌ وَالْوَاصِلَاتِ قَالَ عُثْمَانُ وَالْمُتَنَمِّصَاتِ ثُمَّ اتَّفَقَا وَالْمُتَفَلِّجَاتِ قَالَ عُثْمَانُ لِلْحُسْنِ الْمُغَيِّرَاتِ خَلْقَ اللَّهِ فَقَالَ وَمَا لِي لَا أَلْعَنُ مَنْ لَعَنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي كِتَابِ اللَّهِ تَعَالَى قَالَتْ لَقَدْ قَرَأْتُ مَا بَيْنَ لَوْحَيِ الْمُصْحَفِ فَمَا وَجَدْتُهُ فَقَالَ وَاللَّهِ لَئِنْ كُنْتِ قَرَأْتِيهِ لَقَدْ وَجَدْتِيهِ ثُمَّ قَرَأَ وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا فَقَالَتْ إِنِّي أَرَى بَعْضَ هَذَا عَلَى امْرَأَتِكَ فَقَالَ فَادْخُلِي فَانْظُرِي فَدَخَلَتْ ثُمَّ خَرَجَتْ فَقَالَ مَا رَأَيْتِ وَقَالَ عُثْمَانُ فَقَالَتْ مَا رَأَيْتُ فَقَالَ لَوْ كَانَ ذَلِكَ مَا كَانَتْ مَعَنَا.

تعالیٰ نے فرمایا:- اللہ تعالیٰ نے گودنے والی اور گدوانے والی عورتوں پر لعنت فرمائی ہے۔ محمد بن عیسیٰ نے الواصلات کہا ہے اور عثمان نے المتنمصات۔ پھر دونوں متفق ہو گئے اور خوبصورتی بڑھانے کے لیے بالوں کو اکھاڑ کر اللہ کی پیدائش کو بدلنے والی عورتوں پر۔ راوی کا بیان ہے کہ یہ بات بنی اسد کی ایک عورت تک پہنچی جسے ام یعقوب کہا جاتا تھا عثمان راوی نے یہ بھی کہا کہ وہ قرآن مجید پڑھتی۔ پھر دونوں متفق ہو گئے۔ وہ آپ (حضرت ابن مسعود) کی خدمت میں حاضر ہوئی اور کہا، مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ آپ گودنے والی اور گدوانے والی عورت پر لعنت کرتے ہیں۔ محمد بن عیسیٰ نے الواصلات کہا ہے کہ خوبصورتی کے لیے اللہ کی پیدائش کو بدلنے والی پر۔ فرمایا کہ میں کیوں اس پر لعنت نہ کروں جس پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لعنت کی ہو اور یہی بات اللہ تعالیٰ کی کتاب میں ہو۔ عورت نے کہا کہ میں نے بھی قرآن مجید پڑھا ہے لیکن اس میں یہ بات نہیں ملی۔ فرمایا کہ خدا کی قسم اگر تم توجہ سے پڑھتیں تو ضرور پا لیتیں۔ پھر آپ نے پڑھا۔ اور رسول اللہ جو تمہیں دیں اسے لے لو اور جس سے منع کریں اس سے رک جاؤ۔ (۵۹ : ۷) عورت نے کہا کہ ان میں سے بعض باتیں میں نے آپ کی بیوی میں دیکھی ہیں۔ فرمایا کہ اندر جا کر دیکھو۔ وہ اندر جا کر باہر آئی۔ فرمایا کیا دیکھا؟ عثمان راوی نے کہا کہ عورت بولی میں نے ایسی کوئی چیز نہیں دیکھی۔ فرمایا کہ اگر ایسی کوئی بات ہوتی تو وہ ہمارے ساتھ نہ رہ سکتیں۔

ف:- مذکورہ امور کے کرنے والے پر قرآن مجید میں صراحتاً لعنت مذکور نہیں ہے لیکن اس کے باوجود حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ یہ چیز قرآن کریم میں موجود ہے اور وہ اپنے دعوی کے ثبوت میں آیت:- وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا (۵۹ : ۷) تلاوت کرتے ہیں۔ یہاں ان کا طرز استدلال یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ رسول جو کچھ تمہیں دیں اسے لے لو اور جس بات سے منع فرمائیں اس سے باز رہو چونکہ ان کاموں کے کرنے والی عورتوں پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی ہے۔ لہٰذا حضور نے ضرور ارشاد ربانی کے تحت ایسا کیا ہوگا خواہ ہمیں قرآن مجید میں ایسا حکم صراحتاً نظر آئے یا نظر نہ آئے۔ معلوم ہوا کہ قرآن عزیز میں کسی بات کا صراحت کے ساتھ نظر آنا اس بات کو مستلزم نہیں کہ پرے سے وہ حکم ربانی نہیں اس کی تصریح احادیث مطہرہ میں دیکھی جائے گی اور حدیثوں سے مسائل کا استنباط کرنے کیلئے آج ان کی شروح اور کتب فقہ کی جانب رجوع کیے بغیر چارہ کار نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۷۶۹۔ حدثنا ابن السرح ثنا ابن وهب عن أسامة عن أبان بن صالح عن مجاهد بن جبر عن ابن عباس قال لعنت الواصلة والمستوصلة والنامصة والمتنمصة والواشمة والمستوشمة من غير داء. قال أبو داود وتفسير الواصلة التي تصل الشعر بشعر النساء والمستوصلة المعمول بها والنامصة التي تنقش الحاجب حتى ترقه والمتنمصة المعمول بها والواشمة التي يجعل الخيلان في وجهها بكحل أو مداد والمستوشمة المعمول بها. قال أبو داود وكان أحمد يقول القرامل ليس به بأس.

باب ۲۷۳ في رد الطيب.

۷۷۰۔ حدثنا الحسن بن علي وهارون بن عبد الله المعنى أن أبا عبد الرحمن المقرئ حدثهم عن سعيد بن أبي أيوب عن عبيد الله بن أبي جعفر عن الأعرج عن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من عرض عليه طيب فلا يرده فإنه طيب الريح خفيف المحمل.

باب ۲۷۴ في طيب المرأة للخروج.

۷۷۱۔ حدثنا مسدد نا يحيى نا ثابت بن عمارة قال حدثني غنيم بن قيس عن أبي موسى عن النبي صلى الله عليه وسلم قال إذا استعطرت المرأة فمرت على القوم ليجدوا ريحها فهي كذا وكذا قال قولا شديدا.

۷۷۲۔ حدثنا محمد بن كثير نا سفيان عن عاصم بن عبيد الله عن عبيد مولى أبي رهم عن أبي هريرة قال لقيته امرأة وجد

مجاہد بن جبر سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا لعنت کی گئی ہے بالوں کو جوڑنے والی جڑوانے والی پیشانی کے بال اکھاڑنے والی اور اکھڑوانے والی گودنے والی اور گدوانے والی عورتوں پر جب کہ بغیر کسی مجبوری کے ایسا کریں۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ الواصلۃ کا مطلب عورت کے بالوں سے بال ملانے والی۔ المستوصلۃ جس کے بالوں سے بال ملائے جائیں۔ النامصۃ جو ابرو برابر کرنے کے لیے بھوؤں کے بال اکھاڑے۔ المتنمصۃ جس کے بھوؤں کے بال اکھاڑے جائیں۔ واشمۃ چہرے پر سرمے یا سیاہی سے ٹیکا لگائے اور المستوشمۃ وہ ہے جس کے چہرے پر ٹیکا لگایا جائے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ بالوں کے باندھنے میں مضائقہ نہیں ہے۔

خوشبو کو پھیرنے کا بیان

حسن بن علی اور ہارون بن عبداللہ، ابوعبدالرحمٰن مقری، سعید بن ابی ایوب، عبید اللہ بن ابوجعفر، اعرج نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس کو خوشبو پیش کی جائے تو وہ قبول کرنے سے انکار نہ کرے کیونکہ خوشبو کا وزن کم ہوتا ہے۔

باہر نکلنے کے لیے عورت کا خوشبو لگانا

غنیم بن قیس نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب عورت خوشبو لگائے اور لوگوں کے پاس سے گزرے تاکہ انہیں خوشبو پہنچے تو وہ ایسی اور ایسی ہے راوی کا بیان ہے کہ سخت لفظ ارشاد فرمایا۔

عبید مولیٰ ابورہم سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ مجھے ایک عورت ملی جس سے خوشبو آ رہی تھی اور اس کے کپڑے ہوا سے بل رہے تھے۔ فرمایا اے جبار

مِنْهَا رِيحَ الطِّيبِ وَلِذَيْلِهَا إِعْصَارٌ فَقَالَ يَا أَمَةَ الْجَبَّارِ جِئْتِ مِنَ الْمَسْجِدِ قَالَتْ نَعَمْ قَالَ تَطَيَّبْتِ قَالَتْ نَعَمْ قَالَ إِنِّي سَمِعْتُ حِبِّي أَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا تُقْبَلُ صَلٰوةُ امْرَأَةٍ تَطَيَّبَتْ لِهٰذَا الْمَسْجِدِ حَتّٰى تَرْجِعَ فَتَغْتَسِلَ غُسْلَهَا مِنَ الْجَنَابَةِ۔

کی لونڈی! کیا تم مسجد سے آرہی ہو؟ کہا ہاں۔ فرمایا تم نے خوشبو لگائی ہوئی ہے؟ کہا ہاں۔ فرمایا کہ میرے حبیب ابوالقاسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں جو خوشبو لگا کر مسجد میں نماز پڑھے اس کی نماز قبول نہیں ہوتی یہاں تک کہ واپس جا کر غسل کرے جیسے جنابت کا غسل کیا جاتا ہے۔

۴۷۷۳۔ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ وَسَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَا نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ أَبُو عَلْقَمَةَ قَالَ حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ خُصَيْفَةَ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّمَا امْرَأَةٍ أَصَابَتْ بُخُورًا فَلَا تَشْهَدَنَّ مَعَنَا الْعِشَاءَ قَالَ ابْنُ نُفَيْلٍ الْآخِرَةَ۔

نفیلی اور سعید بن منصور، عبداللہ بن محمد ابو علقمہ، یزید بن خصیفہ، بسر بن سعید، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جو عورت خوشبو دار دھونی لے تو نماز عشاء ہمارے ساتھ اگر نہ پڑھے۔ ابن نفیل نے الاٰخرۃ کہا ہے

ف:۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس عورت کو نمازِ عشاء میں شامل ہونے سے منع فرما دیا جس نے خوشبو دار دھونی لی ہو کیونکہ دعوتِ نظارہ اور وہ بھی رات کو۔ لہٰذا جو عورتیں رات اور دن ہر وقت خوشبو لگا کر غیر مردوں میں پھریں اور رہیں ان کا یہ طرزِ عمل بارگاہ رسالت میں کس درجہ ناپسندیدہ ہوگا۔ افسوس! چراغِ خانہ نے اپنے آپ کو جنسِ ارزاں بناتے ہوئے شمعِ محفل بنا دیا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ایمانی غیرت اور نورِ بصیرت عطا فرمائے۔ آمین

بَاب ۲۷۵ فِي الْخَلُوقِ لِلرِّجَالِ۔

مردوں کے لیے خلوق کا استعمال

۴۷۷۴۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ أَنَا عَطَاءٌ الْخُرَاسَانِيُّ عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ قَدِمْتُ عَلٰى أَهْلِي لَيْلًا وَقَدْ تَشَقَّقَتْ يَدَايَ فَخَلَّقُونِي بِزَعْفَرَانٍ فَغَدَوْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ وَلَمْ يُرَحِّبْ بِي وَقَالَ اذْهَبْ فَاغْسِلْ هٰذَا عَنْكَ فَذَهَبْتُ فَغَسَلْتُهُ ثُمَّ جِئْتُ وَقَدْ بَقِيَ عَلَيَّ مِنْهُ رَدْعٌ فَسَلَّمْتُ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ وَلَمْ يُرَحِّبْ بِي وَقَالَ اذْهَبْ فَاغْسِلْ هٰذَا عَنْكَ فَذَهَبْتُ فَغَسَلْتُهُ ثُمَّ جِئْتُ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّ عَلَيَّ فَرَحَّبَ بِي وَقَالَ إِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَا تَحْضُرُ جَنَازَةَ الْكَافِرِ بِخَيْرٍ وَلَا الْمُتَضَمِّخَ

یحییٰ بن یعمر سے روایت ہے کہ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ میں اپنے گھر والوں کے پاس رات کے وقت آیا اور میرے دونوں ہاتھ پھٹ گئے تھے۔ پس انہوں نے زعفران کا خلوق لگا دیا۔ صبح کے وقت میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور سلام عرض کیا۔ آپ نے میرے سلام کا جواب نہ دیا اور نہ مرحبا کہا بلکہ فرمایا کہ جا کر اسے دھو آؤ۔ میں اسے دھو کر حاضرِ خدمت ہوا اور میرے اوپر ایک داغ رہ گیا تھا۔ پس میں نے سلام عرض کیا تو نہ آپ نے سلام کا جواب دیا اور نہ مرحبا کہا بلکہ فرمایا کہ جا کر اسے دھو آؤ۔ پھر میں اسے دھو کر حاضرِ خدمت ہوا اور سلام عرض کیا تو آپ نے میرے سلام کا جواب دیا اور مجھے مرحبا کہا اور فرمایا کہ فرشتے کافر کے جنازے پر بھلائی لے کر نہیں آتے اور نہ زعفران کا ضماد کرنے والے کے

بِالزَّعْفَرَانِ وَلَا الْجُنُبُ وَرَخَّصَ لِلْجُنُبِ إِذَا نَامَ أَوْ أَكَلَ أَوْ شَرِبَ أَنْ يَتَوَضَّأَ.

پاس اور نہ جنبی کے پاس اور جنبی کو آپ نے سوتے اور کھانے پینے کی اجازت مرحمت فرمائی جب کہ وضو کر لے۔"

۷۷۵۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ أَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي عُمَرُ بْنُ عَطَاءِ بْنِ أَبِي الْخُوَارِ أَنَّهُ سَمِعَ يَحْيَى بْنَ يَعْمَرَ يُخْبِرُ عَنْ رَجُلٍ أَخْبَرَهُ عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ زَعَمَ عُمَرُ أَنَّ يَحْيَى سَمَّى ذَلِكَ الرَّجُلَ فَنَسِيَ عُمَرُ اسْمَهُ أَنَّ عَمَّارًا قَالَ تَخَلَّقْتُ بِهَذِهِ الْقِصَّةِ وَالْأَوَّلُ أَتَمُّ بِكَثِيرٍ فِيهِ ذِكْرُ الْغُسْلِ قَالَ قُلْتُ لِعُمَرَ وَهُمْ حُرُمٌ قَالَ لَا الْقَوْمُ مُقِيمُونَ.

نصر بن علی، محمد بن بکر، ابن جریج، عطاء بن، ابو الخوار،

یحییٰ بن یعمر نے ایک آدمی سے روایت کی ہے جنہیں حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بتایا تھا۔ عمر بن عطاء کا خیال ہے کہ یحییٰ بن یعمر نے انہیں اس شخص کا نام بتایا تھا لیکن عمر ان کا نام بھول گئے حضرت عمار نے فرمایا کہ مجھے زعفران کا خلوق لگایا گیا اور واقعہ لیکن پہلی حدیث زیادہ مکمل ہے اور اس میں دھونے کا بکثرت ذکر ہے۔ میں (ابن جریج) نے عمر سے کہا کہ کیا وہ حالتِ احرام میں تھے؟ فرمایا کہ سب حالتِ اقامت میں تھے۔"

۷۷۶۔ حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ الْأَسَدِيُّ نَا أَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ أَنَسٍ عَنْ جَدَّيْهِ قَالَا سَمِعْنَا أَبَا مُوسَى يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقْبَلُ اللَّهُ صَلَاةَ رَجُلٍ فِي جَسَدِهِ شَيْءٌ مِنْ خَلُوقٍ قَالَ أَبُو دَاوُدَ جَدَّاهُ زَيْدٌ وَزِيَادٌ.

ربیع بن انس کے دادا جان اور نانا جان نے حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس شخص کی نماز قبول نہیں فرماتا جس کے جسم میں ذرا بھی خلوق لگا ہوا ہو۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ان کے دادا جان اور نانا جان کا نام زید اور زیاد ہے۔"

۷۷۷۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ أَنَّ حَمَّادَ بْنَ زَيْدٍ وَإِسْمَعِيلَ بْنَ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَاهُمْ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّزَعْفُرِ لِلرِّجَالِ وَقَالَ عَنْ إِسْمَعِيلَ أَنْ يَتَزَعْفَرَ الرَّجُلُ.

عبدالعزیز بن صہیب سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مردوں کو زعفران لگانے سے منع فرمایا ہے۔ اسمٰعیل بن ابراہیم نے ان یتزعفر الرجل کہا ہے (عن التزعفر للرجال کی جگہ)

۷۷۸۔ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْأُوَيْسِيُّ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلَاثَةٌ لَا تَقْرَبُهُمُ الْمَلَائِكَةُ جِيفَةُ الْكَافِرِ وَالْمُتَضَمِّخُ بِالْخَلُوقِ وَالْجُنُبُ إِلَّا أَنْ يَتَوَضَّأَ.

ہارون بن عبداللہ، عبدالعزیز بن عبداللہ اویسی، سلیمان ابن بلال، ثور بن زید، حسن بن ابوالحسن نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تین شخص ایسے ہیں جن کے پاس فرشتے نہیں آتے کافر کی لاش، زعفران کا خلوق لگانے والا اور جنبی مگر جب کہ وہ وضو کرے۔"

۷۷۹۔ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الرَّقِّيُّ

ثابت بن حجاج نے عبداللہ ہمدانی سے روایت کی ہے کہ

حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ أَيُّوبَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ عَنْ ثَابِتِ الْحَجَّاجِ عَنْ عَبْدِ اللهِ الْهَمْدَانِيِّ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عُقْبَةَ قَالَ لَمَّا فَتَحَ نَبِيُّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ جَعَلَ أَهْلُ مَكَّةَ يَأْتُونَهُ بِصِبْيَانِهِمْ فَيَدْعُو لَهُمْ بِالْبَرَكَةِ وَيَمْسَحُ رُءُوسَهُمْ قَالَ فَجِيءَ بِي إِلَيْهِ وَأَنَا مُخَلَّقٌ فَلَمْ يَمَسَّنِي مِنْ أَجْلِ الْخَلُوقِ۔

حضرت ولید بن عقبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ کو فتح فرمایا تو اہل مکہ اپنے بچوں کو لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے تو آپ ان کے لیے برکت کی دعا فرماتے اور ان کے سروں پر دست مبارک پھیرتے۔ حضرت ولید بن عقبہ کا بیان ہے کہ مجھے بھی آپ کی خدمت میں لایا گیا اور مجھے زعفران کا خلوق لگا ہوا تھا پس خلوق کے باعث آپ نے مجھے مس بھی نہ فرمایا۔

۷۸۰۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَيْسَرَةَ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ نَا سَلْمٌ الْعَلَوِيُّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَجُلًا دَخَلَ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ أَثَرُ صُفْرَةٍ وَكَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَلَّمَا يُوَاجِهُ رَجُلًا فِي وَجْهِهِ بِشَيْءٍ يَكْرَهُهُ فَلَمَّا خَرَجَ قَالَ لَوْ أَمَرْتُمْ هَذَا أَنْ يَغْسِلَ هَذَا عَنْهُ۔

سلم علوی نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا جس پر زرد نشان تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی آدمی کی کوئی بات ناپسند ہوتی تو شاید ہی اس کے سامنے کہتے۔ جب وہ چلا گیا تو فرمایا:۔ کاش! تم اس سے کہہ دیتے کہ اس نشان کو اپنے جسم سے دھو دیتا۔

باب ۲۷۶ مَا جَاءَ فِي الشَّعْرِ

بالوں کا بیان

۷۸۱۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْأَنْبَارِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ مَا رَأَيْتُ مِنْ ذِي لِمَّةٍ أَحْسَنَ فِي حُلَّةٍ حَمْرَاءَ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَادَ مُحَمَّدٌ لَهُ شَعْرٌ يَضْرِبُ مَنْكِبَيْهِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ كَذَا رَوَاهُ إِسْرَائِيلُ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ يَضْرِبُ مَنْكِبَيْهِ وَقَالَ شُعْبَةُ يَبْلُغُ شَحْمَةَ أُذُنَيْهِ۔

ابواسحاق سے روایت ہے کہ حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ میں نے گیسوؤں والے کسی شخص کو سرخ جوڑے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے زیادہ خوبصورت نہیں دیکھا۔ محمد بن سلیمان نے یہ بھی کہا۔ ایسے بال جو کندھوں تک ہوں۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے اسرائیل نے ابواسحاق سے کہ کندھوں تک اور شعبہ نے کہا ہے کہ جو کانوں کی لو تک پہنچتے ہوں

۷۸۲۔ حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ شَعْرُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى شَحْمَةِ أُذُنَيْهِ۔

معمر نے ثابت سے روایت کی ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے گیسوئے مبارک کانوں کی لو تک تھے۔

۷۸۳۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا إِسْمَعِيلُ نَا حُمَيْدٌ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ

حمید سے روایت ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے گیسوئے

شَعْرُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلٰى أَنْصَافِ أُذُنَيْهِ.

مبارک نصف کانوں تک ہوتے تھے۔

٧٨٤۔ حَدَّثَنَا ابْنُ نُفَيْلٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِي الزِّنَادِ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ شَعْرُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوْقَ الْوَفْرَةِ دُوْنَ الْجُمَّةِ.

ہشام بن عروہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے گیسوئے عنبریں گوش مبارک سے نیچے اور دوش مبارک سے اونچے ہوا کرتے تھے۔

٧٨٥۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهُ شَعْرٌ يَبْلُغُ شَحْمَةَ أُذُنَيْهِ.

ابواسحاق سے روایت ہے کہ حضرت براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے گیسوئے معنبر مبارک کانوں کی لو تک ہوا کرتے۔

بَابُ ٢٧٧ مَا جَاءَ فِي الْفَرْقِ.

مانگ نکالنے کا بیان

٧٨٦۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ إِسْمٰعِيْلَ نَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ أَخْبَرَنِي ابْنُ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ أَهْلُ الْكِتَابِ يَعْنِي يَسْدِلُوْنَ أَشْعَارَهُمْ وَكَانَ الْمُشْرِكُوْنَ يَفْرُقُوْنَ رُءُوْسَهُمْ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُعْجِبُهُ مُوَافَقَةُ أَهْلِ الْكِتَابِ فِيْمَا لَمْ يُؤْمَرْ بِهِ فَسَدَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاصِيَتَهُ ثُمَّ فَرَقَ بَعْدُ.

عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ سے روایت ہے۔ کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا:۔ اہل کتاب اپنے سر کے بالوں کو لٹکائے رکھتے اور مشرکین اپنے سروں میں مانگ نکالا کرتے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اہل کتاب کی موافقت پسند فرماتے جب تک اس کے متعلق حکم نہ فرمایا جاتا۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شروع میں پیشانی مبارک پر بالوں کو لٹکائے رکھتے پھر بعد میں مانگ نکالنے لگے۔

٧٨٧۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ خَلَفٍ نَا عَبْدُ الْأَعْلٰى عَنْ مُحَمَّدٍ يَعْنِي ابْنَ إِسْحٰقَ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ إِذَا أَرَدْتُ أَنْ أَفْرِقَ رَأْسَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَعْتُ الْفَرْقَ مِنْ يَافُوْخِهِ وَأَرْسِلُ نَاصِيَتَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ.

عروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا:۔ جب میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سر مبارک میں مانگ نکالنے کا ارادہ کرتی تو پیشانی مبارک کے بالوں کو دونوں جانب لٹکا دیتی یعنی چشمان مبارک کے درمیان کی سیدھ سے آپ کی مبارک پیشانی پر مانگ نکالتی۔

ف:۔ ابتدا میں جب کہ مانگ کے متعلق کوئی حکم نازل نہیں ہوا تھا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اہل کتاب کی موافقت میں سر کے بالوں کو سامنے لٹکا لیا کرتے اور مشرکین کی مخالفت کیا کرتے جب کہ وہ مانگ نکالا کرتے تھے۔ حکم الٰہی کے تحت بعد میں

آپ بھی مانگ نکالنے لگے کہ سامنے کے بالوں کی تنصیف کر دی جاتی۔ آدھے بال دائیں جانب اور آدھے دوسری طرف یعنی سر کے عین درمیان میں مانگ نکالی جاتی۔ مسلمانوں کے لیے یہی ایک طریقہ مسنون اور باعث ثواب ہے نصاریٰ آج کل سر کے بائیں جانب مانگ نکالتے ہیں کہ ایک تہائی بال بائیں جانب اور دو تہائی دائیں جانب رہیں۔ نیز وہ ارد گرد کے بالوں کو چھوٹے کرواتے ہوئے ایک خاص وضع کے ساتھ حجامت بنواتے ہیں۔ مسلمانوں کو دیگر اقوام کی پیروی سے اجتناب کرنا چاہیے اور اپنے نبی کی پیروی کرنی چاہیے جو دارین کی کامیابی اپنے اندر سمیٹے ہوئے ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَاب ۲۷۸ فِي تَطْوِيلِ الْجُمَّةِ۔

۷۸۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا مُعَاوِيَةُ ابْنُ هِشَامٍ وَسُفْيَانُ بْنُ عُقْبَةَ السُّوَائِيُّ وَحُمَيْدُ ابْنُ خُوَارٍ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلِي شَعْرٌ طَوِيلٌ فَلَمَّا رَآنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذُبَابٌ ذُبَابٌ قَالَ فَرَجَعْتُ فَجَزَزْتُهُ ثُمَّ أَتَيْتُهُ مِنَ الْغَدِ فَقَالَ إِنِّي لَمْ أَعْنِكَ وَهٰذَا أَحْسَنُ۔

سر کے بال بہت بڑھانا

محمد بن العلاء، معاویہ بن ہشام اور سفیان بن عقبہ سوائی اور حمید بن خوار، سفیان ثوری۔ عاصم بن کلیب نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت وائل بن حجر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور میرے سر کے بال لمبے تھے۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے دیکھا تو فرمایا:۔ نکمی، نکمی۔ پس میں واپس لوٹ آیا اور بال چھوٹے کر لیے۔ پھر میں اگلے روز حاضر بارگاہ ہوا۔ فرمایا کہ میں نے تمہیں برا نہیں کہا لیکن یہ زیادہ خوبصورت ہیں۔"

بَاب ۲۷۹ فِي الرَّجُلِ يُضَفِّرُ شَعْرَهُ۔

۷۸۹۔ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ قَالَتْ أُمُّ هَانِئٍ قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى مَكَّةَ وَلَهُ أَرْبَعُ غَدَائِرَ تَعْنِي عَقَائِصَ۔

مرد کا سر کے بالوں کو گوندھنا

مجاہد سے روایت ہے کہ حضرت ام ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا:۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں جلوہ افروز ہوئے تو سر مبارک کے بالوں کی لٹیں بنا رکھی تھیں۔"

بَاب ۲۸۰ فِي حَلْقِ الرَّأْسِ۔

۷۹۰۔ حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ وَابْنُ الْمُثَنّٰى قَالَا نَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ نَا أَبِي قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ ابْنَ أَبِي يَعْقُوبَ يُحَدِّثُ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمْهَلَ آلَ جَعْفَرٍ ثَلَاثًا أَنْ يَأْتِيَهُمْ ثُمَّ أَتَاهُمْ فَقَالَ لَا تَبْكُوا عَلٰى أَخِي بَعْدَ الْيَوْمِ ثُمَّ قَالَ ادْعُوا لِي بَنِي أَخِي فَجِيءَ بِنَا كَأَنَّا أَفْرُخٌ فَقَالَ ادْعُوا لِي الْحَلَّاقَ فَأَمَرَهُ فَحَلَقَ رُءُوسَنَا۔

سر منڈانے کا بیان

عقبہ بن کرم اور ابن المثنیٰ، وہب بن جریر، ان کے والد ماجد، محمد بن ابو یعقوب، حسن بن سعد، حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت جعفر کے گھر والوں سے تین دن کے بعد تشریف لانے کا وعدہ فرمایا۔ پھر آپ ان کے پاس تشریف لائے تو فرمایا: میرے بھائی پر آج کے بعد کوئی نہ روئے۔ پھر فرمایا کہ میرے بھتیجوں کو میرے پاس بلا کر لاؤ۔ ہم چڑیا کے بچوں کی طرح پریشان حال تھے۔ فرمایا کہ میرے پاس حجام کو بلا لاؤ۔ وہ آ پہنچا اسے حکم فرمایا تو اس نے ہمارے سر مونڈے۔

باب ۲۸۵ فِي الصَّبِيِّ لَهُ ذُؤَابَةٌ

بچوں کی زلفیں

۷۹۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ قَالَ نَا عُثْمَانُ ابْنُ عُثْمَانَ قَالَ أَحْمَدُ كَانَ رَجُلًا صَالِحًا قَالَ أَنَا عُمَرُ بْنُ نَافِعٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْقَزَعِ وَالْقَزَعُ أَنْ يُحْلَقَ رَأْسُ الصَّبِيِّ فَيُتْرَكَ بَعْضُ شَعْرِهِ۔

عمر بن نافع نے اپنے والدِ ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قزع سے منع فرمایا ہے۔ قزع اس کو کہتے ہیں کہ بچے کے سر کے کچھ بال منڈوا دیئے جائیں اور کچھ بال باقی رکھ لیے جائیں۔

۷۹۲۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ نَا أَيُّوبُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْقَزَعِ وَهُوَ أَنْ يُحْلَقَ رَأْسُ الصَّبِيِّ وَيُتْرَكَ لَهُ ذُؤَابَةٌ۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قزع سے منع فرمایا ہے اور وہ یہ ہے کہ بچے کے سر کے بال مونڈ دیئے جائیں اور چوٹی چھوڑ دی جائے۔

۷۹۳۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى صَبِيًّا قَدْ حَلَقَ بَعْضَ رَأْسِهِ وَتَرَكَ بَعْضَهُ فَنَهَاهُمْ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ احْلِقُوهُ كُلَّهُ أَوِ اتْرُكُوهُ كُلَّهُ۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک بچے کو دیکھا جس کے سر کے بعض بال مونڈے ہوئے تھے اور بعض چھوڑ رکھے تھے۔ آپ نے اس سے منع کرتے ہوئے فرمایا: سارے مونڈا کرو یا سارے رکھا کرو۔

باب ۲۹۴ مَا جَاءَ فِي الرُّخْصَةِ

اس کی اجازت کا بیان

۷۹۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا زَيْدُ ابْنُ الْحُبَابِ عَنْ مَيْمُونِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَتْ لِي ذُؤَابَةٌ فَقَالَتْ لِي أُمِّي لَا أَجُزُّهَا كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمُدُّهَا وَيَأْخُذُهَا۔

ثابت بنانی سے روایت ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا میرے سر پر چوٹی تھی والدۂ ماجدہ نے مجھ سے فرمایا کہ میں اسے نہیں کاٹوں گی کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسے کھینچتے اور پکڑا کرتے تھے۔

۷۹۵۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا يَزِيدُ بْنُ هٰرُونَ نَا الْحَجَّاجُ بْنُ حَسَّانٍ قَالَ دَخَلْنَا عَلَى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ فَحَدَّثَتْنِي أُخْتِي الْمُغِيرَةُ قَالَتْ وَأَنْتَ يَوْمَئِذٍ غُلَامٌ وَلَكَ قَرْنَانِ أَوْ قُصَّتَانِ فَمَسَحَ رَأْسَكَ وَبَرَّكَ عَلَيْكَ وَقَالَ احْلِقُوا هٰذَيْنِ أَوْ قُصُّوهُمَا فَإِنَّ هٰذَا زِيُّ الْيَهُودِ۔

حجاج بن حسان کا بیان ہے کہ ہم حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے پس میری بہن مغیرہ نے مجھ سے حدیث بیان کرتے ہوئے کہا: جن دنوں تم لڑکے تھے تو تمہارے سر پر دو زلفیں یا لٹیں تھیں۔ پس انہوں (حضرت انس) نے تمہارے سر پر ہاتھ پھیرا، برکت کی دعا کی اور فرمایا کہ انہیں کاٹ دو کیونکہ یہ یہود کا طریقہ ہے۔

باب ۲۸۳ فِي أَخْذِ الشَّارِبِ.

۷۹۶- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْفِطْرَةُ خَمْسٌ أَوْ خَمْسٌ مِنَ الْفِطْرَةِ الْخِتَانُ وَالْاِسْتِحْدَادُ وَنَتْفُ الْإِبْطِ وَتَقْلِيمُ الْأَظْفَارِ وَقَصُّ الشَّارِبِ.

۷۹۷- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ نَافِعٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِإِحْفَاءِ الشَّارِبِ وَإِعْفَاءِ اللِّحْيَةِ.

۷۹۸- حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا صَدَقَةُ الدَّقِيقِيُّ نَا أَبُو عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ وَقَّتَ لَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَلْقَ الْعَانَةِ وَتَقْلِيمَ الْأَظْفَارِ وَقَصَّ الشَّارِبِ وَنَتْفَ الْإِبْطِ أَرْبَعِينَ يَوْمًا مَرَّةً قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ أَبِي عِمْرَانَ عَنْ أَنَسٍ لَمْ يَذْكُرِ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَقَّتَ لَنَا.

۷۹۹- حَدَّثَنَا ابْنُ نُفَيْلٍ نَا زُهَيْرٌ قَالَ قَرَأْتُ عَلَى عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ سُلَيْمَانَ وَقَرَأَهُ عَبْدُ الْمَلِكِ عَلَى أَبِي الزُّبَيْرِ وَرَوَاهُ أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنَّا نُعْفِي السِّبَالَ إِلَّا فِي حَجٍّ أَوْ عُمْرَةٍ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَالْاِسْتِحْدَادُ حَلْقُ الْعَانَةِ.

باب ۲۸۴ فِي نَتْفِ الشَّيْبِ

۸۰۰- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى ح وَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا سُفْيَانُ الْمَعْنَى عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَنْتِفُوا الشَّيْبَ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَشِيبُ شَيْبَةً فِي الْإِسْلَامِ

مونچھیں پست کرنا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے یہ بات پہنچی کہ پیدائشی سنتیں پانچ ہیں یا پانچ باتیں پیدائشی سنت ہیں، ختنہ کرنا، موئے زیر ناف مونڈنا، بغلوں کے بال اکھاڑنا، ناخن کاٹنا اور مونچھیں پست کرنا۔

۱

ابوبکر بن نافع کے والد ماجد نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مونچھوں کو کترانے اور داڑھی کو بڑھانے کا حکم فرمایا۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے لیے موئے زیر ناف مونڈنے، ناخن کاٹنے، مونچھیں کترانے اور بغلوں کے بال اکھاڑنے کی مدت چالیس دن مقرر فرمائی۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے جعفر بن سلیمان، ابوعمران نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے لیکن یہ ذکر نہیں کرتے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمارے لیے مدت مقرر فرمائی۔

ابن نفیل، زہیر، عبدالملک بن سلیمان، ابوالزبیر سے روایت ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ ہم حج اور عمرہ کے سوا داڑھیوں کو لٹکنے دیتے تھے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ الاستحداد موئے زیر ناف مونڈنا ہے۔

سفید بالوں کو اکھاڑنے کا بیان

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اپنے والد محترم سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ سفید بال کو نہ اکھاڑا کرو کیونکہ کوئی مسلمان ایسا نہیں کہ جس کو مسلمانی کی حالت میں سفیدی آئی۔ سفیان سے مروی ہے کہ وہ قیامت کے روز اس کیلئے نور ہوگا۔ حدیث یحییٰ میں ہے کہ اس کے بدلے

قَالَ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا كَانَتْ لَهُ نُورًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَقَالَ فِي حَدِيثِ يَحْيَى إِلَّا كَتَبَ اللَّهُ لَهُ بِهَا حَسَنَةً وَحَطَّ عَنْهُ بِهَا خَطِيئَةً۔

اللہ تعالیٰ اس کے لیے ایک نیکی لکھے گا اور اس کے بدلے ایک گناہ معاف فرمائے گا (یعنی بال کے سفید ہو جانے کے باعث)۔

بَابٌ ۲۸۵ فِي الْخِضَابِ۔

خضاب کا بیان

۸۰۱- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ وَسُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الْيَهُودَ وَالنَّصَارَى لَا يَصْبُغُونَ فَخَالِفُوهُمْ۔

سلیمان بن یسار نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ یہود و نصاریٰ خضاب نہیں کرتے، لہٰذا تم ان کی مخالفت کیا کرو۔

۸۰۲- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ وَأَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَا نَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ أُتِيَ بِأَبِي قُحَافَةَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ وَرَأْسُهُ وَلِحْيَتُهُ كَالثَّغَامَةِ بَيَاضًا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيِّرُوا هَذَا بِشَيْءٍ وَاجْتَنِبُوا السَّوَادَ۔

احمد بن عمرو بن سرح اور احمد بن سعید ہمدانی، ابن وہب، ابن جریج، ابوالزبیر سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: فتح مکہ کے روز حضرت ابوقحافہ کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا تو ان کا سر اور داڑھی ثغامہ کی طرح سفید تھے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کسی چیز سے ان کا رنگ تبدیل کر لو اور سیاہ رنگ سے بچتے رہنا۔

۸۰۳- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ الدِّيلِيِّ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَحْسَنَ مَا غُيِّرَ بِهِ هَذَا الشَّيْبُ الْحِنَّاءُ وَالْكَتَمُ۔

حسن بن علی، عبدالرزاق، معمر، سعید جریری، عبداللہ بن بریدہ، ابوالاسود دیلی نے حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اس بڑھاپے کو تبدیل کرنے کے لیے مہندی اور کتم کیا ہی اچھی چیزیں ہیں۔

۸۰۴- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا عُبَيْدُ اللَّهِ يَعْنِي ابْنَ إِيَادٍ عَنْ أَبِي رِمْثَةَ قَالَ انْطَلَقْتُ مَعَ أَبِي نَحْوَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا هُوَ ذُو وَفْرَةٍ بِهَا رَدْعُ حِنَّاءٍ وَعَلَيْهِ بُرْدَانِ أَخْضَرَانِ۔

ابن ایاد سے روایت ہے کہ حضرت ابورمثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں اپنے والد ماجد کے ساتھ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ کے گیسوئے مبارک تا بہ گوش تھے جن پر مہندی کا رنگ چڑھا ہوا تھا اور آپ کے اوپر دو سبز چادریں تھیں۔

۸۰۵- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا ابْنُ إِدْرِيسَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ الْحُرِّ عَنْ إِيَادِ بْنِ لَقِيطٍ عَنْ أَبِي رِمْثَةَ فِي هَذَا الْخَبَرِ قَالَ فَقَالَ

محمد بن العلاء، ابن ادریس، ابن الحر، ایاد بن لقیط سے روایت ہے کہ حضرت ابورمثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: والد محترم نے آپ کی خدمت میں عرض کی کہ مجھے اپنی پشت مبارک دکھائیے کیونکہ

لَهُ أَرِنِي هَذَا الَّذِي بِظَهْرِكَ فَإِنِّي رَجُلٌ طَبِيبٌ قَالَ اللَّهُ الطَّبِيبُ بَلْ أَنْتَ رَجُلٌ رَفِيقٌ طَبِيبُهَا الَّذِي خَلَقَهَا۔

میں طبیب ہوں۔ فرمایا طبیب تو اللہ تعالیٰ ہے اور تم رفیق ہو۔ طبیب وہی ہے جس نے اسے پیدا کیا

٨٠٦۔ حَدَّثَنَا ابْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ نَا سُفْيَانُ عَنْ إِيَادِ بْنِ لَقِيطٍ عَنْ أَبِي رِمْثَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا وَأَبِي فَقَالَ لِرَجُلٍ أَوْ لِأَبِيهِ مَنْ هَذَا قَالَ ابْنِي قَالَ لَا تَجْنِي عَلَيْهِ وَكَانَ قَدْ لَطَخَ لِحْيَتَهُ بِالْحِنَّاءِ۔

ایاد بن لقیط سے روایت ہے کہ حضرت ابورمثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا میں اپنے والد ماجد کے ساتھ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا۔ آپ نے ایک شخص یا میرے والد محترم سے فرمایا کہ یہ کون ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ میرا بیٹا ہے۔ فرمایا کہ تمہارا بوجھ اس پر نہیں لادا جائے گا اور آپ نے ریش مبارک میں مہندی لگائی ہوئی تھی۔

٨٠٧۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ نَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ خِضَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَنَّهُ لَمْ يَخْضِبْ وَلَكِنْ قَدْ خَضَبَ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خضاب کے متعلق پوچھا گیا تو انہوں نے بتایا کہ آپ خضاب نہیں لگاتے تھے لیکن حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے خضاب لگایا۔

بَاب ٢٨٦ فِي خِضَابِ الصُّفْرَةِ۔

زرد خضاب کا بیان

٨٠٨۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ مُطَرِّفٍ أَبُو سُفْيَانَ قَالَ نَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ نَا ابْنُ أَبِي رَوَّادٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَلْبَسُ النِّعَالَ السِّبْتِيَّةَ وَيُصَفِّرُ لِحْيَتَهُ بِالْوَرْسِ وَالزَّعْفَرَانِ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَفْعَلُ ذَلِكَ۔

عبدالرحیم بن مطرف ابوسفیان، عمرو بن محمد، ابن ابورواد، نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سبتیہ نعلین مبارک پہنا کرتے اور ریش مبارک کو ورس اور زعفران سے زرد کیا کرتے اور حضرت ابن عمر بھی ایسا ہی کیا کرتے تھے۔

٨٠٩۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ عَنْ حُمَيْنِ بْنِ وَهْبٍ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَرَّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ قَدْ خَضَبَ بِالْحِنَّاءِ فَقَالَ مَا أَحْسَنَ هَذَا قَالَ فَمَرَّ آخَرُ قَدْ خَضَبَ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ فَقَالَ هَذَا أَحْسَنُ مِنْ هَذَا فَمَرَّ آخَرُ قَدْ خَضَبَ بِالصُّفْرَةِ فَقَالَ هَذَا أَحْسَنُ مِنْ هَذَا كُلِّهِ۔

طاؤس سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس ایک شخص گزرا جس نے مہندی کا خضاب لگایا ہوا تھا۔ فرمایا یہ کیا خوب ہے۔ پھر دوسرا آدمی گزرا جس نے مہندی اور کتم کا خضاب لگایا ہوا تھا۔ فرمایا کہ یہ تو اس سے بھی خوب تر ہے۔ پھر تیسرا شخص گزرا جس نے زرد خضاب لگایا ہوا تھا۔ فرمایا کہ یہ تو سب سے ہی بہتر ہے۔

باب ۲۸۷ مَا جَاءَ فِي خِضَابِ السَّوَادِ۔

۸۱۰۔ حَدَّثَنَا أَبُو تَوْبَةَ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكُونُ قَوْمٌ يَخْضِبُونَ فِي آخِرِ الزَّمَانِ بِالسَّوَادِ كَحَوَاصِلِ الْحَمَامِ لَا يَرِيحُونَ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ۔

سیاہ خضاب کا بیان

سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ ایک ایسی قوم ہوگی جو آخری زمانے میں سیاہ خضاب لگائے گی کبوتروں کے سینے جیسا۔ وہ لوگ جنت کی خوشبو بھی نہیں سونگھیں گے۔"

ف:۔ مہندی وغیرہ کے ساتھ زرد رنگ کا خضاب کرنا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بہت پسند تھا۔ اسی لیے حضرت ابوبکر و حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما مہندی وغیرہ کے ساتھ زرد خضاب کیا کرتے تھے۔ سیاہ خضاب کی آپ نے سختی سے ممانعت فرمائی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

باب ۲۸۸ فِي الْاِنْتِفَاعِ بِالْعَاجِ۔

۸۱۱۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ عَنْ حُمَيْدٍ الشَّامِيِّ عَنْ سُلَيْمَانَ الْمُنَبِّهِيِّ عَنْ ثَوْبَانَ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَافَرَ كَانَ آخِرُ عَهْدِهِ بِإِنْسَانٍ مِنْ أَهْلِهِ فَاطِمَةَ وَأَوَّلُ مَنْ يَدْخُلُ عَلَيْهَا إِذَا قَدِمَ فَاطِمَةَ فَقَدِمَ مِنْ غَزَاةٍ لَهُ وَقَدْ عَلَّقَتْ مِسْحًا أَوْ سِتْرًا عَلَى بَابِهَا وَحَلَّتِ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ قُلْبَيْنِ مِنْ فِضَّةٍ فَقَدِمَ وَلَمْ يَدْخُلْ فَظَنَّتْ أَنَّمَا مَنَعَهُ أَنْ يَدْخُلَ مَا رَأَى فَهَتَكَتِ السِّتْرَ وَفَكَّتِ الْقُلْبَيْنِ عَنِ الصَّبِيَّيْنِ وَقَطَعَتْهُ بَيْنَهُمَا فَانْطَلَقَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُمَا يَبْكِيَانِ فَأَخَذَهُ مِنْهُمَا وَقَالَ يَا ثَوْبَانُ اذْهَبْ بِهٰذَا إِلَى آلِ فُلَانٍ أَهْلِ بَيْتٍ بِالْمَدِينَةِ إِنَّ هٰؤُلَاءِ أَهْلُ بَيْتِي أَكْرَهُ أَنْ يَأْكُلُوا طَيِّبَاتِهِمْ فِي حَيَاتِهِمُ الدُّنْيَا يَا ثَوْبَانُ اشْتَرِ لِفَاطِمَةَ قِلَادَةً مِنْ عَصَبٍ وَسِوَارَيْنِ مِنْ عَاجٍ۔ آخِرُ كِتَابِ التَّرَجُّلِ

ہاتھی دانت سے نفع حاصل کرنا

سلیمان منبہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مولیٰ حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب سفر کا ارادہ فرماتے تو اپنے اہل و عیال میں سے سب کے بعد جس سے گفتگو کر کے روانہ ہوتے وہ حضرت فاطمہ ہوتیں اور واپسی پر سب سے پہلے جن کے پاس تشریف لاتے وہ بھی حضرت فاطمہ ہوتیں۔ ایک دفعہ آپ کسی غزوہ سے واپس لوٹے تو انہوں نے کوئی ٹاٹ یا پردہ اپنے دروازے پر لٹکایا ہوا تھا۔ امام حسن اور امام حسین دونوں کو چاندی کے کنگن پہنا رکھے تھے۔ آپ تشریف لائے لیکن اندر داخل نہ ہوئے وہ سمجھ گئیں کہ ان چیزوں کو دیکھ کر آپ اندر تشریف لانے سے رُکے ہیں۔ پس انہوں نے پردہ اُتار دیا اور دونوں بچوں کے کنگن بھی اُتار لیے اور کاٹ کر ان کے درمیان ڈال دیئے۔ دونوں شہزادے روتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو گئے۔ آپ نے دونوں سے وہ ٹکڑے لے لیے اور فرمایا:۔ اے ثوبان! جا کر مدینہ منورہ میں یہ فلاں گھر والوں کو دے آؤ۔ یہ میرے اہل بیت ہیں۔ میں ناپسند کرتا ہوں کہ یہ اپنے حصے کی پاکیزہ روزی کو دنیاوی زندگی میں کھائیں۔ اے ثوبان! فاطمہ کے لیے منکوں کا ایک ہار اور ہاتھی دانت کے دو کنگن خرید لاؤ۔ کتاب الترجل ختم ہوئی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

اَوَّلُ كِتَابِ الْخَاتَمِ

انگوٹھی پہننے کا بیان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

باب ۲۸۹ مَا جَاءَ فِي اتِّخَاذِ الْخَاتَمِ۔

انگوٹھی پہننے کا بیان

۸۱۲۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيْمِ بْنُ مُطَرِّفٍ نَا عِيْسٰى عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ اَرَادَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَكْتُبَ اِلٰى بَعْضِ الْاَعَاجِمِ فَقِيْلَ لَهُ اِنَّهُمْ لَا يَقْرَءُوْنَ كِتَابًا اِلَّا بِخَاتَمٍ فَاتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ فِضَّةٍ وَنَقَشَ فِيْهِ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ۔

قتادہ سے روایت ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بعض عجمی حاکموں کے لیے خط لکھنے کا ارادہ فرمایا تو آپ کی بارگاہ میں عرض کی گئی!۔ وہ خط نہیں پڑھتے مگر جبکہ مہر ہو۔ پس آپ نے چاندی کی انگشتری تیار کروائی اور محمد رسول اللہ اس پر نقش کر دیا۔

۸۱۳۔ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ عَنْ خَالِدٍ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ بِمَعْنٰى حَدِيْثِ عِيْسَى بْنِ يُوْنُسَ زَادَ فَكَانَ فِيْ يَدِهِ حَتّٰى قُبِضَ وَفِيْ يَدِ اَبِيْ بَكْرٍ حَتّٰى قُبِضَ وَفِيْ يَدِ عُمَرَ حَتّٰى قُبِضَ وَفِيْ يَدِ عُثْمَانَ فَبَيْنَمَا هُوَ عِنْدَ بِئْرٍ اِذْ سَقَطَ فِي الْبِئْرِ فَاَمَرَ بِهَا فَنُزِحَتْ فَلَمْ يَقْدِرْ عَلَيْهِ۔

قتادہ نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے معناً حدیث عیسیٰ بن یونس کی طرح روایت کرتے ہوئے یہ بھی کہا۔ وہ وصال تک آپ کے دست مبارک میں رہی۔ پھر وفات تک حضرت ابوبکر کے ہاتھ میں پھر وفات تک حضرت عمر کے ہاتھ میں۔ پھر حضرت عثمان کے ہاتھ میں رہی۔ وہ کسی کنوئیں کے پاس تھے کہ وہ کنوئیں میں گر گئی۔ ان کے حکم سے سارا پانی نکال دیا گیا لیکن ہاتھ نہ آئی۔

۸۱۴۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ وَاَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَا نَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَنَسٌ قَالَ كَانَ خَاتَمُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ وَرِقٍ فَصُّهُ مِنْ حَبَشِيٍّ۔

ابن شہاب سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھ سے حدیث بیان کرتے ہوئے فرمایا:۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مہر مبارک چاندی کی تھی جس کا نگینہ حبشی کا تھا۔

۸۱۵۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ نَا زُهَيْرٌ نَا حُمَيْدُ الطَّوِيْلُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ خَاتَمُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فِضَّةٍ كُلُّهُ فَصُّهُ مِنْهُ۔

حمید طویل سے روایت ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی انگشتری مبارک چاندی کی تھی اور نگینہ بھی اسی کا تھا۔

٨١٦- حدثنا نصیر بن الفرج نا ابو اسامة عن عبید الله عن نافع عن ابن عمر قال اتخذ رسول الله صلی الله علیه وسلم خاتما من ذهب وجعل فصه مما یلی بطن کفه ونقش فیه محمد رسول الله صلی الله علیه وسلم فاتخذ الناس خواتیم الذهب فلما راٰهم قد اتخذوها رمی به وقال لا ألبسه أبدا ثم اتخذ خاتما من فضة نقش فیه محمد رسول الله ثم لبس الخاتم بعده ابوبکر ثم لبسه بعد ابی بکر عمر ثم لبسه عثمان حتی وقع فی بئر اریس۔

نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سونے کی انگشتری بنوائی اور اس کا نگینہ ہتھیلی کی جانب رکھتے۔ اس پر محمد رسول اللہ نقش کروایا تھا۔ پس لوگوں نے بھی سونے کی انگوٹھیاں بنوالیں تو آپ نے انہیں دیکھ کر اُسے پھینک دیا اور فرمایا کہ میں اسے کبھی نہیں پہنوں گا۔ پھر آپ کے بعد وہ انگشتری حضرت ابوبکر نے پہنی۔ پھر حضرت ابوبکر کے بعد وہ حضرت عمر نے پہنی پھر وہ حضرت عثمان نے پہنی۔ یہاں تک کہ وہ اریس کنوئیں میں گر گئی۔"

٨١٧- حدثنا عثمان بن ابی شیبة نا سفیان بن عیینة عن ایوب بن موسی عن نافع عن ابن عمر فی هذا الخبر عن النبی صلی الله علیه وسلم فنقش فیه محمد رسول الله قال لا ینقش احد علی خاتمی هذا ثم ساق الحدیث۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مذکورہ حدیث کو روایت کرتے ہوئے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس میں محمد رسول اللہ نقش کروایا اور فرمایا کہ کوئی شخص وہ نقش نہ کروائے جو میری انگشتری پر ہے۔ پھر باقی حدیث بیان کی۔"

٨١٨- حدثنا محمد بن یحیی بن فارس نا ابو عاصم عن المغیرة بن زیاد عن نافع عن ابن عمر بهذا الخبر عن النبی صلی الله علیه وسلم قال فالتمسوا فلم یجدوه فاتخذ عثمان خاتما ونقش فیه محمد رسول الله قال فکان یختم به او یتختم به۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اس حدیث کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہوئے فرمایا: حضرت عثمان نے اسے تلاش کرنے کے لیے فرمایا لیکن نہ ملی حضرت عثمان نے دوسری انگشتری بنوائی اور محمد رسول اللہ اس پر نقش کروایا۔ پس آپ اسے پہنا کرتے یا اس کے ساتھ مہر لگایا کرتے۔"

باب ٢٩ ما جاء فی ترک الخاتم

انگوٹھی نہ پہننے کا بیان

٨١٩- حدثنا محمد بن سلیمان لوین عن ابراهیم بن سعد عن ابن شهاب عن انس بن مالک انه رأی فی ید النبی صلی الله علیه وسلم خاتما من ورق یوما واحدا فصنع الناس فلبسوا وطرح النبی صلی

ابن شہاب نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دست مبارک میں ایک ہی روز چاندی کی انگشتری دیکھی تو لوگوں نے بھی انگوٹھیاں بنوا کر پہن لیں اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پھینک دی تو لوگوں نے بھی

اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَطَرَحَ النَّاسُ رَوَاهُ عَنِ الزُّهْرِيِّ زِيَادٌ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ عَنِ الزُّهْرِيِّ زِيَادُ بْنُ سَعْدٍ وَشُعَيْبُ بْنُ مُسَافِرٍ كُلُّهُمْ قَالَ مِنْ وَرِقٍ۔

باب ۲۹۱ مَا جَاءَ فِي خَاتَمِ الذَّهَبِ۔

۸۲۰۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا الْمُعْتَمِرُ قَالَ سَمِعْتُ الرُّكَيْنَ بْنَ الرَّبِيعِ يُحَدِّثُ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ حَسَّانَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَرْمَلَةَ أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ كَانَ يَقُولُ كَانَ نَبِيُّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْرَهُ عَشْرَ خِلَالٍ الصُّفْرَةَ يَعْنِي الْخَلُوقَ وَتَغْيِيرَ الشَّيْبِ وَجَرَّ الْإِزَارِ وَالتَّخَتُّمَ بِالذَّهَبِ وَالتَّبَرُّجَ بِالزِّينَةِ لِغَيْرِ مَحَلِّهَا وَالضَّرْبَ بِالْكِعَابِ وَالرُّقَى إِلَّا بِالْمُعَوِّذَاتِ وَعَقْدَ التَّمَائِمِ وَعَزْلَ الْمَاءِ لِغَيْرِ أَوْ غَيْرِ مَحَلِّهِ وَفَسَادَ الصَّبِيِّ غَيْرَ مُحَرِّمِهِ۔

باب ۲۹۲ مَا جَاءَ فِي خَاتَمِ الْحَدِيدِ۔

۸۲۱۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ أَبِي رِزْمَةَ الْمَعْنَى أَنَّ زَيْدَ بْنَ الْحُبَابِ أَخْبَرَهُمْ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُسْلِمٍ السُّلَمِيِّ الْمَرْوَزِيِّ أَبِي طَيْبَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَجُلًا جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ خَاتَمٌ مِنْ شَبَهٍ فَقَالَ لَهُ مَا لِي أَجِدُ مِنْكَ رِيحَ الْأَصْنَامِ فَطَرَحَهُ ثُمَّ جَاءَ وَعَلَيْهِ خَاتَمٌ مِنْ حَدِيدٍ فَقَالَ مَا لِي أَرَى عَلَيْكَ حِلْيَةَ أَهْلِ النَّارِ فَطَرَحَهُ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ مِنْ أَيِّ شَيْءٍ أَتَّخِذُهُ قَالَ اتَّخِذْهُ مِنْ وَرِقٍ وَلَا تُتِمَّهُ مِثْقَالًا وَلَمْ يَقُلْ مُحَمَّدٌ عَبْدَ اللهِ بْنَ مُسْلِمٍ وَلَمْ يَقُلِ الْحَسَنُ السُّلَمِيَّ الْمَرْوَزِيَّ۔

پھینک دیں اسے زہری سے زیاد نے بھی روایت کیا ہے۔ امام ابوداؤد امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے زہری سے زیاد بن سعد اور شعیب بن مسافر نے اور سب نے من ورق کہا ہے۔

سونے کی انگوٹھی کا بیان

عبدالرحمن بن حرملہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دس باتوں کو ناپسند فرمایا کرتے: خلوق کی زردی، سفید بالوں کو بدلنے، ازار گھسیٹنے، سونے کی انگوٹھی پہننے، غیروں کو دکھانے کے لیے عورتوں کا سنگار کرنا، گوٹوں سے کھیلنا، معوذات کے سوا اور چیزوں سے دم کرنا، گنڈے باندھنا، دوسری جگہ پانی ڈالنا یا غلط جگہ پانی (منی) ڈالنا اور بچے کی صحت بگاڑ دینا لیکن یہ حرام نہیں ہے۔

لوہے کی انگوٹھی کا بیان

حسن بن علی اور محمد بن عبدالعزیز بن ابورزمہ، زید بن حباب عبداللہ بن مسلم سلمی مروزی ابوطیبہ، عبداللہ بن بریدہ اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور اس نے پیتل کی انگوٹھی پہنی ہوئی تھی۔ آپ نے اس سے فرمایا:- کیا بات ہے کہ مجھے تم میں سے بتوں کی بدبو آ رہی ہے؟ اس نے وہ پھینک دی اور پھر لوہے کی انگوٹھی پہن کر حاضر ہوا فرمایا: کیا بات ہے کہ میں تمہیں دوزخیوں کا زیور پہنے ہوئے دیکھ رہا ہوں۔ پس اس نے وہ پھینک دی اور عرض گزار ہوا:- یا رسول اللہ! میں کس چیز کی پہنوں؟ فرمایا کہ چاندی کی پہنو اور پورے ایک مثقال کی نہ ہو۔ محمد بن عبدالعزیز نے عبداللہ بن مسلم نہیں کہا اور حسن بن علی نے سلمی مروزی نہیں کہا۔

٨٢٢- حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنّٰى وَزِيَادُ بْنُ يَحْيٰى وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ قَالُوا نَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ أَبُو عَتَّابٍ قَالَ نَا أَبُو مَكِينٍ نُوحُ بْنُ رَبِيعَةَ قَالَ حَدَّثَنِي إِيَاسُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ الْمُعَيْقِيبِ وَجَدُّهُ مِنْ قِبَلِ أُمِّهِ أَبُو ذُبَابٍ عَنْ جَدِّهِ قَالَ كَانَ خَاتَمُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حَدِيدٍ مَلْوِيٌّ عَلَيْهِ فِضَّةٌ قَالَ فَرُبَّمَا كَانَ فِي يَدِي قَالَ وَكَانَ الْمُعَيْقِيبُ عَلٰى خَاتَمِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

ابن مثنیٰ اور زیاد بن یحییٰ اور حسن بن علی، سہل بن حماد ابوعتاب ابو مکین نوح بن ربیعہ ایاس بن حارث بن معیقب سے روایت ہے جو والدہ کی طرف سے ابوذباب کے نانا جان تھے انہوں نے اپنی نانی جان سے روایت کرتے ہوئے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی انگشتری مبارک لوہے کی تھی، جس پر چاندی کا ملمع تھا۔ راوی کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک انگوٹھی کبھی میرے پاس اور کبھی معیقب کے پاس رہا کرتی تھی۔“

٨٢٣- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ نَا عَاصِمُ بْنُ كُلَيْبٍ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلِ اللّٰهُمَّ اهْدِنِي وَسَدِّدْنِي وَاذْكُرْ بِالْهِدَايَةِ هِدَايَةَ الطَّرِيقِ وَاذْكُرْ بِالسَّدَادِ تَسْدِيدَكَ السَّهْمَ قَالَ وَنَهَانِي أَنْ أَضَعَ الْخَاتَمَ فِي هٰذِهِ أَوْ فِي هٰذِهِ لِلسَّبَّابَةِ وَالْوُسْطٰى شَكَّ عَاصِمٌ وَنَهَانِي عَنِ الْقَسِّيَّةِ وَالْمِيثَرَةِ قَالَ أَبُو بُرْدَةَ فَقُلْنَا لِعَلِيٍّ مَا الْقَسِّيَّةُ قَالَ ثِيَابٌ تَأْتِينَا مِنَ الشَّامِ أَوْ مِنْ مِصْرَ مُضَلَّعَةٌ فِيهَا أَمْثَالُ الْأُتْرُجِّ قَالَ وَالْمِيثَرَةُ شَيْءٌ كَانَتْ تَصْنَعُهُ النِّسَاءُ لِبُعُولَتِهِنَّ.

ابو بردہ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے یوں کہنے کے لیے فرمایا:- اے اللہ! مجھے راہ ہدایت پر ثابت قدم رکھ اور سیدھا رکھ۔ ہدایت سے سیدھی راہ کا تصور رکھنا اور سداد سے نشانے پر تیر مارنے کا اور مجھے اس انگلی اور اس انگلی میں انگوٹھی پہننے سے منع فرمایا۔ چنانچہ سبابہ یا وسطیٰ کی طرف اشارہ کیا اس میں عاصم راوی کو شک ہے اور مجھے قسیہ اور میثرہ سے منع فرمایا۔ ابوبردہ نے حضرت علی سے کہا کہ قسیہ کیا ہے فرمایا کہ ایک کپڑا ہے جو ہمارے یہاں شام یا مصر سے آتا ہے اس میں دھاریاں اور اترج کی تصویریں ہوتی ہیں۔ نیز فرمایا: کہ میثرہ ایک چیز ہے جسے عورتیں اپنے خاوندوں کے لیے بنایا کرتی ہیں۔“

بَابُ ٢٩٣ مَا جَاءَ فِي التَّخَتُّمِ فِي الْيَمِينِ أَوِ الْيَسَارِ.

انگوٹھی دائیں ہاتھ میں پہننے یا بائیں میں۔

٨٢٤- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ شَرِيكِ بْنِ أَبِي نَمِرٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُنَيْنٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ شَرِيكٌ وَأَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَخَتَّمُ فِي يَمِينِهِ.

احمد بن صالح، ابن وہب، سلیمان بن بلال، شریک، ابونمر ابراہیم بن عبداللہ بن حنین، عبداللہ بن حنین نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شریک کا بیان ہے کہ مجھے ابو سلمہ بن عبدالرحمٰن نے بتایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دائیں دست مبارک میں انگوٹھی پہنا کرتے تھے۔

٨٢٥ - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنِي أَبِي نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي رَوَّادٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَخَتَّمُ فِي يَسَارِهِ وَكَانَ فَصُّهُ فِي بَاطِنِ كَفِّهِ. قَالَ أَبُو دَاوُدَ قَالَ ابْنُ إِسْحَاقَ وَأُسَامَةُ يَعْنِي ابْنَ زَيْدٍ عَنْ نَافِعٍ بِإِسْنَادِهِ فِي يَمِينِهِ.

٨٢٦ - حَدَّثَنَا هَنَّادٌ عَنْ عَبْدَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يَلْبَسُ خَاتَمَهُ فِي يَدِهِ الْيُسْرَى.

٨٢٧ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ نَا يُونُسُ ابْنُ بُكَيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ قَالَ رَأَيْتُ عَلَى الصَّلْتِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نَوْفَلِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ خَاتَمًا فِي خِنْصَرِهِ الْيُمْنَى فَقُلْتُ مَا هَذَا قَالَ رَأَيْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَلْبَسُ خَاتَمَهُ هَكَذَا وَجَعَلَ فَصَّهُ عَلَى ظَهْرِهَا قَالَ وَلَا يَخَالُ ابْنُ عَبَّاسٍ إِلَّا قَدْ كَانَ يَذْكُرُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَلْبَسُ خَاتَمَهُ كَذَلِكَ.

بَابُ ٢٩٧ مَا جَاءَ فِي الْجَلَاجِلِ.

٨٢٨ - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَهْلٍ وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَا نَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ أَنَّ عَامِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ عَلِيُّ بْنُ سَهْلٍ ابْنِ الزُّبَيْرِ أَخْبَرَهُ أَنَّ مَوْلَاةً لَهُمْ ذَهَبَتْ بِابْنَةِ الزُّبَيْرِ إِلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَفِي رِجْلِهَا أَجْرَاسٌ فَقَطَعَهَا عُمَرُ ثُمَّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ مَعَ كُلِّ جَرَسٍ شَيْطَانًا.

٨٢٩ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ نَا رَوْحٌ نَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ بُنَانَةَ مَوْلَاةِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دوسرے دائیں دست مبارک میں انگوٹھی پہنا کرتے تھے اور اس کا نگینہ ہتھیلی کی جانب رکھا جاتا تھا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ابن اسحاق اور اسامہ بن زید نے اپنی اسناد کے ساتھ اسے نافع سے روایت کرتے ہوئے کہا کہ دائیں دست مبارک میں۔

نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنا کرتے تھے۔

محمد بن اسحاق کا بیان ہے کہ میں نے صلت بن عبداللہ بن عبدالمطلب کو داہنے ہاتھ کی چھنگلیا میں انگوٹھی پہنے ہوئے دیکھا تو کہا، یہ کیا ہے؟ فرمایا کہ میں نے نہیں دیکھا حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو مگر اسی طرح انگوٹھی پہنتے ہوئے اور صرف حضرت ابن عباس ہی نہیں بلکہ وہ ذکر کرتے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی مبارک انگشتری کو اسی طرح پہنا کرتے تھے۔

گھونگرو کا حکم

علی بن سہل اور ابراہیم بن حسن، حجاج، ابن جریج، عمر بن حفص، عامر بن عبداللہ، علی بن سہل بن زبیر کا بیان ہے کہ ان کی ایک مولاۃ حضرت زبیر کی ایک صاحبزادی کے ساتھ حضرت عمر بن خطاب کی خدمت میں حاضر ہوئی اور اس کے پیروں میں گھنگرو والا کوئی زیور تھا حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسے کاٹ دیا اور فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ہر گھنٹی کے ساتھ شیطان ہوتا ہے۔

عبدالرحمٰن بن حسان انصاری کی مولاۃ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا، جب وہ

ابن حسان الانصاري عن عائشة قالت بينما هي عندها اذ دخل عليها بجارية وعليها جلاجل يصوتن فقالت لا تدخلنها علي الا ان تقطعوا جلاجلها وقالت سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لا تدخل الملائكة بيتا فيه جرس.

موجود تھی تو ان کی خدمت میں ایک لڑکی آئی جس نے بجنے والے گھنگرو پہن رکھے تھے۔ انہوں نے فرمایا کہ گھنگروؤں کو کاٹے بغیر اسے میرے پاس نہ لانا اور فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ فرشتے (رحمت کے) اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں گھنٹی ہو۔

باب ۲۹۵ ما جاء في ربط الاسنان بالذهب.

سونے سے دانت بندھوانے کا بیان

۸۳۰۔ حدثنا موسى بن اسمعيل ومحمد بن عبد الله الخزاعي المعنى قالا نا ابو الاشهب عن عبد الرحمن بن طرفة ان جده عرفجة بن اسعد قطع انفه يوم الكلاب فاتخذ انفا من ورق فانتن عليه فامره النبي صلى الله عليه وسلم فاتخذ انفا من ذهب.

ابوالاشہب نے عبدالرحمن بن طرفہ سے روایت کی ہے کہ ان کے دادا جان حضرت عرفجہ بن اسعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ناک کلاب کے روز کاٹ دی گئی۔ پس انہوں نے چاندی کی ناک چڑھوالی تو اس سے بدبو آنے لگی۔ چنانچہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں حکم دیا تو انہوں نے سونے کی ناک چڑھوالی۔

۸۳۱۔ حدثنا الحسن بن علي نا يزيد بن هارون وابو عاصم قالا نا ابو الاشهب عن عبد الرحمن بن طرفة عن عرفجة بن اسعد بمعناه قال يزيد قلت لابي الاشهب ادرك عبد الرحمن بن طرفة جده عرفجة قال نعم.

عبدالرحمن بن طرفہ نے حضرت عرفجہ بن اسعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسے معناً روایت کیا ہے۔ یزید بن ہارون کا بیان ہے کہ میں نے ابوالاشہب سے پوچھا کہ عبدالرحمن بن طرفہ نے اپنے دادا جان حضرت عرفجہ کو پایا تھا؟ فرمایا، ہاں۔

۸۳۲۔ حدثنا مؤمل بن هشام نا اسمعيل عن ابي الاشهب عن عبد الرحمن بن طرفة عن عرفجة بن اسعد بمعناه.

عبدالرحمن بن طرفہ نے حضرت عرفجہ بن اسعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسے معناً روایت کیا ہے۔

ف:- اہلِ حدیث فرقے کے لوگ تقلید آئمہ کی مخالفت پر ایڑی چوٹی کا زور لگاتے ہیں لیکن محدثین کی آئمہ سے بھی بڑھ کر تقلید کرتے ہیں اور بے خبر لوگوں کو بہکانے کی خاطر اپنی نسبت اُن بزرگوں کی جانب کرتے ہیں۔ خیر اس کا حال آج نہیں تو میدان محشر میں کھل جائے گا لیکن قیاس پر ان حضرات کا ناک بھوں چڑھانا اور اس کی وجہ سے احناف کو اصحاب الرائے کہنا یہاں کیا سمجھا جائے گا کہ امام ابوداؤد نے یہ باب سونے سے دانت بندھواتے کے متعلق قائم کیا جب کہ اس باب کی تینوں حدیثوں میں سے کسی ایک کے اندر سونے سے دانت بندھواتے یا نہ بندھواتے کا ذکر تک نہیں بلکہ سونے کی ناک بنوانے کا حکم ہے اور امام ابوداؤد نے ناک بنوانے پر دانت بندھوانے کو قیاس کیا ہے۔

باب ۲۹۶ مَا جَاءَ فِي الذَّهَبِ لِلنِّسَاءِ۔

عورتوں کے لیے سونے کا حکم

۸۳۳۔ حَدَّثَنَا ابْنُ نُفَيْلٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ عَبَّادٍ عَنْ أَبِيهِ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَدِمَتْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِلْيَةٌ مِنْ عِنْدِ النَّجَاشِيِّ أَهْدَاهَا لَهُ فِيهَا خَاتَمٌ مِنْ ذَهَبٍ فِيهِ فَصٌّ حَبَشِيٌّ قَالَتْ فَأَخَذَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعُودٍ مُعْرِضًا عَنْهُ أَوْ بِبَعْضِ أَصَابِعِهِ ثُمَّ دَعَا أُمَامَةَ بِنْتَ أَبِي الْعَاصِ بِنْتَ ابْنَتِهِ زَيْنَبَ فَقَالَ تَحَلِّي بِهٰذَا يَا بُنَيَّةُ۔

عباد بن عبداللہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں نجاشی نے کچھ زیورات تحفے کے طور پر بھیجے جن میں سونے کی ایک انگوٹھی بھی تھی۔ جس میں حبشی نگینہ تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منہ پھیر کر اسے لکڑی یا انگشت مبارک کے ساتھ مس کیا۔ پھر امامہ بنت ابو العاص کو بلایا جو آپ کی صاحبزادی حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی صاحبزادی تھی اور فرمایا۔ ننھی منی بیٹی! اسے تم پہن لو۔

۸۳۴۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ عَنْ أَسِيدِ بْنِ أَبِي أَسِيدٍ الْبَرَّادِ عَنْ نَافِعِ بْنِ عَيَّاشٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَحَبَّ أَنْ يُحَلِّقَ حَبِيبَهُ حَلْقَةً مِنْ نَارٍ فَلْيُحَلِّقْهُ حَلْقَةً مِنْ ذَهَبٍ وَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يُطَوِّقَ حَبِيبَهُ طَوْقًا مِنْ نَارٍ فَلْيُطَوِّقْهُ طَوْقًا مِنْ ذَهَبٍ وَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يُسَوِّرَ حَبِيبَهُ سِوَارًا مِنْ نَارٍ فَلْيُسَوِّرْهُ سِوَارًا مِنْ ذَهَبٍ وَلٰكِنْ عَلَيْكُمْ بِالْفِضَّةِ فَالْعَبُوا بِهَا۔

نافع بن عیاش نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جو یہ پسند کرتا ہے کہ اس کے پیارے بیٹے کو آگ کی بالی پہنادی جائے تو وہ اسے سونے کی بالی پہنادے اور جو یہ پسند کرتا ہے کہ اس کے پیارے بیٹے کو آگ کا طوق پہنایا جائے تو وہ اسے سونے کا طوق (ہنسلی) پہنادے اور جو یہ پسند کرتا ہے کہ اس کے پیارے بیٹے کو آگ کے کنگن پہنائے جائیں تو وہ اسے سونے کے کنگن پہنادے۔ لیکن تمہارے لیے چاندی ہے اُس کے ساتھ کھیل لیا کرو۔

۸۳۵۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ عَنِ امْرَأَتِهِ عَنْ أُخْتٍ لِحُذَيْفَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ مَا لَكُنَّ فِي الْفِضَّةِ مَا تَحَلَّيْنَ بِهِ أَمَا إِنَّهُ لَيْسَ مِنْكُنَّ امْرَأَةٌ تَحَلَّى ذَهَبًا تُظْهِرُهُ إِلَّا عُذِّبَتْ بِهِ۔

ربعی بن حراش کی اہلیہ محترمہ نے حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اے عورتوں کے گروہ! تمہیں چاندی کے بارے میں کیا ہوگیا، تم اس کے زیور کیوں نہیں بناتیں؟ تم میں سے کوئی عورت نہیں جو زیب وزینت کے لیے سونے کا زیور بنائے مگر اس کی وجہ سے عذاب دی جائے گی۔"

۸۳۶۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا أَبَانُ بْنُ يَزِيدَ الْعَطَّارُ نَا يَحْيَى أَنَّ مَحْمُودَ بْنَ عَمْرٍو

محمود بن عمرو انصاری نے حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ

الْأَنْصَارِيُّ حَدَّثَهُ أَنَّ أَسْمَاءَ بِنْتَ يَزِيدَ حَدَّثَتْهُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَيُّمَا امْرَأَةٍ تَقَلَّدَتْ قِلَادَةً مِنْ ذَهَبٍ قُلِّدَتْ فِي عُنُقِهَا مِثْلَهُ مِنَ النَّارِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَأَيُّمَا امْرَأَةٍ جَعَلَتْ فِي أُذُنِهَا خُرْصًا مِنْ ذَهَبٍ جُعِلَ فِي أُذُنِهَا مِثْلُهُ مِنَ النَّارِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

۸۳۷۔ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ حَدَّثَنَا إِسْمٰعِيلُ نَا خَالِدٌ عَنْ مَيْمُونٍ الْقَنَّادِ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ رُكُوبِ النِّمَارِ وَعَنْ لُبْسِ الذَّهَبِ إِلَّا مُقَطَّعًا۔

اٰخِرُ كِتَابِ الْخَاتَمِ۔

نے فرمایا:۔ جس عورت نے سونے کا ہار اپنی گردن میں لٹکایا تو قیامت کے روز اسی جیسا آگ کا ہار اس کی گردن میں لٹکایا جائے گا۔ جس عورت نے سونے کی بالیاں اپنے کانوں میں پہنیں تو قیامت کے روز ان جیسی آگ کی بالیاں اس کے کانوں میں ڈالی جائیں گی۔"

ابو قلابہ نے حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چیتے کی کھال پر سوار ہونے اور سونا پہننے سے منع فرمایا ہے مگر جب کہ وہ تھوڑی سی مقدار میں ہو۔

کتاب الخاتم ختم ہوئی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

أول كتاب الفتن

فتنوں کا بیان

ذكر الفتن ودلائلها

۸۳۸- حدثنا عثمان بن أبي شيبة نا جرير عن الأعمش عن أبي وائل عن حذيفة قال قام فينا رسول الله صلى الله عليه وسلم قائما فما ترك شيئا يكون في مقامه ذلك إلى قيام الساعة إلا حدثه حفظه من حفظه ونسيه من نسيه قد علمه أصحابي هؤلاء وإنه ليكون منه الشيء فأذكره كما يذكر الرجل وجه الرجل إذا غاب عنه ثم إذا رآه عرفه۔

ابووائل سے روایت ہے کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے درمیان کھڑے ہوئے اور اس جگہ پر کوئی بات آپ نے نہیں چھوڑی جو قیامت تک ہوگی مگر وہ بیان فرما دی۔ یاد رکھا جس نے اسے یاد رکھا اور بھول گیا جو اسے بھول گیا میرے یہ ساتھی اس بات کو جانتے ہیں اور جب ان میں سے کوئی چیز واقع ہوتی ہے تو مجھے بھی یاد آجاتی ہے جیسے کوئی ایسے آدمی کے سامنے بیان کرے جو موجود نہ ہو پھر جب اسے دیکھے تو جان لے۔

۸۳۹- حدثنا محمد بن يحيى بن فارس قال نا ابن أبي مريم قال أنا ابن فروخ قال أخبرني أسامة بن زيد قال أخبرني ابن لقبيصة ابن ذؤيب عن أبيه قال قال حذيفة بن اليمان والله ما أدري أنسي أصحابي أم تناسوا والله ما ترك رسول الله صلى الله عليه وسلم من قائد فتنة إلى أن تنقضي الدنيا يبلغ من معه ثلثمائة فصاعدا إلا قد سماه لنا باسمه واسم أبيه واسم قبيلته۔

قبیصہ بن ذؤیب سے روایت ہے کہ حضرت حذیفہ بن الیمان رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ خدا کی قسم مجھے معلوم نہیں کہ میرے ساتھی بھول گئے یا جان بوجھ کر ایسا کرتے ہیں حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کسی فتنے کے سرغنہ کو نہیں چھوڑا جو دنیا کے ختم ہونے تک ہوگا اور اس کے ساتھی تین سو تک پہنچیں گے یا اس سے زیادہ مگر وہ ہمیں نام لے کر بتا دیا اور اس کے باپ کا نام اور اس کے قبیلے کا نام۔

ف:۔ معلوم ہوا کہ ہمارے آقا و مولیٰ سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پروردگارِ عالم نے قیامت تک کے سارے واقعات اور ان کی جزئیات تک بتادی ہیں جن میں سے بعض کی آپ نے اپنے اصحاب کو بھی خبر دی۔ قیامت تک جتنے فتنہ پرور ہوں گے ان کے سرغنوں کے نام جملہ کوائف کے ساتھ آپ کو بتادیئے گئے تھے۔ لہٰذا آج کوئی ان کے سروں پر خواہ کتنے ہی خوشنما رہنمائی و پیشوائی کے تاج رکھے اور ان کے متعلق کتنے ہی خوشنما اور دلکش پیروپیگنڈے کرے لیکن میدانِ محشر میں شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان گمراہ گروں اور فتنہ پردازوں کو اپنی امت کے زمرے سے نکال کر یوں جہنم میں پھنکوا دیں گے جیسے دودھ سے مکھی کو نکال کر پھینک دیا جاتا ہے۔ اہلِ حق کے خلاف جتنے فرقے آج نظر آرہے ہیں ان کے بانیوں سے بڑھ کر فتنہ پرور اور ملتِ اسلامیہ کا بدخواہ کون ہوگا۔

...... جنھوں نے امتِ محمدیہ کی مجموعی طاقت کو پارہ پارہ کر دیا اور مسلمانوں کے دلوں سے ایمانی قوت کو ختم کرنے کی خاطر اصلاح کے نام پر مقدس شجرِ اسلام میں غیر اسلامی عقائد و نظریات کی قلمیں لگائیں اور اپنی تصانیف میں حبیبِ پروردگار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں اتنے گندے اور نازیبا کلمات استعمال کیے ہیں جو ایک عرصہ سے مسلمانوں کے قلب و جگر کو چھلنی کر رہے ہیں اور قیامت میں ابوجہل اور عبداللہ بن ابی بن سلول جیسے بدبخت ان کلمات کو سنیں گے تو وہ بھی حیران رہ جائیں گے کہ امتِ محمدیہ کے بہی خیر خواہ پیشوا بننے والے اور نبی آخر الزمان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی غلامی کا دم بھرنے والے تو اپنے نبی کی گستاخی اور ان کی امت کی بدخواہی میں ہم سے بھی بازی لے گئے۔ اللہ تعالیٰ ان گندم نما جو فروش قسم کے رہنماؤں کے شر سے تمام مسلمانوں کو محفوظ و مامون فرمائے اور ہمیں تا زیست صراطِ مستقیم پر ثابت قدم رکھے، آمین۔

۸۴۰- حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ نَا أَبُو دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ عَنْ بَدْرِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ عَامِرٍ عَنْ رَجُلٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَكُونُ فِي هٰذِهِ الْأُمَّةِ أَرْبَعُ فِتَنٍ فِي آخِرِهَا الْفَنَاءُ۔

ہارون بن عبداللہ، ابوداؤد حفری، بدر بن عثمان، عامر، ایک آدمی نے حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اس امت میں چار فتنے ہوں گے جن کے بعد قیامت ہے۔

۸۴۱- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيدٍ الْحِمْصِيُّ أَنَا أَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ ابْنُ سَالِمٍ قَالَ حَدَّثَنِي الْعَلَاءُ بْنُ عُتْبَةَ عَنْ عُمَيْرِ بْنِ هَانِئٍ الْعَنْسِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ كُنَّا قُعُودًا عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ الْفِتَنَ فَأَكْثَرَ فِي ذِكْرِهَا حَتَّى ذَكَرَ فِتْنَةَ الْأَحْلَاسِ فَقَالَ قَائِلٌ يَا رَسُولَ اللهِ وَمَا فِتْنَةُ الْأَحْلَاسِ قَالَ هِيَ هَرَبٌ وَحَرْبٌ ثُمَّ فِتْنَةُ السَّرَّاءِ دَخَنُهَا مِنْ تَحْتِ قَدَمَيْ رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي يَزْعُمُ أَنَّهُ مِنِّي وَلَيْسَ مِنِّي وَإِنَّمَا أَوْلِيَائِي الْمُتَّقُونَ ثُمَّ يَصْطَلِحُ النَّاسُ عَلَى رَجُلٍ كَوَرِكٍ عَلَى ضِلَعٍ ثُمَّ فِتْنَةُ الدُّهَيْمَاءِ لَا تَدَعُ أَحَدًا مِنْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ إِلَّا لَطَمَتْهُ لَطْمَةً فَإِذَا قِيلَ انْقَضَتْ تَمَادَتْ يُصْبِحُ الرَّجُلُ فِيهَا مُؤْمِنًا وَيُمْسِي كَافِرًا حَتَّى يَصِيرَ النَّاسُ إِلَى فُسْطَاطَيْنِ فُسْطَاطُ إِيمَانٍ لَا نِفَاقَ فِيهِ وَفُسْطَاطُ نِفَاقٍ

عمیر بن ہانی عنسی کا بیان ہے کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں بیٹھے ہوئے تھے کہ آپ نے فتنوں کا ذکر فرمایا: پس کثرت سے ان کا ذکر کرتے ہوئے فتنۂ احلاس کا ذکر فرمایا۔ بتایا کہ وہ بھاگ دوڑ اور لڑائی جھگڑا ہے۔ پھر فتنہ سراء ہے جو ایسے شخص کے قدموں کے نیچے نکلے گا جو گمان کرے گا کہ وہ میرا اہل بیت ہے حالانکہ وہ میرا نہیں کیونکہ میرے دوست تو پرہیزگار ہیں۔ پھر لوگ ایسے شخص پر اتفاق کریں گے جس کے سرین پسلی کے اوپر ہوں گے۔ پھر فتنہ دہیما ہے جو میری امت میں سے کسی کو کم از کم ایک طمانچہ مارے بغیر نہیں چھوڑے گا۔ جب کہا جائے گا کہ اب فتنہ ختم ہو گیا تو اور بھڑکے گا۔ صبح کے وقت ایک آدمی صاحبِ ایمان ہوگا اور شام کو کافر ہو جائے گا، یہاں تک کہ لوگ دو کیمپوں میں بٹ جائیں گے۔ ایک کیمپ میں نفاق کے بغیر ایمان ہوگا اور دوسرے کیمپ میں ایمان کے بغیر نفاق ہوگا۔ جب یہ ہو جائے تو اس روز دجال کا انتظار کرنا یا اس سے اگلے روز۔

لَا اِيْمَانَ فِيْهِ فَاِذَا كَانَ ذَاكُمْ فَانْتَظِرِ الدَّجَّالَ مِنْ يَوْمِهٖ اَوْ مِنْ غَدِهٖ۔

۸۴۲۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ نَصْرِ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ سُبَيْعِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ اَتَيْتُ الْكُوْفَةَ فِيْ زَمَنٍ فُتِحَتْ تُسْتَرُ اَجْلُبُ مِنْهَا بِغَالًا فَدَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَاِذَا صَدْعٌ مِّنَ الرِّجَالِ وَاِذَا رَجُلٌ جَالِسٌ تَعْرِفُ اِذَا رَاَيْتَهٗ اَنَّهٗ مِنْ رِجَالِ اَهْلِ الْحِجَازِ قَالَ قُلْتُ مَنْ هٰذَا فَتَجَهَّمَنِي الْقَوْمُ وَقَالُوْا اَمَا تَعْرِفُ هٰذَا حُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ صَاحِبُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ حُذَيْفَةُ اِنَّ النَّاسَ كَانُوْا يَسْاَلُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَيْرِ وَكُنْتُ اَسْاَلُهٗ عَنِ الشَّرِّ فَاَحْدَقَهُ الْقَوْمُ بِاَبْصَارِهِمْ فَقَالَ اِنِّيْ قَدْ اَرٰى الَّذِيْ تُنْكِرُوْنَ اِنِّيْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ هٰذَا الْخَيْرَ الَّذِيْ اَعْطَانَا اللّٰهُ تَعَالٰى اَيَكُوْنُ بَعْدَهٗ شَرٌّ كَمَا كَانَ قَبْلَهٗ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ فَمَا الْعِصْمَةُ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ السَّيْفُ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ثُمَّ مَاذَا يَكُوْنُ قَالَ اِنْ كَانَ لِلّٰهِ تَعَالٰى خَلِيْفَةٌ فِي الْاَرْضِ فَضَرَبَ ظَهْرَكَ وَاَخَذَ مَالَكَ فَاَطِعْهُ وَاِلَّا فَمُتْ وَاَنْتَ عَاضٌّ بِجِذْلِ شَجَرَةٍ قُلْتُ ثُمَّ مَاذَا قَالَ ثُمَّ يَخْرُجُ الدَّجَّالُ مَعَهٗ نَهْرٌ وَنَارٌ فَمَنْ وَقَعَ فِيْ نَارِهٖ وَجَبَ اَجْرُهٗ وَحُطَّ وِزْرُهٗ وَمَنْ وَقَعَ فِيْ نَهْرِهٖ وَجَبَ وِزْرُهٗ وَحُطَّ اَجْرُهٗ قَالَ قُلْتُ ثُمَّ مَاذَا قَالَ ثُمَّ هِيَ قِيَامُ السَّاعَةِ۔

سبیع بن خالد کا بیان ہے کہ میں کوفہ میں پہنچا جن دنوں تستر فتح ہوا تھا جہاں سے میں نے خچر لیا تھا۔ پس میں مسجد میں داخل ہوا تو وہاں کچھ آدمی درمیانے قد کاٹھ کے موجود تھے اور ان میں ایک ایسا آدمی بیٹھا ہوا تھا۔ جو تمہیں دیکھتے ہی اہل حجاز کا ایک فرد معلوم ہوتا۔ میں نے کہا کہ یہ کون ہے؟ وہ مجھے گھورنے لگے اور کہا کہ تم انہیں نہیں جانتے عجب کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابی حضرت حذیفہ بن یمان ہیں۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ لوگ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے خیر کے متعلق پوچھتے اور میں شر کے متعلق پوچھا کرتا۔ لوگ ان کی طرف غور سے دیکھنے لگے۔ فرمایا کہ مجھے وہ بات معلوم ہے جو تمہیں ناپسند ہے۔ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! کیا جو خیر اللہ تعالیٰ نے ہمیں عطا فرمائی ہے اس کے بعد بھی شر ہوگی جیسے پہلے تھی؟ فرمایا ہاں۔ عرض کی کہ اس سے بچاؤ کیا ہوگا؟ فرمایا کہ تلوار۔ میں عرض گزار ہوا کہ پھر کیا ہوگا؟ فرمایا اگر زمین میں اللہ کا خلیفہ ہو جو تمہاری پیٹھ توڑ دے اور تمہارا مال چھین لے، تب بھی اس کی اطاعت کرنا ورنہ جنگل کے کسی درخت کی جڑ کو چبا چبا کر مرجانا۔ میں نے عرض گزار ہوا کہ پھر کیا ہے؟ فرمایا کہ پھر دجال نکلے گا جس کے ساتھ نہر اور آگ ہوگی۔ جو اس کی آگ میں ڈالا گیا اس کا اجر لازم آیا اور اس کے گناہ مٹ گئے۔ جو اس کی نہر میں ڈالا گیا اس کے گناہ مستقل ہو گئے اور اجر ضائع ہوا۔ میں عرض گزار ہوا کہ پھر کیا ہوگا؟ فرمایا یہی تو قیامت کی آمد ہے۔

۸۴۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ قَالَ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ نَصْرِ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ خَالِدِ الْيَشْكُرِيِّ

نصر بن عاصم نے خالد بن خالد یشکری سے اس حدیث کو روایت کرتے ہوئے کہا۔ میں (حضرت حذیفہ) عرض گزار ہوا کہ تلوار کے بعد کیا ہے؟ فرمایا کہ ایسے لوگ رہ جائیں گے جن کی زبانوں

بِهٰذَا الْحَدِيْثِ قَالَ قُلْتُ بَعْدَ السَّيْفِ قَالَ بَقِيَّةٌ عَلٰى أَقْذَاءٍ وَهُدْنَةٌ عَلٰى دَخَنٍ ثُمَّ سَاقَ الْحَدِيْثَ قَالَ وَكَانَ قَتَادَةُ يَضَعُهُ عَلَى الرِّدَّةِ الَّتِيْ فِيْ زَمَنِ أَبِيْ بَكْرٍ عَلٰى أَقْذَاءٍ يَقُوْلُ عَلٰى قَذًى وَهُدْنَةٌ يَقُوْلُ صُلْحٌ عَلٰى دَخَنٍ عَلٰى ضَغَائِنَ۔

پر اصلاح اور دلوں میں فساد ہوگا۔ پھر یہی حدیث بیان کرتے ہوئے کہا کہ قتادہ اسے اس ارتداد پر محمول کیا کرتے تھے جو حضرت ابوبکر کے زمانہ میں ہوا اور تلوار سے سیدھے کیے گئے۔ قذیٰ وهدنة کہتے یا ظاہر میں صلح ہو اور دل میں کوڑا بھرا ہوا ہو۔

۸۲۴۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ نَا سُلَيْمَانُ يَعْنِيْ ابْنَ الْمُغِيْرَةِ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ نَصْرِ بْنِ عَاصِمٍ اللَّيْثِيِّ قَالَ أَتَيْنَا الْيَشْكُرِيَّ فِيْ رَهْطٍ مِنْ بَنِيْ لَيْثٍ فَقَالَ مَنِ الْقَوْمُ فَقُلْنَا بَنُو اللَّيْثِ أَتَيْنَاكَ نَسْأَلُكَ عَنْ حَدِيْثِ حُذَيْفَةَ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ بَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ شَرٌّ قَالَ فِتْنَةٌ وَشَرٌّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بَعْدَ هٰذَا الشَّرِّ خَيْرٌ قَالَ يَا حُذَيْفَةُ تَعَلَّمْ كِتَابَ اللّٰهِ وَاتَّبِعْ مَا فِيْهِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ بَعْدَ هٰذَا الشَّرِّ خَيْرٌ قَالَ هُدْنَةٌ عَلٰى دَخَنٍ وَجَمَاعَةٌ عَلٰى أَقْذَاءٍ فِيْهَا أَوْ فِيْهِمْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ الْهُدْنَةُ عَلَى الدَّخَنِ مَا هِيَ قَالَ لَا تَرْجِعُ قُلُوْبُ أَقْوَامٍ عَلَى الَّذِيْ كَانَتْ عَلَيْهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ بَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ شَرٌّ قَالَ فِتْنَةٌ عَمْيَاءُ صَمَّاءُ عَلَيْهَا دُعَاةٌ عَلٰى أَبْوَابِ النَّارِ فَإِنْ تَمُتْ يَا حُذَيْفَةُ وَأَنْتَ عَاضٌّ عَلٰى جِذْلٍ خَيْرٌ لَكَ مِنْ أَنْ تَتَّبِعَ أَحَدًا مِنْهُمْ۔

نصر بن عاصم لیثی کا بیان ہے کہ بنی لیث کی ایک جماعت کے ساتھ ہم لشکری کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ لوگوں نے کہا کہ کس قوم سے ہو؟ ہم نے کہا کہ بنو لیث سے ہیں اور حدیث حذیفہ آپ سے پوچھنے آئے ہیں۔ پس حدیث بیان کرتے ہوئے کہا میں (حضرت حذیفہ) عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! کیا اس خیر کے بعد شر ہے؟ فرمایا کہ اے حذیفہ! اللہ کی کتاب کا علم حاصل کرو اور جو اس میں ہے اس کے مطابق عمل کرو۔ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! کیا اس شر کے بعد خیر ہے؟ فرمایا کہ هُدْنَةٌ عَلٰى دَخَنٍ وَجَمَاعَةٌ عَلٰى أَقْذَاءٍ فِيْهَا أَوْ فِيْهِمْ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! الْهُدْنَةُ عَلَى الدَّخَنِ کیا ہے؟ فرمایا کہ لوگوں کے دل جس بات پر پہلے ہوں گے اس سے نہیں پھریں گے۔ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ کیا اس خیر کے بعد شر ہے؟ فرمایا کہ اندھا بہرہ فتنہ ہوگا تبلیغ کرنے والے جہنم کے دروازے کی طرف بلا رہے ہوں گے اے حذیفہ! اگر تم جنگل کے کسی درخت کی جڑ کو چباتے ہوئے مر جاؤ تو یہ تمہارے لیے اس بات سے بہتر ہوگا کہ ان میں سے کسی کی پیروی کرو۔

۸۲۵۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عَبْدُ الْوَارِثِ نَا أَبُو التَّيَّاحِ عَنْ صَخْرِ بْنِ بَدْرٍ الْعِجْلِيِّ عَنْ سُبَيْعِ بْنِ خَالِدٍ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ حُذَيْفَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَإِنْ لَمْ تَجِدْ يَوْمَئِذٍ خَلِيْفَةً فَاهْرُبْ حَتّٰى تَمُوْتَ

مسدد، عبدالوارث، ابوالتیاح، صخر بن بدر العجلی، سبیع بن خالد نے اس حدیث کو حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تمہیں خلیفہ نہ ملے تو وہاں سے بھاگ جاؤ یہاں تک کہ تمہیں موت آجائے اگرچہ تم کسی درخت کی جڑ چباتے چباتے مر جاؤ۔ اور

فَإِنْ تَمُتْ وَأَنْتَ عَاضٌّ وَقَالَ فِي آخِرِهِ قَالَ قُلْتُ فَمَا يَكُونُ بَعْدَ ذٰلِكَ قَالَ لَوْ أَنَّ رَجُلًا نَتَجَ فَرَسًا لَمْ تُنْتَجْ حَتّٰى تَقُومَ السَّاعَةُ ۔

اس کے آخر میں کہا۔ میں عرض گزار ہوا کہ اس کے بعد کیا ہو گا! فرمایا کہ اگر کوئی آدمی چاہے کہ اس کی گھوڑی بچہ جنا دے تو جن نہ سکے گی کہ قیامت قائم ہو جائے گی ۔

۸۴۶۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ نَا الْأَعْمَشُ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ عَبْدِ رَبِّ الْكَعْبَةِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ بَايَعَ إِمَامًا فَأَعْطَاهُ صَفْقَةَ يَدِهِ وَثَمَرَةَ قَلْبِهِ فَلْيُطِعْهُ مَا اسْتَطَاعَ فَإِنْ جَاءَ آخَرُ يُنَازِعُهُ فَاضْرِبُوا رَقَبَةَ الْآخَرِ قُلْتُ أَنْتَ سَمِعْتَ هٰذَا مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَمِعَتْهُ أُذُنَايَ وَوَعَاهُ قَلْبِي قُلْتُ هٰذَا ابْنُ عَمِّكَ مُعَاوِيَةُ يَأْمُرُنَا أَنْ نَفْعَلَ وَنَفْعَلَ قَالَ أَطِعْهُ فِي طَاعَةِ اللهِ وَاعْصِهِ فِي مَعْصِيَةِ اللهِ ۔

عبدالرحمٰن بن عبدرب الکعبہ نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جس نے کسی امام سے بیعت کی اور اس کے ہاتھ میں ہاتھ دیا اور دل سے تسلیم کر لیا تو چاہیے کہ بساط بھر اس کی اطاعت کرے اگر کوئی دوسرا آکر اس سے جھگڑا کرے تو دوسرے کی گردن اڑا دینی چاہیے۔ میں عرض گزار ہوا کہ کیا یہ بات آپ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سُنی ہے؟ فرمایا کہ میرے دونوں کانوں نے سُنی اور دل نے محفوظ رکھی ہے۔ میں عرض گزار ہوا کہ آپ کے چچازاد بھائی حضرت معاویہ ہمیں حکم دیتے ہیں کہ ہم ایسا کریں اور ایسا کریں فرمایا کہ جس بات میں اللہ کی اطاعت ہو اسے مانو اور جس میں اللہ

۸۴۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ نَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوسٰى عَنْ شَيْبَانَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ أَفْلَحَ مَنْ كَفَّ يَدَهُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ حُدِّثْتُ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ قَالَ نَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوشِكُ الْمُسْلِمُونَ أَنْ يُحَاصَرُوا إِلَى الْمَدِينَةِ حَتّٰى يَكُونَ أَبْعَدَ مَسَالِحِهِمْ سَلَاحَ ۔

ابوصالح نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا! عرب کی خرابی ہے اس فتنے سے جو نزدیک آگیا ہے جس نے اپنے ہاتھ کو روک لیا وہ نجات پا گیا ۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ مجھ سے حدیث بیان کی گئی بواسطہ ابن وہب، جریر بن حازم، عبیداللہ بن عمر، نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قریب ہے کہ مسلمانوں کو مدینہ منورہ میں محصور کر لیا جائے گا اور سلاح سے آگے ان کی حکومت نہیں رہے گی ۔

۸۴۸۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ عَنْبَسَةَ عَنْ يُونُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ سَلَاحُ قَرِيبٌ مِنْ خَيْبَرَ

احمد بن صالح، عنبسہ، یونس، زہری نے فرمایا کہ سلاح ایک مقام ہے خیبر کے نزدیک ۔

۸۴۹۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى قَالَا نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَبِي أَسْمَاءَ عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ

ابو اسماء نے حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بیشک اللہ تعالیٰ نے میرے لیے زمین کو سمیٹ دیا ہے یا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى
زَوٰى لِيَ الْاَرْضَ اَوْ قَالَ اِنَّ رَبِّيْ زَوٰى لِيَ الْاَرْضَ
فَاُرِيْتُ مَشَارِقَهَا وَمَغَارِبَهَا وَاِنَّ مُلْكَ اُمَّتِيْ
سَيَبْلُغُ مَا زُوِيَ لِيْ مِنْهَا وَاُعْطِيْتُ الْكَنْزَيْنِ
الْاَحْمَرَ وَالْاَبْيَضَ وَاِنِّيْ سَاَلْتُ رَبِّيْ تَعَالٰى
لِاُمَّتِيْ اَنْ لَّا يُهْلِكَهَا بِسَنَةٍ بِعَامَّةٍ وَلَا يُسَلِّطَ
عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِّنْ سِوٰى اَنْفُسِهِمْ فَيَسْتَبِيْحَ
بَيْضَتَهُمْ وَلَوِ اجْتَمَعَ عَلَيْهِمْ مَنْ بَيْنَ اَقْطَارِهَا
اَوْ قَالَ بِاَقْطَارِهَا حَتّٰى يَكُوْنَ بَعْضُهُمْ يُهْلِكُ
بَعْضًا وَّيَكُوْنَ بَعْضُهُمْ يَسْبِيْ بَعْضًا وَّاِنَّمَا
اَخَافُ عَلٰى اُمَّتِي الْاَئِمَّةَ الْمُضِلِّيْنَ وَاِذَا
وُضِعَ السَّيْفُ فِيْ اُمَّتِيْ لَمْ يُرْفَعْ عَنْهَا اِلٰى
يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَلَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَلْحَقَ
قَبَائِلُ مِنْ اُمَّتِيْ بِالْمُشْرِكِيْنَ وَحَتّٰى تَعْبُدَ
قَبَائِلُ مِنْ اُمَّتِي الْاَوْثَانَ وَاِنَّهٗ سَيَكُوْنُ
فِيْ اُمَّتِيْ كَذَّابُوْنَ ثَلٰثُوْنَ كُلُّهُمْ يَزْعُمُ اَنَّهٗ
نَبِيٌّ وَّاَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ
وَلَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ اُمَّتِيْ عَلَى الْحَقِّ قَالَ
ابْنُ عِيْسٰى ظَاهِرِيْنَ ثُمَّ اتَّفَقَا لَا يَضُرُّهُمْ
مَنْ خَالَفَهُمْ حَتّٰى يَاْتِيَ اَمْرُ اللّٰهِ تَعَالٰى۔

کہ میرے رب نے زمین کو میرے لیے سمیٹ دیا ہے۔ پس اس کی دونوں مشرق اور دونوں مغرب مجھے دکھا دی گئی ہیں اور میری اُمّت کی حکومت عنقریب وہاں تک پہنچے گی جہاں تک میرے لیے زمین سمیٹ دی گئی ہے اور مجھے سرخ و سفید (سونے اور چاندی کے) دونوں خزانے عطا فرما دیے گئے ہیں اور میں نے اپنے رب تعالیٰ سے اپنی امت کے لیے سوال کیا کہ وہ قحط سالی سے ہلاک نہ ہوں ان کے سوا کوئی دشمن ان پر مسلط نہ ہو کہ ان کی جڑ کاٹ کر رکھ دے۔ میرے رب نے مجھ سے فرمایا:۔ اے محمدؐ! جب میں فیصلہ کر لیتا ہوں تو میرا فیصلہ تبدیل نہیں ہوتا۔ میں انہیں قحط سالی سے ہلاک نہیں کروں گا اور نہ ان کے سوا ان پر کسی دشمن کو ایسا مسلط کروں گا کہ ان کی جڑ کاٹ کر رکھ دے خواہ وہ زمین کے ہر ایک کنارے سے آ کر جمع ہو جائیں لیکن یہ آپس میں ایک دوسرے کو ہلاک کریں گے اور قیدی بنائیں گے۔ مجھے اپنی امت پر گمراہ کرنے والے نام نہاد رہنماؤں کا ڈر ہے جب میری امت میں ایک دفعہ تلوار چل گئی تو قیامت تک نہیں رکے گی اور قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہو گی جب تک میری امت کے کچھ قبائل مشرکوں سے نہ مل جائیں اور یہاں تک ہو گا کہ میری امت کے کچھ قبیلے بتوں کی پوجا کرنے لگیں گے اور عنقریب میری امت میں تیس کذاب ہوں گے ہر ایک نبی ہونے کا دعویٰ کرے گا حالانکہ میں سب سے آخری ہوں اور میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے اور ہمیشہ میری امت میں ایک

ف:۔ اس حدیث پاک کے اندر سرورِ کون و مکان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تحدیث نعمت کے طور پر اپنے وہ فضائل و کمالات بیان فرمائے ہیں جنہیں سن کر اہل ایمان باغ باغ ہو جاتے ہیں۔ لیکن ان کے بیان سے اس وقت منافقین مدینہ غیظ و غضب کی آگ میں جل بھن جاتے تھے اور آج بھی ان کی معنوی ذُرّیت کے دلوں میں وہ نارِ نمرود بھڑکتی رہتی ہے کہ جس اللہ کے بندے کی زبان پر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فضائل و کمالات کی بات آتی ہے تو نجدیت کے زاغ و بوم اُسے توحید کا دشمن ٹھہرا کر اپنی خانہ ساز شرک کی توپوں کا رخ فوراً اس کی جانب کر دیتے ہیں اور اس طرح دھواں دھار بمباری کرتے ہیں کہ ہر کوچہ و بازار میں شرک ہی شرک کا دھواں نظر آنے لگتا ہے۔ بہر حال ہم اس حدیث کے پانچ مختلف جملوں کے بارے میں چند معروضات پیش کرتے ہیں۔ وَبِاللّٰهِ التَّوْفِيْقُ:۔

اوّلاً:۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:۔ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى زَوٰى لِيَ الْاَرْضَ اَوْ قَالَ اِنَّ رَبِّيْ زَوٰى

لی الْاَرْضَ فَاُرِیْتُ مَشَارِقَهَا وَمَغَارِبَهَا۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے میرے لیے زمین کو سمیٹ دیا اور مجھے اس کے دونوں مشرق اور دونوں مغرب دکھا دیے ہیں علامہ وحید الزمان خان صاحب نے قوسین میں اس کا مطلب یوں بیان کیا ہے:۔ "یعنی مجھے سب زمین دکھلا دی یا سب کا علم دے دیا"۔ اسی طرح حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے:۔ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ رَفَعَ لِیَ الدُّنْیَا فَاَنَا اَنْظُرُ اِلَیْهَا وَاِلٰی مَا هُوَ کَائِنٌ فِیْهَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ کَاَنَّمَا اَنْظُرُ (طبرانی، بیہقی، دارمی، مواہب لدنیہ) یعنی اللہ تعالیٰ نے میرے لیے زمین کے پردے اٹھا دیے تو میں اسے اور جو کچھ اس میں قیامت تک ہونے والا ہے اسے یوں دیکھ رہا ہوں جیسے اپنی اس ہتھیلی کو (سبحان اللہ) سرورِ کون ومکاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابۂ کرام کو مخاطب کر کے فرمایا کہ میں اپنے حوض کو اب بھی دیکھ رہا ہوں (موطا امام مالک مترجم، مطبوعہ لاہور، ص ۱۸۱۔ صحیح بخاری مترجم مطبوعہ لاہور، جلد دوم، ص ۵۳۴۔ جلد سوم، ص ۵۰۲)۔ نیز فخرِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک دفعہ نمازِ کسوف پڑھاتے ہوئے دستِ مبارک اوپر اٹھایا پھر ہٹا لیا۔ صحابۂ کرام کے استفسار پر فرمایا کہ پھلوں سے لدی ہوئی جنت کے درختوں کی ایک ٹہنی توڑنے لگا تھا جو مجھے پسند آگئی تھی نیز میں نے اسی مقام پر آج جنت و دوزخ کو بھی دیکھا ہے (صحیح بخاری مترجم، جلد اوّل ص ۴۲۴۔ جلد سوم، ص ۱۷۴ جلد سوم، ص ۸۱۲)۔
غرضیکہ اسی طرح بکثرت آیات واحادیث سے یہ حقیقت واضح ہے کہ خدائے ذوالمنن نے اپنے محبوب کی نگاہوں کے سامنے کوئی پردہ نہیں رکھا۔ دوری اور نزدیکی کا سوال اٹھا دیا اور انہیں پوری کائنات کا شاہد بنایا کہ فرش سے عرش تک اور مشرق سے مغرب تک سب ان کی نگاہوں کے سامنے تھا۔ اس کے باوجود مولوی خلیل احمد انبیٹھوی صاحب (المتوفی ۱۳۴۶ھ / ۱۹۲۷ء) نے اس سلسلے میں اپنا اور اپنے اکابر کا عقیدہ یوں بیان کیا ہے:
۱۔ اور شیخ عبدالحق روایت کرتے ہیں کہ مجھے دیوار کے پیچھے کا علم نہیں"۔ (براہین قاطعہ، مطبوعہ دیوبند، ص ۵۵)
حالانکہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۰۵۲ھ / ۱۶۴۲ء) نے تو یوں فرمایا تھا:۔ ایں جا اشکال می آرند کہ در بعضی روایات آمدہ است کہ گفت آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہ من بندہ ام نمیدانم آنچہ در پس ایں دیوار است جوابش آنست کہ ایں سخن اصلے ندارد وروایت بداں صحیح نشدہ (مدارج النبوۃ، مطبوعہ نولکشور جلد اوّل، ص ۹) یعنی اس جگہ یہ شبہ پیش کیا جاتا ہے کہ بعض روایات میں آیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں بندہ ہوں، نہیں جانتا کہ اس دیوار کے پرے کیا ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ اس بات کا کوئی ثبوت نہیں اور یہ روایت صحیح ثابت نہیں ہوئی۔ اسی شبہ کے متعلق مولانا علی قاری علیہ رحمۃ الباری (المتوفی ۱۰۱۴ھ / ۱۶۰۵ء) یوں فرماتے ہیں۔ حَدِیْثُ مَا اَعْلَمُ مَا خَلْفَ جِدَارِیْ هٰذَا قَالَ الْعَسْقَلَانِیُّ لَا اَصْلَ لَهٗ۔ (موضوعاتِ کبیر، مطبوعہ مطبع مجتبائی دہلی، ص ۴۰)۔
قارئینِ کرام حیران ہوں گے کہ محبوبِ پروردگار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نگاہوں کا عالم بیان کرنے والی تمام آیتوں اور حدیثوں سے دیوبندی حضرات کے اتنے بڑے مولوی نے آنکھیں بند کر کے ایک بے سند وبے اصل شبہ کو ان کے خلاف اپنی دلیل کیوں بنایا؟ بات درحقیقت یہ ہے کہ بغضِ رسول کی آگ جن کے دلوں میں بھڑکتی ہو وہ حضور کے اتنے کمالات کا اقرار بھی نہیں کرنے دیتی جتنے ایک ولی کو حاصل ہوتے ہیں۔ جنہیں خارجیت کی یہ بیماری لگ جاتی ہے وہ خصائصِ مصطفیٰ سے خار کھاتے ہوئے اس درجہ گستاخی پر اتر آتے ہیں کہ روحِ انسانی کانپ اٹھتی ہے۔ مولوی خلیل احمد صاحب انبیٹھوی نے جس مقصد کی خاطر شانِ مصطفیٰ کے تمام نصوص سے آنکھیں بند کر کے محض ایک بے سند وبے اصل عبارت کا سہارا لیا ان کا وہ دلی آزار مقصد ان کی سند مذیل

عبارتوں سے واضح ہے:۔

۲ :۔ ملک الموت اور شیطان کو جو یہ وسعتِ علم دی اس کا حال مشاہدہ اور نصوص قطعیہ سے معلوم ہوا اب اس پہ کسی افضل کو قیاس کر کے اس میں بھی مثل یا زائد اس مفضول سے ثابت کرنا کسی عاقل ذی علم کا کام نہیں (براہین قاطعہ ص ۵۵)

۳ :۔ شیطان و ملک الموت کا حال دیکھ کر علم محیط زمین کا فخرِ عالم کو خلاف نصوص قطعیہ کے بلا دلیل محض قیاس فاسدہ سے ثابت کرنا شرک نہیں کون سا ایمان کا حصہ ہے۔ شیطان و ملک الموت کو یہ وسعت نص سے ثابت ہوئی۔ فخرِ عالم کی وسعتِ علم کی کونسی نص قطعی ہے کہ جس سے تمام نصوص کو رد کر کے ایک شرک ثابت کرتا ہے (براہین قاطعہ، ص ۵۵)

۴ :۔ ملک الموت سے افضل ہونے کی وجہ سے ہرگز ثابت نہیں ہوتا کہ علم آپ کا ان امور میں ملک الموت کی برابر ہو چہ جائیکہ زیادہ (براہین قاطعہ، ص ۵۶)

۵ :۔ ان اولیاء کو حق تعالیٰ نے کشف کر دیا کہ ان کو یہ حضورِ علم حاصل ہوگا۔ اگر اپنے فخرِ عالم علیہ السلام کو بھی لاکھ گونہ اس سے زیادہ عطا فرمادے ممکن ہے۔ مگر ثبوت فعلی اس کا کہ عطا کیا ہے کس نقل سے ہے کہ اس پر عقیدہ کیا جائے (براہین قاطعہ، ص ۵۶)

صفحہ ۵۵ پر محیط زمین کا علم حضور کے لیے ثابت کرنا ایسا شرک ٹھہرایا جس میں ایمان کا کوئی حصہ نہیں رہتا۔ اس آخری عبارت میں محیط زمین کا علم اگر اولیاء سے لاکھ گنا حضور کو عطا فرمادیا جائے تو ممکن قرار دے دیا۔ گویا یہ ممکن ہے کہ خدا کسی کو اپنا شریک ٹھہرا لے۔ نعوذ باللہ اللہ تعالیٰ کی مہر کا اثر دیکھیے کہ محیط زمین کا علم انبٹھوی صاحب نے شیطان و ملک الموت کے لیے مان لیا اور وہ بھی نصوص سے ثابت۔ حضرات اولیاء اللہ کے لیے از راہِ کشف مان لیا لیکن نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ماننا شرک ہی قرار دیا۔ گویا ان سب کو اللہ تعالیٰ نے برضا و رغبت اپنا شریک ٹھہرا رکھا ہے، شریک تو صرف حضور کو ٹھہرانا منظور نہیں۔

اب قارئین ذرا بانیٔ مدرسہ دیوبند یعنی مولوی محمد قاسم نانوتوی صاحب (المتوفی ۱۲۹۷ھ/۱۸۷۹ء) کی چار عبارتیں ملاحظہ فرمالیں۔ انہوں نے لکھا ہے:۔

۶ :۔ موصوف بالعرض کا قصہ موصوف بالذات پر ختم ہو جاتا ہے۔ جیسے موصوف کا وصف موصوف بالذات سے مکتسب ہوتا ہے، موصوف بالذات کا وصف جس کا ذاتی ہونا اور غیر مکتسب من الغیر ہونا لفظ بالذات ہی سے مفہوم ہے کسی غیر سے مکتسب اور مستعار نہیں ہوتا (تحذیر الناس ص ۴)

۷ :۔ سو اسی طور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خاتمیت کو تصور فرمایئے یعنی آپ موصوف بوصف نبوت بالذات ہیں اور سوا آپ کے اور نبی موصوف بوصفِ نبوت بالعرض۔ اوروں کی نبوت آپ کا فیض ہے پر آپ کی نبوت کسی اور کا فیض نہیں۔ آپ پر سلسلۂ نبوت مختتم ہو جاتا ہے غرض آپ جیسے نبی الامۃ ہیں ویسے ہی نبی الانبیاء بھی ہیں (تحذیر الناس ص ۴)

۸ :۔ اس ارشاد سے ہر خاص و عام کو یہ بات واضح ہے کہ علوم اولین مثلاً اور ہیں اور علوم آخرین اور لیکن وہ سب علوم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں مجتمع ہیں۔ سو جیسے علم سمع اور ہے اور علم بصر اور۔ پر بایں ہمہ قوت عاقلہ اور نفس ناطقہ میں یہ سب علوم مجتمع ہیں۔ ایسے ہی رسول اللہ صلعم اور انبیاء باقی کو سمجھئے۔ پر ظاہر ہو کہ سمع و بصر اگر مدرک عالم ہیں تو بالعرض ہیں ورنہ مدرک حقیقی اور عالم تحقیقی وہ عقل اور نفس ناطقہ ہی ہے۔ اسی طرح سے عالم حقیقی رسول اللہ صلعم ہیں۔ اور انبیاء باقی اور اولیاء و علماء

گزشتہ و مستقبل اگر عالم ہیں تو بالعرض ہیں (تحذیر الناس، ص ۵)

۹:- حضرت جنید کے ایک مرید کا رنگ یکایک متغیر ہو گیا آپ نے سبب پوچھا تو بروئے مکاشفہ اس نے یہ کہا کہ اپنی ماں کو دوزخ میں دیکھتا ہوں حضرت جنید نے ایک لاکھ یا پچھتر ہزار بار کبھی کلمہ پڑھا تھا۔ یوں سمجھ کر کہ بعض روایتوں میں اسی قدر کلمہ کے ثواب پر وعدۂ مغفرت ہے اپنے جی ہی جی میں اس مرید کی ماں کو بخش دیا اور اس کو اطلاع نہ کی۔ مگر بخشتے ہی کیا دیکھتے ہیں کہ وہ جوان ہشاش بشاش ہے۔ آپ نے پھر سبب پوچھا اس نے عرض کیا کہ اب اپنی والدہ کو جنت میں دیکھتا ہوں۔ سو آپ نے اس پر یہ فرمایا کہ اس جوان کے مکاشفہ کی صحت تو مجھ کو حدیث سے معلوم ہوئی اور حدیث کی تصحیح اس کے مکاشفہ سے ہو گئی۔ (تحذیر الناس، ص ۴۴)

موجودہ علمائے دیوبند سے گزارش ہے کہ نانوتوی صاحب کے مذکورہ سراسر غیر اسلامی عقیدے کا قرآن و حدیث کے مطابق ثابت ہو جانا تو ناممکن ہے۔ لیکن آپ حضرات سے اگر ممکن ہو تو عقیدے کو ذرا اپنے امام ربانی کے رفیق جانی یعنی نانوتوی صاحب آنجہانی کی مذکورہ چاروں عبارتوں کے مطابق ہی ثابت کر دکھائیے۔ ورنہ :-

قریب ہے یار روزِ محشر، چھپے گا کشتوں کا خون کیونکر،
جو چپ رہے گی زبانِ خنجر، لہو پکارے گا آستیں کا،

ثانیاً:- ارشادِ گرامی کا دوسرا جملہ اُعْطِیْتُ الْکَنْزَیْنِ الْاَحْمَرَ وَالْاَبْیَضَ۔ یعنی مجھے سرخ و سفید دونوں خزانے عطا فرما دیے گئے ہیں۔ نیز زبانِ رسالت ہے "وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ۔" یعنی یہ جان لو کہ زمین کا مالک اللہ ہے اور اس کا رسول۔ (بخاری شریف مترجم جلد سوم، ص ۶۸۴ اور ص ۸۳۵)

یعنی حقیقی مالک تو صرف اللہ تعالیٰ ہے اور اللہ تعالیٰ کی عطا سے رسول اللہ صلی تعالیٰ علیہ وسلم کے سوا ساری زمین کا اور کوئی مالک نہیں، سارے سرخ و سفید یعنی سونے چاندی کے آپ مالک بنا دیے گئے بلکہ فرما دیا اب اس حقیقت کے خلاف یہ دل آزار عبارت دیکھیے"

۱۰ جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں (تقویۃ الایمان، مطبوعہ اشرف پریس لاہور ص ۸۲) عقیدے کی بات کو تھوڑی دیر کے لیے ایک طرف رکھتے ہوئے ذرا عبارت کے تیور بغور دیکھ کر سوچیے کیا ذرا بھی یہ تاثر ملتا ہے کہ کوئی امتی اپنے نبی کے متعلق اظہارِ خیال کر رہا ہے؟ کیا یہ اندازِ بیان سو فیصد بغض و عناد پر دلالت نہیں کرتا! ارے اپنی جانوں پر ظلم کرنے والو!

ادب گاہیست زیرِ آسمان از عرش نازک تر
نفس گم کردہ آید جنید و بایزید ایں جا

ثالثاً:- فرمانِ رسالت ہے "اِنَّمَا اَخَافُ عَلٰی اُمَّتِیْ الْاَئِمَّةَ الْمُضِلِّیْنَ۔" اور میں اپنی امت کے لیے گمراہ گر علماء سے ڈرتا ہوں۔ واقعی جب گندم نما جو فروشوں کو دیکھا ہو گا تو محسوس ہوا ہو گا کہ امت کو سب سے زیادہ نقصان وہی علماء پہنچائیں گے جو رہنمائی کے لباس میں رہزنی کریں گے۔ یہ ایسے ہی علماء کا تو کرشمہ ہے کہ مقدس شجرِ اسلام میں غیر اسلامی عقائد و نظریات کی قلمیں لگا کر ایک اسلام کے درجنوں اسلام بنا ڈالے اور مسلمان کہلانے والوں کو آپس میں بھڑا رکھا ہے۔"

رابعاً:- ارشادِ نبوی ہے۔

یعنی عنقریب میری امت میں تیس کذاب ہوں گے۔ ہر ایک نبی ہونے کا دعویٰ کرے گا جب کہ میں سب نبیوں سے آخری ہوں۔ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔ آپ کے آخری نبی ہونے پر بکثرت آیات واحادیث دلالت کر رہی ہیں لیکن ان کے بالمقابل ذرا یہ منطق بھی ملاحظہ ہو۔

۱۱:- سو عوام کے خیال میں تو رسول اللہ صلعم کا خاتم ہونا بایں معنی ہے کہ آپ کا زمانہ انبیاء سابق کے زمانہ کے بعد اور آپ سب میں آخری نبی ہیں۔ مگر اہل فہم پر روشن ہوگا کہ تقدم یا تاخر زمانے میں بالذات کچھ فضیلت نہیں (تحذیر الناس، ص ۳)

۱۲:- ہاں اگر بطور اطلاق یا عموم مجاز اس خاتمیت کو زمانی اور مرتبی سے عام لے لیجیے تو پھر دونوں طرح کا ختم مراد ہوگا۔ پر ایک مراد ہو تو شایانِ شانِ محمدی صلعم خاتمیت مرتبی ہے نہ زمانی (تحذیر الناس، مطبوعہ لاہور، ص ۹)

۱۳:- غرض اختتام اگر بایں معنی تجویز کیا جائے جو میں نے عرض کیا تو آپ کا خاتم ہونا انبیاء گذشتہ ہی کی نسبت خاص نہ ہوگا بلکہ اگر بالفرض آپ کے زمانے میں بھی کہیں اور کوئی نبی ہو جب بھی آپ کا خاتم ہونا بدستور باقی رہتا ہے۔" (تحذیر الناس، ص ۱۵)

۱۴:- ہاں اگر خاتمیت بمعنی اتصاف ذاتی بوصف نبوت لیجیے جیسا کہ اس ہیچمدان نے عرض کیا ہے تو پھر سوا رسول اللہ صلعم اور کسی کو افراد مقصود بالخلق میں سے مماثل نبوی صلعم نہیں کہہ سکتے بلکہ اس صورت میں فقط انبیاء کے افراد خارجی ہی پر آپ کی افضلیت ثابت نہ ہوگی افراد مقدرہ پر بھی آپ کی افضلیت ثابت ہو جائے گی۔ بلکہ اگر بالفرض بعد زمانہ نبوی صلعم بھی کوئی نبی پیدا ہو تو پھر بھی خاتمیت محمدی میں کچھ فرق نہ آئے گا چہ جائے کہ آپ کے معاصر کسی اور زمین میں یا فرض کیجیے اسی زمین میں کوئی اور نبی تجویز کیا جائے (تحذیر الناس، ص ۳۴)

۱۵:- باقی رہی یہ بات کہ بڑوں کی تاویل کو نہ مانیے تو ان کی تحقیر نعوذ باللہ لازم آئے گی۔ یہ انہیں لوگوں کے خیال میں آسکتی ہے جو بڑوں کی بات فقط ازراہِ بے ادبی نہیں مانا کرتے۔ ایسے لوگ اگر ایسا سمجھیں تو بجا ہے المرء یقیس علیٰ نفسہ۔ اپنا یہ وطیرہ نہیں۔ نقصانِ شان اور چیز ہے اور خطا و نسیان اور چیز اگر بوجہ کم التفاتی بڑوں کا فہم کسی مضمون تک نہ پہنچا تو ان کی شان میں کیا نقصان آگیا اور کسی طفل نادان نے کوئی ٹھکانے کی بات کہہ دی تو کیا اتنی بات سے وہ عظیم الشان ہوگیا۔ (ص ۳۴)

نانوتوی صاحب نے بتادیا کہ خاتمیت کے صحیح معنی تک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذہن بھی نہیں پہنچا تھا اور ٹھکانے کی بات نانوتوی صاحب نے بتائی ہے۔ یہ دین کو کھلونا بنانے اور شریعت کا اپریشن کرنے کی المناک مثال نہیں تو اور کیا ہے۔

خامساً:- فرمانِ رسالت ہے۔ وَلَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ اُمَّتِیْ عَلَی الْحَقِّ ظَاهِرِیْنَ لَا یَضُرُّهُمْ مَنْ خَالَفَهُمْ حَتّٰی یَاْتِیَ اَمْرُ اللّٰهِ تَعَالٰی قیامت تک علمائے حق کی ایک جماعت کے غالب رہنے کی یہ بشارت صحیح بخاری جلد اول، ص ۱۲۸ — جلد دوم، ص ۱۰۷۲ جلد سوم، ص ۸۲۳ اور ص ۸۸۵ پر بھی موجود ہے۔ الحمد للہ کہ حق کے وہ علمبردار تو بہت ہی عظیم الشان ہوتے ہیں بفضلہ تعالیٰ باطل پرستوں کے بڑے بڑے سرغنے بھی ربانی علماء کے خدام اور

نعلین برداروں کے سامنے نہیں ٹھہر سکتے بلکہ

کا منظر سامنے

آجاتا ہے۔ والحمد للہ علی ذلک۔

۸۵۰- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْفٍ الطَّائِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمٰعِيلَ حَدَّثَنِيْ أَبِيْ قَالَ ابْنُ عَوْفٍ وَقَرَأْتُ فِيْ أَصْلِ إِسْمٰعِيلَ قَالَ حَدَّثَنِيْ ضَمْضَمٌ عَنْ شُرَيْحٍ عَنْ أَبِيْ مَالِكٍ يَعْنِي الْأَشْعَرِيَّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ أَجَارَكُمْ مِنْ ثَلَاثٍ أَنْ لَا يَدْعُوَ عَلَيْكُمْ نَبِيُّكُمْ فَتَهْلِكُوْا جَمِيْعًا وَأَنْ لَا يَظْهَرَ أَهْلُ الْبَاطِلِ عَلٰى أَهْلِ الْحَقِّ وَأَنْ لَا تَجْتَمِعُوْا عَلٰى ضَلَالَةٍ۔

محمد بن عوف طائی، محمد بن اسمٰعیل، ان کے والد یا جد ابن عوف، ضمضم، شریح، حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ بیشک اللہ تعالیٰ نے تمہیں تین آفتوں سے بچا لیا ایک یہ کہ تمہارا نبی تمہارے لیے بددعا نہ کرے کہ تم سارے ہلاک ہو جاؤ۔ دوسرے یہ کہ اہل باطل اہل حق پر غالب نہ ہوں۔ تیسرے یہ کہ تم گمراہی پر متفق نہیں ہو گے۔

۸۵۱- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْأَنْبَارِيُّ قَالَ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ نَاجِيَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَدُوْرُ رَحَى الْإِسْلَامِ بِخَمْسٍ وَثَلَاثِيْنَ أَوْ سِتٍّ وَثَلَاثِيْنَ أَوْ سَبْعٍ وَثَلَاثِيْنَ فَإِنْ يَهْلِكُوْا فَسَبِيْلُ مَنْ هَلَكَ وَإِنْ يَقُمْ لَهُمْ دِيْنُهُمْ يَقُمْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ عَامًا قَالَ قُلْتُ مِمَّا بَقِيَ أَوْ مِمَّا مَضٰى قَالَ مِمَّا مَضٰى۔

محمد بن سلیمان انباری، عبد الرحمٰن، سفیان، منصور، ربعی بن حراش، براء بن ناجیہ، حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اسلام کی چکی پینتیس ۳۵ یا چھتیس ۳۶ یا سینتیس ۳۷ سال تک چلتی رہے گی۔ اگر یہ ہلاک ہوئے تو ہلاکت کے راستے سے ہوں گے اور اگر ان کا دین ان کے لیے قائم رہے تو ستر ۷۰ سال تک قائم رہے گا۔ میں عرض گزار ہوا کہ باقی سے یا گزرے ہوئے سے! فرمایا کہ گزرے ہوئے وقت سے۔

۸۵۲- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَنْبَسَةُ حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَقَارَبُ الزَّمَانُ وَيَنْقُصُ الْعِلْمُ وَتَظْهَرُ الْفِتَنُ وَيُلْقَى الشُّحُّ وَيَكْثُرُ الْهَرْجُ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَيَّةٌ هُوَ قَالَ الْقَتْلُ الْقَتْلُ۔

احمد بن صالح، عنبسہ، یونس، ابن شہاب، حمید بن عبد الرحمٰن نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ زمانہ نزدیک ہو جائے گا، علم گھٹ جائے گا، فتنے ظاہر ہو جائیں گے، بخل (دلوں میں) ڈال دیا جائے گا اور ہرج بڑھ جائے گا۔ عرض کی گئی کہ یا رسول اللہ! وہ کیا چیز ہے؟ فرمایا کہ قتل قتل۔

پارہ ــــــ ۲۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

باب ۲۹۷۔ النَّهْيِ عَنِ السَّعْيِ فِي الْفِتْنَةِ۔
فساد کی کوشش نہ کی جائے

۸۵۳۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا وَكِيعٌ عَنْ عُثْمَانَ الشَّحَّامِ قَالَ حَدَّثَنِي مُسْلِمُ ابْنُ أَبِي بَكْرَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهَا سَتَكُونُ فِتْنَةٌ يَكُونُ الْمُضْطَجِعُ فِيهَا خَيْرًا مِنَ الْجَالِسِ وَالْجَالِسُ خَيْرًا مِنَ الْقَائِمِ وَالْقَائِمُ خَيْرًا مِنَ الْمَاشِي وَالْمَاشِي خَيْرًا مِنَ السَّاعِي قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا تَأْمُرُنِي قَالَ مَنْ كَانَتْ لَهُ إِبِلٌ فَلْيَلْحَقْ بِإِبِلِهِ وَمَنْ كَانَتْ لَهُ غَنَمٌ فَلْيَلْحَقْ بِغَنَمِهِ وَمَنْ كَانَتْ لَهُ أَرْضٌ فَلْيَلْحَقْ بِأَرْضِهِ قَالَ فَمَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ شَيْءٌ مِنْ ذَلِكَ قَالَ فَلْيَعْمِدْ إِلَى سَيْفِهِ فَلْيَضْرِبْ بِحَدِّهِ عَلَى حَرَّةٍ ثُمَّ لِيَنْجُ مَا اسْتَطَاعَ النَّجَاءَ

مسلم بن ابوبکرہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا:۔ عنقریب ایسا فتنہ و فساد ہوگا جس میں لیٹا ہوا آدمی بیٹھے ہوئے سے بہتر ہوگا۔ بیٹھا ہوا کھڑے سے بہتر ہوگا۔ کھڑا چلنے والے سے بہتر ہوگا۔ اور چلنے والا دوڑنے والے سے بہتر ہوگا۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! آپ مجھے کیا حکم فرماتے ہیں؛ فرمایا کہ جس کے پاس اونٹ ہوں وہ اُن کے ساتھ مصروف رہے اور جس کے پاس بکریاں ہوں وہ اُن میں معروف رہے اور جس کے پاس زمین ہو وہ اُس میں مشغول رہے۔ عرض گزار ہوئے کہ جس کے پاس ان میں سے کوئی چیز نہ ہو؟ فرمایا تو اپنی تلوار لے کر اُس کی دھار پتھر پر مارے۔ پھر کوشش کرکے اُن (آپس میں لڑنے والے مسلمانوں) سے بچ نکلے۔

ف:۔ جب مسلمانوں میں فتنہ و فساد پھیل جائے اور مسلمان آپس میں دست و گریباں ہو رہے ہوں تو اُس وقت فسادات سے حتی الامکان دُور رہنا چاہیے۔ فریقین میں سے کسی کی موافقت یا مخالفت نہ کرے بلکہ گوشۂ عافیت تلاش کرکے اپنے گھر میں یوں پڑا رہے جیسے گھر کے اندر دوسری چیزیں پڑی رہتی ہیں۔ اُس وقت مردانگی اور عافیت اسی میں ہے۔ واللہ تعالٰے اعلم۔

۸۵۴۔ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ خَالِدٍ الرَّمْلِيُّ نَا الْمُفَضَّلُ عَنْ عَيَّاشٍ عَنْ بُكَيْرٍ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَشْجَعِيِّ أَنَّهُ سَمِعَ سَعْدَ بْنَ أَبِي وَقَّاصٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هَذَا الْحَدِيثِ قَالَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَرَأَيْتَ إِنْ دَخَلَ عَلَيَّ بَيْتِي وَبَسَطَ يَدَهُ لِيَقْتُلَنِي قَالَ فَقَالَ رَسُولُ

حسین بن عبد الرحمٰن اشجعی نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالٰے عنہ سے سُنا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اِس حدیث کے راوی (حضرت سعد) نے فرمایا:۔ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم! اگر ایسا آدمی (مفسد) مجھے قتل کرنے کے لیے میرے گھر میں گھسے تو مجھے کیا کرنا چاہیئے؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا:۔ تم حضرت آدم کے بیٹے کی طرح نیکی کرنا۔

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُنْ كَخَيْرِ ابْنَيْ آدَمَ وَتَلَا يَزِيْدُ لَئِنْ بَسَطْتَ إِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ الْآيَةَ۔

یزید بن خالد رملی نے یہ آیت پڑھی: اگر تم نے مجھے قتل کرنے کے لیے ہاتھ بڑھایا تو تمہیں قتل کرنے کے لیے میں اپنا ہاتھ بڑھانے والا نہیں ہوں (۵: ۲۸)۔

ف: فتنہ وفساد سے حتی الامکان دُور رہنے کے باوجود اگر کسی طرح فتنہ میں مبتلا ہو جائے تو کوشش یہی ہونی چاہیے کہ مظلوم بننا پسند کرے لیکن ظلم کا دھبہ اپنے اُوپر نہ لگنے دے کیونکہ صبر کے ساتھ ظلم وستم کو سہنا گناہوں کا کفارہ ہو جائے گا لیکن ظلم جہنم میں لے جائے گا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

۸۵۵۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ نَا أَبِيْ نَا شِهَابُ بْنُ خِرَاشٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ غَزْوَانَ عَنْ إِسْحٰقَ بْنِ رَاشِدٍ الْجَزَرِيِّ عَنْ سَالِمٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ وَابِصَةَ الْأَسَدِيُّ عَنْ أَبِيْهِ وَابِصَةَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فَذَكَرَ بَعْضَ حَدِيْثِ أَبِيْ بَكْرَةَ قَالَ قَتْلَاهَا كُلُّهُمْ فِي النَّارِ قَالَ فِيْهِ قُلْتُ مَتٰى ذٰلِكَ يَا ابْنَ مَسْعُوْدٍ قَالَ تِلْكَ أَيَّامُ الْهَرْجِ حَيْثُ لَا يَأْمَنُ الرَّجُلُ جَلِيْسَهُ قُلْتُ فَمَا تَأْمُرُنِيْ إِنْ أَدْرَكَنِيْ ذٰلِكَ الزَّمَانُ قَالَ تَكُفُّ لِسَانَكَ وَيَدَكَ وَتَكُوْنُ حِلْسًا مِنْ أَحْلَاسِ بَيْتِكَ فَلَمَّا قُتِلَ عُثْمَانُ طَارَ قَلْبِيْ مَطَارَهُ فَرَكِبْتُ حَتّٰى أَتَيْتُ دِمَشْقَ فَلَقِيْتُ خُرَيْمَ بْنَ فَاتِكٍ فَحَدَّثْتُهُ فَحَلَفَ بِاللهِ الَّذِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ لَسَمِعَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا حَدَّثَنِيْهِ ابْنُ مَسْعُوْدٍ۔

عمرو بن عثمان، اُن کے والد ماجد، شہاب بن حراش، قاسم بن غزوان، اسحاق بن راشد جزری، سالم، عمرو بن وابصہ اسدی کا اُن کے والد وابصہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا۔ پس حدیث ابوبکرہ کے بعض حصے بیان کرتے ہوئے فرمایا: اس میں لڑنے والے سب جہنمی ہیں۔ اسی میں کہا، میں (وابصہ) عرض گزار ہوا کہ اے حضرت ابن مسعود! ایسا کب ہوگا؟ فرمایا کہ اُن دنوں میں قتل وقتال ہوگا، اس درجہ کہ آدمی اپنے پاس بیٹھنے والے سے بھی بےخوف نہیں ہوگا۔ میں عرض گزار ہوا کہ اگر میں اس زمانے کو پاؤں تو آپ میرے لیے کیا حکم فرماتے ہیں۔ فرمایا کہ اپنی زبان اور اپنے ہاتھ کو روک لینا اور ایسے پڑے رہنا جیسے تمہارے گھر میں کمبل پڑا رہتا ہے۔ جب حضرت عثمان کو شہید کر دیا گیا تو میرے دل میں یہی خطرہ واقع ہوا تو میں سوار ہو کر دمشق پہنچا اور حضرت خُریم بن فاتک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہو کر اُن سے یہ حدیث بیان کی تو انہوں نے اللہ کی قسم کھائی جس کے سوا کوئی معبود نہیں کہ انہوں نے بھی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اسی طرح سُنا ہے جیسے حضرت ابن مسعود نے حدیث بیان کی۔

۸۵۶۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ ثَرْوَانَ عَنْ هُزَيْلٍ عَنْ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ فِتَنًا كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ يُصْبِحُ الرَّجُلُ فِيْهَا مُؤْمِنًا وَيُمْسِيْ كَافِرًا وَيُمْسِيْ

ہزیل نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت سے پہلے اندھیری رات کے حصوں جیسے فتنے ہوں گے۔ اُن میں آدمی صبح کے وقت مومن ہوگا اور شام کو کافر، شام کے وقت مومن ہوگا اور صبح کو کافر ہو جائے گا۔ اس کے دوران بیٹھنے والا کھڑے ہونے والے سے بہتر ہوگا اور

مُؤْمِنًا وَيُصْبِحُ كَافِرًا الْقَاعِدُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ وَالْمَاشِي فِيهَا خَيْرٌ مِنَ السَّاعِي فَكَسِّرُوا قِسِيَّكُمْ وَقَطِّعُوا أَوْتَارَكُمْ وَاضْرِبُوا سُيُوفَكُمْ بِالْحِجَارَةِ فَإِنْ دُخِلَ عَلَى أَحَدٍ مِنْكُمْ فَلْيَكُنْ كَخَيْرِ ابْنَيْ آدَمَ۔

چلنے والا دوڑنے والے سے بہتر ہوگا۔ پس تم اپنی کمانوں کو توڑ دینا اور اپنی تانتوں کو کاٹ دینا اور اپنی تلواروں کو پتھروں پر مار کر توڑ لینا۔ اگر کوئی مفسد تم میں سے کسی کے گھر میں آ داخل ہو تو حضرت آدم کے اچھے بیٹے کی طرح ہو جانا۔

۸۵۷۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ نَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ رَقَبَةَ بْنِ مَصْقَلَةَ عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِي جُحَيْفَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ كُنْتُ آخِذًا بِيَدِ ابْنِ عُمَرَ فِي طَرِيقٍ مِنْ طُرُقِ الْمَدِينَةِ إِذْ أَتَى عَلَى رَأْسٍ مَنْصُوبٍ فَقَالَ شَقِيَ قَاتِلُ هَذَا فَلَمَّا مَضَى قَالَ وَمَا أُرَى هَذَا إِلَّا قَدْ شَقِيَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ مَشَى إِلَى رَجُلٍ مِنْ أُمَّتِي لِيَقْتُلَهُ فَلْيَقُلْ هَكَذَا فَالْقَاتِلُ فِي النَّارِ وَالْمَقْتُولُ فِي الْجَنَّةِ قَالَ أَبُو دَاوُد رَوَاهُ الثَّوْرِيُّ عَنْ عَوْنٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سُمَيْرٍ أَوْ سُمَيْرَةَ وَرَوَاهُ لَيْثُ بْنُ أَبِي سُلَيْمٍ عَنْ عَوْنٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سُمَيْرَةَ قَالَ أَبُو دَاوُد قَالَ لِي الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ يَعْنِي بِهَذَا الْحَدِيثِ عَنْ أَبِي عَوَانَةَ وَقَالَ هُوَ فِي كِتَابِي ابْنُ سَبَرَةَ وَقَالُوا سَمُرَةَ وَقَالُوا سُمَيْرَةَ هَذَا كَلَامُ أَبِي الْوَلِيدِ۔

عبدالرحمٰن کا بیان ہے کہ میں نے مدینہ منورہ کے ایک راستے میں حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا ہاتھ پکڑا ہوا تھا تو ایک سر دیکھا جو لٹکایا ہوا تھا۔ فرمایا کہ اس کا قاتل بدبخت ہے۔ جب گزر گئے تو فرمایا کہ میرے خیال میں تو اس نے بدبختی خریدی ہے کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو میرے کسی امتی کو قتل کرنے کے لیے اُس کے پاس جائے تو قاتل جہنم میں اور مقتول جنت میں ہے۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے ثوری، عون نے عبدالرحمٰن بن سمیر یا سمیرہ سے روایت کیا ہے اسے لیث بن ابو سلیم، عون نے عبدالرحمٰن بن سمیرہ سے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ مجھ سے حسن بن علی نے کہا کہ ابوالولید نے اس حدیث کو ابو عوانہ سے روایت کرتے ہوئے کہا کہ میری کتاب میں وہ ابن سبرہ ہے جبکہ بعض لوگوں نے سمرہ اور بعض نے سمیرہ کہا ہے۔ یہ ابوالولید کا کلام ہے۔

۸۵۸۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ عَنِ الْمُشَعَّثِ بْنِ طَرِيفٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَبَا ذَرٍّ قُلْتُ لَبَّيْكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ وَسَعْدَيْكَ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ قَالَ فِيهِ كَيْفَ أَنْتَ إِذَا أَصَابَ النَّاسَ مَوْتٌ يَكُونُ

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا۔ اے ابوذر! میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! تعمیل ارشاد کے لیے حاضر ہوں۔ پھر حدیث بیان کرتے ہوئے اس میں فرمایا۔ تمہارا کیا حال ہوگا جبکہ لوگوں کو موت گھیرے گی اور قبر والا گھر بھی اُس وقت ایک غلام کے عوض ملے گا۔ میں عرض گزار ہوا کہ اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانیں یا جو میرے لیے

الميت فيه بالوصيف يعني القبر قلت الله ورسوله أعلم أو قال ما خار الله لي ورسوله قال عليك بالصبر أو قال تصبر ثم قال لي يا أبا ذر قلت لبيك وسعديك قال كيف أنت إذا رأيت أحجار الزيت قد غرقت بالدم قلت ما خار الله لي ورسوله قال عليك بمن أنت منه قال قلت يا رسول الله أفلا آخذ سيفي فأضعه على عاتقي قال شاركت القوم إذا قال قلت فما تأمرني قال تلزم بيتك قال قلت فإن دخل على بيتي قال فإن خشيت أن يبهرك شعاع السيف فألق ثوبك على وجهك يبوء بإثمك وإثمه. قال أبو داود لم يذكر المشعث في هذا الحديث غير حماد بن زيد.

اللہ اور اُس کا رسول فرمائیں۔ فرمایا کہ تم پر صبر لازم ہے یا فرمایا کہ صبر کرنا۔ پھر مجھ سے فرمایا۔ اے ابوذر! عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! میں تعمیلِ ارشاد کے لیے حاضر ہوں۔ فرمایا کہ اُس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جب تم احجار الزیت نامی مقام کو خون سے بھرا ہوا دیکھو گے؟ عرض گزار ہوا کہ اللہ اور اُس کا رسول جو میرے لیے حکم فرمائیں۔ فرمایا کہ اپنے اہل و عیال میں چلے جانا تمہارے لیے مزیدی ہے۔ عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! کیا میں اپنی تلوار لے کر اُسے اپنے کندھے پر نہ رکھ لوں۔ فرمایا کہ پھر تو لوگوں کے ساتھ شریک ہو جاؤ گے۔ میں عرض گزار ہوا کہ پھر آپ میرے لیے کیا حکم فرماتے ہیں؟ فرمایا کہ اپنے گھر میں ٹکے رہنا۔ میں نے عرض کی کہ اگر کوئی مفسد میرے گھر میں مجھ پر آ چڑھے؟ فرمایا کہ اگر تمہیں تلوار کی چمک ڈرائے تو اپنے منہ پر کپڑا ڈال لینا تاکہ وہ تمہارے اور اپنے گناہوں کو سمیٹ لے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ حماد بن زید کے سوا اس حدیث میں مشعث کا کسی نے ذکر نہیں کیا۔

۸۵۹۔ حدثنا محمد بن يحيى بن فارس قال نا عفان بن مسلم قال نا عبد الواحد بن زياد نا عاصم الأحول عن أبي كبشة قال سمعت أبا موسى يقول قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن بين أيديكم فتنا كقطع الليل المظلم يصبح الرجل فيها مؤمنا ويمسي كافرا أو يمسي مؤمنا ويصبح كافرا القاعد فيها خير من القائم والقائم فيها خير من الماشي والماشي فيها خير من الساعي قالوا فما تأمرنا قال كونوا أحلاس بيوتكم.

ابوکبشہ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ بیشک تمہارے سامنے اندھیری رات کے حصوں جیسا فتنہ ہے۔ اس میں صبح کو آدمی مومن اور شام کو کافر ہو جائے گا نیز شام کو مومن ہوگا تو صبح کو کافر ہو جائے گا۔ بیٹھنے والا اُس میں کھڑے ہونے سے بہتر ہوگا اور کھڑا ہونے والا چلنے والے سے بہتر ہوگا اور چلنے والا اُس میں دوڑنے والے سے بہتر ہوگا۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ آپ ہمیں کیا حکم فرماتے ہیں؟ فرمایا کہ اپنے گھریلو کمبلوں کی طرح ہو جانا۔

۸۶۰۔ حدثنا إبراهيم بن الحسن المصيصي قال نا حجاج يعني ابن محمد قال نا الليث ابن سعد قال حدثني معاوية بن صالح أن عبد الرحمن بن جبير حدثني عن أبيه عن

ابراہیم بن حسن مصیصی، حجاج بن محمد، لیث بن سعد، معاویہ بن صالح، عبدالرحمٰن بن جبیر، اُن کے والدِ ماجد، حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ خدا کی قسم میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے

الْمِقْدَادِ بْنِ الْأَسْوَدِ قَالَ ايْمُ اللهِ لَقَدْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ السَّعِيدَ لَمَنْ جُنِّبَ الْفِتَنَ إِنَّ السَّعِيدَ لَمَنْ جُنِّبَ الْفِتَنَ إِنَّ السَّعِيدَ لَمَنْ جُنِّبَ الْفِتَنَ وَلَمَنِ ابْتُلِيَ فَصَبَرَ فَوَاهًا۔

ہوئے سنا کہ خوش بخت وہ ہے جو فتنوں سے لاتعلق رہا، سعادت مند وہ ہے جو فتنوں سے لاتعلق رہا، نیک بخت وہ ہے جو فتنوں سے لاتعلق رہا۔ جس نے ناچار پھنس جانے پر صبر کیا تو وہ قابلِ ستائش ہے۔

باب ۲۹۹ فِي كَفِّ اللِّسَانِ۔

زبان کو روکے رکھنے کا بیان

۸۶۱- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ حَدَّثَنِي ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ قَالَ قَالَ خَالِدُ بْنُ أَبِي عِمْرَانَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْبَيْلَمَانِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هُرْمُزَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَتَكُونُ فِتْنَةٌ صَمَّاءُ بَكْمَاءُ عَمْيَاءُ مَنْ أَشْرَفَ لَهَا اسْتَشْرَفَتْ لَهُ وَإِشْرَافُ اللِّسَانِ فِيهَا كَوُقُوعِ السَّيْفِ۔

عبدالملک بن شعیب بن لیث، ابن وہب، لیث، یحییٰ بن سعید، خالد بن ابو عمران، عبدالرحمٰن بن بیلمانی، عبدالرحمٰن بن ہرمز نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا: عنقریب ایسا فتنہ آئے گا جو بہرہ، گونگا اور اندھا ہوگا۔ جو اس کے نزدیک آجائے گا۔ اس میں زبان کھولنا تلوار چلانے کی طرح ہوگا۔

۸۶۲- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ نَا لَيْثٌ عَنْ طَاوُسٍ عَنْ رَجُلٍ يُقَالُ لَهُ زِيَادٌ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهَا سَتَكُونُ فِتْنَةٌ تَسْتَنْظِفُ الْعَرَبَ قَتْلَاهَا فِي النَّارِ اللِّسَانُ فِيهَا أَشَدُّ مِنْ وُقُوعِ السَّيْفِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ الثَّوْرِيُّ عَنْ لَيْثٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ الْأَعْجَمِ۔

زیاد نامی شخص نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا: عنقریب ایک فتنہ آئے گا جو عرب کو گھیر لے گا۔ جو اس میں مارے جائیں گے وہ جہنمی ہیں۔ اس میں زبان کھولنا تلوار چلانے سے بڑھ کر فتنہ انگیزی ہوگا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے ثوری، لیث، طاؤس نے اعجم سے (یعنی مذکورہ حدیث اس سند سے بھی مروی ہے)۔

ف:- جب مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں ٹکرا رہے ہوں یا ایک دوسرے کے خلاف انتقامی کارروائیوں کی تیاری میں مشغول ہوں تو ایسے وقت کسی کی حمایت یا مخالفت میں زبان کھولنا اس کی حمایت یا مخالفت میں تلوار چلانے سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔ فساد کے مواقع پر حتی الامکان زبان کو قابو میں رکھنا اور بیان بازی سے اجتناب کرنا چاہیے کیونکہ ایسے وقت کے چند الفاظ حالات کو خراب سے خراب تر اور سنگین کر سکتے ہیں۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

۸۶۳- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بْنِ الطَّبَّاعِ نَا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوسِ قَالَ زِيَادٌ سِيمِينْ كُوشْ۔

محمد بن عیسیٰ بن طباع نے عبداللہ بن عبدالقدوس سے روایت کرتے ہوئے کہا کہ زیاد کے کان سفید تھے۔

باب ۲۹۔ الرُّخْصَةِ فِي التَّبَدِّي فِي الْفِتْنَةِ

فساد کے وقت جنگلوں میں چلے جانے کی اجازت

۸۶۴۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي صَعْصَعَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوشِكُ أَنْ يَكُونَ خَيْرَ مَالِ الْمُسْلِمِ غَنَمًا يَتْبَعُ بِهَا شَعَفَ الْجِبَالِ وَمَوَاقِعَ الْقَطْرِ يَفِرُّ بِدِينِهِ مِنَ الْفِتَنِ۔

عبداللہ بن مسلمہ، مالک، عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن ابوصعصعہ، اُن کے والدِ ماجد نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا:۔ قریب ہے کہ مسلمان کا بہترین مال اُس کی بکریاں ہوں گی جنھیں چراتا ہوا وہ پہاڑوں کی چوٹیوں اور بارش کے مقامات پر پھرے گا۔ اپنے دین کو بچانے کی خاطر آبادیوں سے بھاگ گیا ہوگا۔

ف:۔ فتنہ وفساد کے وقت اپنی گزر اوقات کا معمولی سا ذریعہ پیدا کر کے جنگلوں اور پہاڑوں میں جا رہنا گویا گوشۂ عافیت میں پناہ لینا ہے۔ فتنوں کے وقت نہ کسی کا مال وجان محفوظ رہتا ہے اور نہ دین وایمان۔ بہتر یہی ہے کہ ایسے موقع پر کوئی پناہ گاہ تلاش کرے اور کچھ بھی نہ بچا سکے تو کم از کم فتنہ پروروں سے اپنا دین بچالے۔ افسوس! برٹش گورنمنٹ کے پرفتن دور سے آج تک بڑے پُر اسرار فتنے اُٹھائے گئے، کتنے ہی دین وایمان کے رہزنوں کے سروں پر تاجِ رہنمائی سجائے گئے، جن کے حقیقی خدوخال کو عوام الناس دیکھ نہ سکے۔ ظاہری تقدس پر فریفتہ ہو کر ہزاروں اور لاکھوں مسلمان اپنے دین وایمان کا بیڑہ غرق کر بیٹھے۔ اللہ تعالٰی مسلمانوں کو فتنہ بازوں کے شر سے محفوظ رکھے اور صراطِ مستقیم پر استقامت نصیب فرمائے، آمین

باب ۳۰۔ النَّهْيِ عَنِ الْقِتَالِ فِي الْفِتْنَةِ۔

فساد کے وقت لڑنے کی ممانعت

۸۶۵۔ حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ وَيُونُسَ عَنِ الْحَسَنِ عَنِ الْأَحْنَفِ ابْنِ قَيْسٍ قَالَ خَرَجْتُ وَأَنَا أُرِيدُ يَعْنِي فِي الْقِتَالِ فَلَقِيَنِي أَبُو بَكْرَةَ فَقَالَ ارْجِعْ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِذَا تَوَجَّهَ الْمُسْلِمَانِ بِسَيْفَيْهِمَا فَالْقَاتِلُ وَالْمَقْتُولُ فِي النَّارِ قَالَ يَا رَسُولَ اللهِ هٰذَا الْقَاتِلُ فَمَا بَالُ الْمَقْتُولِ قَالَ إِنَّهُ أَرَادَ قَتْلَ صَاحِبِهِ۔

احنف بن قیس کا بیان ہے کہ میں لڑائی میں شامل ہونے کی غرض سے نکلا تو مجھے حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ مل گئے۔ انہوں نے فرمایا کہ لوٹ جاؤ کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ جب دو مسلمان تلواریں لے کر ایک دوسرے پر ٹوٹ پڑیں تو قاتل اور مقتول دونوں جہنم میں جائیں گے۔ عرض کی گئی کہ یا رسول اللہ! وہ تو قاتل ہے لیکن مقتول کیوں؟ فرمایا کہ اُس نے بھی اپنے ساتھی (قاتل) کو قتل کرنے کا ارادہ کیا تھا۔

۸۶۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ الْعَسْقَلَانِيُّ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنِ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ وَمَعْنَاهُ مُخْتَصَرًا۔

محمد بن متوکل عسقلانی، عبدالرزاق، معمر، ایوب نے حسن سے اپنی اسناد کے ساتھ مختصر طور پر اسے معناً روایت کیا۔

بَابٌ ۳۰۲ فِي تَعْظِيمِ قَتْلِ الْمُؤْمِنِ

۸۶۷ - حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ الْفَضْلِ الْحَرَّانِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ دِهْقَانَ قَالَ كُنَّا فِي غَزْوَةِ الْقُسْطَنْطِينِيَّةِ بِذُلُقْيَةَ فَأَقْبَلَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ فِلَسْطِينَ مِنْ أَشْرَافِهِمْ وَخِيَارِهِمْ يَعْرِفُونَ ذَلِكَ لَهُ يُقَالُ لَهُ هَانِئُ بْنُ كُلْثُومِ بْنِ شَرِيكٍ الْكِنَانِيُّ فَسَلَّمَ عَلَى عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي زَكَرِيَّا وَكَانَ يَعْرِفُ لَهُ حَقَّهُ قَالَ لَنَا خَالِدٌ فَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي زَكَرِيَّا قَالَ سَمِعْتُ أَبَا الدَّرْدَاءِ تَقُولُ سَمِعْتُ أَبَا الدَّرْدَاءِ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ كُلُّ ذَنْبٍ عَسَى اللَّهُ أَنْ يَغْفِرَهُ إِلَّا مَنْ مَاتَ مُشْرِكًا أَوْ مُؤْمِنٌ قَتَلَ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَقَالَ هَانِئُ بْنُ كُلْثُومٍ سَمِعْتُ مَحْمُودَ بْنَ الرَّبِيعِ يُحَدِّثُ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ أَنَّهُ سَمِعَهُ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ مَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا فَاغْتَبَطَ بِقَتْلِهِ لَمْ يَقْبَلِ اللَّهُ مِنْهُ صَرْفًا وَلَا عَدْلًا قَالَ لَنَا خَالِدٌ ثُمَّ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي زَكَرِيَّا عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لَا يَزَالُ الْمُؤْمِنُ مُعْنِقًا صَالِحًا مَا لَمْ يُصِبْ دَمًا حَرَامًا فَإِذَا أَصَابَ دَمًا حَرَامًا بَلَّحَ وَحَدَّثَ هَانِئُ بْنُ كُلْثُومٍ عَنْ مَحْمُودِ بْنِ الرَّبِيعِ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ سَوَاءً۔

۸۶۸ - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُبَارَكٍ قَالَ نَا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ أَوْ غَيْرُهُ قَالَ قَالَ خَالِدُ بْنُ دِهْقَانَ سَأَلْتُ يَحْيَى بْنَ يَحْيَى الْغَسَّانِيَّ عَنْ قَوْلِهِ اغْتَبَطَ بِقَتْلِهِ قَالَ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَ فِي الْفِتْنَةِ فَيَقْتُلُ

مومن کو قتل کرنے کا گناہ

خالد بن دہقان کا بیان ہے کہ غزوہ قسطنطنیہ کے وقت ہم ذلقیہ نامی مقام پر تھے کہ فلسطین والوں میں سے ایک شخص آیا جو وہاں کے شرفاء اور معززین سے تھا۔ لوگ اُس کے مقام سے واقف تھے اور اُسے ہانی بن کلثوم بن شریک کنانی کہا جاتا تھا۔ اُس نے عبداللہ بن ابو زکریا کو سلام کیا اور وہ ان کا مرتبہ شناس تھا۔ خالد بن دہقان کا بیان ہے کہ ہم سے حدیث بیان کی عبداللہ بن ابو زکریا، ام درداء، حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا:۔ امید ہے کہ ہر گناہ کو اللہ تعالیٰ معاف فرما دے ماسوائے اُس کے جو شرک کی حالت میں مرا یا جس مومن نے دوسرے مومن کو جان بوجھ کر قتل کیا ۔۔۔ ہانی بن کلثوم کا بیان ہے کہ محمود بن ربیع نے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کسی مومن کو قتل کیا اور اُس قتل کو درست سمجھے تو اللہ تعالیٰ اُس کا فرض و نفل کچھ بھی قبول نہیں فرمائے گا ۔۔۔ خالد کا بیان ہے کہ ابن ابو زکریا نے حضرت ابو درداء سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ مومن ہمیشہ صالح اور سبکدوش رہتا ہے جب تک حرام خون نہ کرے۔ جب حرام خون کرے تو بوجھل اور سست ہو جاتا ہے اور حدیث بیان کی ہانی بن کلثوم، محمود بن ربیع، حضرت عبادہ بن صامت نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اسی حدیث کی طرح۔

عبدالرحمٰن بن عمرو، محمد بن مبارک، صدقہ بن خالد یا کوئی دوسرا، خالد بن دہقان کا بیان ہے کہ میں نے یحییٰ بن یحییٰ غسانی سے فرمانِ رسالت اِغْتَبَطَ بِقَتْلِہٖ کے متعلق دریافت کیا تو بتایا کہ یہ اُن کے متعلق فرمایا ہے جو فساد کے وقت لڑتے ہیں۔ پس ایک شخص دوسرے کو قتل کر دے اور سمجھ بیٹھے کہ اُس نے

أَحَدُهُمْ فَيَرَى أَنَّهُ عَلَى هُدًى فَلَا يَسْتَغْفِرُ اللهَ تَعَالَى يَعْنِي مِنْ ذٰلِكَ۔

درست کیا ہے لہٰذا اللہ تعالےٰ سے اس کرتوت پر استغفار نہ کرے۔

۸۶۹۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا حَمَّادٌ أَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ إِسْحٰقَ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنْ مُجَاهِدِ بْنِ عَوْفٍ أَنَّ خَارِجَةَ بْنَ زَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ فِي هٰذَا الْمَكَانِ يَقُولُ أُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ وَمَنْ يَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَجَزَاؤُهُ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيهَا بَعْدَ الَّتِي فِي الْفُرْقَانِ وَالَّذِينَ لَا يَدْعُونَ مَعَ اللهِ إِلٰهًا آخَرَ وَلَا يَقْتُلُونَ النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللهُ إِلَّا بِالْحَقِّ بِسِتَّةِ أَشْهُرٍ۔

مجاہد بن عوف نے خارجہ بن زید سے روایت کی ہے کہ میں نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالےٰ عنہ کو اس جگہ پر فرماتے ہوئے سنا کہ آیت :- اور جو کسی مومن کو جان بوجھ کر قتل کرے تو اس کا بدلہ جہنم ہے جس میں ہمیشہ رہے گا (۴: ۹۳) یہ سورہ الفرقان کی آیت :- وہ جو اللہ کے سوا کسی اور معبود کی عبادت نہیں کرتے اور نہ اس جان کو قتل کرتے ہیں جس کو اللہ نے حرام قرار دیا ہے مگر حق کے ساتھ (۲۵ : ۶۸) کے چھ ماہ بعد نازل فرمائی گئی تھی۔

۸۷۰۔ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسٰى نَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ أَوْ حَدَّثَنِي الْحَكَمُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ لَمَّا أُنْزِلَتِ الَّتِي فِي الْفُرْقَانِ وَالَّذِينَ لَا يَدْعُونَ مَعَ اللهِ إِلٰهًا آخَرَ وَلَا يَقْتُلُونَ النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللهُ إِلَّا بِالْحَقِّ قَالَ مُشْرِكُوا أَهْلِ مَكَّةَ قَدْ قَتَلْنَا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللهُ وَدَعَوْنَا مَعَ اللهِ إِلٰهًا آخَرَ وَأَتَيْنَا الْفَوَاحِشَ فَأَنْزَلَ اللهُ تَعَالَى إِلَّا مَنْ تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَأُولٰئِكَ يُبَدِّلُ اللهُ سَيِّئَاتِهِمْ حَسَنَاتٍ فَهٰذِهِ لِأُولٰئِكَ قَالَ فَأَمَّا الَّتِي فِي النِّسَاءِ وَمَنْ يَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَجَزَاؤُهُ جَهَنَّمُ الْآيَةَ قَالَ الرَّجُلُ إِذَا عَرَفَ شَرَائِعَ الْإِسْلَامِ ثُمَّ قَتَلَ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَجَزَاؤُهُ جَهَنَّمُ فَلَا تَوْبَةَ لَهُ فَذَكَرْتُ هٰذَا لِمُجَاهِدٍ فَقَالَ إِلَّا مَنْ نَدِمَ۔

سعید بن جبیر کا بیان ہے کہ میں نے پوچھا تو حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما نے فرمایا:- جب سورۃ الفرقان کی آیت :- وہ جو اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کی پوجا نہیں کرتے اور نہ کسی جان کو قتل کرتے ہیں جس کو اللہ نے حرام قرار دیا مگر حق کے ساتھ (۶۸:۲۵) تو مکہ مکرمہ کے مشرکوں نے کہا:- ہم نے اس جان کو قتل کیا جس کو اللہ نے حرام قرار دیا ہے اور اللہ کے ساتھ دوسرے معبود کی عبادت کی ہے اور بے حیائی کے کام کیے ہیں۔ تو اللہ تعالےٰ نے یہ حکم نازل فرمایا:- مگر جنہوں نے توبہ کی اور ایمان لائے اور نیک کام کیے تو ایسے لوگوں کی برائیوں کو اللہ تعالےٰ نیکیوں سے بدل دیتا ہے (۲۵: ۷۰) یہ انہیں کے متعلق ہے۔ فرمایا کہ سورۃ النساء کی آیت :- اور جو کسی صاحبِ ایمان کو جان بوجھ کر قتل کرے تو اس کا بدلہ جہنم ہے (۴: ۹۳) یہ اس مسلمان کے متعلق ہے جو حکم اسلام کو جانتے ہوئے کسی صاحبِ ایمان کو دانستہ قتل کرے تو وہ جہنمی ہے۔ اور اس کی توبہ نہیں ہے۔ میں نے مجاہد سے اس کا ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا۔ مگر جو نادم ہوا۔

۸۷۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ حَدَّثَنِي يَعْلَى عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي هٰذِهِ الْقِصَّةِ فِي

سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مذکورہ واقعہ کو روایت کرتے ہوئے اَلَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ کے متعلق فرمایا کہ وہ مشرکین ہیں۔ اور

الَّذِیْنَ لَا یَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰہِ اِلٰھًا اٰخَرَ قَالَ اَھْلُ الشِّرْکِ قَالَ وَنَزَلَ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓی اَنْفُسِھِمْ۔

مسلمان کے متعلق حکم نازل فرمایا۔ اے میرے بندو! جو اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھے (۳۹: ۵۳)۔

۸۷۲۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ نَا سُفْیَانُ عَنِ الْمُغِیْرَۃِ بْنِ النُّعْمَانِ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ وَمَنْ یَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا قَالَ مَا نَسَخَھَا شَیْءٌ۔

مغیرہ بن نعمان نے سعید بن جبیر سے روایت کی کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما نے فرمایا۔ وَمَنْ یَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا والے حکم کو کسی آیت نے منسوخ نہیں کیا ہے۔

۸۷۳۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ یُوْنُسَ نَا اَبُوْ شِھَابٍ عَنْ سُلَیْمَانَ التَّیْمِیِّ عَنْ اَبِیْ مِجْلَزٍ فِیْ قَوْلِہٖ تَعَالٰی وَمَنْ یَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُہٗ جَھَنَّمُ قَالَ ھِیَ جَزَآؤُہٗ فَاِنْ شَآءَ اللّٰہُ اَنْ یَّتَجَاوَزَ عَنْہُ فَعَلَ۔

سلیمان تیمی نے ابو مجلز سے ارشادِ ربانی: "اور جو کسی صاحب ایمان کو جان بوجھ کر قتل کرے تو اُس کا بدلہ جہنم ہے"۔ کے متعلق روایت کی کہ اگر اللہ تعالےٰ چاہے تو اُس کے اس فعل سے درگزر فرمائے گا۔

بَابُ ۳۰۳۔ مَا یُرْجٰی فِی الْقَتْلِ۔

قتل ہو جانے کے بعد اُمیدِ مغفرت

۸۷۴۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا اَبُو الْاَحْوَصِ سَلَّامُ ابْنُ سُلَیْمٍ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ ھِلَالِ بْنِ یَسَافٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ زَیْدٍ قَالَ کُنَّا عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَذَکَرَ فِتْنَۃً فَعَظَّمَ اَمْرَھَا فَقُلْنَا اَوْ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنْ اَدْرَکَتْنَا ھٰذِہٖ لَتُھْلِکَنَّا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَلَّا اِنَّ بِحَسْبِکُمُ الْقَتْلَ قَالَ سَعِیْدٌ فَرَاَیْتُ اِخْوَانِیْ قُتِلُوْا۔

ہلال بن یساف سے روایت ہے کہ حضرت سعید بن زید رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا، ہم نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں تھے کہ آپ نے ایک فتنے کا ذکر کیا اور اُس کی شدت بیان فرمائی۔ ہم یا لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! اگر وہ ہماری موجودگی میں آیا تو ہمیں ہلاک کر ڈالے گا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارا قتل ہو جانا ہی تمہیں کفایت کرے گا۔ سعید کا بیان ہے کہ میں نے اپنے بھائیوں کو دیکھا کہ قتل کر دیے گئے تھے۔

۸۷۵۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَیْبَۃَ قَالَ نَا کَثِیْرُ بْنُ ھِشَامٍ نَا الْمَسْعُوْدِیُّ عَنْ سَعِیْدِ ابْنِ اَبِیْ بُرْدَۃَ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُمَّتِیْ ھٰذِہٖ اُمَّۃٌ مَّرْحُوْمَۃٌ لَیْسَ لَھَا عَذَابٌ فِی الْاٰخِرَۃِ وَعَذَابُھَا فِی الدُّنْیَا الْفِتَنُ وَالزَّلَازِلُ وَالْقَتْلُ۔ اٰخِرُ کِتَابِ الْفِتَنِ۔

عثمان بن ابو شیبہ، کثیر بن ہشام مسعودی، سعید بن ابو بردہ، اُن کے والدِ ماجد نے حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میری اُمت ایسی ہے جس پر رحم فرما دیا گیا ہے۔ اس کے لیے آخرت کا عذاب نہیں ہے اور دنیا میں اس کے لیے عذاب فتنوں زلزلوں اور قتل کی صورت میں ہے۔ کتاب الفتن ختم ہو گئی۔

أَوَّلُ كِتَابِ الْمَهْدِيِّ

۸۷۶۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ نَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ إِسْمٰعِيلَ يَعْنِي ابْنَ أَبِي خَالِدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا يَزَالُ هٰذَا الدِّينُ قَائِمًا حَتّٰى يَكُونَ عَلَيْكُمْ اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً كُلُّهُمْ تَجْتَمِعُ عَلَيْهِ الْأُمَّةُ فَسَمِعْتُ كَلَامًا مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ أَفْهَمْهُ فَقُلْتُ لِأَبِي مَا يَقُولُ قَالَ كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ۔

۸۷۷۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا وُهَيْبٌ نَا دَاوُدُ عَنْ عَامِرٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا يَزَالُ هٰذَا الدِّينُ عَزِيزًا إِلَى اثْنَيْ عَشَرَ خَلِيفَةً قَالَ فَكَبَّرَ النَّاسُ وَضَجُّوا ثُمَّ قَالَ كَلِمَةً خَفِيفَةً قُلْتُ لِأَبِي يَا أَبَتِ مَا قَالَ قَالَ كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ۔

۸۷۸۔ حَدَّثَنَا ابْنُ نُفَيْلٍ نَا زُهَيْرٌ نَا زِيَادُ بْنُ خَيْثَمَةَ نَا الْأَسْوَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ بِهٰذَا الْحَدِيثِ زَادَ فَلَمَّا رَجَعَ إِلَى مَنْزِلِهِ أَتَتْهُ قُرَيْشٌ فَقَالُوا ثُمَّ يَكُونُ مَاذَا قَالَ ثُمَّ يَكُونُ الْهَرْجُ۔

۸۷۹۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ أَنَّ عُمَرَ بْنَ عُبَيْدٍ حَدَّثَهُمْ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا أَبُو بَكْرٍ يَعْنِي ابْنَ عَيَّاشٍ ح وَحَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ نَا يَحْيٰى عَنْ سُفْيَانَ ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسٰى أَخْبَرَنَا زَائِدَةُ ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسٰى عَنْ فِطْرٍ الْمَعْنٰى كُلُّهُمْ عَنْ عَاصِمٍ

حضرت امام مہدی کا بیان

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا:۔ یہ دین ہمیشہ قائم رہے گا یہاں تک کہ تم پر بارہ خلیفے ہوں گے اور ہر ایک پر اُمت کا اتفاق ہوگا۔ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے کچھ مزید سنا لیکن میں سمجھ نہ سکا۔ والدِ محترم سے گزارش کی کہ کیا فرمایا تھا۔ انہوں نے فرمانِ رسالت بتایا کہ سب قریش سے ہوں گے۔

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا:۔ یہ دین بارہ۱۲ خلفا تک برابر غالب رہے گا۔ راوی کا بیان ہے کہ لوگوں نے تکبیر کہی اور خوب زور لگایا۔ پھر آپ نے آہستہ آواز سے کچھ فرمایا۔ میں والدِ ماجد کی خدمت میں عرض گزار ہوا کہ ابا جان! حضور نے کیا فرمایا؟ فرمایا کہ سب قریش سے ہوں گے۔

اسود بن سعید ہمدانی نے حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے اس حدیث کو روایت کرتے ہوئے یہ بھی فرمایا:۔ جب آپ کاشانۂ اقدس کی طرف لوٹے تو قریش حاضرِ بارگاہ ہوکر عرض گزار ہوئے:۔ پھر کیا ہوگا؟ فرمایا کہ پھر قتل و قتال ہوگا۔

مسدد، عمر بن عبید ــــ محمد بن العلاء، ابوبکر ابن العیاش ــــ مسدد، یحیٰی، سفیان ــــ احمد بن ابراہیم، عبداللہ بن موسٰی، زائدہ ــــ احمد بن ابراہیم، عُبیداللہ بن موسٰی، فطر، عاصم زر، حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اگر دنیا کی زندگی کا ایک روز بھی باقی رہ گیا۔ زائدہ کی روایت میں ہے کہ اللہ تعالٰی اُسے لمبا کر دے گا۔ یہاں تک کہ مجھ سے یا میرے اہلِ بیت

عَنْ زِرٍّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا يَوْمًا قَالَ زَائِدَةُ لَطَوَّلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ الْيَوْمَ حَتّٰى يَبْعَثَ رَجُلًا مِنِّي أَوْ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي يُوَاطِئُ اسْمُهُ اسْمِي وَاسْمُ أَبِيهِ اسْمَ أَبِي زَادَ فِي حَدِيثِ فِطْرٍ يَمْلَأُ الْأَرْضَ قِسْطًا وَعَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ ظُلْمًا وَجَوْرًا وَقَالَ فِي حَدِيثِ سُفْيَانَ لَا تَذْهَبُ أَوْ لَا تَنْقَضِي الدُّنْيَا حَتّٰى يَمْلِكَ الْعَرَبَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي يُوَاطِئُ اسْمُهُ اسْمِي قَالَ أَبُو دَاوُدَ لَفْظُ عُمَرَ وَأَبِي بَكْرٍ بِمَعْنٰى سُفْيَانَ۔

سے ایک آدمی کو اٹھائے گا جو میرا ہم نام ہوگا اور اس کے باپ کا نام وہی ہوگا جو میرے والدِ ماجد کا ہے۔ فطر کی حدیث میں یہ بھی ہے کہ وہ زمین کو عدل وانصاف سے بھر دے گا جیسے وہ ظلم وستم سے بھر گئی ہوگی۔ حدیثِ سفیان ہیں فرمایا کہ نہیں جائے گی یا دنیا ختم نہیں ہوگی، یہاں تک کہ عرب کا مالک وہ شخص ہوگا جو میرے اہل بیت سے اور میرا ہم نام ہوگا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ عمر بن عبید اور ابوبکر بن عیاش کے الفاظ بھی معناً سفیان جیسے ہیں۔

۸۸۰۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ ثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ نَا فِطْرٌ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ أَبِي بَزَّةَ عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ عَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدَّهْرِ إِلَّا يَوْمًا لَبَعَثَ اللّٰهُ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ بَيْتِي يَمْلَأُهَا عَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ جَوْرًا۔

ابوطفیل نے حضرت علی کرم اللہ تعالٰی وجہہ الکریم سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا۔ اگر زمانے کی زندگی سے ایک دن بھی باقی رہ گیا تب بھی اللہ تعالٰی ایک ایسے فرد کو کھڑا کرے گا جو میرے اہل بیت سے ہوگا اور زمین کو انصاف سے ایسے بھر دے گا جیسے وہ ظلم وستم سے بھر گئی ہوگی۔

۸۸۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ ثَنَا أَبُو الْمَلِيحِ الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ عَنْ زِيَادِ بْنِ بَيَانٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ نُفَيْلٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الْمَهْدِيُّ مِنْ عِتْرَتِي مِنْ وُلْدِ فَاطِمَةَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ وَسَمِعْتُ أَبَا الْمَلِيحِ يُثْنِي عَلٰى عَلِيِّ بْنِ نُفَيْلٍ وَيَذْكُرُ مِنْهُ صَلَاحًا۔

احمد بن ابراہیم، عبداللہ بن جعفر رقی، ابو الملیح حسن ابن عمر، زیاد بن بیان، علی بن نفیل، سعید بن مسیب، حضرت اُم سلمہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ مہدی میری نسل اور فاطمہ کی اولاد سے ہوں گے۔ عبداللہ بن جعفر کا بیان ہے کہ میں نے ابو الملیح کو علی بن نفیل کی تعریف کرتے اور اچھا ذکر کرتے ہوئے سنا ہے۔

۸۸۲۔ حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ تَمَّامِ بْنِ بَزِيعٍ نَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَهْدِيُّ مِنِّي

ابونضرہ نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا:۔ مہدی مجھ سے ہوں گے جو کشادہ پیشانی اور اونچی ناک والے ہوں گے۔ زمین کو عدل وانصاف سے

أجلى الجبهة أقنى الأنف يملأ الأرض قسطا وعدلا كما ملئت ظلما وجورا ويملك سبع سنين۔

یوں بھر دیں گے جیسے وہ ظلم و ستم سے بھر گئی ہوگی۔ وہ سات سال حکومت کریں گے۔

۸۸۳ - حدثنا محمد بن المثنى حدثنا معاذ بن هشام حدثني أبي عن قتادة عن صالح أبي الخليل عن صاحب له عن أم سلمة زوج النبي صلى الله عليه وسلم قال يكون اختلاف عند موت خليفة فيخرج رجل من أهل المدينة هاربا إلى مكة فيأتيه ناس من أهل مكة فيخرجونه وهو كاره فيبايعونه بين الركن والمقام ويبعث إليه بعث من الشام فيخسف بهم بالبيداء بين مكة والمدينة فإذا رأى الناس ذلك أتاه أبدال الشام وعصائب أهل العراق فيبايعونه ثم ينشأ رجل من قريش أخواله كلب فيبعث إليهم بعثا فيظهرون عليهم وذلك بعث كلب والخيبة لمن لم يشهد غنيمة كلب فيقسم المال ويعمل في الناس بسنة نبيهم صلى الله عليه وسلم ويلقي الإسلام بجرانه إلى الأرض فيلبث سبع سنين ثم يتوفى ويصلي عليه المسلمون قال أبو داود وقال بعضهم عن هشام تسع سنين وقال بعضهم سبع سنين۔

صالح بن خلیل کے ایک دوست سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی زوجۂ مطہرہ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا نے فرمایا: ایک خلیفہ کی وفات کے وقت اختلاف واقع ہوگا تو اہلِ مدینہ سے ایک شخص مکہ مکرمہ کی طرف بھاگ جائے گا تو اہلِ مکہ سے کچھ لوگ اُس کے پاس آئیں گے اور اُسے امامت کے لیے نکالیں گے جبکہ وہ ناخوش ہوگا۔ پس حجرِ اسود اور مقامِ ابراہیم کے درمیان اُس کے ہاتھ پر بیعت کی جائے گی۔ شام سے اُس کی طرف ایک لشکر بھیجا جائے گا۔ جو مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان بیداء کے مقام پر زمین میں دھنسا دیئے جائیں گے جب لوگ ایسا دیکھیں گے تو شام کے ابدال اور عراق کے جتھے حاضر ہو کر بیعت کریں گے۔ پھر اللہ تعالےٰ قریش سے ایک آدمی کو کھڑا کرے گا جو بنی کلب کا بھانجا ہوگا۔ وہ ایک لشکر بھیجے گا جس پر مہدی فتح پائیں گے۔ بنی کلب کی فوج یہی ہوگی۔ اُس پر افسوس ہے جو بنی کلب کے مالِ غنیمت میں شامل نہ ہوا۔ پس مال تقسیم کر دیا جائے گا اور لوگوں میں تمہارے نبی کی سنت رائج کر دی جائے گی۔ اسلام اپنے پنجے زمین میں گاڑے گا۔ پس وہ سات سال رہنے کے بعد وفات پائیں گے اور مسلمان اُن پر نماز پڑھیں گے۔ — امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ہشام سے بعض نے نو سال اور بعض نے سات سال روایت کیے ہیں۔

ف: احادیثِ مطہرہ کے مطابق امام مہدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اہلِ سنت وجماعت کے بہت بڑے بزرگ اور خروجِ دجال کے وقت اُمتِ محمدیہ کی تمناؤں اور امیدوں کا مرکز ہوں گے۔ روافض نے اُن کے متعلق جو مضحکہ خیز پروپگنڈا کیا ہوا ہے کہ وہ فلاں صدی کے فلاں سن میں پیدا ہوئے تھے، فلاں کارنامے انجام دینے کے بعد مسلمانوں سے ناراض ہو کر غار سُرّ من رائے میں چھپے ہوئے ہیں اور قیامت کے نزدیک ظہور فرمائیں گے۔ یہ من گھڑت اور فرضی قصہ ہے۔ اسی طرح سید احمد بریلوی صاحب (المتوفی ۱۲۴۶ھ / ۱۸۳۱ء) کے متعلق امام مہدی ہونے کے دعاوی کیے گئے اور موصوف

کے دستِ راست یعنی مولوی محمد اسمٰعیل دہلوی صاحب (المتوفی ۱۲۴۶ھ/۱۸۳۱ء) نے انہیں جو صراطِ مستقیم کتاب میں صاحب وحی و عصمت بتایا اور الہامات کے نام سے جو بے بنیاد اور مضحکہ خیز بیانات سپردِ قلم کیے وہ مسلمانوں کو دھوکا دینے کے لیے ساحرینِ فرنگ کی شعبدہ بازی تھی۔ جب یہ برطانوی منصوبہ بالاکوٹ کی سرزمین میں دفن ہوگیا تو چند متبعین نے وہاں اپنا کاروباری مرکز قائم کرلیا اور اپنے کاروبار کو چلانے نیز فرضی الہامات کی روشنی میں سید صاحب کو سچا دکھانے کی غرض سے ان کی غیبوبت کا مسئلہ روافض کی طرح گھڑ دیا۔ بلکہ بعض حضرات نے تو سید صاحب سے ملاقات اور کلام کرنے کے فرضی قصے بھی گھڑے اور انہیں کتابی شکل دی گئی۔ یہ محض شیطانی چکر ہیں جن کا حقیقت سے دور کا واسطہ بھی نہیں۔ ہاں امام مہدی رضی اللہ تعالٰے عنہ خروج دجال سے کچھ عرصہ پہلے پیدا ہوں گے۔ وقت آنے پر وقت کے ابدال و اقطاب انہیں پہچان لیں گے اور ان کے ہاتھ پر بیعت کریں گے۔ احادیث مطہرہ میں اُن کے کارناموں کی تفاصیل آئی ہیں اور فضائل و کمالات وارد ہوئے ہیں۔

۸۸۴- حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ عَنْ هَمَّامٍ عَنْ قَتَادَةَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ قَالَ تِسْعَ سِنِيْنَ قَالَ اَبُوْدَاؤُدَ قَالَ غَيْرُ مُعَاذٍ عَنْ هِشَامٍ تِسْعَ سِنِيْنَ۔

ہمام نے قتادہ سے اس حدیث کو روایت کرتے ہوئے نو سال کہا ہے۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ معاذ کے سوا اور حضرات نے بھی ہشام سے نو سال روایت کیے ہیں۔

۸۸۵- حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ نَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ قَالَ نَا اَبُو الْعَوَّامِ قَالَ نَا قَتَادَةُ عَنْ اَبِى الْخَلِيْلِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ وَحَدِيْثُ مُعَاذٍ اَتَمُّ۔

ابن المثنیٰ، عمرو بن عاصم، ابو العوام، قتادہ، ابو خلیل، عبداللہ بن حارث، حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالٰے عنہا نے نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم سے اس حدیث کو روایت کیا ہے جبکہ سابقہ یعنی معاذ بن ہشام کی حدیث زیادہ مکمل ہے

۸۸۶- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ رُفَيْعٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنِ الْقِبْطِيَّةِ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقِصَّةِ جَيْشِ الْخَسْفِ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ بِمَنْ كَانَ كَارِهًا قَالَ يُخْسَفُ بِهِمْ وَلٰكِنْ يُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى نِيَّتِهٖ قَالَ اَبُوْدَاؤُدَ وَحُدِّثْتُ عَنْ هَارُوْنَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ قَالَ نَا عَمْرُو بْنُ اَبِىْ قَيْسٍ عَنْ شُعَيْبِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ قَالَ قَالَ عَلِىٌّ وَنَظَرَ اِلٰى اَبْنِهِ الْحَسَنِ فَقَالَ اِنَّ ابْنِىْ هٰذَا سَيِّدٌ كَمَا سَمَّاهُ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَيَخْرُجُ مِنْ صُلْبِهٖ رَجُلٌ يُسَمّٰى بِاسْمِ نَبِيِّكُمْ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالٰے عنہا نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے لشکر کے دھنس جانے کو روایت کرتے ہوئے فرمایا:- میں عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! جو جبراً اُس لشکر میں شامل کیا گیا ہو اُس کا کیا حال ہوگا؟ فرمایا کہ ان کے ساتھ ہی دھنس جائے گا لیکن قیامت کے روز اُس کی نیت پر اٹھایا جائے گا۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ مجھ سے حدیث بیان کی ہارون بن مغیرہ، عمرو بن ابو قیس، شعیب بن خالد، ابو اسحاق سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالٰے عنہ نے اپنے صاحبزادے حضرت امام حسن کی جانب دیکھتے ہوئے فرمایا:- میرا یہ بیٹا سردار ہے جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے اس کو نامزد فرمایا ہے اور عنقریب اس کی نسل سے ایک شخص پیدا ہوگا جس کا نام تمہارے نبی کے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُشْبِهُهُ فِي الْخُلُقِ وَلَا يُشْبِهُهُ فِي الْخَلْقِ ثُمَّ ذَكَرَ قِصَّةً يَمْلَأُ الْأَرْضَ عَدْلًا وَقَالَ هَارُوْنُ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِي قَيْسٍ عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ طَرِيْفٍ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ عَنْ هِلَالِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ سَمِعْتُ عَلِيًّا كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ يَقُوْلُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ رَجُلٌ مِنْ وَرَاءِ النَّهْرِ يُقَالُ لَهُ الْحَارِثُ ابْنُ حَرَّاثٍ عَلَى مُقَدِّمَتِهِ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ مَنْصُوْرٌ يُوَطِّئُ أَوْ يُمَكِّنُ لِآلِ مُحَمَّدٍ كَمَا مَكَّنَتْ قُرَيْشٌ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَبَ عَلَى كُلِّ مُؤْمِنٍ نَصْرُهُ أَوْ قَالَ إِجَابَتُهُ۔

اٰخِرُ كِتَابِ الْمَهْدِيِّ

اسم گرامی پر ہوگا۔ وہ تخلیق میں نہیں بلکہ اخلاق میں حضور سے مشابہت رکھے گا۔ پھر زمین کو انصاف سے بھر دینے کا ذکر فرمایا۔ ہارون، عمرو بن ابو قیس، مطرف بن طریف، الحسن، ہلال بن عمرو کا بیان ہے کہ میں نے حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کو فرماتے ہوئے سنا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ ورا ءالنہر سے ایک آدمی نکلے گا جس کو حارث بن حراث کہا جائے گا۔ اس کے آگے منصور نامی ایک شخص ہوگا، جو آل محمد کو تسلط یا پناہ دے گا جیسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو قریش نے جگہ دی تھی۔ اس کی مدد کرنا ہر مسلمان پر واجب ہوگا یا فرمایا کہ اس کا حکم ماننا واجب ہوگا۔ کتاب المہدی ختم ہوئی۔

أَوَّلُ كِتَابِ الْمَلَاحِمِ

جنگوں کا بیان

بَابُ ۳۰ مَا يُذْكَرُ فِي قَرْنِ الْمِائَةِ.

سو سالہ عرصے کا بیان

۸۸۷۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ نَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ عَنْ شَرَاحِيلَ بْنِ يَزِيدَ الْمَعَافِرِيِّ عَنْ أَبِي عَلْقَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ فِيمَا أَعْلَمُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللَّهَ يَبْعَثُ لِهَذِهِ الْأُمَّةِ عَلَى رَأْسِ كُلِّ مِائَةِ سَنَةٍ مَنْ يُجَدِّدُ لَهَا دِينَهَا قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ نَا ابْنُ شُرَيْحٍ الْإِسْكَنْدَرَانِيُّ لَمْ يَجُزْ بِهِ شَرَاحِيلَ۔

سلیمان بن داؤد مہری، ابن وہب، سعید بن ابو ایوب، سراحیل بن یزید معافری، ابو علقمہ، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میرے علم کے مطابق رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اللہ تعالیٰ اس امت کے لیے ہر صدی کے سرے پر ایک ایسے شخص کو کھڑا کرتا رہے گا جو اس کے لیے اس کے دین کو درست کر دیا کرے گا۔

امام ابو داؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے عبدالرحمٰن نے ابن شریح اسکندرانی سے اور تجاوز نہیں کیا شراحیل سے آگے۔

ف:۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمتِ کاملہ سے اس دین کو قیامت تک باقی رکھنے کی خاطر یہ نظام قائم فرمایا ہے کہ ہر صدی کے سرے پر کم از کم اپنے ایک ایسے بندے کو ضرور کھڑا کرتا ہے جو اپنی بے پناہ خدا داد صلاحیتوں کے لحاظ سے نبی کا نائب اور مظہرِ اتم ہوتا ہے۔ وہ اپنے دور میں دین کے چہرے پر پڑی ہوئی گرد و غبار کو صاف کر کے دین کے چہرے کو نکھار دیتا ہے۔ ایسے شخص کو اصطلاحِ شرع میں مجدد کہتے ہیں۔ شریعتِ مطہرہ میں پیوند کاری اور جمع و تفریق کرنے والے خواہ کتنے ہی افراد ہوں۔ خواہ وہ علم و فضل کے کتنے ہی بلند بانگ دعاوی کر رہے ہوں، خواہ مسلمانوں کے کتنے ہی افراد انہیں آسمانِ علم کے شمس و قمر اور فخرِ غزالی و رازی ہی کیوں نہ سمجھتے ہوں لیکن مجدد کے سامنے اُن کے تمام مزعومہ دلائل تارِ عنکبوت کی طرح کمزور ثابت ہو کر ٹوٹتے چلے جاتے ہیں۔ وہ چونکہ حق و صداقت کا علمبردار اور دینِ برحق کا بے باک ترجمان ہوتا ہے۔ اس لیے وہ مسلمانوں کی برحق جماعت اور ناجی گروہ میں ہی ہوتا ہے۔ وہ اسلام کی صحیح ترین تصویر یعنی مذہب اہلسنت و جماعت کا اپنے دور میں محافظ و علمبردار ہوتا ہے اور یہی وہ سرمایۂ ملت ہے جس کی حفاظت کے لیے ہر صدی میں مجدد بھیجے جاتے ہیں۔ اہلسنت و جماعت کے علاوہ باقی تمام جماعتیں اور فرقے گمراہ ہیں جنہوں نے مقدس شجرِ اسلام میں غیر اسلامی عقائد و نظریات کی قلمیں لگائی ہوئی ہیں۔ لہٰذا اہلسنت و جماعت کے علاوہ گمراہ گروں میں جس طرح آج تک نہ کوئی ولی ہوا ہے اور نہ ہو سکتا ہے، اسی طرح اُن کی کسی جماعت میں نہ آج تک کوئی مجدد ہوا ہے اور نہ ہو سکتا ہے۔ ناجی گروہ اہلسنت و جماعت کے علاوہ مسلمانوں کا ہر فرقہ گمراہ، بدعتی اور اسلام کا بدخواہ ہے کیونکہ ایک جانب، وہ اسلام میں بعض غلط عقائد و نظریات کو شامل کرتا اور بعض اسلامی عقائد و نظریات کو خلافِ اسلام ٹھہراتا ہے تو دوسری جانب مسلمانوں کی اصلی جماعت سے نکل کر اپنا علیحدہ فرقہ اور گروہ بنا کر مسلمانوں کی مجموعی طاقت کو گھٹاتا ہے۔ تاریخ کی ورق گردانی سے یہ بات بھی کھل کر سامنے آتی ہے کہ جملہ فرقِ باطلہ اپنے علم و فضل اور صداقت و حقانیت کے تمام تر دعاوی کے باوجود وقت آنے پر ہمیشہ ہمیشہ دشمنانِ اسلام کے آلۂ کار اور سچے مسلمانوں کے لیے مارِ آستین ہی ثابت ہوئے۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت سے آج تک کے ہر اہم واقعے کی گہرائی میں جھانک کر دیکھا جائے تو ہر واقعے کی تہ میں اسلام کے انہیں گندم نما جو فروش شعبدہ بازوں

اور علمبرداروں کے منحوس چہرے نظر آئیں گے۔ دریں حالات مجدد بھلا ان گمراہ گردوں میں کیسے پیدا ہو سکتا ہے جبکہ وہ تو ایسے ہی نام نہاد رہنماؤں کی کارگزاریوں کو زیر زمین دفن کرنے کے لیے آتا ہے۔ اب ہم گزشتہ چودہ صدیوں کے مجددین کی اجمالی فہرست پیش کرتے ہیں۔

پہلی صدی:۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ (المتوفی ۱۰۱ھ / ۷۱۹ء)

دوسری صدی:۔ (۱) امام محمد بن ادریس شافعی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۲۰۴ھ / ۸۱۹ء)

(۲) امام حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۲۰۴ھ / ۸۱۹ء)

تیسری صدی:۔ (۱) امام ابوالحسن اشعری رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۳۳۰ھ / ۹۴۱ء)

(۲) امام ابومنصور ماتریدی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۳۳۳ھ / ۹۴۴ء)

(۳) امام محمد بن جریر طبری رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۳۱۱ھ / ۹۲۳ء)

(۴) امام ابوجعفر طحاوی حنفی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۳۲۱ھ / ۹۳۳ء)

چوتھی صدی:۔ امام ابوحامد الاسفرائنی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۴۷۱ھ / ۱۰۸۰ء)

پانچویں صدی:۔ حجۃ الاسلام امام محمد غزالی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۵۰۵ھ / ۱۱۱۱ء)

چھٹی صدی:۔ امام فخرالدین رازی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۶۰۶ھ / ۱۲۰۸ء)

ساتویں صدی:۔ امام تقی الدین ابن دقیق العید رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۷۰۲ھ / ۱۳۰۲ء)

آٹھویں صدی:۔ (۱) حافظ زین الدین عراقی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۸۰۶ھ / ۱۴۰۲ء)

(۲) امام سراج الدین بلقینی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۷۹۸ھ / ۱۳۹۲ء)

(۳) امام شمس الدین جزری رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۸۳۳ھ / ۱۴۲۸ء)

نویں صدی:۔ (۱) خاتم الحفاظ امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۹۱۱ھ / ۱۵۰۵ء)

(۲) امام شمس الدین سخاوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۹۰۲ھ / ۱۴۹۶ء)

دسویں صدی:۔ محدث کبیر علامہ علی قاری حنفی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۰۱۴ھ / ۱۶۰۶ء)

(۲) علامہ شمس الدین بن شہاب رملی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی سنہ ھ / سنہ ء)

گیارھویں صدی:۔ (۱) حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۰۳۴ھ / ۱۶۲۴ء)

آپ نہ صرف گیارھویں صدی بلکہ دوسرے ہزار سالہ دور کے بھی مجدد ہیں۔ اس امتیاز کے باعث اگر آپ کو مجدد اعظم کہا جائے تو بجا ہے۔

(۲) خاتم المحققین شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۰۵۲ھ / ۱۶۴۲ء)

بارھویں صدی:۔ (۱) سلطان محی الدین اورنگزیب عالمگیر رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۱۱۸ھ / ۱۷۰۶ء)

(۲) امام محمد عبدالباقی زرقانی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۱۲۲ھ / ۱۷۱۰ء)

(۳) امام عبدالغنی نابلسی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۱۴۳ھ / ۱۷۳۱ء)

تیرھویں صدی:۔ (۱) شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۲۳۹ھ / ۱۸۲۴ء)

(۲) شاہ غلام علی دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی سنہ ۱۲۴۰ھ/ ۱۸۲۵ء)

(۳) علامہ سید محمد امین بن عمر عابدین شامی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی سنہ ۱۲۵۲ھ/ ۱۸۳۶ء)

چودھویں صدی کی:- (۱) امام احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی سنہ ۱۳۴۰ھ/ سنہ ۱۹۲۱ء)

(۲) محقق دوراں، علامہ یوسف بن اسمٰعیل نبہانی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی سنہ ۱۳۵۰ھ/ سنہ ۱۹۳۱ء)

ہم نے اس فہرست میں صرف اُن حضرات کا نام پیش کیا ہے جن کے مجدد ہونے پر اکثر بزرگوں کا اتفاق ہے۔ یہ مدنظر رہے کہ اسلام کی قوتِ علمیہ (علمائے کرام) ہو یا قوتِ دفاعیہ (سلاطین عظام) سب کی سرپرست قوتِ روحانیہ ہوتی ہے یعنی حضرات اولیاء اللہ۔ ملت اسلامیہ کے اندر اولیاء اللہ کا وجود اسی طرح ہے جیسے جسم کے اندر روح۔ اسی لیے بڑے سے بڑے ہر عالم دین نے آج تک یہی کہا ہے اور قیامت تک باوازِ بلند یہی کہتے رہیں گے:

مولوی ہرگز نہ شد مولائے روم
تا غلام شمس تبریزی نہ شد

باب ۳۰۵ مَا يُذْكَرُ مِنْ مَلَاحِمِ الرُّوْمِ

رومی معرکوں کا بیان

۸۸۸- حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ نَا الْأَوْزَاعِيُّ عَنْ حَسَّانَ بْنِ عَطِيَّةَ قَالَ مَالَ مَكْحُوْلٌ وَابْنُ أَبِيْ زَكَرِيَّا إِلٰى خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ وَمِلْتُ مَعَهُمْ فَحَدَّثَنَا عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ قَالَ قَالَ جُبَيْرٌ انْطَلِقْ بِنَا إِلٰى ذِيْ مِخْبَرٍ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَيْنَاهُ فَسَأَلَهُ جُبَيْرٌ عَنِ الْهُدْنَةِ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ سَتُصَالِحُوْنَ الرُّوْمَ صُلْحًا آمِنًا فَتَغْزُوْنَ أَنْتُمْ وَهُمْ عَدُوًّا مِنْ وَرَائِكُمْ فَتُنْصَرُوْنَ وَتَغْنَمُوْنَ وَتَسْلَمُوْنَ ثُمَّ تَرْجِعُوْنَ حَتّٰى تَنْزِلُوْا بِمَرْجٍ ذِيْ تُلُوْلٍ فَيَرْفَعُ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ النَّصْرَانِيَّةِ الصَّلِيْبَ فَيَقُوْلُ غَلَبَ الصَّلِيْبُ فَيَغْضَبُ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَيَدُقُّهُ فَعِنْدَ ذٰلِكَ تَغْدِرُ الرُّوْمُ وَتَجْمَعُ لِلْمَلْحَمَةِ۔

نفیلی، عیسیٰ بن یونس اوزاعی حسان بن عطیہ کا بیان ہے کہ مکحول اور ابن ابو زکریا دونوں خالد بن معدان کی جانب روانہ ہوئے تو میں بھی اُن کے ساتھ چل پڑا۔ جُبیر بن نُفیر نے کہا کہ ہمارے ساتھ حضرت ذی مخبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس چلیے جو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک صحابی ہیں۔ ہم حاضر ہو گئے تو جُبیر نے صلح کے متعلق دریافت کیا۔ ارشاد ہوا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ عنقریب تم رومیوں سے صلح کرو گے امن کے ساتھ نیز تم اور وہ اپنے پیچھے والے دشمن سے لڑو گے۔ پس تم فتح اور مالِ غنیمت پا کر سلامت رہو گے۔ پس لوٹتے وقت ایک ٹیلے والے میدان میں اُترو گے۔ پس نصاریٰ میں سے ایک شخص صلیب اٹھا کر کہے گا کہ صلیب غالب ہو گئی۔ پس مسلمانوں میں سے ایک شخص کو غصہ آجائے گا اور وہ اُسے دھکا دے گا۔ اس پر رومی عہد شکنی کر کے مسلمانوں سے لڑنے کے لیے اپنی فوجوں کو جمع کر لیں گے۔

۸۸۹- حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ الْفَضْلِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ نَا الْوَلِيْدُ قَالَ نَا أَبُوْ عَمْرٍو عَنْ حَسَّانَ بْنِ عَطِيَّةَ هٰذَا الْحَدِيْثَ وَزَادَ فِيْهِ وَيَثُوْرُ الْمُسْلِمُوْنَ إِلٰى أَسْلِحَتِهِمْ فَيَقْتَتِلُوْنَ فَيُكْرِمُ اللّٰهُ

ابو عمرو نے حسان بن عطیہ سے اس حدیث کو روایت کرتے ہوئے اس میں یہ بھی کہا: مسلمان جلدی سے اپنے ہتھیار کو سنبھالیں گے اور لڑنے لگیں گے۔ پس اللہ تعالیٰ اس جماعت کو شہادت کے باعث فتح سے سرفراز فرمائے گا۔

تِلْكَ الْعِصَابَةَ بِالشَّهَادَةِ إِلَّا أَنَّ الْوَلِيدَ جَعَلَ الْحَدِيثَ عَنْ جُبَيْرٍ عَنْ ذِي مِخْبَرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ رَوْحٌ وَيَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ وَبِشْرُ بْنُ بَكْرٍ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ كَمَا قَالَ عِيسَى۔

ولید نے اس حدیث کو یوں بیان کیا ہے کہ جبیرؓ، حضرت ذی مخبر رضی اللہ تعالٰی عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے روایت کی ہے۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے روح اور یحییٰ بن حمزہ اور بشر بن بکر نے اوزاعی سے عیسیٰ بن یونس کی طرح۔

بَابٌ ٣٠٦ فِي أَمَارَاتِ الْمَلَاحِمِ۔

لڑائی جھگڑوں کی نشانیاں

٨٩٠۔ حَدَّثَنَا عَبَّاسٌ الْعَنْبَرِيُّ نَا هَاشِمُ ابْنُ الْقَاسِمِ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ ثَابِتِ بْنِ ثَوْبَانَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ مَكْحُولٍ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ يَخَامِرَ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُمْرَانُ بَيْتِ الْمَقْدِسِ خَرَابُ يَثْرِبَ وَخَرَابُ يَثْرِبَ خُرُوجُ الْمَلْحَمَةِ وَخُرُوجُ الْمَلْحَمَةِ فَتْحُ الْقُسْطَنْطِينِيَّةِ وَفَتْحُ قُسْطَنْطِينِيَّةَ خُرُوجُ الدَّجَّالِ ثُمَّ ضَرَبَ بِيَدِهِ عَلَى فَخِذِ الَّذِي حَدَّثَهُ أَوْ مَنْكِبِهِ ثُمَّ قَالَ إِنَّ هٰذَا لَحَقٌّ كَمَا أَنَّكَ هٰهُنَا أَوْ كَمَا أَنَّكَ قَاعِدٌ يَعْنِي مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ۔

عباس عنبری، ہاشم بن قاسم عبدالرحمٰن بن ثابت بن ثوبان، اُن کے والدِ ماجد، مکحول، جبیرؓ بن نفیر، مالک بن یخامر۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا:۔ بیت المقدس کی آبادی میں یثرب کی بربادی ہے اور یثرب کی بربادی میں جھگڑوں کا پیدا ہونا ہے اور جھگڑوں کے پیدا ہونے میں قسطنطنیہ کی فتح ہے اور قسطنطنیہ کی فتح میں دجّال کا نکلنا ہے۔ پھر اپنا دستِ مبارک روایت کرنے والے کی ران یا کندھے پر مار کر فرمایا:۔ یہ اسی طرح یقینی ہے جیسے تمہارا یہاں ہونا یا جیسے تم بیٹھے ہو یعنی حضرت معاذ بن جبل کا وہاں ہونا یا بیٹھنا۔

بَابٌ ٣٠٦ فِي تَوَاتُرِ الْمَلَاحِمِ۔

لڑائی جھگڑوں کا تواتر

٨٩١۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ سُفْيَانَ الْغَسَّانِيِّ عَنْ يَزِيدَ ابْنِ قُطَيْبٍ السَّكُونِيِّ عَنْ أَبِي بَحْرِيَّةَ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَلْحَمَةُ الْكُبْرٰى وَفَتْحُ الْقُسْطَنْطِينِيَّةِ وَخُرُوجُ الدَّجَّالِ فِي سَبْعَةِ أَشْهُرٍ۔

عبداللہ بن محمد نفیلی، عیسیٰ بن یونس، ابوبکر بن ابو مریم، ولید بن سفیان غسانی، یزید بن قطیب سکونی، ابو بحریہ، حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ بڑا فتنہ، قسطنطنیہ کی فتح اور دجّال کا نکلنا یہ تینوں کام سات مہینوں کے اندر اندر ہو جائیں گے۔

٨٩٢۔ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ الْحِمْصِيُّ نَا بَقِيَّةُ عَنْ بَحِيرٍ عَنْ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي بِلَالٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ

ابن ابو بلال نے حضرت عبداللہ بن بُسر رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا:۔ فتنۂ عظیمہ اور فتح مدینہ کے درمیان چھ سال کا وقفہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَيْنَ الْمَلْحَمَةِ وَفَتْحِ الْمَدِيْنَةِ سِتُّ سِنِيْنَ وَيَخْرُجُ الْمَسِيْحُ الدَّجَّالُ فِي السَّابِعَةِ قَالَ اَبُوْدَاوُدَ هٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ عِيْسٰى۔

ہے اور ساتویں سال میں دجال ملعون نکلے گا۔
امام ابو داؤد نے فرمایا کہ حدیث عیسیٰ کی نسبت یہ حدیث زیادہ صحیح ہے۔

باب ۳۰۷ فِي تَدَاعِي الْاُمَمِ عَلَى الْاِسْلَامِ۔

۸۹۳۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدِّمَشْقِيُّ نَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ نَا ابْنُ جَابِرٍ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ عَبْدِ السَّلَامِ عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْشِكُ الْاُمَمُ اَنْ تَدَاعٰى عَلَيْكُمْ كَمَا تَدَاعَى الْاَكَلَةُ اِلٰى قَصْعَتِهَا فَقَالَ قَائِلٌ وَمِنْ قِلَّةٍ نَحْنُ يَوْمَئِذٍ قَالَ بَلْ اَنْتُمْ يَوْمَئِذٍ كَثِيْرٌ وَلٰكِنَّكُمْ غُثَاءٌ كَغُثَاءِ السَّيْلِ وَلَيَنْزِعَنَّ اللّٰهُ مِنْ صُدُوْرِ عَدُوِّكُمُ الْمَهَابَةَ مِنْكُمْ وَلَيَقْذِفَنَّ اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِكُمُ الْوَهْنَ فَقَالَ قَائِلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا الْوَهْنُ قَالَ حُبُّ الدُّنْيَا وَكَرَاهِيَةُ الْمَوْتِ۔

مسلمانوں پر اقوام عالم کا غلبہ

ابو عبد السلام نے حضرت ثوبان رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا:۔ قریب ہے کہ دیگر اقوام تم پر یوں ٹوٹ پڑیں جیسے بھوکا کھانے سے بھرے ہوئے پیالے پر ٹوٹ پڑتا ہے۔ ایک شخص عرض گزار ہوا کہ ایسا اُن دنوں ہماری قلّت کے باعث ہوگا؟ فرمایا بلکہ اُن دنوں تم اکثریت میں ہو گے لیکن ایسے بیکار ہوگے جیسے سمندر کی جھاگ۔ اللہ تعالٰے تمہارے دشمنوں کے دلوں سے تمہارے رعب کو نکال دے گا اور تمہارے دلوں میں بزدلی ڈال دے گا۔ سائل عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! بزدلی کیا ہے؟ فرمایا کہ دنیا کی محبت اور موت کو ناپسند کرنا۔

ف:۔ آج ہماری حالت بالکل وہی ہے جس کی خبر نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے اپنی قیامت تک کے واقعات کو دیکھنے والی آنکھوں سے دیکھ کر دی۔ ہم اس وقت دنیا میں اسّی کروڑ یا ایک ارب ہیں لیکن اپنی بے سمجھی اور بدتمیزی سے کافروں کے شکنجے میں مجبور ومعذور ہوئے پڑے ہیں۔ اسلامی ممالک کے سربراہوں نے اپنی دنیا سنوارنے اور آرام وراحت سے زندگی گزارنے کی خاطر اپنا سب کچھ غیر مسلموں کے سپرد کیا ہوا ہے جس کے باعث ساری ملّتِ اسلامیہ بظاہر مجبورِ محض ہو کر رہ گئی ہے۔ اللہ تعالٰی ہمارے سربراہوں کو اسلام کی محبت اور ملّتِ اسلامیہ کی خیر خواہی کے جذبات عطا فرمائے تاکہ مسلمانوں کو اُن کا کھویا ہوا مقام پھر حاصل ہو جائے۔

ہاں دکھا دے یا الٰہی پھر وہ صبح وشام تو ٭ دوڑ پیچھے کی طرف اے گردشِ ایام تو

باب ۳۰۸ فِي الْمَعْقِلِ مِنَ الْمَلَاحِمِ۔

۸۹۴۔ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ نَا ابْنُ جَابِرٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ زَيْدُ بْنُ اَرْطَاةَ قَالَ سَمِعْتُ جُبَيْرَ بْنَ نُفَيْرٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ فُسْطَاطَ الْمُسْلِمِيْنَ

جھگڑوں کے وقت قیام گاہ

جبیر بن نفیر نے حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا:۔ لڑائی کے روز مسلمانوں کے مورچے غوطہ نامی مقام میں ہوں گے جو اس شہر کے ایک جانب ہے جسے دمشق کہا جاتا ہے اور شام کے شہروں میں وہ بہترین

يَوْمَ الْمَلْحَمَةِ بِالْغُوطَةِ إِلَى جَانِبِ مَدِينَةٍ يُقَالُ لَهَا دِمَشْقُ مِنْ خَيْرِ مَدَائِنِ الشَّامِ وَقَالَ أَبُو دَاوُدَ حُدِّثْتُ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنِي بْنُ حَازِمٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوشِكُ الْمُسْلِمُونَ أَنْ يُحَاصَرُوا إِلَى الْمَدِينَةِ حَتَّى يَكُونَ أَبْعَدَ مَسَالِحِهِمْ سَلَاحٌ۔

شہر ہے ۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ مجھ سے حدیث بیان کی گئی بواسطہ ابن وہب ابن حازم ، عبیداللہ بن عمر ، نافع ، حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالٰے عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا :- قریب ہے کہ مسلمانوں کو مدینہ منورہ کے اندر محصور کر دیا جائے گا یہاں تک کہ ان کی سرحد سلاح نامی مقام سے آگے نہیں ہوگی ۔

۸۹۵ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ عَنْبَسَةَ عَنْ يُونُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ وَسَلَاحٌ قَرِيبٌ مِنْ خَيْبَرَ۔

احمد بن صالح ، عنبسہ ، یونس ، زہری نے فرمایا کہ سلاح ایک مقام ہے خیبر کے نزدیک ۔

بَاب ۳۰۹ ارْتِفَاعِ الْفِتْنَةِ مِنَ الْمَلَاحِمِ۔

جنگوں سے فتنے پیدا ہونا

۸۹۶ - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ نَجْدَةَ قَالَ نَا إِسْمٰعِيلُ ح وَحَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ نَا الْحَسَنُ بْنُ سَوَّارٍ نَا إِسْمٰعِيلُ ابْنُ سُلَيْمٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ جَابِرٍ الطَّائِيِّ قَالَ هَارُونُ فِي حَدِيثِهِ عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَنْ يَجْمَعَ اللَّهُ عَلَى هٰذِهِ الْأُمَّةِ سَيْفَيْنِ سَيْفًا مِنْهَا وَسَيْفًا مِنْ عَدُوِّهَا۔

عبدالوہاب بن نجدہ ، اسمٰعیل ۔ ہارون بن عبداللہ ، حسن بن سوار ، اسمٰعیل ، سلیمان بن سلیم ، یحیٰی بن جابر طائی ، ہارون نے اپنی حدیث میں کہا کہ حضرت عوف بن مالک رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا :- اللہ تعالٰے اس امت پر دو تلواریں جمع نہیں کرے گا کہ ایک تلوار ان پر اپنوں کی ہو اور ایک ان کے دشمنوں کی ۔

بَاب ۳۱۰ فِي النَّهْيِ عَنْ تَهْيِيجِ التُّرْكِ وَالْحَبَشَةِ۔

ترکوں اور حبشہ والوں کو چھیڑنے کی ممانعت ۔

۸۹۷ - حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ مُحَمَّدٍ الرَّمْلِيُّ قَالَ نَا ضَمْرَةُ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنْ أَبِي سُكَيْنَةَ رَجُلٍ مِنَ الْمُحَرَّرِينَ عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ دَعُوا الْحَبَشَةَ مَا وَدَعُوكُمْ وَاتْرُكُوا التُّرْكَ مَا تَرَكُوكُمْ۔

عیسٰی بن محمد رملی ، ضمرہ ، شیبانی ، محررین فرد ابو سکینہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے ایک صحابی سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا :- اہل حبشہ اور ترکوں کو چھوڑ دیا کرو جب تک وہ تمہیں چھوڑے رکھیں (یعنی جب تک وہ تم سے جنگ نہ کریں ان سے جنگ نہ کرنا) ۔

بَاب ۳۱۱ فِي قِتَالِ التُّرْكِ۔

ترکوں سے لڑنا

٨٩٨- حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ نَا يَعْقُوبُ الْإِسْكَنْدَرَانِيُّ عَنْ سُهَيْلٍ يَعْنِي ابْنَ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يُقَاتِلَ الْمُسْلِمُونَ التُّرْكَ قَوْمًا وُجُوهُهُمْ كَالْمَجَانِّ الْمُطْرَقَةِ يَلْبَسُونَ الشَّعَرَ.

قتیبہ، یعقوب اسکندرانی، سہیل بن ابو صالح، اُن کے والدِ ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا:- قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ مسلمان ترکوں سے لڑیں۔ اُس قوم کے چہرے چوڑی ڈھال جیسے ہیں اور وہ بالوں کا لباس پہنیں گے۔

٨٩٩- حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ وَابْنُ السَّرْحِ وَغَيْرُهُمَا قَالُوا نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رِوَايَةً قَالَ ابْنُ السَّرْحِ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى تُقَاتِلُوا صِغَارَ الْأَعْيُنِ ذُلْفَ الْأُنُوفِ كَأَنَّ وُجُوهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ.

قتیبہ اور ابن سرح وغیرہ، سفیان، زہری، سعید بن مسیب نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کی۔ ابن سرح نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا:- قیامت قائم نہیں ہوگی جب تک تم اُس قوم سے نہ لڑلو جو چھوٹی آنکھوں اور چپٹی ناکوں والے ہیں اُن کے چہرے چوڑی ڈھال جیسے ہیں۔

٩٠٠- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُسَافِرٍ التِّنِّيسِيُّ حَدَّثَنَا خَلَّادُ بْنُ يَحْيَى نَا بَشِيرُ بْنُ الْمُهَاجِرِ نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَدِيثٍ يُقَاتِلُكُمْ قَوْمٌ صِغَارُ الْأَعْيُنِ يَعْنِي التُّرْكَ قَالَ تَسُوقُونَهُمْ ثَلَاثَ مِرَارٍ حَتَّى تُلْحِقُوهُمْ بِجَزِيرَةِ الْعَرَبِ فَأَمَّا فِي السِّيَاقَةِ الْأُولَى فَيَنْجُو مَنْ هَرَبَ مِنْهُمْ بَعْضٌ وَيَهْلِكُ بَعْضٌ وَأَمَّا فِي الثَّالِثَةِ فَيُصْطَلَمُونَ أَوْ كَمَا قَالَ.

عبداللہ بن بریدہ نے اپنے والدِ ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے حدیث ہے:- "تم چھوٹی آنکھوں والی قوم یعنی ترکوں سے لڑو گے" میں فرمایا کہ تم انہیں تین دفعہ دھکیلو گے، یہاں تک کہ انہیں جزیرۂ عرب سے باہر نکال دو گے۔ پہلی دفعہ کے دھکیلنے میں بھاگنے والے بچ جائیں گے۔ دوسری دفعہ کچھ بچیں گے اور کچھ ہلاک ہوجائیں گے اور تیسری دفعہ اُن کی جڑ ہی کٹ جائے گی یا جو کچھ فرمایا۔

باب ١٣ فِي ذِكْرِ الْبَصْرَةِ

بصرہ کا ذکر

٩٠١- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ حَدَّثَنِي أَبِي نَا سَعِيدُ بْنُ جُمْهَانَ قَالَ نَا مُسْلِمُ بْنُ أَبِي بَكْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَنْزِلُ نَاسٌ مِنْ أُمَّتِي

مسلم بن ابو بکرہ نے اپنے والدِ ماجد کو بیان کرتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا:- میری اُمت کے کچھ لوگ ایک نیچی جگہ میں اتریں گے جس کو لوگ بصرہ کہیں گے اور وہ دریائے دجلہ کے پاس ہے۔ اُس پر پُل ہوگا۔ اس میں باشندوں کی کثرت ہوگی اور وہ مہاجرین

بِغَائِطٍ يُسَمُّونَهُ الْبَصْرَةَ عِنْدَ نَهْرٍ يُقَالُ لَهُ دِجْلَةُ يَكُونُ عَلَيْهِ جِسْرٌ يَكْثُرُ أَهْلُهَا وَتَكُونُ مِنْ أَمْصَارِ الْمُهَاجِرِينَ قَالَ ابْنُ يَحْيَى قَالَ أَبُو مَعْمَرٍ وَيَكُونُ مِنْ أَمْصَارِ الْمُسْلِمِينَ فَإِذَا كَانَ فِي آخِرِ الزَّمَانِ جَاءَ بَنُو قَنْطُورَاءَ عِرَاضُ الْوُجُوهِ صِغَارُ الْأَعْيُنِ حَتَّى يَنْزِلُوا عَلَى شَطِّ النَّهْرِ فَيَتَفَرَّقُ أَهْلُهَا ثَلَاثَ فِرَقٍ فِرْقَةٌ يَأْخُذُونَ أَذْنَابَ الْبَقَرِ وَالْبَرِّيَّةِ وَهَلَكُوا وَفِرْقَةٌ يَأْخُذُونَ لِأَنْفُسِهِمْ وَكَفَرُوا وَفِرْقَةٌ يَجْعَلُونَ ذَرَارِيَّهُمْ خَلْفَ ظُهُورِهِمْ وَيُقَاتِلُونَهُمْ وَهُمُ الشُّهَدَاءُ۔

کا شہر ہوگا۔ ابن یحیٰی نے ابو معمر سے روایت کرتے ہوئے کہا کہ وہ مسلمانوں کے شہروں میں سے ہوگا۔ آخری زمانے میں بنو قنطورا آئیں گے جن کے چوڑے چہرے اور چھوٹی آنکھیں ہوں گی۔ وہ دریا کے کنارے خیمہ زن ہو جائیں گے۔ ادھر شہر کے باشندے تین گروہوں میں بٹ جائیں گے۔ ایک گروہ بیلوں کی دُموں اور زمینوں سے وابستہ ہو کر ہلاک ہو جائے گا۔ دوسرا گروہ اپنی جانیں بچانے کے لیے کافر ہو جائے گا۔ تیسرا گروہ اپنے اہل و عیال کو پیچھے رکھ کر جانوں پر کھیل جائے گا اور وہ شہید ہیں۔

۹۰۲۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الصَّبَّاحِ نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ قَالَ نَا مُوسَى الْحَنَّاطُ لَا أَعْلَمُهُ إِلَّا ذَكَرَهُ عَنْ مُوسَى بْنِ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ يَا أَنَسُ إِنَّ النَّاسَ يُمَصِّرُونَ أَمْصَارًا وَإِنَّ مِصْرًا مِنْهَا يُقَالُ لَهَا الْبَصْرَةُ أَوِ الْبُصَيْرَةُ فَإِنْ أَنْتَ مَرَرْتَ بِهَا أَوْ دَخَلْتَهَا فَإِيَّاكَ وَسِبَاخَهَا وَكِلَاءَهَا وَسُوقَهَا وَبَابَ أُمَرَائِهَا وَعَلَيْكَ بِضَوَاحِيهَا فَإِنَّهُ يَكُونُ بِهَا خَسْفٌ وَقَذْفٌ وَرَجْفٌ وَقَوْمٌ يَبِيتُونَ يُصْبِحُونَ قِرَدَةً وَخَنَازِيرَ۔

موسیٰ بن انس بن مالک نے اپنے والدِ ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے انس! لوگ شہر آباد کرتے رہتے ہیں اور ان میں سے ایک شہر ہے جس کو بصرہ یا بُصیرہ کہا جاتا ہے۔ اگر تم وہاں سے گزرو اور اس میں داخل ہو جاؤ تو اس کے سباخ، اس کے کلا۔ اس کے بازار اور اس کے دارالامراء سے بچتے رہنا۔ تم اس کے جنگل کو اختیار کرنا کیونکہ شہر میں زمین کے اندر دھنسنا، پتھروں کا برسنا ہوگا اور زلزلے آئیں گے۔ ان میں سے کچھ لوگ رات گزاریں گے اور صبح کو بندر اور خنزیر ہو جائیں گے۔

۹۰۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ صَالِحِ بْنِ دِرْهَمٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي يَقُولُ انْطَلَقْنَا حَاجِّينَ فَإِذَا رَجُلٌ فَقَالَ لَنَا إِلَى جَنْبِكُمْ قَرْيَةٌ يُقَالُ لَهَا الْأُبُلَّةُ قُلْنَا نَعَمْ قَالَ مَنْ يَضْمَنُ لِي مِنْكُمْ أَنْ يُصَلِّيَ لِي فِي مَسْجِدِ الْعَشَّارِ رَكْعَتَيْنِ أَوْ أَرْبَعًا وَيَقُولَ هَذِهِ لِأَبِي هُرَيْرَةَ سَمِعْتُ خَلِيلِي

ابراہیم بن صالح بن درہم کا بیان ہے کہ میں نے اپنے والدِ ماجد کو فرماتے ہوئے سُنا کہ ہم حج کے ارادے سے گئے تو ایک آدمی نے ہم سے کہا:- کیا تمہارے ایک طرف ابلّہ نامی بستی ہے؟ ہم نے کہا، ہاں۔ اُس نے کہا:- تم میں سے کون ہے جو مجھے اس بات کی ضمانت دیتا ہے کہ مسجدِ عشار میں میرے لیے دو یا چار رکعتیں پڑھے اور کہے کہ ان کا ثواب ابوہریرہ کے لیے ہے۔ میں نے اپنے

أَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ اللهَ يَبْعَثُ مِنْ مَسْجِدِ الْعَشَّارِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُهَدَاءَ لَا يَقُومُ مَعَ شُهَدَاءِ بَدْرٍ غَيْرُهُمْ قَالَ أَبُو دَاوُدَ هٰذَا الْمَسْجِدُ مِمَّا يَلِي النَّهْرَ۔

باب ۳۱۵ ذِكْرِ الْحَبَشَةِ۔

۹۰۴۔ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ أَحْمَدَ الْبَغْدَادِيُّ نَا أَبُو عَامِرٍ عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُوسَى بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اتْرُكُوا الْحَبَشَةَ مَا تَرَكُوكُمْ فَإِنَّهُ لَا يَسْتَخْرِجُ كَنْزَ الْكَعْبَةِ إِلَّا ذُو السُّوَيْقَتَيْنِ مِنَ الْحَبَشَةِ۔

باب ۳۱۶ أَمَارَاتِ السَّاعَةِ۔

۹۰۵۔ حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنِي إِسْمٰعِيلُ عَنْ أَبِي حَيَّانَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ قَالَ جَاءَ نَفَرٌ إِلَى مَرْوَانَ بِالْمَدِينَةِ فَسَمِعُوهُ يُحَدِّثُ فِي الْآيَاتِ أَنَّ أَوَّلَهَا الدَّجَّالُ قَالَ فَانْصَرَفْتُ إِلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو فَحَدَّثْتُهُ فَقَالَ عَبْدُ اللهِ لَمْ يَقُلْ شَيْئًا سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ أَوَّلَ الْآيَاتِ خُرُوجًا طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا أَوِ الدَّابَّةُ عَلَى النَّاسِ ضُحًى فَأَيَّتُهُمَا كَانَتْ قَبْلَ صَاحِبَتِهَا فَالْأُخْرَى عَلَى أَثَرِهَا قَالَ عَبْدُ اللهِ وَكَانَ يَقْرَأُ الْكُتُبَ وَأَظُنُّ أَوَّلَهُمَا خُرُوجًا طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا۔

۹۰۶۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَهَنَّادٌ الْمَعْنَى قَالَ مُسَدَّدٌ نَا أَبُو الْأَحْوَصِ قَالَ نَا فُرَاتُ الْقَزَّازُ عَنْ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ وَقَالَ هَنَّادٌ عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ أَسِيدٍ الْغِفَارِيِّ قَالَ كُنَّا قُعُودًا

خلیل ابوالقاسم صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اللہ تعالے قیامت کے روز مسجد عشار سے ایسے شہیدا کو اٹھائے گا کہ شہدائے بدر کے سوا کوئی ان کے ساتھ کھڑا نہ ہو گا۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ وہ مسجد دریا کے کنارے ہے۔

حبشیوں کا ذکر

ابو امامہ بن سہل بن حنیف نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالے عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالے علیہ وسلم نے فرمایا:۔ حبشیوں کو چھوڑے رہو جب تک وہ تمہیں چھوڑے رہیں کیونکہ خانۂ کعبہ کے خزانے کو نہیں نکالے گا مگر چھوٹی پنڈلیوں والا حبشی۔

قیامت کی نشانیاں

ابو زرعہ کا بیان ہے کہ کچھ لوگ مدینہ منورہ میں مروان کے پاس آئے اور انہوں نے سنا کہ قیامت کی نشانیاں میں سے پہلی نشانی دجال کا نکلنا ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ میں حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالے عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اُن سے یہ حدیث بیان کی۔ حضرت عبداللہ نے فرمایا کہ ایسا تو نہیں فرمایا، ہاں میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اولین نشانیوں میں سے سورج کا مغرب سے طلوع ہونا یا دابۃ الارض کا چاشت کے وقت لوگوں کے پاس آنا ہے ان میں سے ایک کا ظہور پہلے ہو گا اور دوسری کا اُس کے فوراً بعد۔ حضرت عبداللہ نے فرمایا جو کتب سابقہ بھی پڑھا کرتے تھے کہ میرا خیال ہے اِن دونوں میں سے سورج کا مغرب سے طلوع ہونا پہلے واقع ہو گا۔

ابو طفیل سے روایت ہے کہ حضرت حذیفہ بن اُسید غفاری رضی اللہ تعالے عنہ نے فرمایا:۔ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سایۂ دیوار میں بیٹھے قیامت کا ذکر کر رہے تھے کہ ہماری آوازیں بلند ہو گئیں تو رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ وسلم نے

نتحدث فی ظل غرفۃ لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فذکرنا الساعۃ فارتفعت اصواتنا فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لن تکون او لن تقوم حتی تکون قبلھا عشر آیات طلوع الشمس من مغربھا وخروج الدابۃ وخروج یاجوج وماجوج والدجال وعیسی بن مریم والدخان وثلاث خسوف خسف بالمغرب وخسف بالمشرق وخسف بجزیرۃ العرب وآخر ذلک تخرج نار من الیمن من قعر عدن تسوق الناس الی المحشر۔

فرمایا:۔ قیامت نہیں ہوگی یا قائم نہیں ہوگی جب تک پہلے دس نشانیاں ظاہر نہ ہو جائیں یعنی سورج کا مغرب سے طلوع ہونا، دابۃ الارض کا نکلنا، یاجوج ماجوج کا ظاہر ہونا، دجال اور حضرت عیسیٰ بن مریم کا آنا دھوآں اور تین جگہ زمین میں دھنسنا ہو گا۔ ایک خسف مغرب میں، دوسرا مغرب میں اور تیسرا جزیرۂ عرب میں اور اس کے بعد ایک آگ نکلے گی جو لوگوں کو عدن کی گہرائی سے ہانکتی ہوئی جمع ہونے کی جگہ پر پہنچا دے گی۔

ف:۔ اس حدیث میں قیامت کی کئی نشانیاں مذکور ہوئی ہیں جو عذاب کی صورت میں ظاہر ہوں گی آخر میں تین جگہ سے زمین دھنسے گی اور اس کے بعد یمن میں عدن کی گہرائیوں سے ایک آگ نمودار ہوگی جو لوگوں کو ہانک کر ملک شام کی طرف لے جائے گی۔
علامہ وحید الزمان خان صاحب نے اس عذاب کے بارے میں یہ مضحکہ خیز وضاحت کی ہے۔ شاید مراد یہ ہے کہ عدن سے شام تک ریل جاری ہوگی۔ شاید موصوف نے بانیٔ نیچریت یعنی سر سید احمد خاں علی گڑھی کی تقلید میں یہ وضاحت کی ہو کیونکہ ریل کا جاری ہونا عذاب نہیں ہے اور نہ ریل کسی کو زبردستی ہانک کرلے جاتی ہے۔

خار کو گل اور گل کو خار جو چاہے کرے ✲ تو نے جو چاہا کیا، اے یار جو چاہے کرے

۹۰۷۔ حدثنا احمد بن ابی شعیب الحرانی ومحمد بن الفضیل عن عمارۃ عن ابی زرعۃ عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تقوم الساعۃ حتی تطلع الشمس من مغربھا فاذا طلعت وراھا الناس آمن من علیھا فذاک حین لا ینفع نفسا ایمانھا لم تکن آمنت من قبل او کسبت فی ایمانھا خیرا الآیۃ۔

ابوزرعہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ سورج مغرب سے طلوع نہ ہو جائے جب وہ طلوع ہوگا اور لوگ اُسے دیکھ لیں گے تو زمین پر بسنے والے سارے ہی ایمان لے آئیں گے اور اُس وقت کا ایمان لانا انہیں کوئی فائدہ نہیں پہنچائے گا جبکہ وہ پہلے ایمان نہ لایا ہو یا ایمان کے باعث کوئی نیک کام نہ کیا ہو۔

باب ۳۱۵ حسر الفرات عن کنز۔

فرات سے خزانہ نکلنا

۹۰۸۔ حدثنا عبد اللہ بن سعید الکندی حدثنی عقبۃ بن خالد السکونی نا عبید اللہ عن خبیب بن عبد الرحمن عن حفص بن عاصم عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی

عبد اللہ بن سعید کندی، عقبہ بن خالد سکونی، عبید اللہ، خبیب بن عبد الرحمٰن، حفص بن عاصم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ قریب ہے کہ دریائے

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُوْشِکُ الْفُرَاتُ اَنْ یَحْسِرَ عَنْ کَنْزٍ مِنْ ذَہَبٍ فَمَنْ حَضَرَہٗ فَلَا یَاْخُذْ مِنْہُ شَیْئًا۔

فرات سونے کا خزانہ اُگل دے گا۔ لہٰذا جو وہاں موجود ہو تو اُس میں سے ذرا بھی نہ لے۔

۹۰۹۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ سَعِیْدٍ الْکِنْدِیُّ حَدَّثَنِیْ عُقْبَۃُ یَعْنِی ابْنَ خَالِدٍ حَدَّثَنِیْ عُبَیْدُ اللّٰہِ عَنْ اَبِی الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مِثْلَہٗ اِلَّا اَنَّہٗ قَالَ یَحْسِرُ عَنْ جَبَلٍ مِنْ ذَہَبٍ۔

اعرج نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے مذکورہ حدیث کے مطابق بتاتے ہوئے یہ بھی فرمایا:۔ وہ (دریائے فرات) سونے کا پہاڑ اُگل دے گا۔

بَاب ۳۱۶ خُرُوْجُ الدَّجَّالِ۔

دجّال کا نکلنا

۹۱۰۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ نَا جَرِیْرٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ رِبْعِیِّ بْنِ حِرَاشٍ قَالَ اجْتَمَعَ حُذَیْفَۃُ وَاَبُوْ مَسْعُوْدٍ فَقَالَ حُذَیْفَۃُ لَاَنَا بِمَا مَعَ الدَّجَّالِ اَعْلَمُ مِنْہُ اَنَّ مَعَہٗ بَحْرًا مِنْ مَاءٍ وَنَہْرًا مِنْ نَارٍ فَالَّذِیْ تَرَوْنَ اَنَّہٗ نَارٌ فَاِنَّہٗ مَاءٌ قَالَ اَبُوْ مَسْعُوْدٍ الْبَدْرِیُّ ھٰکَذَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ۔

ربعی بن حراش کا بیان ہے کہ حضرت حذیفہ اور حضرت ابومسعود اکٹھے ہوئے تو حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا۔ مجھے حضور کا یہ ارشاد اچھی طرح یاد ہے کہ دجّال کے ساتھ پانی کا دریا اور آگ کی نہر ہوگی۔ جس کو تم دیکھو گے کہ آگ ہے اُسے پانی پاؤ گے۔ حضرت ابومسعود بدری رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا:۔ میں نے بھی رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو اسی طرح فرماتے ہوئے سُنا ہے۔

۹۱۱۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِیْدِ الطَّیَالِسِیُّ نَا شُعْبَۃُ عَنْ قَتَادَۃَ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِکٍ یُحَدِّثُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ قَالَ مَا بُعِثَ نَبِیٌّ اِلَّا قَدْ اَنْذَرَ اُمَّتَہُ الدَّجَّالَ الْاَعْوَرَ الْکَذَّابَ اَلَا وَاِنَّہٗ اَعْوَرُ وَاِنَّ رَبَّکُمْ تَعَالٰی لَیْسَ بِاَعْوَرَ وَاِنَّ بَیْنَ عَیْنَیْہِ مَکْتُوْبًا کَافِرًا۔

قتادہ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ کوئی نبی مبعوث نہیں ہوا مگر اُس نے اپنی اُمت کو دجّال سے ڈرایا جو کانا اور بہت جھوٹا ہوگا۔ آگاہ رہو وہ کانا ہے جبکہ تمہارا رب تعالےٰ کانا نہیں ہے اور بیشک اُس کی دونوں آنکھوں کے درمیان (دستِ قدرت سے) کافر لکھا ہوا ہوگا۔

۹۱۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَۃَ ک ف ر۔

محمد بن مثنیٰ، محمد بن جعفر نے شعبہ سے روایت کی کہ ک ف ر لکھا ہوا ہوگا۔

۹۱۳۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ شُعَیْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ ھٰذَا

شعیب بن حجاب نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے اس حدیث میں فرمایا کہ ہر مسلمان اُسے پڑھ سکے گا۔

الْحَدِيثِ يَقْرَأُهُ كُلُّ مُسْلِمٍ۔

۹۱۴- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا جَرِيرٌ نَا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ عَنْ أَبِي الدَّهْمَاءِ قَالَ سَمِعْتُ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ يُحَدِّثُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَمِعَ بِالدَّجَّالِ فَلْيَنْأَ عَنْهُ فَوَاللّٰهِ إِنَّ الرَّجُلَ لَيَأْتِيهِ وَهُوَ يَحْسَبُ أَنَّهُ مُؤْمِنٌ فَيَتَّبِعُهُ مِمَّا يَبْعَثُ بِهِ مِنَ الشُّبُهَاتِ أَوْ لِمَا يَبْعَثُ بِهِ هٰكَذَا قَالَ۔

۹۱۵- حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ نَا بَقِيَّةُ حَدَّثَنِي بُحَيْرٌ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْأَسْوَدِ عَنْ جُنَادَةَ بْنِ أَبِي أُمَيَّةَ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ أَنَّهُ حَدَّثَهُمْ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنِّي حَدَّثْتُكُمْ عَنِ الدَّجَّالِ حَتّٰى خَشِيتُ أَنْ لَا تَعْقِلُوا إِنَّ الْمَسِيحَ الدَّجَّالَ رَجُلٌ قَصِيرٌ أَفْحَجُ جَعْدٌ أَعْوَرُ مَطْمُوسُ الْعَيْنِ لَيْسَ بِنَاتِئَةٍ وَلَا حَجْرَاءَ فَإِنْ أُلْبِسَ عَلَيْكُمْ فَاعْلَمُوا أَنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِأَعْوَرَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ عَمْرُو بْنُ الْأَسْوَدِ وَلِيَ الْقَضَاءَ۔

۹۱۶- حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ الدِّمَشْقِيُّ الْمُؤَذِّنُ نَا الْوَلِيدُ نَا ابْنُ جَابِرٍ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ جَابِرٍ الطَّائِيُّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ الْكِلَابِيِّ قَالَ ذَكَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدَّجَّالَ فَقَالَ إِنْ يَخْرُجْ وَأَنَا فِيكُمْ فَأَنَا حَجِيجُهُ دُونَكُمْ وَإِنْ يَخْرُجْ وَلَسْتُ فِيكُمْ فَامْرُؤٌ حَجِيجُ نَفْسِهِ وَاللّٰهُ خَلِيفَتِي عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ فَمَنْ أَدْرَكَهُ مِنْكُمْ فَلْيَقْرَأْ عَلَيْهِ بِفَوَاتِحِ سُورَةِ الْكَهْفِ فَإِنَّهَا جِوَارُكُمْ مِنْ

ابو دہما نے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جو دجّال کے متعلق سُنے تو چاہیئے کہ اُس سے دُور بھاگے کیونکہ جو اُس کے پاس جائے گا اور اپنے مومن ہونے کا گمان کرتا ہو وہ بھی اس کے پیچھے لگ جائے گا کیونکہ وہ ایسے ہی شبہات کو لے کر کھڑا ہوگا یا جن شبہات میں ڈالنے کے لیے وہ کھڑا ہُوا ہوگا۔

جنادہ بن ابو اُمیّہ نے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ میں نے تمہیں دجّال کے متعلق اتنی باتیں بتائی ہیں کہ تمہاری عقل میں نہ سمانے کا خدشہ لاحق ہونے لگا۔ بیشک دجّال پست قد، ٹیڑھی ٹانگوں والا، گھنگریالے بالوں والا، کانا اور برابر آنکھوں والا ہوگا۔ نہ اُس کی آنکھیں باہر نکلی ہوئی ہوں گی اور نہ اندر دھنسی ہوئی۔ اگر تمہیں اِن باتوں میں شک رہے تو خوب یاد رکھنا کہ تمہارا رب کانا نہیں ہے (جبکہ وہ کانا ہے)۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ عمرو بن اسود قاضی رہے تھے۔

عبدالرحمٰن بن جبیر بن نُفیر نے اپنے والدِ ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت نواس بن سمعان کلابی رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے دجّال کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ دجّال نکلے اور میں تمہارے درمیان موجود ہُوا تو تم سے پہلے میں اُس پر حجت قائم کروں گا۔ اگر وہ نکلے اور میں تم میں موجود نہ ہوں تو ہر شخص اپنی طرف سے حجت قائم کرے اور میرے بعد بھی اللہ ہر مسلمان کا وارث ہے جو تم میں سے اُسے پائے تو سورۂ الکہف کی ابتدائی آیتیں پڑھے کیونکہ یہ اُس کے فتنے کا بچاؤ ہیں۔ ہم عرض گزار ہوئے کہ وہ زمین میں کتنی دیر رہے گا؟ فرمایا چالیس روز۔ پہلا دن سال کی

فِتْنَتِهِ. قُلْنَا وَمَا لُبْثُهُ فِي الْأَرْضِ قَالَ أَرْبَعُونَ يَوْمًا يَوْمٌ كَسَنَةٍ وَيَوْمٌ كَشَهْرٍ وَيَوْمٌ كَجُمُعَةٍ وَسَائِرُ أَيَّامِهِ كَأَيَّامِكُمْ فَقُلْنَا يَا رَسُولَ اللهِ هٰذَا الْيَوْمُ الَّذِي كَسَنَةٍ أَتَكْفِينَا فِيهِ صَلٰوةُ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ قَالَ لَا اقْدِرُوا لَهُ قَدْرَهُ ثُمَّ يَنْزِلُ عِيسَى بْنُ مَرْيَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ عِنْدَ الْمَنَارَةِ الْبَيْضَاءِ شَرْقِيَّ دِمَشْقَ فَيُدْرِكُهُ عِنْدَ بَابِ لُدٍّ فَيَقْتُلُهُ۔

طرح، دوسرا مہینے کی طرح اور تیسرا ہفتے کی طرح ہوگا۔ باقی دن تمہارے ہی دنوں جیسے ہوں گے۔ ہم عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! جو دن سال کی طرح ہوگا، کیا اُس میں ایک رات دن کی نمازیں کافی ہوں گی؟ فرمایا نہیں بلکہ اندازے سے ہر نماز کا وقت مقرر کر لینا۔ پھر حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام دمشق کے مشرقی سفید مینارے کے پاس نازل ہوں گے اور باب لُد کے پاس پاکر اُسے قتل کر دیں گے۔

ف:۔ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے اپنی اُمت کو دجال کی تمام نشانیاں بتادی تھیں اور اُس زمانے کے تمام حالات و واقعات کا پورا نقشہ صحابہ کرام کے سامنے کھینچ کر رکھ دیا تھا جیسا کہ کتب احادیث و سیر میں مذکور ہے۔ جس طرح قیامت کی حضور نے اپنے اصحاب کو حتمی تاریخ نہیں بتائی کیونکہ بتانے کی اجازت نہ تھی، اسی طرح خروج دجال کی حتمی تاریخ کا تعین بھی نہیں فرمایا گیا، ہاں قیامت کی اُس سے پہلی اور پچھلی تمام نشانیوں کا ذکر فرما دیا گیا۔ اس کے باوجود ابن صیاد وغیرہ پر دجال ہونے کا شبہ ظاہر کرنا عدم علم کی بنا پر نہیں تھا کیونکہ وہ بڑے دجال کی طرح کانا نہیں تھا اور نہ اُس کے پاس فریب دینے کے وہ اسباب و ذرائع تھے جن کے متعلق آپ نے بتا دیا تھا کہ دجال کے پاس یہ کچھ ہوگا بلکہ یہ شبہ اپنی اُمت کو ہر چھوٹے بڑے دجال سے خبردار رہنے اور اُس کے مکروفریب سے بچانے کی غرض سے تھا کیونکہ امت محمدیہ کو گمراہ کرنے کے لیے کم و بیش تیس دجال پیدا ہوں گے جن میں سے ہر ایک نبوت کا دعویٰ کرے گا۔ مرزا غلام احمد قادیانی بھی انہیں تیس دجالوں میں سے ایک دجال و کذاب تھے۔ موصوف نے اتنی بڑی لعنت کا طوق برضا و رغبت برٹش گورنمنٹ کی اسلام دشمنی اور شرارت کے تحت زیب گلو کیا تھا۔ اللہ تعالٰے سارے دجالوں اور گمراہ گروں کے شر سے ہر مسلمان کو محفوظ و مامون رکھے، آمین یا الٰہ العالمین۔

۹۱۷۔ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ مُحَمَّدٍ نَا ضَمْرَةُ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ وَذَكَرَ الصَّلَوَاتِ مِثْلَ مَعْنَاهُ۔

عیسیٰ بن محمد، ضمرہ، شیبانی، عمرو بن عبداللہ، حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے مذکورہ حدیث کی طرح فرمایا اور نمازوں کا ذکر بھی معناً اُسی طرح فرمایا۔

۹۱۸۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا هَمَّامٌ نَا قَتَادَةُ نَا سَالِمُ بْنُ أَبِي الْجَعْدِ عَنْ مَعْدَانَ عَنْ حَدِيثِ أَبِي الدَّرْدَاءِ يَرْوِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ حَفِظَ عَشْرَ آيَاتٍ مِنْ أَوَّلِ سُورَةِ الْكَهْفِ عُصِمَ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَكَذَا قَالَ هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِيُّ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ مَنْ حَفِظَ مِنْ خَوَاتِيمِ

معدان نے حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جس نے سورۃ الکہف کی ابتدائی دس آیتیں زبانی یاد کر لیں وہ دجال کے فتنے سے محفوظ ہو گیا۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ ہشام دستوائی نے قتادہ سے اسی طرح روایت کی مگر اس میں کہا ہے کہ جو سورۃ الکہف کی آخری آیتیں زبانی یاد کرے اور شعبہ نے بھی سورۃ الکہف کا آخری

سُوْرَةِ الْكَهْفِ وَقَالَ شُعْبَةُ مِنْ اٰخِرِ الْكَهْفِ.

۹۱۹۔ حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ نَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيٰى عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اٰدَمَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ بَيْنِيْ وَبَيْنَهٗ يَعْنِيْ عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ نَبِيٌّ وَاِنَّهٗ نَازِلٌ فَاِذَا رَاَيْتُمُوْهُ فَاعْرِفُوْهُ رَجُلٌ مَرْبُوْعٌ اِلَى الْحُمْرَةِ وَالْبَيَاضِ بَيْنَ مُمَصَّرَتَيْنِ كَاَنَّ رَاْسَهٗ يَقْطُرُ وَاِنْ لَمْ يُصِبْهُ بَلَلٌ فَيُقَاتِلُ النَّاسَ عَلَى الْاِسْلَامِ فَيَدُقُّ الصَّلِيْبَ وَيَقْتُلُ الْخِنْزِيْرَ وَيَضَعُ الْجِزْيَةَ وَيُهْلِكُ اللّٰهُ فِيْ زَمَانِهِ الْمِلَلَ كُلَّهَا اِلَّا الْاِسْلَامَ وَيُهْلِكُ الْمَسِيْحَ الدَّجَّالَ فَيَمْكُثُ فِي الْاَرْضِ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ثُمَّ يُتَوَفّٰى فَيُصَلِّيْ عَلَيْهِ الْمُسْلِمُوْنَ.

باب ۳۱۷ فِيْ خَبَرِ الْجَسَّاسَةِ.

۹۲۰۔ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ نَا ابْنُ اَبِيْ ذِئْبٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَّرَ الْعِشَاءَ الْاٰخِرَةَ ذَاتَ لَيْلَةٍ ثُمَّ خَرَجَ فَقَالَ اِنَّهٗ حَبَسَنِيْ حَدِيْثٌ كَانَ يُحَدِّثُنِيْهِ تَمِيْمٌ الدَّارِيُّ عَنْ رَجُلٍ كَانَ فِيْ جَزِيْرَةٍ مِنْ جَزَائِرِ الْبَحْرِ فَاِذَا اَنَا بِامْرَاَةٍ تَجُرُّ شَعْرَهَا قَالَ مَا اَنْتِ قَالَتْ اَنَا الْجَسَّاسَةُ اِذْهَبْ اِلٰى ذٰلِكَ الْقَصْرِ فَاَتَيْتُهٗ فَاِذَا رَجُلٌ يَجُرُّ شَعْرَهٗ مُسَلْسَلٌ فِي الْاَغْلَالِ يَنْزُوْ فِيْمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ فَقُلْتُ مَنْ اَنْتَ فَقَالَ اَنَا الدَّجَّالُ اَخَرَجَ نَبِيُّ الْاُمِّيِّيْنَ بَعْدُ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ اَطَاعُوْهُ اَمْ عَصَوْهُ قُلْتُ بَلْ اَطَاعُوْهُ قَالَ ذٰلِكَ خَيْرٌ لَّهُمْ.

حصہ کہا ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا :۔ میرے اور اُن یعنی حضرت عیسٰی علیہ السلام کے درمیان کوئی نبی نہیں ہے اور وہ نازل ہونے والے ہیں۔ جب تم اُنہیں دیکھو تو یوں پہچان لینا کہ وہ درمیانے قد کے آدمی ہیں اور رنگ اُن کا سرخی و سفیدی کے درمیان ہے۔ یوں محسوس ہوگا جیسے اُن کے سر سے پانی ٹپک رہا ہے حالانکہ اُن کے سر کو تری پہنچی نہیں ہوگی۔ وہ لوگوں سے اسلام کے لیے لڑیں گے، صلیب کو توڑیں گے خنزیر کو قتل کریں گے اور جزیہ موقوف کر دیں گے۔ اللہ تعالےٰ اُن کے زمانے میں ملتِ اسلامیہ کے سوا تمام ملتوں کو ختم کر دے گا۔ وہ دجّال کو قتل کریں گے اور چالیس سال زمین میں رہنے کے بعد وفات پائیں گے۔ پس مسلمان اُن پر نماز پڑھیں گے۔

جاسوسی کا بیان

حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے روایت ہے کہ ایک رات رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے نمازِ عشاء میں تاخیر کر دی۔ پھر تشریف لائے تو فرمایا کہ مجھے تمیم داری کی بات نے روکے رکھا جو انہوں نے ایک آدمی کے حوالے سے بیان کی کہ وہ ایک سمندری جزیرے میں ایک عورت کے پاس پہنچا جو اپنے بالوں کو کھینچ رہی تھی۔ کہا :۔ تُو کون ہے ؟ عورت نے کہا کہ میں جاسوسی کرنے والی ہوں۔ اِس محل کی طرف جاؤ۔ میں گیا تو ایک آدمی اپنے بالوں کو کھینچ رہا تھا۔ وہ طوق اور زنجیروں میں جکڑا ہوا زمین و آسمان کے درمیان پھڑک رہا تھا۔ میں نے کہا :۔ تو کون ہے؟ اُس نے کہا میں دجّال ہوں۔ کیا اُمّیوں کے نبی کا ظہور ہو گیا ہے؟ میں نے کہا، ہاں۔ اُس نے کہا کہ لوگوں نے اُن کی اطاعت کی ہے یا نافرمانی ؟ میں نے کہا کہ اطاعت کی ہے۔ اُس نے کہا کہ یہ اُن کے لیے بہتر ہے۔

۹۲۱ - حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ يَعْقُوبَ نَا عَبْدُ الصَّمَدِ نَا أَبِي قَالَ سَمِعْتُ حُسَيْنًا الْمُعَلِّمَ قَالَ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ نَا عَامِرُ بْنُ شَرَاحِيلَ الشَّعْبِيُّ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ قَالَ سَمِعْتُ مُنَادِيَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنَادِي أَنَّ الصَّلٰوةَ جَامِعَةٌ فَخَرَجْتُ فَصَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلٰوةَ جَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ وَهُوَ يَضْحَكُ قَالَ لِيَلْزَمْ كُلُّ إِنْسَانٍ مُصَلَّاهُ ثُمَّ قَالَ هَلْ تَدْرُونَ لِمَ جَمَعْتُكُمْ قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ قَالَ إِنِّي مَا جَمَعْتُكُمْ لِرَهْبَةٍ وَلَا رَغْبَةٍ وَلٰكِنْ جَمَعْتُكُمْ أَنَّ تَمِيمًا الدَّارِيَّ كَانَ رَجُلًا نَصْرَانِيًّا فَجَاءَ فَبَايَعَ وَأَسْلَمَ وَحَدَّثَنِي حَدِيثًا وَافَقَ الَّذِي حَدَّثْتُكُمْ عَنِ الدَّجَّالِ حَدَّثَنِي أَنَّهُ رَكِبَ فِي سَفِينَةٍ بَحْرِيَّةٍ مَعَ ثَلٰثِينَ رَجُلًا مِنْ لَخْمٍ وَجُذَامٍ فَلَعِبَ بِهِمُ الْمَوْجُ شَهْرًا فِي الْبَحْرِ وَأَرْفَؤُوا إِلَى جَزِيرَةٍ حِينَ مَغْرِبِ الشَّمْسِ فَجَلَسُوا فِي أَقْرُبِ السَّفِينَةِ فَدَخَلُوا الْجَزِيرَةَ فَلَقِيَتْهُمْ دَابَّةٌ أَهْلَبُ كَثِيرَةُ الشَّعْرِ قَالُوا وَيْلَكِ مَا أَنْتِ قَالَتْ أَنَا الْجَسَّاسَةُ انْطَلِقُوا إِلَى هٰذَا الرَّجُلِ فِي هٰذَا الدَّيْرِ فَإِنَّهُ إِلَى خَبَرِكُمْ بِالْأَشْوَاقِ قَالَ لَمَّا سَمَّتْ لَنَا رَجُلًا فَرِقْنَا مِنْهَا أَنْ تَكُونَ شَيْطَانَةً فَانْطَلَقْنَا سِرَاعًا حَتّٰى دَخَلْنَا الدَّيْرَ فَإِذَا فِيهِ أَعْظَمُ إِنْسَانٍ رَأَيْنَاهُ قَطُّ خَلْقًا وَأَشَدُّهُ وِثَاقًا مَجْمُوعَةٌ يَدَاهُ إِلَى عُنُقِهِ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ وَسَأَلَهُمْ عَنْ نَخْلِ بَيْسَانَ وَعَنْ عَيْنِ زُغَرَ وَعَنِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ قَالَ إِنِّي أَنَا الْمَسِيحُ وَإِنَّهُ يُوشِكُ أَنْ يُؤْذَنَ لِي فِي الْخُرُوجِ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ تعالےٰ عنہا کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے منادی کو آواز دیتے ہوئے سُنا کہ نماز جمع کرنے والی ہے۔ پس میں نکلی اور رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم فارغ ہو گئے تو آپ منبر پر جلوہ افروز ہوئے تبسم ریزی فرماتے ہوئے ارشاد ہوا کہ ہر شخص اُسی جگہ بیٹھا رہے جہاں نماز پڑھی ہے۔ پھر فرمایا:- کیا تم جانتے ہو کہ تمہیں کس لیے اکٹھے کیا ہے؟ لوگ عرض گزار ہوئے کہ اللہ تعالےٰ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں۔ فرمایا کہ میں نے تمہیں ڈرانے یا خوشخبری سنانے کے لیے جمع نہیں کیا بلکہ یوں جمع کیا ہے کہ تمیم داری نصرانی تھے۔ وہ آئے بیعت کی، مسلمان ہوئے اور ایک ایسی بات بتائی کہ اُن باتوں سے مطابقت رکھتی ہے جو میں نے تمہیں دجال کے متعلق بتائی ہیں۔ انہوں نے مجھے بتایا کہ وہ بنی لخم اور بنی جذام کے تیس افراد کے ساتھ سمندری جہاز میں سفر کر رہے تھے۔ سمندر کی موجیں مہینہ بھر اُن سے کھیلتی رہیں اور سورج غروب ہونے کے وقت وہ ایک جزیرے سے جا لگے۔ وہ چھوٹی کشتیوں میں بیٹھ کر جزیرے میں داخل ہوئے تو انہیں موٹی دُم اور گھنے بالوں والا ایک جانور ملا۔ لوگوں نے کہا:- تیری خرابی ہو، تو کون ہے؟ اُس نے کہا کہ میں جاسوس ہوں تم ایک آدمی کے پاس اس بُت خانے میں جاؤ، کیونکہ وہ تمہاری خبر کا بہت شائق ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ جب اُس نے ہمارے سامنے اُس شخص کا نام لیا تو ہم اُس جانور سے ڈرے کہ کہیں یہ شیطان نہ ہو۔ ہم جلدی سے چلے یہاں تک کہ اُس بُت خانے میں داخل ہوئے۔ دیکھا تو وہاں ایک بہت بڑا آدمی تھا کہ ایسی مخلوق ہم نے کوئی نہیں دیکھی تھی۔ وہ سختی سے جکڑ رکھا تھا اور اُس کے دونوں ہاتھ اُس کی گردن سے باندھے ہوئے تھے۔ آگے حدیث بیان کی۔ اُس نے بیسان کی کھجوروں، زُغر کے چشمے اور نبیٔ اُمی کے متعلق اُن سے

وَاِنَّهٗ فِيْ بَحْرِ الشَّامِ اَوْ بَحْرِ الْيَمَنِ لَا بَلْ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ مَا هُوَ مَا هُوَ مَرَّتَيْنِ وَاَوْمَأَ بِيَدِهٖ مَرَّتَيْنِ قِبَلَ الْمَشْرِقِ قَالَتْ حَفِظْتُ هٰذَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَاقَ الْحَدِيْثَ۔

پوچھا۔ اور کہا کہ میں دجّال ہوں اور عنقریب مجھے نکلنے کی اجازت مل جائے گی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ شام یا یمن کے سمندر میں ہے۔ نہیں بلکہ مشرق کی جانب ہے دو مرتبہ نہیں نہیں کہا اور دو دفعہ دستِ اقدس سے مشرق کی جانب اشارہ فرمایا۔ حضرت فاطمہ نے فرمایا کہ اسے میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے سُن کر یاد رکھا ہے اور آگے باقی حدیث بیان کی۔

۹۲۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صُدْرَانَ نَا الْمُعْتَمِرُ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبِيْ خَالِدٍ عَنْ مُجَالِدِ بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَامِرٍ قَالَ اَخْبَرَتْنِيْ فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ صَعِدَ الْمِنْبَرَ وَكَانَ لَا يَصْعَدُ عَلَيْهِ اِلَّا يَوْمَ جُمُعَةٍ قَبْلَ يَوْمَئِذٍ ثُمَّ ذَكَرَ هٰذِهِ الْقِصَّةَ قَالَ اَبُوْدَاؤدَ ابْنُ صُدْرَانَ بَصْرِيٌّ غَرِقَ فِي الْبَحْرِ مَعَ ابْنِ مِسْوَرٍ لَمْ يَسْلَمْ مِنْهُمْ غَيْرُهٗ۔

عامر کا بیان ہے کہ مجھے حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بتایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے نمازِ ظہر پڑھی اور پھر منبر پر جلوہ افروز ہوئے حالانکہ اُس روز سے پہلے آپ جمعۃ المبارک کے سِوا جلوہ افروز نہیں ہوا کرتے تھے۔ پھر وہی مذکورہ واقعہ بیان کیا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ابن صدران سمندر میں ابن مسور کے ساتھ ڈوب گئے تھے اور اُن میں سے اِن (ابن صدران) کے سِوا کوئی سلامت نہیں ہوا تھا۔

۹۲۳۔ حَدَّثَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى اَخْبَرَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جُمَيْعٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ عَلَى الْمِنْبَرِ اِنَّهٗ بَيْنَمَا اُنَاسٌ يَسِيْرُوْنَ فِي الْبَحْرِ فَنَفِدَ طَعَامُهُمْ فَرُفِعَتْ لَهُمْ جَزِيْرَةٌ فَخَرَجُوْا يُرِيْدُوْنَ الْخُبْزَ فَلَقِيَتْهُمُ الْجَسَّاسَةُ فَقُلْتُ لِاَبِيْ سَلَمَةَ وَمَا الْجَسَّاسَةُ قَالَ امْرَاَةٌ تَجُرُّ شَعْرَ جِلْدِهَا وَرَاْسِهَا قَالَتْ فِيْ هٰذَا الْقَصْرِ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ وَسَاَلَ عَنْ نَخْلِ بَيْسَانَ وَعَنْ عَيْنِ زُغَرَ قَالَ هُوَ الْمَسِيْحُ فَقَالَ لِيَ ابْنُ اَبِيْ سَلَمَةَ اِنَّ هٰذَا فِي الْحَدِيْثِ شَيْئًا مَا حَفِظْتُهٗ قَالَ شَهِدَ جَابِرٌ اَنَّهٗ هُوَ ابْنُ صَائِدٍ قُلْتُ فَاِنَّهٗ قَدْ مَاتَ قَالَ وَاِنْ مَاتَ قُلْتُ فَاِنَّهٗ قَدْ اَسْلَمَ قَالَ وَاِنْ اَسْلَمَ قُلْتُ فَاِنَّهٗ

ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے حضرت جابر رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے ایک روز بر سرِ منبر فرمایا۔ کچھ لوگ سمندری سفر کر رہے تھے کہ اُن کا کھانا ختم ہو گیا۔ یہ تشویش انہیں ایک جزیرے میں لے گئی۔ پس وہ روٹی کی تلاش میں نکلے تو انہیں ایک جسّاسہ ملی۔ میں (ولید) نے ابوسلمہ سے پوچھا کہ جسّاسہ کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ ایک عورت ہے جو اپنی کھال اور سر کے بال کھینچتی ہے۔ جسّاسہ نے کہا کہ اِس محل میں۔ پھر باقی حدیث بیان کی۔ اُس (دجّال) نے بیسان کی کھجوروں اور زغر کے چشمے کے متعلق پوچھا۔ راوی نے کہا کہ وہی دجّال ہے۔ ابنِ ابوسلمہ نے مجھ سے کہا کہ اِس حدیث میں ایک بات اور تھی جو میں بھول گیا۔ فرمایا کہ حضرت جابر نے شہادت دی کہ وہ ابنِ صائد تھا۔ میں عرض گزار ہوا کہ وہ تو مر چکا۔ فرمایا اگرچہ مر گیا ہو۔ میں نے عرض کی کہ وہ تو مسلمان ہو گیا تھا۔ فرمایا اگرچہ مسلمان ہو گیا ہو۔ میں عرض گزار ہوا کہ وہ تو مدینہ منورہ میں داخل ہوا تھا۔ فرمایا

قَدْ دَخَلَ الْمَدِينَةَ قَالَ وَإِنْ دَخَلَ الْمَدِينَةَ۔

اگرچہ مدینہ منورہ میں داخل ہوا ہو۔

ف:۔ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا ابنِ صیاد وغیرہ پر دجّال ہونے کا شبہ کرنا بایں وجہ نہیں تھا کہ آپ اُسے وہی دجّال سمجھ بیٹھے تھے جس کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے قتل کرنا ہے، بلکہ اس یقین کی بنا پر کہا تھا کہ ابنِ صیاد بھی تیس دجّالوں میں سے ایک تھا اور یہ بھی آپ کو یقین تھا کہ جس بڑے دجّال کی آپ نے خبر دی تھی ابنِ صیاد وہ ہرگز نہیں تھا کیونکہ نہ وہ کانا تھا، نہ اُس کی وہ شکل و شباہت تھی جو حدیثوں میں آپ نے بیان فرمائی اور نہ اُس کے ساتھ مکروفریب کے وہ ذرائع تھے جن سے آپ نے صحابۂ کرام کو پہلے ہی خبردار کر دیا تھا۔ بلکہ یہ محض اِس غرض سے تھا کہ مسلمان ہر چھوٹے بڑے دجّال و کذّاب سے خبردار رہیں اور اُس کے مکروفریب سے بچنے کی پوری کوشش کریں۔ اسی لیے تو ابن ابی سلمہ نے حضرت جابر رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے تین ایسے سوال کیے جو ابنِ صائد کے بڑے دجّال ہونے کی نفی کر رہے تھے لیکن حضرت جابر نے اُس کے تیس دجالوں میں سے ہونے کی نفی نہیں کی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابُ ٣١٨ خَبَرِ ابْنِ الصَّائِدِ۔

ابنِ صیاد کا بیان

٩٢٤۔ حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ خُشَيْشُ بْنُ أَصْرَمَ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِابْنِ صَائِدٍ فِي نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِهِ فِيهِمْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَهُوَ يَلْعَبُ مَعَ الْغِلْمَانِ عِنْدَ أُطُمِ بَنِي مَغَالَةَ وَهُوَ غُلَامٌ فَلَمْ يَشْعُرْ حَتَّى ضَرَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ظَهْرَهُ بِيَدِهِ ثُمَّ قَالَ أَتَشْهَدُ أَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ قَالَ فَنَظَرَ إِلَيْهِ ابْنُ صَائِدٍ فَقَالَ أَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُولُ الْأُمِّيِّينَ ثُمَّ قَالَ ابْنُ صَيَّادٍ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَشْهَدُ أَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهِ ثُمَّ قَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَأْتِيكَ قَالَ يَأْتِينِي صَادِقٌ وَكَاذِبٌ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُلِطَ عَلَيْكَ الْأَمْرُ ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي قَدْ خَبَأْتُ لَكَ خَبِيئَةً وَخَبَأَ لَهُ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُبِينٍ قَالَ ابْنُ صَيَّادٍ هُوَ الدُّخُّ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اخْسَأْ فَلَنْ تَعْدُوَ قَدْرَكَ فَقَالَ عُمَرُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ ائْذَنْ لِي

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ اپنے چند ساتھیوں سمیت جن میں حضرت عمر بھی تھے، ابنِ صائد کے پاس سے گزرے جو بنی مغالہ کے قلعے کے پاس لڑکوں میں کھیل رہا تھا۔ کیونکہ وہ بھی لڑکا تھا۔ اُسے پتہ نہ لگا یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے اُس کی پیٹھ پر اپنا دستِ مبارک مارا۔ پھر فرمایا:۔ کیا تم یہ گواہی دیتے ہو کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ ابنِ صائد نے آپ کی طرف دیکھا اور کہا:۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اَن پڑھوں کے رسول ہیں۔ پھر ابنِ صیاد نے نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے کہا:۔ کیا آپ گواہی دیتے ہیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے اُس سے فرمایا:۔ میں تو اللہ اور اُس کے رسولوں پر ایمان رکھتا ہوں۔ پھر نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے اُس سے فرمایا:۔ تمہارے پاس کیا آتا ہے؟ کہا کہ میرے پاس سچا اور جھوٹا آتا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے اُس سے فرمایا:۔ تمہارا معاملہ بگڑا ہوا ہے۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ میں تمہارے بتانے کے لیے ایک بات دل میں سوچتا ہوں۔ چنانچہ آپ نے اس کے لیے سوچا:۔

ابنِ صیاد نے کہا:۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ دُور ہو جاؤ، تم اپنے اندازے

فَاَضْرِبُ عُنُقَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ يَكُنْ فَلَنْ تُسَلَّطَ عَلَيْهِ يَعْنِي الدَّجَّالَ وَاِنْ لَا يَكُنْ هُوَ فَلَا خَيْرَ فِيْ قَتْلِهٖ۔

سے آگے نہیں بڑھ سکتے۔ حضرت عمر عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! مجھے اجازت دیجئے کہ اس کی گردن اڑا دوں، رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر یہ دجال ہے تو تم اس پر قابو نہیں پاسکو گے اور اگر وہ نہیں ہے تو اس کے قتل میں کوئی بھلائی نہیں۔

٩٢٥۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ نَا يَعْقُوْبُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ يَقُوْلُ وَاللّٰهِ مَا اَشُكُّ اَنَّ الْمَسِيْحَ الدَّجَّالَ ابْنُ صَيَّادٍ۔

قتیبہ بن سعید، یعقوب بن عبدالرحمٰن، موسیٰ بن عقبہ، نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالٰے عنہما فرمایا کرتے۔ خدا کی قسم، مجھے اس میں کوئی شک نہیں کہ ابن صیاد ایک دجال ہے۔

٩٢٦۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مُعَاذٍ نَا اَبِيْ نَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ رَاَيْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَحْلِفُ بِاللّٰهِ اَنَّ ابْنَ الصَّيَّادِ الدَّجَّالُ فَقُلْتُ تَحْلِفُ بِاللّٰهِ فَقَالَ اِنِّيْ سَمِعْتُ عُمَرَ يَحْلِفُ بِاللّٰهِ تَعَالٰى عَلٰى ذٰلِكَ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يُنْكِرْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

محمد بن منکدر کا بیان ہے کہ میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالٰے عنہما کو قسم کھا کر یہ بات کہتے ہوئے دیکھا کہ ابن صیاد ہی دجال ہے اور فرمایا کہ میں نے حضرت عمر کو اس بات پر اللہ کی قسم کھاتے ہوئے سنا جبکہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی خدمت میں موجود تھے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے انہیں اس بات سے منع نہ فرمایا دیا اس بات کا انکار نہ کیا۔

٩٢٧۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ يَعْنِي ابْنَ مُوْسٰى قَالَ نَا شَيْبَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ سَالِمٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ فَقَدْنَا ابْنَ صَيَّادٍ يَوْمَ الْحَرَّةِ۔

احمد بن ابراہیم، عبیداللہ بن موسیٰ، شیبان، اعمش، سالم سے روایت ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ تعالٰے عنہ نے فرمایا۔ واقعہ حرّہ کے وقت ابن صیاد ہم سے گم ہو گیا۔

٩٢٨۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَخْرُجَ ثَلٰثُوْنَ دَجَّالًا كُلُّهُمْ يَزْعُمُ اَنَّهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ تَعَالٰى۔

عبیداللہ بن مسلمہ، عبدالعزیز بن محمد، علاء اُن کے والدِ ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا:۔ قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ تیس دجال نکل آئیں۔ ہر ایک دعویٰ کرے گا کہ وہ اللہ تعالٰے کا رسول ہے۔

٩٢٩۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ نَا اَبِيْ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ابو سلمہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا:۔ قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ تیس کذاب و دجال نکل آئیں۔

لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَخْرُجَ ثَلٰثُوْنَ كَذَّابًا دَجَّالًا كُلُّهُمْ يَكْذِبُ عَلَى اللّٰهِ وَعَلٰى رَسُوْلِهٖ۔

اُن میں سے ہر ایک اللہ اور اُس کے رسول کے متعلق جھوٹ بولے گا۔

۹۳۰۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْجَرَّاحِ عَنْ جَرِيْرٍ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ قَالَ عَبِيْدَةُ السَّلْمَانِيُّ بِهٰذَا الْخَبَرِ قَالَ فَذَكَرَ نَحْوَهٗ فَقُلْتُ لَهٗ اَتَرٰى هٰذَا مِنْهُمْ يَعْنِي الْمُخْتَارَ قَالَ عَبِيْدَةُ اَمَا اِنَّهٗ مِنَ الرُّءُوْسِ۔

عبداللہ بن جراح جریر، مغیرہ، ابراہیم نے عَبِیدہ سلمانی سے اِس حدیث کو اسی طرح روایت کیا ہے۔ میں (ابراہیم) عرض گزار ہُوا کہ کیا آپ کے خیال میں مختار بھی اُن میں سے ہے؟ عَبِیدہ نے فرمایا:۔ بلکہ وہ تو سرغنوں میں سے ہے۔

باب ۳۱۹ الْاَمْرُ وَالنَّهْيُ۔

امر و نہی کا بیان

۹۳۱۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ النُّفَيْلِيُّ ثَنَا يُوْنُسُ بْنُ رَاشِدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ بَذِيْمَةَ عَنْ اَبِيْ عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَوَّلَ مَا دَخَلَ النَّقْصُ عَلٰى بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ كَانَ الرَّجُلُ يَلْقَى الرَّجُلَ فَيَقُوْلُ يَا هٰذَا اتَّقِ اللّٰهَ وَدَعْ مَا تَصْنَعُ فَاِنَّهٗ لَا يَحِلُّ لَكَ ثُمَّ يَلْقَاهُ مِنَ الْغَدِ فَلَا يَمْنَعُهٗ ذٰلِكَ اَنْ يَكُوْنَ اَكِيْلَهٗ وَشَرِيْبَهٗ وَقَعِيْدَهٗ فَلَمَّا فَعَلُوْا ذٰلِكَ ضَرَبَ اللّٰهُ قُلُوْبَ بَعْضِهِمْ عَلٰى بَعْضٍ ثُمَّ قَالَ لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ اِلٰى قَوْلِهٖ فَاسِقُوْنَ ثُمَّ قَالَ كَلَّا وَاللّٰهِ لَتَاْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ وَلَتَاْخُذُنَّ عَلٰى يَدِ الظَّالِمِ وَلَتَاْطُرُنَّهٗ عَلَى الْحَقِّ اَطْرًا اَوْ لَتَقْصُرُنَّهٗ عَلَى الْحَقِّ قَصْرًا۔

ابو عُبیدہ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ پہلا نقص جو بنی اسرائیل میں آیا وہ یہ تھا کہ ایک آدمی جب دوسرے آدمی سے ملتا تو کہتا:۔ اللہ سے ڈرو اور جو بُرا کام تم کرتے ہو اسے چھوڑ دو کیونکہ یہ تمہارے لئے جائز نہیں ہے۔ پھر جب اگلے روز ملتا تو اُسے منع نہ کرتا کیونکہ کھانے پینے اور بیٹھنے میں اُس کے ساتھ شریک ہو جاتا تھا۔ جب انہوں نے ایسا کیا تو اللہ تعالےٰ نے اچھے دلوں کو بُرے دلوں سے ملا دیا۔ پھر فرمایا:۔ لعنت کیے گئے بنی اسرائیل کے کافر حضرت داؤد اور حضرت عیسٰی بن مریم کی زبانی (۵: ۷۸)۔ پھر فرمایا کہ ایسا نہیں ہے بلکہ تم ضرور اچھی باتوں کا حکم دوگے اور بُری باتوں سے ضرور روکو گے۔ اور ظالم کے دونوں ہاتھ پکڑ کر حق کی جانب ایسا جھکاؤ گے جو جھکانے کا حق ہے اور اُسے حق پر ٹھہراؤ گے جیسا کہ ٹھہرانے کا حق ہے۔

ف:۔ مسلمانوں کی حالت اُسی وقت تک قابلِ رشک رہتی ہے جب تک وہ ایک دوسرے کو اچھی باتوں کا حکم کرتے اور بُری باتوں سے روکتے رہتے ہیں۔ جب اس فریضہ سے سبکدوش ہو بیٹھتے اور بُرائیوں میں ایک دوسرے کے ساتھ شریک ہو جاتے ہیں تو وہی حالت ہوتی ہے جو آج ہماری ہے کہ اقوامِ عالم کی نگاہوں میں سامانِ تضحیک ہو کر رہ گئے ہیں۔ مسلمانوں کے تمام ملکوں میں غیر اسلامی قوانین نافذ ہیں۔ تمام بُرائیاں حکومتوں کے زیرِ سایہ ہو رہی ہیں اور ہر جگہ لوٹ مار کا بازار گرم ہے۔ عدالتوں کے نام سے انصاف بِک رہا ہے۔ انتظام کے پردے میں بدنظمی پھیلائی ہوتی ہے۔ رشوت، سود اور بدکاری گویا ہمارے کاروبار کے ارکانِ ثلاثہ

ہو کر رہ گئے ہیں۔ ایمانی غیرت کا ہر جگہ جنازہ نکالا ہوا ہے۔ نہ کوئی آگے بڑھ کر روکنے والا ہے نہ کوئی اس بے راہ روی پر ٹوکنے والا ہے۔ علماء حضرات جنہوں نے فواحش کا فریضہ ادا کرنا تھا وہ حکومتوں کا قرب حاصل کرنے کو شاں رہتے ہیں۔ جو صوفیائے کرام ایسے مواقع پر بے راہ روی کے بپھرے ہوئے سیلاب کا رخ پھیرا کرتے تھے وہ اپنے مالک کی بارگاہ میں پہنچ چکے اور اُن کی گدیوں پر اکثر و بیشتر ایسے حضرات جلوہ افروز ہیں جن کی ذمہ داری نذرانے وصول کرنے اور دعائے خیر فرما دینے سے آگے اور کچھ نہیں۔ ملک و قوم کس راہ پر جا رہے ہیں؟ اس بات سے نہ اُن کا کوئی تعلق نہ اس پر سوچنے کی ضرورت اور فرصت کیونکہ وہ حضرات تو شب و روز اپنی روحانی ترقی میں مصروف اور قصرِ ولایت کی منزلوں کو سر کرنے میں کوشاں ہیں۔ کاش! اللہ تعالٰے اس ملتِ اسلامیہ کے تینوں خیر خواہوں اور سرپرستوں یعنی علمائے اسلام، سلاطین عظام اور صوفیائے کرام کو چشم بینا اور دردِ ملت عطا فرمائے کہ یہ قومِ مسلم کی دستگیری فرمائیں۔ بھولے ہوئے سبق انہیں یاد کروائیں اور انہیں حرمین طیبین کا راستہ بتائیں۔ ورنہ اس وقت تو ہم نے اپنا مقدر یہ بنایا ہوا ہے:-

وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿۴: ۱۱۵﴾

اور جو رسول کا خلاف کرے اس کے بعد کہ ہدایت اُس کے لیے ظاہر ہو چکی اور مسلمانوں کے راستے کے سوا کسی اور راستے پر چلے تو ہم اُسے اُدھر پھیر دیں گے جدھر وہ پھرا ہے اور جہنم میں ڈالیں گے جو بری جگہ ہے پلٹنے کی۔

۹۳۲۔ حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ نَا أَبُوْ شِهَابٍ الْحَنَّاطُ عَنْ أَبِيْ عُبَيْدَةَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهٖ زَادَ أَوْ لَيَضْرِبَنَّ اللّٰهُ بِقُلُوْبِ بَعْضِكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ثُمَّ لَيَلْعَنَنَّكُمْ كَمَا لَعَنَهُمْ قَالَ أَبُوْ دَاوٗدَ رَوَاهُ الْمُحَارِبِيُّ عَنِ الْعَلَاءِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ سَالِمٍ الْأَفْطَسِ عَنْ أَبِيْ عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ وَرَوَاهُ خَالِدُ الطَّحَّانُ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ أَبِيْ عُبَيْدَةَ۔

ابو عبیدہ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے مذکورہ حدیث کے مطابق فرمایا۔ اس روایت میں یہ بھی ہے کہ اللہ تعالٰے تم میں سے بھی بعض کے دلوں کو دوسرے بعض کے دلوں سے ملا دے گا۔ پھر تم پر بھی لعنت کرے گا جیسے اُن (بنی اسرائیل) پر لعنت کی تھی۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے محاربی، علاء بن مسیب، عبداللہ بن مرّۃ، سالم افطس، ابو عبیدہ نے حضرت عبداللہ سے اور روایت کیا ہے اسے خالد طحان علاء، عمرو بن مرّۃ نے ابو عبیدہ سے۔

۹۳۳۔ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ عَنْ خَالِدٍ ح وَحَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ قَالَ أَنَا هُشَيْمٌ الْمَعْنٰى عَنْ إِسْمٰعِيْلَ عَنْ قَيْسٍ قَالَ قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ بَعْدَ أَنْ حَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّكُمْ تَقْرَءُوْنَ هٰذِهِ الْآيَةَ وَتَضَعُوْنَهَا عَلٰى غَيْرِ مَوَاضِعِهَا عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ قَالَ عَنْ خَالِدٍ وَإِنَّا سَمِعْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

قیس سے روایت ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالٰے عنہ نے حمد و ثنا کے بعد فرمایا:- اے لوگو! تم اس آیت کو پڑھتے ہو اور دوسرے موضوع پر چسپاں کر دیتے ہو:- تمہارے لیے اپنی جانوں کی فکر ضروری ہے۔ جو گمراہ ہوا تو نقصان نہیں پہنچائے گا جبکہ تم ہدایت پر ہو (۵: ۱۰۵) خالد سے روایت کرتے ہوئے فرمایا:- لوگ جب ظالم کو دیکھیں اور اس کے ہاتھ نہ پکڑیں تو قریب ہے کہ اللہ تعالٰے انہیں

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِنَّ النَّاسَ إِذَا رَأَوُا الظَّالِمَ فَلَمْ يَأْخُذُوْا عَلَى يَدَيْهِ أَوْشَكَ أَنْ يَعُمَّهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابٍ وَقَالَ عَمْرٌو عَنْ هُشَيْمٍ وَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ قَوْمٍ يُعْمَلُ فِيْهِمْ بِالْمَعَاصِيْ ثُمَّ يَقْدِرُوْنَ عَلَى أَنْ يُغَيِّرُوْا ثُمَّ لَمْ يُغَيِّرُوْا إِلَّا يُوْشِكُ أَنْ يَعُمَّهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابٍ قَالَ أَبُوْ دَاؤُدَ رَوَاهُ كَمَا قَالَ خَالِدٌ أَبُوْ أُسَامَةَ وَجَمَاعَةٌ قَالَ شُعْبَةُ فِيْهِ مَا مِنْ قَوْمٍ يُعْمَلُ فِيْهِمْ بِالْمَعَاصِيْ هُمْ أَكْثَرُ مِمَّنْ يَعْمَلُهُ۔

عذاب میں جکڑ لے۔ عمرو نے ہشیم سے روایت کی کہ بیشک میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس قوم میں گناہ کیے جاتے ہوں لیکن روکنے کی طاقت رکھتے ہوئے لوگ انہیں نہ روکیں تو قریب ہے کہ اللہ تعالٰے انہیں عذاب میں گرفتار کرے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے خالد، ابو اسامہ اور ایک جماعت کے مطابق شعبہ نے اس میں کہا: جس قوم میں گناہ کیے جاتے ہوں اور ایسا کرنے والوں کی کثرت ہو۔

ف:- اگر ظالم کو ظلم کرنے سے اور بُرے کام کرنے والوں کو بُرے کام کرنے سے روکنے والے نہ رہیں تو ساری قوم عذاب کی مستحق ہو جاتی ہے اور نیک آدمی بھی بُروں کے ساتھ ہی پس جاتے ہیں۔ آج جبکہ مسلمانوں کی حالت سراسر غیر اسلامی ہو چکی اسلامی شعائر اور اصولوں سے کھلے عام بغاوت ہو رہی ہے تو نیکوں کی ذمہ داری بہت بڑھ چکی ہے۔ ملک و ملت کا درد رکھنے والوں کی آزمائش کا وقت ہے۔ ضرورت ہے کہ ایسے وقت میں ہر ایک اپنی صلاحیت کو بروئے کار لا کر اصلاح احوال کی پوری کوشش کرے کیونکہ اسی میں ہم سب کی بھلائی اور دارین کی کامیابی ہے واللہ تعالٰے اعلم۔

۹۳۴۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا أَبُو الْأَحْوَصِ نَا أَبُوْ إِسْحٰقَ عَنِ ابْنِ جَرِيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ رَجُلٍ يَكُوْنُ فِيْ قَوْمٍ يُعْمَلُ فِيْهِمْ بِالْمَعَاصِيْ يَقْدِرُوْنَ عَلَى أَنْ يُغَيِّرُوْا عَلَيْهِ فَلَا يُغَيِّرُوْا إِلَّا أَصَابَهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابٍ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَمُوْتُوْا۔

حضرت جریر رضی اللہ تعالٰے عنہ کا بیان ہے کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ کوئی قوم ایسی نہیں کہ اس میں گناہ کیے جاتے ہوں اور وہ انہیں روکنے کی طاقت رکھتے ہوں لیکن نہ روکیں تو مرنے سے پہلے انہیں اللہ کا عذاب پہنچ جاتا ہے۔

۹۳۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ وَهَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ قَالَا نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِسْمٰعِيْلَ بْنِ رَجَاءٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ وَعَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ رَأَى مُنْكَرًا فَاسْتَطَاعَ أَنْ يُغَيِّرَهُ بِيَدِهِ فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهِ وَقَطَعَ هَنَّادٌ بَقِيَّةَ الْحَدِيْثِ وَمَرَّ فِيْهِ

محمد بن علاء اور ہناد بن سری، ابو معاویہ، اعمش، اسمٰعیل بن رجاء، اُن کے والد ماجد، ابو سعید، قیس بن مسلم، طارق بن شہاب، حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالٰے عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ جو تم میں سے بُرا کام ہوتا ہوا دیکھے اور ہاتھ سے اُسے روکنے کی طاقت رکھتا ہو تو اپنے ہاتھ سے روکے۔ ہناد نے باقی حدیث قطع کر دی اور باقی حدیث میں ابن العلاء نے کہا۔ اگر ایسا نہ کر سکے تو زبان ہی سے سہی۔ اگر زبان

ابن العلاء فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهِ فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ بِلِسَانِهِ فَبِقَلْبِهِ وَذَلِكَ أَضْعَفُ الْإِيمَانِ.

روکنے کی طاقت بھی نہ ہو تو دل سے ہی بُرا سمجھے اور یہ کمزور ایمان ہے۔

۹۳۶۔ حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْعَتَكِيُّ نَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ عُتْبَةَ بْنِ أَبِي حَكِيمٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ جَارِيَةَ اللَّخْمِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو أُمَيَّةَ الشَّعْبَانِيُّ قَالَ سَأَلْتُ أَبَا ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيَّ فَقُلْتُ يَا أَبَا ثَعْلَبَةَ كَيْفَ تَقُولُ فِي هَذِهِ الْآيَةِ عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ قَالَ أَمَا وَاللَّهِ لَقَدْ سَأَلْتَ عَنْهَا خَبِيرًا سَأَلْتُ عَنْهَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ بَلِ ائْتَمِرُوا بِالْمَعْرُوفِ وَتَنَاهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ حَتَّى إِذَا رَأَيْتَ شُحًّا مُطَاعًا وَهَوًى مُتَّبَعًا وَدُنْيَا مُؤْثَرَةً وَإِعْجَابَ كُلِّ ذِي رَأْيٍ بِرَأْيِهِ فَعَلَيْكَ يَعْنِي بِنَفْسِكَ وَدَعْ عَنْكَ الْعَوَامَّ فَإِنَّ مِنْ وَرَائِكُمْ أَيَّامَ الصَّبْرِ فِيهِنَّ مِثْلُ قَبْضٍ عَلَى الْجَمْرِ لِلْعَامِلِ فِيهِنَّ مِثْلُ أَجْرِ خَمْسِينَ رَجُلًا يَعْمَلُونَ مِثْلَ عَمَلِهِ قَالَ وَزَادَنِي غَيْرُهُ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَجْرُ خَمْسِينَ مِنْهُمْ قَالَ أَجْرُ خَمْسِينَ مِنْكُمْ.

ابو امیہ شعبانی کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھتے ہوئے کہا:۔ اے ابو ثعلبہ! آپ اس آیت:۔ تم پر اپنی جانوں کی فکر ضروری ہے (۵: ۱۰۵) کے بارے میں بھلا کیا فرماتے ہیں؟ فرمایا کہ خدا کی قسم! میں نے اس کے متعلق خبر رکھنے والے سے دریافت کیا یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا تو فرمایا:۔ بلکہ تم پر اچھی باتوں کا حکم دینا اور بری باتوں سے روکنا بھی ضروری ہے۔ یہاں تک کہ جب تم بخیل کی اطاعت نفسانی خواہش کی پیروی دنیا سے پیار اور ہر صاحب رائے کو اپنی رائے پر نازاں دیکھو تو تم پر اپنی ہی فکر لازم ہے اور عوام کا خیال چھوڑ دینا کیونکہ تمہارے پیچھے صبر کے دن ہیں۔ ان میں صبر کرنا چنگاری پکڑنے کی طرح ہے نیک عمل کرنے والے کو ان میں اس جیسے عمل کرنے والے پچاس آدمیوں کے برابر ثواب ہوگا۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! ان میں کے پچاس کے برابر؟ فرمایا کہ تم میں سے پچاس کے برابر ثواب۔

۹۳۷۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ أَنَّ عَبْدَ الْعَزِيزِ بْنَ أَبِي حَازِمٍ حَدَّثَهُمْ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَيْفَ بِكُمْ وَبِزَمَانٍ أَوْ يُوشِكُ أَنْ يَأْتِيَ زَمَانٌ يُغَرْبَلُ النَّاسُ فِيهِ غَرْبَلَةً تَبْقَى حُثَالَةٌ مِنَ النَّاسِ قَدْ مَرِجَتْ عُهُودُهُمْ وَأَمَانَاتُهُمْ وَاخْتَلَفُوا فَكَانُوا هَكَذَا وَشَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ فَقَالُوا كَيْفَ بِنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ فَقَالَ تَأْخُذُونَ مَا تَعْرِفُونَ وَتَذَرُونَ مَا تُنْكِرُونَ وَتُقْبِلُونَ عَلَى أَمْرِ

عمارہ بن عمرو نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اُس زمانے میں تمہارا کیا حال ہوگا یا عنقریب ایسا زمانہ آئے گا کہ اچھے لوگوں کا اُس میں قحط پڑ جائے گا اور لوگوں کا کوڑا کرکٹ رہ جائے گا جو نہ عہد پورے کریں گے اور نہ امانت دار ہوں گے بلکہ اختلاف کریں گے بلکہ ان انگلیوں کی طرح دست و گریباں رہیں گے۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! اُس وقت ہم کیا کریں؟ فرمایا کہ جنہیں تم اچھے جانتے ہو انہیں اختیار کرنا اور جنہیں ناپسند کرتے ہو انہیں چھوڑ دینا۔ خاص لوگوں کے معاملے کو قبول کرنا اور

خَاصَّتِكُمْ وَتَذَرُونَ أَمْرَ عَامَّتِكُمْ.

عام لوگوں کے معاملے کو چھوڑ دینا۔

۹۳۸- حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللهِ نَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ نَا يُونُسُ بْنُ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ هِلَالِ بْنِ خَبَّابٍ أَبِي الْعَلَاءِ قَالَ حَدَّثَنِي عِكْرِمَةُ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ حَوْلَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ ذَكَرَ الْفِتْنَةَ فَقَالَ إِذَا رَأَيْتُمُ النَّاسَ قَدْ مَرِجَتْ عُهُودُهُمْ وَخَفَّتْ أَمَانَاتُهُمْ وَكَانُوا هٰكَذَا وَشَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهٖ قَالَ فَقُمْتُ إِلَيْهِ فَقُلْتُ كَيْفَ أَفْعَلُ عِنْدَ ذٰلِكَ جَعَلَنِيَ اللهُ فِدَاكَ قَالَ الْزَمْ بَيْتَكَ وَامْلِكْ عَلَيْكَ لِسَانَكَ وَخُذْ بِمَا تَعْرِفُ وَدَعْ مَا تُنْكِرُ وَعَلَيْكَ بِأَمْرِ خَاصَّةِ نَفْسِكَ وَدَعْ عَنْكَ أَمْرَ الْعَامَّةِ.

ہلال بن حباب ابو العلاء نے عکرمہ سے روایت کی ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالٰے عنہ نے فرمایا:- ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے اردگرد بیٹھے ہوئے تھے کہ آپ نے فتنے کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:- جب تم لوگوں کو دیکھو کہ انہوں نے وعدوں کا پاس چھوڑ دیا اور امانتوں کی پروا نہ رہے اور انگشت ہائے مبارک کو آپس میں پیوست کر کے فرمایا کہ یوں گتھم گتھا ہو جائیں۔ میں آپ کی طرف کھڑا ہوا اور عرض کی کہ یا رسول اللہ! اللہ تعالٰے مجھے آپ پر قربان کرے اس وقت میں کیا کروں؛ فرمایا کہ اپنے گھر میں ہی رہنا، اپنی زبان کو قابو میں رکھنا، اچھی چیز کو اختیار کرنا۔ بُری بات کو چھوڑ دینا، صرف اپنی ہی جان کا فکر رکھنا اور عام لوگوں کا خیال چھوڑ دینا۔

۹۳۹- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَادَةَ الْوَاسِطِيُّ نَا يَزِيدُ يَعْنِي ابْنَ هَارُونَ أَنَا إِسْرَائِيلُ نَا مُحَمَّدُ بْنُ جُحَادَةَ عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفْضَلُ الْجِهَادِ كَلِمَةُ عَدْلٍ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ أَوْ أَمِيرٍ جَائِرٍ.

محمد بن عبادہ واسطی، یزید بن ہارون، اسرائیل، محمد بن جحادہ، عطیہ عوفی نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا:- ظالم بادشاہ یا ظالم حاکم کے سامنے انصاف کی بات کہنا افضل جہاد ہے۔

ف:- ظالم بادشاہ کے سامنے انصاف کی بات یا کلمۂ حق کہنا ایک عرصہ سے مفقود ہے۔ اب ظلم عام ہو رہا ہے جس میں عام آدمی سے لے کر سربراہ مملکت تک سب ملوث ہو جاتے ہیں۔ ظلم و ستم کی چکی چل رہی ہے جس میں غریب مسلمان پس رہے ہیں۔ جان و مال اور عزت کسی کی محفوظ نہیں۔ انصاف اتنا مہنگا ملتا ہے کہ غریب اسے حاصل کرنے کا تصور بھی نہیں کر سکتا۔ قوم کے زبردستوں نے زیردستوں کا ایسا ناطقہ بند کیا ہے کہ جینا حرام کر رکھا ہے۔ حکومتیں یہ سارا تماشا بچشم خود دیکھتی اور طاقتوروں کی حمایت پر کمر بستہ رہتی ہیں کیونکہ امیروں کا طبقہ اور حکومت گویا ایک جان دو قالب ہیں۔ ان حالات میں ظالم حکام کے سامنے حق و انصاف کی بات کہے تو کون کہے؛ کاش! جن حضرات کے ہاتھوں میں ملک و قوم کی قسمت ہے وہ دنیاوی آرام و راحت کے خول سے نکل کر کبھی اپنی اور اپنے برادرانِ وطن کی خیر خواہی میں اتنا سوچ لیا کریں کہ دارین میں ہم سب کا بھلا کس طرح ہو سکتا ہے۔

اے چشم اشک بار ذرا دیکھ تو سہی ۔ یہ گھر جو بہہ رہا ہے کہیں تیرا گھر نہ ہو

۹۴۰- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا أَبُو بَكْرٍ

علقمہ بن عدی نے حضرت عرس رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت

نَا مُغِيرَةُ بْنُ زِيَادٍ الْمَوْصِلِيُّ عَنْ عَدِيِّ بْنِ عَدِيٍّ عَنِ الْعُرْسِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا عُمِلَتِ الْخَطِيئَةُ فِي الْأَرْضِ كَانَ مَنْ شَهِدَهَا فَكَرِهَهَا وَقَالَ مَرَّةً أَنْكَرَهَا كَانَ كَمَنْ غَابَ عَنْهَا وَمَنْ غَابَ عَنْهَا فَرَضِيَهَا كَانَ كَمَنْ شَهِدَهَا.

کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا:- جب زمین میں بُرا کام کیا جائے تو جس نے اُسے دیکھا اور ناپسند کیا تو وہ ایسا ہے جیسے اُس نے دیکھا ہی نہیں اور جو موجود نہیں تھا لیکن اُس سے راضی ہے تو وہ دیکھنے والے کی طرح ہے۔

۹۴۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ نَا أَبُو شِهَابٍ عَنْ مُغِيرَةَ بْنِ زِيَادٍ عَنْ عَدِيِّ بْنِ عَدِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ قَالَ مَنْ شَهِدَهَا فَكَرِهَهَا كَانَ كَمَنْ غَابَ عَنْهَا۔

عدی بن عدی نے نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے اُسی طرح روایت کی۔ نیز فرمایا کہ جس نے اُسے دیکھا اور ناپسند کیا تو وہ ایسا ہے جیسے اُس نے دیکھا ہی نہیں

۹۴۲۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ وَحَفْصُ بْنُ عُمَرَ قَالَا نَا شُعْبَةُ وَهَذَا لَفْظُهُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي مَنْ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ وَقَالَ سُلَيْمَانُ قَالَ حَدَّثَنِي رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَنْ يَهْلِكَ النَّاسُ حَتَّى يَعْذِرُوا أَوْ يُعْذِرُوا مِنْ أَنْفُسِهِمْ.

سلیمان بن حرب اور حفص بن عمر، شعبہ، عمرو بن مُرہ، ابو البختری کا بیان ہے کہ مجھے اُس شخص نے بتایا جس نے نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا۔ سلیمان بن حرب کا بیان ہے کہ مجھ سے نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے ایک صحابی نے حدیث بیان کرتے ہوئے فرمایا:- لوگ ہلاک نہیں ہوں گے مگر جبکہ ان کا عذر ختم ہو جائے یا اپنی جانوں کو معذور بنا بیٹھیں۔

باب ۳۲۱ قِيَامِ السَّاعَةِ۔

قیامت کا بیان

۹۴۳۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ سُلَيْمَانَ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ صَلَاةَ الْعِشَاءِ فِي آخِرِ حَيَاتِهِ فَلَمَّا سَلَّمَ قَامَ فَقَالَ أَرَأَيْتُمْ لَيْلَتَكُمْ هَذِهِ فَإِنَّ عَلَى رَأْسِ مِائَةِ سَنَةٍ مِنْهَا لَا يَبْقَى مِمَّنْ هُوَ عَلَى ظَهْرِ الْأَرْضِ أَحَدٌ قَالَ ابْنُ عُمَرَ فَوَهَلَ النَّاسُ فِي مَقَالَةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِلْكَ فِيمَا يَتَحَدَّثُونَ عَنْ هَذِهِ

سالم بن عبد اللہ اور ابو بکر بن سلیمان سے روایت ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما نے فرمایا:- عمر مبارک کے آخری ایام میں ایک روز رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے ہمیں نماز عشاء پڑھائی۔ جب سلام پھیر دیا تو کھڑے ہو کر فرمایا:- کیا تم نے اپنی اس رات کو دیکھا کیونکہ اس کے سو سال پورے ہو جاتے پر ان میں سے زمین کی پشت پر ایک آدمی بھی زندہ نہیں رہے گا۔ حضرت ابن عمر نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے اس ارشادِ گرامی سے بعض لوگ مغالطے میں پڑ گئے کیونکہ وہ سو سال کے بعد قیامت آنے کی باتیں کرنے لگے

الْأَحَادِيثِ عَنْ مِائَةِ سَنَةٍ وَإِنَّمَا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَبْقَى مِمَّنْ هُوَ الْيَوْمَ عَلَى ظَهْرِ الْأَرْضِ يُرِيدُ أَنْ يَنْخَرِمَ ذَلِكَ الْقَرْنُ۔

حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے تو یہ فرمایا تھا کہ جتنے آج زمین کی پشت پر ہیں اُن میں سے کوئی باقی نہیں رہے گا اور اس سے مراد ہے کہ یہ قرن (صدی) ختم ہو جائے گا۔

۹۴۴۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ سَهْلٍ نَا حَجَّاجُ ابْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ ابْنُ صَالِحٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَنْ يُعْجِزَ اللَّهُ هَذِهِ الْأُمَّةَ مِنْ نِصْفِ يَوْمٍ۔

عبدالرحمٰن بن جبیر کے والد ماجد نے حضرت ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالےٰ اس امت کو آدھے دن سے کم نہیں رکھے گا۔

۹۴۵۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ نَا أَبُو الْمُغِيرَةِ نَا صَفْوَانُ عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ إِنِّي لَأَرْجُو أَنْ لَا تَعْجِزَ أُمَّتِي عِنْدَ رَبِّهَا أَنْ يُؤَخِّرَهُمْ نِصْفَ يَوْمٍ قِيلَ لِسَعْدٍ وَكَمْ نِصْفُ يَوْمٍ قَالَ خَمْسُمِائَةِ سَنَةٍ۔

آخِرُ كِتَابِ الْمَلَاحِمِ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے امید ہے کہ میری امت اپنے رب کے حضور اتنی عاجز نہیں ہوگی کہ اسے آدھے دن کی مہلت بھی نہ ملے۔ حضرت سعد سے کہا گیا کہ نصف دن کتنا ہے؟ فرمایا کہ پانچ سو سال کا۔ لڑائیوں کا بیان ختم ہوا۔

اوّلُ کِتَابِ الحُدُودِ

سزاؤں کا بیان

بابٌ ۳۲ الحُكْمِ فِيمَنِ ارْتَدَّ۔

۹۴۶۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَنْبَلٍ نَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَنَا أَيُّوبُ عَنْ عِكْرِمَةَ أَنَّ عَلِيًّا أَحْرَقَ نَاسًا ارْتَدُّوا عَنِ الْإِسْلَامِ فَبَلَغَ ذٰلِكَ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ لَمْ أَكُنْ لِأُحْرِقَهُمْ بِالنَّارِ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُعَذِّبُوا بِعَذَابِ اللّٰهِ وَكُنْتُ قَاتِلَهُمْ بِقَوْلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ بَدَّلَ دِينَهُ فَاقْتُلُوهُ فَبَلَغَ ذٰلِكَ عَلِيًّا فَقَالَ وَيْحَ ابْنُ عَبَّاسٍ۔

۹۴۷۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ أَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ دَمُ رَجُلٍ مُسْلِمٍ يَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِإِحْدٰى ثَلَاثٍ الثَّيِّبُ الزَّانِي وَالنَّفْسُ بِالنَّفْسِ وَالتَّارِكُ لِدِينِهِ الْمُفَارِقُ لِلْجَمَاعَةِ۔

۹۴۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ الْبَاهِلِيُّ نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ دَمُ امْرِئٍ مُسْلِمٍ يَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ إِلَّا فِي إِحْدٰى ثَلَاثٍ رَجُلٌ زَنٰى بَعْدَ إِحْصَانٍ فَإِنَّهُ يُرْجَمُ

مرتد کا حکم

عکرمہ سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے اسلام سے پھر جانے والے چند لوگوں کو آگ میں جلادیا۔ جب یہ بات حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما کو پہنچی تو انہوں نے فرمایا:۔ میں تو انہیں ہرگز آگ میں نہ جلاتا کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے عذاب جیسا عذاب نہ دیا کرو۔ بلکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے ارشادِ گرامی کے تحت میں انہیں قتل کرتا کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جس نے اپنا دین بدل لیا اُسے قتل کر دو۔ جب یہ بات حضرت علی تک پہنچی تو فرمایا:۔ شاباش ابنِ عباس!

مسروق نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ کسی مسلمان آدمی کا خون حلال نہیں ہے جبکہ وہ گواہی دیتا ہو کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ اور میرے متعلق کہ میں اللہ کا رسول ہوں۔ ماسوائے تین باتوں کے جبکہ ان میں سے کوئی پائی جائے یعنی شادی شدہ زانی۔ جان کے بدلے جان۔ یا اپنے دین کو چھوڑنے والا کہ وہ مسلمانوں کی جماعت کو توڑنے والا ہے۔

عُبید بن عمیر نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ کسی ایسے مسلمان آدمی کا خون حلال نہیں ہوتا جو گواہی دیتا ہو کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ اور محمد مصطفےٰ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں مگر تین میں سے جبکہ ایک بات بھی پائی جائے یعنی شادی شدہ مرد نے زنا کیا ہو تو اُسے رجم کیا جائے گا اور وہ آدمی جو اللہ اور اُس کے رسول سے لڑنے کے لیے

وَرَجُلٌ خَرَجَ مُحَارِبًا بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ فَاِنَّہٗ یُقْتَلُ اَوْ یُصْلَبُ اَوْ یُنْفٰی مِنَ الْاَرْضِ اَوْ یَقْتُلُ نَفْسًا فَیُقْتَلُ بِہَا۔

٩٤٩۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَمُسَدَّدٌ قَالَا نَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ قَالَ مُسَدَّدٌ نَا قُرَّۃُ بْنُ خَالِدٍ نَا حُمَیْدُ بْنُ ہِلَالٍ نَا اَبُوْ بُرْدَۃَ قَالَ قَالَ اَبُوْ مُوْسٰی اَقْبَلْتُ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَمَعِیَ رَجُلَانِ مِنَ الْاَشْعَرِیِّیْنَ اَحَدُہُمَا عَنْ یَّمِیْنِیْ وَالْاٰخَرُ عَنْ یَّسَارِیْ فَکِلَاہُمَا سَاَلَا الْعَمَلَ وَالنَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَاکِتٌ فَقَالَ مَا تَقُوْلُ یَا اَبَا مُوْسٰی اَوْ یَا عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ قَیْسٍ قُلْتُ وَالَّذِیْ بَعَثَکَ بِالْحَقِّ مَا اَطْلَعَانِیْ عَلٰی مَا فِیْ اَنْفُسِہِمَا وَمَا شَعَرْتُ اَنَّہُمَا یَطْلُبَانِ الْعَمَلَ قَالَ وَکَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی سِوَاکِہٖ تَحْتَ شَفَتِہٖ قَلَصَتْ قَالَ لَنْ نَّسْتَعْمِلَ اَوْ لَا نَسْتَعْمِلُ عَلٰی عَمَلِنَا مَنْ اَرَادَہٗ وَلٰکِنِ اذْہَبْ اَنْتَ یَا اَبَا مُوْسٰی اَوْ یَا عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ قَیْسٍ فَبَعَثَہٗ عَلَی الْیَمَنِ ثُمَّ اَتْبَعَہٗ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ قَالَ فَلَمَّا قَدِمَ عَلَیْہِ مُعَاذٌ قَالَ انْزِلْ وَاَلْقٰی لَہٗ وِسَادَۃً فَاِذَا رَجُلٌ عِنْدَہٗ مُوْثَقٌ قَالَ مَا ہٰذَا قَالَ ہٰذَا کَانَ یَہُوْدِیًّا فَاَسْلَمَ ثُمَّ رَاجَعَ دِیْنَہٗ دِیْنَ السُّوْءِ قَالَ لَا اَجْلِسُ حَتّٰی یُقْتَلَ قَضَاءَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ قَالَ اجْلِسْ نَعَمْ قَالَ لَا اَجْلِسُ حَتّٰی یُقْتَلَ قَضَاءَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَاَمَرَ بِہٖ فَقُتِلَ ثُمَّ تَذَاکَرَا قِیَامَ اللَّیْلِ فَقَالَ اَحَدُہُمَا مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ اَمَّا اَنَا فَاَنَامُ وَاَقُوْمُ اَوْ اَقُوْمُ وَاَنَامُ وَاَرْجُوْ فِیْ نَوْمَتِیْ مَا اَرْجُوْ فِیْ قَوْمَتِیْ۔

نکلا تو وہ قتل کیا جائے گا یا سولی دیا جائے گا یا جلاوطن کر دیا جائے گا تیسرا وہ جس نے کسی جان کو قتل کیا ہو تو اُسے قتل کیا جائے گا۔

حُمید بن ہلال نے ابو بُردہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور میرے ساتھ دو اشعری حضرات اور تھے۔ ایک میرے دائیں جانب اور دوسرا بائیں طرف۔ دونوں حضرات نے عامل کی خدمت کا مطالبہ کیا اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خاموش رہے۔ فرمایا۔ اے ابو موسیٰ یا اے عبد اللہ بن قیس! تم کیا کہتے ہو؟ میں عرض گزار ہوا۔ قسم ہے اُس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا۔ ان دونوں نے مجھے اپنے دل کی بات نہیں بتائی تھی اور مجھے یہ معلوم نہیں تھا کہ یہ عامل ہونے کا مطالبہ کریں گے۔ راوی کا بیان ہے کہ گویا میں اب بھی آپ کے اُٹھے ہوئے ہونٹ مبارک کے نیچے مسواک کو دیکھ رہا ہوں۔ فرمایا کہ ہم خواہش مند کو عامل نہیں بنایا کرتے لیکن اے ابو موسیٰ یا اے عبد اللہ بن قیس! تم جاؤ اور انہیں یمن کا عامل بنا دیا۔ پھر اُن کے پیچھے حضرت معاذ بن جبل کو روانہ فرمایا۔ جب حضرت معاذ اُن کے پاس پہنچے تو انہوں نے اُترنے کے لیے کہا اور اُن کے لیے تکیہ لگا دیا۔ اور اُس وقت اُن کے پاس ایک آدمی بندھا ہوا تھا۔ پوچھا یہ کیا بات ہے؟ جواب دیا کہ یہ یہودی سے مسلمان ہوا تھا اور پھر اپنے بُرے دین کی طرف پھر گیا۔ فرمایا کہ میں نہیں بیٹھوں گا یہاں تک کہ اللہ اور اُس کے رسول کے فیصلے کے مطابق اسے قتل کر دو۔ انہوں نے کہا:۔ بیٹھیے ایسا ہی کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا:۔ میں نہیں بیٹھوں گا جب تک اللہ اور اُس کے رسول کے فیصلے کے مطابق اسے قتل نہ کر دیا جائے تین بار یہی ہوا چنانچہ اُن کے حکم سے اُسے قتل کر دیا گیا۔ پھر دونوں حضرات نے رات کے قیام کا ذکر کیا۔

دونوں میں سے حضرت معاذ بن جبل نے کہا:۔ میں تو سوتا ہوں اور قیام بھی کرتا ہوں یا قیام کرتا ہوں اور سوتا بھی ہوں اور اپنے سونے سے بھی عبادت کے ثواب کی اُمید رکھتا ہوں۔

۹۵۰۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا الْحِمَّانِيُّ يَعْنِي عَبْدَ الْحَمِيدِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيٰى وَبُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسٰى قَالَ قَدِمَ عَلَيَّ مُعَاذٌ وَأَنَا بِالْيَمَنِ وَرَجُلٌ كَانَ يَهُودِيًّا فَأَسْلَمَ فَارْتَدَّ عَنِ الْإِسْلَامِ فَلَمَّا قَدِمَ مُعَاذٌ قَالَ لَا أَنْزِلُ عَنْ دَابَّتِي حَتّٰى يُقْتَلَ فَقُتِلَ قَالَ أَحَدُهُمَا وَكَانَ قَدْ اُسْتُتِيبَ قَبْلَ ذٰلِكَ۔

یزید بن عبد اللہ بن ابو بردہ نے ابو بردہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا:۔ حضرت معاذ میرے پاس تشریف لاتے جبکہ میں یمن میں تھا اور ایک یہودی مسلمان ہوجانے کے بعد پھر اسلام سے پھر گیا تھا۔ جب حضرت معاذ تشریف لائے تو انہوں نے فرمایا:۔ میں اپنی سواری سے نہیں اُتروں گا یہاں تک کہ اسے قتل کر دیا جائے۔ پس وہ قتل کر دیا گیا۔ دونوں میں سے ایک نے کہا کہ اس سے پہلے اُس سے توبہ کے لیے کہا گیا تھا۔

۹۵۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا حَفْصٌ نَا الشَّيْبَانِيُّ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ بِهٰذِهِ الْقِصَّةِ قَالَ فَأُتِيَ أَبُو مُوسٰى بِرَجُلٍ قَدِ ارْتَدَّ عَنِ الْإِسْلَامِ فَدَعَاهُ عِشْرِينَ لَيْلَةً أَوْ قَرِيبًا مِنْهَا فَجَاءَ مُعَاذٌ فَدَعَاهُ فَأَبٰى فَضَرَبَ عُنُقَهُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ لَمْ يَذْكُرِ الْاِسْتِتَابَةَ وَرَوَاهُ ابْنُ فُضَيْلٍ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسٰى لَمْ يَذْكُرْ فِيهِ الْاِسْتِتَابَةَ۔

ابو بردہ نے مذکورہ واقعہ کو روایت کرتے ہوئے کہا کہ حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے پاس ایک آدمی لایا گیا جو اسلام سے پھر گیا تھا۔ پس بیس روز کے قریب اُسے دعوتِ اسلام دی گئی۔ جب حضرت معاذ تشریف لائے تو انہوں نے بھی دعوت دی لیکن اُس نے انکار کیا۔ پس اُس کی گردن اڑا دی گئی۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ اسے عبد الملک بن عمیر نے ابو بردہ سے روایت کیا لیکن توبہ لینے کا ذکر نہیں کیا اور ابن فضیل، شیبانی، سعید بن ابو بردہ، ابو بردہ نے حضرت ابو موسیٰ سے روایت کی لیکن توبہ لینے کا ذکر نہیں کیا۔

۹۵۲۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مُعَاذٍ نَا أَبِي نَا الْمَسْعُودِيُّ عَنِ الْقَاسِمِ بِهٰذِهِ الْقِصَّةِ قَالَ فَلَمْ يَنْزِلْ حَتّٰى ضُرِبَ عُنُقُهُ وَمَا اسْتُتِيبَ۔

ابن معاذ، معاذ، مسعودی نے قاسم سے اس واقعہ کو روایت کرتے ہوئے فرمایا کہ وہ نہ اُترے یہاں تک کہ اُس کی گردن اڑا دی گئی اور توبہ نہیں لی گئی۔

۹۵۳۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ نَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ يَزِيدَ النَّحْوِيِّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ أَبِي السَّرْحِ يَكْتُبُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَزَلَّهُ الشَّيْطَانُ فَلَحِقَ بِالْكُفَّارِ فَأَمَرَ بِهٖ

یزید نحوی نے عکرمہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما نے فرمایا:۔ عبد اللہ بن سعد بن ابو سرح بھی رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا منشی (کاتبِ وحی) تھا۔ شیطان نے اُسے ورغلایا اور وہ کافروں سے جا ملا۔ فتح مکہ کے روز رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے اُس کو قتل کر دینے کا حکم فرمایا۔ حضرت عثمان بن عفان

رسول الله صلى الله عليه وسلم ان يقتل يوم الفتح فاستجار له عثمان بن عفان فاجاره رسول الله صلى الله عليه وسلم۔

نے اُس کے لیے پناہ مانگی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے اُسے پناہ دے دی۔

۹۵۴۔ حدثنا عثمان بن ابي شيبة نا احمد بن المفضل نا اسباط بن نصر قال زعم السدي عن مصعب بن سعد عن سعد قال لما كان يوم فتح مكة اختبأ عبد الله بن سعد بن ابي سرح عند عثمان ابن عفان فجاء به حتى اوقفه على النبي صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله بايع عبد الله فرفع رأسه فنظر اليه ثلاثا كل ذلك يأبى فبايعه بعد ثلاث ثم اقبل على اصحابه فقال اما كان فيكم رجل رشيد يقوم الى هذا حين رأني كففت يدي عن بيعته فيقتله فقالوا ما ندري يا رسول الله ما في نفسك الا اومات الينا بعينك قال انه لا ينبغي لنبي ان يكون له خائنة الاعين۔

مصعب بن سعد سے روایت ہے کہ حضرت سعد رضی اللہ تعالٰے عنہ نے فرمایا:۔ فتح مکہ کے روز عبد اللہ بن سعد بن ابی سرح حضرت عثمان کے پاس چھپ گیا۔ پس یہ اُسے لے کر حاضر ہوئے اور نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے حضور اُسے کھڑا کر کے عرض گزار ہوئے :۔ یارسول اللہ! عبد اللہ کو بیعت کر لیجیے۔ آپ نے سر مبارک اُٹھا کر تین مرتبہ اُس کی طرف دیکھا اور ہر دفعہ انکار فرمایا۔ تین دفعہ کے بعد اُسے بیعت کر لیا۔ پھر اپنے اصحاب کی جانب متوجہ ہو کر فرمایا:۔ کیا تم میں کوئی دانا آدمی نہیں تھا کہ اِس کی طرف کھڑا ہوتا جبکہ اُس نے مجھے دیکھا کہ میں نے اُسے بیعت کرنے سے ہاتھ ہٹا لیا تو اسے قتل کر دیتا۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! ہمیں آپ کا دلی ارادہ معلوم نہ ہو سکا مگر آپ آنکھ سے ہمیں اشارہ کر دیتے۔ فرمایا کہ یہ نبی کے شایانِ شان نہیں کہ آنکھ کی چوری کرے۔

۹۵۵۔ حدثنا قتيبة بن سعيد نا حميد بن عبد الرحمن عن ابيه عن ابي اسحق عن الشعبي عن جرير قال سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول اذا ابق العبد الى الشرك فقد حل دمه۔

قتیبہ بن سعید، حمید بن عبد الرحمٰن، اُن کے والدِ ماجد، ابو اسحاق، شعبی، حضرت جریر کا بیان ہے کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا:۔ جب غلام شرک کی طرف بھاگ گیا تو اُس کا خون حلال ہو گیا۔

باب ۳۲۲ الحكم فيمن سب النبي صلى الله عليه وسلم۔

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بدگوئی کرنے والے کا حکم

۹۵۶۔ حدثنا عباد بن موسى الختلي نا اسمعيل بن جعفر المدني عن اسرائيل عن عثمان الشحام عن عكرمة قال نا ابن عباس ان اعمى كانت له ام ولد تشتم النبي

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰے عنہما سے روایت کی ہے کہ ایک نابینا صحابی کی اُمِ ولد تھی جو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سب و شتم کیا کرتی اور بدگوئی کرتی تھی۔ مولیٰ منع کرتا مگر باز نہ آتی۔ ڈانٹ ڈپٹ کرتا تب بھی نہ رُکتی۔ ایک رات

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَقَعُ فِيهِ فَيَنْهَاهَا فَلَا تَنْتَهِي وَيَزْجُرُهَا فَلَا تَنْزَجِرُ قَالَ فَلَمَّا كَانَتْ ذَاتَ لَيْلَةٍ جَعَلَتْ تَقَعُ فِي النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَشْتِمُهُ فَأَخَذَ الْمِغْوَلَ فَوَضَعَهُ فِي بَطْنِهَا وَاتَّكَأَ عَلَيْهَا فَقَتَلَهَا فَوَقَعَ بَيْنَ رِجْلَيْهَا طِفْلٌ فَلَطَخَتْ مَا هُنَاكَ بِالدَّمِ فَلَمَّا أَصْبَحَ ذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَمَعَ النَّاسَ فَقَالَ أَنْشُدُ اللّٰهَ رَجُلًا فَعَلَ مَا فَعَلَ لِي عَلَيْهِ حَقٌّ إِلَّا قَامَ فَقَامَ الْأَعْمٰى يَتَخَطَّى النَّاسَ وَهُوَ يَتَزَلْزَلُ حَتّٰى قَعَدَ بَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَنَا صَاحِبُهَا كَانَتْ تَشْتِمُكَ وَتَقَعُ فِيكَ فَأَنْهَاهَا فَلَا تَنْتَهِي وَأَزْجُرُهَا فَلَا تَنْزَجِرُ وَلِي مِنْهَا ابْنَانِ مِثْلُ اللُّؤْلُؤَتَيْنِ وَكَانَتْ بِي رَفِيقَةً فَلَمَّا كَانَ الْبَارِحَةَ جَعَلَتْ تَشْتِمُكَ وَتَقَعُ فِيكَ فَأَخَذْتُ الْمِغْوَلَ فَوَضَعْتُهُ فِي بَطْنِهَا وَاتَّكَأْتُ عَلَيْهَا حَتّٰى قَتَلْتُهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا اشْهَدُوا أَنَّ دَمَهَا هَدَرٌ۔

اُس نے نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی بدگوئی کی اور سبّ و شتم کرتی رہی۔ پس صحابی نے خنجر لے کر اُس کے پیٹ پر رکھا اور دباؤ ڈال کر اُسے قتل کر دیا۔ چنانچہ اُس کی دونوں ٹانگوں کے درمیان سے بچہ بھی برآمد ہُوا جس سے وہ خون میں لت پت ہو گئی۔ صبح کے وقت نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم سے اِس بات کا ذکر ہوا تو آپ نے لوگوں کو جمع کر کے فرمایا: میں ایسا کرنے والے کو اللہ کی قسم دیتا ہوں اور اپنے حق کی جو میرا اُس پر ہے۔ کہ وہ کھڑا ہو جائے۔ پس نابینا صحابی کھڑے ہوئے، لوگوں کو پھاندتے اور لرزتے ہوئے بڑھے، یہاں تک کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے سامنے جا بیٹھے۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! میں اُس کا مالک تھا۔ وہ آپ کو سبّ و شتم کرتی اور ہجو کیا کرتی تھی۔ میں منع کرتا تو باز نہیں آتی تھی۔ ڈانٹ ڈپٹ کرتا تب بھی نہ رُکتی۔ میرے اُس سے دو بیٹے ہیں موتی جیسے اور وہ میری غمخوار تھی۔ گزشتہ رات جب وہ آپ کو سبّ و شتم کرنے لگی اور ہجوگوئی کی تو میں نے خنجر لے کر اُس کے پیٹ پر رکھ دیا اور اُس پر دباؤ ڈال کر اُسے قتل کر دیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا۔ لوگو! گواہ رہنا کہ اس کا خون رائگاں گیا۔

ف :- رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کا گستاخ کافر و مرتد ہو جاتا ہے ہرگز مسلمان نہیں رہتا۔ وہ اپنی کلمہ گوئی کی اہانتِ رسول کے باعث خود نفی کر دیتا ہے۔ وہ اسلام کے دائرے سے باہر اور ایمان کی دولت سے محروم ہو جاتا ہے خواہ دیکھنے والوں کو بظاہر نمازی و حاجی اور مولانا و مفتی وغیرہ ہی کیوں نہ نظر آئے۔ اُس کے یہ اعمال جسم بے جان کی طرح ہیں۔ مرتد واجب القتل ہے۔ حکومت ایسے کے وجود سے زمین کو پاک کر دے جیسا کہ یمن میں حضرت ابو موسٰی اشعری اور حضرت معاذ بن جبل کی ملاقات سے متعلقہ احادیث میں مرتد کا واقعہ منقول ہے۔ خود اِس حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے اپنی بدگوئی کرنے والی عورت کے خون کو رائگاں قرار دیا اور اُس کا کوئی بدلہ نہیں دلوایا گیا کیوں کہ اگر کسی کی کوئی قیمت ہے تو اللہ اور رسول سے تعلق رکھنے کے باعث ہے۔ جب رسول کی گستاخی کی تو اللہ تعالٰے سے اور اسلام سے کیا تعلق رہ گیا؟ تقریباً ڈیڑھ سو سال سے نجدیت کے باعث اہانتِ رسول کی بیماری بہت پھیل چکی ہے۔ نجدیت زدہ حضرات مختلف خوشنما لباسوں میں ملبوس ہو کر بھولے بھالے مسلمانوں کو بہکاتے اور اللہ و رسول سے اُن کا رشتہ توڑنے اور عبداللہ بن ابی بن سلول و ذوالخویصرہ کے ساتھ جوڑنے میں شب و روز کوشاں ہیں۔ اللہ تعالٰے اُن مہربانوں کو عقلِ سلیم اور چشمِ بصیرت عطا فرمائے کہ وہ اپنے

اور مسلمانوں کے نفع و نقصان کو پہچان کر اُس راستے پر گامزن ہوں جس میں دارین کی بھلائی ہے۔

وَاللّٰهُ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝

۹۵۷۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْجَرَّاحِ عَنْ جَرِيرٍ عَنْ مُغِيرَةَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَلِيٍّ أَنَّ يَهُودِيَّةً كَانَتْ تَشْتِمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَقَعُ فِيهِ فَخَنَقَهَا رَجُلٌ حَتَّى مَاتَتْ فَأَبْطَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَمَهَا۔

شعبی نے حضرت علی کرم اللہ تعالٰے وجہہ الکریم سے روایت کی ہے کہ ایک یہودی عورت نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کو سب وشتم کرتی اور آپ کی ہجو کیا کرتی۔ ایک شخص نے اُس کا گلا گھونٹ دیا۔ یہاں تک کہ وہ مرگئی۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے اُس کے خون کو باطل قرار دیا۔

۹۵۸۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ يُونُسَ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح وَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَنُصَيْرُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَا نَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ زُرَيْعٍ عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُطَرِّفٍ عَنْ أَبِي بَرْزَةَ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ أَبِي بَكْرٍ فَتَغَيَّظَ عَلَى رَجُلٍ فَاشْتَدَّ عَلَيْهِ فَقُلْتُ تَأْذَنُ لِي يَا خَلِيفَةَ رَسُولِ اللّٰهِ أَضْرِبُ عُنُقَهُ قَالَ فَأَذْهَبَتْ كَلِمَتِي غَضَبَهُ فَقَامَ فَدَخَلَ فَأَرْسَلَ إِلَيَّ فَقَالَ مَا الَّذِي قُلْتَ آنِفًا قُلْتُ ائْذَنْ لِي أَضْرِبُ عُنُقَهُ قَالَ أَكُنْتَ فَاعِلًا لَوْ أَمَرْتُكَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ لَا وَاللّٰهِ مَا كَانَتْ لِبَشَرٍ بَعْدَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ هٰذَا لَفْظُ يَزِيدَ۔

موسیٰ بن اسمٰعیل، حماد، یونس، حضرت حمید بن ہلال نے نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم سے روایت کی ہے —— ہارون بن عبداللہ اور نصیر بن فرج، ابو اُسامہ، یزید بن زُریع، یونس بن عبید، حمید بن ہلال، عبداللہ بن مطرف، حضرت ابوبرزہ اسلمی رضی اللہ تعالٰے عنہ نے فرمایا: میں حضرت ابوبکر صدیق کے پاس تھا کہ وہ ایک آدمی سے بڑے ناراض ہوئے اور اُسے خوب جھڑکا۔ میں عرض گزار ہوا کہ اے خلیفۂ رسول اللہ! کیا آپ مجھے اجازت دیتے ہیں کہ اس کی گردن اڑا دوں؟ راوی کا بیان ہے کہ میری بات سے اُن کا غصہ جاتا رہا۔ چنانچہ کھڑے ہوئے اور اندر تشریف لے گئے۔ پس مجھے بلا بھیجا اور فرمایا کہ آپ نے ابھی کیا کہا تھا؟ عرض کی میں عرض گزار ہوا تھا کہ اجازت ہو تو اس کی گردن اڑا دوں۔ فرمایا اگر میں حکم دیتا تو کیا تم ایسا کر گزرتے؟ میں نے کہا ہاں۔ فرمایا، نہیں، خدا کی قسم، اب محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے بعد یہ کسی انسان کو حق حاصل نہیں ہے —— امام ابو داؤد نے فرمایا کہ یہ یزید بن زریع کے الفاظ ہیں۔

بَابٌ ۳۲۳ مَا جَاءَ فِي الْمُحَارَبَةِ۔

رہزنی کا بیان

۹۵۹۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ نَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ قَوْمًا مِنْ عُكْلٍ أَوْ قَالَ مِنْ عُرَيْنَةَ قَدِمُوا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ابو قلابہ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کی ہے کہ قوم عکل یا عرینہ کے کچھ آدمی رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے۔ مدینہ منورہ کی آب وہوا انہیں موافق نہ آئی تو رسول اللہ صلی اللہ

فَاجْتَوَوُا الْمَدِينَةَ فَأَمَرَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلِقَاحٍ وَأَمَرَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلِقَاحٍ وَأَمَرَهُمْ أَنْ يَشْرَبُوا مِنْ أَبْوَالِهَا وَأَلْبَانِهَا فَانْطَلَقُوا فَلَمَّا صَحُّوا قَتَلُوا رَاعِيَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاسْتَاقُوا النَّعَمَ فَبَلَغَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَبَرُهُمْ مِنْ أَوَّلِ النَّهَارِ فَأَرْسَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي آثَارِهِمْ فَمَا ارْتَفَعَ النَّهَارُ حَتَّى جِيءَ بِهِمْ فَأَمَرَ بِهِمْ فَقُطِعَتْ أَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُمْ وَسُمِرَ أَعْيُنُهُمْ وَأُلْقُوا فِي الْحَرَّةِ يَسْتَسْقُونَ فَلَا يُسْقَوْنَ قَالَ أَبُو قِلَابَةَ فَهَؤُلَاءِ قَوْمٌ سَرَقُوا وَقَتَلُوا وَكَفَرُوا بَعْدَ إِيمَانِهِمْ وَحَارَبُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ۔

تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن کے لیے چند اونٹنیوں کا حکم فرمایا کہ ان کا پیشاب اور دودھ پیتے رہنا۔ وہ جنگل میں چلے گئے۔ تندرست ہونے پر انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چرواہے کو قتل کر دیا اور جانوروں کو ہانک کر لے گئے۔ صبح سویرے ہی یہ خبر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پہنچ گئی تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن کے تعاقب میں آدمی روانہ فرمائے۔ دن زیادہ نہیں چڑھا تھا کہ وہ انہیں لے کر آگئے۔ پس اُن کے ہاتھ پاؤں کاٹ دیے گئے، اُن کی آنکھوں میں سلائیاں پھیر دی گئیں اور دھوپ میں ڈال دیئے گئے۔ وہ پانی مانگتے تو انہیں پانی نہ پلایا گیا۔ ابو قلابہ نے فرمایا کہ اُن لوگوں نے چوری کی، قتل کیا، ایمان لانے کے بعد کافر ہوئے نیز اللہ اور اُس کے رسول سے لڑے۔

۹۶۰۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ نَا وُهَيْبٌ عَنْ أَيُّوبَ بِإِسْنَادِهِ بِهَذَا الْحَدِيثِ قَالَ فِيهِ فَأَمَرَ بِمَسَامِيرَ فَأُحْمِيَتْ فَكَحَلَهُمْ وَقَطَعَ أَيْدِيَهُمْ وَأَرْجُلَهُمْ وَمَا حَسَمَهُمْ۔

موسیٰ بن اسمٰعیل، وہیب نے ایوب سے اپنی اسناد کے ساتھ اس حدیث کو روایت کرتے ہوئے اس میں کہا۔ حکم فرمایا تو سلائیاں گرم کر کے اُن کی آنکھوں میں پھیری گئیں، ہاتھ اور پاؤں کاٹے اور یک بار اُنھیں ختم نہ کیا۔

۹۶۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ بْنِ سُفْيَانَ أَنَا ح وَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ بِهَذَا الْحَدِيثِ قَالَ فِيهِ فَبَعَثَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي طَلَبِهِمْ قَافَةً فَأُتِيَ بِهِمْ فَأَنْزَلَ اللَّهُ فِي ذَلِكَ إِنَّمَا جَزَاءُ الَّذِينَ يُحَارِبُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَيَسْعَوْنَ فِي الْأَرْضِ فَسَادًا الْآيَةَ۔

محمد بن صباح بن سفیان ــــــ عمرو بن عثمان، ولید، اوزاعی، ابو قلابہ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہوئے اس میں کہا ہے:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مخبروں کو اُن کی تلاش میں روانہ فرمایا۔ پس وہ لائے گئے تو اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں یہ حکم نازل فرمایا:۔ بیشک بدلہ اُن لوگوں کا جو لڑتے ہیں اللہ اور اُس کے رسول سے اور زمین میں فساد برپا کرنے کی کوشش کرتے ہیں، یہ ہے کہ...... (۵ : ۳۳)

۹۶۲۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ نَا حَمَّادٌ أَنَا ثَابِتٌ وَقَتَادَةُ وَحُمَيْدٌ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ذَكَرَ هَذَا الْحَدِيثَ قَالَ أَنَسٌ

حُمید نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس حدیث کو روایت کیا ہے۔ حضرت انس نے فرمایا کہ میں نے اُن میں سے ایک کو دیکھا کہ پیاس کے باعث منہ سے

فَلَقَدْ رَأَيْتُ أَحَدَهُمْ يَكْدِمُ الْأَرْضَ فِيْهِ عَطَشًا حَتّٰى مَاتُوْا۔

زمین کو کھودتا تھا۔ یہاں تک کہ سارے مر گئے

۹۶۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ عَنْ هِشَامٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ نَحْوَهُ زَادَ ثُمَّ نَهٰى عَنِ الْمُثْلَةِ۔

قتادہ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالٰے عنہ سے اس حدیث کو اسی طرح روایت کیا اور اس میں یہ بھی کہا ہے کہ پھر مُثلہ کی ممانعت فرما دی گئی۔

۹۶۴۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِيْ عَمْرٌو عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ هِلَالٍ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ أَحْمَدُ هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ نَاسًا أَغَارُوْا عَلٰى إِبِلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاسْتَاقُوْا وَارْتَدُّوْا عَنِ الْإِسْلَامِ وَقَتَلُوْا رَاعِيَ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُؤْمِنًا فَبَعَثَ فِيْ آثَارِهِمْ فَأُخِذُوْا فَقَطَعَ أَيْدِيَهُمْ وَأَرْجُلَهُمْ وَسَمَلَ أَعْيُنَهُمْ قَالَ وَنَزَلَتْ فِيْهِمْ آيَةُ الْمُحَارَبَةِ وَهُمُ الَّذِيْنَ أَخْبَرَ عَنْهُمْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ الْحَجَّاجَ حِيْنَ سَأَلَهُ۔

عبداللہ بن عبیداللہ کا بیان ہے۔ احمد بن صالح نے کہا کہ یہ عبداللہ بن عبیداللہ بن عمر بن خطاب ہیں۔ انہوں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالٰے عنہما سے روایت کی کہ بعض لوگوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے اونٹوں پر ڈاکہ ڈال اور انہیں لوٹ کر لے گئے۔ وہ اسلام سے پھر گئے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے چرواہے کو قتل کیا جو مومن تھا۔ پس ان کے پیچھے آدمی بھیجے گئے۔ چنانچہ وہ پکڑے گئے تو ان کے ہاتھ اور پیر کاٹ دیئے گئے اور ان کی آنکھوں میں سلائیاں پھیر دی گئیں۔ راوی کا بیان ہے کہ ان کے بارے میں آیتِ محاربہ نازل ہوئی اور انہیں کے متعلق حضرت انس بن مالک نے خبر دی جبکہ حجاج نے ان سے پوچھا تھا۔

۹۶۵۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ أَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا قَطَعَ الَّذِيْنَ سَرَقُوْا لِقَاحَهُ وَسَمَلَ أَعْيُنَهُمْ بِالنَّارِ عَاتَبَهُ اللّٰهُ فِيْ ذٰلِكَ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ إِنَّمَا جَزَاءُ الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ وَيَسْعَوْنَ فِي الْأَرْضِ فَسَادًا أَنْ يُقَتَّلُوْا أَوْ يُصَلَّبُوْا الْآيَةَ۔

محمد بن عجلان نے حضرت ابوالزناد رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کی ہے کہ جب چوری کرنے والوں کے ہاتھ پاؤں کاٹے گئے اور ان کی آنکھوں میں گرم سلائیاں پھیری گئیں تو اس پر یہ اللہ نے عتاب کیا تھا اور حکم نازل فرمایا۔ بیشک بدلہ ان لوگوں کا جو اللہ اور اس کے رسول سے لڑتے ہیں اور زمین میں فساد کرنے کی کوشش کرتے ہیں، یہ ہے کہ انہیں قتل کر دیا جائے یا سولی دی جائے . . . . . . (۵: ۳۳)

۹۶۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ نَا مُوْسٰى

محمد بن کثیر۔ موسیٰ بن اسمٰعیل۔ ہمام۔ قتادہ سے روایت

ابْنُ إِسْمٰعِيْلَ قَالَ أَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ كَانَ هٰذَا قَبْلَ أَنْ تَنْزِلَ الْحُدُوْدُ يَعْنِيْ حَدِيْثَ أَنَسٍ۔

ہے کہ محمد بن سیرین نے فرمایا :- یہ حدیثِ انس حدود کا حکم نازل ہونے سے پہلے کی ہے۔

۹۶۷۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ ثَابِتٍ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ يَزِيْدَ النَّحْوِيِّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِنَّمَا جَزَاءُ الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِي الْأَرْضِ فَسَادًا أَنْ يُقَتَّلُوْا أَوْ يُصَلَّبُوْا أَوْ تُقَطَّعَ أَيْدِيْهِمْ وَأَرْجُلُهُمْ مِنْ خِلَافٍ أَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْأَرْضِ إِلٰى قَوْلِهٖ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ فِي الْمُشْرِكِيْنَ فَمَنْ تَابَ مِنْهُمْ قَبْلَ أَنْ يُقْدَرَ عَلَيْهِ لَمْ يَمْنَعْهُ ذٰلِكَ أَنْ يُقَامَ فِيْهِ الْحَدُّ الَّذِيْ أَصَابَ۔

عکرمہ سے روایت ہے کہ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالٰے عنہما نے فرمایا :- جو لوگ لڑتے ہیں اللہ اور اُس کے رسول سے اور زمین میں فساد کی کوشش کرتے ہیں تو انہیں قتل کر دیا جائے یا سولی دی جائے اور اُن کے ہاتھ اور پاؤں مخالف سمت سے کاٹ دئے جائیں یا جلا وطن کر دیا جائے ..... (۵ : ۳۳) یہ آیت مشرکین کے بارے میں نازل ہوئی۔ لہذا جو اُن میں سے توبہ کرے گرفتار ہونے سے پہلے تو اِس سے حد کا قائم ہونا ساقط نہیں ہوگا بلکہ اُس پر حد قائم ہوگی۔

بَابٌ ۳۲۷ فِي الْحَدِّ يُشْفَعُ فِيْهِ۔

حد کے متعلق سفارش کرنا

۹۶۸۔ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَوْهَبٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنِيْ ح وَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ الثَّقَفِيُّ نَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ قُرَيْشًا أَهَمَّهُمْ شَأْنُ الْمَرْأَةِ الْمَخْزُوْمِيَّةِ الَّتِيْ سَرَقَتْ فَقَالُوْا مَنْ يُكَلِّمُ فِيْهَا يَعْنِيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا وَمَنْ يَجْتَرِئُ إِلَّا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ حِبُّ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَلَّمَهٗ أُسَامَةُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أُسَامَةُ أَتَشْفَعُ فِيْ حَدٍّ مِنْ حُدُوْدِ اللّٰهِ تَعَالٰى ثُمَّ قَامَ فَاخْتَطَبَ فَقَالَ إِنَّمَا هَلَكَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ أَنَّهُمْ كَانُوْا إِذَا سَرَقَ فِيْهِمُ الشَّرِيْفُ تَرَكُوْهُ وَإِذَا سَرَقَ فِيْهِمُ الضَّعِيْفُ أَقَامُوْا عَلَيْهِ الْحَدَّ وَ

عروہ بن زبیر نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالٰے عنہا سے روایت کی ہے کہ ایک مخزومیہ عورت کے معاملے نے قریش کو پریشان کر دیا جس نے چوری کی تھی۔ لوگوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم سے اِس سلسلے میں کون عرض کرے گا؟ بعض لوگوں نے کہا کہ حضرت اُسامہ بن زید کے سوا ایسی جرأت کوئی اور نہیں کر سکتا کیونکہ وہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے لاڈلے ہیں۔ پس حضرت اُسامہ نے گفتگو کی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے اُسامہ! تم اللہ تعالٰی کی حدوں سے ایک حد کے بارے میں سفارش کرتے ہو؟ پھر خطبہ دینے کھڑے ہوئے اور فرمایا۔ تم سے پہلے لوگ اِسی لیے ہلاک ہوئے کہ جب اُن میں سے کوئی معزز آدمی چوری کرتا تو اُسے چھوڑ دیتے اور جب اُن میں سے کوئی کمزور چوری کرتا تو اُس پر حد قائم کر دیتے۔ خدا کی قسم، اگر رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی بیٹی فاطمہ

اَيْمُ اللهِ لَوْ اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرَقَتْ لَقَطَعْتُ يَدَهَا۔

فاطمہ بھی چوری کرتی تو میں اُس کا ہاتھ بھی کاٹ دیتا۔

ف :۔ اس سے حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کی اہانت مقصود نہیں بلکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے یہ ظاہر فرمایا کہ فاطمہ اگرچہ میری سب سے پیاری بیٹی اور راحتِ قلب وجگر ہے نیز وہ خاتونِ جنت وسیدۃ النساء ہونے کے ساتھ رحمتِ دوعالم کی لختِ جگر، امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے حرم محترم اور قافلہ سالارِ عشق یعنی امام حسن وامام حسین رضی اللہ تعالےٰ عنہما کی مادر باوقار ہیں، اس کے باوجود اگر بالغرض اُن سے بھی یہ حرکت سرزد ہوجاتی تو میں اُن کا ہاتھ بھی کاٹ دیتا۔ یعنی اللہ تعالےٰ کی قائم فرمائی ہوئی حدود میں نہ اپنے تعلق کو دیکھوں گا اور نہ کسی کے منصب کو خاطر میں لاؤں گا بلکہ جو بھی حد کا کام کرے گا اُس پر ضرور حد جاری کی جائے گی۔ یہ مسلمانوں کو سبق دیا ہے کہ حدود اللہ کے معاملے میں وہ کسی کے تعلق ونسبت اور کسی کے جاہ و منصب کا لحاظ نہ کریں بلکہ اللہ کی حد کو ہر ایک پر جاری کریں۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

۹۶۹- حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيْمِ وَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى قَالَا نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَتِ امْرَاَةٌ مَخْزُوْمِيَّةٌ تَسْتَعِيْرُ الْمَتَاعَ وَتَجْحَدُهُ فَاَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَطْعِ يَدِهَا وَقَصَّ نَحْوَ حَدِيْثِ اللَّيْثِ قَالَ فَقَطَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهَا قَالَ اَبُوْ دَاؤُدَ رَوٰى ابْنُ وَهْبٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ وَقَالَ فِيْهِ كَمَا قَالَ اللَّيْثُ اِنَّ امْرَاَةً سَرَقَتْ اَنَّ امْرَاَةً سَرَقَتْ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةِ الْفَتْحِ وَرَوَاهُ اللَّيْثُ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ بِاِسْنَادِهٖ قَالَ اسْتَعَارَتِ امْرَاَةٌ وَرَوَاهُ مَسْعُوْدُ بْنُ الْاَسْوَدِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ هٰذَا الْخَبَرِ قَالَ سَرَقَتْ قَطِيْفَةً مِّنْ بَيْتِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبُوْ دَاؤُدَ وَرَوَاهُ اَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ امْرَاَةً سَرَقَتْ فَعَاذَتْ بِزَيْنَبَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

عروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا نے فرمایا :۔ مخزومیہ عورت چیزیں اُدھار لے کر مکر جایا کرتی تھی۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے اُس کا ہاتھ کاٹنے کا حکم فرمایا۔ آگے حدیث لیث کی طرح واقعہ بیان کرتے ہوئے کہا :۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے اُس کا ہاتھ کاٹ دیا۔ — امام ابو داؤد نے فرمایا کہ روایت کی ابن وہب، یونس، زہری نے اس حدیث کو اور لیث کی طرح اس میں کہا :۔ اُس عورت نے نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے زمانے میں فتح مکہ کے وقت چوری کی اور روایت کیا ہے اسے لیث، یونس، ابن شہاب نے اپنی اسناد کے ساتھ کہا کہ عورت نے کوئی چیز مستعار لی اور روایت کیا اسے مسعود بن اسود نے نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے اور کہا :۔ اُس نے رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے کاشانۂ اقدس سے چادر چُرائی تھی — امام ابو داؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے ابو الزبیر نے حضرت جابر سے کہ اُس عورت نے چوری کی اور پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت زینب رضی اللہ تعالےٰ عنہا کے پاس پناہ لی۔

۹۷۰- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُسَافِرٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ

جعفر بن مسافر اور محمد بن سلیمان انباری، ابن ابی فدیک،

سُلَيْمَانَ الْأَنْبَارِيَّ قَالَا نَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زَيْدٍ ثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سَعِيدِ ابْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ أَبِي بَكْرٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقِيلُوا ذَوِي الْهَيْئَاتِ عَثَرَاتِهِمْ إِلَّا الْحُدُودَ۔

عبد الملک بن زید، جعفر بن سعید بن زید بن عمرو بن نفیل، محمد بن ابوبکر، عمرہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالٰے عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا:۔ باعزت لوگوں کی لغزشوں سے درگزر کیا کرو ماسوائے حدود کے (یعنی حدود کے معاملے میں درگزر کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

بَابٌ ۳۲۵ الْعَفْوُ عَنِ الْحُدُودِ مَا لَمْ تَبْلُغِ السُّلْطَانَ۔

حاکم تک پہنچنے سے پہلے حد کی معافی

۹۷۱۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ أَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ جُرَيْجٍ يُحَدِّثُ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَعَافَوُا الْحُدُودَ بَيْنَكُمْ فَمَا بَلَغَنِي مِنْ حَدٍّ فَقَدْ وَجَبَ۔

عمرو بن شعیب کے والدِ ماجد نے حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا :۔ آپس میں حدود کو بھی معاف کر دیا کرو اور جو مجھ تک پہنچ جائے گی تو اُس کا جاری کرنا واجب ہو جائے گا (یعنی حاکم تک پہنچ جائے تو معافی اور درگزر کا وقت گزر جاتا ہے)۔

بَابٌ ۳۲۶ السِّتْرُ عَلَى أَهْلِ الْحُدُودِ۔

حد والے کی بات کو چھپانا

۹۷۲۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنْ سُفْيَانَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ نُعَيْمٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ مَاعِزًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَقَرَّ عِنْدَهُ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ فَأَمَرَ بِرَجْمِهِ وَقَالَ لِهَزَّالٍ لَوْ سَتَرْتَهُ بِثَوْبِكَ لَكَانَ خَيْرًا لَكَ۔

یزید بن نعیم نے اپنے والدِ ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت ماعز رضی اللہ تعالٰے عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر چار مرتبہ آپ کے حضور اقرار کیا تو آپ نے اُنہیں سنگسار کرنے کا حکم دیا اور حضرت ہزال سے فرمایا کہ اگر تم اُسے اپنے کپڑے میں چھپا لیتے تو تمہارے لیے بہتر تھا۔

۹۷۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ نَا حَمَّادُ ابْنُ زَيْدٍ نَا يَحْيَى عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ أَنَّ هَزَّالًا أَمَرَ مَاعِزًا أَنْ يَأْتِيَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيُخْبِرَهُ۔

یحیٰی نے ابن منکدر سے روایت کی ہے کہ حضرت ہزال نے حضرت ماعز سے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر آپ کو اس کی اطلاع کیجیے۔

بَابٌ ۳۲۷ فِي صَاحِبِ الْحَدِّ يَجِيءُ فَيُقِرُّ۔

حد والے کا آکر اقرارِ جرم کرنا

۹۷۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ نَا الْفِرْيَابِيُّ نَا إِسْرَائِيلُ نَا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ امْرَأَةً خَرَجَتْ

علقمہ بن وائل نے اپنے والدِ ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے مقدس زمانے میں ایک عورت نماز کے ارادے سے نکلی۔ اُسے ایک

عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُرِيْدُ الصَّلٰوةَ فَتَلَقَّاهَا رَجُلٌ فَتَجَلَّلَهَا فَقَضٰى حَاجَتَهُ مِنْهَا فَصَاحَتْ وَانْطَلَقَ وَمَرَّ عَلَيْهَا رَجُلٌ فَقَالَتْ اِنَّ ذَاكَ الرَّجُلَ فَعَلَ بِيْ كَذَا وَكَذَا وَمَرَّتْ عِصَابَةٌ مِّنَ الْمُهَاجِرِيْنَ فَقَالَتْ اِنَّ ذَاكَ الرَّجُلَ فَعَلَ بِيْ كَذَا وَكَذَا فَانْطَلَقُوْا فَاَخَذُوا الرَّجُلَ الَّذِيْ ظَنَّتْ اَنَّهُ وَقَعَ عَلَيْهَا فَاَتَوْهَا بِهٖ فَقَالَتْ نَعَمْ هُوَ هٰذَا فَاَتَوْا بِهٖ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا اَمَرَ بِهٖ قَامَ صَاحِبُهَا الَّذِيْ وَقَعَ عَلَيْهَا فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَا صَاحِبُهَا فَقَالَ لَهَا اذْهَبِيْ فَقَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكِ وَقَالَ لِلرَّجُلِ قَوْلًا حَسَنًا فَقَالُوْا لِلرَّجُلِ الَّذِيْ وَقَعَ عَلَيْهَا ارْجُمْهُ فَقَالَ لَقَدْ تَابَ تَوْبَةً لَوْ تَابَهَا اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ لَقُبِلَ مِنْهُمْ قَالَ اَبُوْ دَاوٗدَ اَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ اَيْضًا عَنْ سِمَاكٍ۔

آدمی ملا جس نے وہ دبوچ لی اور اُس سے اپنی خواہش پوری کی۔ عورت چلائی تو وہ دوڑ گیا۔ عورت کے پاس ایک آدمی گزرا تو اُس نے کہا فلاں شخص نے میرے ساتھ یہ فعل کی ہے۔ پھر مہاجرین کی ایک جماعت گزرنے لگی تو عورت نے کہا کہ فلاں شخص نے میرے ساتھ بُرا فعل کیا ہے۔ وہ گئے اور اُس آدمی کو پکڑ لائے جس کے متعلق گمان تھا کہ اُسی نے عورت کے ساتھ یہ حرکت کی ہے۔ پھر عورت کو اُس کے سامنے کیا تو اُس نے کہا۔ ہاں یہی ہے۔ پس وہ اُسے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی خدمت میں لے گئے۔ جب آپ حکم فرمانے لگے تو حرکت کرنے والا شخص کھڑا ہو کر عرض گزار ہوا:۔ یا رسول اللہ! قصور وار صرف میں ہوں۔ آپ نے عورت سے فرمایا:۔ تم چلی جاؤ، اللہ تعالٰے نے تمہیں معاف فرما دیا اور اُس آدمی کی بھی تحسین فرمائی۔ لوگوں نے حرکت کرنے والے شخص کے متعلق گزارش کی کہ اس کو رجم کرنے کا حکم فرمایئے۔ فرمایا کہ اس نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر سارے اہل مدینہ ایسی توبہ کریں تو قبول ہو جائے۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ اسباط بن نصر نے بھی اسے سماک سے روایت کیا ہے۔

بَابٌ ۳۲۸ فِي التَّلْقِيْنِ فِي الْحَدِّ۔

حد کے متعلق تلقین کرنا

۹۷۵۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ اِسْحٰقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ عَنِ الْمُنْذِرِ مَوْلٰى اَبِيْ ذَرٍّ عَنْ اَبِيْ اُمَيَّةَ الْمَخْزُوْمِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِلِصٍّ قَدِ اعْتَرَفَ اعْتِرَافًا وَلَمْ يُوْجَدْ مَعَهُ مَتَاعٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اِخَالُكَ سَرَقْتَ قَالَ بَلٰى فَاَعَادَ عَلَيْهِ مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا فَاَمَرَ بِهٖ فَقُطِعَ وَجِيْئَ بِهٖ فَقَالَ اسْتَغْفِرِ اللّٰهَ وَتُبْ اِلَيْهِ فَقَالَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ فَقَالَ اللّٰهُمَّ تُبْ عَلَيْهِ ثَلَاثًا قَالَ اَبُوْ دَاوٗدَ رَوَاهُ عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ عَنْ هَمَّامٍ عَنْ اِسْحٰقَ بْنِ

منذر مولیٰ ابوذر نے حضرت ابو اُمیہ مخزومی رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک چور کو نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا گیا۔ اُس نے اعتراف کر لیا لیکن اُس کے پاس مال کچھ بھی نہ تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے خیال میں تم نے چوری نہیں کی۔ عرض گزار ہوا:۔ کیوں نہیں۔ اُس نے یہی بات دو یا تین مرتبہ دہرائی تو آپ نے ہاتھ کاٹنے کا حکم فرمایا۔ جب اُسے لایا گیا تو آپ نے فرمایا:۔ اللہ تعالٰے سے معافی طلب کرو اور توبہ کرو۔ اُس نے کہا:۔ میں اللہ تعالٰے سے معافی چاہتا اور توبہ کرتا ہوں۔ آپ نے تین مرتبہ کہا:۔ اے اللہ! اس کی توبہ قبول فرما۔ امام ابو داؤد نے

عَبْدِ اللهِ قَالَ عَنْ اَبِیْ اُمَیَّةَ رَجُلٍ مِنَ الْاَنْصَارِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ۔

فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے عمرو بن عاصم، ہمام، اسحاق بن عبد اللہ، حضرت ابو امیہ انصاری رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے۔

باب ۳۲۹ اَلرَّجُلُ یَعْتَرِفُ بِحَدٍّ وَّ لَا یُسَمِّیْهِ۔

حد کا اعتراف کرنا لیکن اُس کا نام نہ لینا

۹۷۶۔ حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ خَالِدٍ نَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ عَنِ الْاَوْزَاعِیِّ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبُوْ عَمَّارٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبُوْ اُمَامَةَ اَنَّ رَجُلًا اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ اَصَبْتُ حَدًّا فَاَقِمْهُ عَلَیَّ قَالَ تَوَضَّاْتَ حِیْنَ اَقْبَلْتَ قَالَ نَعَمْ قَالَ هَلْ صَلَّیْتَ مَعَنَا حِیْنَ صَلَّیْنَا قَالَ نَعَمْ قَالَ اذْهَبْ فَاِنَّ اللّٰهَ قَدْ عَفَا عَنْكَ۔

ابو عمار نے حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! میں نے حد والا کام کیا ہے لہذا میرے اوپر حد قائم فرما دیجئے ارشاد ہوا کہ جب تم آ رہے تھے تو وضو کیا تھا! اُس نے اثبات میں جواب دیا۔ فرمایا کہ جب ہم نے نماز پڑھی تو تم نے ہمارے ساتھ نماز پڑھی تھی۔ عرض کی، ہاں۔ فرمایا جاؤ کیونکہ اللہ تعالےٰ نے تمہیں معاف فرما دیا ہے۔

ف۔ چونکہ اُس شخص نے یہ بیان نہیں کیا تھا کہ اُس نے حد کا کونسا کام کیا ہے اس لیے آپ نے اُس پر حد جاری نہ کی۔ جب تک کسی کے خلاف شہادتیں نہ ہو جائیں یا وہ حد کے کام کا خود اقرار کرے اُس وقت تک اُس پر حد جاری کرنے کا شرعاً کوئی حکم وارد نہیں ہوا ہے۔ دوسری حدیث میں ہے کہ اس نے بارگاہ رسالت میں عرض کی کہ یا رسول اللہ! مجھ پر حد جاری کر دیجئے کیونکہ میں نے ایک عورت کے ساتھ زنا کے سوا باقی سب کچھ کیا ہے۔ آپ نے اُسے وہی جواب دیا جو اس حدیث میں مذکور ہے۔

باب ۳۳۰ فِی الْاِمْتِحَانِ بِالضَّرْبِ۔

مار پیٹ کر اقبال جرم کروانا

۹۷۷۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ نَجْدَةَ نَا بَقِیَّةُ نَا صَفْوَانُ نَا اَزْهَرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَرَازِیُّ اَنَّ قَوْمًا مِنَ الْكَلَاعِیِّیْنَ سُرِقَ لَهُمْ مَتَاعٌ فَاتَّهَمُوْا اُنَاسًا مِنَ الْحَاكَةِ فَاَتَوُا النُّعْمَانَ بْنَ بَشِیْرٍ صَاحِبَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَحَبَسَهُمْ اَیَّامًا ثُمَّ خَلّٰی سَبِیْلَهُمْ فَاَتَوُا النُّعْمَانَ فَقَالُوْا خَلَّیْتَ سَبِیْلَهُمْ بِغَیْرِ ضَرْبٍ وَّلَا امْتِحَانٍ فَقَالَ النُّعْمَانُ مَا شِئْتُمْ اِنْ شِئْتُمْ اَنْ اَضْرِبَهُمْ فَاِنْ خَرَجَ مَتَاعُكُمْ فَذَاكَ وَاِلَّا اَخَذْتُ مِنْ ظُهُوْرِكُمْ مِثْلَ مَا اَخَذْتُ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ فَقَالُوْا هٰذَا حُكْمُكَ فَقَالَ هٰذَا حُكْمُ اللّٰهِ

ازہر بن عبد اللہ حرازی سے روایت ہے کہ کلاع کے چند لوگوں کا مال چُرایا گیا تو انہوں نے چند جلاہوں پر الزام لگایا اور انہیں نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے صحابی حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے پاس لے آئے۔ انہوں نے وہ چند روز قید رکھے اور پھر آزاد کر دئے۔ مدعی حضرات حضرت نعمان کے پاس آئے اور کہا کہ آپ نے تو انہیں پٹائی اور آزمائش کے بغیر چھوڑ دیا۔ حضرت نعمان نے کہا کہ تم چاہتے کیا ہو؟ اگر تم چاہتے ہو کہ میں اُن کی پٹائی کروں، اس سے تمہارا مال اُن کے پاس نکل آیا تو فبہا ورنہ جتنی مار انہیں پڑے گی اُسی قدر تمہاری پٹائی کی جائے گی۔ کہنے لگے کہ یہ آپ کا حکم ہے؟ فرمایا کہ یہ اللہ تعالےٰ اور رسول اللہ

وَحُكْمُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حکم ہے۔

ف :- معلوم ہُوا کہ جرم کے شبہ میں لوگوں کو گرفتار کر کے یا خواہ مخواہ شاملِ تفتیش کر کے اُن کے ساتھ مار پیٹ کرنا اور طرح طرح سے اذیتیں دے کر اقرارِ جرم کروانا سراسر ظلم ہے۔ مجرم کو جرم کے مطابق سزا دینا انصاف ہے لیکن اسی طرح جیسے اسلام کہتا ہے جبکہ ہمارا مجوزہ قوانین اسلام کے سوا اور سب کچھ ہے۔ دریں حالات یہ اسلام سے بغاوت اور مسلمان کہلاتے ہوئے اسلام کے ساتھ انصاف نہیں ہے۔ دوسری جانب غریبوں کو خواہ مخواہ مجرموں کی فہرست میں شامل کرنا اور جھوٹی سچی تہمتوں کا سہارا لے کر انہیں تنگ کرنا ظلم و ستم کی کتاب کا المناک باب ہے جس کے باعث غریبوں کا مسلمان ملکوں میں زندگی گزارنا عذاب ہو رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمارے حکمرانوں کو عقل اور غریبوں کی ہمدردی کا جذبہ عطا فرمائے کہ اللہ تعالیٰ کی یہ مخلوق بھی اپنی چند روزہ زندگی کو کسی حد تک اطمینان سے گزار سکے اور ان بیچاروں کو بھی سکون کی فضاؤں میں سانس لینا میسر آ سکے۔ مقدس اسلام آج بھی اپنے ان کرم فرماؤں سے پکار پکار کر کہہ رہا ہے۔

ع بمژگانِ سیہ کردی ہزاراں رخنہ در دینم
بیا کز چشمِ بیمارت ہزاراں زخم برچینم

بَابٌ ۳۳ مَا يُقْطَعُ فِيهِ السَّارِقُ۔

کتنے مال پر چور کا ہاتھ کاٹا جائے گا

۹۷۸- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَنْبَلٍ نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ سَمِعْتُهُ مِنْهُ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْطَعُ فِي رُبُعِ دِينَارٍ فَصَاعِدًا۔

عمرہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چوتھائی دینار یا اس سے زیادہ کی چوری پر ہاتھ کاٹا کرتے تھے۔

۹۷۹- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ وَوَهْبُ بْنُ بَيَانٍ قَالَا نَا ح وَنَا ابْنُ السَّرْحِ قَالَا نَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ وَعَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تُقْطَعُ يَدُ السَّارِقِ فِي رُبُعِ دِينَارٍ فَصَاعِدًا۔ قَالَ أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ الْقَطْعُ فِي رُبُعِ دِينَارٍ فَصَاعِدًا۔

احمد بن صالح اور وہب بن بیان ــــ ابن سرح، ابن وہب، یونس، ابن شہاب، عروہ اور عمرہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :- چور کا ہاتھ چوتھائی دینار یا اس سے زیادہ میں کاٹا جائے۔ احمد بن صالح نے کہا کہ ہاتھ کاٹنا چوتھائی دینار یا اس سے زیادہ میں ہے۔

۹۸۰- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ نَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطَعَ فِي مِجَنٍّ ثَمَنُهُ ثَلَاثَةُ دَرَاهِمَ۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :- ہاتھ کاٹنا ڈھال کی قیمت پر ہے جو تین درہم ہوتی ہے۔

۹۸۱- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي إِسْمٰعِيلُ بْنُ أُمَيَّةَ أَنَّ نَافِعًا مَوْلَى عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ حَدَّثَهُ أَنَّ عَبْدَ اللهِ

نافع مولیٰ عبداللہ بن عمر نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک آدمی کا ہاتھ کاٹا جس نے صُفّۃ النساء

ابْنَ عُمَرَ حَدَّثَهُمْ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطَعَ يَدَ رَجُلٍ سَرَقَ تُرْسًا مِنْ صُفَّةِ النِّسَاءِ ثَمَنُهُ ثَلَاثَةُ دَرَاهِمَ۔

سے ڈھال چُرائی تھی۔ جس کی قیمت تین درہم تھی۔

٩٨٢ - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ ابْنُ أَبِي السَّرِيِّ الْعَسْقَلَانِيُّ وَهٰذَا لَفْظُهُ وَهُوَ أَتَمُّ قَالَا نَا ابْنُ نُمَيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ عَنْ أَيُّوبَ بْنِ مُوسٰى عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَطَعَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَ رَجُلٍ فِي مِجَنٍّ قِيمَتُهُ دِينَارٌ أَوْ عَشَرَةُ دَرَاهِمَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ مُحَمَّدُ ابْنُ سَلَمَةَ وَسَعْدَانُ بْنُ يَحْيٰى عَنِ ابْنِ إِسْحٰقَ بِإِسْنَادِهِ۔

عثمان بن ابو شیبہ اور محمد بن ابو سری عسقلانی۔ ابن نمیر محمد بن اسحاق ، ایوب بن موسٰی ، عطاء سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰے عنہما نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے ایک آدمی کا ہاتھ ڈھال کی چوری پر کاٹا جس کی قیمت ایک دینار یا دس درہم تھی — امام ابو داؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے محمد بن سلمہ اور سعدان بن یحیٰی نے ابن اسحاق سے اپنی اسناد کے ساتھ۔

باب ٣٣٢ - مَا لَا قَطْعَ فِيهِ۔

جتنے مال پر ہاتھ نہیں کاٹا جاتا

٩٨٣ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ أَنَّ عَبْدًا سَرَقَ وَدِيًّا مِنْ حَائِطِ رَجُلٍ فَغَرَسَهُ فِي حَائِطِ سَيِّدِهِ فَخَرَجَ صَاحِبُ الْوَدِيِّ يَلْتَمِسُ وَدِيَّهُ فَوَجَدَهُ فَاسْتَعْدٰى عَلَى الْعَبْدِ مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ هُوَ أَمِيرُ الْمَدِينَةِ يَوْمَئِذٍ فَسَجَنَ مَرْوَانُ الْعَبْدَ وَأَرَادَ قَطْعَ يَدِهِ فَانْطَلَقَ سَيِّدُ الْعَبْدِ إِلٰى رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ فَسَأَلَهُ عَنْ ذٰلِكَ فَأَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا قَطْعَ فِي ثَمَرٍ وَلَا كَثَرٍ فَقَالَ الرَّجُلُ مَرْوَانُ أَخَذَ غُلَامِي وَهُوَ يُرِيدُ قَطْعَ يَدِهِ وَأَنَا أُحِبُّ أَنْ تَمْشِيَ مَعِي إِلَيْهِ فَتُخْبِرَهُ بِالَّذِي سَمِعْتَ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَشٰى مَعَهُ رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ حَتّٰى أَتٰى مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ فَقَالَ لَهُ رَافِعٌ سَمِعْتُ

محمد بن یحیٰی بن حبان سے روایت ہے کہ کسی غلام نے ایک آدمی کے باغ سے پودا چرایا اور اپنے آقا کے باغ میں لگا دیا۔ پودے کا مالک اپنے پودے کی تلاش میں نکلا اور اُسے پا لیا اور غلام کا مقدمہ مروان بن حکم کی عدالت میں دائر کر دیا جو اُن دنوں مدینہ منورہ کے حاکم تھے۔ مروان نے اُس غلام کو جیل میں بند کر دیا اور اس کا ہاتھ کاٹ دینے کا ارادہ کیا۔ غلام کا مالک حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالٰے عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس بارے میں ان سے حکم پوچھا۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ پھل اور خوشے کی چوری میں ہاتھ نہیں کاٹا جاتا۔ اُس آدمی نے کہا کہ مروان نے میرے غلام کو پکڑ رکھا ہے اور وہ اُس کا ہاتھ کاٹنا چاہتے ہیں، لہٰذا میں چاہتا ہوں کہ آپ میرے ساتھ اُن کے پاس چلیں اور جو کچھ آپ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم سے سُنا ہے وہ انہیں بتائیں۔ پس حضرت رافع بن خدیج اُس کے ساتھ مروان کے پاس

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا قَطْعَ فِيْ ثَمَرٍ وَلَا كَثَرٍ فَاَمَرَ مَرْوَانُ بِالْعَبْدِ فَاُرْسِلَ قَالَ اَبُوْدَاؤدَ الْكَثَرُ الْجُمَّارُ۔

گئے اور حضرت رافع نے اُن سے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ پھل اور خوشے کی چوری میں ہاتھ نہیں کاٹا جاتا۔ پس مروان نے غلام کو چھوڑ دینے کا حکم دیا — امام ابو داؤد نے فرمایا کہ الکثرُ خوشے کو کہتے ہیں۔

۹۸۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ نَا حَمَّادٌ نَا يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ قَالَ فَجَلَدَهُ مَرْوَانُ جَلَدَاتٍ وَخَلّٰى سَبِيْلَهُ۔

محمد بن عبید، حماد، یحییٰ نے محمد بن حبان سے اس حدیث کو روایت کرتے ہوئے کہا کہ چند کوڑے مار کر مروان نے اُس غلام کو چھوڑ دیا۔

۹۸۵۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ نَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الثَّمَرِ الْمُعَلَّقِ فَقَالَ مَنْ اَصَابَ بِفِيْهِ مِنْ ذِيْ حَاجَةٍ غَيْرَ مُتَّخِذٍ خُبْنَةً فَلَا شَيْءَ عَلَيْهِ وَمَنْ خَرَجَ بِشَيْءٍ مِنْهُ فَعَلَيْهِ غَرَامَةُ مِثْلَيْهِ وَالْعُقُوْبَةُ وَمَنْ سَرَقَ مِنْهُ شَيْئًا بَعْدَ اَنْ يُؤْوِيَهُ الْجَرِيْنُ فَبَلَغَ ثَمَنَ الْمِجَنِّ فَعَلَيْهِ الْقَطْعُ۔

عمرو بن شعیب کے والدِ ماجد نے اپنے والدِ محترم حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے لٹکے ہوئے پھلوں کے متعلق دریافت کیا گیا تو فرمایا:— جس ضرورت مند نے اپنے منہ سے کھالیے اور جھولی میں جمع نہیں کیے تو اُس پر کوئی تاوان نہیں اور جو ساتھ لے کر نکلا تو اُس پر دُگنا تاوان ہے اور سزا بھی۔ جس نے سکھانے کی جگہ سے اکٹھا کرنے کے بعد میوے چرائے اور وہ ڈھال کی قیمت کو پہنچ جائیں تو اُس کا ہاتھ کاٹا جائے گا۔

پارہ ــــــ ۲۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

باب ۳۳۴ القطع فی الخلسة والخیانة

مال چھیننے اور خیانت کرنے پر ہاتھ کاٹنا

۹۸۶- حدثنا نصر بن علی نا محمد بن بکر نا ابن جریج قال قال ابو الزبیر قال جابر بن عبد اللہ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس علی المنتهب قطع ومن انتهب نهبة مشهورة فلیس منا وبهذا الاسناد قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس علی الخائن قطع۔

ابو الزبیر نے حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:- لوٹ مار کرنے پر ہاتھ نہیں کاٹا جاتا اور جس نے علی الاعلان لوٹ مار کی وہ ہم میں سے نہیں ہے اور اسی اسناد کے ساتھ کہا کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:- خیانت کرنے والے کا ہاتھ نہیں کاٹا جاتا۔

۹۸۷- حدثنا نصر بن علی انا عیسی بن یونس عن ابن جریج عن ابی الزبیر عن جابر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم بمثله زاد ولا علی المختلس قطع قال ابو داؤد وهذان الحدیثان لم یسمعهما ابن جریج عن ابی الزبیر وبلغنی عن احمد بن حنبل انه قال انما سمعهما ابن جریج من یاسین الزیات قال ابو داؤد وقد رواهما المغیرة ابن مسلم عن ابی الزبیر عن جابر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔

ابو الزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مذکورہ حدیث کی طرح فرمایا۔ اس میں یہ بھی ہے کہ مال اُچک لینے پر بھی ہاتھ نہیں کاٹا جاتا ـــــ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ ان دونوں حدیثوں کو ابن جریج نے ابو الزبیر سے نہیں سُنا اور مجھے امام احمد بن حنبل سے یہ بات پہنچی ہے کہ ابن جریج نے ان دونوں کو یاسین زیات سے سنا ہے ـــــ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ ان دونوں کو روایت کیا ہے مغیرہ بن مسلم، ابو الزبیر، حضرت جابر نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے۔

باب ۳۳۵ فی من سرق من حرز

حد کے متعلق سفارش کرنا۔

۹۸۸- حدثنا محمد بن یحیی بن فارس حدثنا عمرو بن طلحة نا اسباط عن سماك ابن حرب عن حمید بن اخت صفوان عن صفوان بن امیة قال كنت نائما فی المسجد علی خمیصة لی ثمن ثلثین درهما فجاء

حُمید بن اخت صفوان سے روایت ہے کہ حضرت صفوان بن اُمیّہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:- میں مسجد میں اپنی چادر پر سویا ہوا تھا جس کی قیمت تیس ۳۰ درہم تھی- ایک آدمی آکر اُسے میرے پاس سے اُچک کرلے گیا۔ وہ آدمی پکڑا گیا اور اُسے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی

رَجُلٌ فَاخْتَلَسَهَا مِنِّي فَأُخِذَ الرَّجُلُ فَأُتِيَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَ بِهِ لِيُقْطَعَ، قَالَ فَأَتَيْتُهُ فَقُلْتُ أَتَقْطَعُهُ مِنْ أَجْلِ ثَلٰثِيْنَ أَنَا أَبِيعُهُ وَأُنْسِئُهُ ثَمَنَهَا قَالَ فَهَلَّا كَانَ هٰذَا قَبْلَ أَنْ تَأْتِيَنِي بِهِ. قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ زَائِدَةُ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ جُعَيْدِ بْنِ حُجَيْرٍ قَالَ نَامَ صَفْوَانُ وَرَوَاهُ طَاوُسٌ وَمُجَاهِدٌ أَنَّهُ كَانَ نَائِمًا فَجَاءَ سَارِقٌ فَسَرَقَ خَمِيصَةً مِنْ تَحْتِ رَأْسِهِ وَرَوَاهُ أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ فَاسْتَلَّهُ مِنْ تَحْتِ رَأْسِهِ فَاسْتَيْقَظَ فَصَاحَ بِهِ فَأُخِذَ وَرَوَاهُ الزُّهْرِيُّ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ فَنَامَ فِي الْمَسْجِدِ وَتَوَسَّدَ رِدَاءَهُ فَجَاءَ سَارِقٌ فَأَخَذَ رِدَاءَهُ فَأُخِذَ السَّارِقُ فَجِيءَ بِهِ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

باب ۳۳۵ فِي الْقَطْعِ فِي الْعَارِيَةِ إِذَا جُحِدَتْ.

۹۸۹- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ وَمَخْلَدُ بْنُ خَالِدٍ الْمَعْنٰى قَالَا نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ قَالَ مَخْلَدٌ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ امْرَأَةً مَخْزُومِيَّةً كَانَتْ تَسْتَعِيرُ الْمَتَاعَ وَتَجْحَدُهُ فَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَا فَقُطِعَتْ يَدُهَا قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ جُوَيْرِيَةُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَوْ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ أَبِي عُبَيْدٍ زَادَ فِيهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ خَطِيبًا فَقَالَ هَلْ مِنِ امْرَأَةٍ تَائِبَةٍ إِلَى اللّٰهِ وَرَسُولِهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَتِلْكَ شَاهِدَةٌ فَلَمْ تَقُمْ وَلَمْ تَتَكَلَّمْ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَرَوَاهُ ابْنُ غَنْجٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ أَبِي عُبَيْدٍ

بارگاہ میں پیش کر دیا گیا۔ آپ نے اُس کا ہاتھ کاٹ دینے کا حکم فرمایا۔ میں حاضرِ بارگاہ ہو کر عرض گزار ہُوا کہ آپ تیس درہم کے بدلے اِس کا ہاتھ کاٹ رہے ہیں؟ میں یہ اِسے اُدھار فروخت کرتا ہوں۔ فرمایا کہ یہی کرنا تھا تو میرے حضور پیش کرنے سے پہلے کرتے ـــــ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ زائدہ، سماک، جُعید ابن حجیر کا بیان ہے کہ حضرت صفوان سوئے ہوئے تھے اور طاؤس نے مجاہد سے اسے روایت کیا ہے کہ وہ سوئے ہوئے تھے کہ ایک چور آیا اور ان کے سر کے نیچے سے ان کی چادر چُرا کر لے گیا اور اسے ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے روایت کرتے ہوئے کہا:۔ اُس نے وہ سر کے نیچے سے کھینچ لی تو یہ بیدار ہو گئے اور چیخنے چلانے تو وہ پکڑا گیا اور زہری نے صفوان بن عبداللہ سے روایت کرتے ہوئے کہا کہ وہ مسجد میں سوئے ہوئے تھے اور اپنی چادر کا تکیہ بنایا ہوا تھا۔ پس ایک چور نے آ کر اُن کی چادر لے لی۔ چور پکڑا گیا اور اُسے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور پیش کر دیا گیا۔

اُدھار لے کر مُکر جانے پر ہاتھ کاٹنا

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ ایک مخزومیہ عورت چیزیں اُدھار لے کر مکر جایا کرتی تھی۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم فرمایا تو اس کا ہاتھ کاٹ دیا گیا ـــــ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اِسے جُویریہ، نافع نے حضرت ابن عمر یا حضرت صفیہ بنت ابوعبید سے۔ اس میں یہ بھی ہے کہ آپ خطبہ دینے کھڑے ہوئے اور تین مرتبہ فرمایا:۔ کیا کوئی عورت ہے جو اللہ اور اُس کے رسول کے سامنے توبہ کرے وہ موجود تھی لیکن نہ کھڑی ہوئی اور نہ کوئی کلام کیا ـــــ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے ابن غنج نے نافع سے کہ حضرت صفیہ بنت ابوعبید نے اس میں فرمایا:۔ اس کے خلاف گواہی دی گئی۔

قَالَ فِيهِ فَتَشْهَدُ عَلَيْهَا۔

۹۹۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ نَا أَبُو صَالِحٍ عَنِ اللَّيْثِ قَالَ حَدَّثَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ كَانَ عُرْوَةُ يُحَدِّثُ أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتِ اسْتَعَارَتِ امْرَأَةٌ يَعْنِي حُلِيًّا عَلَى أَلْسِنَةِ أُنَاسٍ يُعْرَفُونَ وَلَا تُعْرَفُ هِيَ فَبَاعَتْهُ فَأُخِذَتْ فَأُتِيَ بِهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَ بِقَطْعِ يَدِهَا وَهِيَ الَّتِي شَفَعَ فِيهَا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ فَقَالَ فِيهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قَالَ۔

ابن شہاب نے عُروہ بن زبیر سے روایت کی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا:۔ ایک عورت نے کچھ زیورات معروف حضرات کی معرفت اُدھار لیے کیوں کہ اُسے کوئی جانتا نہ تھا اور اس نے وہ فروخت کر دیئے۔ وہ پکڑی گئی اور اُسے نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے حضور پیش کیا گیا۔ آپ نے اُس کا ہاتھ کاٹنے کا حکم فرمایا۔ یہ وہی عورت تھی جس کی سفارش حضرت اُسامہ بن زید سے کروائی گئی تھی اور رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وہی ارشاد فرمایا تھا جو مذکور ہُوا۔

۹۹۱۔ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ وَمُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى قَالَا نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَتِ امْرَأَةٌ مَخْزُومِيَّةٌ تَسْتَعِيرُ الْمَتَاعَ وَتَجْحَدُهُ فَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَطْعِ يَدِهَا وَقَصَّ نَحْوَ حَدِيثِ قُتَيْبَةَ عَنِ اللَّيْثِ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ زَادَ فَقَالَ فَقَطَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهَا۔

عُروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: ایک مخزومیہ عورت چیزیں اُدھار لیتی اور انکار کر جایا کرتی تھی۔ پس نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس کا ہاتھ کاٹ دینے کا حکم فرمایا اور حدیث قتیبہ، لیث، ابن شہاب کے مطابق واقعہ بیان کرتے ہوئے یہ بھی کہا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے اس کا ہاتھ کاٹ دیا (یعنی ہاتھ کاٹنے کا حکم فرمایا)۔

بَابٌ ۳۳۴ فِي الْمَجْنُونِ يَسْرِقُ أَوْ يُصِيبُ حَدًّا۔

دیوانہ چوری یا حد کا کام کرے

۹۹۲۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رُفِعَ الْقَلَمُ عَنْ ثَلَاثَةٍ عَنِ النَّائِمِ حَتَّى يَسْتَيْقِظَ وَعَنِ الْمُبْتَلَى حَتَّى يَبْرَأَ وَعَنِ الصَّبِيِّ حَتَّى يَكْبُرَ۔

عثمان بن ابو شیبہ، یزید بن ہارون، حماد بن سلمہ، حماد، ابراہیم، اسود نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تین آدمیوں سے قلم اٹھا لیا جاتا ہے۔ ایک سوئے ہوئے سے جب تک بیدار نہ ہو جائے۔ دوسرے دیوانے سے جب تک دیوانگی نہ جائے۔ تیسرے بچے سے جب تک بالغ نہ ہو جائے۔

۹۹۳۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي ظَبْيَانَ عَنِ ابْنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عمر کی خدمت میں ایک مجنونہ پیش کی گئی جس نے

عَبَّاسٍ قَالَ أُتِيَ عُمَرُ بِمَجْنُونَةٍ قَدْ زَنَتْ فَاسْتَشَارَ فِيهَا أُنَاسًا فَأَمَرَ عُمَرُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَنْ تُرْجَمَ فَمُرَّ بِهَا عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ كَرَّمَ اللهُ وَجْهَهُ فَقَالَ مَا شَأْنُ هٰذِهِ قَالُوا مَجْنُونَةُ بَنِي فُلَانٍ زَنَتْ فَأَمَرَ بِهَا عُمَرُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَنْ تُرْجَمَ قَالَ فَقَالَ ارْجِعُوا بِهَا ثُمَّ أَتَاهُ فَقَالَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ الْقَلَمَ رُفِعَ عَنْ ثَلَاثَةٍ عَنِ الْمَجْنُونِ حَتَّى يَبْرَأَ وَعَنِ النَّائِمِ حَتَّى يَسْتَيْقِظَ وَعَنِ الصَّبِيِّ حَتَّى يَعْقِلَ قَالَ بَلَى قَالَ فَمَا بَالُ هٰذِهِ تُرْجَمُ قَالَ لَا شَيْءَ قَالَ فَأَرْسِلْهَا قَالَ فَأَرْسَلَهَا قَالَ فَجَعَلَ يُكَبِّرُ۔

زنا کیا تھا۔ اُس کے متعلق لوگوں سے مشورہ کر کے حضرت عمر نے اُسے سنگسار کر دینے کا حکم فرمایا۔ اُس کے پاس سے حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم گزرے تو پوچھا کہ اِس عورت کا کیا معاملہ ہے؟ لوگوں نے کہا کہ یہ بنی فلاں کی دیوانی عورت ہے، جس نے زنا کیا ہے اور حضرت عمر نے اسے سنگسار کر دینے کا حکم فرمایا ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ اسے واپس لے چلو۔ پھر بارگاہِ خلافت میں حاضر ہو کر کہا:۔ اے امیر المؤمنین! کیا آپ کو معلوم نہیں کہ تین شخصوں سے قلم اٹھا لیا جاتا ہے۔ ایک دیوانے سے جبتک دیوانگی نہ جائے۔ دوسرے سوئے ہوئے سے جبتک بیدار نہ ہو جائے اور تیسرے بچے سے جب تک صاحبِ عقل نہ ہو جائے۔ حضرت عمر نے کہا: کیوں نہیں۔ حضرت علی نے کہا: پھر اس عورت کو رجم کرنا کیسا؟ حضرت عمر رض نے کہا: سابقہ حکم کالعدم ہوا۔ چنانچہ حضرت علی نے کہا: تو اسے چھوڑ دیجیے۔ پس حضرت عمر نے اُسے چھوڑ دیا اور تکبیر کہنے لگے۔

٩٩٤- حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى نَا وَكِيعٌ عَنِ الْأَعْمَشِ نَحْوَهُ وَقَالَ أَيْضًا حَتَّى يَعْقِلَ وَقَالَ عَنِ الْمَجْنُونِ حَتَّى يُفِيقَ قَالَ فَجَعَلَ عُمَرُ يُكَبِّرُ۔

یوسف بن موسیٰ، وکیع نے اعمش سے اسی طرح روایت کی اور یہ بھی کہا:۔ یہاں تک کہ عقل آجائے اور دیوانے کو جب تک افاقہ نہ ہو جائے۔ پس حضرت عمر رض تکبیر کہنے لگے۔

٩٩٥- حَدَّثَنَا ابْنُ السَّرْحِ أَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مِهْرَانَ عَنْ أَبِي ظَبْيَانَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَرَّ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ كَرَّمَ اللهُ وَجْهَهُ بِمَعْنَى عُثْمَانَ قَالَ أَوَمَا تَذْكُرُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رُفِعَ الْقَلَمُ عَنْ ثَلَاثَةٍ عَنِ الْمَجْنُونِ الْمَغْلُوبِ عَلَى عَقْلِهِ وَعَنِ النَّائِمِ حَتَّى يَسْتَيْقِظَ وَعَنِ الصَّبِيِّ حَتَّى يَحْتَلِمَ قَالَ صَدَقْتَ قَالَ فَخَلَّى عَنْهَا سَبِيلَهَا۔

ابو ظبیان سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا:۔ حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم گزرے۔ معناً عثمان بن ابو شیبہ کی طرح بیان کرتے ہوئے کہا:۔ کیا آپ کو یاد نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے:۔ تین شخصوں سے قلم اٹھا لیا جاتا ہے۔ ایک وہ دیوانہ جس کی عقل جاتی رہے۔ دوسرا سونے والا یہاں تک کہ بیدار ہو جائے۔ تیسرے بچہ یہاں تک کہ بالغ ہو جائے۔ حضرت عمر نے کہا:۔ آپ نے سچ کہا۔ حضرت علی نے کہا: تو اس عورت کو چھوڑ دیجیے۔

٩٩٦- حَدَّثَنَا هَنَّادٌ عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ ح وَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا جَرِيرٌ الْمَعْنَى عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ أَبِي ظَبْيَانَ قَالَ هَنَّادٌ

ہناد، ابو الاحوص —— عثمان بن ابو شیبہ، جریر، عطاء ابن سائب، ابو ظبیان کا بیان ہے کہ حضرت عمر کی خدمت میں ایک عورت لائی گئی جس نے بدکاری کی تھی۔ آپ نے اُس

الْجَنِيْنِ قَالَ أُتِيَ عُمَرُ بِامْرَأَةٍ قَدْ فَجَرَتْ فَأَمَرَ بِرَجْمِهَا فَمَرَّ عَلِيٌّ كَرَّمَ اللهُ وَجْهَهُ فَأَخَذَهَا فَخَلَّى سَبِيْلَهَا فَأُخْبِرَ عُمَرُ فَقَالَ ادْعُوا لِي عَلِيًّا فَجَاءَ عَلِيٌّ كَرَّمَ اللهُ وَجْهَهُ فَقَالَ يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَقَدْ عَلِمْتَ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رُفِعَ الْقَلَمُ عَنْ ثَلٰثَةٍ عَنِ الصَّبِيِّ حَتّٰى يَبْلُغَ وَعَنِ النَّائِمِ حَتّٰى يَسْتَيْقِظَ وَعَنِ الْمَعْتُوْهِ حَتّٰى يَبْرَأَ وَإِنَّ هٰذِهِ مَعْتُوْهَةُ بَنِي فُلَانٍ لَعَلَّ الَّذِي أَتَاهَا أَتَاهَا وَهِيَ فِي بَلَائِهَا قَالَ فَقَالَ عُمَرُ لَا أَدْرِي فَقَالَ عَلِيٌّ كَرَّمَ اللهُ وَجْهَهُ وَأَنَا لَا أَدْرِي۔

کو رجم کردینے کا حکم فرمایا۔ پس حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم گزرے تو اُسے لے کر چھوڑ دیا۔ حضرت عمر کو بتایا گیا تو انھوں نے فرمایا:۔ حضرت علی کو میرے پاس بُلا کر لاؤ۔ حضرت علی آئے اور کہا:۔ اے امیرالمؤمنین! آپ جانتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ تین شخصوں سے قلم اٹھا لیا جاتا ہے۔ بچے سے یہاں تک کہ بالغ ہو جائے۔ سونے والے سے یہاں تک کہ بیدار ہو جائے اور پاگل سے یہاں تک کہ دیوانگی جائے۔ یہ عورت بنی فلاں کی دیوانی ہے۔ شاید اُس فعل کے وقت دیوانگی کی شدت ہو۔ حضرت عمر رض نے کہا کہ یہ تو مجھے معلوم نہیں۔ حضرت علی نے کہا کہ معلوم مجھے بھی نہیں ہے۔

٩٩٧- حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ إِسْمٰعِيْلَ نَا وُهَيْبٌ عَنْ خَالِدٍ عَنْ أَبِي الضُّحٰى عَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رُفِعَ الْقَلَمُ عَنْ ثَلٰثَةٍ عَنِ النَّائِمِ حَتّٰى يَسْتَيْقِظَ وَعَنِ الصَّبِيِّ حَتّٰى يَحْتَلِمَ وَعَنِ الْمَجْنُوْنِ حَتّٰى يَعْقِلَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ ابْنُ جُرَيْجٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَادَ فِيْهِ وَالْخَرِفِ۔

ابوالضحیٰ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تین شخصوں سے قلم اٹھا لیا جاتا ہے۔ سوئے ہوئے سے یہاں تک کہ بیدار ہو۔ بچے سے یہاں تک کہ بالغ ہو اور دیوانے سے یہاں تک کہ عقل آجائے ——— امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے ابن جریج، قاسم بن یزید، حضرت علی نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے۔ اس میں بے عقل بوڑھا بھی ہے۔

بَابٌ ٣٣٦ فِي الْغُلَامِ يُصِيْبُ الْحَدَّ۔

نابالغ اگر حد کا کام کرے

٩٩٨- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ أَنَا سُفْيَانُ نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ حَدَّثَنِي عَطِيَّةُ الْقُرَظِيُّ قَالَ كُنْتُ مِنْ سَبْيِ بَنِي قُرَيْظَةَ فَكَانُوا يَنْظُرُوْنَ فَمَنْ أَنْبَتَ الشَّعْرَ قُتِلَ وَمَنْ لَمْ يُنْبِتْ لَمْ يُقْتَلْ فَكُنْتُ فِيْمَنْ لَمْ يُنْبِتْ۔

حضرت عطیہ قرظی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں بنو قریظہ کے قیدیوں میں تھا۔ پس اُنہیں دیکھا گیا تو جس کے زیر ناف کے بال نکل آئے تھے اُنہیں قتل کر دیا گیا اور جن کے نہیں نکلے تھے اُنہیں قتل نہ کیا گیا۔ میں اُن میں تھا جن کے نہیں نکلے تھے۔

٩٩٩- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ قَالَ

مسدد، ابوعوانہ نے عبدالملک بن عمیر سے اس حدیث کو روایت کرتے ہوئے کہا: میری ازار کھولی گئی تو پایا کہ

فَكَشَفُوا عَانَتِي فَوَجَدُوهَا لَمْ تُنْبِتْ فَجَعَلُونِي فِي السَّبْيِ۔

میرے بال نہیں اُگے تھے لہٰذا مجھے قیدیوں میں رکھا گیا۔

۱۰۰۰۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا يَحْيَى عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ أَخْبَرَنِي نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَرَضَهُ يَوْمَ أُحُدٍ ابْنَ أَرْبَعَ عَشْرَةَ سَنَةً فَلَمْ يُجِزْهُ وَعَرَضَهُ يَوْمَ الْخَنْدَقِ وَهُوَ ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ سَنَةً فَأَجَازَهُ۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ اُنہیں غزوۂ اُحد کے وقت نبی کریم صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے حضور پیش کیا گیا جب کہ وہ چودہ سالہ تھے تو آپ نے انہیں اجازت نہ دی اور غزوۂ خندق کے وقت پیش کیے گئے جب کہ پندرہ سالہ تھے تو انہیں اجازت مرحمت فرمادی۔

۱۰۰۱۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا ابْنُ إِدْرِيسَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ نَافِعٌ حَدَّثْتُ بِهَذَا الْحَدِيثِ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيزِ فَقَالَ إِنَّ هَذَا الْحَدُّ بَيْنَ الصَّغِيرِ وَالْكَبِيرِ۔

عثمان بن ابو شیبہ، ابن ادریس، عُبید اللہ بن عمر سے روایت ہے کہ نافع نے یہ حدیث عمر بن عبد العزیز سے بیان کی تو انہوں نے کہا کہ یہ نابالغ اور بالغ کی درمیانی حد ہے۔ ف

ف۔ بالغ و نابالغ کی یہ پہچان اُس وقت اور اُس ملک کے مطابق ہوگی۔ لیکن عمر کے لحاظ سے کوئی ضابطہ سب انسانوں سے مطابقت نہیں رکھ سکتا تھا لہٰذا بہترین شرعی ضابطہ یہی ہے کہ لڑکا اُس وقت بالغ ہوتا ہے جب اُسے احتلام ہو جائے اور لڑکی اس وقت بالغ ہوتی ہے جب اُسے حیض آجائے۔ اِس سے پہلے لڑکی ہو یا لڑکا نابالغ ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۳۳۹ السَّارِقِ يَسْرِقُ فِي الْغَزْوِ أَيُقْطَعُ۔

کیا سفرِ جہاد میں چوری کرنے والے کا ہاتھ کاٹا جائے۔

۱۰۰۲۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ عَنْ عَيَّاشِ ابْنِ عَبَّاسٍ الْقِتْبَانِيِّ عَنْ شُيَيْمِ بْنِ بَيْتَانَ وَيَزِيدَ بْنِ صُبْحٍ الْأَصْبَحِيِّ عَنْ جُنَادَةَ بْنِ أَبِي أُمَيَّةَ قَالَ كُنَّا مَعَ بُسْرِ بْنِ أَرْطَاةَ فِي الْبَحْرِ فَأُتِيَ بِسَارِقٍ يُقَالُ لَهُ مِصْدَرٌ قَدْ سَرَقَ بُخْتِيَّةً فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا تُقْطَعُ الْأَيْدِي فِي السَّفَرِ وَلَوْلَا ذَلِكَ لَقَطَعْتُهُ۔

احمد بن صالح، ابن وہب، حیوٰۃ بن شریح، عیّاش بن عباس قتبانی، شییم بن بیتان اور یزید بن صبح اصبحی، جنادہ بن ابو اُمیہ کا بیان ہے کہ ہم حضرت بسر بن ارطاۃ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے ساتھ سمندری سفر کر رہے تھے۔ اُن کی خدمت میں مصدر نامی چور پیش کیا گیا جس نے اونٹ چرایا تھا۔ فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ سفر میں ہاتھ نہیں کاٹا جاتا۔ اگر یہ حکم نہ ہوتا تو میں ضرور اس کا ہاتھ کاٹ دیتا۔

باب ۳۴۰ فِي قَطْعِ النَّبَّاشِ۔

کفن چور کا ہاتھ کاٹنا

۱۰۰۳۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَبِي عِمْرَانَ عَنِ الْمُشَعَّثِ بْنِ طَرِيفٍ عَنْ

عبد اللہ بن صامت نے حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَبَا ذَرٍّ قُلْتُ لَبَّيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ قَالَ كَيْفَ أَنْتَ إِذَا أَصَابَ النَّاسَ مَوْتٌ يَكُونُ الْبَيْتُ فِيهِ بِالْوَصِيفِ يَعْنِي الْقَبْرَ قُلْتُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ أَوْ مَا خَارَ اللّٰهُ لِي وَرَسُولُهُ قَالَ عَلَيْكَ بِالصَّبْرِ أَوْ قَالَ تَصْبِرُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ قَالَ حَمَّادُ بْنُ أَبِي سُلَيْمَانَ يُقْطَعُ النَّبَّاشُ لِأَنَّهُ دَخَلَ عَلَى الْمَيِّتِ بَيْتَهُ۔

وسلم نے فرمایا:۔ اے ابوذر! میں عرض گزار ہوا:۔ یا رسول اللہ! خدمت میں حاضر اور قربان ہونے کے لیے تیار ہوں۔ فرمایا اُس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جب لوگوں کو موت کا سامنا ہوگا اور غلام کے بدلے قبر کی جگہ ملے گی۔ عرض گزار ہوا کہ اللہ اور اُس کا رسول بہتر جانتے ہیں یا جو اللہ اور اُس کا رسول میرے لیے حکم فرمائیں۔ فرمایا کہ تم پر صبر لازم ہے یا فرمایا کہ صبر کرنا ——— امام ابو داؤد نے فرمایا کہ حماد بن ابوسلیمان کا بیان ہے کہ کفن چور کا ہاتھ کاٹا جائے گا کیوں کہ وہ میت کے گھر میں داخل ہوا ہے۔

ف امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ نے یہ باب کفن چور کا ہاتھ کاٹنے کے متعلق باندھا ہے اور انہوں نے استدلال کیا اس حدیث سے کہ اس میں قبر کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے گھر کہا ہے۔ لہٰذا انھوں نے حماد بن ابوسلیمان کا قول نقل کیا کہ کفن چور کا ہاتھ کاٹا جائے گا۔ کیوں کہ وہ میت کے پاس اُس کے گھر میں داخل ہوا ہے۔ یہ اُن کا اپنا اجتہاد ہے اور اپنا قیاس ہے کیونکہ محفوظ مال کی چوری پر ہاتھ کاٹا جاتا ہے لیکن جہاں یہ ثبوت ملا کہ قبر کو گھر بھی کہا گیا ہے وہاں یہ بھی جائے غور ہے کہ قبر میں کفن محفوظ مال ہے یا نہیں؟ چونکہ کوئی بھی میت کے کفن کو قبر میں محفوظ تسلیم نہیں کر سکتا اسی لیے امام اعظم ابوحنیفہ اور باقی تینوں ائمہ مجتہدین کے نزدیک کفن چور کا ہاتھ نہیں کاٹا جاتا کیوں کہ اس کی حرکت پر چوری کا مفہوم صادق نہیں آتا۔ معلوم ہونا چاہیئے کہ امام ابوداؤد نے یہاں حماد بن ابوسلیمان کا قیاس نقل کیا ہے جو تابعی کوئی فقیہ ثقہ اور مجتہد تھے۔ انہوں نے حضرت انس، سعید بن مسیب اور ابراہیم نخعی سے روایت کی ہے اور اُن سے امام ابوحنیفہ، مسعر اور شعبہ روایت کرتے تھے۔ ان کے والد ابوسلیمان کا نام مسلم اشعری تھا جو ابراہیم بن ابوموسیٰ اشعری کے آزاد کردہ غلام تھے۔ حماد بن ابوسلیمان کا وصال سنہ ۱۲۰ھ میں ہوا تھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابُ ۳۴ السَّارِقِ يَسْرِقُ مِرَارًا۔

باربار چوری کرنے والا

۱۰۰۴- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عَقِيلٍ الْهِلَالِيُّ نَا جَدِّي عَنْ مُصْعَبِ بْنِ ثَابِتِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ جِيءَ بِسَارِقٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اقْتُلُوهُ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّمَا سَرَقَ فَقَالَ اقْطَعُوهُ قَالَ فَقُطِعَ ثُمَّ جِيءَ بِهِ الثَّانِيَةَ فَقَالَ اقْتُلُوهُ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّمَا سَرَقَ فَقَالَ اقْطَعُوهُ قَالَ فَقُطِعَ ثُمَّ جِيءَ بِهِ الثَّالِثَةَ

محمد بن منکدر سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا:۔ ایک چور کو نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ پیش کیا گیا۔ فرمایا:۔ اِسے قتل کردو۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! اس نے تو چوری کی ہے۔ فرمایا تو ہاتھ کاٹ دو۔ پس ہاتھ کاٹ دیا گیا۔ پھر دوسری مرتبہ پیش کیا گیا تو فرمایا: اِسے قتل کردو۔ عرض کی گئی کہ یا رسول اللہ! چوری کی ہے۔ فرمایا:۔ تو ہاتھ کاٹ دو۔ پھر تیسری مرتبہ پیش کیا گیا تو فرمایا:۔ قتل کردو۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! چوری کی ہے۔ فرمایا تو

فَقَالَ اقْتُلُوهُ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّمَا سَرَقَ فَقَالَ اقْطَعُوهُ ثُمَّ أُتِيَ بِهِ الرَّابِعَةَ فَقَالَ اقْتُلُوهُ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّمَا سَرَقَ قَالَ اقْطَعُوهُ فَأُتِيَ بِهِ الْخَامِسَةَ فَقَالَ اقْتُلُوهُ قَالَ جَابِرٌ فَانْطَلَقْنَا بِهِ فَقَتَلْنَاهُ ثُمَّ اجْتَرَرْنَاهُ فَأَلْقَيْنَاهُ فِي بِئْرٍ وَرَمَيْنَا عَلَيْهِ الْحِجَارَةَ۔

کاٹ دو۔ پھر چوتھی مرتبہ وہ پیش کیا گیا تو فرمایا:۔ قتل کر دو۔ گزارش کی کہ یا رسول اللہ! اس نے چوری کی ہے۔ فرمایا تو کاٹ دو۔ پانچویں دفعہ پیش کیا گیا تو فرمایا:۔ اسے قتل کر دو۔ حضرت جابر کا بیان ہے کہ ہم اُسے لے گئے اور قتل کر دیا۔ پھر ہم نے اُسے گھسیٹ کر ایک کنوئیں میں ڈال دیا اور ہم نے اُسے پتھر مارے۔

ف جب پہلی دفعہ چور کو بارگاہِ رسالت میں پیش کیا گیا تو آپ نے فرمایا:۔ اِقْتُلُوْہُ اِسے قتل کر دو۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ حضور! اِس نے تو چوری کی ہے۔ فرمایا تو اِس کا ہاتھ کاٹ دو۔ چنانچہ پانچ دفعہ چوری کے سلسلے میں اُسے بارگاہ رسالت میں پیش کیا گیا اور ہر موقع پر پہلی دفعہ آپ یہی فرماتے رہے کہ اِسے قتل کر دو۔ جب کہ پانچویں مرتبہ اُسے قتل کر کے کنوئیں میں پھینکا گیا اور اُسے پتھر مارے گئے۔ چوری پر ہر دفعہ آپ کا یہ فرمانا کہ اِسے قتل کر دو، اس کی اہل علم حضرات نے مختلف توجیہات کی ہیں۔ چنانچہ محدث خطابی فرماتے ہیں کہ یہ حدیث منسوخ ہے کیوں کہ ائمہ دین میں سے چور کا خون کسی نے بھی حلال قرار نہیں دیا ہے اور خون صرف تین آدمیوں کا حلال ہے جب کہ چور اُن میں شامل نہیں۔ بعض حضرات کا خیال ہے کہ یہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے سیاسی اختیار کے باعث مصلحتًا فرمایا تھا۔ بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ اُس کا مرتد ہونا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم میں آگیا تھا۔ بعض حضرات کا خیال ہے کہ وہ چوری کو حلال سمجھتا تھا لہٰذا اس کفر کے باعث اُس کو قتل کرنے کا حکم فرمایا تھا۔ (اشعۃ اللمعات، جلد سوم، ص ۲۷۹) واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۳۴۲ فِي السَّارِقِ تُعَلَّقُ يَدُهُ فِي عُنُقِهِ۔ چور کا ہاتھ کاٹ کر اُس کی گردن میں لٹکانا

۱۰۰۵۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ نَا حَجَّاجٌ عَنْ مَكْحُولٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُحَيْرِيزٍ قَالَ سَأَلْنَا فَضَالَةَ بْنَ عُبَيْدٍ عَنْ تَعْلِيقِ الْيَدِ فِي الْعُنُقِ لِلسَّارِقِ أَمِنَ السُّنَّةِ هُوَ قَالَ أُتِيَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَارِقٍ فَقُطِعَتْ يَدُهُ ثُمَّ أَمَرَ بِهَا فَعُلِّقَتْ فِي عُنُقِهِ۔

عبد الرحمٰن بن محیریز کا بیان ہے کہ ہم نے حضرت فضالہ بن عُبید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا کہ کیا ہاتھ کاٹ کر چور کے گلے میں لٹکانا سنت ہے؟ فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں چور پیش کیا گیا۔ پس اُس کا ہاتھ کاٹا گیا۔ پھر آپ نے حکم فرمایا تو وہ اُس کی گردن میں لٹکا دیا گیا۔

۱۰۰۶۔ حَدَّثَنَا مُوسَى يَعْنِي ابْنَ إِسْمَعِيلَ نَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَرَقَ الْمَمْلُوكُ فَبِعْهُ وَلَوْ بِنَشٍّ۔

عمرو بن ابو سلمہ کے والد ماجد نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جب کوئی غلام چوری کرے تو اُسے فروخت کر دو خواہ نصف قیمت ہی ملے۔

باب ٣٤٣ فِي الرَّجْمِ

سنگسار کرنے کا بیان

١٠٠٧- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ ثَابِتٍ الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ يَزِيدَ النَّحْوِيِّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ وَاللاَّتِي يَأْتِينَ الْفَاحِشَةَ مِنْ نِسَائِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوا عَلَيْهِنَّ أَرْبَعَةً مِنْكُمْ فَإِنْ شَهِدُوا فَأَمْسِكُوهُنَّ فِي الْبُيُوتِ حَتَّى يَتَوَفَّاهُنَّ الْمَوْتُ أَوْ يَجْعَلَ اللَّهُ لَهُنَّ سَبِيلاً وَذَكَرَ الرَّجُلَ بَعْدَ الْمَرْأَةِ ثُمَّ جَمَعَهُمَا فَقَالَ وَاللَّذَانِ يَأْتِيَانِهَا مِنْكُمْ فَآذُوهُمَا فَإِنْ تَابَا وَأَصْلَحَا فَأَعْرِضُوا عَنْهُمَا فَنُسِخَ ذَلِكَ بِآيَةِ الْجَلْدِ فَقَالَ الزَّانِيَةُ وَالزَّانِي فَاجْلِدُوا كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ۔

یزید نحوی نے عکرمہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: وہ عورتیں جو بے حیائی کا کام کریں تمہاری عورتوں میں سے تو اُن پر اپنوں میں سے چار گواہ لو۔ اگر وہ گواہی دے دیں تو اُن عورتوں کو گھروں میں روکے رکھو یہاں تک کہ اُنہیں موت آجائے یا اللہ اُن کے لیے کوئی راستہ پیدا فرمادے (۴:۱۵) اور مرد کا ذکر عورت کے بعد کیا۔ پھر دونوں کو جمع کر کے فرمایا: جو تم میں سے ایسا کام کریں تو اُنہیں اذیت پہنچاؤ۔ اگر وہ دونوں توبہ کر کے اپنی اصلاح کرلیں تو اُن دونوں کو سزا دینے سے منہ پھیر لو (۴:۱۶) اس حکم کو آیتِ جلد سے منسوخ کرتے ہوئے فرمایا:۔ زنا کرنے والی عورت اور زانی مرد، دونوں میں سے ہر ایک کو سو کوڑے مارو۔ (۲۴:۲)

١٠٠٨- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ ثَابِتٍ نَا مُوسَى عَنْ شِبْلٍ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ السَّبِيلُ الْحَدُّ۔

احمد بن محمد بن ثابت، موسیٰ، شبل، ابن ابی نجیح، مجاہد کا بیان ہے کہ اَلسَّبِیْلُ سے مراد حد ہے۔

١٠٠٩- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ حِطَّانَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الرَّقَاشِيِّ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذُوا عَنِّي خُذُوا عَنِّي قَدْ جَعَلَ اللَّهُ لَهُنَّ سَبِيلاً الثَّيِّبُ بِالثَّيِّبِ جَلْدُ مِائَةٍ وَرَمْيٌ بِالْحِجَارَةِ وَالْبِكْرُ بِالْبِكْرِ جَلْدُ مِائَةٍ وَنَفْيُ سَنَةٍ۔

حطّان بن عبداللہ رُقاشی نے حضرت عُبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ مجھ سے سیکھ لو، مجھ سے سیکھ لو، اللہ تعالیٰ نے عورتوں کے لیے یہ حد مقرر فرمائی ہے کہ شادی شدہ کو شادی شدہ کے ساتھ سو کوڑے اور سنگسار کرنا۔ کنواری کو کنوارے کے ساتھ سو کوڑے اور ایک سال کی جلاوطنی۔

١٠١٠- حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ بْنِ سُفْيَانَ قَالاَ نَا هُشَيْمٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنِ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِ يَحْيَى وَمَعْنَاهُ قَالَ جَلْدُ مِائَةٍ وَالرَّجْمُ۔

وہب بن بقیۃ اور محمد بن صباح بن سفیان، ہشیم، منصور نے حسن سے یحییٰ کی اسناد کے ساتھ اُسی طرح روایت کرتے ہوئے کہا:۔ سو کوڑے اور سنگسار کرنا۔

١٠١١- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ

عُبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ نے حضرت عبداللہ بن

نَا هُشَيْمٌ نَا الزُّهْرِيُّ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ابْنِ عُتْبَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ عُمَرَ يَعْنِي ابْنَ الْخَطَّابِ خَطَبَ فَقَالَ إِنَّ اللهَ بَعَثَ مُحَمَّدًا بِالْحَقِّ وَأَنْزَلَ عَلَيْهِ الْكِتَابَ فَكَانَ فِيمَا أَنْزَلَ عَلَيْهِ آيَةُ الرَّجْمِ فَقَرَأْنَا وَعَيْنَاهَا وَرَجَمَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَجَمْنَا مِنْ بَعْدِهِ وَإِنِّي خَشِيتُ أَنْ طَالَ بِالنَّاسِ الزَّمَانُ أَنْ يَقُولَ قَائِلٌ مَا نَجِدُ آيَةَ الرَّجْمِ فِي كِتَابِ اللهِ فَيَضِلُّوا بِتَرْكِ فَرِيضَةٍ أَنْزَلَهَا اللهُ فَالرَّجْمُ حَقٌّ عَلَى مَنْ زَنَى مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ إِذَا كَانَ مُحْصَنًا إِذَا قَامَتِ الْبَيِّنَةُ أَوْ كَانَ حَمْلٌ أَوِ اعْتِرَافٌ وَايْمُ اللهِ لَوْلَا أَنْ يَقُولَ النَّاسُ زَادَ عُمَرُ فِي كِتَابِ اللهِ لَكَتَبْتُهَا۔

۱۰۱۲- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْأَنْبَارِيُّ نَا وَكِيعٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ نُعَيْمِ بْنِ هَزَّالٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كَانَ مَاعِزُ بْنُ مَالِكٍ يَتِيمًا فِي حِجْرِ أَبِي فَأَصَابَ جَارِيَةً مِنَ الْحَيِّ فَقَالَ لَهُ أَبِي ائْتِ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبِرْهُ بِمَا صَنَعْتَ لَعَلَّهُ يَسْتَغْفِرُ لَكَ وَإِنَّمَا يُرِيدُ بِذَلِكَ رَجَاءَ أَنْ يَكُونَ لَهُ مَخْرَجًا قَالَ فَأَتَاهُ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ إِنِّي زَنَيْتُ فَأَقِمْ عَلَيَّ كِتَابَ اللهِ فَأَعْرَضَ عَنْهُ فَعَادَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ إِنِّي زَنَيْتُ فَأَقِمْ عَلَيَّ كِتَابَ اللهِ حَتَّى قَالَهَا أَرْبَعَ مِرَارٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّكَ قَدْ قُلْتَهَا أَرْبَعَ مَرَّاتٍ فَبِمَنْ قَالَ بِفُلَانَةَ قَالَ هَلْ ضَاجَعْتَهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ هَلْ بَاشَرْتَهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ هَلْ جَامَعْتَهَا قَالَ

عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ حضرت عمر نے خطبہ دیتے ہوئے فرمایا کہ بے شک اللہ تعالیٰ نے محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا اور اُن پر کتاب نازل کی اور اُس میں اُن پر رجم کی آیت نازل فرمائی جسے ہم نے پڑھا اور یاد رکھا۔ لہٰذا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سنگسار کیا اور اُن کے بعد ہم نے سنگسار کیا اور مجھے خدشہ ہے کہ جب زیادہ زمانہ گزر جائے تو کہنے والا کہے کہ ہم اللہ کی کتاب میں رجم کرنے کا حکم نہیں پاتے۔ لہٰذا ایسے فرض کو ترک کرکے گمراہ ہو جائے جو اللہ نے نازل فرمایا۔ جو مرد یا عورت زنا کرے اُسے سنگسار کرنا حق ہے جبکہ شادی شدہ ہو اور اس پر شہادت قائم ہو جائے یا حمل رہ جائے یا اقرار کرے۔ خدا کی قسم، اگر لوگوں کے کہنے کا ڈر نہ ہوتا کہ عمر نے اللہ کی کتاب میں اضافہ کر دیا تو میں ضرور اُسے لکھ دیتا۔

یزید بن نعیم بن ہزال نے اپنے والد ماجد سے روایت کرتے ہوئے کہا کہ حضرت ماعز بن مالک یتیم ہونے کے باعث میرے والد ماجد کے زیر تربیت تھے۔ وہ اپنے قبیلے کی ایک لڑکی سے بدکاری کر بیٹھے۔ والد ماجد نے ان سے فرمایا کہ تم نے جو کچھ کیا ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر آپ کو بتا دو، شاید وہ تمہارے لیے استغفار کر دیں اور اُنہوں نے یہ ارادہ اس اُمید پر کیا تھا کہ شاید اُن کے لیے کوئی راستہ نکل آئے۔ پس وہ حاضر بارگاہ ہو کر عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! میں بدکاری کر بیٹھا، پس اللہ کی کتاب کا حکم مجھ پر نافذ فرمائیے۔ آپ نے اُن سے منہ پھیر لیا۔ انہوں نے دوبارہ کہا: یا رسول اللہ! میں بدکاری کر بیٹھا، مجھ پر اللہ کی کتاب کا حکم قائم فرمائیے۔ یہاں تک کہ انہوں نے چار دفعہ ایسا کہہ دیا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے یہ بات چار دفعہ کہہ دی۔ یہ کام کیا کس سے ہے؟ عرض کی فلاں عورت سے۔ فرمایا کیا تم اُس کے ساتھ لیٹے تھے؟ عرض کی، ہاں۔ فرمایا کہ مباشرت کی تھی؟ عرض گزار ہوئے کہ ہاں۔ فرمایا کیا اُس سے جماع کیا؟ عرض کی،

نَعَمْ قَالَ فَأَمَرَ بِهِ أَنْ يُرْجَمَ فَأُخْرِجَ بِهِ إِلَى الْحَرَّةِ فَلَمَّا رُجِمَ فَوَجَدَ مَسَّ الْحِجَارَةِ فَجَزِعَ فَخَرَجَ يَشْتَدُّ فَلَقِيَهُ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أُنَيْسٍ وَقَدْ عَجَزَ أَصْحَابُهُ فَنَزَعَ لَهُ بِوَظِيفِ بَعِيرٍ فَرَمَاهُ بِهِ فَقَتَلَهُ ثُمَّ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ لَهُ ذَلِكَ فَقَالَ هَلَّا تَرَكْتُمُوهُ لَعَلَّهُ أَنْ يَتُوبَ فَيَتُوبَ اللَّهُ عَلَيْهِ.

۱۰۱۳- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَيْسَرَةَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ قَالَ ذَكَرْتُ لِعَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ قِصَّةَ مَاعِزِ بْنِ مَالِكٍ فَقَالَ لِي حَدَّثَنِي حَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ قَالَ حَدَّثَنِي ذَلِكَ مِنْ قَوْلِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهَلَّا تَرَكْتُمُوهُ مَنْ شِئْتُمْ مِنْ رِجَالِ أَسْلَمَ مِمَّنْ لَا أَتَّهِمُ قَالَ وَلَمْ أَعْرِفْ هَذَا الْحَدِيثَ قَالَ فَجِئْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ فَقُلْتُ إِنَّ رِجَالًا مِنْ أَسْلَمَ يُحَدِّثُونَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُمْ حِينَ ذَكَرُوا لَهُ جَزَعَ مَاعِزٍ مِنَ الْحِجَارَةِ حِينَ أَصَابَتْهُ أَلَّا تَرَكْتُمُوهُ وَمَا أَعْرِفُ الْحَدِيثَ قَالَ يَا ابْنَ أَخِي أَنَا أَعْلَمُ النَّاسِ بِهَذَا الْحَدِيثِ كُنْتُ فِيمَنْ رَجَمَ الرَّجُلَ إِنَّا لَمَّا خَرَجْنَا بِهِ فَرَجَمْنَاهُ فَوَجَدَ مَسَّ الْحِجَارَةِ صَرَخَ بِنَا يَا قَوْمِ رُدُّونِي إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنَّ قَوْمِي قَتَلُونِي وَغَرُّونِي مِنْ نَفْسِي وَأَخْبَرُونِي أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرُ قَاتِلِي فَلَمْ نَنْزِعْ عَنْهُ حَتَّى قَتَلْنَاهُ فَلَمَّا رَجَعْنَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَخْبَرْنَاهُ قَالَ فَهَلَّا تَرَكْتُمُوهُ وَجِئْتُمُونِي بِهِ

ہاں۔ پس آپ نے انہیں سنگسار کرنے کا حکم فرمایا۔ پس انہیں حرہ کی جانب لے گئے۔ جب پتھر مارے گئے تو وہ گھبرا کر بھاگ کھڑے ہوئے۔ حضرت عبداللہ بن انیس نے انہیں پا لیا جبکہ ان کے ساتھی عاجز ہو گئے تھے۔ پس انہوں نے اونٹ کی ایک ہڈی ماری جس سے وہ جان بحق ہو گئے۔ پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اس بات کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا تم نے چھوڑ کیوں نہ دیا شاید وہ توبہ کر لیتے اور اللہ تعالیٰ ان کی توبہ قبول فرما لیتا۔

محمد بن اسحٰق کا بیان ہے کہ میں نے عاصم بن عمر بن قتادہ سے حضرت ماعز بن مالک کا واقعہ بیان کیا تو انہوں نے مجھ سے کہا کہ یہ حدیث بیان کی مجھ سے حسن بن محمد بن علی بن ابی طالب نے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ ارشاد تم انہیں چھوڑ دیتے اور بنی اسلم میں سے جس کو چاہو جس پر میں الزام نہیں رکھتا۔ راوی کا بیان ہے کہ میں اس حدیث کو سمجھ نہ سکا۔ پس میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ بنی اسلم کے بعض لوگ ہم سے حدیث بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جبکہ آپ کے حضور حضرت ماعز کو پتھر لگنے سے تکلیف پہنچنے کا ذکر کیا کہ تم نے انہیں چھوڑ کیوں نہ دیا اور میں اسے سمجھ نہیں سکا۔ فرمایا اے بھتیجے! مجھے اس حدیث کا دیگر لوگوں کی نسبت بہتر علم ہے کیونکہ میں بھی رجم کرنے والوں میں تھا جب ہم انہیں لے کر نکلے اور پتھر مارنے لگے تو پتھر لگتے ہی چلائے کہ لوگو! مجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں لے چلو کیونکہ میری قوم مجھے قتل کر رہی ہے کہ انہوں نے مجھے دھوکا دیا اور بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمہیں قتل نہیں کریں گے۔ ہم ان سے جدا نہ ہوئے یہاں تک کہ کام تمام کر دیا۔ جب ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف لوٹے اور آپ کو خبر دی تو فرمایا کہ تم چھوڑ دیتے اور میرے پاس لے آتے۔ تاکہ لوگوں کو ثابت قدم کر دیا جائے کہ وہ حد جاری کرنے کو ترک نہ کر دیں۔ راوی کا بیان ہے کہ حدیث کا مفہوم اب میری سمجھ میں آیا۔

لِيَسْتَثْبِتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُ فَأَمَّا لِتَرْكِ حَدٍّ فَلَا قَالَ فَعَرَفْتُ وَجْهَ الْحَدِيثِ۔

۱۰۱۴۔ حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ نَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ نَا خَالِدٌ يَعْنِي الْحَذَّاءَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّهُ زَنَى فَأَعْرَضَ عَنْهُ فَأَعَادَ عَلَيْهِ مِرَارًا فَأَعْرَضَ عَنْهُ فَسَأَلَ قَوْمَهُ أَمَجْنُونٌ هُوَ قَالُوا لَيْسَ بِهِ بَأْسٌ فَقَالَ أَفَعَلْتَ بِهَا قَالَ نَعَمْ فَأَمَرَ بِهِ أَنْ يُرْجَمَ فَانْطَلَقَ بِهِ فَرُجِمَ وَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ۔

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ حضرت ماعز بن مالک خود نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے کہ اس نے بدکاری کی ہے۔ آپ نے اُن سے اعراض فرمایا۔ انہوں نے بار بار یہی بات دہرائی اور آپ رُخ پھیرتے رہے۔ پس لوگوں سے پوچھا کہ کیا یہ پاگل ہیں؟ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یہ تکلیف تو نہیں۔ فرمایا کیا انہوں نے ایسا کیا ہے؟ عرض کی، ہاں چنانچہ آپ نے سنگسار کرنے کا حکم فرمایا اُنہیں لے جا کر سنگسار کر دیا گیا اور ان پر نماز نہ پڑھی۔

۱۰۱۵۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ رَأَيْتُ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ حِينَ جِيءَ بِهِ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ قَصِيرٌ أَعْضَلُ لَيْسَ عَلَيْهِ رِدَاءٌ فَشَهِدَ عَلَى نَفْسِهِ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ أَنَّهُ قَدْ زَنَى فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَعَلَّكَ قَبَّلْتَهَا قَالَ لَا وَاللّٰهِ إِنَّهُ قَدْ زَنَى فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَعَلَّكَ قَبَّلْتَهَا قَالَ لَا وَاللّٰهِ إِنَّهُ قَدْ زَنَى الْآخَرُ قَالَ فَرَجَمَهُ ثُمَّ خَطَبَ فَقَالَ أَلَا كُلَّمَا نَفَرْنَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ خَلَفَ أَحَدُهُمْ لَهُ نَبِيبٌ كَنَبِيبِ التَّيْسِ يَمْنَحُ إِحْدَاهُنَّ الْكُثْبَةَ أَمَا إِنَّ اللّٰهَ إِنْ يُمَكِّنِّي مِنْ أَحَدٍ مِنْهُمْ نَكَلْتُهُ عَنْهُنَّ۔

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ماعز بن مالک کو دیکھا جبکہ انہیں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لایا گیا۔ وہ پست قد اور فربہ آدمی تھے۔ ان کے اوپر چادر نہ تھی۔ انہوں نے چار بار اپنے اوپر گواہی دی کہ بدکاری کی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شاید تم نے اُسے بوسہ دیا ہو گا۔ عرض گزار ہوئے کہ نہیں، اس خانہ خراب نے بدکاری کی ہے۔ پس آپ نے اسے رجم کیا۔ پھر خطبہ دیتے ہوئے فرمایا۔ خبردار ہو جاؤ کہ جب ہم اللہ تعالیٰ کی راہ میں نکلتے ہیں کسی کو خلیفہ بنا کر تو وہ آزاد بکرے کی طرح کودتا اور کسی عورت کو بکری بنا کر پانی گرا لیتا ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ مجھے کسی ایسے پر قابو دے گا تو میں اُسے عورتوں کے ساتھ ایسا کرنے سے روک دوں گا۔

۱۰۱۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سِمَاكٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ بِهَذَا الْحَدِيثِ وَالْأَوَّلُ أَتَمُّ قَالَ فَرَدَّهُ مَرَّتَيْنِ قَالَ سِمَاكٌ فَحَدَّثْتُ بِهِ

سماک کا بیان ہے کہ میں نے یہ حدیث حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنی اور پہلی حدیث زیادہ مکمل ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ انہوں نے دو دفعہ یہ بات دہرائی۔ سماک کا بیان ہے کہ میں نے یہ حدیث سعید بن جبیر سے بیان کی تو

سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ فَقَالَ إِنَّهُ شَهِدَ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ۔

فرمایا۔ انہوں نے چار دفعہ یہی بات کہی۔

١٠١٧- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَنِيِّ بْنُ أَبِي عَقِيلٍ الْمِصْرِيُّ نَا خَالِدٌ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ قَالَ شُعْبَةُ فَسَأَلْتُ سِمَاكًا عَنِ الْكُثْبَةِ فَقَالَ اللَّبَنُ الْقَلِيلُ۔

عبدالغنی بن ابو عقیل مصری، خالد بن عبدالرحمٰن، شعبہ کا بیان ہے کہ میں نے سماک سے اَلْكُثْبَة کے متعلق دریافت کیا فرمایا مراد تھوڑا سا دودھ ہے۔

١٠١٨- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَاعِزِ بْنِ مَالِكٍ أَحَقٌّ مَا بَلَغَنِي عَنْكَ قَالَ وَمَا بَلَغَكَ عَنِّي قَالَ بَلَغَنِي عَنْكَ أَنَّكَ وَقَعْتَ عَلَى جَارِيَةِ بَنِي فُلَانٍ قَالَ نَعَمْ فَشَهِدَ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ قَالَ فَأَمَرَ بِهِ فَرُجِمَ۔

سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ماعز بن مالک سے فرمایا کہ تمہارے متعلق جو بات مجھ تک پہنچی کیا وہ درست ہے؟ عرض کی کہ آپ تک کیا بات پہنچی ہے؟ فرمایا کہ مجھ تک یہ بات پہنچی ہے کہ تم نے بنی فلاں کی لڑکی سے بدکاری کی ہے۔ عرض کی ہاں اور چار دفعہ گواہی دی پس آپ کے حکم سے انہیں سنگسار کر دیا گیا۔

١٠١٩- حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ نَا أَبُو أَحْمَدَ أَنَا إِسْرَائِيلُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَاءَ مَاعِزُ بْنُ مَالِكٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاعْتَرَفَ بِالزِّنَا مَرَّتَيْنِ فَطَرَدَهُ ثُمَّ جَاءَ فَاعْتَرَفَ بِالزِّنَا مَرَّتَيْنِ فَقَالَ شَهِدْتَ عَلَى نَفْسِكَ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ اذْهَبُوا بِهِ فَارْجُمُوهُ۔

سماک بن حرب نے سعید بن جبیر سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر حضرت ماعز بن مالک نے دو دفعہ اعتراف کیا بدکاری کا۔ آپ نے انہیں دھتکار دیا۔ انہوں نے پھر حاضر ہو کر دو دفعہ بدکاری کا اقرار کیا تو آپ نے فرمایا تم نے چار دفعہ اپنے اوپر گواہی دے لی۔ انہیں لے جاؤ اور سنگسار کر دو۔

١٠٢٠- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا جَرِيرٌ حَدَّثَنِي يَعْلَى عَنْ عِكْرِمَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح وَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَعُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ قَالَ نَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ نَا أَبِي قَالَ سَمِعْتُ يَعْلَى يَعْنِي ابْنَ حَكِيمٍ يُحَدِّثُ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِمَاعِزِ بْنِ مَالِكٍ لَعَلَّكَ قَبَّلْتَ أَوْ غَمَزْتَ أَوْ نَظَرْتَ قَالَ لَا قَالَ أَفَنِكْتَهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَعِنْدَ ذٰلِكَ أَمَرَ بِرَجْمِهِ

موسیٰ بن اسمٰعیل، جریر، یعلیٰ، عکرمہ، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ زہیر بن حرب اور عقبہ بن مکرم، وہب بن جریر، ان کے والد ماجد، یعلیٰ بن حکیم، عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ماعز بن مالک سے فرمایا۔ شاید تم نے بوسہ دیا یا اشارہ کیا یا دیکھا ہوگا؟ عرض گزار ہوئے کہ صرف یہی نہیں۔ فرمایا کیا اس سے صحبت کی؟ عرض کی ہاں۔ پس اس وقت آپ نے سنگسار کرنے کا حکم فرمایا۔ موسیٰ راوی نے حضرت

وَلَمْ يَذْكُرْ مُوسٰى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَهٰذَا لَفْظُ وَهْبٍ۔

۱۰۲۱۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الصَّامِتِ ابْنَ عَمِّ أَبِي هُرَيْرَةَ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ جَاءَ الْأَسْلَمِيُّ إِلَى نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَهِدَ عَلَى نَفْسِهِ أَنَّهُ أَصَابَ امْرَأَةً حَرَامًا أَرْبَعَ مَرَّاتٍ كُلُّ ذٰلِكَ يُعْرِضُ عَنْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَقْبَلَ فِي الْخَامِسَةِ فَقَالَ أَنِكْتَهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ حَتّٰى غَابَ ذٰلِكَ مِنْكَ فِي ذٰلِكَ مِنْهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ كَمَا يَغِيبُ الْمِرْوَدُ فِي الْمُكْحُلَةِ وَالرِّشَاءُ فِي الْبِئْرِ قَالَ نَعَمْ قَالَ هَلْ تَدْرِي مَا الزِّنَا قَالَ نَعَمْ أَتَيْتُ مِنْهَا حَرَامًا مَا يَأْتِي الرَّجُلُ مِنِ امْرَأَتِهِ حَلَالًا قَالَ وَمَا تُرِيدُ بِهٰذَا الْقَوْلِ قَالَ أُرِيدُ أَنْ تُطَهِّرَنِي فَأَمَرَ بِهِ فَرُجِمَ فَسَمِعَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلَيْنِ مِنْ أَصْحَابِهِ يَقُولُ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ انْظُرْ إِلٰى هٰذَا الَّذِي سَتَرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَلَمْ تَدَعْهُ نَفْسُهُ حَتّٰى رُجِمَ رَجْمَ الْكَلْبِ فَسَكَتَ عَنْهُمَا ثُمَّ سَارَ سَاعَةً حَتّٰى مَرَّ بِجِيفَةِ حِمَارٍ شَائِلٍ بِرِجْلِهِ فَقَالَ أَيْنَ فُلَانٌ وَفُلَانٌ فَقَالَا نَحْنُ ذَانِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَقَالَ انْزِلَا فَكُلَا مِنْ جِيفَةِ هٰذَا الْحِمَارِ فَقَالَا يَا نَبِيَّ اللّٰهِ مَنْ يَأْكُلُ مِنْ هٰذَا قَالَ فَمَا نِلْتُمَا مِنْ عِرْضِ أَخِيكُمَا آنِفًا أَشَدُّ مِنْ أَكْلٍ مِنْهُ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِنَّهُ الْآنَ لَفِي أَنْهَارِ الْجَنَّةِ يَنْغَمِسُ فِيهَا۔

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ذکر نہیں کیا اور یہ وہب راوی کے لفظوں میں ہے۔

ابوالزبیر نے حضرت ابوہریرہ کے چچا زاد بھائی عبدالرحمٰن بن صامت سے روایت کی ہے کہ انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اسلمی (حضرت ماعز) نے چار دفعہ اپنے اوپر گواہی دی کہ انہوں نے ایک عورت سے حرام کام کیا ہے۔ ہر دفعہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی طرف سے منہ پھیر لیا۔ آپ نے پانچویں دفعہ اُن کی جانب توجہ کی اور فرمایا۔ کیا تم نے اس سے صحبت کی ہے؟ عرض کی، ہاں۔ فرمایا۔ یہاں تک کہ تمہاری شرمگاہ اس کی شرمگاہ میں غائب ہو گئی؟ عرض کی، ہاں۔ فرمایا کہ جیسے سلائی سرمہ دانی میں یا رسی کنوئیں میں غائب ہو جاتے؟ عرض کی۔ ہاں فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ زنا کیا چیز ہے؟ عرض کی، ہاں، میں نے اسی طرح اس سے حرام کیا ہے جیسے مرد اپنی بیوی سے حلال کام کرتا ہے۔ فرمایا کہ ایسا کہنے سے تمہارا مقصد کیا ہے؟ عرض گزار ہوئے تاکہ آپ مجھے پاک فرما دیں۔ پس آپ کے حکم سے انہیں سنگسار کر دیا گیا۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب میں سے دو کو سنا کہ ایک اپنے ساتھی سے کہہ رہا تھا۔ اس شخص کو دیکھو کہ اللہ تعالیٰ نے اس کی پردہ پوشی فرمائی لیکن اس نے اپنی جان کو نہ چھوڑا یہاں تک کہ پتھر کھائے جیسے کتے کو مارے جاتے ہیں۔" آپ خاموش ہو گئے اور کچھ دیر چلتے رہے یہاں تک کہ ایک گدھے کی لاش کے پاس سے گزرے جس کے پیر اوپر کو اٹھے ہوئے تھے۔ فرمایا کہ فلاں اور فلاں کہاں ہیں؟ دونوں عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! ہم یہیں ہیں۔ فرمایا کہ دونوں اترو اور اس گدھے کا گوشت کھاؤ۔ عرض کی کہ یا نبی اللہ! اسے کون کھاتا ہے؟ فرمایا کہ ابھی تم نے جو اپنے بھائی کی آبرو ریزی کی وہ اسے کھانے سے زیادہ بری ہے قسم اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے بیشک اس وقت وہ جنت کی نہروں میں غوطے لگا رہے ہیں۔

ف: حضرت ماعز بن مالک اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جب سنگسار کر دیا گیا تو اُن کے دو ساتھیوں میں سے ایک نے اُن کے بارے میں ہلکے لفظ کہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اُن کے الفاظ بہت ناگوار گزرے اور انہیں مردہ گدھے کا گوشت کھانے سے بدتر قرار دیا۔ پھر اپنی زبان حق ترجمان سے فرمایا۔ قسم اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے، اب تو وہ جنت کی نہروں میں غوطے لگا رہے ہیں۔" سبحان اللہ! اُن چشمان مبارک کی کیا بات ہے جن میں دست قدرت نے مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی کا سرمہ لگایا، کونین کا شاہد بنایا اور خلافتِ عظمیٰ کا تاج جن کے سرِ اقدس پر سجایا تھا کہ زمین پر چلتے پھرتے ہوئے حضرت ماعز کو جنت کی نہروں میں غوطے لگاتے ہوئے دیکھ رہے تھے۔ اس لئے تو چودھویں صدی کے مجدد برحق۔ امام احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ١٣٤٠ھ/١٩٢١ء) نے فرمایا تھا:۔

اور کوئی غیب کیا، تم سے نہاں ہو بھلا
جب نہ خدا ہی چھپا تم پہ کروڑوں درود

اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان تو بہت بلند و بالا اور سب سے افضل و اعلیٰ ہے، اس سرکار کے تو غلامانِ غلام بھی زمین پر بیٹھے ہوئے جنت و دوزخ کا مشاہدہ کر لیا کرتے تھے جیسا کہ بانیٔ دارالعلوم دیوبند، مولوی محمد قاسم نانوتوی (المتوفی ١٢٩٧ھ/١٨٧٩ء) نے لکھا ہے:۔

"حضرت جنیدؒ کے کسی مرید کا رنگ یکایک متغیر ہو گیا۔ آپ نے سبب پوچھا تو بروئے مکاشفہ اس نے یہ کہا کہ اپنی اماں کو دوزخ میں دیکھتا ہوں۔ حضرت جنید نے ایک لاکھ یا پچھتر ہزار بار کبھی کلمہ پڑھا تھا، یوں سمجھ کر کہ بعض روایتوں میں اس قدر کلمہ کے ثواب پر وعدۂ مغفرت ہے، اپنے جی ہی جی میں اس مرید کی ماں کو بخش دیا اور اس کو اطلاع نہ کی۔ مگر بخشتے ہی کیا دیکھتے ہیں کہ وہ جوان ہشاش بشاش ہے۔ آپ نے پھر سبب پوچھا۔ اس نے عرض کیا کہ اب اپنی والدہ کو جنت میں دیکھتا ہوں۔ سو آپ نے اس پر یہ فرمایا کہ اس جوان کے مکاشفہ کی صحت تو مجھ کو حدیث سے معلوم ہوئی اور حدیث کی تصحیح اس کے مکاشفہ سے ہو گئی۔" (تحذیر الناس، مطبوعہ لاہور، ص ۴۴)۔

اس حقیقت کے باوجود مصنف براہینِ قاطعہ کا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیوار کے پیچھے کی معلومات سے بے خبر بتانا رسول دشمنی کا انوکھا مظاہرہ اور مسلمانوں کو دولت ایمان سے محروم کرنے کی پُراسرار سازش نہیں تھی تو اور کیا ہے؟ اللہ تعالیٰ تمام مدعیانِ اسلام کو اپنی اور اپنے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سچی محبت عطا فرمائے اور شرک و کفر سے محفوظ رکھے، آمین یا الٰہ العالمین۔

١٠٢٢- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ الْعَسْقَلَانِيُّ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَا نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ رَجُلًا مِنْ أَسْلَمَ جَاءَ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاعْتَرَفَ بِالزِّنَا فَأَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ اعْتَرَفَ

ابو سلمہ نے حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ بنی اسلم کے ایک آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر زنا کا اعتراف کیا۔ آپ نے منہ پھیر لیا۔ اس نے پھر اعتراف کیا تو آپ نے منہ پھیر لیا۔ یہاں تک کہ اس نے اپنے اوپر چار دفعہ گواہی دی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا

فَأَعْرَضَ عَنْهُ حَتَّى شَهِدَ عَلَى نَفْسِهِ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبِكَ جُنُونٌ قَالَ لَا قَالَ أَحْصَنْتَ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَأَمَرَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُجِمَ فِي الْمُصَلَّى فَلَمَّا أَذْلَقَتْهُ الْحِجَارَةُ فَرَّ فَأُدْرِكَ فَرُجِمَ حَتَّى مَاتَ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرًا وَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ۔

کیا تم دیوانے ہو؟ عرض کی، نہیں۔ فرمایا کیا شادی شدہ ہو؟ عرض کی، ہاں۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے سنگسار کرنے کا حکم فرمایا تو اسے عیدگاہ میں سنگسار کیا گیا، جب اُسے پتھر لگے تو بھاگا، چنانچہ پکڑ کر پھر پتھر مارے گئے۔ یہاں تک کہ مر گیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کی تعریف فرمائی اور اس پر نماز نہ پڑھی۔

۱۰۲۳۔ حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ نَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ ح وَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ زَكَرِيَّا وَهَذَا لَفْظُهُ عَنْ دَاوُدَ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ لَمَّا أَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجْمِ مَاعِزِ بْنِ مَالِكٍ خَرَجْنَا بِهِ إِلَى الْبَقِيعِ فَوَاللَّهِ مَا أَوْثَقْنَاهُ وَلَا حَفَرْنَا لَهُ وَلَكِنَّهُ قَامَ لَنَا قَالَ أَبُو كَامِلٍ فَرَمَيْنَاهُ بِالْعِظَامِ وَالْمَدَرِ وَالْخَزَفِ فَاشْتَدَّ وَاشْتَدَدْنَا خَلْفَهُ حَتَّى أَتَى عُرْضَ الْحَرَّةِ فَانْتَصَبَ لَنَا فَرَمَيْنَاهُ بِجَلَامِيدِ الْحَرَّةِ حَتَّى سَكَتَ قَالَ فَمَا اسْتَغْفَرَ لَهُ وَلَا سَبَّهُ۔

ابو کامل، یزید بن زریع۔ احمد بن منیع، یحییٰ بن زکریا، داؤد، ابو نضرہ سے روایت ہے کہ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ماعز بن مالک کو رجم کرنے کا حکم فرمایا تو ہم انہیں بقیع کی جانب لے گئے۔ خدا کی قسم نہ ہم نے انہیں باندھا اور نہ ان کے لئے گڑھا کھودا بلکہ وہ خود جا کھڑے ہوئے۔ ابو کامل کا بیان ہے، پس ہم نے انہیں ہڈیاں، ڈھیلے اور ٹھیکریاں ماریں، وہ بھاگ کھڑے ہوئے تو ہم ان کے پیچھے بھاگے، یہاں تک کہ حرہ کے پاس جا لیا، وہ کھڑے ہو گئے تو ہم نے حرہ کے پتھر مارے یہاں تک کہ وہ ہمیشہ کے لئے خاموش ہو گئے۔ راوی کا بیان ہے کہ آپ نے نہ ان کے لئے استغفار کیا اور نہ برائی کی۔

۱۰۲۴۔ حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ هِشَامٍ نَا إِسْمَعِيلُ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ وَلَيْسَ بِتَمَامِهِ قَالَ ذَهَبُوا يَسُبُّونَهُ فَنَهَاهُمْ قَالَ ذَهَبُوا يَسْتَغْفِرُونَ لَهُ فَنَهَاهُمْ قَالَ هُوَ رَجُلٌ أَصَابَ ذَنْبًا حَسِيبُهُ اللَّهُ۔

ابو نضرہ کا بیان ہے کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش ہوا۔ اسی طرح لیکن یہ مکمل نہیں ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ لوگ اس کی برائی کہنے لگے تو آپ نے منع فرمایا۔ پھر اس کے لئے استغفار کرنے لگے تو آپ نے منع کیا اور فرمایا۔ وہ ایک آدمی تھا جس سے گناہ ہو گیا اور اس کا حساب لینے والا اللہ تعالیٰ ہے۔

۱۰۲۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ نَا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى بْنِ الْحَارِثِ نَا أَبِي عَنْ غَيْلَانَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَنْكَهَ مَاعِزًا۔

محمد بن ابو بکر بن ابو شیبہ، یحییٰ بن یعلیٰ بن حارث، ان کے والد ماجد، غیلان، علقمہ بن مرثد، ابن بریدہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ماعز کا منہ سونگھا تھا۔

۱۰۲۶۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحٰقَ الْاَهْوَازِيُّ نَا اَبُوْ اَحْمَدَ نَا بَشِيْرُ بْنُ مُهَاجِرٍ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كُنَّا اَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَتَحَدَّثُ اَنَّ الْغَامِدِيَّةَ وَمَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ لَوْ رَجَعَا بَعْدَ اعْتِرَافِهِمَا اَوْ قَالَ لَوْ لَمْ يَرْجِعَا بَعْدَ اعْتِرَافِهِمَا لَمْ يَطْلُبْهُمَا وَاِنَّمَا رَجَمَهُمَا عِنْدَ الرَّابِعَةِ۔

عبداللہ بن بریدہ کے والدِ ماجد نے فرمایا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب گفتگو کیا کرتے کہ اگر غامدیہ اور ماعز بن مالک اعتراف کرنے کے بعد مکر جاتے یا فرمایا کہ اعتراف کرنے کے بعد پھر گر کیوں نہ گئے تو اُنہیں طلب نہ کیا جاتا کیونکہ اُنہیں چار دفعہ اعتراف کرنے پر سنگسار کیا گیا تھا۔

۱۰۲۷۔ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَمُحَمَّدُ ابْنُ دَاوٗدَ بْنِ صُبَيْحٍ قَالَ عَبْدَةُ اَنَا حَرَمِيُّ بْنُ حَفْصٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُلَاثَةَ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ اَنَّ خَالِدَ ابْنَ اللَّجْلَاجِ حَدَّثَهٗ اَنَّ اللَّجْلَاجَ اَبَاهُ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ كَانَ قَاعِدًا يَعْتَمِلُ فِي السُّوْقِ فَمَرَّتْ امْرَاَةٌ تَحْمِلُ صَبِيًّا فَثَارَ النَّاسُ مَعَهَا وَثُرْتُ فِيْمَنْ ثَارَ فَانْتَهَيْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُوْلُ مَنْ اَبُوْ هٰذَا مَعَكِ فَسَكَتَتْ فَقَالَ شَابٌّ حَذْوَهَا اَنَا اَبُوْهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَقْبَلَ عَلَيْهَا فَقَالَ مَنْ اَبُوْ هٰذَا مَعَكِ فَقَالَ الْفَتٰى اَنَا اَبُوْهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَنَظَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى بَعْضِ مَنْ حَوْلَهٗ يَسْاَلُهُمْ عَنْهُ فَقَالُوْا مَا عَلِمْنَا اِلَّا خَيْرًا فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحْصَنْتَ قَالَ نَعَمْ فَاَمَرَ بِهٖ فَرُجِمَ قَالَ فَخَرَجْنَا بِهٖ فَحَفَرْنَا لَهٗ حَتّٰى اَمْكَنَّا ثُمَّ رَمَيْنَاهُ بِالْحِجَارَةِ حَتّٰى هَدَاَ فَجَاءَ رَجُلٌ يَسْاَلُ عَنِ الْمَرْجُوْمِ فَانْطَلَقْنَا بِهٖ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا هٰذَا جَاءَ يَسْاَلُ عَنِ الْخَبِيْثِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهُوَ اَطْيَبُ عِنْدَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ رِيْحِ الْمِسْكِ فَاِذَا

خالد بن لجلاج کو اُن کے والدِ ماجد حضرت لجلاج رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بتایا کہ وہ بازار میں بیٹھے کام کر رہے تھے کہ ایک عورت گزری جس نے بچہ اٹھایا ہوا تھا۔ لوگ اس کے ساتھ چل دیئے اور میں بھی ساتھ چلنے والوں میں ہو گیا، یہاں تک کہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور جا پہنچا۔ آپ فرما رہے تھے کہ اس کا باپ کون ہے؟ وہ خاموش ہو گئی۔ اس کے پاس سے ایک نوجوان نے کہا۔ یا رسول اللہ! اس کا باپ میں ہوں۔ آپ نے عورت کی جانب متوجہ ہو کر فرمایا۔ اس کا باپ کون ہے؟ نوجوان نے کہا۔ یا رسول اللہ! اس کا باپ میں ہوں۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے گرد والوں سے بعض کی طرف دیکھا اس کے متعلق پوچھتے ہوئے۔ وہ عرض گزار ہوئے کہ بھلائی کے سوا ہمیں اور کچھ معلوم نہیں۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس سے فرمایا کہ شادی شدہ ہو؟ عرض کی، ہاں۔ پس آپ نے اسے سنگسار کرنے کا حکم فرمایا۔ ہم اُسے باہر لے گئے، اُس کے لئے گڑھا کھودا، پھر اسے پتھر مارے یہاں تک کہ جان بحق ہو گیا۔ ایک آدمی آ کر اس کے متعلق پوچھنے لگا تو ہم اُسے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لے گئے اور ہم نے کہا کہ یہ آ کر اس خبیث کے متعلق پوچھتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک مشک سے بھی زیادہ خوشبودار ہے۔ معلوم ہوا کہ یہ اُس کے والدِ ماجد ہیں۔ ہم نے غسل اور کفن دفن میں اُن کی مدد کی اور

هُوَ أَبُوهُ فَأَعَنَّاهُ عَلَى غُسْلِهِ وَتَكْفِينِهِ وَدَفْنِهِ وَمَا أَدْرِي قَالَ وَالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ أَمْ لَا وَهٰذَا حَدِيثُ عَبْدَةَ وَهُوَ أَتَمُّ۔

نماز کے متعلق مجھے معلوم نہیں۔ یہ حدیث عبدہ ہے اور یہ بہت ہی مکمل ہے۔

۱۰۲۸۔ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ نَا صَدَقَةُ ابْنُ خَالِدٍ ح وَنَا نَصْرُ بْنُ عَاصِمٍ الْأَنْطَاكِيُّ نَا الْوَلِيدُ جَمِيعًا قَالَا نَا مُحَمَّدٌ وَقَالَ هِشَامٌ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشُّعَيْثِيُّ عَنْ مَسْلَمَةَ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْجُهَنِيِّ عَنْ خَالِدِ بْنِ اللَّجْلَاجِ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَعْضِ هٰذَا الْحَدِيثِ۔

ہشام بن عمار، صدقہ بن خالد۔ نصر بن عاصم انطاکی، ولید، محمد بن عبداللہ شعیثی، مسلمہ بن عبداللہ جہنی، خالد بن لجلاج، اُن کے والد ماجد لجلاج رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مذکورہ بالا حدیث کے بعض حصوں کو روایت کیا ہے۔

۱۰۲۹۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا ح وَنَا ابْنُ السَّرْحِ الْمَعْنٰى نَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ وَهْبٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَجُلًا زَنٰى بِامْرَأَةٍ فَأَمَرَ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجُلِدَ الْحَدَّ ثُمَّ أُخْبِرَ أَنَّهُ مُحْصَنٌ فَأَمَرَ بِهِ فَرُجِمَ۔

قتیبہ بن سعید۔ اور ابن سرح، عبداللہ بن وہب ابن جریج، ابوالزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک مرد نے کسی عورت کے ساتھ بدکاری کی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حکم سے اُسے کوڑے مارے گئے۔ پھر آپ کو بتایا گیا کہ وہ شادی شدہ ہے۔ تو آپ کے حکم سے اُسے سنگسار کیا گیا۔

۱۰۳۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ أَبُو يَحْيٰى الْبَزَّازُ قَالَ أَنَا أَبُو عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَجُلًا زَنٰى بِامْرَأَةٍ فَلَمْ يُعْلَمْ بِإِحْصَانِهِ فَجُلِدَ ثُمَّ عُلِمَ بِإِحْصَانِهِ فَرُجِمَ۔

ابوالزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی نے کسی عورت کے ساتھ بدکاری کی۔ اُس کے شادی شدہ ہونے کا علم نہ ہوا تو اُسے کوڑے مارے گئے۔ پھر معلوم ہوا کہ وہ شادی شدہ ہے تو سنگسار کیا گیا۔

بَابٌ ۳۲۷ فِي الْمَرْأَةِ الَّتِي أَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجْمِهَا مِنْ جُهَيْنَةَ۔

جہینہ کی وہ عورت جس کو رجم کرنے کا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم فرمایا۔

۱۰۳۱۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَنَّ هِشَامًا الدَّسْتَوَائِيَّ وَأَبَانَ بْنَ يَزِيدَ حَدَّثَاهُمُ الْمَعْنٰى عَنْ يَحْيٰى عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَبِي الْمُهَلَّبِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ أَنَّ امْرَأَةً قَالَ فِي حَدِيثِ أَبَانَ مِنْ جُهَيْنَةَ أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ إِنَّهَا زَنَتْ وَهِيَ حُبْلٰى فَدَعَا رَسُولُ

ابوالمہلب نے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک عورت (حدیث ابان میں کہا ہے جو جہینہ قبیلے سے تھی) نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئی کہ اس نے زنا کیا ہے اور وہ حاملہ ہے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے ولی کو بلایا اور اس سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلِيَّهَا فَقَالَ لَهُ
رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحْسِنْ إِلَيْهَا
فَإِذَا وَضَعَتْ فَجِئْ بِهَا فَلَمَّا أَنْ وَضَعَتْ
جَاءَ بِهَا فَأَمَرَ بِهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
فَشُكَّتْ عَلَيْهَا ثِيَابُهَا ثُمَّ أَمَرَ بِهَا فَرُجِمَتْ
ثُمَّ أَمَرَهُمْ فَصَلُّوا عَلَيْهَا فَقَالَ عُمَرُ يَا رَسُولَ
اللهِ نُصَلِّي عَلَيْهَا وَقَدْ زَنَتْ فَقَالَ وَالَّذِي
نَفْسِي بِيَدِهِ لَقَدْ تَابَتْ تَوْبَةً لَوْ قُسِمَتْ
بَيْنَ سَبْعِينَ مِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ لَوَسِعَتْهُمْ
وَهَلْ وَجَدْتَ أَفْضَلَ مِنْ أَنْ جَادَتْ
بِنَفْسِهَا لَمْ يَقُلْ عَنْ أَبَانَ فَشُكَّتْ عَلَيْهَا
ثِيَابُهَا۔

۱۰۳۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَزِيرِ الدِّمَشْقِيُّ
نَا الْوَلِيدُ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ قَالَ فَشُكَّتْ عَلَيْهَا
ثِيَابُهَا يَعْنِي فَشُدَّتْ۔

۱۰۳۳۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى الرَّازِيُّ
نَا عِيسَى عَنْ بَشِيرِ بْنِ الْمُهَاجِرِ قَالَ نَا عَبْدُ اللهِ
ابْنُ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ امْرَأَةً يَعْنِي مِنْ غَامِدٍ
أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ إِنِّي
قَدْ فَجَرْتُ فَقَالَ ارْجِعِي فَرَجَعَتْ فَلَمَّا أَنْ
كَانَ الْغَدُ أَتَتْهُ فَقَالَتْ لَعَلَّكَ أَنْ تَرُدَّنِي
كَمَا رَدَدْتَ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ فَوَاللهِ إِنِّي
لَحُبْلَى فَقَالَ لَهَا ارْجِعِي فَرَجَعَتْ فَلَمَّا كَانَ
الْغَدُ أَتَتْهُ فَقَالَ لَهَا ارْجِعِي حَتَّى تَلِدِي
فَرَجَعَتْ فَلَمَّا وَلَدَتْ أَتَتْهُ بِالصَّبِيِّ فَقَالَتْ
هَذَا قَدْ وَلَدْتُهُ فَقَالَ ارْجِعِي فَأَرْضِعِيهِ
حَتَّى تَفْطِمِيهِ فَجَاءَتْ بِهِ وَقَدْ فَطَمَتْهُ وَ
فِي يَدِهِ شَيْءٌ يَأْكُلُهُ فَأَمَرَ بِالصَّبِيِّ فَدُفِعَ إِلَى
رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ فَأَمَرَ بِهَا فَحُفِرَ لَهَا

اِسے اپنے پاس اچھی طرح رکھو اور جب بچہ جن لے تو میرے
پاس لے آنا۔ جب اُس نے بچہ جن لیا تو اُسے آپ کے
حضور لایا گیا۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم فرمایا
تو اُس پر اس کے کپڑے باندھ دیئے گئے۔ پھر حکم فرمایا تو
اُسے سنگسار کر دیا گیا۔ پھر لوگوں کو حکم دیا کہ اس پر نماز پڑھو۔
حضرت عمر عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! ہم اس پر نماز
پڑھیں حالانکہ اس نے بدکاری کی ہے؟ فرمایا کہ اُس ذات
کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے، اس نے ایسی توبہ کی
ہے کہ اگر مدینہ منورہ کے ستر افراد میں بانٹ دی جائے تو
اُن کے لئے کافی ہو۔ تم اُس سے افضل کسے پاؤ گے جس نے
اپنی جان قربان کر دی۔ ابان بن یزید نے یہ نہیں کہا اُس
پر اس کے کپڑے باندھے گئے۔

محمد بن وزیر دمشقی، ولید سے روایت ہے کہ
اوزاعی نے فرمایا۔ اُس پر مضبوطی سے اُس کے کپڑے
باندھ دیئے گئے۔

عبداللہ بن بریدہ نے اپنے والدِ ماجد سے روایت کی
ہے کہ بنی غامد کی ایک عورت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئی کہ میں نے بدکاری کی
ہے۔ فرمایا کہ واپس لوٹ جاؤ۔ وہ لوٹ آئی۔ اگلا روز ہوا
تو حاضر ہو کر عرض گزار ہوئی۔ شاید آپ مجھے اُسی طرح واپس
کر رہے ہیں جیسے حضرت ماعز کو کیا تھا۔ خدا کی قسم، میں تو
حاملہ ہوں۔ آپ نے اُس سے فرمایا کہ لوٹ جاؤ۔ اگلا روز ہوا
تو وہ پھر حاضر ہو گئی۔ فرمایا کہ لوٹ جاؤ یہاں تک کہ بچہ جن لو۔
وہ لوٹ آئی۔ جب بچہ جنا تو اُسے لے کر حاضر ہوئی اور عرض کی
کہ یہ میں نے جنا ہے۔ فرمایا واپس جاؤ اور دودھ چھڑانے
تک اسے دودھ پلاتی رہو۔ جب اس نے دودھ چھڑا دیا،
تو بچے سمیت حاضر بارگاہ ہوئی اور اُس کے ہاتھ میں کوئی چیز
جسے کھا رہا تھا۔ آپ نے حکم فرمایا تو بچہ ایک مسلمان کو دے دیا گیا۔ حکم فرمایا تو
اس کے لئے گڑھا کھودا گیا اور حکم فرمایا تو اُسے رجم کر دیا گیا۔ حضرت

فأمر بها فرجمت وكان خالد فيمن يرجمها فرجمها بحجر فوقعت قطرة من دمها على وجنته فسبها فقال له النبي صلى الله عليه وسلم مهلا يا خالد فوالذي نفسي بيده لقد تابت توبة لو تابها صاحب مكس لغفر له وأمر بها فصلى عليها فدفنت۔

خالد بھی پتھر مارنے والوں میں تھے انہوں نے پتھر مارا تو عورت کے خون کا ایک قطرہ اُن کے چہرے پر گرا تو عورت کے لئے بُرا لفظ کہا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن نے فرمایا اے خالد! ٹھہر جاؤ قسم اُس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے، اس عورت نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر کوئی ستم شعار بھی ایسی توبہ کرے تو بخش دیا جائے۔ آپ نے حکم فرمایا تو اُس پر نماز پڑھی گئی اور اسے دفن کر دیا گیا۔

ف: قربان جائیں اس صحابیہ کی عظمت پر کہ غلطی واقع ہوگئی تو اُس سے پاک ہونے کے لئے کس طرح پروانہ وار بارگاہ رسالت میں بار بار حاضر ہو رہی تھیں کہ مجھے سنگسار کرکے پاک فرما دیجئے۔ واقعی سچی توبہ اسی کا نام ہے جس کے سامنے بڑے سے بڑے گناہ بھی مٹتے چلے جاتے ہیں۔ ایک ہم ہیں کہ آخرت کے مواخذے سے بے پرواہ ہو کر شب و روز گناہوں میں مصروف ہیں، نیک کاموں کا شعور اور گناہوں سے دور رہنے کا خیال آتا ہی نہیں۔ چند روزہ زندگی کو اسی بدمستی اور بے سمجھی میں گنوا کر داعی اجل کو لبیک کہہ جاتے ہیں۔ حالانکہ۔

ؑ جب سر محشر وہ پوچھے گا بلا کے سامنے
کیا جواب جرم دیں گے ہم خدا کے سامنے

١٠٣٤۔ حدثنا عثمان بن أبي شيبة نا وكيع بن الجراح عن زكريا أبي عمران قال سمعت شيخا يحدث عن ابن أبي بكرة عن أبيه أن النبي صلى الله عليه وسلم رجم امرأة فحفر لها إلى الثندوة قال أبو داود أفهمني رجل عن عثمان قال أبو داود وقال الغساني جهينة وغامد وبارق واحد قال أبو داود حدثت عن عبد الصمد بن عبد الوارث قال نا زكريا بن سليم بإسناده نحوه زاد ثم رماها بحصاة مثل الحمصة ثم قال ارموا واتقوا الوجه فلما طفئت أخرجها فصلى عليها وقال في التوبة نحو حديث بريدة۔

ابن ابو بکرہ نے اپنے والد ماجد حضرت ابو بکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک عورت کو رجم کیا تو اُس کے لئے سینے برابر گڑھا کھودا گیا۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ یہ بات ایک شخص کے بیٹے نے بواسطہ عثمان مجھے سمجھائی۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ غسانی کا قول ہے جہینہ، غامد اور بارق ایک ہیں۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ مجھ سے یہ حدیث بیان کی بواسطہ عبد الصمد بن عبد الوارث، زکریا بن سلیم کی اسناد سے اسی طرح۔ اس میں یہ بھی ہے۔ پھر اس عورت کو پتھر مارے گئے چنے جیسے بھی۔ پھر فرمایا کہ پتھر مارو لیکن منہ کو بچائے رکھنا۔ جب اُس کا چراغ زندگی بجھ گیا تو اسے نکالا، اس پر نماز پڑھی اور اس کی توبہ کے بارے میں فرمایا جو حدیث بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں مذکور ہے۔

١٠٣٥۔ حدثنا عبد الله بن مسلمة القعنبي عن مالك عن ابن شهاب عن عبيد الله بن عبد الله بن عتبة بن مسعود

عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ بن مسعود کو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بتایا کہ دو شخصوں نے اپنا جھگڑا رسول اللہ

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ وَزَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ أَنَّهُمَا أَخْبَرَاهُ أَنَّ رَجُلَيْنِ اخْتَصَمَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَحَدُهُمَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ اقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ وَقَالَ الْآخَرُ وَكَانَ أَفْقَهَهُمَا أَجَلْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَاقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ وَائْذَنْ لِي أَنْ أَتَكَلَّمَ قَالَ تَكَلَّمْ قَالَ إِنَّ ابْنِي كَانَ عَسِيفًا عَلَى هٰذَا وَالْعَسِيفُ الْأَجِيرُ فَزَنَى بِامْرَأَتِهِ فَأَخْبَرُونِي أَنَّ عَلَى ابْنِي الرَّجْمَ فَافْتَدَيْتُ مِنْهُ بِمِائَةِ شَاةٍ وَبِجَارِيَةٍ لِي ثُمَّ إِنِّي سَأَلْتُ أَهْلَ الْعِلْمِ فَأَخْبَرُونِي أَنَّمَا عَلَى ابْنِي جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِيبُ عَامٍ وَإِنَّمَا الرَّجْمُ عَلَى امْرَأَتِهِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَا وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَأَقْضِيَنَّ بَيْنَكُمَا بِكِتَابِ اللّٰهِ تَعَالَى أَمَّا غَنَمُكَ وَجَارِيَتُكَ فَرَدٌّ إِلَيْكَ وَجَلَدَ ابْنَهُ مِائَةً وَغَرَّبَهُ عَامًا وَأَمَرَ أُنَيْسًا الْأَسْلَمِيَّ أَنْ يَأْتِيَ امْرَأَةَ الْآخَرِ فَإِنِ اعْتَرَفَتْ رَجَمَهَا فَاعْتَرَفَتْ فَرَجَمَهَا۔

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور پیش کیا۔ ایک عرض گزار ہوا کہ یارسول اللہ! ہمارے درمیان اللہ کی کتاب کے مطابق فیصلہ فرما دیجئے۔ دوسرا عرض گزار ہوا جو اس سے زیادہ سمجھ دار تھا کہ ٹھیک ہے، یارسول اللہ! ہمارے درمیان اللہ کی کتاب کے مطابق فیصلہ فرمائیے اور مجھے عرض کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی جائے۔ فرمایا کہ بیان کرو۔ عرض کی کہ میرا بیٹا ان کا مزدور تھا۔ اجرت پر مزدوری کرتا تھا۔ اُس نے ان کی بیوی سے بدکاری کی مجھے بتایا گیا کہ تمہارے بیٹے کو سنگسار کیا جائے گا۔ میں نے اُس کے بدلے سو بکریاں اور ایک لونڈی دی۔ پھر میں نے اہل علم حضرات سے پوچھا تو انہوں نے مجھے بتایا کہ تمہارے بیٹے پر سو کوڑے اور ایک سال کی جلاوطنی ہے اور سنگسار عورت کو کیا جائے گا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے۔ میں ضرور تمہارا فیصلہ اللہ کی کتاب کے مطابق کروں گا تمہاری بکریاں اور لونڈی سب تمہیں واپس دی جائیں گی اور اس کے بیٹے کو سو کوڑے مارے گئے اور ایک سال کے لیے جلاوطن کیا گیا اور حضرت انیس اسلمی کو حکم فرمایا کہ دوسرے کی بیوی کو لے کر آئے۔ اگر وہ اعتراف کر لے تو اُسے رجم کیا جائے گا چنانچہ عورت نے اعتراف کر لیا تو اُسے سنگسار کر دیا گیا۔

بَابٌ ۳۲۴ فِي رَجْمِ الْيَهُودِيَّيْنِ۔

یہودیوں کو رجم کرنا۔

۱۰۳۶۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ قَالَ إِنَّ الْيَهُودَ جَاءُوا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا تَجِدُونَ فِي التَّوْرَاةِ فِي شَأْنِ الزِّنَا قَالُوا نَفْضَحُهُمْ وَيُجْلَدُونَ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ كَذَبْتُمْ إِنَّ فِيهَا الرَّجْمَ فَأَتَوْا بِالتَّوْرَاةِ فَنَشَرُوهَا فَجَعَلَ أَحَدُهُمْ يَدَهُ عَلَى آيَةِ الرَّجْمِ ثُمَّ جَعَلَ يَقْرَأُ مَا قَبْلَهَا وَمَا بَعْدَهَا فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ ارْفَعْ يَدَكَ فَرَفَعَهَا فَإِذَا فِيهِ آيَةُ الرَّجْمِ

نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا یہودی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ذکر کیا کہ ان میں سے ایک آدمی اور ایک عورت نے زنا کیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ تم زنا کے متعلق تورات میں کیا حکم پاتے ہو؟ کہا کہ ہم انہیں رسوا کرتے اور کوڑے مارتے ہیں۔ حضرت عبداللہ بن سلام نے کہا کہ تم جھوٹ بولتے ہو، بیشک اس میں آیت رجم ہے۔ پس وہ تورات لائے اور اُسے پڑھنے لگے تو ایک نے اپنا ہاتھ آیت رجم پر رکھ لیا اور اس کے آگے پیچھے سے پڑھنے لگا۔ حضرت عبداللہ بن سلام نے اس سے کہا کہ اپنا ہاتھ اٹھاؤ۔ اُس نے ہاتھ اٹھایا تو نیچے آیت رجم تھی۔ یہودی کہنے لگے۔

فقالوا صدق يا محمد فيها آية الرجم فأمر بهما رسول الله صلى الله عليه وسلم فرجما قال عبد الله بن عمر فرأيت الرجل يحني على المرأة يقيها الحجارة۔

۱۰۳۷۔ حدثنا محمد بن العلاء نا أبو معاوية عن الأعمش عن عبد الله بن مرة عن البراء ابن عازب قال مر على رسول الله صلى الله عليه وسلم بيهودي محمم فدعاهم فقال هكذا تجدون حد الزاني قالوا نعم فدعا رجلا من علمائهم قال له نشدتك بالله الذي أنزل التوراة على موسى هكذا تجدون حد الزاني في كتابكم فقال اللهم لا ولولا أنك نشدتني بهذا لم أخبرك نجد حد الزاني في كتابنا الرجم ولكنه كثر في أشرافنا فكنا إذا أخذنا الرجل الشريف تركناه وإذا أخذنا الضعيف أقمنا عليه الحد فقلنا تعالوا فنجتمع على شيء نقيمه على الشريف والوضيع فاجتمعنا على التحميم والجلد وتركنا الرجم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اللهم إني أول من أحيى أمرك إذا أماتوه فأمر به فرجم فأنزل الله تعالى يا أيها الرسول لا يحزنك الذين يسارعون في الكفر إلى قوله إن أوتيتم هذا فخذوه وإن لم تؤتوه فاحذروا إلى قوله ومن لم يحكم بما أنزل الله فأولئك هم الكافرون في اليهود إلى قوله ومن لم يحكم بما أنزل الله فأولئك هم الظالمون في اليهود إلى قوله ومن لم يحكم بما أنزل الله فأولئك هم الفاسقون قال هي في الكفار كلها

اے محمد! آپ نے سچ فرمایا واقعی اس میں آیت رجم ہے پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا تو ان دونوں کو سنگسار کر دیا گیا حضرت عبداللہ بن عمر نے فرمایا کہ میں نے اس مرد کو دیکھا کہ جب عورت کی طرف پتھر آتا تو اس کے اوپر جھک جاتا۔

عبداللہ بن مرۃ سے روایت ہے کہ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس سے ایک یہودی گزرا جس کا منہ کالا کیا ہوا تھا۔ آپ نے ان لوگوں کو بلا کر فرمایا کہ کیا تم زانی کی سزا یہی پاتے ہو؟ انہوں نے کہا، ہاں۔ آپ نے ان لوگوں کے عالموں میں سے ایک کو بلا کر فرمایا میں تمہیں اللہ کی قسم دیتا ہوں جس نے حضرت موسیٰ پر تورات نازل فرمائی۔ کیا تم اپنی کتاب میں زانی کی یہی حد پاتے ہو؟ اس نے کہا۔ خدارا نہیں اگر آپ مجھے یہ قسم نہ دیتے تو میں ہرگز نہ بتاتا کہ ہم اپنی کتاب میں زانی کی حد سنگسار کرنا پاتے ہیں۔ بات یہ ہے کہ جب امیروں میں یہ مرض بڑھ گیا تو جب ہم کسی امیر کو پکڑتے تو اسے چھوڑ دیتے اور جب کسی غریب کو پکڑتے تو اس پر حد جاری کر دیتے۔ آخرکار ہم نے کہا کہ آؤ ایک بات پر اتفاق کر لیں جسے ہم امیر و غریب پر جاری کر سکیں۔ پس ہم نے منہ کالا کرنے اور کوڑے مارنے پر اتفاق کر لیا اور رجم کو چھوڑ دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کہا۔ اے اللہ! میں سب سے پہلے تیرا حکم زندہ کرتا ہوں جس کو لوگوں نے ختم کر دیا تھا پس آپ نے اسے سنگسار کرنے کا حکم فرمایا چنانچہ اللہ تعالیٰ نے آیت نازل فرمائی "اے رسول! تمہیں غمگین نہ کرے وہ جو کفر پر دوڑتے ہیں۔ وَاِنْ لَّمْ تُؤْتَوْهُ تک ... (۵: ۴۱) نیز جو اللہ کے فرمائے ہوئے کے مطابق حکم نہ کرے وہ لوگ کافر ہیں (۵: ۴۴) نیز جو اللہ کے فرمائے ہوئے کے مطابق حکم نہ کرے تو وہی لوگ ظالم ہیں (۵: ۴۵) نیز جو اللہ کے فرمائے ہوئے کے مطابق حکم نہ کرے تو وہی لوگ فاسق ہیں (۵: ۴۷) راوی کا بیان ہے کہ یہ آیتیں تمام کافروں کے متعلق ہیں۔

يَعْنِي هٰذِهِ الْاٰيَةَ۔

۱۰۳۸۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ نَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ أَنَّ زَيْدَ بْنَ أَسْلَمَ حَدَّثَهُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ أَتَى نَفَرٌ مِنْ يَهُودَ فَدَعَوْا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْقُفِّ فَأَتَاهُمْ فِي بَيْتِ الْمِدْرَاسِ فَقَالُوا يَا أَبَا الْقَاسِمِ إِنَّ رَجُلًا مِنَّا زَنَى بِامْرَأَةٍ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ فَوَضَعُوا لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وِسَادَةً فَجَلَسَ عَلَيْهَا ثُمَّ قَالَ ائْتُونِي بِالتَّوْرَاةِ فَأُتِيَ بِهَا فَنَزَعَ الْوِسَادَةَ مِنْ تَحْتِهِ وَوَضَعَ التَّوْرَاةَ عَلَيْهَا وَقَالَ اٰمَنْتُ بِكِ وَبِمَنْ أَنْزَلَكِ ثُمَّ قَالَ ائْتُونِي بِأَعْلَمِكُمْ فَأُتِيَ بِفَتًى شَابٍّ ثُمَّ ذَكَرَ قِصَّةَ الرَّجْمِ نَحْوَ حَدِيثِ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ۔

زید بن اسلم سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا یہود کی ایک جماعت آئی اور انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو قف میں بلایا۔ آپ اُن کے پاس بیت المدراس میں تشریف لے گئے۔ وہ عرض گزار ہوئے کہ اے ابوالقاسم! ہم میں سے ایک آدمی نے ایک عورت کے ساتھ زنا کیا ہے، پس اُن کے درمیان فیصلہ فرما دیجئے اور انہوں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے تکیہ لگا دیا۔ آپ اُس پر جلوہ افروز ہوئے، پھر فرمایا کہ میرے پاس تورات لاؤ۔ چنانچہ آپ نے اپنے نیچے سے سرہانہ نکالا اور اُس پر تورات کو رکھا اور کہا۔ میں تجھ پر ایمان رکھتا ہوں اور اُس پر جس نے تجھے نازل فرمایا ہے۔ پھر فرمایا کہ اپنے سب سے بڑے عالم کو میرے پاس لاؤ۔ چنانچہ ایک نوجوان کو لایا گیا۔ پھر رجم کا واقعہ بیان کیا جیسے اُس حدیث میں ہے جو امام مالک نے نافع سے روایت کی ہے۔

۱۰۳۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ نَا رَجُلٌ مِنْ مُزَيْنَةَ ح وَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَنْبَسَةُ نَا يُونُسُ قَالَ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ سَمِعْتُ رَجُلًا مِنْ مُزَيْنَةَ مِمَّنْ يَتَّبِعُ الْعِلْمَ وَيَعِيهِ ثُمَّ اتَّفَقَا وَنَحْنُ عِنْدَ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ فَحَدَّثَنَا عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ وَهٰذَا حَدِيثُ مَعْمَرٍ وَهُوَ أَتَمُّ قَالَ زَنَى رَجُلٌ مِنَ الْيَهُودِ وَامْرَأَةٌ فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ اذْهَبُوا بِنَا إِلَى هٰذَا النَّبِيِّ فَإِنَّهُ نَبِيٌّ بُعِثَ بِالتَّخْفِيفِ فَإِنْ أَفْتَانَا بِفُتْيَا دُونَ الرَّجْمِ قَبِلْنَاهَا وَاحْتَجَجْنَا بِهَا عِنْدَ اللّٰهِ قُلْنَا فُتْيَا نَبِيٍّ مِنْ أَنْبِيَائِكَ قَالَ فَأَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ فِي أَصْحَابِهِ فَقَالُوا يَا أَبَا الْقَاسِمِ مَا تَرَى

محمد بن یحییٰ، عبدالرزاق، معمر، زہری، مزینہ کا ایک آدمی۔ احمد بن صالح، عنبسہ، یونس، محمد بن مسلم، مزینہ کا ایک صاحب علم۔ سعید بن مسیب نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔ یہ معمر کی حدیث ہے اور یہی سب سے مکمل ہے۔ فرمایا کہ یہود میں سے ایک آدمی اور ایک عورت نے زنا کیا۔ کچھ لوگوں نے دوسروں سے کہا کہ ہمیں اس نبی کے پاس لے چلو کیونکہ یہ نبی آسانی کے لئے مبعوث فرمایا گیا ہے۔ اگر اس نے رجم سے ہلکی سزا سنائی تو ہم اُسے قبول کر لیں گے کیونکہ ہم بارگاہِ خداوندی میں حجت پیش کر سکیں گے کہ تیرے نبیوں میں سے ایک نبی نے یہی فیصلہ فرمایا تھا۔ پس وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے جبکہ آپ مسجد میں اپنے ساتھیوں کے درمیان جلوہ افروز تھے۔ وہ عرض گزار ہوئے کہ اے ابوالقاسم! اُس مرد اور عورت کے بارے میں کیا حکم ہے جنہوں نے زنا کیا ہو؟ آپ نے ایک لفظ بھی نہ کہا یہاں تک کہ

فِي رَجُلٍ وَامْرَأَةٍ زَنَيَا فَلَمْ يُكَلِّمْهُمْ كَلِمَةً حَتَّى أَتَى بَيْتَ مِدْرَاسِهِمْ فَقَامَ عَلَى الْبَابِ فَقَالَ أَنْشُدُكُمْ بِاللَّهِ الَّذِي أَنْزَلَ التَّوْرَاةَ عَلَى مُوسَى مَا تَجِدُونَ فِي التَّوْرَاةِ عَلَى مَنْ زَنَى إِذَا أُحْصِنَ قَالُوا يُحَمَّمُ وَيُجَبَّهُ وَيُجْلَدُ وَالتَّجْبِيَةُ أَنْ يُحْمَلَ الزَّانِيَانِ عَلَى حِمَارٍ وَيُقَابَلُ أَقْفِيَتُهُمَا وَيُطَافُ بِهِمَا قَالَ وَسَكَتَ شَابٌّ مِنْهُمْ فَلَمَّا رَآهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَكَتَ أَلَظَّ بِهِ النِّشْدَةَ فَقَالَ اللَّهُمَّ إِذْ نَشَدْتَنَا فَإِنَّا نَجِدُ فِي التَّوْرَاةِ الرَّجْمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا أَوَّلُ مَا ارْتَخَصْتُمْ أَمْرَ اللَّهِ قَالَ زَنَى ذُو قَرَابَةٍ مِنْ مَلِكٍ مِنْ مُلُوكِنَا فَأَخَّرَ عَنْهُ الرَّجْمَ ثُمَّ زَنَى رَجُلٌ فِي أُسْرَةٍ مِنَ النَّاسِ فَأَرَادَ رَجْمَهُ فَحَالَ قَوْمُهُ دُونَهُ وَقَالُوا لَا يُرْجَمُ صَاحِبُنَا حَتَّى تَجِيءَ بِصَاحِبِكَ فَتَرْجُمَهُ فَاصْطَلَحُوا عَلَى هَذِهِ الْعُقُوبَةِ بَيْنَهُمْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنِّي أَحْكُمُ بِمَا فِي التَّوْرَاةِ فَأَمَرَ بِهِمَا فَرُجِمَا قَالَ الزُّهْرِيُّ فَبَلَغَنَا أَنَّ هَذِهِ الْآيَةَ نَزَلَتْ فِيهِمْ إِنَّا أَنْزَلْنَا التَّوْرَاةَ فِيهَا هُدًى وَنُورٌ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّونَ الَّذِينَ أَسْلَمُوا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُمْ۔

اُن کے بیت المدارس میں پہنچ گئے۔ پس دروازے پر کھڑے ہو کر فرمایا۔ میں تمہیں اللہ کی قسم دیتا ہوں جس نے حضرت موسیٰ پر توریت نازل فرمائی۔ تم زانی کے متعلق توریت میں کیا حکم پاتے ہو جبکہ وہ شادی شدہ ہو؟ انہوں نے کہا۔ اس کا منہ کالا کرتے، گدھے پر چڑھاتے اور کوڑے مارتے ہیں۔ اَلتَّجْبِیَۃُ یہ ہے کہ دونوں زنا کرنے والوں کو ایک گدھے پر آمنے سامنے بٹھا کر پھرایا جاتا ہے راوی کا بیان ہے کہ اُن میں سے ایک نوجوان خاموش تھا جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے خاموش دیکھا تو اُسے بہت ہی سخت قسم دی۔ اُس نے کہا۔ خدایا جب آپ نے ایسی قسم دی ہے تو ہم توریت میں رجم کرنے کا حکم پاتے ہیں، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کے حکم کو تم نے کب سے پسِ پشت ڈالا؟ اُس نے کہا کہ ہمارے بادشاہوں میں سے کسی بادشاہ کے قرابتدار نے زنا کیا تو اُسے رجم سے بچا لیا، پھر رعیت سے ایک آدمی نے زنا کیا تو اُسے رجم کرنا چاہا، اُس کی قوم آڑے آئی اور انہوں نے بادشاہ سے کہا ہمارے آدمی کو اس وقت تک سنگسار نہیں کیا جائے گا جب تک آپ اپنے رشتہ دار کو لا کر رجم نہ کر دیں۔ پس سب نے مل جُل کر اس سزا پر اتفاق کر لیا چنانچہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں توریت کے مطابق حکم دیتا ہوں۔ پس آپ نے حکم فرمایا تو اُن دونوں کو سنگسار کر دیا گیا۔ زہری نے فرمایا۔ ہم تک یہ بات پہنچی ہے کہ یہ آیت۔ بیشک ہم نے توریت اتاری۔ اس میں ہدایت اور نور ہے۔ اس کے مطابق یہود کو حکم دیتے تھے ہمارے فرمانبردار نبی (۵: ۴۴) اُن کے بارے میں نازل فرمائی گئی اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی انبیائے کرام سے ہیں۔

ف:۔ یہود و نصاریٰ نے ستم کیا کہ اللہ کی کتابوں میں تحریف کر ڈالی جس بات کو چاہا کتاب سے نکال دیا اور جو بات چاہی اپنی طرف سے شامل کر دی تاکہ کتاب پر آسانی سے عمل ہو سکے اور احبار و رہبان کا اپنوں میں بھرم بنا رہے۔ ہم نے کتاب میں تو تحریف نہیں کی لیکن اُس پر ایمان رکھنے کے باوجود آج دنیا کی ایک بھی اسلامی حکومت ایسی نہیں ہے جہاں اللہ کے قانون کی حکمرانی ہو اور سربراہِ مملکت اُسے نافذ کرنے اور اُس پر عمل کروانے والا ہو۔ قرآن و سنت ہمارا ضابطۂ حیات و لائحۂ عمل ہیں یعنی اصل قرآن مجید اور سنتِ رسول اس کی تشریح ہے۔ کیا یہ ستم ظریفی اور انتہائی المیہ نہیں کہ مسلمان کہلانے والے خدا کے عطا فرمائے ہوئے اس قانون اور ضابطۂ حیات کو اپنے ضابطۂ حیات کے طور پر نافذ کرنے سے روگردان ہیں۔ کیا اب بھی ہماری سمجھ میں یہ بات نہیں آسکتی کہ ایک خدا کو ماننے والے ایک رسول کے امتی، ایک قبلے کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے والے اور ایک ہی اللہ کی کتاب پر عمل کرنے کے دعوے داروں کے

ادبار و تنزل کی وجہ کیا ہے۔ سنیے! کہ شاعر مشرق کی روح آج بھی ہمیں اس کی وجہ ببانگ دہل بتا رہی ہے۔

وہ معزز تھے زمانے میں مسلماں ہو کر

۵ اور تم خوار ہوئے تارکِ قرآں ہو کر

۱۰۴۰۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى أَبُو الْأَصْبَغِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدٌ يَعْنِي ابْنَ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَجُلًا مِنْ مُزَيْنَةَ يُحَدِّثُ سَعِيدَ ابْنَ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ زَنَى رَجُلٌ وَامْرَأَةٌ مِنَ الْيَهُودِ وَقَدْ أُحْصِنَا حِينَ قَدِمَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ وَقَدْ كَانَ الرَّجْمُ مَكْتُوبًا عَلَيْهِمْ فِي التَّوْرٰىةِ فَتَرَكُوهُ وَأَخَذُوا بِالتَّجْبِيَةِ يُضْرَبُ مِائَةً بِحَبْلٍ مُطَلًّى بِقَارٍ وَيُحْمَلُ عَلَى حِمَارٍ وَوَجْهُهُ مِمَّا يَلِي دُبُرَ الْحِمَارِ فَاجْتَمَعَ أَحْبَارٌ مِنْ أَحْبَارِهِمْ فَبَعَثُوا قَوْمًا آخَرِينَ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا سَلُوهُ عَنْ حَدِّ الزَّانِي وَسَاقَ الْحَدِيثَ قَالَ فِيهِ لَمْ يَكُونُوا مِنْ أَهْلِ دِينِهِ فَيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ فَخُيِّرَ فِي ذٰلِكَ قَالَ فَإِنْ جَاءُوكَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ أَوْ أَعْرِضْ عَنْهُمْ۔

زہری کا بیان ہے کہ میں نے مزینہ کے ایک شخص کو سعید بن مسیب سے روایت کرتے ہوئے سنا کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ ایک آدمی اور ایک عورت نے یہود میں سے زنا کیا جو شادی شدہ تھے اور جبکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں تشریف لے جا چکے تھے۔ رجم کا حکم اُن کے لئے توریت میں لکھا ہوا تھا جسے انہوں نے چھوڑ دیا تھا بلکہ صرف رسوا کرتے یعنی روغنی رسّی سو بار مارتے اور گدھے پر سوار کرتے کہ آدمی کا منہ گدھے کی پیٹھ کی جانب ہوتا۔ پس ان کے بعض احبار (پادری) اکٹھے ہوئے اور انہوں نے چند لوگوں کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا اور اُن سے زنا کی سزا پوچھنے کے لئے کہا۔ باقی حدیث بیان کرتے ہوئے اس میں کہا۔ چونکہ وہ حضور کے دین والے نہ تھے کہ آپ اُن کے درمیان فیصلہ فرماتے لہٰذا اس امر کا آپ کو اختیار دیتے ہوئے فرمایا گیا۔ اگر وہ تمہارے پاس آئیں تو اُن کے درمیان فیصلہ فرما دو یا اُن سے منہ پھیر لو (۵: ۴۲)۔

۱۰۴۱۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوسَى الْبَلْخِيُّ نَا أَبُو أُسَامَةَ قَالَ مُجَالِدٌ أَنَا عَنْ عَامِرٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ جَاءَتِ الْيَهُودُ بِرَجُلٍ وَامْرَأَةٍ مِنْهُمْ زَنَيَا فَقَالَ ائْتُونِي بِأَعْلَمِ رَجُلَيْنِ مِنْكُمْ فَأَتَوْهُ بِابْنَيْ صُورِيَا فَنَشَدَهُمَا كَيْفَ تَجِدَانِ أَمْرَ هٰذَيْنِ فِي التَّوْرٰىةِ قَالَا نَجِدُ فِي التَّوْرٰىةِ إِذَا شَهِدَ أَرْبَعَةٌ أَنَّهُمْ رَأَوْا ذَكَرَهُ فِي فَرْجِهَا مِثْلَ الْمِيلِ فِي الْمُكْحُلَةِ رُجِمَا قَالَ فَمَا يَمْنَعُكُمَا أَنْ تَرْجُمُوهُمَا قَالَا ذَهَبَ سُلْطَانُنَا فَكَرِهْنَا الْقَتْلَ فَدَعَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

عامر سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما نے فرمایا یہودی اپنے ایک مرد اور عورت کو لے کر حضور کی خدمت میں حاضر ہوئے جنہوں نے زنا کیا تھا۔ آپ نے فرمایا کہ اپنوں میں سے دو بڑے عالموں کو میرے پاس لاؤ۔ پس وہ صوریا کے دونوں بیٹوں کو لے آئے۔ آپ نے دونوں کو قسم دی کہ تم ان کا توریت میں کیا حکم پاتے ہو؟ دونوں نے کہا کہ ہم توریت میں یہ پاتے ہیں کہ جب چار آدمی گواہی دیں کہ ہم نے مرد کی شرمگاہ کو عورت کی شرمگاہ میں یوں دیکھا جیسے سلائی سرمہ دانی میں، تو رجم کیا جائے گا۔ فرمایا کہ تمہیں رجم کرنے سے تمہیں کس چیز نے روکا؟ دونوں نے کہا کہ ہماری حکومت تو رہی نہیں لہٰذا ہم نے قتل کو ناپسند کیا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گواہ

وَسَلَّمَ بِالشُّهُودِ فَجَاءُوا بِأَرْبَعَةٍ فَشَهِدُوا أَنَّهُمْ رَأَوْا ذَكَرَهُ فِي فَرْجِهَا مِثْلَ الْمِيلِ فِي الْمُكْحُلَةِ فَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجْمِهِمَا۔

بلائے تو انہوں نے گواہی دی کہ مرد کی شرمگاہ عورت کی شرمگاہ میں یوں تھی جیسے سرمہ دانی میں سلائی۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان دونوں کو سنگسار کرنے کا حکم فرمایا۔

۱۰۴۲۔ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ عَنْ هُشَيْمٍ عَنِ الْمُغِيرَةِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ وَالشَّعْبِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ لَمْ يَذْكُرْ فَدَعَا بِالشُّهُودِ فَشَهِدُوا۔

وہب بن بقیہ، ہشیم، مغیرہ، ابراہیم، شعبی نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اسی طرح روایت کی لیکن گواہ بلانے اور گواہی دینے کا ذکر نہیں کیا۔

۱۰۴۳۔ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ عَنْ هُشَيْمٍ عَنِ ابْنِ شُبْرُمَةَ عَنِ الشَّعْبِيِّ بِنَحْوٍ مِنْهُ۔

وہب بن بقیہ، ہشیم، ابن شبرمہ نے شعبی سے مذکورہ حدیث کے مطابق روایت کی۔

باب ۳۴۵ فِي الرَّجُلِ يَزْنِي بِحَرِيمِهِ۔

آدمی کا اپنی محرم عورت سے زنا کرنا۔

۱۰۴۴۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ نَا مُطَرِّفٌ عَنْ أَبِي الْجَهْمِ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ بَيْنَمَا أَنَا أَطُوفُ عَلَى إِبِلٍ لِي ضَلَّتْ إِذْ أَقْبَلَ رَكْبٌ أَوْ فَوَارِسُ مَعَهُمْ لِوَاءٌ فَجَعَلَ الْأَعْرَابُ يُطِيفُونَ بِي لِمَنْزِلَتِي مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ أَتَوْا قُبَّةً فَاسْتَخْرَجُوا مِنْهَا رَجُلًا فَضَرَبُوا عُنُقَهُ فَسَأَلْتُ عَنْهُ فَذَكَرُوا أَنَّهُ أَعْرَسَ بِامْرَأَةِ أَبِيهِ۔

ابوالجہم سے روایت ہے کہ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ میں اپنے چند گم شدہ اونٹوں کو تلاش کرتا پھر رہا تھا کہ چند سوار آئے جن کے ساتھ جھنڈا تھا۔ پس وہ اعرابی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نسبت کے باعث میرے گرد طواف کرنے لگے اور ایک قبے کے پاس آئے اور اس میں سے ایک آدمی کو نکال کر اس کی گردن اڑا دی۔ میں نے اس کے متعلق پوچھا تو انہوں نے کہا۔ اس نے اپنے باپ کی بیوی سے صحبت کی تھی۔

۱۰۴۵۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ قُسَيْطٍ الرَّقِّيُّ نَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْبَرَاءِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ لَقِيتُ عَمِّي وَمَعَهُ رَايَةٌ فَقُلْتُ لَهُ أَيْنَ تُرِيدُ فَقَالَ بَعَثَنِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى رَجُلٍ نَكَحَ امْرَأَةَ أَبِيهِ فَأَمَرَنِي أَنْ أَضْرِبَ عُنُقَهُ وَآخُذَ مَالَهُ۔

یزید بن براء سے روایت ہے کہ ان کے والد ماجد حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ میں اپنے چچا جان سے ملا جن کے پاس جھنڈا تھا۔ میں نے کہا۔ کہاں کا ارادہ ہے؟ فرمایا کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک آدمی کی طرف روانہ فرمایا ہے جس نے اپنے باپ کی بیوی سے نکاح کیا ہے۔ آپ نے مجھے حکم فرمایا ہے کہ اس کی گردن اڑا دوں اور اس کا مال چھین کر لے آؤں۔

باب ۳۴۶ فِي الرَّجُلِ يَزْنِي بِجَارِيَةِ امْرَأَتِهِ۔

جو اپنی بیوی کی لونڈی سے نکاح کرے۔

۱۰۴۶۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ نَا أَبَانُ نَا قَتَادَةُ عَنْ خَالِدِ بْنِ عُرْفُطَةَ عَنْ

حبیب بن سالم کا بیان ہے کہ ایک آدمی نے جس کو عبدالرحمٰن بن حنین کہا جاتا تھا، اپنی بیوی کی لونڈی سے صحبت کی۔

حَبِيْبِ بْنِ سَالِمٍ أَنَّ رَجُلًا يُقَالُ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ حُنَيْنٍ وَقَعَ عَلٰى جَارِيَةِ امْرَأَتِهٖ فَرُفِعَ إِلَى النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ وَهُوَ أَمِيْرٌ عَلَى الْكُوْفَةِ فَقَالَ لَأَقْضِيَنَّ فِيْكَ بِقَضِيَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنْ كَانَتْ أَحَلَّتْهَا لَكَ جَلَدْتُكَ مِائَةً وَإِنْ لَمْ تَكُنْ أَحَلَّتْهَا لَكَ رَجَمْتُكَ بِالْحِجَارَةِ فَوَجَدُوْهُ قَدْ أَحَلَّتْهَا لَهٗ فَجَلَدَهٗ قَالَ قَتَادَةُ كَتَبْتُ إِلٰى حَبِيْبِ بْنِ سَالِمٍ فَكَتَبَ إِلَيَّ بِهٰذَا۔

اُسے حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کے سامنے پیش کیا گیا جو اُن دنوں کوفہ کے حاکم تھے۔ فرمایا کہ میں تمہارا فیصلہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فیصلے کی روشنی میں کروں گا۔ اگر تمہاری بیوی نے اُسے تمہارے لئے حلال کر دیا تھا تو تمہیں سو کوڑے مارے جائیں گے اور اگر اس نے تمہارے لئے حلال نہیں کیا تھا تو تمہیں سنگسار کیا جائے گا۔ لوگوں نے معلوم کیا کہ اُس کے لئے حلال کر دی تھی لہٰذا اُسے کوڑے مارے گئے۔ قتادہ کا بیان ہے کہ میں نے حبیب بن سالم کے لئے لکھا تو انہوں نے یہی حدیث مجھے لکھ دی۔

۱۰۴۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ ابْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ عُرْفُطَةَ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ سَالِمٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرَّجُلِ يَأْتِيْ جَارِيَةَ امْرَأَتِهٖ قَالَ إِنْ كَانَتْ أَحَلَّتْهَا لَهٗ جُلِدَ مِائَةً وَإِنْ لَمْ تَكُنْ أَحَلَّتْهَا لَهٗ رَجَمْتُهٗ۔

حبیب بن سالم نے نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس شخص کا فیصلہ فرمایا جس نے اپنی بیوی کی لونڈی سے صحبت کی کہ اگر بیوی نے اُس کے لئے حلال کر دی تھی تو اُسے سو کوڑے مارے جائیں گے اور اگر حلال نہیں کی تھی تو اُس مرد کو سنگسار کیا جائے گا۔

۱۰۴۸۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ قَبِيْصَةَ ابْنِ حُرَيْثٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبَّقِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى فِيْ رَجُلٍ وَقَعَ عَلٰى جَارِيَةِ امْرَأَتِهٖ إِنْ كَانَ اسْتَكْرَهَهَا فَهِيَ حُرَّةٌ وَعَلَيْهِ لِسَيِّدَتِهَا مِثْلُهَا وَإِنْ كَانَتْ طَاوَعَتْهُ فَهِيَ لَهٗ وَعَلَيْهِ لِسَيِّدَتِهَا مِثْلُهَا قَالَ أَبُوْ دَاوُدَ رَوَاهُ يُوْنُسُ بْنُ عُبَيْدٍ وَعَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ وَمَنْصُوْرُ بْنُ زَاذَانَ وَسَلَّامٌ عَنِ الْحَسَنِ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ بِمَعْنَاهُ لَمْ يَذْكُرْ يُوْنُسُ وَمَنْصُوْرٌ قَبِيْصَةَ۔

قبیصہ بن حریث نے حضرت سلمہ بن محبق رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک آدمی کا فیصلہ فرمایا جس نے اپنی بیوی کی لونڈی سے صحبت کی تھی۔ فرمایا کہ اگر اُس کے ساتھ زبردستی ایسا کیا ہے تو وہ آزاد ہے اور خاوند ایسی ہی لونڈی اپنی بیوی کو دے اور اگر اُس نے بخوشی یہ کام کر دیا تو اُسے خاوند لے اور اس جیسی اپنی بیوی کو دے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا اس حدیث کو یونس بن عبید اور عمرو بن دینار اور منصور بن زاذان اور سلام نے حسن سے لیکن یونس اور منصور نے قبیصہ کا ذکر نہیں کیا۔

۱۰۴۹۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ الدِّرْهَمِيُّ نَا عَبْدُ الْأَعْلٰى عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبَّقِ عَنِ النَّبِيِّ

حسن نے حضرت سلمہ بن محبق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ آگے مذکورہ حدیث کی طرح روایت کی مگر یہ بھی کہا۔ اگر لونڈی نے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ وَإِنْ كَانَتْ طَاوَعَتْهُ فَهِيَ وَمِثْلُهَا مِنْ مَالِهِ لِسَيِّدَتِهَا۔

بخوشی صحبت کروائی تو وہ اور اس جیسی دوسری خاوند کے مال سے اُس کی مالکن کو دلائی جائے۔

باب ۳۴۵ فِي مَنْ عَمِلَ عَمَلَ قَوْمِ لُوطٍ۔

جس نے قوم لوط والا عمل کیا۔

۱۰۵۰۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ النُّفَيْلِيُّ نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِي عَمْرٍو عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ وَجَدْتُمُوهُ يَعْمَلُ عَمَلَ قَوْمِ لُوطٍ فَاقْتُلُوا الْفَاعِلَ وَالْمَفْعُولَ بِهِ۔ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِي عَمْرٍو مِثْلَهُ وَرَوَاهُ عَبَّادُ بْنُ مَنْصُورٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَفَعَهُ وَرَوَاهُ ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَفَعَهُ۔

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس کو تم پاؤ کہ اس نے قوم لوط والا عمل کیا ہے تو اُسے قتل کرو اور اس کے ساتھ یہ فعل کروانے والے کو بھی۔

امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے سلیمان بن بلال نے عمرو بن ابو عمرو سے اسی طرح اور روایت کیا ہے اسے عباد بن منصور، عکرمہ نے حضرت ابن عباس سے اسی طرح اور روایت کیا ہے اسے عباد بن منصور، عکرمہ نے حضرت ابن عباس سے مرفوعاً اور روایت کیا ہے اسے ابن جریج، ابراہیم، داؤد بن حصین، عکرمہ نے حضرت ابن عباس سے مرفوعاً۔

۱۰۵۱۔ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ رَاهَوَيْهِ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي ابْنُ خُثَيْمٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ وَمُجَاهِدًا يُحَدِّثَانِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي الْبِكْرِ يُوجَدُ عَلَى اللُّوطِيَّةِ قَالَ يُرْجَمُ۔

اسحاق بن ابراہیم بن راہویہ، عبدالرزاق، ابن جریج، ابن خثیم، سعید بن جبیر اور مجاہد دونوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ غیر شادی شدہ اگر قوم لوط والا عمل کرے تو اُسے سنگسار کیا جائے۔

باب ۳۴۶ فِيمَنْ أَتَى بَهِيمَةً۔

جس نے جانور سے جماع کیا۔

۱۰۵۲۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ أَبِي عَمْرٍو عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَتَى بَهِيمَةً فَاقْتُلُوهُ وَاقْتُلُوهَا مَعَهُ قَالَ قُلْتُ لَهُ مَا شَأْنُ الْبَهِيمَةِ قَالَ مَا أَرَاهُ قَالَ

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو کسی مویشی سے جماع کرے تو اُسے قتل کرو اور اُس جانور کو بھی اُس کے ساتھ قتل کرو۔ میں (عکرمہ) عرض گزار ہوا کہ جانور کی کیا خطا ہے؟ فرمایا کہ میرے (حضرت ابن عباس کے) خیال میں حضور نے اُس جانور کا گوشت کھانا

ذلك إلا أنه كره أن يؤكل لحمها وقد عمل بها ذلك العمل۔

١٠٥٣- حدثنا أحمد بن يونس أن شريكا وأبا الأحوص وأبا بكر بن عياش حدثوهم عن عاصم عن أبي رزين عن ابن عباس قال ليس على الذي يأتي البهيمة حد قال أبو داود كذا قال عطاء وقال الحكم أرى أن يجلد ولا يبلغ به الحد وقال الحسن هو بمنزلة الزاني قال أبو داود حديث عاصم يضعف حديث عمرو بن أبي عمرو۔

باب ٣٥ إذا أقر الرجل بالزنا ولم تقر المرأة۔

١٠٥٤- حدثنا عثمان بن أبي شيبة نا طلق بن غنام نا عبد السلام بن حفص نا أبو حازم عن سهل بن سعد عن النبي صلى الله عليه وسلم أن رجلا أتاه فأقر عنده أنه زنى بامرأة سماها له فبعث رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى المرأة فسألها عن ذلك فأنكرت أن تكون زنت فجلده الحد وتركها۔

١٠٥٥- حدثنا محمد بن يحيى بن فارس نا موسى بن هارون البردي نا هشام بن يوسف عن القاسم بن فياض الأنباري عن خلاد بن عبد الرحمن عن ابن المسيب عن ابن عباس أن رجلا من بكر بن ليث أتى النبي صلى الله عليه وسلم فأقر أنه زنى بامرأة أربع مرات فجلده مائة وكان بكرا ثم سأله البينة على المرأة فقالت كذب والله يا رسول الله فجلده حد الفرية۔

ناپسند فرمایا ہوگا جس کے ساتھ کہ ایسا نامناسب فعل کیا گیا ہو۔

عاصم نے ابورزین سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ جانور سے جماع کرنے والے پر حد نہیں ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اسی طرح عطاء نے کہا ہے اور حکم کا قول ہے کہ اسے کوڑے مارے جائیں لیکن وہ حد کی تعداد کو نہ پہنچیں۔ حسن نے کہا کہ وہ زانی کی طرح ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ عاصم کی حدیث تضعیف کرتی ہے حدیث عمرو بن ابوعمرو کی۔

جب مرد زنا کا اقرار کرے اور عورت اقرار نہ کرے۔

ابوحازم نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوکر ایک شخص نے اقرار کیا کہ اس نے ایک عورت سے زنا کیا ہے اور اس کا نام بھی لیا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت کے پاس آدمی بھیج کر اس سے یہ بات پوچھی۔ عورت نے انکار کیا کہ اس سے زنا کیا گیا ہو۔ پس اس مرد پر حد جاری کی گئی اور عورت کو چھوڑ دیا گیا۔

محمد بن یحییٰ بن فارس، موسیٰ بن ہارون بردی، ہشام بن یوسف، قاسم بن فیاض انباری، خلاد بن عبدالرحمٰن، ابن مسیب نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ بنو بکر بن لیث کے ایک آدمی نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوکر چار مرتبہ اقرار کر کے اس نے ایک عورت کے ساتھ زنا کیا ہے۔ پس اسے سو کوڑے مارے گئے کیونکہ وہ غیر شادی شدہ تھا پھر اس سے عورت پر گواہ مانگے گئے عورت عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! خدا کی قسم یہ جھوٹا ہے۔ پس اس آدمی کو حد قذف کے کوڑے لگائے گئے۔

بَابٌ ۳۵۱ فِي الرَّجُلِ يُصِيبُ مِنَ الْمَرْأَةِ مَادُونَ الْجِمَاعِ فَيَتُوبُ قَبْلَ أَنْ يَأْخُذَ الْإِمَامُ۔

جو جماع کے سوا عورت سے سب کچھ کرے اور امام تک پہنچنے سے پہلے توبہ کر لے۔

۱۰۵۶۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ نَا أَبُو الْأَحْوَصِ نَا سِمَاكٌ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ وَالْأَسْوَدِ قَالَا قَالَ عَبْدُ اللَّهِ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنِّي عَالَجْتُ امْرَأَةً مِنْ أَقْصَى الْمَدِينَةِ فَأَصَبْتُ مِنْهَا مَادُونَ أَنْ أَمَسَّهَا فَأَنَا هٰذَا فَأَقِمْ عَلَيَّ مَاشِئْتَ فَقَالَ عُمَرُ قَدْ سَتَرَ اللَّهُ عَلَيْكَ لَوْ سَتَرْتَ عَلَى نَفْسِكَ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا فَانْطَلَقَ الرَّجُلُ فَأَتْبَعَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا فَدَعَاهُ فَتَلَا عَلَيْهِ أَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِنَ اللَّيْلِ إِلَى آخِرِ الْآيَةِ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ يَارَسُولَ اللَّهِ أَلَهُ خَاصَّةً أَمْ لِلنَّاسِ عَامَّةً فَقَالَ بَلْ لِلنَّاسِ كَافَّةً۔

علقمہ اور اسود سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا مدینہ منورہ کے آخری سرے سے ایک آدمی نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض کی کہ میں نے ایک عورت سے پیار کیا ہے اور جماع کے علاوہ سب کچھ اس کے ساتھ کیا۔ میں حاضر ہوں، آپ جو چاہیں مجھے سزا دیں۔ حضرت عمر نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے تم پر پردہ ڈالا تو تم بھی اپنے اوپر پردہ ڈالتے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے کوئی جواب نہ دیا۔ وہ چلا گیا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے پیچھے آدمی بھیجا جو اُسے بلا کر لایا۔ آپ نے اُس کے سامنے یہ آیت پڑھی۔ نماز قائم رکھو دن کے دونوں کناروں اور کچھ رات کے حصوں میں۔ بیشک نیکیاں برائیوں کو (۱۱؍۱۱۴) حاضرین میں سے ایک شخص عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! یہ خاص اسی کے لئے ہے یا لوگوں کے لئے عام ہے؟ فرمایا یہ تمام لوگوں کے لئے ہے۔

ف ۔ چونکہ اس شخص نے ایسا کام نہیں کیا تھا جس پر شرعاً حد جاری ہو لہٰذا اس کے عرض کرنے پر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کوئی جواب نہ دیا بلکہ سکوت فرمایا۔ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے بھی بجا فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ نے تمہارے جرم پر پردہ ڈالا تو تمہیں بھی چاہیئے تھا کہ اپنی پردہ پوشی کرتے۔ اللہ کے اس بندے نے کائنات ارضی و سماوی کی سب سے بڑی بارگاہ میں از خود اقبالِ جرم کیا اور طلب گار تھے کہ مجھے سزا دے کر دنیا میں پاک کر دیا جائے تاکہ جو غلطی سرزد ہو گئی اس کا داغ اپنے خالق و مالک کی بارگاہ میں پیش ہونے سے پہلے دُھل جائے۔ جب عام صحابۂ کرام کے تقویٰ و طہارت کا یہ حال تھا خطرۂ روز جزا سے اس درجہ لرزاں و ترساں تھے کہ وہاں کی باز پرس سے بچنے کے لئے دنیا میں بڑی سے بڑی تکلیف اٹھانے کے لئے از خود تیار ہو جاتے تھے تو اکابر صحابہ کرام کی عظمت کا اعلام جیسے تمام نادمسلمان کیا اندازہ کر سکتے ہیں۔ خدائے ذوالمنن اپنے محبوب، رحمت دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے میں ہمیں صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی سچی محبت و عقیدت نصیب فرمائے اور ہمیں اُن بزرگوں کے نقشِ قدم پہ چلنے کی توفیق بخشے، آمین۔ اس حدیث کا ترجمہ کرتے ہوئے علامہ وحید الزمان خاں صاحب نے فوائد میں یہ بھی لکھا ہے "یعنی تین وقت کی نمازیں صراحتہً کلام اللہ سے ثابت ہیں" (جلد سوم ص ۹۸ سطر ۵) معلوم ہوتا ہے کاتب کی کارگزاری سے جو انہوں نے لکھا اس کی صورت مسخ ہو گئی ہوگی کیونکہ موصوف و اُنکی جماعت کا ایک بھی قابلِ ذکر عالم صرف تین وقت کی نماز کا قائل نہیں ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ ۳۵۲ فِي الْأَمَةِ تَزْنِي وَلَمْ تُحْصَنْ۔

غیر محصنہ لونڈی اگر زنا کرے۔

۱۰۵۷۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ

عبید اللہ بن عبداللہ بن عتبہ سے روایت ہے کہ حضرت

مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ وَزَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْأَمَةِ إِذَا زَنَتْ وَلَمْ تُحْصَنْ قَالَ إِنْ زَنَتْ فَاجْلِدُوهَا ثُمَّ إِنْ زَنَتْ فَاجْلِدُوهَا ثُمَّ إِنْ زَنَتْ فَاجْلِدُوهَا ثُمَّ إِنْ زَنَتْ فَبِيعُوهَا وَلَوْ بِضَفِيرٍ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ لَا أَدْرِي فِي الثَّالِثَةِ أَوِ الرَّابِعَةِ وَالضَّفِيرُ الْحَبْلُ۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے لونڈی کے متعلق پوچھا گیا جبکہ وہ زنا کرے اور غیر شادی شدہ ہو۔ فرمایا اگر وہ زنا کرے تو اُسے کوڑے مارو۔ پھر وہ زنا کرے تو اُسے کوڑے مارو۔ پھر وہ زنا کرے تو اُسے کوڑے مارو۔ پھر وہ زنا کرے تو اُسے فروخت کر دو خواہ ایک رسّی کے بدلے ہی سہی۔ ابن شہاب نے فرمایا۔ مجھے بخوبی یاد نہیں رہا کہ ایسا تیسری دفعہ فرمایا یا چوتھی مرتبہ اور اَلضَّفِيرُ۔ رسّی کو کہتے ہیں۔

١٠٥٨ - حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيُّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنْ زَنَتْ أَمَةُ أَحَدِكُمْ فَلْيَحُدَّهَا وَلَا يُعَيِّرْهَا ثَلَاثَ مِرَارٍ فَإِنْ عَادَتْ فِي الرَّابِعَةِ فَلْيَجْلِدْهَا وَلْيَبِعْهَا بِضَفِيرٍ أَوْ بِحَبْلٍ مِنْ شَعْرٍ۔

سعید مقبری نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم میں سے کسی کی لونڈی زنا کرے تو اُس پر حد قائم کیا کرو اور ڈانٹ ڈپٹ پر نہ چھوڑو۔ تین دفعہ تک ایسا کرو اور اگر چوتھی دفعہ بھی یہی کرے اُس پر حد جاری کر کے اُسے فروخت کر دو خواہ ایک رسّی کے بدلے ہی سہی یا بالوں کی رسّی کے بدلے فرمایا۔

١٠٥٩ - حَدَّثَنَا ابْنُ نُفَيْلٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا الْحَدِيثِ قَالَ فِي كُلِّ مَرَّةٍ فَلْيَضْرِبْهَا كِتَابَ اللّٰهِ وَلَا يُثَرِّبْ عَلَيْهَا وَقَالَ فِي الرَّابِعَةِ فَإِنْ عَادَتْ فَلْيَضْرِبْهَا كِتَابَ اللّٰهِ ثُمَّ لْيَبِعْهَا وَلَوْ بِحَبْلٍ مِنْ شَعْرٍ۔

سعید بن ابو سعید مقبری کے والد ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس حدیث میں فرمایا۔ ہر دفعہ اُسے اللہ کی کتاب کے مطابق کوڑے مارو اور ڈانٹ ڈپٹ کر کے نہ چھوڑ دیا کرو۔ چوتھی مرتبہ فرمایا۔ اگر پھر یہی کام کرے تو اسے اللہ کی کتاب کے مطابق کوڑے مارو۔ پھر اسے فروخت کر دینا چاہیئے خواہ بالوں کی ایک رسی کے بدلے ہی کیوں نہ بکے۔

باب ٣٥٣ فِي إِقَامَةِ الْحَدِّ عَلَى الْمَرِيضِ۔

مریض پر حد قائم کرنا۔

١٠٦٠ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ نَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي أَبُو أُمَامَةَ بْنُ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ أَنَّهُ أَخْبَرَهُ بَعْضُ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

ابو امامہ بن سہل بن حنیف نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے ایک انصاری سے روایت کی ہے کہ اُن میں سے ایک آدمی بیمار پڑ گیا یہاں تک کہ کمزوری کے باعث اُس کی کھال ہڈیوں سے چپک گئی۔

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْأَنْصَارِ أَنَّهُ اشْتَكَى رَجُلٌ مِنْهُمْ حَتَّى أُضْنِيَ فَعَادَ جِلْدَةً عَلَى عَظْمٍ فَدَخَلَتْ عَلَيْهِ جَارِيَةٌ لِبَعْضِهِمْ فَهَشَّ لَهَا فَوَقَعَ عَلَيْهَا فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ رِجَالُ قَوْمِهِ يَعُودُونَهُ أَخْبَرَهُمْ بِذَلِكَ فَقَالَ اسْتَفْتُوا لِي رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنِّي قَدْ وَقَعْتُ عَلَى جَارِيَةٍ دَخَلَتْ عَلَيَّ فَذَكَرُوا ذَلِكَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالُوا مَا رَأَيْنَا بِأَحَدٍ مِنَ النَّاسِ مِنَ الضُّرِّ مِثْلَ الَّذِي هُوَ بِهِ لَوْ حَمَلْنَاهُ إِلَيْكَ لَتَفَسَّخَتْ عِظَامُهُ مَا هُوَ إِلَّا جِلْدٌ عَلَى عَظْمٍ فَأَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَأْخُذُوا لَهُ مِائَةَ شِمْرَاخٍ فَيَضْرِبُوهُ بِهَا ضَرْبَةً وَاحِدَةً۔

پس اُن میں سے کسی کی لونڈی اس کے پاس آئی جس پر وہ فریفتہ ہو گیا اور اس کے ساتھ صحبت کر بیٹھا۔ جب اس کی قوم کے آدمی اس کے پاس عیادت کے لئے آئے تو اُس نے انہیں یہ بات بتائی اور کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے میرے لئے حکم پوچھیے کیونکہ میں اس لونڈی سے صحبت کر بیٹھا ہوں جو میرے پاس آئی تھی۔ پس انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا اور کہا کہ ہم نے اس کی طرح اتنی تکلیف میں کسی کو نہیں دیکھا اور اگر ہم اُسے اٹھا کر آپ کے پاس لائیں تو اس کی ہڈیاں ٹوٹ جائیں اس میں صرف ہڈیوں کے اوپر کھال ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سو سینکیں لے کر اُسے ایک ہی ضرب لگاؤ۔

۱۰۶۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا إِسْرَائِيلُ نَا عَبْدُ الْأَعْلَى عَنْ أَبِي جَمِيلَةَ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ فَجَرَتْ جَارِيَةٌ لِآلِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا عَلِيُّ انْطَلِقْ فَأَقِمْ عَلَيْهَا الْحَدَّ فَانْطَلَقْتُ فَإِذَا بِهَا دَمٌ يَسِيلُ لَمْ يَنْقَطِعْ فَأَتَيْتُهُ فَقَالَ يَا عَلِيُّ أَفَرَغْتَ فَقُلْتُ أَتَيْتُهَا وَدَمُهَا يَسِيلُ فَقَالَ دَعْهَا حَتَّى يَنْقَطِعَ دَمُهَا ثُمَّ أَقِمْ عَلَيْهَا الْحَدَّ وَأَقِيمُوا الْحُدُودَ عَلَى مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَكَذَلِكَ رَوَاهُ أَبُو الْأَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ الْأَعْلَى وَرَوَاهُ شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الْأَعْلَى فَقَالَ فِيهِ قَالَ لَا تَضْرِبْهَا حَتَّى تَضَعَ وَالْأَوَّلُ أَصَحُّ۔

ابو جمیلہ سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اہل بیت سے کسی کی لونڈی نے بدکاری کی۔ حضور نے فرمایا۔ اے علی اٹھو اور اس پر حد لگاؤ۔ میں گیا تو دیکھا کہ اُس کا خون بہہ رہا تھا جو بند ہی نہیں ہوتا تھا۔ میں واپس آیا تو فرمایا۔ اے علی! کیا تم فارغ ہو گئے؟ عرض گزار ہوئے کہ میں اُس کے پاس گیا تو اس کا خون بہہ رہا تھا۔ فرمایا۔ اُسے چھوڑ دو یہاں تک کہ خون بند ہو جائے پھر اس پر حد قائم کرنا۔ اور اپنے غلام لونڈیوں پر حد قائم کیا کرو۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے ابو الاحوص نے عبد الاعلیٰ سے اسی طرح اور روایت کیا اسے شعبہ نے عبد الاعلیٰ سے اور کہا کہ حضور نے فرمایا۔ اسے حد نہ مارو یہاں تک کہ بچہ جن لے یعنی پہلی زیادہ صحیح ہے

بَابٌ ۳۵۳ فِي حَدِّ الْقَاذِفِ۔

زنا کی تہمت لگانے والے کی حد۔

۱۰۶۲۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ الثَّقَفِيُّ وَمَالِكُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْمِسْمَعِيُّ وَهَذَا حَدِيثُهُ أَنَّ ابْنَ أَبِي عَدِيٍّ حَدَّثَهُمْ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ

قتیبہ بن سعید ثقفی اور مالک بن عبد الواحد سمعی، ابن ابو عدی، محمد بن اسحٰق، عبد اللہ بن ابو بکر، عمرہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا:

إِسْحٰقَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا نَزَلَ عُذْرِي قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَذَكَرَ ذٰلِكَ وَتَلَا تَعْنِي الْقُرْاٰنَ فَلَمَّا نَزَلَ مِنَ الْمِنْبَرِ أَمَرَ بِالرَّجُلَيْنِ وَالْمَرْأَةِ فَضُرِبُوا حَدَّهُمْ۔

جب میری صفائی میں وحی نازل ہو گئی تو نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم منبر پر جلوہ افروز ہوئے اور اس کا ذکر کر کے قرآن مجید کی وہ آیتیں پڑھیں۔ جب آپ منبر سے اُتر آئے تو دو آدمیوں اور ایک عورت کے متعلق حکم فرمایا جن پر حدِ قذف جاری کی گئی۔

۱۰۶۳۔ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ وَلَمْ يَذْكُرْ عَائِشَةَ قَالَ فَأَمَرَ بِرَجُلَيْنِ وَامْرَأَةٍ مِمَّنْ تَكَلَّمَ بِالْفَاحِشَةِ حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ وَمِسْطَحُ بْنُ أُثَاثَةَ قَالَ النُّفَيْلِيُّ وَيَقُوْلُوْنَ الْمَرْأَةُ حَمْنَةُ بِنْتُ جَحْشٍ۔

نُفیلی، محمد بن سلمہ نے محمد بن اسحاق سے اس حدیث کو روایت کیا اور حضرت عائشہ صدیقہ کا ذکر نہیں کیا۔ راوی کا بیان ہے کہ حضور نے دو آدمیوں اور ایک عورت کے متعلق حکم فرمایا جنہوں نے بُری بات منہ سے نکالی تھی یعنی حضرت حسان بن ثابت اور حضرت مسطح ابن اثاثہ۔ نُفیلی کا بیان ہے کہ لوگ کہا کرتے ہیں کہ عورت حضرت حمنہ بنت جحش تھی۔

بَابٌ ۳۵۵ فِي الْحَدِّ فِي الْخَمْرِ۔

شراب کی حد کا بیان

۱۰۶۴۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى وَهٰذَا حَدِيْثُهُ قَالَا نَا أَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ رُكَانَةَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَقِتْ فِي الْخَمْرِ حَدًّا وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ شَرِبَ رَجُلٌ فَسَكِرَ فَلُقِيَ يَمِيْلُ فِي الْفَجِّ فَانْطُلِقَ بِهٖ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا حَاذٰى بِدَارِ الْعَبَّاسِ انْفَلَتَ فَدَخَلَ عَلَى الْعَبَّاسِ فَالْتَزَمَهٗ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَحِكَ وَقَالَ أَفَعَلَهَا وَلَمْ يَأْمُرْ فِيْهِ بِشَيْءٍ قَالَ أَبُوْ دَاؤُدَ هٰذَا تَفَرَّدَ بِهٖ أَهْلُ الْمَدِيْنَةِ حَدِيْثُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ هٰذَا۔

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شراب کی کوئی حد سزا مقرر نہیں فرمائی۔ حضرت ابن عباس کا بیان ہے کہ ایک آدمی نے شراب پی اور نشہ ہو گیا تو گرتا پڑتا اور لڑکھڑاتا ہوا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جانب چل دیا۔ جب حضرت عباس کے مکان کے سامنے پہنچا تو جلدی سے اندر داخل ہو کر حضرت عباس کے پاس گیا اور اُن سے لپٹ گیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے یہ ذکر کیا گیا تو آپ نے تبسم ریزی فرمائی اور ارشاد ہوا کہ اُس نے ایسا کیا ہے؟ اور اس بارے میں کوئی حکم نہ فرمایا۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ حسن بن علی کی اس حدیث میں اہل مدینہ تنہا ہیں۔

۱۰۶۵۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ نَا أَبُوْ ضَمْرَةَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ الْهَادِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ

ابو سلمہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ایک آدمی کو لایا گیا جس نے شراب پی تھی۔ آپ نے فرمایا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ فَقَالَ اضْرِبُوهُ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ فَمِنَّا الضَّارِبُ بِيَدِهِ وَالضَّارِبُ بِنَعْلِهِ وَالضَّارِبُ بِثَوْبِهِ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ أَخْزَاكَ اللّٰهُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُولُوا هٰكَذَا لَا تُعِينُوا عَلَيْهِ الشَّيْطَانَ۔

کہ اس کی پٹائی کرو۔ چنانچہ حضرت ابوہریرہ کا بیان ہے کہ ہم میں سے کوئی اسے اپنے ہاتھ سے، کوئی اپنے جوتے سے اور کوئی اپنے کپڑے سے مار رہا تھا۔ جب فارغ ہو گئے تو لوگوں میں سے ایک نے کہا:۔ تجھے اللہ تعالیٰ نے رُسوا کیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایسا نہ کہو اور اس کے خلاف شیطان کی مدد نہ کرو۔

۱۰۶۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ أَبِي نَاجِيَةَ الْإِسْكَنْدَرَانِيُّ نَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَحَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ وَابْنُ لَهِيعَةَ عَنِ ابْنِ الْهَادِ بِإِسْنَادِهِ وَمَعْنَاهُ قَالَ فِيهِ بَعْدَ الضَّرْبِ ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَصْحَابِهِ بَكِّتُوهُ فَأَقْبَلُوا عَلَيْهِ يَقُولُونَ مَا اتَّقَيْتَ اللّٰهَ مَا خَشِيتَ اللّٰهَ وَمَا اسْتَحْيَيْتَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ أَرْسَلُوهُ وَقَالَ فِي آخِرِهِ وَلٰكِنْ قُولُوا اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ اللّٰهُمَّ ارْحَمْهُ وَبَعْضُهُمْ يَزِيدُ الْكَلِمَةَ وَنَحْوَهَا۔

محمد بن داؤد بن ابو ناجیہ اسکندرانی، ابن وہب یحییٰ بن ایوب اور حیوۃ بن شریح اور ابن لہیعہ نے ابن الہاد سے اپنی اسناد کے ساتھ معناً روایت کرتے ہوئے پٹائی کے بعد اس میں کہا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا:۔ اسے ڈانٹ ڈپٹ کرو۔ چنانچہ وہ اس کی جانب متوجہ ہو کر کہنے لگے:۔ تُو نے اللہ کے لیے تقویٰ اختیار نہ کیا، تو اللہ تعالیٰ سے نہ ڈرا اور تجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے حیا نہ آئی۔ پھر اُسے چھوڑ دیا اور اس حدیث کے آخر میں کہا:۔ اب یُوں کہو کہ اے اللہ! اِسے بخش دے، اس پر رحم فرما بعض حضرات نے ایک آدھ لفظ کا اضافہ کیا ہے۔

۱۰۶۷۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا هِشَامٌ ح وَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنْ هِشَامٍ الْمَعْنَى عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَدَ فِي الْخَمْرِ بِالْجَرِيدِ وَالنِّعَالِ وَجَلَدَ أَبُو بَكْرٍ أَرْبَعِينَ فَلَمَّا وُلِّيَ عُمَرُ دَعَا النَّاسَ فَقَالَ لَهُمْ إِنَّ النَّاسَ قَدْ دَنَوْا مِنَ الرِّيفِ قَالَ مُسَدَّدٌ مِنَ الْقُرَى وَالرِّيفِ فَمَا تَرَوْنَ فِي حَدِّ الْخَمْرِ فَقَالَ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ نَرَى أَنْ تَجْعَلَهُ كَأَخَفِّ الْحُدُودِ فَجَلَدَ فِيهِ ثَمَانِينَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ ابْنُ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ جَلَدَ بِالْجَرِيدِ وَالنِّعَالِ

مسلم بن ابراہیم، ہشام ـــــ مسدد، یحییٰ، ہشام، قتادہ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شراب پر چھڑی اور جوتے سے مارا۔ حضرت ابوبکر چالیس کوڑے مارتے۔ جب حضرت عمر خلیفہ ہوئے تو لوگوں کو بُلا کر فرمایا:۔ لوگ کھجوروں والی زمین کے نزدیک ہو گئے ہیں۔ مسدد نے مِنَ الْقُرٰى وَالرِّيفِ کہا ہے۔ لہٰذا شراب کی حد کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے؟ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف نے اُن سے کہا کہ ہمارے خیال میں آپ اس کی سزا بہت کم رکھیں۔ چنانچہ اس پر اسّی کوڑے مارے جاتے ـــــ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اِسے ابن ابوعروبہ نے قتادہ سے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چھڑی اور جوتے سے چالیس ضربیں مارتے اور

أَرْبَعِينَ وَرَوَاهُ شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ضَرَبَ بِجَرِيدَتَيْنِ نَحْوَ أَرْبَعِينَ۔

روایت کیا ہے اسے شعبہ، قتادہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اور کہا آپ چھڑیوں سے چالیس کے لگ بھگ مارتے۔

۱۰۶۸۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ وَمُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ الْمَعْنَى قَالَا نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ نَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الدَّانَاجِ حَدَّثَنِي حُضَيْنُ بْنُ الْمُنْذِرِ الرَّقَاشِيُّ هُوَ أَبُو سَاسَانَ قَالَ شَهِدْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ وَأُتِيَ بِالْوَلِيدِ بْنِ عُقْبَةَ فَشَهِدَ عَلَيْهِ حُمْرَانُ وَرَجُلٌ آخَرُ فَشَهِدَ أَحَدُهُمَا أَنَّهُ رَآهُ شَرِبَهَا يَعْنِي الْخَمْرَ وَشَهِدَ الْآخَرُ أَنَّهُ رَآهُ يَتَقَيَّأُهَا فَقَالَ عُثْمَانُ إِنَّهُ لَمْ يَتَقَيَّأْهَا حَتَّى شَرِبَهَا فَقَالَ لِعَلِيٍّ أَقِمْ عَلَيْهِ الْحَدَّ فَقَالَ عَلِيٌّ لِلْحَسَنِ أَقِمْ عَلَيْهِ الْحَدَّ فَقَالَ الْحَسَنُ وَلِّ حَارَّهَا مَنْ تَوَلَّى قَارَّهَا فَقَالَ لِعَبْدِ اللهِ بْنِ جَعْفَرٍ أَقِمْ عَلَيْهِ الْحَدَّ فَأَخَذَ السَّوْطَ فَجَلَدَهُ وَعَلِيٌّ يَعُدُّ فَلَمَّا بَلَغَ أَرْبَعِينَ قَالَ حَسْبُكَ جَلَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْبَعِينَ أَحْسِبُهُ قَالَ وَجَلَدَ أَبُو بَكْرٍ أَرْبَعِينَ وَعُمَرُ ثَمَانِينَ وَكُلٌّ سُنَّةٌ وَهَذَا أَحَبُّ إِلَيَّ۔

حُضین بن مُنذر رقاشی ابوساسان کا بیان ہے کہ میں حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس موجود تھا کہ ولید بن عقبہ کو لایا گیا تو اُس پر حمران مولیٰ عثمان اور ایک دوسرے شخص نے گواہی دی۔ دونوں میں سے ایک نے کہا کہ میں نے اسے شراب پیتے دیکھا تھا۔ دوسرے نے کہا کہ میں نے اِسے شراب کی قے کرتے دیکھا۔ حضرت عثمان نے فرمایا کہ قے کہاں سے کرتا اگر شراب نہ پی ہوتی۔ پس حضرت علی سے کہا کہ اس پر حد لگائیے۔ حضرت علی نے امام حسن سے حد لگانے کے لیے کہا۔ جنہوں نے خلافت کا بار اُٹھایا ہے یہ بار بھی وہی اٹھائیں۔ چنانچہ انہوں نے عبداللہ بن جعفر سے اُس پر حد قائم کرنے کے لیے کہا۔ انہوں نے کوڑا لے کر مارنا شروع کیا اور حضرت علی شمار کرتے رہے۔ جب چالیس ہو گئے تو فرمایا کہ بس کرو کیونکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میرے خیال میں چالیس مارے اور حضرت ابوبکر نے بھی چالیس کوڑے مارے اور حضرت عمر نے اسّی کوڑے۔ اگرچہ دونوں ہی سنت ہیں لیکن مجھے یہی زیادہ پسند ہے (یعنی چالیس کوڑے مارنا)۔

۱۰۶۹۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنِ ابْنِ أَبِي عَرُوبَةَ عَنِ الدَّانَاجِ عَنْ حُضَيْنِ بْنِ الْمُنْذِرِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ جَلَدَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ أَرْبَعِينَ وَكَمَّلَهَا عُمَرُ ثَمَانِينَ وَكُلٌّ سُنَّةٌ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَقَالَ الْأَصْمَعِيُّ وَلِّ حَارَّهَا مَنْ تَوَلَّى قَارَّهَا وَلِّ شَدِيدَهَا مَنْ تَوَلَّى هَيِّنَهَا۔

حُضین بن مُنذر سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر نے چالیس کوڑے مارے اور حضرت عمر نے اس تعداد کو مکمل کرتے ہوئے اسّی کوڑے مارے اور دونوں ہی سنت ہیں —— امام ابوداؤد نے فرمایا:۔ اصمعی کا بیان ہے کہ امام حسن کے جواب کا مطلب یہ ہے کہ خلافت کا شرف پانے والا ہی حد جاری کرنے کی تکلیف اٹھائے۔

باب ۳۵۷ إِذَا تَتَابَعَ فِي شُرْبِ الْخَمْرِ۔

جبکہ بار بار شراب پیئے

۱۰۷۰۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ نَا

موسیٰ بن اسمٰعیل، ابان، عاصم، ابوصالح ذکوان نے حضرت

ابان عن عاصم عن ابی صالح ذکوان عن معاویة بن ابی سفیان قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا شربوا الخمر فاجلدوهم ثم ان شربوا فاجلدوهم ثم ان شربوا فاجلدوهم ثم ان شربوا فاقتلوهم۔

۱۰۷۱۔ حدثنا موسی بن اسمعیل نا حماد عن حمید بن یزید عن نافع عن ابن عمر ان رسول الله صلی الله علیه وسلم بهذا المعنی قال واحسبه قال فی الخامسة ان شربها فاقتلوه قال ابوداؤد وکذا فی حدیث ابی غطیف فی الخامسة۔

۱۰۷۲۔ حدثنا نصر بن عاصم الانطاکی نا یزید بن هارون الواسطی نا ابن ابی ذئب عن الحارث بن عبد الرحمن عن ابی سلمة عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا سکر فاجلدوه ثم ان سکر فاجلدوه ثم ان سکر فاجلدوه فان عاد الرابعة فاقتلوه قال ابوداؤد وکذا حدیث عمر بن ابی سلمة عن ابیه عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم اذا شرب الخمر فاجلدوه فان عاد الرابعة فاقتلوه وکذا حدیث سهیل عن ابی صالح عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم ان شربوا الرابعة فاقتلوهم وکذا حدیث ابن ابی نعم عن ابن عمر عن النبی صلی الله علیه وسلم وکذلک حدیث عبد الله بن عمرو عن النبی صلی الله علیه وسلم والشرید عن النبی صلی الله علیه وسلم وفی حدیث

معاویہ بن ابو سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب لوگ شراب پئیں تو انہیں کوڑے مارو۔ پھر جب پئیں تو انہیں کوڑے مارو، پھر جب پئیں تو انہیں کوڑے مارو اور پھر بھی اگر پئیں تو انہیں قتل کر دو۔

موسیٰ بن اسمٰعیل، حماد، حمید بن یزید، نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے معناً اسی طرح فرمایا۔ میرے خیال میں آپ نے پانچویں دفعہ فرمایا کہ اگر پئے تو اُسے قتل کر دو ـــــ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اسی طرح ابو غطیف کی حدیث میں پانچویں دفعہ ہے۔

ابو سلمہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب نشہ ہو جائے تو اُسے کوڑے مارو۔ پھر اگر نشہ ہو جائے تو اُسے کوڑے مارو۔ پھر اگر نشہ ہو جائے تو اُسے کوڑے مارو۔ پھر اگر چوتھی دفعہ بھی پئے تو اسے قتل کر دو ـــــ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اسی طرح عمرو بن ابو سلمہ کی حدیث ہے جو انہوں نے اپنے والد ماجد کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہ سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب کوئی شراب پئے تو اُسے کوڑے مارو۔ اگر چوتھی دفعہ بھی پئے تو اُسے قتل کر دو۔ اسی طرح حدیثِ سہیل ہے جو ابو صالح کے واسطے سے حضرت ابوہریرہ سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اگر چوتھی دفعہ بھی پئے تو اُسے قتل کر دو اور اسی طرح حدیث نعم ہے کہ حضرت ابن عمر نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کی اور اسی طرح حدیثِ عبد اللہ بن عمرو ہے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اور شرید کی ہے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اور حدیثِ جدلی میں بروایت حضرت معاویہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

الْجَدَلِيِّ عَنْ مُعَاوِيَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَإِنْ عَادَ فِي الثَّالِثَةِ أَوِ الرَّابِعَةِ فَاقْتُلُوهُ۔

اگر تیسری یا چوتھی دفعہ بھی پیئے تو اُسے قتل کر دو۔

۱۰۷۳- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ نَا سُفْيَانُ قَالَ الزُّهْرِيُّ أَخْبَرَنَا عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَاجْلِدُوهُ فَإِنْ عَادَ فَاجْلِدُوهُ فَإِنْ عَادَ فِي الثَّالِثَةِ أَوِ الرَّابِعَةِ فَاقْتُلُوهُ فَأُتِيَ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ فَجَلَدَهُ ثُمَّ أُتِيَ بِهِ فَجَلَدَهُ وَرُفِعَ الْقَتْلُ فَكَانَتْ رُخْصَةً قَالَ سُفْيَانُ حَدَّثَ الزُّهْرِيُّ بِهَذَا الْحَدِيثِ وَعِنْدَهُ مَنْصُورُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ وَمَخُولُ بْنُ رَاشِدٍ فَقَالَ لَهُمَا كُونَا وَافِدَيْ أَهْلِ الْعِرَاقِ بِهَذَا الْحَدِيثِ۔

حضرت قبیصہ بن ذُؤیب رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جو شراب پیئے تو اُسے کوڑے مارو۔ اگر دوبارہ پیئے تو اُسے کوڑے مارو۔ اگر پھر تیسری یا چوتھی دفعہ پیئے تو اُسے قتل کر دو۔ آپ کے حضور ایک آدمی پیش کیا گیا جس نے شراب پی تھی تو اُسے کوڑے مارے۔ پھر دوبارہ پیش کیا گیا تو اُسے کوڑے مارے۔ پھر سہ بارہ پیش کیا گیا جس نے شراب پی تھی تو اُسے کوڑے ملے۔ پھر چوتھی دفعہ پیش کیا گیا تو اُسے کوڑے مارے اور قتل کا حکم منسوخ فرما دیا یہ رخصت ہے۔ سفیان کا بیان ہے کہ زہری نے یہ حدیث بیان کی اور اُن کے پاس منصور بن معتمر اور مخول بن راشد بھی تھے تو دونوں سے فرمایا کہ یہ حدیث میری طرف سے اہل عراق کے لیے تحفے کے طور پر لے جاؤ۔

۱۰۷۴- حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ مُوسَى الْفَزَارِيُّ نَا شَرِيكٌ عَنْ أَبِي حُصَيْنٍ عَنْ عُمَيْرِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ لَا أَدْرِي أَوْ مَا كُنْتُ أَدِي مَنْ أَقَمْتُ عَلَيْهِ حَدًّا إِلَّا شَارِبَ الْخَمْرِ فَإِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَسُنَّ فِيهِ شَيْئًا إِنَّمَا هُوَ شَيْءٌ قُلْنَاهُ نَحْنُ۔

عمیر بن سعید سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالٰے عنہ نے فرمایا:۔ میں نہیں جانتا یا میں کیا جانوں کسی کے جینے مرنے کو جس پر میں حد قائم کروں سوائے شراب پینے والے کے کیونکہ اس کی رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے کوئی حد مقرر نہیں فرمائی بلکہ جو کچھ ہے وہ ہم نے مقرر کیا ہے۔

۱۰۷۵- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ أَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ أَنَّ ابْنَ شِهَابٍ حَدَّثَهُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَزْهَرَ قَالَ كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْآنَ وَهُوَ فِي الرِّحَالِ يَلْتَمِسُ رَحْلَ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ فَبَيْنَمَا هُوَ كَذَلِكَ إِذْ أُتِيَ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَقَالَ لِلنَّاسِ اضْرِبُوهُ فَمِنْهُمْ مَنْ ضَرَبَهُ بِالنِّعَالِ وَمِنْهُمْ

ابن شہاب سے روایت ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن ازہر رضی اللہ تعالٰے عنہ نے فرمایا:۔ گویا اس میں اب بھی رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کو دیکھ رہا ہوں کہ آپ کجاووں میں حضرت خالد بن ولید کا کجاوہ تلاش کر رہے تھے۔ اسی دوران آپ کی خدمت میں ایک آدمی پیش کیا گیا جس نے شراب پی تھی۔ آپ نے لوگوں سے فرمایا کہ پٹائی کرو۔ پس لوگوں میں سے کسی نے اُسے جوتے سے مارا اور کسی نے اُسے لاٹھی سے مارا اور کسی نے اُسے کھجور کی شاخ سے مارا۔

مَنْ ضَرَبَهٗ بِالْعَصَا وَمِنْهُمْ مَنْ ضَرَبَهٗ بِالْمِيتَخَةِ قَالَ ابْنُ وَهْبٍ الْجَرِيدَةُ الرَّطْبَةُ ثُمَّ أَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُرَابًا مِنَ الْأَرْضِ فَرَمٰى بِهٖ فِي وَجْهِهٖ۔

ابن وہب نے کہا کہ اَلْمِيتَخَةُ ہری شاخ کو کہتے ہیں۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے زمین سے مٹی لے کر اُس کے چہرے پر ڈال دی۔

۱۰۷۶- حَدَّثَنَا ابْنُ السَّرْحِ قَالَ وَجَدْتُ فِي كِتَابِ خَالِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيدِ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَهٗ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْأَزْهَرِ أَخْبَرَهٗ عَنْ أَبِيهِ قَالَ أُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَارِبٍ وَهُوَ بِحُنَيْنٍ فَحَثٰى فِي وَجْهِهِ التُّرَابَ ثُمَّ أَمَرَ أَصْحَابَهٗ فَضَرَبُوهُ بِنِعَالِهِمْ وَمَا كَانَ فِي أَيْدِيهِمْ حَتّٰى قَالَ لَهُمُ ارْفَعُوا فَرَفَعُوا فَتُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ جَلَدَ أَبُو بَكْرٍ فِي الْخَمْرِ أَرْبَعِينَ ثُمَّ جَلَدَ عُمَرُ أَرْبَعِينَ صَدْرًا مِنْ إِمَارَتِهٖ ثُمَّ جَلَدَ ثَمَانِينَ فِي آخِرِ خِلَافَتِهٖ ثُمَّ جَلَدَ عُثْمَانُ الْحَدَّيْنِ كِلَيْهِمَا ثَمَانِينَ وَأَرْبَعِينَ ثُمَّ أَثْبَتَ مُعَاوِيَةُ الْحَدَّ ثَمَانِينَ۔

ابن شہاب کو عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن ازہر نے خبر دی کہ اُن کے والدِ ماجد نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ایک شراب پینے والے کو پیش کیا گیا جبکہ آپ حنین کے مقام پر تھے۔ آپ نے اس کے چہرے پر مٹی ڈال دی اور پھر اپنے اصحاب سے فرمایا کہ اس کی پٹائی کرو اپنے جوتوں سے اور جو کچھ اُن کے ہاتھ میں ہو۔ یہاں تک کہ آپ نے اُن سے فرمایا کہ اب جانے دو۔ چنانچہ اُسے چھوڑ دیا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وفات پائی تو حضرت ابوبکر نے شراب پر چالیس کوڑے مارے۔ پھر حضرت عمر نے اپنے ابتدائی دورِ خلافت میں چالیس کوڑے مارے۔ پھر اپنے آخری عہدِ خلافت میں اسّی کوڑے مارے۔ پھر حضرت عثمان نے دونوں حدیں نافذ کیں یعنی اسّی اور چالیس بھی۔ پھر حضرت معاویہ نے اسّی کی حد کو پختہ کر دیا۔

ف - رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانۂ مبارک میں شراب پینے والے پر یہ حد جاری کی جاتی کہ آپ کے حکم سے جوتے، چھڑی اور کپڑے سے تقریباً چالیس ضربیں لگائی جاتیں اور اس کے بعد سخت الفاظ استعمال کر کے اُسے شرمسار کیا جاتا تھا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے شرابی کی حد چالیس کوڑے مقرر فرما دی اور یہی تعداد حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ابتدائی دورِ خلافت میں رہی۔ آخری دورِ خلافت میں آپ کے حکم سے شرابی کو اسّی کوڑے مارے جاتے تھے۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حسبِ موقع چالیس اور اسّی یعنی دونوں حدوں پر عمل کیا۔ حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسّی کوڑوں کی تعداد پختہ کر دی۔

اس وضاحت پر علامہ وحید الزمان خان صاحب نے یوں پیوند لگایا ہے :- "ہمارے مشائخ کے نزدیک تقلید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بہتر ہے۔" (ص ۴۰۶)۔ اس فقرے سے واضح ہو رہا ہے کہ علامہ موصوف تقلید کے حقیقی مفہوم ہی سے ناآشنا تھے۔ اگر انہوں نے اسے اصطلاحی مفہوم سے ہٹا کر صرف لغوی معانی پر محمول کرتے ہوئے اطاعت و اتباع کا ہم معنی سمجھا تو یہ علمیت کی بانگی ہے۔ پھر ایسا ہی سلوک موصوف نے لفظ مشائخ کے ساتھ کیا ہے۔ علامہ صاحب کے نزدیک گویا خلفائے راشدینؓ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیروی کو چھوڑ کر اپنے قوانین نافذ کیے تھے جن کے باعث موصوف کے مشائخ رسول اللہ

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیروی کو بہتر قرار دیتے رہے۔ سوال پیدا ہوتا ہے کہ حضرت خلفائے راشدین کس کی پیروی کر رہے تھے؟ افسوس! عظمتِ صحابہ پر کس بے دردی سے چھری چلائی ہے۔ کاش! ان لوگوں کی سمجھ میں یہ بات آجائے کہ صحابہ کرام اور خصوصاً حضرات خلفائے راشدین سے بڑھ کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیروی کرنے والے چشمِ فلکِ کہن نے نہ دیکھے ہیں اور نہ قیامت تک دیکھ سکے گا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اتباع کی سب سے حسین و جمیل صورت وہی تھی جو خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے کی۔ جس بات پر اجماعِ صحابہ ہو اس سے بڑھ کر اتباعِ رسول کی صورت اور کیا ہو سکتی ہے؟ پروردگارِ عالم ہمیں اسی صراطِ مستقیم اور راہِ جنت پر تازیست گامزن رکھے، آمین یَا اِلٰہَ الْعَالَمِیْنَ بِجَاہِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی حَبِیْبِہٖ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

بَابٌ ۳۵۷ فِی اِقَامَۃِ الْحَدِّ فِی الْمَسْجِدِ۔

۱۰۷۷۔ حَدَّثَنَا ہِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ نَا صَدَقَۃُ یَعْنِی ابْنَ خَالِدٍ نَا الشُّعَیْثِیُّ عَنْ زُفَرَ بْنِ وَثِیْمَۃَ عَنْ حَکِیْمِ بْنِ حِزَامٍ اَنَّہٗ قَالَ نَہٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ یُّسْتَقَادَ فِی الْمَسْجِدِ وَاَنْ تُنْشَدَ فِیْہِ الْاَشْعَارُ وَاَنْ تُقَامَ فِیْہَا الْحُدُوْدُ۔

مسجد میں حد قائم کرنا

زفر بن وثیمہ سے روایت ہے کہ حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے کہ مسجد میں قصاص لیا جائے، اس میں اشعار پڑھے جائیں اور اس کے اندر حدود جاری کی جائیں۔

بَابٌ ۳۵۸ فِی ضَرْبِ الْوَجْہِ فِی الْحَدِّ۔

۱۰۷۸۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ کَامِلٍ نَا اَبُوْ عَوَانَۃَ عَنْ عُمَرَ یَعْنِی ابْنَ اَبِیْ سَلَمَۃَ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا ضَرَبَ اَحَدُکُمْ فَلْیَتَّقِ الْوَجْہَ۔

حد میں چہرے پر مارنے کا بیان

ابن ابو سلمہ کے والد ماجد نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تم کسی کو مارو تو چہرے پر مارنے سے بچو۔

بَابٌ ۳۵۹ فِی التَّعْزِیْرِ۔

۱۰۷۹۔ حَدَّثَنَا قُتَیْبَۃُ بْنُ سَعِیْدٍ نَا اللَّیْثُ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِیْ حَبِیْبٍ عَنْ بُکَیْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ ابْنِ الْاَشَجِّ عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ یَسَارٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ عَنْ اَبِیْ بُرْدَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَقُوْلُ لَا یُجْلَدُ فَوْقَ عَشْرِ جَلَدَاتٍ اِلَّا فِیْ حَدٍّ مِّنْ حُدُوْدِ اللّٰہِ تَعَالٰی۔

تعزیر کا بیان

قتیبہ بن سعید، لیث، یزید بن ابو حبیب بن عبد اللہ بن اشج، سلیمان بن یسار، عبد الرحمٰن بن جابر بن عبد اللہ نے حضرت ابو بردہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرمایا کرتے۔ دس (۱۰) کوڑوں سے زیادہ کسی کو نہ مارے جائیں ماسوائے اللہ تعالیٰ کی مقرر فرمائی ہوئی حدوں میں سے کسی حد کے۔

۱۰۸۰۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا ابْنُ وَہْبٍ اَخْبَرَنِیْ عَمْرٌو اَنَّ بُکَیْرَ بْنَ الْاَشَجِّ حَدَّثَہٗ

احمد بن صالح، ابن وہب، عمرو، بکیر بن اشج، سلیمان بن یسار، عبد الرحمٰن بن جابر نے حضرت ابو بردہ انصاری رضی اللہ

عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ جَابِرٍ اَنَّ اَبَاهُ حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا بُرْدَةَ الْاَنْصَارِيَّ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ مَعْنَاهُ۔ اٰخِرُ كِتَابِ الْحُدُوْدِ۔

تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ اُنہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے۔ آگے یہ حدیث بھی مذکورہ بالا حدیث کی طرح معناً بیان کی۔ کتاب الحدود یہاں پر ختم ہو گئی ہے

اول كتاب الديات

دیتوں کا بیان

باب ۳۵۹ النفس بالنفس۔

۱۰۸۱- حدثنا محمد بن العلاء نا عبيد الله يعني ابن موسى عن علي بن صالح عن سماك ابن حرب عن عكرمة عن ابن عباس قال كان قريظة والنضير وكان النضير أشرف من قريظة فكان إذا قتل رجل من قريظة رجلا من النضير قتل به وإذا قتل رجل من النضير رجلا من قريظة فودي بمائة وسق من تمر فلما بعث النبي صلى الله عليه وسلم قتل رجل من النضير رجلا من قريظة فقالوا ادفعوه إلينا نقتله فقالوا بيننا وبينكم النبي صلى الله عليه وسلم فأتوه فنزلت وإن حكمت فاحكم بينهم بالقسط والقسط النفس بالنفس ثم نزلت أفحكم الجاهلية يبغون۔

جان کے بدلے جان!

سماک بن حرب نے عکرمہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا:- قریظہ اور نضیر (یہود کے دو قبیلے) تھے۔ قریظہ سے نضیر طاقتور تھے۔ جب قریظہ کا کوئی آدمی نضیر کے کسی آدمی کو قتل کر دیتا تو اُس کے بدلے قتل کیا جاتا اور جب نضیر کا کوئی آدمی قریظہ کے کسی آدمی کو قتل کر دیتا تو وہ سو وسق کھجوریں فدیہ دیتے۔ جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وہاں جلوہ گری ہوئی تو نضیر کے کسی آدمی نے قریظہ کے ایک آدمی کو قتل کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ قاتل کو ہمارے سپرد کیجئے تاکہ ہم اُسے قتل کر دیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے اور آپ کے درمیان نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جو فیصلہ کر دیں۔ وہ حاضر ہوئے تو یہ حکم نازل ہوا:- اور اگر تم فیصلہ کرو تو ان کے درمیان انصاف سے فیصلہ کرنا کہ جان کے بدلے جان ہے (۵: ۴۲، ۴۵) پھر حکم نازل ہوا:- کیا وہ جاہلیت کا حکم تلاش کرتے ہیں؟ (۵: ۵۰)

ف - جب یہودیوں میں سے بنی نضیر کے کسی آدمی نے بنی قریظہ کے ایک آدمی کو قتل کر دیا اور بالآخر اُن میں یہ تصفیہ ہُوا کہ اِس قتل کا فیصلہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کروایا جائے۔ چنانچہ فریقین بارگاہ رسالت میں فیصلے کی خاطر حاضر ہو گئے۔ پروردگار عالم نے وحی نازل فرمائی کہ محبوب! اِن کے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ کرنا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن کے درمیان قرآن کریم کے مطابق فیصلہ فرمایا کہ جان کے بدلے جان ہے۔ لہٰذا بنی نضیر کے فرد کو قصاص میں قتل کر دیا گیا۔ معلوم ہُوا کہ انصاف وہی ہے جو قرآنِ مجید کے مطابق ہو اور اللہ کی کتاب سے روگردانی کر کے فیصلہ کرنا انصاف نہیں بلکہ اپنی نام نہاد مسلمانی کا منہ چڑانا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۳۶۰ لا يؤخذ الرجل بجريرة أخيه وأبيه۔

۱۰۸۲- حدثنا أحمد بن يونس نا عبيد الله يعني ابن إياد حدثنا إياد عن أبي رمثة قال انطلقت مع أبي نحو النبي صلى

بھائی یا باپ کے جرم میں کسی کا مواخذہ نہ ہوگا

ابو رمثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں اپنے والد ماجد کے ساتھ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ چنانچہ نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِأَبِي اِبْنُكَ هٰذَا قَالَ إِي وَرَبِّ الْكَعْبَةِ قَالَ حَقًّا قَالَ أَشْهَدُ بِهِ قَالَ فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَاحِكًا مِنْ ثَبْتِ شَبَهِي فِي أَبِي وَمِنْ حَلْفِ أَبِي عَلَيَّ ثُمَّ قَالَ أَمَا إِنَّهُ لَا يَجْنِي عَلَيْكَ وَلَا تَجْنِي عَلَيْهِ وَقَرَأَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَى۔

اباجان سے فرمایا: تمہارا بیٹا یہ ہے؟ عرض گزار ہوئے: ہاں ربِ کعبہ کی قسم۔ فرمایا سچ ہے۔ عرض کی کہ میں اِس کی گواہی دیتا ہوں۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تبسم ریزی فرمائی کیوں کہ میں شکل وصورت میں اباجان سے مشابہت رکھتا تھا اور والدِ محترم کے قسم کھانے کے باعث۔ پھر فرمایا کہ اِس کے باوجود تم سے اِس کا مواخذہ نہیں ہوگا اور نہ اِس سے تمہارا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی: کوئی کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔ (۳۸:۵۳)

باب ۳۶۲ الْإِمَامُ يَأْمُرُ بِالْعَفْوِ فِي الدَّمِ۔

جبکہ امام خون معاف کر دینے کا حکم دے

۱۰۸۳۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ نَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحٰقَ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ فُضَيْلٍ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ أَبِي الْعَوْجَاءِ عَنْ أَبِي شُرَيْحٍ الْخُزَاعِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أُصِيبَ بِقَتْلٍ أَوْ خَبْلٍ فَإِنَّهُ يَخْتَارُ إِحْدَى ثَلٰثٍ إِمَّا أَنْ يَقْتَصَّ وَإِمَّا أَنْ يَعْفُوَ وَإِمَّا أَنْ يَأْخُذَ الدِّيَةَ فَإِنْ أَرَادَ الرَّابِعَةَ فَخُذُوا عَلَى يَدَيْهِ وَمَنِ اعْتَدَى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهُ عَذَابٌ أَلِيمٌ۔

سفیان بن ابو عوجاء نے حضرت ابو شریح خزاعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کا کوئی عزیز قتل کر دیا جائے یا اُس کا کوئی عضو کاٹ دیا جائے تو اُسے تین میں سے ایک چیز کا اختیار ہے۔ چاہے قصاص لے، چاہے معاف کر دے اور چاہے تو دیت وصول کرلے۔ اگر وہ کسی چوتھی چیز کا ارادہ کرے تو اُس کے ہاتھ پکڑ لو۔ اور جو اس کے بعد بھی زیادتی کرے تو اُس کے لیے دردناک عذاب ہے۔ (۲:۱۷۸)

۱۰۸۴۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ بَكْرٍ عَبْدُ اللّٰهِ الْمُزَنِيُّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي مَيْمُونَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُفِعَ إِلَيْهِ شَيْءٌ فِيهِ قِصَاصٌ إِلَّا أَمَرَ فِيهِ بِالْعَفْوِ۔

عطاء بن ابو میمونہ سے روایت ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نہیں دیکھا کہ آپ کی بارگاہ میں کوئی مقدمہ پیش کیا گیا ہو اور اُس میں قصاص لازم آتا ہو مگر آپ معاف کر دینے کے لیے فرماتے۔

۱۰۸۵۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ نَا الْأَعْمَشُ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قُتِلَ رَجُلٌ عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُفِعَ ذٰلِكَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَفَعَهُ إِلَى وَلِيِّ الْمَقْتُولِ فَقَالَ الْقَاتِلُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا أَرَدْتُ قَتْلَهُ

ابو صالح سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک میں ایک قتل ہُوا تو قاتل کو نبی کریم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کر دیا گیا۔ آپ نے وہ مقتول کے ولی کے سپرد کر دیا۔ قاتل عرض گزار ہُوا کہ یارسول اللہ! میرا اُسے قتل کرنے کا ارادہ نہیں تھا۔

قَالَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْوَلِيِّ أَمَا إِنَّهُ إِنْ كَانَ صَادِقًا ثُمَّ قَتَلْتَهُ دَخَلْتَ النَّارَ قَالَ فَخَلَّى سَبِيلَهُ قَالَ فَكَانَ مَكْتُوفًا بِنِسْعَةٍ فَخَرَجَ يَجُرُّ نِسْعَتَهُ فَسُمِّيَ ذَا النِّسْعَةِ۔

رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ولی سے فرمایا:- اگر یہ سچا ہُوا اور تم نے اسے قتل کیا تو جہنم میں جاؤ گے۔ پس وہ چھوڑ دیا گیا۔ راوی کا بیان ہے کہ اُسے تسمے سے باندھا ہُوا تھا۔ وہ تسمے کو گھسیٹتا ہوا باہر نکلا۔ پس اُس کا نام ذُوالنّسعۃ پڑ گیا۔

۱۰۸۶۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَيْسَرَةَ الْجُشَمِيُّ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ عَوْفٍ نَا حَمْزَةُ أَبُو عُمَرَ الْعَائِذِيُّ حَدَّثَنِي عَلْقَمَةُ بْنُ وَائِلٍ قَالَ حَدَّثَنِي وَائِلُ بْنُ حُجْرٍ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ جِيءَ بِرَجُلٍ قَاتِلٍ فِي عُنُقِهِ النِّسْعَةُ قَالَ فَدَعَا وَلِيَّ الْمَقْتُولِ فَقَالَ أَتَعْفُو قَالَ لَا قَالَ أَفَتَأْخُذُ الدِّيَةَ قَالَ لَا قَالَ أَفَتَقْتُلُ قَالَ نَعَمْ قَالَ اذْهَبْ بِهِ فَلَمَّا وَلَّى قَالَ أَتَعْفُو قَالَ لَا قَالَ أَفَتَأْخُذُ الدِّيَةَ قَالَ لَا قَالَ أَفَتَقْتُلُ قَالَ نَعَمْ قَالَ اذْهَبْ بِهِ فَلَمَّا كَانَ فِي الرَّابِعَةِ قَالَ أَمَا إِنَّكَ إِنْ عَفَوْتَ عَنْهُ يَبُوءُ بِإِثْمِهِ وَإِثْمِ صَاحِبِهِ قَالَ فَعَفَا عَنْهُ قَالَ فَأَنَا رَأَيْتُهُ يَجُرُّ النِّسْعَةَ۔

علقمہ بن وائل سے روایت ہے کہ حضرت وائل بن حجر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں موجود تھا کہ آپ کے حضور ایک قاتل کو پیش کیا گیا جس کی گردن میں تسمہ باندھا ہُوا تھا۔ پس آپ نے مقتول کے ولی کو بلا کر فرمایا:- کیا تم معاف کرتے ہو؟ عرض کی، نہیں۔ فرمایا، کیا دیّت لیتے ہو؟ عرض کی، نہیں۔ فرمایا، کیا قتل کرو گے؟ عرض کی ہاں۔ فرمایا کہ اسے لے جاؤ۔ جب چل پڑے تو فرمایا:- کیا معاف کرتے ہو؟ عرض کی، نہیں۔ فرمایا، کیا دیّت لیتے ہو؟ عرض کی، نہیں، فرمایا کیا قتل کرو گے؟ عرض کی، ہاں۔ فرمایا کہ اسے لے جاؤ۔ جب چوتھی دفعہ ہوئی تو فرمایا:- اگر تم اسے معاف کر دو تو تمہارے اور مقتول کے گناہوں کا بوجھ اس کے سر پر ہوگا۔ راوی کا بیان ہے کہ اُس نے قاتل کو معاف کر دیا۔ پس میں نے قاتل کو تسمہ گھسیٹتے ہوئے دیکھا۔

۱۰۸۷۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَيْسَرَةَ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنِي جَامِعُ بْنُ مَطَرٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَلْقَمَةُ بْنُ وَائِلٍ بِإِسْنَادِهِ وَمَعْنَاهُ۔

عبید اللہ بن عمر بن میسرہ، یحییٰ بن سعید، جامع بن مطر نے علقمہ بن وائل سے اپنی اسناد کے ساتھ اِس حدیث کو معناً روایت کیا ہے۔

۱۰۸۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْفٍ الطَّائِيُّ نَا عَبْدُ الْقُدُّوسِ بْنُ الْحَجَّاجِ نَا يَزِيدُ بْنُ عَطَاءٍ الْوَاسِطِيُّ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحَبَشِيٍّ فَقَالَ إِنَّ هٰذَا قَتَلَ ابْنَ أَخِي قَالَ كَيْفَ قَتَلْتَهُ قَالَ ضَرَبْتُ رَأْسَهُ بِالْفَأْسِ

علقمہ بن وائل سے روایت ہے کہ ان کے والدِ ماجد نے فرمایا:- ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا، ایک حبشی کو لیے ہوئے اور عرض گزار ہُوا کہ اس نے میرے بھتیجے کو قتل کیا ہے۔ فرمایا کہ کیسے قتل کیا ہے؟ قاتل نے کہا کہ میں نے اس کے سر پر تیر مارا تھا اور میرا ارادہ قتل کرنے کا نہ تھا۔

وَلَمْ اُرِدْ قَتْلَهٗ قَالَ هَلْ لَكَ مَالٌ تُؤَدِّيْ دِيَتَهٗ قَالَ لَا قَالَ اَفَرَاَيْتَكَ اِنْ اَرْسَلْتُكَ تَسْأَلُ النَّاسَ تَجْمَعُ دِيَتَهٗ قَالَ لَا قَالَ فَمَوَالِيْكَ يُعْطُوْنَكَ قَالَ لَا قَالَ لِلرَّجُلِ خُذْهُ فَخَرَجَ بِهٖ لِيَقْتُلَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَا اِنَّهٗ اِنْ قَتَلَهٗ كَانَ مِثْلَهٗ فَبَلَغَ بِهِ الرَّجُلَ حَيْثُ يَسْمَعُ قَوْلَهٗ فَقَالَ هُوَذَا فَمُرْ فِيْهِ مَا شِئْتَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْسِلْهُ يَبُوْءُ بِاِثْمِ صَاحِبِهٖ وَاِثْمِهٖ فَيَكُوْنُ مِنْ اَصْحَابِ النَّارِ فَاَرْسَلَهٗ۔

۱۰۸۹۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا حَمَّادٌ قَالَ نَا مُحَمَّدٌ يَعْنِيْ ابْنَ اِسْحٰقَ فَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ سَمِعْتُ زِيَادَ ابْنَ ضُمَيْرَةَ ح وَنَا وَهْبُ بْنُ بَيَانٍ وَاَحْمَدُ ابْنُ سَعِيْدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَا نَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي الزِّنَادِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ اَنَّهٗ سَمِعَ زِيَادَ ابْنَ سَعْدِ بْنِ ضُمَيْرَةَ السُّلَمِيَّ وَهٰذَا حَدِيْثُ وَهْبٍ وَهُوَ اَتَمُّ يُحَدِّثُ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ مُوْسٰى وَجَدِّهٖ وَكَانَا شَهِدَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُنَيْنًا ثُمَّ رَجَعْنَا اِلٰى حَدِيْثِ وَهْبٍ اِنَّ مُحَلِّمَ ابْنَ جَثَّامَةَ اللَّيْثِيَّ قَتَلَ رَجُلًا مِنْ اَشْجَعَ فِي الْاِسْلَامِ وَذٰلِكَ اَوَّلُ غِيَرٍ قَضٰى بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَكَلَّمَ عُيَيْنَةُ فِيْ قَتْلِ الْاَشْجَعِيِّ لِاَنَّهٗ مِنْ غَطَفَانَ وَتَكَلَّمَ الْاَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ دُوْنَ مُحَلِّمٍ لِاَنَّهٗ مِنْ خِنْدِفٍ فَارْتَفَعَتِ الْاَصْوَاتُ وَكَثُرَتِ الْخُصُوْمَةُ وَاللَّغَطُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

فرمایا کیا تمہارے پاس دِیَت ادا کرنے کے لیے مال ہے؟ عرض کی، نہیں۔ فرمایا اگر میں تمہیں چھوڑ دوں تو لوگوں سے قرض لے کر دِیَت جمع کر سکتے ہو؟ عرض کی، نہیں۔ فرمایا کیا تمہارے مالک اِسے دیت ادا کر دیں گے؟ عرض کی، نہیں، مقتول سے فرمایا کہ اسے قتل کرنے کے لیے لے جاؤ۔ چنانچہ رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر اس نے دشمنی کو قتل کیا تو اُسی کے مانند ہو جائے گا۔ یہ ارشاد اُس شخص نے بھی سُن لیا اور واپس آ کر عرض گزار ہُوا :۔ یہ حاضر ہے، آپ جو چاہیں حکم فرمائیں۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے چھوڑ دو کیونکہ مقتول کا اور اس کا گناہ اِسی کے سر ہے گا جس سے جہنم میں جائیگا۔ چنانچہ اُسے چھوڑ دیا۔

موسیٰ بن اسمٰعیل، حماد، محمد بن اسحاق، محمد بن جعفر بن زُبیر، حضرت زیاد بن ضُمیرہ —— وہب بن بیان اور احمد بن سعید ہمدانی، ابن وہب، عبدالرحمٰن بن ابوالزناد، عبدالرحمٰن بن حارث، محمد بن جعفر، زیاد بن سعد بن ضمیرہ سلمی سے روایت ہے۔ یہ حدیثِ وہب ہے جو بہت مکمل ہے۔ نیز عروہ بن زبیر اپنے والدِ ماجد سے روایت کرتے ہیں۔ موسیٰ راوی کا بیان ہے کہ اُن کے والدِ ماجد دونوں رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے ساتھ غزوۂ حنین میں شریک تھے۔ پھر ہم حدیثِ وہب کی طرف لوٹتے ہیں کہ حضرت محلّم ابن جثامہ لیثی نے بنی اشجع کے ایک آدمی کو اسلام کی حالت میں قتل کر دیا اور یہ پہلا واقعہ ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے دِیَت کا فیصلہ فرمایا۔ پس قتل ہونے والے اشجعی کی طرف سے حضرت عُیَینہ نے گفتگو کی اور حضرت محلّم کی طرف سے حضرت اقرع بن حابس نے کیوں کہ وہ خندف سے تھے۔ پس آوازیں بلند ہو گئیں اور خوب شور و غُل ہُوا۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا :۔ اے عُیَینہ! کیا تم دِیَت قبول کرتے ہو؟ حضرت عُیَینہ عرض گزار

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عُيَيْنَةُ أَلَا تَقْبَلُ الْغِيَرَ فَقَالَ عُيَيْنَةُ لَا وَاللهِ حَتّٰى أُدْخِلَ عَلٰى نِسَائِهِ مِنَ الْحَرْبِ وَالْحُزْنِ مَا أَدْخَلَ عَلٰى نِسَائِي قَالَ ثُمَّ ارْتَفَعَتِ الْأَصْوَاتُ وَكَثُرَتِ الْخُصُومَةُ وَاللَّغَطُ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عُيَيْنَةُ أَلَا تَقْبَلُ الْغِيَرَ فَقَالَ عُيَيْنَةُ مِثْلَ ذٰلِكَ أَيْضًا إِلٰى أَنْ قَامَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي لَيْثٍ يُقَالُ لَهُ مُكَيْتِلٌ عَلَيْهِ شِكَّةٌ وَفِي يَدِهِ دَرَقَةٌ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ إِنِّي لَمْ أَجِدْ لِمَا فَعَلَ هٰذَا فِي غُرَّةِ الْإِسْلَامِ مَثَلًا إِلَّا غَنَمًا وَرَدَتْ فَرُمِيَ أَوَّلُهَا فَنَفَرَ آخِرُهَا اسْنُنِ الْيَوْمَ وَغَيِّرْ غَدًا فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَمْسُونَ فِي فَوْرِنَا هٰذَا وَخَمْسُونَ إِذَا رَجَعْنَا إِلَى الْمَدِينَةِ وَذٰلِكَ فِي بَعْضِ أَسْفَارِهِ وَمُحَلِّمٌ رَجُلٌ طَوِيلٌ آدَمُ وَهُوَ فِي طَرَفِ النَّاسِ فَلَمْ يَزَالُوا حَتّٰى تَخَلَّصَ فَجَلَسَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَيْنَاهُ تَدْمَعَانِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ إِنِّي قَدْ فَعَلْتُ الَّذِي بَلَغَكَ وَإِنِّي أَتُوبُ إِلَى اللهِ فَاسْتَغْفِرِ اللهَ لِي يَا رَسُولَ اللهِ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقَتَلْتَهُ بِسِلَاحِكَ فِي غُرَّةِ الْإِسْلَامِ اللّٰهُمَّ لَا تَغْفِرْ لِمُحَلِّمٍ بِصَوْتٍ عَالٍ زَادَ أَبُو سَلَمَةَ فَقَامَ وَإِنَّهُ لَيَتَلَقّٰى دُمُوعَهُ بِطَرَفِ رِدَائِهِ قَالَ ابْنُ إِسْحٰقَ فَزَعَمَ قَوْمُهُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَغْفَرَ لَهُ بَعْدَ ذٰلِكَ۔

باب ۳۶۳ وَلِيُّ الْعَمْدِ يَأْخُذُ الدِّيَةَ۔

۱۰۹۰۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ نَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ حَدَّثَنِي

ہوئے ۔ نہیں، خدا کی قسم، جب تک اِن کی عورتوں کو بھی وہی رنج و غم نہ پہنچے جو ہماری عورتوں کو پہنچا ہے ۔ راوی کا بیان ہے کہ پھر آوازیں بلند ہوگئیں، اور بڑا شور و غل ہُوا ۔ چنانچہ رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا :۔ اے عُیَینہ ! کیا تم دیت قبول کرتے ہو؟ حضرت عیینہ نے وہی پہلے والا جواب دیا تو بنی لیث کا ایک آدمی کھڑا ہوگیا جس کو مُکَیتل کہا جاتا تھا ۔ اُس نے ہتھیار سجائے ہوئے تھے اور سپر اُس کے ہاتھ میں تھی ۔ وہ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ ! اسلام کے اس ابتدائی دَور میں جو کچھ کیا جا رہا ہے میں اُس کی مثال نہیں پاتا مگر یہ جیسے بکریاں گھاٹ پر پانی پینے گئیں ۔ کسی نے اگلی کو تیر مارا تو پچھلی بکریاں بھی دوڑ گئیں ۔ ہم آج ایک راستہ نکالتے ہیں اور اگلے روز اُسے بدل دیتے ہیں ۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پچاس اونٹ ابھی ادا کیے جائیں اور پچاس ہمارے مدینہ منورہ پہنچنے پر اور یہ دورانِ سفر کی بات ہے ۔ حضرت مُحلّم دراز قد اور گندمی رنگ والے تھے ۔ وہ ابھی تک لوگوں سے پرے تھے لہٰذا اُنہیں چھوڑ دیا گیا ۔ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے بیٹھ گئے اور اُن کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے ۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ ! میں نے جو کچھ کیا وہ آپکو معلوم ہے ۔ میں اللہ تعالیٰ کے حضور میں توبہ کرتا ہوں لہٰذا یا رسول اللہ ! آپ بھی میرے لئے دعاءِ مغفرت فرمادیں ۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا : کیا تم نے اُسے اپنے ہتھیاروں کے ساتھ اسلام کے ابتدائی دَور میں قتل کر دیا اور اونچی آواز کہا : اے اللہ ! مُحلّم کو نہ بخشنا ۔ ابو سلمہ نے یہ بھی کہا کہ وہ اپنی چادر کے ایک کونے سے اپنے آنسو پونچھ رہے تھے ۔ ابن اسحاق نے کہا کہ اُنکی قوم کے خیال میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے بعد اُن کیلئے دعاءِ مغفرت کر دی تھی ۔

مقتول کا وارث اگر دیت لے

سعید بن ابو سعید کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابو شریح کعبی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ

سَعِيدُ بْنُ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا شُرَيْحٍ الْكَعْبِيَّ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا إِنَّكُمْ مَعْشَرَ خُزَاعَةَ قَتَلْتُمْ هَذَا الْقَتِيلَ مِنْ هُذَيْلٍ وَإِنِّي عَاقِلُهُ فَمَنْ قُتِلَ لَهُ بَعْدَ مَقَالَتِي هَذِهِ قَتِيلٌ فَأَهْلُهُ بَيْنَ خِيَرَتَيْنِ أَنْ يَأْخُذُوا الْعَقْلَ أَوْ يَقْتُلُوا۔

۱۰۹۱۔ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ أَخْبَرَنِي أَبِي نَا الْأَوْزَاعِيُّ حَدَّثَنِي يَحْيَى ح وَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنِي أَبُو دَاوُدَ نَا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ نَا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ حَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ نَا أَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ لَمَّا فُتِحَتْ مَكَّةُ قَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَنْ قُتِلَ لَهُ قَتِيلٌ فَهُوَ بِخَيْرِ النَّظَرَيْنِ إِمَّا أَنْ يُودَى وَإِمَّا أَنْ يُقَادَ فَقَامَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْيَمَنِ يُقَالُ لَهُ أَبُو شَاهٍ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ اكْتُبْ لِي قَالَ الْعَبَّاسُ اكْتُبُوا لِأَبِي شَاهٍ وَهَذَا لَفْظُ حَدِيثِ أَحْمَدَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ اكْتُبُوا لِي يَعْنِي خُطْبَةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :- سُن لو خزاعہ کے لوگو! تم نے ہذیل کے ایک آدمی کو قتل کیا ہے اور میں اُس کی دِیت دلاتا ہوں اور اس مقتول کے متعلق میرے یہ کہنے کے بعد جس کو قتل کیا گیا تو اُس کے وارثوں کو دونوں اختیار حاصل ہوں گے کہ وہ دِیت لیں یا قاتل کو قتل کریں (قصاص میں)۔

عباس بن ولید، اُن کے والدِ ماجد، اوزاعی —— احمد بن ابراہیم، ابوداؤد، حرب بن شداد، یحییٰ بن ابوکثیر، ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا :- جب مکہ مکرمہ فتح ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور فرمایا :- جس کا کوئی آدمی قتل کر دیا گیا ہو تو اُسے اختیار ہے کہ دِیت وصول کرے یا قصاص لے۔ چنانچہ اہلِ یمن سے ایک آدمی کھڑا ہو گیا جس کو ابوشاہ کہا جاتا تھا۔ وہ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! میرے لیے لکھ دیجیے۔ عباس راوی کا بیان ہے :- میرے لیے لکھ دیجیے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابوشاہ کے لیے لکھ دو اور یہ لفظ حدیثِ احمد کے ہیں۔ امام ابوداؤد نے فرمایا :- مراد یہ ہے کہ میرے لیے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خطبہ لکھ دیجیے۔

باب ۳۶۴ مَنْ قَتَلَ بَعْدَ أَخْذِ الدِّيَةِ۔

جو دِیت لینے کے بعد قتل کر دے

۱۰۹۲۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا حَمَّادٌ أَخْبَرَنَا مَطَرٌ الْوَرَّاقُ وَأَحْسِبُهُ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا أُعْفِي مَنْ قَتَلَ بَعْدَ أَخْذِ الدِّيَةِ۔

موسیٰ بن اسمٰعیل، حماد، مطر الوراق، حسن نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :- جو دِیت لینے کے بعد قتل کرے میں اُسے نہیں چھوڑوں گا۔

ف جو مقتول کی دِیت وصول کرے اور اس کے بعد قاتل کو قتل کر دے تو اب وہ قتل ہے جو قصاص شمار نہیں ہو گا کیونکہ قصاص کی جگہ تو وہ دِیت وصول کر چکا ہے۔ اب اُس قاتل کو قتل کرنے والا قاتل ہے جس سے مقتول کے وارث قصاص یا دِیت لینے کے حق دار ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۳۶۵ فِيمَنْ سَقَى رَجُلًا سَمًّا أَوْ أَطْعَمَهُ فَمَاتَ أَيُقَادُ مِنْهُ

۱۰۹۳۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبِ بْنِ عَرَبِيٍّ نَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ نَا شُعْبَةُ عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ امْرَأَةً يَهُودِيَّةً أَتَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَاةٍ مَسْمُومَةٍ فَأَكَلَ مِنْهَا فَجِيءَ بِهَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَهَا عَنْ ذَلِكَ فَقَالَتْ أَرَدْتُ لِأَقْتُلَكَ فَقَالَ مَا كَانَ اللَّهُ لِيُسَلِّطَكِ عَلَى ذَلِكَ أَوْ قَالَ عَلَيَّ قَالَ فَقَالُوا أَلَا نَقْتُلُهَا قَالَ لَا فَمَا زِلْتُ أَعْرِفُهَا فِي لَهَوَاتِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

۱۰۹۴۔ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ نَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ ح وَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ نَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ نَا عَبَّادٌ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدٍ وَأَبِي سَلَمَةَ قَالَ هَارُونُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ امْرَأَةً مِنَ الْيَهُودِ أَهْدَتْ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاةً مَسْمُومَةً قَالَ فَمَا عَرَضَ لَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ هَذِهِ أُخْتُ مَرْحَبٍ الْيَهُودِيَّةُ الَّتِي سَمَّتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

۱۰۹۵۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ نَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ كَانَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ يُحَدِّثُ أَنَّ يَهُودِيَّةً مِنْ أَهْلِ خَيْبَرَ سَمَّتْ شَاةً مَصْلِيَّةً ثُمَّ أَهْدَتْهَا لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخَذَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الذِّرَاعَ فَأَكَلَ مِنْهَا وَأَكَلَ رَهْطٌ مِنْ أَصْحَابِهِ

جو کسی کے زہر پلانے یا کھلانے سے مر جائے، کیا اُس سے قصاص لیا جائے گا۔

ہشام بن زید نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک یہودیہ عورت رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے زہریلا ہُوا بکری کا گوشت لے کر آئی تو آپ نے اُس میں سے کھایا۔ پس اُسے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا تو اُس سے آپ نے اس بارے میں پوچھا۔ اُس نے کہا کہ میں آپ کو قتل کرنا چاہتی تھی۔ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اس بات پر مسلط نہیں کرے گا یا فرمایا کہ میرے اُوپر۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ کیا ہم اسے قتل نہ کر دیں؟ فرمایا نہیں۔ حضرت انس کا بیان ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مسوڑھوں میں ہمیشہ اس کا اثر دیکھتا رہا۔

داؤد بن رشید، عبّاد بن العوام ـــــ ہارون بن عبداللہ، سعید بن سلیمان، عباد، سفیان بن حسین، زہری، سعید اور ابوسلمہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ یہود کی ایک عورت نے بکری کا زہریلا ہوا گوشت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے بطور ہدیہ بھیجا۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے کوئی سزا نہیں دی تھی ـــــ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ وہ یہودیہ مرحب کی بہن تھی جس نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو زہر دیا تھا۔

ابنِ شہاب نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ خیبر والوں میں سے ایک یہودیہ نے بکری کے بھُنے ہوئے گوشت میں زہر ملایا پھر وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے تحفے کے طور پر بھیج دیا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس کی دستی لی اور اُس سے کھانے لگے اور آپ کے اصحاب میں سے چند اور

مَعَهُ فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ارْفَعُوا أَيْدِيَكُمْ وَأَرْسَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْيَهُودِيَّةِ فَدَعَاهَا فَقَالَ أَسَمَمْتِ هَذِهِ الشَّاةَ قَالَتِ الْيَهُودِيَّةُ مَنْ أَخْبَرَكَ قَالَ أَخْبَرَتْنِي هَذِهِ فِي يَدِي لِلذِّرَاعِ قَالَتْ نَعَمْ قَالَ فَمَا أَرَدْتِ إِلَى ذَلِكَ قَالَتْ قُلْتُ إِنْ كَانَ نَبِيًّا فَلَمْ يَضُرَّهُ وَإِنْ لَمْ يَكُنْ نَبِيًّا اسْتَرَحْنَا مِنْهُ فَعَفَا عَنْهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يُعَاقِبْهَا وَتُوُفِّيَ بَعْضُ أَصْحَابِهِ الَّذِينَ أَكَلُوا مِنَ الشَّاةِ وَاحْتَجَمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى كَاهِلِهِ مِنْ أَجْلِ الَّذِي أَكَلَ مِنَ الشَّاةِ حَجَمَهُ أَبُو هِنْدٍ بِالْقَرْنِ وَالشَّفْرَةِ وَهُوَ مَوْلًى لِبَنِي بَيَاضَةَ مِنَ الْأَنْصَارِ۔

بھی کھانے لگے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا:- اپنے ہاتھ روک لو اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس کے پاس ایک آدمی بھیجا جو اُسے بُلا کر لایا۔ آپ نے اُس سے فرمایا:- کیا تم نے اِس گوشت میں زہر ملایا ہے؟ یہودیہ نے کہا:- آپ کو کس نے بتایا؟ فرمایا کہ مجھے اِس دستی نے بتایا ہے جو میرے ہاتھ میں ہے۔ عورت نے کہا، ہاں۔ فرمایا کہ اِس سے تمہارا کیا ارادہ تھا؟ اُس نے کہا کہ اگر آپ نبی ہیں تو آپ کو کوئی نقصان نہیں دے گا اور اگر نبی نہیں ہیں تو ہمیں آپ سے نجات مل جائے گی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے معاف فرما دیا اور اُسے کوئی سزا نہیں دی اور آپ کے وہ اصحاب جنہوں نے وہ گوشت کھایا تھا وہ فوت ہو گئے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس گوشت کے کھانے کی وجہ سے کندھوں کے درمیان پچھنے لگوائے۔ آپ کو ابو ہند نے سینگ اور چھری کے ساتھ پچھنے لگائے جو انصار کے بنی بیاضہ کا آزاد کردہ غلام تھا۔

ف۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب بکری کے بھُنے ہوئے گوشت میں زہر ملا کر بھیجنے والی عورت سے زہر ملانے کی وجہ پوچھی تو اُس نے بتایا کہ زہر ملانے کی وجہ آپ کی نبوت کا امتحان تھا کہ اگر واقعی آپ نبی ہوئے تو زہر آپ کو نقصان نہیں پہنچائے گا اور اگر نبی نہ ہوئے تو یقیناً زہر کا اثر ہو کر رہے گا اور ہم آپ کی طرف سے مطمئن ہو بیٹھیں گے۔ معلوم ہوا کہ اہلِ کتاب خصائصِ نبوت کے قائل تھے اور جانتے تھے کہ نبی اگرچہ دیکھنے میں دوسرے انسانوں جیسے ہی نظر آتے رہے لیکن حقیقت میں اُنہیں کچھ ایسی خصوصیات بھی حاصل ہوتی ہیں جن کے باعث وہ حیرت انگیز صفات کے حامل ہوتے تھے۔ نبی کو صفات کے لحاظ سے عام انسانوں جیسا سمجھنا مقامِ نبوت سے بے خبر ہونے کی دلیل ہے۔ دوسری بات یہ بھی قابلِ غور ہے کہ جب اُس یہودیہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے گوشت میں زہر ملانے کے متعلق پوچھا کہ آپ کو یہ بات کس نے بتائی؟ پروردگارِ عالم کے خلیفۂ اعظم سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ نہیں فرمایا کہ مجھ پر وحی آئی ہے یا مجھے حضرت جبریل علیہ السلام بتا کر گئے ہیں، بلکہ فرمایا کہ "میرے ہاتھ میں دستی کا جو گوشت ہے مجھے اِسی نے بتایا ہے"۔ سبحان اللہ! اگر وہ گوشت بھی ہماری طرح گفتگو کرتا تو یقیناً صحابہ کرام بھی سنتے لیکن گوشت نے جو کچھ بتایا اُسے صرف نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سُنا۔ اُس کلام کو ملّتِ اسلامیہ کے وہ مایۂ ناز سپوت اور اس اُمتِ محمدیہ کے بزرگ ترین افراد بھی نہ سُن سکے۔ اِس کے باوجود جو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سننے اور دیکھنے کو دوسروں انسانوں جیسا ہی سمجھے تو وہ سرے سے مقامِ نبوت ہی کا قائل نہیں یا اُسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بغض و عناد ہے۔ دونوں صورتوں میں وہ اپنی کلمہ گوئی کی نفی کرتا اور اپنے ایمان کا جنازہ نکال دیتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۰۹۶۔ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ نَا خَالِدٌ عَنْ — ابو سلمہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے

مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهْدَتْ لَهُ يَهُودِيَّةٌ بِخَيْبَرَ بِشَاةٍ مَصْلِيَّةٍ نَحْوَ حَدِيثِ جَابِرٍ قَالَ فَمَاتَ بِشْرُ بْنُ الْبَرَاءِ بْنِ مَعْرُورٍ الْأَنْصَارِيُّ فَأَرْسَلَ إِلَى الْيَهُودِيَّةِ مَا حَمَلَكِ عَلَى الَّذِي صَنَعْتِ فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ جَابِرٍ فَأَمَرَ بِهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُتِلَتْ وَلَمْ يَذْكُرْ أَمْرَ الْحِجَامَةِ۔

روایت کی ہے کہ خیبر کے مقام پر ایک یہودیہ نے بھُنا ہوا بکری کا گوشت تحفے کے طور پر پیش کیا۔ آگے حدیث جابر کے مطابق بیان کرتے ہوئے کہا:۔ پس حضرت بشر بن براء بن معرور انصاری فوت ہو گئے۔ آپ نے اُس یہودیہ کو بلایا اور فرمایا کہ تمہیں ایسا کرنے پر کس چیز نے آمادہ کیا؟ آگے حدیث جابر کی طرح بیان کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس کے متعلق حکم فرمایا تو اس عورت کو قتل کر دیا گیا اور اس حدیث میں حضور کے پچھنے لگوانے کا ذکر نہیں کیا۔

ف۔ اس باب کی گزشتہ تمام احادیث میں ہے کہ بکری کے گوشت میں زہر ملا کر پیش کرنے والی یہودیہ کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے باز پرس کے بعد چھوڑ دیا اور اسے کوئی سزا نہ دی لیکن اس حدیث میں ہے کہ آپ کے حکم سے اُسے قتل کیا گیا۔ یہ دونوں متضاد نظر آتی ہیں۔ احقر کی نظر میں مطابقت کی ایک صورت یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہودیہ کو بُلا کر استفسار فرمایا اور اس کے وجہ بتانے نیز اقرارِ جرم کر لینے پر آپ نے اُسے گزشتہ احادیث کے مطابق واقعی کوئی سزا نہ دی بلکہ چھوڑ دیا۔ اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ اس گوشت کے کھانے والے صحابہ کرام میں سے حضرت بشر بن براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ زہر کے باعث فوت ہو گئے تو ان کے قصاص میں اُس یہودیہ کو قتل کر دینے کا حکم فرمایا ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ ۳۶۷ مَنْ قَتَلَ عَبْدَهُ أَوْ مَثَّلَ بِهِ أَيُقَادُ مِنْهُ۔

جس نے اپنے غلام کو قتل کیا یا اُس کا عضو کاٹا، کیا اُس سے قصاص لیا جائے گا۔

۱۰۹۷۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ح وَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَتَلَ عَبْدَهُ قَتَلْنَاهُ وَمَنْ جَدَعَ عَبْدَهُ جَدَعْنَاهُ۔

علی بن الجعد، شعبہ، ــــ موسیٰ بن اسمٰعیل، حماد، قتادہ، حسن نے حضرت سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے غلام کو قتل کیا تو ہم اُسے قتل کریں گے اور جس نے اپنے غلام کا کوئی عضو کاٹا تو ہم اس کا وہ عضو کاٹیں گے۔

۱۰۹۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى نَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ قَتَادَةَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ خَصَى عَبْدَهُ خَصَيْنَاهُ ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَ حَدِيثِ شُعْبَةَ وَحَمَّادٍ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَرَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ مِثْلَ حَدِيثِ مُعَاذٍ۔

معاذ بن ہشام کے والدِ ماجد نے قتادہ سے اپنی اسناد کے ساتھ معناً اسے روایت کرتے ہوئے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے غلام کو خصی کیا تو ہم اُسے خصی کریں گے۔ پھر حدیث شعبہ و حماد کی طرح بیان کی ــــ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ ابو داؤد طیالسی نے بھی حدیث معاذ کی طرح روایت کی ہے۔

۱۰۹۹۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا سَعِيدُ بْنُ

ابن ابو عروبہ نے قتادہ سے شعبہ کی اسناد کے ساتھ

عَامِرٍ عَنِ ابْنِ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ بِإِسْنَادِ شُعْبَةَ مِثْلَهُ زَادَ ثُمَّ إِنَّ الْحَسَنَ نَسِيَ هٰذَا الْحَدِيثَ فَكَانَ يَقُولُ لَا يُقْتَلُ حُرٌّ بِعَبْدٍ۔

اسی طرح روایت کی اور اس میں یہ بھی ہے کہ پھر حسن اس حدیث کو بھول گئے اور کہا کرتے کہ غلام کے بدلے آزاد کو قتل نہیں کیا جائے گا۔

۱۱۰۰۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا هِشَامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ لَا يُقَادُ الْحُرُّ بِالْعَبْدِ۔

مسلم بن ابراہیم، ہشام، قتادہ، حسن نے فرمایا کہ غلام کے بدلے آزاد کو قتل نہ کیا جائے۔

۱۱۰۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ تَسْنِيمٍ الْعَتَكِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ أَنَا سَوَّارٌ أَبُو حَمْزَةَ نَا عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ مُسْتَصْرِخٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ جَارِيَةٌ لَهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَقَالَ وَيْحَكَ مَالَكَ فَقَالَ شَرٌّ أَبْصَرَ لِسَيِّدِهِ جَارِيَةً لَهُ فَغَارَ فَجَبَّ مَذَاكِيرَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيَّ بِالرَّجُلِ فَطُلِبَ فَلَمْ يُقْدَرْ عَلَيْهِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اذْهَبْ أَنْتَ حُرٌّ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ عَلَى مَنْ نُصْرَتِي قَالَ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ أَوْ قَالَ عَلَى كُلِّ مُؤْمِنٍ۔

عمرو بن شعیب کے والد ماجد سے اُن کے والدِ محترم نے فرمایا:۔ ایک آدمی چلاتا ہُوا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہُوا:۔ یا رسول اللہ! اُس کی لونڈی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ ارے تمہیں کیا ہُوا؟ لونڈی کے مالک نے دیکھ لیا کہ میں نے اُسے بُری نگاہ سے دیکھا ہے تو غیرت کھا کر اُس نے میرا ذکر کاٹ دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں تمہاری مدد کروں گا چنانچہ اُسے بلایا گیا لیکن نہ لا سکے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جاؤ تم آزاد ہو۔ عرض کی یا رسول اللہ! میری مدد کس پر لازم ہے؟ فرمایا ہر مسلمان پر یا فرمایا ہر صاحبِ ایمان پر۔

پارہ ـــــ ٢٩

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

بَابٌ ٣٦٦ اَلْقَسَامَةِ

قسامت کا بیان

١١٠٢- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَيْسَرَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْمَعْنَى قَالَا أَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ وَرَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ أَنَّ مُحَيِّصَةَ بْنَ مَسْعُودٍ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَهْلٍ انْطَلَقَا قِبَلَ خَيْبَرَ فَتَفَرَّقَا فِي النَّخْلِ فَقُتِلَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَهْلٍ فَاتَّهَمُوا الْيَهُودَ فَجَاءَ أَخُوهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَهْلٍ وَابْنَا عَمِّهِ حُوَيِّصَةُ وَمُحَيِّصَةُ فَأَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَكَلَّمَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ فِي أَمْرِ أَخِيهِ وَهُوَ أَصْغَرُهُمْ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكُبْرَ الْكُبْرَ أَوْ قَالَ لِيَبْدَإِ الْأَكْبَرُ فَتَكَلَّمَا فِي أَمْرِ صَاحِبِهِمَا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقْسِمُ خَمْسُونَ مِنْكُمْ عَلَى رَجُلٍ مِنْهُمْ فَيُدْفَعُ بِرُمَّتِهِ فَقَالُوا أَمْرٌ لَمْ نَشْهَدْهُ كَيْفَ نَحْلِفُ قَالَ فَتُبَرِّئُكُمْ يَهُودُ بِأَيْمَانِ خَمْسِينَ مِنْهُمْ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَوْمٌ كُفَّارٌ قَالَ فَوَدَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ قِبَلِهِ قَالَ سَهْلٌ دَخَلْتُ مِرْبَدًا لَهُمْ يَوْمًا فَرَكَضَتْنِي نَاقَةٌ مِنْ تِلْكَ الْإِبِلِ بِرِجْلِهَا قَالَ حَمَّادٌ هٰذَا أَوْ نَحْوَهُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ وَمَالِكٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ قَالَ فِيهِ أَتَحْلِفُونَ خَمْسِينَ يَمِينًا وَتَسْتَحِقُّونَ دَمَ صَاحِبِكُمْ أَوْ قَاتِلِكُمْ وَلَمْ يَذْكُرْ بِشْرٌ دَمًا وَقَالَ عَبْدَةُ عَنْ يَحْيَى كَمَا قَالَ حَمَّادٌ وَرَوَاهُ ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ يَحْيَى

بشیر بن یسار نے حضرت سہل بن ابو حثمہ رضی اللہ تعالٰے عنہ اور حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کی ہے کہ حضرت محیصہ بن مسعود اور حضرت عبداللہ بن سہل دونوں خیبر کی جانب گئے تو باغات میں دونوں جدا ہو گئے۔ پس حضرت عبداللہ بن سہل کو قتل کر دیا گیا تو انہوں نے یہود پر الزام رکھا۔ چنانچہ اُن کا بھائی حضرت عبدالرحمٰن بن سہل اور اُن کے چچا زاد بھائی حضرت حویصہ اور حضرت محیصہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے۔ حضرت عبدالرحمٰن اپنے بھائی کے بارے میں گفتگو کرنے لگے اور وہ اُن میں سب سے چھوٹے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا کہ بڑا ہی بڑا ہے یعنی بڑا گفتگو کرے۔ پس اُن دونوں نے اپنے ساتھی کے متعلق گفتگو کی۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا:۔ تم میں سے پچاس آدمی قسم کھائیں ان کے کسی کو مجرم قرار دے کر تاکہ وہ اپنا [illegible] کرے۔ عرض گزار ہوئے کہ جب ہم اُس وقت موجود نہیں تھے تو قسم کس طرح کھائیں۔ فرمایا تو یہود اپنے پچاس آدمیوں کی قسم دے کر تم سے پلا چھڑا لیں گے۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! وہ لوگ تو کافر ہیں۔ راوی کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے اپنی جانب سے دیت ادا فرما دی۔ حضرت سہل کا بیان ہے کہ ایک روز میں اُن کے شتر خانے میں داخل ہوا تو اُن اونٹوں میں سے ایک اونٹنی نے مجھے لات ماری تھی۔ حماد نے اسی طرح کہا یا اس کے لگ بھگ ـــــ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے بشر بن مفضل اور مالک نے یحیٰی بن سعید سے اور اس میں کہا:۔ کیا تم پچاس قسمیں کھا کر قاتل پر اپنے ساتھی کے خون کا حق ثابت کرتے ہو! بشر نے خون کا ذکر نہیں کیا جبکہ دوسرے حضرات نے یحیٰی سے روایت کرتے

فَبَدَأَ بِقَوْلِهِ تُبَرِّئُكُمْ يَهُودُ بِخَمْسِينَ يَمِينًا يَحْلِفُونَ وَلَمْ يَذْكُرِ الِاسْتِحْقَاقَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ هَذَا وَهْمٌ مِنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ ۔

۱۱۰۳۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ أَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي مَالِكٌ عَنْ أَبِي لَيْلَى بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَهْلٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ أَنَّهُ أَخْبَرَهُ هُوَ وَرِجَالٌ مِنْ كُبَرَاءِ قَوْمِهِ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ سَهْلٍ وَمُحَيِّصَةَ خَرَجَا إِلَى خَيْبَرَ مِنْ جَهْدٍ أَصَابَهُمْ فَأُتِيَ مُحَيِّصَةُ فَأُخْبِرَ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ سَهْلٍ قَدْ قُتِلَ وَطُرِحَ فِي فَقِيرٍ أَوْ عَيْنٍ فَأَتَى يَهُودَ فَقَالَ أَنْتُمْ وَاللَّهِ قَتَلْتُمُوهُ قَالَ وَاللَّهِ مَا قَتَلْنَاهُ فَأَقْبَلَ حَتَّى قَدِمَ عَلَى قَوْمِهِ فَذَكَرَ لَهُمْ ذَلِكَ ثُمَّ أَقْبَلَ هُوَ وَأَخُوهُ حُوَيِّصَةُ وَهُوَ أَكْبَرُ مِنْهُ وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَهْلٍ فَذَهَبَ مُحَيِّصَةُ لِيَتَكَلَّمَ وَهُوَ الَّذِي كَانَ بِخَيْبَرَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَبِّرْ كَبِّرْ يُرِيدُ السِّنَّ فَتَكَلَّمَ حُوَيِّصَةُ ثُمَّ تَكَلَّمَ مُحَيِّصَةُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِمَّا أَنْ يَدُوا صَاحِبَكُمْ وَإِمَّا أَنْ يُؤْذِنُوا بِحَرْبٍ فَكَتَبَ إِلَيْهِمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذَلِكَ فَكَتَبُوا إِنَّا وَاللَّهِ مَا قَتَلْنَاهُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحُوَيِّصَةَ وَمُحَيِّصَةَ وَعَبْدِ الرَّحْمَنِ أَتَحْلِفُونَ وَتَسْتَحِقُّونَ دَمَ صَاحِبِكُمْ قَالُوا لَا قَالَ فَتَحْلِفُ لَكُمْ يَهُودُ قَالُوا لَيْسُوا مُسْلِمِينَ فَوَدَاهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِنْدِهِ فَبَعَثَ إِلَيْهِمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِائَةِ نَاقَةٍ حَتَّى أُدْخِلَتْ عَلَيْهِمُ الدَّارَ قَالَ سَهْلٌ لَقَدْ رَكَضَتْنِي مِنْهَا نَاقَةٌ حَمْرَاءُ ۔

ہوئے حماد کی طرح کہا ہے۔ اور ابن عیینہ نے اسے یحییٰ سے روایت کرتے ہوئے اس ارشاد سے ابتدا کی: یہودی پچاس قسمیں کھا کر تم سے پلا چھڑا لیں گے اور استحقاق کا ذکر نہیں کیا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یہ ابن عیینہ کا وہم ہے۔

ابو لیلیٰ بن عبداللہ بن نے حضرت سہل بن ابو حثمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ان کی قوم کے بڑوں میں سے حضرت عبداللہ بن سہل اور حضرت محیصہ معاشی بدحالی کے باعث خیبر کی جانب گئے۔ حضرت محیصہ کو معلوم ہوا کہ حضرت عبداللہ بن سہل کو قتل کر کے کنوئیں یا چشمے میں ڈال دیا گیا ہے۔ انہوں نے یہود کے پاس پہنچ کر کہا کہ خدا کی قسم، تم نے انہیں قتل کیا ہے۔ انہوں نے کہا: خدا کی قسم، ہم نے انہیں قتل نہیں کیا۔ چنانچہ وہ اپنی قوم کے پاس آئے اور اس بات کا ذکر کیا۔ پھر وہ اور ان کے بھائی حضرت حویصہ جو ان سے بڑے تھے اور حضرت عبدالرحمٰن بن سہل حاضرِ بارگاہ ہوئے۔ پس حضرت محیصہ بات کرنے لگے کیونکہ خیبر وہی گئے تھے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بڑا ہی بڑا ہے یعنی عمر میں۔ پس حضرت حویصہ نے گفتگو کی اور پھر حضرت محیصہ نے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ تمہارے ساتھی کی دیت ادا کریں یا لڑنے کے لیے تیار رہیں لہٰذا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس بارے میں ان کے لیے خط لکھا تو جواباً انہوں نے لکھا کہ خدا کی قسم، ہم نے انہیں قتل نہیں کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت حویصہ، حضرت محیصہ اور حضرت عبدالرحمٰن سے فرمایا: کیا تم قسم اٹھا کر اپنے ساتھی کا حق ثابت کرو گے؟ عرض گزار ہوئے، نہیں۔ فرمایا تو یہود تمہیں قسم دیں گے۔ عرض کی کہ وہ تو مسلمان نہیں ہیں۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے پاس سے دیت ادا کی اور ان کی طرف رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سو اونٹ بھیجے اور ان کے گھر میں داخل کر دیئے۔ حضرت سہل کا بیان ہے کہ ان میں سے ایک سرخ اونٹنی نے مجھے لات ماری تھی۔

ف :- قسامت زمانۂ جاہلیت کی ایک رسم تھی کہ اگر کسی آدمی کو قتل کر دیا گیا ہو اور اُس کی لاش کسی محلے میں ملے ۔ اہلِ محلہ اُس کے قاتل ہونے سے انکار کرتے ہیں تو اُن میں سے پچاس آدمی اِس بات کی قسم دیں گے کہ ہم میں سے کسی فرد نے اِسے قتل نہیں کیا اور نہ ہمارے کسی فرد کو اِس کے قاتل کا علم ہے ۔ اگر وہ ایسی قسم دیں تو قتل کے الزام سے بری ہو جائیں گے ۔ اگر وہ قسم نہ دیں تو مقتول کے وارث پچاس قسمیں دیں گے کہ اِسی محلے والوں نے ہمارے اِس آدمی کو قتل کیا ہے اور اِس طرح وہ خون کا بدلہ لینے کے مستحق ہو جائیں گے ۔ جاہلیت کی اِس رسم کو نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے اسلام میں بھی برقرار رکھا ۔ آئمۂ مجتہدین کے درمیان اِس میں اختلاف ہے کہ فریقین میں سے پہلے کون قسم دے ۔ امام شافعی اور امام احمد بن حنبل کا مذہب یہ ہے کہ پہلے مقتول کے وارث قسم دے کر اپنے بھائی کے خون کا حق ثابت کریں ۔ امام اعظم ابوحنیفہ اور امام مالک کے نزدیک پہلے اہلِ محلہ ہی قسم دیں گے کیونکہ الزام قتل اُن پر ہے ۔ زیادہ مضبوط یہی مذہب نظر آتا ہے کیونکہ تمام جھگڑوں کے اندر یہ حکم اصل کا درجہ رکھتا ہے کہ البینۃ علی المدعی والیمین علی من انکر ۔ لہٰذا جب مدعی یعنی ورثائے مقتول کے پاس گواہ نہیں ہیں تو اہلِ محلہ ہی قسمیں کھائیں ۔ دوسرا اختلاف اِس مسئلے میں یہ ہے کہ اگر دعویٰ قتلِ عمد کا ہو تو امام مالک کے نزدیک قصاص لازم آتا ہے جبکہ امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک دعویٰ خواہ قتلِ عمد کا ہو یا قتلِ خطا کا دونوں صورتوں میں دیت ہی لازم آتی ہے ۔ واللہ تعالےٰ اعلم ۔

۱۱۰۴ - حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ خَالِدٍ وَكَثِيْرُ بْنُ عُبَيْدٍ قَالَا نَا ح وَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ بْنِ سُفْيَانَ اَنَا الْوَلِيْدُ عَنْ اَبِيْ عَمْرٍو عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَتَلَ بِالْقَسَامَةِ رَجُلًا مِّنْ بَنِيْ نَضْرِ بْنِ مَالِكٍ بِبَحْرَةِ الرُّغَا عَلٰى شَطِّ لِيَّةِ الْبَحْرَةِ قَالَ الْقَاتِلُ وَالْمَقْتُوْلُ مِنْهُمْ وَهٰذَا لَفْظُ مَحْمُوْدٍ بِبَحْرَةٍ اَقَامَهٗ مَحْمُوْدٌ وَحْدَهٗ عَلٰى شَطِّ لِيَّةِ الْبَحْرَةِ ۔

محمود بن خالد اور کثیر بن عبید ——— محمد بن صباح ابن سفیان ، ولید ، ابوعمر ، عمرو بن شعیب کے والدِ ماجد نے اپنے والدِ محترم سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے بنی نضر بن مالک کے ایک آدمی کو بحرۃ الرغا کے مقام پر لیۃ البحر کے کنارے قسامت میں قتل کیا ۔ راوی کا بیان ہے کہ قاتل و مقتول اُسی قوم کے تھے اور بحرۃ کا لفظ محمود کا ہے اور شط لیۃ البحر کہنے میں محمود بن خالد تنہا ہے ۔

باب ۳۶۸ - فِيْ تَرْكِ الْقَوَدِ بِالْقَسَامَةِ

قسامت میں قصاص نہ لینے کا بیان

۱۱۰۵ - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ الزَّعْفَرَانِيُّ نَا اَبُوْ نُعَيْمٍ نَا سَعِيْدُ بْنُ عُبَيْدٍ الطَّائِيُّ عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ زَعَمَ اَنَّ رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ يُقَالُ لَهٗ سَهْلُ بْنُ اَبِيْ حَثْمَةَ اَخْبَرَهٗ اَنَّ نَفَرًا مِّنْ قَوْمِهٖ انْطَلَقُوْا اِلٰى خَيْبَرَ فَتَفَرَّقُوْا فِيْهَا فَوَجَدُوْا اَحَدَهُمْ قَتِيْلًا فَقَالُوْا لِلَّذِيْنَ وَجَدُوْهُ عِنْدَهُمْ قَتَلْتُمْ صَاحِبَنَا فَقَالُوْا مَا قَتَلْنَاهُ وَلَا عَلِمْنَا قَاتِلًا فَانْطَلَقْنَا اِلٰى نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

بشیر بن یسار نے ایک انصاری سے روایت کی جنہیں حضرت سہل بن ابو حثمہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کہا جاتا تھا ۔ انہوں نے بتایا کہ اُن کی قوم کے کچھ لوگ خیبر کی طرف گئے اور وہاں جدا ہو گئے انہوں نے اپنے ایک ساتھی کو پایا کہ قتل کر دیا گیا ہے ۔ جو لوگ مقتول کے پاس تھے انہوں نے اُن سے کہا کہ تم نے ہمارے ساتھی کو قتل کیا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے اِسے قتل نہیں کیا اور نہ ہمیں قاتل کا کوئی علم ہے ۔ پس ہم نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو گئے ۔ آپ نے اُن سے

وَسَلَّمَ قَالَ فَقَالَ لَهُمْ تَأْتُونِي بِالْبَيِّنَةِ عَلَى مَنْ قَتَلَ قَالُوا مَا لَنَا بَيِّنَةٌ قَالَ فَيَحْلِفُونَ لَكُمْ قَالُوا لَا نَرْضَى بِأَيْمَانِ الْيَهُودِ فَكَرِهَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُبْطِلَ دَمَهُ فَوَدَاهُ مِائَةً مِنْ إِبِلِ الصَّدَقَةِ۔

فرمایا کہ جس نے قتل کیا ہے اُس کے خلاف گواہ لاؤ۔ عرض گزار ہوئے کہ ہمارا گواہ تو کوئی نہیں۔ فرمایا تو وہ (یہودی) تمہیں قسم دیں گے۔ عرض گزار ہوئے کہ ہم یہودیوں کی قسم سے مطمئن نہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے یہ ناپسند فرمایا کہ اُن کا خون رائگاں جائے۔ پس زکوٰۃ کے اونٹوں میں سے آپ نے سو اونٹ دیت میں ادا کر دیئے۔

۱۱۰۶۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَاشِدٍ أَنَا هُشَيْمٌ عَنْ أَبِي حَيَّانَ التَّيْمِيِّ نَا عَبَادَةُ بْنُ رِفَاعَةَ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ قَالَ أَصْبَحَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ مَقْتُولًا بِخَيْبَرَ فَانْطَلَقَ أَوْلِيَاؤُهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرُوا ذَلِكَ لَهُ فَقَالَ لَكُمْ شَاهِدَانِ يَشْهَدَانِ عَلَى قَتْلِ صَاحِبِكُمْ قَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ لَمْ يَكُنْ ثَمَّ أَحَدٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ وَإِنَّمَا هُمْ يَهُودُ وَقَدْ يَجْتَرِئُونَ عَلَى أَعْظَمَ مِنْ هَذَا قَالَ فَاخْتَارُوا مِنْهُمْ خَمْسِينَ فَاسْتَحْلِفُوهُمْ فَأَبَوْا فَوَدَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِنْدِهِ۔

عبادہ بن رفاعہ سے روایت ہے کہ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالٰے عنہ نے فرمایا۔ انصار کے ایک آدمی کو خیبر میں قتل کر دیا گیا تو اُس کے وارث نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے، اِس بات کا آپ سے ذکر کیا تو آپ نے فرمایا، تمہارے پاس دو گواہ ہیں جو تمہارے آدمی کے قتل کی گواہی دیں؟ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! وہاں مسلمان تو ایک بھی نہیں تھا اور یہودی اِس سے بھی بڑے کام کی جرأت کر سکتے ہیں۔ فرمایا تو اُن میں سے پچاس آدمی چن لو جو تمہیں قسم دیں۔ انہوں نے انکار کیا تو نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے اپنے پاس سے دیت ادا کر دی۔

۱۱۰۷۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى الْحَرَّانِيُّ نَا مُحَمَّدٌ يَعْنِي ابْنَ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ابْنِ بُجَيْدٍ قَالَ إِنَّ سَهْلًا وَاللَّهِ أَوْهَمَ الْحَدِيثَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ إِلَى الْيَهُودِ أَنَّهُ قَدْ وُجِدَ بَيْنَ أَظْهُرِكُمْ قَتِيلٌ فَدُوهُ فَكَتَبُوا يَحْلِفُونَ بِاللَّهِ خَمْسِينَ يَمِينًا مَا قَتَلْنَاهُ وَمَا عَلِمْنَا قَاتِلًا قَالَ فَوَدَاهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِنْدِهِ مِائَةَ نَاقَةٍ۔

محمد بن ابراہیم بن حارث کا بیان ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن بجید رضی اللہ تعالٰے عنہ نے فرمایا۔ خدا کی قسم، حضرت سہل کو اِس حدیث میں وہم ہوا کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے یہود کے لیے لکھا کہ تمہارے درمیان ایک مقتول پایا گیا ہے لہٰذا اُس کی دیت ادا کرو۔ انہوں نے جواباً لکھا کہ ہم اللہ کی پچاس قسمیں کھاتے ہیں کہ ہم نے اُسے قتل نہیں کیا اور نہ ہمیں قاتل کا کوئی پتہ۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے اپنے پاس سے دیت کے سو اونٹ ادا کر دیئے۔

۱۱۰۸۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ وَسُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ رِجَالٍ مِنَ الْأَنْصَارِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِلْيَهُودِ

ابو سلمہ بن عبدالرحمٰن اور سلیمان بن یسار نے انصار کے ایک آدمی سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے یہود سے کہا کہ پہلے تم میں سے پچاس آدمی قسمیں کھائیں تو انہوں نے انکار کر دیا۔ پھر انصار سے فرمایا کہ تم اپنا حق ثابت کرو۔ عرض گزار

وَبَيْنَ أَيْدِيهِمْ يَحْلِفُ مِنْكُمْ خَمْسُونَ رَجُلًا فَأَبَوْا فَقَالَ لِلْأَنْصَارِ اسْتَحِقُّوا فَقَالُوا نَحْلِفُ عَلَى الْغَيْبِ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَجَعَلَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِيَةً عَلَى يَهُودَ لِأَنَّهُ وُجِدَ بَيْنَ أَظْهُرِهِمْ۔

ہوئے کہ یا رسول اللہ! ہم بغیر دیکھے کی قسم کیسے کھائیں۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے دیت یہودیوں پر ڈالی کیونکہ لاش اُن کے درمیان ملی تھی۔

باب ۳۶۹ أَيُقَادُ مِنَ الْقَاتِلِ بِحَجَرٍ أَوْ بِمِثْلِ مَا قَتَلَ۔

کیا پتھر سے قتل کرنے والے سے قصاص لیا جائیگا یا جیسے قتل کیا اُسی طرح قتل کیا جائیگا؟

۱۱۰۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ جَارِيَةً وُجِدَتْ قَدْ رُضَّ رَأْسُهَا بَيْنَ حَجَرَيْنِ فَقِيلَ لَهَا مَنْ فَعَلَ بِكِ هَذَا أَفُلَانٌ أَفُلَانٌ حَتَّى سُمِّيَ الْيَهُودِيُّ فَأَوْمَتْ بِرَأْسِهَا فَأُخِذَ الْيَهُودِيُّ فَاعْتَرَفَ فَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُرَضَّ رَأْسُهُ بِالْحِجَارَةِ۔

قتادہ نے حضرت انس رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک لڑکی ملی جس کا سر دو پتھروں کے درمیان رکھ کر کچل دیا گیا تھا۔ اُس سے پوچھا گیا کہ یہ کس نے کیا ہے۔ کیا فلاں نے کیا فلاں نے؟ یہاں تک کہ ایک یہودی کا نام لیا گیا تو اثبات میں سر ہلا دیا۔ یہودی کو پکڑا گیا تو اُس نے اعتراف کر لیا۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے حکم فرمایا کہ اُس کا سر بھی پتھر سے کچل دیا جائے۔

۱۱۱۰۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ يَهُودِيًّا قَتَلَ جَارِيَةً مِنَ الْأَنْصَارِ عَلَى حُلِيٍّ لَهَا ثُمَّ أَلْقَاهَا فِي قَلِيبٍ وَرَضَخَ رَأْسَهَا بِالْحِجَارَةِ فَأُخِذَ فَأُتِيَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَ بِهِ أَنْ يُرْجَمَ حَتَّى يَمُوتَ فَرُجِمَ حَتَّى مَاتَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ أَيُّوبَ نَحْوَهُ۔

ابو قلابہ نے حضرت انس رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک یہودی نے انصار کی کسی لڑکی کو اُس کے زیور کے باعث قتل کر دیا۔ پھر اُسے ایک کنوئیں میں ڈال دیا اور پتھر کے ساتھ اُس کا سر کچل دیا۔ اُسے پکڑ کر نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا گیا تو آپ نے حکم فرمایا کہ اُسے سنگسار کیا جائے یہاں تک کہ مر جائے۔ پس اُسے پتھر مارے گئے یہاں تک کہ مر گیا۔ امام ابو داود نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے ابن جریج نے ایوب سے اسی کے مانند۔

۱۱۱۱۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا ابْنُ إِدْرِيسَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ جَارِيَةً كَانَ عَلَيْهَا أَوْضَاحٌ لَهَا فَرَضَخَ رَأْسَهَا يَهُودِيٌّ بِحَجَرٍ فَدَخَلَ عَلَيْهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِهَا رَمَقٌ فَقَالَ لَهَا مَنْ قَتَلَكِ فُلَانٌ قَتَلَكِ فَقَالَتْ لَا بِرَأْسِهَا قَالَ مَنْ قَتَلَكِ فُلَانٌ

ہشام بن زید نے اپنے جدّ امجد سے روایت کی ہے کہ ایک لڑکی نے زیور اپنا ہوا تھا کہ ایک یہودی نے اُس کا سر پتھر سے کچل دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم اُس کے پاس تشریف لے گئے جبکہ زندگی کی ابھی اُس میں رمق باقی تھی۔ فرمایا کہ تجھے کس نے قتل کیا، کیا فلاں نے تجھے قتل کیا ہے؟ اُس نے سر کے اشارے سے انکار کیا۔ فرمایا کیا تجھے فلاں نے قتل کیا ہے؟ اُس نے سر کے اشارے سے انکار کیا۔ فرمایا کیا تجھے

قَتَلَكِ قَالَتْ بِرَأْسِهَا فَأَمَرَ بِهِ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُتِلَ بَيْنَ حَجَرَيْنِ۔

فلاں نے قتل کیا ہے؟ لڑکی نے اثبات میں سر ہلایا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم فرمایا تو یہودی کو دو پتھروں کے درمیان رکھ کر قتل کر دیا گیا۔

ف:۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس یہودی کو اُسی طرح دو پتھروں کے درمیان رکھ کر قتل کرنے کا حکم فرمایا جس طرح اُس نے مسلمان لڑکی کے سر کو کچل کر قتل کیا تھا۔ امام مالک، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل کے نزدیک قصاص میں پتھر کے ساتھ بھی قتل کیا جا سکتا ہے۔ امام ابو یوسف اور امام محمد کا مذہب بھی یہی ہے جبکہ امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک قصاص صرف تلوار سے لیا جاتا ہے۔ اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جو اس یہودی کے سر کو دو پتھروں کے درمیان رکھ کر کچلنے کے لیے فرمایا یہ دائمی قانون نہیں بلکہ دفع اذیت کی خاطر تھا کہ دیکھنے والوں کو عبرت ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۳۷۰ - أَيُقَادُ الْمُسْلِمُ بِالْكَافِرِ

کیا کافر کے بدلے مسلمان قتل کیا جائے گا؟

۱۱۱۲- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَمُسَدَّدٌ قَالَا نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ نَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ نَا قَتَادَةُ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادٍ قَالَ انْطَلَقْتُ أَنَا وَالْأَشْتَرُ إِلَى عَلِيٍّ فَقُلْنَا هَلْ عَهِدَ إِلَيْكَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا لَمْ يَعْهَدْهُ إِلَى النَّاسِ عَامَّةً فَقَالَ لَا إِلَّا مَا فِي كِتَابِي هٰذَا قَالَ مُسَدَّدٌ فَأَخْرَجَ قَالَ أَحْمَدُ كِتَابًا مِنْ قِرَابِ سَيْفِهِ فَإِذَا فِيهِ الْمُؤْمِنُونَ تَكَافَأُ دِمَاؤُهُمْ وَهُمْ يَدٌ عَلَى مَنْ سِوَاهُمْ وَيَسْعَى بِذِمَّتِهِمْ أَدْنَاهُمْ أَلَا لَا يُقْتَلُ مُؤْمِنٌ بِكَافِرٍ وَلَا ذُو عَهْدٍ فِي عَهْدِهِ مَنْ أَحْدَثَ حَدَثًا فَعَلَى نَفْسِهِ وَمَنْ أَحْدَثَ حَدَثًا أَوْ آوَى مُحْدِثًا فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ قَالَ مُسَدَّدٌ عَنِ ابْنِ أَبِي عَرُوبَةَ فَأَخْرَجَ كِتَابًا۔

قیس بن عباد کا بیان ہے کہ میں اور اشتر بن مالک دونوں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے:۔ کیا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آپ کو کوئی خاص بات تعلیم فرمائی جو عام لوگوں کو نہ سکھائی ہو؟ فرمایا نہیں مگر جو کچھ اس کتاب میں ہے۔ مسدد کا بیان ہے کہ آپ نے ایک کتاب نکالی۔ امام احمد بن حنبل کا بیان ہے کہ اپنی تلوار کے غلاف سے ایک کتاب نکالی جس میں لکھا تھا:۔ سب مسلمانوں کا خون ایک جیسا ہے۔ غیر مسلموں کے خلاف وہ ایک دوسرے کے دست و بازو ہیں۔ اُن کا ادنیٰ فرد بھی ذمہ داری میں کوشاں ہوگا۔ آگاہ رہو کہ کافر کے بدلے مومن کو قتل نہیں کیا جائے گا اور نہ کسی ذمی کو ذمہ داری کے دوران۔ جو نیا شوشہ کھڑا کرے تو اُس کا وبال اُسی پر ہوگا۔ جس نے نیا دین نکالا یا نیا شوشہ کھڑا کیا تو اُس پر اللہ تعالیٰ کی، فرشتوں کی اور تمام انسانوں کی لعنت ہے۔ مسدد نے ابن ابی عروبہ سے روایت کی ہے کہ آپ نے ایک کتاب نکالی۔

۱۱۱۳- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ نَا هُشَيْمٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ عَلِيٍّ زَادَ فِيهِ وَيُجِيرُ عَلَيْهِمْ أَقْصَاهُمْ

عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اپنے والد محترم سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مذکورہ بالا حدیث کی طرح فرمایا۔ اس حدیث میں یہ بھی ہے کہ ان کا (مسلمانوں کا) ادنیٰ فرد بھی امان دے سکتا ہے اور اُن کے عمدہ سواری والے اور کمزور سواری والے مال غنیمت

وَيَرُدُّ مُشِدُّهُمْ عَلَى مُضْعِفِهِمْ وَمُتَسَرِّيهِمْ عَلَى قَاعِدِهِمْ۔

میں برابر ہیں نیز فوج سے آگے بڑھ کر لڑنے والا اور فوج میں بیٹھنے والے کا حصّہ برابر ہے۔

باب ۳۷۱ فِي مَنْ وَجَدَ مَعَ أَهْلِهِ رَجُلًا أَيَقْتُلُهُ۔

جو اپنی بیوی کے ساتھ کسی کو پائے تو کیا اُس کو قتل کر دے؟

۱۱۱۴۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَعَبْدُ الْوَهَّابِ ابْنُ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ الْمَعْنَى وَاحِدٌ قَالَا نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ يَجِدُ مَعَ أَهْلِهِ رَجُلًا أَيَقْتُلُهُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا قَالَ سَعْدٌ بَلَى وَالَّذِي أَكْرَمَكَ بِالْحَقِّ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْمَعُوا إِلَى مَا يَقُولُ سَيِّدُكُمْ قَالَ عَبْدُ الْوَهَّابِ إِلَى مَا يَقُولُ سَعْدٌ۔

سُہیل کے والدِ ماجد نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ حضرت سعد بن عبادہ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! اگر کوئی اپنی بیوی کے پاس کسی آدمی کو پائے تو کیا اُسے قتل کر دے؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں۔ حضرت سعد عرض گزار ہوئے: کیوں نہیں! قسم اُس ذات کی جس نے حق کے ساتھ آپ کو عزت بخشی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سُن لو، تمہارے سردار صاحب کیا کہہ رہے ہیں۔ عبدالوہاب بن نجدہ نے کہا: جو سعد کہہ رہے ہیں۔

۱۱۱۵۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ قَالَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرَأَيْتَ لَوْ وَجَدْتُ مَعَ امْرَأَتِي رَجُلًا أُمْهِلُهُ حَتَّى آتِيَ بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ قَالَ نَعَمْ۔

ابو صالح نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حضرت سعد بن عبادہ عرض گزار ہوئے: آپ کے نزدیک اگر میں اپنی بیوی کے پاس کسی کو پاؤں تو اُسے مہلت دوں، یہاں تک کہ چار گواہ لاؤں؟ فرمایا: ہاں۔

باب ۳۷۲ الْعَامِلِ يُصَابُ عَلَى يَدَيْهِ خَطَأً۔

عامل کے ہاتھوں نادانستہ کوئی زخمی ہو جائے۔

۱۱۱۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ سُفْيَانَ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ أَبَا جَهْمِ بْنَ حُذَيْفَةَ مُصَدِّقًا فَلَاجَّهُ رَجُلٌ فِي صَدَقَتِهِ فَضَرَبَهُ أَبُو جَهْمٍ فَشَجَّهُ فَأَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا الْقَوَدَ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

عُروہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ابو جہم بن حذیفہ کو زکوٰۃ وصول کرنے کے لیے بھیجا تو وہ ایک شخص سے اُس کی زکوٰۃ کے بارے میں لڑ پڑے اور اُس کا سر پھوڑ دیا۔ وہ لوگ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم! قصاص دلوائیے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اتنا

سَلَّمَ لَكُمْ كَذَا وَكَذَا فَلَمْ يَرْضَوْا فَقَالَ لَكُمْ كَذَا وَكَذَا فَلَمْ يَرْضَوْا فَقَالَ لَكُمْ كَذَا وَكَذَا فَرَضُوا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي خَاطِبٌ الْعَشِيَّةَ عَلَى النَّاسِ وَمُخْبِرُهُمْ بِرِضَاكُمْ فَقَالُوا نَعَمْ فَخَطَبَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ هٰؤُلَاءِ اللَّيْثِيِّينَ أَتَوْنِي يُرِيدُونَ الْقَوَدَ فَعَرَضْتُ عَلَيْهِمْ كَذَا وَكَذَا فَرَضُوا أَرَضِيتُمْ قَالُوا لَا فَهَمَّ الْمُهَاجِرُونَ بِهِمْ فَأَمَرَهُمْ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَكُفُّوا عَنْهُمْ فَكَفُّوا ثُمَّ دَعَاهُمْ فَزَادَهُمْ فَقَالَ أَرَضِيتُمْ فَقَالُوا نَعَمْ فَقَالَ إِنِّي خَاطِبٌ عَلَى النَّاسِ وَمُخْبِرُهُمْ بِرِضَاكُمْ فَقَالُوا نَعَمْ فَخَطَبَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَرَضِيتُمْ قَالُوا نَعَمْ۔

مال لے لو۔ وہ راضی نہ ہوئے۔ دوبارہ فرمایا کہ اتنا مال لے لو۔ وہ راضی نہ ہوئے۔ سہ بارہ فرمایا کہ اتنا مال لے لو۔ وہ رضامند ہو گئے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں بعد دوپہر خطبہ دیتے ہوئے لوگوں کو تمہاری رضا مندی کے متعلق بتاؤں گا۔ انہوں نے کہا، بہت اچھا۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خطبہ دیتے ہوئے فرمایا کہ قبیلہ لیث کے یہ لوگ قصاص لینے میرے پاس آئے۔ میں نے ان سے اتنے مال کے لیے کہا تو یہ راضی ہو گئے۔ کیا تم راضی ہو؟ انہوں نے کہا، نہیں۔ مہاجرین نے انہیں سزا دینے کا ارادہ کیا لیکن رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے انہیں حکم دیا کہ ان لوگوں پر ہاتھ نہ اٹھایا جائے۔ انہوں نے ہاتھ روک لیے پھر آپ نے انہیں بلا کر اور اضافہ کیا۔ فرمایا کیا تم راضی ہو؟ انہوں نے کہا، ہاں۔ فرمایا میں لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے تمہاری رضا مندی کے متعلق بتاؤں گا۔ انہوں نے کہا بہت اچھا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خطبہ دیتے ہوئے فرمایا:۔ کیا تم راضی ہو؟ انہوں نے کہا ہاں۔

بَاب ٣٧٣ الْقَوَدِ مِنَ الضَّرْبَةِ وَقَصِّ الْأَمِيرِ مِنْ نَفْسِهِ

ضرب کا قصاص اور حاکم کا خود قصاص دینا

١١١٧۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ عَمْرٍو يَعْنِي ابْنَ الْحَارِثِ عَنْ بُكَيْرٍ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ مُسَافِعٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ بَيْنَمَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْسِمُ قَسْمًا أَقْبَلَ رَجُلٌ فَأَكَبَّ عَلَيْهِ فَطَعَنَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعُرْجُونٍ كَانَ مَعَهُ فَجُرِحَ بِوَجْهِهِ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَالَ فَاسْتَقِدْ قَالَ بَلْ عَفَوْتُ يَا رَسُولَ اللهِ۔

عبادہ بن مسافع سے روایت ہے کہ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا:۔ ایک دفعہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مال تقسیم فرما رہے تھے کہ ایک شخص آپ کے اوپر جھک گیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے ایک چھڑی کے ساتھ کچوکا دیا جو آپ کے پاس تھی۔ اُس کے چہرے پر زخم آ گیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے اُس سے فرمایا:۔ آؤ قصاص لے لو۔ وہ عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! میں نے قصاص معاف کیا۔

١١١٨۔ حَدَّثَنَا أَبُو صَالِحٍ أَنَا أَبُو إِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ أَبِي فِرَاسٍ قَالَ خَطَبَنَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَقَالَ إِنِّي لَمْ أَبْعَثْ عُمَّالِي لِيَضْرِبُوا أَبْشَارَكُمْ وَلَا لِيَأْخُذُوا أَمْوَالَكُمْ

ابو فراس کا بیان ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے ہمیں خطبہ دیتے ہوئے فرمایا:۔ میں عاملوں کو اس لیے نہیں بھیجتا کہ وہ تمہاری چمڑی اُدھیڑ دیں اور تمہارے مال چھین لیں۔ جو ایسا کرے تو مقدمہ میرے پاس دائر کرنا میں اُس سے قصاص لے کر دوں گا۔

فَمَنْ فُعِلَ بِهِ ذٰلِكَ فَلْيَرْفَعْهُ إِلَيَّ أُقِصُّهُ مِنْهُ قَالَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ لَوْ أَنَّ رَجُلًا أَدَّبَ بَعْضَ رَعِيَّتِهِ أَتُقِصُّهُ مِنْهُ قَالَ إِي وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ أُقِصُّهُ وَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقَصَّ مِنْ نَفْسِهِ۔

حضرت عمرو بن العاص نے کہا کہ اگر کوئی اپنے بعض ماتحتوں کو ادب سکھائے تب بھی آپ قصاص لیں گے؟ فرمایا، کیوں نہیں، قسم ہے اُس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے! میں اُس سے قصاص لوں گا۔ کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ آپ نے خود بھی قصاص دیا۔

ف: حکومت ہمیشہ کامیابی کے ساتھ چلتی ہے جس میں حکومت کی مشینری کا کوئی پرزہ بلکہ اہم ترین پرزے بھی مواخذے اور باز پرس سے بالاتر نہ ہوں۔ خلافتِ راشدہ میں ایک فرد بھی ایسا نظر نہیں آتا جو مواخذے سے بالاتر سمجھا جاتا۔ یہی وجہ ہے کہ خلافتِ راشدہ علیٰ منہاج النبوۃ رہی۔ غلط کاموں کو ہمیشہ بااثر لوگوں کے ذریعے پھلنے پھولنے کے مواقع ملتے ہیں۔ جس ملک میں بااثر لوگوں اور حکومت کی مشینری کے پرزوں کو درست کرلیا جاتا ہے اُس ملک کے اندر غلط کاموں کو اپنی پرورش کے لیے جگہ ملتی ہی نہیں کیونکہ یہ تو بڑوں کی گود میں پلتے ہیں۔ خواہ وہ اثر و رسوخ کے لحاظ سے بڑے ہوں یا دولت اور عہدہ وغیرہ کے لحاظ سے۔ امیرالمومنین حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ اسی لیے اپنے عمّال کا سختی سے محاسبہ کرتے اور ہر بڑی سے بڑی ہستی پر کڑی نظر رکھا کرتے تھے۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

باب ۳۷ عَفْوُ النِّسَاءِ عَنِ الدَّمِ۔

عورتوں کا خون معاف کرنا

۱۱۱۹۔ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ نَا الْوَلِيدُ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ أَنَّهُ سَمِعَ حِصْنًا أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَلَمَةَ يُخْبِرُ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ عَلَى الْمُقْتَتِلِينَ أَنْ يَنْحَجِزُوا الْأَوَّلَ فَالْأَوَّلَ وَإِنْ كَانَتِ امْرَأَةً قَالَ أَبُو دَاوُدَ يَنْحَجِزُوا يَكُفُّوا عَنِ الْقَوَدِ۔

ابو سلمہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا۔ لڑنے والوں کو چاہیئے کہ قصاص لینے سے رُک جایا کریں اور جو زیادہ نزدیک ہے اُسے رُکنے میں پہل کرنی چاہیے خواہ وہ عورت ہی کیوں نہ ہو۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یَنْحَجِزُوا سے مراد قصاص سے رُکنا ہے۔

۱۱۲۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ نَا حَمَّادٌ ح وَنَا ابْنُ السَّرْحِ نَا سُفْيَانُ وَهٰذَا حَدِيثُهُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ طَاوُسٍ قَالَ مَنْ قُتِلَ وَقَالَ ابْنُ عُبَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قُتِلَ فِي عِمِّيَّا فِي رِمِّيَّا يَكُونُ بَيْنَهُمْ بِحِجَارَةٍ أَوْ ضَرْبٍ بِالسِّيَاطِ أَوْ ضَرْبٍ بِعَصًا فَهُوَ خَطَأٌ وَعَقْلُهُ عَقْلُ الْخَطَأِ وَمَنْ قُتِلَ عَمْدًا فَهُوَ قَوَدٌ قَالَ ابْنُ عُبَيْدٍ قَوَدُ يَدٍ ثُمَّ اتَّفَقَا وَمَنْ حَالَ دُونَهُ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَغَضَبُهُ لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَلَا عَدْلٌ وَحَدِيثُ سُفْيَانَ أَتَمُّ۔

محمد بن عُبَید، حمّاد ——— ابن سرح، سفیان، عمرو، طاؤس کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو بغیر دیکھے مارا گیا کہ اُن میں پتھراؤ ہو رہا تھا یا کوڑے کی ضرب سے یا لاٹھی کی ضرب سے تو وہ قتلِ خطا ہے اور اُس کی دیت بھی قتلِ خطا والی ہے اور جو دانستہ قتل کیا جائے تو اُس پر قصاص لازم آئے گا۔ ابن عُبَید نے کہا کہ ہاتھ کا قصاص۔ پھر دونوں متفق ہو گئے اور جو انہیں چھڑانے کے لیے درمیان میں کودے اُس پر اللہ کی لعنت اور اُس کا غضب۔ اللہ تعالٰی نہ اُس کا فرض قبول فرمائے گا اور نہ نفل اور سفیان کی حدیث زیادہ مکمل ہے۔

۱۱۲۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي غَالِبٍ نَا سَعِيدُ

محمد بن ابو غالب، سعید بن سلیمان، سلیمان بن کثیر، عمرو بن دینار،

ابنُ سُلَيْمَانَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ كَثِيرٍ نَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ مَعْنَى حَدِيثِ سُفْيَانَ۔

طاؤس نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:- پھر حدیث سفیان کی طرح حدیث بیان کی۔

باب ۳۷ الدِّيَةِ كَمْ هِيَ۔

دیت کی کیا مقدار ہے

۱۱۲۲- حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ زَيْدِ بْنِ أَبِي الزَّرْقَاءِ نَا أَبِي نَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى أَنَّ مَنْ قُتِلَ خَطَأً فَدِيَتُهُ مِائَةٌ مِنَ الْإِبِلِ ثَلَاثُونَ بِنْتُ مَخَاضٍ وَثَلَاثُونَ بِنْتُ لَبُونٍ وَثَلَاثُونَ حِقَّةً وَعَشَرَةٌ بَنِي لَبُونٍ ذَكَرٍ۔

ہارون بن زید بن ابو زرقاء، اُن کے والدِ ماجد، محمد بن راشد، سلیمان بن موسیٰ، عمرو بن شعیب کے والدِ ماجد نے اُن کے جدِ امجد حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قتلِ خطا کی دیت میں فیصلہ فرمایا کہ اُس میں سو اونٹ دیئے جائیں یعنی تیس اونٹنیاں یک سالہ ہوں اور تیس اونٹنیاں دو سالہ ہوں اور تیس اونٹنیاں تین سالہ ہوں اور دس اونٹ دو سالہ نر ہوں۔

۱۱۲۳- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَكِيمٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُثْمَانَ نَا حُسَيْنٌ الْمُعَلِّمُ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ كَانَتْ قِيمَةُ الدِّيَةِ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَمَانَ مِائَةِ دِينَارٍ أَوْ ثَمَانِيَةَ آلَافِ دِرْهَمٍ وَدِيَةُ أَهْلِ الْكِتَابِ يَوْمَئِذٍ النِّصْفُ مِنْ دِيَةِ الْمُسْلِمِينَ قَالَ فَكَانَ ذَلِكَ كَذَلِكَ حَتَّى اسْتُخْلِفَ عُمَرُ فَقَامَ خَطِيبًا فَقَالَ أَلَا إِنَّ الْإِبِلَ قَدْ غَلَتْ قَالَ فَفَرَضَهَا عُمَرُ عَلَى أَهْلِ الذَّهَبِ أَلْفَ دِينَارٍ وَعَلَى أَهْلِ الْوَرِقِ اثْنَيْ عَشَرَ أَلْفَ دِرْهَمٍ وَعَلَى أَهْلِ الْبَقَرِ مِائَتَيْ بَقَرَةٍ وَعَلَى أَهْلِ الشَّاةِ أَلْفَيْ شَاةٍ وَعَلَى أَهْلِ الْحُلَلِ مِائَتَيْ حُلَّةٍ قَالَ وَتَرَكَ دِيَةَ أَهْلِ الذِّمَّةِ لَمْ يَرْفَعْهَا فِيمَا رَفَعَ مِنَ الدِّيَةِ۔

یحییٰ بن حکیم، عبد الرحمٰن بن عثمان، حسین معلم، عمرو بن شعیب، اُن کے والدِ ماجد سے روایت ہے کہ اُن کے والدِ محترم حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:- رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک میں دیت کی قیمت آٹھ سو دینار یا آٹھ ہزار درہم تھی۔ اور اہلِ کتاب کی دیت مسلمانوں کی دیت سے آج کی طرح نصف تھی۔ پس اس حکم کی صورتِ حال یہی رہی یہاں تک کہ حضرت عمر مسندِ خلافت پر رونق افروز ہوئے تو وہ خطبہ دینے کھڑے ہوئے اور فرمایا کہ اونٹوں کی قیمت بڑھ گئی ہے۔ اس وجہ سے حضرت عمر نے سونے والوں پر ایک ہزار دینار اور چاندی والوں پر بارہ ہزار درہم، گائے بھینس والوں پر دو سو گائیں، بکری والوں پر ایک ہزار بکریاں اور کپڑے والوں پر دو سو جوڑے مقرر فرمائے۔ راوی کا بیان ہے کہ انہوں نے ذمیوں کی دیت کو چھوڑ دیا اور دوسری دیت کی طرح اس میں اضافہ نہ فرمایا۔

۱۱۲۴- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا حَمَّادٌ أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ

محمد بن اسحاق نے عطاء بن ابی رباح سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دیت کا فیصلہ فرمایا کہ

أبي رباح أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قضى في الدية على أهل الإبل مائة من الإبل وعلى أهل البقر مائتي بقرة وعلى أهل الشاء ألفي شاة وعلى أهل الحلل مائتي حلة وعلى أهل القمح شيئا لم يحفظه محمد. قال أبو داود قرأت على سعيد بن يعقوب الطالقاني قال ثنا أبو تميلة نا محمد بن إسحق قال ذكر عطاء عن جابر بن عبد الله قال فرض رسول الله صلى الله عليه وسلم فذكر مثل حديث موسى وقال وعلى أهل الطعام شيئا لا أحفظه.

۱۱۲۵- حدثنا مسدد نا عبد الواحد حدثنا الحجاج عن زيد بن جبير عن خشف بن مالك الطائي عن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم في دية الخطإ عشرون حقة وعشرون جذعة وعشرون بنت مخاض وعشرون بنت لبون وعشرون بني مخاض ذكر.

۱۱۲۶- حدثنا محمد بن سليمان الأنباري نا زيد بن الحباب عن محمد بن مسلم عن عمرو بن دينار عن عكرمة عن ابن عباس أن رجلا من بني عدي قتل فجعل النبي صلى الله عليه وسلم ديته اثني عشر ألفا. قال أبو داود رواه ابن عيينة عن عمرو عن عكرمة لم يذكر ابن عباس.

باب ۳۷۸ دية الخطإ شبه العمد.

۱۱۲۷- حدثنا سليمان بن حرب ومسدد المعنى قالا نا حماد عن خالد عن القاسم بن ربيعة عن عقبة بن أوس عن عبد الله

اونٹوں والے سو اونٹ دیں، گائے بھینسوں والے دو سو گائیں دیں، بکریوں والے ایک ہزار بکریاں دیں، حُلّوں والے دو سو جوڑے دیں اور اناج والوں پر جو مقرر فرمایا تھا وہ محمد بن اسحاق کو یاد نہیں رہا ___ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اسے پڑھا میں نے سعید بن یعقوب طالقانی کے سامنے بواسطہ ابو تمیلہ، محمد بن اسحاق عطاء سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دیت مقرر فرمائی۔ آگے حدیث موسیٰ کی طرح اس حدیث کو بیان کرتے ہوئے کہا: اور اناج والوں کے لیے جو مقدار آپ نے معین فرمائی وہ مجھے یاد نہیں رہی۔

مسدد، عبدالواحد، حجاج، زید بن جبیر، خشف بن مالک طائی نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قتلِ خطا کی دیت میں بیس تین سالہ اونٹنیاں، بیس چار سالہ اونٹنیاں بیس یک سالہ اونٹنیاں، بیس دو سالہ اونٹنیاں اور بیس یک سالہ نر اونٹ ادا کیے جائیں۔

محمد بن سلیمان انباری، زید بن حباب، محمد بن مسلم، عمرو بن دینار، عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ بنی عدی کے ایک شخص کو قتل کر دیا گیا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کی دیت بارہ ہزار درہم مقرر فرمائی ___ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے ابن عیینہ، عمرو نے عکرمہ سے اور حضرت ابن عباس کا ذکر نہیں کیا۔

قتلِ خطا کی دیت جو قتلِ عمد سے مشابہ ہو

عقبہ بن اوس نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ فتح مکہ کے روز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خطبہ دیتے ہوئے تین مرتبہ تکبیر کہی

ابنِ عمرو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَطَبَ یَوْمَ الْفَتْحِ بِمَکَّۃَ فَکَبَّرَ ثَلٰثًا ثُمَّ قَالَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ صَدَقَ وَعْدَہٗ وَنَصَرَ عَبْدَہٗ وَھَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَہٗ اِلٰی ھٰھُنَا حَفِظْتُہٗ مِنْ مُسَدَّدٍ ثُمَّ اتَّفَقَا اَلَا اِنَّ کُلَّ مَاثُرَۃٍ کَانَتْ فِی الْجَاھِلِیَّۃِ تُذْکَرُ وَتُدْعٰی مِنْ دَمٍ اَوْمَالٍ تَحْتَ قَدَمَیَّ اِلَّا مَا کَانَ مِنْ سِقَایَۃِ الْحَاجِّ وَسِدَانَۃِ الْبَیْتِ ثُمَّ قَالَ اَلَا اِنَّ دِیَۃَ الْخَطَاِ شِبْہِ الْعَمَدِ مَا کَانَ بِالسَّوْطِ وَالْعَصَا مِائَۃٌ مِنَ الْاِبِلِ مِنْھَا اَرْبَعُوْنَ فِیْ بُطُوْنِھَا اَوْلَادُھَا وَحَدِیْثُ مُسَدَّدٍ اَتَمُّ۔

اور فرمایا:- نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ۔ وہ اکیلا ہے اُس نے اپنا وعدہ سچا کر دکھایا اور اپنے بندے کی مدد فرمائی اور تنہا فوجوں کو شکست دی۔ یہاں تک مجھے مسدد سے یاد ہے۔ پھر دونوں راوی متفق ہو گئے۔ آگاہ رہو کہ جاہلیت کے تمام بڑائی کے دعوے اور خون یا مال کے سارے مطالبے میرے قدموں کے نیچے ہیں ماسوائے حاجیوں کو پانی پلانے اور بیت اللہ کی خدمت کے۔ پھر فرمایا کہ آگاہ رہو کہ قتلِ خطا کی دیت جو قتلِ عمد سے مشابہ ہو سو اُونٹ ہے جن میں سے چالیس اونٹنیاں گابھن ہوں جن کے پیٹ میں بچے ہوں اور مسدد کی حدیث زیادہ مکمل ہے۔

ف:- قتل تین قسم کا ہوتا ہے:- (۱) قتلِ عمد کہ جو آلۂ جارحہ سے کیا جائے (۲) قتلِ خطا بشبہ عمد کہ جو آلۂ جارحہ سے قتل نہیں کیا لیکن معلوم قتلِ عمد کی طرح ہوتا ہے (۳) قتلِ خطا یعنی مذکورہ دونوں اقسام کے علاوہ باقی سب قتلِ خطا میں شامل ہیں۔ مذکورہ تینوں اقسام کی تعریفوں اور تعین میں آئمہ کے درمیان اختلاف ہے۔ مذکورہ تینوں اقسام کی دیت یوں ادا کی جاتی ہے:-

قتلِ خطا:- کی دیت میں بالاتفاق پانچ قسم کے اونٹ ادا کیے جاتے ہیں یعنی بیس ایک سالہ اونٹنیاں بیس دو سالہ اونٹنیاں بیس یک سالہ اونٹنیاں اور بیس چار سالہ اونٹنیاں ادا کرنا واجب ہوتا ہے۔

قتلِ خطا بشبہ عمد:- میں امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام احمد بن حنبل کے نزدیک دیت کے سو اونٹوں میں چار قسم کے جانور ادا کرنا واجب ہے یعنی پچیس ایک سالہ اونٹنیاں، پچیس دو سالہ اونٹنیاں پچیس تین سالہ اونٹنیاں اور پچیس چار سالہ اونٹنیاں۔ جبکہ امام محمد اور امام شافعی کے نزدیک تین قسم کے جانور دینے واجب ہوتے ہیں یعنی تیس چار سالہ اونٹنیاں، تیس تین سالہ اونٹنیاں اور چالیس ایسی اونٹنیاں جو سب حاملہ ہوں۔

قتلِ عمد:- کی دیت بھی وہی ہے جو قتلِ خطا بشبہ عمد کی ہے جبکہ مقتول کے وارث رضامند ہوں ورنہ قصاص ہے۔ یہ دیت اُس صورت میں ہے جبکہ اونٹوں کی شکل میں ادا کی جائے نقدی کی شکل میں حضرت عمر رضی اللہ تعالٰے عنہ کے مطابق امام ابوحنیفہ کے نزدیک ایک ہزار دینار یا دس ہزار درہم جبکہ امام شافعی کے نزدیک بارہ ہزار درہم۔ گائے بھینسوں کی صورت میں ادا کریں تو دو سو گائیں۔ بکریوں کی صورت میں ادا کی جائے تو ایک ہزار بکریاں اور کپڑوں کی صورت میں ادا کی جائے تو دو سو جوڑے کپڑے۔ واللہ تعالٰے اعلم۔

۱۱۲۸۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ عَلِیِّ بْنِ زَیْدٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ رَبِیْعَۃَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَاہُ قَالَ خَطَبَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

مسدد، عبدالوارث، علی بن زید، قاسم بن ربیعہ، حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالٰے عنہما نے نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم سے اس حدیث کو معناً روایت کرتے ہوئے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فتح یا فتح مکہ کے روز

يوم الفتح او فتح مكة على درجة البيت او الكعبة قال ابو داود كذا رواه ابن عيينة عن علي بن زيد عن القاسم بن ربيعة عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم ورواه ايوب السختياني عن القاسم بن ربيعة عن عبد الله بن عمرو مثل حديث خالد ورواه حماد بن سلمة عن علي بن زيد عن يعقوب السدوسي عن عبد الله بن عمرو عن النبي صلى الله عليه وسلم۔

بیت اللہ یا خانۂ کعبہ کی سیڑھی پر فرمایا۔ —— امام ابو داؤد کا بیان ہے کہ اسی طرح روایت کیا ہے اسے ابنِ عیینہ، علی بن زید، قاسم بن ربیعہ، حضرت ابنِ عمر نے نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم سے اور روایت کیا ہے اسے ایوب سختیانی، قاسم بن ربیعہ نے حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص سے حدیثِ خالد کے مانند اور روایت کیا ہے اسے حماد بن سلمہ، علی بن زید، یعقوب سدوسی، حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالٰے عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم سے۔

۱۱۲۹۔ حدثنا النفيلي نا سفيان عن ابن ابي نجيح عن مجاهد قال قضى عمر في شبه العمد ثلاثين حقة وثلاثين جذعة واربعين خلفة ما بين ثنية الى بازل عامها۔

مجاہد کا بیان ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالٰے عنہ نے قتلِ عمد سے مشابہ کے بارے میں فیصلہ فرمایا کہ تیس اونٹنیاں تین سالہ، تیس اونٹنیاں چار سالہ اور چالیس ایسی اونٹنیاں یا اونٹ ادا کیے جائیں جو چھ سے نو سال کے درمیان ہوں۔

۱۱۳۰۔ حدثنا هناد نا ابو الاحوص عن سفيان عن ابي اسحق عن عاصم بن ضمرة عن علي انه قال في شبه العمد اثلاثا ثلاث وثلاثون حقة وثلاث وثلاثون جذعة واربع وثلاثون ثنية الى بازل عامها كلها خلفة۔

عاصم بن ضمرہ سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالٰے عنہ نے فرمایا۔ قتلِ عمد سے مشابہ (کی دیت) میں تین قسم کے اونٹ ہیں۔ تینتیس اونٹنیاں تین سالہ، تینتیس اونٹنیاں چار سالہ اور چونتیس اونٹنیاں جو سات سالہ ہیں۔ دانت نکل آنے سے پوری طرح جوان ہو چکی ہوں اور گابھن ہوں۔

۱۱۳۱۔ حدثنا هناد نا ابو الاحوص عن سفيان عن ابي اسحق عن عاصم بن ضمرة قال علي في الخطا ارباعا خمس وعشرون حقة وخمس وعشرون جذعة وخمس وعشرون بنات لبون وخمس وعشرون بنات مخاض۔

عاصم بن ضمرہ سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالٰے عنہ نے قتلِ خطا کے بارے میں فرمایا کہ پانچ قسم کے اونٹ ہیں پچیس اونٹنیاں تین سالہ، پچیس اونٹنیاں چار سالہ، پچیس اونٹنیاں دو سالہ اور پچیس اونٹنیاں یک سالہ ہیں۔

۱۱۳۲۔ حدثنا هناد نا ابو الاحوص عن ابي اسحق عن علقمة والاسود قال عبد الله في شبه العمد خمس وعشرون حقة وخمس وعشرون جذعة وخمس وعشرون

علقمہ اور اسود سے روایت ہے کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالٰے عنہ نے قتلِ عمد سے مشابہ میں فرمایا۔ پچیس اونٹنیاں تین سالہ، پچیس اونٹنیاں چار سالہ، پچیس اونٹنیاں دو سالہ اور پچیس اونٹنیاں یک سالہ ہیں۔

بَنَاتِ لَبُونٍ وَخَمْسٌ وَعِشْرُونَ بَنَاتِ مَخَاضٍ

۱۱۳۳ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى نَا مُحَمَّدُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا سَعِيدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ عَنْ أَبِي عِيَاضٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ وَزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ فِي الْمُغَلَّظَةِ أَرْبَعُونَ جَذَعَةً خَلِفَةً وَثَلٰثُونَ حِقَّةً وَثَلٰثُونَ بَنَاتِ لَبُونٍ وَفِي الْخَطَإِ ثَلٰثُونَ حِقَّةً وَثَلٰثُونَ بَنَاتِ لَبُونٍ وَعِشْرُونَ بَنِي لَبُونٍ وَعِشْرُونَ بَنَاتِ مَخَاضٍ

۱۱۳۴ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى نَا مُحَمَّدُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ نَا سَعِيدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَعِيدِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ فِي الدِّيَةِ الْمُغَلَّظَةِ فَذَكَرَ مِثْلَهُ سَوَاءً قَالَ أَبُوْدَاوُدَ قَالَ أَبُوعُبَيْدٍ عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ وَإِذَا دَخَلَتِ النَّاقَةُ فِي السَّنَةِ الرَّابِعَةِ فَهُوَ حِقٌّ وَالْأُنْثٰى حِقَّةٌ لِأَنَّهُ يَسْتَحِقُّ أَنْ يُرْكَبَ عَلَيْهِ وَيُحْمَلَ عَلَيْهِ فَإِذَا دَخَلَتْ فِي الْخَامِسَةِ فَهُوَ جَذَعٌ وَجَذَعَةٌ فَإِذَا دَخَلَ فِي السَّادِسَةِ وَأَلْقٰى ثَنِيَّتَهُ فَهُوَ ثَنِيٌّ وَإِذَا دَخَلَ فِي السَّابِعَةِ فَهُوَ رَبَاعٌ وَرَبَاعِيَةٌ فَإِذَا دَخَلَ فِي الثَّامِنَةِ وَأَلْقَى السِّنَّ الَّذِي بَعْدَ الرَّبَاعِيَةِ فَهُوَ سَدِيسٌ وَسَدَسٌ فَإِذَا دَخَلَ فِي التَّاسِعَةِ وَفَطَرَ نَابُهُ وَطَلَعَ فَهُوَ بَازِلٌ وَإِذَا دَخَلَ فِي الْعَاشِرَةِ فَهُوَ مُخْلِفٌ ثُمَّ لَيْسَ لَهُ اسْمٌ وَلٰكِنْ يُقَالُ بَازِلُ عَامٍ وَبَازِلُ عَامَيْنِ وَمُخْلِفُ عَامَيْنِ إِلٰى مَا زَادَ وَقَالَ النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ بِنْتُ مَخَاضٍ لِسَنَةٍ وَبِنْتُ لَبُونٍ لِسَنَتَيْنِ وَحِقَّةٌ لِثَلٰثٍ وَجَذَعَةٌ لِأَرْبَعٍ وَثَنِيٌّ لِخَمْسٍ وَرَبَاعٌ لِسِتٍّ وَسَدِيسٌ لِسَبْعٍ وَبَازِلٌ لِثَمَانٍ قَالَ أَبُوْدَاوُدَ قَالَ أَبُوحَاتِمٍ وَالْأَصْمَعِيُّ وَالْجُذُوعَةُ وَقْتٌ وَلَيْسَ بِسِنٍّ

ابو عیاض سے روایت ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالےٰ عنہ اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے مغلظہ یعنی قتلِ عمد سے مشابہ کے بارے میں فرمایا:۔ چالیس چار سالہ گابھن اونٹنیاں، تیس تین سالہ اونٹنیاں اور تیس دو سالہ اونٹنیاں ہیں۔ قتلِ خطا میں تیس تین سالہ اونٹنیاں تیس دو سالہ اونٹنیاں، بیس دو سالہ اونٹ اور بیس یک سالہ اونٹنیاں ہیں۔

سعید بن مسیب نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مغلظہ کی دیت کے بارے میں مذکورہ حدیث ہی کی طرح روایت کی —— امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ابو عُبَید نے کئی حضرات سے روایت کی ہے کہ اونٹ جب چوتھے سال میں چڑھ جائے تو حِقٌّ ہے اور مادہ حِقَّۃٌ کیونکہ اب وہ اس لائق ہو جاتے ہیں کہ اُن پر سواری کی جائے اور بوجھ لادا جائے اور جب وہ پانچویں سال میں داخل ہو جائیں تو جَذَعٌ اور جَذَعَۃٌ ہیں۔ جب وہ چھٹے سال میں داخل ہو جائیں اور اُن کے ثنایا (سامنے والے دانت) نکل آئیں تو وہ ثَنِیٌّ اور ثَنِیَّۃٌ ہیں اور جب ساتویں سال میں داخل ہو جائیں تو وہ رباعٌ اور رَبَاعِیَۃٌ ہیں اور جب وہ آٹھویں سال میں داخل ہو جائیں اور رباعی سے اگلے دانت نکل آئیں تو وہ سَدِیْسٌ اور سَدِیْسَۃٌ ہیں اور جب وہ نویں سال میں داخل ہو جائیں اور کیلے نکل آئیں تو وہ بَازِلٌ ہیں اور جب دسویں سال میں داخل ہو جائیں تو وہ مُخْلِفٌ ہیں۔ پھر اس کے بعد اُن کا کوئی نام نہیں ہے بلکہ یوں کہتے ہیں کہ ایک سال کا بازِل، دو سال کا مخلف یعنی جتنا بھی زیادہ ہو۔ نضر بن شُمَیل نے فرمایا کہ بنت مخاض یک سالہ، بنت لبون دو سالہ، حِقّہ تین سالہ، جذعہ چار سالہ، ثنی پانچ سالہ، رَبَاعٌ چھ سالہ، سَدِیْسٌ سات سالہ، بازل آٹھ سالہ —— امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ابو حاتم اور اصمعی کا قول ہے کہ اَلْجُذُوْعَۃُ وقت کو کہتے ہیں نہ کہ عمر کو ابو حاتم

قَالَ اَبُوحَاتِمٍ فَاِذَا اَلْقَى رُبَاعِيَتَهُ فَهُوَ رَبَاعٌ وَقَالَ اَبُوعُبَيْدٍ اِذَا اَلْقَحَتْ فَهِيَ خَلِفَةٌ فَلَا تَزَالُ خَلِفَةً اِلٰى عَشَرَةِ اَشْهُرٍ فَاِذَا بَلَغَتْ عَشَرَةَ اَشْهُرٍ فَهِيَ عُشَرَاءُ قَالَ اَبُوحَاتِمٍ اِذَا اَلْقَى ثَنِيَّتَهُ فَهُوَ ثَنِيٌّ وَاِذَا اَلْقَى رُبَاعِيَتَهُ فَهُوَ رُبَاعٌ۔

کا قول ہے کہ جب رباعی دانت نکل آئیں تو وہ رُبَاعٌ ہے ابو عبید کا قول ہے کہ جب وہ حاملہ ہو جائے تو اُسے خِلِفَةٌ کہتے ہیں اور دس مہینے تک وہ برابر خلفہ رہتی ہے اور جب پورے دس مہینے ہو جائیں تو وہ اَلْعُشَرَاءُ ہوتی ہے۔ ابو حاتم کا قول ہے کہ جب اُس کے ثنایا (سامنے کے دانت) نکل آئیں تو وہ ثَنِيٌّ ہے اور جب رباعی نکل آئیں تو وہ رُبَاعٌ ہے۔

باب ۳۷۷ دِيَاتُ الْاَعْضَاءِ۔

اعضاء کی دیت

۱۱۳۵۔ حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا عَبْدَةُ يَعْنِي ابْنَ سُلَيْمَانَ نَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ عَرُوْبَةَ عَنْ غَالِبٍ التَّمَّارِ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ مَسْرُوْقِ بْنِ اَوْسٍ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْاَصَابِعُ سَوَاءٌ عَشْرٌ عَشْرٌ مِّنَ الْاِبِلِ۔

اسحاق بن اسمٰعیل، عبدہ بن سلیمان، سعید بن ابو عروبہ، غالب التمار، حمید بن ہلال، مسروق بن اوس نے حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا:۔ انگلیاں سب برابر ہیں اور ہر ایک کی دیت دس اونٹ ہیں۔

ف:۔ انگلیوں میں سے ہر ایک کی دیت دس اونٹ ہے خواہ وہ انگوٹھا ہو یا چھنگلی، موٹی ہو یا پتلی، بڑی ہو یا چھوٹی، ہاتھوں کی ہو یا پیروں کی۔ کسی انگلی پر کم و بیش دیت نہیں ہے۔ واللہ تعالٰے اعلم۔

۱۱۳۶۔ حَدَّثَنَا اَبُوالْوَلِيْدِ نَا شُعْبَةُ عَنْ غَالِبٍ التَّمَّارِ عَنْ مَسْرُوْقِ بْنِ اَوْسٍ عَنِ الْاَشْعَرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْاَصَابِعُ سَوَاءٌ قُلْتُ عَشْرٌ عَشْرٌ قَالَ نَعَمْ قَالَ اَبُوْدَاوُدَ رَوَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ غَالِبٍ قَالَ سَمِعْتُ مَسْرُوْقَ بْنَ اَوْسٍ وَرَوَاهُ اِسْمٰعِيْلُ قَالَ حَدَّثَنِيْ غَالِبٌ التَّمَّارُ بِاِسْنَادِ اَبِي الْوَلِيْدِ وَرَوَاهُ حَنْظَلَةُ بْنُ اَبِيْ صَفِيَّةَ عَنْ غَالِبٍ بِاِسْنَادِ اِسْمٰعِيْلَ۔

مسروق بن اوس نے حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا:۔ انگلیاں سب برابر ہیں۔ میں عرض گزار ہوا کہ دس دس اونٹ؟ فرمایا، ہاں ——— امام ابو داؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے محمد بن جعفر، شعبہ؛ سے غالب سے انہوں نے کہا کہ میں نے مسروق بن اوس سے سُنا۔ روایت کیا ہے اسے اسمٰعیل نے غالب التمار سے ابو الولید کی اسناد کے ساتھ اور روایت کیا ہے اسے حنظلہ بن ابو صفیہ نے غالب سے اسمٰعیل کی اسناد کے ساتھ۔

۱۱۳۷۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيٰى ح وَنَا ابْنُ مُعَاذٍ نَا اَبِيْ ح وَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ اَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ كُلُّهُمْ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهٖ وَهٰذِهٖ سَوَاءٌ يَعْنِي

مسدد، یحیٰی ——— ابن معاذ، اُن کے والد ماجد ——— نصر بن علی، یزید بن زریع، شعبہ، قتادہ، عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰے عنہما سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا:۔ یہ اور یہ دونوں برابر ہیں یعنی دیت میں انگوٹھا اور چھنگلی دونوں برابر ہیں۔

الإبهام والخنصر.

۱۱۳۸۔ حدثنا عباس العنبري نا عبد الصمد ابن عبد الوارث حدثني شعبة عن قتادة عن عكرمة عن ابن عباس أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الأصابع سواء والأسنان سواء الثنية والضرس سواء هذه وهذه سواء قال أبو داود رواه النضر ابن شميل عن شعبة بمعنى عبد الصمد قال أبو داود وحدثناه الدارمي عن النضر.

عباس عنبری، عبدالصمد بن عبدالوارث، شعبہ، قتادہ عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا:۔ انگلیاں سب برابر ہیں اور دانت سب برابر ہیں۔ سامنے کے دانت اور داڑھیں (دیت میں) برابر ہیں۔ یہ دانت اور یہ داڑھ برابر ہیں — امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے نضر بن شمیل نے شعبہ سے عبدالصمد کی طرح — امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ہم سے یہ حدیث بیان کی دارمی نے نضر کے واسطے سے

ف:۔ انگوٹھے اور چھنگلیا یعنی خنصر کی دیت الگ الگ یا کم و بیش نہیں ہے بلکہ ہر ایک کے بدلے دس اونٹ دینے پڑیں گے۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

۱۱۳۹۔ حدثنا محمد بن حاتم بن بزيع حدثنا علي بن الحسن أنا أبو حمزة عن يزيد النحوي عن عكرمة عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الأسنان سواء والأصابع سواء.

محمد بن حاتم بن بزیع، علی بن حسن، ابوحمزہ، یزید نحوی، عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا:۔ (دیت میں) دانت سب برابر ہیں اور اسی طرح انگلیاں سب برابر ہیں۔

۱۱۴۰۔ حدثنا عبد الله بن عمر بن محمد ابن أبان نا أبو تميلة عن حسين المعلم عن يزيد النحوي عن عكرمة عن ابن عباس قال جعل رسول الله صلى الله عليه وسلم أصابع اليدين والرجلين سواء.

عبداللہ بن عمر بن محمد بن ابان، ابوتمیلہ، حسین معلم، یزید نحوی، عکرمہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہ نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے (دیت میں) ہاتھوں اور پیروں کی انگلیوں کو برابر قرار دیا ہے۔

۱۱۴۱۔ حدثنا هدبة بن خالد نا همام نا حسين المعلم عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده أن النبي صلى الله عليه وسلم قال في خطبته وهو مسند ظهره إلى الكعبة في الأصابع عشر عشر.

عمرو بن شعیب کے والدِ ماجد نے اپنے والدِ محترم سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اپنے خطبے میں فرمایا جبکہ آپ نے پشت مبارک خانۂ کعبہ سے لگائی ہوئی تھی کہ انگلیوں کے دس دس اونٹ ہیں۔

۱۱۴۲۔ حدثنا زهير بن حرب أبو خيثمة نا يزيد بن هارون نا حسين المعلم عن عمرو ابن شعيب عن أبيه عن جده عن النبي صلى

عمرو بن شعیب کے والدِ محترم نے اپنے والدِ ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا:۔ دانتوں میں دیت پانچ پانچ اونٹ ہے —

اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الْأَسْنَانِ خَمْسٌ خَمْسٌ
قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَجَدْتُ فِي كِتَابِي عَنْ شَيْبَانَ وَ
لَمْ أَسْمَعْهُ مِنْهُ فَحَدَّثَنَاهُ أَبُو بَكْرٍ صَاحِبٌ لَنَا
ثِقَةٌ قَالَ نَا شَيْبَانُ نَا مُحَمَّدٌ يَعْنِي ابْنَ رَاشِدٍ
عَنْ سُلَيْمَانَ يَعْنِي ابْنَ مُوسَى عَنْ عَمْرِو بْنِ
شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ كَانَ رَسُولُ
اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَوِّمُ دِيَةَ الْخَطَأِ
عَلَى أَهْلِ الْقُرَى أَرْبَعَ مِائَةِ دِينَارٍ أَوْ عِدْلَهَا مِنَ
الْوَرِقِ وَيُقَوِّمُهَا عَلَى أَثْمَانِ الْإِبِلِ فَإِذَا غَلَتْ
رَفَعَ فِي قِيمَتِهَا وَإِذَا هَاجَتْ رُخْصًا نَقَصَ مِنْ
قِيمَتِهَا وَبَلَغَتْ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَيْنَ أَرْبَعِ مِائَةِ دِينَارٍ أَوْ عِدْلَهَا
مِنَ الْوَرِقِ ثَمَانِيَةَ آلَافِ دِرْهَمٍ قَالَ وَ
قَضَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى
أَهْلِ الْبَقَرِ مِائَتَيْ بَقَرَةٍ وَمَنْ كَانَ دِيَةُ عَقْلِهِ
فِي الشَّاءِ فَأَلْفَيْ شَاةٍ قَالَ وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى
اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْعَقْلَ مِيرَاثٌ بَيْنَ وَرَثَةِ
الْقَتِيلِ عَلَى قَرَابَتِهِمْ فَمَا فَضَلَ فَلِلْعَصَبَةِ
قَالَ وَقَضَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
فِي الْأَنْفِ إِذَا جُدِعَ الدِّيَةَ الْكَامِلَةَ وَإِنْ
جُدِعَتْ ثَنْدُوَتُهُ فَنِصْفُ الْعَقْلِ خَمْسُونَ
مِنَ الْإِبِلِ أَوْ عِدْلُهَا مِنَ الذَّهَبِ وَالْوَرِقِ أَوْ
مِائَةُ بَقَرَةٍ أَوْ أَلْفُ شَاةٍ وَفِي الْيَدِ إِذَا قُطِعَتْ
نِصْفُ الْعَقْلِ وَفِي الرِّجْلِ نِصْفُ الْعَقْلِ
وَفِي الْمَأْمُومَةِ ثُلُثُ الْعَقْلِ ثَلَاثٌ وَثَلَاثُونَ
مِنَ الْإِبِلِ وَثُلُثٌ أَوْ قِيمَتُهَا مِنَ الذَّهَبِ وَ
الْوَرِقِ أَوِ الْبَقَرِ أَوِ الشَّاءِ وَالْجَائِفَةُ مِثْلُ
ذَلِكَ وَفِي الْأَصَابِعِ فِي كُلِّ إِصْبَعٍ عَشْرٌ مِنَ
الْإِبِلِ وَفِي الْأَسْنَانِ فِي كُلِّ سِنٍّ خَمْسٌ

امام ابوداؤد نے فرمایا کہ میں نے اپنی کتاب میں شیبان سے روایت
کی ہے لیکن میں نے یہ حدیث اُن سے نہیں سُنی۔ ہمارے ایک ثقہ
ساتھی ابوبکر نے ہم سے حدیث بیان کی کہ شیبان، محمد بن راشد،
سلیمان بن موسیٰ، عمرو بن شعیب، اُن کے والدِ ماجد نے اپنے
والدِ محترم سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
گاؤں والوں سے دیتِ خطا چار سَو دینار یا قیمت میں اُس کے
برابر چاندی دلایا کرتے اور اسے اونٹوں کی قیمت کے لحاظ
سے مقرر فرمایا کرتے۔ جب مہنگائی ہوتی تو دیت کی قیمت بڑھا
دیتے اور جب بھاؤ گرتا تو اُس کی قیمت گھٹا دی جاتی اور
رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک میں دیت
چار سو دینار کے درمیان تک پہنچی یا اُس کے برابر چاندی یعنی آٹھ
ہزار درہم اور رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے گایوں
والوں کے لیے دو سو گائیں مقرر فرمائیں اور جو دیت بکریوں کے
ذریعے دے تو دو سو بکریاں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم
نے فرمایا کہ دیت وارثوں کے لیے مقتول کی میراث ہے اپنی
اپنی قرابت کے مطابق اور جو بچے وہ عصبہ کے لیے۔ رسول اللہ
صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے ناک کے بارے میں فیصلہ فرمایا
کہ پوری کاٹی گئی تو پوری دیت ادا کی جائے گی اور اگلا نرم حصّہ
کاٹا تو نصف دیت یعنی پچاس اونٹ یا اُن کے برابر سونا
چاندی یا سَو گائیں یا ایک ہزار بکریاں۔ جب ہاتھ کاٹا جائے
تو نصف دیت اور پیر کاٹا جائے تب بھی نصف دیت اور
جو زخم دماغ تک پہنچے اُس میں تہائی دیت یعنی تینتیس اونٹ
یا اُن کی قیمت کا سونا چاندی یا گائیں یا بکریاں اور جو زخم پیٹ
تک پہنچے اُس میں بھی یہی ہے اور انگلیوں میں سے ہر انگلی کے
بدلے دس اونٹ اور دانتوں میں سے ہر دانت کے بدلے
پانچ اونٹ اور رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فیصلہ
فرمایا کہ عورت کے زخم کی دیت اُس کے عصبہ میں تقسیم ہو
گی جن کا میراث میں کوئی حصّہ نہیں ہوتا مگر جو وارثوں سے بچ
جائے۔ اگر عورت قتل کر دی جائے تو اُس کی دیت اُس کے

مِنَ الْإِبِلِ وَقَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ عَقْلَ الْمَرْأَةِ بَيْنَ عَصَبَتِهَا مَنْ كَانُوْا لَا يَرِثُوْنَ مِنْهَا شَيْئًا اِلَّا مَا فَضَلَ عَنْ وَرَثَتِهَا فَاِنْ قُتِلَتْ فَعَقْلُهَا بَيْنَ وَرَثَتِهَا وَهُمْ يَقْتُلُوْنَ قَاتِلَهُمْ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ لِلْقَاتِلِ شَيْءٌ وَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهُ وَارِثٌ فَوَارِثُهُ اَقْرَبُ النَّاسِ اِلَيْهِ وَلَا يَرِثُ الْقَاتِلُ شَيْئًا قَالَ مُحَمَّدٌ هٰذَا كُلُّهُ حَدَّثَنِيْ بِهٖ سُلَيْمَانُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ عَمْرِو ابْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

وارثوں میں تقسیم ہوگی اور وہی اُس کے قاتل کو قتل کریں گے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا کہ قاتل کو کچھ نہیں ملے گا خواہ وہ مقتول کا وارث ہی کیوں نہ ہو۔ جو لوگ مقتول کے زیادہ قریب ہیں وہ اُس کی میراث پائیں گے اور مقتول کو کچھ نہیں ملے گا۔ محمد بن راشد کا بیان ہے کہ یہ سب کچھ بیان کیا مجھ سے سلیمان بن موسیٰ نے بواسطہ عمرو بن شعیب کہ اُن کے والدِ ماجد نے اپنے والدِ محترم سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے یہی فرمایا۔

ف:۔ پوری دیت سَو اونٹ ہیں یا دو سَو گائیں یا ایک ہزار بکریاں یا سَو اونٹوں کی نقد قیمت۔ اگر کسی کی پوری ناک کاٹ دی جائے تو پوری دیت لازم آئے گی یعنی سَو اونٹ۔ اگر ناک کا صرف اگلا نرم حصّہ کاٹا ہے تو نصف دیت لازم آتی ہے یعنی ۵۰ پچاس اونٹ۔ جو زخم دماغ تک پہنچ جاتے اور مریض زندہ رہے تو تہائی دیت لازم آتی ہے یعنی تینتیس ۳۳ اونٹ۔ اگر کوئی دانت توڑ دیا ہے تو پانچ اونٹ لازم آتے ہیں۔ قاتل خواہ مقتول کا وارث ہو لیکن اُسے میراث میں سے کچھ بھی نہیں ملے گا۔ عورت کی جنایت کے بدلے جو دیت ملے وہ اُس کے عصبات میں تقسیم ہوگی۔ واللہ تعالٰے اعلم۔

۱۱۴۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى بْنِ فَارِسٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارِ بْنِ بِلَالٍ الْعَامِلِيُّ اَنَا مُحَمَّدٌ يَعْنِي ابْنَ رَاشِدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ يَعْنِي ابْنَ مُوْسٰى عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَقْلُ شِبْهِ الْعَمْدِ مُغَلَّظٌ مِثْلُ عَقْلِ الْعَمْدِ وَلَا يُقْتَلُ صَاحِبُهٗ قَالَ وَزَادَنَا خَلِيْلٌ عَنِ ابْنِ رَاشِدٍ وَذٰلِكَ اَنْ يَّنْزُوَ الشَّيْطَانُ بَيْنَ النَّاسِ فَيَكُوْنُ دِمَاءٌ فِيْ عِمِّيًّا فِيْ غَيْرِ ضَغِيْنَةٍ وَلَا حَمْلِ سِلَاحٍ۔

محمد یحیٰی بن فارس، محمد بن بکار بن بلال عاملی، محمد بن راشد، سلیمان بن موسیٰ، عمرو بن شعیب کے والدِ ماجد نے اپنے والدِ محترم سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا:۔ قتلِ عمد سے مشابہ کی دیت بھی قتلِ عمد کی طرح سخت ہے لیکن اِس میں قاتل کو قتل نہیں کیا جاتا۔ نیز یہ بھی کہا کہ خلیل نے ابنِ راشد سے روایت کی ہے کہ یہ لوگوں کے درمیان خون بہانے کا شیطانی چکر ہے کہ بے خبری میں بغیر کسی عداوت اور ہتھیار اٹھانے کے آدمی قتل کر دیا جاتا ہے۔

۱۱۴۴۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ كَامِلٍ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنٍ اَنَّ خَالِدَ بْنَ الْحَارِثِ حَدَّثَهُمْ قَالَ نَا حُسَيْنٌ يَعْنِي الْمُعَلِّمَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ اَنَّ اَبَاهُ

ابو کامل فُضَیل بن حُسَین، خالد بن حارث، حسین معلم، عمرو بن شعیب کو اُن کے والدِ ماجد نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کی کہ بیشک

أَخْبَرَهُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الْمَوَاضِحِ خَمْسٌ۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا :- ہڈی کھولنے والے زخم پر پانچ اونٹ ہیں۔

۱۱۴۵- حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ خَالِدٍ السُّلَمِيُّ نَا مَرْوَانُ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ نَا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنِي الْعَلَاءُ بْنُ الْحَارِثِ حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَضَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْعَيْنِ الْقَائِمَةِ السَّادَّةِ لِمَكَانِهَا بِثُلُثِ الدِّيَةِ۔

محمود بن خالد سلمی، مروان بن محمد، ہیثم بن حمید، علاء بن الحارث، عمرو بن شعیب، اُن کے والدِ ماجد سے اُن کے جدِ امجد نے فرمایا :- رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فیصلہ فرمایا کہ اگر کسی کی آنکھ اپنی جگہ پر قائم رہے اور اُس کی بینائی جاتی رہے تو اُس کی دیت تہائی ہے۔

ف :- آنکھ اگر نکال دی یا پھوڑ دی تو اُس کی دیت پوری ہے لیکن آنکھ اپنی جگہ پر قائم رہی اور بینائی جاتی رہی تو تہائی دیت لازم آتی ہے یعنی تینتیس اونٹ یا اُن کے مطابق نقد رقم یا گائے بکری وغیرہ۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

بَابُ ۳۷۱ دِيَةِ الْجَنِينِ۔

پیٹ کے بچے کی دیت

۱۱۴۶- حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ النَّمَرِيُّ نَا شُعْبَةُ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ نُضَيْلَةَ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ أَنَّ امْرَأَتَيْنِ كَانَتَا تَحْتَ رَجُلٍ مِنْ هُذَيْلٍ فَضَرَبَتْ إِحْدَاهُمَا الْأُخْرَى بِعَمُودٍ فَقَتَلَتْهَا وَجَنِينَهَا فَاخْتَصَمَا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَحَدُ الرَّجُلَيْنِ كَيْفَ نَدِي مَنْ لَا صَاحَ وَلَا أَكَلَ وَلَا شَرِبَ وَلَا اسْتَهَلَّ فَقَالَ أَسَجْعٌ كَسَجْعِ الْأَعْرَابِ وَقَضَى فِيهِ بِغُرَّةٍ وَجَعَلَهُ عَلَى عَاقِلَةِ الْمَرْأَةِ۔

عبید بن نضیلہ نے حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کی ہے کہ ہذیل کے ایک آدمی کی دو بیویاں تھیں چنانچہ ایک نے دوسری کو لکڑی ماری جس سے وہ مرگئی اور اُس کے پیٹ کا بچہ بھی مرگیا۔ انہوں نے اپنا جھگڑا نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا۔ لوگوں میں سے ایک نے کہا کہ ہم بچے کی دیت کیسے دیں جبکہ نہ وہ رویا، نہ اُس نے کھایا پیا اور نہ وہ چیخا چلایا۔ فرمایا کہ اعرابیوں کی طرح مقفیٰ بولتے ہو۔ چنانچہ آپ نے فیصلہ فرمایا کہ قاتلہ کے وارثوں کو ایک غلام دیا جائے۔

ف :- اگر کسی کی ضرب سے عورت کے پیٹ کا بچہ مرجائے تو اُس کی دیت ایک غلام یا لونڈی ہے۔ جس زمانے میں لونڈی غلام کا رواج تھا تو یہ دیت لونڈی غلام یا اُن کی قیمت کی شکل میں ادا کی جاسکتی تھی لیکن آج جب دنیا اِس عذاب سے پاک ہوچکی تو نہ غلام یا لونڈی دی جاسکتی ہے اور نہ اُن کی قیمت ہی معلوم ہوسکتی ہے۔ لہٰذا جید علمائے کرام کے لیے یہ مسئلہ تحقیق طلب ہے کہ وہ قرآن وسنت کی روشنی میں اِس دیت کا تعین کریں کہ فی زمانہ نقدی کی صورت میں کیا ادا کیا جائے۔

۱۱۴۷- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ بِإِسْنَادِهِ وَمَعْنَاهُ وَزَادَ قَالَ فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِيَةَ الْمَقْتُولَةِ عَلَى عَصَبَةِ الْقَاتِلَةِ وَغُرَّةً لِمَا فِي بَطْنِهَا

عثمان بن ابو شیبہ، جریر نے منصور سے اپنی اسناد کے ساتھ اسے معناً روایت کرتے ہوئے یہ بھی کہا :- پس نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے مقتولہ کی دیت قاتلہ کے عصبہ پر ڈالی نیز ایک غلام یا لونڈی پیٹ کے بچے کی

قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَكَذَلِكَ رَوَاهُ الْحَكَمُ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ الْمُغِيرَةِ۔

۱۱۴۸۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَهَارُونُ ابْنُ عَبَّادٍ الْأَزْدِيُّ الْمَعْنَى قَالَ نَا وَكِيعٌ عَنْ هِشَامٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ أَنَّ عُمَرَ اسْتَشَارَ النَّاسَ فِي إِمْلَاصِ الْمَرْأَةِ فَقَالَ الْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ شَهِدْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى فِيهَا بِغُرَّةٍ عَبْدًا أَوْ أَمَةً فَقَالَ ائْتِنِي بِمَنْ يَشْهَدُ مَعَكَ فَأَتَاهُ بِمُحَمَّدِ ابْنِ مَسْلَمَةَ زَادَ هَارُونُ فَشَهِدَ أَنَّهُ يَعْنِي ضَرَبَ الرَّجُلُ بَطْنَ امْرَأَتِهِ۔

۱۱۴۹۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ نَا وُهَيْبٌ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ الْمُغِيرَةِ عَنْ عُمَرَ بِمَعْنَاهُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ حَمَّادُ ابْنُ زَيْدٍ وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ عُمَرَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ بَلَغَنِي عَنْ أَبِي عُبَيْدٍ إِنَّمَا سُمِّيَ إِمْلَاصًا لِأَنَّ الْمَرْأَةَ تُزْلِقُهُ قَبْلَ وَقْتِ الْوِلَادَةِ وَكَذَلِكَ كُلُّ مَا زَلَقَ مِنَ الْيَدِ وَغَيْرِهِ فَقَدْ مَلِصَ۔

۱۱۵۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَسْعُودٍ الْمِصِّيصِيُّ نَا أَبُو عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَمْرُو ابْنُ دِينَارٍ أَنَّهُ سَمِعَ طَاوُسًا عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ عُمَرَ أَنَّهُ سَأَلَ عَنْ قَضِيَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ذَلِكَ فَقَامَ إِلَيْهِ حَمَلُ بْنُ مَالِكِ بْنِ النَّابِغَةِ فَقَالَ كُنْتُ بَيْنَ امْرَأَتَيْنِ فَضَرَبَتْ إِحْدَاهُمَا بِمِسْطَحٍ فَقَتَلَتْهَا وَجَنِينَهَا فَقَضَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي جَنِينِهَا بِغُرَّةٍ وَأَنْ تُقْتَلَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ قَالَ النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ الْمِسْطَحُ هُوَ الصَّوْبَجُ قَالَ أَبُو عُبَيْدٍ

دیت — امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اسی طرح اسے روایت کیا ہے حکم، مجاہد نے حضرت مغیرہ سے۔

عروہ نے حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کی ہے کہ حضرت عمر نے عورت کا حمل ساقط کر دینے کے بارے میں لوگوں سے مشورہ کیا۔ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالٰے عنہ نے کہا:۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے ایک غلام یا لونڈی کا فیصلہ فرمایا تھا۔ فرمایا کہ اس شخص کو میرے پاس لائیے جو آپ کے ساتھ گواہی دے۔ چنانچہ انہوں نے حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ تعالٰے عنہ کو پیش کیا۔ ہارون بن عباد نے یہ بھی کہا کہ انہوں نے گواہی دی کہ کسی آدمی نے ایک عورت کے پیٹ پر چوٹ ماری۔

موسیٰ بن اسمٰعیل، وہیب، ہشام، اُن کے والد ماجد حضرت مغیرہ نے حضرت عمر سے معناً اسے روایت کیا — امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے حماد بن زید اور حماد بن سلمہ، ہشام، عروہ نے حضرت عمر سے — امام ابوداؤد نے فرمایا کہ مجھے ابوعبید سے یہ بات پہنچی کہ اسے إملاصًا اس لیے کہتے ہیں کہ وقتِ ولادت سے پہلے عورت بچے کو پھسلا دیتی ہے اور ہر وہ چیز جو ہاتھ وغیرہ سے پھسل جائے اُسے مَلَصَ کہا جاتا ہے۔

محمد بن مسعود مصیصی، ابوعاصم، ابن جریج، عمرو بن دینار، طاؤس نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالٰے عنہ نے اس بارے میں نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کا فیصلہ دریافت کیا۔ پس حضرت حمل بن مالک بن نابغہ کھڑے ہو گئے اور کہا:۔ میں دو عورتوں کے درمیان تھا کہ اُن میں سے ایک نے دوسری کو لکڑی ماری جس سے وہ مر گئی اور اُس کے پیٹ کا بچہ بھی۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے بچے کے بارے ایک غلام یا لونڈی کا فیصلہ فرمایا اور وہ قتل کی گئی — امام ابوداؤد نے

اَلْمِسْطَحُ عُوْدٌ مِّنْ اَعْوَادِ الْخِبَاءِ۔ فرمایا کہ نضر بن شمیل کا قول ہے کہ المسطح کھانا پکانے کی لکڑی کو کہتے ہیں۔ ابن عبید نے کہا کہ المسطح خیمے کی لکڑیوں میں سے ایک لکڑی ہے۔

ف :- قاتلہ نے دوسری عورت کو لکڑی ماری تھی جس کے باعث وہ مرگئی اور اُس کے پیٹ کا بچہ بھی مرگیا۔ لکڑی جلانے والی یعنی ایندھن کی لکڑیوں میں سے تھی یا خیمے کی کوئی لکڑی۔ چونکہ اس حدیث میں وارد ہے کہ پیٹ کے بچے کے بدلے رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ وسلم نے ایک غلام یا لونڈی دینے کا حکم فرمایا اور مقتولہ کی جگہ قاتلہ کو قتل کیا گیا یعنی قصاص کا حکم فرمایا۔ اس حدیث کی بنا پر بعض اہلِ علم نے ایسے قتل عمد شمار کیا ہے جبکہ امام اعظم ابو حنیفہ کے نزدیک یہ قتل خطا شبہ عمد ہے جیسا کہ دیگر احادیث سے مبرہن ہے۔ چنانچہ ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ اور دارمی میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالٰے عنہ کی روایت میں ہے :- الا ان دیۃ الخطاء شبہ العمد ما کان بالسوط والعصاء ہے اور مصابیح میں حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالٰے عنہما کی روایت میں ہے :- الا ان فی قتل العمد الخطاء بالسوط والعصاء ہے لہٰذا وہ لکڑی لاٹھی سے بڑھ کر تو نہیں۔ دریں حالات اُس عورت کا قتل وہی قتل خطا شبہ عمد ہے جس میں دیت لازم آتی ہے جیسا کہ دیگر روایات میں ہے۔ واللہ تعالٰے اعلم۔

۱۵۱ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ نَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ طَاؤُسٍ قَالَ قَامَ عُمَرُ عَلَى الْمِنْبَرِ فَذَكَرَ مَعْنَاهُ وَلَمْ يَذْكُرْ وَاَنْ تُقْتَلَ زَادَ بِغُرَّةٍ عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ قَالَ فَقَالَ عُمَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَوْ لَمْ اَسْمَعْ بِهٰذَا لَقَضَيْنَا بِغَيْرِ هٰذَا۔

عمرو بن دینار سے روایت ہے کہ طاؤس نے فرمایا :- حضرت عمر منبر پر کھڑے ہوئے۔ پھر معناً وہی حدیث بیان کی اور قاتلہ کو قتل کرنے کا ذکر نہیں کیا۔ ہاں ایک غلام یا لونڈی کے متعلق کہا۔ راوی کا بیان ہے کہ حضرت عمر نے اللّٰہُ اکبر کہا اور کہنے لگے :- اگر میں یہ نہ سنتا تو ہم اس کے سوا کچھ اور ہی فیصلہ کرتے۔

۱۵۲ - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ التَّمَّارُ اَنَّ عَمْرَو بْنَ طَلْحَةَ حَدَّثَهُمْ قَالَ نَا اَسْبَاطُ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي قِصَّةِ حَمَلِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ فَاَسْقَطَتْ غُلَامًا قَدْ نَبَتَ شَعْرُهُ مَيِّتًا وَمَاتَتِ الْمَرْاَةُ فَقَضٰى عَلَى الْعَاقِلَةِ الدِّيَةَ فَقَالَ عَمُّهَا اِنَّهَا قَدْ اَسْقَطَتْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ غُلَامًا قَدْ نَبَتَ شَعْرُهُ فَقَالَ اَبُو الْقَاتِلَةِ اِنَّهُ كَاذِبٌ وَاللّٰهِ مَا اسْتَهَلَّ وَلَا شَرِبَ وَلَا اَكَلَ فَمِثْلُهُ يُطَلُّ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسَجْعُ الْجَاهِلِيَّةِ وَكَهَانَتُهَا اَدِّ فِي الصَّبِيِّ غُرَّةً قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ كَانَ اسْمُ اِحْدٰهُمَا مُلَيْكَةَ وَالْاُخْرٰى اُمَّ عُطَيْفٍ۔

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰے عنہما سے حضرت حمل بن مالک کے واقعے کو روایت کرتے ہوئے کہا :- پس بچہ مرکر ساقط ہوگیا۔ اُس کے بال اُگ آئے تھے اور عورت بھی مرگئی۔ پس فیصلہ فرمایا کہ دیت اُس کے کنبے والے دیں۔ اُس کے چچا نے کہا کہ یا نبی اللہ! جو بچہ ساقط ہوا ہے اُس کے تو بال بھی اُگ آئے تھے۔ قاتلہ کے باپ نے کہا :- خدا کی قسم یہ جھوٹا ہے کیونکہ نہ وہ چیخا چلایا، نہ اُس نے پیا اور نہ کچھ کھایا۔ لہٰذا وہ نہ ہونے کے برابر ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا :- زمانہ جاہلیت کی طرح قافیہ آرائی کرتے یا کاہنوں کی طرح بولتے ہو، بچے کے بدلے ایک غلام ادا کرو۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ دونوں میں سے ایک عورت کا نام ملیکہ اور دوسری کا ام عطیف تھا۔

۱۵۳ - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ نَا يُوْنُسُ

عثمان بن ابو شیبہ، یونس بن محمد، عبدالواحد بن زیاد، مجالد،

ابن محمد نا عبد الواحد بن زياد نا مجالد حدثني الشعبي عن جابر بن عبد الله ان امراتين من هذيل قتلت احدهما الاخرى ولكل واحدة منهما زوج وولد قال فجعل النبي صلى الله عليه وسلم دية المقتولة على عاقلة القاتلة وبرأ زوجها وولدها قال فقال عاقلة المقتولة ميراثها لنا قال فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا ميراثها لزوجها وولدها۔

شعبی نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ ہذیل کی دو عورتوں میں سے ایک نے دوسری کو قتل کر دیا جبکہ دونوں کے خاوند تھے اور اولاد بھی تھی۔ راوی کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے مقتولہ کی دیت قاتلہ کے کنبے والوں پر ڈالی جبکہ اُس کے خاوند اور بیٹوں کو لاتعلق رکھا۔ مقتولہ کے کنبے والوں نے کہا کہ اس کی میراث ہمارے لیے ہوگی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا، نہیں بلکہ اس کی میراث اس کے خاوند اور اس کے لڑکوں کی ہے۔

ف:- اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عورت اگر کسی کو قتل کرے تو دیت قاتلہ کے کنبے والوں یعنی باپ بھائی وغیرہ ادا کریں گے اور عورت کو اگر قتل کر دیا جائے تو اُس کی میراث اُس کے وارث یعنی خاوند اور بیٹے بیٹی وغیرہ ہی پائیں گے۔ یہ نہیں ہوگا کہ عورت کی طرف سے جنہیں دیت ادا کرنا پڑتی ہے ترکہ بھی اُنہیں ملے بلکہ وارثوں ہی کا حق ہے۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

۱۱۵۴۔ حدثنا وهب بن بيان وابن السرح قالا نا ابن وهب اخبرني يونس عن ابن شهاب عن سعيد بن المسيب وابي سلمة عن ابي هريرة قال اقتتلت امراتان من هذيل فرمت احدهما الاخرى بحجر فقتلتها فاختصموا الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقضى رسول الله صلى الله عليه وسلم دية جنينها غرة عبدا او وليدة وقضى بدية المراة على عاقلتها وورثها ولدها ومن معهم فقال حمل بن مالك بن النابغة الهذلي يا رسول الله كيف اغرم دية من لا شرب ولا اكل ولا نطق ولا استهل ومثل ذلك يطل فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم انما هذا من اخوان الكهان من اجل سجعه الذي سجع۔

سعید بن مسیب اور ابوسلمہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا:- ہذیل کی دو عورتیں آپس میں لڑ پڑیں تو ایک نے دوسری کو پتھر مارا جس سے وہ مرگئی۔ فریقین نے یہ جھگڑا رسول اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت کے پیٹ کے بچے کا فیصلہ فرمایا کہ ایک غلام یا لونڈی دیت دی جائے اور اُس عورت (مقتولہ) کی دیت قاتلہ کے کنبے والوں پر ڈالی اور مقتولہ کی میراث اُس کے بیٹے اور ساتھ والوں کو دی۔ حضرت حمل بن مالک بن نابغہ ہذلی عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! ہم اُس کی دیت کیسے ادا کریں جس نے نہ پیا، نہ کھایا، نہ بات کی اور نہ چیخا چلایا۔ ایسا خون تو باطل ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا:- یہ کاہنوں کے بھائی ہیں، اسی لیے قافیہ آرائی کرتے ہیں۔

۱۱۵۵۔ حدثنا قتيبة بن سعيد نا الليث عن ابن شهاب عن ابن المسيب عن ابي هريرة في هذه القصة قال ثم ان المراة

ابن مسیب نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے اس واقعہ کو روایت کرتے ہوئے کہا:- پھر جس عورت پر آپ نے غلام یا لونڈی دینے کا فیصلہ فرمایا تھا، وہ مرگئی تو

الَّتِي قَضَى عَلَيْهَا بِالْغُرَّةِ تُوُفِّيَتْ فَقَضَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَنَّ مِيرَاثَهَا لِبَنِيهَا وَأَنَّ الْعَقْلَ عَلَى عَصَبَتِهَا۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فیصلہ فرمایا کہ اُس کی میراث اُس کے بیٹے کے لیے ہے اور اُس کی دیت اُس کے عصبہ پر ہے۔

۱۱۵۶۔ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ نَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى نَا يُوسُفُ بْنُ صُهَيْبٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ امْرَأَةً حَذَفَتِ امْرَأَةً فَأَسْقَطَتْ فَرُفِعَ ذَلِكَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ فِي وَلَدِهَا خَمْسَ مِائَةِ شَاةٍ وَنَهَى يَوْمَئِذٍ عَنِ الْحَذْفِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ كَذَا الْحَدِيثُ خَمْسُمِائَةِ شَاةٍ وَالصَّوَابُ مِائَةُ شَاةٍ۔

عبداللہ بن بُریدہ نے اپنے والدِ ماجد سے روایت کی ہے کہ ایک عورت نے دوسری عورت کو پتھر مارا جس سے اُس کا حمل ساقط ہو گیا۔ پس یہ مقدمہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا گیا تو آپ نے اُس کے بچے کے بدلے پانچ سَو بکریاں مقرر فرمائیں اور اُس روز پتھر مارنے سے منع فرمایا ——— امام ابو داؤد نے فرمایا کہ حدیث میں اِسی طرح پانچ سَو بکریاں مذکور ہیں جبکہ صحیح تعداد سَو بکریاں ہے۔

۱۱۵۷۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى الرَّازِيُّ نَا عِيسَى عَنْ مُحَمَّدٍ يَعْنِي ابْنَ عَمْرٍو عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَضَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجَنِينِ بِغُرَّةٍ عَبْدٍ أَوْ أَمَةٍ أَوْ فَرَسٍ أَوْ بَغْلٍ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَى هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ وَخَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ لَمْ يَذْكُرْ فَرَسًا وَلَا بَغْلًا۔

عمرو بن دینار نے ابو سلمہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے پیٹ کے بچے کے بارے میں ایک گردن کا فیصلہ فرمایا خواہ غلام ہو یا لونڈی، گھوڑا ہو یا خچر ——— امام ابو داؤد نے فرمایا کہ روایت کی گئی ہے یہ حدیث محمد بن عمرو اور حماد بن سلمہ اور خالد بن عبداللہ سے لیکن اُن میں سے کسی نے بھی گھوڑے یا خچر کا ذکر نہیں کیا۔

۱۱۵۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ الْعَوَقِيُّ قَالَ نَا شَرِيكٌ عَنْ مُغِيرَةَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ وَجَابِرٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ الْغُرَّةُ خَمْسُ مِائَةٍ يَعْنِي دِرْهَمًا قَالَ أَبُو دَاوُدَ قَالَ رَبِيعَةُ خَمْسُونَ دِينَارًا۔

محمد بن سنان عوقی، شریک، مغیرہ، ابراہیم اور جابر سے روایت ہے کہ شعبی نے فرمایا:۔ اَلْغُرَّۃ کی قیمت پانچ سَو درہم ہے ——— امام ابو داؤد نے فرمایا:۔ ربیعہ کا قول ہے کہ پچاس دینار۔

بَابُ ۳۷۹ فِي دِيَةِ الْمُكَاتَبِ۔

مکاتَب کی دیت کا بیان

۱۱۵۹۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ نَا حَجَّاجٌ الصَّوَّافُ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَضَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

یحییٰ بن ابو کثیر نے عکرمہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکاتب کی دیت کے بارے میں فیصلہ فرمایا جبکہ اُسے قتل کیا جائے تو اپنی کتابت سے جتنی قیمت ادا کر چکا

فِي دِيَةِ الْمُكَاتَبِ يُقْتَلُ يُؤَدِّي مَا أَدَّى مِنْ مُكَاتَبَتِهِ دِيَةَ الْحُرِّ وَمَا بَقِيَ دِيَةَ الْمَمْلُوكِ۔

اتنے حصے کی آزاد کے مطابق دیت اور باقی حصے کی دیت غلام کے مطابق ادا کی جائے۔

۱۱۶۰- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ نَا حَمَّادُ ابْنُ سَلَمَةَ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا أَصَابَ الْمُكَاتَبُ حَدًّا أَوْ وَرِثَ مِيرَاثًا يَرِثُ عَلَى قَدْرِ مَا عُتِقَ مِنْهُ. قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ وُهَيْبٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَرْسَلَهُ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ وَإِسْمَعِيلُ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَعَلَهُ إِسْمَعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ قَوْلَ عِكْرِمَةَ۔

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰے عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب مکاتب کوئی حد کا کام کرے یا کسی کی میراث پائے تو جتنا حصہ آزاد ہوا ہے اُسی کے مطابق میراث پائے گا۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے وہیب، ایوب، عکرمہ، حضرت علی رضی اللہ تعالٰے عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم سے اور مرسلاً روایت کی ہے حماد بن زید اور اسمٰعیل، ایوب، عکرمہ، حضرت علی نے نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم سے روایت کی اور اسمٰعیل بن علیہ نے عکرمہ کا قول قرار دیا۔

باب ۳۸۰ فِي دِيَةِ الذِّمِّيِّ۔

ذمّی کی دیت کا بیان

۱۱۶۱- حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ مَوْهَبٍ الرَّمْلِيُّ نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ دِيَةُ الْمُعَاهِدِ نِصْفُ دِيَةِ الْحُرِّ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَارِثِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ مِثْلَهُ۔

یزید بن خالد بن موہب رملی، عیسیٰ بن یونس، محمد بن اسحاق، عمرو بن شعیب، اُن کے والد ماجد نے اپنے والد محترم سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا:- معاہد کی دیت آزاد کی دیت کا نصف ہے۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے اسامہ بن زید اور عبدالرحمٰن بن حارث نے عمرو بن شعیب سے اسی کے مانند۔

باب ۳۸۱ فِي الرَّجُلِ يُقَاتِلُ الرَّجُلَ فَيَدْفَعُهُ عَنْ نَفْسِهِ۔

ایک شخص دوسرے سے لڑے، دوسرا مدافعت کرے

۱۱۶۲- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَطَاءٌ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَعْلَى عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَاتَلَ أَجِيرٌ لِي رَجُلًا فَعَضَّ يَدَهُ فَانْتَزَعَهَا فَنَدَرَتْ ثَنِيَّتُهُ فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَهْدَرَهَا وَقَالَ أَتُرِيدُ أَنْ

صفوان بن یعلیٰ سے اُن کے والد ماجد نے فرمایا کہ میرے نوکر نے ایک شخص سے لڑائی کی اور اس کا ہاتھ چبایا۔ اُس نے اپنا ہاتھ کھینچا تو اس کا سامنے کا دانت ٹوٹ گیا۔ پس یہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو آپ نے اسے لغو قرار دے دیا اور فرمایا:- کیا تم چاہتے ہو

يَضَعُ يَدَهُ فِي فِيكَ تَقْضِمُهَا كَالْفَحْلِ قَالَ قَالَ فَأَخْبَرَنِي ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ أَهْدَرَهَا وَقَالَ بَعِدَتْ سِنُّهُ۔

کہ وہ اپنا ہاتھ تمہارے منہ میں ہی رکھتا تاکہ تم اُسے چبا ڈالتے۔ راوی کا بیان ہے کہ مجھے ابن ابی مُلیکہ نے اپنے جدِّ امجد کے حوالے سے بتایا کہ حضرت ابوبکر نے بھی اُسے لغو قرار دیا

۱۱۶۳۔ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ أَيُّوبَ نَا هُشَيْمٌ نَا حَجَّاجٌ وَعَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ بِهَذَا زَادَ ثُمَّ قَالَ يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْعَاضِّ إِنْ شِئْتَ أَنْ تُمَكِّنَهُ مِنْ يَدِكَ فَيَعَضَّهَا ثُمَّ تَنْزِعَهَا مِنْ فِيهِ وَأَبْطَلَ دِيَةَ أَسْنَانِهِ۔

عطاء نے یعلیٰ بن اُمیّہ سے اِسے روایت کرتے ہوئے یہ بھی کہا کہ پھر نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے کاٹنے والے سے فرمایا۔ اگر تم چاہتے ہو تو اپنا ہاتھ اُس کے منہ میں ڈال دو۔ وہ اسے کاٹے پھر تم اُسے اُس کے منہ سے کھینچو اور بایں وجہ اُس کے دانت کی دیت کو باطل قرار دیا۔

بَابٌ ۳۸۱ فِي مَنْ تَطَبَّبَ وَلَا يُعْلَمُ مِنْهُ طِبٌّ فَأَعْنَتَ۔

طبیب نہ ہو مگر علاج کرے تو کیا حکم ہے

۱۱۶۴۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَاصِمٍ الْأَنْطَاكِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ بْنِ سُفْيَانَ أَنَّ الْوَلِيدَ ابْنَ مُسْلِمٍ أَخْبَرَهُمْ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو ابْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ تَطَبَّبَ وَلَا يُعْلَمُ مِنْهُ طِبٌّ فَهُوَ ضَامِنٌ قَالَ نَصْرٌ حَدَّثَنِي ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ أَبُو دَاوُدَ هَذَا لَمْ يَرْوِهِ إِلَّا الْوَلِيدُ لَا نَدْرِي أَصَحِيحٌ هُوَ أَمْ لَا۔

نصر بن عاصم انطاکی اور محمد بن صباح بن سفیان، ولید بن مسلم، ابن جریج، عمرو بن شعیب، ان کے والدِ ماجد نے اپنے والدِ محترم سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے علاج معالجہ کیا اور وہ علمِ طب نہیں جانتا تو وہ ذمہ دار ہوگا۔ نصر بن عاصم نے کہا کہ مجھ سے یہ حدیث ابنِ جریج نے بیان کی — امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اِسے ولید بن مسلم کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا اور مجھے نہیں معلوم کہ یہ صحیح ہے یا نہیں۔

۱۱۶۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا حَفْصٌ نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنِي بَعْضُ الْوَفْدِ الَّذِينَ قَدِمُوا عَلَى أَبِي قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّمَا طَبِيبٍ تَطَبَّبَ عَلَى قَوْمٍ لَا يُعْرَفُ لَهُ تَطَبُّبٌ قَبْلَ ذَلِكَ فَأَعْنَتَ فَهُوَ ضَامِنٌ قَالَ عَبْدُ الْعَزِيزِ أَمَا إِنَّهُ لَيْسَ بِالنَّعْتِ إِنَّمَا هُوَ قَطْعُ الْعُرُوقِ وَالْبَطُّ وَالْكَيُّ۔

عبدالعزیز بن عمر بن عبدالعزیز کا بیان ہے کہ ایک وفد کے لوگوں نے مجھ سے یہ حدیث بیان کی جو میرے والدِ محترم کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو طبیب لوگوں کا علاج کرے اور اِس سے پہلے لوگوں کو پتہ بھی نہ ہو کہ وہ علمِ طب جانتا ہے۔ پھر اُس کے علاج سے نقصان ہو تو وہ ذمہ دار ہے — عبدالعزیز کا بیان ہے کہ اُس پر دیت لازم نہیں آئے گی جیسے رگ کاٹنے، زخم چیرنے یا داغ لگانے پر۔

بَابٌ ۳۸۲ الْقِصَاصِ مِنَ السِّنِّ۔

دانت کا قصاص

۱۱۶۶- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا الْمُعْتَمِرُ عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيْلِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَسَرَتِ الرُّبَيِّعُ اُخْتُ اَنَسِ بْنِ النَّضْرِ ثَنِيَّةَ امْرَاَةٍ فَاَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَضٰى بِكِتَابِ اللّٰهِ الْقِصَاصَ فَقَالَ اَنَسُ بْنُ النَّضْرِ وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا تُكْسَرُ ثَنِيَّتُهَا الْيَوْمَ قَالَ يَا اَنَسُ كِتَابُ اللّٰهِ الْقِصَاصُ فَرَضُوْا بِاَرْشٍ اَخَذُوْهُ فَعَجِبَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ اِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهٗ قَالَ اَبُوْدَاوٗدَ سَمِعْتُ اَحْمَدَ بْنَ حَنْبَلٍ قِيْلَ لَهٗ كَيْفَ يُقْتَصُّ مِنَ السِّنِّ قَالَ تُبْرَدُ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالٰے عنہ کا بیان ہے کہ حضرت انس بن نضر کی بہن حضرت رُبَیّع نے ایک عورت کا سامنے کا دانت توڑ دیا ۔ پس وہ لوگ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو آپ نے اللہ کی کتاب کے مطابق قصاص کا فیصلہ فرمایا ۔ حضرت انس بن نضر عرض گزار ہوئے ۔ قسم ہے اُس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ۔ اُس (حضرت ربیع) کا سامنے والا دانت نہیں توڑا جائے گا ۔ فرمایا ، اے انس ! اللہ کی کتاب میں قصاص ہے ۔ پھر وہ لوگ دیت لینے پر راضی ہو گئے ۔ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے اس پر تعجب کرتے ہوئے فرمایا ۔ بیشک اللہ تعالٰی کے ایسے بندے بھی ہیں کہ اگر وہ اللہ کے بھروسے پر قسم کھا لیں تو اللہ تعالٰے انہیں سچا کر دکھاتا ہے ۔ امام ابوداؤد نے فرمایا میں نے سُنا کہ امام احمد بن حنبل سے کہا گیا کہ دانت کا قصاص کیسے لیا جائے ؛ انہوں نے تُبْرَدُ فرمایا ۔

ف :- حضرت انس بن نضر رضی اللہ تعالٰے عنہ نے قسم کھائی کہ اُن کی بہن کا دانت نہیں توڑا جائے گا حالانکہ شریعتِ محمدیہ کے مطابق قصاص لازم آرہا تھا ۔ بالآخر جس عورت کا حضرت ربیع بن نضر رضی اللہ تعالٰے عنہا نے دانت توڑا تھا اُس کے وارث دیت لینے پر رضامند ہو گئے اور اللہ تعالٰے نے حضرت انس کو اُن کی قسم میں سچا کر دکھایا ۔ اس پر رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کے بندوں میں سے ایسے بھی ہیں کہ اگر اللہ کے بھروسے پر قسم کھا بیٹھیں تو اللہ تعالٰے انہیں سچا کر دکھاتا ہے ۔ قیامت تک ایسے حضرات اولیاء اللہ کے رنگ میں ہوتے رہیں گے اور دوسرے انسانوں میں ان حضرات کا وجود جسم میں رُوح کی طرح ہے ۔ یہی حضرات حق و صداقت کے نشان ہیں اور اہلسنت و جماعت کے سوا دوسری کسی بھی جماعت میں ولی کا پایا جانا قطعاً ناممکن ہے ۔ واللہ تعالٰے اعلم ۔

بَابٌ ۳۸۴ فِي الدَّابَّةِ تَنْفَحُ بِيَدِهَا

جب کسی کو جانور لات مار دے

۱۱۶۷- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ نَا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الرِّجْلُ جُبَارٌ۔

عثمان بن ابو شیبہ ، محمد بن یزید ، سفیان بن حسین ، زہری ، سعید بن مسیب نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا :- جانور کے لات مارنے میں دیت نہیں ہے ۔

۱۱۶۸- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا سُفْيَانُ عَنْ

سعید بن مسیب اور ابوسلمہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ

الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَأَبِي سَلَمَةَ سَمِعَا أَبَا هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْعَجْمَاءُ جُرْحُهَا جُبَارٌ وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ وَالْبِئْرُ جُبَارٌ وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَالْعَجْمَاءُ الْمُنْفَلِتَةُ الَّتِي لَا تَكُونُ مَعَهَا أَحَدٌ وَتَكُونُ بِالنَّهَارِ وَلَا تَكُونُ بِاللَّيْلِ۔

بَابٌ ۳۸۵ فِي النَّارِ تَعَدَّى۔

۱۱۶۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ الْعَسْقَلَانِيُّ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ ح وَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُسَافِرٍ التِّنِّيسِيُّ نَا يَحْيَى بْنُ الْمُبَارَكِ نَا عَبْدُ الْمَلِكِ الصَّنْعَانِيُّ كِلَاهُمَا عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّارُ جُبَارٌ۔

بَابٌ ۳۸۶ جِنَايَةُ الْعَبْدِ يَكُونُ لِلْفُقَرَاءِ۔

۱۱۷۰۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا مُعَاذُ ابْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ أَنَّ غُلَامًا لِأُنَاسٍ فُقَرَاءَ قَطَعَ أُذُنَ غُلَامٍ لِأُنَاسٍ أَغْنِيَاءَ فَأَتَى أَهْلُهُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّا أُنَاسٌ فُقَرَاءُ فَلَمْ يَجْعَلْ عَلَيْهِمْ شَيْئًا۔

بَابٌ ۳۸۷ فِي مَنْ قُتِلَ فِي عِمِّيَّا بَيْنَ قَوْمٍ۔

۱۱۷۱۔ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ كَثِيرٍ قَالَ نَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قُتِلَ فِي عِمِّيَّا أَوْ رِمِّيَّا تَكُونُ بَيْنَهُمْ بِحَجَرٍ أَوْ بِسَوْطٍ فَعَقْلُهُ

تعالےٰ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا :۔ اَلْعَجْمَاءُ (مویشی) کے زخمی کر دینے کی دیت نہیں، کان میں دبنے کی دیت نہیں، کنوئیں میں ڈوبنے کی دیت نہیں اور اور زمین میں دبایا ہوا مال ملے تو اُس میں خُمس (پانچواں حصّہ) ہے ۔۔۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ اَلْعَجْمَاءُ وہ مویشی ہے جس کے ساتھ کوئی نہ ہو اور واقعہ دن کے وقت ہوا ہو، رات کے وقت کا نہ ہو۔

اُس آگ کا بیان جو پھیل جائے

محمد بن متوکل عسقلانی، عبد الرزاق ۔۔۔ جعفر بن مسافر تنیسی، زید بن مبارک، عبد الملک صنعانی، معمر ہمام بن منبہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا :۔ آگ لگ جانے پر تاوان نہیں ہے۔

غلام کی جنایت فقراء کے لیے ہے

ابو نضرہ نے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ مفلسوں میں سے کسی کے لڑکے نے کسی مالدار کے لڑکے کا کان کاٹ دیا۔ اُس (غریب لڑکے) کے گھر والے نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے :۔ یا رسول اللہ! ہم مفلس آدمی ہیں۔ آپ نے اُن پر کوئی دیت نہیں ڈالی۔

جو اندھا دھند کی لڑائی میں مارا جائے

طاؤس نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا :۔ جو اندھا دھند کی لڑائی میں مارا گیا یا پتھراؤ میں کہ اُن کے درمیان پتھر چلے یا کوڑے (لاٹھی جارج) تو اُس کی دیت قتلِ خطا والی ہے اور جو دانستہ قتل کیا تو وہ

عَقْلُ مُخْطِئٍ وَمَنْ قُتِلَ عَمْدًا فَقَوَدُ يَدَيْهِ فَمَنْ حَالَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ۔ اٰخِرُ كِتَابِ الدِّيَاتِ ۔

قصاص دے۔ جو ان کے درمیان میں حائل ہوا تو ایسے شخص پر اللہ تعالیٰ کی، فرشتوں کی اور تمام انسانوں کی لعنت ہوتی ہے۔ کتاب الدیات ختم ہوئی۔

اَوَّلُ کِتَابِ السُّنَّةِ

اتباعِ سنّت کا بیان

بابٌ ۳۸۸ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ

۱۱۷۲ — حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ عَنْ خَالِدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ افْتَرَقَتِ الْيَهُودُ عَلَى إِحْدَى أَوْ ثِنْتَيْنِ وَسَبْعِينَ فِرْقَةً وَتَفَرَّقَتِ النَّصَارَى عَلَى إِحْدَى أَوْ ثِنْتَيْنِ وَسَبْعِينَ فِرْقَةً وَتَفْتَرِقُ أُمَّتِي عَلَى ثَلَاثٍ وَسَبْعِينَ فِرْقَةً۔

سنّت کا مطلب

وہب بن بقیہ، خالد، محمد بن عمرو، ابو سلمہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: یہودی اکہتر یا بہتر فرقوں میں بٹے تھے اور انصاری بھی اکہتر یا بہتر فرقوں میں تقسیم ہو گئے تھے لیکن میری اُمت تہتر فرقوں میں بٹ جائے گی۔

ف: یہ سنن ابو داؤد کی کتاب السنۃ ہے اور اس کا پہلا باب امام ابو داؤد رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۲۷۵ھ/۸۸۸ء) نے سنت کی تشریح میں باندھا ہے اور اس باب میں سب سے پہلی حدیث انہوں نے اُمتِ محمدیہ کے تہتر فرقے ہو جانے کے متعلق پیش کی ہے۔ معلوم ہوا کہ سنت سے مراد طریقۂ رسول ہے یعنی اُمتِ محمدیہ کی صرف ایک ہی جماعت طریقۂ رسول پر رہے گی جو سوادِ اعظم ہے اور اس کے علاوہ باقی ۷۲ فرقے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے طریقے سے ہٹتے ہوئے ابدی گمراہ، بد مذہب اور جہنمی ہوں گے جیسا کہ متعدد احادیثِ مطہرہ میں وارد ہوا ہے۔ چنانچہ غوثِ اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۵۶۱ھ/۱۱۶۶ء) نے اس سلسلے میں یوں تصریح فرمائی ہے:

فاصل ثلاث وسبعين فرقة عشرة اهل السنة والخوارج والشيعة والجهمية والضرارية والنجارية والكلابية۔ فاهل السنة طائفة واحدة والخوارج خمس عشر فرقة والمعتزلة ست فرقة والمرجية اثنا عشر فرقة والشيعة اثنتا وثلثون فرقة والجهمية والنجارية والضرارية والكلابية كل واحدة فرقة واحدة والمشبهة ثلث فرق فجميع ذلك ثلاث وسبعون فرقة على ما اخبر به النبي صلى الله عليه وسلم واما الفرقة الناجية فهي اهل السنة والجماعة۔

پس تہتر فرقوں کی اصل دس فرقے ہیں یعنی اہلسنت، خوارج، شیعہ، معتزلہ، مرجیہ، مشبہ، جہمیہ، ضراریہ، نجاریہ اور کلابیہ۔ چنانچہ اہلسنت و جماعت کا ایک ہی فرقہ ہے جبکہ خوارج کے پندرہ فرقے ہیں، معتزلہ کے چھ فرقے مرجیہ کے بارہ فرقے، شیعہ کے بتیس فرقے، جہمیہ، نجاریہ ضراریہ اور کلابیہ میں سے ہر ایک فرقے کا ایک ہی فرقہ ہے اور مشبہ کے تین فرقے ہیں تو یہ سب مل کر تہتر فرقے ہو گئے جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اس کی خبر دی اور ان میں سے نجات پانے والا فرقہ اہلسنت و جماعت ہے۔

(غنیۃ الطالبین۔ جلد اول، مطبوعہ کراچی، ص ۳۰۹)

☆☆☆

معلوم ہوا کہ علیحدہ فرقہ بنانا اور حضور کی بنائی ہوئی جماعت سے جدا ہو کر اپنا علیحدہ فرقہ بنانا گویا اپنے آپ کو جہنم میں لے جانا ہے۔ یہ زندہ حقیقت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی تیار کردہ جماعت وہی ہے جو مختلف فرقِ باطلہ کے ظہور میں آنے پر اہلسنت وجماعت کے نام سے موسوم ہوئی تاکہ وہ گمراہ فرقوں سے ممتاز رہے۔ اس جماعت سے نکلنا قرآن وحدیث کی رُو سے مخالفتِ رسول ہے جیسا کہ پروردگارِ عالم نے اس بارے میں تصریحاً فرمایا ہے:۔

ومن یشاقق الرسول من بعد ما تبین له الهدٰی ویتبع غیر سبیل المؤمنین نولّه ما تولّٰی ونصله جهنم وساءت مصیراً ٥

(۴: ۱۱۵)

اور جو رسول کا خلاف کرے اس کے بعد کہ ہدایت اُس کے لیے ظاہر ہو چکی اور مسلمانوں کے راستے کے سوا کسی اور راستے پر چلے تو ہم اُسے اُدھر ہی پھیر نے دیں گے جدھر وہ پھرا ہے اور جہنم میں ڈالیں گے جو پلٹنے کی بُری جگہ ہے۔

۱۷۳ - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَمُحَمَّدُ ابْنُ یَحْیٰی قَالَا نَا اَبُو الْمُغِیْرَةِ نَا صَفْوَانُ ح وَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ حَدَّثَنَا بَقِیَّةُ حَدَّثَنِیْ صَفْوَانُ نَحْوَهُ حَدَّثَنِیْ اَزْهَرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَرَازِیُّ عَنْ اَبِیْ عَامِرٍ الْهَوْزَنِیِّ عَنْ مُعَاوِیَةَ بْنِ اَبِیْ سُفْیَانَ اَنَّهُ قَامَ فَقَالَ اَلَا اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فِیْنَا فَقَالَ اَلَا اِنَّ مَنْ قَبْلَکُمْ مِنْ اَهْلِ الْکِتَابِ افْتَرَقُوْا عَلٰی ثِنْتَیْنِ وَسَبْعِیْنَ مِلَّةً وَاِنَّ هٰذِهِ الْمِلَّةَ سَتَفْتَرِقُ عَلٰی ثَلَاثٍ وَسَبْعِیْنَ ثِنْتَانِ وَسَبْعُوْنَ فِی النَّارِ وَوَاحِدَةٌ فِی الْجَنَّةِ وَهِیَ الْجَمَاعَةُ زَادَ ابْنُ یَحْیٰی وَعَمْرٌو فِیْ حَدِیْثِهِمَا وَاِنَّهُ سَیَخْرُجُ فِیْ اُمَّتِیْ اَقْوَامٌ تَجَارٰی بِهِمْ تِلْکَ الْاَهْوَاءُ کَمَا یَتَجَارٰی الْکَلْبُ لِصَاحِبِهٖ وَقَالَ عَمْرٌو اَلْکَلْبُ بِصَاحِبِهٖ لَا یَبْقٰی مِنْهُ عِرْقٌ وَلَا مَفْصَلٌ اِلَّا دَخَلَهٗ۔

احمد بن حنبل اور محمد بن یحیٰی، ابو المغیرہ، صفوان ــــــ عمرو بن عثمان، بقیہ، صفوان، ازہر بن عبد اللہ حرازی، ابوعامر ہوزنی سے روایت ہے کہ حضرت معاویہ بن ابو سفیان رضی اللہ تعالٰے عنہما نے کھڑے ہو کر فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم ہمارے درمیان کھڑے ہوئے اور فرمایا:۔ خبردار ہو جاؤ کہ تم سے پہلے اہل کتاب بہتر فرقوں میں بٹ گئے تھے اور عنقریب یہ اُمت تہتّر فرقوں میں بٹ جائے گی۔ بہتّر فرقے تو جہنم میں جائیں گے اور ایک ہی فرقہ جنت میں جائے گا، وہی سب سے بڑی جماعت ہے۔ ابن یحیٰی اور عمرو بن عثمان نے اپنی اپنی حدیثوں میں یہ بھی کہا:۔ عنقریب میری اُمت میں ایسے لوگ نکلیں گے کہ گمراہی اُن میں یوں سرایت کر جائے گی جیسے باؤلے کُتے کے کاٹے ہوئے کے جسم میں زہر سرایت کر جاتا ہے۔ عمرو بن عثمان نے کہا جیسے سگ گزیدہ کے جسم میں زہر داخل ہو جاتا ہے کہ کوئی رگ اور کوئی جوڑ اُس سے نہیں بچتا۔

ف:۔ سنّت یہی ہے کہ ایک مسلمان کہلانے والا اُسی جماعت میں رہے جو رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے تیار کی تھی اور فرقِ باطلہ کے منظرِ عام پر آنے کے وقت اُس نے اپنے آپ کو اہلسنت وجماعت کے نام سے موسوم ومشتہر کیا۔ اس جماعت سے نکلنا اور اپنا علیحدہ فرقہ قائم کرنا یا اس طرح قائم ہونے والے کسی بھی گمراہ فرقے میں شامل ہونا بہت بڑی بدعت ہے۔ اہلسنت وجماعت کے سوا جتنے بھی فرقے بنے وہ سب بدعتی، گمراہ اور بد مذہب ہیں۔ مسلمانوں کے پاس جتنا دینی علمی اور قلمی سرمایہ ہے، وہ سارے کا سارا اہلسنت وجماعت کے بزرگوں کا ہے۔ دوسری جماعتوں کے پاس خاک دھول کے

سوا کچھ بھی نہیں۔ قرآن وحدیث اور ان سے متعلقہ تمام علمی سرمائے کو یہی حضرات چودہ سو سال سے یہاں تک لے آئے ہیں۔ دیگر فرقوں میں اکثر کھپ گئے بعض نئے جو پیدا ہوئے وہ بھی یکے بعد دیگرے مٹتے چلے جائیں گے۔ قیامت تک جانے والا وہی گروہ ہے جو مسلمانوں کا سوادِ اعظم اور ناجی گروہ ہے۔ سرزمین پاک و ہند میں اہلسنت وجماعت کے سوا بعض جن فرقوں کی چھل پہل اور چلت پھرت نظر آرہی ہے اور بعض بظاہر بڑے خوشنما رنگوں میں عوام الناس کو اپنے پیچھے لگانے میں کوشاں نظر آرہے ہیں تو اس ملک پر انگریزوں کی حکومت قائم ہونے سے پہلے ان تمام فرقوں کا روئے زمین پر کہیں نام ونشان بھی نہیں تھا۔ یہ برٹش گورنمنٹ نے اپنی اسلام دشمنی کے تحت ملتِ اسلامیہ کو تحفے میں دیئے ہیں جو معلوم نہیں کب تک لوگوں کے دین وایمان پر دن دھاڑے ڈاکے ڈالتے رہیں گے۔ اہلسنت وجماعت کی حقانیت کے بارے میں خاتم المحققین۔ شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۰۵۲ھ/ ۱۶۴۲ء) نے لکھا ہے۔

اگر گویند چگونہ معلوم شود کہ فرقۂ ناجیہ اہلسنت وجماعت اند وایں راہِ راست وراہِ خداست ودیگر ہمہ راہ ہائے نادرست وہر فرقہ دعوٰی میکند کہ براہِ راست است ومذہب وے حق۔ جوابش آنکہ ایں چیزے نیست کہ بمجرد دعوٰی تمام شود، برہان باید وبرہان حقانیت اہلسنت وجماعت آنست کہ ایں دینِ اسلام بنقل آمدہ است ومجرد عقل بآں وافی نیست وبتواتر اخبار معلوم شدہ وتتبع وتفحص احادیث وآثار متیقن گشتہ کہ سلف صالح از صحابہ وتابعین باحسان ومن بعدہم ہمہ بریں اعتقاد وبریں طریقہ بودہ اند وایں بدع وہوا در مذہب واقوال بعد از صدرِ اوّل حادث شدہ واز صحابہ وسلف متقدمین ہیچ کس براں نبودہ والیشاں متبری بودہ اند ازاں وبعد از حدوث، آں رابطۂ صحبت ومحبت کہ باآں قوم قطع کردہ ورد نمودہ ومحدثین اصحاب کتب ستہ وغیرہا از کتب مشہورہ معتمدہ کہ معنی ومدارِ احکامِ اسلام برانہا افتادہ وائمہ فقہائے اربابِ مذاہب اربعہ وغیرہم ازانہا کہ در طبقہ ایشاں بودہ اند ہمہ بریں مذہب بودہ اند واشاعرہ وماتریدیہ کہ ائمۂ اصولِ کلام اند تائید مذہبِ سلف نمودہ وبدلائل عقلیہ آنرا اثبات کردہ آنچہ سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم واجماعِ سلف براں رفتہ بودہ مؤکد ساختہ اند ولہٰذا نام ایشاں اہلِ سنت وجماعت افتادہ۔ اگرچہ ایں نام حادث است

اگر کہیں کہ یہ کیسے معلوم ہوا کہ ناجی گروہ اہلسنت وجماعت کا ہے، یہی راہِ راست اور خدا کی طرف جانے کا راستہ ہے اور دوسرے تمام راستے جہنم کے راستے ہیں حالانکہ ہر فرقہ دعوٰی کرتا ہے کہ وہ راہِ راست پر ہے اور اُس کا مذہب برحق ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ تو کوئی بات نہیں ہوئی کیونکہ خالی دعوٰی کافی نہیں ہوتا، دلیل چاہیئے جبکہ اہلسنت وجماعت کے برحق ہونے کی دلیل یہ ہے کہ ان کا دینِ اسلام نقل ہوتا آیا ہے جبکہ یہاں صرف عقل کافی نہیں ہوتی اور متواتر خبروں سے معلوم ہوا نیز احادیث وآثار کی چھان بین سے یقین آیا کہ سلف صالحین میں سے صحابہ و تابعین اور اُن کے بعد والے تمام بزرگ اسی عقیدے اور طریقے پر تھے۔ مذہب اور ارشادات اکابر میں بدعت اور من مانی کارروائی کی ملاوٹ صدرِ اوّل کے بعد واقع ہوئی۔ صحابہ اور پہلے بزرگوں میں سے کوئی بھی ان کے طریقوں پر نہ تھا اور وہ ان راستوں سے بری تھے۔ جاری ہونے کے بعد ان فرقوں نے اُن بزرگوں سے صحبت ومحبت کا رشتہ توڑ لیا اور رد کیا۔ صحاح ستہ والے محدثین اور دوسری مشہور وقابلِ اعتماد کتابوں والے کہ جن پر اسلامی احکام کا دارومدار ہے اور مذاہب اربعہ کے آئمہ مجتہدین اسی جماعت سے ہیں اور جتنے فقہاء اُن کے طبقے میں ہیں، سب اسی مذہب پر تھے اور اشاعرہ وماتریدیہ کہ اصول وکلام کے امام ہیں انہوں نے بھی سلف کے مذہب کی تائید کی اور عقلی دلائل سے اسے ثابت کیا اور جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت اور سلف کے اجماع سے ثابت ہے اُسے مؤکد کیا۔ اسی لیے تو اس جماعت کا نام اہل سنت وجماعت

اما مذہب و اعتقاد ایشاں قدیم است و طریقۂ ایشاں اتباعِ احادیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم و اقتدا باثارِ سلف و حمل نصوص برظاہر است۔ (اشعۃ اللمعات، جلد اوّل، ص ۱۴۰، ۱۴۱)

ہوا۔ اگرچہ یہ نام بعد میں رکھا گیا لیکن ان کا مذہب اور عقیدہ وہی قدیم ہے اور ان حضرات کا طریقہ یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی احادیث اور اسلاف کے ارشادات کی پیروی کرتے ہیں اور نصوص قرآن کے ظاہری معانی پر محمول کرتے ہیں۔

اپنے دور میں سرمایۂ ملت کے عدیم المثال نگہبان ثابت ہونے والے بزرگ یعنی امام ربانی، غوث صمدانی حضرت مجدد الف ثانی سرہندی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۰۳۴ھ/۱۶۲۴ء) نے مسلمانوں کے تہتر میں سے ایک ناجی گروہ کی نشاندہی کرتے ہوئے فرمایا ہے:

طریق النجاۃ متابعۃ اھل السنۃ والجماعۃ کثرھم اللہ سبحانہ فی الاقوال والافعال وفی الاصول والفروع فانہ الفرقۃ الناجیۃ وما سواھم من الفرق فھم فی معرض الزوال وشرف الھلاک علمہ الیوم احد اولم یعلم اماتی الغد فیعلمہ کل احد ولا ینفع (مکتوبات، دفتر اول، مکتوب ۶۹)

نجات کا راستہ اہل سنت وجماعت کی پیروی میں ہے۔ اللہ تعالیٰ اُن کے اقوال و افعال اور اصول و فروع میں برکت مرحمت فرمائے کیونکہ نجات پانے والی جماعت یہی ہے اور اس کے سوا باقی سب فرقے خرابی اور ہلاکت میں پڑے ہوئے ہیں۔ آج خواہ کسی کو اس بات کا علم نہ ہو لیکن کل ہر ایک جان لے گا جبکہ وہ جاننا فائدہ نہ دے گا۔

اسی حدیث شریف کے مطابق آج ہر گمراہ کے اندر گمراہی اس درجہ رچی بسی ہوئی ہے کہ دیوانہ وار ہر ایک اہلسنت وجماعت کو صفحۂ ہستی سے مٹانے، اس کے بھولے بھالے عوام کو اپنے پیچھے لگانے اور حق کو مٹا کر باطل کا سکہ بٹھانے میں شب و روز کوشاں ہے۔ گریبانوں میں جھانک کر دیکھنے کی ذرا زحمت نہیں اٹھاتے کہ جس راستے پر وہ گامزن ہیں کہیں وہ جہنم میں تو نہیں پہنچاتا۔ اللہ تعالیٰ نے ہر مدعیٔ اسلام کو عقل سلیم اور سچی ہدایت دے۔ آمین یا الٰہ العالمین بجاہ سید المرسلین۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہٖ وصحبہٖ اجمعین۔

بَاب ۳۸۹ النَّهْيِ عَنِ الْجِدَالِ وَاتِّبَاعِ الْمُتَشَابِهِ مِنَ الْقُرْآنِ.

جھگڑے کی ممانعت اور قرآنی متشابہات کا اتباع کرنا

۱۱۷۴ - حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ نَا يَزِيْدُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَرَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ هُوَ الَّذِيْ أَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ مِنْهُ اٰيٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ إِلٰى أُولِي الْأَلْبَابِ قَالَتْ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا رَأَيْتُمُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ فَأُولٰئِكَ الَّذِيْنَ سَمَّى اللّٰهُ فَاحْذَرُوْهُمْ.

قاسم بن محمد سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی:۔ وہی ذات ہے جس نے تم پر کتاب اتاری جس میں کچھ واضح آیتیں ہیں یہی کتاب کی اصل ہیں اور دوسری متشابہ ہیں (۳:۶) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جب تم اُن لوگوں کو دیکھو جو متشابہ آیتوں کی پیروی کرتے ہیں تو یہ وہی لوگ ہیں جن کا اللہ تعالیٰ نے (قرآن مجید میں) نام لیا ہے کہ اُن سے بچ کر رہا کرو۔

ف:۔ سنت کے مخالفین کی یہ دوسری نشانی بیان ہوئی جو اصطلاح شرع میں بدعت ہے کہ بدعتی اور گمراہ گر قرآن مجید کی متشابہ

آیات کو من مانے مفہوم و مطالب کے قالب میں ڈھال کر بے خبر لوگوں کو دھوکا دیتے اور اپنی علاّمگی کا سکہ جمایا کرتے ہیں۔ یہ بیماری آج خوب زوروں پر ہے بلکہ ان سے تجاوز کر کے محکمات کے مفہوم میں اہلِ حق سے اختلاف کر کے فروع سے لے کر اصول تک میں زور شور سے دھاندلی کر رہے ہیں۔ عقیدۂ توحید و رسالت کے خانہ ساز مفہوم گھڑ کر ایک مدت سے اہلسنت و جماعت کو بے دھڑک مشرک ٹھہرایا جا رہا ہے۔ خوارج کی مردہ ہڈیوں کو دوبارہ زندہ کر کے اُن آیتوں کو جو کفار کے متعلق نازل ہوئی تھیں انھیں مسلمانوں پر چسپاں کر کے انہیں کافر و مشرک کہا جاتا ہے۔ بتوں کے بارے میں جو آیتیں نازل ہوئی تھیں انہیں انبیائے کرام اور اولیائے عظام پر ڈھالا جا رہا ہے۔ اس ستم ظریفی پر ان میں سے ایک بھی یہ سوچنے کی زحمت گوارا نہیں کرتا کہ وہ اپنی عاقبت کے لیے کیسا سرمایہ جمع کر رہا ہے اور اس کا انجام کیا ہوگا۔ کاش! ایسے لوگوں کی آج ہی آنکھیں کھل جائیں ورنہ کل جب کھلیں تو فائدہ کیا ہوگا؟ یہی کہ خُذُوهُ فَغُلُّوهُ ثُمَّ الْجَحِيمَ صَلُّوهُ۔

بَاب ۳۹۰ مُجَانَبَةِ أَهْلِ الْأَهْوَاءِ وَبُغْضِهِمْ

خواہش پرستوں سے بچنا اور نفرت کرنا

۱۱۷۵۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ نَا يَزِيدُ بْنُ أَبِي زِيَادٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ رَجُلٍ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفْضَلُ الْأَعْمَالِ الْحُبُّ فِي اللهِ وَالْبُغْضُ فِي اللهِ۔

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تمام اعمال سے افضل اللہ کے لیے محبت کرنا اور اللہ کے لیے دشمنی رکھنا ہے۔

۱۱۷۶۔ حَدَّثَنَا ابْنُ السَّرْحِ أَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ فَأَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ وَكَانَ قَائِدَ كَعْبٍ مِنْ بَنِيهِ حِينَ عَمِيَ قَالَ سَمِعْتُ كَعْبَ ابْنَ مَالِكٍ وَذَكَرَ ابْنُ السَّرْحِ قِصَّةَ تَخَلُّفِهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ قَالَ وَنَهٰى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُسْلِمِينَ عَنْ كَلَامِنَا أَيُّهَا الثَّلَاثَةُ حَتّٰى طَالَ عَلَيَّ تَسَوَّرْتُ جِدَارَ حَائِطِ أَبِي قَتَادَةَ وَهُوَ ابْنُ عَمِّي فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَوَاللهِ مَا رَدَّ عَلَيَّ السَّلَامَ ثُمَّ سَاقَ خَبَرَ تَنْزِيلِ تَوْبَتِهِ۔

عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن کعب بن مالک نے عبداللہ بن کعب بن مالک سے روایت کی ہے جو حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو راستہ بتایا کرتے تھے جبکہ وہ نابینا ہوگئے تھے کہ میں نے حضرت کعب بن مالک سے وہ واقعہ سنا جبکہ غزوۂ تبوک میں وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پیچھے رہ گئے تھے۔ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مسلمانوں کو ہم تینوں کے ساتھ کلام کرنے سے منع فرما دیا تھا۔ یہاں تک کہ کافی دنوں بعد ایک روز میں نے حضرت ابوقتادہ کے باغ کی دیوار پھاندی جو میرے چچازاد بھائی تھے میں نے انھیں سلام کیا تو خدا کی قسم انہوں نے میرے سلام کا جواب نہ دیا۔ پھر باقی حدیث بیان کی توبہ کا حکم نازل ہونے تک۔

بَاب ۳۹۱ تَرْكِ السَّلَامِ عَلٰى أَهْلِ الْأَهْوَاءِ

نفس پرستوں کو سلام نہ کرنا

۱۱۷۷۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ

یحییٰ بن یعمر سے روایت ہے کہ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ

أَنَا عَطَاءٌ الْخُرَاسَانِيُّ عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ قَدِمْتُ عَلَى أَهْلِي وَقَدْ تَشَقَّقَتْ يَدَايَ فَخَلَّقُونِي بِزَعْفَرَانٍ فَغَدَوْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ وَقَالَ اذْهَبْ فَاغْسِلْ هٰذَا عَنْكَ۔

تعالٰے عنہ نے فرمایا:۔ میں اپنے گھر والوں کے پاس آیا تو میرے دونوں ہاتھ پھٹے ہوئے تھے۔ انہوں نے میرے ہاتھوں میں زعفران لگا دیا۔ صبح کے وقت میں نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور سلام عرض کیا تو آپ نے مجھے سلام کا جواب نہ دیا اور فرمایا:۔ جاؤ اسے اپنے ہاتھوں سے دھو ڈالو۔

۱۱۷۸۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ عَنْ سُمَيَّةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهُ اعْتَلَّ بَعِيرٌ لِصَفِيَّةَ بِنْتِ حُيَيٍّ وَعِنْدَ زَيْنَبَ فَضْلُ ظَهْرٍ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِزَيْنَبَ أَعْطِيهَا بَعِيرًا فَقَالَتْ أَنَا أُعْطِي تِلْكَ الْيَهُودِيَّةَ فَغَضِبَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهَجَرَهَا ذَا الْحِجَّةِ وَالْمُحَرَّمَ وَبَعْضَ صَفَرٍ۔

سمیہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالٰے عنہا سے روایت کی ہے کہ حضرت صفیہ بنت حیی کا اونٹ بیمار ہو گیا اور حضرت زینب کے پاس ایک زائد اونٹ تھا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے حضرت زینب سے فرمایا کہ ایک اونٹ انہیں دے دو۔ انہوں نے کہا:۔ میں اس یہودیہ کو دے دوں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم اس بات پر ناراض ہوئے جس کے باعث ذوالحجہ، محرم اور صفر کے کچھ دنوں تک اُن سے کلام نہ کیا۔

بَابٌ ۳۹۲ النَّهْيُ عَنِ الْجِدَالِ فِي الْقُرْآنِ۔

قرآنِ مجید کے بارے میں جھگڑنے کی ممانعت

۱۱۷۹۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا يَزِيدُ قَالَ أَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمِرَاءُ فِي الْقُرْآنِ كُفْرٌ۔

ابو سلمہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا:۔ قرآنِ مجید میں جھگڑا کرنا کفر ہے۔

بَابٌ ۳۹۳ فِي لُزُومِ السُّنَّةِ

سنت کو لازم پکڑنا

۱۱۸۰۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ نَجْدَةَ نَا أَبُو عَمْرِو بْنُ كَثِيرِ بْنِ دِينَارٍ عَنْ حَرِيزِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي عَوْفٍ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيكَرِبَ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ أَلَا إِنِّي أُوتِيتُ الْكِتَابَ وَمِثْلَهُ مَعَهُ أَلَا يُوشِكُ رَجُلٌ شَبْعَانُ عَلَى أَرِيكَتِهِ يَقُولُ عَلَيْكُمْ بِهٰذَا الْقُرْآنِ فَمَا وَجَدْتُمْ فِيهِ مِنْ حَلَالٍ فَأَحِلُّوهُ وَمَا وَجَدْتُمْ فِيهِ مِنْ حَرَامٍ فَحَرِّمُوهُ أَلَا لَا يَحِلُّ لَكُمُ الْحِمَارُ الْأَهْلِيُّ

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالٰے عنہ نے حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا:۔ آگاہ رہو کہ مجھے کتاب دی گئی ہے اور اس کے ساتھ اور بھی اسی جیسی۔ خبردار ہو جاؤ۔ قریب ہے کہ ایک پیٹ بھرا آدمی اپنی مسند سے ٹیک لگائے ہوئے کہے گا کہ تمہارے لیے صرف قرآنِ مجید ہے لہٰذا جو اس میں حلال پاؤ اسے حلال سمجھو اور جو اس میں حرام پاؤ اسے حرام سمجھو۔ آگاہ رہو میں تمہارے لیے گھریلو گدھے کو حلال قرار نہیں دیتا اور نہ درندوں میں سے کسی کو اور نہ ذمی

ولا كل ذي ناب من السبع ولا لقطة معاهد إلا أن يستغني عنها صاحبها ومن نزل بقوم فعليهم أن يقروه فإن لم يقروه فله أن يعقبهم بمثل قراه.

کے پڑے ہوئے مال کو مگر جبکہ مالک اُس کی ضرورت نہ سمجھے اور جو کسی قوم کے پاس اُترے تو اُس کی مہمانی کرنا اُن لوگوں پر لازم ہے۔ اگر وہ اُس کی مہمان نوازی نہ کریں تو اپنی مہمانی کے برابر اُن سے لینے کا اُسے حق حاصل ہے۔

ف:۔ قرآنِ مجید پر ایمان لانے کا دعویٰ کرنا اور احادیث کی اہمیت کا انکار کرنا بھی بہت بڑی بدعت اور گمراہی ہے۔ احادیث سے منہ موڑ کر قرآنِ مجید پر عمل کیا ہی نہیں جا سکتا۔ اگر حدیث کی ضرورت نہ ہوتی تو صحابۂ کرام اُن آیتوں کو لکھتے رہتے جن کا نزول ہوتا تھا اور اُن کے مطابق عمل کرتے رہتے۔ ہر معاملے میں جو بارگاہِ رسالت کی طرف رجوع کرتے تھے اِس کی چنداں ضرورت ہی محسوس نہ کرتے۔ وہ جانتے تھے کہ نزولِ قرآن مجید سے چالیس سال پہلے انہیں اسی لیے دنیا میں بھیجا گیا تھا کہ ہر پہلو سے انہیں دیکھ لیں اور اِن سے قرآنِ کریم پر عمل کرنا سیکھیں۔ انکارِ حدیث کا فتنہ بہت بڑی بدعت و گمراہی ہے جو ترکِ تقلید کے فتنے کی بدولت معرضِ وجود میں آئی ہے۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو ہر قسم کے فتنوں سے بچائے اور ہم سب کا خاتمہ ایمان پر کرے۔ آمین یا اللہ العالمین۔

۱۱۸۱۔ حدثنا يزيد بن خالد بن عبد الله ابن موهب الهمداني نا الليث عن عقيل عن ابن شهاب أن أبا إدريس الخولاني عائذ الله أخبره أن يزيد بن عميرة وكان من أصحاب معاذ بن جبل أخبره قال كان لا يجلس مجلسا للذكر حين يجلس إلا قال الله حكم قسط هلك المرتابون قال معاذ بن جبل يوما إن من ورائكم فتنا يكثر فيها المال ويفتح فيها القرآن حتى يأخذه المؤمن والمنافق والرجل والمرأة والكبير والصغير والعبد والحر فيوشك قائل أن يقول ما للناس لا يتبعوني وقد قرأت القرآن ما هم بمتبعي حتى أبتدع لهم غيره فإياكم وما ابتدع فإن ما ابتدع ضلالة وأحذركم زيغة الحكيم فإن الشيطان قد يقول كلمة الضلالة على لسان الحكيم وقد يقول المنافق كلمة الحق قال قلت لمعاذ ما يدريني رحمك الله أن الحكيم قد يقول كلمة الضلالة وأن المنافق قد يقول كلمة الحق قال

ابو ادریس خولانی عائذ اللہ نے یزید بن عمیرہ سے روایت کی جو حضرت معاذ بن جبل کے مصاحبوں سے تھے کہ حضرت معاذ بن جبل جب بھی کسی مجلس میں وعظ کرنے کے لیے بیٹھتے تو فرماتے:۔ اللہ ہی حاکم اور انصاف کرنے والا ہے۔ شک کرنے والے ہلاک ہو گئے۔ چنانچہ ایک روز حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ بیشک تمہارے پیچھے ایک فتنہ ہے۔ اُس میں مال کی کثرت ہوگی۔ قرآنِ مجید کے راستے کھل جائیں گے، یہاں تک کہ مومن اور منافق، مرد اور عورت، بڑا اور چھوٹا، غلام اور آزاد ہر کوئی اُسے حاصل کرے گا۔ قریب ہے کہ ایک کہنے والا کہے گا۔ لوگوں کو کیا ہو گیا ہے کہ وہ میری پیروی نہیں کرتے حالانکہ میں قرآنِ مجید کا عالم ہوں۔ اچھا وہ میرے پیچھے نہیں لگیں گے جب تک میں اُس کے سوا کوئی نیا شوشہ کھڑا نہ کروں۔ تم اُس شخص سے اور اُس کے نئے شوشے سے بچتے رہنا کیونکہ جو نئی بات نکالی جائے گی وہ گمراہی ہے اور میں تمہیں عالمِ دین کی گمراہی سے ڈراتا ہوں کیونکہ شیطان گمراہی کی بات عالمِ دین کی زبان سے کہلواتا ہے اور بیشک منافق بھی سچی بات کہہ دیتا ہے۔ میں عرض گزار ہوا کہ اللہ تعالیٰ آپ پر رحم فرمائے، مجھے کیسے معلوم ہو کہ عالمِ دین یہ گمراہی کی بات کہہ رہا ہے اور منافق کی یہ بات سچی ہے!

بَلٰی اِجْتَنِبْ مِنْ کَلَامِ الْحَکِیْمِ الْمُشْتَهِرَاتِ الَّتِیْ یُقَالُ لَهَا مَا هٰذِهٖ وَلَا یَثْنِیَنَّكَ ذٰلِكَ عَنْهُ فَاِنَّهٗ لَعَلَّهٗ اَنْ یُّرَاجِعَ وَتَلَقَّ الْحَقَّ اِذَا سَمِعْتَهٗ فَاِنَّ عَلَی الْحَقِّ نُوْرًا قَالَ اَبُوْدَاؤُدَ قَالَ مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ فِیْ هٰذَا الْحَدِیْثِ وَلَا یُنْئِیَنَّكَ ذٰلِكَ عَنْهُ مَكَانَ یَثْنِیَنَّكَ وَقَالَ صَالِحُ بْنُ كَیْسَانَ عَنِ الزُّهْرِیِّ فِیْ هٰذَا الْمُشَبِّهَاتِ مَكَانَ الْمُشْتَهِرَاتِ وَقَالَ لَا یُثْنِیَنَّكَ كَمَا قَالَ عُقَیْلٌ وَقَالَ ابْنُ اِسْحٰقَ عَنِ الزُّهْرِیِّ قَالَ بَلٰی مَا تَشَابَهَ عَلَیْكَ مِنْ قَوْلِ الْحَكِیْمِ حَتّٰی تَقُوْلَ مَا اَرَادَ بِهٰذِهِ الْكَلِمَةِ.

فرمایا کیوں نہیں۔ عالمِ دین کی غلط بات سے اجتناب کرو جس کے لیے اہلِ علم کہہ رہے ہوں کہ یہ کیا ہے اور اس کی وجہ سے عالم کو نہ چھوڑ کہ شاید وہ رجوع کرے اور تم سے سن کر حق کو قبول کرے کیونکہ حق میں نورانیت ہے ـــــ امام ابوداؤد نے فرمایا۔ معمر نے زہری سے اس حدیث کو روایت کرتے ہوئے یَثْنِیَنَّكَ کی جگہ وَلَا یُنْئِیَنَّكَ کہا ہے اور صالح بن کیسان نے زہری سے روایت کرتے ہوئے اَلْمُشْتَهِرَاتِ کی جگہ اَلْمُشَبِّهَاتِ کہا ہے اور عُقیل کی طرح لَا یُثْنِیَنَّكَ کہا ہے۔ ابن اسحاق نے زہری سے روایت کرتے ہوئے کہا۔ کیوں نہیں عالمِ دین کی جو باتیں تمہیں شبہ میں ڈالے اور تم سوچ بچار میں پڑ جاؤ کہ اس بات کا کیا مطلب ہو سکتا ہے۔

ف :- واقعی علماء کا فتنہ تمام فتنوں سے سخت اور خطرناک ہے۔ شیطان اس کوشش میں رہتا ہے کہ مسلمانوں کا دین وایمان برباد کرنے والی کوئی بات کسی عالم سے کہلوا دی جائے۔ جب وہ اس میں کامیاب ہوتا ہے تو ایک جانب ہزاروں مسلمان اُس کی تائید کرنے لگتے ہیں اور دوسری طرف حق کے علمبردار علماء سے اُس کی جنگ شروع ہو جاتی ہے۔ متحدہ ہندوستان کے اندر برٹش گورنمنٹ نے اپنے پُرفتن دور میں بڑی رازداری کے ساتھ کتنے ہی علماء سے ایسی باتیں کہلوا دیں جنہیں پڑھ کر آج بھی رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں کہ علم وفضل کے اتنے بلند بانگ دعاوی کرنے والے بھی خوفِ خدا اور خطرۂ روزِ جزا سے اس درجہ عاری ہو گئے تھے؟ اُن چند علماء کی تحریروں نے مسلمانوں کے اتفاق واتحاد کے خرمن میں ایسی آگ لگائی جو ڈیڑھ صدی گزر جانے کے بعد بھی آج تک بجھنے میں نہیں آئی بلکہ زیادہ ہی بھڑکتی جا رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ اُن گمراہ گروں کے متبعین کو چشمِ بینا عطا کرے تاکہ وہ اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں کہ انہوں نے اپنی عاقبت کے لیے کیا سامان جمع کیا ہے!

۱۱۸۲- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِیْرٍ قَالَ اَنَا سُفْیَانُ قَالَ كَتَبَ رَجُلٌ اِلٰی عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِیْزِ یَسْاَلُهٗ عَنِ الْقَدَرِ ح وَنَا الرَّبِیْعُ بْنُ سُلَیْمَانَ الْمُؤَذِّنُ قَالَ نَا اَسَدُ بْنُ مُوْسٰی قَالَ نَا حَمَّادُ بْنُ دُلَیْلٍ قَالَ سَمِعْتُ سُفْیَانَ الثَّوْرِیَّ یُحَدِّثُنَا عَنِ النَّضْرِ ح وَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِیِّ عَنْ قَبِیْصَةَ قَالَ نَا اَبُوْ رَجَاءٍ عَنْ اَبِی الصَّلْتِ وَهٰذَا لَفْظُ حَدِیْثِ ابْنِ كَثِیْرٍ وَمَعْنَاهُمْ قَالَ كَتَبَ رَجُلٌ اِلٰی عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِیْزِ یَسْاَلُهٗ عَنِ الْقَدَرِ فَكَتَبَ اَمَّا بَعْدُ اُوْصِیْكَ بِتَقْوَی اللّٰهِ وَالْاِقْتِصَادِ فِیْ اَمْرِهٖ وَاتِّبَاعِ سُنَّةِ نَبِیِّهٖ

محمد بن کثیر، سفیان ـــــ ربیع بن سلیمان مؤذن، اسد بن موسیٰ، حماد بن دلیل، سفیان ثوری، نضر ـــــ ہناد بن سری، قبیصہ، ابورجاء، ابوالصلت کا بیان ہے کہ ایک شخص نے تقدیر کے متعلق پوچھتے ہوئے حضرت عمر بن عبدالعزیز کے لیے لکھا۔ انہوں نے جواباً لکھا:- امابعد، میں تمہیں تقویٰ اختیار کرنے کی وصیت کرتا ہوں اور اس کے احکام پر عمل کرنے کی اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت کے اتباع کی اور ان نئی باتوں کو ترک کرنے کی جو جاری کرنے والوں نے کی ہوں جبکہ حضور کی سنت جاری ہو چکی۔ وہ انہیں نکالنے سے عاجز ہو بیٹھے مگر تم پر سنت کی پیروی

صلى الله عليه وسلم وترك ما أحدث المحدثون بعد ما جرت به سنته وكفوا مؤنته فعليك بلزوم السنة فإنها لك بإذن الله عصمة ثم اعلم أنه لم يبتدع الناس بدعة إلا قد مضى قبلها ما هو دليل عليها أو عبرة فيها فإن السنة إنما سنها من قد علم في خلافها ولم يقل ابن كثير من قد علم من الخطإ والزلل والحمق والتعمق فارض لنفسك ما رضي به القوم لأنفسهم فإنهم على علم وقفوا وببصر نافذ كفوا ولهم على كشف الأمور كانوا أقوى وبفضل ما كانوا فيه أولى فإن كان الهدى ما أنتم عليه لقد سبقتموهم إليه ولئن قلتم إنما حدث بعدهم ما أحدثه إلا من اتبع غير سبيلهم ورغب بنفسه عنهم فإنهم هم السابقون فقد تكلموا فيه بما يكفي ووصفوا منه ما يشفي فما دونهم من مقصر وما فوقهم من محسر وقد قصر قوم دونهم فجفوا وطمح عنهم أقوام فغلوا وإنهم بين ذلك لعلى هدى مستقيم كتبت تسأل عن الإقرار بالقدر فعلى الخبير بإذن الله وقعت ما أعلم ما أحدث الناس من محدثة ولا ابتدعوا من بدعة هي أبين أثرا ولا أثبت أمرا من الإقرار بالقدر لقد كان ذكره في الجاهلية الجهلاء يتكلمون به في كلامهم وفي شعرهم يعزون به أنفسهم على ما فاتهم ثم لم يزده الإسلام إلا شدة ولقد ذكره رسول الله صلى الله عليه وسلم في غير حديث ولا حديثين وسمعه منه المسلمون فتكلموا به في حياته

لازم ہے کیونکہ اللہ کے حکم سے تمہارے لیے اس میں بچاؤ ہے۔ پھر جان لو کہ لوگوں نے کوئی بدعت جاری نہیں کی مگر اس سے پہلے گزر چکا کہ اس کے بدعت ہونے کی کیا دلیل ہے اور اس میں کیا عبرت ہے کیونکہ سنت اس ہستی کا طریقہ ہے جو اس کے خلاف کی مضرت کو جانتے تھے۔ ابن کثیر نے یہ نہیں کہا:۔ جو اس کے خلاف کی خطاؤں، لغزشوں، حماقتوں اور گہرائیوں کو جانتے تھے۔ تم اسی طریقے پر راضی رہو جس پر اسلاف راضی رہے تھے کیونکہ وہ علومِ دینیہ سے پوری طرح واقف تھے۔ جس کام سے انہوں نے روکا وہ اعلیٰ وجہ البصیرت تھا۔ وہ معاملات کو سمجھنے کی ہم سے زیادہ اہلیت رکھتے تھے اور جو فضیلت انہیں حاصل تھی اس کے باعث وہ ہم سے بہتر تھے۔ اگر ہدایت وہی ہے جس پر تم ہو تو یوں تم ان سے بڑھ گئے۔ اگر تم یوں کہو کہ جنہوں نے نئی باتیں نکالیں تو انہوں نے اسلاف کے راستے کے سوا دوسرا راستہ نکال لیا ہے اور ان سے منہ موڑ بیٹھے ہیں تو سبقت اسلاف ہی کو حاصل ہے۔ انہوں نے دین میں بات کی بقدرِ کفایت اور بیان کیا جو شفا بخش ہے۔ جو ان کے سوا ہے وہ کمی کرنے والا ہے یا بڑھانے والا۔ جن لوگوں نے کمی کی انہوں نے ستم ڈھایا۔ بعض لوگ ان سے بڑھ گئے اور غلو کیا، حالانکہ اسلاف ان کے درمیان صراطِ مستقیم پر تھے۔ تم نے اقرارِ تقدیر کے متعلق تحریری طور پر اس شخص سے پوچھا جو اللہ کے حکم سے بتا سکتا ہے۔ تم نے ایسی بات پوچھی کہ لوگوں نے جتنی نئی باتیں نکالیں اور جتنی بدعتیں ایجاد کیں، یہ بلحاظ دلائل ان میں زیادہ واضح ہے اور تقدیر کا اقرار بخوبی مضبوط ہے یہاں تک کہ زمانۂ جاہلیت کے جہلاء بھی گفتگو اور شعروں میں اس کا ذکر کرتے اور اس کے باعث جو نقصان ہو جاتا اس پر اپنے آپ کو ملامت کرتے۔ اسلام نے اس میں اور شدت پیدا کر دی اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک دو دفعہ نہیں بلکہ متعدد بار اس کا ذکر فرمایا۔ مسلمانوں نے آپ سے سنا اور آپ کی حیاتِ مبارکہ اور بعد وصال اس پر کلام کیا اپنے رب کے حضور یقین و تسلیم سے اور خود کو ضعیف سمجھتے ہوئے

وَبَعْدَ وَفَاتِهٖ يَقِينًا وَتَسْلِيمًا لِرَبِّهِمْ وَتَضْعِيفًا لِأَنْفُسِهِمْ أَنْ يَكُونَ شَيْءٌ لَمْ يُحِطْ بِهٖ عِلْمُهُ وَلَمْ يُحْصِهِ كِتَابُهُ وَلَمْ يَمْضِ فِيهِ قَدَرُهُ وَإِنَّهُ مَعَ ذٰلِكَ لَفِي مُحْكَمِ كِتَابِهٖ مِنْهُ اقْتَبَسُوهُ وَمِنْهُ تَعَلَّمُوهُ وَلَئِنْ قُلْتُمْ لِمَ أَنْزَلَ اللّٰهُ آيَةَ كَذَا وَلِمَ قَالَ كَذَا لَقَدْ قَرَءُوا مِنْهُ مَا قَرَأْتُمْ وَعَلِمُوا مِنْ تَأْوِيلِهٖ مَا جَهِلْتُمْ وَقَالُوا بَعْدَ ذٰلِكَ كُلِّهٖ بِكِتَابٍ وَقَدَرٍ وَمَا يُقَدَّرْ يَكُنْ وَمَا شَاءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ وَلَا نَمْلِكُ لِأَنْفُسِنَا نَفْعًا وَلَا ضَرًّا ثُمَّ رَغِبُوا بَعْدَ ذٰلِكَ وَرَهِبُوا۔

کیونکہ کوئی چیز ایسی نہیں جو خدا کے علم میں نہ ہو اور اس نے اسے اپنی کتاب میں لکھ نہ دیا ہو اور اس میں تقدیر جاری نہ کر دی ہو اور اس کے ساتھ یہ اس کی محکم کتاب میں ہے جس سے وہ اقتباس کرتے اور تم اسی سے سیکھتے سکھاتے ہو۔ اگر تم کہو کہ اللہ نے ایسی آیت کیوں نازل فرمائی اور ایسا کیوں فرمایا؟ تو اسلاف نے بھی ایسے پڑھا تھا اور تم بھی پڑھتے ہو۔ وہ ان کا صحیح مفہوم جانتے تھے جس سے تم بے خبر ہو اور اس کے بعد انہوں نے کہا کہ سب کچھ ایک کتاب میں ہے۔ جو اس نے چاہا مقرر فرما دیا۔ جو اللہ نے چاہا وہ ہوا اور جو وہ نہیں چاہتا وہ نہیں ہوا اور ہم اپنی جانوں کے نہ نفع کے مالک ہیں اور نہ نقصان کے پھر وہ نیکیوں کی طرف راغب ہوئے اور برائیوں سے ڈرے۔

۱۱۸۳۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ قَالَ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ قَالَ نَا سَعِيدٌ يَعْنِي ابْنَ أَبِي أَيُّوبَ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو صَخْرٍ عَنْ نَافِعٍ قَالَ كَانَ لِابْنِ عُمَرَ صَدِيقٌ مِنْ أَهْلِ الشَّامِ يُكَاتِبُهُ فَكَتَبَ إِلَيْهِ ابْنُ عُمَرَ أَنَّهُ بَلَغَنِي أَنَّكَ تَكَلَّمْتَ فِي شَيْءٍ مِنَ الْقَدَرِ فَإِيَّاكَ أَنْ تَكْتُبَ إِلَيَّ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّهُ سَيَكُونُ فِي أُمَّتِي أَقْوَامٌ يُكَذِّبُونَ بِالْقَدَرِ۔

احمد بن حنبل، عبداللہ بن یزید، سعید بن ابوایوب، ابوصخر، نافع کا بیان ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما کا اہلِ شام سے ایک دوست تھا جو آپ سے خط و کتابت رکھتا تھا۔ چنانچہ حضرت ابن عمر نے اس کے لیے خط لکھا کہ مجھ تک یہ بات پہنچی ہے کہ مسئلہ تقدیر میں تمہیں کچھ کلام (انکار) ہے، لہٰذا میرے لیے آئندہ خط نہ لکھنا کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ عنقریب میری اُمت میں ایسے لوگ ہوں گے جو تقدیر کا انکار کریں گے۔

۱۱۸۴۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْجَرَّاحِ قَالَ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ قَالَ قُلْتُ لِلْحَسَنِ يَا أَبَا سَعِيدٍ أَخْبِرْنِي عَنْ آدَمَ أَلِلسَّمَاءِ خُلِقَ أَمْ لِلْأَرْضِ قَالَ لَا بَلْ لِلْأَرْضِ قُلْتُ أَرَأَيْتَ لَوِ اعْتَصَمَ فَلَمْ يَأْكُلْ مِنَ الشَّجَرَةِ قَالَ لَمْ يَكُنْ لَهُ مِنْهُ بُدٌّ قُلْتُ أَخْبِرْنِي عَنْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى مَا أَنْتُمْ عَلَيْهِ بِفَاتِنِينَ إِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِيمِ قَالَ إِنَّ الشَّيَاطِينَ لَا يَفْتِنُونَ بِضَلَالَتِهِمْ إِلَّا مَنْ أَوْجَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَحِيمَ۔

خالد حذاء کا بیان ہے کہ میں نے امام حسن بصری سے کہا، اے ابوسعید! مجھے بتائیے کہ حضرت آدم علیہ السلام کو آسمان کے لیے پیدا فرمایا تھا یا زمین کے لیے؟ فرمایا، نہیں بلکہ زمین کے لیے۔ میں عرض گزار ہوا کہ اگر وہ بچے رہتے اور اس درخت سے نہ کھاتے تب؟ فرمایا کہ انہیں اس کے سوا اور کوئی چارۂ کار نہ تھا۔ میں عرض گزار ہوا کہ مجھے اس ارشادِ خداوندی کے متعلق بتائیے: "تم اس کے خلاف کسی کو بہکانے والے نہیں مگر اسی کو جو جہنم میں جائے گا (۳۷: ۱۶۲، ۱۶۳)۔ فرمایا کہ شیاطین اپنی گمراہی کے جال میں نہیں پھنسا سکتے مگر اسی کو جس پر اللہ تعالےٰ نے جہنم واجب کر دی ہے۔

۱۱۸۵۔ حَدَّثَنَا مُوسَى ابْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ نَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ عَنِ الْحَسَنِ فِي قَوْلِهِ تَعَالَى وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ قَالَ خَلَقَ هٰؤُلَاءِ لِهٰذِهِ وَهٰؤُلَاءِ لِهٰذِهِ۔

خالد حذاء نے امام حسن بصری سے ارشادِ باری تعالے :۔ اور اسی کے لیے ہم نے انہیں پیدا کیا ہے (۱۱: ۱۱۹) کے متعلق پوچھا۔ فرمایا کہ انہیں جنت اور انہیں جہنم کے لیے پیدا کیا گیا ہے۔

۱۱۸۶۔ حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ نَا إِسْمٰعِيلُ أَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ قَالَ قُلْتُ لِلْحَسَنِ مَا أَنْتُمْ عَلَيْهِ بِفَاتِنِينَ إِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِيمِ قَالَ إِلَّا مَنْ أَوْجَبَ اللّٰهُ تَعَالَى عَلَيْهِ أَنَّهُ يَصْلَى الْجَحِيمَ۔

خالد حذاء کا بیان ہے کہ میں نے حسن بصری سے :۔ تم اس کے خلاف کسی کو بہکانے والے نہیں مگر اسی کو جو جہنم میں جائے گا (۳۷: ۱۶۳) کے متعلق پوچھا تو فرمایا کہ سوائے اس کے جس کا جہنم میں جانا اللہ تعالے نے واجب کر دیا ہو۔

۱۱۸۷۔ حَدَّثَنَا هِلَالُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ نَا حَمَّادٌ قَالَ أَخْبَرَنِي حُمَيْدٌ قَالَ كَانَ الْحَسَنُ يَقُولُ لَأَنْ يَسْقُطَ مِنَ السَّمَاءِ إِلَى الْأَرْضِ أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنْ أَنْ يَقُولَ الْأَمْرُ بِيَدِي۔

حمید کا بیان ہے کہ امام حسن بصری فرمایا کرتے کہ اگر میں آسمان سے گر پڑوں تو یہ مجھے یوں کہنے سے زیادہ پسند ہے کہ معاملہ میرے اختیار میں ہے۔

۱۱۸۸۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ قَالَ نَا حَمَّادٌ نَا حُمَيْدٌ قَالَ قَدِمَ عَلَيْنَا الْحَسَنُ مَكَّةَ فَكَلَّمَنِي فُقَهَاءُ أَهْلِ مَكَّةَ أَنْ أُكَلِّمَهُ فِي أَنْ يَجْلِسَ لَهُمْ يَوْمًا يَعِظُهُمْ فِيهِ فَقَالَ نَعَمْ فَاجْتَمَعُوا فَخَطَبَهُمْ فَمَا رَأَيْتُ أَخْطَبَ مِنْهُ فَقَالَ رَجُلٌ يَا أَبَا سَعِيدٍ مَنْ خَلَقَ الشَّيْطٰنَ فَقَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرِ اللّٰهِ خَلَقَ اللّٰهُ الشَّيْطٰنَ وَخَلَقَ الْخَيْرَ وَخَلَقَ الشَّرَّ قَالَ الرَّجُلُ قَاتَلَهُمُ اللّٰهُ كَيْفَ يَكْذِبُونَ عَلٰى هٰذَا الشَّيْخِ۔

حمید کا بیان ہے کہ امام حسن بصری ہمارے پاس مکہ معظمہ میں آئے۔ اہل مکہ کے فقہاء نے مجھ سے کہا کہ ان سے ایک جلسے کے لیے عرض کروں جس میں وہ ایک روز وعظ فرمائیں۔ انہوں نے ہاں کر لی۔ لوگ اکٹھے ہو گئے تو انہوں نے خطاب فرمایا۔ میں نے ان سے بہتر مقرر نہیں دیکھا۔ ایک آدمی نے کہا۔ اے ابوسعید! شیطان کو کس نے پیدا کیا ہے؟ فرمایا سبحان اللہ کیا اللہ کے سوا بھی کوئی خالق ہے! شیطان کو اللہ تعالے نے پیدا کیا ہے، اسی نے خیر اور شر کو پیدا فرمایا ہے۔ ایک آدمی نے کہا۔ اللہ تعالے انہیں غارت کرے، کس طرح اس بزرگ پر بہتان باندھتے ہیں۔

۱۱۸۹۔ حَدَّثَنَا ابْنُ كَثِيرٍ قَالَ أَنَا سُفْيَانُ عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ عَنِ الْحَسَنِ كَذٰلِكَ نَسْلُكُهُ فِي قُلُوبِ الْمُجْرِمِينَ قَالَ الشِّرْكُ۔

حمید طویل نے حسن بصری سے :۔ اسی طرح ہم اس ہستی کو گنہگاروں کے دلوں میں راہ دیتے ہیں (۱۵: ۱۱) کے متعلق روایت کی کہ شرک کو۔

۱۱۹۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ قَالَ أَنَا سُفْيَانُ عَنْ رَجُلٍ قَدْ سَمَّاهُ غَيْرُ ابْنِ كَثِيرٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عُبَيْدٍ الصِّيدِ عَنِ الْحَسَنِ

محمد بن کثیر، سفیان، ایک آدمی، سفیان، عبید الصید،
امام حسن بصری نے ارشادِ خداوندی :۔ اور حائل کر دیا ان کے اور جو وہ چاہتے ہیں اس کے درمیان ( )

فِي قَوْلِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ وَحِيْلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ قَالَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْإِيْمَانِ۔

کے متعلق فرمایا کہ ان کے اور ایمان کے درمیان۔

۱۱۹۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ نَا سُلَيْمَانُ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ قَالَ كُنْتُ أَسِيْرُ بِالشَّامِ فَنَادَانِيْ رَجُلٌ مِنْ خَلْفِيْ فَالْتَفَتُّ إِلَيْهِ فَإِذَا رَجَاءُ ابْنُ حَيْوَةَ فَقَالَ يَا أَبَا عَوْنٍ مَا هٰذَا الَّذِيْ يَذْكُرُوْنَ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ قُلْتُ إِنَّهُمْ يَكْذِبُوْنَ عَلَى الْحَسَنِ كَثِيْرًا۔

ابن عون کا بیان ہے کہ میں شام کی طرف سفر کر رہا تھا تو پیچھے سے ایک آدمی نے مجھے آواز دی۔ میں نے اس کی طرف دیکھا تو وہ رجاء بن حیوۃ تھے۔ انہوں نے کہا۔ اے ابو عون! لوگ امام حسن بصری سے کیسی باتیں منسوب کر رہے ہیں؟ میں نے کہا:۔ وہ اکثر امام حسن بصری پر تہمت لگاتے رہتے ہیں۔

۱۱۹۲۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ نَا حَمَّادٌ قَالَ سَمِعْتُ أَيُّوْبَ يَقُوْلُ كَذَبَ عَلَى الْحَسَنِ ضَرْبَانِ مِنَ النَّاسِ قَوْمٌ الْقَدَرُ رَأْيُهُمْ وَهُمْ يُرِيْدُوْنَ أَنْ يُنَفِّقُوْا بِذٰلِكَ رَأْيَهُمْ وَقَوْمٌ لَهُ فِيْ قُلُوْبِهِمْ شَنَآنٌ وَبُغْضٌ يَقُوْلُوْنَ أَلَيْسَ مِنْ قَوْلِهِ كَذَا أَلَيْسَ مِنْ قَوْلِهِ كَذَا۔

حماد کا بیان ہے کہ میں نے ایوب کو فرماتے ہوئے سنا:۔ امام حسن بصری پر دو قسم کے لوگوں نے جھوٹی تہمت لگائی۔ ایک قدریہ نے کیونکہ ان کی رائے ایک وہم تھا۔ وہ چاہتے ہیں کہ ایسا کر کے اپنی رائے کو وزنی بنائیں۔ دوسرے ان لوگوں نے جن کے دلوں میں حضرت امام سے بغض و عناد تھا۔ وہ کہنے لگے:۔ کیا انہوں نے ایسا نہیں کہا۔ کیا انہوں نے ایسا نہیں کہا!

۱۱۹۳۔ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنّٰى أَنَّ يَحْيَى بْنَ كَثِيْرٍ الْعَنْبَرِيَّ حَدَّثَهُمْ قَالَ كَانَ قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ يَقُوْلُ لَنَا فِتْيَانُ لَا تَغْلُوْا عَلَى الْحَسَنِ فَإِنَّهُ كَانَ رَأْيُهُ السُّنَّةَ وَالصَّوَابَ۔

یحییٰ بن کثیر عنبری کا بیان ہے کہ قرہ بن خالد ہم سے فرمایا کرتے:۔ لڑکو! امام حسن بصری کے متعلق مبالغہ نہ کرنا کیونکہ ان کی رائے سنت و صواب ہے۔

۱۱۹۴۔ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنّٰى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا نَا مُؤَمَّلُ بْنُ إِسْمٰعِيْلَ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ قَالَ لَوْ عَلِمْنَا أَنَّ كَلِمَةَ الْحَسَنِ تَبْلُغُ مَا بَلَغَتْ لَكَتَبْنَا بِرُجُوْعِهِ كِتَابًا وَأَشْهَدْنَا عَلَيْهِ شُهُوْدًا وَلٰكِنَّا قُلْنَا كَلِمَةٌ خَرَجَتْ لَا تُحْمَلُ۔

مؤمل بن اسمٰعیل نے حماد بن زید سے روایت کی ہے کہ ابن عون نے فرمایا:۔ اگر ہم جانتے کہ امام حسن بصری کا ایک لفظ یہاں تک پہنچ جائے گا تو ہم ان کے رجوع کی تحریر بھی لکھ لیتے اور اس نے لوگوں کو گواہ بناتے لیکن ہم نے سوچا کہ ایک بات تھی جو نکل گئی، اب کون اسے اٹھائے

۱۱۹۵۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوْبَ قَالَ قَالَ لِيَ الْحَسَنُ مَا أَنَا بِعَائِدٍ إِلٰى شَيْءٍ مِنْهُ أَبَدًا۔

سلیمان بن حرب، حماد بن زید، ایوب کا بیان ہے کہ امام حسن بصری نے مجھ سے فرمایا:۔ اب اس بارے میں کبھی کچھ نہیں کہوں گا۔

۱۱۹۶۔ حَدَّثَنَا هِلَالُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ نَا عُثْمَانُ بْنُ عُثْمَانَ عَنْ عُثْمَانَ الْبَتِّيِّ قَالَ مَا فَسَّرَ الْحَسَنُ آيَةً قَطُّ إِلَّا عَنِ الْإِثْبَاتِ۔

ہلال بن بشر، عثمان بن عثمان، عثمان بتی کا بیان ہے کہ امام حسن بصری نے کسی آیت کی تفسیر نہیں کی مگر تقدیر کو ثابت کرتے ہوئے۔

۱۱۹۷۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَنْبَلٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ قَالَا نَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِي النَّضْرِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ عَنْ اَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ مُتَّكِئًا عَلَى اَرِيكَتِهِ يَاْتِيهِ الْاَمْرُ مِنْ اَمْرِي مِمَّا اَمَرْتُ بِهِ اَوْ نَهَيْتُ عَنْهُ فَيَقُولُ لَا نَدْرِي مَا وَجَدْنَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ اتَّبَعْنَاهُ۔

احمد بن محمد بن حنبل اور عبداللہ بن محمد نفیلی، سفیان ابوالنضر، عبیداللہ بن ابورافع نے اپنے والدِ ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میں تم میں سے کسی کو نہ پاؤں کہ وہ اپنی مسند پر ٹیک لگائے ہوئے ہو اور میرے احکام میں سے اُس کے پاس کوئی حکم آئے جس کا میں نے حکم دیا ہو یا اُس سے منع کیا ہو تو وہ کہے ہم نہیں جانتے۔ ہم تو جو اللہ کی کتاب میں پاتے ہیں اُس کی پیروی کریں گے۔

۱۱۹۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ ح وَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى قَالَ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَخْرُومِيُّ وَاِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحْدَثَ فِي اَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ فِيهِ فَهُوَ رَدٌّ قَالَ ابْنُ عِيسَى قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَنَعَ اَمْرًا عَلَى غَيْرِ اَمْرِنَا فَهُوَ رَدٌّ۔

محمد بن صباح بزاز، ابراہیم بن محمد۔ محمد بن عیسیٰ، عبداللہ بن جعفر مخزومی اور ابراہیم بن سعد، سعد بن ابراہیم، قاسم بن محمد نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو ہمارے دین میں کوئی نئی بات پیدا کرے جو اس میں سے نہ ہو تو وہ ناقابلِ قبول ہے۔ ابن عیسیٰ کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کوئی ایسا کام کیا جو ہمارے دین میں سے نہ ہو تو وہ ناقابلِ قبول ہے۔

ف: سنن ابوداؤد کی کتاب السنۃ میں چند بدعتیں پیچھے مذکور ہوئیں۔ بعض بدعتوں کا ذکر آگے آرہا ہے۔ ایسی تمام باتوں سے اجتناب کرنا چاہیئے جو دین میں نئی جاری کی جائیں اور وہ شریعتِ مطہرہ کے اُصول یا فروع کے خلاف ہوں یا جس سے کوئی سنت مٹتی ہو۔ کیونکہ بدعت سنت کی ضد ہے اور ایک کے وجود میں دوسری کا عدم، ایک کے عروج میں دوسری کا زوال ہے۔ مسلمانوں کے لیے سنت کی پیروی اور بدعتوں سے اجتناب کرنا ضروری ہے کیونکہ سنتوں میں نورانیت اور بدعتوں میں ظلمت ہے۔ اللہ تعالےٰ ہمیں سنتوں کی محبت اور بدعتوں سے نفرت مرحمت فرمائے، آمین۔

۱۱۹۹۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ نَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ مَعْدَانَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو السُّلَمِيُّ وَحُجْرُ بْنُ حُجْرٍ قَالَا اَتَيْنَا الْعِرْبَاضَ بْنَ سَارِيَةَ وَهُوَ مِمَّنْ نَزَلَ فِيهِ وَلَا عَلَى الَّذِينَ اِذَا مَا اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَا اَجِدُ مَا اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ فَسَلَّمْنَا وَقُلْنَا اَتَيْنَاكَ زَائِرِينَ وَعَائِدِينَ وَمُقْتَبِسِينَ فَقَالَ الْعِرْبَاضُ صَلَّى بِنَا

عبدالرحمٰن بن عمرو سلمی اور حجر بن حجر کا بیان ہے کہ ہم دونوں حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے جو اُن حضرات سے تھے جن کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی:۔ اور نہ اُن لوگوں پر حرج ہے جب وہ تمہاری خدمت میں حاضر ہوئے کہ تم انہیں سواریاں دو تو تم نے فرمایا:۔ میں کوئی چیز نہیں پاتا جس پر تمہیں سوار کریں۔ (۹:۹۲) پس ہم سلام کرکے عرض گزار ہوئے کہ ہم آپ کی خدمت میں زیارت کرنے، عیادت کرنے اور استفادہ کرنے کے لیے

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيْنَا فَوَعَظَنَا مَوْعِظَةً بَلِيْغَةً ذَرَفَتْ مِنْهَا الْعُيُوْنُ وَوَجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوْبُ فَقَالَ قَائِلٌ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ كَاَنَّ هٰذِهٖ مَوْعِظَةُ مُوَدِّعٍ فَمَاذَا تَعْهَدُ عَلَيْنَا فَقَالَ أُوْصِيْكُمْ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَاِنْ عَبْدًا حَبَشِيًّا فَاِنَّهٗ مَنْ يَّعِشْ مِنْكُمْ بَعْدِيْ فَسَيَرَى اخْتِلَافًا كَثِيْرًا فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِيْ وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ تَمَسَّكُوْا بِهَا وَعَضُّوْا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ وَاِيَّاكُمْ وَمُحْدَثَاتِ الْاُمُوْرِ فَاِنَّ كُلَّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ وَكُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ۔

حاضر ہوئے ہیں۔ حضرت عرباض نے فرمایا کہ ایک روز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں نماز پڑھائی، پھر ہماری جانب متوجہ ہو کر دل میں اُتر جانے والی نصیحتیں فرمائیں، جن سے آنکھیں بہنے لگیں اور دل کانپ اُٹھے۔ ایک شخص عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! یہ تو رخصتی نصیحت معلوم ہوتی ہے لہٰذا ہمیں کوئی وصیت فرمائیے۔ فرمایا کہ میں تمہیں تقویٰ اختیار کرنے کی وصیت کرتا ہوں اور حاکم وقت کے فرماں بردار رہنے کی خواہ وہ حبشی غلام ہی کیوں نہ ہو۔ کیونکہ جو تم میں سے میرے بعد زندہ رہا تو وہ بڑا اختلاف دیکھے گا تو تم پر لازم ہے میری سنت اور میرے خلفاء کی سنت جو رُشد و ہدایت والے ہیں۔ اِسے دانتوں کے ساتھ مضبوطی سے پکڑ لینا اور دین میں جو نئے کام جاری کیے جائیں اُن سے بچتے رہنا کیونکہ ہر نیا کام بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے۔

۱۲۰۰۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيٰى عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ يَعْنِي ابْنَ عَتِيْقٍ عَنْ طَلْقِ بْنِ حَبِيْبٍ عَنِ الْاَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلَا هَلَكَ الْمُتَنَطِّعُوْنَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ۔

مسدد، یحییٰ، ابن جریج، سلمان بن عتیق، طلق بن حبیب، احنف بن قیس نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تین مرتبہ فرمایا:- دین میں جھگڑا ڈالنے والے ہلاک ہو گئے۔

بَابُ ۳۹۴ مَنْ دَعَا اِلٰى لُزُوْمِ السُّنَّةِ۔

جو سنّت کو لازم پکڑنے کی دعوت دے

۱۲۰۱۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ نَا اِسْمٰعِيْلُ يَعْنِي ابْنَ جَعْفَرٍ اَخْبَرَنِي الْعَلَاءُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ دَعَا اِلٰى هُدًى كَانَ لَهٗ مِنَ الْاَجْرِ مِثْلُ اُجُوْرِ مَنْ تَبِعَهٗ لَا يَنْقُصُ ذٰلِكَ مِنْ اُجُوْرِهِمْ شَيْئًا وَمَنْ دَعَا اِلٰى ضَلَالَةٍ كَانَ عَلَيْهِ مِنَ الْاِثْمِ مِثْلُ اٰثَامِ مَنْ تَبِعَهٗ لَا يَنْقُصُ ذٰلِكَ مِنْ اٰثَامِهِمْ شَيْئًا۔

علاء بن عبدالرحمٰن کے والدِ ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:- جو ہدایت کی طرف بلائے تو اُسے بھی اتنا ہی ثواب ملے گا جتنا اُس پر عمل کرنے والوں کو اور اس سے اُن کے ثواب میں کوئی کمی نہیں آئے گی اور جو گمراہی کی طرف بلائے تو اُسے بھی اتنا ہی گناہ ہوگا جتنا اُس پر عمل کرنے والوں کو اور اس سے اُن کے گناہوں میں کوئی کمی واقع نہیں ہوگی۔

۱۲۰۲ - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ نَا سُفْیَانُ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعِیْدٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَعْظَمَ الْمُسْلِمِیْنَ فِی الْمُسْلِمِیْنَ جُرْمًا مَنْ سَاَلَ عَنْ اَمْرٍ لَمْ یُحَرَّمْ فَحُرِّمَ عَلَی النَّاسِ مِنْ مَسْاَلَتِهِ۔

عامر بن سعید نے اپنے والدِ ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ مسلمانوں میں سے وہ شخص بڑا ہی گناہگار ہے جو ایسے کام کے متعلق پوچھے جو حرام نہیں کیا گیا تھا لیکن اُس کے پوچھنے کے باعث لوگوں پر حرام کر دیا جائے۔

بَابٌ ۳۹۵ فِی التَّفْضِیْلِ۔

فضیلت کا بیان

۱۲۰۳ - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ نَا اَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ نَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ کُنَّا نَقُوْلُ فِیْ زَمَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا نَعْدِلُ بِاَبِیْ بَکْرٍ اَحَدًا ثُمَّ عُمَرَ ثُمَّ عُثْمَانَ ثُمَّ نَتْرُکُ اَصْحَابَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا نُفَاضِلُ بَیْنَهُمْ۔

عثمان بن ابوشیبہ، اسود بن عامر، عبدالعزیز بن ابوسلمہ، عبیداللہ، نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ ہم نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانۂ مبارک میں کہا کرتے کہ ہم حضرت ابوبکر کے برابر کسی کو نہیں سمجھتے، پھر حضرت عمر کو، پھر حضرت عثمان کو۔ پھر ہم نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب کو چھوڑ دیتے اور اُن میں سے کسی کو فضیلت نہ دیا کرتے۔

۱۲۰۴ - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَنْبَسَةُ نَا یُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ قَالَ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ قَالَ کُنَّا نَقُوْلُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَیٌّ اَفْضَلُ اُمَّةِ النَّبِیِّ بَعْدَهٗ اَبُوْبَکْرٍ ثُمَّ عُمَرُ ثُمَّ عُثْمَانُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ۔

سالم بن عبداللہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حیاتِ مبارکہ میں ہم کہا کرتے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اُمت میں آپ کے بعد سب سے افضل حضرت ابوبکر ہیں۔ پھر حضرت عمر، پھر حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہم

۱۲۰۵ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ کَثِیْرٍ نَا سُفْیَانُ نَا جَامِعُ ابْنُ اَبِیْ رَاشِدٍ نَا اَبُوْ یَعْلٰی عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِیَّةِ قَالَ قُلْتُ لِاَبِیْ اَیُّ النَّاسِ خَیْرٌ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبُوْبَکْرٍ قَالَ قُلْتُ ثُمَّ مَنْ قَالَ ثُمَّ عُمَرُ ثُمَّ خَشِیْتُ اَنْ اَقُوْلَ ثُمَّ مَنْ فَیَقُوْلُ عُثْمَانُ فَقُلْتُ ثُمَّ اَنْتَ یَا اَبَتِ قَالَ مَا اَنَا اِلَّا رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ۔

محمد بن حنفیہ کا بیان ہے کہ میں اپنے والدِ ماجد کی خدمت میں عرض گزار ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد بہتر شخص کون ہے؟ فرمایا کہ حضرت ابوبکر۔ میں عرض گزار ہوا کہ پھر کون ہے؟ فرمایا کہ حضرت عمر۔ پھر میں ڈرا کہ اگر کہوں پھر کون ہے تو آپ فرمائیں گے کہ حضرت عثمان لہٰذا میں عرض گزار ہوا کہ ابا جان! پھر آپ ہیں؟ فرمایا کہ میں تو مسلمانوں میں سے ایک فرد ہوں۔

۱۲۰۶- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مِسْكِينٍ ثَنَا مُحَمَّدٌ يَعْنِي الْفِرْيَابِيَّ قَالَ سَمِعْتُ سُفْيَانَ يَقُولُ مَنْ زَعَمَ أَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ أَحَقَّ بِالْوِلَايَةِ مِنْهُمَا فَقَدْ خَطَّأَ أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ وَالْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارَ وَمَا أُرَاهُ يَرْتَفِعُ لَهُ مَعَ هٰذَا عَمَلٌ إِلَى السَّمَاءِ۔

محمد فریابی کا بیان ہے کہ میں نے سفیان کو فرماتے ہوئے سُنا کہ جو یہ گمان رکھتا ہے اور کہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ خلافت کے اُن دونوں حضرات سے زیادہ مستحق تھے تو اُس نے غلطی پر ٹھہرایا حضرت ابوبکر، حضرت عمر اور جملہ مہاجرین و انصار کو اور نہیں سمجھتا کہ ایسا کہنے کے ساتھ اُس کا کوئی عمل آسمان کی طرف اُٹھایا جائے۔

۱۲۰۷- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ ثَنَا قَبِيصَةُ ثَنَا عَبَّادُ بْنُ السَّمَّاكِ قَالَ سَمِعْتُ سُفْيَانَ يَقُولُ الْخُلَفَاءُ خَمْسَةٌ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ وَعَلِيٌّ وَعُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ۔

محمد بن یحییٰ بن فارس، قبیصہ، عباد بن سماک کا بیان ہے کہ میں نے سفیان کو فرماتے ہوئے سُنا کہ خلفاء پانچ ہیں، حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی اور حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ تعالےٰ عنہم۔

باب ۳۹۵ فِي الْخُلَفَاءِ۔

خلافت کا بیان

۱۲۰۸- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ مُحَمَّدٌ كَتَبْتُهُ مِنْ كِتَابِهِ قَالَ أَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ أَبُو هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ أَنَّ رَجُلًا أَتَى إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنِّي أَرَى اللَّيْلَةَ ظُلَّةً يَنْطِفُ مِنْهَا السَّمْنُ وَالْعَسَلُ فَأَرَى النَّاسَ يَتَكَفَّفُونَ بِأَيْدِيهِمْ فَالْمُسْتَكْثِرُ وَالْمُسْتَقِلُّ وَأَرَى سَبَبًا وَاصِلًا مِنَ السَّمَاءِ إِلَى الْأَرْضِ فَأَرَاكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَخَذْتَ بِهِ فَعَلَوْتَ ثُمَّ أَخَذَ بِهِ رَجُلٌ آخَرُ فَعَلَا بِهِ ثُمَّ أَخَذَ بِهِ رَجُلٌ آخَرُ فَعَلَا بِهِ ثُمَّ أَخَذَ بِهِ رَجُلٌ آخَرُ فَانْقَطَعَ ثُمَّ وُصِلَ فَعَلَا بِهِ قَالَ أَبُو بَكْرٍ بِأَبِي وَأُمِّي لَتَدَعَنِّي فَلَأُعَبِّرَنَّهَا فَقَالَ اعْبُرْهَا فَقَالَ أَمَّا الظُّلَّةُ فَظُلَّةُ الْإِسْلَامِ وَأَمَّا مَا يَنْطِفُ مِنَ السَّمْنِ وَالْعَسَلِ فَهُوَ الْقُرْآنُ لِينُهُ وَحَلَاوَتُهُ وَأَمَّا الْمُسْتَكْثِرُ وَالْمُسْتَقِلُّ فَهُوَ الْمُسْتَكْثِرُ

عُبیداللہ بن عبداللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے روایت کی کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کیا کرتے کہ ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ اس رات میں نے خواب میں ابر کا ایک ٹکڑا دیکھا جس سے گھی اور شہد ٹپک رہا تھا۔ میں نے لوگوں کو دیکھا کہ اپنے ہاتھوں کو پھیلا کر اُس سے زیادہ اور کم لے رہے تھے اور ایک رسّی آسمان سے زمین تک دیکھی۔ لیکن یا رسول اللہ! میں نے آپ کو دیکھا کہ اُس رسی کو پکڑ کر اوپر چڑھ گئے۔ پھر ایک دوسرے شخص کو دیکھا کہ اُس کے ذریعے اوپر چڑھ گیا۔ پھر تیسرے شخص نے اُسے پکڑا اُس کے ذریعے اوپر چڑھ گیا۔ پھر اُسے چوتھے شخص نے پکڑا تو وہ ٹوٹ گئی، پھر جڑ گئی تو وہ بھی اُوپر چڑھ گیا۔ حضرت ابوبکر عرض گزار ہوئے کہ میرے ماں باپ پر قربان ہوں، مجھے اجازت دیجئے کہ اِس کی تعبیر بیان کروں۔ فرمایا تعبیر بیان کرو۔ عرض گزار ہوئے کہ ابر کا ٹکڑا تو اسلام ہے۔ جو اُس سے گھی اور شہد ٹپک رہا تھا وہ قرآن مجید کی نرمی اور حلاوت ہے اور جو زیادہ اور کم لینے والے تھے وہ قرآن کریم سے زیادہ اور کم فیض لینے والے ہیں۔ جو رسی آسمان سے

مِنَ الْقُرْاٰنِ وَالْمُسْتَقِلُّ مِنْهُ وَاَمَّا السَّبَبُ الْوَاصِلُ مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ فَهُوَ الْحَقُّ الَّذِيْ اَنْتَ عَلَيْهِ تَاْخُذُ بِهٖ فَيُعْلِيْكَ اللّٰهُ ثُمَّ يَاْخُذُ بِهٖ بَعْدَكَ رَجُلٌ فَيَعْلُوْ بِهٖ اَيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَتُحَدِّثَنِّيْ اَصَبْتُ اَمْ اَخْطَاْتُ فَقَالَ اَصَبْتَ بَعْضًا وَاَخْطَاْتَ بَعْضًا فَقَالَ اَقْسَمْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ لَتُحَدِّثَنِّيْ مَا الَّذِيْ اَخْطَاْتُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُقْسِمْ۔

زمین تک لٹکی ہوئی تھی تو وہ وہی حق ہے جس پر آپ ہیں۔ آپ نے اُسے سنبھالا تو اللہ تعالٰے آپ کو اٹھائے گا۔ پھر آپ کے بعد دوسرا شخص پکڑے گا تو اُسے اٹھا لیا جائے گا۔ پھر تیسرا شخص پکڑے گا تو اُسے بھی اٹھا لیا جائے گا۔ پھر چوتھا شخص اُسے پکڑے گا تو ٹوٹ جائے گی اور اُس کے لیے جُڑ جائے گی تو وہ بھی اوپر چڑھ جائے گا۔ یارسول اللہ! فرمائیے میں نے درست تعبیر بیان کی ہے یا غلطی کی ہے؟ فرمایا کہ کچھ ٹھیک تعبیر بیان کی ہے اور کچھ غلط۔ عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ! میں قسم دیتا ہوں کہ آپ ضرور بیان فرمائیں کہ میں نے کیا غلطیاں کی ہیں؟ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا کہ قسم نہ دو۔

۱۲۰۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيْرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذِهِ الْقِصَّةِ قَالَ فَاَبٰى اَنْ يُّخْبِرَهٗ۔

محمد بن یحییٰ بن فارس، محمد بن کثیر، سلیمان بن کثیر، زہری، عبیداللہ بن عبداللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰے عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے یہ بیان فرمایا۔ راوی کا بیان ہے کہ آپ نے بتانے سے انکار کر دیا۔

۱۲۱۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ ثَنَا الْاَشْعَثُ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذَاتَ يَوْمٍ مَنْ رَاٰى مِنْكُمْ رُؤْيَا فَقَالَ رَجُلٌ اَنَا رَاَيْتُ كَاَنَّ مِيْزَانًا نَزَلَ مِنَ السَّمَآءِ فَوُزِنْتَ اَنْتَ وَاَبُوْبَكْرٍ فَرَجَحْتَ اَنْتَ بِاَبِيْ بَكْرٍ وَوُزِنَ اَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ فَرَجَحَ اَبُوْبَكْرٍ وَوُزِنَ عُمَرُ وَعُثْمَانُ فَرَجَحَ عُمَرُ ثُمَّ رُفِعَ الْمِيْزَانُ فَرَاَيْنَا الْكَرَاهِيَةَ فِيْ وَجْهِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

حسن نے حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے ایک روز فرمایا۔ تم میں سے کس نے خواب دیکھا ہے؟ ایک آدمی عرض گزار ہوا کہ میں نے دیکھا ہے کہ ایک ترازو آسمان سے اُتری ہے تو آپ کو اور حضرت ابوبکر کو تولا گیا تو آپ حضرت ابوبکر سے وزنی نکلے اور حضرت ابوبکر و حضرت عمر کو تولا گیا تو حضرت ابوبکر وزنی نکلے اور حضرت عمر و حضرت عثمان کو تولا گیا تو حضرت عمر وزنی نکلے۔ پھر ترازو اٹھالی گئی پس ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کے چہرۂ انور پر ناراضگی کے آثار دیکھے۔

۱۲۱۱۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ ثَنَا حَمَّادٌ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ بَكْرَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذَاتَ يَوْمٍ اَيُّكُمْ رَاٰى رُؤْيَا فَذَكَرَ

عبدالرحمٰن بن ابوبکرہ نے اپنے والدِ ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے ایک روز فرمایا۔ تم میں سے خواب کس نے دیکھا ہے؟ پھر معناً مذکورہ حدیث بیان کی لیکن ناراضگی کا ذکر نہیں کیا۔ ہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

مَعْنَاهُ وَلَمْ يَذْكُرِ الْكَرَاهِيَةَ فَاسْتَاءَ لَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِي فَسَاءَهُ ذَلِكَ فَقَالَ خِلَافَةُ نُبُوَّةٍ ثُمَّ يُؤْتِي اللَّهُ الْمُلْكَ مَنْ يَشَاءُ۔

نے لیے پسند نہ فرمایا یعنی بُرا محسوس کیا اور فرمایا۔ یہ خلافتِ نبوت ہے اور اس کے بعد اللہ تعالےٰ بادشاہی دے گا جس کو چاہے۔

۱۲۱۲۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ ثَنَا مُحَمَّدُ ابْنُ حَرْبٍ عَنِ الزُّبَيْدِيِّ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّهُ كَانَ يُحَدِّثُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أُرِيَ اللَّيْلَةَ رَجُلٌ صَالِحٌ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ نِيطَ بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنِيطَ عُمَرُ بِأَبِي بَكْرٍ وَنِيطَ عُثْمَانُ بِعُمَرَ قَالَ جَابِرٌ فَلَمَّا قُمْنَا مِنْ عِنْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْنَا أَمَّا الرَّجُلُ الصَّالِحُ فَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَمَّا تَنَوُّطُ بَعْضِهِمْ بِبَعْضٍ فَهُمْ وُلَاةُ هَذَا الْأَمْرِ الَّذِي بَعَثَ اللَّهُ بِهِ نَبِيَّهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَرَوَاهُ يُونُسُ وَشُعَيْبٌ لَمْ يَذْكُرَا عَمْرًا۔

عمرو بن ابان بن عثمان نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ آج رات ایک نیک آدمی کو دکھایا گیا کہ ابوبکر کو رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے ساتھ منسلک کر دیا گیا اور عمر کو ابوبکر کے ساتھ اور عثمان کو عمر کے ساتھ۔ حضرت جابر کا بیان ہے کہ جب ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے پاس سے اُٹھے تو ہم نے کہا کہ اس نیک آدمی سے مراد خود رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم ہیں اور ایک کا دوسرے سے منسلک ہونا اُس ذمہ داری کو سنبھالنا ہے جس کے لیے اللہ تعالےٰ نے نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا ہے۔

—— امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے یونس اور شعیب نے بھی لیکن انہوں نے عمرو بن ابان کا ذکر نہیں کیا۔

۱۲۱۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى نَا عَفَّانُ ابْنُ مُسْلِمٍ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ أَشْعَثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ أَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ رَأَيْتُ كَأَنَّ دَلْوًا دُلِّيَ مِنَ السَّمَاءِ فَجَاءَ أَبُو بَكْرٍ فَأَخَذَ بِعَرَاقِيهَا فَشَرِبَ شُرْبًا ضَعِيفًا ثُمَّ جَاءَ عُمَرُ فَأَخَذَ بِعَرَاقِيهَا فَشَرِبَ حَتَّى تَضَلَّعَ ثُمَّ جَاءَ عُثْمَانُ فَأَخَذَ بِعَرَاقِيهَا فَشَرِبَ حَتَّى تَضَلَّعَ ثُمَّ جَاءَ عَلِيٌّ فَأَخَذَ بِعَرَاقِيهَا فَانْتَشَطَتْ وَانْتَضَحَ عَلَيْهِ مِنْهَا شَيْءٌ۔

عبدالرحمٰن کے والدِ ماجد نے حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی عرض گزار ہُوا کہ یا رسول اللہ! میں نے دیکھا (خواب میں) کہ گویا ایک ڈول آسمان سے لٹکایا گیا ہے۔ پس حضرت ابوبکر آئے اور اُس کو کناروں سے پکڑ کر کمزوری کے ساتھ پیا۔ پھر حضرت عمر آئے اور اُسے کناروں سے پکڑ کر پیا یہاں تک کہ خوب شکم سیر ہو کر پیا۔ پھر حضرت عثمان آئے اور اس کے کناروں سے اُسے پکڑ کر پیا۔ پھر حضرت علی آئے تو انہوں نے اُسے کناروں سے پکڑا تو وہ ہِل گیا اور اُس میں سے کچھ پانی اُن کے اوپر گِر گیا۔

۱۲۱۴۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَهْلٍ الرَّمْلِيُّ نَا الْوَلِيدُ نَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنْ مَكْحُولٍ

علی بن سہل رملی، ولید، سعید بن عبدالعزیز سے روایت ہے کہ مکحول نے فرمایا:۔ چالیس روز تک رومی شام میں گھسے

قَالَ لَتَمْخُرَنَّ الرُّوْمُ الشَّامَ أَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا لَا يَمْتَنِعُ مِنْهَا إِلَّا دِمَشْقُ وَعَمَّانُ۔

رہیں گے۔ دمشق اور عمان کے سوا کسی شہر سے رو کے نہیں جا سکیں گے۔

۱۲۱۵۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عَامِرٍ الْمُرِّيُّ نَا الْوَلِيْدُ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ الْعَلَاءِ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا الْأَعْيَسِ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ سَلْمَانَ يَقُوْلُ سَيَأْتِيْ مَلِكٌ مِنْ مُلُوْكِ الْعَجَمِ يَظْهَرُ عَلَى الْمَدَائِنِ كُلِّهَا إِلَّا دِمَشْقَ۔

موسیٰ بن عامر المری، ولید، عبد العزیز بن علاء نے ابو الاعیس عبد الرحمٰن بن سلمان کو فرماتے ہوئے سنا کہ عنقریب عجمی بادشاہوں میں سے ایک بادشاہ آئے گا جو دمشق کے سوا تمام شہروں پر قابض ہو جائے گا۔

۱۲۱۶۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ إِسْمٰعِيْلَ نَا حَمَّادٌ أَنَا بُرْدٌ أَبُو الْعَلَاءِ عَنْ مَكْحُوْلٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَوْضِعُ فُسْطَاطِ الْمُسْلِمِيْنَ فِي الْمَلَاحِمِ أَرْضٌ يُقَالُ لَهَا الْغُوْطَةُ۔

ابو العلاء نے مکحول سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جنگوں کے وقت مسلمانوں کا خیمہ اُس جگہ پر ہوگا جس کو غوطہ کہا جاتا ہے۔

۱۲۱۷۔ حَدَّثَنَا أَبُوْ ظَفَرٍ عَبْدُ السَّلَامِ نَا جَعْفَرٌ عَنْ عَوْفٍ قَالَ سَمِعْتُ الْحَجَّاجَ يَخْطُبُ وَهُوَ يَقُوْلُ إِنَّ مَثَلَ عُثْمَانَ عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ عِيْسَى بْنِ مَرْيَمَ ثُمَّ قَرَأَ هٰذِهِ الْآيَةَ يَقْرَأُهَا وَيُفَسِّرُهَا إِذْ قَالَ اللّٰهُ يَا عِيْسٰى إِنِّيْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ إِلَيَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُشِيْرُ إِلَيْنَا بِيَدِهٖ وَإِلٰى أَهْلِ الشَّامِ۔

عوف کا بیان ہے کہ میں نے حجاج کو تقریر کے دوران کہتے ہوئے سنا:۔ بیشک اللہ تعالیٰ کے نزدیک حضرت عثمان کی مثال حضرت عیسیٰ علیہ السلام جیسی ہے۔ پھر یہ آیت پڑھی اور پڑھ کر اُس کی تفسیر کی :۔ "جب اللہ تعالیٰ نے فرمایا:۔ اے عیسیٰ! میں تجھے وفات دوں گا اور اپنی طرف اُٹھاؤں گا اور کافروں سے تجھے پاک کروں گا (۳: ۵۵) اور اپنے ہاتھ سے ہماری طرف اور شام والوں کی طرف اشارہ کرتا تھا۔

۱۲۱۸۔ حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِسْمٰعِيْلَ الطَّالْقَانِيُّ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَا نَا جَرِيْرٌ عَنِ الْمُغِيْرَةِ عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ خَالِدٍ الضَّبِّيِّ قَالَ سَمِعْتُ الْحَجَّاجَ يَخْطُبُ فَقَالَ فِيْ خُطْبَتِهٖ رَسُوْلُ أَحَدِكُمْ فِيْ حَاجَتِهٖ أَكْرَمُ عَلَيْهِ أَمْ خَلِيْفَتُهٗ فِيْ أَهْلِهٖ فَقُلْتُ فِيْ نَفْسِيْ لِلّٰهِ عَلَيَّ أَنْ لَا أُصَلِّيَ خَلْفَكَ صَلٰوةً أَبَدًا وَإِنْ وَجَدْتُ قَوْمًا يُجَاهِدُوْنَكَ لَأُجَاهِدَنَّكَ مَعَهُمْ زَادَ إِسْحٰقُ فِيْ حَدِيْثِهٖ قَالَ فَقَاتَلَ فِي الْجَمَاجِمِ حَتّٰى قُتِلَ۔

ربیع ابن خالد ضبی کا بیان ہے کہ میں نے حجاج کو خطبہ دیتے ہوئے سنا۔ اُس نے اپنے خطبے میں کہا:۔ تم میں سے کسی کا قاصد جو اُس کے کام آتا ہو وہ اُس کے نزدیک زیادہ عزت والا ہے یا وہ جو اُس کے گھر بار میں اُس کا نائب ہو؟ میں نے اپنے دل میں کہا کہ مجھ پر اللہ تعالیٰ کا حق ہے کہ تیرے پیچھے کبھی نماز نہ پڑھوں اور اگر مجھے کچھ ایسے لوگ مل جائیں جو تیرے خلاف جہاد کریں تو میں بھی اُن کے ساتھ تیرے خلاف جہاد کروں۔ ابن اسحاق نے اپنی حدیث میں یہ بھی کہا:۔ پس جماجم میں اُس نے لڑائی کی اور قتل کر دیا گیا۔

۱۲۱۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا أَبُوْ بَكْرٍ عَنْ عَاصِمٍ قَالَ سَمِعْتُ الْحَجَّاجَ وَهُوَ عَلَى

عاصم کا بیان ہے کہ میں نے حجاج کو منبر پر کہتے ہوئے:۔ اللہ سے ڈرو جہاں تک ہو سکے اور اس میں کوئی استثناء نہیں۔

الْمِنْبَرِ يَقُولُ اتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ لَيْسَ فِيهَا مَثْنَوِيَّةٌ وَاسْمَعُوا وَأَطِيعُوا لَيْسَ فِيهَا مَثْنَوِيَّةٌ لِأَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عَبْدِ الْمَلِكِ وَاللّٰهِ لَوْ أَمَرْتُ النَّاسَ أَنْ يَخْرُجُوا مِنْ بَابٍ مِنَ الْمَسْجِدِ فَخَرَجُوا مِنْ بَابٍ آخَرَ لَحَلَّتْ لِي دِمَاؤُهُمْ وَأَمْوَالُهُمْ وَاللّٰهِ لَوْ أَخَذْتُ رَبِيعَةَ بِمُضَرَ لَكَانَ ذٰلِكَ لِي مِنَ اللّٰهِ حَلَالًا وَيَا عَذِيرِي مِنْ عَبْدِ هُذَيْلٍ يَزْعُمُ أَنَّ قِرَاءَتَهُ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَاللّٰهِ مَا هِيَ إِلَّا رَجَزٌ مِنْ رَجَزِ الْأَعْرَابِ مَا أَنْزَلَهَا اللّٰهُ عَلَى نَبِيِّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَعَذِيرِي مِنْ هٰذِهِ الْحَمْرَاءِ يَزْعُمُ أَحَدُهُمْ أَنَّهُ يَرْمِي بِالْحَجَرِ فَيَقُولُ إِلَى أَنْ يَقَعَ الْحَجَرُ قَدْ حَدَثَ أَمْرٌ فَوَاللّٰهِ لَأَدَعَنَّهُمْ كَالْأَمْسِ الدَّابِرِ قَالَ فَذَكَرْتُهُ لِلْأَعْمَشِ فَقَالَ أَنَا وَاللّٰهِ سَمِعْتُهُ مِنْهُ۔

خدا کی قسم اگر میں لوگوں کو حکم دوں کہ مسجد کے ایک دروازے سے نکلیں اور وہ مسجد کے دوسرے دروازے سے نکل جائیں تو ان کے خون اور مال میرے لیے حلال ہو جاتے ہیں۔ خدا کی قسم، اگر میں مضر کی جگہ ربیعہ کو پکڑ لوں تو اللہ تعالٰے کی طرف سے یہ میرے لیے حلال ہے۔ عبدِ ہذیل (حضرت عبداللہ بن مسعود) کی طرف سے میرے پاس کون عذر کرے گا جو یہ گمان رکھتا ہے کہ اس کی قرأت خدا کی طرف سے ہے۔ خدا کی قسم، وہ نہیں ہے مگر اعرابیوں کے گانوں میں سے گانا اور اسے اللہ نے اپنے نبی پر نازل نہیں فرمایا۔ اور ان عجمیوں کی طرف سے میرے پاس کون عذر کرے گا۔ جن میں سے ایک یہ گمان رکھتا ہے کہ پتھر ماروں اور دیکھوں کہ پتھر کہاں گرتا ہے۔ ایسی بات ہوئی تو خدا کی قسم، میں انہیں گزشتہ کل کی طرح مٹا دوں گا۔ راوی کا بیان ہے کہ میں نے اعمش سے اس کا ذکر کیا تو فرمایا:۔ خدا کی قسم، میں نے بھی اس سے یہی سنا ہے۔

ف:۔ امام ابو داؤد نے حجاج بن یوسف کے مظالم کو کتاب السنۃ میں بیان کیا ہے۔ کیونکہ اس کے ظلم وستم طریقۂ رسول سے انحراف کرنے کے باعث تھے۔ فتنۂ حجاج بھی بہت بڑا فتنہ تھا جس نے ملتِ اسلامیہ کو بڑا نقصان پہنچایا۔ کتنے ہی بزرگوں پر اس ظالم نے ظلم وستم کے پہاڑ ڈھائے۔ غرضیکہ وہ بہت بڑا فتنہ پرور تھا اور اس کا طرزِ عمل سراسر گمراہی و بدعت تھا جس کی مسلمانوں میں نہ پہلے مثال پائی گئی اور نہ اسلام ایسی حرکتوں کی اجازت دیتا ہے۔

۱۲۲۰۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا ابْنُ إِدْرِيسَ عَنِ الْأَعْمَشِ قَالَ سَمِعْتُ الْحَجَّاجَ يَقُولُ عَلَى الْمِنْبَرِ هٰذِهِ الْحَمْرَاءُ هَبْرٌ هَبْرٌ أَمَا وَاللّٰهِ لَوْ قَدْ قَرَعْتُ عَصًا بِعَصًا لَأَذَرَنَّهُمْ كَالْأَمْسِ الذَّاهِبِ يَعْنِي الْمَوَالِيَ۔

اعمش کا بیان ہے کہ میں نے حجاج کو منبر پر کہتے ہوئے سنا۔ ان عجمی لوگوں کو بوٹی بوٹی کر دیا جائے۔ خدا کی قسم اگر میں لکڑی پر لکڑی ماروں تو انہیں گزشتہ کل کی طرح مٹا دوں۔

۱۲۲۱۔ حَدَّثَنَا قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ نَا جَعْفَرٌ يَعْنِي ابْنَ سُلَيْمَانَ نَا دَاوُدُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ شَرِيكٍ عَنْ سُلَيْمَانَ الْأَعْمَشِ قَالَ جَمَّعْتُ مَعَ الْحَجَّاجِ فَخَطَبَ فَذَكَرَ حَدِيثَ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ قَالَ فِيهَا فَاسْمَعُوا وَأَطِيعُوا خَلِيفَةَ اللّٰهِ وَصَفِيَّهُ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ مَرْوَانَ وَ

قطن بن نسیر، جعفر بن سلیمان، داؤد بن سلیمان، شریک سلیمان اعمش کا بیان ہے کہ میں نے حجاج کے ساتھ جمعہ پڑھا۔ تو اس نے خطبہ پڑھا۔ پس ابو بکر بن عیاش کی حدیث بیان کرتے ہوئے اس میں کہا:۔ اللہ کے خلیفہ اور اس کے صفی عبدالملک بن مروان کی بات سنو اور اس کی اطاعت کرو اور آگے باقی حدیث بیان کی۔

سَاقَ الْحَدِيثَ۔

۱۲۲۲۔ حَدَّثَنَا سَوَّارُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ نَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُمْهَانَ عَنْ سَفِينَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خِلَافَةُ النُّبُوَّةِ ثَلَاثُونَ سَنَةً يُؤْتِي اللَّهُ الْمُلْكَ مَنْ يَشَاءُ قَالَ سَعِيدٌ قَالَ لِي سَفِينَةُ أَمْسِكْ عَلَيْكَ أَبَا بَكْرٍ سَنَتَيْنِ وَعُمَرَ عَشْرًا وَعُثْمَانَ اثْنَيْ عَشَرَ وَعَلِيٌّ كَذَا قَالَ سَعِيدٌ قُلْتُ لِسَفِينَةَ إِنَّ هَؤُلَاءِ يَزْعُمُونَ أَنَّ عَلِيًّا لَمْ يَكُنْ بِخَلِيفَةٍ قَالَ كَذَبَتْ أَسْتَاهُ بَنِي الزَّرْقَاءِ يَعْنِي بَنِي مَرْوَانَ۔

سعید بن جمہان نے حضرت سفینہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ خلافتِ نبوت کے تیس سال ہیں اور اللہ تعالےٰ اپنا مُلک دیتا ہے جس کو چاہے۔ سعید کا بیان ہے کہ حضرت سفینہ نے مجھ سے فرمایا:۔ جوڑتے جاؤ کہ دو سال حضرت ابوبکر کے، دس سال حضرت عمر کے، بارہ سال حضرت عثمان کے اور اتنے سال حضرت علی کے۔ سعید کا بیان ہے کہ میں نے حضرت سفینہ سے گزارش کی کہ یہ لوگ کہتے ہیں کہ حضرت علی خلیفہ نہیں ہیں۔ فرمایا کہ بنی زرقاء یعنی بنی مروان جھوٹ بولتے ہیں۔

۱۲۲۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ عَنِ ابْنِ إِدْرِيسَ أَنَا حُصَيْنٌ عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ ظَالِمٍ الْمَازِنِيِّ وَسُفْيَانُ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ ظَالِمٍ الْمَازِنِيِّ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ قَالَ لَمَّا قَدِمَ فُلَانٌ إِلَى الْكُوفَةِ أَقَامَ فُلَانٌ خَطِيبًا فَأَخَذَ بِيَدِي سَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ فَقَالَ أَلَا تَرَى إِلَى هَذَا الظَّالِمِ فَأَشْهَدُ عَلَى التِّسْعَةِ أَنَّهُمْ فِي الْجَنَّةِ وَلَوْ شَهِدْتُ عَلَى الْعَاشِرِ لَمْ آثَمْ قَالَ ابْنُ إِدْرِيسَ وَالْعَرَبُ تَقُولُ آثَمُ قُلْتُ وَمَنِ التِّسْعَةُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى حِرَاءٍ اثْبُتْ حِرَاءُ إِنَّهُ لَيْسَ عَلَيْكَ إِلَّا نَبِيٌّ أَوْ صِدِّيقٌ أَوْ شَهِيدٌ قُلْتُ وَمَنِ التِّسْعَةُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ وَعَلِيٌّ وَطَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُ وَسَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ قُلْتُ وَمَنِ الْعَاشِرُ فَتَلَكَّأَ هُنَيَّةً ثُمَّ قَالَ أَنَا قَالَ أَبُو دَاوُدَ الْأَشْجَعِيُّ

محمد بن علاء، ابن ادریس، حصین، ہلال بن یساف، عبداللہ بن ظالم مازنی ـــــ نیز سفیان، منصور، ہلال بن یساف، عبداللہ بن ظالم مازنی کا بیان ہے کہ میں نے حضرت سعید بن زید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے سنا۔ عبداللہ کا بیان ہے کہ جب فلاں کوفے میں آیا اور اس نے فلاں کو خطبہ دینے کے لیے کھڑا کیا تو حضرت سعید بن زید نے میرا ہاتھ پکڑ کر فرمایا۔ کیا تم اس ظالم کو نہیں دیکھتے۔ نو حضرات کے متعلق تو میں گواہی دیتا ہوں کہ وہ جنتی ہیں اور اگر دسویں کے متعلق بھی گواہی دوں تو گنہگار نہیں ہوں گا۔ میں عرض گزار ہوا کہ وہ نو حضرات کون ہیں؟ ارشاد ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا جبکہ آپ حراء کے اوپر تھے:۔ اے حراء ٹھہر جا کیونکہ تیرے اوپر نبی، صدیق اور شہیدوں کے سوا کوئی نہیں ہے نو حضرات کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ:۔ ابوبکر، عمر، عثمان، علی، طلحہ، زبیر، سعد بن ابی وقاص اور عبدالرحمٰن بن عوف ہیں۔ میں عرض گزار ہوا کہ دسواں کون ہے؟ وہ کچھ دیر خاموش رہے اور پھر فرمایا کہ میں ہوں ـــــ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے اشجعی، سفیان، منصور، ہلال بن یساف، ابن حبان نے عبداللہ بن ظالم

عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ عَنِ ابْنِ حَيَّانَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ ظَالِمٍ بِإِسْنَادِهِ۔

سے اپنی اسناد کے ساتھ۔

۱۲۲۴۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ النَّمَرِيُّ نَا شُعْبَةُ عَنِ الْحُرِّ بْنِ الصَّيَّاحِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْأَخْنَسِ أَنَّهُ كَانَ فِي الْمَسْجِدِ فَذَكَرَ رَجُلٌ عَلِيًّا فَقَامَ سَعِيْدُ بْنُ زَيْدٍ فَقَالَ أَشْهَدُ عَلَى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنِّي سَمِعْتُهُ وَهُوَ يَقُوْلُ عَشَرَةٌ فِي الْجَنَّةِ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجَنَّةِ وَأَبُوْ بَكْرٍ فِي الْجَنَّةِ وَعُمَرُ فِي الْجَنَّةِ وَعُثْمَانُ فِي الْجَنَّةِ وَعَلِيٌّ فِي الْجَنَّةِ وَطَلْحَةُ فِي الْجَنَّةِ وَالزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ فِي الْجَنَّةِ وَسَعْدُ ابْنُ مَالِكٍ فِي الْجَنَّةِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ فِي الْجَنَّةِ وَلَوْ شِئْتُ لَسَمَّيْتُ الْعَاشِرَ قَالَ قَالُوْا مَنْ هُوَ فَسَكَتَ قَالَ فَقَالُوْا مَنْ هُوَ قَالَ سَعِيْدُ بْنُ زَيْدٍ۔

عبدالرحمٰن بن اخنس مسجد میں تھے کہ ایک آدمی نے حضرت علی کا ذکر کیا۔ پس حضرت سعید بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کھڑے ہو گئے اور فرمایا:۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ دس حضرات جنتی ہیں:۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جنتی ہیں، ابوبکر جنتی ہیں، عمر جنتی ہیں، عثمان جنتی ہیں، علی جنتی ہیں، طلحہ جنتی ہیں، زبیر بن العوام جنتی ہیں، سعد بن مالک جنتی ہیں اور عبدالرحمٰن بن عوف جنتی ہیں۔ اگر تم چاہو تو میں دسویں کا نام بھی لے دوں، لوگ عرض گزار ہوئے کہ وہ کون ہے؟ یہ خاموش رہے۔ لوگوں نے عرض کی کہ وہ کون ہے؟ فرمایا کہ وہ سعید بن زید ہے۔

۱۲۲۵۔ حَدَّثَنَا أَبُوْ كَامِلٍ نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ نَا صَدَقَةُ بْنُ الْمُثَنَّى النَّخَعِيُّ حَدَّثَنِي جَدِّي رِيَاحُ بْنُ الْحَارِثِ قَالَ كُنْتُ قَاعِدًا عِنْدَ فُلَانٍ فِي مَسْجِدِ الْكُوْفَةِ وَعِنْدَهُ أَهْلُ الْكُوْفَةِ فَجَاءَ سَعِيْدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ فَرَحَّبَ بِهِ وَحَيَّاهُ وَأَقْعَدَهُ عِنْدَ رِجْلِهِ عَلَى السَّرِيْرِ فَجَاءَ رَجُلٌ مِّنْ أَهْلِ الْكُوْفَةِ يُقَالُ لَهُ قَيْسُ بْنُ عَلْقَمَةَ فَاسْتَقْبَلَهُ وَسَبَّ فَسَبَّ فَقَالَ سَعِيْدٌ مَنْ يَسُبُّ هٰذَا الرَّجُلُ قَالَ يَسُبُّ عَلِيًّا قَالَ أَلَا أَرٰى أَصْحَابَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَبُّوْنَ عِنْدَكَ ثُمَّ لَا تُنْكِرُ وَلَا تُغَيِّرُ أَنَا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ وَإِنِّي لَغَنِيٌّ أَنْ أَقُوْلَ عَلَيْهِ مَا لَمْ يَقُلْ فَيَسْأَلُنِي عَنْهُ غَدًا إِذَا لَقِيْتُهُ۔

رباح بن حارث کا بیان ہے کہ میں فلاں کے پاس مسجد کوفہ میں بیٹھا ہوا تھا اور اہل کوفہ اُن کے پاس تھے تو حضرت سعید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف لے آئے تو انہوں نے مرحبا کہا اور خوش آمدید کہتے ہوئے اپنے پیروں کے پاس تخت پر بٹھا لیا۔ پس اہل کوفہ سے ایک شخص آیا جس کو قیس بن علقمہ کہا جاتا تھا اور اُس کا استقبال کیا۔ اُس نے سب وشتم کیا۔ حضرت سعید نے فرمایا:۔ یہ کس کو گالیاں دیتا ہے؟ کہا کہ حضرت علی کو بُرا بھلا کہتا ہے۔ فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب کو آپ کے پاس بُرا بھلا کہا جاتا ہے۔ پھر آپ نہ اُسے منع کریں اور نہ روکیں حالانکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے اور مجھے اُس بات کے کہنے کی کیا ضرورت ہے جو آپ نے نہ فرمائی ہو کہ ملاقات کے وقت حضور کل مجھ سے پوچھیں چنانچہ آپ نے فرمایا کہ ابوبکر جنتی ہیں عمر جنتی ہیں۔ اور باقی حدیث

أَبُوبَكْرٍ فِي الْجَنَّةِ وَعُمَرُ فِي الْجَنَّةِ وَسَاقَ مَعْنَاهُ ثُمَّ قَالَ لَمَشْهَدُ رَجُلٍ مِنْهُمْ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْبَرُّ فِيهِ وَجْهُهُ خَيْرٌ مِنْ عَمَلِ أَحَدِكُمْ عُمُرَهُ وَلَوْ عُمِّرَ عُمُرَ نُوحٍ.

معناً بیان کرتے ہوئے فرمایا۔ اُن میں سے کسی آدمی کا رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی ہمراہی میں چہرہ غبار آلود ہونا تمہارے ساری عمر کے اعمال سے بہتر ہے خواہ تمہیں حضرت نوح علیہ السلام کے برابر عمر ہی کیوں نہ مل جائے۔

ف:۔ حضرت سعید بن زید رضی اللہ تعالےٰ عنہ جو عشرہ مبشرہ سے ہیں، اُن کا ارشادِ گرامی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی معیت میں اگر کسی صحابی کے چہرے پر گرد پڑی تو اس کا انہیں اتنا ثواب ملے گا کہ دوسرے لوگوں کو ساری عمر کی نیکیوں پر بھی نہیں ملتا خواہ اُس کی عمر حضرت نوح علیہ السلام جتنی کیوں نہ ہو۔ جائے غور ہے کہ صحابۂ کرام کو اُن کی نیکیوں اور شمع ہدایت پر پروانہ وار نثار ہونے کا کتنا ثواب ملے گا، اس کا بھلا کون اندازہ کر سکتا ہے۔ دریں حالات اُن بزرگوں کے مقام و منصب کا ادراک ہر کس و ناکس کے بس کی بات نہیں کیونکہ وہ حضرات آسمانِ ہدایت کے شمس و قمر بنا دیئے گئے تھے۔ اُن بزرگوں کی شان میں کیا خوب کہا گیا ہے:۔

خود نہ تھے جو راہ پر اوروں کے رہبر ہو گئے ٭ کیا نظر تھی جس نے مُردوں کو مسیحا کر دیا

۱۲۲۶۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ ح وَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى الْمَعْنَى قَالَا نَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ أَنَّ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَهُمْ أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَعِدَ أُحُدًا فَتَبِعَهُ أَبُوبَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ فَرَجَفَ بِهِمْ فَضَرَبَهُ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرِجْلِهِ وَقَالَ اثْبُتْ أُحُدُ نَبِيٌّ وَصِدِّيقٌ وَشَهِيدَانِ.

مسدد، یزید بن زریع ــــــ مسدد، یحییٰ، سعید بن ابی عروبہ، قتادہ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم اُحد پہاڑ پر چڑھے اور آپ کے پیچھے حضرت ابوبکر، حضرت عمر اور حضرت عثمان تھے۔ پہاڑ ہلنے لگا تو نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے اُس پر اپنا قدم مبارک مار کر فرمایا:۔ اُحد! ٹھہر جا کیونکہ تیرے اُوپر ایک نبی، ایک صدیق اور دو شہید ہیں۔

۱۲۲۷۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَيَزِيدُ ابْنُ خَالِدٍ الرَّمْلِيُّ أَنَّ اللَّيْثَ حَدَّثَهُمْ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لَا يَدْخُلُ النَّارَ أَحَدٌ مِمَّنْ بَايَعَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ.

ابوالزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اُن میں سے ایک بھی دوزخ میں نہیں جائے گا جنہوں نے درخت کے نیچے بیعت رضوان کی تھی۔

۱۲۲۸۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ نَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ

موسیٰ بن اسمٰعیل، حماد بن سلمہ ــــــ احمد بن سنان، یزید بن ہارون، حماد بن سلمہ، عاصم، ابوصالح نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ موسیٰ رازی نے کہا کہ شاید اسی لیے

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مُوسٰى فَلَعَلَّ اللّٰهَ وَقَالَ ابْنُ سِنَانٍ اِطَّلَعَ اللّٰهُ عَلٰى اَهْلِ بَدْرٍ فَقَالَ اعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ۔

اللہ تعالےٰ نے۔ ابنِ سنان راوی نے کہا:۔ اللہ تعالےٰ نے بدری صحابہ کو مطلع فرمایا تھا کہ جو چاہو عمل کرو، میں نے تمہاری مغفرت کر دی ہے۔

۱۲۲۹ـ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ ثَوْرٍ حَدَّثَهُمْ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ قَالَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَمَنَ الْحُدَيْبِيَةِ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ قَالَ فَاَتَاهُ عُرْوَةُ بْنُ مَسْعُوْدٍ فَجَعَلَ يُكَلِّمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكُلَّمَا كَلَّمَهُ اَخَذَ بِلِحْيَتِهِ وَالْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ قَائِمٌ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ السَّيْفُ وَعَلَيْهِ الْمِغْفَرُ فَضَرَبَ يَدَهُ بِنَعْلِ السَّيْفِ وَقَالَ اَخِّرْ يَدَكَ عَنْ لِحْيَتِهِ فَرَفَعَ عُرْوَةُ رَاْسَهُ فَقَالَ مَنْ هٰذَا قَالُوا الْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ۔

عروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا:۔ نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم واقعہ حدیبیہ کے زمانے میں نکلے۔ پس آگے حدیث بیان کرتے ہوئے کہا:۔ عروہ بن مسعود آیا اور نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے گفتگو کرنے لگا۔ جب بھی وہ بات کرتا تو حضور کی ریش مبارک کو ہاتھ لگاتا اور نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے پاس حضرت مغیرہ بن شعبہ ہاتھ میں تلوار لے کر کھڑے تھے اور اُن کے سر پر مغفر (خود) تھا۔ انہوں نے اُس کے ہاتھ پر تلوار کی کاٹھی ماری اور فرمایا:۔ ریش مبارک سے اپنا ہاتھ پیچھے رکھو۔ عروہ نے اپنا سر اٹھا کر کہا:۔ یہ کون ہے؟ لوگوں نے کہا:۔ یہ حضرت مغیرہ بن شعبہ ہیں۔

۱۲۳۰ـ حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيِّ عَنْ اَبِي خَالِدٍ مَوْلَى اٰلِ جَعْدَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَانِي جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَاَخَذَ بِيَدِي فَاَرَانِي بَابَ الْجَنَّةِ الَّذِي تَدْخُلُ مِنْهُ اُمَّتِي فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَدِدْتُ اَنِّي كُنْتُ مَعَكَ حَتّٰى اَنْظُرَ اِلَيْهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَا اِنَّكَ يَا اَبَا بَكْرٍ اَوَّلُ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِي۔

ابو خالد مولیٰ آلِ جعدہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام میرے پاس آئے، میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے جنت کا وہ دروازہ دکھایا جس سے میری اُمت جنت میں داخل ہوگی۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالےٰ عنہ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! کاش میں آپ کے ساتھ ہوتا تاکہ اُس دروازے کو دیکھتا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا، مگر اے ابوبکر! میری اُمت میں سے تم سب سے پہلے جنت میں داخل ہوگے۔

۱۲۳۱ـ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ اَبُوْ عُمَرَ الضَّرِيْرُ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ اَنَّ سَعِيدَ بْنَ اِيَاسٍ الْجُرَيْرِيَّ اَخْبَرَهُمْ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ الْعُقَيْلِيِّ عَنِ الْاَقْرَعِ مُؤَذِّنِ عُمَرَ بْنِ

عبداللہ بن شقیق عقیلی نے حضرت عمر کے مؤذن اقرع سے روایت کی ہے کہ مجھے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسقف نامی پادری کے پاس بھیجا۔ پس میں اُسے بلا کر لایا تو حضرت عمر نے اُس سے فرمایا:۔ کیا کتاب میں تم

الْخَطَّابِ قَالَ بَعَثَنِي عُمَرُ إِلَى الْأُسْقُفِ فَدَعَوْتُهُ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ هَلْ تَجِدُنِي فِي الْكِتَابِ قَالَ نَعَمْ قَالَ كَيْفَ تَجِدُنِي فِي الْكِتَابِ قَالَ نَعَمْ قَالَ كَيْفَ تَجِدُنِي قَالَ أَجِدُكَ قَرْنًا قَالَ فَرَفَعَ عَلَيْهِ الدِّرَّةَ فَقَالَ قَرْنٌ مَهْ فَقَالَ قَرْنٌ حَدِيدٌ أَمِينٌ شَدِيدٌ قَالَ كَيْفَ تَجِدُ الَّذِي يَجِيءُ بَعْدِي فَقَالَ أَجِدُهُ خَلِيفَةً صَالِحًا غَيْرَ أَنَّهُ يُؤْثِرُ قَرَابَتَهُ فَقَالَ عُمَرُ يَرْحَمُ اللَّهُ عُثْمَانَ ثَلَاثًا فَقَالَ كَيْفَ تَجِدُ الَّذِي بَعْدَهُ قَالَ أَجِدُهُ صَدَأَ حَدِيدٍ قَالَ فَوَضَعَ عُمَرُ يَدَهُ عَلَى رَأْسِهِ فَقَالَ يَا دَفْرَاهُ يَا دَفْرَاهُ فَقَالَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ إِنَّهُ خَلِيفَةٌ صَالِحٌ وَلَكِنَّهُ يُسْتَخْلَفُ حِينَ يُسْتَخْلَفُ وَالسَّيْفُ مَسْلُولٌ وَالدَّمُ مُهْرَاقٌ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَالدَّفْرُ النَّتْنُ۔

میرا ذکر پاتے ہو؟ کہا کہ میں آپ کو قرنؑ پاتا ہوں حضرت عمر نے اُس پر دُرّہ اُٹھایا اور فرمایا:۔ قرنؑ کیا؟ اُس نے کہا:۔ قرنؑ سے مراد ہے مضبوط، امانت دار اور سخت مزاج۔ فرمایا کہ جو میرے بعد آئے گا اُسے تم کیسا پاتے ہو؟ کہا کہ میں انہیں نیک خلیفہ پاتا ہوں مگر وہ اپنے قرابت داروں پر بہت ایثار کریں گے۔ حضرت عمر نے تین دفعہ کہا:۔ اللہ تعالےٰ حضرت عثمان پر رحم فرمائے۔ فرمایا کہ جو اُن کے بعد آئے گا اُسے تم کیسا پاتے ہو؟ کہا کہ لوہے سے لگا ہُوا۔ راوی کا بیان ہے کہ حضرت عمر نے سر پر ہاتھ رکھ کر کہا:۔ ارے بدبودار! ارے بدبودار عرض گزار ہُوا کہ اے امیرالمؤمنین! وہ خلیفہ نیک آدمی ہیں لیکن انہیں ایسے وقت خلیفہ بنایا جائے گا جب تلوار کھینچی ہوئی ہوگی اور خون بہہ رہا ہوگا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اَلدَّفرُ بدبو کو کہتے ہیں۔

بَابٌ ۳۹۷ فِي فَضْلِ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب کی فضیلت

۱۲۳۲۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ قَالَ أَنَا ح وَنَا مُسَدَّدٌ نَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ أُمَّتِي الْقَرْنُ الَّذِي بُعِثْتُ فِيهِمْ ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ وَاللَّهُ أَعْلَمُ أَذَكَرَ الثَّالِثَ أَمْ لَا ثُمَّ يَظْهَرُ قَوْمٌ يَشْهَدُونَ وَلَا يُسْتَشْهَدُونَ وَيَنْذِرُونَ وَلَا يُوفُونَ وَيَخُونُونَ وَلَا يُؤْتَمَنُونَ وَيَفْشُو فِيهِمُ السِّمَنُ۔

زرارہ بن اوفیٰ نے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ میری اُمت کے لیے بہتر زمانہ وہ ہے جن لوگوں کے اندر مجھے مبعوث فرمایا گیا ہے۔ پھر وہ لوگ جو اُن سے نزدیک ہیں۔ پھر وہ لوگ جو اُن سے نزدیک ہیں۔ اللہ تعالےٰ ہی بہتر جانتا ہے کہ آپ نے تیسری مرتبہ فرمایا یا نہیں۔ پھر ایسے لوگ آئیں گے کہ گواہی دیں گے اور اُن سے گواہی طلب نہیں کی گئی ہوگی اور نذر مانیں گے لیکن پوری نہیں کریں گے، خیانت کریں گے اور امانت دار نہیں ہوں گے اور اُن پر موٹاپا چھا جائے گا۔

بَابٌ ۳۹۸ فِي النَّهْيِ عَنْ سَبِّ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

اصحابِ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بُرائی کرنے کی ممانعت

۱۲۳۳۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا اَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِي صَالِحٍ عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَسُبُّوْا اَصْحَابِيْ فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَوْ اَنْفَقَ اَحَدُكُمْ مِثْلَ اُحُدٍ ذَهَبًا مَا بَلَغَ مُدَّ اَحَدِهِمْ وَلَا نَصِيْفَهٗ۔

ابو صالح نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا:- میرے صحابہ کو بُرا نہ کہو کیونکہ قسم ہے اُس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے اگر تم میں سے کوئی اُحد پہاڑ کے برابر سونا خرچ کرے تو صحابہ میں سے کسی کے ایک مُد یا نصف مُد کے ثواب کو نہیں پہنچے گا۔

۱۲۳۴۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ نَا زَائِدَةُ نَا عُمَرُ بْنُ قَيْسٍ الْمَاصِرُ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِيْ قُرَّةَ قَالَ كَانَ حُذَيْفَةُ بِالْمَدَائِنِ فَكَانَ يَذْكُرُ اَشْيَاءَ قَالَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاُنَاسٍ مِنْ اَصْحَابِهٖ فِي الْغَضَبِ فَيَنْطَلِقُ نَاسٌ مِمَّنْ سَمِعَ ذٰلِكَ مِنْ حُذَيْفَةَ فَيَاْتُوْنَ سَلْمَانَ فَيَذْكُرُوْنَ لَهٗ قَوْلَ حُذَيْفَةَ فَيَقُوْلُ سَلْمَانُ حُذَيْفَةُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُ فَيَرْجِعُوْنَ اِلٰى حُذَيْفَةَ فَيَقُوْلُوْنَ لَهٗ قَدْ ذَكَرْنَا قَوْلَكَ لِسَلْمَانَ فَمَا صَدَّقَكَ وَلَا كَذَّبَكَ فَاَتٰى حُذَيْفَةُ سَلْمَانَ وَهُوَ فِيْ مَبْقَلَةٍ فَقَالَ يَا سَلْمَانُ مَا يَمْنَعُكَ اَنْ تُصَدِّقَنِيْ بِمَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ سَلْمَانُ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَغْضَبُ فَيَقُوْلُ فِي الْغَضَبِ لِنَاسٍ مِنْ اَصْحَابِهٖ وَيَرْضٰى فَيَقُوْلُ فِي الرِّضَا لِنَاسٍ مِنْ اَصْحَابِهٖ اَمَا تَنْتَهِيْ حَتّٰى تُوَرِّثَ رِجَالًا حُبَّ رِجَالٍ وَرِجَالًا بُغْضَ رِجَالٍ وَحَتّٰى تُوْقِعَ اخْتِلَافًا وَفُرْقَةً وَلَقَدْ عَلِمْتَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ فَقَالَ اَيُّمَا رَجُلٍ مِنْ اُمَّتِيْ سَبَبْتُهٗ سَبَّةً اَوْ لَعَنْتُهٗ لَعْنَةً فِيْ غَضَبِيْ فَاِنَّمَا اَنَا مِنْ وُلْدِ اٰدَمَ اَغْضَبُ كَمَا يَغْضَبُوْنَ وَاِنَّمَا بَعَثَنِيْ

عمرو بن ابو قرہ کا بیان ہے کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ مدائن میں تھے تو وہ ایسی باتوں کا ذکر کیا کرتے جو رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے غصے میں کہی تھیں۔ بعض لوگ جنہوں نے حضرت حذیفہ سے وہ باتیں سنیں وہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے تاکہ انہیں حضرت حذیفہ کے بیانات بتائیں۔ حضرت سلمان کہہ دیتے کہ حضرت حذیفہ ہی بہتر جانیں جو وہ کہتے ہیں۔ پس وہ یہ بتانے کے لیے حضرت حذیفہ کی طرف لوٹے کہ ہم نے آپ کی باتوں کا حضرت سلمان سے ذکر کیا لیکن انہوں نے نہ آپ کی تصدیق کی اور نہ تکذیب۔ پس حضرت حذیفہ خود حضرت سلمان کے پاس آئے جبکہ وہ اپنے سبزیوں کے کھیت میں تھے اور کہا:- اے سلمان! آپ کو میری تصدیق کرنے سے کیا چیز روکتی ہے جبکہ میں نے یہ باتیں رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے سنی ہیں! حضرت سلمان نے فرمایا کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم ناراض بھی ہوا کرتے اور ناراضگی میں اپنے اصحاب سے کچھ فرما دیتے اور راضی بھی ہوتے اور خوشی میں اپنے اصحاب سے کچھ فرما دیتے۔ آپ شاید اُس وقت تک نہیں رکیں گے جب تک بعض صحابہ کی انتہائی محبت لوگوں کے دلوں میں نہ ڈال دیں اور بعض کی نفرت اور یوں اختلاف وجدائی واقع ہو جائے۔ حالانکہ آپ جانتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے خطبہ دیا اور فرمایا:- جس شخص کو میں نے بُرا بھلا کہا ہو یا غصے میں اُس پر لعنت کی ہو، تو میں بھی حضرت آدم کی اولاد میں ہوں اور ناراض ہوتا ہوں جیسے لوگ ناراض ہوتے ہیں کیونکہ مجھے تمام جہانوں کے لیے

رَحْمَةً لِلْعَالَمِينَ فَاجْعَلْهَا عَلَيْهِمْ صَلَوٰةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَاللّٰهِ لَتَنْتَهِيَنَّ أَوْ لَأَكْتُبَنَّ إِلَى عُمَرَ -

رحمت بنایا گیا ہے۔ اے اللہ! اُسے قیامت کے روز اُن کے لیے رحمت بنا دینا۔ لہٰذا آپ ایسے بیانات سے رُک جائیں ورنہ میں حضرت عمر کے لیے لکھ دوں گا۔

باب ۳۹ فِي اسْتِخْلَافِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ -

حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالٰے عنہ کی خلافت

۱۲۳۵ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ قَالَ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الْمَلِكِ ابْنُ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَمْعَةَ قَالَ لَمَّا اسْتُعِزَّ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا عِنْدَهُ فِي نَفَرٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ دَعَاهُ بِلَالٌ إِلَى الصَّلٰوةِ فَقَالَ مُرُوا مَنْ يُصَلِّي لِلنَّاسِ فَخَرَجَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَمْعَةَ فَإِذَا عُمَرُ فِي النَّاسِ وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ غَائِبًا فَقُلْتُ يَا عُمَرُ قُمْ فَصَلِّ بِالنَّاسِ فَتَقَدَّمَ فَكَبَّرَ فَلَمَّا سَمِعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَوْتَهُ وَكَانَ عُمَرُ رَجُلًا مُجْهِرًا قَالَ فَأَيْنَ أَبُو بَكْرٍ يَأْبَى اللّٰهُ ذٰلِكَ وَالْمُسْلِمُونَ يَأْبَى اللّٰهُ ذٰلِكَ وَالْمُسْلِمُونَ فَبَعَثَ إِلَى أَبِي بَكْرٍ فَجَاءَ بَعْدَ أَنْ صَلَّى عُمَرُ تِلْكَ الصَّلٰوةَ فَصَلَّى بِالنَّاسِ -

عبدالملک بن ابو بکر بن عبدالرحمٰن بن حارث بن ہشام نے اپنے والدِ ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت عبداللہ بن زمعہ رضی اللہ تعالٰے عنہ نے فرمایا:- جب رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی علالت نے شدت اختیار کی تو چند مسلمانوں کے ساتھ میں بھی آپ کی خدمت میں حاضر تھا۔ نماز کے لیے حضرت بلال نے آپ کو بلایا۔ فرمایا کسی سے کہہ دو کہ لوگوں کو نماز پڑھا دے۔ چنانچہ حضرت عبداللہ بن زمعہ باہر نکلے تو حضرت عمر لوگوں میں موجود تھے اور حضرت ابو بکر موجود نہ تھے۔ پس میں نے کہا، اے عمر! کھڑے ہو کر لوگوں کو نماز پڑھایئے۔ وہ آگے بڑھے اور تکبیر کہی گئی۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے اُن کی آواز سُنی کیونکہ حضرت عمر بلند آواز تھے۔ فرمایا: ابو بکر کہاں ہیں؟ کیونکہ اللہ اور مسلمان اس بات کا انکار کرتے ہیں۔ اللہ اور مسلمان اس بات کا انکار کرتے ہیں۔ پس حضرت ابو بکر کو بلایا گیا۔ وہ اس کے بعد آئے کہ حضرت عمر نماز پڑھا چکے تھے۔ تو انہوں نے لوگوں کو نماز پڑھائی۔

۱۲۳۶ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ نَا مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ إِسْحٰقَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ زَمْعَةَ أَخْبَرَهُ بِهٰذَا الْخَبَرِ قَالَ لَمَّا سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَوْتَ عُمَرَ قَالَ ابْنُ زَمْعَةَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى أَطْلَعَ رَأْسَهُ مِنْ حُجْرَتِهِ ثُمَّ قَالَ لَا لَا لَا لِيُصَلِّ لِلنَّاسِ ابْنُ

احمد بن صالح، ابن فدیک، موسٰی بن یعقوب، عبدالرحمٰن بن اسحاق، ابن شہاب، عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ کو یہ واقعہ بتاتے ہوئے حضرت عبداللہ بن زمعہ رضی اللہ تعالٰے عنہ نے فرمایا:- جب نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے حضرت عمر کی آواز سنی۔ حضرت ابن زمعہ کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم باہر تشریف لاتے لگے یہاں تک کہ سرِ مبارک حجرے سے باہر نکال کر فرمایا:- نہیں نہیں نہیں، لوگوں کو ابن ابو قحافہ (حضرت ابو بکر صدیق) نماز پڑھائیں۔ یہ آپ غصّے میں فرما رہے تھے۔

اَبِیْ قُحَافَۃَ یَقُوْلُ ذٰلِکَ مُغْضَبًا۔

ف:۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالٰی عنہ کے برحق خلیفہ رسول بلا فصل ہونے کے بیشمار دلائل و شواہد ہیں جن میں سے ایک یہی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اپنے آخری مرض کے اندر نماز میں مسلمانوں کی امامت کے لیے سیدنا ابوبکر صدیق کو کھڑا کیا اور اس کام کے لیے سیدنا فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ کو بھی منظور نہ فرمایا۔ حضرت ابوبکر صدیق کو بلا فصل خلیفہ تسلیم نہ کرنا یا اُمتِ محمدیہ کے کسی بھی فرد کو اُن سے افضل جاننا بہت بڑی گمراہی اور سراسر بدعت ہے۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

باب ۳۹ مَا یَدُلُّ عَلٰی تَرْکِ الْکَلَامِ فِی الْفِتْنَۃِ۔

بوقتِ فتنہ خاموش رہنے کی دلیل

۱۲۳۷۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَمُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ قَالَا نَا حَمَّادٌ عَنْ عَلِیِّ بْنِ زَیْدٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِیْ بَکْرَۃَ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِیُّ قَالَ نَا الْاَشْعَثُ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِیْ بَکْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ اِنَّ ابْنِیْ هٰذَا سَیِّدٌ وَاِنِّیْ اَرْجُوْ اَنْ یُّصْلِحَ اللّٰهُ بِهٖ بَیْنَ فِئَتَیْنِ مِنْ اُمَّتِیْ وَقَالَ عَنْ حَمَّادٍ وَلَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ یُّصْلِحَ بِهٖ بَیْنَ فِئَتَیْنِ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ عَظِیْمَتَیْنِ۔

مسدّد اور مسلم بن ابراہیم، حمّاد، علی بن زید، حسن، حضرت ابوبکرہ — محمد بن مثنّٰی، محمد بن عبداللہ انصاری، اشعث، حسن نے حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے حضرت حسن بن علی رضی اللہ تعالٰی عنہما سے فرمایا کہ میرا یہ بیٹا سردار ہے اور میں اُمید کرتا ہوں کہ اللہ تعالٰی اس کے ذریعے میری اُمت کے دو گروہوں میں صلح کروا دے گا۔ حمّاد سے مروی ہے کہ شاید اللہ تعالٰی اس کے ذریعے مسلمانوں کے دو بڑے گروہوں میں صلح کروا دے گا۔

۱۲۳۸۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ نَا یَزِیْدُ اَنَا هِشَامٌ عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ قَالَ حُذَیْفَۃُ مَا اَحَدٌ مِنَ النَّاسِ تُدْرِکُهُ الْفِتْنَۃُ اِلَّا اَنَا اَخَافُهَا عَلَیْهِ اِلَّا مُحَمَّدَ بْنَ مَسْلَمَۃَ فَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا تَضُرُّكَ فِتْنَۃٌ۔

ہشام نے محمد سے روایت کی ہے کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالٰی عنہ نے فرمایا:۔ لوگوں میں سے کوئی ایسا نہیں کہ وہ فتنے میں مبتلا ہو مگر میں اُس سے ڈرتا ہوں سوائے محمد بن مسلمہ کے کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ اُس سے تمہیں کوئی فتنہ مضر نہیں پہنچائے گا۔

۱۲۳۹۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوْقٍ نَا شُعْبَۃُ عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ سُلَیْمٍ عَنْ اَبِیْ بُرْدَۃَ عَنْ ثَعْلَبَۃَ ابْنِ ضُبَیْعَۃَ قَالَ دَخَلْنَا عَلٰی حُذَیْفَۃَ فَقَالَ اِنِّیْ لَاَعْرِفُ رَجُلًا لَا تَضُرُّهُ الْفِتَنُ شَیْئًا قَالَ فَخَرَجْنَا فَاِذَا فُسْطَاطٌ مَضْرُوْبٌ فَدَخَلْنَا فَاِذَا فِیْهِ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَۃَ فَسَاَلْنَاهُ عَنْ ذٰلِکَ فَقَالَ مَا اُرِیْدُ اَنْ یَّشْتَمِلَ عَلَیَّ شَیْءٌ مِّنْ اَمْصَارِکُمْ

اشعث بن سُلیم نے ابوبُردہ سے روایت کی ہے کہ ثعلبہ بن ضُبیعہ نے فرمایا:۔ ہم حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالٰی عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو انہوں نے فرمایا:۔ میں اُس آدمی کو جانتا ہوں جس کو فتنے کچھ بھی نقصان نہیں پہنچا سکتے ہم باہر نکلے تو ایک خیمہ لگا ہوا تھا۔ ہم اندر داخل ہوئے تو وہاں حضرت محمد بن مسلمہ تھے۔ ہم نے اُن سے اس بارے میں پوچھا تو فرمایا:۔ میں نہیں چاہتا کہ تمہارے شہروں میں سے

حَتّٰی تَنْجَلِیَ عَمَّا انْجَلَتْ۔

۱۲۴۰۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سُلَیْمٍ عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ عَنْ ضُبَیْعَةَ ابْنِ حُصَیْنٍ الثَّعْلَبِیِّ بِمَعْنَاهُ۔

۱۲۴۱۔ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ الْهُذَلِیُّ نَا ابْنُ عُلَیَّةَ عَنْ یُوْنُسَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ قَیْسِ ابْنِ عُبَادٍ قَالَ قُلْتُ لِعَلِیٍّ اَخْبِرْنَا عَنْ مَسِیْرِكَ اَعَهْدٌ عَهِدَهٗ اِلَیْكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَمْ رَأْیٌ رَأَیْتَهٗ قَالَ مَا عَهِدَ اِلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِشَیْءٍ وَلٰكِنَّهٗ رَأْیٌ رَأَیْتُهٗ۔

۱۲۴۲۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ نَا الْقَاسِمُ بْنُ الْفَضْلِ عَنْ اَبِیْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَمْرُقُ مَارِقَةٌ عِنْدَ فُرْقَةٍ مِّنَ الْمُسْلِمِیْنَ یَقْتُلُهَا اَوْلَی الطَّائِفَتَیْنِ بِالْحَقِّ۔

باب ۲۰۱ فِی التَّخْیِیْرِ بَیْنَ الْاَنْبِیَاءِ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ

۱۲۴۳۔ حَدَّثَنَا مُوْسَی بْنُ اِسْمٰعِیْلَ نَا وُهَیْبٌ نَا عَمْرٌو یَعْنِی ابْنَ یَحْیٰی عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تُخَیِّرُوْا بَیْنَ الْاَنْبِیَاءِ۔

۱۲۴۴۔ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ اَبِیْ یَعْقُوْبَ وَمُحَمَّدُ بْنُ یَحْیَی بْنِ فَارِسٍ قَالَا نَا یَعْقُوْبُ نَا اَبِیْ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْیَهُوْدِ وَالَّذِی اصْطَفٰی مُوْسٰی فَرَفَعَ الْمُسْلِمُ یَدَهٗ فَلَطَمَ وَجْهَ الْیَهُوْدِیِّ فَذَهَبَ الْیَهُوْدِیُّ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

کوئی چیز میرا گھیراؤ کرے، یہاں تک کہ شہر فتنوں سے پاک ہو جائیں۔

مسدد، ابو عوانہ، اشعث بن سُلیم سے حضرت ضُبیعہ بن حُصین ثعلبی رضی اللہ تعالٰے عنہ سے اسی معنًا روایت کیا ہے۔

قیس بن عباد کا بیان ہے کہ میں حضرت علی رضی اللہ تعالٰے عنہ کی خدمت میں عرض گزار ہوا کہ آپ کا یہ سفر (بجانب حضرت معاویہ) کرنا، کیا اس کا رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے آپ کو حکم فرمایا تھا یا یہ آپ کی رائے گرامی ہے؟ فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے مجھے اس بارے میں کوئی حکم نہیں دیا بلکہ یہ میری اپنی رائے ہے۔

ابو نضرہ نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا۔ مسلمانوں کے آپس میں قتال کرنے کے وقت ایک فرقہ نکلے گا جو فریقین کی نسبت حق کے زیادہ قریب ہوگا۔

انبیاء علیہم السلام میں ایک کو دوسرے پر فضیلت دینا

عمرو ابن یحیٰی کے والدِ ماجد نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا۔ انبیائے کرام میں سے ایک کو دوسرے پر فضیلت نہ دو۔

ابن شہاب نے ابو سلمہ بن عبدالرحمٰن اور عبدالرحمٰن اعرج سے روایت کی ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ نے فرمایا۔ یہودیوں میں سے ایک آدمی نے کہا کہ قسم ہے اُس ذات کی جس نے حضرت موسیٰ کو چن لیا تھا۔ پس ایک مسلمان نے ہاتھ اُٹھایا اور یہودی کے منہ پر طمانچہ مارا۔ یہودی نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی خدمت میں گیا اور آپ کو یہ بات بتائی۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے

وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُخَيِّرُونِي عَلَى مُوسَى فَإِنَّ النَّاسَ يَصْعَقُونَ فَأَكُونُ أَوَّلَ مَنْ يُفِيقُ فَإِذَا مُوسَى بَاطِشٌ فِي جَانِبِ الْعَرْشِ فَلَا أَدْرِي أَكَانَ مِمَّنْ صَعِقَ فَأَفَاقَ قَبْلِي أَمْ كَانَ مِمَّنِ اسْتَثْنَى اللهُ تَعَالَى قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَحَدِيثُ ابْنِ يَحْيَى أَتَمُّ۔

فرمایا کہ مجھے حضرت موسیٰ پر فضیلت نہ دو کیونکہ جب لوگ بے ہوش ہوں گے تو میں سب سے پہلے ہوش میں آؤں گا۔ اُس وقت حضرت موسیٰ عرش کا ایک کونہ پکڑے ہوئے ہوں گے۔ مجھے نہیں معلوم کہ وہ بے ہوش ہونے والوں میں ہیں اور مجھ سے پہلے ہوش میں آئیں گے یا اُن میں ہیں جن کو اللہ تعالیٰ مستثنیٰ رکھے گا۔ — امام ابو داؤد نے فرمایا کہ ابن یحییٰ کی حدیث زیادہ مکمل ہے۔

۱۲۴۵۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ نَا الْوَلِيدُ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ عَنْ أَبِي عَمَّارٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ فَرُّوخَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا سَيِّدُ وُلْدِ آدَمَ وَأَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ وَأَوَّلُ شَافِعٍ وَأَوَّلُ مُشَفَّعٍ۔

عبد اللہ بن فروخ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ میں حضرت آدم کی ساری اولاد کا سردار ہوں اور سب سے پہلے میری قبر شق ہوگی۔ میں سب سے پہلے شفاعت کرنے والا ہوں اور سب سے پہلے میری شفاعت قبول فرمائی جائے گی۔

۱۲۴۶۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا يَنْبَغِي لِعَبْدٍ أَنْ يَقُولَ إِنِّي خَيْرٌ مِنْ يُونُسَ بْنِ مَتَّى۔

ابو العالیہ نے ابن شہاب سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ کسی بندے کے لیے یہ کہنا مناسب نہیں کہ میں حضرت یونس بن متیٰ سے بہتر ہوں۔

۱۲۴۷۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى الْحَرَّانِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ عَنْ إِسْمٰعِيلَ بْنِ أَبِي حَكِيمٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا يَنْبَغِي لِنَبِيٍّ أَنْ يَقُولَ إِنِّي خَيْرٌ مِنْ يُونُسَ بْنِ مَتَّى۔

عبد العزیز بن یحییٰ حرانی، محمد بن سلمہ، محمد بن اسحاق، اسمٰعیل بن ابو حکیم، قاسم بن محمد سے روایت ہے کہ حضرت عبد اللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرمایا کرتے:۔ کسی نبی کے لیے یہ کہنا مناسب نہیں ہے کہ میں حضرت یونس بن متیٰ سے بہتر ہوں۔

۱۲۴۸۔ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ أَيُّوبَ نَا عَبْدُ اللهِ ابْنُ إِدْرِيسَ عَنْ مُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ يَذْكُرُ عَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا خَيْرَ الْبَرِيَّةِ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاكَ إِبْرَاهِيمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ۔

زیاد بن ایوب، عبد اللہ بن ادریس، مختار بن فلفل سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ ایک آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کہا:۔ اے ساری مخلوق سے بہتر! رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ ایسے تو حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں۔

۱۲۴۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ الْعَسْقَلَانِيُّ وَمَخْلَدُ بْنُ خَالِدٍ الشَّعِيرِيُّ الْمَعْنَى

محمد بن متوکل عسقلانی، مخلد بن خالد شعیری، عبد الرزاق، معمر، ابن ابی ذئب، سعید بن ابو سعید نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ

قَالَ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَدْرِي أَتُبَّعٌ لَعِينٌ هُوَ أَمْ لَا وَمَا أَدْرِي أَعُزَيْرٌ نَبِيٌّ هُوَ أَمْ لَا۔

تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا :- میں اپنے علم سے نہیں جانتا کہ تبع لعین ہے یا نہیں اور میں اپنے علم سے نہیں جانتا کہ حضرت عزیز نبی تھے یا نہیں۔

۱۲۵۰ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا ابْنُ وَهْبٍ ثَنِي يُونُسُ أَخْبَرَنِي ابْنُ شِهَابٍ أَنَّ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَخْبَرَهُ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ أَنَا أَوْلَى النَّاسِ بِابْنِ مَرْيَمَ الْأَنْبِيَاءُ أَوْلَادُ عَلَّاتٍ وَلَيْسَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ نَبِيٌّ۔

احمد بن صالح، ابن وہب، یونس، ابن شہاب، ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا :- میں حضرت ابن مریم سے دوسرے لوگوں کی نسبت زیادہ قریب ہوں کیونکہ سارے نبی علاتی بھائی ہیں نیز میرے اور اُن کے درمیان کوئی نبی نہیں تھا۔

بَابٌ ۴۰۲ فِي رَدِّ الْإِرْجَاءِ۔

مرجیہ فرقے کا رد

۱۲۵۱ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا حَمَّادٌ أَخْبَرَنَا سُهَيْلُ بْنُ أَبِي صَالِحٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْإِيمَانُ بِضْعٌ وَسَبْعُونَ أَفْضَلُهَا قَوْلُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَدْنَاهَا إِمَاطَةُ الْعَظْمِ عَنِ الطَّرِيقِ وَالْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِنَ الْإِيمَانِ۔

موسیٰ بن اسمٰعیل، حماد، سُہیل بن ابوصالح، عبداللہ بن دینار، ابوصالح نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا :- ایمان کی ستر سے زیادہ شاخیں ہیں جن میں سب سے افضل یہ کہنا ہے کہ نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ اور سب سے چھوٹی بات یہ ہے کہ ہڈی وغیرہ تکلیف دہ چیز کو راستے سے ہٹا دیا جائے اور شرم و حیا بھی ایمان کا ایک حصہ ہے۔

ف :- اہلسنت وجماعت کا یہ عقیدہ ہے کہ اعمالِ صالحہ ایمان میں داخل نہیں ہیں بلکہ ایمان الگ چیز ہے اور اعمالِ صالحہ الگ ہیں جیسا کہ قرآن مجید میں جگہ جگہ مذکور ہے اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ یہاں ہر جگہ ایمان اور اعمالِ صالحہ کے درمیان اضافت ہے جو مغایرت کے لیے ہے ہاں اعمالِ صالحہ ایمان کے ثمرات ہیں اور ان سے ایمان کو تقویت ملتی ہے جبکہ بُرے کاموں سے ایمان کمزور ہوتا ہے۔ مرجیہ ایک گمراہ فرقہ ہوا ہے جس کا عقیدہ تھا کہ کوئی بُرے سے بُرا عمل ایمان کو نقصان نہیں پہنچاتا، لہٰذا اعمالِ صالحہ کی ایمان کو ضرورت نہیں ہے۔ امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ نے اس باب میں بعض اعمالِ صالحہ کا ذکر کیا کہ اُن سے ایمان کو فائدہ اور تقویت پہنچتی ہے اور اس سے خود بخود مرجیہ فرقے کا رد ہو جاتا ہے۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

۱۲۵۲ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ شُعْبَةَ حَدَّثَنِي أَبُو جَمْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ إِنَّ وَفْدَ عَبْدِ الْقَيْسِ لَمَّا قَدِمُوا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى

ابوحمزہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما نے فرمایا :- جب عبدالقیس کا وفد رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو آپ نے انہیں اللہ پر ایمان رکھنے کا حکم فرمایا۔ پھر فرمایا :- کیا تم جانتے ہو کہ اللہ پر

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَهُمْ بِالْإِيْمَانِ بِاللّٰهِ قَالَ أَتَدْرُوْنَ مَا الْإِيْمَانُ بِاللّٰهِ قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ قَالَ شَهَادَةُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَإِقَامُ الصَّلٰوةِ وَإِيْتَاءُ الزَّكٰوةِ وَصَوْمُ رَمَضَانَ وَأَنْ تُعْطُوا الْخُمُسَ مِنَ الْمَغْنَمِ۔

ایمان رکھنا کیا ہے؟ انہوں نے کہا کہ اللہ اور اُس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں۔ فرمایا یہ گواہی دینا کہ نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ اور محمد مصطفیٰ اُس کے رسول ہیں اور نماز قائم کرنا اور زکوٰۃ دینا اور رمضان کے روزے رکھنا اور مالِ غنیمت سے (اگر وہ میسّر آئے تو) خمس ادا کرنا۔

۱۲۵۳۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا وَكِيْعٌ نَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الْعَبْدِ وَبَيْنَ الْكُفْرِ تَرْكُ الصَّلٰوةِ۔

ابو الزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بندے اور کفر کے درمیان نماز کا ترک کرنا ہے۔

۱۲۵۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْأَنْبَارِيُّ وَعُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ الْمَعْنٰى قَالَ نَا وَكِيْعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا تَوَجَّهَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْكَعْبَةِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَكَيْفَ الَّذِيْنَ مَاتُوْا وَهُمْ يُصَلُّوْنَ إِلٰى بَيْتِ الْمَقْدِسِ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ إِيْمَانَكُمْ۔

محمد بن سلیمان انباری اور عثمان بن ابو شیبہ، وکیع، سفیان سماک، عکرمہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما نے فرمایا:۔ جب نبی کریم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کعبہ کی طرف منہ کرکے نماز پڑھا کرتے تھے؟ پس اللہ تعالےٰ نے وحی نازل فرمائی:۔ اللہ کی یہ شان نہیں کہ تمہارے ایمانوں کو ضائع کر دے.... (۲ : ۱۴۳)۔

۱۲۵۵۔ حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ الْفَضْلِ نَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُوْرٍ عَنْ يَحْيَى ابْنِ الْحَارِثِ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ مَنْ أَحَبَّ لِلّٰهِ وَأَبْغَضَ لِلّٰهِ وَأَعْطٰى لِلّٰهِ وَمَنَعَ لِلّٰهِ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ الْإِيْمَانَ۔

مؤمل بن الفضل، محمد بن شعیب بن شابور، یحییٰ بن حارث قاسم، حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جو اللہ کے لیے محبت کرے، اللہ کے لیے عداوت رکھے، اللہ کے لیے دے اور اللہ کے لیے دینے سے ہاتھ روکے، اُس نے اپنے ایمان کو مکمل کر لیا۔

۱۲۵۶۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ نَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ بَكْرِ بْنِ مُضَرَ عَنِ ابْنِ الْهَادِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا رَأَيْتُ مِنْ نَاقِصَاتِ عَقْلٍ وَلَا دِيْنٍ أَغْلَبَ لِذِيْ لُبٍّ مِنْكُنَّ قَالَتْ وَمَا نُقْصَانُ الْعَقْلِ وَ

عبد اللہ بن دینار نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ میں نے عقل و دین میں ناقص اور سمجھدار کو بھی بے سمجھ بنا دینے والا تم (عورتوں) سے بڑھ کر کسی کو نہیں دیکھا۔ عورتیں عرض گزار ہوئیں کہ ہمارے عقل و دین کی کمی کیا ہے؟ فرمایا کہ تمہاری عقل کی کمی کا ثبوت تو یہ ہے کہ دو عورتوں کی شہادت ایک

الدِّيْنِ قَالَ اَمَّا نُقْصَانُ الْعَقْلِ فَشَهَادَةُ امْرَاَتَيْنِ بِشَهَادَةِ رَجُلٍ وَاَمَّا نُقْصَانُ الدِّيْنِ فَاِنَّ اِحْدٰىكُنَّ تُفْطِرُ رَمَضَانَ وَتُقِيْمُ اَيَّامًا لَا تُصَلِّيْ۔

مرد کے برابر ہے اور تمہارے دین میں کمی یہ ہے کہ تم میں سے بعض کو رمضان کے روزے چھوڑنے پڑتے ہیں اور کئی روز بغیر نماز کے رہنا ہوتا ہے۔

باب ۴۰۳ الدَّلِيْلُ عَلَى الزِّيَادَةِ وَالنُّقْصَانِ۔

ایمان کے زیادہ اور کم ہونے کی دلیل

۱۲۵۷۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا يَحْيَى ابْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْمَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ اِيْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا۔

احمد بن حنبل، یحییٰ بن سعید، محمد بن عمرو، ابوسلمہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:- ان ایمان والوں کا ایمان کامل ہے جن کا اخلاق اچھا ہے۔

۱۲۵۸۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ ح وَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ بَشَّارٍ نَا سُفْيَانُ الْمَعْنٰى قَالَا نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَسَمَ بَيْنَ النَّاسِ قَسْمًا فَقُلْتُ اَعْطِ فُلَانًا فَاِنَّهُ مُؤْمِنٌ قَالَ اَوْ مُسْلِمٌ اِنِّيْ لَاُعْطِي الرَّجُلَ الْعَطَاءَ وَغَيْرُهُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْهُ مَخَافَةَ اَنْ يُكَبَّ عَلٰى وَجْهِهٖ۔

احمد بن حنبل، عبدالرزاق ـــ ابراہیم بن بشار، سفیان معمر، زہری، عامر بن سعد نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک دفعہ کچھ مال تقسیم فرمایا۔ میں عرض گزار ہوا کہ فلاں کو بھی دیجیے کہ وہ مومن ہے یا مسلم کہا۔ فرمایا کہ میں جس شخص کو مال دیتا ہوں تو وہ مجھے دوسروں سے زیادہ پیارا نہیں ہوتا بلکہ اس ڈر سے دیتا ہوں کہ وہ جہنم میں اوندھے منہ نہ گر جائے۔

۱۲۵۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ ثَوْرٍ عَنْ مَعْمَرٍ قَالَ وَاَخْبَرَنِي الزُّهْرِيُّ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ اَعْطَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِجَالًا وَلَمْ يُعْطِ رَجُلًا مِنْهُمْ شَيْئًا فَقَالَ سَعْدٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَعْطَيْتَ فُلَانًا وَفُلَانًا وَلَمْ تُعْطِ فُلَانًا شَيْئًا وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ مُسْلِمٌ حَتّٰى اَعَادَهَا سَعْدٌ ثَلَاثًا وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَوْ مُسْلِمٌ ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ اُعْطِيْ رِجَالًا وَاَدَعُ مَنْ هُوَ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْهُمْ لَا اُعْطِيْهِ شَيْئًا مَخَافَةَ اَنْ يُكَبُّوْا فِي النَّارِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ۔

عامر بن سعد سے روایت ہے کہ ان کے والد ماجد حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:- نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کچھ آدمیوں کو مال دیا اور ان میں سے ایک آدمی کو کچھ بھی عطا نہ فرمایا۔ حضرت سعد عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! آپ نے فلاں اور فلاں کو مال عطا فرمایا اور فلاں کو کچھ بھی نہیں دیا حالانکہ وہ بھی صاحب ایمان ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا یا مسلمان ہے۔ یہاں تک کہ حضرت سعد نے تین دفعہ مطالبہ کیا اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے رہے یا مسلم ہے۔ پھر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:- میں کچھ لوگوں کو مال دیتا ہوں اور بعض کو چھوڑ دیتا ہوں جو مجھے ان میں زیادہ پیارے ہوتے ہیں۔ میں انہیں مال نہیں دیتا مگر اس ڈر سے کہ کہیں اوندھے منہ جہنم میں نہ گر جائیں۔

۱۲۶۰- حدثنا محمد بن عبيد نا ابن ثور عن معمر قال وقال الزهري قُل لم تؤمنوا ولكن قولوا اسلمنا قال نرى ان الاسلام الكلمة والايمان العمل۔

معمر نے زہری سے روایت کی ہے۔ فرما دو کہ تم ایمان نہیں لائے بلکہ یوں کہو کہ ہم مسلمان ہو گئے ہیں (۴۹/۱۴) فرمایا: تم دیکھتے ہو کہ اسلام زبان سے کہنا ہے اور ایمان عمل کرنا ہے۔

۱۲۶۱- حدثنا ابو الوليد الطيالسي نا شعبة قال واقد بن عبد الله اخبرني عن ابيه انه سمع ابن عمر يحدث عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال لا ترجعوا بعدي كفارا يضرب بعضكم رقاب بعض۔

واقد بن عبد اللہ کے والد ماجد نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: میرے بعد کفر کی طرف نہ لوٹ جانا کہ ایک دوسرے کی گردن مارنے لگ جاؤ (یعنی مسلمانوں کو قتل کرنے لگو)۔

۱۲۶۲- حدثنا عثمان بن ابي شيبة نا جرير عن فضيل بن غزوان عن نافع عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ايما رجل مسلم اكفر رجلا مسلما فان كان كافرا والا كان هو الكافر۔

عثمان بن ابو شیبہ، جریر، فضیل بن غزوان، نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: جو مسلمان کسی مسلمان کو کافر کہے تو اگر وہ کافر ہے تو فبہا ورنہ یہ (کافر کہنے والا) کافر ہو جائے گا۔

۱۲۶۳- حدثنا ابو بكر بن ابي شيبة نا عبد الله بن نمير نا الاعمش عن عبد الله بن مرة عن مسروق عن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اربع من كن فيه فهو منافق خالص ومن كانت فيه خلة منهن كانت فيه خلة من نفاق حتى يدعها اذا حدث كذب واذا وعد اخلف واذا عاهد غدر واذا خاصم فجر۔

مسروق نے حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چار باتیں ایسی ہیں کہ جس شخص میں وہ موجود ہوں تو وہ خالص منافق ہے۔ جس کے اندر ان میں سے ایک خصلت ہوئی تو اس میں نفاق کا ایک حصہ موجود ہے یہاں تک کہ اسے چھوڑ دے۔ وہ خصلتیں یہ ہیں: جب بات کرے تو جھوٹ بولے، جب وعدہ کرے تو خلاف ورزی کرے، جب معاہدہ کرے تو توڑ دے اور جب جھگڑے تو بد زبانی کرے۔

۱۲۶۴- حدثنا ابو صالح الانطاكي نا ابو اسحق الفزاري عن الاعمش عن ابي صالح عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يزني الزاني حين يزني وهو مؤمن ولا يسرق حين يسرق وهو مؤمن ولا يشرب الخمر حين يشربها وهو مؤمن والتوبة معروضة بعد۔

ابو صالح انطاکی، ابو اسحاق فزاری، اعمش، ابو صالح نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: زنا کرتے وقت زانی مومن نہیں ہوتا اور چوری کرتے وقت چور مومن نہیں ہوتا اور شراب پیتے وقت شرابی مومن نہیں ہوتا اور ان کے بعد توبہ ان کے سامنے موجود ہے۔

۱۲۶۵ - حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ سُوَيْدٍ الرَّمْلِيُّ نَا ابْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ اَنَا نَافِعٌ يَعْنِي ابْنَ يَزِيْدَ حَدَّثَنِي ابْنُ الْهَادِ اَنَّ سَعِيْدَ بْنَ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيَّ حَدَّثَهٗ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا زَنَا الرَّجُلُ خَرَجَ مِنْهُ الْاِيْمَانُ كَانَ عَلَيْهِ كَالظُّلَّةِ فَاِذَا انْقَلَعَ رَجَعَ اِلَيْهِ الْاِيْمَانُ۔

اسحاق بن سُوَید رملی، ابن ابی مریم، نافع بن یزید، ابن الہاد، سعید بن ابو سعید مقبری نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جب آدمی زنا کرتا ہے تو ایمان اُس سے نکل کر اُس کے اوپر ابر کے ٹکڑے کی طرح سایہ فگن ہو جاتا ہے۔ جب وہ فارغ ہوتا ہے تو ایمان اُس کی طرف لوٹ آتا ہے۔

پارہ ۔۔۔۔ ۳۰

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

بَابٌ فِی الْقَدَرِ — تقدیر کا بیان

۱۲۶۶۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ حَدَّثَنِي بِمِنًى عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْقَدَرِيَّةُ مَجُوسُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ إِنْ مَرِضُوا فَلَا تَعُودُوهُمْ وَإِنْ مَاتُوا فَلَا تَشْهَدُوهُمْ۔

عبدالعزیز بن ابو حازم کے والد ماجد نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ فرمایا کرتے، قدریہ اس امت کے مجوس ہیں اگر بیمار پڑیں تو ان کی عیادت نہ کرنا اور اگر مر جائیں تو ان کے جنازے میں شامل نہ ہونا

۱۲۶۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عُمَرَ مَوْلَى غُفْرَةَ عَنْ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِكُلِّ أُمَّةٍ مَجُوسٌ وَمَجُوسُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ الَّذِينَ يَقُولُونَ لَا قَدَرَ مَنْ مَاتَ مِنْهُمْ فَلَا تَشْهَدُوا جَنَازَتَهُ وَمَنْ مَرِضَ مِنْهُمْ فَلَا تَعُودُوهُمْ وَهُمْ شِيعَةُ الدَّجَّالِ وَحَقٌّ عَلَى اللّٰهِ أَنْ يُلْحِقَهُمْ بِالدَّجَّالِ۔

انصار کے ایک شخص نے حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر امت میں مجوسی ہوتے تھے اور اس امت کے مجوسی وہ لوگ ہوں گے جو کہیں گے کہ تقدیر کوئی چیز نہیں۔ ان میں سے کوئی مر جائے تو اس کے جنازے میں شریک نہ ہونا اور جو ان میں سے بیمار پڑے اس کی عیادت نہ کرنا، وہ دجال کے ساتھی ہیں اور اللہ تعالیٰ پر یہ حق ہے کہ انہیں دجال کے ساتھ ملا دے۔

ف۔ ان دونوں حدیثوں سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منکرین تقدیر کو اس اُمت کے مجوسیوں میں شمار کیا ہے اور انہیں دجال کا گروہ بتایا ہے۔ انہیں دجال کا ساتھی بتانے سے یہ بات بھی معلوم ہوئی کہ ہر فرقہ ساز بہت بڑا دھوکے باز یعنی دجال ہے۔ اور وہ لوگ بھی تو ایسے فرقہ بنانے والے کے ہمنوا، عقیدت مند اور ساتھی تھے۔ جیسے آج بھی موجودہ فرقے والوں کو اپنے سرغنوں سے عقیدت ہے اور سمجھتے ہیں کہ اسلام کو اگر صحیح معنوں میں کسی نے سمجھا تو بس وہ ہمارے ہی فلاں مقتدا نے سمجھا ہے، اسی طرح سابقہ فرقوں والے سمجھتے ہوں گے۔ لہٰذا انہیں دجال کے ساتھی کہا گیا۔ ساتھ ہی یہ بھی معلوم ہوا کہ امام ابو داؤد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک فرقہ والے بدعتی گمراہ اور طریقۂ رسول کے خلاف ہیں۔ اسی لیے تو انہوں نے بعض فرقوں کا کتب السنۃ میں ذکر کیا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

۱۲۶۸۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ أَنَّ يَزِيدَ بْنَ زُرَيْعٍ وَيَحْيَى بْنَ سَعِيدٍ حَدَّثَاهُمْ قَالَا نَا عَوْفٌ نَا قَسَامَةُ بْنُ زُهَيْرٍ نَا أَبُو مُوسَى الْأَشْعَرِيُّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ

قسامہ بن زہیر نے حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ نے ساری زمین کی ایک مشت خاک سے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا۔ پس اولادِ آدم اپنی اپنی مٹی کے مطابق سفید، سرخ اور

خَلَقَ آدَمَ مِنْ قَبْضَةٍ قَبَضَهَا مِنْ جَمِيعِ الْأَرْضِ فَجَاءَ بَنُو آدَمَ عَلَى قَدْرِ الْأَرْضِ جَاءَ مِنْهُمُ الْأَبْيَضُ وَالْأَحْمَرُ وَالْأَسْوَدُ بَيْنَ ذَلِكَ وَالسَّهْلُ وَالْحَزْنُ وَالْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ زَادَ فِي حَدِيثِ يَحْيَى وَبَيْنَ ذَلِكَ وَالْإِخْبَارُ فِي حَدِيثِ يَزِيدَ۔

سیاہ ہوتے ہیں نیز کوئی نرم کوئی سخت، کوئی ناپاک اور کوئی پاک ہوتا ہے بَیْنَ ذٰلِکَ کا لفظ حدیث یحییٰ کا ہے اور یہ حدیث یزید بن زریع کے لفظوں میں پیش کی گئی ہے۔

۱۲۶۹۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ نَا الْمُعْتَمِرُ قَالَ سَمِعْتُ مَنْصُورَ بْنَ الْمُعْتَمِرِ يُحَدِّثُ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ حَبِيبٍ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ كُنَّا فِي جَنَازَةٍ فِيهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَقِيعِ الْغَرْقَدِ فَجَاءَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَلَسَ وَمَعَهُ مِخْصَرَةٌ فَجَعَلَ يَنْكُتُ بِالْمِخْصَرَةِ فِي الْأَرْضِ ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ فَقَالَ مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ مَا مِنْ نَفْسٍ مَنْفُوسَةٍ إِلَّا قَدْ كُتِبَ مَكَانُهَا مِنَ النَّارِ أَوْ مِنَ الْجَنَّةِ إِلَّا قَدْ كُتِبَتْ شَقِيَّةً أَوْ سَعِيدَةً قَالَ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ يَا نَبِيَّ اللَّهِ أَفَلَا نَمْكُثُ عَلَى كِتَابِنَا وَنَدَعُ الْعَمَلَ فَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ السَّعَادَةِ لَيَكُونَنَّ إِلَى السَّعَادَةِ وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الشَّقَاوَةِ لَيَكُونَنَّ مِنْ أَهْلِ الشَّقَاوَةِ فَقَالَ اعْمَلُوا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ أَمَّا أَهْلُ السَّعَادَةِ فَيُيَسَّرُونَ لِلسَّعَادَةِ وَأَمَّا أَهْلُ الشَّقَاوَةِ فَيُيَسَّرُونَ لِلشَّقَاوَةِ ثُمَّ قَالَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَّا مَنْ أَعْطَى وَاتَّقَى وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَى فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرَى وَأَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنَى وَكَذَّبَ بِالْحُسْنَى فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْعُسْرَى۔

عبداللہ بن حبیب ابوعبدالرحمان سلمی کا بیان ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ ہم بقیع غرقد کے اندر ایک جنازے میں شامل تھے جس میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی تھے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف فرما ہوکر بیٹھ گئے اور آپ کے پاس ایک چھڑی تھی۔ آپ نے چھڑی زمین پر ماری اور پھر سر مبارک اٹھا کر فرمایا۔ تم میں سے کوئی ایک فرد یا کوئی ایک سانس لینے والا نہیں مگر اس کا دوزخ یا جنت میں ٹھکانا لکھ دیا گیا ہے اور یہ بھی لکھ دیا گیا ہے کہ وہ نیک بخت ہوگا۔ لوگوں میں سے ایک عرض گزار ہوا کہ اے نبی اللہ! دریں حالات کیا ہم لکھے ہوئے پر بھروسہ نہ کریں اور عمل نہ چھوڑ دیں، کیونکہ جو نیک بخت ہے وہ نیک بختی کی طرف چلا ہی جائے گا اور جو بد بخت ہے وہ بد بختی کی طرف جا کر رہے گا؟ آپ نے فرمایا کہ عمل کیے جاؤ کیونکہ ہر ایک کو توفیق دی جاتی ہے۔ جو نیک بخت ہے اس کے لیے نیک بختی کا راستہ آسان کر دیا جاتا ہے۔ پھر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ آیتیں تلاوت فرمائیں: "تو وہ جس نے مال دیا اور پرہیزگاری کی اور سب سے اچھی بات کو سچ مانا۔ بہت جلد ہم اُسے آسانی مہیا کر دیں گے۔ اور وہ جس نے بخل کیا اور بے پروا بنا اور سب سے اچھی کو جھٹلایا تو بہت جلد ہم اُسے دشواری مہیا کر دیں گے۔" (۹۲/۵ تا ۱۰)

ف: بندوں نے جو کچھ دنیا میں کرنا تھا پروردگارِ عالم نے اُسے اپنے علم سے دیکھ کر لوحِ محفوظ میں لکھ دیا ہے، بندے اپنے طور پر عمل کر رہے ہیں، لیکن جو انہوں نے کرنا تھا وہ خدائے علیم و خبیر کے علم میں اُن کے کرنے سے پہلے بھی موجود تھا اور وہی لکھ بھی دیا گیا تھا، اسی کو تقدیر کہتے ہیں۔ اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ جو کچھ خدا نے لکھ دیا ہے وہی بندوں کو کرنا پڑتا ہے بلکہ جو بندوں نے کرنا تھا وہ خدا نے اپنے علم سے

دیکھ کر قبل از وقوع لکھ دیا تھا اور اُسی کے مطابق وقوع پذیر ہوتا ہے۔ اس مسئلے میں بس اتنا اجمالی عقیدہ ہی کافی ہے زیادہ کرید نے میں گمراہ ہونے کا خطرہ ہے۔ اس لیے اس مسئلے میں زیادہ کرید نے سے منع فرمایا گیا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

۱۲۷۰۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ نَا أَبِي نَا كَهْمَسٌ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ قَالَ كَانَ أَوَّلُ مَنْ تَكَلَّمَ بِالْقَدَرِ بِالْبَصْرَةِ مَعْبَدٌ الْجُهَنِيُّ فَانْطَلَقْتُ أَنَا وَحُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحِمْيَرِيُّ حَاجَّيْنِ أَوْ مُعْتَمِرَيْنِ فَقُلْنَا لَوْ لَقِيْنَا أَحَدًا مِنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلْنَاهُ عَمَّا يَقُوْلُ هٰؤُلَاءِ فِي الْقَدَرِ فَوَفَّقَ اللّٰهُ تَعَالٰى لَنَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ دَاخِلًا فِي الْمَسْجِدِ فَاكْتَنَفْتُهُ أَنَا وَصَاحِبِي فَظَنَنْتُ أَنَّ صَاحِبِي سَيَكِلُ الْكَلَامَ إِلَيَّ فَقُلْتُ أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ إِنَّهُ قَدْ ظَهَرَ قِبَلَنَا نَاسٌ يَقْرَءُوْنَ الْقُرْاٰنَ وَيَتَقَفَّرُوْنَ الْعِلْمَ يَزْعُمُوْنَ أَنْ لَا قَدَرَ وَالْأَمْرُ أُنُفٌ فَقَالَ إِذَا لَقِيْتَ أُولٰئِكَ فَأَخْبِرْهُمْ أَنِّي بَرِيْءٌ مِنْهُمْ وَهُمْ بُرَآءُ مِنِّي وَالَّذِي يَحْلِفُ بِهِ عَبْدُ اللّٰهِ لَوْ أَنَّ لِأَحَدِهِمْ ذَهَبًا مِثْلَ أُحُدٍ فَأَنْفَقَهُ مَا قَبِلَهُ اللّٰهُ مِنْهُ حَتّٰى يُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ ثُمَّ قَالَ حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ بَيْنَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ طَلَعَ عَلَيْنَا رَجُلٌ شَدِيْدُ بَيَاضِ الثِّيَابِ شَدِيْدُ سَوَادِ الشَّعْرِ لَا يُرٰى عَلَيْهِ أَثَرُ السَّفَرِ وَلَا نَعْرِفُهُ حَتّٰى جَلَسَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَسْنَدَ رُكْبَتَيْهِ إِلٰى رُكْبَتَيْهِ وَوَضَعَ كَفَّيْهِ عَلٰى فَخِذَيْهِ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ أَخْبِرْنِي عَنِ الْإِسْلَامِ أَنْ تَشْهَدَ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتُقِيْمَ الصَّلٰوةَ وَتُؤْتِيَ الزَّكٰوةَ وَتَصُوْمَ

یحییٰ بن یعمر کا بیان ہے کہ سب سے پہلے جس نے تقدیر کے مسئلے میں گفتگو کی وہ بصرہ کا معبد جہنی تھا۔ پس میں اور حمید بن عبدالرحمان حمیری حج یا عمرہ کے ارادے سے نکلے۔ ہم نے کہا کہ اگر ہمیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے کوئی صاحب ملے تو ان سے دریافت کریں گے جو یہ قدریہ تقدیر کے بارے میں کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے ہمیں حضرت عبداللہ بن عمر مسجد میں داخل ہوتے ہوئے مل گئے۔ پس میں نے اور میرے ایک ساتھی نے اُن کا راستہ روک لیا یہ سمجھ کر کہ میرا ساتھی مجھے کلام کرنے دے گا، عرض گزار ہوا:۔ اے ابو عبدالرحمان! ہمارے سامنے کچھ ایسے لوگ ظاہر ہوتے ہیں۔ جو قرآن مجید پڑھتے ہیں، اور علمی باریکیاں نکالتے ہیں، اُن کا خیال ہے کہ تقدیر کوئی چیز نہیں اور سب کچھ خود بخود ہوتا ہے۔ فرمایا کہ جب تم اُن سے ملو تو انہیں بتا دینا کہ میں خود اُن سے بیزار ہوں اور وہ مجھ سے لاتعلق ہیں۔ قسم ہے اس ذات کی جس کی عبداللہ قسم یاد کیا کرتا ہے۔ اگر اُن میں سے کسی کے پاس اُحد پہاڑ کے برابر سونا ہو جسے راہِ خدا میں خرچ کر دے تو اللہ تعالیٰ اُسے قبول نہیں فرمائے گا، جب تک تقدیر پر ایمان نہ لائے۔ پھر فرمایا کہ مجھ سے حدیث بیان کرتے ہوئے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے کہ ہمیں ایک شخص نظر آیا جس کے کپڑے خوب سفید اور بال بڑے کالے تھے۔ اس پر سفر کے آثار بھی نہیں تھے اور ہم میں سے کوئی اُسے جانتا نہیں تھا۔ یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے آکر بیٹھ گیا اور اپنے گھٹنے آپ کے گھٹنوں سے ملا دیئے اور اپنے دونوں ہاتھ اپنی رانوں پر رکھ کر عرض گزار ہوا:۔ اے محمد! مجھے اسلام کے متعلق بتایئے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اسلام یہ ہے کہ تم گواہی دو کہ نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ اور بیشک اللہ محمد مصطفےٰ اللہ کے رسول ہیں اور تم نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دو اور رمضان کے روزے رکھو اور اگر تم میں جانے کی طاقت ہو تو بیت اللہ کا حج کرو۔ اُس نے کہا۔ آپ نے سچ فرمایا۔

رَمَضَانَ وَتَحُجَّ الْبَيْتَ إِنِ اسْتَطَعْتَ إِلَيْهِ سَبِيلًا قَالَ صَدَقْتَ قَالَ فَعَجِبْنَا لَهُ يَسْأَلُهُ وَيُصَدِّقُهُ قَالَ فَأَخْبِرْنِي عَنِ الْإِيمَانِ قَالَ أَنْ تُؤْمِنَ بِاللَّهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَتُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ خَيْرِهِ وَشَرِّهِ قَالَ صَدَقْتَ قَالَ فَأَخْبِرْنِي عَنِ الْإِحْسَانِ قَالَ أَنْ تَعْبُدَ اللَّهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ فَإِنْ لَمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَإِنَّهُ يَرَاكَ قَالَ فَأَخْبِرْنِي عَنِ السَّاعَةِ قَالَ مَا الْمَسْئُولُ عَنْهَا بِأَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ قَالَ فَأَخْبِرْنِي عَنْ أَمَارَاتِهَا قَالَ أَنْ تَلِدَ الْأَمَةُ رَبَّتَهَا وَأَنْ تَرَى الْحُفَاةَ الْعُرَاةَ الْعَالَةَ رِعَاءَ الشَّاءِ يَتَطَاوَلُونَ فِي الْبُنْيَانِ قَالَ ثُمَّ انْطَلَقَ فَلَبِثْتُ ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ يَا عُمَرُ هَلْ تَدْرِي مَنِ السَّائِلُ قُلْتُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ قَالَ فَإِنَّهُ جِبْرِيلُ أَتَاكُمْ يُعَلِّمُكُمْ دِينَكُمْ۔

۱۲۷۱۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنْ عُثْمَانَ ابْنِ غِيَاثٍ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بُرَيْدَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ وَحُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَا لَقِينَا عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ فَذَكَرْنَا لَهُ الْقَدَرَ وَمَا يَقُولُونَ فِيهِ فَذَكَرَ نَحْوَهُ زَادَ قَالَ وَسَأَلَهُ رَجُلٌ مِنْ مُزَيْنَةَ أَوْ جُهَيْنَةَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ فِيمَا نَعْمَلُ أَفِي شَيْءٍ قَدْ خَلَا وَمَضَى أَوْ فِي شَيْءٍ يُسْتَأْنَفُ الْآنَ قَالَ فِي شَيْءٍ قَدْ خَلَا وَمَضَى فَقَالَ الرَّجُلُ أَوْ بَعْضُ الْقَوْمِ فَفِيمَ الْعَمَلُ قَالَ إِنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ مُيَسَّرُونَ لِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَإِنَّ أَهْلَ النَّارِ مُيَسَّرُونَ لِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ۔

حضرت عمرؓ کا بیان ہے کہ ہم اس بات پر حیران ہوئے کہ خود پوچھ رہا ہے اور خود تصدیق کر رہا ہے عرض گزار ہوا کہ مجھے اسلام کے متعلق بتایئے فرمایا کہ تم ایمان لاؤ اللہ کو اور اسکے فرشتوں کو اور اس کی کتابوں کو اور اسکے رسولوں کو اور آخری دن کو اور اچھی بُری تقدیر کو اس نے کہا، آپ نے سچ فرمایا۔ اُس نے کہا کہ مجھے احسان کے متعلق بتایئے۔ فرمایا کہ تم اللہ کی اس طرح عبادت کرو کہ گویا تم اُسے دیکھ رہے ہو اور اگر تم اُسے نہیں دیکھتے تو وہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔ عرض گزار ہوا کہ مجھے قیامت کے متعلق بتایئے فرمایا کہ جس سے پوچھا گیا ہے وہ اس کے متعلق پوچھنے والے سے زیادہ نہیں جانتا عرض گزار ہوا کہ مجھے اسکی نشانیاں بتا دیجئے فرمایا کہ لونڈی اپنی مالکہ کو جنے گی اور تم ننگے بدن والے غریبوں، بکریاں چرانے والوں کو دیکھو گے کہ عالی شان مکانات میں رہیں گے پھر وہ چلا گیا تو میں تین ساعت رہا پھر آپ نے فرمایا کیا تم سائل کے متعلق جانتے ہو؟ میں عرض گزار ہوا کہ اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں۔ فرمایا کہ وہ حضرت جبرئیل تھے جو تمہیں تمہارا دین سکھانے آئے تھے۔

یحیٰی بن یعمر اور حمید بن عبد الرحمان کا بیان ہے کہ ہم حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ملے تو ہم نے اُن سے تقدیر کا ذکر کیا اور جو کچھ لوگ اُس کے متعلق کہتے ہیں۔ پس اُنہوں نے اُسی طرح حدیث بیان کی اور اس میں یہ بھی فرمایا:۔ مزینہ یا جہینہ کا ایک آدمی عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! ہم کس لیے عمل کریں؟ کیا یہ سمجھ کر کہ سب کچھ تقدیر میں ہے یا یہ سمجھ کر کہ خود بخود ہو جاتا ہے؟ فرمایا کہ سب کچھ تقدیر سے ہے وہ یا لوگوں میں سے کوئی اور شخص عرض گزار ہوا کہ دریں حالات ہم عمل کس لیے کریں؟ فرمایا کہ جنّتیوں کے لیے اہلِ جنّت والے عمل آسان کر دیئے جاتے ہیں اور دوزخیوں کے لیے اہلِ جہنّم والے آسان کر دیئے جاتے ہیں۔

ف - یہ سمجھنا کہ جب تقدیر لکھی جا چکی اور ہمارا جو انجام ہونا ہے تو اب عمل کرنے کی کیا ضرورت ہے کیونکہ جنت یا دوزخ جس میں جانا ہے آخر کار اُسی میں جائیں گے خواہ عمل کچھ بھی ہوں۔ اس خیال سے صحابہ کرام کو منع فرما دیا گیا تھا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہی ارشاد فرمایا کہ عمل نیک کیے جاؤ اور خدا سے جنت مانگتے رہو باقی جس کا جو ٹھکانا ہے وہی راستہ اُس کے لیے آسان ہوتا چلا جاتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۲۷۲- حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ خَالِدٍ نَا الْفِرْيَابِيُّ عَنْ سُفْيَانَ قَالَ نَا عَلْقَمَةُ بْنُ مَرْثَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنِ ابْنِ يَعْمَرَ بِهَذَا الْحَدِيثِ يَزِيدُ وَيَنْقُصُ قَالَ فَمَا الْإِسْلَامُ قَالَ إِقَامُ الصَّلَوٰةِ وَإِيتَاءُ الزَّكَوٰةِ وَحَجُّ الْبَيْتِ وَصَوْمُ شَهْرِ رَمَضَانَ وَالْاِغْتِسَالُ مِنَ الْجَنَابَةِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ عَلْقَمَةُ مُرْجِيٌّ۔

محمود بن خالد، فریابی، سفیان، علقمہ بن مرثد، سلیمان بن بریدہ نے ابن یعمر سے اسی حدیث کو کمی بیشی کے ساتھ روایت کرتے ہوئے کہا، نماز قائم کرنا، زکوٰۃ دینا، بیت اللہ کا حج کرنا، ماہِ رمضان کے روزے رکھنا اور غسلِ جنابت کرنا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اس اسناد میں علقمہ بن مرثد مرجیہ ہے۔

۱۲۷۳- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا جَرِيرٌ عَنْ أَبِي فَرْوَةَ الْهَمْدَانِيِّ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو ابْنِ جَرِيرٍ عَنْ أَبِي ذَرٍّ وَأَبِي هُرَيْرَةَ قَالَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْلِسُ بَيْنَ ظَهْرَيْ أَصْحَابِهِ فَيَجِيءُ الْغَرِيبُ فَلَا يَدْرِي أَيُّهُمْ هُوَ حَتَّى يَسْأَلَ فَطَلَبْنَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَجْعَلَ لَهُ مَجْلِسًا يَعْرِفُهُ الْغَرِيبُ إِذَا أَتَاهُ قَالَ فَبَنَيْنَا لَهُ دُكَّانًا مِنْ طِينٍ فَجَلَسَ عَلَيْهِ وَكُنَّا نَجْلِسُ بِجَنْبَتَيْهِ وَذَكَرَ نَحْوَ هٰذَا الْخَبَرِ فَأَقْبَلَ رَجُلٌ فَذَكَرَ هَيْئَتَهُ حَتَّى سَلَّمَ مِنْ طَرَفِ السِّمَاطِ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ قَالَ فَرَدَّ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

ابوزرعہ بن عمرو بن جریر سے روایت ہے کہ حضرت ابوذر اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے اصحاب کے درمیان بیٹھا کرتے تو نیا شخص جو آتا وہ پہچان نہ سکتا یہاں تک کہ پوچھتا۔ پس ہم نے اس ضرورت کو محسوس کیا کہ ہم آپ کے جلوہ افروز ہونے کے لیے ایسی جگہ بنا دیں کہ انجان بھی آتے ہی پہچان لے۔ پس ہم نے آپ کے لیے مٹی کا چبوترہ بنا دیا تو آپ اُس پر رونق افروز ہوتے اور ہم آپ کے اردگرد بیٹھ جاتے۔ اور مذکورہ حدیث کی طرح بیان کرتے ہوئے کہا کہ ایک شخص آیا جس کی انہوں نے شکل و صورت بیان کی اور اس نے مجلس کے ایک جانب سے سلام کیا اور کہا کہ اے محمد! آپ پر سلام ہو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس کے سلام کا جواب دیا۔ پھر باقی حدیث بیان کی۔

۱۲۷۴- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ نَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي سِنَانٍ عَنْ وَهْبِ بْنِ خَالِدٍ الْحِمْصِيِّ عَنِ ابْنِ الدَّيْلَمِيِّ قَالَ أَتَيْتُ أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ فَقُلْتُ لَهُ وَقَعَ فِي نَفْسِي شَيْءٌ مِنَ الْقَدَرِ فَحَدِّثْنِي بِشَيْءٍ لَعَلَّ اللّٰهَ تَعَالَى أَنْ يُذْهِبَهُ مِنْ قَلْبِي فَقَالَ لَوْ أَنَّ اللّٰهَ تَعَالَى عَذَّبَ أَهْلَ سَمٰوَاتِهِ وَأَهْلَ أَرْضِهِ عَذَّبَهُمْ وَهُوَ غَيْرُ ظَالِمٍ لَهُمْ وَلَوْ رَحِمَهُمْ كَانَتْ رَحْمَتُهُ خَيْرًا لَهُمْ مِنْ أَعْمَالِهِمْ وَلَوْ أَنْفَقْتَ مِثْلَ أُحُدٍ ذَهَبًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

ابن الدیلمی کا بیان ہے کہ میں حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ میرے دل میں تقدیر کے متعلق شبہ واقع ہو گیا ہے تو مجھ سے کچھ فرمایئے کہ شاید اللہ تعالیٰ اُسے میرے دل سے دور فرما دے۔ فرمایا کہ اگر اللہ تعالیٰ تمام آسمان والوں اور زمین والوں کو عذاب دے تو اُس نے اُن پر کوئی ظلم نہیں کیا اور اگر اُن پر رحم فرمائے تو وہ ان کے لیے ان کے اعمال سے بہتر ہے اور اگر تم اُحد پہاڑ کے برابر اللہ کی راہ میں سونا خرچ کرو تو اللہ تعالیٰ اُسے قبول نہیں فرمائے گا جب تم تقدیر پر ایمان نہیں لاؤ گے اور یہ نہ جان لو کہ جو کچھ تمہیں ملا وہ رکنے والا نہ تھا اور جو نہیں ملا وہ ملنے والا نہ تھا اور

تعالیٰ ما قبلہ اللہ تعالیٰ منک حتی تؤمن بالقدر وتعلم ان ما اصابک لم یکن لیخطئک وان ما اخطاک لم یکن لیصیبک ولو مت علی غیر ھذا لدخلت النار قال ثم اتیت عبد اللہ ابن مسعود فقال مثل ذلک قال ثم اتیت حذیفۃ بن الیمان فقال مثل ذلک قال ثم اتیت زید بن ثابت فحدثنی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مثل ذلک۔

اگر اس کے سوا عقیدے پر تم مر گئے تو جہنم میں داخل ہو گے۔ راوی کا بیان ہے کہ پھر میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے بھی اسی طرح فرمایا۔ پھر میں حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے بھی یہی فرمایا پھر میں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے مجھ سے اسی طرح نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حدیث بیان کی۔

۱۲۷۵۔ حدثنا جعفر بن مسافر الھذلی نا یحیی بن حسان نا الولید بن رباح عن ابراھیم ابن ابی عبلۃ عن ابی حفصۃ قال قال عبادۃ ابن الصامت لابنہ یا بنی انک لن تجد طعم حقیقۃ الایمان حتی تعلم ان ما اصابک لم یکن لیخطئک وما اخطاک لم یکن لیصیبک سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول اول ما خلق اللہ تعالیٰ القلم فقال لہ اکتب فقال رب وماذا اکتب قال اکتب مقادیر کل شیء حتی تقوم الساعۃ یا بنی انی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من مات علی غیر ھذا فلیس منی۔

ابو حفصہ سے روایت ہے کہ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے صاحبزادے سے فرمایا۔ اے میرے بیٹے! تم حقیقی ایمان کی حلاوت کبھی نہ پاؤ گے جب تک یہ نہ جان لو کہ جو کچھ تمہیں ملا ہے وہ رُکنے والا نہ تھا اور جو تمہیں نہیں ملا وہ ملنے والا نہ تھا کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے قلم کو پیدا فرمایا اور اس سے فرمایا کہ لکھ، وہ عرض گزار ہوا کہ اے رب! میں کیا لکھوں؟ فرمایا کہ قیامت تک جو چیزیں ہوں گی سب کی تقدیریں لکھ دے۔ اے میرے بیٹے! میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو اس کے سوا عقیدے پر مرا تو اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں۔

۱۲۷۶۔ حدثنا مسدد نا سفیان ح ونا احمد بن صالح المعنی قال نا سفیان بن عیینۃ عن عمرو بن دینار سمع طاؤسا یقول سمعت ابا ھریرۃ یخبر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال احتج ادم وموسی فقال موسی یا ادم انت ابونا خیبتنا واخرجتنا من الجنۃ فقال ادم انت موسی اصطفاک اللہ بکلامہ وخط لک بیدہ التوراۃ تلومنی علی امر قدرہ علی قبل ان یخلقنی باربعین سنۃ فحج

مسدد، سفیان ــــ احمد بن صالح، سفیان بن عیینہ، عمرو بن دینار، طاؤس نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعاً روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ حضرت آدم اور حضرت موسیٰ کی بحث ہوئی، حضرت موسیٰ نے کہا۔ اے حضرت آدم! آپ ہم سب کے باپ ہیں لیکن آنجناب نے ہمیں محروم کیا اور جنت سے نکلوایا۔ حضرت آدم نے فرمایا۔ اے موسیٰ! اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنے کلام کے لیے چنا اور اپنے دستِ مبارک سے آپ کے لیے توریت لکھی۔ آپ مجھے اس بات پر ملامت کرتے ہیں جو میری پیدائش سے چالیس سال پہلے میرے لیے لکھ دی تھی۔ پس حضرت آدم غالب رہے حضرت موسیٰ

آدَمُ مُوسَى قَالَ أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ عَمْرٍو عَنْ طَاوُسٍ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ ۔

۱۲۷۷۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مُوسَى قَالَ يَا رَبِّ أَرِنَا آدَمَ الَّذِي أَخْرَجَنَا وَنَفْسَهُ مِنَ الْجَنَّةِ فَأَرَاهُ اللهُ آدَمَ فَقَالَ أَنْتَ أَبُونَا آدَمُ فَقَالَ آدَمُ نَعَمْ قَالَ أَنْتَ الَّذِي نَفَخَ اللهُ فِيكَ مِنْ رُوحِهِ وَعَلَّمَكَ الْأَسْمَاءَ كُلَّهَا وَأَمَرَ الْمَلَائِكَةَ فَسَجَدُوا لَكَ فَقَالَ نَعَمْ قَالَ فَمَا حَمَلَكَ عَلَى أَنْ أَخْرَجْتَنَا وَنَفْسَكَ مِنَ الْجَنَّةِ قَالَ لَهُ آدَمُ وَمَنْ أَنْتَ قَالَ أَنَا مُوسَى قَالَ أَنْتَ نَبِيُّ بَنِي إِسْرَائِيلَ الَّذِي كَلَّمَكَ اللهُ مِنْ وَرَاءِ الْحِجَابِ لَمْ يَجْعَلْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ رَسُولًا مِنْ خَلْقِهِ قَالَ نَعَمْ قَالَ أَفَمَا وَجَدْتَ أَنَّ ذَلِكَ كَانَ فِي كِتَابِ اللهِ قَبْلَ أَنْ أُخْلَقَ قَالَ نَعَمْ قَالَ فِيمَ تَلُومُنِي فِي شَيْءٍ سَبَقَ مِنَ اللهِ تَعَالَى فِيهِ الْقَضَاءُ قَبْلِي قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذَلِكَ فَحَجَّ آدَمُ مُوسَى فَحَجَّ آدَمُ مُوسَى عَلَيْهِمَا السَّلَامُ ۔

پر ــــ احمد بن صالح، عمرو، عمرو بن دینار، طاؤس نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسے سنا ہے۔

زید بن اسلم کے والد ماجد نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: حضرت موسیٰ عرض گزار ہوئے کہ اے رب! ہمیں حضرت آدم دکھائیے جنہوں نے ہمیں اور اپنے آپ کو جنت سے نکالا۔ پس اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم دکھائے تو کہا کہ آپ ہم سب کے باپ حضرت آدم ہیں؟ حضرت آدم نے کہا ہاں۔ کہا کہ آپ وہی ہیں جن میں اللہ تعالیٰ نے اپنی طرف کی روح پھونکی اور آپ کو تمام چیزوں کے نام سکھائے اور فرشتوں کو حکم دیا تو اُنہوں نے آپ کے لیے سجدہ کیا؟ کہا ہاں۔ کہا تو کیا بات ہوئی کہ آپ نے ہمیں اور اپنے آپ کو جنت سے نکالا؟ حضرت آدم نے ان سے کہا کہ آپ کون ہیں؟ کہا کہ میں موسیٰ ہوں۔ کہا کہ آپ بنی اسرائیل کے نبی ہیں جن سے اللہ تعالیٰ نے پردے کے پیچھے سے کلام فرمایا جب کہ آپ کے اور اس کے درمیان مخلوق میں سے کوئی پیغام رساں نہ تھا؟ کہا ہاں۔ کہا کیا آپ نے پایا کہ یہ بات میری پیدائش سے بھی پہلے کی کتاب میں تھی؟ کہا ہاں۔ کہا تو اس بات پر مجھے کیوں ملامت کرتے ہیں، جس کا اللہ تعالیٰ نے مجھ سے پہلے ہی فیصلہ فرما دیا تھا؟ اس سے حضرت آدم حضرت موسیٰ پر غالب رہے۔ حضرت آدم علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام پر غالب رہے۔

ف۔ حضرت آدم علیہ السلام کے جواب کا خلاصہ یہ ہے کہ جب میرا شجرِ ممنوعہ کے درخت سے پھل کھانا علمِ الٰہی میں موجود تھا اور اُسے لوحِ محفوظ میں لکھ بھی دیا تو علمِ الٰہی کے خلاف کس طرح ہو سکتا تھا؟ اس کی حضرت آدم علیہ السلام نے خود حضرت موسیٰ علیہ السلام کے متعلق مثال بیان فرمائی کہ جیسے آپ کے متعلق علمِ الٰہی میں تھا کہ آپ سے پروردگارِ عالم کلام فرمائے گا اور آپ کو توریت دے گا۔ چنانچہ جو آپ کے متعلق علمِ الٰہی میں تھا وہی وقوع پذیر ہوا۔ اسی طرح جو میرے متعلق علمِ الٰہی تھا اُسی کے مطابق وقوع میں آیا۔ اس میں مجھ پر کیا الزام ہے؟ قرآنِ مجید میں پروردگارِ عالم نے بھی اس بات پر حضرت آدم علیہ السلام کو نہیں بلکہ شیطان کو موردِ الزام ٹھہرایا ہے۔ چنانچہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:۔

فَأَزَلَّهُمَا الشَّيْطَانُ عَنْهَا فَأَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيهِ (۲، ۳۶)

تو شیطان نے اُن دونوں کو لغزش دی اور جہاں رہتے تھے وہاں سے اُنہیں الگ کر دیا۔

دوسرے مقام پر خدائے علیم وخبیر نے حضرت آدم علیہ السلام کی صفائی بیان کرتے ہوئے فرمایا۔

وَلَقَدْ عَهِدْنَآ إِلٰٓى اٰدَمَ مِنْ قَبْلُ فَنَسِيَ وَلَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا ۝ (۲۰ : ۱۱۵)
اور بے شک ہم نے آدم کو اس سے پہلے ایک تاکیدی حکم دیا تھا تو وہ بھول گیا اور ہم نے اسکا قصد نہ پایا۔

اس آیت سے صاف واضح ہو رہا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام نے شجرِ ممنوعہ کا پھل بھول چوک کر کھایا تھا جبکہ کھانے کا اُن کا کوئی ارادہ سرے سے تھا ہی نہیں۔ اگر اُن کا ذرا سا ارادہ بھی ہوتا تو وہ علم الٰہی میں ضرور آتا لیکن جب پروردگارِ عالم نے بھی اُن کا یہ ارادہ نہ پایا تو حضرت آدم علیہ السلام کے اوپر کوئی الزام رہا ہی نہیں بلکہ جو کچھ ہوا وہ حکمت ومشیتِ الٰہیہ کے تحت ہوا جس کا راز وہ خود جانے۔ عام محاورے کے طور پر اس آیت کا یہی مفہوم ہر قاری کے ذہن میں آتا ہے۔ یہی مفسرین کرام نے بتایا اور اپنے اسلاف سے نقل کرتے آئے ہیں۔ عام بول چال کا بھی یہی دستور ہے مثلاً کوئی روزہ دار بھول کر پانی پی لے تو کہا جاتا ہے کہ وہ بھول گیا حالانکہ اس کا یہ ارادہ نہ تھا یعنی پانی پینے کا ارادہ نہ تھا۔ یعنی جو کام کیا ہے اُسی کے متعلق عدم ارادہ مراد ہوتا ہے۔ دریں حالات حضرت آدم علیہ السلام جو روزہ دار کی نسبت لاکھوں گنا حکمِ الٰہی کی زیادہ پیروی کرنے والے تھے یقیناً اُن کے متعلق ہر صاحب ایمان یہی کہے گا کہ شجرِ ممنوعہ سے پھل کھانے کا کوئی ارادہ نہ تھا، اور وہ ارادہ کر بھی کیسے سکتے تھے۔ جبکہ منصب نبوت پر سرفراز تھے، سر پہ تاجِ خلافت تھا، علم الاسماء سے

اس کے برعکس جو شیطان کی طرح حضرات انبیائے کرام کی توہین وتنقیص کو اپنا شیوہ بنائے وہ اس آیت کا مفہوم اپنے من بھاتے قالب میں ڈھالے گا۔ جناب ابوالاعلیٰ مودودی صاحب نے بھی ایسے ہی ایک قالب میں آیت کے مفہوم کو ڈھالتے ہوئے لکھا ہے : "جو شخص بھی خالی الذہن ہو کر اس آیت کو پڑھے گا اُس کے ذہن میں پہلا مفہوم یہی آئے گا کہ "ہم نے اُس میں اطاعتِ امر کا عزم یا مضبوط ارادہ نہ پایا" دوسرا مفہوم اس کے ذہن میں اُس وقت تک نہیں آ سکتا جب تک وہ آدم علیہ السلام کی طرف معصیت کی نسبت کو نامناسب سمجھ کر آیت کے کسی اور معنی کی تلاش شروع نہ کر دے" (تفسیر تفہیم القرآن، جلد سوم، ص ۱۳۱) ـــــ ۲ پچھلے صفحے پر مودودی صاحب اسی سلسلے میں یہ بھی لکھ چکے ہیں : "اس کے بجائے اُس کی نافرمانی کا سبب یہ تھا کہ اُس نے ہمارا حکم یاد رکھنے کی کوشش نہ کی (ص ۱۳۰)۔

دیکھو تو دلفریبیٔ اندازِ نقشِ پا
موجِ خرامِ یار بھی کیا گل کتر گئی

صفحہ ۱۳۱ کی عبارت کے مطابق مودودی صاحب کے نزدیک حضرت آدم علیہ السلام کی طرف معصیت کی نسبت کرنا بڑی مناسب بات ہے اسی لیے صفحہ ۱۳۰ پر انہوں نے صاف لکھ دیا کہ حضرت آدم نے خدا کا حکم یاد رکھنے کی کوشش ہی نہیں کی۔ مودودی صاحب تو خیر بڑے اُونچے پائے کے پارسا اور خدا کے سارے احکام کو نہ صرف یاد رکھنے والے بلکہ یاد رکھوانے والے تھے لیکن اس تصریح کے مطابق آدم علیہ السلام تو میدانِ عمل میں جماعتِ اسلامی کے صالحین میں سے کسی ایک فرد کے مقابلے کے بھی نہ نکلے۔ آخر یہ حضرات عمل کریں یا نہ کریں لیکن خدا کے احکام کو یاد تو رکھتے ہیں۔ دریں حالات چاہیے تو یہ تھا کہ ان صالحین میں سے نبوت و خلافت کا تاج ہر ایک کے سر پہ سجایا جاتا اور ہر ایک کے لیے فرشتوں سے سجدہ کروایا جاتا کیونکہ وہ حضرت آدم علیہ السلام سے بہتر ثابت ہو رہے ہیں اگرچہ انہوں نے اپنی زبان سے اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ نہیں کہا۔ اُمید ہے کہ اب مودودی صاحب نے صالحین کو اُن کے حق سے محروم رکھنے کے خدائی فیصلے کے خلاف بارگاہِ خداوندی میں نظرِ ثانی کی اپیل دائر کر دی ہوگی۔

شیطان نے حضرت آدم علیہ السلام کے مقربِ بارگاہِ الٰہیہ ہونے کا انکار نہیں کیا بلکہ ان سے قربِ الٰہی میں اپنی ذات کو بہتر ٹھہرایا، جبکہ مودودی صاحب انہیں مقرب کے بجائے ایسا فاسق ونافرمان ٹھہرایا جس نے خدا کے حکم کو یاد رکھنے کی کوشش ہی نہ کی۔ شیطان کو

خَتَمَهُمْ بِمِثْلِهِ کہنے پر انعام میں لعنت کا طوق ملا لیکن نہیں کہا جا سکتا کہ پرلے درجے کا نافرمان ٹھہرانے کے سلسلے میں مودودی صاحب کو کونسا تمغہ ملا ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۲۷۸۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ أَنَّ عَبْدَ الْحَمِيدِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زَيْدٍ أَخْبَرَهُ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ الْجُهَنِيِّ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ سُئِلَ عَنْ هٰذِهِ الْآيَةِ وَإِذْ أَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِي آدَمَ مِنْ ظُهُورِهِمْ قَالَ قَرَأَ الْقَعْنَبِيُّ الْآيَةَ فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْأَلُ عَنْهَا فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللهَ خَلَقَ آدَمَ ثُمَّ مَسَحَ ظَهْرَهُ بِيَمِينِهِ فَاسْتَخْرَجَ مِنْهُ ذُرِّيَّةً فَقَالَ خَلَقْتُ هٰؤُلَاءِ لِلْجَنَّةِ وَبِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ يَعْمَلُونَ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللهِ فَفِيمَ الْعَمَلُ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللهَ تَعَالٰى إِذَا خَلَقَ الْعَبْدَ لِلْجَنَّةِ اسْتَعْمَلَهُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ حَتّٰى يَمُوتَ عَلٰى عَمَلٍ مِنْ أَعْمَالِ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَيُدْخِلَهُ بِهِ الْجَنَّةَ وَإِذَا خَلَقَ الْعَبْدَ لِلنَّارِ اسْتَعْمَلَهُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ حَتّٰى يَمُوتَ عَلٰى عَمَلٍ مِنْ أَعْمَالِ أَهْلِ النَّارِ فَيُدْخِلَهُ بِهِ النَّارَ۔

عبدالحمید بن عبدالرحمان بن زید نے مسلم بن یسار جہنی سے روایت کی ہے کہ حضرت عمر بن خطاب سے آیت: اور اے محبوب! یاد کرو جب تمہارے رب نے اولادِ آدم کی پشت سے ان کی اولاد نکالی (۷:۱۷۲) کے متعلق پوچھا گیا (قعنبی نے آیت پڑھی) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ سے اس کے متعلق دریافت کیا گیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بیشک اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم کو پیدا فرمایا تو اُن کی پشت پر اپنا دستِ قدرت پھیرا اور اس سے ان کی اولاد نکالی۔ فرمایا کہ یہ میں نے جنت کے لیے پیدا کیے ہیں اور یہ اہلِ جنت والے عمل کریں گے۔ پھر ان کی پیٹھ پر پھیرا تو اس سے اولاد نکالی اور فرمایا کہ انہیں میں نے جہنم کے لیے پیدا کیا ہے اور یہ جہنمیوں والے عمل کریں گے۔ ایک شخص عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ۔ بھلا ہم عمل کس لیے کریں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے جس بندے کو جنت کے لیے پیدا کیا ہے۔ تو اس سے اہلِ جنت والے کام لیتا ہے اور ایسے کام کو کرتا ہوا مرتا ہے جو اہلِ جنت کے اعمال سے ہو اور جس کو جہنم کے لیے پیدا کرتا ہے اس سے دوزخیوں والے کام لیتا ہے اور وہ ایسے عمل پر مرتا ہے جو اہلِ جہنم کے اعمال سے ہو لہٰذا اُسے دوزخ میں داخل کر دیتا ہے۔

۱۲۷۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُصَفّٰى نَا بَقِيَّةُ حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ جُعْثُمٍ الْقُرَشِيُّ حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ أَبِي أُنَيْسَةَ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ نُعَيْمِ بْنِ رَبِيعَةَ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ بِهٰذَا الْحَدِيثِ وَحَدِيثُ مَالِكٍ أَتَمُّ۔

محمد بن مصفّٰی، بقیہ، عمر بن جعثم قرشی، زید بن ابی انیسہ، عبدالحمید بن عبدالرحمان، مسلم بن یسار سے روایت ہے کہ نعیم بن ربیعہ نے فرمایا: میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس تھا تو انہوں نے مذکورہ حدیث بیان فرمائی اور امام مالک کی حدیث زیادہ مکمل ہے۔

۱۲۸۰۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ نَا الْمُعْتَمِرُ عَنْ أَبِيهِ عَنْ رَقَبَةَ بْنِ مَصْقَلَةَ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ

قعنبی، معتمر، اُن کے والد ماجد، رقبہ بن مصقلہ، ابو اسحاق، سعید بن جبیر، حضرت ابن عباس نے حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ

سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْغُلَامُ الَّذِي قَتَلَهُ الْخَضِرُ طُبِعَ كَافِرًا وَلَوْ عَاشَ لَأَرْهَقَ أَبَوَيْهِ طُغْيَانًا وَكُفْرًا۔

تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس لڑکے کو خضر نے قتل کیا وہ طبعًا کافر تھا۔ اگر زندہ رہتا تو اپنے والدین کو سرکشی اور کفر کی طرف کھینچ لیتا۔

۱۲۸۱۔ حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ خَالِدٍ نَا الْفِرْيَابِيُّ عَنْ إِسْرَائِيلَ نَا أَبُو إِسْحَاقَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَا أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي قَوْلِهِ وَأَمَّا الْغُلَامُ فَكَانَ أَبَوَاهُ مُؤْمِنَيْنِ وَكَانَ طُبِعَ يَوْمَ طُبِعَ كَافِرًا۔

سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباس سے روایت کی ہے کہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ارشادِ ربانی: ۔ اور وہ لڑکا تو اس کے والدین ایمان والے تھے (۱۸: ۸۰) کے متعلق فرماتے ہوئے سنا کہ جس روز وہ پیدا ہوا تو کفر پر پیدا کیا گیا تھا۔

۱۲۸۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مِهْرَانَ الرَّازِيُّ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ حَدَّثَنِي أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَبْصَرَ الْخَضِرُ غُلَامًا يَلْعَبُ مَعَ الصِّبْيَانِ فَتَنَاوَلَ رَأْسَهُ فَقَلَعَهُ فَقَالَ مُوسَى أَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةً الْآيَةَ۔

محمد بن مہران رازی، سفیان بن عیینہ، عمرو، سعید بن جبیر، حضرت ابن عباس نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: خضر نے اس لڑکے کو دیکھا کہ لڑکوں کے ساتھ کھیل رہا ہے تو اس کے سر کو پکڑ کر تن سے جدا کر دیا اور حضرت موسیٰ نے کہا: کیا آپ نے پاک جان کو قتل کر دیا (۱۸: ۷۴)

۱۲۸۳۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ النَّمَرِيُّ نَا شُعْبَةُ ح وَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ الْمَعْنَى وَاحِدٌ وَالْإِخْبَارُ فِي حَدِيثِ سُفْيَانَ عَنِ الْأَعْمَشِ قَالَ نَا زَيْدُ بْنُ وَهْبٍ نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ حَدَّثَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ الصَّادِقُ الْمَصْدُوقُ أَنَّ خَلْقَ أَحَدِكُمْ يُجْمَعُ فِي بَطْنِ أُمِّهِ أَرْبَعِينَ يَوْمًا ثُمَّ يَكُونُ عَلَقَةً مِثْلَ ذَلِكَ ثُمَّ يَكُونُ مُضْغَةً مِثْلَ ذَلِكَ ثُمَّ يَبْعَثُ اللَّهُ إِلَيْهِ مَلَكًا فَيُؤْمَرُ بِأَرْبَعِ كَلِمَاتٍ فَيَكْتُبُ رِزْقَهُ وَأَجَلَهُ وَعَمَلَهُ ثُمَّ يَكْتُبُ شَقِيٌّ أَوْ سَعِيدٌ ثُمَّ يَنْفُخُ فِيهِ الرُّوحَ فَإِنَّ أَحَدَكُمْ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ حَتَّى مَا يَكُونُ

حفص بن عمر نمری، شعبہ ـــ محمد بن کثیر، سفیان، اعمش، زید بن وہب سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: ہم سے بیان فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جو سچے اور تصدیق کیے گئے ہیں کہ بیشک ہر شخص کا مادۂ تخلیق اس کی والدہ کے پیٹ میں چالیس روز رکھا جاتا ہے۔ پھر وہ خون کی پھٹکی بن جاتا ہے، پھر وہ اسی کی گوشت کا لوتھڑا ہو جاتا ہے۔ پھر اس کی طرف ایک فرشتے کو اللہ تعالیٰ چار باتوں کا حکم دے کر بھیجتا ہے تو وہ اس کا رزق، اس کی عمر اور اس کا عمل لکھتا ہے اور لکھ دیتا ہے کہ وہ بدبخت ہے یا نیک بخت۔ پھر اس میں روح پھونکتا ہے۔ پس تم میں سے ایک آدمی اہل جنت والے عمل کرتا ہے یہاں تک کہ اس کے اور جنت کے درمیان صرف ایک ہاتھ کا فاصلہ رہ جاتا ہے کہ اس پر لکھا ہوا غالب آتا ہے تو وہ

بَيْنَهٗ وَبَيْنَهَا اِلَّا ذِرَاعٌ اَوْقِيْدُ ذِرَاعٍ فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ فَيَدْخُلُهَا وَاِنَّ اَحَدَكُمْ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ حَتّٰى مَا يَكُوْنُ بَيْنَهٗ وَبَيْنَهَا اِلَّا ذِرَاعٌ اَوْقِيْدُ ذِرَاعٍ فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَيَدْخُلُهَا۔

اہلِ جہنم کے عمل کر کے دوزخ میں داخل ہو جاتا ہے اور تم میں سے کوئی اہلِ جہنم والے عمل کرتا ہے، یہاں تک کہ اس کے اور جہنم کے درمیان صرف ایک ہاتھ کا فاصلہ رہ جاتا ہے کہ نوشتۂ تقدیر اُس پر غالب آتا ہے تو وہ اہلِ جنت والے عمل کر کے اس میں داخل ہو جاتا ہے۔

ف۔ پروردگارِ عالم نے اپنے کلامِ معجز نظام میں فرمایا ہے:۔

اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ ۚ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ ۖ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ۖ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ۚ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ۝ (۳۱ : ۳۴)

بے شک اللہ کے پاس ہے قیامت کا علم اور اُتارتا ہے بارش اور جانتا ہے جو کچھ ماؤں کے پیٹ میں ہے اور کوئی جان نہیں جانتی کہ کل کیا کمائے گی اور کوئی جان نہیں جانتی کہ کس زمین میں مرے گی۔ بے شک اللہ جاننے والا بتانے والا ہے

اس آیت میں پانچ باتوں کا ذکر ہے جنہیں خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ ان پانچوں اُمور کو غیوب خمسہ یا مفاتیح الغیب یا مقالید الغیب بھی کہا جاتا ہے۔ اکابر اہلسنت کا عقیدہ ہے کہ خدا کے بتائے بغیر ان پانچوں اُمور پر مطلع ہونے کا کوئی ذریعہ نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے اپنے مقرب بندوں میں سے غیوب خمسہ کا علم جتنا جس کو چاہے عطا فرما دیتا ہے اور اس امر کی کوئی قابلِ اعتماد تصریح وارد نہیں ہوئی کہ غیوب خمسہ کا علم پروردگارِ عالم اپنے مقربین کو بھی عطا نہیں فرماتا۔ اس حدیث سے معلوم ہو رہا ہے کہ باذنِ الٰہی فرشتہ جن چار باتوں کو بچے کے متعلق لکھ کر جاتا ہے اُن میں سے دو باتیں غیوب خمسہ سے ہیں۔ جب فرشتوں کو غیوب خمسہ بتائے جا سکتے ہیں تو انبیائے کرام و اولیائے عظام کو بتانے میں کیا رکاوٹ ہے اور کون سا استحالہ رہ جاتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۲۸۴۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ يَزِيْدَ الرِّشْكِ نَا مُطَرِّفٌ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قِيْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَعُلِمَ اَهْلُ الْجَنَّةِ مِنْ اَهْلِ النَّارِ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَفِيْمَ يَعْمَلُ الْعَامِلُوْنَ قَالَ كُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهٗ۔

مطرف سے روایت ہے کہ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں گزارش کی گئی کہ یا رسول اللہ! کیا یہ پہلے ہی معلوم ہو گیا ہے کہ جنتی کون ہے اور جہنمی کون؟ فرمایا، ہاں۔ عرض کی گئی کہ پھر عمل کرنے والے کس لیے عمل کریں؟ فرمایا کہ ہر ایک کے لیے وہی آسان کر دیا جاتا ہے جس کے لیے اُسے پیدا کیا گیا ہے۔

بَاب ۴۰۵ فِيْ ذَرَارِيِّ الْمُشْرِكِيْنَ۔

مشرکین کے بچوں کا بیان

۱۲۸۵۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ

سعید بن جبیر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مشرکین کی اولاد کے متعلق دریافت کیا گیا تو فرمایا: اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے

أَوْلَادِ الْمُشْرِكِينَ قَالَ اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوا عَامِلِينَ۔

کہ وہ کیا کرنے والے تھے۔

۱۲۸۶۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ نَجْدَةَ نَا بَقِيَّةُ ح وَنَا مُوسَى بْنُ مَرْوَانَ الرَّقِّيُّ وَكَثِيرُ ابْنُ عُبَيْدٍ الْمَذْحِجِيُّ قَالَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ الْمَعْنَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي قَيْسٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ ذَرَارِيُّ الْمُؤْمِنِينَ فَقَالَ هُمْ مِنْ آبَائِهِمْ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ بِلَا عَمَلٍ قَالَ اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوا عَامِلِينَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَذَرَارِيُّ الْمُشْرِكِينَ قَالَ مِنْ آبَائِهِمْ قُلْتُ بِلَا عَمَلٍ قَالَ اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوا عَامِلِينَ۔

عبدالوہاب بن نجدہ، بقیہ ـــــ موسیٰ بن مروان رقی اور کثیر بن عبید مذحجی، محمد بن حرب، محمد بن زیاد، عبداللہ بن ابو قیس سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: میں عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! اہل ایمان کی اولاد کا حکم؟ فرمایا کہ وہ اپنے باپوں سے ہیں۔ میں عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! بغیر عمل کے؟ فرمایا کہ اللہ بہتر جانتا ہے جو وہ کرنے والے تھے۔ میں عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! مشرکین کی اولاد؟ فرمایا کہ وہ اپنے باپوں سے ہیں۔ میں نے عرض کی کہ بغیر عمل کیے؟ فرمایا کہ اللہ بہتر جانتا ہے جو وہ کرنے والے تھے۔

۱۲۸۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ قَالَتْ أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصَبِيٍّ مِنَ الْأَنْصَارِ يُصَلِّي عَلَيْهِ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ طُوبَى لِهَذَا لَمْ يَعْمَلْ شَرًّا وَلَمْ يَدْرِ بِهِ فَقَالَ أَوَغَيْرَ ذَلِكَ يَا عَائِشَةُ إِنَّ اللَّهَ خَلَقَ الْجَنَّةَ وَخَلَقَ لَهَا أَهْلًا وَخَلَقَهَا لَهُمْ وَهُمْ فِي أَصْلَابِ آبَائِهِمْ وَخَلَقَ النَّارَ وَخَلَقَ لَهَا أَهْلًا وَخَلَقَهَا لَهُمْ وَهُمْ فِي أَصْلَابِ آبَائِهِمْ۔

طلحہ بن یحییٰ سے روایت ہے کہ ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں انصار کے ایک بچے کو لایا گیا تو آپ نے اس پر نماز جنازہ پڑھی میں عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! یہ خوش نصیب ہے کہ کوئی برائی نہیں کی اور نہ گناہوں سے آشنا ہوا۔ فرمایا کہ اے عائشہ! یا معاملہ اس کے سوا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے جنت کو پیدا کیا اور اسکے لیے اسکے مستحق پیدا کئے اور ان کے لیے اُسے پیدا کیا حالانکہ وہ اپنے باپوں کی پشت میں تھے۔ اور دوزخ کو بنایا اور اسکے لیے اسکے مستحق پیدا کئے اور اُسے ان کیلئے بنایا حالانکہ وہ اپنے باپوں کی پشت میں تھے۔

۱۲۸۸۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ مَوْلُودٍ يُولَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ فَأَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ أَوْ يُنَصِّرَانِهِ كَمَا تَنَاتَجُ الْإِبِلُ مِنْ بَهِيمَةٍ جَمْعَاءَ هَلْ تُحِسُّ مِنْ جَدْعَاءَ قَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفَرَأَيْتَ مَنْ يَمُوتُ وَهُوَ صَغِيرٌ قَالَ اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا

اعرج نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے پس اب ان کے ماں باپ انہیں یہودی یا نصرانی بنا لیتے ہیں۔ جیسے اونٹ کو اس کی ماں صحیح سالم جنتی ہے۔ کیا ان میں کوئی کان کٹا نظر آتا ہے؟ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! چھوٹی عمر میں مرنے والے کا کیا حکم ہے؟ فرمایا کہ اللہ خوب جانتا ہے جو وہ کرنے والے تھے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اللہ خوب جانتا ہے جو وہ کرنے والے تھے، امام ابوداؤد نے

كَانُوا عَامِلِيْنَ قَالَ اَبُوْدَاوُدَ قُرِئَ عَلَى الْحَارِثِ بْنِ مِسْكِيْنٍ وَاَنَا شَاهِدٌ اَخْبَرَكَ يُوْسُفُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ اَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ سَمِعْتُ مَالِكًا قِيْلَ لَهُ اِنَّ اَهْلَ الْاَهْوَاءِ يَحْتَجُّوْنَ عَلَيْنَا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ قَالَ مَالِكٌ اِحْتَجَّ عَلَيْهِمْ بِاٰخِرِهٖ قَالُوْا اَرَاَيْتَ مَنْ يَّمُوْتُ وَهُوَ صَغِيْرٌ قَالَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا عَامِلِيْنَ۔

فرمایا کہ میری موجودگی میں یہ حدیث حارث بن مسکین کے سامنے پڑھی گئی بواسطہ یوسف بن عمرو کہ ابن وہب نے فرمایا۔ میں نے سنا کہ امام مالک سے عرض کی گئی کہ نفس پرست قدریہ اس حدیث سے ہم پر حجت قائم کرتے ہیں۔ امام مالک نے فرمایا کہ تم اُن پر اس حدیث کے آخری حصے سے حجت قائم کیا کرو۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ جو بچپن میں مرجائے اس کا کیا حکم ہے؟ فرمایا کہ اللہ خوب جانتا ہے جو وہ کرنے والے ہیں۔ ق، ا

ف۔ کفار کے نابالغ بچے جنت میں جائیں گے یا جہنم میں، اس کے بارے میں ازروئے احادیث سلف وخلف میں اختلاف رہا ہے۔ اس سلسلے میں اہلِ علم حضرات کے تین مذاہب ہیں۔ پہلا مذہب یہ ہے کہ وہ اپنے والدین کے ساتھ جہنم میں جائیں گے۔ دوسرا مذہب یہ ہے کہ انہیں جنت میں اہلِ جنت کے خدام بنا کر رکھا جائے گا۔ تیسرا مذہب یہ ہے کہ وہ جنت میں مسلمانوں کے بچّوں کی طرح جائیں گے کیونکہ اُن سے مرتے دم تک مرفوع القلم ہونے کے باعث کوئی گناہ سرزد نہیں ہوا۔ جب کہ ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے۔ فطرت پر پیدا ہونے والے کو بغیر کسی گناہ کے خدائے ذوالمنن عذاب دے یہ بات اس کے کرم سے بعید معلوم ہوتی ہے۔ بہرحال زیادہ قیل وقال سے زبان کو روکنا چاہیئے۔ اور معاملہ خدا کے سپرد کردیا کریں کیونکہ وَاللّٰهُ تَعَالٰى اَعْلَمُ بِحَقِيْقَةِ الْحَالِ۔

۱۲۸۹۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا الْحَجَّاجُ ابْنُ الْمِنْهَالِ قَالَ سَمِعْتُ حَمَّادَ بْنَ سَلَمَةَ يُفَسِّرُ حَدِيْثَ كُلُّ مَوْلُوْدٍ يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ قَالَ هٰذَا عِنْدَنَا حَيْثُ اَخَذَ اللّٰهُ الْعَهْدَ عَلَيْهِمْ فِيْ اَصْلَابِ اٰبَائِهِمْ حَيْثُ قَالَ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوْا بَلٰى۔

حجاج بن منہال کا بیان ہے کہ میں نے حماد بن سلمہ کو سنا کہ حدیث "ہر پیدا ہونے والا فطرت پر ہوتا ہے" اس کا مفہوم بیان کررہے تھے۔ فرمایا کہ ہمارے نزدیک یہ اس عہد پہ ہے جو اُن سے اللہ تعالیٰ نے لیا جب کہ وہ اپنے باپوں کی پشت میں تھے جب کہ فرمایا تھا کہ: کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ سبھی نے کہا: کیوں نہیں

۱۲۹۰۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى نَا ابْنُ اَبِيْ زَائِدَةَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْوَائِدَةُ وَالْمَوْءُوْدَةُ فِي النَّارِ قَالَ يَحْيٰى قَالَ اَبِيْ فَحَدَّثَنِيْ اَبُوْ اِسْحٰقَ اَنَّ عَامِرًا حَدَّثَهُ بِذٰلِكَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

ابراہیم بن موسیٰ، ابن ابی زائدہ، اُن کے والد ماجد عامر سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: زندہ درگور کرنے والی اور جو زندہ درگور کی گئی دونوں جہنم میں ہیں۔ یحییٰ ان کے والد ماجد، ابواسحاق، عامر نے اس کو بیان کیا بواسطہ علقمہ، حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

۱۲۹۱۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَيْنَ أَبِي قَالَ أَبُوكَ فِي النَّارِ فَلَمَّا قَفَّى قَالَ إِنَّ أَبِي وَأَبَاكَ فِي النَّارِ۔

ثابت نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک شخص عرض گزار ہوا: یارسول اللہ! میرا باپ کہاں ہے؟ فرمایا کہ تمہارا باپ جہنم میں ہے۔ جب وہ لوٹا تو فرمایا کہ میرا باپ اور تمہارا باپ جہنم میں ہیں۔

ف۔ اس حدیث سے معلوم ہو رہا ہے کہ صحابۂ کرام کا یہ عقیدہ تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہ جانتے ہیں کہ کون جنت میں جائے گا اور کون جہنم میں۔ صحابی نے یہی عقیدہ رکھتے ہوئے تو اپنے باپ کا ٹھکانا پوچھا تھا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ نہیں کہ میرے متعلق ایسا عقیدہ رکھنے کے باعث تم تو مشرک ہو گئے جیسے آج کل کے شرک فروش کہتے ہیں، بلکہ بتا بھی دیا کہ تمہارا باپ جہنم میں ہے۔ اس کے باوجود جو یہ عقیدہ رکھے کہ حضور کو اپنے اور کسی کے خاتمے کا پتہ نہیں تھا نیز حضور نہیں جانتے تھے کہ دیوار کے پرے کیا ہے (براہینِ قاطعہ) ایسے تمام لوگ سرے سے محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رسالت پر ایمان ہی نہیں لائے ان کی کلمہ گوئی محض رسمی ہے اور ایمان کے بغیر اُن کے اعمال و افعال بے جان لاش کی طرح ہیں۔ اللہ تعالیٰ ایسے تمام لوگوں کو راہِ ہدایت پر آنے کی توفیق مرحمت فرمائے، آمین۔

اس حدیث میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے باپ کے جہنم میں ہونے کی خبر بھی دی۔ علمائے کرام نے اس کی مختلف تاویلات کی ہیں مثلاً (۱) یہاں باپ سے مراد آپ کے چچا ابو طالب ہیں کیونکہ آپ ان کے زیرِ کفالت بھی رہے اور عرب میں چچا کو باپ کہنا عام تھا۔ بہر حال ہم جبکہ اُس سرکار کے غلامانِ غلام ہیں تو ہمارے لیے سلامتی کا راستہ یہی ہے کہ علمی سہارے خواہ مضبوط ہیں یا کمزور لیکن ہم اپنے آقائے نامدار، شافعِ روزِ شمار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے والدینِ کریمین کو خاتم الحفاظ امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۹۱۱ھ) وغیرہ اکابر کی طرح مومن و جنتی کہیں اور اس کے سوا ہرگز دوسرا کلمہ زبان پر نہ لائیں کہ کہیں اُخروی تباہی کا باعث نہ ہو جائے۔ اگر کوئی اختلافِ دلائل کی دلدل میں پھنسا ہوا ہے اور انہیں مومن و جنتی کہنے پر آمادہ نہیں ہو سکتا تو ہرگز نہیں کافر و جہنمی نہ کہے کیونکہ یہ شیوۂ غلامی، تقاضائے محبت اور طریقِ ادب کے سراسر خلاف ہے۔ هٰذَا مَا عِنْدِي وَالْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ تَعَالٰى أَعْلَمُ بِالصَّوَابِ۔

۱۲۹۲۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الشَّيْطَانَ يَجْرِي مِنَ ابْنِ آدَمَ مَجْرَى الدَّمِ۔

ثابت نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بلاشبہ شیطان آدمی کے جسم میں خون کی طرح گردش کرتا ہے۔

۱۲۹۳۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ وَعَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ وَسَعِيدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ دِينَارٍ عَنْ حَكِيمِ بْنِ شَرِيكٍ الْهُذَلِيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ مَيْمُونٍ عَنْ رَبِيعَةَ الْجُرَشِيِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُجَالِسُوا أَهْلَ

احمد بن سعید ہمدانی، ابن وہب، ابن لہیعہ اور عمرو بن حارث اور سعید بن ابو ایوب، عطاء بن دینار، حکیم بن شریک ہذلی، یحییٰ بن میمون، ربیعہ جرشی، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قدریہ فرقے والوں سے اُٹھ بیٹھ نہ رکھو اور نہ اُن کے تحفے تحائف کا لین دین کرو (یعنی ان سے تعلقات توڑے رکھنا)۔

الْقَدَرِ وَلَا تُفَاتِحُوهُمْ۔

بَابٌ ۴۰۶ فِي الْجَهْمِيَّةِ۔

۱۲۹۴۔ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ نَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَزَالُ النَّاسُ يَتَسَاءَلُونَ حَتَّى يُقَالَ هَذَا خَلَقَ اللهُ الْخَلْقَ فَمَنْ خَلَقَ اللهَ فَمَنْ وَجَدَ مِنْ ذَلِكَ شَيْئًا فَلْيَقُلْ آمَنْتُ بِاللهِ۔

۱۲۹۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو نَا سَلَمَةُ يَعْنِي ابْنَ الْفَضْلِ حَدَّثَنِي مُحَمَّدٌ يَعْنِي ابْنَ إِسْحَاقَ حَدَّثَنِي عُتْبَةُ بْنُ مُسْلِمٍ مَوْلَى بَنِي تَيْمٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ يَقُولُ فَذَكَرَ نَحْوَهُ قَالَ فَإِذَا قَالُوا ذَلِكَ فَقُولُوا اللهُ أَحَدٌ اللهُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ ثُمَّ لِيَتْفُلْ عَنْ يَسَارِهِ ثَلَاثًا وَلْيَسْتَعِذْ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطَانِ۔

۱۲۹۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّازُ نَا الْوَلِيدُ بْنُ أَبِي ثَوْرٍ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَيْرَةَ عَنِ الْأَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالَ كُنْتُ فِي الْبَطْحَاءِ فِي عِصَابَةٍ فِيهِمْ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَرَّتْ بِهِمْ سَحَابَةٌ فَنَظَرَ إِلَيْهَا فَقَالَ مَا تُسَمُّونَ هَذِهِ قَالُوا السَّحَابُ قَالَ وَالْمُزْنُ قَالُوا وَالْمُزْنُ قَالَ وَالْعَنَانُ قَالُوا وَالْعَنَانُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ لَمْ أُتْقِنِ الْعَنَانَ جَيِّدًا قَالَ هَلْ تَدْرُونَ مَا بُعْدُ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ قَالُوا لَا نَدْرِي قَالَ إِنَّ بُعْدَ مَا بَيْنَهُمَا إِمَّا وَاحِدَةٌ أَوِ اثْنَتَانِ أَوْ ثَلَاثٌ وَسَبْعُونَ سَنَةً ثُمَّ

جہمیہ فرقے کا بیان

ہشام کے والد ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ لوگ ہمیشہ سوال جواب کرتے رہیں گے یہاں تک کہ کہا جائے گا کہ اس چیز کو تو اللہ نے پیدا کیا ہے لیکن اللہ تعالیٰ کو کس نے پیدا کیا ہے۔ جس کے دل میں کوئی ایسا خیال آئے تو اُسے کہنا چاہیئے کہ میں اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتا ہوں۔

ابوسلمہ بن عبدالرحمان سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا پھر مذکورہ حدیث کی طرح بیان کرتے ہوئے کہا اور جب لوگ ایسا کہیں تو تم کہو: اللہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ وہ کسی کو جنتا ہے اور نہ اُسے کسی نے جنا ہے اور نہ کوئی ایک بھی اس کی برابری کرنے والا ہے۔ پھر اپنے بائیں جانب تین دفعہ تھتکار دے اور شیطان سے اللہ کی پناہ مانگنی چاہیئے (یعنی أَعُوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ پڑھے)۔

احنف بن قیس سے روایت ہے کہ حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: میں بطحاء کے مقام پر ایک جماعت میں تھا جس کے اندر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی جلوہ افروز تھے۔ پس جماعت کے اوپر سے بادل کا ایک ٹکڑا گزرا تو آپ نے اس کی جانب دیکھ کر فرمایا: تم اسے کس نام سے یاد کرتے ہو؟ لوگوں نے کہا السحاب۔ فرمایا: المزن بھی؟ لوگوں نے کہا: المزن بھی۔ فرمایا کہ العنان بھی؟ لوگوں نے کہا: العنان بھی۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ العنان ہلکے بادل کو کہتے ہیں۔ فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ آسمان اور زمین کے درمیان کتنا فاصلہ ہے؟ لوگ عرض گزار ہوئے کہ ہمیں معلوم نہیں۔ فرمایا کہ ان دونوں کے درمیان اکہتر یا بہتر یا تہتر سال کی مسافت کا فاصلہ ہے۔ پھر اس آسمان اور دوسرے کے درمیان اتنا ہی فاصلہ ہے یہاں تک کہ ساتویں آسمان تک اسی طرح بتایا۔ پھر ساتویں کے اوپر

السماء فوقها كذلك حتى عد سبع سموات ثم فوق السابعة بحر بين اسفله واعلاه مثل ما بين سماء الى سماء ثم فوق ذلك ثمانية اوعال بين اظلافهم وركبهم مثل ما بين سماء الى سماء ثم على ظهورهم العرش بين اسفله واعلاه مثل ما بين سماء الى سماء ثم الله تعالى فوق ذلك۔

ایک سمندر ہے جس کی نیچے والی اور اوپر والی سطح میں اتنا فاصلہ ہے، جتنا ایک آسمان سے دوسرے کا۔ پھر اس کے اوپر آٹھ بکری نما فرشتے ہیں، جن کے کھروں اور گھٹنوں کے درمیان اتنا فاصلہ ہے جتنا ایک آسمان سے دوسرے کا۔ پھر ان کی پیٹھوں کے اوپر عرش ہے جس کے نیچے والے اور اوپر والے حصے میں اتنا فاصلہ ہے جتنا ایک آسمان سے دوسرے کا۔ پھر اللہ تعالیٰ اس کے اوپر ہے۔

۱۲۹۷۔ حدثنا احمد بن ابي سريج انا عبد الرحمن بن عبد الله بن سعد ومحمد بن سعيد قالا انا عمرو بن ابي قيس عن سماك باسناده ومعناه۔

احمد بن ابو شریح، عبدالرحمان بن عبداللہ بن سعد اور محمد بن سعید، عمرو بن ابو قیس نے سماک سے مذکورہ حدیث کو اپنی اسناد کے ساتھ معناً روایت کیا۔

۱۲۹۸۔ حدثنا احمد بن حفص حدثني ابي حدثنا ابراهيم بن طهمان عن سماك باسناده ومعناه هذا الحديث الطويل۔

احمد بن حفص، ان کے والد ماجد، ابراہیم بن طہمان نے سماک سے اپنی اسناد کے ساتھ اس حدیث کو معناً روایت کیا ہے۔ یہ لمبی حدیث ہے۔

۱۲۹۹۔ حدثنا عبد الاعلى بن حماد ومحمد بن المثنى ومحمد بن بشار واحمد بن سعيد الرباطي قالوا انا وهب بن جرير قال احمد كتبناه من نسخته وهذا لفظه قال حدثنا ابي قال سمعت محمد بن اسحق يحدث عن يعقوب بن عتبة عن جبير بن محمد بن جبير بن مطعم عن ابيه عن جده قال اتى رسول الله صلى الله عليه وسلم اعرابي فقال يا رسول الله جهدت الانفس وضاعت العيال ونهكت الاموال وهلكت الانعام فاستسق الله لنا فانا نستشفع بك على الله ونستشفع بالله عليك قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ويحك اتدري ما تقول وسبح رسول الله صلى الله عليه وسلم فما زال يسبح حتى عرف ذلك في وجوه اصحابه

عبدالاعلیٰ بن حماد اور محمد بن مثنیٰ اور محمد بن بشار احمد بن سعید رباطی، وہب بن جریر، احمد کے والد ماجد، محمد بن اسحاق، یعقوب بن عقبہ، جبیر بن محمد نے اپنے والد ماجد محمد بن جبیر سے روایت کی کہ ان کے والد محترم حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: ایک اعرابی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! جانیں مصیبت میں پڑ گئیں۔ گھر برباد ہونے لگے، مال گھٹ گئے اور مویشی ہلاک ہو گئے۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ سے پانی (بارش) مانگیے۔ ہم اللہ کی بارگاہ میں آپ کی سفارش چاہتے ہیں اور آپ کی بارگاہ میں اللہ کی سفارش کے طلب گار ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم پر افسوس! کیا جانتے ہو کہ تم کیا کہہ رہے ہو؟ آپ برابر تسبیح بیان کرتے رہے یہاں تک کہ اس کا اثر آپ کے اصحاب کے چہروں سے نمایاں تھا پھر فرمایا: تم پر افسوس! مخلوق میں سے کسی کے ہاں اللہ سے سفارش نہیں کروائی جاتی کیونکہ اللہ کی شان اس سے بہت بڑی ہے۔ تم پر افسوس! کیا تم جانتے ہو کہ اللہ کیا ہے؟ اس کا عرش آسمانوں

ثُمَّ قَالَ وَيْحَكَ إِنَّهُ لَا يُسْتَشْفَعُ بِاللَّهِ عَلَى أَحَدٍ مِنْ خَلْقِهِ شَأْنُ اللَّهِ أَعْظَمُ مِنْ ذَلِكَ وَيْحَكَ أَتَدْرِي مَا اللَّهُ إِنَّ عَرْشَهُ عَلَى سَمَوَاتِهِ لَهَكَذَا وَقَالَ بِأَصَابِعِهِ مِثْلَ الْقُبَّةِ عَلَيْهِ وَإِنَّهُ لَيَئِطُّ عَلَيْهِ أَطِيطَ الرَّحْلِ بِالرَّاكِبِ قَالَ ابْنُ بَشَّارٍ فِي حَدِيثِهِ إِنَّ اللَّهَ فَوْقَ عَرْشِهِ وَعَرْشُهُ فَوْقَ سَمَوَاتِهِ وَسَاقَ الْحَدِيثَ وَقَالَ عَبْدُ الْأَعْلَى وَابْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عُتْبَةَ وَجُبَيْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَالْحَدِيثُ بِإِسْنَادِ أَحْمَدَ بْنِ سَعِيدٍ هُوَ الصَّحِيحُ وَافَقَهُ عَلَيْهِ جَمَاعَةٌ مِنْهُمْ يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ وَعَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ وَرَوَاهُ جَمَاعَةٌ عَنِ ابْنِ إِسْحَقَ كَمَا قَالَ أَحْمَدُ أَيْضًا وَكَانَ سَمَاعُ عَبْدِ الْأَعْلَى وَابْنِ الْمُثَنَّى وَابْنِ بَشَّارٍ مِنْ نُسْخَةٍ وَاحِدَةٍ فِيمَا بَلَغَنِي۔

پر اس طرح ہے اور اُنگلیوں سے بتایا کہ قبے کی طرح اور وہ اس طرح چرچراتا ہے جیسے سوار کے باعث پالان چرچراتا ہے۔ ابن بشار نے اپنی حدیث میں کہا کہ اللہ تعالیٰ عرش پر ہے اور اس کا عرش آسمانوں پر ہے اور پھر باقی حدیث بیان کی۔ عبدالاعلیٰ اور ابن مثنیٰ اور ابن بشار، یعقوب بن عتبہ، جبیر بن محمد، محمد بن جبیر نے اسے اپنے والد ماجد حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ احمد بن سعید کی اسناد والی حدیث ہی زیادہ صحیح اور درست حدیث ہے۔ ان میں سے ایک جماعت نے اُس کی موافقت کی ہے جن میں یحییٰ بن معین اور علی بن مدینی بھی ہیں اور اسے ایک جماعت نے ابن اسحاق سے روایت کیا ہے احمد بن سعید کی طرح اور عبدالاعلیٰ، ابن مثنیٰ، ابن بشار کا سماع ایک ہی نسخے سے ہے جیسے کہ مجھ تک خبر پہنچی۔

١٣٠٠۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ نَا أَبِي حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أُذِنَ لِي أَنْ أُحَدِّثَ عَنْ مَلَكٍ مِنْ مَلَائِكَةِ اللَّهِ تَعَالَى مِنْ حَمَلَةِ الْعَرْشِ إِنَّ مَا بَيْنَ شَحْمَةِ أُذُنِهِ إِلَى عَاتِقِهِ مَسِيرَةُ سَبْعِمِائَةِ عَامٍ۔

احمد بن حفص، اُن کے والد ماجد، ابراہیم بن طہمان، موسیٰ بن عقبہ، محمد بن منکدر نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مجھے اجازت دی گئی کہ عرش کے اُٹھانے والے فرشتوں میں سے ایک فرشتے کے متعلق یہ بات بیان کروں کہ اس کے کان کی لو اور کندھے کے درمیان سات سو برس کی مسافت کے برابر فاصلہ ہے۔

١٣٠١۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ نَصْرٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ النَّسَائِيُّ الْمَعْنَى قَالَا نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يَزِيدَ الْمُقْرِئُ نَا حَرْمَلَةُ يَعْنِي ابْنَ عِمْرَانَ حَدَّثَنِي أَبُو يُونُسَ سُلَيْمُ بْنُ جُبَيْرٍ مَوْلَى أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقْرَأُ هَذِهِ الْآيَةَ إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تُؤَدُّوا الْأَمَانَاتِ إِلَى أَهْلِهَا

علی بن نصر اور محمد بن یونس نسائی، عبداللہ بن یزید مقری، حرملہ بن عمران، ابو یونس سلیم بن جبیر مولیٰ ابوہریرہ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو آیت إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تُؤَدُّوا الْأَمَانَاتِ إِلَى أَهْلِهَا کو سَمِيعًا بَصِيرًا تک پڑھتے ہوئے سُنا۔ اُنہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے اپنا انگوٹھا اپنے گوش مبارک پر رکھا

إِلَى قَوْلِهِ تَعَالَى سَمِيعًا بَصِيرًا قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضَعُ إِبْهَامَهُ عَلَى أُذُنِهِ وَالَّتِي تَلِيهَا عَلَى عَيْنِهِ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَؤُهَا وَيَضَعُ إِصْبَعَيْهِ قَالَ ابْنُ يُونُسَ قَالَ الْمُقْرِئُ وَهَذَا رَدٌّ عَلَى الْجَهْمِيَّةِ۔

اور ساتھ والی انگشت مبارک اپنی آنکھ پر۔ حضرت ابوہریرہ نے فرمایا کہ آپ اس آیت کو پڑھتے اور دونوں انگلیوں کو اسی طرح رکھا کرتے تھے۔ یونس کا بیان ہے کہ عبداللہ بن یزید مقری نے فرمایا: ۔ یہ جہمیہ فرقے کا رد ہے۔

ف۔ جہمیہ فرقے والے اللہ تعالیٰ کے سننے اور دیکھنے سے بھی اُس کا علم ہی مراد لیتے تھے اور انہیں علم کے علاوہ خدا کی صفات شمار نہیں کرتے تھے۔ امام ابوداؤد رحمۃ اللہ نے اس حدیث کو پیش کر کے جہمیہ فرقے کا رد کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اپنے کان اور آنکھ پر اُنگلی رکھکر اشارہ فرمایا کہ مراد اس کا سُننا اور دیکھنا ہی ہے۔ جہمیہ نے عقائد میں یہ بدعت رائج کی کہ اللہ تعالیٰ کے سننے اور دیکھنے سے بھی اس کا علم ہی مراد لیا اور طریقۂ رسول کی خلاف ورزی کرنے کے باعث گمراہوں میں شمار کیے گئے۔ دوسری جانب صفاتِ الٰہیہ کے بارے میں مشبّہ فرقے کی مردہ ہڈیوں کو زندہ کرتے ہوئے علامہ ابنِ تیمیہ حرانی (المتوفی ۷۲۸ھ / ۱۳۲۶ء) نے گمراہی کا بہت بڑا پھاٹک کھولا کہ اللہ تعالیٰ کا سُننا اور دیکھنا بندوں جیسا ٹھہرا دیا اور اُس کے کان آنکھ و منہ کر کے اپنے لیے مجسّم خدا گھڑ لیا اور اُسے عرش پر حقیقۃً بٹھا دیا جیسے بندے بیٹھتے ہیں۔ موصوف کی یہ گمراہی بھی دفن ہو چکی تھی لیکن ان خلافِ اسلام نظریات کو محمد بن عبدالوہاب نجدی (المتوفی ۱۲۰۶ھ / ۱۷۹۲ء) اور مولوی محمد اسمٰعیل دہلوی (المتوفی ۱۲۴۶ھ / ۱۸۳۱ء) کے ذریعے آج کل تجسیم وتشبیہ اور توہینِ شانِ رسالت کے سراسر غیر اسلامی نظریات جسدِ ملت کے خاصے حصّے میں سرایت کر گئے ہیں۔ خدائے ذوالمنن تمام مدعیانِ اسلام کو اسلامی عقائد و نظریات کو اپنانے کی توفیق دے جو اکابر اہلسنت نے اپنی تصانیفِ عالیہ میں درج فرمائے ہیں۔ آمین۔ اس سلسلے میں سرمایۂ ملت کے عدیم المثال نگہبان اور کشورِ کشف و روحانیت کے فرماں روا یعنی حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے: ۔

۱ ــــــ اللہ تعالیٰ جسم اور جسمانی نہیں، جوہر اور عرض نہیں، محدود اور متناہی نہیں، طویل اور عریض نہیں، دراز اور کوتاہ نہیں، فراخ اور تنگ نہیں، وہ فراخی والا ہے لیکن ایسی وسعت کے ساتھ نہیں جو ہمارے فہم میں آ سکے۔ وہ محیط ہے لیکن اس کا احاطہ ایسا نہیں جس کا ادراک کیا جا سکے۔ وہ قریب ہے لیکن ایسے قُرب کے ساتھ نہیں جو ہماری سمجھ میں آتا ہے۔ وہ ہمارے ساتھ ہے لیکن معیتِ متعارفہ کے ساتھ نہیں۔ ہم ایمان رکھتے ہیں کہ وہ فراخی والا ہے، احاطہ کرنے والا ہے، قریب ہے، ہمارے ساتھ ہے لیکن ان صفات کی کیفیات کو ہم سمجھنے سے عاجز ہیں کہ وہ کیسی ہیں اور جو کچھ ہم سمجھتے ہیں اُس پر یقین کرنا مجسّمہ کے مذہب میں قدم رکھنا ہے۔ (مکتوبات، دفتر دوم، مکتوب ۶۷)۔

۲ ــــــ حق تعالیٰ سبحانہٗ کسی جہت میں نہیں اور وہ زمان و مکان میں نہیں۔ ارشاد باری اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى سے جہت و مکان کے ثبوت کا وہم ہوتا ہے لیکن حقیقت میں اس سے اُس جہت و مکان کا اثبات ہو رہا ہے جہاں نہ جہت ہے اور نہ مکان ہے۔ پس یہ اللہ تعالیٰ کی بے مکانی ہی سے کنایہ ہے۔ اسے اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ جسم اور جسمانی نہیں جوہر و عرض نہیں، اشارے کے قابل نہیں، اُس کے متعلق حرکت اور تبدیلی کا تصور کرنا بھی درست نہیں اس کی ذاتِ قدیم کا حوادث کے ساتھ قیام جائز نہیں۔ اعراضِ محسوسہ و معقولہ میں سے وہ کسی عرض کے ساتھ متصف نہیں۔ نہ وہ عالم میں داخل ہے اور نہ

عالم سے خارج۔ وہ نہ عالم سے متصل ہے اور نہ عالم سے منفصل۔ کائنات کے ساتھ اُس کی معیت علمی ہے نہ کہ ذاتی اور دنیا کا احاطہ اُس نے علم کے ساتھ کیا ہوا ہے نہ کہ ذات کے ساتھ۔ وہ کسی چیز میں حلول نہیں کرتا اور نہ کسی چیز سے متحد ہوتا ہے۔"

(معارفِ لدنیہ، مطبوعہ کراچی، ص ۴۸)

۳- آیۂ کریمہ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْئٌ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ میں حق تعالیٰ سبحانہٗ نے بلیغ انداز میں اپنی ذات سے مماثلت کی نفی فرمادی ہے۔ کیونکہ اس آیت میں اپنی مثل کے مثل کی نفی فرمائی گئی ہے حالانکہ مقصود تو صرف اپنی مثل کی نفی کرنا تھا۔ مقصد یہ ہے کہ جب اُس کی مثل کا مثل بھی نہیں ہوسکتا تو خود اُس کی مثل بطریقِ اولیٰ ناممکن ہے۔ لہٰذا کنایہ کے طور مثل کی خود ہی نفی ہوگئی کیونکہ صریح کے مقابلے میں کنایہ بلیغ ترین اندازِ بیان ہے جیسا کہ ماہرینِ بیان و ادب کے نزدیک ثابت ہے۔

اس کے متصل ہی وَھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ فرمانے سے صفاتی مماثلت کی نفی فرمادینا مقصود ہے جیسا کہ اس سے پہلے مماثلتِ ذات کی نفی فرمائی گئی ہے۔ اس کی توضیح یہ ہے کہ حق تعالیٰ ہی حقیقت میں سمیع و بصیر ہے، کسی دوسرے کو سمع و بصر حاصل نہیں ہے۔ یہی حال باقی صفات یعنی حیات، علم، قدرت، ارادہ اور کلام وغیرہ کا ہے کیونکہ مخلوقات میں صفات کی صورت تو پائی جاتی ہے لیکن ان کی حقیقت نہیں پائی جاتی۔ مثال کے طور پر علم ایک صفت ہے جس کے باعث انکشاف ہوتا ہے اور قدرت بھی ایک صفت ہے جس کے ذریعے افعال و آثار صادر ہوتے ہیں۔ مخلوقات میں ان صفات کا وجود نہیں پایا جاتا بلکہ حق سبحانہٗ تعالیٰ اپنی قدرتِ کاملہ سے مخلوق میں انکشاف کو پیدا کر دیتا ہے بغیر اس کے کہ انکشاف کا اصل سرچشمہ اُس کے اندر موجود ہو جو صفتِ علم ہے۔ اسی طرح افعال کو بھی وہی ان کے اندر پیدا کر دیتا ہے بغیر اس کے کہ خود قدرت اُن کے اندر ثابت ہو۔ لہٰذا سننے اور دیکھنے کو بھی اسی پر قیاس کر لیا جائے۔ یعنی خدا ہی مخلوق کے اندر سننا اور دیکھنا پیدا کر دیتا ہے بغیر اس کے کہ سننے اور دیکھنے کی قوتیں خود اُس کے اندر موجود ہوں۔ اسی طرح حس اور حرکتِ ارادی وغیرہ قسم کے آثارِ حیات بھی اُن میں ظاہر ہو جاتے ہیں بغیر اس کے کہ وہ خود حیات رکھتے ہوں۔ وہی مخلوقات میں کلام کو پیدا کرتا ہے بغیر اس کے کہ قوتِ تکلم پیدا کرے۔ مختصر یہ کہ صفات کے آثار جو حق سبحانہٗ تعالیٰ کے پیدا کرنے کی وجہ سے اُن میں ظاہر ہو گئے ہیں محض ان آثار کے پائے جانے کی وجہ سے اُن پر ان صفات کا (مجازی طور پر) اطلاق کر دیا جاتا ہے بغیر اس کے کہ ان صفات کی حقیقت اُن کے اندر متحقق ہو۔ حقیقت میں وہ چند بے حس و حرکت جمادات کے سوا اور کچھ بھی نہیں۔ آیۂ مبارکہ اِنَّکَ مَیِّتٌ وَّاِنَّھُمْ مَّیِّتُوْنَ اسی بات کی تصدیق کر رہی ہے۔

یہ بحث ایک مثال سے واضح ہو جاتا ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ شعبدہ باز لکڑی کا کوئی ماڈل یا کاغذ پر کوئی تصویر بناتا ہے۔ وہ خود پس پردہ بیٹھ کر اُس صورت کو حرکت میں لاتا ہے۔ اور عجیب و غریب حرکات اس سے ظاہر کرتا ہے۔ سادہ لوح لوگ تو یہی سمجھیں گے کہ وہ تصویر اپنی قدرت و اختیار سے حرکتیں کر رہی ہے اور حرکات کا بظاہر اس سے صادر ہونا اس بات کا وہم بھی پیدا کرتا ہے کہ تصویر کو قدرت اور ارادے کی صفات حاصل ہیں۔ حالانکہ حقیقت میں نہ اُسے قدرت حاصل ہے اور نہ وہ ارادے کی صفت سے متصف ہے۔ اسی طرح یہ وہم بھی ہو جاتا ہے کہ وہ زندگی بھی رکھتی ہے کیونکہ اُس میں زندگی کے آثار نظر آتے ہیں۔ اسی طرح یہ وہم بھی ہو جاتا ہے کہ وہ علم بھی رکھتی ہے کیونکہ ارادہ تو علم ہی کے تابع ہے۔ اگر بالفرض وہ شعبدہ باز اُس میں بولنا اور بات کرنا بھی ایجاد کر دے تو لوگ کہنے لگیں گے کہ وہ باتیں بھی کرتی ہے۔ چنانچہ اس کا حال وہی ہو گا جو

سامری کے بچھڑے کا تھا، جس نے آواز نکالی حالانکہ کلام کرنے کی صفت اُس کے اندر موجود نہیں تھی۔ چنانچہ جن کی چشمِ بصیرت دوبینی کے پردے کو چاک کرچکی وہ دیکھتے ہیں کہ یہ تصویر محض بے جان چیز ہے۔ ان میں سے کوئی سی صفت بھی اس کے اندر موجود نہیں۔ بلکہ اس کا ایک بنانے والا ہے جو ان تمام حرکات و آثار کو اس میں پیدا کر رہا ہے۔ اس کے باوجود وہ دانا بھی ان افعال و حرکات کو اسی تصویر کی طرف منسوب کرتے ہیں اور اس کے بنانے والے کی طرف منسوب نہیں کرتے۔ وہ کہتے ہیں کہ تصویر حرکت کر رہی ہے اور یوں نہیں کہتے کہ بنانے والا حرکت کر رہا ہے اور بنانے والے کے متعلق یہی کہتے ہیں کہ وہ ان حرکات کو پیدا کرنے والا ہے۔

اس کے بعد یہاں یہ کہنے کی گنجائش نہیں رہتی جیسا کہ بعض صوفیہ نے کہا۔ چنانچہ انہوں نے لذّت والم کو بھی حق تعالیٰ سبحانہٗ کی طرف منسوب کر دیا ہے۔ حاشا وکلاّ۔ حق تعالیٰ تو لذّت و الم کا پیدا کرنے والا ہے، وہ خود لذّت حاصل کرنے والا اور الم محسوس کرنے والا نہیں ہے۔ لہٰذا جب صفات کی حقیقت بندوں سے منتفی ہو گئی تو ذات کی حقیقت بھی ان سے منتفی ہو گی کیونکہ ذات تو اسی کو کہتے ہیں جو خود اپنے نفس کے ساتھ قائم ہو اور صفات اس کی ذات کے ساتھ قائم رہتی ہیں۔ ذات ہی ان صفات کے آثار کا سرچشمہ ہوتی ہے۔

مذکورہ بالا تحقیق سے یہ بات معلوم ہو گئی کہ بغیر واسطۂ صفات و ذات ان آثار کا پیدا کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے اور ذات اس کے سوا کچھ نہیں کہ وہ ان آثار کو ایجاد کرنے والی ہوتی ہے اور اس سے حقیقتِ ذات بھی اُس سے منتفی ہو گئی۔ "بے شک اللہ نے آدم کو اپنی صورت پر پیدا فرمایا ہے" یہ بھی اسی بات کی طرف اشارہ ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کو اپنی ذات وصفات کی صورت پر پیدا فرمایا ہے۔ پس ثابت ہوا کہ نہ اس کی ذات کی کوئی مثل ہے۔ اور نہ صفات کی۔

پس اللہ تعالیٰ کا فرمان وَهُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ تنزیہہ کا پورا کرنے والا نفی مماثلت کی تکمیل کرنے والا ہے۔ یہ تنزیہہ کے منافی اور تشبیہ کو ثابت کرنے والا نہیں ہے کہ جو سُننا اور دیکھنا مخلوقات کے لیے ہے ایسا ہی سُننا اور دیکھنا اُس کے لیے ہو۔ بلکہ انہیں نہ سننے کی طاقت ہے اور نہ دیکھنے کی کیونکہ ان کا سُننا اور دیکھنا یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے صفتِ سمع و بصر کے بغیر اُن میں یہ چیز پیدا کر دی ہے۔ اگرچہ یہاں سننے اور دیکھنے کا ذکر کیا ہے لیکن تمام صفات کا یہی حال ہے۔ ان دونوں کی نفی اس لیے فرمائی کہ ان کا ظاہر اور ثابت ہونا واضح ہے اور ان کی نفی سے باقی صفات کی خود بخود نفی ہو جائے گی جیسا کہ مخفی نہیں ہے۔ پس ثابت ہوا کہ خدا کی نہ ذات کو پہچانا جا سکتا ہے اور نہ صفات کو۔ آدمی جس طرح اللہ تعالیٰ کی ذات کو پہچاننے سے عاجز ہے اسی طرح اس کی صفات کو پہچاننے سے بھی عاجز ہے۔ بھلا کہاں مشتِ خاک اور کہاں ربِّ کائنات (معارفِ لدنیہ، مطبوعہ کراچی، ص ۴۲ تا ۴۵)

بَابٌ ۴۰ فِي الرُّؤْيَةِ

دیدار الٰہی کا بیان

۱۳۰۲۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا جَرِيرٌ وَوَكِيعٌ وَأَبُو أُسَامَةَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جُلُوسًا فَنَظَرَ إِلَى الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ لَيْلَةَ أَرْبَعَ

قیس بن ابو حازم سے روایت ہے کہ حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں بیٹھے ہوئے تھے تو آپ نے چودھویں رات کے چاند کی طرف دیکھ کر فرمایا۔ تم عنقریب اپنے رب کو ایسے دیکھو گے جیسے اسے دیکھتے ہو اور اسے دیکھنے میں تمہیں کوئی دِقّت پیش نہیں آتی۔

عَشِيَّةً فَقَالَ إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ كَمَا تَرَوْنَ هٰذَا لَا تُضَامُّونَ فِي رُؤْيَتِهِ فَإِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَنْ لَا تُغْلَبُوا عَلَى صَلٰوةٍ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوبِهَا فَافْعَلُوا ثُمَّ قَرَأَ هٰذِهِ الْآيَةَ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوبِهَا۔

پس اگر تم سے حفاظت ہو سکے اُس نماز کی جو سورج طلوع ہونے سے پہلے ہے اور سورج غروب ہونے سے پہلے تو برکرو، پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی "اور اپنے رب کی تعریف کرتے ہوئے پاکی بیان کرو سورج نکلنے سے پہلے اور اس کے ڈوبنے سے پہلے" (۲۰ : ۱۳۰)

۱۳۰۳۔ حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا سُفْيَانُ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ سَمِعَهُ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ نَاسٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَنَرَى رَبَّنَا عَزَّ وَجَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ هَلْ تُضَارُّونَ فِي رُؤْيَةِ الشَّمْسِ فِي الظَّهِيرَةِ لَيْسَتْ فِي سَحَابَةٍ قَالُوا لَا قَالَ هَلْ تُضَارُّونَ فِي رُؤْيَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ لَيْسَ فِي سَحَابَةٍ قَالُوا لَا وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَا تُضَارُّونَ فِي رُؤْيَتِهِ إِلَّا كَمَا تُضَارُّونَ فِي رُؤْيَةِ أَحَدِهِمَا۔

سہیل بن ابو صالح نے اپنے والد ماجد سے روایت کی کہ اُنہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بیان فرماتے ہوئے سُنا۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! کیا بروزِ قیامت ہم اپنے رب عزّ و جل کو دیکھیں گے؟ فرمایا کیا دوپہر کے وقت جب کہ بادل نہ ہوں تو تمہیں سورج کے دیکھنے میں کوئی رکاوٹ پیش آتی ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ نہیں۔ فرمایا کہ چودھویں رات کو جب ابر نہ ہو تو تمہیں چاند کے دیکھنے میں رکاوٹ پیش آتی ہے؟ عرض گزار ہوئے نہیں۔ فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے، تمہیں اس کو دیکھنے میں رکاوٹ پیش نہیں آئے گی مگر اتنی ہی جتنی ان دونوں میں پیش آتی ہے۔

۱۳۰۴۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ ح وَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ نَا أَبِي نَا شُعْبَةُ الْمَعْنَى عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ عَنْ وَكِيعٍ قَالَ مُوسَى بْنُ حُدُسٍ عَنْ أَبِي رَزِينٍ قَالَ مُوسَى الْعُقَيْلِيُّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَكُلُّنَا يَرَى رَبَّهُ قَالَ ابْنُ مُعَاذٍ مُخْلِيًا بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَمَا آيَةُ ذٰلِكَ فِي خَلْقِهِ قَالَ يَا أَبَا رَزِينٍ أَلَيْسَ كُلُّكُمْ يَرَى الْقَمَرَ قَالَ ابْنُ مُعَاذٍ لَيْلَةَ الْبَدْرِ مُخْلِيًا بِهِ قَالَ ابْنُ مُعَاذٍ قَالَ فَإِنَّمَا هُوَ خَلْقٌ مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ فَاللّٰهُ أَجَلُّ وَأَعْظَمُ۔

موسیٰ بن اسمٰعیل، حماد ــــ عبید اللہ بن معاذ، ان کے والد شعبہ، یعلی بن عطاء، وکیع، موسیٰ ابن حدس سے روایت ہے کہ حضرت ابو رزین موسیٰ عقیلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! کیا ہم سب اپنے رب کو دیکھیں گے؟ ابن معاذ کا بیان ہے کہ قیامت کے روز الگ الگ اور مخلوق میں اس کی نشانی ہے؟ فرمایا اے ابو رزین! کیا تم سب چاند کو نہیں دیکھتے؟ ابن معاذ نے کہا کہ چودھویں کے چاند کو الگ الگ پھر دونوں متفق ہو گئے۔ میں نے عرض کی، کیوں نہیں۔ فرمایا کہ اللہ تو بہت بڑا ہے۔ ابن معاذ نے کہا کہ یہ تو اللہ کی مخلوق میں سے ایک مخلوق ہے جبکہ اللہ تعالیٰ تو بڑی شان اور عظمت والا ہے۔

۱۳۰۵۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ أَنَّ أَبَا أُسَامَةَ أَخْبَرَهُمْ عَنْ عُمَرَ بْنِ حَمْزَةَ قَالَ قَالَ سَالِمٌ أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ

سالم نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ قیامت کے روز اللہ تعالیٰ آسمانوں کو لپیٹ لے گا۔ پھر انہیں اپنے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَطْوِي اللّٰهُ تَعَالٰى السَّمٰوَاتِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثُمَّ يَأْخُذُهُنَّ بِيَدِهِ الْيُمْنٰى ثُمَّ يَقُوْلُ اَنَا الْمَلِكُ اَيْنَ الْجَبَّارُوْنَ اَيْنَ الْمُتَكَبِّرُوْنَ ثُمَّ يَطْوِي الْاَرَضِيْنَ ثُمَّ يَأْخُذُهُنَّ قَالَ ابْنُ الْعَلَاءِ بِيَدِهِ الْاُخْرٰى ثُمَّ يَقُوْلُ اَنَا الْمَلِكُ اَيْنَ الْجَبَّارُوْنَ اَيْنَ الْمُتَكَبِّرُوْنَ۔

دستِ قدرت میں لے کر فرمائے گا۔ حقیقی بادشاہ میں ہوں۔ جابر بادشاہ کہاں ہیں؟ متکبّر بادشاہ کہاں ہیں؟ پھر زمینوں کو لپیٹ لے گا اور انہیں لے کر۔ ابن العلاء نے کہا کہ دوسرے دستِ قدرت میں پھر فرمائے گا کہ حقیقی بادشاہ میں ہوں۔ جابر بادشاہ کہاں ہیں؟ متکبّر بادشاہ کہاں ہیں۔

۱۳۰۶۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَعَنْ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَغَرِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَنْزِلُ رَبُّنَا عَزَّ وَجَلَّ كُلَّ لَيْلَةٍ اِلٰى سَمَاءِ الدُّنْيَا حِيْنَ يَبْقٰى ثُلُثُ اللَّيْلِ الْاٰخِرُ فَيَقُوْلُ مَنْ يَدْعُوْنِيْ فَاَسْتَجِيْبَ لَهٗ مَنْ يَسْاَلُنِيْ فَاُعْطِيَهٗ مَنْ يَسْتَغْفِرُنِيْ فَاَغْفِرَ لَهٗ۔

ابو عبد اللہ اغر نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ ہمارا رب عزّ وجلّ ہر رات میں آسمانِ دنیا کی طرف نزول فرماتا ہے جبکہ رات کا آخری تہائی حصہ باقی رہ جاتا ہے اور کہتا ہے:۔ کون ہے جو مجھ سے دعا کرے کہ میں اُسے قبول فرماؤں۔ کون ہے جو مجھ سے سوال کرے کہ میں اُسے دوں۔ کون ہے جو مجھ سے بخشش مانگے کہ میں اُسے بخش دوں۔

ف۔ پروردگارِ عالم کے اُترنے چڑھنے سے بندوں کی طرح اُترنا چڑھنا مراد لینا مجسمہ جیسے گمراہ فرقے اور اُس کے مقلدین اعمٰی یعنی علامہ ابن تیمیہ حرانی (المتوفی ۷۲۸ھ ر ۱۳۲۶ء) وغیرہ جیسے لوگوں کا مذہب ہے۔ اہلِ حق یعنی اہلسنت وجماعت کے نزدیک اُترنے چڑھنے سے جو مفہوم بدیہی طور پر ذہن میں آتا ہے اللہ تعالیٰ اس سے پاک ہے کیونکہ یہ خاصۂ اجسام ہے اور پروردگارِ عالم جسم سے پاک اور بے نیاز ہے۔ اس بارے میں سلف وخلف کا مذہب یہی ہے کہ ایسی آیات و احادیث کا ظاہر مفہوم مراد لیں ان کے معانی میں تاویلات نہ کریں اور حقیقی مفہوم کو پروردگارِ عالم کے سپرد کر دیں کہ اپنے اُترنے چڑھنے کی حقیقت کو وہی جانتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ ۷۰۸ فِي الْقُرْاٰنِ۔

قرآنِ مجید کا بیان

۱۳۰۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ اَنَا اِسْرَائِيْلُ نَا عُثْمَانُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ عَنْ سَالِمٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْرِضُ عَلَى النَّاسِ بِالْمَوْقِفِ فَقَالَ اَلَا رَجُلٌ يَحْمِلُنِيْ اِلٰى قَوْمِهٖ فَاِنَّ قُرَيْشًا قَدْ مَنَعُوْنِيْ اَنْ اُبَلِّغَ كَلَامَ رَبِّيْ۔

سالم سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عرفات میں اپنے آپ کو لوگوں پر پیش کیا کرتے تھے اور فرماتے:۔ کیا ہے کوئی شخص جو مجھے اپنی قوم کے پاس لے چلے کیونکہ قریش نے مجھے میرے رب کے کلام (قرآن مجید) کی تبلیغ سے روک دیا ہے۔

۱۳۰۸۔ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ عُمَرَ اَنَا اِبْرَاهِيْمُ ابْنُ مُوْسٰى نَا ابْنُ اَبِيْ زَائِدَةَ عَنْ مُجَالِدٍ عَنْ

عامر شعبی سے روایت ہے کہ حضرت عامر بن شہر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ میں نجاشی (شاہِ حبشہ) کے پاس تھا کہ

عَامِرٍ يَعْنِي الشَّعْبِيَّ عَنْ عَامِرِ بْنِ شَهْرٍ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ النَّجَاشِيِّ فَقَرَأَ ابْنٌ لَهُ آيَةً مِنَ الْإِنْجِيلِ فَضَحِكْتُ فَقَالَ أَتَضْحَكُ مِنْ كَلَامِ اللَّهِ تَعَالَى۔

اُن کے بیٹے نے انجیل کی ایک آیت پڑھی تو میں ہنس پڑا۔ اُس نے کہا۔ کیا آپ اللہ تعالیٰ کے کلام پر ہنستے ہیں۔

۱۳۰۹۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ أَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ وَسَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ وَعَلْقَمَةُ بْنُ وَقَّاصٍ وَعُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ حَدِيثِ عَائِشَةَ وَكُلٌّ حَدَّثَنِي طَائِفَةً مِنَ الْحَدِيثِ قَالَتْ وَلَشَأْنِي فِي نَفْسِي كَانَ أَحْقَرَ مِنْ أَنْ يَتَكَلَّمَ اللَّهُ فِيَّ بِأَمْرٍ يُتْلَى۔

سلیمان بن داؤد مہری، عبداللہ بن وہب، یونس بن یزید، ابن شہاب سے عروہ بن زبیر اور سعید بن مسیب اور علقمہ بن وقاص اور عبیداللہ بن عبداللہ ہر ایک نے حدیثِ عائشہ کا ایک حصہ بیان کیا کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ میں اپنے آپ کو اس قابل نہیں سمجھتی تھی بلکہ خود کو اس سے کم تر سمجھتی تھی کہ میرے متعلق کلام الٰہی کی آیتیں نازل ہوں گی جن کی تلاوت کی جائے گی۔

۱۳۱۰۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَوِّذُ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ أُعِيذُكُمَا بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ ثُمَّ يَقُولُ كَانَ أَبُوكُمْ يُعَوِّذُ بِهِمَا إِسْمَعِيلَ وَإِسْحٰقَ۔

سعید بن جبیر سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم امام حسن اور امام حسین کو پناہ میں دیا کرتے (یا تعویذ باندھا کرتے) کہ میں تم دونوں کو اللہ کے کلمات کی پناہ میں دیتا ہوں جو مکمل ہیں، ہر شیطان اور موذی سے اور لگ جانے والی ہر نظر سے۔ پھر فرمایا کرتے کہ تمہارے باپ (حضرت ابراہیم) بھی ان لفظوں کے ساتھ حضرت اسمٰعیل اور حضرت اسحاق کو پناہ میں دیا کرتے تھے

۱۳۱۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي سُرَيْجٍ الرَّازِيُّ وَعَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ وَعَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ قَالُوا نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ نَا الْأَعْمَشُ عَنْ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا تَكَلَّمَ اللَّهُ تَعَالَى بِالْوَحْيِ سَمِعَ أَهْلُ السَّمَا فَيُصْعَقُونَ فَلَا يَزَالُونَ كَذَٰلِكَ حَتَّى يَأْتِيَهُمْ جِبْرِيلُ حَتَّى إِذَا جَاءَهُمْ جِبْرِيلُ فُزِّعَ عَنْ قُلُوبِهِمْ قَالَ فَيَقُولُونَ يَا جِبْرِيلُ مَاذَا قَالَ رَبُّكَ فَيَقُولُ الْحَقَّ فَيَقُولُونَ الْحَقَّ الْحَقَّ۔

احمد بن ابی سریج رازی اور علی بن حسین بن ابراہیم اور علی بن مسلم، ابو معاویہ، اعمش، مسلم، مسروق نے حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب اللہ تعالیٰ وحی کے ذریعے کلام فرماتا ہے تو اُسے ایک آسمان والوں سے دوسرے آسمان والے یوں سنتے ہیں، جیسے زنجیر کی آواز صاف پتھر پر۔ پس وہ بیہوش ہو جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ جب حضرت جبرئیل اُن کے پاس آتے ہیں تو انہیں ہوش آتا ہے۔ وہ عرض کرتے ہیں کہ اے جبرئیل! آپ کے رب نے کیا فرمایا؟ یہ کہتے ہیں کہ حق۔ پس وہ سارے حق حق کہنے لگتے ہیں۔

بَابٌ ۴۰۹ ذِكْرُ الْبَعْثِ وَالصُّورِ

دوبارہ زندہ ہونے اور صور پھونکنے کا ذکر

۱۳۱۲۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا مُعْتَمِرٌ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي قَالَ نَا أَسْلَمُ عَنْ بِشْرِ بْنِ شَغَافٍ

بشر بن شغاف نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ

عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ الصُّوْرُ قَرْنٌ یُنْفَخُ فِیْہِ۔

علیہ وسلم نے فرمایا، صور ایک سنکھ یا سینگ کی طرح ہے جس میں پھونک ماری جاتی ہے۔

۱۳۱۳۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِیُّ عَنْ مَالِکٍ عَنْ اَبِی الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِی ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ کُلُّ ابْنِ اٰدَمَ تَاْکُلُ الْاَرْضُ اِلَّا عَجْبَ الذَّنَبِ مِنْہُ خُلِقَ وَمِنْہُ یُرَکَّبُ۔

اعرج نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی کے جسم کے ہر حصے کو زمین کھا جاتی ہے سوائے ریڑھ کی ہڈی کے کہ اُسی سے پیدا کیا گیا اور اسی سے دوبارہ بنایا جائے گا۔

بَابٌ ۲۱ فِی الشَّفَاعَۃِ۔

شفاعت کا بیان

۱۳۱۴۔ حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ بْنُ حَرْبٍ نَا بِسْطَامُ بْنُ حُرَیْثٍ عَنِ الْاَشْعَثِ الْحُدَّانِیِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ شَفَاعَتِیْ لِاَھْلِ الْکَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِیْ۔

اشعث حدانی نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، میری شفاعت میری اُمت کے کبیرہ گناہ کرنے والوں کے لیے ہے۔

ف۔ پروردگار عالم نے اپنے محبوب شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے متعلق فرمایا ہے:۔

عَسٰٓی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ○ (۱۷:۷۹) قریب ہے کہ تمہارا رب تمہیں ایسی جگہ کھڑا کرے جہاں سب تمہاری تعریف کریں۔

رحمتِ دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی شفاعت و سیادت اور خلافتِ عظمیٰ کے بارے میں فرمایا ہے:۔

۱۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے:۔ سئل رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عن المقام المحمود فقال ھو الشفاعۃ (بخاری، ترمذی)۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مقامِ محمود کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا کہ وہ شفاعت ہے۔

۲۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے:۔ سئل عنہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعنی قولہ تعالیٰ عَسٰٓی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا فقال ھی الشفاعۃ۔ (احمد، بیہقی) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عَسٰٓی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا کہ وہی شفاعت ہے۔

۳۔ سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام میدانِ محشر میں انسانوں کے وفد سے فرمائیں گے، لیس ذاکم عندی ولکن انطلقوا الی سید ولد ادم (احمد، بزار، ابویعلیٰ، ابن حبان) تمہارا یہ کام (شفاعت والا) مجھ سے نہیں نکلے گا لہٰذا تم اولادِ آدم کے سردار کے پاس جاؤ۔

۴۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

انا سید ولد ادم یوم القیامۃ واول من ینشق عنہ القبر واول شافع واول مشفع (مسلم، ابوداؤد) میں قیامت کے روز ساری اولادِ آدم کا سردار ہوں اور وہ ہوں جس کی قبر سب سے پہلے شق ہوگی اور سب سے پہلے شفاعت کرنے والا ہوں اور سب سے پہلے میری شفاعت قبول ہوگی۔

۵ ـــــ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: انا سید الناس یوم القیامۃ (احمد، بخاری، مسلم، ترمذی)۔ میں قیامت کے روز سب انسانوں کا سردار ہوں۔

۶ ـــــ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: انا سید الناس یوم القیامۃ ولا فخر وانا اول من یدخل الجنۃ ولا فخر (دارمی، بیہقی، ابو نعیم) میں قیامت کے روز تمام انسانوں کا سردار ہوں اور یہ فخریہ نہیں کہتا۔ میں سب سے پہلے جنت میں داخل ہوں گا اور یہ فخر کے طور پر نہیں کہتا۔

۷ ـــــ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سرورِ کون و مکاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

انا سید ولد آدم یوم القیامۃ ولا فخر وبیدی لواء الحمد ولا فخر وما من نبی یومئذ آدم فمن سواہ الا تحت لوائی (احمد، ترمذی، ابن ماجہ)۔ میں قیامت کے روز اولادِ آدم کا سردار ہوں اور یہ فخریہ نہیں کہا۔ لواء الحمد میرے ہاتھ میں ہوگا اور یہ فخریہ نہیں کہتا اور اس روز حضرت آدم اور ان کے سوا کوئی نبی نہیں ہوگا جو میرے جھنڈے کے نیچے نہ ہو۔

۸ ـــــ حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ فخرِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

انا سید ولد آدم فی الدنیا والآخرۃ ولا فخر وانا اول من تنشق الارض عنی وعن امتی ولا فخر وبیدی لواء الحمد یوم القیامۃ وجمیع الانبیاء تحتہ ولا فخر وبیدی مفاتیح الجنۃ ولا فخر وانا امامھم وامتی بالاثر (ابو نعیم) میں دنیا و آخرت میں اولادِ آدم کا سردار ہوں اور یہ فخریہ نہیں کہتا۔ میں سب سے پہلا ہوں جس سے زمین شق ہوگی اور میری امت سے اور یہ فخر کے طور پر نہیں کہتا اور بروزِ قیامت لواء الحمد میرے ہاتھ میں ہوگا اور سب انبیاء اس کے نیچے ہوں گے یہ فخریہ نہیں کہا۔ قیامت کے روز جنت کی کنجیاں میرے ہاتھ میں ہوں گی اور یہ فخر کے طور پر نہیں کہتا۔ درِ شفاعت میرے ساتھ کھولا جائے گا اور یہ فخریہ نہیں کہا۔ ساری مخلوق سے پہلے میں جنت میں جاؤں گا جبکہ یہ فخریہ نہیں کہتا۔ میں سب سے آگے ہوں گا اور میری امت میرے پیچھے ہوگی۔

۹ ـــــ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حبیبِ پروردگار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: انا اول الناس خروجا اذا بعثوا وانا قائدھم اذا وفدوا وانا خطیبھم اذا انصتوا وانا مستشفعھم اذا حبسوا وانا مبشرھم اذا ایئسوا الکرامۃ والمفاتیح یومئذ بیدی ولواء الحمد یومئذ بیدی وانا اکرم ولد آدم علی ربی (ترمذی، دارمی، بیہقی، ابو یعلیٰ، ابو نعیم) میں لوگوں میں سب سے پہلا ہوں جب وہ اٹھائے جائیں گے اور میں ان کا قائد ہوں گا جب ان کے وفد بنائے جائیں گے اور میں ان کی طرف سے بات کرنے والا ہوں گا جب وہ مہر بلب ہوں گے اور میں ان کے لیے شفاعت کا مطالبہ کروں گا جب وہ روک دیئے جائیں گے اور میں انہیں خوشخبری دینے والا ہوں جب وہ مایوس ہو جائیں گے۔ تمام بزرگیاں اور ساری کنجیاں اس روز میرے ہاتھ میں ہوں گی اور لواء الحمد اس روز میرے ہاتھ میں ہوگا اور میں اپنے پروردگار کے نزدیک ساری اولادِ آدم سے معزز ہوں ـــــ سبحان اللہ! اسی لیے تو ایک دانائے راز نے کہا ہے:

؎ فقط اتنا سبب ہے انعقاد بزمِ محشر میں
کہ ان کی شانِ محبوبی دکھائی جانے والی ہے

۱۰ ـــــ حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم، نورِ مجسم، فخرِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: انا حبیب اللہ ولا فخر وانا حامل لواء الحمد یوم القیامۃ تحتہ آدم فمن دونہ ولا فخر وانا اول شافع واول مشفع یوم القیامۃ ولا فخر وانا اول من یحرک حلق الجنۃ فیفتح اللہ لی فیدخلنیھا ومعی فقراء المؤمنین ولا فخر وانا اکرم الاولین والآخرین علی اللہ ولا فخر (ترمذی، دارمی، ابو نعیم) میں

اللہ کا حبیب ہوں اور یہ فخریہ نہیں کہا۔ قیامت کے روز لواء الحمد میں اٹھاؤں گا جس کے نیچے حضرت آدم اور ان کے سوا سارے ہوں گے اور یہ فخریہ نہیں کہتا۔ قیامت کے روز سب سے پہلے شفاعت کرنے والا میں ہوں اور سب سے پہلے میری شفاعت منظور فرمائی جائے گی اور یہ فخر کے طور پر نہیں کہا۔ سب سے پہلے دروازۂ جنت کی زنجیر ہلاؤں گا تو اللہ تعالیٰ میرے لیے اُسے کھول کر مجھے اندر لے جائے گا اور فقرائے مومنین میرے ساتھ ہوں گے اور یہ از راہِ ناز نہیں کہتا۔ میں اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب اگلے پچھلے بزرگوں سے زیادہ عزت والا ہوں اور یہ فخر کے طور پر نہیں کہتا۔

۱۱۔۔۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اٰتی باب الجنة یوم القیامة فاستفتح فیقول الخازن من انت فاقول محمد فیقول بک امرت ان لا افتح لاحد قبلک۔

(مسند احمد، صحیح مسلم) روزِ قیامت میں دروازۂ جنت پر جا کر کھولنے کے لیے کہوں گا۔ خازن کہے گا کہ آپ کون ہیں؟ میں کہوں گا کہ محمد مصطفیٰ ہوں۔ کہے گا کہ مجھے آپ کے متعلق حکم ہوا ہے کہ آپ سے پہلے کسی کے لیے نہ کھولوں۔ طبرانی کی روایت میں ہے کہ رضوان عرض گزار ہو گا۔ لا افتح لاحد قبلک ولا اقوم لاحد بعدک۔ آپ سے پہلے کسی کے لیے نہ کھولوں اور آپ کے بعد کسی کے لیے تعظیمی قیام نہ کروں۔

الحمد للہ کہ اس عاجز کو خدائے ذو المنن نے محض اپنے فضل و کرم سے اپنے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اُمت میں پیدا فرمایا۔ دعا ہے کہ اُس سرکار کے غلاموں میں شمار فرمائے اور دارین میں کسی جگہ بھی رحمتِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دامنِ رحمت اس عصیاں شعار کے ہاتھوں سے چھٹنے نہ پائے کیونکہ کونین کی ساری بہار، حبیب پروردگار کے دامن سے وابستہ ہے۔ وہی تو پیارا ہے جو ہم گنہگاروں کا سہارا ہے اور ہمارے بحرِ غم کا کنارا ہے۔ اُسی محبوب کے در سے اہلِ ایمان کو ہٹانے کے لیے بعض دشمنانِ رسول و منکرینِ شانِ رسالت نے لکھ مارا ہے:۔

۱۔۔۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ جو کسی کو اپنا حمایتی سمجھے گو یہی جان کر کہ اس کے سبب سے خدا کی نزدیکی حاصل ہوتی ہے، سو وہ بھی مشرک ہے۔ (تقویۃ الایمان، مطبوعہ اشرف پریس لاہور، ص ۳۲)

۲۔۔۔ ہر کوئی اپنے معاملے میں اس کے روبرو اکیلا حاضر ہونے والا ہے۔ کوئی کسی کا وکیل اور حمایتی نہیں بننے والا (تقویۃ الایمان ص ۴۴)

۳۔۔۔ اسی طرح یہ حاجت بھی اُسی کے اختیار پر چھوڑ دیجئے کہ جس کو چاہے ہمارا شفیع کر دے نہ یہ کہ کسی کی حمایت پر بھروسہ کیجئے (تقویۃ الایمان، ص ۷۰)۔

۴۔۔۔ اللہ کے ہاں کا معاملہ میرے اختیار سے باہر ہے۔ وہاں میں کسی کی حمایت نہیں کر سکتا اور کسی کا وکیل نہیں بن سکتا (تقویۃ الایمان ص ۴۴)۔

۵۔۔۔ اور یہ یقین جان لینا چاہیے کہ ہر مخلوق بڑا ہو یا چھوٹا وہ اللہ کی شان کے آگے چمار سے بھی ذلیل ہے۔ (تقویۃ الایمان ص ۱۴)

۶۔۔۔ اللہ کی شان بہت بڑی ہے کہ سب انبیاء اور اولیاء اس کے روبرو ایک ذرۂ ناچیز سے بھی کم تر ہیں (تقویۃ الایمان ص ۱۰۱)

۷۔۔۔ جو کچھ اللہ اپنے بندوں سے معاملہ کرے گا، خواہ دنیا میں، خواہ قبر میں، خواہ آخرت میں سو اُس کی حقیقت کسی کو معلوم نہیں، نہ نبی کو، نہ ولی کو، نہ اپنا حال، نہ دوسرے کا (تقویۃ الایمان، ص ۶۲)۔

۸۔۔۔ شیطان و ملک الموت کو جو یہ وسعتِ علم دی اس کا حال مشاہدہ اور نصوص قطعیہ سے معلوم ہوا۔ اب اس پر کسی افضل

کو قیاس کر کے اس میں بھی مثل یا نہ الخ اس مفضول سے ثابت کرنا کسی عاقل ذی علم کا کام نہیں۔ اول تو عقائد کے مسائل قیاسی نہیں کہ قیاس سے ثابت ہو جاویں بلکہ قطعی ہیں۔ قطعیات نصوص سے ثابت ہوتے ہیں کہ خبرِ واحد بھی یہاں مفید نہیں۔ لہٰذا اس کا اثبات اس وقت قابلِ التفات ہو کہ مؤلف قطعیات سے اس کو ثابت کرے اور خلاف تمام اُمت کے ایک قیاس فاسد سے عقیدہ خلق کا اگر فاسد کیا چاہے تو کب قابلِ التفات ہوگا۔ دوسرے قرآن و حدیث سے اس کے خلاف ثابت ہے۔ پس اس کا خلاف کس طرح قبول ہو سکتا ہے؛ بلکہ یہ سب قول مؤلف کا مردود ہوگا۔ خود فخرِ عالم علیہ السلام فرماتے ہیں۔ و اللہ لا ادری ما یفعل بی و لا بکم (الحدیث) اور شیخ عبدالحق روایت کرتے ہیں کہ مجھ کو دیوار کے پیچھے کا بھی علم نہیں" براہین قاطعہ مطبوعہ دیوبند، ص ۵۵)۔

۱۳۱۵۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيٰى عَنِ الْحَسَنِ ابْنِ ذَكْوَانَ قَالَ نَا أَبُو رَجَاءٍ قَالَ حَدَّثَنِي عِمْرَانُ ابْنُ حُصَيْنٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَخْرُجُ قَوْمٌ مِّنَ النَّارِ بِشَفَاعَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ وَيُسَمَّوْنَ الْجَهَنَّمِيِّيْنَ۔

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہوئے فرمایا:۔ محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت کے لیے کچھ لوگوں کو دوزخ سے نکال کر جنت میں داخل کیا جائے گا تو بعض اُنہیں جہنمیوں کے نام سے پکاریں گے۔

۱۳۱۶۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا جَرِيْرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ يَأْكُلُونَ مِنْهَا وَيَشْرَبُونَ۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا:۔ جنتی اس کے اندر کھائیں گے اور پئیں گے۔

بَابٌ ۴۱ فِي خَلْقِ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ۔

جنّت اور دوزخ کی پیدائش

۱۳۱۷۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيْلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ الْجَنَّةَ قَالَ لِجِبْرِيْلَ اذْهَبْ فَانْظُرْ إِلَيْهَا فَذَهَبَ فَنَظَرَ إِلَيْهَا ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ أَيْ رَبِّ وَعِزَّتِكَ لَا يَسْمَعُ بِهَا أَحَدٌ إِلَّا دَخَلَهَا ثُمَّ حَفَّهَا بِالْمَكَارِهِ ثُمَّ قَالَ يَا جِبْرِيْلُ اذْهَبْ فَانْظُرْ إِلَيْهَا فَذَهَبَ فَنَظَرَ إِلَيْهَا ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ أَيْ رَبِّ وَعِزَّتِكَ لَقَدْ خَشِيْتُ أَنْ لَا يَدْخُلَهَا أَحَدٌ قَالَ فَلَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ تَعَالَى النَّارَ قَالَ يَا جِبْرِيْلُ اذْهَبْ فَانْظُرْ إِلَيْهَا فَذَهَبَ فَنَظَرَ

ابوسلمہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جب اللہ تعالیٰ نے جنت کو پیدا کیا تو حضرت جبرئیل سے فرمایا:۔ جاؤ اور اُسے دیکھو، اُنہوں نے جا کر دیکھا اور واپس آ کر عرض گزار ہوئے:۔ اے رب! تیری عزت کی قسم، جو اس کے متعلق سنے گا وہ اس میں ضرور داخل ہو جائے گا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اُسے نفس کی ناپسندیدہ چیزوں سے ڈھانپ دیا اور فرمایا:۔ اے جبرئیل! جاؤ اور اسے دیکھو۔ اُنہوں نے جا کر اُسے دیکھا پھر واپس آ کر عرض گزار ہوئے:۔ اے رب! تیری عزت کی قسم، مجھے تو ڈر ہے کہ اس میں کوئی بھی داخل نہیں ہوگا۔ نیز جب اللہ تعالیٰ نے جہنم کو پیدا کیا تو فرمایا:۔ اے جبرئیل! جاؤ اور اُسے دیکھو۔ اُنہوں نے جا کر اُسے دیکھا۔ پھر واپس آ کر عرض گزار

إِلَيْهَا ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ أَيْ رَبِّ وَعِزَّتِكَ لَا يَسْمَعُ بِهَا أَحَدٌ فَيَدْخُلُهَا فَحَفَّهَا بِالشَّهَوَاتِ ثُمَّ قَالَ يَا جِبْرِيلُ اذْهَبْ فَانْظُرْ إِلَيْهَا فَنَظَرَ إِلَيْهَا فَقَالَ أَيْ رَبِّ وَعِزَّتِكَ وَجَلَالِكَ لَقَدْ خَشِيتُ أَنْ لَا يَبْقَى أَحَدٌ إِلَّا دَخَلَهَا۔

ہوئے۔ اے رب! تیری عزت کی قسم جو اسکے متعلق سنے گا وہ اُسمیں کبھی داخل نہیں ہوگا۔ پس اللہ نے اسے نفسانی خواہشات سے ڈھانپ دیا اور فرمایا۔ اے جبرئیل جاؤ اور اُسے دیکھو۔ اُنہوں نے جاکر اُسے دیکھا تو عرض گزار ہوئے اے رب! تیری عزت اور تیرے جلال کی قسم، مجھے تو ڈر ہے کہ کہیں سارے ہی اس میں داخل نہ ہو جائیں۔

بَابٌ ۴۱۲ فِي الْحَوْضِ۔

حوضِ کوثر کا بیان

۱۳۱۸۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ وَمُسَدَّدٌ قَالَا نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَمَامَكُمْ حَوْضًا مَا بَيْنَ نَاحِيَتَيْهِ كَمَا بَيْنَ جَرْبَا وَأَذْرُحَ۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک تمہارے سامنے حوضِ کوثر ہے جس کے دونوں کناروں کے درمیان اتنا فاصلہ ہے جتنا جربا اور اذرح کے درمیان۔

۱۳۱۹۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ النَّمَرِيُّ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ أَبِي حَمْزَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَزَلْنَا مَنْزِلًا فَقَالَ مَا أَنْتُمْ جُزْءٌ مِنْ مِائَةِ أَلْفِ جُزْءٍ مِمَّنْ يَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ قَالَ قُلْتُ كَمْ كُنْتُمْ يَوْمَئِذٍ قَالَ سَبْعُ مِائَةٍ أَوْ ثَمَانُ مِائَةٍ۔

ابو حمزہ سے روایت ہے کہ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھے کہ ایک منزل پر اُترے تو آپ نے فرمایا: جو لوگ حوضِ کوثر پر آئیں گے تم اُن کا لاکھواں حصہ بھی نہیں ہو۔ ابو حمزہ کا بیان ہے کہ میں عرض گزار ہوا کہ آپ حضرات ان دنوں کتنے تھے؟ فرمایا سات سو یا آٹھ سو افراد۔

۱۳۲۰۔ حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ أَغْفَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِغْفَاءَةً فَرَفَعَ رَأْسَهُ مُتَبَسِّمًا قَالَ لَهُمْ وَإِمَّا قَالُوا لَهُ يَا رَسُولَ اللَّهِ لِمَ ضَحِكْتَ فَقَالَ إِنَّهُ أُنْزِلَتْ عَلَيَّ آنِفًا سُورَةٌ فَقَرَأَ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ حَتَّى خَتَمَهَا فَلَمَّا قَرَأَهَا قَالَ هَلْ تَدْرُونَ مَا الْكَوْثَرُ قَالُوا اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ قَالَ فَإِنَّهُ نَهْرٌ وَعَدَنِيهِ رَبِّي فِي الْجَنَّةِ وَعَلَيْهِ خَيْرٌ كَثِيرٌ عَلَيْهِ حَوْضٌ تَرِدُ عَلَيْهِ أُمَّتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ آنِيَتُهُ عَدَدُ الْكَوَاكِبِ۔

مختار بن فلفل کا بیان ہے کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ذرا سی دیر کے لیے نیند آگئی۔ آپ نے تبسّم فرماتے ہوئے سرِ مبارک اٹھایا۔ آپ نے اُن سے فرمایا یا وہ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! آپ کیوں ہنسے؟ ارشاد ہوا کہ مجھ پر ابھی ایک سورت نازل فرمائی گئی ہے۔ پس تلاوت فرمائی: اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے، اے محبوب! بیشک ہم نے تمہیں حوضِ کوثر یا نہرِ کوثر یا خیرِ کثیر عطا فرمائی آخر سورت تک۔ جب پڑھ چکے تو فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ کوثر کیا ہے؟ لوگ عرض گزار ہوئے کہ اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے۔ فرمایا کہ وہ جنت میں ایک نہر ہے جس کا میرے رب نے مجھ سے وعدہ فرمایا ہے اور اس پر بڑی بھلائی ہے اور اس پر حوض ہے قیامت کے روز میری اُمت اس پر وارد ہوگی۔ اس کے برتن تاروں کے برابر ہیں۔

۱۳۲۱۔ حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ النَّضْرِ نَا الْمُعْتَمِرُ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي قَالَ نَا قَتَادَةُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ لَمَّا عُرِجَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجَنَّةِ أَوْ كَمَا قَالَ عُرِضَ لَهُ نَهْرٌ حَافَتَاهُ الْيَاقُوتُ الْمُجَيَّبُ أَوْ قَالَ الْمُجَوَّفُ فَضَرَبَ الْمَلَكُ الَّذِي مَعَهُ بِيَدِهِ فَاسْتَخْرَجَ مِسْكًا فَقَالَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْمَلَكِ الَّذِي مَعَهُ مَا هَذَا قَالَ هَذَا الْكَوْثَرُ الَّذِي أَعْطَاكَ اللَّهُ۔

قتادہ سے روایت ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جب جنت میں معراج ہوئی یا فرمایا کہ جب آپ پر نہر کوثر پیش کی گئی جس کے دونوں کنارے خول دار یاقوت کے ہیں۔ جو فرشتہ آپ کے ساتھ تھا اس نے ہاتھ مارا تو اس سے مشک نکالی۔ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس فرشتے سے فرمایا جو آپ کے ساتھ تھا کہ یہ کیا ہے؟ جواب دیا کہ یہ نہر کوثر ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا فرمائی ہے۔

۱۳۲۲۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ أَبُو طَالُوتَ قَالَ شَهِدْتُ أَبَا بَرْزَةَ دَخَلَ عَلَى عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ زِيَادٍ فَحَدَّثَنِي فُلَانٌ سَمَّاهُ مُسْلِمٌ وَكَانَ فِي السِّمَاطِ قَالَ فَلَمَّا رَآهُ عُبَيْدُ اللَّهِ فَقَالَ إِنَّ مُحَمَّدِيَّكُمْ هَذَا الدَّحْدَاحُ فَفَهِمَهَا الشَّيْخُ فَقَالَ مَا كُنْتُ أَحْسَبُ أَنِّي أَبْقَى فِي قَوْمٍ يُعَيِّرُونِي بِصُحْبَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ عُبَيْدُ اللَّهِ إِنَّ صُحْبَةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَكَ زَيْنٌ غَيْرُ شَيْنٍ ثُمَّ قَالَ إِنَّمَا بَعَثْتُ إِلَيْكَ لِأَسْأَلَكَ عَنِ الْحَوْضِ سَمِعْتَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ فِيهِ شَيْئًا قَالَ أَبُو بَرْزَةَ نَعَمْ لَا مَرَّةً وَلَا ثِنْتَيْنِ وَلَا ثَلَاثًا وَلَا أَرْبَعًا وَلَا خَمْسًا فَمَنْ كَذَّبَ بِهِ فَلَا سَقَاهُ اللَّهُ مِنْهُ ثُمَّ خَرَجَ مُغْضَبًا۔

ابو طالوت کا بیان ہے کہ حضرت ابو برزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ عبید اللہ بن زیاد کے پاس تشریف لے گئے۔ مجھ سے مسلم نامی شخص نے حدیث بیان کی جو سماط میں تھا کہ جب عبید اللہ نے انہیں دیکھا تو کہا: اپنے پست قد اور موٹے محمدی کو دیکھو وہ بزرگ اس بات کو سمجھ گئے اور فرمایا: میرا یہ گمان نہ تھا کہ اُس قوم میں زندہ رہوں گا جو مجھے محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صحبت کا طعنہ دے گی۔ عبید اللہ نے اُن سے کہا کہ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صحبت تو آپ کے لیے باعثِ فخر ہے نہ کہ ننگ و عار۔ پھر اس نے کہا کہ میں نے آپ کو اس لیے بلوایا ہے کہ آپ سے حوضِ کوثر کے متعلق دریافت کروں کہ آپ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس کا ذکر فرماتے ہوئے سنا ہو؟ حضرت ابو برزہ نے فرمایا: ہاں ایک یا دو یا تین یا چار یا پانچ دفعہ ہی نہیں۔ جو اُسے جھٹلاتے تو اُسے اللہ تعالیٰ اس سے نہ پلائے پھر ناراض ہو کر چلے گئے۔

بَابٌ ۲۱۳ فِي الْمَسْأَلَةِ فِي الْقَبْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ۔

قبر کے سوالات اور عذابِ قبر

۱۳۲۳۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ

سعد بن عبیدہ نے حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان سے جب قبر میں سوال کیا جاتا ہے تو وہ گواہی دیتا ہے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الْمُسْلِمَ إِذَا سُئِلَ فِي الْقَبْرِ فَشَهِدَ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ فَذٰلِكَ قَوْلُ اللّٰهِ تَعَالٰى يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ۔

۱۳۲۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْأَنْبَارِيُّ نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الْخَفَّافُ أَبُو نَصْرٍ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ نَخْلًا لِبَنِي النَّجَّارِ فَسَمِعَ صَوْتًا فَفَزِعَ فَقَالَ مَنْ أَصْحَابُ هٰذِهِ الْقُبُورِ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ نَاسٌ مَاتُوا فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَقَالَ تَعَوَّذُوا بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ النَّارِ وَمِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ قَالُوا وَمِمَّ ذٰلِكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ إِنَّ الْمُؤْمِنَ إِذَا وُضِعَ فِي قَبْرِهِ أَتَاهُ مَلَكٌ فَيَقُولُ لَهُ مَا كُنْتَ تَعْبُدُ فَإِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى هَدَاهُ قَالَ كُنْتُ أَعْبُدُ اللّٰهَ فَيُقَالُ لَهُ مَا كُنْتَ تَقُولُ فِي هٰذَا الرَّجُلِ فَيَقُولُ هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُولُهُ فَمَا يُسْأَلُ عَنْ شَيْءٍ غَيْرِهَا فَيُنْطَلَقُ بِهِ إِلٰى بَيْتٍ كَانَ لَهُ فِي النَّارِ فَيُقَالُ لَهُ هٰذَا بَيْتُكَ كَانَ لَكَ فِي النَّارِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ عَصَمَكَ وَرَحِمَكَ فَأَبْدَلَكَ بِهِ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ فَيَقُولُ دَعُونِي حَتّٰى أَذْهَبَ فَأُبَشِّرَ أَهْلِي فَيُقَالُ لَهُ اسْكُنْ وَإِنَّ الْكَافِرَ إِذَا وُضِعَ فِي قَبْرِهِ أَتَاهُ مَلَكٌ فَيَنْتَهِرُهُ فَيَقُولُ لَهُ مَا كُنْتَ تَعْبُدُ فَيَقُولُ لَا أَدْرِي فَيُقَالُ لَهُ لَا دَرَيْتَ وَلَا تَلَيْتَ فَيُقَالُ لَهُ مَا كُنْتَ تَقُولُ فِي الرَّجُلِ فَيَقُولُ كُنْتُ أَقُولُ مَا يَقُولُ النَّاسُ فَيَضْرِبُهُ بِمِطْرَاقٍ مِنْ حَدِيدٍ بَيْنَ أُذُنَيْهِ فَيَصِيحُ صَيْحَةً يَسْمَعُهَا الْخَلْقُ غَيْرُ الثَّقَلَيْنِ۔

کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ اور محمد مصطفٰے اللہ کے رسول ہیں۔ یہ اللہ کے اس ارشاد کے مطابق ہے:۔ ثابت قدم رکھتا ہے اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو سچی بات پر (۱۴: ۲۷)۔

قتادہ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بنی نجار کے ایک کھجوروں کے ایک باغ میں داخل ہوئے تو آپ آواز سن کر گھبرا گئے فرمایا کہ یہ قبریں کن کی ہیں؟ عرض کی گئی کہ یا رسول اللہ! ایسے لوگوں کی ہیں جو دورِ جاہلیت میں مر گئے تھے۔ فرمایا کہ اللہ کی پناہ پکڑو دوزخ کے عذاب اور فتنۂ دجال سے۔ لوگ عرض گزار ہوئے یا رسول اللہ کس لیے؟ فرمایا کہ ایمان والے کو جب اس کی قبر میں رکھا جاتا ہے تو اس کے پاس ایک فرشتہ آتا ہے جو کہتا ہے:۔ تو کس کی عبادت کرتا تھا؟ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اسے ہدایت فرمائی لہٰذا کہتا ہے:۔ میں اللہ کی عبادت کیا کرتا تھا۔ پس اس سے کہا جاتا ہے کہ تو اس شخص کے متعلق کیا کہا کرتا تھا؟ وہ کہتا ہے کہ یہ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ پس اس کے سوا اس سے کسی اور کے متعلق نہیں پوچھا جاتا۔ پس اسے دوزخ کے ایک مکان کی طرف لے جایا جاتا ہے اور اس سے کہا جاتا ہے کہ دوزخ میں تیرا یہ مکان تھا لیکن اللہ تعالیٰ نے تجھے بچایا، رحم کیا اور اس کے بدلے تجھے جنت میں گھر عطا فرمایا ہے۔ پس وہ کہتا ہے کہ مجھے چھوڑ دو۔ تاکہ جا کر اپنے گھر والوں کو بشارت دوں۔ اس سے کہا جاتا ہے کہ یہاں رہو اور کافر کو جب اس کی قبر میں رکھا جاتا ہے تو فرشتہ ڈانٹ کر اس سے کہتا ہے کہ تو کس کی عبادت کیا کرتا تھا؟ وہ کہتا ہے کہ مجھے معلوم نہیں۔ اس سے کہا جاتا ہے کہ نہ تو نے علم حاصل کیا اور نہ کسی کی پیروی کی پھر اس سے کہا جاتا ہے کہ اس شخص کے متعلق تو کیا کہا کرتا تھا؟ پس وہ کہتا ہے کہ میں بھی وہی کہا کرتا تھا جو لوگ کہتے تھے پس وہ اس کے دونوں کانوں کے درمیان لوہے کا گرز مارتا ہے تو وہ زور سے چیخ اٹھتا ہے جس کو جنوں اور انسانوں کے سوا ساری مخلوق سنتی ہے۔

ف۔ قبر میں ہر مردے سے تین سوال کیے جاتے ہیں۔ تیسرے سوال کے لفظ هٰذَا الرَّجُل سے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وسلم کی تصویر مراد نہیں بلکہ آپ بنفسِ نفیس جلوہ افروز ہوتے ہیں۔ یہ بات مشکل و ناممکن نہیں کیونکہ خدائے ذوالمنن نے اپنے محبوب کو ایسی خصوصیت عطا فرمائی ہے کہ ایک سیکنڈ میں ہزاروں مختلف مقامات پر تشریف لے جا سکتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

١٣٢٥ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بِمِثْلِ هٰذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ قَالَ إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا وُضِعَ فِي قَبْرِهِ وَتَوَلَّى عَنْهُ أَصْحَابُهُ إِنَّهُ لَيَسْمَعُ قَرْعَ نِعَالِهِمْ فَيَأْتِيهِ مَلَكَانِ فَيَقُولَانِ لَهُ فَذَكَرَ قَرِيبًا مِنْ حَدِيثِ الْأَوَّلِ قَالَ فِيهِ وَأَمَّا الْكَافِرُ وَالْمُنَافِقُ فَيَقُولَانِ لَهُ زَادَ الْمُنَافِقَ وَقَالَ يَسْمَعُهَا مَنْ يَلِيهِ غَيْرُ الثَّقَلَيْنِ۔

محمد بن سلیمان نے عبدالوہاب سے اسی اسناد کے ساتھ اسی طرح روایت کرتے ہوئے کہا:۔ جب بندے کو اس کی قبر میں رکھا جاتا ہے اور اس کے ساتھی پیٹھ پھیر کر جانے لگتے ہیں تو وہ اُن کے جوتوں کی آواز سُن رہا ہوتا ہے کہ اس کے پاس دو فرشتے آتے ہیں اور پہلی حدیث کے لگ بھگ بیان کرتے ہوئے اس میں کہا:۔ اگر وہ کافر یا منافق ہے تو اس سے کہتا ہے اس میں منافق زیادہ ہے اور کہا کہ اسکی آواز کو جنوں اور انسانوں کے سوا سب نزدیک والے سنتے ہیں۔

١٣٢٦ - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا جَرِيرٌ ح وَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ قَالَ نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ وَهٰذَا لَفْظُ هَنَّادٍ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنِ الْمِنْهَالِ عَنْ زَاذَانَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي جَنَازَةِ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ فَانْتَهَيْنَا إِلَى الْقَبْرِ وَلَمَّا يُلْحَدْ فَجَلَسَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَلَسْنَا حَوْلَهُ كَأَنَّمَا عَلَى رُءُوسِنَا الطَّيْرُ وَفِي يَدِهِ عُودٌ يَنْكُتُ بِهِ فِي الْأَرْضِ فَرَفَعَ رَأْسَهُ فَقَالَ اسْتَعِيذُوا بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا زَادَ فِي حَدِيثِ جَرِيرٍ هٰهُنَا وَقَالَ إِنَّهُ لَيَسْمَعُ خَفْقَ نِعَالِهِمْ إِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِينَ حِينَ يُقَالُ لَهُ يَا هٰذَا مَنْ رَبُّكَ وَمَا دِينُكَ وَمَنْ نَبِيُّكَ قَالَ هَنَّادٌ قَالَ وَيَأْتِيهِ مَلَكَانِ فَيُجْلِسَانِهِ فَيَقُولَانِ لَهُ مَنْ رَبُّكَ فَيَقُولُ رَبِّيَ اللّٰهُ فَيَقُولَانِ لَهُ مَا دِينُكَ فَيَقُولُ دِينِيَ الْإِسْلَامُ فَيَقُولَانِ لَهُ مَا هٰذَا الرَّجُلُ الَّذِي بُعِثَ فِيكُمْ قَالَ فَيَقُولُ هُوَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَقُولَانِ وَمَا يُدْرِيكَ فَيَقُولُ قَرَأْتُ كِتَابَ اللّٰهِ فَآمَنْتُ بِهِ وَصَدَّقْتُ زَادَ فِي حَدِيثِ جَرِيرٍ فَذٰلِكَ

منہال سے روایت ہے کہ حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ہم ایک انصاری کے جنازے میں نکلے۔ جب قبر تک پہنچے تو وہ مکمل نہیں ہوئی تھی۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیٹھ گئے اور آپ کے ارد گرد ہم بھی خاموش ہو کر بیٹھ گئے۔ آپ کے دستِ اقدس میں ایک لکڑی تھی جس کے ساتھ زمین کو کریدنے لگے اور سر مبارک اُٹھا کر فرمایا:۔ عذابِ قبر سے اللہ کی پناہ مانگو۔ دو یا تین مرتبہ فرمایا۔ حدیثِ جریر میں اس جگہ یہ بھی کہا ہے کہ مُردہ ان کے جوتوں کی آواز سُنتا ہے جب کہ وہ پیٹھ پھیر کر جاتے ہیں۔ اس وقت اس سے کہا جاتا ہے کہ اے انسان تیرا رب کون ہے، تیرا دین کیا ہے اور تیرا نبی کون ہے؟ ہناد نے کہا کہ اس کے پاس دو فرشتے آتے ہیں، پس بٹھا کر اس سے کہتے ہیں کہ تیرا رب کون ہے؟ وہ کہتا ہے کہ میرا رب اللہ ہے۔ دونوں اس سے کہتے ہیں کہ تیرا دین کیا ہے؟ وہ کہتا ہے کہ میرا دین اسلام ہے۔ دونوں اس سے کہتے ہیں کہ یہ شخص کون ہے جو تمہاری طرف مبعوث فرمایا گیا تھا؟ وہ کہتا ہے کہ یہ تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں۔ دونوں کہتے ہیں کہ تمہیں کیسے معلوم ہوا؟ وہ کہتا ہے کہ میں نے اللہ کی کتاب پڑھی لہٰذا ان پر ایمان لایا اور ان کی تصدیق کی۔ حدیثِ جریر میں یہ بھی ہے کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے "ثابت قدم رکھتا ہے اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو سچی بات پر دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں (١٤: ٢٧) پھر دونوں

قَوْلَ اللّٰهِ تَعَالٰى يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ الْاٰيَةَ ثُمَّ اتَّفَقَا قَالَ فَيُنَادِيْ مُنَادٍ مِّنَ السَّمَآءِ اَنْ صَدَقَ عَبْدِيْ فَافْرِشُوْهُ مِنَ الْجَنَّةِ وَاَلْبِسُوْهُ مِنَ الْجَنَّةِ وَافْتَحُوْا لَهٗ بَابًا اِلَى الْجَنَّةِ قَالَ فَيَاْتِيْهِ مِنْ رَّوْحِهَا وَطِيْبِهَا قَالَ وَيُفْتَحُ لَهٗ فِيْهَا مَدَّ بَصَرِهٖ قَالَ وَاِنَّ الْكَافِرَ فَذَكَرَ مَوْتَهٗ قَالَ وَتُعَادُ رُوْحُهٗ فِيْ جَسَدِهٖ وَيَاْتِيْهِ مَلَكَانِ فَيُجْلِسَانِهٖ فَيَقُوْلَانِ مَنْ رَّبُّكَ فَيَقُوْلُ هَاهْ هَاهْ لَا اَدْرِيْ فَيَقُوْلَانِ لَهٗ مَا دِيْنُكَ فَيَقُوْلُ هَاهْ هَاهْ لَا اَدْرِيْ فَيَقُوْلَانِ مَا هٰذَا الرَّجُلُ الَّذِيْ بُعِثَ فِيْكُمْ فَيَقُوْلُ هَاهْ هَاهْ لَا اَدْرِيْ فَيُنَادِيْ مُنَادٍ مِّنَ السَّمَآءِ اَنْ كَذَبَ فَافْرِشُوْهُ مِنَ النَّارِ وَاَلْبِسُوْهُ مِنَ النَّارِ وَافْتَحُوْا لَهٗ بَابًا اِلَى النَّارِ فَيَاْتِيْهِ مِنْ حَرِّهَا وَسُمُوْمِهَا قَالَ وَيُضَيَّقُ عَلَيْهِ قَبْرُهٗ حَتّٰى تَخْتَلِفَ فِيْهِ اَضْلَاعُهٗ زَادَ فِيْ حَدِيْثِ جَرِيْرٍ قَالَ ثُمَّ يُقَيَّضُ لَهٗ اَعْمٰى اَبْكَمُ مَعَهٗ مِرْزَبَّةٌ مِّنْ حَدِيْدٍ لَوْ ضُرِبَ بِهَا جَبَلٌ لَصَارَ تُرَابًا قَالَ فَيَضْرِبُهٗ بِهَا ضَرْبَةً يَسْمَعُهَا مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ اِلَّا الثَّقَلَيْنِ فَيَصِيْرُ تُرَابًا قَالَ ثُمَّ تُعَادُ فِيْهِ الرُّوْحُ۔

متفق ہو گئے۔ پس آسمان سے آواز دینے والے کی آواز آتی ہے، میرے بندے نے سچ کہا لہٰذا جنّت میں اس کا بستر لگا دو، اور اس کو جنتی لباس پہنا دو اور اس کے لیے جنّت کا ایک دروازہ کھول دو پس اس کے ذریعے جنّت کی ہوا اور خوشبو آتی ہے اور حدِّ نظر تک اس کی قبر فراخ کر دی جاتی ہے اور کافر کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ اس کی رُوح اس کے جسم میں لوٹا دی جاتی ہے تو دو فرشتے اس کے پاس آکر اُسے بٹھاتے ہیں اور کہتے ہیں، تیرا رب کون ہے؟ وہ کہتا ہے ہاہ ہاہ مجھے تو معلوم نہیں۔ دونوں کہتے ہیں کہ تیرا دین کیا ہے؟ وہ کہتا ہے ہاہ ہاہ مجھے تو معلوم نہیں دونوں کہتے ہیں کہ یہ شخص کون ہے جنہیں تمہاری طرف مبعوث فرمایا گیا تھا؟ کہتا ہے ہاہ ہاہ مجھے تو معلوم نہیں۔ پس آسمان سے آواز دینے والا آواز دیتا ہے کہ یہ جھوٹ بولتا تھا لہٰذا جہنّم میں اس کا بستر لگا دو اور اس کے لیے جہنّم کا ایک دروازہ کھول دو۔ پس اس کے ذریعے جہنّم کی آگ اور لپٹ آتی رہتی ہے اور اس کی قبر تنگ کر دی جاتی ہے لہٰذا اس کی پسلیاں ایک دوسری میں گھس جاتی ہیں۔ حدیثِ جریر میں یہ بھی ہے کہ پھر اُس پر ایک فرشتہ مقرر کیا جاتا ہے جو اندھا اور بہرہ ہے اور اس کے پاس لوہے کا ایسا گرز ہوتا ہے جس کو اگر پہاڑ پر مارا جائے تو وہ ریزہ ریزہ ہو جائے۔ پھر وہ اس کی ایک چوٹ مارتا ہے تو اس کی آواز کو جنوں اور انسانوں کے سوا مشرق و مغرب تک سب سُنتے ہیں اور وہ آدمی مٹی ہو جاتا ہے۔ پھر دوبارہ اسمیں روح ڈالی جاتی ہے۔

۱۳۲۷۔ حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ نَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ نُمَيْرٍ نَا الْاَعْمَشُ نَا الْمِنْهَالُ عَنْ اَبِيْ عُمَرَ زَاذَانَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَآءَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ نَحْوَهٗ۔

ابو عمر زاذان کا بیان ہے کہ میں نے حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ پھر اُسی طرح حدیث بیان کی۔

بَابٌ ۴۱۴ فِيْ ذِكْرِ الْمِيْزَانِ۔

۱۳۲۸۔ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَحُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ أَنَّ إِسْمٰعِيْلَ بْنَ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَهُمْ قَالَ أَخْبَرَنَا يُونُسُ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا ذَكَرَتِ النَّارَ فَبَكَتْ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يُبْكِيْكِ قَالَتْ ذَكَرْتُ النَّارَ فَبَكَيْتُ فَهَلْ تَذْكُرُوْنَ أَهْلِيْكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَّا فِيْ ثَلَاثَةِ مَوَاطِنَ فَلَا يَذْكُرُ أَحَدٌ أَحَدًا عِنْدَ الْمِيْزَانِ حَتّٰى يَعْلَمَ أَيَخِفُّ مِيْزَانُهُ أَوْ يَثْقُلُ وَعِنْدَ الْكِتَابِ حِيْنَ يُقَالُ هَاؤُمُ اقْرَءُوْا كِتَابِيَهْ حَتّٰى يَعْلَمَ أَيْنَ يَقَعُ كِتَابُهُ أَفِيْ يَمِيْنِهِ أَمْ فِيْ شِمَالِهِ أَمْ مِنْ وَرَاءِ ظَهْرِهِ وَعِنْدَ الصِّرَاطِ إِذَا وُضِعَ بَيْنَ ظَهْرَيْ جَهَنَّمَ قَالَ يَعْقُوْبُ عَنْ يُوْنُسَ وَهٰذَا لَفْظُ حَدِيْثِهِ۔

میزان کا ذکر

حسن سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا نے دوزخ کا ذکر کیا اور رونے لگیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کس بات پر روتی ہو؟ عرض گزار ہوئیں کہ میں نے دوزخ کا ذکر کیا تھا لہٰذا رونا آ گیا۔ کیا آپ اپنے اہل و عیال کو قیامت کے دن یاد رکھیں گے؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تین مقام ایسے ہیں جہاں کوئی کسی کو یاد نہیں کرے گا۔ (۱) میزان کے پاس جب تک یہ معلوم نہ ہو جائے کہ اس کی نیکیاں ہلکی ہیں یا بھاری (۲) نامۂ اعمال کے وقت جب کہا جائے گا کہ اپنا اعمال نامہ پڑھو، جب تک یہ معلوم نہ ہو جائے وہ کدھر سے ملے گا، داہنے ہاتھ میں یا بائیں ہاتھ میں پیٹھ کے پیچھے سے (۳) پلصراط کے پاس جب کہ وہ جہنم کی پشت پر رکھا جائے گا۔ یعقوب نے یونس سے اس حدیث کے الفاظ کو روایت کیا ہے۔

بَابٌ ۴۱۵ فِي الدَّجَّالِ۔

۱۳۲۹۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ إِسْمٰعِيْلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُرَاقَةَ عَنْ عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِنَّهُ لَمْ يَكُنْ نَبِيٌّ بَعْدَ نُوْحٍ إِلَّا وَقَدْ أَنْذَرَ الدَّجَّالَ قَوْمَهُ وَإِنِّيْ أُنْذِرُكُمُوْهُ فَوَصَفَهُ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ لَعَلَّهُ سَيُدْرِكُهُ مَنْ قَدْ رَآنِيْ وَسَمِعَ كَلَامِيْ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ قُلُوْبُنَا يَوْمَئِذٍ أَمِثْلُهَا الْيَوْمَ قَالَ أَوْ خَيْرًا۔

دجّال کا بیان

حضرت عبیداللہ بن جراح رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ حضرت نوح علیہ السلام کے بعد کوئی نبی نہیں ہوا مگر اُس نے دجّال سے اپنی قوم کو ڈرایا اور میں بھی تمہیں اس سے ڈراتا ہوں۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہم سے اس کی نشانیاں بیان فرمائیں اور فرمایا کہ شاید عنقریب اُسے وہ شخص پالے جس نے مجھے دیکھا اور میرا کلام سنا ہے۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! کیا اُن دنوں ہمارے دل آج جیسے ہوں گے؟ فرمایا کہ اور بھی بہتر ہوں گے۔

۱۳۳۰۔ حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ خَالِدٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيْهِ قَامَ

سالم کے والد ماجد نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لوگوں میں کھڑے ہوئے تو آپ نے اللہ تعالیٰ کی ثنا بیان کی جو

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّاسِ فَأَثْنٰى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ فَذَكَرَ الدَّجَّالَ فَقَالَ إِنِّي لَأُنْذِرُكُمُوْهُ وَمَا مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا وَقَدْ أَنْذَرَهُ قَوْمَهُ لَقَدْ أَنْذَرَهُ نُوْحٌ قَوْمَهُ وَلٰكِنِّي سَأَقُوْلُ لَكُمْ فِيْهِ قَوْلًا لَمْ يَقُلْهُ نَبِيٌّ لِقَوْمِهِ تَعْلَمُوْنَ أَنَّهُ أَعْوَرُ وَأَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِأَعْوَرَ۔

اس کی شان کے لائق ہے اور دجّال کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا۔ میں تمہیں اس سے ڈراتا ہوں اور کوئی نبی ایسا نہیں جس نے اپنی قوم کو اس سے نہ ڈرایا ہو اور حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو اس سے ڈرایا لیکن تم سے ایک ایسی بات کہنے لگا ہوں جو کسی نبی نے اپنی قوم سے نہیں کہی۔ تم یہ جان لو کہ وہ کانا ہے جب کہ اللہ تعالیٰ کانا نہیں ہے۔

بَابٌ ۲۲۶ فِيْ قَتْلِ الْخَوَارِجِ

خارجیوں کو قتل کرنے کا بیان

۱۳۳۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ نَا زُهَيْرٌ وَأَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ وَمَنْدَلٌ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ أَبِي جَهْمٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ وَهْبَانَ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ قِيْدَ شِبْرٍ فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْإِسْلَامِ مِنْ عُنُقِهِ۔

احمد بن یونس، زہیر اور ابوبکر بن عیاش اور مندل، مطرف، ابو جہم، خالد بن وہبان نے حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو جماعت سے ایک بالشت کے برابر بھی جدا ہوا تو اُس نے اسلام کے پٹّے کو اپنی گردن سے نکال دیا۔

۱۳۳۲۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ نَا مُطَرِّفُ بْنُ طَرِيْفٍ عَنْ أَبِي الْجَهْمِ عَنْ خَالِدِ بْنِ وَهْبَانَ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ أَنْتُمْ وَأَئِمَّةٌ مِنْ بَعْدِي يَسْتَأْثِرُوْنَ بِهٰذَا الْفَيْءِ قُلْتُ أَمَا وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ أَضَعُ سَيْفِي عَلٰى عَاتِقِي ثُمَّ أَضْرِبُ بِهِ حَتّٰى أَلْقَاكَ أَوْ أَلْحَقَكَ قَالَ أَوَلَا أَدُلُّكَ عَلٰى خَيْرٍ مِنْ ذٰلِكَ تَصْبِرُ حَتّٰى تَلْقَانِي۔

خالد بن وہبان نے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میرے بعد تمہارا کیا حال ہوگا جب کہ مالِ غنیمت کو حکمران اپنا مال سمجھیں گے؟ میں عرض گزار ہوا کہ قسم اُس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے، میں تو اپنی تلوار کندھے پر رکھ لوں گا، پھر اس کے ساتھ مارتا رہوں گا۔ یہاں تک کہ آپ سے جا ملوں۔ فرمایا کیا میں تمہیں اس سے بہتر بات نہ بتادوں؟ صبر کرنا یہاں تک کہ مجھ سے جا ملو۔

۱۳۳۳۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَسُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمَعْنٰى قَالَ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنِ الْمُعَلّٰى ابْنِ زِيَادٍ وَهِشَامُ بْنُ حَسَّانَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ ضَبَّةَ بْنِ مِحْصَنٍ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَتَكُوْنُ عَلَيْكُمْ أَئِمَّةٌ تَعْرِفُوْنَ مِنْهُمْ وَتُنْكِرُوْنَ فَمَنْ أَنْكَرَ قَالَ هِشَامٌ

مسدد اور سلیمان بن داؤد، حماد بن زید، معلّی بن زیاد اور ہشام بن حسان، حسن، ضبّہ بن محصن نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجۂ مطہرہ حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ عنقریب تمہارے ایسے حکمران ہوں گے جو اچھے کام بھی کریں گے اور بُرے بھی جس نے ناپسندیدگی کا اظہار کیا۔ ہشام نے کہا کہ اپنی زبان سے وہ بری الذمّہ ہوگیا۔ جس نے دل میں بُرا جانا وہ بچ گیا۔ لیکن جو

بلسانه فقد برئ ومن كره بقلبه فقد سلم ولكن من رضي وتابع فقيل يا رسول الله أفلا نقتلهم قال ابن داود أفلا نقاتلهم قال لا ما صلوا۔

راضی ہوا اور پیروی کی (وہ برباد ہوا) عرض کی گئی کہ یارسول اللہ! کیا ہم انہیں قتل کر دیں؟ ابن داؤد نے کہا، کیا ہم اُن سے جنگ کریں؟ فرمایا نہیں جب تک وہ نماز پڑھتے ہیں۔

۱۳۳۴۔ حدثنا ابن بشار نا معاذ بن هشام حدثني أبي عن قتادة نا الحسن عن ضبة ابن محصن العنزي عن أم سلمة عن النبي صلى الله عليه وسلم بمعناه قال فمن كره فقد برئ ومن أنكر فقد سلم قال قتادة من أنكر بقلبه ومن كره بقلبه۔

ابن بشار، معاذ بن ہشام، اُن کے والد ماجد، قتادہ، حسن، ضبہ بن محصن عنزی نے حضرت اُم سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اُسی طرح معناً روایت کرتے ہوئے کہا، جس نے ناپسند کیا وہ بری الذمہ ہو گیا اور جس نے انکار کیا وہ بچ گیا۔ قتادہ نے کہا کہ جس نے دل سے انکار کیا اور جس نے دل سے ناپسند کیا۔

۱۳۳۵۔ حدثنا مسدد نا يحيى عن شعبة عن زياد بن علاقة عن عرفجة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول سيكون في أمتي هنات وهنات وهنات فمن أراد أن يفرق أمر المسلمين وهم جميع فاضربوه بالسيف كائنا من كان۔

حضرت عرفجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا، عنقریب میری اُمت میں فساد ہوں گے، فساد ہوں گے، فساد ہوں گے۔ جو مسلمانوں میں پھوٹ ڈالنے کی کوشش کرے جب کہ وہ اکٹھے ہوں تو اُسے تلوار سے مار ڈالو خواہ وہ کوئی ہو۔

۱۳۳۶۔ حدثنا محمد بن عبيد ومحمد ابن عيسى المعنى قال نا حماد عن أيوب عن عبيدة أن عليا ذكر أهل النهروان فقال فيهم رجل مودن اليد أو مخدج اليد أو مثدون اليد لولا أن تبطروا لنبأتكم ما وعد الله الذين يقتلونهم على لسان محمد صلى الله عليه وسلم قال قلت أنت سمعت هذا منه قال إي ورب الكعبة۔

محمد بن عبید اور محمد بن عیسیٰ، حماد، ایوب، عبیدہ سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نہروان والوں (خارجیوں) کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا، اُن میں ایک شخص ہے جس کے ہاتھ پستان کی گھنڈی کے مانند چھوٹے چھوٹے ہیں۔ اگر تمہیں میری بات کا یقین ہو تو میں تمہیں بتاتا ہوں کہ یہی ہیں وہ لوگ جن سے لڑنے کا محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زبانی اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا۔ عبیدہ عرض گزار ہوئے کہ حضور سے کیا آپ نے خود سُنا؟ فرمایا ہاں ربّ کعبہ کی قسم۔

۱۳۳۷۔ حدثنا محمد بن كثير قال نا سفيان عن أبيه عن ابن أبي نعم عن أبي سعيد الخدري قال بعث علي إلى النبي صلى الله عليه وسلم بذهيبة في تربتها فقسمها بين أربعة من الأقرع بن حابس الحنظلي ثم المجاشعي

ابن ابی نعم سے روایت ہے کہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: حضرت علی نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں کچھ خام سونا مٹی میں لگا ہوا بھیجا تو آپ نے وہ چار آدمیوں میں تقسیم فرما دیا یعنی اقرع بن حابس حنظلی مجاشعی، عیینہ بن بدر فزاری، زید الخیل طائی اور علقمہ بن علاثہ عامری کے درمیان۔

وَبَيْنَ عُيَيْنَةَ بْنِ بَدْرٍ الْفَزَارِيِّ وَبَيْنَ زَيْدِ الْخَيْلِ الطَّائِيِّ ثُمَّ أَحَدِ بَنِي نَبْهَانَ وَبَيْنَ عَلْقَمَةَ بْنِ عُلَاثَةَ الْعَامِرِيِّ ثُمَّ أَحَدِ بَنِي كِلَابٍ قَالَ فَغَضِبَتْ قُرَيْشٌ وَالْأَنْصَارُ وَقَالَتْ يُعْطِي صَنَادِيدَ أَهْلِ نَجْدٍ وَيَدَعُنَا فَقَالَ إِنَّمَا أَتَأَلَّفُهُمْ قَالَ فَأَقْبَلَ رَجُلٌ غَائِرُ الْعَيْنَيْنِ مُشْرِفُ الْوَجْنَتَيْنِ نَاتِئُ الْجَبِينِ كَثُّ اللِّحْيَةِ مَحْلُوقٌ قَالَ اتَّقِ اللَّهَ يَا مُحَمَّدُ فَقَالَ مَنْ يُطِعِ اللَّهَ إِذَا عَصَيْتُهُ أَيَأْمَنُنِي اللَّهُ عَلَى أَهْلِ الْأَرْضِ وَلَا تَأْمَنُونِي قَالَ فَسَأَلَ رَجُلٌ قَتْلَهُ أَحْسِبُهُ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ قَالَ فَمَنَعَهُ قَالَ فَلَمَّا وَلَّى قَالَ إِنَّ مِنْ ضِئْضِئِ هَذَا أَوْ فِي عَقِبِ هَذَا قَوْمٌ يَقْرَءُونَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ يَمْرُقُونَ مِنَ الْإِسْلَامِ مُرُوقَ السَّهْمِ مِنَ الرَّمِيَّةِ يَقْتُلُونَ أَهْلَ الْإِسْلَامِ وَيَدَعُونَ أَهْلَ الْأَوْثَانِ لَئِنْ أَنَا أَدْرَكْتُهُمْ لَأَقْتُلَنَّهُمْ قَتْلَ عَادٍ۔

قریش اور انصار اس پر ناراض ہوئے اور کہا کہ نجد کے رئیسوں کو مال عطا فرمایا اور ہمیں نظر انداز کر دیا گیا۔ آپ نے فرمایا کہ میں ان کے دلوں میں اسلام کی الفت ڈالتا ہوں۔ پس ایک آدمی آگے بڑھا جس کی آنکھیں دھنسی ہوئی تھیں، گال پھولے ہوئے تھے، پیشانی اُبھری ہوئی تھی اور داڑھی گھنی تھی اُس نے کہا: اے محمد! اللہ سے ڈرو۔ آپ نے فرمایا: اللہ کی اطاعت کون کرے گا اگر میں اس کی نافرمانی کرتا ہوں؟ اللہ تعالیٰ نے تو مجھے زمین والوں پر امانتدار شمار فرمایا ہے لیکن کیا تم مجھے امانتدار نہیں سمجھتے؟ پس ایک آدمی نے اُسے قتل کرنے کا سوال کیا۔ میرے خیال میں وہ حضرت خالد بن ولید تھے۔ آپ نے منع فرمایا۔ جب وہ لوٹ گیا تو آپ نے فرمایا اس کی نسل یا پیچھے سے ایسے لوگ ہوں گے جو قرآن مجید پڑھیں گے لیکن ان کے حلق سے نیچے نہیں اُترے گا۔ وہ اسلام سے نکلے ہوئے ہوں گے جیسے کمان سے تیر نکل جاتا ہے۔ وہ اہل اسلام کو قتل کریں گے اور بُت پرستوں کو چھوڑ دیا کریں گے۔ اگر میں انہیں پاؤں تو قوم عاد کی طرح مٹا کر رکھ دوں۔

ف ۔ خوارج کا ذکر مختلف احادیث میں آیا ہے۔ یہ ہر دور میں مختلف رنگوں کے اندر موجود رہیں گے اور اپنے ظاہری اعمال و افعال اور عبادت گزاری کے لحاظ سے راسخ العقیدہ مسلمانوں سے ممتاز نظر آئیں گے۔ مسلمانوں کے دلی بدخواہ اور بُت پرستوں کے خیر خواہ ثابت ہوں گے۔ ان کا آخری گروہ دجّال کے ساتھ ہوگا۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے نزدیک یہ ساری مخلوق سے بدترین ہیں۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے انہیں نہروان کے مقام پر تہ تیغ کر کے ان کی طاقت توڑ دی تھی۔ رحمتِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی مضرّت کے پیشِ نظر فرمایا کہ اگر میں اُنہیں پاتا تو قوم عاد کی طرح ہلاک کر کے رکھ دیتا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۳۳۸۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَاصِمٍ الْأَنْطَاكِيُّ نَا الْوَلِيدُ وَمُبَشِّرٌ يَعْنِي ابْنَ إِسْمَعِيلَ الْحَلَبِيَّ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَبِي عَمْرٍو وَقَالَ يَعْنِي الْوَلِيدَ ثَنَا أَبُو عَمْرٍو قَالَ حَدَّثَنِي قَتَادَةُ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ وَأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَيَكُونُ فِي أُمَّتِي

نصر بن عاصم انطاکی، ولید اور مبشر ابن اسمٰعیل حلبی، ابو عمرو، قتادہ نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: عنقریب میری اُمت میں اختلاف ہوگا اور مخالفت۔ ایک قوم ایسی ہوگی کہ وہ لوگ گفتار کے اچھے اور کردار کے بُرے ہوں گے۔ قرآن مجید پڑھیں گے جو ان کی

اخْتِلَافٌ وَفُرْقَةٌ قَوْمٌ يُحْسِنُونَ الْقِيلَ وَيُسِيئُونَ الْفِعْلَ يَقْرَءُونَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ يَمْرُقُونَ مِنَ الدِّينِ مُرُوقَ السَّهْمِ مِنَ الرَّمِيَّةِ لَا يَرْجِعُونَ حَتَّى يَرْتَدَّ عَلَى فُوقِهِ هُمْ شَرُّ الْخَلْقِ وَالْخَلِيقَةِ طُوبَى لِمَنْ قَتَلَهُمْ وَقَتَلُوهُ يَدْعُونَ إِلَى كِتَابِ اللَّهِ وَلَيْسُوا مِنْهُ فِي شَيْءٍ مَنْ قَاتَلَهُمْ كَانَ أَوْلَى بِاللَّهِ تَعَالَى مِنْهُمْ قَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا سِيمَاهُمْ قَالَ التَّحْلِيقُ۔

ہنسلی سے آگے نہیں جائے گا۔ دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر کمان سے نکل جاتے ہیں اور واپس نہیں آتے یہاں تک کہ سوفار پر واپس نہ پھریں۔ وہ ساری مخلوق میں سب سے بُرے ہوں گے۔ بشارت ہے اُسے جو انہیں قتل کرے اور جس کو وہ قتل کریں۔ وہ اللہ کی کتاب کی طرف بلائیں گے لیکن اس کے ساتھ اُن کا تعلق کوئی نہیں ہوگا۔ ان کا قاتل ان کی نسبت اللہ تعالیٰ کے زیادہ قریب ہوگا۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ اُن کی نشانی کیا ہے؟ فرمایا کہ سر منڈانا۔

۱۳۳۹۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ قَالَ سِيمَاهُمُ التَّحْلِيقُ وَالتَّسْبِيدُ فَإِذَا رَأَيْتُمُوهُمْ فَأَنِيمُوهُمْ قَالَ أَبُو دَاوُدَ التَّسْبِيدُ اسْتِئْصَالُ الشَّعْرِ۔

قتادہ نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسی طرح روایت کی۔ اس میں فرمایا۔ اُن کی نشانی سر منڈانا اور بالوں کا جڑ سے اکھاڑنا ہے۔ جب تم انہیں دیکھو تو قتل کر دینا ــــ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ التسبید بالوں کے جڑ سے اکھاڑنے کو کہتے ہیں۔

۱۳۴۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ نَا سُفْيَانُ نَا الْأَعْمَشُ عَنْ خَيْثَمَةَ عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ إِذَا حَدَّثْتُكُمْ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا فَلَأَنْ أَخِرَّ مِنَ السَّمَاءِ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَكْذِبَ عَلَيْهِ وَإِذَا حَدَّثْتُكُمْ فِيمَا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ فَإِنَّمَا الْحَرْبُ خُدْعَةٌ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يَأْتِي فِي آخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ حُدَثَاءُ الْأَسْنَانِ سُفَهَاءُ الْأَحْلَامِ يَقُولُونَ مِنْ خَيْرِ قَوْلِ الْبَرِيَّةِ يَمْرُقُونَ مِنَ الْإِسْلَامِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ لَا يُجَاوِزُ إِيمَانُهُمْ حَنَاجِرَهُمْ فَأَيْنَمَا لَقِيتُمُوهُمْ فَاقْتُلُوهُمْ فَإِنَّ قَتْلَهُمْ أَجْرٌ لِمَنْ قَتَلَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

سوید بن غفلہ سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ جب میں تم سے رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی کوئی حدیث بیان کروں تو مجھے اُن کی طرف غلط بات منسوب کرنے کی نسبت آسمان سے گر پڑنا زیادہ پسند ہے اور جب کوئی بات میرے اور تمہارے درمیان ہو تو جان لو کہ جنگ دھوکا بازی ہے۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ آخری زمانے میں ایک ایسی قوم آئے گی، جن کی عمریں کم ہوں گی، عقل کے کوتاہ ہوں گے، وہ فخر دو عالم کے ارشادات بیان کریں گے لیکن اسلام سے نکلے ہوئے ہوں گے جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہے۔ اُن کے ایمان اُن کے حلق سے نیچے نہیں اتریں گے۔ تم جہاں بھی انہیں پاؤ تو قتل کر دینا کیونکہ اُن کے قتل کرنے والے کو قیامت کے روز اجر ملے گا۔

۱۳۴۱۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ

سلمہ بن کہیل نے حضرت زید بن وہب جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ وہ اس لشکر میں تھے جو حضرت علی کے

كهيل قال اخبرني زيد بن وهب الجهني
انه كان في الجيش الذين كانوا مع علي
الذين ساروا الى الخوارج فقال علي ايها
الناس اني سمعت رسول الله صلى الله عليه
وسلم يقول يخرج قوم من امتي يقرءون القران
ليست قراءتكم الى قراءتهم شيئا ولا صلاتكم
الى صلاتهم شيئا ولا صيامكم الى صيامهم
شيئا يقرءون القران يحسبون انه لهم و
هو عليهم لا تجاوز صلاتهم تراقيهم يمرقون
من الاسلام كما يمرق السهم من الرمية
لو يعلم الجيش الذين يصيبونهم ما قضي لهم
على لسان نبيهم صلى الله عليه وسلم لا تكلوا
عن العمل واية ذلك ان فيهم رجلا له
عضد وليست له ذراع على عضده مثل
حلمة الثدي عليه شعرات بيض افتذهبون
الى معاوية واهل الشام وتتركون هؤلاء
يخلفونكم الى ذراريكم واموالكم والله اني
لارجو ان يكونوا هؤلاء القوم فانهم قد
سفكوا الدم الحرام واغاروا في سرح الناس
فسيروا على اسم الله قال سلمة بن كهيل
فنزلني زيد بن وهب منزلا حتى مررنا على
قنطرة قال فلما التقينا وعلى الخوارج عبد الله
بن وهب الراسبي فقال لهم القوا الرماح و
سلوا السيوف من جفونها فاني اخاف ان
يناشدوكم كما ناشدوكم يوم حروراء فقال
فوحشوا برماحهم واستلوا السيوف وشجرهم
الناس برماحهم قال وقتلوا بعضهم على بعض
قال وما اصيب من الناس يومئذ الا رجلان
فقال علي التمسوا فيهم المخدج فلم يجدوا

ساتھ خوارج کی طرف گیا تھا۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا اے لوگو! بیشک میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میری امّت سے کچھ لوگ ایسے نکلیں گے۔ جو قرآن مجید پڑھیں گے اور تمہاری قرأت اُن کی قرأت کے مقابلے میں کچھ بھی نہیں ہوگی ــــــــــ ــــــــــ اور نہ ــــــــــ تمہاری نماز ان کی نماز کے سامنے کچھ ہوگی اور نہ تمہارے روزے اُن کے روزوں کے مقابلے میں کچھ ہوں گے۔ وہ ثواب سمجھ کر پڑھیں گے لیکن عذاب پائیں گے۔ اُن کی نماز اُن کے حلق سے نیچے نہیں اُترے گی۔ وہ اسلام سے نکل جائیں گے جیسے کمان سے تیر نکل جاتا ہے۔ کاش! وہ لشکر جانے جو انہیں پائے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مبارک زبان سے اُن کے متعلق کیا فیصلہ صادر ہوا ہے تو عمل پر بھروسہ ہی نہ کریں۔ اُس گروہ کی نشانی یہ ہے کہ ان میں ایک آدمی ہے جس کا بازو ہوگا لیکن کلائی نہ ہوگی۔ اُس کے بازو پر پستان کی گھنڈی جیسا اُبھار ہوگا۔ جس پر سفید بال ہوں گے۔ کیا تم معاویہ اور شام والوں کی طرف جاتے ہو اور ان لوگوں کو پیچھے چھوڑتے ہو اپنے بچوں اور اپنے مال کے پاس۔ خدا کی قسم میں اُمید رکھتا ہوں کہ یہ وہی لوگ ہیں، کیونکہ انہوں نے حرام خون بہایا اور لوگوں کی چراگاہ کو لوٹا۔ پس اللہ کا نام لے کر ان کی طرف روانہ ہو جاؤ۔ سلمہ بن کہیل کا بیان ہے کہ زید بن وہب نے مجھے ایک منزل پر اُتارا، یہاں تک کہ ہم ایک پل کے اُوپر سے گزرے تو فرمایا۔ جب ہماری ٹکر ہوئی تو خارجیوں کا سردار عبد اللہ بن وہب تھا اس نے خوارج سے کہا کہ نیزے ڈال دو اور تلواروں کو نیام سے نکال لو کیونکہ مجھے ڈر ہے کہ مبادا تمہیں اُسی طرح قسم دیں جیسے حروراء کے مقام پر دی تھی۔ پس اُنہوں نے نیزے پھینک دیئے اور تلواریں سونت لیں۔ چنانچہ مسلمانوں نے اُنہیں نیزوں پر رکھ لیا اور وہ یکے بعد دیگرے ڈھیر ہوتے چلے گئے۔ مسلمانوں میں سے صرف دو آدمیوں نے جامِ شہادت نوش کیا۔ حضرت علی نے فرمایا کہ لُنجے کو ان میں تلاش کرو۔ وہ نہ ملا۔ پس حضرت علی خود کھڑے ہوتے

قَالَ فَقَامَ عَلِيٌّ بِنَفْسِهِ حَتَّى أَتَى نَاسًا قَدْ قُتِلَ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ فَقَالَ أَخْرِجُوهُمْ فَوَجَدُوهُ مِمَّا يَلِي الْأَرْضَ فَكَبَّرَ وَقَالَ صَدَقَ اللَّهُ وَبَلَّغَ رَسُولُهُ فَقَامَ إِلَيْهِ عَبِيدَةُ السَّلْمَانِيُّ فَقَالَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ أَللَّهُ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ حَتَّى اسْتَحْلَفَهُ ثَلَاثًا وَهُوَ يَحْلِفُ۔

یہاں تک کہ لاشوں کے ایک ڈھیر کے پاس آئے تو فرمایا کہ ان میں سے نکالو۔ پس اُسے زمین کے قریب ہی پایا تو آپ نے تکبیر کہی اور کہا۔ اللہ نے سچ فرمایا جو اس کے رسول نے پہنچایا۔ پس عبیدہ سلمانی سامنے آکھڑے ہوئے اور کہا۔ اے امیر المومنین! اللہ وہ ہے کہ نہیں کوئی معبود مگر وہی۔ یہاں تک کہ اُس نے تین دفعہ قسم لی اور انہوں نے قسم دی۔

۱۳۴۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ جَمِيلِ بْنِ مُرَّةَ قَالَ نَا أَبُو الْوَضِيءِ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ اطْلُبُوا الْمُخْدَجَ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ فَاسْتَخْرَجُوهُ مِنْ تَحْتِ الْقَتْلَى فِي طِينٍ قَالَ أَبُو الْوَضِيءِ فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِ حَبَشِيٌّ عَلَيْهِ قُرَيْطِقٌ لَهُ إِحْدَى يَدَيْهِ مِثْلُ ثَدْيِ الْمَرْأَةِ عَلَيْهَا شُعَيْرَاتٌ مِثْلُ الشُّعَيْرَاتِ الَّتِي تَكُونُ عَلَى ذَنَبِ الْيَرْبُوعِ۔

محمد بن عبید، حماد بن زید، جمیل بن مرۃ، ابوالوضی کا بیان ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ لنجے کو تلاش کرو پھر آگے حدیث بیان کی۔ پس اُسے لاشوں کے نیچے سے نکالا گیا مٹی میں لتھڑا ہوا۔ ابوالوضی کا بیان ہے کہ گویا میں اُسے اب بھی دیکھ رہا ہوں۔ وہ حبشی تھا۔ قریطق پہنے ہوئے۔ اُس کا ایک ہاتھ عورت کی پستان کے مانند تھا، جس پر بال تھے جیسے جنگلی چوہے کی دُم پر بال ہوتے ہیں۔

۱۳۴۳۔ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ نَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ عَنْ نُعَيْمِ بْنِ حَكِيمٍ عَنْ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ إِنْ كَانَ ذَلِكَ الْمُخْدَجُ لَمَعَنَا يَوْمَئِذٍ فِي الْمَسْجِدِ نُجَالِسُهُ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَكَانَ فَقِيرًا وَرَأَيْتُهُ مَعَ الْمَسَاكِينِ يَشْهَدُ طَعَامَ عَلِيٍّ مَعَ النَّاسِ وَقَدْ كَسَوْتُهُ بُرْنُسًا لِي قَالَ أَبُو مَرْيَمَ وَكَانَ الْمُخْدَجُ يُسَمَّى نَافِعًا ذَا الثُّدَيَّةِ وَكَانَ فِي يَدِهِ مِثْلُ ثَدْيِ الْمَرْأَةِ عَلَى رَأْسِهِ حَلَمَةٌ مِثْلُ حَلَمَةِ الثَّدْيِ عَلَيْهِ شُعَيْرَاتٌ مِثْلُ سِبَالَةِ السِّنَّوْرِ۔

نعیم بن حکیم سے روایت ہے کہ ابو مریم نے فرمایا۔ وہ لنجا اُس روز ہمارے ساتھ مسجد میں تھا۔ شب و روز مسجد میں ہی بیٹھا کرتا تھا۔ وہ فقیر تھا اور میں نے اُسے مساکین کے ساتھ دیکھا تھا کہ حضرت علی کے پاس لوگوں کے ساتھ کھانا کھانے آیا۔ میں نے اُسے اپنی ٹوپی پہنائی تھی۔ ابو مریم کا بیان ہے کہ نافع اس لنجے کو چھاتی والا کہا کرتے تھے کیونکہ اس کا ایک ہاتھ عورت کی چھاتی کے مانند تھا۔ اُس کے سرے پر گھنڈی تھی جیسے عورت کی پستان پر گھنڈی ہوتی ہے اور اُس پر بلی کی مونچھوں کے مانند بال تھے۔

باب ۲۱۷ فِي قِتَالِ اللُّصُوصِ

چوروں سے مقابلہ کرنے کا بیان

۱۳۴۴۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنْ سُفْيَانَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ حَسَنٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَمِّي إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

مسدد، یحییٰ، سفیان، عبداللہ بن حسن، ابراہیم بن محمد بن طلحہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:- جس کے مال کو بغیر حق کے کوئی لینا چاہے اور وہ لڑتا ہوا قتل ہو جائے تو وہ شہید

مَنْ اُرِيْدَ مَالُهٗ بِغَيْرِ حَقٍّ فَقَاتَلَ فَقُتِلَ فَهُوَ شَهِيْدٌ۔

ہے۔

۱۳۴۵۔ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ نَا اَبُوْدَاؤدَ الطَّيَالِسِيُّ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ عُبَيْدَةَ بْنِ مُحَمَّدِ ابْنِ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَوْفٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِهٖ فَهُوَ شَهِيْدٌ وَمَنْ قُتِلَ دُوْنَ اَهْلِهٖ اَوْدُوْنَ دَمِهٖ اَوْدُوْنَ دِيْنِهٖ فَهُوَ شَهِيْدٌ

اٰخِرُ كِتَابِ السُّنَّةِ۔

ہارون بن عبداللہ، ابوداؤد طیالسی، ابراہیم بن سعد، اُن کے والد ماجد، ابو عبیدہ بن محمد بن عمار بن یاسر، طلحہ بن عبداللہ بن عوف نے حضرت سعید بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جو اپنے مال کی حفاظت کرنے کے باعث قتل کر دیا جائے تو وہ شہید ہے۔ جو اپنی بیوی، اپنے خون اور اپنے دین کی حفاظت کرنے کے باعث قتل کر دیا جائے تو وہ شہید ہے۔

کتاب السُّنۃ ختم ہوئی۔

اَوَّلُ كِتَابِ الْأَدَبِ

ادب کا بیان

بَابٌ ۷۱۸ فِي الْحِلْمِ وَأَخْلَاقِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

۱۳۴۶۔ حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ نَا عِكْرِمَةُ يَعْنِي ابْنَ عَمَّارٍ حَدَّثَنِي إِسْحٰقُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ قَالَ قَالَ أَنَسٌ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَحْسَنِ النَّاسِ خُلُقًا فَأَرْسَلَنِي يَوْمًا لِحَاجَةٍ فَقُلْتُ وَاللّٰهِ لَا أَذْهَبُ وَفِي نَفْسِي أَنْ أَذْهَبَ لِمَا أَمَرَنِي بِهِ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَخَرَجْتُ حَتّٰى أَمُرَّ عَلٰى صِبْيَانٍ وَهُمْ يَلْعَبُونَ فِي السُّوقِ فَإِذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَابِضٌ بِقَفَايَ مِنْ وَرَائِي فَنَظَرْتُ إِلَيْهِ وَهُوَ يَضْحَكُ فَقَالَ يَا أُنَيْسُ اذْهَبْ حَيْثُ أَمَرْتُكَ قُلْتُ نَعَمْ أَنَا أَذْهَبُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ أَنَسٌ وَاللّٰهِ لَقَدْ خَدَمْتُهُ سَبْعَ سِنِينَ أَوْ تِسْعَ سِنِينَ مَا عَلِمْتُ قَالَ لِشَيْءٍ صَنَعْتُ لِمَ فَعَلْتَ كَذَا وَكَذَا وَلَا لِشَيْءٍ تَرَكْتُ هَلَّا فَعَلْتَ كَذَا وَكَذَا۔

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حلم اور اخلاق کا بیان

اسحاق ابنِ عبداللہ بن ابوطلحہ سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اخلاق میں سب لوگوں سے اچھے تھے۔ ایک روز آپ نے مجھے کسی کام کے لیے بھیجا۔ میں نے کہا، خدا کی قسم میں نہیں جاؤں گا، اور میرے دل میں یہ تھا کہ جاؤں گا۔ کیونکہ مجھے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم فرمایا ہے۔ میں باہر نکلا تو لڑکوں کے پاس سے گزرا جو بازار میں کھیل رہے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پیچھے سے آگر میرے کندھے پکڑ لیے۔ میں نے مڑ کر دیکھا تو آپ تبسم ریز تھے، فرمایا اے اُنیس! جاؤ جہاں کا تمہیں حکم دیا ہے۔ میں عرض گزار ہوا بہت اچھا، یا رسول اللہ! میں جاتا ہوں۔ حضرت انس کا بیان ہے کہ خدا کی قسم، میں نے سات سال یا نو سال آپ کی خدمت کی، مجھے نہیں معلوم کہ جو کام میں نے کیا اُس کے لیے فرمایا ہو کہ کیوں کیا اور جو نہ کیا اس کے لیے فرمایا ہو کہ یہ کام کیوں نہ کیا۔

۱۳۴۷۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ نَا سُلَيْمَانُ يَعْنِي ابْنَ الْمُغِيرَةِ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ خَدَمْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرَ سِنِينَ بِالْمَدِينَةِ وَأَنَا غُلَامٌ لَيْسَ كُلُّ أَمْرِي كَمَا يَشْتَهِي صَاحِبِي أَنْ يَكُونَ عَلَيْهِ مَا قَالَ لِي فِيهَا أُفٍّ قَطُّ وَمَا قَالَ لِي لِمَ فَعَلْتَ هٰذَا أَوْ أَلَا فَعَلْتَ هٰذَا۔

ثابت سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مدینہ منورہ میں دس سال خدمت کی جب کہ میں لڑکا تھا۔ مگر ہر کام آپ کی مرضی کے مطابق نہیں ہوتا تھا لیکن جو میں نے کیا اُس پر قطعی آپ نے اُف تک نہ کہا اور نہ یہ فرمایا کہ یہ تم نے کیوں کیا یا ایسے کیوں نہ کیا۔

۱۳۴۸۔ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ نَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ

أَبُوعَامِرٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ هِلَالٍ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَاهُ يُحَدِّثُ قَالَ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ وَهُوَ يُحَدِّثُنَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْلِسُ مَعَنَا فِي الْمَسْجِدِ يُحَدِّثُنَا فَإِذَا قَامَ قُمْنَا قِيَامًا حَتّٰى نَرَاهُ قَدْ دَخَلَ بَعْضَ بُيُوتِ أَزْوَاجِهِ فَحَدَّثَنَا يَوْمًا فَقُمْنَا حِينَ قَامَ فَنَظَرْنَا إِلٰى أَعْرَابِيٍّ قَدْ أَدْرَكَهُ فَجَبَذَهُ بِرِدَائِهِ فَحَمَّرَ رَقَبَتَهُ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ وَكَانَ رِدَاءً خَشِنًا فَالْتَفَتَ فَقَالَ لَهُ الْأَعْرَابِيُّ احْمِلْ لِي عَلٰى بَعِيرَيَّ هٰذَيْنِ فَإِنَّكَ لَا تَحْمِلُ لِي مِنْ مَالِكَ وَلَا مِنْ مَالِ أَبِيكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا وَأَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ لَا وَأَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ لَا وَأَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ لَا أَحْمِلُكَ حَتّٰى تُقِيدَنِي مِنْ جَبْذَتِكَ الَّتِي جَبَذْتَنِي فَكُلُّ ذٰلِكَ يَقُولُ لَهُ الْأَعْرَابِيُّ وَاللّٰهِ لَا أُقِيدُكَهَا فَذَكَرَ الْحَدِيثَ ثُمَّ دَعَا رَجُلًا فَقَالَ لَهُ احْمِلْ لَهُ عَلٰى بَعِيرَيْهِ هٰذَيْنِ عَلٰى بَعِيرٍ شَعِيرًا وَعَلَى الْآخَرِ تَمْرًا ثُمَّ الْتَفَتَ إِلَيْنَا فَقَالَ انْصَرِفُوا عَلٰى بَرَكَةِ اللّٰهِ۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے ساتھ مسجد میں بیٹھا کرتے ہم سے باتیں کرنے کے لیے۔ جب آپ کھڑے ہوتے تو ہم بھی کھڑے ہو جاتے یہاں تک کہ ہم دیکھتے کہ اپنی کسی زوجہ مطہرہ کے گھر میں داخل ہو گئے ہیں۔ ایک روز آپ نے ہم سے گفتگو کی اور کھڑے ہو گئے اور ہم بھی کھڑے ہو گئے۔ ہم نے ایک اعرابی کو دیکھا کہ اُس نے آپ کو پا کر، چادر ڈالی اور آپ کو کھینچا کہ مبارک گردن سُرخ ہو گئی۔ حضرت ابوہریرہ کا بیان ہے کہ چادر کھُردری تھی۔ آپ متوجہ ہوئے تو اعرابی نے آپ سے کہا: میرے ان دونوں اونٹوں کو سامان سے لاد دیجئے کیونکہ آپ اپنے مال سے یا اپنے باپ کے مال سے نہیں دیں گے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں، میں تو اللہ سے مغفرت چاہتا ہوں، نہیں، میں تو اللہ سے مغفرت چاہتا ہوں، میں تمہیں مال نہیں دوں گا۔ جب تک تم مجھے اس کھینچنے کا بدلہ نہ دو۔ چنانچہ ہر دفعہ اعرابی یہی کہتا رہا کہ خدا کی قسم، میں آپ کو بدلہ نہیں دوں گا۔ پھر آگے حدیث بیان کی۔ پھر آپ نے ایک آدمی کو بلا کر کہا کہ اس کے دونوں اونٹوں کو لاد دو۔ ایک اونٹ پر جَو اور دوسرے پر کھجوریں۔ پھر ہماری جانب متوجہ ہو کر فرمایا: اللہ کی برکت کے ساتھ جاؤ۔

بَابٌ ۴۱۹ فِي الْوَقَارِ۔

وقار کا بیان

۱۳۴۹۔ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا زُهَيْرٌ نَا قَابُوسُ ابْنُ أَبِي ظَبْيَانَ أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الْهَدْيَ الصَّالِحَ وَالسَّمْتَ الصَّالِحَ وَالْاِقْتِصَادَ جُزْءٌ مِنْ خَمْسَةٍ وَعِشْرِينَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ۔

نفیلی، زہیر، قابوس بن ابوظبیان، اُن کے والد ماجد نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نیک چلنی، خوش اخلاقی اور میانہ روی نبوت کے پچیس حصوں میں سے ایک حصہ ہے۔

بَابٌ ۴۲۰ مَنْ كَظَمَ غَيْظًا۔

جو غصہ پی جائے

۱۳۵۰۔ حَدَّثَنَا ابْنُ السَّرْحِ نَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ سَعِيدٍ يَعْنِي ابْنَ أَبِي أَيُّوبَ عَنْ أَبِي مَرْحُومٍ عَنْ

ابن السرح، ابن وہب، سعید بن ابی ایوب، ابومرحوم، سہل بن معاذ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ

سهل بن معاذ عن ابيه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من كظم غيظا وهو قادر على ان ينفذه دعاه الله يوم القيامة على رءوس الخلائق حتى يخيره من اي الحور شاء قال ابو داؤد اسم ابي مرحوم عبد الرحمن ابن ميمون۔

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جو غصے کو پی جائے اور وہ اس کے مطابق کرنے پر قادر ہو تو اللہ تعالیٰ قیامت کے روز ساری مخلوق کے سامنے اُسے بلائے گا اور اختیار دے گا کہ جس حور کو چاہے پسند کرلے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ابو مرحوم کا نام عبدالرحمان بن میمون ہے۔

١٣٥١ - حدثنا عقبة بن مكرم نا عبد الرحمن يعني ابن مهدي عن بشر يعني ابن منصور عن محمد بن عجلان عن سويد بن وهب عن رجل من ابناء اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم عن ابيه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم نحوه قال ملأ الله امنا و ايمانا لم يذكر قصة دعاه الله زاد ومن ترك لبس ثوب جمال وهو يقدر عليه قال بشر احسبه قال تواضعا كساه الله حلة الكرامة ومن زوج لله توجه الله تاج الملك۔

عقبہ بن مکرم، عبدالرحمان بن مہدی، بشر ابن منصور، محمد بن عجلان، سوید بن وہب، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابی کے ایک صاحبزادے نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اُسی طرح ذکر کرتے ہوئے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ اُسے امن اور ایمان سے بھرپور کردے گا۔ اور یہ واقعہ بیان نہیں کیا کہ اللہ تعالیٰ اُسے بلائے گا۔ لیکن یہ کہا:۔ اور جو خوبصورت کپڑا پہننا چھوڑ دے حالانکہ وہ اس پر قادر ہو۔ بشر نے کہا کہ میرے خیال میں فرمایا:۔ تواضع کے طور پر تو اللہ تعالیٰ اُسے عزت کا لباس پہنائے گا اور جو اللہ کے لیے کسی کا نکاح کروائے تو اللہ تعالیٰ اُسے شاہی تاج پہنائے گا۔

١٣٥٢ - حدثنا ابو بكر بن ابي شيبة نا ابو معاوية عن الاعمش عن ابراهيم التيمي عن الحارث بن سويد عن عبد الله قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما تعدون الصرعة فيكم قالوا الذي لا يصرعه الرجال قال ولكنه الذي يملك نفسه عند الغضب۔

ابوبکر بن ابو شیبہ، ابو معاویہ، اعمش، ابراہیم تیمی، حارث بن سوید نے حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرمایا: تم اپنے میں سے پہلوان کس کو شمار کرتے ہو؟ عرض گزار ہوئے کہ کوئی جس کو پچھاڑ نہ سکے۔ فرمایا بلکہ پہلوان وہ ہے جو غصے کے وقت اپنے آپ کو قابو میں رکھے۔

باب ٤٢١ ما يقال عند الغضب۔

غصے کے وقت کیا کہے؟

١٣٥٣ - حدثنا يوسف بن موسى نا جرير ابن عبد الحميد عن عبد الملك بن عمير عن عبد الرحمن بن ابي ليلى عن معاذ بن جبل قال استب رجلان عند النبي صلى

عبدالرحمان بن ابولیلیٰ سے روایت ہے کہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس دو شخص آپس میں ایک دوسرے کو بُرا بھلا کہنے لگے اُن میں سے ایک کو بہت غصہ آیا یہاں تک کہ میں سمجھا کہ غصے کے مارے اس

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَغَضِبَ أَحَدُهُمَا غَضَبًا شَدِيدًا حَتَّى خُيِّلَ إِلَيَّ أَنَّ أَنْفَهُ يَتَمَزَّعُ مِنْ شِدَّةِ غَضَبِهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي لَأَعْلَمُ كَلِمَةً لَوْ قَالَهَا لَذَهَبَ عَنْهُ مَا يَجِدُ مِنَ الْغَضَبِ فَقَالَ مَا هِيَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ يَقُولُ اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ قَالَ فَجَعَلَ مُعَاذٌ يَأْمُرُهُ فَأَبَى وَمَحِكَ وَجَعَلَ يَزْدَادُ غَضَبًا۔

کی ناک پھٹ جائے گی۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے ایک ایسا کلمہ معلوم ہے کہ اگر یہ اُسے کہے تو اس کا غصہ جاتا رہے۔ کسی نے کہا، یا رسول اللہ! وہ کیا ہے؟ فرمایا، کہے کہ اے اللہ! میں تیری پناہ لیتا ہوں شیطان مردود سے۔ راوی کا بیان ہے کہ حضرت معاذ اُسے حکم کرنے لگے تو اُس نے انکار کر دیا اور اُس کا غصہ بڑھتا ہی رہا۔

۱۳۵۴۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ شَيْبَةَ نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ سُلَيْمَانَ ابْنِ صُرَدٍ قَالَ اسْتَبَّ رَجُلَانِ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ أَحَدُهُمَا تَحْمَرُّ عَيْنَاهُ وَتَنْتَفِخُ أَوْدَاجُهُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي لَأَعْرِفُ كَلِمَةً لَوْ قَالَهَا هٰذَا لَذَهَبَ عَنْهُ الَّذِي يَجِدُ أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ فَقَالَ الرَّجُلُ هَلْ تَرَى بِي مِنْ جُنُونٍ۔

عدی بن ثابت سے روایت ہے کہ حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نزدیک دو شخص آپس میں جھگڑے۔ اُن میں سے ایک شخص کی آنکھیں سُرخ ہو گئیں اور اس کے گلے کی رگیں پھول گئیں۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے ایک کلمہ معلوم ہے اگر یہ اُسے کہہ لے تو اس کا غصہ جاتا رہے وہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم ہے۔ اس شخص نے کہا، کیا مجھے پاگل سمجھتے ہو؟

۱۳۵۵۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ نَا دَاوُدُ بْنُ أَبِي هِنْدٍ عَنْ أَبِي حَرْبِ بْنِ أَبِي الْأَسْوَدِ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَنَا إِذَا غَضِبَ أَحَدُكُمْ وَهُوَ قَائِمٌ فَلْيَجْلِسْ فَإِنْ ذَهَبَ عَنْهُ الْغَضَبُ وَإِلَّا فَلْيَضْطَجِعْ۔

حرب بن ابو الاسود نے حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہم سے فرمایا، جب تم میں سے کسی کو غصہ آئے اور وہ کھڑا ہو تو بیٹھ جائے۔ اگر اس کا غصہ جاتا رہے تو بہتر ورنہ لیٹ جائے۔

۱۳۵۶۔ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ عَنْ خَالِدٍ عَنْ دَاوُدَ عَنْ بَكْرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ أَبَا ذَرٍّ بِهٰذَا الْحَدِيثِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ هٰذَا أَصَحُّ الْحَدِيثَيْنِ۔

داؤد نے بکر سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھیجا —— امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یہ حدیث دونوں حدیثوں میں زیادہ صحیح ہے۔

۱۳۵۷۔ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ خَلَفٍ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْنٰى قَالَا نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ خَالِدٍ نَا

ابو وائل قاص کا بیان ہے کہ ہم عروہ بن محمد سعدی کی خدمت میں حاضر ہوئے تو ایک آدمی نے اُن سے ایسی بات کی کہ انہیں

أَبُو وَائِلٍ الْقَاصُّ قَالَ دَخَلْنَا عَلَى عُرْوَةَ بْنِ مُحَمَّدٍ السَّعْدِيِّ فَكَلَّمَهُ رَجُلٌ فَأَغْضَبَهُ فَقَامَ فَتَوَضَّأَ فَقَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي عَطِيَّةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْغَضَبَ مِنَ الشَّيْطَانِ وَإِنَّ الشَّيْطَانَ خُلِقَ مِنَ النَّارِ وَإِنَّمَا تُطْفَأُ النَّارُ بِالْمَاءِ فَإِذَا غَضِبَ أَحَدُكُمْ فَلْيَتَوَضَّأْ۔

غصہ آگیا۔ انہوں نے اُٹھ کر وضو کیا اور فرمایا کہ مجھ سے میرے والد ماجد نے میرے جدّ امجد حضرت عطیہ کے واسطے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: غصہ شیطان کی طرف سے ہے اور شیطان کو آگ سے پیدا کیا گیا ہے۔ اور آگ پانی سے بجھائی جاتی ہے۔ لہٰذا جب تم میں سے کسی کو غصہ آئے تو وضو کرے۔

بَابٌ ۴۲۲ فِي الْعَفْوِ وَالتَّجَاوُزِ

معاف کردینا اور درگزر کرنا

۱۳۵۸۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ مَا خُيِّرَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَمْرَيْنِ إِلَّا اخْتَارَ أَيْسَرَهُمَا مَا لَمْ يَكُنْ إِثْمًا فَإِنْ كَانَ إِثْمًا كَانَ أَبْعَدَ النَّاسِ مِنْهُ وَمَا انْتَقَمَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِنَفْسِهِ إِلَّا أَنْ يَنْتَهِكَ حُرْمَةَ اللهِ فَيَنْتَقِمَ لِلّٰهِ بِهَا۔

عروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دو کاموں میں سے ایک کا اختیار نہیں دیا گیا مگر آپ نے اُن میں سے آسان کو اختیار کیا جب کہ اُس میں گناہ نہ ہو۔ اگر اس میں گناہ ہوتا تو اس سے آپ سب سے زیادہ بچتے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی ذات کا کسی سے انتقام نہیں لیا مگر جب کوئی اللہ کی حرمت کو توڑتا تو اللہ کے لیے اس سے انتقام لیتے۔

۱۳۵۹۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا ضَرَبَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَادِمًا وَلَا امْرَأَةً قَطُّ۔

عُروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہرگز کسی خادم یا عورت کو نہیں پیٹا۔

۱۳۶۰۔ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الطُّفَاوِيُّ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللهِ يَعْنِي ابْنَ الزُّبَيْرِ عَنْ قَوْلِهِ تَعَالَى خُذِ الْعَفْوَ قَالَ أَمَرَ نَبِيُّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَأْخُذَ الْعَفْوَ مِنْ أَخْلَاقِ النَّاسِ۔

ہشام بن عروہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی کہ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشادِ باری تعالیٰ خذ العفو کے بارے میں فرمایا: لوگوں کے اخلاق میں سے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو درگزر کرنے کا حکم فرمایا گیا۔

بَابٌ ۴۲۳ فِي حُسْنِ الْعِشْرَةِ۔

حُسنِ معاشرت کا بیان

۱۳۶۱۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ يَعْنِي الْحِمَّانِيَّ نَا الْأَعْمَشُ عَنْ

عثمان بن ابوشیبہ، عبدالحمید حمانی، اعمش، مسلم، مسروق سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا:

مُسْلِمٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا بَلَغَهُ عَنِ الرَّجُلِ الشَّيْءُ لَمْ يَقُلْ مَا بَالُ فُلَانٍ يَقُوْلُ وَلٰكِنْ يَقُوْلُ مَا بَالُ أَقْوَامٍ يَقُوْلُوْنَ كَذَا وَكَذَا۔

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جب کسی کی بات پہنچتی جو ناگوار گزرتی تو یہ فرماتے کہ فلاں کا کیا حال ہے جو یہ کہتا ہے بلکہ فرماتے کہ لوگوں کا کیا حال ہے جو ایسی بات کہتے ہیں۔

۱۳۶۲۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَيْسَرَةَ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ نَا سَلْمٌ الْعَلَوِيُّ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَجُلًا دَخَلَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ أَثَرُ صُفْرَةٍ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَلَّمَا يُوَاجِهُ رَجُلًا فِيْ وَجْهِهِ بِشَيْءٍ يَكْرَهُهُ فَلَمَّا خَرَجَ قَالَ لَوْ أَمَرْتُمْ هٰذَا أَنْ يَغْسِلَ ذَا عَنْهُ قَالَ أَبُوْدَاؤُدَ سَلْمٌ لَيْسَ هُوَ عَلَوِيًّا كَانَ يُبْصِرُ فِي النُّجُوْمِ وَشَهِدَ عِنْدَ عَدِيِّ بْنِ أَرْطَاةَ عَلٰى رُؤْيَةِ الْهِلَالِ فَلَمْ يُجِزْ شَهَادَتَهُ۔

سلم علوی نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اُس پر زردی کا نشان تھا۔ کم ہی ایسا ہوا کہ آپ نے کسی کے سامنے وہ بات کی ہو جو اُسے ناپسند ہو۔ جب وہ چلا گیا تو فرمایا:۔ کاش! تم اُسے نشان کو دھونے کا حکم دیتے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ سلم راوی حضرت علی کی اولاد سے نہیں تھا بلکہ نجومی تھا۔ ایک دفعہ اُس نے حضرت عدی بن ارطاۃ کے حضور چاند دیکھنے کی شہادت دی۔ تو اُنہوں نے اُس کی گواہی قبول نہ فرمائی۔

۱۳۶۳۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ أَحْمَدَ نَا سُفْيَانُ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ فُرَافِصَةَ عَنْ رَجُلٍ عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ ح وَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ الْعَسْقَلَانِيُّ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا بِشْرُ بْنُ رَافِعٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَفَعَاهُ جَمِيْعًا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُؤْمِنُ غِرٌّ كَرِيْمٌ وَالْفَاجِرُ خِبٌّ لَئِيْمٌ۔

نصر بن علی، ابو احمد، سفیان، حجاج بن فرافصہ، ایک آدمی، ابو سلمہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔ محمد بن متوکل عسقلانی عبدالرزاق، بشر بن رافع، یحییٰ بن ابوکثیر، ابوسلمہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے۔ دونوں ہی مرفوع ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ مومن بھولا بھالا اور سخی ہوتا ہے جب کہ منافق دھوکا باز اور بخیل ہوتا ہے۔

۱۳۶۴۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اسْتَأْذَنَ رَجُلٌ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ بِئْسَ ابْنُ الْعَشِيْرَةِ أَوْ بِئْسَ رَجُلُ الْعَشِيْرَةِ ثُمَّ قَالَ ائْذَنُوْا لَهُ فَلَمَّا دَخَلَ أَلَانَ لَهُ الْقَوْلَ فَقَالَتْ عَائِشَةُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَلَنْتَ لَهُ الْقَوْلَ

عروہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا:۔ ایک آدمی نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اندر آنے کی اجازت مانگی۔ فرمایا کہ رشتہ داری کے لحاظ سے بُرا آدمی ہے۔ پھر فرمایا کہ اُسے اندر آنے کی اجازت دے دو۔ جب وہ اندر داخل ہوا تو آپ نے اس کے ساتھ نرمی سے کلام کیا۔ حضرت عائشہ عرض گزار ہوئیں کہ یا رسول اللہ! آپ نے اس کے ساتھ نرمی سے گفتگو فرمائی

وَقَدْ قُلْتَ لَهُ مَا قُلْتَ قَالَ إِنَّ شَرَّ النَّاسِ مَنْزِلَةً عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَنْ وَدَعَهُ أَوْ تَرَكَهُ النَّاسُ لِاتِّقَاءِ فُحْشِهِ۔

حالانکہ آپ نے یہ بھی فرمایا تھا۔ارشاد ہوا کہ قیامت کے روز لوگوں میں سے اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ سب سے بُرا آدمی ہے جس کو اس کی بدزبانی کے باعث لوگ ترک کر دیں۔

۱۳۶۵۔ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ الْعَنْبَرِيُّ نَا أَسْوَدُ ابْنُ عَامِرٍ نَا شَرِيكٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَائِشَةَ فِي هٰذِهِ الْقِصَّةِ قَالَتْ فَقَالَ تَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَائِشَةُ إِنَّ مِنْ شِرَارِ النَّاسِ الَّذِينَ يُكْرَمُونَ اتِّقَاءَ أَلْسِنَتِهِمْ۔

عباس عنبری، اسود بن عامر، شریک، اعمش، مجاہد نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مذکورہ واقعہ کو روایت کیا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:اے عائشہ! بیشک وہ بُرے آدمی ہیں جن کی بدزبانی سے بچنے کی خاطر لوگ اُن کی عزت کریں۔

۱۳۶۶۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ نَا أَبُو قَطَنٍ أَنَا مُبَارَكٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ مَا رَأَيْتُ رَجُلًا الْتَقَمَ أُذُنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيُنَحِّي رَأْسَهُ حَتّٰى يَكُونَ الرَّجُلُ هُوَ الَّذِي يُنَحِّي رَأْسَهُ وَمَا رَأَيْتُ رَجُلًا أَخَذَ بِيَدِهِ فَتَرَكَ يَدَهُ حَتّٰى يَكُونَ الرَّجُلُ هُوَ الَّذِي يَدَعُ يَدَهُ۔

ثابت سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ میں نے کسی شخص کو نہیں دیکھا کہ اس نے اپنا منہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے گوش مبارک پر رکھا ہو اور آپ نے اپنا سر مبارک ہٹا لیا ہو یہاں تک کہ وہ آدمی ہی اپنا سر ہٹا لیتا اور میں نے کسی شخص کو نہیں دیکھا کہ اس نے آپ کا دستِ مبارک پکڑا ہوا اور آپ نے اپنا دستِ مبارک ہٹا لیا ہو، یہاں تک کہ وہ آدمی خود ہی اپنا ہاتھ ہٹا لیتا۔

۱۳۶۷۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَجُلًا اسْتَأْذَنَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِئْسَ أَخُو الْعَشِيرَةِ فَلَمَّا دَخَلَ انْبَسَطَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَلَّمَهُ فَلَمَّا خَرَجَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَمَّا اسْتَأْذَنَ قُلْتَ بِئْسَ أَخُو الْعَشِيرَةِ فَلَمَّا دَخَلَ انْبَسَطْتَ إِلَيْهِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَائِشَةُ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَاحِشَ الْمُتَفَحِّشَ۔

ابو سلمہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اجازت طلب کی تو آپ نے فرمایا کہ اپنے کنبے کا بُرا فرد ہے۔ جب وہ اندر داخل ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خندہ پیشانی سے ملے اور اُس سے گفتگو فرمائی۔ جب وہ چلا گیا تو میں عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! جب اس نے اجازت مانگی تو آپ نے اسے کنبے کا بُرا فرد کہا اور جب وہ اندر داخل ہوا تو آپ خندہ پیشانی سے ملے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے عائشہ! اللہ تعالیٰ بدکلام اور بھکڑ باز کو پسند نہیں فرماتا۔

بَابٌ ۲۲۳ فِي الْحَيَاءِ۔

حیا کا بیان

۱۳۶۸۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلٰى رَجُلٍ

سالم بن عبد اللہ نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس سے انصار کا ایک آدمی گزرا جو اپنے بھائی کو حیا کے متعلق نصیحت کر رہا تھا۔

مِنَ الْاَنْصَارِ وَهُوَ يَعِظُ اَخَاهُ فِي الْحَيَاءِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعْهُ فَاِنَّ الْحَيَاءَ مِنَ الْاِيْمَانِ۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اسے چھوڑ دو کیونکہ حیا تو ایمان کا ایک حصہ ہے۔

۱۳۶۹۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ نَا حَمَّادٌ عَنْ اِسْحٰقَ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ اَبِي قَتَادَةَ قَالَ كُنَّا مَعَ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ وَثَمَّ بُشَيْرُ بْنُ كَعْبٍ فَحَدَّثَ عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْحَيَاءُ خَيْرٌ كُلُّهُ اَوْ قَالَ الْحَيَاءُ كُلُّهُ خَيْرٌ فَقَالَ بُشَيْرُ بْنُ كَعْبٍ اِنَّا نَجِدُ فِي بَعْضِ الْكُتُبِ اَنَّ مِنْهُ سَكِيْنَةً وَّوَقَارًا وَّمِنْهُ ضَعْفًا فَاَعَادَ عِمْرَانُ الْحَدِيْثَ فَاَعَادَ بُشَيْرٌ الْكَلَامَ قَالَ فَغَضِبَ عِمْرَانُ حَتّٰى احْمَرَّتْ عَيْنَاهُ وَقَالَ اَلَا اَرَانِي اُحَدِّثُكَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتُحَدِّثُنِي عَنْ كُتُبِكَ قَالَ قُلْنَا يَا اَبَا نُجَيْدٍ اِيْهٍ اِيْهٍ۔

ابو قتادہ کا بیان ہے کہ ہم حضرت عمران بن حصین کے ساتھ تھے اور بشیر بن کعب بھی موجود تھے کہ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: حیا ساری ہی بہتر ہے یا کہ ساری حیا ہی بہتر ہے۔ بشیر بن کعب نے کہا کہ ہم بعض کتابوں میں پاتے ہیں کہ اس میں اطمینان اور وقار ہے، نیز اس کے اندر کمزوری بھی ہے۔ حضرت عمران نے دوبارہ یہی حدیث دُہرائی تو بشیر نے بھی اپنی بات دُہرائی۔ پس حضرت عمران ناراض ہو گئے یہاں تک کہ آن کی آنکھیں سُرخ ہو گئیں اور فرمایا: میں تم سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حدیث بیان کی اور تم مجھے دوسری کتابوں کی باتیں سُنا رہے ہو۔ ہم عرض گزار ہوئے کہ اے ابو نجید! چُپ رہیئے، چُپ رہیئے۔

۱۳۷۰۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ نَا شُعْبَةُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ عَنْ اَبِي مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِمَّا اَدْرَكَ النَّاسُ مِنْ كَلَامِ النُّبُوَّةِ الْاُوْلٰى اِذَا لَمْ تَسْتَحْيِ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ۔

ربعی بن حراش نے حضرت ابو مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اگلی نبوت کی باتوں میں سے یہ بات لوگوں کو ملی کہ جب تجھے شرم نہ آئے تو جو چاہے کر۔

باب ۷۲۵ فِي حُسْنِ الْخُلُقِ۔

حُسنِ اخلاق کا بیان

۱۳۷۱۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ نَا يَعْقُوْبُ يَعْنِي الْاِسْكَنْدَرَانِيَّ عَنْ عَمْرٍو عَنِ الْمُطَّلِبِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ الْمُؤْمِنَ لَيُدْرِكُ بِحُسْنِ خُلُقِهِ دَرَجَةَ الصَّائِمِ الْقَائِمِ۔

مطلب سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ مومن حسنِ اخلاق کے ذریعے دن کو روزے رکھنے اور راتوں کو قیام کرنے کا درجہ حاصل کر لیتا ہے۔

۱۳۷۲۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ وَحَفْصُ بْنُ عُمَرَ قَالَا نَا ح وَنَا ابْنُ كَثِيْرٍ اَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ اَبِي بَزَّةَ عَنْ عَطَاءٍ الْكَيْخَارَانِيِّ

ابو الولید طیالسی اور حفص بن عمر ----- ابن کثیر، شعبہ، قاسم بن ابو بزہ، عطاء کیخارانی، حضرت اُمِ درداء نے حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ شَيْءٍ اَثْقَلُ فِي الْمِيزَانِ مِنْ حُسْنِ الْخُلُقِ قَالَ اَبُو الْوَلِيدِ سَمِعْتُ عَطَاءً الْكَيْخَارَانِيَّ۔

حسنِ اخلاق سے بڑھ کر میزان میں کوئی چیز بھاری نہیں ہوگی ——— ابوالولید کا بیان ہے کہ میں نے اسے عطاء کیخارانی سے بھی سُنا ہے۔

۱۳۷۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الدِّمَشْقِيُّ اَبُو الْجَمَاهِرِ قَالَ نَا اَبُو كَعْبٍ اَيُّوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ السَّعْدِيُّ حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ حَبِيبٍ الْمُحَارِبِيُّ عَنْ اَبِي اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا زَعِيمٌ بِبَيْتٍ فِي رَبَضِ الْجَنَّةِ لِمَنْ تَرَكَ الْمِرَاءَ وَاِنْ كَانَ مُحِقًّا وَبِبَيْتٍ فِي وَسَطِ الْجَنَّةِ لِمَنْ تَرَكَ الْكَذِبَ وَاِنْ كَانَ مَازِحًا وَبِبَيْتٍ فِي اَعْلَى الْجَنَّةِ لِمَنْ حَسُنَ خُلُقُهُ۔

سلیمان بن حبیب محاربی نے حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو جھگڑنا چھوڑ دے میں اس کے لیے جنت کے اندر ایک مکان کا ضامن ہوں، اگرچہ حق پر ہو اور اس کے لیے جنت کے درمیان میں مکان کا جو جھوٹ کو ترک کر دے، خواہ وہ ہنسی مذاق میں ہی کہتا ہو اور جنت کے اعلیٰ درجے میں اس کے لیے جو اچھا اخلاق پیش کرے۔

ف ۔ جنت یا جنت میں گھر دینے کی ضمانت اس بنا پر ہے کہ آپ پروردگارِ عالم کے خلیفۂ اعظم ہیں۔ خدا نے اپنے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو رحمتِ الٰہیہ کے خزانوں کا تقسیم کرنے والا اور رحمۃ للعالمین بنایا اور طالبِ رحمت کو ان کی بارگاہ میں حاضر ہونے کا حکم فرمایا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

۱۳۷۴۔ حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ وَعُثْمَانُ ابْنَا اَبِي شَيْبَةَ قَالَ نَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مَعْبَدِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ الْجَوَّاظُ وَالْجَعْظَرِيُّ قَالَ وَالْجَوَّاظُ الْغَلِيظُ الْفَظُّ۔

معبد بن خالد نے حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ بیہودہ بکنے والا اور حرام کے مال سے پلنے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ راوی کا بیان ہے کہ الجواظ بد کلامی کرنے والے کو کہتے ہیں۔

بَابٌ ۲۲۶ فِي كَرَاهِيَةِ الرِّفْعَةِ فِي الْاُمُورِ۔

ڈینگیں مارنے کی برائی

۱۳۷۵۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ اِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَتِ الْعَضْبَاءُ لَا تُسْبَقُ فَجَاءَ اَعْرَابِيٌّ عَلَى قَعُودٍ لَهُ فَسَابَقَهَا فَسَبَقَهَا الْاَعْرَابِيُّ فَكَاَنَّ ذٰلِكَ شَقَّ عَلَى اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ حَقٌّ عَلَى اللّٰهِ اَنْ لَا يَرْفَعَ شَيْئًا اِلَّا وَضَعَهُ۔

ثابت سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، عضباء پیچھے نہیں رہا کرتی تھی۔ پس ایک اعرابی اپنے کمسن اونٹ پر آیا اور اس نے شرط لگائی تو اعرابی آگے نکل گیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب پر یہ بات گراں گزری تو آپ نے فرمایا کہ یہ اللہ تعالیٰ کا قانون ہے کہ جس چیز کو اٹھاتا ہے تو اُسے گراتا بھی ہے۔

۱۳۷۶۔ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا زُهَيْرٌ نَا حُمَيْدٌ عَنْ أَنَسٍ بِهٰذِهِ الْقِصَّةِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ تَعَالٰى أَنْ لَا يُرْفَعَ شَيْءٌ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا وَضَعَهُ۔

نفیلی، زہیر، حمید نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس واقعہ کو روایت کیا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ اللہ تعالیٰ کا قانون ہے کہ دُنیا میں کسی چیز کو نہیں اُٹھاتا مگر اُسے گراتا بھی ہے۔

بَابٌ ۴۲۷ فِي كَرَاهِيَةِ التَّمَادُحِ۔

خوشامد کی برائی

۱۳۷۷۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا وَكِيعٌ نَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ هَمَّامٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ فَأَثْنَى عَلَى عُثْمَانَ فِي وَجْهِهِ فَأَخَذَ الْمِقْدَادُ بْنُ الْأَسْوَدِ تُرَابًا فَحَثَا فِي وَجْهِهِ وَقَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا لَقِيتُمُ الْمَدَّاحِينَ فَاحْثُوا فِي وُجُوهِهِمُ التُّرَابَ۔

ابراہیم سے روایت ہے کہ ہمام نے فرمایا: ایک آدمی آیا اور اُس نے حضرت عثمان کی اُن کے منہ پر تعریف کی تو حضرت مقداد بن اسود نے ایک مٹھی مٹی لے کر اس کے منہ میں ڈال دی اور کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: جب تم خوشامد کرنے والوں کو پاؤ تو ان کے منہ پر مٹی ڈال دینا۔

۱۳۷۸۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا أَبُو شِهَابٍ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي بَكْرَةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَجُلًا أَثْنَى عَلَى رَجُلٍ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ قَطَعْتَ عُنُقَ صَاحِبِكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ قَالَ إِذَا مَدَحَ أَحَدُكُمْ صَاحِبَهُ لَا مَحَالَةَ فَلْيَقُلْ إِنِّي أَحْسِبُهُ كَمَا يُرِيدُ أَنْ يَقُولَ وَلَا أُزَكِّيهِ عَلَى اللّٰهِ تَعَالٰى۔

عبد الرحمان بن ابوبکرہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں دوسرے آدمی کی تعریف کی تو آپ نے اس سے تین مرتبہ فرمایا: تم نے اپنے ساتھی کی گردن کاٹ دی۔ پھر فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی اپنے ساتھی کی تعریف کرے جس کے بغیر چارہ نہ ہو تو کہے کہ میرے خیال میں وہ ایسا ہے کہ یوں کہا جائے اور میں اُسے خدا کے مقابلے پر پاک قرار نہیں دیتا۔

۱۳۷۹۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا بِشْرٌ يَعْنِي ابْنَ الْمُفَضَّلِ نَا أَبُو مَسْلَمَةَ سَعِيدُ بْنُ يَزِيدَ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ مُطَرِّفٍ قَالَ قَالَ أَبِي انْطَلَقْتُ فِي وَفْدِ بَنِي عَامِرٍ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا أَنْتَ سَيِّدُنَا فَقَالَ السَّيِّدُ اللّٰهُ قُلْنَا وَأَفْضَلُنَا فَضْلًا وَأَعْظَمُنَا طَوْلًا فَقَالَ قُولُوا بِقَوْلِكُمْ أَوْ بَعْضِ قَوْلِكُمْ وَلَا يَسْتَجْرِيَنَّكُمُ الشَّيْطَانُ۔

ابونضرہ سے روایت ہے کہ حضرت مطرف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں بنی عامر کے وفد میں شامل ہو کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا۔ ہم عرض گزار ہوئے کہ آپ ہمارے سید (سردار) ہیں۔ فرمایا کہ سید تو اللہ ہے۔ ہم عرض گزار ہوئے کہ آپ ہم میں خوبیوں کے لحاظ سے افضل اور درجے کے لحاظ سے اعلیٰ ہیں۔ فرمایا کہ اپنی بات کرو یا کوئی اور بات کرو، مبادا شیطان تمہیں اپنا مزدور بنا لے۔

بَابٌ ۴۲۸ فِي الرِّفْقِ۔

نرمی کا بیان

۱۳۸۰۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا

حسن نے حضرت عبد اللہ بن مغفل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے

حَمَّادٌ عَنْ يُونُسَ وَحُمَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الرِّفْقَ وَيُعْطِي عَلَيْهِ مَا لَا يُعْطِي عَلَى الْعُنْفِ۔

روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نرمی سے سلوک کرنے والا ہے اور نرمی کو پسند کرتا ہے۔ نرمی پر اتنا عطا فرماتا ہے کہ اتنا سختی پر عطا نہیں فرماتا۔

۱۳۸۱۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ وَأَبُو بَكْرٍ ابْنَا أَبِي شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّازُ قَالُوا نَا شَرِيكٌ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنِ الْبَدَاوَةِ فَقَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْدُو إِلَى هٰذِهِ التِّلَاعِ وَإِنَّهُ أَرَادَ الْبَدَاوَةَ مَرَّةً فَأَرْسَلَ إِلَيَّ نَاقَةً مُحَرَّمَةً مِنْ إِبِلِ الصَّدَقَةِ فَقَالَ لِي يَا عَائِشَةُ ارْفُقِي فَإِنَّ الرِّفْقَ لَمْ يَكُنْ فِي شَيْءٍ قَطُّ إِلَّا زَانَهُ وَلَا نُزِعَ مِنْ شَيْءٍ قَطُّ إِلَّا شَانَهُ قَالَ ابْنُ الصَّبَّاحِ فِي حَدِيثِهِ مُحَرَّمَةٌ يَعْنِي لَمْ تُرْكَبْ۔

مقدام بن شریح کے والد ماجد کا بیان ہے کہ میں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے جنگل میں جانے کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب جنگل کو جانے کا ارادہ کرتے تو اس نالے سے ابتدا فرمایا کرتے۔ ایک دفعہ آپ نے جنگل کو جانے کا ارادہ فرمایا تو زکوٰۃ کے اونٹوں میں سے میرے پاس ایک اونٹنی بھیجی جس پر سواری نہیں کی گئی تھی اور مجھ سے فرمایا۔ اے عائشہ! نرمی اختیار کرنا کیونکہ نہیں ہوتی کسی چیز میں نرمی مگر اُسے زینت دیتی ہے اور نہیں نکلتی کسی چیز سے مگر اُسے عیبی کر دیتی ہے۔ ابن الصباح نے اپنی حدیث میں مخرمہ کہا ہے یعنی جس پر سواری نہ کی گئی ہو۔

۱۳۸۲۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ وَوَكِيعٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ جَرِيرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يُحْرَمِ الرِّفْقَ يُحْرَمِ الْخَيْرَ كُلَّهُ۔

ابوبکر بن ابوشیبہ، ابو معاویہ اور وکیع، اعمش، تمیم بن سلمہ، عبدالرحمان بن ہلال نے حضرت جریر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو نرمی سے محروم ہوا تو وہ تمام بھلائیوں سے محروم رہ گیا۔

۱۳۸۳۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ نَا عَفَّانُ نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ نَا سُلَيْمَانُ الْأَعْمَشُ عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ الْأَعْمَشُ وَقَدْ سَمِعْتُهُمْ يَذْكُرُونَ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ الْأَعْمَشُ وَلَا أَعْلَمُهُ إِلَّا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ التُّؤَدَةُ فِي كُلِّ شَيْءٍ إِلَّا فِي عَمَلِ الْآخِرَةِ۔

حسن بن محمد صباح، عفان، عبدالواحد، سلیمان اعمش، مالک بن حارث، مصعب بن سعد نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے۔ اعمش کا بیان ہے کہ میرے خیال میں اُن سے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ آخرت کے کاموں کے لیے اور کاموں (دنیاوی اُمور) میں جلدی کرنا اچھا نہیں ہے۔

بَابٌ ۴۲۹ فِي شُكْرِ الْمَعْرُوفِ۔

۱۳۸۴۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا الرَّبِيعُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَشْكُرُ اللَّهَ مَنْ لَا يَشْكُرُ النَّاسَ۔

۱۳۸۵۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ الْمُهَاجِرِينَ قَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ ذَهَبَتِ الْأَنْصَارُ بِالْأَجْرِ كُلِّهِ قَالَ لَا مَا دَعَوْتُمُ اللَّهَ لَهُمْ وَأَثْنَيْتُمْ عَلَيْهِمْ۔

۱۳۸۶۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا بِشْرٌ نَا عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ حَدَّثَنِي رَجُلٌ مِنْ قَوْمِي عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أُعْطِيَ عَطَاءً فَوَجَدَ فَلْيَجْزِ بِهِ فَإِنْ لَمْ يَجِدْ فَلْيُثْنِ بِهِ فَمَنْ أَثْنَى بِهِ فَقَدْ شَكَرَهُ وَمَنْ كَتَمَهُ فَقَدْ كَفَرَهُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ عَنْ شُرَحْبِيلَ عَنْ جَابِرٍ۔

۱۳۸۷۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْجَرَّاحِ نَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أُبْلِيَ بَلَاءً فَذَكَرَهُ فَقَدْ شَكَرَهُ وَإِنْ كَتَمَهُ فَقَدْ كَفَرَهُ۔

احسان کا شکریہ ادا کرنا

محمد بن زیاد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ وہ اللہ کا شکر ادا نہیں کرتا جو لوگوں کا شکریہ ادا نہ کرے۔

ثابت نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ مہاجرین عرض گزار ہوئے۔ یا رسول اللہ! انصار تو سارا ہی ثواب لے گئے۔ فرمایا نہیں جب تک تم ان کے لیے دعا کرتے رہو گے اور اُن کی تعریف کرتے رہو گے۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس کو کوئی چیز دی جائے تو اگر اُس میں طاقت ہو تو اس کا بدلہ دے اور اگر استطاعت نہ ہو تو اُس کی تعریف کرے۔ جس نے اس کی تعریف کی اس نے شکریہ ادا کیا اور جس نے اُسے چھپایا اس نے ناشکری کی۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے یحییٰ بن ایوب، عمارۃ بن غزیہ، شرجیل نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے۔

ابوسفیان نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس کو کوئی چیز ملے اور وہ اس کا ذکر کرے تو اس نے شکریہ ادا کیا اور جس نے چھپایا اُسے اس نے ناشکری کی۔

بَابٌ ۴۳۰ فِي الْجُلُوسِ بِالطُّرُقَاتِ۔

۱۳۸۸۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ عَنْ زَيْدٍ يَعْنِي ابْنَ أَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِيَّاكُمْ وَالْجُلُوسَ عَلَى الطُّرُقَاتِ فَقَالُوا

راستوں میں بیٹھنے کا بیان

عطاء بن یسار نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا راستوں میں بیٹھنے سے پرہیز کرنا۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ ہمارا مجالس میں بیٹھے بغیر گزارہ نہیں ہے کیونکہ ہم اُن میں باتیں کرتے ہیں۔ فرمایا اگر تم ایسا نہ کر سکو تو راستے کا حق ادا کر دیا کرو۔ عرض گزار

يَارَسُوْلَ اللهِ مَا بُدَّ لَنَا مِنْ مَجَالِسِنَا نَتَحَدَّثُ فِيْهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ اَبَيْتُمْ فَاَعْطُوا الطَّرِيْقَ حَقَّهٗ قَالُوْا وَمَا حَقُّ الطَّرِيْقِ يَارَسُوْلَ اللهِ قَالَ غَضُّ الْبَصَرِ وَكَفُّ الْاَذٰى وَرَدُّ السَّلَامِ وَالْاَمْرُ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ۔

ہوئے کہ یا رسول اللہ! راستے کا حق کیا ہے؟ فرمایا کہ نگاہ نیچی رکھنا، کسی کو تکلیف نہ دینا، سلام کا جواب دینا، اچھی بات کا حکم کرنا اور بُری بات سے روکنا۔

۱۳۸۹۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا بِشْرٌ يَعْنِي ابْنَ الْمُفَضَّلِ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِسْحٰقَ عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذِهِ الْقِصَّةِ قَالَ وَاِرْشَادُ السَّبِيْلِ۔

مسدد، بشر، ابن المفضل، عبدالرحمان بن اسحاق، سعید مقبری نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسی واقعہ میں فرمایا کہ راستہ بتا دینا۔

۱۳۹۰۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عِيْسَى النَّيْسَابُوْرِيُّ اَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ نَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ اِسْحٰقَ ابْنِ سُوَيْدٍ عَنِ ابْنِ حُجَيْرٍ الْعَدَوِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذِهِ الْقِصَّةِ قَالَ وَتُغِيْثُوا الْمَلْهُوْفَ وَتَهْدُوا الضَّالَّ۔

حسن بن عیسیٰ نیشاپوری، ابن المبارک، جریر بن حازم، اسحاق بن سوید، ابن حجیر عدوی نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسی واقعہ میں فرمایا: مصیبت زدہ کی مدد کرو اور بھولے ہوئے کو راستہ بتاؤ۔

۱۳۹۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى وَكَثِيْرُ ابْنُ عُبَيْدٍ قَالَا نَا مَرْوَانُ قَالَ ابْنُ عِيْسٰى قَالَ نَا حُمَيْدٌ عَنْ اَنَسٍ قَالَ جَاءَتِ امْرَاَةٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَارَسُوْلَ اللهِ اِنَّ لِيْ اِلَيْكَ حَاجَةً فَقَالَ لَهَا يَا اُمَّ فُلَانٍ اِجْلِسِيْ فِيْ اَيِّ نَوَاحِي السِّكَكِ شِئْتِ حَتّٰى اَجْلِسَ اِلَيْكِ قَالَ فَجَلَسَتْ فَجَلَسَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْهَا حَتّٰى قَضَتْ حَاجَتَهَا لَمْ يَذْكُرِ ابْنُ عِيْسٰى حَتّٰى قَضَتْ حَاجَتَهَا وَقَالَ كَثِيْرٌ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ۔

حمید سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: ایک عورت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! مجھے آپ سے ایک کام ہے۔ فرمایا اے اُمِّ فلاں! تم گلی کے سرے پر جہاں چاہو میں تمہارے پاس بیٹھ جاؤں گا۔ راوی کا بیان ہے کہ وہ عورت بیٹھی اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی اس کے پاس بیٹھے رہے، یہاں تک کہ اس کی حاجت پوری کر دی۔ ابن عیسیٰ نے یہ ذکر نہیں کیا کہ اس کی حاجت پوری ہو گئی۔ اور کثیر نے حمید کے واسطے سے اسے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے۔

۱۳۹۲۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ نَا

عثمان بن ابو شیبہ، یزید بن ہارون، حماد بن سلمہ، ثابت

يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ امْرَأَةً كَانَ فِي عَقْلِهَا شَيْءٌ بِمَعْنَاهُ۔

نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ ایک عورت کی عقل میں فتور آگیا تھا۔ پھر معناً مذکورہ حدیث بیان کی۔

باب ۴۳۱ فِي سَعَةِ الْمَجْلِسِ۔

کھلی جگہ بیٹھنے کا بیان

۱۳۹۳۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ أَبِي الْمَوَالِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي عَمْرَةَ الْأَنْصَارِيِّ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ خَيْرُ الْمَجَالِسِ أَوْسَعُهَا قَالَ أَبُوْ دَاوُدَ هُوَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرِو بْنِ أَبِي عَمْرَةَ الْأَنْصَارِيُّ۔

عبدالرحمان بن ابوعمرہ انصاری سے روایت ہے کہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ بہتر مجلس وہ ہے جس میں بیٹھنے کی گنجائش ہو۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ وہ عبدالرحمان بن عمرو بن ابوعمرہ انصاری ہیں (یعنی روایت کرنے والے صاحب)

باب ۴۳۲ فِي الْجُلُوْسِ بَيْنَ الشَّمْسِ وَالظِّلِّ

دھوپ چھاؤں میں بیٹھنے کا بیان

۱۳۹۴۔ حَدَّثَنَا ابْنُ السَّرْحِ وَمَخْلَدُ بْنُ خَالِدٍ قَالَا نَا سُفْيَانُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ حَدَّثَنِي مَنْ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَانَ أَحَدُكُمْ فِي الشَّمْسِ وَقَالَ مَخْلَدٌ فِي الْفَيْءِ فَقَلَصَ عَنْهُ الظِّلُّ فَصَارَ بَعْضُهُ فِي الشَّمْسِ وَبَعْضُهُ فِي الظِّلِّ فَلْيَقُمْ۔

محمد بن منکدر نے اس شخص سے سنا جس نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ابوالقاسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تم میں سے کوئی دھوپ میں ہو خالد نے کہا کہ سائے میں۔ پس اس کے اوپر سے سایہ چلا جائے یعنی وہ سب کچھ دھوپ میں رہ جائے اور کچھ سائے میں تو چاہیے کہ اُٹھ جائے۔

۱۳۹۵۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيٰى عَنْ إِسْمٰعِيْلَ قَالَ حَدَّثَنِي قَيْسٌ عَنْ أَبِيْهِ أَنَّهُ جَاءَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ فَقَامَ فِي الشَّمْسِ فَأَمَرَ بِهِ فَحُوِّلَ إِلَى الظِّلِّ۔

مسدد، یحییٰ، اسمٰعیل، قیس نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ وہ آئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خطبہ دے رہے تھے۔ پس وہ دھوپ میں کھڑے رہے۔ آپ نے حکم فرمایا تو وہ سائے میں آگئے۔

باب ۴۳۳ فِي التَّحَلُّقِ۔

حلقہ بنانے کا بیان

۱۳۹۶۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيٰى عَنِ الْأَعْمَشِ حَدَّثَنِي الْمُسَيَّبُ بْنُ رَافِعٍ عَنْ تَمِيْمِ بْنِ طَرَفَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْجِدَ وَهُمْ حِلَقٌ فَقَالَ مَالِي أَرَاكُمْ عِزِيْنَ۔

تمیم بن طرفہ سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسجد میں داخل ہوئے اور لوگوں نے کئی حلقے بنا رکھے تھے۔ فرمایا کیا بات ہے کہ تمہیں الگ الگ دیکھ رہا ہوں۔

۱۳۹۷۔ حَدَّثَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى عَنِ ابْنِ فُضَيْلٍ عَنِ الْأَعْمَشِ بِهَذَا قَالَ كَأَنَّهُ يُحِبُّ الْجَمَاعَةَ۔

واصل بن عبدالاعلیٰ، ابن فضیل سے روایت ہے کہ اعمش نے فرمایا: گویا آپ اکٹھے ہونے کو پسند فرماتے تھے۔

۱۳۹۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ وَهَنَّادٌ أَنَّ شَرِيكًا أَخْبَرَهُمْ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كُنَّا إِذَا أَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَسَ أَحَدُنَا حَيْثُ يَنْتَهِي۔

محمد بن جعفر اور ہناد، شریک، حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جب ہم نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوتے تو جو آتا وہ آخر میں بیٹھ جاتا۔

باب ۴۳۴ الْجُلُوسِ وَسْطَ الْحَلْقَةِ۔

حلقہ کے درمیان بیٹھنا

۱۳۹۹۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ نَا أَبَانُ نَا قَتَادَةُ حَدَّثَنِي أَبُو مِجْلَزٍ عَنْ حُذَيْفَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ مَنْ جَلَسَ وَسْطَ الْحَلْقَةِ۔

موسیٰ بن اسمٰعیل، ابان، قتادہ، ابو مجلز نے حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس شخص پر لعنت فرمائی ہے جو آکر حلقے کے درمیان میں بیٹھے۔

باب ۴۳۵ فِي الرَّجُلِ يَقُومُ لِلرَّجُلِ مِنْ مَجْلِسِهِ۔

ایک شخص کا دوسرے کے لیے اپنی جگہ سے اُٹھنا

۱۴۰۰۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ مَوْلَى لِآلِ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ قَالَ جَاءَنَا أَبُو بَكْرَةَ فِي شَهَادَةٍ فَقَامَ لَهُ رَجُلٌ مِنْ مَجْلِسِهِ فَأَبَى أَنْ يَجْلِسَ فِيهِ وَقَالَ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ ذَا وَنَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَمْسَحَ الرَّجُلُ يَدَهُ بِثَوْبِ مَنْ لَمْ يَكْسُهُ۔

ابو عبداللہ مولیٰ آلِ ابو بردہ سے روایت ہے کہ سعید بن ابوالحسن نے فرمایا: حضرت ابو بکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک گواہی کے سلسلے میں ہمارے پاس تشریف لائے تو ایک آدمی اُن کے لیے اپنی جگہ سے اُٹھ کھڑا ہوا۔ اُنھوں نے وہاں بیٹھنے سے انکار کر دیا۔ اور فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہے اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے کہ کوئی شخص ایسے کپڑے سے ہاتھ پونچھے جو اُسے دیا نہ گیا ہو۔

۱۴۰۱۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ جَعْفَرٍ حَدَّثَهُمْ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عُقَيْلِ بْنِ طَلْحَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا الْخُصَيْبِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ لَهُ رَجُلٌ عَنْ مَجْلِسِهِ فَذَهَبَ لِيَجْلِسَ فِيهِ فَنَهَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ أَبُو الْخُصَيْبِ اسْمُهُ

عثمان بن ابوشیبہ، محمد بن جعفر، شعبہ، عقیل بن طلحہ، ابو خصیب سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو اس کے لیے دوسرا آدمی اپنی جگہ سے اُٹھ کھڑا ہوا۔ آنے والا اس جگہ بیٹھنے لگا تھا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے منع فرما دیا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ابو الخصیب کا نام زیاد بن عبدالرحمان ہے۔

زِيَادُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ۔

بَابُ ۴۳۶ مَنْ يُؤْمَرُ أَنْ يُجَالَسَ۔

کس کی صحبت میں بیٹھنا چاہیئے

۱۴۰۲۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا أَبَانُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ الَّذِي يَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ مَثَلُ الْأُتْرُجَّةِ رِيحُهَا طَيِّبٌ وَطَعْمُهَا طَيِّبٌ وَمَثَلُ الْمُؤْمِنِ الَّذِي لَا يَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ مَثَلُ التَّمْرَةِ طَعْمُهَا طَيِّبٌ وَلَا رِيحَ لَهَا وَمَثَلُ الْفَاجِرِ الَّذِي يَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ كَمَثَلِ الرَّيْحَانَةِ رِيحُهَا طَيِّبٌ وَطَعْمُهَا مُرٌّ وَمَثَلُ الْفَاجِرِ الَّذِي لَا يَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ كَمَثَلِ الْحَنْظَلَةِ طَعْمُهَا مُرٌّ وَلَا رِيحَ لَهَا وَمَثَلُ الْجَلِيسِ الصَّالِحِ كَمَثَلِ صَاحِبِ الْمِسْكِ إِنْ لَمْ يُصِبْكَ مِنْهُ شَيْءٌ أَصَابَكَ مِنْ رِيحِهِ وَمَثَلُ جَلِيسِ السُّوءِ كَمَثَلِ صَاحِبِ الْكِيرِ إِنْ لَمْ يُصِبْكَ مِنْ سَوَادِهِ أَصَابَكَ مِنْ دُخَانِهِ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، اُس مومن کی مثال جو قرآن مجید پڑھے سنگترے جیسی ہے جس کی خوشبو اچھی اور ذائقہ بھی اچھا ہے۔ اس مومن کی مثال جو قرآن مجید نہ پڑھے کھجور جیسی ہے جس کا ذائقہ اچھا مگر اُس میں خوشبو نہیں ہوتی۔ اس فاسق کی مثال جو قرآن مجید پڑھے ریحانہ جیسی ہے جس کی خوشبو اچھی لیکن ذائقہ کڑوا ہے اس فاسق کی مثال جو قرآن مجید نہ پڑھے اندرائن (تمبے) جیسی ہے جس کا ذائقہ کڑوا اور خوشبو بھی نہیں ہوتی۔ اچھے مصاحب (پاس بیٹھنے والے) کی مثال مشک والے جیسی ہے۔ اگر تمہیں اس میں سے کچھ نہ ملے تب بھی خوشبو پہنچ جائے گی اور بُرے مصاحب کی مثال بھٹی والے کی طرح ہے کہ اگر تمہیں اُس کی سیاہی نہ بھی لگے پھر بھی دھواں تو تم تک پہنچ ہی جائے گا۔

۱۴۰۳۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيَى الْمَعْنَى ح وَنَا ابْنُ مُعَاذٍ نَا أَبِي نَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ عَنْ أَبِي مُوسَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا الْكَلَامِ الْأَوَّلِ إِلَى قَوْلِهِ وَطَعْمُهَا مُرٌّ وَزَادَ ابْنُ مُعَاذٍ قَالَ أَنَسٌ وَكُنَّا نَتَحَدَّثُ أَنَّ مَثَلَ جَلِيسِ الصَّالِحِ وَسَاقَ بَقِيَّةَ الْحَدِيثِ۔

مسدد، یحییٰ، ابن معاذ، شعبہ، قتادہ، حضرت انس، حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مذکورہ حدیث کو طَعْمُهَا مُرٌّ تک روایت کیا۔ ابن معاذ نے اس میں یہ بھی کہا ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ ہم آپس میں کہا کرتے تھے کہ اچھے مصاحب کی مثال ایسی ہے۔ باقی حدیث اسی طرح بیان کی۔

۱۴۰۴۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّبَّاحِ الْعَطَّارُ نَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ شُبَيْلِ بْنِ عَزْرَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَثَلُ الْجَلِيسِ الصَّالِحِ فَذَكَرَ نَحْوَهُ۔

شبیل بن عزرہ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، اچھے مصاحب کی مثال ایسی ہے۔ پھر مذکورہ حدیث کی طرح بیان کی۔

۱۴۰۵۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ أَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ

عمرو بن عون، ابن المبارک، حیوۃ بن شریح، سالم بن غیلان،

عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ غَيْلَانَ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ أَوْ عَنْ أَبِي الْهَيْثَمِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُصَاحِبْ إِلَّا مُؤْمِنًا وَلَا يَأْكُلْ طَعَامَكَ إِلَّا تَقِيٌّ۔

ولید بن قیس، ابوسعید یا ابوالہیثم نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نہ کسی کو مصاحب بناؤ مگر مومن کو اور نہ کسی کو ساتھ کھانا کھلاؤ مگر پرہیز گار کو۔

۱۴۰۶۔ حَدَّثَنَا ابْنُ بَشَّارٍ نَا أَبُو عَامِرٍ وَ أَبُو دَاوُدَ قَالَا نَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ وَرْدَانَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الرَّجُلُ عَلَى دِينِ خَلِيلِهِ فَلْيَنْظُرْ أَحَدُكُمْ مَنْ يُخَالِلُ۔

ابن بشار، ابوعامر اور ابوداؤد، زہیر بن محمد، موسیٰ بن وردان نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے لہٰذا تم دیکھ لیا کرو کہ کس کو دوست بنا رہے ہو۔

۱۴۰۷۔ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ زَيْدِ بْنِ أَبِي الزَّرْقَاءِ نَا أَبِي نَا جَعْفَرٌ يَعْنِي ابْنَ بُرْقَانَ عَنْ يَزِيدَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ يَرْفَعُهُ قَالَ الْأَرْوَاحُ جُنُودٌ مُجَنَّدَةٌ فَمَا تَعَارَفَ مِنْهَا ائْتَلَفَ وَمَا تَنَاكَرَ مِنْهَا اخْتَلَفَ۔

ہارون بن زید بن ابوزرقاء، اُن کے والد ماجد، جعفر بن برقان، یزید نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: روحیں جھنڈ کے جھنڈ ہیں۔ جن میں وہاں تعارف ہوا تو یہاں اُلفت رہی اور جو وہاں انجان رہیں اُن میں یہاں جدائی ہے۔

بَابٌ ۴۳ فِي كَرَاهِيَةِ الْمِرَاءِ۔

جھگڑنے کی ممانعت

۱۴۰۸۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا أَبُو أُسَامَةَ نَا بُرَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ جَدِّهِ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا بَعَثَ أَحَدًا مِنْ أَصْحَابِهِ فِي بَعْضِ أَمْرِهِ قَالَ بَشِّرُوا وَلَا تُنَفِّرُوا وَيَسِّرُوا وَلَا تُعَسِّرُوا۔

ابوبردہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب اپنے اصحاب میں سے کسی کو کسی کام کے لیے روانہ کرتے تو فرماتے: خوش کرنا نفرت نہ دلانا اور آسانی کرنا مشکل میں نہ پھنسانا۔

۱۴۰۹۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنْ سُفْيَانَ حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُهَاجِرِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ قَائِدِ السَّائِبِ عَنِ السَّائِبِ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلُوا يُثْنُونَ عَلَيَّ وَيَذْكُرُونِي فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا أَعْلَمُكُمْ يَعْنِي بِهِ قُلْتُ صَدَقْتَ بِأَبِي وَأُمِّي كُنْتَ شَرِيكِي فَنِعْمَ الشَّرِيكُ كُنْتَ

مسدد، یحییٰ، سفیان، ابراہیم بن مہاجر، مجاہد، قائد السائب سے روایت ہے کہ حضرت سائب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو لوگ میری تعریف کر رہے تھے اور میرا ذکر ہو رہا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں انہیں تمہاری نسبت زیادہ جانتا ہوں۔ میں عرض گزار ہوا کہ میرے ماں باپ کی قسم، آپ نے سچ فرمایا۔ آپ میرے ساجھی تھے اور کیا ہی اچھے ساجھی تھے۔ آپ نے کبھی

لَا تُدَارِیْ وَلَا تُمَارِیْ۔

لڑائی جھگڑا نہیں کیا تھا۔

بَاب ۴۳۸ اَلْهَدْیُ فِی الْکَلَامِ۔

انداز گفتگو

۱۴۱۰۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ یَحْیَی الْحَرَّانِیُّ حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدٌ یَعْنِی ابْنَ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ یَعْقُوْبَ بْنِ عُلَیَّةَ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِیْزِ عَنْ یُوْسُفَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا جَلَسَ یَتَحَدَّثُ یُکْثِرُ اَنْ یَرْفَعَ طَرْفَهٗ اِلَی السَّمَآءِ۔

عبدالعزیز بن یحیٰی حرانی، محمد بن سلمہ، محمد بن اسحاق، یعقوب بن علیہ، عمر بن عبدالعزیز، یوسف بن عبداللہ بن سلام کے والد ماجد حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب گفتگو فرمانے کیلئے بیٹھے ہوتے تو نظر اٹھا کر کتنی ہی دفعہ آسمان کی طرف دیکھتے۔

۱۴۱۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ عَنْ مِسْعَرٍ قَالَ سَمِعْتُ شَیْخًا فِی الْمَسْجِدِ یَقُوْلُ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ یَقُوْلُ کَانَ فِیْ کَلَامِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَرْتِیْلٌ اَوْ تَرْسِیْلٌ۔

محمد بن علاء، محمد بن بشر، مسعر کا بیان ہے کہ میں نے مسجد میں ایک بزرگ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ٹھہر ٹھہر کر اور صاف لفظوں میں کلام فرمایا کرتے تھے۔

۱۴۱۲۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ وَاَبُوْ بَکْرٍ ابْنَا اَبِیْ شَیْبَةَ قَالَا نَا وَکِیْعٌ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ اُسَامَةَ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ کَانَ کَلَامُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَلَامًا فَصْلًا یَفْهَمُهٗ کُلُّ مَنْ سَمِعَهٗ۔

عثمان اور ابوبکر پسران شیبہ، وکیع، سفیان، اسامہ، زہری، عروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا گفتگو فرمانا ایسا ہوتا.... کہ ہر لفظ الگ الگ تھا جسے ہر سننے والا سمجھ لیتا تھا۔

۱۴۱۳۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ تَوْبَةَ قَالَ زَعَمَ الْوَلِیْدُ عَنِ الْاَوْزَاعِیِّ عَنْ قُرَّةَ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کُلُّ کَلَامٍ لَا یُبْدَاُ فِیْهِ بِحَمْدِ اللّٰهِ فَهُوَ اَجْذَمُ قَالَ اَبُوْ دَاؤُدَ رَوَاهُ یُوْنُسُ وَعُقَیْلٌ وَشُعَیْبٌ وَسَعِیْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیْزِ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مُرْسَلًا۔

ابوسلمہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جو گفتگو اللہ کی تعریف سے شروع نہ کی جاتے وہ لنڈوری ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے یونس اور عقیل اور شعیب اور سعید بن عبدالعزیز، زہری نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے (بغیر واسطہ کسی صحابی کے) مرسلاً

بَاب ۴۳۹ فِی الْخُطْبَةِ۔

خطبے کا بیان

۱۴۱۴۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَمُوْسَی بْنُ اِسْمٰعِیْلَ

مسدد اور موسیٰ بن اسمٰعیل، عبدالواحد بن زیاد، عاصم بن

قَالَا نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ نَا عَاصِمُ بْنُ كُلَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُلُّ خُطْبَةٍ لَيْسَ فِيهَا تَشَهُّدٌ فَهِيَ كَالْيَدِ الْجَذْمَاءِ۔

کلیب کے والد ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جس خطبے میں اللہ اور رسول کے متعلق گواہی نہ دی جائے وہ کٹے ہوئے ہاتھ کی طرح ہے۔

بَابٌ ۲۴۰ فِي تَنْزِيلِ النَّاسِ مَنَازِلَهُمْ۔

لوگوں کے مراتب کا لحاظ رکھنا

۱۴۱۵۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ وَابْنُ أَبِي خَلَفٍ أَنَّ يَحْيَى بْنَ الْيَمَانِ أَخْبَرَهُمْ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ عَنْ مَيْمُونِ بْنِ أَبِي شَبِيبٍ أَنَّ عَائِشَةَ مَرَّ بِهَا سَائِلٌ فَأَعْطَتْهُ كِسْرَةً وَمَرَّ بِهَا رَجُلٌ عَلَيْهِ ثِيَابٌ وَهَيْئَةٌ فَأَقْعَدَتْهُ فَأَكَلَ فَقِيلَ لَهَا فِي ذٰلِكَ فَقَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْزِلُوا النَّاسَ مَنَازِلَهُمْ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَحَدِيثُ يَحْيَى مُخْتَصَرٌ قَالَ أَبُو دَاوُدَ مَيْمُونٌ لَمْ يُدْرِكْ عَائِشَةَ۔

یحییٰ بن اسمٰعیل اور ابن ابو خلف، یحییٰ بن یمان، سفیان، حبیب بن ابو ثابت، میمون بن ابو شبیب نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ ان کے پاس ایک سائل گزرا تو اُنہوں نے اُسے روٹی کا ایک ٹکڑا دے دیا پھر ایک شخص گزرا جس نے اچھے کپڑے پہن رکھے تھے تو اُسے بٹھا کر کھانا کھلایا۔ اُن سے اس کے متعلق کہا گیا تو فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ لوگوں کے مرتبے کا لحاظ رکھا کرو۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یحییٰ کی حدیث مختصر ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ میمون نے حضرت عائشہ کو نہیں پایا تھا۔

۱۴۱۶۔ حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الصَّوَّافُ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حُمْرَانَ نَا عَوْفُ بْنُ أَبِي جَمِيلَةَ عَنْ زِيَادِ بْنِ مِخْرَاقٍ عَنْ أَبِي كِنَانَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنْ إِجْلَالِ اللّٰهِ إِكْرَامَ ذِي الشَّيْبَةِ الْمُسْلِمِ وَحَامِلِ الْقُرْآنِ غَيْرِ الْغَالِي فِيهِ وَالْجَافِي عَنْهُ وَإِكْرَامَ ذِي السُّلْطَانِ الْمُقْسِطِ۔

اسحاق بن ابراہیم صوّاف، عبداللہ بن حمران، عوف بن ابو جمیلہ، زیاد بن مخراق، ابو کنانہ نے حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ بوڑھے مسلمان کی تعظیم کرنا اللہ تعالیٰ کی تعظیم کا ایک حصہ ہے اور اسی طرح قرآن مجید کے عالم کی جو اس میں تجاوز نہ کرتا ہو اور اس بادشاہ کی تعظیم جو انصاف کرتا ہو (ان تینوں کی تعظیم کرنا اللہ تعالیٰ کی تعظیم ہی کا ایک حصہ ہے)۔

بَابٌ ۲۴۱ فِي الرَّجُلِ يَجْلِسُ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ بِغَيْرِ إِذْنِهِمَا۔

دو شخصوں کے درمیان ان کی اجازت کے بغیر بیٹھنا

۱۴۱۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ وَأَحْمَدُ ابْنُ عَبْدَةَ الْمَعْنٰى قَالَا نَا حَمَّادٌ نَا عَامِرٌ الْأَحْوَلُ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ قَالَ ابْنُ عَبْدَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

محمد بن عبید اور احمد بن عبدہ، حماد، عامر احول، عمرو بن شعیب کے والد ماجد نے اپنے والد محترم حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ کوئی دو شخصوں کے درمیان میں نہ بیٹھے مگر

وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُجْلَسُ بَيْنَ رَجُلَيْنِ إِلَّا بِإِذْنِهِمَا۔

اُن کی اجازت سے ۔

باب ۴۴۲ فِي جُلُوسِ الرَّجُلِ۔

آدمی کس طرح بیٹھے

۱۴۱۹۔ حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ نَا عَبْدُ اللهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنِي إِسْحٰقُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَنْصَارِيُّ عَنْ رُبَيْحِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا جَلَسَ احْتَبٰى بِيَدَيْهِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ عَبْدُ اللهِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ شَيْخٌ مُنْكَرُ الْحَدِيثِ۔

سلمہ بن شبیب، عبداللہ بن ابراہیم، اسحاق بن محمد انصاری ربیع بن عبدالرحمان کے والد ماجد نے اپنے والد محترم حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب بیٹھتے تو دونوں ہاتھوں سے احتباء فرما لیا کرتے تھے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ شیخ عبداللہ بن ابراہیم منکر الحدیث ہیں۔

۱۴۲۰۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ وَمُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ قَالَا نَا عَبْدُ اللهِ بْنُ حَسَّانَ الْعَنْبَرِيُّ قَالَ حَدَّثَتْنِي جَدَّتَايَ صَفِيَّةُ وَدُحَيْبَةُ ابْنَتَا عُلَيْبَةَ قَالَ مُوسَى بِنْتُ حَرْمَلَةَ وَكَانَتَا رَبِيبَتَيْ قَيْلَةَ بِنْتِ مَخْرَمَةَ وَكَانَتْ جَدَّةَ أَبِيهِمَا أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُمَا أَنَّهَا رَأَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ قَاعِدٌ الْقُرْفُصَاءَ فَلَمَّا رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُتَخَشِّعَ وَقَالَ مُوسَى الْمُتَخَشِّعُ أُرْعِدْتُ مِنَ الْفَرَقِ۔

حفص بن عمر اور موسیٰ بن اسمٰعیل، عبداللہ بن حسان عنبری، اُن کی دادیاں صفیہ اور دُحیبہ، اُن کے والد محترم کی دادی جان حضرت قیلہ بنت مخرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے، کہ اُنہوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ قرفصاً کی حالت میں (گھٹنے کھڑے کر کے اور ہاتھوں سے حلقہ بنا کر) بیٹھے ہوئے ہیں۔ جب میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا تو رُعب طاری ہو گیا۔ موسیٰ راوی نے کہا کہ المتخشع رُعب طاری ہونے کو کہتے ہیں۔

باب ۴۴۳ فِي الْجِلْسَةِ الْمَكْرُوهَةِ۔

بیٹھنے کا بُرا طریقہ

۱۴۲۱۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ نَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ عَنْ أَبِيهِ الشَّرِيدِ بْنِ سُوَيْدٍ قَالَ مَرَّ بِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا جَالِسٌ هٰكَذَا وَقَدْ وَضَعْتُ يَدِيَ الْيُسْرٰى خَلْفَ ظَهْرِي وَاتَّكَأْتُ عَلٰى أَلْيَةِ يَدِي فَقَالَ أَتَقْعُدُ قِعْدَةَ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ۔

علی بن بحر، عیسیٰ بن یونس، ابن جریج، ابراہیم بن میسرہ عمرو بن شرید سے روایت ہے کہ اُن کے والد محترم حضرت شرید بن سوید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے پاس سے گزرے اور میں اس طرح بیٹھا ہوا تھا اور میں نے اپنا بایاں ہاتھ اپنی پیٹھ کے پیچھے رکھا ہوا تھا اور اپنے ہاتھ کے انگوٹھے پر ٹیک لگائی ہوئی تھی۔ آپ نے فرمایا کہ کیا اُن کی طرح بیٹھتے ہو جن پر اللہ کا غضب ہوا۔

باب ۴۴۴ فِي السَّمَرِ بَعْدَ الْعِشَاءِ۔

۱۴۲۲۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنْ عَوْفٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو الْمِنْهَالِ عَنْ أَبِي بَرْزَةَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنِ النَّوْمِ قَبْلَهَا وَالْحَدِيثِ بَعْدَهَا۔

عشاء کے بعد باتیں کرنا

ابوالمنہال سے روایت ہے کہ حضرت ابوبرزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس (نماز عشاء) سے پہلے سونے اور اس کے بعد باتیں کرنے سے منع فرمایا ہے۔

باب ۴۴۵ فِي الرَّجُلِ يَجْلِسُ مُتَرَبِّعًا۔

۱۴۲۳۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا أَبُو دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ نَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّى الْفَجْرَ تَرَبَّعَ فِي مَجْلِسِهِ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ حَسْنَاءَ۔

چار زانو ہو کر بیٹھنا

سماک بن حرب سے روایت ہے کہ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب نماز فجر پڑھ لیتے تو اسی جگہ پر چار زانو بیٹھے رہتے یہاں تک کہ سورج اچھی طرح طلوع ہو جاتا۔

باب ۴۴۶ فِي التَّنَاجِي۔

۱۴۲۴۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ ح وَحَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ نَا الْأَعْمَشُ عَنْ شَقِيقٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَنْتَجِي اثْنَانِ دُونَ صَاحِبِهِمَا فَإِنَّ ذَلِكَ يُحْزِنُهُ۔

سرگوشی کرنے کا بیان

ابوبکر بن ابو شیبہ، ابومعاویہ، اعمش۔ مسدد، عیسیٰ بن یونس، اعمش، شقیق نے حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اپنے تیسرے ساتھی کو چھوڑ کر دو شخص آپس میں سرگوشی نہ کریں کیونکہ یہ بات اسے رنج پہنچائے گی۔

۱۴۲۵۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ نَا الْأَعْمَشُ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ قَالَ أَبُو صَالِحٍ فَقُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ فَأَرْبَعَةً قَالَ لَا يَضُرُّكَ۔

ابوصالح نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسی طرح فرمایا ہے۔ ابوصالح کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابن عمر سے عرض کی کہ اگر وہ چار ہوں؟ فرمایا کہ یہ تمہیں نقصان نہیں دے گا۔

باب ۴۴۷ إِذَا قَامَ مِنْ مَجْلِسِهِ ثُمَّ رَجَعَ۔

۱۴۲۶۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ أَبِي جَالِسًا وَعِنْدَهُ غُلَامٌ فَقَامَ ثُمَّ رَجَعَ فَحَدَّثَ أَبِي عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

جب کوئی اپنی جگہ سے اٹھ کر پھر واپس آئے

سہیل بن ابوصالح کا بیان کہ میں اپنے والد محترم کے پاس بیٹھا ہوا تھا اور وہاں ایک لڑکا بھی تھا۔ جب وہ لوٹ کر آیا تو والد ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے واسطے سے حدیث بیان کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا قَامَ الرَّجُلُ مِنْ مَجْلِسٍ ثُمَّ رَجَعَ إِلَيْهِ فَهُوَ أَحَقُّ بِهِ۔

جب کوئی آدمی اپنی جگہ سے اٹھ جائے۔ پھر واپس آئے تو اپنی جگہ کا وہی زیادہ مستحق ہے۔

۱۴۲۷۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى الرَّازِيُّ نَا مُبَشِّرٌ الْحَلَبِيُّ عَنْ تَمَّامِ بْنِ نَجِيحٍ عَنْ كَعْبٍ الْإِيَادِيِّ قَالَ كُنْتُ أَخْتَلِفُ إِلَى أَبِي الدَّرْدَاءِ فَقَالَ أَبُو الدَّرْدَاءِ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا جَلَسَ وَجَلَسْنَا حَوْلَهُ فَقَامَ فَأَرَادَ الرُّجُوعَ نَزَعَ نَعْلَيْهِ أَوْ بَعْضَ مَا يَكُونُ عَلَيْهِ فَيَعْرِفُ ذٰلِكَ أَصْحَابُهُ فَيَثْبُتُونَ۔

کعب ایادی کا بیان ہے کہ میں حضرت ابو درداء کی خدمت میں حاضر ہوا کرتا تھا۔ حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب بیٹھتے تو ہم آپ کے اردگرد بیٹھ جاتے اور جب آپ اُٹھ کھڑے ہوتے لیکن واپس لوٹنے کا ارادہ ہوتا تو اپنی نعلین مبارک یا کوئی چیز رکھ جاتے جس سے آپ کے اصحاب جان لیتے اور وہ اپنی جگہ پر بیٹھے رہتے۔

باب ۴۴۸ كَرَاهِيَةِ أَنْ يَقُومَ الرَّجُلُ مِنْ مَجْلِسِهِ وَلَا يَذْكُرُ اللّٰهَ تَعَالَى۔

برائی اس بات کی کہ آدمی مجلس سے اٹھ جائے اور خدا کا ذکر نہ کرے

۱۴۲۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّازُ نَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ قَوْمٍ يَقُومُونَ مِنْ مَجْلِسٍ لَا يَذْكُرُونَ اللّٰهَ فِيهِ إِلَّا قَامُوا عَنْ مِثْلِ جِيفَةِ حِمَارٍ وَكَانَ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً۔

سہیل بن ابوصالح کے والد ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو لوگ مجلس سے اٹھ جائیں اور اس میں اللہ کا ذکر نہ کریں تو وہ ایسے اُٹھے جیسے گدھے کی لاش اور اپنی اس حرکت پر (قیامت کے روز) افسوس کا اظہار کریں گے۔

۱۴۲۹۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ مَنْ قَعَدَ مَقْعَدًا لَمْ يَذْكُرِ اللّٰهَ فِيهِ كَانَتْ عَلَيْهِ مِنَ اللّٰهِ تِرَةٌ وَمَنِ اضْطَجَعَ مُضْطَجَعًا لَا يَذْكُرُ اللّٰهَ فِيهِ كَانَتْ عَلَيْهِ مِنَ اللّٰهِ تِرَةٌ۔

سعید مقبری نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرمایا۔ جو اپنے بیٹھنے کی جگہ سے اُٹھ گیا اور اس مجلس میں اللہ کا ذکر نہ کرے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اُس پر ندامت وارد ہوگی اور جو بستر میں لیٹے اور اس میں اللہ کا ذکر نہ کرے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اُسے بھی ندامت ہوگی۔

بَابٌ ۲۲۹ فِي كَفَّارَةِ الْمَجْلِسِ۔

مجلس کے کفارے کا بیان

۱۴۳۰۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرٌو أَنَّ سَعِيدَ بْنَ أَبِي هِلَالٍ حَدَّثَهُ أَنَّ سَعِيدَ بْنَ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيَّ حَدَّثَهُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ أَنَّهُ قَالَ كَلِمَاتٌ لَا يَتَكَلَّمُ بِهِنَّ أَحَدٌ فِي مَجْلِسِهِ عِنْدَ قِيَامِهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ إِلَّا كُفِّرَ بِهِنَّ عَنْهُ وَلَا يَقُولُهُنَّ فِي مَجْلِسِ خَيْرٍ وَمَجْلِسِ ذِكْرٍ إِلَّا خُتِمَ لَهُ بِهِنَّ عَلَيْهِ كَمَا يُخْتَمُ بِالْخَاتَمِ عَلَى الصَّحِيفَةِ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ۔

سعید بن ابوہلال نے سعید بن ابوسعید مقبری سے روایت کی ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ کچھ الفاظ ہیں جنہیں کوئی اپنی مجلس میں کھڑے ہوتے وقت تین دفعہ نہیں پڑھتا مگر اس کی طرف سے وہ کفارہ ہوجاتے ہیں اور انہیں کوئی بھلائی کی مجلس یا مجلسِ ذکر میں نہیں کہتا مگر یہ تصدیق کی مہر ہوجاتے ہیں جیسے کسی تحریر پر مہر لگائی جاتی ہے وہ یہ ہیں:۔ اے اللہ! تو پاک ہے اور ساتھ اپنی تعریف کے۔ نہیں ہے کوئی معبود مگر تو۔ میں تجھ سے بخشش چاہتا ہوں اور تیری طرف رجوع کرتا ہوں۔

۱۴۳۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ قَالَ عَمْرٌو وَحَدَّثَنِي بِنَحْوِ ذٰلِكَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِي عَمْرٍو عَنِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ۔

احمد بن صالح، ابن وہب، عمرو، عبدالرحمان بن ابوعمرو مقبری، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مذکورہ حدیث کی طرح فرمایا۔

۱۴۳۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ الْجَرْجَرَائِيُّ وَعُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ الْمَعْنَى أَنَّ عَبْدَةَ بْنَ سُلَيْمَانَ أَخْبَرَهُمْ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ دِينَارٍ عَنْ أَبِي هَاشِمٍ عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ عَنْ أَبِي بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيِّ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ بِأَخَرَةٍ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَقُومَ مِنَ الْمَجْلِسِ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّكَ لَتَقُولُ قَوْلًا مَا كُنْتَ تَقُولُهُ فِيمَا مَضَى قَالَ كَفَّارَةٌ لِمَا يَكُونُ

محمد بن حاتم جرجرائی اور عثمان بن ابوشیبہ، عبدہ بن سلیمان حجاج بن دینار، ابوہاشم، ابوالعالیہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوبرزہ اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کسی مجلس سے اُٹھنے کا ارادہ فرماتے تو اُس کے آخر میں کہتے:۔ اے اللہ! تو پاک ہے اور اپنی تعریف کے ساتھ ہے۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود مگر تو اور تجھ سے مغفرت چاہتا ہوں، اور تیری جانب رجوع کرتا ہوں۔ ایک شخص عرض گزار ہوا کہ یارسول اللہ! آپ ایسی بات کہہ رہے ہیں جو ابھی تک آپ نے نہیں کہی تھی۔ فرمایا کہ جو مجلس میں ہو یہ اُس کا کفارہ ہے۔

فِی الْمَجْلِسِ۔

باب ۵۰ فِی رَفْعِ الْحَدِیْثِ مِنَ الْمَجْلِسِ۔

۱۴۳۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یَحْیَی بْنِ فَارِسٍ نَا الْفِرْیَابِیُّ عَنْ اِسْرَائِیْلَ عَنِ الْوَلِیْدِ وَنَسَبَہٗ لَنَا زُھَیْرُ بْنُ حَرْبٍ عَنْ حُسَیْنِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اِسْرَائِیْلَ فِیْ ھٰذَا الْحَدِیْثِ قَالَ اَبُو الْوَلِیْدِ بْنُ ھِشَامٍ عَنْ زَیْدِ بْنِ زَائِدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یُبَلِّغُنِیْ اَحَدٌ مِّنْ اَصْحَابِیْ عَنْ اَحَدٍ شَیْئًا فَاِنِّیْ اُحِبُّ اَنْ اَخْرُجَ اِلَیْکُمْ وَاَنَا سَلِیْمُ الصَّدْرِ۔

پاس بیٹھنے کے بعد باتیں لگانا

محمد بن یحییٰ بن فارس، فریابی، اسرائیل، ولید، زہیر بن حرب حسین بن محمد نے اس حدیث کو اسرائیل سے روایت کیا ہے ابوالولید بن ہشام، زید بن زائد نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ میرا کوئی صحابی کسی دوسرے کی شکایت مجھ تک نہ پہنچائے کیونکہ میں چاہتا ہوں کہ اس دنیا سے سینہ صاف کر جاؤں۔

پارہ ——— ۳۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنیوالا ہے

باب ۲۵۱ فِي الْحَذَرِ مِنَ النَّاسِ ۔

۴۳۴۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ نَا نُوحُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ سَيَّارٍ الْمُؤَدِّبُ نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ حَدَّثَنِيهِ ابْنُ إِسْحٰقَ عَنْ عِيسَى بْنِ مَعْمَرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْفَغْوَاءِ الْخُزَاعِيِّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ دَعَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ أَرَادَ أَنْ يَبْعَثَنِي بِمَالٍ إِلَى أَبِي سُفْيَانَ يَقْسِمُهُ فِي قُرَيْشٍ بِمَكَّةَ بَعْدَ الْفَتْحِ فَقَالَ الْتَمِسْ صَاحِبًا قَالَ فَجَاءَنِي عَمْرُو بْنُ أُمَيَّةَ الضَّمْرِيُّ فَقَالَ بَلَغَنِي أَنَّكَ تُرِيدُ الْخُرُوجَ وَتَلْتَمِسُ صَاحِبًا قَالَ قُلْتُ أَجَلْ قَالَ فَأَنَا لَكَ صَاحِبٌ قَالَ فَجِئْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ قَدْ وَجَدْتُ صَاحِبًا قَالَ فَقَالَ مَنْ قُلْتُ عَمْرُو بْنُ أُمَيَّةَ الضَّمْرِيُّ قَالَ إِذَا هَبَطْتَ بِلَادَ قَوْمِهِ فَاحْذَرْهُ فَإِنَّهُ قَدْ قَالَ الْقَائِلُ أَخُوكَ الْبِكْرِيُّ فَلَا تَأْمَنْهُ فَخَرَجْنَا حَتَّى إِذَا كُنْتُ بِالْأَبْوَاءِ قَالَ إِنِّي أُرِيدُ حَاجَةً إِلَى قَوْمِي بِوَدَّانَ فَتَلَبَّثْ لِي قُلْتُ رَاشِدًا فَلَمَّا وَلَّى ذَكَرْتُ قَوْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَدَدْتُ عَلَى بَعِيرِي حَتَّى خَرَجْتُ أُوضِعُهُ حَتَّى إِذَا كُنْتُ بِالْأَصَافِرِ إِذَا هُوَ يُعَارِضُنِي فِي رَهْطٍ قَالَ وَأَوْضَعْتُ فَسَبَقْتُهُ فَلَمَّا رَآنِي قَدْ فُتُّهُ انْصَرَفُوا

لوگوں سے محتاط رہنا

عبداللہ بن عمرو بن فغواء خزاعی سے روایت ہے کہ ان کے والد ماجد نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے بلایا کیونکہ آپ کا ارادہ تھا کہ حضرت ابوسفیان کے پاس قریش میں تقسیم کرنے کیلئے مال بھیجیں مکہ مکرمہ فتح ہو جانے بعد۔ فرمایا کہ ساتھی تلاش کر لو۔ پس میرے پاس عمرو بن اُمیہ ضمری آیا اور کہا۔ مجھے یہ بات پہنچی ہے آپ سفر کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں اور ساتھی کی تلاش ہے۔ فرمایا۔ یہی بات ہے۔ کہا تو میں آپ کا ساتھی ہوں۔ راوی کا بیان ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ مجھے ساتھی مل گیا ہے۔ فرمایا کہ کون: میں عرض گزار ہوا کہ عمرو بن اُمیہ ضمری۔ فرمایا کہ جب اس کی قوم کے پاس پہنچو تو اس سے خبردار رہنا کیونکہ کہنے والے نے کہا ہے۔ بھائی تیرا قاتل ہے لہٰذا اُس سے بے خوف نہ رہنا۔ پس ہم نکلے یہاں تک کہ جب ابواء کے مقام پر پہنچے تو اس نے کہا۔ میں ایک ضرورت کے تحت ودّان میں اپنی قوم کے پاس جاتا ہوں لہٰذا آپ میرا انتظار کریں۔ میں نے کہا کہ راستہ نہ بھولنا۔ جب وہ پیٹھ پھیر کر گیا تو مجھے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشادِ گرامی یاد آگیا لہٰذا میں نے اپنے اُونٹ کو تیز دوڑایا یہاں تک کہ اصافر کے مقام پر پہنچ گیا تو وہ چند آدمی لے کر مجھے روکنے کے لیے آ رہا تھا۔ میں اُونٹ کو تیز دوڑا رہا یہاں تک کہ بہت آگے نکل گیا۔ جب اُنہوں نے دیکھا کہ میں ان کی رسائی سے باہر ہوں تو وہ لوگ واپس لوٹ گئے اور عمرو میرے پاس آ کر کہنے لگا کہ مجھے اپنی قوم سے ایک حاجت تھی۔ میں نے کہا۔ ہو گی اور ہم دونوں چلتے رہے یہاں تک کہ مکہ مکرمہ میں پہنچ گئے اور مال میں نے

جَاءَنِي فَقَالَ كَانَتْ لِي إِلَى قَوْمِي حَاجَةٌ قَالَ قُلْتُ أَجَلْ وَمَضَيْنَا حَتَّى قَدِمْنَا مَكَّةَ فَدَفَعْتُ الْمَالَ إِلَى أَبِي سُفْيَانَ۔

حضرت ابوسفیان کے سپرد کر دیا۔

۱۴۳۵ - حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لَا يُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ وَاحِدٍ مَرَّتَيْنِ۔

قتیبہ بن سعید، لیث، عقیل زہری، سعید بن مسیب نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مومن ایک سوراخ سے دو دفعہ نہیں ڈسا جاتا۔

ف۔ مسلمانوں کو ان کے مہربان آقا نے یہ تلقین فرمائی ہے کہ جہاں اور جس سے نقصان اٹھاؤ تو دوبارہ اس کے جھانسے میں نہ آنا عقلمندی کا تقاضا ہی یہ ہے کہ ہر کسی پر اعتبار کر لینا اچھا نہیں۔ اعتبار کریں لیکن قابلِ اعتبار پر۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۴۵۲ فِي هَدْيِ الرَّجُلِ۔

آدمی کی چال کا بیان

۱۴۳۶ - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ أَنَا خَالِدٌ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا مَشَى كَأَنَّهُ يَتَوَكَّأُ۔

حمید سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب چلتے تو جھکے ہوئے معلوم ہوتے۔

۱۴۳۷ - حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مُعَاذِ بْنِ خُلَيْفٍ نَا عَبْدُ الْأَعْلَى نَا سَعِيدٌ الْجُرَيْرِيُّ عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ كَيْفَ رَأَيْتَهُ قَالَ كَانَ أَبْيَضَ مَلِيحًا إِذَا مَشَى كَأَنَّمَا يَهْوِي فِي صُبُوبٍ۔

سعید جریری سے روایت ہے کہ حضرت ابوطفیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو میں نے دیکھا۔ میں عرض گزار ہوا کہ آپ نے حضور کو کیسا دیکھا؟ فرمایا کہ آپ سفید اور نمکین حسن والے تھے جب چلتے تو یوں محسوس ہوتا کہ گویا ڈھلان سے اتر رہے ہیں۔

باب ۴۵۳ فِي الرَّجُلِ يَضَعُ إِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الْأُخْرَى۔

ایک پاؤں پر دوسرا پاؤں رکھنے کا بیان

۱۴۳۸ - حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا اللَّيْثُ ح وَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنِ الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَضَعَ وَقَالَ قُتَيْبَةُ يَرْفَعَ الرَّجُلُ إِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الْأُخْرَى زَادَ قُتَيْبَةُ وَهُوَ مُسْتَلْقٍ عَلَى ظَهْرِهِ۔

قتیبہ بن سعید، لیث ــــ موسیٰ بن اسمٰعیل، حماد، زبیر سے روایت ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے رکھنے سے منع فرمایا ہے۔ قتیبہ نے کہا کہ آدمی ایک ٹانگ کو دوسری پر رکھے۔ قتیبہ نے یہ بھی کہا۔ جبکہ وہ چت لیٹا ہوا ہو۔

۱۴۳۹ - حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا مَالِكٌ ح وَنَا

عباد بن تمیم نے اپنے چچا جان سے روایت کی ہے کہ انہوں

الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيمٍ عَنْ عَمِّهِ أَنَّهُ رَأَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَلْقِيًا قَالَ الْقَعْنَبِيُّ فِي الْمَسْجِدِ وَاضِعًا إِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الْأُخْرَى۔

نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو چت لیٹے ہوئے دیکھا۔ قعنبی نے کہا کہ مسجد میں اور اپنا ایک پاؤں دوسرے پر رکھا ہوا تھا۔

۱۴۴۰۔ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ وَعُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ كَانَا يَفْعَلَانِ ذَلِكَ۔

سعید بن مسیب کا بیان ہے کہ حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہما بھی اسی طرح کیا کرتے تھے۔

ف۔ اگر ستر کھلنے کا اندیشہ ہو تو چت لیٹ کر ایک پاؤں پر دوسرا پاؤں نہیں رکھنا چاہیے۔ یہ اندیشہ نہ ہو تو ایسا کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ اسی اندیشے کے باعث احادیث میں اجازت و ممانعت دونوں وارد ہوئی ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَاب ۲۵۴ فِي نَقْلِ الْحَدِيثِ۔

باتیں اڑانے کا بیان

۱۴۴۱۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ نَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَطَاءٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ جَابِرِ بْنِ عَتِيكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا حَدَّثَ الرَّجُلُ بِالْحَدِيثِ ثُمَّ الْتَفَتَ فَهِيَ أَمَانَةٌ۔

ابوبکر بن ابوشیبہ، یحییٰ بن آدم، ابن ابی ذئب، عبدالرحمٰن بن عطا، عبدالملک بن جابر بن عتیک نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب کوئی آدمی بات کر کے دوسری جانب متوجہ ہو جائے تو وہ گفتگو امانت ہے۔

۱۴۴۲۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ قَرَأْتُ عَلَى عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ عَنِ ابْنِ أَخِي جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَجَالِسُ بِالْأَمَانَةِ إِلَّا ثَلَاثَةَ مَجَالِسَ سَفْكُ دَمٍ حَرَامٍ أَوْ فَرْجٍ حَرَامٍ أَوِ اقْتِطَاعُ مَالٍ بِغَيْرِ حَقٍّ۔

احمد بن صالح، عبداللہ بن نافع، ابن ابی ذئب، اُن کے بھتیجے نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مجلسیں امانت ہیں سوائے تین مجلسوں کے جو حرام خون بہانے کے لیے ہو، دوسری جو حرام شرمگاہ کے لیے ہو اور تیسری جو ایسے مال کو چھیننے کے لیے ہو جس پر حق نہ پہنچتا ہو۔

۱۴۴۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى الرَّازِيُّ قَالَا نَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ عُمَرَ قَالَ إِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْعُمَرِيُّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى

محمد بن علاء اور ابراہیم بن موسیٰ رازی، ابواسامہ، عمر، ابراہیم بن حمزہ بن عبداللہ عمری، عبدالرحمٰن بن سعد کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ امانت میں قیامت کے روز اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے بڑی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَعْظَمِ الْاَمَانَةِ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ الرَّجُلُ يُفْضِيْ اِلٰى امْرَاَتِهٖ وَتُفْضِيْ اِلَيْهِ ثُمَّ يَنْشُرُ سِرَّهَا۔

خیانت یہ ہوگی کہ آدمی اپنی بیوی کے پاس رہے اور عورت اس کے پاس رہے پھر آدمی اس کا راز فاش کرتا پھرے۔

بَابٌ ۴۵۵ فِي الْقَتَّاتِ۔

چغل خوری کا بیان

۱۴۴۴۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَاَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ قَالَ نَا اَبُوْمُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ هَمَّامٍ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ۔

مسدد اور ابوبکر ابن ابو شیبہ، ابومعاویہ، اعمش، ابراہیم ہمام نے حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ چغلی کھانے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

بَابٌ ۴۵۶ فِيْ ذِي الْوَجْهَيْنِ۔

دوغلے پن کا بیان

۱۴۴۵۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مِنْ شَرِّ النَّاسِ ذُو الْوَجْهَيْنِ الَّذِيْ يَاْتِيْ هٰؤُلَاءِ بِوَجْهٍ وَهٰؤُلَاءِ بِوَجْهٍ۔

اعرج نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ دوغلہ آدمی برے لوگوں میں سے ہے جو ایک کے منہ پر کچھ کہتا ہے اور دوسرے کے منہ پر کچھ۔

۱۴۴۶۔ حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ نَا شَرِيْكٌ عَنِ الرُّكَيْنِ عَنْ نُعَيْمِ بْنِ حَنْظَلَةَ عَنْ عَمَّارٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ لَهٗ وَجْهَانِ فِي الدُّنْيَا كَانَ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ لِسَانَانِ مِنْ نَارٍ۔

نعیم بن حنظلہ نے حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو دنیا میں دو منہ رکھے یعنی دوغلہ ہو تو قیامت کے روز اس کی آگ کی دو زبانیں ہوں گی۔

بَابٌ ۴۵۷ فِي الْغِيْبَةِ۔

غیبت کا بیان

۱۴۴۷۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّهٗ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا الْغِيْبَةُ قَالَ ذِكْرُكَ اَخَاكَ بِمَا يَكْرَهُ قِيْلَ اَفَرَاَيْتَ اِنْ كَانَ فِيْ اَخِيْ مَا اَقُوْلُ قَالَ فَاِنْ كَانَ فِيْهِ مَا تَقُوْلُ فَقَدِ اغْتَبْتَهٗ وَاِنْ لَمْ يَكُنْ فِيْهِ فَقَدْ بَهَتَّهٗ۔

علاء کے والد ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ عرض کی گئی۔ یا رسول اللہ! غیبت کیا ہے؟ فرمایا کہ اپنے بھائی کا ایسا ذکر کرنا جو اُسے ناپسند ہو۔ عرض گزار ہوا کہ جو میں کہتا ہوں وہ عیب میرے بھائی میں ہو تو کیا حکم ہے؟ فرمایا کہ جو تم کہہ رہے ہو اگر وہ عیب تمہارے بھائی میں ہو تو یہی غیبت ہے اور اگر وہ بات نہ ہو تو یہ بہتان باندھنا ہے۔

۱۴۴۸۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنْ سُفْيَانَ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ الْأَقْمَرِ عَنْ أَبِي حُذَيْفَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قُلْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَسْبُكَ مِنْ صَفِيَّةَ كَذَا وَكَذَا قَالَ غَيْرُ مُسَدَّدٍ تَعْنِي قَصِيرَةً فَقَالَ لَقَدْ قُلْتِ كَلِمَةً لَوْ مُزِجَ بِهَا الْبَحْرُ لَمَزَجَتْهُ قَالَتْ وَحَكَيْتُ لَهُ إِنْسَانًا فَقَالَ مَا أُحِبُّ أَنِّي حَكَيْتُ إِنْسَانًا وَأَنَّ لِي كَذَا وَكَذَا۔

ابوحذیفہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ ۔ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض گزار ہوئی کہ آپ کے لیے حضرت صفیہ کی فلاں فلاں خوبیاں کافی ہیں۔ مسدد کے سوا دوسروں نے کہا کہ ٹھگنا پست قد ہونا۔ آپ نے فرمایا کہ تم نے ایسی بات کہی ہے کہ اگر اُسے سمندر میں گھولا جائے تو وہ بھی رنگین ہو جائے۔ عرض گزار ہوئیں کہ میں نے تو ایک انسان کی حکایت ہی کی ہے۔ فرمایا کہ میں کسی انسان کی حکایت کرنے کو پسند نہیں کرتا خواہ مجھے اتنا مال بھی ملے۔

۱۴۴۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْفٍ نَا أَبُو الْيَمَانِ نَا شُعَيْبٌ نَا ابْنُ أَبِي حُسَيْنٍ نَا نَوْفَلُ ابْنُ مُسَاحِقٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ مِنْ أَرْبَى الرِّبَا الْإِسْتِطَالَةَ فِي عِرْضِ الْمُسْلِمِ بِغَيْرِ حَقٍّ۔

محمد بن عوف، ابوالیمان، شعیب، ابن ابوحسین، نوفل بن مساحق نے حضرت سعید بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ۔ سود سے بھی بڑھ کر زیادتی یہ ہے کہ ناحق کسی مسلمان کی بے عزتی کی جائے۔

۱۴۵۰۔ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُصَفَّى نَا بَقِيَّةُ وَأَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَا حَدَّثَنَا صَفْوَانُ قَالَ حَدَّثَنِي رَاشِدُ بْنُ سَعْدٍ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ جُبَيْرٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا عُرِجَ بِي مَرَرْتُ بِقَوْمٍ لَهُمْ أَظْفَارٌ مِنْ نُحَاسٍ يَخْمُشُونَ وُجُوهَهُمْ وَصُدُورَهُمْ فَقُلْتُ مَنْ هٰؤُلَاءِ يَا جِبْرِيلُ قَالَ هٰؤُلَاءِ الَّذِينَ يَأْكُلُونَ لُحُومَ النَّاسِ وَيَقَعُونَ فِي أَعْرَاضِهِمْ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَحَدَّثَنَاهُ يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ عَنْ بَقِيَّةَ لَيْسَ فِيهِ أَنَسٌ وَحَدَّثَنَاهُ عِيسَى بْنُ أَبِي عِيسَى السَّيْلَحِينِيُّ عَنْ أَبِي الْمُغِيرَةِ كَمَا قَالَ ابْنُ الْمُصَفَّى۔

ابن المصفی، بقیہ اور ابوالمغیرہ، صفوان، راشد بن سعد، عبدالرحمٰن بن جُبیر نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ۔ جب مجھے معراج کروائی تو میں ایسے لوگوں کے پاس سے گزرا جن کے ناخن تانبے کے تھے اور اُن کے ساتھ اپنے چہروں اور سینوں کو نوچتے تھے۔ میں نے کہا: ۔ اے جبرئیل! یہ کون لوگ ہیں؟ کہا کہ یہ ایسے آدمی ہیں جو لوگوں کا گوشت کھاتے اور اُن کی بے عزتی کرتے ہیں ــــــ۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یحییٰ بن عثمان نے بقیہ سے اِسے روایت کیا ہے لیکن اس میں حضرت انس کا ذکر نہیں ہے اور عیسیٰ بن ابوعیسیٰ نے اسے ابومغیرہ سے روایت کیا ہے ابن المصفی کی طرح۔

۱۴۵۱۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا أَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ نَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جُرَيْجٍ عَنْ أَبِي بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

سعید بن عبداللہ بن جُریج نے حضرت ابوبرزہ اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ۔ اے لوگو! جو زبانی تو ایمان لے آئے لیکن ایمان جن کے دلوں میں داخل نہیں ہوا۔ تم مسلمانوں کی غیبت نہ کیا کرو

وَسَلَّمَ يَا مَعْشَرَ مَنْ آمَنَ بِلِسَانِهِ وَلَمْ يَدْخُلِ الْإِيمَانُ قَلْبَهُ لَا تَغْتَابُوا الْمُسْلِمِينَ وَلَا تَتَّبِعُوا عَوْرَاتِهِمْ فَإِنَّهُ مَنِ اتَّبَعَ عَوْرَاتِهِمْ يَتَّبِعُ اللَّهُ عَوْرَتَهُ وَمَنْ يَتَّبِعِ اللَّهُ عَوْرَتَهُ يَفْضَحْهُ فِي بَيْتِهِ۔

اور نہ اُن کی عزت کے درپے رہا کرو کیونکہ جو انہیں بے عزت کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی عزت کے پیچھے پڑ جائے گا تو جس کے اللہ تعالیٰ پیچھے پڑ جائے اُس کو گھر میں بھی (بیٹھے ہوئے کو) ذلیل کر دے گا۔

۱۴۵۲۔ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ نَا بَقِيَّةُ عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ مَكْحُولٍ عَنْ وَقَّاصِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ حَدَّثَهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَكَلَ بِرَجُلٍ مُسْلِمٍ أُكْلَةً فَإِنَّ اللَّهَ يُطْعِمُهُ مِثْلَهَا مِنْ جَهَنَّمَ وَمَنْ كُسِيَ ثَوْبًا بِرَجُلٍ مُسْلِمٍ فَإِنَّ اللَّهَ يَكْسُوهُ مِثْلَهُ مِنْ جَهَنَّمَ وَمَنْ قَامَ بِرَجُلٍ مَقَامَ سُمْعَةٍ وَرِيَاءٍ فَإِنَّ اللَّهَ يَقُومُ بِهِ مَقَامَ سُمْعَةٍ وَرِيَاءٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

وقاص بن ربیعہ نے حضرت مستورد بن شداد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جس نے کسی مسلمان کی بدگوئی کر کے ایک لقمہ بھی کھایا تو اللہ تعالیٰ اُسے جہنم سے اتنا ہی کھانا کھلائے گا اور جس نے کسی مسلمان کی بدگوئی کر کے کوئی کپڑا پہنا تو اللہ تعالیٰ اُسے جہنم سے اسی طرح کا کپڑا پہنائے گا اور جو کسی آدمی کے ساتھ ایسی جگہ پر کھڑا ہوا جس سے مقصود شہرت اور خود نمائی ہو تو اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اُسے ایسے عذاب کی جگہ کھڑا کرے گا جس سے خوب اُسکی شہرت اور خود نمائی ہو۔

۱۴۵۳۔ حَدَّثَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى نَا أَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ حَرَامٌ مَالُهُ وَعِرْضُهُ وَدَمُهُ حَسْبُ امْرِئٍ مِنَ الشَّرِّ أَنْ يَحْقِرَ أَخَاهُ الْمُسْلِمَ۔

واصل بن عبد الاعلیٰ، اسباط بن محمد، ہشام بن سعد، زید بن اسلم، ابو صالح نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ہر مسلمان پر دوسرے مسلمان کا مال، عزت اور خون حرام ہے۔ آدمی میں اتنی بُرائی ہی کافی ہے (تباہ ہونے کے لیے) کہ اپنے مسلمان بھائی کو حقیر سمجھے۔

ف۔ ایک مسلمان دوسرے مسلمان کو ہمیشہ اپنے سے بہتر سمجھے۔ اگر وہ عمر میں اس سے بڑا ہے تو یہ سمجھ کر کہ اس نے میری نسبت بہت زیادہ نیکیاں جمع کر لی ہوں گی اور اگر عمر میں اس سے چھوٹا ہے تو یہ سمجھتے ہوئے اسے اپنے سے بہتر شمار کرے کہ میری نسبت اس نے بہت ہی کم گناہ کیے ہوں گے۔ اپنے آپ کو دوسرے سے بہتر شمار کرنا شیطان کی تقلید ہے جس نے أَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ کہا تھا۔ مسلمان کو حقیر نہیں سمجھنا چاہیے کیونکہ وہ ایمانی دولت کے باعث معزز ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابُ ۴۵۸ الرَّجُلُ يَذُبُّ عَنْ عِرْضِ أَخِيهِ۔

مسلمان بھائی کی عزت بچانے کیلئے بولنا

۱۴۵۴۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ بْنِ عُبَيْدٍ نَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يَحْيَى بْنِ

عبد اللہ بن محمد بن اسماء عُبَید، ابن المبارک، یحییٰ، عبد اللہ بن سلیمان، اسمٰعیل بن یحییٰ معافری، سہل بن معاذ بن انس جہنی نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ

عبد الله بن سليمان عن اسمعيل بن يحيى المعافري عن سهل بن معاذ بن انس الجهني عن ابيه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من حمى مؤمنا من منافق اراه قال بعث الله ملكا يحمي لحمه يوم القيمة من نار جهنم ومن رمى مسلما بشيء يريد شينه به حبسه الله على جسر جهنم حتى يخرج مما قال۔

علیہ وسلم نے فرمایا :۔ جس نے کسی منافق کے مقابلے میں مومن کی حمایت کی تو اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اس کی حمایت میں ایک فرشتہ کھڑا کرے گا جو اُسے دوزخ کی آگ سے بچائے گا اور جو کسی مسلمان کو ذلیل کرنے کی غرض سے اُس پر الزام عائد کرے تو اللہ تعالیٰ جہنم کے پُل پر اُسے روک لے گا یہاں تک کہ اپنے کہنے کے مطابق عذاب پالے

۱۲۵۵۔ حدثنا اسحق بن الصباح نا ابن ابي مريم انا الليث حدثني يحيى بن سليم انه سمع اسمعيل بن بشير يقول سمعت جابر بن عبد الله وابا طلحة بن سهل الانصاري يقولان قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من امرئ يخذل امرأ مسلما في موضع ينتهك فيه حرمته وينتقص فيه من عرضه الا خذله الله في موطن يحب فيه نصرته وما من امرئ ينصر مسلما في موضع ينتقص فيه من عرضه وينتهك فيه من حرمته الا نصره الله في موطن يحب نصرته قال يحيى وحدثنيه عبيد الله ابن عبد الله بن عمر وعقبة بن شداد قال ابوداود يحيى بن سليم هذا هو ابن زيد مولى النبي صلى الله عليه وسلم واسمعيل ابن بشير مولى بني مغالة وقد قيل عتبة ابن شداد موضع عقبة۔

اسمٰعیل بن بشیر نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور حضرت ابوطلحہ بن سہل انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سُنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو کسی مسلمان کو ایسی جگہ پر ذلیل و رُسوا کرے جہاں اُسکی عزت کی جاتی ہو تاکہ اس کی عزت گھٹ جائے تو اللہ تعالیٰ ایسے کو اس جگہ پر ذلیل و رُسوا کرے گا جہاں اُسے خدا کی مدد درکار ہوگی۔ اور جو کسی مسلمان کی ایسی جگہ پر مدد کرے جہاں اُس کی عزت گھٹانے کی کوشش کی جا رہی ہو حالانکہ وہاں اُسکی عزت ہوتی ہے تو ایسے شخص کی اللہ تعالیٰ اُس جگہ مدد فرمائے گا جہاں اسے خدا کی مدد درکار ہوگی ——— یحییٰ راوی کا بیان ہے کہ یہ حدیث بیان کی مجھ سے عُبیداللہ بن عبداللہ بن عمر اور عقبہ بن شدّاد نے ——— امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یہ یحییٰ بن سُلیم وہی ہیں جو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلام حضرت زید کے صاحبزادے تھے۔ اور اسمٰعیل بن بشیر یہ بنی مغالہ کے آزاد کردہ غلام تھے اور اس روایت میں عقبہ کی جگہ عُتبہ بن شدّاد کہا گیا ہے۔

باب ۷۵۹ من ليست له غيبة۔

جس کا کہنا غیبت نہیں ہے

۱۲۵۶۔ حدثنا علي بن نصر نا عبد الصمد ابن عبد الوارث من كتابه قال حدثني ابي قال نا الجريري عن ابي عبد الله الجشمي

ابوعبداللہ جشمی سے روایت ہے کہ حضرت جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا :۔ ایک اعرابی آیا، اُس نے اپنے اُونٹ کو بٹھایا، پھر اس کا گھٹنا باندھ دیا اور مسجد میں داخل

قَالَ نَا جُنْدُبٌ قَالَ جَاءَ اَعْرَابِيٌّ فَاَنَاخَ رَاحِلَتَهُ ثُمَّ عَقَلَهَا ثُمَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَصَلّٰى خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا سَلَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتٰى رَاحِلَتَهُ فَاَطْلَقَهَا ثُمَّ رَكِبَ ثُمَّ نَادٰى اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ وَمُحَمَّدًا وَلَا تُشْرِكْ فِيْ رَحْمَتِنَا اَحَدًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَقُوْلُوْنَ هُوَ اَضَلُّ اَمْ بَعِيْرُهُ اَلَمْ تَسْمَعُوْا اِلٰى مَا قَالَ قَالُوْا بَلٰى۔

ہو کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھی جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سلام پھیر دیا تو وہ اپنے اُونٹ کے پاس آیا، اُس کا گھٹنا کھولا، پھر اس پر سوار ہو گیا اور پکار کر کہا:- اے اللہ! مجھ پر اور محمد مصطفیٰ پر رحم فرما اور اس رحمت میں ہم دونوں کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرنا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا۔ تم کیا کہتے ہو، یہ زیادہ بیہودہ ہے یا اس کا اُونٹ؟ کیا تم سنتے نہیں جو اُس نے کہا؟ عرض گزار ہوئے کہ کیوں نہیں سُنا۔

بَابٌ ٣٦٠ فِي التَّجَسُّسِ۔

ٹوہ لگانے کا بیان

١٢٥٧- حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ مُحَمَّدٍ الرَّمْلِيُّ وَابْنُ عَوْفٍ وَهٰذَا لَفْظُهُ قَالَا نَا الْفِرْيَابِيُّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ ثَوْرٍ عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّكَ اِنِ اتَّبَعْتَ عَوْرَاتِ النَّاسِ اَفْسَدْتَهُمْ اَوْ كِدْتَ اَنْ تُفْسِدَهُمْ فَقَالَ اَبُو الدَّرْدَاءِ كَلِمَةٌ سَمِعَهَا مُعَاوِيَةُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَعَهُ اللّٰهُ بِهَا۔

عیسیٰ بن محمد رملی اور ابن عوف، فریابی، سفیان، ثور، راشد بن سعد سے روایت ہے کہ حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:- میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ اگر تم لوگوں کی چھپی ہوئی باتوں کا کھوج لگاتے پھرو گے تو اُن کی عادتوں کو خراب کر دو گے یا خرابی کے نزدیک پہنچا دو گے۔ حضرت ابو درداء نے فرمایا کہ حضرت معاویہ نے اس بات کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سُنا اور اللہ تعالیٰ نے اس کے ذریعے انہیں نفع پہنچایا۔

١٢٥٨- حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَمْرٍو الْحَضْرَمِيُّ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ نَا ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ وَكَثِيْرِ بْنِ مُرَّةَ وَعَمْرِو بْنِ الْاَسْوَدِ وَالْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيْكَرِبَ وَاَبِيْ اُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْاَمِيْرَ اِذَا ابْتَغَى الرِّيْبَةَ فِي النَّاسِ اَفْسَدَهُمْ۔

سعید بن عمرو حمصی، اسمٰعیل بن عیاش، ضمضم بن زرعہ، شریح بن عبیدہ، جبیر بن نفیر اور کثیر بن مرّہ اور عمرو بن اسود اور مقدام بن معدیکرب نے حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ حاکم جب لوگوں میں اپنے گمان اور اندازے کو تلاش کرے گا تو انہیں خراب کر کے رکھ دے گا۔

١٢٥٩- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ زَيْدٍ قَالَ اُتِيَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ فَقِيْلَ هٰذَا فُلَانٌ تَقْطُرُ لِحْيَتُهُ خَمْرًا فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اِنَّا قَدْ نُهِيْنَا عَنِ التَّجَسُّسِ

زید کا بیان ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں ایک شخص کو حاضر کیا گیا اور کہا:- یہ ایسا شخص ہے جس کی داڑھی سے شراب ٹپکتی ہے۔ حضرت عبداللہ نے فرمایا کہ ہمیں کھوج لگانے سے منع فرمایا گیا ہے، ہاں جب

وَلٰكِنْ إِنْ يَظْهَرْ لَنَا شَيْءٌ نَأْخُذْ بِهِ۔

کوئی بات ہم پر ظاہر ہو جائے تو ہم اُس پر مواخذہ کرتے ہیں۔

بَاب ۴۶۱ فِي السَّتْرِ عَلَى الْمُسْلِمِ۔

مسلمان کی پردہ پوشی کرنے کا بیان

۱۴۶۰۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ نَشِيطٍ عَنْ كَعْبِ بْنِ عَلْقَمَةَ عَنْ أَبِي الْهَيْثَمِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ رَأَى عَوْرَةً فَسَتَرَهَا كَانَ كَمَنْ أَحْيَى مَوْؤُدَةً۔

مسلم بن ابراہیم، عبد اللہ بن مبارک، ابراہیم بن نشیط، کعب بن علقمہ، ابن الہیثم نے حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جو کسی کے بھید کو دیکھ کر چھپائے وہ ایسا ہے گویا اُس نے زندہ دفن کی ہوئی لڑکی کو دوبارہ زندہ کر دیا۔

۱۴۶۱۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي مَرْيَمَ أَنَا اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ نَشِيطٍ عَنْ كَعْبِ بْنِ عَلْقَمَةَ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا الْهَيْثَمِ يَذْكُرُ أَنَّهُ سَمِعَ دُخَيْنًا كَاتِبَ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ كَانَ لَنَا جِيرَانٌ يَشْرَبُونَ الْخَمْرَ فَنَهَيْتُهُمْ فَلَمْ يَنْتَهُوا فَقُلْتُ لِعُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ إِنَّ جِيرَانَنَا هٰؤُلَاءِ يَشْرَبُونَ الْخَمْرَ وَإِنِّي نَهَيْتُهُمْ فَلَمْ يَنْتَهُوا وَأَنَا دَاعٍ لَهُمُ الشُّرَطَ فَقَالَ دَعْهُمْ ثُمَّ رَجَعْتُ إِلَى عُقْبَةَ مَرَّةً أُخْرَى فَقُلْتُ إِنَّ جِيرَانَنَا قَدْ أَبَوْا أَنْ يَنْتَهُوا عَنْ شُرْبِ الْخَمْرِ وَأَنَا دَاعٍ لَهُمُ الشُّرَطَ قَالَ وَيْحَكَ دَعْهُمْ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ مَعْنَى حَدِيثِ مُسْلِمٍ قَالَ أَبُو دَاوُدَ قَالَ هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ عَنْ لَيْثٍ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ قَالَ لَا تَفْعَلْ وَلٰكِنْ عِظْهُمْ وَتَهَدَّدْهُمْ۔

ابو الہیثم بیان کرتے تھے کہ انہوں نے حضرت عقبہ بن عامر کے منشی حضرت دُخین سے سُنا کہ انہوں نے فرمایا۔ ہمارے ہمسایے شراب پیتے تھے۔ میں نے انہیں منع کیا لیکن وہ باز نہ آئے تو میں نے حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا کہ ہمارے یہ ہمسائے شراب پیتے ہیں۔ میں نے انہیں منع کیا ہے لیکن یہ باز نہیں آتے۔ میں انہیں تھانے لے جانے والا ہوں۔ فرمایا کہ انہیں چھوڑ دو۔ پھر میں دوبارہ حضرت عقبہ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ ہمارے ہمسائے انکار کرتے ہیں کہ وہ شراب پینے سے رُکیں، لہٰذا میں انہیں تھانے لے جانے والا ہوں۔ فرمایا تمہاری خرابی ہو، اُن کا خیال چھوڑ دو کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے۔ پس مسلم بن ابراہیم کی حدیث کے مانند بیان کیا۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ ہاشم بن قاسم نے لیث سے اس حدیث کو روایت کرتے ہوئے کہا:۔ ایسا نہ کرو بلکہ انہیں سمجھاؤ اور دھمکاؤ۔

ف۔ نیکی کا حکم دینا اور بُرے کام سے منع کرنا یعنی امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ضروری ہے لیکن کسی مسلمان کی برائی کو مشتہر نہیں کرنا چاہیے بلکہ حتی الامکان دوسرے کے عیب پر پردہ ڈالے تاکہ پروردگارِ عالم اس کی پردہ پوشی فرمائے۔ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے منشی دُخین کو اسی لیے اُن کے شرابی ہمسایوں کی حاکم کے پاس شکایت کرنے سے منع فرما دیا تھا۔ ہاں خوفِ خدا یاد دلانے اور نصیحت کرنے کا حکم فرمایا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَاب ۴۶۲ الْمُؤَاخَاةِ۔

اخوت

۱۴۶۲۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا اللَّيْثُ

سالم نے اپنے والدِ ماجد حضرت عبد اللہ بن عمر سے

عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَظْلِمُهُ وَلَا يُسْلِمُهُ مَنْ كَانَ فِي حَاجَةِ أَخِيهِ كَانَ اللهُ فِي حَاجَتِهِ وَمَنْ فَرَّجَ عَنْ مُسْلِمٍ كُرْبَةً فَرَّجَ اللهُ عَنْهُ بِهَا كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے، نہ اُس پر ظلم کرے نہ اُسے بے یار و مددگار چھوڑے۔ جو اپنے مسلمان بھائی کی حاجت پوری کرتا ہے اللہ تعالیٰ اُس کی حاجت پوری کر دیتا ہے۔ جو کسی مسلمان کی تکلیف کو دُور کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ قیامت کی تکلیفوں میں سے اُسکی تکلیف کو دُور فرمائے گا۔ جو کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اُسکی پردہ پوشی فرمائے گا۔

باب ۴۶۳ الْإِسْتِبَابِ۔

۱۴۶۳۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُسْتَبَّانِ مَا قَالَا فَعَلَى الْبَادِي مِنْهُمَا مَا لَمْ يَعْتَدِ الْمَظْلُومُ۔

گالی گلوچ

محمد بن علاء کے والدِ ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ دو شخص آپس میں بدکلامی کریں تو دونوں کا گناہ ابتدا کرنے والے پر ہے جب تک مظلوم زیادتی نہ کرے۔

باب ۴۶۴ فِي التَّوَاضُعِ۔

۱۴۶۴۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ عِيَاضِ بْنِ حِمَارٍ أَنَّهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللهَ أَوْحَى إِلَيَّ أَنْ تَوَاضَعُوا حَتَّى لَا يَبْغِيَ أَحَدٌ عَلَى أَحَدٍ وَلَا يَفْخَرَ أَحَدٌ عَلَى أَحَدٍ۔

تواضع کا بیان

یزید بن عبداللہ نے حضرت عیاض بن حمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے مجھ پر وحی نازل فرمائی ہے کہ تم ایک دوسرے سے عاجزی کے ساتھ پیش آیا کرو۔ یہاں تک کہ کوئی دوسرے پر زیادتی نہ کرے اور کوئی دوسرے پر اپنی برتری نہ جتائے۔

باب ۴۶۵ فِي الْإِنْتِصَارِ۔

۱۴۶۵۔ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ نَا اللَّيْثُ عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ بَشِيرِ بْنِ الْمُحَرَّرِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ أَنَّهُ قَالَ بَيْنَمَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ وَمَعَهُ أَصْحَابُهُ وَقَعَ رَجُلٌ بِأَبِي بَكْرٍ فَآذَاهُ فَصَمَتَ عَنْهُ أَبُو بَكْرٍ ثُمَّ آذَاهُ الثَّانِيَةَ فَصَمَتَ عَنْهُ أَبُو بَكْرٍ ثُمَّ آذَاهُ الثَّالِثَةَ فَانْتَصَرَ مِنْهُ أَبُو بَكْرٍ فَقَامَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ انْتَصَرَ أَبُو بَكْرٍ فَقَالَ

بدلہ لینے کا بیان

سعید بن مسیب سے (مرسلاً) روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جلوہ افروز تھے۔ اِردگرد شمعِ رسالت کے پروانے بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک شخص نے حضرت ابوبکر کو تکلیف دِہ لفظ کہا لیکن حضرت ابوبکر خاموش رہے۔ پھر اُس نے دوبارہ کہا لیکن حضرت ابوبکر چُپ رہے۔ پھر اُس نے سہ بارہ کہا تو حضرت ابوبکر نے اُسے جواب دیا۔ جب حضرت ابوبکر نے جواب دیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اُٹھ کھڑے ہوئے۔ حضرت ابوبکر عرض گزار ہوئے۔ یا رسول اللہ کیا

أَبُو بَكْرٍ أَوَجَدْتَ عَلَيَّ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ مَلَكٌ مِنَ السَّمَاءِ يُكَذِّبُهُ بِمَا قَالَ لَكَ فَلَمَّا انْتَصَرْتَ وَقَعَ الشَّيْطَانُ فَلَمْ أَكُنْ لِأَجْلِسَ إِذْ وَقَعَ الشَّيْطَانُ۔

مجھ پر غصہ آگیا ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ ایک فرشتہ آسمان سے اُتر کر اُس کے کہنے کی تکذیب کر رہا تھا۔ جب تم نے جواب دیا تو شیطان درمیان میں کُود پڑا۔ جس جگہ شیطان آ شامل ہو وہاں میرا بیٹھنا مناسب نہیں ہے۔

۱۴۶۶۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ نَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَجُلًا كَانَ يَسُبُّ أَبَا بَكْرٍ وَسَاقَ نَحْوَهُ قَالَ أَبُو دَاؤُدَ وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ صَفْوَانُ ابْنُ عِيسٰى عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ كَمَا قَالَ سُفْيَانُ۔

سعید بن ابو سعید نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک شخص نے حضرت ابوبکر سے بدکلامی کی آگے مذکورہ حدیث کی طرح بیان کیا —— امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اسی طرح اسے روایت کیا ہے صفوان بن عیسٰی نے ابن عجلان سے سفیان کے مانند۔

۱۴۶۷۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ نَا أَبِي ح وَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَيْسَرَةَ نَا مُعَاذٌ الْمَعْنٰى وَاحِدٌ نَا ابْنُ عَوْنٍ قَالَ كُنْتُ أَسْأَلُ عَنِ الْإِنْتِصَارِ وَلَمَنِ انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهِ فَأُولٰئِكَ مَا عَلَيْهِمْ مِنْ سَبِيلٍ فَحَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ عَنْ أُمِّ مُحَمَّدٍ امْرَأَةِ أَبِيهِ قَالَ ابْنُ عَوْنٍ وَزَعَمُوا أَنَّهَا كَانَتْ تَدْخُلُ عَلٰى أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ قَالَتْ قَالَتْ أُمُّ الْمُؤْمِنِينَ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَنَا زَيْنَبُ بِنْتُ جَحْشٍ فَجَعَلَ يَصْنَعُ شَيْئًا بِيَدِهِ فَقُلْتُ بِيَدِهِ حَتّٰى فَطَّنْتُهُ لَهَا فَأَمْسَكَ وَأَقْبَلَتْ زَيْنَبُ تَقَحَّمُ لِعَائِشَةَ فَنَهَاهَا فَأَبَتْ أَنْ تَنْتَهِيَ فَقَالَ لِعَائِشَةَ سُبِّيهَا فَسَبَّتْهَا فَغَلَبَتْهَا فَانْطَلَقَتْ زَيْنَبُ إِلٰى عَلِيٍّ فَقَالَتْ إِنَّ عَائِشَةَ وَقَعَتْ بِكُمْ وَفَعَلَتْ فَجَاءَتْ فَاطِمَةُ فَقَالَ لَهَا إِنَّهَا حِبَّةُ أَبِيكِ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ فَانْصَرَفَتْ فَقَالَتْ لَهُمْ إِنِّي قُلْتُ لَهُ كَذَا وَكَذَا فَقَالَ لِي كَذَا وَكَذَا قَالَ وَجَاءَ عَلِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَلَّمَهُ فِي ذٰلِكَ۔

عُبید اللہ بن معاذ، اُن کے والدِ ماجد —— عُبید اللہ بن عمر بن میسرہ، معاذ، ابنِ عون کا بیان ہے کہ میں وَلَمَنِ انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰٓئِكَ مَا عَلَيْهِمْ مِّنْ سَبِيْلٍ میں اَلْاِنْتِصَار کے متعلق پوچھا کرتا تھا، تو مجھ سے حدیث بیان کی علی بن زید بن جدعان، اُمِّ محمد اُن کے والدِ محترم کی بیوی، ابنِ عون کے خیال میں وہ حضرت اُمّ المؤمنین صدیقہ کی خدمت میں حاضر ہوا کرتی تھیں۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے اور میرے پاس حضرت زینب بنت جحش بھی تھیں۔ آپ نے دستِ اقدس کے ساتھ مجھے گدگدی کی۔ میں نے ہاتھ کے اشارے سے اُن کے متعلق بتایا تو آپ رُک گئے۔ چنانچہ حضرت زینب حضرت عائشہ پر برس پڑیں۔ آپ نے اُنہیں روکا لیکن وہ نہ رُکیں تو آپ نے حضرت عائشہ سے کہا کہ تم بھی ان سے کچھ کہو۔ پس حضرت زینب حضرت علی کے پاس گئیں اور کہا کہ حضرت عائشہ نے آپ لوگوں (بنی ہاشم) کے لیے ایسا کہا ہے۔ پس حضرت فاطمہ آئیں تو آپ نے اُن سے فرمایا۔ کعبہ کے رب کی قسم، بیشک وہ تمہارے باپ کی محبوبہ ہیں۔ پس وہ چلی گئیں اور اُن سے کہا۔ میں نے یہ عرض کی اور حضور نے یہ فرمایا۔ راوی کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حضرت علی حاضر ہوئے اور اس سلسلے میں آپ سے عرض گزار ہوئے۔

باب ۴۶۶ النَّهْيِ عَنْ سَبِّ الْمَوْتٰى۔

۱۴۶۸۔ حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ نَا وَكِيعٌ نَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا مَاتَ صَاحِبُكُمْ فَدَعُوهُ وَلَا تَقَعُوا فِيهِ۔

۱۴۶۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ أَنَا مُعَاوِيَةُ ابْنُ هِشَامٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ أَنَسٍ الْمَكِّيِّ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اذْكُرُوا مَحَاسِنَ مَوْتَاكُمْ وَكُفُّوا عَنْ مَسَاوِيهِمْ۔

مُردوں کو بُرا کہنے کی ممانعت۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تمہارا کوئی ساتھی (مسلمان) فوت ہو جائے تو اُسے نظر انداز کرو اور اُس کی بُرائی نہ کیا کرو۔

عطاء نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اپنے مُردوں کی خوبیاں بیان کیا کرو اور اُن کی برائیوں سے زبان کو روکا کرو۔

ف۔ جب کوئی مسلمان فوت ہو جائے تو اس کی نیکیوں اور خوبیوں کا چرچا کرنے میں مضائقہ نہیں لیکن اس کی برائی بیان کرنا اچھا نہیں ہے۔ کیونکہ اب وہ اپنے پیدا کرنے والے کی بارگاہ میں پہنچ چکا۔ اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ جو چاہے سلوک کرے گا۔ ہاں اسلام دُشمنین کی خیر خواہی میں گمراہوں اور گمراہ گروں کا رد کرنا قلمی جہاد ہے خواہ وہ زندہ ہوں یا مردہ۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۴۶۷ فِي النَّهْيِ عَنِ الْبَغْيِ۔

۱۴۷۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ بْنِ سُفْيَانَ نَا عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ جَوْسٍ قَالَ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ كَانَ رَجُلَانِ فِي بَنِي إِسْرَائِيلَ مُتَوَاخِيَيْنِ فَكَانَ أَحَدُهُمَا يُذْنِبُ وَالْآخَرُ مُجْتَهِدٌ فِي الْعِبَادَةِ فَكَانَ لَا يَزَالُ الْمُجْتَهِدُ يَرَى الْآخَرَ عَلَى الذَّنْبِ فَيَقُولُ أَقْصِرْ فَقَالَ خَلِّنِي وَرَبِّي أَبُعِثْتَ عَلَيَّ رَقِيبًا فَقَالَ وَاللهِ لَا يَغْفِرُ اللهُ لَكَ أَوْ لَا يُدْخِلُكَ اللهُ الْجَنَّةَ فَقَبَضَ أَرْوَاحَهُمَا فَاجْتَمَعَا عِنْدَ رَبِّ الْعَالَمِينَ فَقَالَ لِهَذَا الْمُجْتَهِدِ أَكُنْتَ بِي عَالِمًا أَوْ كُنْتَ عَلَى مَا فِي يَدِي قَادِرًا وَقَالَ لِلْمُذْنِبِ اذْهَبْ فَادْخُلِ الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِي وَقَالَ لِلْآخَرِ اذْهَبُوا بِهِ إِلَى النَّارِ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَتَكَلَّمَ بِكَلِمَةٍ أَوْبَقَتْ

تکبر کی ممانعت

ضمضم بن جوس نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ بنی اسرائیل میں دو شخص نزدیک رہتے تھے۔ ایک ان میں سے گنہگار اور دوسرا خوب عبادت گزار تھا۔ عبادت گزار جب بھی گنہگار کو دیکھتا تو اُس سے باز رہنے کے لیے کہتا۔ ایک روز اُس نے اُسے کوئی گناہ کرتے ہوئے دیکھا تو رُکنے کیلئے کہا۔ گنہگار نے کہا کہ مجھے میرے رب پر چھوڑ دو، کیا تم مجھ پر نگران ہو؟ عبادت گزار نے کہا۔ خدا کی قسم۔ اللہ تمہیں نہیں بخشے گا، یا اللہ تمہیں جنت میں داخل نہیں کریگا۔ پس دونوں کی روحیں قبض کر لی گئیں اور دونوں اکٹھے پروردگارِ عالم کی بارگاہ میں پیش ہوئے۔ عبادت گزار سے فرمایا گیا۔ کیا تجھے میرے متعلق سب کچھ علم ہے یا میرے اختیارات تیرے قبضے میں ہیں؟ گنہگار سے فرمایا کہ جا میری رحمت کے ساتھ جنت میں داخل ہو جا۔ دوسرے کے متعلق فرمایا کہ اسے جہنم میں لے جاؤ۔ حضرت ابوہریرہ نے فرمایا قسم ہے اُس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے، اُس نے ایسی بات کہی جس سے اُس کی دنیا اور

دُنْيَاهُ وَآخِرَتَهُ۔

۱۴۷۱۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ عُيَيْنَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي بَكْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ ذَنْبٍ أَجْدَرُ أَنْ يُعَجِّلَ اللّٰهُ تَعَالٰى لِصَاحِبِهِ الْعُقُوبَةَ فِي الدُّنْيَا مَعَ مَا يَدَّخِرُ لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِثْلَ الْبَغْيِ وَقَطِيعَةِ الرَّحِمِ۔

آخرت برباد ہوگئیں۔

عُیینہ بن عبدالرحمٰن کے والدِ ماجد نے حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کوئی گناہ ایسا نہیں جس کے کرنے والے کو دنیا میں سزا ملے اُس عذاب کے علاوہ جو آخرت میں اُس کے لیے جمع ہے کہ وہ سزا میں تکبر اور قطع رحمی کے برابر ہو۔

بَابٌ ۴۶۸ فِي الْحَسَدِ۔

حسد کا بیان

۱۴۷۲۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ صَالِحٍ الْبَغْدَادِيُّ أَنَا أَبُو عَامِرٍ يَعْنِي عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ عَمْرٍو نَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَبِي أُسَيْدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِيَّاكُمْ وَالْحَسَدَ فَإِنَّ الْحَسَدَ يَأْكُلُ الْحَسَنَاتِ كَمَا تَأْكُلُ النَّارُ الْحَطَبَ أَوْ قَالَ الْعُشْبَ۔

عثمان بن صالح بغدادی، ابوعامر عبدالملک بن عمرو، سلیمان بن بلال، ابراہیم بن ابواُسید اُن کے والد ماجد، اُن کے جدِّ امجد، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ حسد سے بچتے رہنا کیونکہ حسد نیکیوں کو اس طرح کھاتا ہے جیسے لکڑی کو آگ یا فرمایا کہ گھاس کو

۱۴۷۳۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي الْعَمْيَاءِ أَنَّ سَهْلَ بْنَ أَبِي أُمَامَةَ حَدَّثَهُ أَنَّهُ دَخَلَ هُوَ وَأَبُوهُ عَلَى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ بِالْمَدِينَةِ فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ لَا تُشَدِّدُوا عَلَى أَنْفُسِكُمْ فَيُشَدَّدَ عَلَيْكُمْ فَإِنَّ قَوْمًا شَدَّدُوا عَلَى أَنْفُسِهِمْ فَشَدَّدَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ فَتِلْكَ بَقَايَاهُمْ فِي الصَّوَامِعِ وَالدِّيَارِ رَهْبَانِيَّةً ابْتَدَعُوهَا مَا كَتَبْنَاهَا عَلَيْهِمْ۔

احمد بن صالح، عبداللہ بن وہب، سعید بن عبدالرحمٰن بن ابوعمیاء، سہل بن ابواُمامہ سے روایت ہے کہ وہ اور ان کے والد ماجد مدینہ منورہ میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو اُنہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرمایا کرتے ۔۔ اپنی جانوں پر سختی نہ کیا کرو کہ تم پر سختی کی جائے کیونکہ ایک قوم نے اپنی جانوں پر سختی کی تھی تو اللہ تعالیٰ نے بھی اُن پر سختی فرمائی۔ جن کی نشانیاں یہ گرجے اور گھر ہیں کیونکہ رُہبانیت کی اُنہوں نے ابتدا کی جو ہم نے اُن پر فرض نہیں کی تھی (۵۷: ۲۷)

بَابٌ ۴۶۹ فِي اللَّعْنِ۔

لعنت کرنے کا بیان

۱۴۷۴۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ نَا الْوَلِيدُ بْنُ رَبَاحٍ قَالَ سَمِعْتُ نِمْرَانَ يَذْكُرُ عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ قَالَتْ سَمِعْتُ أَبَا الدَّرْدَاءِ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا لَعَنَ شَيْئًا

حضرت اُمِّ درداء نے حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بندہ جب کسی چیز پر لعنت کرتا ہے تو لعنت آسمان کی طرف چڑھتی ہے۔ چنانچہ آسمان کے دروازے بند پاتی ہے۔ پھر زمین کی طرف اُترتی ہے تو اُس کے دروازے بھی بند پاتی ہے۔ پھر وہ

صَعِدَتِ اللَّعْنَةُ إِلَى السَّمَاءِ فَتُغْلَقُ أَبْوَابُ السَّمَاءِ دُونَهَا ثُمَّ تَهْبِطُ إِلَى الْأَرْضِ فَتُغْلَقُ أَبْوَابُهَا دُونَهَا ثُمَّ تَأْخُذُ يَمِينًا وَشِمَالًا فَإِذَا لَمْ تَجِدْ مَسَاغًا رَجَعَتْ إِلَى الَّذِي لُعِنَ فَإِنْ كَانَ لِذَلِكَ أَهْلًا وَإِلَّا رَجَعَتْ إِلَى قَائِلِهَا قَالَ أَبُو دَاوُدَ قَالَ مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ هُوَ رَبَاحُ بْنُ الْوَلِيدِ سَمِعَ مِنْهُ وَذَكَرَ أَنَّ يَحْيَى بْنَ حَسَّانَ وَهِمَ مِنْهُ۔

دائیں اور بائیں جانب پھرتی ہے لیکن اپنے لیے کوئی ٹھکانا نہیں پاتی۔ لہٰذا اُس کی طرف لوٹتی ہے جس پر لعنت کی گئی تھی جبکہ وہ اس کا اہل ہو ورنہ کہنے والے کی طرف لوٹ جاتی ہے ـــــ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ مروان بن محمد نے کہا ہے کہ اس راوی کا نام ولید بن رباح نہیں بلکہ رباح بن ولید ہے اور یحییٰ بن حسان سے اس میں وہم ہوا ہے۔

۱۴۷۵۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا هِشَامٌ نَا قَتَادَةُ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَلَاعَنُوا بِلَعْنَةِ اللّٰهِ وَلَا بِغَضَبِ اللّٰهِ وَلَا بِالنَّارِ۔

حسن نے حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ آپس میں اللہ کی لعنت، اللہ کے غضب اور دوزخ کے ساتھ لعنت نہ کیا کرو۔

۱۴۷۶۔ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ زَيْدِ بْنِ أَبِي الزَّرْقَاءِ نَا أَبِي نَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ أَبِي حَازِمٍ وَزَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ أَنَّ أُمَّ الدَّرْدَاءِ قَالَتْ سَمِعْتُ أَبَا الدَّرْدَاءِ قَالَتْ سَمِعْتُ أَبَا الدَّرْدَاءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا يَكُونُ اللَّعَّانُونَ شُهَدَاءَ وَلَا شُفَعَاءَ۔

ہارون بن زید بن ابوزرقاء، اُن کے والد ماجد، ہشام بن سعد، ابوحازم اور زید بن اسلم، حضرت اُم درداء حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا:۔ بہت لعنت کرنے والوں کو گواہ نہ بناؤ اور ان سے سفارش نہ کراؤ۔

۱۴۷۷۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا أَبَانُ ح وَنَا زَيْدُ بْنُ أَخْزَمَ الطَّائِيُّ نَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ نَا أَبَانُ بْنُ يَزِيدَ نَا قَتَادَةُ عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ قَالَ زَيْدٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَجُلًا لَعَنَ الرِّيحَ وَقَالَ مُسْلِمٌ إِنَّ رَجُلًا نَازَعَتْهُ الرِّيحُ رِدَاءَهُ عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَعَنَهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَلْعَنْهَا فَإِنَّهَا مَأْمُورَةٌ وَإِنَّهُ مَنْ لَعَنَ شَيْئًا لَيْسَ لَهُ بِأَهْلٍ رَجَعَتِ اللَّعْنَةُ عَلَيْهِ۔

مسلم بن ابراہیم، ابان ـــــ زید بن اخزم طائی بشر بن عمر، ابان بن یزید، قتادہ، ابوالعالیہ، زید نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی نے ہوا پر لعنت کی۔ مسلم بن ابراہیم نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مبارک زمانہ میں ہوا نے ایک آدمی کی چادر اُڑا دی تو اُس نے ہوا پر لعنت کی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس پر لعنت نہ کرو کیونکہ وہ تو حکمِ الٰہی کی پابند ہے۔ لیکن جو ایسی چیز پر لعنت کرے جو مستحقِ لعنت نہ ہو تو لعنت قائل کی طرف لوٹ آتی ہے۔

بَابٌ ۴۷ فِيمَنْ دَعَا عَلَى مَنْ ظَلَمَهُ۔

ظالم کے لیے بددعا کرنے کا بیان

۱۴۷۸۔ حَدَّثَنَا ابْنُ مُعَاذٍ نَا أَبِي نَا سُفْيَانُ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ اُن کی

عَنْ حَبِيبٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سُرِقَ لَهَا شَيْءٌ فَجَعَلَتْ تَدْعُو عَلَيْهِ فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُسَبِّخِي عَنْهُ۔

کوئی چیز چرا لی گئی تو وہ چور پر لعنت کرنے لگیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا کہ اُس کا بوجھ کم نہ کرو۔

باب ۴۷ فِي هِجْرَةِ الرَّجُلِ أَخَاهُ۔

آدمی کا اپنے بھائی کو چھوڑ دینا

۱۴۷۹۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَبَاغَضُوا وَلَا تَحَاسَدُوا وَلَا تَدَابَرُوا وَكُونُوا عِبَادَ اللَّهِ إِخْوَانًا وَلَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ يَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:- آپس میں بُغض نہ رکھو، ایک دوسرے سے حسد نہ کرو اور ایک دوسرے سے پیٹھ نہ پھیرو۔ اللہ کے بندو! آپس میں بھائی بھائی بن جاؤ۔ کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں ہے کہ تین دن سے زیادہ اپنے مسلمان بھائی کو چھوڑے۔

ف۔ کسی دنیاوی یا ذاتی معاملے کے باعث اپنے مسلمان بھائی سے تین دن سے زیادہ کلام وسلام ترک کرنا جائز نہیں کیونکہ یہ اسلامی اخوت کے خلاف اور بے مروتی ہے۔ ہاں اگر اَلْحُبُّ فِي اللّٰهِ وَ اَلْبُغْضُ فِي اللّٰهِ کے تحت اللہ ورسول کی نافرمانی یا کسی گمراہی کے باعث ہو تو کوئی مضائقہ نہیں خواہ تین دن کی جگہ تین سال ہو جائیں جیسے غزوۂ تبوک سے پچھڑ جانے کے باعث رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے توبہ قبول ہونے تک کلام نہ کیا بلکہ کسی نے ان کے سلام تک کا جواب نہ دیا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۴۸۰۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ يَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ يَلْتَقِيَانِ فَيُعْرِضُ هَذَا وَيُعْرِضُ هَذَا وَخَيْرُهُمَا الَّذِي يَبْدَأُ بِالسَّلَامِ۔

عطاء بن یزید لیثی نے حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:- کسی مسلمان کے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ اپنے مسلمان بھائی کو متواتر تین دن سے زیادہ چھوڑے رہے کہ یہ اُس سے منہ پھیرے اور وہ اس سے منہ پھیرے۔ دونوں میں سے بہتر وہ ہے جو سلام کی ابتدا کرے۔

۱۴۸۱۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَيْسَرَةَ وَأَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ السَّرْخَسِيُّ أَنَّ أَبَا عَامِرٍ أَخْبَرَهُمْ قَالَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ هِلَالٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ لِمُؤْمِنٍ أَنْ يَهْجُرَ مُؤْمِنًا فَوْقَ ثَلَاثٍ فَإِنْ مَرَّتْ بِهِ فَوْقَ ثَلَاثٍ فَلْيَلْقَهُ فَلْيُسَلِّمْ عَلَيْهِ فَإِنْ رَدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ فَقَدِ اشْتَرَكَا فِي الْأَجْرِ وَإِنْ

محمد بن ہلال کے والد ماجد نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:- کسی مومن کے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ دوسرے مومن کو تین دن سے زیادہ چھوڑے رہے۔ اگر یہ اُس کے پاس سے گزرے تو اُسے سلام کرے۔ اگر اُس نے سلام کا جواب دیا تو ثواب میں دونوں شریک ہو گئے اور اگر سلام کا جواب نہ دیا تو سارا گناہ لے گیا ــــــ احمد بن سعید نے یہ بھی کہا کہ سلام

لَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ فَقَدْ بَاءَ بِالْإِثْمِ زَادَ أَحْمَدُ وَخَرَجَ الْمُسْلِمُ مِنَ الْهِجْرَةِ۔

کرنے والا چھوڑنے کے گناہ سے نکل گیا۔

۱۴۸۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى نَا مُحَمَّدُ ابْنُ خَالِدِ بْنِ عَثْمَةَ نَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُنِيبِ يَعْنِي الْمَدَنِيَّ قَالَ أَخْبَرَنِي هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَكُونُ لِمُسْلِمٍ أَنْ يَهْجُرَ مُسْلِمًا فَوْقَ ثَلَاثَةٍ فَإِذَا لَقِيَهُ سَلَّمَ عَلَيْهِ ثَلَاثَ مِرَارٍ كُلُّ ذَلِكَ لَا يَرُدُّ عَلَيْهِ فَقَدْ بَاءَ بِإِثْمِهِ۔

ہشام بن عروہ کے والدِ ماجد نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کسی مسلمان کے لیے یہ مناسب نہیں ہے کہ دوسرے مسلمان کو تین دن سے زیادہ چھوڑے۔ جب اُس سے ملے تو سلام کرے تین مرتبہ۔ اگر وہ کسی دفعہ جواب نہ دے تو سارا گناہ لے گیا۔

۱۴۸۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ نَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ نَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ يَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثٍ فَمَنْ هَجَرَ فَوْقَ ثَلَاثٍ فَمَاتَ دَخَلَ النَّارَ۔

محمد بن صباح البزار، یزید بن ہارون، سفیان ثوری، منصور، ابو حازم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کسی مسلمان کے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ اپنے بھائی کو تین دن سے زیادہ چھوڑے۔ جس نے تین دن سے زیادہ چھوڑا اور مرگیا تو جہنم میں داخل ہوا۔

۱۴۸۴۔ حَدَّثَنَا ابْنُ السَّرْحِ نَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ حَيْوَةَ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ الْوَلِيدِ بْنِ أَبِي الْوَلِيدِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ أَبِي أَنَسٍ عَنْ أَبِي خِرَاشٍ السُّلَمِيِّ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ هَجَرَ أَخَاهُ سَنَةً فَهُوَ كَسَفْكِ دَمِهِ۔

ابن السرح، ابن وہب، حیوۃ، ابو عثمان ولید بن ابوالولید عمران بن ابو انس سے روایت ہے کہ حضرت ابو خراش السلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ جس نے اپنے بھائی کو سال بھر چھوڑے رکھا تو گویا اُس کا خون کر دیا۔

۱۴۸۵۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ سُهَيْلِ ابْنِ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تُفْتَحُ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ كُلَّ يَوْمِ اثْنَيْنِ وَخَمِيسٍ فَيُغْفَرُ فِي ذَيْنِكَ الْيَوْمَيْنِ لِكُلِّ عَبْدٍ لَا يُشْرِكُ بِاللهِ شَيْئًا إِلَّا مَنْ بَيْنَهُ وَبَيْنَ أَخِيهِ شَحْنَاءُ فَيُقَالُ أَنْظِرُوا هَذَيْنِ حَتَّى يَصْطَلِحَا قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَإِذَا كَانَتِ الْهِجْرَةُ لِلّٰهِ فَلَيْسَ مِنْ هَذَا بِشَيْءٍ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ غَطَّى وَجْهَهُ عَنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ہر پیر اور جمعرات کے روز جنت کے دروازے کھول دئے جاتے ہیں۔ دونوں دنوں میں ہر اُس بندے کے گناہ معاف فرمادئے جاتے ہیں جو اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرے، سوائے اُس کے جس کے اپنے بھائی کے ساتھ عداوت ہو۔ اُن کے متعلق کہا جاتا ہے کہ دونوں کو دیکھتے رہو یہاں تک کہ آپس میں مل جائیں ——— امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اگر چھوڑنا اللہ کے لیے ہو تو اس وعید سے اُس کا کوئی تعلق نہیں۔ حضرت عمر بن عبد العزیز نے ایک آدمی سے

رجل۔

اپنا منہ ڈھانپ لیا تھا۔

باب ۴۷۲ فِي الظَّنِّ۔

۱۴۸۶۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِيَّاكُمْ وَالظَّنَّ فَإِنَّ الظَّنَّ أَكْذَبُ الْحَدِيثِ وَلَا تَحَسَّسُوا وَلَا تَجَسَّسُوا۔

بدگمانی کا بیان

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بدگمانی سے بچتے رہو کیونکہ بدگمانی سب سے جھوٹی بات ہے اور ایک دوسرے کے عیبوں کا کھوج نہ نکالا کرو اور نہ کسی کو اپنے عیبوں کا کھوج نکالنے دیا کرو۔

باب ۴۷۳ فِي النَّصِيحَةِ۔

۱۴۸۷۔ حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمُؤَذِّنُ نَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ سُلَيْمَانَ يَعْنِي ابْنَ بِلَالٍ عَنْ كَثِيرِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ رَبَاحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُؤْمِنُ مِرْآةُ الْمُؤْمِنِ وَالْمُؤْمِنُ أَخُو الْمُؤْمِنِ يَكُفُّ عَلَيْهِ ضَيْعَتَهُ وَيَحُوطُهُ مِنْ وَرَائِهِ۔

خیر خواہی کا بیان

ربیع بن سلیمان مؤذن، ابن وہب، سلیمان بن بلال، کثیر بن زید، ولید بن رباح نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مومن دوسرے مومن کا آئینہ ہے اور مومن دوسرے مومن کا بھائی ہے، جو نقصان کو اس سے ہٹاتا اور عدم موجودگی میں اس کی حفاظت کرتا ہے۔

باب ۴۷۴ فِي إِصْلَاحِ ذَاتِ الْبَيْنِ۔

۱۴۸۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَفْضَلَ مِنْ دَرَجَةِ الصِّيَامِ وَالصَّلٰوةِ وَالصَّدَقَةِ قَالُوا بَلٰى يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ إِصْلَاحُ ذَاتِ الْبَيْنِ وَفَسَادُ ذَاتِ الْبَيْنِ الْحَالِقَةُ۔

آپس میں میل جول کروانے کا بیان

حضرت ام درداء نے حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کیا میں تمہیں ایسا کام نہ بتاؤں جو درجے میں روزے، نماز اور زکوٰۃ سے بھی افضل ہو؟ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! کیوں نہیں۔ فرمایا کہ آپس میں صلح کروا دینا جبکہ فساد مجموعی طاقت کے خرمن میں آگ لگا رہا ہو۔

۱۴۸۹۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ أَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ ح وَنَا مُسَدَّدٌ نَا إِسْمٰعِيلُ ح وَنَا أَحْمَدُ ابْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَبُّوَيْهِ الْمَرْوَزِيُّ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أُمِّهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَمْ يَكْذِبْ مَنْ نَمٰى بَيْنَ اثْنَيْنِ لِيُصْلِحَ وَقَالَ أَحْمَدُ وَمُسَدَّدٌ لَيْسَ بِالْكَاذِبِ مَنْ أَصْلَحَ

نصر بن علی، سفیان، زہری ——— مسدد، اسمٰعیل ——— احمد بن محمد بن شبویہ مروزی، عبد الرزاق، معمر، زہری، حمید بن عبد الرحمٰن بن عوف نے اپنی والدۂ ماجدہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جس نے دو آدمیوں میں صلح کروانے کے لیے پہلو دار بات کی اس نے جھوٹ نہیں بولا۔ احمد بن محمد اور مسدد نے کہا کہ جو دو آدمیوں میں صلح کروائے وہ جھوٹا نہیں ہے۔ جو بات کی وہ بہتر پہلو دار

بَيْنَ النَّاسِ فَقَالَ خَيْرًا أَوْ نَمَى خَيْرًا۔

بات کی وہ بھی بہتر ہے۔

۱۴۹۰ - حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْجِيزِيُّ نَا أَبُو الْأَسْوَدِ عَنْ نَافِعِ بْنِ يَزِيدَ عَنِ ابْنِ الْهَادِ أَنَّ عَبْدَ الْوَهَّابِ بْنَ أَبِي بَكْرٍ حَدَّثَهُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أُمِّهِ أُمِّ كُلْثُومٍ بِنْتِ عُقْبَةَ قَالَتْ مَا سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرَخِّصُ فِي شَيْءٍ مِنَ الْكَذِبِ إِلَّا فِي ثَلَاثٍ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا أَعُدُّهُ كَاذِبًا الرَّجُلُ يُصْلِحُ بَيْنَ النَّاسِ يَقُولُ الْقَوْلَ وَلَا يُرِيدُ بِهِ إِلَّا الْإِصْلَاحَ وَالرَّجُلُ يَقُولُ فِي الْحَرْبِ وَالرَّجُلُ يُحَدِّثُ امْرَأَتَهُ وَالْمَرْأَةُ تُحَدِّثُ زَوْجَهَا۔

ربیع بن سلیمان جیزی، ابوالاسود، نافع بن یزید، ابن الہاد، عبدالوہاب بن ابوبکر، ابن شہاب، حُمید بن عبدالرحمٰن سے روایت ہے کہ اُن کی والدۂ ماجدہ حضرت اُمِ کلثوم بنت عُقبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ - میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بظاہر غلط بیانی کی اجازت دیتے ہوئے نہیں سُنا مگر تین مقامات سے متعلق - چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرمایا کرتے کہ میں اُس شخص کو جھوٹا شمار نہیں کرتا جو لوگوں کے درمیان صلح کروائے اور ایسی بات کہے جس کا مقصد صرف اصلاح ہو اور وہ آدمی جو جنگ کے دوران کوئی بات کہے اور آدمی اپنی بیوی سے کچھ کہے یا بیوی اپنے خاوند سے کچھ کہے۔

ف - یہ صریح جھوٹ کی اجازت مرحمت نہیں فرمائی گئی کیونکہ جھوٹ بولنا کسی حالت میں اور کسی وقت جائز نہیں ہے۔ یہاں جھوٹ سے مراد وہ پہلودار بات ہے جو ایک طرف سے جھوٹ معلوم ہو لیکن دوسری جانب سے سچ ہو یا ظاہر میں جھوٹ نظر آئے لیکن باطن میں صداقت پر مبنی ہو۔ دو آدمیوں میں صلح کروانے، میاں بیوی کا اپنے تعلقات اور میل محبت کو بڑھانے نیز دشمنوں پر مسلمانوں کی دھاک بٹھانے کی خاطر پہلودار اور مبالغہ آمیز بات کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ ۴۷ فِي الْغِنَاءِ۔

گانے کا بیان

۱۴۹۱ - حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا بِشْرٌ عَنْ خَالِدِ بْنِ ذَكْوَانَ عَنِ الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذِ بْنِ عَفْرَاءَ قَالَتْ جَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَخَلَ عَلَيَّ صُبَيْحَةَ بُنِيَ بِي فَجَلَسَ عَلَى فِرَاشِي كَمَجْلِسِكَ مِنِّي فَجَعَلَتْ جُوَيْرَاتٌ يَضْرِبْنَ بِدُفٍّ لَهُنَّ وَيَنْدُبْنَ مَنْ قُتِلَ مِنْ آبَائِي يَوْمَ بَدْرٍ إِلَى أَنْ قَالَتْ إِحْدَاهُنَّ وَفِينَا نَبِيٌّ يَعْلَمُ مَا فِي غَدٍ۔ فَقَالَ دَعِي هٰذَا وَقُولِي الَّذِي كُنْتِ تَقُولِينَ۔

خالد بن ذکوان کا بیان ہے کہ حضرت رُبیع بنت معوِّذ بن عفراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ - میری شادی کی اگلی صبح کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے پاس صبح سویرے تشریف لائے اور میرے بستر پر بیٹھ گئے جیسے تم بیٹھے ہو۔ کچھ لڑکیاں اپنی دف بجا کر اپنے آباد اجداد کے کارنامے گانے لگیں جو غزوۂ بدر میں شہید ہو گئے تھے۔ یہاں تک کہ اُن میں سے ایک نے کہا: "اور ہم میں ایسے نبی جلوہ افروز ہیں جو کل کی بات بھی جانتے ہیں"۔ آپ نے فرمایا کہ اسے چھوڑ دو اور وہی باتیں کہو جو تم کہہ رہی تھیں۔

ف - مدینہ طیبہ کی لڑکیاں دف بجا کر جو شہدائے بدر کے مرثیے پڑھ رہی تھیں تو یقیناً وہ مرثیے کسی صحابی نے لکھے ہوں گے۔ ایک لڑکی نے مرثیہ پڑھتے ہوئے یہ مصرعہ کہا۔ وَفِينَا نَبِيٌّ يَعْلَمُ مَا فِي غَدٍ یعنی ہم میں ایسا نبی جلوہ افروز ہے جو آئندہ کے واقعات کو بھی جانتا ہے۔ معلوم ہوا کہ صحابہ کرام کا یہی عقیدہ تھا۔ معلوم ہوا کہ صحابہ کرام کا عقیدہ تھا کہ

وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو غیوب خمسہ سے خبردار سمجھتے تھے اور برملا کہتے تھے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُس لڑکی کی زبان سے یہ مصرعہ سن کر مولوی محمد اسمٰعیل دہلوی (المتوفی ۱۲۴۶ھ ور ۱۸۳۱ء) کی طرح اسے شرک و کفر قرار نہیں دیا اور مطلقاً یہ نہیں فرمایا کہ بیٹی تم مشرکہ ہوگئیں اور جس صحابی نے مرثیے میں یہ مصرعہ کہا ہے وہ بھی مشرک ہوگیا۔ اُسے چاہیے کہ از سرِ نو ایمان لائے اور تجدیدِ نکاح کرے۔ خبردار جو آئندہ ایسی شرک و کفر کی بات زبان پہ لائے۔ فرمایا تو بس اتنا کہ اس بات کو چھوڑ دو اور جو تم کہہ رہی تھیں وہی کہے جاؤ۔ یعنی یہ عقائد کا معاملہ ہے مبادا الفاظ میں تم سے کمی بیشی ہو جائے یا مبالغہ آرائی سے کام لینے لگو یا آئندہ کسی غلط فہمی میں مبتلا ہو جاؤ، لہٰذا اس نازک بات کو رہنے دو اور اپنے شہداء کے کارنامے ہی بیان کرو یا مقصد یہ تھا کہ میرے حضور تم میری تعریفیں بیان نہ کرو بلکہ شمعِ رسالت کے اُن جانثار پروانوں کی تعریفیں ہی کرو کہ بالواسطہ وہ میری ہی تعریف ہے کیونکہ:۔

خود نہ تھے جو راہ پر اوروں کے رہبر ہوگئے
کیا نظر تھی جس نے مُردوں کو مسیحا کر دیا

۱۴۹۲۔ حدثنا الحسن بن علي نا عبد الرزاق انا معمر عن ثابت عن انس قال لما قدم رسول الله صلى الله عليه وسلم المدينة لعبت الحبشة لقدومه فرحا بذلك لعبوا بحرابهم۔

ثابت سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مدینہ منورہ میں تشریف آوری ہوئی تو حبشی آپ کی آمد کی خوشی میں اپنے نیزے لے کر کھیلے۔

باب ۷۷ كراهية الغناء والزمر۔

گانے بجانے کی بُرائی

۱۴۹۳۔ حدثنا احمد بن عبيد الله الغداني نا الوليد بن مسلم نا سعيد بن عبد العزيز عن سليمان بن موسى عن نافع قال سمع ابن عمر مزمارا قال فوضع اصبعيه على اذنيه وناى عن الطريق وقال لي يا نافع هل تسمع شيئا قال فقلت لا قال فرفع اصبعيه من اذنيه وقال كنت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فسمع مثل هذا فصنع مثل هذا قال ابو داؤد هذا حديث منكر۔

سلیمان بن موسیٰ نے نافع سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے گانے کی آواز سُنی تو اپنے کانوں میں انگلیاں ڈال لیں اور راستے سے ہٹ گئے اور مجھ سے فرمایا۔ اے نافع! کیا تمہیں آواز آرہی ہے؟ میں عرض گزار ہوا کہ نہیں۔ پس اُس وقت اُنہوں نے کانوں سے اُنگلیاں ہٹائیں اور فرمایا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھا تو آپ نے ایسی ہی آواز سُنی اور اسی طرح کیا تھا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یہ حدیث منکر ہے۔

باب ۷۸ الحكم في المخنثين۔

ہیجڑوں کا حکم

۱۴۹۴۔ حدثنا هارون بن عبد الله ومحمد بن العلاء ان ابا اسامة اخبرهم عن مفضل بن يونس عن الاوزاعي عن ابي يسار القرشي عن ابي هاشم عن ابي هريرة ان النبي صلى الله

ابو ہاشم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک مخنث کو پیش کیا گیا جس نے اپنے دونوں ہاتھ اور دونوں پیر مہندی سے رنگے ہوئے تھے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِمُخَنَّثٍ قَدْ خَضَبَ يَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ بِالْحِنَّاءِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَالُ هٰذَا فَقِيلَ يَا رَسُولَ اللهِ يَتَشَبَّهُ بِالنِّسَاءِ فَأَمَرَ بِهِ فَنُفِيَ إِلَى النَّقِيعِ قَالُوا يَا رَسُولَ اللهِ أَلَا نَقْتُلُهُ قَالَ إِنِّي نُهِيتُ عَنْ قَتْلِ الْمُصَلِّينَ قَالَ أَبُو أُسَامَةَ وَالنَّقِيعُ نَاحِيَةٌ عَنِ الْمَدِينَةِ وَلَيْسَ بِالْبَقِيعِ۔

نے فرمایا کہ یہ اس کا کیا حال ہے؟ عرض کی گئی کہ یارسول اللہ! یہ عورتوں سے مشابہت پیدا کرتا ہے۔ آپ نے حکم فرمایا تو اُسے نقیع کی طرف شہر بدر کر دیا گیا۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ! کیا ہم اسے قتل نہ کر دیں؟ فرمایا کہ مجھے نمازیوں کو قتل کرنے سے منع فرمایا گیا ہے۔ ابواُسامہ کا بیان ہے نقیع مدینہ منورہ کے قریب ایک بستی ہے اور یہ بقیع میں نہیں ہے۔

۱۴۹۵۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا وَكِيعٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا وَعِنْدَهَا مُخَنَّثٌ وَهُوَ يَقُولُ لِعَبْدِ اللهِ أَخِيهَا إِنْ يَفْتَحِ اللهُ الطَّائِفَ غَدًا دَلَلْتُكَ عَلَى امْرَأَةٍ تُقْبِلُ بِأَرْبَعٍ وَتُدْبِرُ بِثَمَانٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْرِجُوهُمْ مِنْ بُيُوتِكُمْ۔

زینب بنت اُمِّ سلمہ نے حضرت اُمِّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اُن کے پاس تشریف لائے جبکہ اُن کے پاس ایک مخنث تھا جو اُن کے بھائی حضرت عبداللہ سے کہہ رہا تھا... اگر کل اللہ تعالیٰ نے طائف کو فتح کروا دیا تو میں تمہیں ایک ایسی عورت دکھاؤں گا جو آتی ہے تو چار بل پڑتے ہیں اور جاتی ہے تو آٹھ۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اسے اپنے گھروں سے نکال دو۔

۱۴۹۶۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيَى عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ الْمُخَنَّثِينَ مِنَ الرِّجَالِ وَالْمُتَرَجِّلَاتِ مِنَ النِّسَاءِ قَالَ وَقَالَ أَخْرِجُوهُمْ مِنْ بُيُوتِكُمْ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہیجڑے بننے والے مردوں پر لعنت فرمائی ہے اور مرد بننے والی عورتوں پر اور فرمایا کہ انہیں اپنے گھروں سے نکال دو۔

۱۴۹۷۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيَى عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ الْمُخَنَّثِينَ مِنَ الرِّجَالِ وَالْمُتَرَجِّلَاتِ مِنَ النِّسَاءِ قَالَ وَأَخْرِجُوهُمْ مِنْ بُيُوتِكُمْ وَأَخْرِجُوا فُلَانًا وَفُلَانًا يَعْنِي الْمُخَنَّثِينَ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہیجڑے بننے والے مردوں اور مرد بننے والی عورتوں پر لعنت فرمائی ہے اور فرمایا کہ انہیں اپنے گھروں سے نکال دو اور فلاں فلاں مخنث کو بھی نکال دو۔

بَابٌ ۴۷۸ فِي اللَّعِبِ بِالْبَنَاتِ۔

گڑیوں سے کھیلنے کا بیان

۱۴۹۸۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا حَمَّادٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ میں گڑیوں سے کھیلا کرتی تھی تو کبھی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

اَلْعَبُ بِالْبَنَاتِ فَرُبَّمَا دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدِي الْجَوَارِي فَإِذَا دَخَلَ خَرَجْنَ وَإِذَا خَرَجَ دَخَلْنَ۔

میرے پاس تشریف لاتے اور میرے پاس لڑکیاں ہوتیں۔ آپ تشریف لاتے تو وہ چلی جاتیں اور تشریف لے جاتے تو آجاتیں۔

۱۴۹۹ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ نَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ أَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ قَالَ حَدَّثَنِي عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَهُ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غَزْوَةِ تَبُوكَ أَوْ خَيْبَرَ وَفِي سَهْوَتِهَا سِتْرٌ فَهَبَّتِ الرِّيحُ فَكَشَفَتْ نَاحِيَةَ السِّتْرِ عَنْ بَنَاتٍ لِعَائِشَةَ لُعَبٍ فَقَالَ مَا هٰذَا يَا عَائِشَةُ قَالَتْ بَنَاتِي وَرَأَى بَيْنَهُنَّ فَرَسًا لَهُ جَنَاحَانِ مِنْ رِقَاعٍ فَقَالَ مَا هٰذَا الَّذِي أَرَى وَسْطَهُنَّ قَالَتْ فَرَسٌ قَالَ وَمَا هٰذَا الَّذِي عَلَيْهِ قُلْتُ جَنَاحَانِ قَالَ فَرَسٌ لَهُ جَنَاحَانِ قَالَتْ أَمَا سَمِعْتَ أَنَّ لِسُلَيْمَانَ خَيْلًا لَهَا أَجْنِحَةٌ قَالَتْ فَضَحِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى رَأَيْتُ نَوَاجِذَهُ۔

محمد بن ابراہیم نے ابو سلمہ بن عبدالرحمن سے روایت کی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا :- رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غزوۂ تبوک یا خیبر سے تشریف لائے تو ان کی الماری پر پردہ پڑا ہوا تھا۔ ہوا کے جھونکے سے حضرت عائشہ کے کھیلنے کی گڑیوں کے اُوپر سے پردے کا ایک سرا ہٹ گیا۔ آپ نے فرمایا :- اے عائشہ! یہ کیا ہے؟ عرض کی کہ میری گڑیاں ہیں۔ اور آپ نے اُن کے درمیان ایک گھوڑا دیکھا جس کے کپڑے کے دو پر تھے۔ فرمایا کہ یہ ان کے درمیان میں کیا نظر آتا ہے؟ عرض کی کہ گھوڑا۔ فرمایا کہ اس کے اُوپر کیا ہے؟ میں نے عرض کی کہ دو پر۔ فرمایا کہ گھوڑے کے دو پر؟ عرض گزار ہوئیں :- کیا آپ نے سُنا نہیں کہ حضرت سلیمان کے گھوڑے پروں والے تھے؟ اُن کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہنس پڑے یہاں تک کہ میں نے دندانِ مبارک کی زیارت کر لی۔

بَابٌ ۴۷۹ فِي الْأُرْجُوحَةِ

جھولے کا بیان

۱۵۰۰ - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ أَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ جَاءَنِي نِسْوَةٌ وَأَنَا أَلْعَبُ عَلَى أُرْجُوحَةٍ وَأَنَا مُجَمَّمَةٌ فَذَهَبْنَ بِي فَهَيَّأْنَنِي وَصَنَعْنَنِي ثُمَّ أَتَيْنَ بِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَنَى بِي وَأَنَا بِنْتُ تِسْعِ سِنِينَ۔

عروہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا :- جب ہم مدینہ منورہ میں وارد ہوئے تو میرے پاس عورتیں آئیں اور میں اپنے جھولے میں کھیل رہی تھی اور میرے سر پر گھنے بال تھے۔ وہ مجھے لے گئیں اور میرا بناؤ سنگار کیا پھر مجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں لے آئیں۔ آپ نے میرے ساتھ شب باشی فرمائی اور اس وقت میری عمر نو سال تھی۔

۱۵۰۱ - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنِي أَبُو أُسَامَةَ نَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ بِإِسْنَادِهِ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ

ابو اسامہ نے ہشام بن عروہ سے اپنی اسناد کے ساتھ اس حدیث کو روایت کیا۔ حضرت عائشہ نے فرمایا کہ میں اپنی سہیلیوں

قَالَتْ وَاَنَا عَلَى اُرْجُوْحَةٍ وَمَعِي صَوَاحِبَاتِي فَاَدْخَلْتَنِي بَيْتًا فَاِذَا نِسْوَةٌ مِنَ الْاَنْصَارِ فَقُلْنَ عَلَى الْخَيْرِ وَالْبَرَكَةِ۔

کے ساتھ جھولے میں تھی۔ وہ مجھے ایک گھر میں لے گئیں جہاں کچھ انصاری عورتیں تھیں۔ اُنہوں نے کہا:۔ بھلائی اور برکت کے ساتھ۔

۱۵۰۲۔ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ نَا اَبِي نَا مُحَمَّدٌ يَعْنِي ابْنَ عَمْرٍو عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ حَاطِبٍ قَالَ قَالَتْ عَائِشَةُ قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ فَنَزَلْنَا فِي بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ قَالَتْ فَوَاللّٰهِ اِنِّي لَعَلَى اُرْجُوْحَةٍ بَيْنَ عَذْقَيْنِ فَجَاءَتْنِي اُمِّي فَاَنْزَلَتْنِي وَلِي جُمَيْمَةٌ وَسَاقَ الْحَدِيثَ۔

یحیٰی بن عبد الرحمٰن بن حاطب سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا:۔ ہم مدینہ منورہ میں آئے تو بنی حارث بن خزرج کے پاس اُترے۔ اُن کا بیان ہے کہ خدا کی قسم میں دو پھلوں والے کھجور کے درختوں کے درمیان جھولے میں تھی۔ میری امی جان میرے پاس آئیں اور مجھے اتارا جبکہ میرے سر پر گھنے بال تھے۔ آگے باقی حدیث بیان کی۔

بَابٌ ۲۸۰ فِي النَّهْيِ عَنِ اللَّعِبِ بِالنَّرْدِ

چوپڑ کھیلنے کی ممانعت

۱۵۰۳۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ مُوسَى بْنِ مَيْسَرَةَ عَنْ سَعِيدِ ابْنِ اَبِي هِنْدٍ عَنْ اَبِي مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَعِبَ بِالنَّرْدِ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَرَسُولَهُ۔

سعید بن ابو ہند نے حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جو چوپڑ کھیلے تو اس نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی۔

۱۵۰۴۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَعِبَ بِالنَّرْدَشِيرِ فَكَاَنَّمَا غَمَسَ يَدَهُ فِي لَحْمِ خِنْزِيرٍ وَدَمِهِ۔

سلیمان بن بُریدہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جو چوپڑ کھیلے وہ ایسا ہے گویا اُس نے اپنا ہاتھ خنزیر کے گوشت اور خون میں ڈال دیا۔

بَابٌ ۲۸۱ فِي اللَّعِبِ بِالْحَمَامِ

کبوتر بازی کا بیان

۱۵۰۵۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ اِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَى رَجُلًا يَتْبَعُ حَمَامَةً فَقَالَ شَيْطَانٌ يَتْبَعُ شَيْطَانَةً۔

ابو سلمہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو کبوتر کا پیچھا کرتے ہوئے دیکھا تو فرمایا:۔ شیطان کے پیچھے شیطان ہے۔

بَابٌ ۲۸۲ فِي الرَّحْمَةِ

مہربانی کا بیان

۱۵۰۶۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَاَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ الْمَعْنَى قَالَا نَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ اَبِي قَابُوسَ

ابو قابوس مولیٰ عبد اللہ بن عمرو نے حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم

مَوْلًى لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّاحِمُونَ يَرْحَمُهُمُ الرَّحْمٰنُ ارْحَمُوا أَهْلَ الْأَرْضِ يَرْحَمْكُمْ مَنْ فِي السَّمَاءِ لَمْ يَقُلْ مُسَدَّدٌ مَوْلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَقَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ رحم کرنے والوں پر رحمٰن بھی رحم فرماتا ہے۔ تم زمین والوں پر رحم کرو تم پر وہ رحم کرے گا جو آسمان میں ہے۔ مسدد نے مولیٰ عبداللہ بن عمرو نہیں کہا اور کہا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔

ف۔ اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات اور مخلوق کی ذات وصفات کے بارے میں گزشتہ پارے کے اندر رئیس المکاشفین حضرت مجدد الف ثانی (المتوفی ۱۰۳۴ھ ۱۶۲۴ء) کے لفظوں میں تصریحات پیش کر دی گئی ہیں۔ پروردگارِ عالم کا عرش پر ہونا آدمی کے کرسی یا چارپائی پر ہونے کی طرح نہیں کیونکہ وہ سبوح وقدوس جسم سے پاک ہے۔ نہ اُس پر زمانہ گزرتا ہے اور نہ وہ کسی مکان میں سماتا ہے۔ ورنہ جس مکان میں سمائے وہ بڑا اور خدا چھوٹا ہو گا حالانکہ ہم کہتے ہیں اَللّٰهُ اَكْبَرُ یعنی اللہ سب سے بڑا ہے نیز وہ محیط ہے۔ سب کو اپنے علم اور اپنی قدرت سے گھیرے ہوئے ہے لیکن اس کا احاطہ کوئی چیز نہیں کر سکتی خواہ وہ زمان، مکان ہو یا فہم وادراک۔ لہٰذا ہم ایسی آیات واحادیث کے ظاہر پر ایمان رکھتے اور حقیقی مفہوم کو خدا کے سپرد کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ واللہ اعلم بالصواب۔

۱۵۰۷ - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ قَالَ نَا ح وَنَا ابْنُ كَثِيرٍ أَنَا شُعْبَةُ قَالَ كَتَبَ إِلَيَّ مَنْصُورٌ قَالَ ابْنُ كَثِيرٍ فِي حَدِيثِهِ وَقَرَأْتُهُ عَلَيْهِ وَقُلْتُ أَقُولُ حَدَّثَنِي مَنْصُورٌ فَقَالَ إِذَا قَرَأْتَهُ عَلَيَّ فَقَدْ حَدَّثْتُكَ بِهِ ثُمَّ اتَّفَقَا عَنْ أَبِي عُثْمَانَ مَوْلَى الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّادِقَ الْمَصْدُوقَ صَاحِبَ هٰذِهِ الْحُجْرَةِ يَقُولُ لَا تُنْزَعُ الرَّحْمَةُ إِلَّا مِنْ شَقِيٍّ۔

حفص بن عمر ـــــ ابن کثیر، شعبہ نے کہا کہ منصور نے میرے لیے لکھا۔ ابن کثیر نے اپنی حدیث میں کہا کہ میں نے اُن کے سامنے پڑھی۔ اِس لیے کہتا ہوں کہ مجھ سے منصور نے حدیث بیان کی۔ اُنہوں نے فرمایا کہ جب تم نے میرے سامنے پڑھی تو مجھ سے روایت کر رہے ہو۔ پھر دونوں متفق ہو گئے کہ ابو عثمان مولیٰ مغیرہ بن شعبہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ میں نے ابو القاسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا جو سچے، تصدیق کیے گئے اور اس حجرے میں رہنے والے تھے کہ شفقت چھینی نہیں جاتی مگر بدبخت سے۔

۱۵۰۸ - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَابْنُ السَّرْحِ قَالَ نَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ عَنِ ابْنِ عَامِرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو يَرْوِيهِ قَالَ ابْنُ السَّرْحِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَمْ يَرْحَمْ صَغِيرَنَا وَيَعْرِفْ حَقَّ كَبِيرِنَا فَلَيْسَ مِنَّا۔

ابوبکر بن ابو شیبہ اور ابن السرح، سفیان، ابن ابو نجیح، ابن عامر نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے۔ ابن سرح کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو ہمارے چھوٹوں پر رحم نہ کرے اور ہمارے بڑوں کا حق نہ پہچانے وہ ہم سے نہیں ہے۔

باب ۴۸۳ فِي النَّصِيحَةِ۔ نصیحت کا بیان

۱۵۰۹۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا زُهَيْرٌ نَا سُهَيْلُ بْنُ أَبِي صَالِحٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الدِّينَ النَّصِيحَةُ إِنَّ الدِّينَ النَّصِيحَةُ إِنَّ الدِّينَ النَّصِيحَةُ قَالُوا لِمَنْ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ لِلَّهِ وَكِتَابِهِ وَرَسُولِهِ وَأَئِمَّةِ الْمُؤْمِنِينَ وَعَامَّتِهِمْ أَوْ أَئِمَّةِ الْمُسْلِمِينَ وَعَامَّتِهِمْ۔

عطاء بن یزید نے حضرت تمیم داری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ بیشک دین نصیحت ہے، بیشک دین نصیحت ہے، بیشک دین نصیحت ہے۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! کس کے لیے؟ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی، اُس کی کتاب کی، اُس کے رسول کی، اہل ایمان کے اماموں اور عوام کی یا مسلمانوں کے اماموں اور عوام کی۔

۱۵۱۰۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ نَا خَالِدٌ عَنْ يُونُسَ عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ قَالَ بَايَعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَأَنْ أَنْصَحَ لِكُلِّ مُسْلِمٍ قَالَ فَكَانَ إِذَا بَاعَ الشَّيْءَ أَوِ اشْتَرَاهُ قَالَ أَمَا إِنَّ الَّذِي أَخَذْنَا مِنْكَ أَحَبُّ إِلَيْنَا مِمَّا أَعْطَيْنَاكَ فَاخْتَرْ۔

حضرت ابو زرعہ ابن عمرو بن جریر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ارشاداتِ عالیہ سُننے اور حکم ماننے پر بیعت کی اور یہ کہ ہر مسلمان کی خیر خواہی کروں۔ اُن کا بیان ہے کہ جب وہ کوئی چیز فروخت کرتے یا خریدتے تو کہہ دیتے۔ جو چیز ہم نے آپ سے لی وہ ہمیں اُس چیز سے زیادہ پیاری ہے جو ہم نے آپ کو دی ہے، (لہٰذا آپ کو دے لینے یا نہ لینے کا) اختیار ہے۔

بَابٌ ۴۸ فِي الْمَعُونَةِ لِلْمُسْلِمِ۔

مسلمان کی مدد کرنے کا بیان

۱۵۱۱۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ وَعُثْمَانُ ابْنَا أَبِي شَيْبَةَ الْمَعْنَى قَالَا نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ قَالَ عُثْمَانُ وَجَرِيرٌ الرَّازِيُّ ح وَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى نَا أَسْبَاطٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ وَقَالَ وَاصِلٌ حُدِّثْتُ عَنْ أَبِي صَالِحٍ ثُمَّ اتَّفَقُوا عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ نَفَّسَ عَنْ مُسْلِمٍ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ الدُّنْيَا نَفَّسَ اللَّهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَمَنْ يَسَّرَ عَلَى مُعْسِرٍ يَسَّرَ اللَّهُ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَمَنْ سَتَرَ عَلَى مُسْلِمٍ سَتَرَ اللَّهُ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَاللَّهُ فِي عَوْنِ الْعَبْدِ مَا كَانَ الْعَبْدُ فِي عَوْنِ أَخِيهِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ لَمْ يَذْكُرْ عُثْمَانُ عَنْ أَبِي مُعَاوِيَةَ وَمَنْ يَسَّرَ عَلَى مُعْسِرٍ۔

ابوبکر اور عثمان پسران ابو شیبہ، ابو معاویہ، عثمان اور جریر رازی ——— واصل بن عبد الاعلیٰ، اسباط، اعمش، ابو صالح، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جس نے کسی مسلمان سے دنیاوی تکلیفوں میں سے کوئی تکلیف دُور کی تو اللہ تعالیٰ قیامت کی تکلیفوں میں سے ایک تکلیف اُس سے دُور کر دے گا۔ جو کسی غریب کو آسانی دے گا تو اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت میں اُسے آسانی میسّر کرے گا۔ جس نے کسی مسلمان کی پردہ پوشی کی تو اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں اُس کی پردہ پوشی فرمائے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے بندے کی مدد کرنے میں رہتا ہے جب تک بندہ اپنے بھائی کی مدد کرنے میں رہے ——— امام ابو داؤد نے فرمایا کہ عثمان نے ابو معاویہ سے روایت کرتے ہوئے وَمَنْ يَسَّرَ عَلَى مُعْسِرٍ کا ذکر نہیں کیا۔

۱۵۱۲۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ عَنْ رِبْعِيٍّ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ نَبِيُّكُمْ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ مَعْرُوفٍ صَدَقَةٌ۔

محمد بن کثیر، سفیان، ابو مالک اشجعی، ربعی، حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ہر نیک بات صدقہ ہے۔

باب ۴۸۵ فِي تَغْيِيرِ الْأَسْمَاءِ۔

نام بدلنے کا بیان

۱۵۱۳۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ قَالَ أَنَا ح وَنَا مُسَدَّدٌ نَا هُشَيْمٌ عَنْ دَاوُدَ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي زَكَرِيَّا عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّكُمْ تُدْعَوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِأَسْمَائِكُمْ وَأَسْمَاءِ آبَائِكُمْ فَأَحْسِنُوا أَسْمَاءَكُمْ۔

عمرو بن عون ـــــــ مسدد، ہشیم، داؤد بن عمرو، عبداللہ بن ابو زکریا، حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم قیامت میں اپنے ناموں اور اپنے باپوں کے ناموں سے پکارے جاؤ گے لہٰذا اپنے نام اچھے رکھا کرو۔

۱۵۱۴۔ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ زِيَادٍ نَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَبُّ الْأَسْمَاءِ إِلَى اللهِ عَزَّ وَجَلَّ عَبْدُ اللهِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ۔

نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ عزوجل کو تمام ناموں میں سے عبداللہ اور عبدالرحمٰن سب سے زیادہ پسند ہیں۔

۱۵۱۵۔ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللهِ نَا هِشَامُ ابْنُ سَعِيدٍ الطَّالَقَانِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُهَاجِرِ الْأَنْصَارِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي عَقِيلُ بْنُ شَبِيبٍ عَنْ أَبِي وَهْبٍ الْجُشَمِيِّ وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسَمَّوْا بِأَسْمَاءِ الْأَنْبِيَاءِ وَأَحَبُّ الْأَسْمَاءِ إِلَى اللهِ عَبْدُ اللهِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَأَصْدَقُهَا حَارِثٌ وَهَمَّامٌ وَأَقْبَحُهَا حَرْبٌ وَمُرَّةُ۔

عقیل بن شبیب نے حضرت ابو وہب جشمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ انبیائے کرام کے ناموں پر نام رکھا کرو اور اللہ تعالیٰ کو تمام ناموں سے عبداللہ اور عبدالرحمٰن زیادہ پسند ہیں۔ سب ناموں سے سچے حارث اور ہمام ہیں جب کہ سب سے بُرے نام حرب اور مرہ ہیں۔

۱۵۱۶۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ ذَهَبْتُ بِعَبْدِ اللهِ ابْنِ أَبِي طَلْحَةَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ وُلِدَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي عَبَاءَةٍ يَهْنَأُ بَعِيرًا لَهُ قَالَ هَلْ مَعَكَ تَمْرٌ قُلْتُ نَعَمْ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں عبداللہ بن ابو طلحہ کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں لے گیا جبکہ اس کی پیدائش ہوئی اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عبا پہنے ہوئے اپنے اونٹ کو دوائی لگا رہے تھے۔ فرمایا کیا تمہارے پاس کھجوریں ہیں؟ میں عرض گزار ہوا کہ ہاں۔ چنانچہ آپ نے

قَالَ فَنَاوَلْتُهُ تَمَرَاتٍ فَأَلْقَاهُنَّ فِي فِيهِ فَلَاكَهُنَّ ثُمَّ فَغَرَ فَاهُ فَأَوْجَرَهُنَّ إِيَّاهُ فَجَعَلَ الصَّبِيُّ يَتَلَمَّظُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُبُّ الْأَنْصَارِ التَّمْرُ وَسَمَّاهُ عَبْدَ اللّٰهِ۔

کھجوریں لے کر اُنہیں اپنے منہ میں ڈالا اور چبایا۔ پھر اُس کا منہ کھولا اور وہ اُس کے منہ میں اُلٹ دیں۔ چنانچہ بچہ انہیں چوسنے لگا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کھجوریں تو انصار کی جان ہیں اور اُس کا نام عبداللہ رکھ دیا۔

بَاب ۴۸۶ فِي تَغْيِيرِ الْاِسْمِ الْقَبِيحِ۔

بُرے نام کو بدلنے کا بیان

۱۵۱۷۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَمُسَدَّدٌ قَالَا نَا يَحْيَى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيَّرَ اسْمَ عَاصِيَةَ وَقَالَ أَنْتِ جَمِيلَةُ۔

نافع نے حضرت ابنِ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عاصیہ نام کو بدل دیا اور فرمایا کہ تم تو جمیلہ ہو۔

۱۵۱۸۔ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ أَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ حَبِيبٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ أَنَّ زَيْنَبَ بِنْتَ أَبِي سَلَمَةَ سَأَلَتْهُ مَا سَمَّيْتَ ابْنَتَكَ قَالَ سَمَّيْتُهَا بَرَّةَ فَقَالَتْ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ هٰذَا الْاِسْمِ سُمِّيتُ بَرَّةَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُزَكُّوا أَنْفُسَكُمُ اللّٰهُ أَعْلَمُ بِأَهْلِ الْبِرِّ مِنْكُمْ فَقَالَ مَا نُسَمِّيهَا قَالَ سَمُّوهَا زَيْنَبَ۔

محمد بن عمرو بن عطاء سے حضرت زینب بنت ابو سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے پوچھا کہ تم نے اپنی بیٹی کا کیا نام رکھا ہے؟ کہا کہ میں نے اُس کا نام برّہ رکھا ہے۔ فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس نام سے منع فرمایا ہے۔ میرا نام بھی برّہ رکھا گیا تھا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنی جانوں کو پاک قرار مت دو کیونکہ اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے کہ تم میں سے نیک کون ہیں۔ عرض کی، پھر ہم اس کا کیا نام رکھیں؟ فرمایا کہ اس کا نام زینب رکھ دو۔

۱۵۱۹۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا بِشْرٌ حَدَّثَنِي بَشِيرُ بْنُ مَيْمُونٍ عَنْ عَمِّهِ أُسَامَةَ بْنِ أَخْدَرِيٍّ أَنَّ رَجُلًا يُقَالُ لَهُ أَصْرَمُ كَانَ فِي النَّفَرِ الَّذِينَ أَتَوْا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اسْمُكَ قَالَ أَنَا أَصْرَمُ قَالَ بَلْ أَنْتَ زُرْعَةُ۔

حضرت اُسامہ بن اخدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ ایک آدمی جس کو اصرم کہا جاتا تھا، اُن لوگوں میں سے تھا جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا کہ تمہارا نام کیا ہے؟ عرض کی کہ میں اصرم ہوں۔ فرمایا بلکہ تم زرعہ ہو۔

۱۵۲۰۔ حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ عَنْ يَزِيدَ يَعْنِي ابْنَ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ شُرَيْحٍ عَنْ أَبِيهِ هَانِئٍ أَنَّهُ لَمَّا وَفَدَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ قَوْمِهِ سَمِعَهُمْ يَكْنُونَهُ بِأَبِي الْحَكَمِ فَدَعَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

شُریح نے اپنے والدِ ماجد حضرت ہانی رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ جب وہ اپنی قوم کے وفد کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو آپ نے اُن لوگوں سے ان کی کُنیت ابوالحکم سُنی۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں بلا کر فرمایا کہ بیشک

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَكَمُ وَإِلَيْهِ الْحُكْمُ فَلِمَ تُكْنَى أَبَا الْحَكَمِ فَقَالَ إِنَّ قَوْمِي إِذَا اخْتَلَفُوا فِي شَيْءٍ أَتَوْنِي فَحَكَمْتُ بَيْنَهُمْ فَرَضِيَ كِلَا الْفَرِيقَيْنِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَحْسَنَ هٰذَا فَمَا لَكَ مِنَ الْوَلَدِ قَالَ لِي شُرَيْحٌ وَمُسْلِمٌ وَعَبْدُ اللّٰهِ قَالَ فَمَنْ أَكْبَرُهُمْ قَالَ قُلْتُ شُرَيْحٌ قَالَ فَأَنْتَ أَبُو شُرَيْحٍ۔

اللہ تعالیٰ ہی حکم ہے اور حکم اسی کا ہے لہٰذا تمہاری کنیت ابوالحکم کس وجہ سے ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ میری قوم میں جب کسی بات پر اختلاف ہوتا ہے تو میرے پاس آتے ہیں۔ میں اُن کے درمیان فیصلہ کرتا ہوں تو دونوں فریق راضی ہو جاتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ تو بہت اچھی بات ہے، تمہارے کتنے بیٹے ہیں؟ عرض گزار ہوئے کہ شُریح، مُسلم اور عبداللہ ہیں فرمایا کہ ان میں سب سے بڑا کون ہے؟ میں عرض گزار ہوا کہ شُریح۔ فرمایا تم ابو شُریح ہو۔

۱۵۲۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ مَا اسْمُكَ قَالَ حَزْنٌ قَالَ أَنْتَ سَهْلٌ قَالَ لَا السَّهْلُ يُوطَأُ وَيُمْتَهَنُ قَالَ سَعِيدٌ فَظَنَنْتُ أَنَّهُ سَيُصِيبُنَا بَعْدَهُ حُزُونَةٌ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَغَيَّرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْمَ الْعَاصِ وَعَزِيزٍ وَعَتَلَةَ وَشَيْطَانٍ وَالْحَكَمِ وَغُرَابٍ وَحُبَابٍ وَشِهَابٍ فَسَمَّاهُ هِشَامًا وَسَمَّى حَرْبًا سَلْمًا وَسَمَّى الْمُضْطَجِعَ الْمُنْبَعِثَ وَأَرْضًا تُسَمَّى عَفِرَةً سَمَّاهَا خَضِرَةً وَشِعْبَ الضَّلَالَةِ سَمَّاهُ شِعْبَ الْهُدٰى وَبَنُو الزِّنْيَةِ سَمَّاهُمْ بَنُو الرِّشْدَةِ وَسَمَّى بَنِي مُغْوِيَةَ بَنِي رِشْدَةَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ تَرَكْتُ أَسَانِيدَهَا لِلْاِخْتِصَارِ۔

سعید بن مسیّب کے والدِ محترم نے اُن کے جدِّ امجد سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا:۔ تمہارا نام کیا ہے؟ عرض کی، حزن۔ فرمایا کہ تم سہل ہو۔ عرض کی کہ سہل کو تو لوگ روندتے اور ذلیل کرتے ہیں۔ سعید بن مسیّب کا بیان ہے، میں سمجھ گیا کہ اس کے بعد ہمیں عنقریب رنج و غم پہنچنے والا ہے ——— امام ابوداؤد نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عاص، عزیز، عتلہ، شیطان، حکم، غُراب اور حُباب وغیرہ نام بدل دئے۔ چنانچہ شہاب کا نام ہشام رکھا، حرب کا نام سلم رکھا اور مضطجع کا منبعث۔ جس زمین کو عفرہ کہا جاتا تھا اس کا خضرہ نام رکھا اور شعب الضلالہ کا نام شعب الہدیٰ رکھا اور بنوالزنیۃ کا نام بنو رُشدہ رکھا اور بنی مُغویہ کو بنی رشدہ کا نام دیا ——— امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اختصار کے باعث میں نے اِن ناموں کی سندوں کو چھوڑ دیا ہے۔

۱۵۲۲۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ نَا أَبُو عَقِيلٍ نَا مُجَالِدُ بْنُ سَعِيدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ لَقِيتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَقَالَ مَنْ أَنْتَ قُلْتُ مَسْرُوقُ بْنُ الْأَجْدَعِ فَقَالَ عُمَرُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الْأَجْدَعُ شَيْطَانٌ۔

ابوبکر بن ابو شیبہ، ہاشم بن قاسم، ابو عُقیل، مجالد بن سعید، شعبی، مسروق کا بیان ہے کہ میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے فرمایا:۔ تم کون ہو؟ میں عرض گزار ہوا کہ مسروق بن اجدع ہوں۔ حضرت عمر نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ اجدع تو شیطان ہے۔

۱۵۲۳۔ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا زُهَيْرٌ نَا مَنْصُورُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ عَنْ رَبِيعِ بْنِ

ربیع بن عمیلہ نے حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

عُمَيْلَةَ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُسَمِّيَنَّ غُلَامَكَ رَبَاحًا وَلَا يَسَارًا وَلَا نَجِيحًا وَلَا أَفْلَحَ فَإِنَّكَ تَقُولُ أَثَمَّ هُوَ فَيَقُولُ لَا إِنَّمَا هُنَّ أَرْبَعٌ فَلَا تَزِيدُنَّ عَلَيَّ۔

اپنے لڑکے کا نام رباح، یسار، نجیح اور افلح نہ رکھا کرو کیونکہ ایک کہے گا:۔ کیا وہ یہاں ہے؟ دوسرا کہے گا، نہیں۔ لہٰذا یہ چار ہی نام ہیں۔ ان سے زیادہ کا مجھ پر الزام نہ رکھو۔

۱۵۲۴۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا الْمُعْتَمِرُ قَالَ سَمِعْتُ الرُّكَيْنَ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ عَنْ سَمُرَةَ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نُسَمِّيَ رَقِيقَنَا أَرْبَعَةَ أَسْمَاءٍ أَفْلَحَ وَيَسَارًا وَنَافِعًا وَرَبَاحًا۔

رکین نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ منع فرمایا ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کہ ہم اپنے غلاموں کے چار نام رکھیں، یعنی افلح، یسار نافع اور رباح۔

۱۵۲۵۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنْ عِشْتُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالَى أَنْهَى أُمَّتِي أَنْ يُسَمُّوا نَافِعًا وَأَفْلَحَ وَبَرَكَةَ قَالَ الْأَعْمَشُ وَلَا أَدْرِي أَذَكَرَ نَافِعًا أَمْ لَا فَإِنَّ الرَّجُلَ يَقُولُ أَثَمَّ بَرَكَةُ فَيَقُولُونَ لَا قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَى أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ لَمْ يَذْكُرْ بَرَكَةَ۔

ابوسفیان نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اگر میں بحیات رہا تو ان شاء اللہ تعالیٰ اپنی امت کو نافع، افلح اور برکت نام رکھنے سے منع کر دوں گا۔ اعمش کا بیان ہے کہ مجھے یہ معلوم نہیں کہ ابوسفیان نے نافع کا ذکر بھی کیا تھا یا نہیں۔ کیونکہ ایک آدمی جب کہے کہ کیا یہاں برکت ہے؟ تو لوگ کہتے ہیں کہ نہیں ہے ......
امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کی ابوالزبیر نے حضرت جابر سے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسی طرح فرمایا لیکن برکت کا ذکر نہیں کیا۔

۱۵۲۶۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْنَعُ اسْمٍ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ رَجُلٌ يُسَمَّى بِمَلِكِ الْأَمْلَاكِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ شُعَيْبُ بْنُ أَبِي حَمْزَةَ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ بِإِسْنَادِهِ قَالَ أَخْنَا اسْمٍ۔

اعرج سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے یہ بات پہنچی کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک قیامت کے روز اس شخص کا نام سب سے بُرا ہوگا جس کا نام شہنشاہ رکھا گیا ہوگا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے شعیب بن ابو حمزہ نے ابوالزناد سے اپنی اسناد کے ساتھ اور اخنا نام کہا ہے۔

بَابٌ ۴۸۷ فِي الْأَلْقَابِ۔

القاب کا بیان

۱۵۲۷۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا وُهَيْبٌ عَنْ دَاوُدَ عَنْ عَامِرٍ قَالَ حَدَّثَنِي

حضرت ابو جبیرہ بن ضحاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ یہ آیت ... آپس میں ایک دوسرے کو بُرے ناموں سے نہ

أَبُو جُبَيْرَةَ بْنُ الضَّحَّاكِ قَالَ فِينَا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ فِي بَنِي سَلِمَةَ وَلَا تَنَابَزُوا بِالْأَلْقَابِ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوقُ بَعْدَ الْإِيمَانِ قَالَ قَدِمَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَيْسَ مِنَّا رَجُلٌ إِلَّا وَلَهُ اسْمَانِ أَوْ ثَلَاثَةٌ فَجَعَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يَا فُلَانُ فَيَقُولُونَ مَهْ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّهُ يَغْضَبُ مِنْ هَذَا الِاسْمِ فَأُنْزِلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ وَلَا تَنَابَزُوا بِالْأَلْقَابِ۔

پکارو، ایمان کے بعد بُرے ناموں سے پکارنا بُرا ہے" (۴۹ : ۱۱) یہ آیت ہم بنی سلمہ کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ ہوا یوں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے تو ہم میں سے کوئی آدمی ایسا نہ تھا۔ جس کے دو یا تین نام نہ ہوں۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کسی سے کہتے: اے فلاں! لوگ عرض کرتے کہ یا رسول اللہ! اس نام سے تو وہ ناراض ہوتا ہے۔ پس یہ آیت نازل ہوئی کہ آپس میں ایک دوسرے کو بُرے ناموں سے نہ پکارو۔

ف۔ بعض لوگوں کے ایسے نام ڈال دئے جاتے ہیں جنہیں وہ پسند نہیں کرتے بلکہ چڑتے اور بُرا مناتے ہیں۔ ایسے نام سے کسی مسلمان کو پکارنا اچھا نہیں ہے۔ قرآنِ مجید میں اس کی صاف ممانعت وارد ہوئی ہے۔ ہاں خدا کے دشمنوں کو بُرے القاب سے یاد کیا جا سکتا ہے جیسے ابوجہل کو ظہورِ اسلام سے پہلے اس کی دانائی کے پیشِ نظر ابوالحکم کے لقب سے یاد کیا جاتا تھا کہ بہت ہی عقلمند ہونے کے باعث لوگ سمجھتے تھے کہ کیوں نہ اسے دانائی کا باپ کہا جائے۔ جب اسلام کا دَور آیا اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے دعوتِ اسلام دی تو اس نے انکار کیا بلکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مخالفت اور شمعِ ہدایت کو اپنی ناپاک پھونکوں سے بجھانے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کیا تو نبی آخر الزمان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے ابوجہل کا لقب دیا کہ یہ دانائی کا باپ نہیں بلکہ مجسمۂ جہالت ہونے کے باعث جہالت کا باپ ہے حالانکہ اُس کا نام عمرو بن ہشام تھا۔ دشمنانِ رسول اور منکرینِ شانِ رسالت کو اُن کے شایانِ شان القاب سے یاد کرنے میں بھی کوئی مضائقہ نہیں۔ اسی لیے ایک مردِ حق آگاہ نے کہا ہے ؎

دشمنِ احمد پہ شدّت کیجئے ملحدوں سے کیا مروّت کیجئے

باب ۴۸۷ فِي مَنْ يَتَكَنَّى بِأَبِي عِيسَى۔

جو اپنی کنیت ابوعیسیٰ رکھے

۱۵۲۸۔ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ زَيْدِ بْنِ أَبِي الزَّرْقَاءِ نَا أَبِي نَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ ضَرَبَ ابْنًا لَهُ يُكَنَّى أَبَا عِيسَى وَأَنَّ الْمُغِيرَةَ بْنَ شُعْبَةَ يُكَنَّى بِأَبِي عِيسَى فَقَالَ لَهُ عُمَرُ أَمَا يَكْفِيكَ أَنْ تُكَنَّى بِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَنَّانِي فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَمَا تَأَخَّرَ وَإِنَّا فِي جَلْجَتِنَا

زید بن اسلم نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے ایک صاحبزادے کو ابوعیسیٰ کنیت رکھنے پر پیٹا اور حضرت مغیرہ بن شعبہ نے اپنی کنیت ابوعیسیٰ رکھی ہوئی تھی تو حضرت عمر نے اُن سے کہا: کیا آپ کے لیے ابوعبداللہ کنیت رکھ لینا کافی نہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ میری یہ کنیت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے رکھی تھی۔ حضرت عمر نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے تو اگلی پچھلی لغزشیں معاف فرما دی گئیں تھیں اور ہم جنجال میں پھنسے ہوئے ہیں۔ پس وہ وفات تک ابوعبداللہ کنیت ہی سے پکارے گئے۔

باب ۴۸۹ فِي الرَّجُلِ يَقُولُ لِابْنِ غَيْرِهِ يَا بُنَيَّ.

۱۵۲۹۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ قَالَ أَنَا ح وَنَا مُسَدَّدٌ وَابْنُ مَحْبُوبٍ قَالَ نَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ وَسَمَّاهُ ابْنُ مَحْبُوبٍ الْجَعْدَ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ يَا بُنَيَّ.

جو دوسرے کے بیٹے کو بیٹا کہے

عمرو بن عون ــــ مسدد، ابن محبوب، ابوعوانہ، ابوعثمان جعد سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا: اے میرے بیٹے!

باب ۴۹۰ فِي الرَّجُلِ يَتَكَنَّى بِأَبِي الْقَاسِمِ.

۱۵۳۰۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَا نَا سُفْيَانُ عَنْ أَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ سِيرِينَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسَمَّوْا بِاسْمِي وَلَا تَكْتَنُوا بِكُنْيَتِي قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ أَبُو صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ وَكَذٰلِكَ رِوَايَةُ أَبِي سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ وَسَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ عَنْ جَابِرٍ وَسُلَيْمَانَ الْيَشْكُرِيِّ عَنْ جَابِرٍ وَابْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ نَحْوَهُمْ وَأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ.

جو ابوالقاسم کنیت رکھے

محمد بن سیرین نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے نام پر نام رکھ لیا کرو لیکن میری کنیت پر کنیت نہ رکھا کرو۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اسی طرح روایت کیا ہے اسے ابوصالح نے حضرت ابوہریرہ سے اور اسی طرح روایت کی ہے ابوسفیان نے حضرت جابر سے اور سالم بن ابوالجعد نے روایت کی ہے حضرت جابر سے اور سلیمان یشکری نے حضرت جابر سے اور ابن المنکدر نے حضرت جابر سے اسی طرح اور حضرت انس بن مالک سے۔

باب ۴۹۱ فِي مَنْ رَأَى أَنْ لَا يُجْمَعَ بَيْنَهُمَا.

۱۵۳۱۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا هِشَامٌ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ تَسَمَّى بِاسْمِي فَلَا يَتَكَنَّى بِكُنْيَتِي وَمَنِ اكْتَنَى بِكُنْيَتِي فَلَا يَتَسَمَّى بِاسْمِي قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَى بِهٰذَا الْمَعْنَى ابْنُ عَجْلَانَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ وَرُوِيَ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ مُخْتَلِفًا عَلَى الرِّوَايَتَيْنِ وَكَذٰلِكَ رِوَايَةُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي عَمْرَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ اخْتُلِفَ فِيهِ رَوَاهُ الثَّوْرِيُّ وَابْنُ جُرَيْجٍ عَلَى مَا قَالَ أَبُو الزُّبَيْرِ وَرَوَاهُ مَعْقِلُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ عَلَى مَا قَالَ ابْنُ سِيرِينَ وَاخْتُلِفَ فِيهِ عَلَى

جس کے نزدیک اِن دونوں کو جمع نہ کیا جائے

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو میرے نام پر نام رکھے وہ میری کنیت پر کنیت نہ رکھے اور جو میری کنیت پر کنیت رکھے وہ میرے نام پر نام نہ رکھے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا اسی مفہوم میں اسے ابن عجلان، ان کے والد ماجد نے حضرت ابوہریرہ سے اور روایت کیا اسے ابوزرعہ نے حضرت ابوہریرہ سے دونوں روایتوں سے کچھ مختلف اور اسی طرح روایت کیا عبدالرحمان بن ابوعمرہ نے حضرت ابوہریرہ سے جس میں اختلاف کیا گیا ہے اور روایت کیا اسے ثوری اور ابن جریج نے ابوالزبیر کی طرح اور روایت کیا اسے معقل بن عبیداللہ نے جیسے ابن سیرین نے کہا اور اس میں اختلاف کیا گیا ہے۔ موسیٰ بن یسار پر حضرت

مُوسَى بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَيْضًا عَلَى الْقَوْلَيْنِ اخْتَلَفَ فِيهِ حَمَّادُ بْنُ خَالِدٍ وَابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ۔

ابوہریرہ سے روایت کرنے پر۔ اس میں دو باتوں پر حماد بن خالد اور ابن ابی فدیک نے اختلاف کیا ہے۔

باب ۴۹۲ الرُّخْصَةِ فِي الْجَمْعِ بَيْنَهُمَا۔

ان دونوں کو جمع کرنے کی اجازت

۱۵۳۲- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ وَأَبُو بَكْرٍ ابْنَا أَبِي شَيْبَةَ قَالَا نَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ فِطْرٍ عَنْ مُنْذِرٍ عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ الْحَنَفِيَّةِ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ قُلْتُ إِنْ وُلِدَ لِي مِنْ بَعْدِكَ وَلَدٌ أُسَمِّيهِ بِاسْمِكَ وَأُكَنِّيهِ بِكُنْيَتِكَ قَالَ نَعَمْ وَلَمْ يَقُلْ أَبُو بَكْرٍ قُلْتُ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

محمد بن حنفیہ سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں عرض گزار ہوں کہ یارسول اللہ! اگر آپ کے بعد میرے گھر کوئی لڑکا پیدا ہو تو میں اُس کا نام آپ کے نام پر اور اس کی کنیت آپ کی کنیت پر رکھ لوں؟ فرمایا، ہاں۔ ابوبکر بن شیبہ نے لفظ قلتُ نہیں کہا بلکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حضرت علی عرض گزار ہوئے۔

۱۵۳۳- حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ الْحَجَبِيُّ عَنْ جَدَّتِهِ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي قَدْ وَلَدْتُ غُلَامًا فَسَمَّيْتُهُ مُحَمَّدًا وَكَنَّيْتُهُ أَبَا الْقَاسِمِ فَذُكِرَ لِي أَنَّكَ تَكْرَهُ ذَلِكَ فَقَالَ مَا الَّذِي أَحَلَّ اسْمِي وَحَرَّمَ كُنْيَتِي أَوْ مَا الَّذِي حَرَّمَ كُنْيَتِي وَأَحَلَّ اسْمِي۔

صفیہ بنت شیبہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: ایک عورت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئی کہ یارسول اللہ! میرے گھر لڑکا پیدا ہوا ہے جس کا نام میں نے محمد رکھا ہے اور اس کی کنیت ابوالقاسم رکھی ہے۔ چنانچہ مجھے بتایا گیا کہ آپ اسے ناپسند فرماتے ہیں۔ فرمایا کہ کس چیز نے میرے نام کو حلال کیا اور میری کنیت کو حرام کیا یا کس چیز نے میری کنیت کو حرام کیا اور میرے نام کو حلال کیا۔

باب ۴۹۳ فِي الرَّجُلِ يَتَكَنَّى وَلَيْسَ لَهُ وَلَدٌ۔

جو کنیت رکھے اور اس کا بیٹا کوئی نہ ہو

۱۵۳۴- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا حَمَّادٌ نَا ثَابِتٌ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُ عَلَيْنَا وَلِي أَخٌ صَغِيرٌ يُكَنَّى أَبَا عُمَيْرٍ وَكَانَ لَهُ نُغَرٌ يَلْعَبُ بِهِ فَمَاتَ فَدَخَلَ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ فَرَآهُ حَزِينًا فَقَالَ مَا شَأْنُهُ فَقَالُوا مَاتَ نُغَرُهُ فَقَالَ أَبَا عُمَيْرٍ مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لایا کرتے تھے۔ میرا ایک چھوٹا بھائی تھا جس کی کنیت ابوعمیر تھی اُس نے ایک چڑیا پال رکھی تھی جس سے کھیلا کرتا تھا۔ وہ مر گئی اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس روز اس کے پاس تشریف لائے اور اُسے غمگین دیکھ کر وجہ پوچھی۔ عرض کی گئی کہ اس کی چڑیا مر گئی ہے۔ فرمایا کہ اے ابوعمیر! نغیر کے ساتھ کیا کیا؟

باب ۴۹۴ فِي الْمَرْأَةِ تُكْنَى۔

۱۵۳۵۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَسُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ الْمَعْنَى قَالَ نَا حَمَّادٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ يَا رَسُولَ اللهِ كُلُّ صَوَاحِبِي لَهُنَّ كُنًى قَالَ فَاكْتَنِي بِابْنِكِ عَبْدِ اللهِ قَالَ مُسَدَّدٌ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَتْ فَكَانَتْ تُكْنَى بِأُمِّ عَبْدِ اللهِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَهَكَذَا رَوَاهُ قُرَّانُ بْنُ تَمَّامٍ وَمَعْمَرٌ جَمِيعًا عَنْ هِشَامٍ نَحْوَهُ وَرَوَاهُ أَبُو أُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ عَبَّادِ بْنِ حَمْزَةَ وَكَذَلِكَ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ وَمَسْلَمَةُ ابْنُ قَعْنَبٍ عَنْ هِشَامٍ كَمَا قَالَ أَبُو أُسَامَةَ۔

عورت کا کنیت رکھنا

ہشام بن عروہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا عرض گزار ہوئیں۔ یا رسول اللہ! میری ہر ایک سہیلی کی کنیت ہے۔ فرمایا کہ تم اپنے بیٹے عبد اللہ کے ساتھ کنیت رکھ لو۔ مسدد نے کہا کہ عبد اللہ بن زبیر پر۔ حضرت صدیقہ کا بیان ہے کہ ان کی کنیت ام عبد اللہ رکھ دی گئی۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اسی طرح روایت کیا ہے۔ اسے قرآن بن تمام اور معمر نے ہشام سے اور اسی طرح روایت کیا ہے اسے ابواسامہ، ہشام نے عباد بن حمزہ سے اور اسی طرح حماد بن سلمہ اور مسلمہ بن قعنب نے ہشام سے جیسا کہ ابواسامہ نے کہا ہے۔

باب ۴۹۵ فِي الْمَعَارِيضِ۔

۱۵۳۶۔ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ الْحَضْرَمِيُّ نَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ عَنْ ضُبَارَةَ بْنِ مَالِكٍ الْحَضْرَمِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ أَسِيدٍ الْحَضْرَمِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ كَبُرَتْ خِيَانَةً أَنْ تُحَدِّثَ أَخَاكَ حَدِيثًا هُوَ لَكَ بِهِ مُصَدِّقٌ وَأَنْتَ لَهُ بِهِ كَاذِبٌ۔

پہلو دار بات کرنے کا بیان

حیوۃ بن شریح حضرمی، بقیہ بن ولید، ضبارہ بن مالک حضرمی، اُن کے والد ماجد، عبد الرحمان بن جبیر بن نفیر، اُن کے والد ماجد حضرت سفیان بن اُسید حضرمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا۔ بہت بڑی خیانت ہے کہ تم اپنے بھائی سے ایسی بات کہو جس کو وہ سچی جانے اور تم اس میں جھوٹے ہو۔

باب ۴۹۶ فِي الرَّجُلِ يَقُولُ زَعَمُوا۔

۱۵۳۷۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا وَكِيعٌ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ عَنْ يَحْيَى عَنْ أَبِي قِلَابَةَ قَالَ قَالَ أَبُو مَسْعُودٍ لِأَبِي عَبْدِ اللهِ أَوْ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ لِأَبِي مَسْعُودٍ مَا سَمِعْتَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي زَعَمُوا قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ بِئْسَ مَطِيَّةُ الرَّجُلِ زَعَمُوا قَالَ أَبُو دَاوُدَ أَبُو عَبْدِ اللهِ هُوَ حُذَيْفَةُ۔

جو زَعَمُوا کہے

ابو قلابہ کا بیان ہے کہ حضرت ابومسعود نے حضرت ابو عبد اللہ سے یا حضرت ابو عبد اللہ نے حضرت ابومسعود سے کہا کہ آپ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو لفظ زَعَمُوا کے متعلق کیا فرماتے ہوئے سُنا ہے؟ کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ زَعَمُوا آدمی کا بُرا تکیہ کلام ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ ابو عبد اللہ سے مراد حضرت حذیفہ ہیں۔ (رضی اللہ تعالیٰ عنہما)

باب ۴۹۷ فِي الرَّجُلِ يَقُولُ فِي خُطْبَتِهِ أَمَّا بَعْدُ۔

جو اپنے خطبے میں أمّا بعدُ کہے

۱۵۳۸۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنْ أَبِي حَيَّانَ عَنْ يَزِيدَ ابْنِ حَيَّانَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَهُمْ فَقَالَ أَمَّا بَعْدُ۔

یزید بن حیان نے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں خطبہ دیا تو فرمایا۔ اَمَّا بَعْدُ۔

باب ۴۹۸ فِي الْكَرْمِ وَحِفْظِ الْمَنْطِقِ۔

کرم کہنے اور زبان کی حفاظت کرنے کا بیان

۱۵۳۹۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ نَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَقُولَنَّ أَحَدُكُمُ الْكَرْمَ فَإِنَّ الْكَرْمَ الرَّجُلُ الْمُسْلِمُ وَلَكِنْ قُولُوا حَدَائِقُ الْأَعْنَابِ۔

اعرج نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم میں سے کوئی (انگوروں کو) کرم نہ کہے کیونکہ کرم تو مسلمان مرد ہے بلکہ یوں کہا کرو کہ انگوروں کے باغات۔

باب ۴۹۹ لَا يَقُولُ الْمَمْلُوكُ رَبِّي وَرَبَّتِي۔

مملوک اپنے آقا کو ربّی اور ربّتی نہ کہے

۱۵۴۰۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ وَحَبِيبِ بْنِ الشَّهِيدِ وَهِشَامٍ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَقُولَنَّ أَحَدُكُمْ عَبْدِي وَأَمَتِي وَلَا يَقُولَنَّ الْمَمْلُوكُ رَبِّي وَرَبَّتِي وَلْيَقُلِ الْمَالِكُ فَتَايَ وَفَتَاتِي وَلْيَقُلِ الْمَمْلُوكُ سَيِّدِي وَسَيِّدَتِي فَإِنَّكُمُ الْمَمْلُوكُونَ وَالرَّبُّ اللَّهُ تَعَالَى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم میں سے کوئی اپنے غلام لونڈی کو عَبْدِی اور اُمَتِی نہ کہے اور نہ غلام لونڈی رَبّی اور رَبَّتِی کہیں بلکہ مالک تو اسے لڑکے اور اسے لڑکی کہے اور غلام لونڈی سیّدی اور سیّدتی کہیں کیونکہ تم سب مملوک ہو اور رب صرف اللہ تعالیٰ ہے۔

۱۵۴۱۔ حَدَّثَنَا ابْنُ السَّرْحِ أَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ أَنَّ أَبَا يُونُسَ حَدَّثَهُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ فِي هَذَا الْخَبَرِ وَلَمْ يَذْكُرِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَلْيَقُلْ

ابو یونس نے اس حدیث کو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے اور اَلنَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ کا ذکر نہیں کیا بلکہ یوں ہے کہ سَیِّدِی و مَوْلَایَ کہے۔

سَیِّدِی وَمَوْلَایَ۔

۱۵۴۲۔ حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَیْسَرَۃَ نَا مُعَاذُ بْنُ ھِشَامٍ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ عَنْ قَتَادَۃَ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ بُرَیْدَۃَ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْلُوْا لِلْمُنَافِقِ سَیِّدٌ فَاِنَّہٗ اِنْ یَکُ سَیِّدًا فَقَدْ اَسْخَطْتُمْ رَبَّکُمْ عَزَّوَجَلَّ۔

عبداللہ بن بریدہ نے اپنے والد ماجد حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، منافق کو سید مت کہو کیونکہ اگر تمہارے نزدیک وہ سید ہے تو تم نے اپنے رب عزوجل کو ناراض کیا۔

بَابٌ ۵۰۰ لَا یُقَالُ خَبُثَتْ نَفْسِیْ۔

میرا نفس بگڑ گیا، نہیں کہنا چاہیئے

۱۵۴۳۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا ابْنُ وَھْبٍ اَخْبَرَنِیْ یُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِھَابٍ عَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ بْنِ سَھْلِ بْنِ حُنَیْفٍ عَنْ اَبِیْہِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَقُوْلَنَّ اَحَدُکُمْ خَبُثَتْ نَفْسِیْ وَلْیَقُلْ لَقِسَتْ نَفْسِیْ۔

ابو امامہ بن سہل بن حنیف نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، تم میں سے کوئی یہ نہ کہے کہ میرا نفس خبیث ہوگیا بلکہ یہ کہے کہ میرا دل سخت ہوگیا۔

۱۵۴۴۔ حَدَّثَنَا مُوْسَی بْنُ اِسْمٰعِیْلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ ھِشَامِ بْنِ عُرْوَۃَ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ عَائِشَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَقُوْلَنَّ اَحَدُکُمْ جَاشَتْ نَفْسِیْ۔

ہشام بن عروہ کے والد ماجد نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، تم میں سے کوئی یہ نہ کہے کہ میرا نفس جوش کھاتا ہے۔

بَابٌ ۵۰۱ مِنْہُ۔

اُسی سلسلے میں

۱۵۴۵۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِیْدِ الطَّیَالِسِیُّ نَا شُعْبَۃُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ یَسَارٍ عَنْ حُذَیْفَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُوْلُوْا مَا شَاءَ اللّٰہُ وَشَاءَ فُلَانٌ وَلٰکِنْ قُوْلُوْا مَا شَاءَ اللّٰہُ ثُمَّ شَاءَ فُلَانٌ۔

عبداللہ بن یسار نے حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، یہ نہ کہو کہ جو اللہ چاہے اور فلاں چاہے بلکہ یوں کہو کہ جو اللہ چاہے پھر فلاں چاہے۔

ف۔ اس حدیث میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مسلمانوں کو بارگاہِ خداوندی کا ادب سکھایا ہے کہ مَا شَاءَ اللّٰہُ وَشَاءَ فُلَانٌ نہ کہا کرو بلکہ مَا شَاءَ اللّٰہُ ثُمَّ شَاءَ فُلَانٌ کہا کرو یعنی واؤ عطف کے ساتھ خالق و مخلوق کی مرضی کو ملا نہ دیا کرو بلکہ ثُمَّ کے ساتھ مرضیٔ الٰہی کو مقدم کر دیا کرو۔ یہ نہیں کہ دوسروں کی مرضی کوئی چیز نہیں، اللہ تعالیٰ اپنے پیاروں کی مرضی کا کوئی لحاظ نہیں کرتا۔ بلکہ مطلب یہ ہے کہ دوسروں کی مرضی کو ثُمَّ کے ساتھ مؤخر کیا جائے تاکہ کسی کو ...

کا شبہ نہ ہو۔ مسند امام احمد کے مطابق یہ بھی ایک یہودی کے بار بار اعتراض کرنے پر مدتوں بعد فرمایا ورنہ اس وقت تک صحابہ کرام کا خود سرورِ کون و مکاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور مَا شَآءَ اللّٰہُ وَشَآءَ فُلَانٌ کہنا ہی معمول تھا۔ چنانچہ حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یہ مرفوع روایت مشکوٰۃ شریف میں مسند احمد اور سنن ابوداؤد سے نقل کی گئی۔ ساتھ ہی شرح السنہ کی ایک منقطع روایت پیش کی، جس میں ہے:۔ مَا شَآءَ اللّٰہُ وَشَآءَ مُحَمَّدٌ وَّقُوْلُوْا مَا شَآءَ اللّٰہُ وَحْدَہٗ۔ اس روایت کو دیکھ کر مولوی محمد اسمٰعیل دہلوی کے دل کی کلی کھل گئی۔ حبیب پروردگار کے خلاف زہر اُگلنے کی گل رل گئی۔ اس روایت کا مفاد ان لفظوں میں بیان کیا :۔ یعنی جو اللہ کی شان ہے اور اس میں کسی مخلوق کو دخل نہیں۔ سو اس میں اللہ کے ساتھ کسی مخلوق کو نہ ملا دے گو کتنا ہی بڑا ہو اور کیسا ہی مقرب مگر یوں نہ بولے کہ اللہ و رسول چاہے گا تو فلانا کام ہو جاوے گا کہ سارا کاروبار جہان کا اللہ ہی کے چاہنے سے ہوتا ہے۔ رسول کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا۔ (تقویۃ الایمان، مطبوعہ اشرف پریس لاہور، ص ۱۰۷) منقطع السند روایت کو اپنی دلیل بنانا، مرفوع روایت کو پسِ پشت چھپانا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعلیم کے خلاف اپنی علیحدہ مسجدِ ضرار بنانا اس قلبی بغض کے باعث تھا جو موصوف کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی سے ہو گیا تھا۔ مرفوع کو چھوڑ کر منقطع روایت کو دلیل بنانے کا راز قرآن مجید نے پہلے ہی مسلمانوں کو یوں بتایا ہوا ہے :۔

وَالَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ زَیْغٌ فَیَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَآءَ تَاْوِیْلِهٖ (۳:۷)

وہ جن کے دلوں میں کجی ہے وہ اشتباہ والی کے پیچھے پڑتے ہیں۔ گمراہی چاہنے اور اس کا پہلو ڈھونڈنے کو۔

اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو گمراہ گروں کے شر سے محفوظ و مامون فرمائے۔ آمین۔

۱۵۴۶۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا یَحْیٰی عَنْ سُفْیَانَ بْنِ سَعِیْدٍ حَدَّثَنِیْ عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ رُفَیْعٍ عَنْ تَمِیْمٍ الطَّائِیِّ عَنْ عَدِیِّ بْنِ حَاتِمٍ اَنَّ خَطِیْبًا خَطَبَ عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ فَقَدْ رَشَدَ وَمَنْ یَّعْصِهِمَا فَقَالَ قُمْ اَوْ قَالَ اذْهَبْ فَبِئْسَ الْخَطِیْبُ اَنْتَ۔

تمیم طائی نے حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک خطیب نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور خطبہ دیتے ہوئے کہا۔ جس نے اللہ اور اس کے رسول کا حکم مانا تو وہ سیدھے راستے پر چلا اور جس نے دونوں کی نافرمانی کی۔ آپ نے فرمایا:۔ اُٹھ کھڑا ہو یا فرمایا: جا تو برا خطیب ہے۔

۱۵۴۷۔ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِیَّةَ عَنْ خَالِدٍ یَعْنِی ابْنَ عَبْدِ اللّٰہِ عَنْ خَالِدٍ یَعْنِی الْحَذَّاءَ عَنْ اَبِیْ تَمِیْمَةَ عَنْ اَبِی الْمَلِیْحِ عَنْ رَجُلٍ قَالَ كُنْتُ رَدِیْفَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَعَثَرَتْ دَابَّتُهٗ فَقُلْتُ تَعِسَ الشَّیْطَانُ فَقَالَ لَا تَقُلْ تَعِسَ الشَّیْطَانُ فَاِنَّكَ اِذَا قُلْتَ ذٰلِكَ تَعَاظَمَ حَتّٰی یَكُوْنَ مِثْلَ الْبَیْتِ وَیَقُوْلُ بِقُوَّتِیْ وَلٰكِنْ قُلْ بِسْمِ اللّٰہِ فَاِنَّكَ اِذَا قُلْتَ ذٰلِكَ تَصَاغَرَ

ابوالملیح سے روایت ہے کہ ایک صحابی نے فرمایا:۔ میں سواری پر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا آپ کی سواری سے کوئی لغزش ہوئی تو میں نے کہا۔ شیطان کا ستیاناس جائے۔ آپ نے فرمایا:۔ یوں نہ کہو کہ شیطان کا ستیاناس جائے کیونکہ جب تم یوں کہو گے تو وہ پھول کر ایک مکان جتنا ہو جاتا ہے اور کہتا ہے کہ میری طاقت کا لوہا مانا گیا، بلکہ تم بسم اللہ کہا کرو کیونکہ جب تم یہ کہو گے تو وہ سکڑ کر مکھی جتنا ہو جاتا ہے۔

حتى يكون مثل الذباب۔

۱۵۴۸۔ حدثنا القعنبي عن مالك ح ونا موسى بن إسمعيل نا حماد عن سهيل بن أبي صالح عن أبيه عن أبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال إذا سمعت وقال موسى إذا قال الرجل هلك الناس فهو أهلكهم قال أبو داود قال مالك إذا قال ذلك تحزنا لما يرى في الناس يعني في أمر دينهم فلا أرى به بأسا وإذا قال ذلك عجبا بنفسه وتصاغرا للناس فهو المكروه الذي نهي عنه۔

سہیل بن ابو صالح کے والد ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جب تم سنو۔ موسیٰ بن اسمٰعیل نے کہا کہ جب کوئی کہے کہ لوگ ہلاک ہوگئے تو وہ سب سے زیادہ قابلِ ہلاکت ہے۔

امام ابوداؤد نے فرمایا کہ امام مالک کا ارشاد ہے:۔ جب کوئی دینی معاملات میں لوگوں کی حالتِ زار کو دیکھ کر دُکھی دل سے ایسا کہے تو کوئی مضائقہ نہیں۔ لیکن اگر خود نمائی کے طور پر اور دوسرے آدمیوں کو کم تر سمجھتے ہوئے کہے تو یہ مکروہ ہے اور اس سے منع فرمایا گیا ہے۔

باب ۵۰۲ في صلوة العتمة۔

عشار کو عتمہ کہنے کا بیان

۱۵۴۹۔ حدثنا عثمان بن أبي شيبة نا سفيان عن ابن أبي لبيد عن أبي سلمة سمعت ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا تغلبنكم الأعراب على اسم صلوتكم ألا وإنها العشاء ولكنهم يعتمون بالإبل۔

ابوسلمہ نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اس نماز کے نام میں دیہاتی لوگ تم پر غالب نہ آجائیں۔ آگاہ رہو کہ اس کا نام نمازِ عشار ہے جب کہ اُونٹوں کے باعث وہ اسے عتمہ کہتے ہیں۔

۱۵۵۰۔ حدثنا مسدد نا عيسى بن يونس نا مسعر بن كدام عن عمرو بن مرة عن سالم ابن أبي الجعد قال قال رجل قال مسعر أراه من خزاعة ليتني صليت فاسترحت كأنهم عابوا ذلك عليه فقال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول يا بلال أقم الصلوة أرحنا بها۔

مسدد، عیسیٰ بن یونس، مسعر بن کدام، عمرو بن مرہ، سالم بن ابوالجعد نے ایک آدمی سے روایت کی۔ مسعر کے خیال میں وہ بنی خزاعہ سے تھے۔ اُنہوں نے فرمایا کہ کاش! میں نماز پڑھ لیتا تاکہ مجھے راحت پہنچتی۔ لوگوں نے اس بات کا بُرا منایا تو انہوں نے فرمایا:۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا:۔ اے بلال! نماز کی اقامت کہو اور ہمیں اس سے راحت پہنچاؤ۔

۱۵۵۱۔ حدثنا محمد بن كثير أنا إسرائيل نا عثمان بن المغيرة عن سالم بن أبي الجعد عن عبد الله بن محمد بن الحنفية قال انطلقت أنا وأبي إلى صهر لنا من الأنصار نعوده فحضرت الصلوة فقال لبعض أهله

عبداللہ بن محمد بن حنفیہ کا بیان ہے کہ میں اور میرے والد محترم اپنی سسرال کی طرف روانہ ہوئے جو انصار سے تھے۔ تاکہ ان کی عیادت کریں۔ چنانچہ نماز کا وقت ہوگیا تو ایک گھر والے نے کہا:۔ اے لڑکی! وضو کے لیے پانی لاؤ تاکہ نماز سے راحت حاصل کروں۔ یہ بات ہمیں اچھی نہ لگی تو انہوں نے

يَا جَارِيَةُ ائْتُونِي بِوَضُوءٍ لَعَلِّي أُصَلِّي فَأَسْتَرِيحَ قَالَ فَأَنْكَرْنَا ذَلِكَ عَلَيْهِ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يَا بِلَالُ أَقِمْ فَأَرِحْنَا بِالصَّلَوٰةِ۔

فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: اے بلال! اقامت کہو اور ہمیں نماز سے راحت پہنچاؤ۔

۱۵۵۲۔ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ زَيْدٍ نَا أَبِي نَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْسُبُ أَحَدًا إِلَّا إِلَى الدِّينِ۔

زید بن اسلم سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: میں نے نہیں سُنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کسی کو نسبت دیتے ہوں مگر دین کی طرف۔

بَابٌ ۵۰۳ التَّشْدِيدُ فِي الْكَذِبِ۔

جھُوٹ بولنے کی برائی

۱۵۵۳۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا وَكِيعٌ أَخْبَرَنَا الْأَعْمَشُ ح وَنَا مُسَدَّدٌ نَا عَبْدُ اللَّهِ ابْنُ دَاوُدَ نَا الْأَعْمَشُ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِيَّاكُمْ وَالْكَذِبَ فَإِنَّ الْكَذِبَ يَهْدِي إِلَى الْفُجُورِ وَإِنَّ الْفُجُورَ يَهْدِي إِلَى النَّارِ وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَكْذِبُ وَيَتَحَرَّى الْكَذِبَ حَتَّى يُكْتَبَ عِنْدَ اللَّهِ كَذَّابًا وَعَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ فَإِنَّ الصِّدْقَ يَهْدِي إِلَى الْبِرِّ وَإِنَّ الْبِرَّ يَهْدِي إِلَى الْجَنَّةِ وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَصْدُقُ وَيَتَحَرَّى الصِّدْقَ حَتَّى يُكْتَبَ عِنْدَ اللَّهِ صِدِّيقًا۔

ابووائل نے حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جھوٹ سے بچتے رہنا کیونکہ جھوٹ گناہوں کی طرف لے جاتا ہے اور گناہ جہنّم کی طرف لے جاتے ہیں۔ آدمی جھوٹ بولتا اور اس کا عادی ہو جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ کے نزدیک کذّاب یعنی بہت جھوٹا لکھ دیا جاتا ہے۔ سچائی تم پر لازم ہے کیونکہ سچائی نیکی کی طرف لے جاتی ہے اور نیکی جنت میں لے جاتی ہے۔ آدمی سچ بولتا ہے یہاں تک کہ سچ کا عادی ہو جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ کے نزدیک صدیق یعنی بہت سچا لکھ دیا جاتا ہے۔

۱۵۵۴۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ نَا يَحْيَى عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيمٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ وَيْلٌ لِلَّذِي يُحَدِّثُ فَيَكْذِبُ لِيُضْحِكَ بِهِ الْقَوْمَ وَيْلٌ لَهُ وَيْلٌ لَهُ۔

بہز بن حکیم کے والد ماجد نے اپنے والد محترم سے روایت کی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا: خرابی ہے اُس کے لیے جو بات کرے تو جھوٹ بولے تاکہ لوگ ہنسیں، اُس کی خرابی ہے، اس کی خرابی ہے۔

۱۵۵۵۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ أَنَّ رَجُلًا مِنْ مَوَالِي عَبْدِ اللَّهِ ابْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ الْعَدَوِيِّ حَدَّثَهُ عَنْ

عبداللہ بن عامر بن ربیعہ عدوی کے موالی سے ایک نے روایت کی کہ حضرت عبداللہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: ایک روز میری والدۂ محترمہ نے مجھے بلایا اور رسول اللہ

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ أَنَّهُ قَالَ دَعَتْنِي أُمِّي يَوْمًا وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاعِدٌ فِي بَيْتِنَا فَقَالَتْ هَا تَعَالَ أُعْطِيكَ فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَرَدْتِ أَنْ تُعْطِيهِ قَالَتْ أُعْطِيهِ تَمْرًا فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَا إِنَّكِ لَوْ لَمْ تُعْطِيهِ شَيْئًا كُتِبَتْ عَلَيْكِ كِذْبَةٌ۔

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے غریب خانے میں جلوہ افروز تھے۔ اُنھوں نے فرمایا۔ ادھر آؤ کہ تمہیں کچھ دوں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اگر تم اسے کچھ نہ دیتیں تو تمہارا ایک جھوٹ لکھ لیا جاتا۔

۱۵۵۶۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا شُعْبَةُ ح وَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ نَا عَلِيُّ بْنُ حَفْصٍ نَا شُعْبَةُ عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ قَالَ ابْنُ حُسَيْنٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَفٰى بِالْمَرْءِ إِثْمًا أَنْ يُحَدِّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ لَمْ يَذْكُرْ حَفْصٌ أَبَا هُرَيْرَةَ۔

حفص بن عمر، شعبہ ـــــ محمد بن حسین، علی بن حفص، شعبہ، حبیب بن عبد الرحمان، حفص بن عاصم، ابن حسین نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، گناہ کے لحاظ سے آدمی کے لیے یہی کافی ہے کہ جو کچھ سنے اُسے بیان کرے ـــــ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ حفص نے حضرت ابوہریرہ کا ذکر نہیں کیا۔

بَابُ ۵۰۴ فِيمَا يُرْوٰى مِنَ الرُّخْصَةِ فِي ذٰلِكَ۔

جو اس کی اجازت کے بارے میں مروی ہے۔

۱۵۵۷۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ أَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ فَزَعٌ بِالْمَدِينَةِ فَرَكِبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَسًا لِأَبِي طَلْحَةَ فَقَالَ مَا رَأَيْنَا شَيْئًا مِنْ فَزَعٍ وَإِنْ وَجَدْنَاهُ لَبَحْرًا۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ مدینہ منورہ میں خطرہ محسوس ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت ابوطلحہ کے گھوڑے پر سوار ہوئے فرمایا:۔ ہم نے تو کوئی چیز نہیں دیکھی یا ہم نے تو کوئی خطرہ محسوس نہیں کیا اور اس گھوڑے کو ہم نے دریا کی طرح پایا۔

بَابُ ۵۰۵ فِي حُسْنِ الظَّنِّ۔

حُسنِ ظن کا بیان

۱۵۵۸۔ حَدَّثَنَا مُوسٰى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ ح وَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ مُهَنَّا أَبِي شِبْلٍ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَلَمْ أَفْهَمْهُ جَيِّدًا مِنْهُ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ وَاسِعٍ عَنْ سُمَيْرٍ قَالَ نَصْرٌ شُتَيْرِ بْنِ نَهَارٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ نَصْرٌ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حُسْنُ الظَّنِّ مِنْ حُسْنِ الْعِبَادَةِ۔

موسیٰ بن اسمٰعیل، حماد ـــــ نصر بن علی، مہنا ابوشبل۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ میں اسے جیّد شمار نہیں کرتا، حماد بن سلمہ، محمد بن واسع، سُمیر، نصر بن علی نے کہا کہ شتیر بن نہار نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ حسنِ ظن رکھنا اچھی عبادت کا ایک حصّہ ہے۔

۱۵۵۹۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَلِيِّ ابْنِ حُسَيْنٍ عَنْ صَفِيَّةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُعْتَكِفًا فَاَتَيْتُهُ اَزُوْرُهُ لَيْلًا فَحَدَّثْتُهُ فَقُمْتُ فَانْقَلَبْتُ فَقَامَ مَعِيْ لِيَقْلِبَنِيْ وَكَانَ مَسْكَنُهَا فِيْ دَارِ اُسَامَةَ ابْنِ زَيْدٍ فَمَرَّ رَجُلَانِ مِنَ الْاَنْصَارِ فَلَمَّا رَاَيَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْرَعَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى رِسْلِكُمَا اِنَّهَا صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيٍّ قَالَا سُبْحَانَ اللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِنَّ الشَّيْطَانَ يَجْرِيْ مِنَ الْاِنْسَانِ مَجْرَى الدَّمِ فَخَشِيْتُ اَنْ يَقْذِفَ فِيْ قُلُوْبِكُمَا شَيْئًا اَوْ قَالَ شَرًّا

علی بن حسین سے روایت ہے کہ حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم معتکف تھے تو میں آپ کی زیارت کے لیے رات کے وقت حاضر ہوئی۔ باتیں کر کے کھڑی ہوئی تو آپ بھی مجھے پہنچانے کے لیے کھڑے ہو گئے اور اُن کی رہائش حضرت اسامہ بن زید کے مکان میں تھی۔ چنانچہ انصار کے دو آدمی گزرے۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں جلدی جلدی چلتے ہوئے دیکھا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُنہیں ٹھہرایا اور فرمایا:۔ یہ صفیہ بنت حیی ہیں۔ دونوں نے کہا:۔ سبحان اللہ! یا رسول اللہ! فرمایا کہ شیطان انسان کے جسم میں خون کی طرح دوڑتا ہے پس میں ڈرا کہ تمہارے دل میں کوئی بات نہ ڈال دے یا فرمایا کہ بُرائی نہ ڈال دے۔

ف ۔ اُم المومنین سیدہ صفیہ بنت حیی رضی اللہ تعالیٰ عنہا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حرم محترم ہیں۔ ان کے والد کا نام حیی بن اخطب ہے، جو قبیلہ بنی نضیر کے سردار اور حضرت ہارون علیہ السلام کی اولاد سے تھے۔ اس نے ساری عمر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دشمنی میں گزاری۔ غزوۂ خیبر کے وقت یہ مسلمانوں کی قید میں آئیں اور اس وقت عروسی لباس میں تھیں۔ قد پست تھا لیکن حسن و جمال کی پیکر تھیں۔ چند روز پہلے خواب دیکھا تھا کہ چودھویں کا چاند میری گود میں آ گیا ہے۔ اسلام کی تڑپ اسی وقت سے دل میں کروٹیں لے رہی تھی لیکن مسلمان ہونے کا موقع نہیں مل رہا تھا۔ قید ہونے پر حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حصے میں آئیں۔ مسلمانوں کے اصرار پر تبادلہ ہوا اور بارگاہِ رسالت میں باریابی ہوئی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں اپنے حبالۂ عقد میں لے کر معزز و مکرم فرمایا۔ ان کے سالِ وفات میں مختلف اقوال ہیں۔ حضرت صفیہ سے دس حدیثیں مروی ہیں جن میں سے ایک متفق علیہ اور باقی دیگر کتب احادیث میں ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسجد میں معتکف تھے کہ حضرت صفیہ زیارت اور احوال پُرسی کے لیے حاضر ہوئیں۔ فارغ ہونے کے بعد حضور اُنہیں دروازۂ مسجد تک پہنچانے آئے تو سامنے سے دو انصاری جا رہے تھے۔ وہ آپ کو دیکھ کر تیزی سے گزرنے لگے۔ فرمایا کہ یہ صفیہ بنت حیی ہیں۔ یہ مسلمانوں کو سبق دیا کہ جس بات سے دوسروں کو غلط فہمی میں مبتلا ہونے کا امکان ہو اس کو قبل از وقت واضح کر دینا چاہیے کیونکہ ایسے مواقع سے شیطان پورا فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتا ہے اور غلط فہمی پیدا کر کے بعض اوقات کتنے ہی لوگوں کا خانہ خراب کر دیتا ہے۔ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝

بَابٌ ۵۰۶ فِي الْعِدَةِ

وعدے کا بیان

۱۵۶۰۔ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنّٰى نَا اَبُوْ عَامِرٍ نَا

ابو وقاص نے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے

إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ الْأَعْلَى عَنْ أَبِي النُّعْمَانِ عَنْ أَبِي وَقَّاصٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا وَعَدَ الرَّجُلُ أَخَاهُ وَمِنْ نِيَّتِهِ أَنْ يَفِيَ فَلَمْ يَفِ وَلَمْ يَجِئْ لِلْمِيعَادِ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ

روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب کوئی آدمی اپنے بھائی سے وعدہ کرتا ہے اور اس کی نیت ہو کہ وعدہ پورا کرے گا اور پورا نہ کر سکے یعنی مقررہ میعاد پر نہ آ سکے تو اس پر کوئی گناہ نہیں۔

۱۵۶۱۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى النَّيْسَابُورِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنْ بُدَيْلٍ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ شَقِيقٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي الْحَمْسَاءِ قَالَ بَايَعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَيْعٍ قَبْلَ أَنْ يُبْعَثَ وَبَقِيَتْ لَهُ بَقِيَّةٌ فَوَعَدْتُهُ أَنْ آتِيَهُ بِهَا فِي مَكَانِهِ فَنَسِيتُ فَذَكَرْتُ بَعْدَ ثَلَاثٍ فَجِئْتُ فَإِذَا هُوَ فِي مَكَانِهِ فَقَالَ يَا فَتًى لَقَدْ شَقَقْتَ عَلَيَّ أَنَا هٰهُنَا مُنْذُ ثَلَاثٍ أَنْتَظِرُكَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى هٰذَا عِنْدَنَا عَبْدُ الْكَرِيمِ ابْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ شَقِيقٍ۔

عبداللہ بن شقیق نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت عبداللہ بن ابوالحمسا رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ بعثت سے پہلے میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کوئی چیز خریدی اور اس کی کچھ قیمت میری طرف باقی رہ گئی تھی۔ میں نے وعدہ کیا کہ اسی جگہ لا کر دیتا ہوں۔ میں بھول گیا اور تین دن کے بعد یاد آیا۔ میں گیا تو آپ اسی جگہ موجود تھے۔ فرمایا اے جوان! تم نے مجھے تکلیف دی ہے۔ میں تین دن سے یہاں تمہارا انتظار کر رہا ہوں ـــــ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ محمد بن یحییٰ کا ارشاد ہے کہ ہمارے نزدیک وہ عبدالکریم بن عبداللہ بن شقیق ہیں۔

بَابٌ ۵۰۷ فِي مَنْ يَتَشَبَّعُ بِمَا لَمْ يُعْطَ۔

اُس چیز کے ملنے کا دعویٰ کرنا جو پائی نہ ہو

۱۵۶۲۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ نَا حَمَّادُ ابْنُ زَيْدٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ أَنَّ امْرَأَةً قَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ لِي جَارَةً تَعْنِي ضَرَّةً هَلْ عَلَيَّ جُنَاحٌ إِنْ تَشَبَّعْتُ لَهَا بِمَا لَمْ يُعْطِ زَوْجِي قَالَ الْمُتَشَبِّعُ بِمَا لَمْ يُعْطَ كَلَابِسِ ثَوْبَيْ زُورٍ۔

فاطمہ بنت منذر نے حضرت اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ ایک عورت عرض گزار ہوئی۔ یا رسول اللہ میری ایک سوکن ہے۔ کیا مجھ پر گناہ ہوگا کہ میں اس سے ان چیزوں کے ملنے کا دعویٰ کروں جو میرے خاوند نے دی نہ ہوں؟ فرمایا جو اُن چیزوں کا دعویٰ کرے جو اُسے نہ دی ہوں، وہ جھوٹ اور فریب کے دو کپڑے پہننے والے کی طرح ہے۔

بَابٌ ۵۰۸ مَا جَاءَ فِي الْمُزَاحِ۔

خوش مزاجی کا بیان

۱۵۶۳۔ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ أَنَا خَالِدٌ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ احْمِلْنِي فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّا حَامِلُوكَ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا، یا رسول اللہ! مجھے سواری دیجئے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہیں اونٹنی کے بچے پر سوار

عَلَى وَلَدِ نَاقَةٍ قَالَ وَمَا أَصْنَعُ بِوَلَدِ النَّاقَةِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهَلْ تَلِدُ الْإِبِلَ إِلَّا النُّوقُ۔

کرنے والا ہوں۔ عرض گزار ہوا کہ میں اونٹنی کے بچے کا کیا کروں گا! نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا اونٹوں کو اونٹنیوں کے سوا کوئی اور جنتا ہے۔

۱۵۶۴۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ نَا حَجَّاجُ ابْنُ مُحَمَّدٍ نَا يُونُسُ بْنُ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنِ الْعَيْزَارِ بْنِ حُرَيْثٍ عَنِ النُّعْمَانِ ابْنِ بَشِيرٍ قَالَ اسْتَأْذَنَ أَبُو بَكْرٍ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعَ صَوْتَ عَائِشَةَ عَالِيًا فَلَمَّا دَخَلَ تَنَاوَلَهَا لِيَلْطِمَهَا وَقَالَ أَلَا أَرَاكِ تَرْفَعِينَ صَوْتَكِ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْجِزُهُ وَخَرَجَ أَبُو بَكْرٍ مُغْضَبًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ خَرَجَ أَبُو بَكْرٍ كَيْفَ رَأَيْتِنِي أَنْقَذْتُكِ مِنَ الرَّجُلِ قَالَ فَمَكَثَ أَبُو بَكْرٍ أَيَّامًا ثُمَّ اسْتَأْذَنَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَهُمَا قَدِ اصْطَلَحَا فَقَالَ لَهُمَا أَدْخِلَانِي فِي سِلْمِكُمَا كَمَا أَدْخَلْتُمَانِي فِي حَرْبِكُمَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ فَعَلْنَا قَدْ فَعَلْنَا۔

عیزار بن حریث سے روایت ہے کہ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: حضرت ابوبکر نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اندر آنے کی اجازت مانگی اور حضرت عائشہ کی بلند آواز سنی۔ جب اندر داخل ہوئے تو انہیں طمانچہ مارنے کے لیے پکڑا اور فرمایا: کیا تمہیں نظر نہیں آتا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر آواز بلند کر رہی ہو؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انہیں روکتے تھے اور حضرت ابوبکر غصے کی حالت میں باہر چلے گئے۔ حضرت ابوبکر کے جانے کے بعد نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دیکھا میں نے تمہیں آدمی سے کیسا بچایا! حضرت ابوبکر کئی روز ٹھہرے رہے۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اندر آنے کی اجازت مانگی اور دونوں کو گھلے ملے ہوئے پایا۔ دونوں سے کہا کہ مجھے اپنی صلح میں بھی شامل کیجئے۔ جیسے اپنی لڑائی میں شامل کیا تھا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم نے شامل کیا، ہم نے شامل کیا۔

۱۵۶۵۔ حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ الْفَضْلِ نَا الْوَلِيدُ ابْنُ مُسْلِمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْعَلَاءِ عَنْ بُسْرِ ابْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ أَبِي إِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ قَالَ أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ وَهُوَ فِي قُبَّةٍ مِنْ أَدَمٍ فَسَلَّمْتُ فَرَدَّ وَقَالَ ادْخُلْ فَقُلْتُ أَكُلِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ كُلُّكَ فَدَخَلْتُ۔

ابو ادریس خولانی سے روایت ہے کہ حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں غزوۂ تبوک کے وقت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ چمڑے کے ایک خیمے میں جلوہ افروز تھے۔ میں نے سلام عرض کیا تو آپ نے جواب دیا اور فرمایا: اور داخل ہو جاؤ۔ عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! کیا پورا ہی؟ فرمایا ہاں پورے ہی داخل ہو جاؤ۔

۱۵۶۶۔ حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ نَا الْوَلِيدُ نَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ قَالَ إِنَّمَا قَالَ أَدْخُلُ

صفوان بن صالح، ولید، عثمان بن ابوالعاتکہ نے کہا: خیمہ چھوٹا ہونے کے باعث انہوں نے پورا داخل ہونے

كُلِّي مِنْ صِحْمِ الْقُبَّةِ۔

کے لیے کہا تھا۔

۱۵۶۷- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا شَرِيْكٌ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ لِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا ذَا الْاُذُنَيْنِ۔

عاصم نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اے دو کانوں والے۔

ف۔ مشہور مقولہ ہے اَلْمِزَاحُ فِي الْكَلَامِ كَالْمِلْحِ فِي الطَّعَامِ۔ گفتگو کے اندر مزاح کا وجود ایسا ہے جیسے کھانے میں نمک۔ چونکہ نمک سے کھانا مزے دار ہو جاتا ہے ایسے ہی مزاح بھی گفتگو کو مزیدار بنا دیتا ہے۔ لیکن کھانے میں نمک کی مقدار ملحوظ رہے اور مزاح بھی اُسی کے برابر ہو۔ کھانے میں ذرا بھی زیادہ نمک ہو جائے تو کھانا دشوار ہو جاتا ہے۔ اسی طرح مزاح بھی معمولی مقدار سے نہیں بڑھنا چاہیے اور خشکی زدہ ہو کر بھی نہیں رہنا چاہیے۔ اسی لیے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بعض اوقات مزاح بھی فرماتے جیسا کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا ہے "اے دو کانوں والے"! ہر آدمی چونکہ دو کانوں والا ہے، اس لیے ایسا سُننے پر بے اختیار ہنسی آ جائے گی جو فرحت کا باعث ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابُ ۵۰۹ مَنْ يَاْخُذُ الشَّيْءَ مِنْ مِزَاحٍ۔

جو مذاق کے طور پر کوئی چیز لے

۱۵۶۸- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا يَحْيٰى ح وَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدِّمَشْقِيُّ نَا شُعَيْبُ بْنُ اِسْحٰقَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ ذِئْبٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا يَاْخُذَنَّ اَحَدُكُمْ مَتَاعَ اَخِيْهِ لَاعِبًا جَادًّا وَقَالَ سُلَيْمَانُ لَعِبًا وَلَا جِدًّا وَمَنْ اَخَذَ عَصَا اَخِيْهِ فَلْيَرُدَّهَا لَمْ يَقُلِ ابْنُ بَشَّارٍ ابْنِ يَزِيْدَ وَقَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

محمد بن بشار، یحییٰ ——— سلیمان بن عبدالرحمان دمشقی، شعیب بن اسحاق، ابن ابوذئب، عبداللہ بن سائب بن یزید کے والد ماجد نے اپنے والد محترم سے روایت کی ہے کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا، تم میں سے کوئی اپنے بھائی کی چیز ہنسی مذاق کے طور پر نہ لے۔ سلیمان راوی نے لَعِبًا وَّ جِدًّا کہا ہے اور جس نے اپنے بھائی کی لاٹھی لی ہے وہ اُسے واپس کر دے۔ ابن بشار نے ابن یزید کا نام نہیں لیا اور کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔

۱۵۶۹- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْاَنْبَارِيُّ نَا ابْنُ نُمَيْرٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَصْحَابُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَسِيْرُوْنَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَامَ رَجُلٌ مِّنْهُمْ فَانْطَلَقَ بَعْضُهُمْ اِلٰى حَبْلٍ مَّعَهٗ فَاَخَذَهٗ فَفَزِعَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ يُّرَوِّعَ مُسْلِمًا۔

عبدالرحمان بن ابولیلیٰ کا بیان ہے کہ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب نے ہم سے حدیث بیان کی کہ وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کر رہے تھے کہ اُن میں سے ایک آدمی سو گیا۔ کوئی آدمی اُن کی رسی کے پاس گیا اور اُسے لینے لگا تو وہ ڈر گئے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، کسی مسلمان کے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ دوسرے مسلمان کو ڈرائے۔

باب ٥١٠ فِي التَّشَدُّقِ فِي الْكَلَامِ

١٥٧٠ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ نَا نَافِعُ ابْنُ عُمَرَ عَنْ بِشْرِ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللَّهَ تَعَالَى يُبْغِضُ الْبَلِيغَ مِنَ الرِّجَالِ الَّذِي يَتَخَلَّلُ بِلِسَانِهِ تَخَلُّلَ الْبَاقِرَةِ بِلِسَانِهَا۔

١٥٧١ - حَدَّثَنَا ابْنُ السَّرْحِ نَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ شُرَحْبِيلَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَعَلَّمَ صَرْفَ الْكَلَامِ لِيَسْبِيَ بِهِ قُلُوبَ الرِّجَالِ أَوِ النَّاسِ لَمْ يَقْبَلِ اللَّهُ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صَرْفًا وَلَا عَدْلًا۔

١٥٧٢ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّهُ قَالَ قَدِمَ رَجُلَانِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَخَطَبَا فَعَجِبَ النَّاسُ يَعْنِي لِبَيَانِهِمَا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنَ الْبَيَانِ لَسِحْرًا أَوْ إِنَّ بَعْضَ الْبَيَانِ لَسِحْرٌ۔

١٥٧٣ - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْبَهْرَانِيُّ أَنَّهُ قَرَأَ فِي أَصْلِ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ وَحَدَّثَهُ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ ابْنُهُ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ حَدَّثَنِي ضَمْضَمٌ عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ نَا أَبُو ظَبْيَةَ أَنَّ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ قَالَ يَوْمًا وَقَامَ رَجُلٌ فَأَكْثَرَ الْقَوْلَ فَقَالَ عَمْرٌو لَوْ قَصَدَ فِي قَوْلِهِ لَكَانَ خَيْرًا لَهُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَقَدْ رَأَيْتُ أَوْ أُمِرْتُ أَنْ أَتَجَوَّزَ فِي الْقَوْلِ فَإِنَّ الْجَوَازَ هُوَ خَيْرٌ۔

باب ٥١١ مَا جَاءَ فِي الشِّعْرِ۔

١٥٧٤ - حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ نَا شُعْبَةُ

چرب زبانی کا بیان

بشر بن عاصم کے والد ماجد نے حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ چرب زبان آدمی کو ناپسند فرماتا ہے جو اپنی زبان کو یوں چلاتا ہے جیسے (چارہ کھاتے وقت) گائے اپنی زبان کو چلاتی ہے۔

ضحاک بن شرحبیل نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو عمدہ گفتگو کرنا اس لیے سیکھتا ہے کہ اس کے ذریعے لوگوں کے دلوں کو اپنے جال میں پھانس لے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اُس کے فرائض و نوافل سے کچھ بھی قبول نہیں فرمائے گا۔

زید بن اسلم سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: مشرق کی جانب سے دو آدمی آئے اور اُنہوں نے خطاب کیا۔ لوگ ان کی تقریروں سے بہت خوش ہوئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک بعض بیانات میں جادو ہوتا ہے یا بے شک بعض بیانات جادو اثر ہوتے ہیں۔

سلیمان بن عبدالحمید بہرانی، محمد بن اسمٰعیل، اسمٰعیل بن عیاش ضمضم، شریح بن عبید، ابوظبیہ سے روایت ہے کہ حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک روز فرمایا: ایک آدمی کھڑا ہوا تو بہت زیادہ بیان کیا۔ حضرت عمرو نے فرمایا کہ اگر یہ گفتگو کو متوسط رکھتا تو اس کے لیے بہتر تھا کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میں نے دیکھا ہے یا مجھے حکم فرمایا گیا ہے کہ متوسط گفتگو کیا کروں، کیونکہ اعتدال میں بھلائی ہے۔ (ہر کام میں میانہ روی ہی محبوب و مرغوب ہے)۔

شاعری کا بیان

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت

عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لان يمتلئ جوف احدكم قيحا خير له من ان يمتلئ شعرا قال ابو علي بلغني عن ابي عبيد انه قال وجهه ان يمتلئ قلبه حتى يشغله عن القرآن وذكر الله فاذا كان القرآن والعلم الغالب فليس جوف هذا عندنا ممتلئا من الشعر وان من البيان لسحرا قال كان المعنى ان يبلغ من بيانه ان يمدح الانسان فيصدق فيه حتى يصرف القلوب الى قوله ثم يذمه فيصدق فيه حتى يصرف القلوب الى قوله الآخر فكانه سحر السامعين بذلك.

ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کسی کا پیٹ پیپ سے بھرا ہوا ہو تو اُس کے لیے شعروں سے بھرے ہونے سے بہتر ہے۔ ابو علی کا بیان ہے کہ مجھے ابو عبید سے یہ بات پہنچی کہ اُنھوں نے فرمایا: اس سے مراد یہ ہے کہ اس کا دل اتنا بھر جائے کہ قرآن مجید اور ذکرِ الٰہی کی فرصت بھی نہ ملے۔ جب قرآن اور دینی علم غالب ہوں تو اس پیٹ کو شعروں سے بھرا ہوا نہیں کہیں گے اور یہ جو اِنَّ مِنَ الْبَیَانِ لَسِحْراً فرمایا تو مطلب یہ ہے کہ اپنے بیان میں مبالغہ کرے یعنی جب کسی کی تعریف کرے تو یوں سچ کر دکھائے کہ لوگوں کے دل اُس کی تائید پر مائل ہوں۔ پھر جب اس کی مذمت کرے تو ایسا سچ کر دکھائے کہ لوگ اس کے دوسرے بیان کی تائید پر تُل جائیں تو گویا اُس نے ایسا کر کے سامعین پر جادو کیا۔

۱۵۷۵ - حدثنا ابو بكر بن ابي شيبة نا ابن المبارك عن يونس عن الزهري حدثنا ابو بكر بن عبد الرحمن بن الحارث بن هشام عن مروان بن الحكم عن عبد الرحمن بن الاسود بن عبد يغوث عن ابي بن كعب ان النبي صلى الله عليه وسلم قال ان من الشعر حكمة.

ابو بکر بن ابو شیبہ، ابن المبارک، یونس، زہری، ابو بکر بن عبد الرحمان بن حارث بن ہشام، مروان بن حکم، عبد الرحمان بن اسود بن عبد یغوث نے حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک بعض شعر دانائی ہوتے ہیں۔

۱۵۷۶ - حدثنا مسدد نا ابو عوانة عن سماك عن عكرمة عن ابن عباس قال جاء اعرابي الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فجعل يتكلم بكلام فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان من البيان سحرا وان من الشعر حكما.

عکرمہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: ایک اعرابی نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر کوئی بات کی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک بعض بیانات جادو ہوتے ہیں اور بے شک بعض شعر دانائی ہوتے ہیں۔

۱۵۷۷ - حدثنا محمد بن يحيى بن فارس نا سعيد بن محمد نا ابو تميلة حدثني ابو جعفر النحوي عبد الله بن ثابت حدثني صخر بن عبد الله بن بريدة عن ابيه عن جده قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول

محمد بن یحییٰ بن فارس، سعید بن محمد، ابو تمیلہ، ابو جعفر نحوی، عبد اللہ بن ثابت، صخر بن عبد اللہ بن بریدہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ بے شک بعض شعر دانائی ہوتے ہیں۔

إن من البيان سحرا وإن من العلم جهلا وإن من الشعر حكما وإن من القول عيالا فقال صعصعة بن صوحان صدق نبي الله صلى الله عليه وسلم أما قوله إن من البيان سحرا فالرجل يكون عليه الحق وهو ألحن بالحجج من صاحب الحق فيسحر القوم ببيانه فيذهب بالحق وأما قوله إن من العلم جهلا فيتكلف العالم إلى علمه ما لا يعلم فيجهله ذلك وأما قوله إن من الشعر حكما فهي هذه المواعظ والأمثال التي يتعظ الناس بها وأما قوله إن من القول عيالا فعرضك كلامك وحديثك على من ليس من شأنه ولا يريده۔

اور بیشک بعض باتیں بوجھ ہوتی ہیں۔ صعصعہ بن صوحان کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سچ فرمایا۔ ارشادِ گرامی اِنّ من البیان سحراً یوں سمجھئے کہ ایک آدمی پر کسی کا قرض ہے جو دلائل پیش کرنے میں قرض خواہ سے زیادہ ماہر ہے۔ پس اپنے بیان سے وہ لوگوں پر ایسا جادو کرتا ہے کہ دوسرے کا حق ہضم کر جاتا ہے۔ ارشادِ گرامی اِنَّ مِنَ الْعِلْمِ جهلاً یوں ہے کہ طالب علم ایسے علم کو حاصل کرنے میں کوشاں ہوتا ہے جس کو وہ جان نہیں سکتا تو یہ بات اُسے جاہل ہی رکھتی ہے اور ارشادِ گرامی اِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِکَماً یوں ہے کہ شعری نصیحتوں اور مثالوں سے لوگوں کو نصیحت کی جائے اور یہ ارشادِ گرامی کہ اِنَّ مِنَ الْقَوْلِ عَیَالاً یوں ہے کہ تم اپنی اپنی بات اور اپنا مال اُس کے آگے رکھو جو اس لائق نہ ہو اور نہ وہ سننا چاہے۔

۱۵۷۸۔ حدثنا ابن أبي خلف وأحمد بن عبدة المعنى قال نا سفيان بن عيينة عن الزهري عن سعيد قال مر عمر بحسان وهو ينشد في المسجد فلحظ إليه فقال كنت أنشد وفيه من هو خير منك۔

زہری سے روایت ہے کہ سعید بن مسیب نے فرمایا، حضرت عمر حضرت حسان کے پاس سے گزرے جب کہ وہ مسجد میں شعر پڑھ رہے تھے۔ یہ اُن کی طرف متوجہ ہوئے تو انہوں نے کہا، میں اس میں اُن کے سامنے بھی پڑھتا تھا جو آپ سے بہتر تھے۔

۱۵۷۹۔ حدثنا أحمد بن صالح نا عبد الرزاق أنا معمر عن الزهري عن سعيد ابن المسيب عن أبي هريرة بمعناه زاد فخشي أن يرميه برسول الله صلى الله عليه وسلم فأجازه۔

سعید بن مسیب نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اِسے معناً روایت کیا ہے۔ اس میں یہ بھی ہے۔ پس وہ ڈرے کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حوالہ دیں گے۔ اس لیے اجازت دے دی۔

...

۱۵۸۰۔ حدثنا محمد بن سليمان المصيصي نا ابن أبي الزناد عن أبيه عن عروة وهشام عن عروة عن عائشة قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يضع لحسان منبرا في المسجد فيقوم عليه يهجو من قال في رسول الله صلى الله عليه وسلم إن روح

عروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت حسان کے لیے مسجد میں منبر رکھواتے تو وہ اس پر کھڑے ہو کر اُن کی ہجو کرتے جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی توہین کی ہوتی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک روح القدس بھی حسان کے ساتھ ہے جب

الْقُدُسِ مَعَ حَسَّانَ مَا نَافَحَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

تک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے لڑتے رہیں گے۔

۱۵۸۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ يَزِيدَ النَّحْوِيِّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ وَالشُّعَرَاءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوُونَ فَنَسَخَ مِنْ ذٰلِكَ وَاسْتَثْنٰى فَقَالَ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيرًا۔

یزید بن نحوی نے عکرمہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ شاعروں کی پیروی گمراہ لوگ کرتے ہیں (۲۶، ۲۲۴) یہ منسوخ و مستثنیٰ ہے چنانچہ فرمایا ہے۔ مگر جو لوگ ایمان لائے اور اُنھوں نے نیک کام کیے اور اللہ تعالیٰ کا کثرت سے ذکر کیا۔

بَابُ ۵۱۲ فِي الرُّؤْيَا۔

خوابوں کا بیان

۱۵۸۲۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ إِسْحٰقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنْ زُفَرَ بْنِ صَعْصَعَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا انْصَرَفَ مِنْ صَلٰوةِ الْغَدَاةِ يَقُولُ هَلْ رَأَى أَحَدٌ مِنْكُمُ اللَّيْلَةَ رُؤْيَا وَيَقُولُ إِنَّهُ لَيْسَ يَبْقٰى بَعْدِي مِنَ النُّبُوَّةِ إِلَّا الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ۔

زفر بن صعصعہ کے والد ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب نمازِ فجر سے فارغ ہوتے تو فرماتے: کیا تم میں سے رات کو کسی نے خواب دیکھا ہے؟ فرمایا کرتے کہ میرے بعد نبوّت میں سے کچھ بھی باقی نہیں رہا سوائے سچے خوابوں کے۔

۱۵۸۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِينَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ۔

حضرت انس نے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مومن کا خواب نبوّت کے چھیالیس حصّوں میں سے ایک حصّہ ہے۔

۱۵۸۴۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا اقْتَرَبَ الزَّمَانُ لَمْ تَكَدْ رُؤْيَا الْمُسْلِمِ أَنْ تَكْذِبَ وَأَصْدَقُهُمْ رُؤْيَا أَصْدَقُهُمْ حَدِيثًا وَالرُّؤْيَا ثَلٰثٌ فَالرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ بُشْرٰى مِنَ اللّٰهِ وَالرُّؤْيَا تَحْزِينٌ مِنَ الشَّيْطَانِ وَرُؤْيَا مِمَّا يُحَدِّثُ بِهِ الْمَرْءُ نَفْسَهُ فَإِذَا رَأَى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب قربِ قیامت کا زمانہ ہوگا تو مسلمان کا خواب جھوٹا نہیں ہو جائے گا اور سب سے سچا خواب اُس کا ہوگا جو سب سے زیادہ راست باز ہوگا۔ خواب تین قسم کے ہیں: اچھا خواب اللہ کی طرف سے بشارت ہے کیونکہ ایک خواب وہ جو شیطان کی طرف سے غم پہنچاتا ہے۔ ایک خواب وہ ہے جو آدمی کے اپنے دلی خیالات ہوتے ہیں۔ جب تم میں سے کوئی بُرا خواب دیکھے تو کھڑا ہو کر

أَحَدُكُمْ مَا يَكْرَهُ فَلْيَقُمْ فَلْيُصَلِّ وَلَا يُحَدِّثْ بِهَا النَّاسَ قَالَ وَأُحِبُّ الْقَيْدَ وَأَكْرَهُ الْغُلَّ وَالْقَيْدُ ثَبَاتٌ فِي الدِّينِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ إِذَا اقْتَرَبَ الزَّمَانُ يَعْنِي إِذَا اقْتَرَبَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ يَعْنِي يَسْتَوِيَانِ۔

نماز پڑھے اور لوگوں سے اس کا ذکر نہ کرے۔ میں خواب میں بیڑی کو پسند کرتا ہوں اور طوق کو ناپسند، کیونکہ بیڑی دین میں ثابت قدمی ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ زمانہ قریب ہونے سے یہ مراد ہے کہ رات اور دن برابر ہوں۔

۱۵۸۵۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا هُشَيْمٌ نَا يَعْلَى بْنُ عَطَاءٍ عَنْ وَكِيعِ بْنِ عُدُسٍ عَنْ عَمِّهِ أَبِي رَزِينٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرُّؤْيَا عَلَى رِجْلِ طَائِرٍ مَا لَمْ تُعَبَّرْ فَإِذَا عُبِّرَتْ وَقَعَتْ قَالَ وَأَحْسِبُهُ قَالَ وَلَا تَقُصَّهَا إِلَّا عَلَى وَادٍّ أَوْ ذِي رَأْيٍ۔

وکیع بن عدس نے اپنے دادا جان حضرت ابورزین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: خواب پرندے کے پیر کی طرح ہوائی چیز ہے جب تک اس کی تعبیر بیان نہ کی جائے۔ جب تعبیر بیان کر دی تو اسی طرح واقع ہو گا۔ راوی کا بیان ہے کہ میرے خیال میں آپ نے فرمایا: خواب بیان نہ کرو مگر دوست یا تعبیر جاننے والے سے۔

۱۵۸۶۔ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ قَالَ سَمِعْتُ زُهَيْرًا يَقُولُ سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ سَعِيدٍ يَقُولُ سَمِعْتُ أَبَا سَلَمَةَ يَقُولُ سَمِعْتُ أَبَا قَتَادَةَ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الرُّؤْيَا مِنَ اللهِ وَالْحُلُمُ مِنَ الشَّيْطَانِ فَإِذَا رَأَى أَحَدُكُمْ شَيْئًا مَا يَكْرَهُهُ فَلْيَنْفُثْ عَنْ يَسَارِهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ لِيَتَعَوَّذْ مِنْ شَرِّهَا فَإِنَّهَا لَا تَضُرُّهُ۔

ابوسلمہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: خواب اللہ کی طرف سے اور پریشان خواب شیطان کی طرف سے ہوتے ہیں۔ جب تم میں سے کوئی ایسی بات خواب میں دیکھے جسے ناپسند کرتا ہو تو بائیں جانب تین مرتبہ تھتکار دے پھر اس کی برائی سے پناہ مانگے تو وہ اسے کوئی نقصان نہیں دے گا۔

۱۵۸۷۔ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ خَالِدٍ الْهَمْدَانِيُّ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ الثَّقَفِيُّ قَالَا نَا اللَّيْثُ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ إِذَا رَأَى أَحَدُكُمْ رُؤْيَا يَكْرَهُهَا فَلْيَبْصُقْ عَنْ يَسَارِهِ وَلْيَتَعَوَّذْ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطَانِ ثَلَاثًا وَيَتَحَوَّلْ عَنْ جَنْبِهِ الَّذِي كَانَ عَلَيْهِ۔

ابوالزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی ایسا خواب دیکھے جسے وہ ناپسند کرتا ہے تو بائیں جانب تھتکار دے اور تین مرتبہ شیطان سے اللہ کی پناہ مانگے اور جس کروٹ پر تھا اس سے پلٹ کر دوسری کروٹ پر لیٹ جائے۔

۱۵۸۸۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَبْدُ اللهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَٰنِ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ

احمد بن صالح، عبداللہ بن وہب، یونس، ابن شہاب ابوسلمہ بن عبدالرحمان، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ کو فرماتے ہوئے

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ رَاٰنِیْ فِی الْمَنَامِ فَسَيَرَانِیْ فِی الْيَقَظَةِ اَوْ فَكَاَنَّمَا رَاٰنِیْ فِی الْيَقَظَةِ وَلَا يَتَمَثَّلُ الشَّيْطَانُ بِیْ۔

تو عنقریب وہ مجھے بیداری میں دیکھ لے گا یا اُس کی طرح ہے جس نے مجھے بیداری میں دیکھا کیونکہ شیطان میری صورت اختیار نہیں کر سکتا۔

ف۔ یہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے معجزات میں سے ایک معجزہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جو خوش نصیب خواب میں دیکھتا ہے اُس نے واقعی آپ کو دیکھا کیونکہ شیطان کو آپ کی صورت اختیار کر لینے کی قدرت نہیں دی گئی۔ حضور کی زیارت نصیب ہونا بہت بڑی سعادت ہے لیکن اس سے شرفِ صحابیت حاصل نہیں ہوتا کیونکہ وہ ظاہری حیاتِ طیبہ کے ساتھ مخصوص تھا۔ اللہ تعالیٰ کے بعض پیارے بندے ایسے بھی ہیں جو بیداری کی حالت میں رحمتِ دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوتے رہے اور قیامت تک ایسے بندے ہوتے رہیں گے۔ وہ خواص اولیاء ہیں جو بے شک حق و صداقت کے نشان، حقانیت کے نگہبان اور باعثِ ثباتِ زمین و آسمان ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۵۸۹۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَسُلَيْمَانُ بْنُ دَاوٗدَ قَالَا نَا حَمَّادٌ نَا اَيُّوْبُ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ صَوَّرَ صُوْرَةً عَذَّبَهُ اللّٰهُ بِهَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حَتّٰى يَنْفُخَ فِيْهَا وَلَيْسَ بِنَافِخٍ وَمَنْ تَحَلَّمَ كُلِّفَ اَنْ يَّعْقِدَ شَعِيْرَةً وَمَنِ اسْتَمَعَ اِلٰى حَدِيْثِ قَوْمٍ يَفِرُّوْنَ بِهٖ مِنْهُ صُبَّ فِیْ اُذُنِهِ الْاٰنُكُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔

عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جس نے کوئی تصویر بنائی تو قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اُسے عذاب دیتا رہے گا جب تک اُس میں جان نہ ڈال دے اور وہ جان نہیں ڈال سکے گا۔ جو جھوٹا خواب بیان کرے اُس سے جو میں گانٹھ لگانے کے لیے کہا جائے گا۔ جو لوگوں کی ایسی بات سُنے جس کے باعث وہ اُس سے بھاگتے ہوں تو قیامت کے روز اُس کے کانوں میں پگھلا ہوا سیسہ ڈالا جائیگا۔

۱۵۹۰۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَاَيْتُ اللَّيْلَةَ كَاَنَّا فِیْ دَارِ عُقْبَةَ بْنِ رَافِعٍ وَاُتِيْنَا بِرُطَبٍ مِّنْ رُّطَبِ ابْنِ طَابٍ فَاَوَّلْتُ اَنَّ الرِّفْعَةَ لَنَا فِی الدُّنْيَا وَالْعَاقِبَةَ فِی الْاٰخِرَةِ وَاَنَّ دِيْنَنَا قَدْ طَابَ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ رات میں نے دیکھا کہ گویا ہم عقبہ بن رافع کے گھر میں ہیں اور ہمارے پاس ابنِ وطاب کی تر کھجوریں لائی گئیں۔ میں نے یہ تعبیر دی کہ دنیا میں ہمارے لیے رفعت اور آخرت میں عافیت ہے اور ہمارا دین پاکیزہ ہے۔

باب ۵۱۳ فِی التَّثَاؤُبِ۔

جمائی کا بیان

۱۵۹۱۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ نَا زُهَيْرٌ عَنْ سُهَيْلٍ عَنِ ابْنِ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِیِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا تَثَاءَبَ اَحَدُكُمْ فَلْيُمْسِكْ عَلٰى فِيْهِ فَاِنَّ الشَّيْطٰنَ يَدْخُلُ۔

ابن ابو سعید خدری نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جب تم میں سے کسی کو جمائی آئے تو اپنے منہ کو بند رکھے کیونکہ شیطان داخل ہوتا ہے۔

۱۵۹۲۔ حَدَّثَنَا ابْنُ الْعَلَاءِ عَنْ وَكِيْعٍ عَنْ

ابن العلاء، وکیع، سفیان نے سُہیل سے اسی طرح روایت

سُفْيَانَ عَنْ سُهَيْلٍ نَحْوَهُ قَالَ فِي الصَّلٰوةِ فَلْيَكْظِمْ مَا اسْتَطَاعَ۔

کرتے ہوئے کہا کہ نماز میں حتی الامکان منہ بند رکھے۔

۱۵۹۳۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْعُطَاسَ وَيَكْرَهُ التَّثَاؤُبَ فَإِذَا تَثَاءَبَ أَحَدُكُمْ فَلْيَرُدَّهُ مَا اسْتَطَاعَ وَلَا يَقُلْ هَاهْ هَاهْ فَإِذَا ذٰلِكُمْ مِنَ الشَّيْطَانِ يَضْحَكُ مِنْهُ۔

سعید بن ابوسعید مقبری کے والد ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اللہ تعالیٰ چھینک کو پسند اور جمائی کو ناپسند فرماتا ہے۔ جب تم میں سے کسی کو جمائی آئے تو حتی الامکان اُسے روکے اور ہاہ ہاہ نہ کرے کیونکہ تمہاری یہ حرکت شیطان کی طرف سے ہے جس پر وہ ہنستا ہے۔

بَابٌ ۵۱۴ فِي الْعُطَاسِ۔

چھینک کا بیان

۱۵۹۴۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيٰى عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ سُمَيٍّ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا عَطَسَ وَضَعَ يَدَهُ أَوْ ثَوْبَهُ عَلٰى فِيهِ وَخَفَضَ أَوْ غَضَّ بِهَا صَوْتَهُ شَكَّ يَحْيٰى۔

ابو صالح سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جب چھینک آتی تو اپنا ہاتھ یا کپڑا منہ پر رکھ لیتے اور آہستہ یا ہلکی آواز سے چھینکتے۔ اس میں یحییٰ کو شک ہے۔

۱۵۹۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ سُفْيَانَ وَخُشَيْشُ بْنُ أَصْرَمَ قَالَ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَمْسٌ تَجِبُ لِلْمُسْلِمِ عَلٰى أَخِيهِ رَدُّ السَّلَامِ وَتَشْمِيتُ الْعَاطِسِ وَإِجَابَةُ الدَّعْوَةِ وَعِيَادَةُ الْمَرِيضِ وَاتِّبَاعُ الْجَنَازَةِ۔

ابن مسیب نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ ایک مسلمان پر اپنے مسلمان بھائی کی طرف سے پانچ باتیں واجب ہوتی ہیں۔ سلام کا جواب دینا، چھینکنے والے کو جواب دینا دعوت کا قبول کرنا، بیمار کی عیادت کرنا اور جنازے کے ساتھ جانا۔

بَابٌ ۵۱۵ كَيْفَ تَشْمِيتُ الْعَاطِسِ۔

چھینکنے والے کو کیسے جواب دے؟

۱۵۹۶۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ قَالَ كُنَّا مَعَ سَالِمِ بْنِ عُبَيْدٍ فَعَطَسَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ فَقَالَ سَالِمٌ وَعَلَيْكَ وَعَلٰى أُمِّكَ ثُمَّ قَالَ بَعْدُ لَعَلَّكَ وَجَدْتَ مِمَّا قُلْتُ لَكَ قَالَ لَوَدِدْتُ أَنَّكَ لَمْ تَذْكُرْ أُمِّي بِخَيْرٍ وَلَا بِشَرٍّ قَالَ إِنَّمَا

ہلال بن یساف کا بیان ہے کہ ہم حضرت سالم بن عُبید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ تھے تو لوگوں میں سے ایک کو چھینک آئی۔ اُس نے کہا:۔ تم پر سلامتی ہو۔ حضرت سالم نے کہا کہ تم پر اور تمہاری والدہ پر۔ پھر اس کے بعد فرمایا:۔ جو میں نے کہا شاید وہ تمہیں اچھا نہیں لگا۔ اُس شخص نے کہا:۔ میں تو یہی چاہتا تھا کہ میری والدہ ماجدہ کا ذکر آپ بھلائی یا برائی سے نہ کرتے۔ فرمایا کہ میں نے وہی کہا جو

قُلْتُ كَمَا قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّا بَيْنَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا عَطَسَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْكَ وَعَلَى أُمِّكَ ثُمَّ قَالَ إِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ فَلْيَحْمَدِ اللهَ قَالَ فَذَكَرَ بَعْضَ الْمَحَامِدِ وَلْيَقُلْ لَهُ مَنْ عِنْدَهُ يَرْحَمُكَ اللهُ وَلْيَرُدَّ يَعْنِي عَلَيْهِمْ يَغْفِرُ اللهُ لَنَا وَلَكُمْ۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کیونکہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر تھے تو لوگوں میں سے ایک کو چھینک آئی۔ اُس نے کہا۔ تم پر سلامتی ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم پر اور تمہاری والدہ پر۔ پھر فرمایا کہ جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کہے اور بعض دوسرے محامد کا ذکر فرمایا۔ اور جو اس کے پاس ہو وہ اُس سے کہے۔ اللہ تعالیٰ تم پر رحم فرمائے اور چھینکنے والا اُنہیں جواب دے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اور آپ کو بخشے۔

۱۵۹۷۔ حَدَّثَنَا تَمِيمُ بْنُ الْمُنْتَصِرِ نَا إِسْحٰقُ يَعْنِي ابْنَ يُوسُفَ عَنْ أَبِي بِشْرٍ وَرْقَاءَ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ عَرْفَجَةَ عَنْ سَالِمِ بْنِ عُبَيْدٍ الْأَشْجَعِيِّ بِهٰذَا الْحَدِيثِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

تمیم بن منتصر، اسحاق بن یوسف، ابوبشر ورقاء، منصور، ہلال بن یساف، خالد بن عرفجہ، حضرت خالد بن عبید اشجعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس حدیث کو روایت کیا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے۔

۱۵۹۸۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِينَارٍ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ فَلْيَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلَى كُلِّ حَالٍ وَلْيَقُلْ أَخُوهُ أَوْ صَاحِبُهُ يَرْحَمُكَ اللهُ وَيَقُولُ هُوَ يَهْدِيكُمُ اللهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ۔

موسیٰ بن اسمٰعیل، عبدالعزیز بن عبداللہ بن ابوسلمہ، عبداللہ بن دینار، ابوصالح نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو کہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی كُلِّ حَالٍ اور اس کا بھائی یا ساتھی کہے۔ يَرْحَمُكَ اللهُ اور چھینکنے والا کہے۔ يَهْدِيكُمُ اللهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ

بَابٌ كَمْ يُشَمَّتُ الْعَاطِسُ۔

چھینکنے والے کو کتنی دفعہ جواب دے؟

۱۵۹۹۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيٰى عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ أَبِي سَعِيدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ شَمِّتْ أَخَاكَ ثَلَاثًا فَمَا زَادَ فَهُوَ زُكَامٌ۔

سعید بن ابوسعید سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ اپنے بھائی کو تین دفعہ تک چھینک کا جواب دو۔ اس سے زیادہ ہو تو وہ زکام ہے۔

۱۶۰۰۔ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ الْمِصْرِيُّ أَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ لَا أَعْلَمُهُ۔

سعید بن ابوسعید سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ میرے (سعید کے) علم میں تو یہی ہے کہ انہوں نے اسے معناً نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مرفوعاً روایت

اِلَّا اَنَّهٗ رَفَعَ الْحَدِيْثَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَاهُ قَالَ اَبُوْدَاؤُدَ رَوَاهُ اَبُوْنُعَيْمٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ قَيْسٍ عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

کیا ہے ـــــ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے ابونعیم، موسیٰ بن قیس، محمد بن عجلان، سعید، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے۔

۱۶۰۱۔ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ نَا مَالِكُ ابْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ يَحْيَى بْنِ اِسْحٰقَ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ عَنْ اُمِّهٖ حُمَيْدَةَ اَوْ عُبَيْدَةَ بِنْتِ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ الزُّرَقِيِّ عَنْ اَبِيْهَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُشَمِّتُ الْعَاطِسَ ثَلٰثًا فَاِنْ شِئْتَ اَنْ تُشَمِّتَهٗ فَشَمِّتْهُ وَاِنْ شِئْتَ فَكُفَّ۔

ہارون بن عبداللہ، مالک بن اسمٰعیل، عبدالسلام بن حرب، یزید بن عبدالرحمٰن، یحییٰ بن اسحاق بن عبداللہ بن ابوطلحہ، انکی والدۂ ماجدہ حضرت حُمیدہ یا عُبیدہ بنت عُبید بن رفاعہ زرقی نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، ۔چھینکنے والے کو تین دفعہ تک جواب دو۔ آگے تم چھینک کا جواب دینا چاہو تو دو اور جواب نہ دینا چاہو تو نہ دو۔

۱۶۰۲۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى نَا ابْنُ اَبِيْ زَائِدَةَ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ اِيَاسِ ابْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَجُلًا عَطَسَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ ثُمَّ عَطَسَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّجُلُ مَزْكُوْمٌ۔

ابراہیم بن موسیٰ، ابن ابی زائدہ، عکرمہ بن عمار، ایاس بن سلمہ بن الاکوع نے اپنے والدِ ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور ایک آدمی نے چھینکا تو آپ نے کہا،۔ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ ۔ پھر چھینکا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا،۔ اس آدمی کو زکام ہے۔

بَابٌ ۵۱۷ كَيْفَ يُشَمِّتُ الذِّمِّيَّ۔

ذمی کی چھینک کا جواب کیسے دے؟

۱۶۰۳۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ نَا وَكِيْعٌ نَا سُفْيَانُ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ الدَّيْلَمِ عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَتِ الْيَهُوْدُ تَعَاطَسُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَاءَ اَنْ يَقُوْلَ لَهَا يَرْحَمُكِ اللّٰهُ فَكَانَ يَقُوْلُ يَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ۔

ابوبُردہ سے اُن کے والد ماجد نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں یہودی چھینکتے تو یہ اُمید رکھتے کہ آپ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ فرمائیں گے لیکن آپ فرمایا کرتے:۔ يَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ۔

بَابٌ ۵۱۸ فِيْمَنْ يَعْطِسُ وَلَا يَحْمَدُ اللّٰهَ۔

جو چھینکے اور الحمد للہ نہ کہے

۱۶۰۴۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ نَا زُهَيْرٌ ...

احمد بن یونس، زُہیر ـــــ محمد بن کثیر، سفیان تیمی سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا،۔ دو

نا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ عَنْ أَنَسٍ قَالَ عَطَسَ رَجُلَانِ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَمَّتَ أَحَدَهُمَا وَتَرَكَ الْآخَرَ قَالَ فَقِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ رَجُلَانِ عَطَسَا فَشَمَّتَّ أَحَدَهُمَا وَتَرَكْتَ الْآخَرَ فَقَالَ إِنَّ هٰذَا حَمِدَ اللّٰهَ وَإِنَّ هٰذَا لَمْ يَحْمَدِ اللّٰهَ۔

شخص نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور چھینکے تو اُن میں سے ایک کو آپ نے جواب دیا اور دوسرے کو نہ دیا۔ عرض کی گئی کہ یا رسول اللہ! دو آدمی چھینکے تھے لیکن ایک کو آپ نے جواب دیا اور دوسرے کو نہ دیا؟ فرمایا کہ اس نے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہا اور اس نے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نہیں کہا تھا۔

اَبْوَابُ النَّوْمِ

نیند کا بیان

باب ۵۱۹ فِي الرَّجُلِ يَنْبَطِحُ عَلَى بَطْنِهِ -

۱۶۰۵ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى نَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ قَالَ نَا أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ يَعِيشَ بْنِ طِخْفَةَ ابْنِ قَيْسٍ الْغِفَارِيِّ قَالَ كَانَ أَبِي مِنْ أَصْحَابِ الصُّفَّةِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْطَلِقُوا بِنَا إِلَى بَيْتِ عَائِشَةَ فَانْطَلَقْنَا فَقَالَ يَا عَائِشَةُ أَطْعِمِينَا فَجَاءَتْ بِجَشِيشَةٍ فَأَكَلْنَا ثُمَّ قَالَ يَا عَائِشَةُ أَطْعِمِينَا فَجَاءَتْ بِحَيْسَةٍ مِثْلِ الْقَطَاةِ فَأَكَلْنَا ثُمَّ قَالَ يَا عَائِشَةُ أَسْقِينَا فَجَاءَتْ بِعُسٍّ مِنَ اللَّبَنِ فَشَرِبْنَا ثُمَّ قَالَ يَا عَائِشَةُ أَسْقِينَا فَجَاءَتْ بِقَدَحٍ صَغِيرٍ فَشَرِبْنَا ثُمَّ قَالَ إِنْ شِئْتُمْ بِتُّمْ وَإِنْ شِئْتُمْ انْطَلَقْتُمْ إِلَى الْمَسْجِدِ قَالَ فَبَيْنَمَا أَنَا مُضْطَجِعٌ مِنَ السَّحَرِ عَلَى بَطْنِي إِذَا رَجُلٌ يُحَرِّكُنِي بِرِجْلِهِ فَقَالَ إِنَّ هٰذِهِ ضِجْعَةٌ يُبْغِضُهَا اللّٰهُ قَالَ فَنَظَرْتُ فَإِذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -

جو اپنے پیٹ کے بل لیٹے

محمد بن مثنیٰ، معاذ بن ہشام، اُن کے والدِ ماجد، یحییٰ بن ابوکثیر، ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن، یعیش بن طغفہ بن قیس غفاری نے اپنے والدِ ماجد سے روایت کی ہے جو اصحابِ صفہ سے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ہمارے ساتھ عائشہ کے گھر چلو۔ پس ہم گئے تو آپ نے فرمایا۔ اے عائشہ! ہمیں کھانا کھلاؤ۔ وہ چڑیا کے برابر حیسہ لے کر آئیں تو ہم نے کھایا۔ پھر فرمایا کہ اے عائشہ! ہمیں کچھ پلاؤ۔ وہ دودھ کا ایک بڑا پیالہ لے کر آئیں تو ہم نے پیا۔ پھر فرمایا کہ اگر تم چاہو تو سو جاؤ اور چاہو مسجد میں چلے جاؤ۔ اسی دوران کہ میں پیٹ کے بل صبح تک لیٹا ہوا تھا کہ ایک شخص اپنے پیر سے مجھے ہلانے لگا۔ اور کہا۔ اسی طرح لیٹنے سے اللہ تعالیٰ ناراض ہوتا ہے۔ چنانچہ میں نے دیکھا تو وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تھے۔

باب ۵۲۰ فِي النَّوْمِ عَلَى السَّطْحِ لَيْسَ عَلَيْهِ حِجَارٌ -

۱۶۰۶ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى نَا سَالِمٌ يَعْنِي ابْنَ نُوحٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ جَابِرٍ الْحَنَفِيِّ عَنْ وَعْلَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ وَثَّابٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَلِيٍّ يَعْنِي ابْنَ شَيْبَانَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ بَاتَ عَلَى ظَهْرِ بَيْتٍ لَيْسَ عَلَيْهِ حِجَارٌ

جو بغیر منڈیر والی چھت پر سوئے

محمد بن مثنیٰ، سالم بن نوح، عمرو بن جابر حنفی، وعلہ بن عبدالرحمان بن وثاب، عبدالرحمٰن بن علی بن شیبان نے اپنے والدِ ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو ایسے گھر کی چھت پر رات گزارے (سوئے) جس پر منڈیر نہ ہو تو اُس کا کوئی ذمہ دار نہیں ہے۔

فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ الذِّمَّةُ۔

ف- اگر کوئی ایسے مکان پر سوئے کہ چھت کی چاروں طرف سے منڈیریں اُونچی نہیں ہیں بلکہ چھت کے برابر ہیں تو ایسی چھت پر سونے والا اللہ تعالیٰ کی ذمہ داری میں نہیں رہا۔ مطلب یہ ہے کہ اگر وہ ایسی چھت پر سوئے گا تو بے خبری میں نیچے گر سکتا ہے اور اس طرح موت بھی واقع ہو سکتی ہے۔ چونکہ وہ جان بوجھ کر خطرے کے قریب گیا لہٰذا اچانک موت پر خدا کی طرف سے آدمی جس نرمی کا مستحق ہوتا ہے ایسی چھت پر سونے والا اُس سلوک کا مستحق نہیں ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ ۵۲۱ فِي النَّوْمِ عَلَى طَهَارَةٍ۔

۱۶۰۷- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا حَمَّادٌ أَنَا عَاصِمُ بْنُ بَهْدَلَةَ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ أَبِي ظَبْيَةَ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَبِيتُ عَلَى ذِكْرٍ طَاهِرٍ فَيَتَعَارُّ مِنَ اللَّيْلِ فَيَسْأَلُ اللّٰهَ خَيْرًا مِنَ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ إِلَّا أَعْطَاهُ إِيَّاهُ قَالَ ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ قَدِمَ عَلَيْنَا أَبُو ظَبْيَةَ فَحَدَّثَنَا بِهٰذَا الْحَدِيثِ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَابِتٌ قَالَ فُلَانٌ لَقَدْ جَهِدْتُ أَنْ أَقُولَهَا حِينَ أَنْبَعِثُ فَمَا قَدَرْتُ عَلَيْهَا۔

باوضو ہونے کا بیان

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔۔ جو مسلمان رات کو ذکرِ الٰہی کرکے باوضو سوئے اور رات کو چونک پڑے تو اللہ تعالیٰ سے دنیا و آخرت کی جو بھلائی مانگے گا اُسے عطا فرما دی جائے گی۔ ثابت بنانی کا بیان ہے کہ ابوظبیہ ہمارے پاس تشریف لائے تو حضرت معاذ بن جبل کے واسطے سے یہ حدیث ہم سے بیان فرمائی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ ثابت کا بیان ہے کہ مجھ سے فلاں آدمی نے کہا کہ میں نے بیدار ہونے پر ایسا کہنے کی کوشش کی لیکن یہ کام مجھ سے نہ ہو سکا۔

۱۶۰۸- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ كُرَيْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ مِنَ اللَّيْلِ فَقَضَى حَاجَتَهُ فَغَسَلَ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ ثُمَّ نَامَ يَعْنِي بَالَ۔

عثمان بن ابوشیبہ، وکیع، سفیان، سلمہ بن کہیل، کُریب، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رات کے وقت کھڑے ہوئے تو حاجت رفع فرمائی۔ منہ اور دونوں ہاتھ دھوئے اور پھر سو رہے۔

بَابٌ ۵۲۲ كَيْفَ يَتَوَجَّهُ الرَّجُلُ عِنْدَ النَّوْمِ۔

۱۶۰۹- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا حَمَّادٌ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ بَعْضِ آلِ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَ كَانَ فِرَاشُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوًا مِمَّا يُوضَعُ الْإِنْسَانُ فِي قَبْرِهِ وَكَانَ الْمَسْجِدُ عِنْدَ رَأْسِهِ۔

آدمی سوتے وقت کس طرف منہ کرے؟

ابوقلابہ نے آلِ اُمِّ سلمہ کے ایک فرد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بستر تقریباً اسی طرح کا ہوتا جیسے آدمی کو اُس کی قبر میں رکھا جاتا ہے اور نماز پڑھنے کی جگہ آپ کے سرِ مبارک کے نزدیک ہوتی تھی۔

بَابٌ ۵۲۳ مَا يَقُولُ عِنْدَ النَّوْمِ۔

۱۶۱۰- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ نَا أَبَانُ

سوتے وقت کیا کہے؟

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت حفصہ

نَا عَاصِمٌ عَنْ مَعْبَدِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ سَوَاءٍ عَنْ حَفْصَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَرْقُدَ وَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنَى تَحْتَ خَدِّهِ ثُمَّ يَقُولُ اللّٰهُمَّ قِنِي عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ ثَلَاثَ مِرَارٍ۔

رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب سونے کا ارادہ فرماتے تو دایاں ہاتھ رخسار مبارک کے نیچے رکھتے اور تین مرتبہ کہتے ، ۔ اے اللہ! مجھے عذاب سے بچانا جس روز تو اپنے بندوں کو اٹھائے۔

ف ۔ اُمّ المؤمنین سیدہ حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بھی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حرمِ محترم ہیں۔ یہ اُمّ المؤمنین حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صاحبزادی تھیں ۔ ان کی والدہ ماجدہ حضرت زینب بنت مظعون تھیں جو مشہور صحابی حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بہن تھیں ۔ سیدہ حفصہ پہلے حضرت خنیس بن حذافہ سہمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نکاح میں تھیں جو بدری صحابی ہیں اور غزوۂ بدر یا غزوۂ اُحد کے بعد وفات پا گئے تھے۔ بیوہ ہونے پر حضرت عمر نے حضرت عثمان اور حضرت ابوبکر صدیق سے یکے بعد دیگرے ان سے نکاح کرنے کی پیش کش کی لیکن دونوں حضرات اقرار یا انکار کیے بغیر ٹال مٹول سے کام لیتے رہے ۔ آخر کار رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کا پیغام دیا اور ۳ھ میں آپ کے حبالۂ عقد میں آئیں ۔ بات یہ ہے کہ حضرت عثمان اور خصوصاً حضرت ابوبکر صدیق کو حضرت حفصہ کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارادے کا علم ہو گیا تھا۔ حضرت حفصہ کی ولادت بعثتِ نبوی سے پانچ سال پہلے ہوئی تھی اور رحمت دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وصال کے وقت ان کی عمر اٹھائیس سال تھی ۔ ان کے سالِ وفات میں اختلاف ہے لیکن بوقتِ وصال عمر ساٹھ سال بتائی جاتی ہے ۔ کتب متداولہ میں ان سے ساٹھ حدیثیں مروی ہیں جن میں سے چار حدیثیں متفق علیہ، چھ صحیح مسلم میں اور باقی دیگر کتب احادیث میں موجود ہیں۔ (مدارج النبوۃ ، جلد دوم)۔

۱۶۱۱ ۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا الْمُعْتَمِرُ قَالَ سَمِعْتُ مَنْصُورًا يُحَدِّثُ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ قَالَ حَدَّثَنِي الْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَتَيْتَ مَضْجَعَكَ فَتَوَضَّأْ وُضُوءَكَ لِلصَّلٰوةِ ثُمَّ اضْطَجِعْ عَلٰى شِقِّكَ الْأَيْمَنِ وَقُلِ اللّٰهُمَّ أَسْلَمْتُ وَجْهِي إِلَيْكَ وَفَوَّضْتُ أَمْرِي إِلَيْكَ وَأَلْجَأْتُ ظَهْرِي إِلَيْكَ رَهْبَةً وَرَغْبَةً إِلَيْكَ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ إِلَّا إِلَيْكَ اٰمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِي أَنْزَلْتَ وَنَبِيِّكَ الَّذِي أَرْسَلْتَ قَالَ فَإِنْ مُتَّ مُتَّ عَلَى الْفِطْرَةِ وَاجْعَلْهُنَّ اٰخِرَ مَا تَقُولُ قَالَ الْبَرَاءُ فَقُلْتُ أَسْتَذْكِرُهُنَّ فَقُلْتُ وَبِرَسُولِكَ الَّذِي أَرْسَلْتَ قَالَ لَا وَنَبِيِّكَ الَّذِي أَرْسَلْتَ۔

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا ۔ جب تم سونے کا ارادہ کرو تو وضو کر لو جیسے نماز کے لیے ۔ پھر اپنی داہنی کروٹ پر لیٹ جاؤ اور کہو ، ۔ اے اللہ! میں نے اپنا منہ تیری طرف پھیر لیا اور اپنا معاملہ تیرے سپرد کر دیا اور اپنی پیٹھ تیری طرف جھکا دی تیرے عذاب سے ڈرتے اور ثواب کی اُمید رکھتے ہوئے ۔ تجھ سے چھپنے اور پناہ لینے کی کوئی جگہ نہیں مگر تیری طرف ۔ جو کتاب تو نے نازل فرمائی میں اُس پر ایمان رکھتا ہوں اور اُس نبی پر جو تُو نے بھیجا ۔ فرمایا کہ اگر تم مر گئے تو فطرت پر مرو گے اور ان الفاظ کو اپنی ساری بات چیت کا آخر بناؤ۔ حضرت براء عرض گزار ہوئے کہ میں انہیں ابھی یاد کر لیتا ہوں ۔ چنانچہ میں نے کہا ، " اور تیرے اُس رسول پر جسے تُو نے بھیجا " فرمایا ، نہیں بلکہ ، " اور تیرے اُس نبی پر جسے تُو نے بھیجا "

۱۶۱۲- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنْ فِطْرِ بْنِ خَلِيفَةَ قَالَ سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ عُبَيْدَةَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَوَيْتَ إِلَى فِرَاشِكَ طَاهِرًا فَتَوَسَّدْ يَمِينَكَ ذَكَرَ نَحْوَهُ۔

سعد بن عُبیدہ نے حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا ۔ جب تم باوضو اپنے بستر کی طرف آؤ تو دائیں ہاتھ کا سرہانہ بنالو۔ آگے اُسی طرح ذکر ہے ۔

۱۶۱۳- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْغَزَّالُ نَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ وَمَنْصُورٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنِ الْبَرَاءِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَذَا قَالَ سُفْيَانُ قَالَ أَحَدُهُمَا إِذَا أَتَيْتَ فِرَاشَكَ طَاهِرًا وَقَالَ الْآخَرُ تَوَضَّأْ وُضُوءَكَ لِلصَّلَاةِ وَسَاقَ مَعْنَى مُعْتَمِرٍ۔

محمد بن عبدالملک غزال ، محمد بن یوسف ، سفیان ، اعمش اور منصور ، سعد بن عُبیدہ ، حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس حدیث کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے۔ سفیان کا بیان ہے کہ دونوں میں سے ایک نے کہا ۔ جب تم اپنے بستر کی طرف باوضو آؤ۔ دوسرے نے کہا ۔ تو نماز کے وضو کی طرح وضو کر لو۔ آگے ۔ معتمر کی طرح بیان کی ۔

۱۶۱۴- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ رِبْعِيٍّ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا نَامَ قَالَ اللَّهُمَّ بِاسْمِكَ أَحْيَى وَأَمُوتُ وَإِذَا اسْتَيْقَظَ قَالَ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُورُ۔

عبدالملک بن عُمیر نے ربعی سے روایت کی ہے کہ حضرت حُذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جب سونے لگو تو کہو ۔ اے اللہ! میں تیرے نام کے ساتھ زندہ ہوتا اور مرتا ہوں اور جب بیدار ہو تو کہے ۔ سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے ہمارے مرجانے کے بعد ہمیں زندہ کیا اور اُسی کی طرف ہم اُٹھائے جائیں گے ۔

۱۶۱۵- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا زُهَيْرٌ نَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَوَى أَحَدُكُمْ إِلَى فِرَاشِهِ فَلْيَنْفُضْ فِرَاشَهُ بِدَاخِلَةِ إِزَارِهِ فَإِنَّهُ لَا يَدْرِي مَا خَلَفَهُ عَلَيْهِ ثُمَّ لِيَضْطَجِعْ عَلَى شِقِّهِ الْأَيْمَنِ ثُمَّ لِيَقُلْ بِاسْمِكَ رَبِّي وَضَعْتُ جَنْبِي وَبِكَ أَرْفَعُهُ إِنْ أَمْسَكْتَ نَفْسِي فَارْحَمْهَا وَإِنْ أَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ الصَّالِحِينَ مِنْ عِبَادِكَ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ۔ جب تم میں سے کوئی اپنے بستر پر جانے لگے تو اپنے بچھونے کو جھاڑ لے اپنی ازار کے ایک پلّے سے کیونکہ وہ نہیں جانتا کہ اُس کے بعد کون آیا۔ پھر اپنی داہنی کروٹ پر لیٹ جائے۔ پھر کہے ۔ اے میرے رب! تیرے نام کے ساتھ میں نے اپنا پہلو رکھا اور تیرے ساتھ اُٹھاتا ہوں ۔ اگر تو میری جان روکے تو مجھ پر رحم فرمانا اور اگر اُسے بھیجے تو اُس کی حفاظت فرمانا جیسے تو نے اپنے نیک بندوں کی حفاظت فرمائی ہے ۔

۱۶۱۶۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا وُهَيْبٌ ح وَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ عَنْ خَالِدٍ نَحْوَهُ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ إِذَا أَوَى إِلَى فِرَاشِهِ اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰى مُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيلِ وَالْقُرْآنِ أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ ذِي شَرٍّ أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهِ أَنْتَ الْأَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ وَأَنْتَ الْآخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ وَأَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَيْءٌ وَأَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَيْسَ دُونَكَ شَيْءٌ زَادَ وَهْبٌ فِي حَدِيثِهِ اقْضِ عَنِّي الدَّيْنَ وَأَغْنِنِي مِنَ الْفَقْرِ۔

موسیٰ بن اسمٰعیل، وُہَیب ——— وہب بن بقیہ، خالد، سُہیل کے والدِ ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب سونے کا ارادہ فرماتے تو کہا کرتے:۔ اے اللہ! آسمان کے رب، زمین کے رب اور ہر چیز کے رب، دانے اور گٹھلی کو اگانے والے، توریت، انجیل اور قرآن کو نازل فرمانے والے، میں ہر برائی والی چیز کی برائی سے تیری پناہ پکڑتا ہوں، تو اسے پیشانی سے پکڑنے والا ہے۔ تو سب سے پہلے ہے اور تجھ سے پہلے کوئی چیز نہیں۔ تو سب سے آخر ہے اور تیرے بعد کوئی چیز نہیں۔ تو ظاہر ہے اور تجھ سے اوپر کوئی چیز نہیں۔ تو باطن ہے اور تیرے سوا کوئی چیز نہیں ——— وہب بن بقیہ نے اپنی حدیث میں یہ بھی کہا:۔ میرا قرض ادا فرما اور مجھے غریب سے غنی بنا۔

۱۶۱۷۔ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ نَا الْأَحْوَصُ يَعْنِي ابْنَ جَوَّابٍ نَا عَمَّارُ بْنُ رُزَيْقٍ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنِ الْحَارِثِ وَأَبِي مَيْسَرَةَ عَنْ عَلِيٍّ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ عِنْدَ مَضْجَعِهِ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِوَجْهِكَ الْكَرِيمِ وَبِكَلِمَاتِكَ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ مَا أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهِ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ تَكْشِفُ الْمَغْرَمَ وَالْمَأْثَمَ اَللّٰهُمَّ لَا يُهْزَمُ جُنْدُكَ وَلَا يُخْلَفُ وَعْدُكَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ۔

عباس بن عبدالعظیم، احوص بن جوّاب، عمّار بن زُریق، ابواسحاق، حارث، ابومیسرہ، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سونے سے پہلے کہا کرتے:۔ اے اللہ! تیری بزرگ ذات کی پناہ پکڑتا ہوں اور تیرے مکمل کلمات کی، اُس کے شر سے جس کو تو پیشانی سے پکڑنے والا ہے:۔ اے اللہ! تو ہی قرض ادا کرواتا اور گناہوں کو معاف کرتا ہے۔ اے اللہ! تیرے لشکر کو شکست نہیں ہوگی اور تیرا وعدہ غلط نہیں ہوگا۔ تیرے سامنے کسی زور آور کا زور نہیں چلتا۔ تو پاک ہے اور سب تعریفیں تیرے لیے ہیں۔

۱۶۱۸۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ ثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَوَى إِلَى فِرَاشِهِ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَكَفَانَا وَآوَانَا فَكَمْ مِمَّنْ لَا كَافِيَ لَهُ وَلَا مُؤْوِيَ۔

ثابت نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب اپنے بستر پر جلوہ افروز ہوتے تو کہتے:۔ سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے ہمیں کھلایا اور پلایا اور ہمیں بچایا اور ہمیں ٹھکانا دیا جبکہ کتنے ہی ایسے ہیں جن کا کوئی بچانے والا اور انہیں ٹھکانا دینے والا نہیں۔

۱۶۱۹۔ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُسَافِرٍ التِّنِّيسِيُّ نَا

خالد بن معدان نے حضرت ابوالازہر انماری رضی اللہ

يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ عَنْ ثَوْرٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ أَبِي الْأَزْهَرِ الْأَنْمَارِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَخَذَ مَضْجَعَهُ مِنَ اللَّيْلِ قَالَ بِسْمِ اللهِ وَضَعْتُ جَنْبِي اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي وَاخْسَأْ شَيْطَانِي وَفُكَّ رِهَانِي وَاجْعَلْنِي فِي النَّدِيِّ الْأَعْلَى قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ أَبُو هَمَّامٍ الْأَهْوَازِيُّ عَنْ ثَوْرٍ قَالَ أَبُو زُهَيْرٍ الْأَنْمَارِيُّ۔

تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب رات کو سونے لگتے تو کہتے :۔ اللہ کے نام کے ساتھ میں نے اپنی کروٹ کو رکھا۔ اے اللہ! میری لغزش کو بخش دے اور شیطان کو مجھ سے دُور رکھ اور میری رہن رکھی ہوئی چیز کو چھڑا دے اور مجھے اعلیٰ مجلس میں شامل فرما ——— امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اِسے ابو ہمام اہوازی، ثور نے ابوزہیر انماری سے۔

۱۶۲۰۔ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا زُهَيْرٌ نَا أَبُو إِسْحٰقَ عَنْ فَرْوَةَ بْنِ نَوْفَلٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِنَوْفَلٍ اِقْرَأْ قُلْ يَا أَيُّهَا الْكٰفِرُونَ ثُمَّ نَمْ عَلَى خَاتِمَتِهَا فَإِنَّهَا بَرَاءَةٌ مِنَ الشِّرْكِ۔

فروہ بن نوفل نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت نوفل سے فرمایا۔ سوتے وقت آخر میں سورۂ الکافرون پڑھ کر سویا کرو کیونکہ یہ شرک سے بچاتی ہے۔

۱۶۲۱۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَيَزِيدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ مَوْهَبٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَا نَا الْمُفَضَّلُ يَعْنِيَانِ ابْنَ فَضَالَةَ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَوَى إِلَى فِرَاشِهِ كُلَّ لَيْلَةٍ جَمَعَ كَفَّيْهِ ثُمَّ نَفَثَ فِيهِمَا فَقَرَأَ فِيهِمَا قُلْ هُوَ اللهُ أَحَدٌ وَقُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ وَقُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ ثُمَّ يَمْسَحُ بِهِمَا مَا اسْتَطَاعَ مِنْ جَسَدِهِ يَبْدَأُ بِهِمَا عَلَى رَأْسِهِ وَوَجْهِهِ وَمَا أَقْبَلَ مِنْ جَسَدِهِ يَفْعَلُ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ۔

قتیبہ بن سعید اور یزید بن خالد بن موہب ہمدانی، مفضل بن فضالہ، عُقَیل، ابنِ شہاب، عُروہ بن زُبیر نے حضرت صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب رات کو اپنے بستر پر جلوہ افروز ہوتے تو دونوں ہتھیلیوں کو جمع کر کے اُن پر پھونک مارتے اور اُن پر سورۂ اخلاص، سورۂ الفلق اور سورۂ والناس پڑھتے اور دونوں ہاتھوں کو اپنے جسمِ اطہر پر پھیرتے جہاں تک ممکن ہوتا۔ سرِ مبارک اور پُرنور چہرے سے ابتدا فرماتے اور نورانی بدن کے اگلے حصے سے۔ آپ تین دفعہ ایسا ہی کیا کرتے۔

ف۔ اُمّ المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صاحبزادی اور محبوبۂ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تھیں۔ ہجرت کے وقت ان کی عمر سات سال تھی۔ چھ سال کی عمر میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نکاح میں آئیں۔ ۲ھ میں رخصتی اور زفاف ہوا۔ نکاح اور زفاف دونوں شوال کے مہینے میں ہوئے، جن کے درمیان تین سال کا فرق ہے یعنی زفاف کے وقت عمر نو سال تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وصال کے وقت ان کی عمر صرف اٹھارہ سال تھی۔ حُسن وجمال کی پیکر اور علم وفضل کا مجسمہ تھیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے بھانجے یعنی حضرت صدیقہ کی بڑی بہن حضرت اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے صاحبزادے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے نام پہ اِنکی کنیت اُمِّ عبداللہ رکھی کیونکہ ان کے اپنے بطن سے اولاد نہیں ہوئی۔

ان کے بھانجے اور مشہور تابعی حضرت عروہ بن زبیر کا بیان ہے کہ میں نے معانئ قرآن، احکامِ حلال و حرام، اشعارِ عرب اور علم انساب میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے بڑھ کر کسی کو عالم نہیں دیکھا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انہیں حُمیرا کے لقب سے بھی یاد کرتے اور فرمایا کرتے۔ "اپنا دو تہائی دین حمیرا سے حاصل کرو"۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان سے غایت درجہ اور تمام ازواج مطہرات سے زیادہ محبت تھی۔ مشہور تابعی حضرت مسروق ان سے روایت کرتے ہوئے کہا کرتے۔

حَدَّثَتْنِي الصِّدِّيْقَةُ بِنْتُ الصِّدِّيْقِ حَبِيْبَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ یعنی مجھ سے حدیث بیان کی حضرت صدیقہ بنت صدیق نے جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبوبہ تھیں اور کبھی یوں حدیث روایت کرتے۔ حَبِيْبَتُكَ حَبِيْبَةُ اللّٰهِ اِمْرَأَةٌ مِّنَ السَّمَآءِ یعنی اللہ کے حبیب کی محبوبہ نے فرمایا جو آسمانی عورت تھیں۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے کتب احادیث وسیر میں بے شمار فضائل و مناقب مذکور ہیں۔ منجملہ ان کے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ازواجِ مطہرات میں سے کسی کے بستر میں وحی نازل نہیں ہوئی سوائے حضرت عائشہ صدیقہ کے۔ جب منافقین نے ان پر بہتان باندھا تو پروردگارِ عالم نے ان کی صفائی میں سترہ اٹھارہ آیتیں نازل فرمائیں۔ رحمتِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے مبارک حجرے کے اندر اور ان کی گود میں ہی وصال فرمایا تھا۔ اس کے باوجود کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سایۂ عاطفت میں صرف نو سال رہیں لیکن کسی عورت کی ان کے برابر مرویات نہیں۔ کتب معتبرہ میں ان سے دو ہزار دو سو احادیث مروی ہیں، جن میں سے ایک سو چوہتر متفق علیہ ہیں۔ چوّن صحیح بخاری، سڑسٹھ صحیح مسلم میں اور باقی دیگر کتبِ احادیث میں ہیں۔ صحابہ و تابعین کی ایک جماعت نے ان سے روایت کی ہے۔

اہلِ علم و نظر حضرات کے درمیان یہ مسئلہ آج تک زیرِ بحث چلا آیا ہے کہ حضرت خدیجۃ الکبریٰ، حضرت عائشہ صدیقہ اور حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہن میں سے افضل کون ہے۔ سلف و خلف میں سے کسی نے تینوں میں سے کسی کو افضل کہا ہے اور کسی نے کسی کو۔ حق یہ ہے کہ اس کا فیصلہ ممکن ہی نہیں کیونکہ ہر ایک اپنے خصائص کے لحاظ سے بے مثال اور اپنا جواب خود آپ ہے۔ واقدی کی روایت کے مطابق چھیاسٹھ سال کی عمر تھی کہ ۱۷ رمضان المبارک ۵۸ھ میں وصال فرمایا۔ وصیت کے مطابق انہیں جنت البقیع میں دفن کیا گیا اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نمازِ جنازہ پڑھائی۔

۱۶۲۲۔ حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ الْفَضْلِ الْحَرَّانِيُّ نَا بَقِيَّةُ عَنْ بَحِيْرٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنِ ابْنِ أَبِي بِلَالٍ عَنْ عِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ الْمُسَبِّحَاتِ قَبْلَ أَنْ يَرْقُدَ وَقَالَ فِيْهِنَّ آيَةٌ أَفْضَلُ مِنْ أَلْفِ آيَةٍ۔

مؤمل بن فضل حرانی، بقیہ، بحیر، خالد بن معدان، ابن بلال نے حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سونے سے پہلے تسبیح والی سورتوں کو پڑھ لیا کرتے تھے اور فرمایا کہ ان میں ایک آیت ہے جو ہزار آیتوں سے افضل ہے۔

۱۶۲۳۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ نَا عَبْدُ الصَّمَدِ حَدَّثَنِي أَبِي حَدَّثَنِي حُسَيْنٌ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ حَدَّثَهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ إِذَا أَخَذَ مَضْجَعَهُ اَلْحَمْدُ

ابن بریدہ نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب اپنے بستر پر لیٹ جاتے تو کہا کرتے۔ سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے بچایا، ٹھکانا دیا، کھلایا اور پلایا۔ وہی

لِلّٰهِ الَّذِیْ كَفَانِیْ وَاٰوَانِیْ وَاَطْعَمَنِیْ وَاَسْقَانِیْ وَالَّذِیْ مَنَّ عَلَیَّ فَاَفْضَلَ وَالَّذِیْ اَعْطَانِیْ فَاَجْزَلَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی كُلِّ حَالٍ اَللّٰهُمَّ رَبَّ كُلِّ شَیْءٍ وَمَلِیْكَهٗ وَاِلٰهَ كُلِّ شَیْءٍ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ النَّارِ۔

جس نے مجھ پر احسان کیا اور بڑا فضل فرمایا اور وہی جس نے مجھے عطا فرمایا تو خوب دیا۔ ہر حال میں سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں۔ اے اللہ! ہر چیز کے رب اور مالک اور ہر چیز کے معبود۔ میں جہنم سے تیری پناہ لیتا ہوں۔

۱۶۲۴۔ حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ يَحْيٰی ثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنِ الْمَقْبُرِیِّ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اضْطَجَعَ مَضْجَعًا لَمْ يَذْكُرِ اللّٰهَ فِيْهِ اِلَّا كَانَ عَلَيْهِ تِرَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَنْ قَعَدَ مَقْعَدًا لَمْ يَذْكُرِ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ فِيْهِ اِلَّا كَانَ عَلَيْهِ تِرَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔

مقبری نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جو اپنے بستر پر سو جائے اور اُس پر ذکرِ الٰہی نہ کرے تو اس پر قیامت میں اُسے حسرت ہوگی اور جو سو کر اُٹھے اور اللہ عزوجل کا ذکر نہ کرے قیامت کے روز اس پر اُسے حسرت ہوگی (افسوس کرے گا کہ میں نے خدا کا ذکر کیوں نہ کیا)۔

پارہ ـــــــ ۲۲

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

باب ۵۲۴ مَا يَقُولُ الرَّجُلُ إِذَا تَعَارَّ مِنَ اللَّيْلِ۔

جب رات کو آنکھ کھل جائے تو کیا کہے؟

۱۶۲۵۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدِّمَشْقِيُّ نَا الْوَلِيدُ قَالَ قَالَ الْأَوْزَاعِيُّ حَدَّثَنِي عُمَيْرُ بْنُ هَانِئٍ حَدَّثَنِي جُنَادَةُ بْنُ أَبِي أُمَيَّةَ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَعَارَّ مِنَ اللَّيْلِ فَقَالَ حِينَ يَسْتَيْقِظُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ ثُمَّ دَعَا رَبِّ اغْفِرْ لِي قَالَ الْوَلِيدُ أَوْ قَالَ دَعَا اسْتُجِيبَ لَهُ فَإِنْ قَامَ فَتَوَضَّأَ ثُمَّ صَلّٰى قُبِلَتْ صَلَاتُهُ۔

جنادہ بن ابو امیہ نے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی رات کو آنکھ کھل جائے تو بیداری کی حالت میں کہے: نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اُسی کی بادشاہی ہے اور سب تعریفیں اُسی کے لیے ہیں اور نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ اور اللہ بہت بڑا ہے اور نہ طاقت ہے اور نہ قوت مگر اللہ کے ساتھ پھر دعا کرے کہ اے اللہ! مجھے بخش دے۔ ولید کا بیان ہے یا فرمایا دُعا کرے تو اس کی دُعا قبول فرمائی جائے گی۔ اگر کھڑا ہو کر وضو کرے پھر نماز پڑھے تو اس کی نماز قبول فرمائی جائے گی۔

۱۶۲۶۔ حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ يَحْيٰى نَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ نَا سَعِيدٌ يَعْنِي ابْنَ أَبِي أَيُّوبَ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ الْوَلِيدِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا اسْتَيْقَظَ مِنَ اللَّيْلِ قَالَ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ أَسْتَغْفِرُكَ لِذَنْبِي وَأَسْأَلُكَ رَحْمَتَكَ اللّٰهُمَّ زِدْنِي عِلْمًا وَلَا تُزِغْ قَلْبِي بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنِي وَهَبْ لِي مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ۔

سعید بن مسیب نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب رات کو بیدار ہوتے تو کہتے: نہیں ہے کوئی معبود مگر تُو۔ تو پاک ہے۔ اے اللہ میں تجھ سے اپنی لغزشوں کی معافی چاہتا ہوں اور تیری رحمت کا تجھ سے سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ! میرے علم کو زیادہ کر دے اور ہدایت دینے کے بعد میرے دل کو ٹیڑھا نہ کرنا اور مجھے اپنے پاس سے رحمت عنایت فرما، بے شک تُو بہت ہی عطا فرمانے والا ہے۔

باب ۵۲۵ فِي التَّسْبِيحِ عِنْدَ النَّوْمِ۔

سوتے وقت کی تسبیح کا بیان

۱۶۲۷۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا شُعْبَةُ ←

حفص بن عمر، شعبہ ـــــ مسدد، یحییٰ، شعبہ، حکم، ابن ابی لیلیٰ

وثنا مسدد ثنا يحيى عن شعبة المعنى عن الحكم عن ابن أبي ليلى قال مسدد ثنا علي قال شكت فاطمة إلى النبي صلى الله عليه وسلم ما تلقى في يدها من الرحى فأتي بسبي فأتته تسأله فلم تره فأخبرت بذلك عائشة فلما جاء النبي صلى الله عليه وسلم أخبرته فأتانا وقد أخذنا مضاجعنا فذهبنا لنقوم فقال على مكانكما فجاء فقعد بيننا حتى وجدت برد قدميه على صدري فقال ألا أدلكما على خير مما سألتما إذا أخذتما مضاجعكما فسبحا ثلاثا وثلاثين واحمدا ثلاثا وثلاثين وكبرا أربعا وثلاثين فهو خير لكما من خادم.

سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، حضرت فاطمہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے شکایت کرنا تھی کہ چکی پیسنے سے ان کے ہاتھوں میں چھالے پڑ گئے تھے۔ چنانچہ سوال کرنے کے لیے حاضر ہو گئیں، لیکن آپ کو نہ دیکھا تو حضرت عائشہ کو بتا آئیں۔ جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے تو انہوں نے آپ کو بتایا۔ پس آپ ہمارے پاس تشریف لائے اور ہم اپنے بستروں میں لیٹ گئے تھے۔ ہم کھڑے ہونے لگے تو آپ نے اپنی اپنی جگہ پر رہنے کے لیے فرمایا۔ آپ آکر ہمارے درمیان بیٹھ گئے، یہاں تک کہ میں نے آپ کے قدموں کی ٹھنڈک اپنے سینے میں محسوس کی۔ فرمایا کہ جو کچھ تم مانگتے تھے کیا میں تم دونوں کو اس سے بہتر چیز نہ بتا دوں! جب تم اپنے بستروں پر لیٹ جاؤ تو ۳۳ دفعہ سُبْحَانَ اللّٰہِ ۳۳ مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اور ۳۴ مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہا کرو تو یہ تمہارے لیے خادم سے بہتر ہے۔

ف۔ سوتے وقت ۳۳ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ ۳۳ مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اور ۳۴ مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ پڑھنے کو اصطلاحِ عام میں تسبیحِ فاطمہ بھی کہا جاتا ہے۔ بعض روایات میں ہر نماز کے بعد پڑھنا بھی آیا ہے۔ اس تسبیح کے متعلق سرورِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سیدہ فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرماتے کہ "یہ تمہارے لیے خادم سے بہتر ہے" سے معلوم ہوتا ہے کہ ذکرِ الٰہی کے جہاں اُخروی منافع ہیں وہاں دنیاوی فوائد اور برکات بھی ہیں۔ قرآن و حدیث میں ذکرِ الٰہی کے بے شمار فوائد وارد ہوئے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۶۲۸۔ حدثنا مؤمل بن هشام اليشكري نا إسمعيل بن إبراهيم عن الجريري عن أبي الورد بن ثمامة قال قال علي لابن أعبد ألا أحدثك عني وعن فاطمة بنت رسول الله صلى الله عليه وسلم وكانت أحب أهله إليه وكانت عندي فجرت بالرحى حتى أثرت بيدها واستقت بالقربة حتى أثرت في نحرها وقمت البيت حتى اغبرت ثيابها وأوقدت القدر حتى دكنت ثيابها فأصابها من ذلك ضر فسمعنا أن رقيقا أتي بهم النبي صلى الله عليه وسلم فقلت لو أتيت أباك فسألتيه خادما يكفيك

ابو الورد بن ثمامہ کا بیان ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ابن اعبد سے فرمایا: کیا میں تمہیں اپنا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت فاطمہ کا واقعہ نہ بتاؤں جو آپ کو اپنے گھر والوں میں سب سے پیاری اور میرے نکاح میں تھیں۔ وہ چکی پیسا کرتیں یہاں تک کہ اُن کے ہاتھوں میں نشان پڑ گئے۔ مشکیزے سے پانی بھر کر لاتیں یہاں تک کہ اُن کی گردن میں نشان پڑ گیا۔ گھر میں جھاڑو دیا کرتیں یہاں تک کہ اُن کے کپڑے گرد و غبار سے اٹ جاتے اور ہانڈی پکایا کرتیں یہاں تک کہ اُن کے کپڑے سیاہ ہو جاتے اور ان کاموں سے اُنہیں تکلیف ہوتی تھی۔ پس ہم نے سنا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لونڈی غلام آئے ہیں تو میں نے کہا: کاش! تم اپنے والدِ محترم کی خدمت میں جاؤ اور اُن سے خادم کا سوال

فَأَتَتْهُ فَوَجَدَتْ عِنْدَهُ حُدَّاثًا فَاسْتَحْيَتْ فَرَجَعَتْ فَغَدَا عَلَيْنَا وَنَحْنُ فِي لِفَاعِنَا فَجَلَسَ عِنْدَ رَأْسِهَا فَأَدْخَلَتْ رَأْسَهَا فِي اللِّفَاعِ حَيَاءً مِنْ أَبِيهَا فَقَالَ مَا كَانَ حَاجَتُكِ أَمْسِ إِلَى آلِ مُحَمَّدٍ فَسَكَتَتْ مَرَّتَيْنِ فَقُلْتُ أَنَا وَاللهِ أُحَدِّثُكَ يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّ هٰذِهٖ جَرَّتْ عِنْدِي بِالرَّحٰى حَتّٰى أَثَّرَتْ فِي يَدِهَا وَاسْتَقَتْ بِالْقِرْبَةِ حَتّٰى أَثَّرَتْ فِي نَحْرِهَا وَكَسَحَتِ الْبَيْتَ حَتّٰى اغْبَرَّتْ ثِيَابُهَا وَأَوْقَدَتِ الْقِدْرَ حَتّٰى دَكِنَتْ ثِيَابُهَا وَبَلَغَنَا أَنَّهُ قَدْ أَتَاكَ رَقِيقٌ أَوْ خَدَمٌ فَقُلْتُ لَهَا سَلِيهِ خَادِمًا فَذَكَرَ مَعْنٰى حَدِيثِ الْحَكَمِ وَأَتَمَّ۔

کرو جو تمہاری جگہ کام کرے۔ وہ حاضر ہوئیں تو دیکھا کہ آپ کے پاس کچھ حضرات گفتگو کر رہے ہیں۔ اُنہیں شرم محسوس ہوئی اور لوٹ آئیں۔ اگلے روز آپ ہمارے پاس تشریف لائے اور ہم اپنی رضائیوں میں تھے۔ آپ فاطمہ کے سرہانے بیٹھ گئے تو اُنہوں نے اپنے والدِ محترم سے شرماتے ہوئے رضائی میں سر چھپالیا۔ آپ نے فرمایا کہ آلِ محمد کو کل کیا حاجت پیش آگئی تھی؟ دو دفعہ پوچھنے پر بھی وہ خاموش رہیں تو میں نے عرض کی، خدا کی قسم یارسول اللہ! میں عرض کرتا ہوں۔ یہ میرے پاس چکی پیستی ہیں جس سے ان کے ہاتھوں میں نشانات پڑ گئے، مشکیزے میں پانی بھر کر لاتی ہیں جس سے گردن میں نشان پڑ گیا، گھر کی صفائی کرتی ہیں جس سے ان کے کپڑے کالے ہو جاتے ہیں۔ ہمیں یہ خبر پہنچی ہے کہ آپکے پاس لونڈی غلام یا خادم آئے ہیں۔ میں نے ان سے کہا کہ ایک خادم کا سوال کرو۔ آگے حدیثِ حکم کی طرح بیان کیا جو مکمل حدیث ہے۔

۱۶۲۹۔ حَدَّثَنَا عَبَّاسٌ الْعَنْبَرِيُّ نَا عَبْدُ الْمَلِكِ ابْنُ عَمْرٍو نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْهَادِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ عَنْ شَبَثِ ابْنِ رِبْعِيٍّ عَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا الْخَبَرِ قَالَ فِيهِ قَالَ عَلِيٌّ فَمَا تَرَكْتُهُنَّ مُنْذُ سَمِعْتُهُنَّ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا لَيْلَةَ صِفِّينَ فَإِنِّي ذَكَرْتُهَا مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ فَقُلْتُهَا۔

عباس عنبری، عبدالملک بن عمرو، عبدالعزیز بن محمد، یزید بن الہاد، محمد بن کعب قرظی، شبث بن ربعی نے حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے اس کو مرفوعاً روایت کرتے ہوئے اس میں کہا:۔ جب سے میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے یہ سُنا تو اس تسبیح یعنی تسبیحِ فاطمہ کو کبھی ترک نہ کیا (یعنی اس کا ناغہ نہ کیا) سوائے جنگِ صفین کی رات کے کیونکہ مجھے رات کے آخری حصے میں یاد آئی تو میں نے اُسی وقت پڑھ لی۔

۱۶۳۰۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا شُعْبَةُ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَصْلَتَانِ أَوْ خَلَّتَانِ لَا يُحَافِظُ عَلَيْهِمَا عَبْدٌ مُسْلِمٌ إِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ هُمَا يَسِيرٌ وَمَنْ يَعْمَلُ بِهِمَا قَلِيلٌ يُسَبِّحُ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ عَشْرًا وَيَحْمَدُ عَشْرًا وَيُكَبِّرُ عَشْرًا فَذٰلِكَ خَمْسُونَ وَمِائَةٌ بِاللِّسَانِ وَأَلْفٌ وَخَمْسُمِائَةٍ فِي الْمِيزَانِ وَيُكَبِّرُ أَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ إِذَا أَخَذَ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ دو وظیفے ایسے ہیں کہ جو بندہ مسلمان اِن کی حفاظت کرے وہ جنت میں داخل ہوگا۔ وہ پڑھنے میں آسان ہیں لیکن اُنہیں پڑھنے والے تھوڑے ہیں یعنی ہر فرض نماز کے بعد دس دفعہ، سُبْحَانَ اللهِ دس دفعہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اور دس دفعہ اَللهُ اَکْبَرُ ...... کہے۔ یہ زبان پر ڈیڑھ سو اور میزان میں ڈیڑھ ہزار ہیں۔ دوسرا وظیفہ کہ ۳۴ دفعہ اَللهُ اَکْبَرُ کہے جبکہ سونے لگے اور ۳۳ دفعہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اور ۳۳ دفعہ سُبْحَانَ اللهِ کہے۔ یہ زبان پر سو اور میزان میں ایک ہزار ہیں۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ

مضجعه ويحمد ثلاثا وثلاثين ويسبح ثلاثا وثلاثين فذلك مائة باللسان وألف في الميزان فلقد رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يعقدها بيده قالوا يا رسول الله كيف هما يسير ومن يعمل بهما قليل قال يأتي أحدكم في منامه يعني الشيطان فينومه قبل أن يقول ويأتيه في صلاته فيذكره حاجة قبل أن يقولها۔

انہیں انگلیوں پر شمار فرمایا کرتے تھے۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یارسول اللہ! ان کا پڑھنا آسان اور ان پر عمل کرنے والے تھوڑے کیوں ہیں؟ فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی سونے لگے تو ان کلمات کے کہنے سے پہلے شیطان اسے سلا دیتا ہے اور اس کی نماز کے اندر آتا ہے اور انہیں پڑھنے سے پہلے کوئی دوسرا کام یاد کروا دیتا ہے۔

١٦٣١- حدثنا أحمد بن صالح نا عبد الله بن وهب حدثني عياش بن عقبة الحضرمي عن الفضل بن حسن الضمري أن ابن أم الحكم أو ضباعة ابنتي الزبير حدثه عن إحداهما أنها قالت أصاب رسول الله صلى الله عليه وسلم سبيا فذهبت أنا وأختي وفاطمة بنت النبي صلى الله عليه وسلم إلى النبي صلى الله عليه وسلم فشكونا إليه ما نحن فيه وسألناه أن يأمر لنا بشيء من السبي فقال النبي صلى الله عليه وسلم سبقكن يتامى بدر ثم ذكر قصة التسبيح قال على أثر كل صلاة لم يذكر النوم۔

فضل بن حسن ضمری سے روایت ہے کہ ابن ام الحکم یا ضباعہ دختران زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما میں سے ایک نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس قیدی آئے تو میں، میری بہن اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت فاطمہ ہم تینوں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئیں اور آپ سے اپنی محنت و مشقت کی شکایت کی اور سوال کیا کہ ہمارے لیے بھی کسی قیدی کا حکم فرمایا جائے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ غزوۂ بدر کے باعث یتیم ہونے والی لڑکیاں تم سے سبقت لے گئیں۔ پھر تسبیح کے واقعے کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ ہر نماز کے بعد اور سوتے وقت کا ذکر نہیں کیا۔

باب ۵۲۶ ماذا يقول إذا أصبح۔

صبح کے وقت کیا کہے؟

١٦٣٢- حدثنا مسدد نا هشيم عن يعلى بن عطاء عن عمرو بن عاصم عن أبي هريرة أن أبا بكر الصديق قال يا رسول الله مرني بكلمات أقولهن إذا أصبحت وإذا أمسيت قال قل اللهم فاطر السموات والأرض عالم الغيب والشهادة رب كل شيء ومليكه أشهد أن لا إله إلا أنت أعوذ بك من شر نفسي وشر الشيطان و

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق عرض گزار ہوئے:۔ یارسول اللہ! مجھے ایسے کلمات تعلیم فرمائیے جنہیں میں صبح و شام پڑھا کروں؟ فرمایا کہ یوں کہا کرو۔ اے اللہ! آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے پوشیدہ اور ظاہر چیزوں کو جاننے والے! ہر چیز کے رب اور مالک! میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود مگر تو۔ میں اپنے نفس کی برائی سے تیری پناہ لیتا ہوں نیز شیطان کی برائی اور اس کی شرکت سے۔ فرمایا کہ اسے صبح و شام کہا کرو اور جب سونے لگو تب بھی کہا کرو۔

شَرِكِهِ قَالَ قُلْهَا إِذَا أَصْبَحْتَ وَإِذَا أَمْسَيْتَ وَإِذَا أَخَذْتَ مَضْجَعَكَ۔

۱۶۳۳۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا وُهَيْبٌ نَا سُهَيْلٌ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ اللّٰهُمَّ بِكَ أَصْبَحْنَا وَبِكَ أَمْسَيْنَا وَبِكَ نَحْيَى وَبِكَ نَمُوتُ وَإِلَيْكَ النُّشُورُ وَإِذَا أَمْسَى قَالَ اللّٰهُمَّ بِكَ أَمْسَيْنَا وَبِكَ نَحْيَى وَبِكَ نَمُوتُ وَإِلَيْكَ النُّشُورُ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہا کرتے :۔ اے اللہ! ہم نے تیرے ساتھ صبح کی اور تیرے ساتھ شام کی اور ہم تیرے ساتھ زندہ ہیں اور تیرے ساتھ مرتے ہیں اور تیری طرف اٹھنا ہے۔ جب شام ہوتی تو آپ کہتے :۔ اے اللہ! ہم نے تیرے ساتھ شام کی اور تیرے ساتھ ہم زندہ ہیں اور تیرے ساتھ ہم مرتے ہیں اور تیری طرف ہم نے اُٹھ کر جمع ہونا ہے۔

۱۶۳۴۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي فُدَيْكٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ عَنْ هِشَامِ بْنِ الْغَازِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنْ مَكْحُولٍ الدِّمَشْقِيِّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ حِينَ يُصْبِحُ أَوْ يُمْسِي اللّٰهُمَّ إِنِّي أَصْبَحْتُ أُشْهِدُكَ وَأُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ وَمَلٰئِكَتَكَ وَجَمِيعَ خَلْقِكَ أَنَّكَ أَنْتَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُولُكَ أَعْتَقَ اللّٰهُ رُبْعَهُ مِنَ النَّارِ فَمَنْ قَالَهَا مَرَّتَيْنِ أَعْتَقَ اللّٰهُ نِصْفَهُ وَمَنْ قَالَهَا ثَلَاثًا أَعْتَقَ اللّٰهُ ثَلٰثَةَ أَرْبَاعِهِ فَإِنْ قَالَهَا أَرْبَعًا أَعْتَقَهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ۔

احمد بن صالح، محمد بن ابو فدیک، عبدالرحمٰن بن عبدالمجید، ہشام بن غاز بن ربیعہ، مکحول دمشقی، حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے صبح اور شام کے وقت یہ کہا :۔ اے اللہ! میں نے صبح کی تجھے گواہ بناتے ہوئے اور تیرے عرش کے اٹھانے والوں کو گواہ بناتے ہوئے اور تیرے فرشتوں کو اور تیری ساری مخلوق کو کہ اللہ صرف تُو ہے۔ نہیں ہے کوئی معبود مگر تو اور محمد مصطفیٰ تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں :۔ تو اللہ تعالیٰ اُس شخص کا چوتھائی حصّہ جہنم سے آزاد فرما دیتا ہے اور جس نے یہ دو دفعہ کہا تو اللہ تعالیٰ اُس کا آدھا حصّہ جہنم سے آزاد فرما دے گا اور جس نے تین دفعہ کہا تو اُس کا تین چوتھائی حصّہ آزاد فرما دے گا اور اگر اُس نے چار دفعہ کہا تو اللہ تعالیٰ اُسے جہنم سے آزاد کر دے گا۔

۱۶۳۵۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا زُهَيْرٌ نَا الْوَلِيدُ بْنُ ثَعْلَبَةَ الطَّائِيُّ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ حِينَ يُصْبِحُ أَوْ حِينَ يُمْسِي اللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبِّي لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ خَلَقْتَنِي وَأَنَا عَبْدُكَ وَأَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ

ابن بریدہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :۔ جو صبح اور شام کے وقت کہے :۔ اے اللہ! تُو میرا رب ہے۔ نہیں ہے کوئی معبود مگر تُو۔ تُو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں اور میں بساط بھر اپنے عہد اور وعدے پر قائم ہوں۔ میں اپنی کارکردگی کی بُرائی سے تیری پناہ لیتا ہوں اور تیری نعمت کا اقرار کرتا ہوں اور اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہوں۔ پس مجھے بخش دے کیونکہ تیرے سوا گناہوں کو کوئی نہیں بخش سکتا۔

أَبُوْءُ بِنِعْمَتِكَ بِذَنْبِي فَاغْفِرْ لِي أَنْتَ، لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ فَمَاتَ مِنْ يَوْمِهِ أَوْ مِنْ لَيْلَتِهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ۔

اگر اُس روز دن یا رات میں وہ مر جائے تو جنت میں داخل ہوگا۔

۱۶۳۶۔ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ عَنْ خَالِدٍ ح وَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ بْنِ أَعْيَنَ نَا جَرِيرٌ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ عَبْدِ اللهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ إِذَا أَمْسَى أَمْسَيْنَا وَأَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ زَادَ فِي حَدِيثِهِ جَرِيرٌ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ رَبِّ أَسْأَلُكَ خَيْرَ مَا فِي هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَخَيْرَ مَا بَعْدَهَا وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِي هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهَا رَبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَمِنْ سُوءِ الْكُفْرِ رَبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابٍ فِي النَّارِ وَعَذَابٍ فِي الْقَبْرِ وَإِذَا أَصْبَحَ قَالَ ذٰلِكَ أَيْضًا أَصْبَحْنَا وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَوَاهُ شُعْبَةُ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سُوَيْدٍ قَالَ مِنْ سُوءِ الْكِبْرِ وَلَمْ يَذْكُرْ سُوءَ الْكُفْرِ۔

وہب بن بقیہ، خالد ——— محمد بن قدامہ بن اعین، جریر، حسن بن عُبیداللہ، ابراہیم بن سُوید، عبدالرحمٰن بن یزید نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شام کے وقت کہا کرتے :۔ ہم نے شام کی اور شام کے وقت بھی اللہ کی بادشاہی ہے اور سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں۔ نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ۔ وہ اکیلا ہے۔ اُس کا کوئی شریک نہیں۔ جریر نے اپنی حدیث میں یہ بھی کہا :۔ اُسی کی بادشاہی ہے اور اُسی کے لیے تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ اے رب! میں تجھ سے اس رات کی بھلائی مانگتا ہوں اور جو اس کے بعد ہے اُس کی بھلائی اور جو کچھ اس رات میں ہے اُس کی بُرائی سے تیری پناہ لیتا ہوں اور جو اس کے بعد ہے اس کی بُرائی سے۔ اے رب! میں تیری پناہ لیتا ہوں سستی اور ناشکری کی بُرائی سے۔ اے رب! میں دوزخ کے عذاب سے تیری پناہ لیتا ہوں اور قبر کے عذاب سے" اور جب صبح کرے تو یہ بھی کہے :۔ ہم نے صبح کی اور صبح کے وقت بھی اللہ کی بادشاہی ہے۔ ——— امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا اِسے شعبہ، سلمہ بن کُہیل، ابراہیم بن سُوید نے سُوءِ الکِبر کہا اور سُوءُ الکُفر کا ذکر نہیں کیا۔

۱۶۳۷۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي عُقَيْلٍ عَنْ سَابِقِ بْنِ نَاجِيَةَ عَنْ أَبِي سَلَّامٍ أَنَّهُ كَانَ فِي مَسْجِدِ حِمْصَ فَمَرَّ رَجُلٌ فَقَالُوا هٰذَا خَدَمَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ إِلَيْهِ فَقَالَ حَدِّثْنِي بِحَدِيثٍ سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَتَدَاوَلْهُ بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ الرِّجَالُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

سابق بن ناجیہ نے ابو سلام سے روایت کی ہے کہ وہ حمص کی مسجد میں تھے کہ ایک آدمی گزرا تو لوگوں نے کہا :۔ یہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خادم ہیں۔ وہ اُن کی طرف کھڑے ہوئے اور عرض کی کہ مجھے ایسی حدیث سنائیے جو آپ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے خود سُنی ہو اور جس کے اندر حضور اور آپ کے درمیان کسی کا واسطہ نہ ہو۔ اُنہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ جس نے صبح کے وقت اور شام کے وقت کہا: "میں اللہ کے رب ہونے، اسلام کے

وسلم يقول من قال إذا أصبح وإذا أمسى رضينا بالله ربا وبالإسلام دينا وبمحمد رسولا إلا كان حقا على الله أن يرضيه۔

دین ہونے اور محمد مصطفٰے کے رسول ہونے پر راضی ہوں، تو اللہ تعالےٰ پر حق ہے کہ اُسے راضی کر دے۔

۱۶۳۸۔ حدثنا أحمد بن صالح نا يحيى بن حسان وإسمعيل قالا نا سليمان بن بلال عن ربيعة ابن أبي عبد الرحمن عن عبد الله بن عنبسة عن عبد الله بن غنام البياضي أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من قال حين يصبح اللهم ما أصبح بي من نعمة فمنك وحدك لا شريك لك فلك الحمد ولك الشكر فقد أدى شكر يومه ومن قال مثل ذلك حين يمسي فقد أدى شكر ليلته۔

عبداللہ بن عنبسہ نے حضرت عبداللہ بن غنام بیاضی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے صبح کے وقت کہا، "اے اللہ! جن نعمتوں کے ساتھ میں نے صبح کی وہ صرف تیری طرف سے ہیں۔ تیرا کوئی شریک نہیں پس تعریفیں تیرے لیے ہیں اور شکر تیرے لیے ہے" تو اُس نے اُس روز کا شکر ادا کر دیا اور جو شام کے وقت بھی اسی طرح کہے تو اُس نے اُس رات کا شکر ادا کر دیا۔

۱۶۳۹۔ حدثنا يحيى بن موسى البلخي نا وكيع ح ونا عثمان بن أبي شيبة المعنى نا ابن نمير قالا نا عبادة بن مسلم الفزاري عن جبير بن أبي سليمان بن جبير بن مطعم قال سمعت ابن عمر يقول لم يكن رسول الله صلى الله عليه وسلم يدع هؤلاء الدعوات حين يمسي وحين يصبح اللهم إني أسألك العافية في الدنيا والآخرة اللهم إني أسألك العفو والعافية في ديني ودنياي وأهلي ومالي اللهم استر عورتي وقال عثمان عوراتي وآمن روعاتي اللهم احفظني من بين يدي ومن خلفي وعن يميني وعن شمالي ومن فوقي وأعوذ بعظمتك أن أغتال من تحتي قال وكيع يعني الخسف۔

یحییٰ بن موسیٰ بلخی، وکیع —— عثمان بن ابو شیبہ، ابن نمیر، عُبادہ بن مُسلم فزاری، جُبیر بن ابو سلیمان، حضرت جُبیر بن مُطعم کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابنِ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فرماتے ہوئے سُنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صبح اور شام کو ان دعائیہ الفاظ کا کبھی ناغہ نہیں کیا کرتے تھے، "اے اللہ! میں تجھ سے دنیا اور آخرت میں سلامتی مانگتا ہُوں۔ اے اللہ! میں تجھ سے اپنے دین، اپنی دنیا، اپنے گھر والوں اور اپنے مال میں عفو اور عافیت کا سوال کرتا ہُوں۔ اے اللہ! میری پردہ پوشی فرما" عثمان راوی نے کہا کہ میرے پردوں کو چھپا اور میرے دل کو اطمینان بخش۔ اے اللہ میرے آگے، میرے پیچھے، میرے دائیں، میرے بائیں اور میرے اُوپر کی جانب سے میری حفاظت فرما۔ اور میں نیچے دھنس جانے سے تیری عظمت کی پناہ لیتا ہوں۔ وکیع نے کہا کہ مراد دھنسنا ہے۔

۱۶۴۰۔ حدثنا أحمد بن صالح نا عبد الله

احمد بن صالح، عبداللہ بن وہب، عمرو، سالم الفرّاء،

ابنُ وهبٍ أخبرني عمّي أنّ سالمًا الفرّاء حدّثه أنّ عبدَ الحميدِ مولى بني هاشمٍ حدّثه أنّ أمّه حدّثته وكانت تخدمُ بعضَ بناتِ النبيِّ صلّى اللهُ عليهِ وسلّمَ أنّ بنتَ النبيِّ صلّى اللهُ عليهِ وسلّمَ حدّثتها أنّ النبيَّ صلّى اللهُ عليهِ وسلّمَ كان يُعلّمُها فيقولُ قولي حينَ تُصبحينَ سبحانَ اللهِ وبحمدِهِ لا قوّةَ إلّا باللهِ ما شاءَ اللهُ كانَ وما لم يشأْ لم يكنْ أعلمُ أنّ اللهَ على كلِّ شيءٍ قديرٌ وأنّ اللهَ قد أحاطَ بكلِّ شيءٍ علمًا فإنّه من قالهنّ حينَ يُصبحُ حُفِظَ حتّى يُمسيَ ومن قالهنّ حينَ يُمسي حُفِظَ حتّى يُصبحَ۔

عبد الحمید مولیٰ بنی ہاشم کا بیان ہے کہ اُن کی والدۂ ماجدہ نے فرمایا جو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی کسی صاحبزادی کی خادمہ تھیں کہ اُس صاحبزادی صاحبہ نے اُنہیں بتایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُنہیں تعلیم فرمائی تھی کہ صبح کے وقت یوں کہا کرو، "اللہ پاک ہے، ساتھ اپنی تعریف کے۔ قوت نہیں ہے مگر اللہ کے ساتھ جو اُس نے چاہا وہی ہوا اور نہ چاہا وہ نہ ہوا۔ میں جانتا ہوں کہ بیشک اللہ تعالیٰ کو ہر چیز پر قدرت ہے اور بیشک اُس کے علم نے ہر چیز کو گھیر رکھا ہے"۔ جس نے صبح کے وقت یہ کہا تو وہ شام تک محفوظ ہے اور جس نے شام کے وقت یہ کہا تو وہ صبح تک محفوظ ہے۔

۱۶۴۱۔ حدّثنا أحمدُ بنُ سعيدٍ الهمدانيُّ قالَ أنا ح ونا الرّبيعُ بنُ سليمانَ نا ابنُ وهبٍ قالَ أخبرني اللّيثُ عن سعيدِ بنِ بشيرٍ النّجاريِّ عن محمّدِ بنِ عبدِ الرّحمنِ البيلمانيِّ قالَ الرّبيعُ البيلمانيُّ عن أبيهِ عن ابنِ عبّاسٍ عن رسولِ اللهِ صلّى اللهُ عليهِ وسلّمَ أنّه قالَ من قالَ حينَ يُصبحُ فسبحانَ اللهِ حينَ تُمسونَ وحينَ تُصبحونَ وله الحمدُ في السّمواتِ والأرضِ وعشيًّا وحينَ تُظهرونَ إلى وكذلكَ تُخرجونَ أدركَ ما فاتَه في يومِه ذلكَ ومن قالهنّ حينَ يُمسي أدركَ ما فاتَه في ليلتِه قالَ الرّبيعُ عن اللّيثِ۔

احمد بن سعید ہمدانی، ——— ربیع بن سلیمان، ابن وہب، لیث، سعید بن بشیر بخاری، محمد بن عبد الرحمٰن بیلمانی، ربیع بن بیلمانی کے والدِ ماجد نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، ۔ جس نے صبح کے وقت یہ کہا "پس پاکی ہے اللہ کی جب تم شام کرو اور جب تم صبح کرو اور اُسی کی تعریفیں ہیں آسمانوں اور زمین میں نیز شام کے بعد اور دوپہر کے وقت فَسُبْحَانَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ کو وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ تک" (۳۰: ۱۶ تا ۱۹) تو اُس روز جو ثواب اُس نے ضائع کیا اُسے حاصل کر لیا اور شام کے وقت کہے تو اُس رات میں جو ثواب ہوگا اُسے پالیا۔ ربیع نے لیث کے واسطے سے کہا ہے۔

۱۶۴۲۔ حدّثنا موسى بنُ إسمعيلَ نا حمّادٌ ووهيبٌ نحوَه عن سُهيلٍ عن أبيهِ عن ابنِ أبي عائشٍ وقالَ حمّادٌ عن أبي عيّاشٍ أنّ رسولَ اللهِ صلّى اللهُ عليهِ وسلّمَ قالَ من قالَ إذا أصبحَ لا إلهَ إلّا اللهُ وحدَه لا شريكَ

حماد نے حضرت ابو عیاش رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، ۔ جس نے صبح کے وقت کہا "نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ۔ وہ اکیلا ہے۔ اُس کا کوئی شریک نہیں۔ اُسی کی بادشاہی ہے اور اُسی کے لیے سب تعریفیں ہیں اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے" اُس شخص کے لیے اولادِ اسمٰعیل

لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ كَانَ لَهُ عِدْلُ رَقَبَةٍ مِنْ وَلَدِ إِسْمٰعِيلَ وَكُتِبَ لَهُ عَشْرُ حَسَنَاتٍ وَحُطَّ عَنْهُ عَشْرُ سَيِّئَاتٍ وَرُفِعَ لَهُ عَشْرُ دَرَجَاتٍ وَكَانَ فِي حِرْزٍ مِنَ الشَّيْطٰنِ حَتّٰى يُمْسِيَ وَإِنْ قَالَهَا إِذَا أَمْسٰى كَانَ لَهُ مِثْلُ ذٰلِكَ حَتّٰى يُصْبِحَ قَالَ فِي حَدِيثِ حَمَّادٍ فَرَأٰى رَجُلٌ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا يَرَى النَّائِمُ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ أَبَا عَيَّاشٍ يُحَدِّثُ عَنْكَ بِكَذَا وَكَذَا قَالَ صَدَقَ أَبُو عَيَّاشٍ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَرَوَاهُ إِسْمٰعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ وَمُوسَى الزَّمْعِيُّ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَائِشٍ۔

سے ایک گردن آزاد کرنے کے برابر ثواب ہے اور اُس کے لیے دس نیکیاں لکھ دی جائیں گی اور اُس کے دس گناہ مٹا دئیے جائیں گے اور اُس کے دس درجے بلند کر دئیے جائیں گے اور وہ شام تک شیطان سے محفوظ رہے گا اور اگر شام کے وقت ایسا ہی کہے تو صبح تک یہی ملے گا۔ حماد کی حدیث میں کہا کہ ایک آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! ابوعیاش آپ سے اس بات کی روایت کرتے ہیں؟ فرمایا کہ ابوعیاش نے سچ کہا ــــــ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اس کی اسمٰعیل بن جعفر اور موسیٰ زمعی اور عبداللہ بن جعفر، سہیل ۰ اُن کے والد ماجد نے ابنِ عیاش سے روایت کی ہے۔

١٦٤٣- حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَبُو النَّضْرِ الدِّمَشْقِيُّ نَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ أَخْبَرَنِي أَبُو سَعِيدٍ الْفِلَسْطِينِيُّ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حَسَّانٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ مُسْلِمٍ أَنَّهُ أَخْبَرَهُ عَنْ أَبِيهِ مُسْلِمِ بْنِ الْحَارِثِ التَّمِيمِيِّ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ أَسَرَّ إِلَيْهِ فَقَالَ إِذَا انْصَرَفْتَ مِنْ صَلٰوةِ الْمَغْرِبِ فَقُلِ اللّٰهُمَّ أَجِرْنِي مِنَ النَّارِ سَبْعَ مَرَّاتٍ فَإِنَّكَ إِذَا قُلْتَ ذٰلِكَ ثُمَّ مُتَّ فِي لَيْلَتِكَ كُتِبَ لَكَ جِوَارٌ مِنْهَا وَإِذَا صَلَّيْتَ الصُّبْحَ فَقُلْ كَذٰلِكَ فَإِنَّكَ إِنْ مُتَّ فِي يَوْمِكَ كُتِبَ لَكَ جِوَارٌ مِنْهَا أَخْبَرَنِي أَبُو سَعِيدٍ عَنِ الْحَارِثِ أَنَّهُ قَالَ أَسَرَّهَا إِلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَحْنُ نَخُصُّ بِهَا إِخْوَانَنَا۔

اسحاق بن ابراہیم ابوالنضر دمشقی، محمد بن شعیب، ابوسعید فلسطینی عبدالرحمٰن بن حسان، حارث بن مسلم کے والد ماجد نے حضرت مسلم بن حارث تمیمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے سرگوشی کرتے ہوئے فرمایا:۔ جب تم نمازِ مغرب سے فارغ ہو جاؤ تو سات مرتبہ کہا کرو:۔ اے اللہ! مجھے دوزخ سے بچا۔ کیونکہ جب تم یہ کہو پھر اُس رات میں فوت ہو جاؤ تو تمہارے لیے اُس سے رہائی لکھ دی جائے گی اور جب نمازِ فجر پڑھ کر اسی طرح کہہ لو اور اُس روز فوت ہو جاؤ تو تمہارے لیے اُس سے رہائی لکھ دی گئی۔ مجھے (محمد بن شعیب کو) ابوسعید نے حارث کے واسطے سے بتاتے ہوئے کہا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ ہمیں رازداری کے طور پر بتایا پس ہم اپنے بھائیوں کی اس کے ساتھ تخصیص کرتے ہیں۔

١٦٤٤- حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ الْحِمْصِيُّ

عمرو بن عثمان حمصی اور مؤمل بن الفضل حرانی اور علی

وَمُؤَمَّلُ بْنُ الْفَضْلِ الْحَرَّانِيُّ وَعَلِيُّ بْنُ سَهْلٍ الرَّمْلِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُصَفَّى الْحِمْصِيُّ قَالُوا نَا الْوَلِيدُ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حَسَّانَ الْكِنَانِيُّ قَالُوا حَدَّثَنِي مُسْلِمُ بْنُ الْحَارِثِ ابْنِ مُسْلِمٍ التَّمِيمِيُّ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَحْوَهُ إِلٰى قَوْلِهِ جِوَارٌ مِنْهَا إِلَّا أَنَّهُ قَالَ فِيهِمَا قَبْلَ أَنْ تُكَلِّمَ أَحَدًا قَالَ عَلِيُّ بْنُ سَهْلٍ فِيهِ أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ وَقَالَ عَلِيٌّ وَابْنُ الْمُصَفَّى قَالَ بَعَثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَرِيَّةٍ فَلَمَّا بَلَغْنَا الْمُغَارَ اسْتَحْثَثْتُ فَرَسِي فَسَبَقْتُ أَصْحَابِي وَتَلَقَّانِي الْحَيُّ بِالرَّنِينِ فَقُلْتُ لَهُمْ قُولُوا لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ تُحْرَزُوا فَقَالُوهَا فَلَامَنِي أَصْحَابِي فَقَالُوا حَرَمْتَنَا الْغَنِيمَةَ فَلَمَّا قَدِمُوا عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرُوهُ بِالَّذِي صَنَعْتُ فَدَعَانِي فَحَسَّنَ لِي مَا صَنَعْتُ وَقَالَ أَمَا إِنَّ اللّٰهَ قَدْ كَتَبَ لَكَ مِنْ كُلِّ إِنْسَانٍ مِنْهُمْ كَذَا وَكَذَا قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ فَأَنَا نَسِيتُ الثَّوَابَ ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَا إِنِّي سَأَكْتُبُ لَكَ بِالْوَصَاةِ بَعْدِي قَالَ فَفَعَلَ وَخَتَمَ عَلَيْهِ وَدَفَعَهُ إِلَيَّ وَقَالَ ثُمَّ ذَكَرَ مَعْنَاهُمْ وَقَالَ ابْنُ الْمُصَفَّى قَالَ سَمِعْتُ الْحَارِثَ بْنَ مُسْلِمِ بْنِ الْحَارِثِ التَّمِيمِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ۔

بن سہل رملی اور محمد بن مصفیٰ الحمصی، ولید، عبدالرحمٰن بن حسان کنانی مسلم بن حارث بن مسلم تمیمی نے اپنے والدِ ماجد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :۔ آگے اسی طرح روایت کی جہنم سے رہائی لکھ دینے تک مگر یہ بھی کہا کہ کسی سے بات کرنے سے پہلے۔ علی بن سہل نے اس میں کہا :۔ اُن کے والدِ ماجد نے حدیث بیان کی۔ علی بن سہل اور ابن مصفیٰ نے کہا :۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں ایک سریہ میں بھیجا۔ جب ہم اپنے نشانے پر پہنچنے لگے تو میں نے اپنا گھوڑا تیز کیا اور اپنے ساتھیوں سے آگے نکل گیا۔ اس قبیلے والوں کو چیختے چلاتے ہوئے پایا۔ میں نے اُن سے کہا کہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔ کہہ دو تاکہ بچ جاؤ۔ اُنہوں نے کلمہ پڑھ لیا۔ میرے ساتھیوں نے مجھے ملامت کی کہ تم نے ہمیں مالِ غنیمت سے محروم کر دیا۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں واپس لوٹے تو لوگوں نے آپ کو بتایا جو میں نے کیا تھا۔ پس آپ نے مجھے بلایا اور میری اس کارکردگی پر تحسین فرمائی۔ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اُن میں سے ہر انسان کے بدلے تمہارے لیے اِتنا ثواب لکھ دیا ہے۔ عبدالرحمٰن کا بیان ہے کہ ثواب کے متعلق میں بھول گیا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اپنے بعد کے متعلق تمہارے لیے عنقریب وصیت نامہ لکھ دوں گا۔ چنانچہ آپ نے ایسا ہی کیا، اُس پر مُہر لگائی اور میرے سپرد کر دیا۔ پھر حدیث کو معنًا اسی طرح بیان کرتے ہوئے کہا کہ سُنا میں نے حارث بن مسلم بن حارث تمیمی سے جو اپنے والدِ ماجد سے روایت کر رہے ہیں۔

...

۱۶۲۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُصَفَّى قَالَ نَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ عَنْ أَبِي أُسَيْدٍ الْبَرَّادِ عَنْ مُعَاذِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ خُبَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ قَالَ خَرَجْنَا فِي لَيْلَةٍ مَطِيرٍ وَظُلْمَةٍ شَدِيدَةٍ نَطْلُبُ رَسُولَ

معاذ بن عبداللہ سے روایت ہے کہ اُن کے والدِ ماجد حضرت عبداللہ بن خُبَیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا :۔ ہم ایک بارش والی اور سخت اندھیری رات میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تلاش میں نکلے تاکہ آپ ہمیں نماز پڑھائیں۔ پس ہم نے آپ کو پالیا۔ فرمایا، کہو۔ میں نے کچھ نہ کہا۔ پھر فرمایا کہو۔ میں نے

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِیُصَلِّیَ لَنَا فَاَدْرَکْنَاہُ فَقَالَ قُلْ فَلَمْ اَقُلْ شَیْئًا ثُمَّ قَالَ قُلْ فَلَمْ اَقُلْ شَیْئًا ثُمَّ قَالَ قُلْ فَقُلْتُ مَا اَقُوْلُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ وَالْمُعَوِّذَتَیْنِ حِیْنَ تُمْسِیْ وَحِیْنَ تُصْبِحُ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ تَکْفِیْکَ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ۔

کچھ نہ کہا۔ پھر فرمایا کہو۔ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! کیا کہوں؟ فرمایا کہ شام کے وقت اور صبح کے وقت تین مرتبہ سورۂ اخلاص، سورۂ الفلق اور سورۂ والناس پڑھا کرو۔ یہ تمہارے لیے ہر چیز سے کفایت کریں گی۔

۱۶۴۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْفٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِیْلَ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ قَالَ ابْنُ عَوْفٍ وَرَاَیْتُہٗ فِیْ اَصْلِ اِسْمٰعِیْلَ قَالَ حَدَّثَنِیْ ضَمْضَمٌ عَنْ شُرَیْحٍ عَنْ اَبِیْ مَالِکٍ قَالَ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ حَدِّثْنَا بِکَلِمَۃٍ نَقُوْلُھَا اِذَا اَصْبَحْنَا وَاَمْسَیْنَا وَاضْطَجَعْنَا فَاَمَرَھُمْ اَنْ یَّقُوْلُوْا اَللّٰھُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ اَنْتَ رَبُّ کُلِّ شَیْءٍ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ یَشْھَدُوْنَ اَنَّکَ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ فَاِنَّا نَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ اَنْفُسِنَا وَمِنْ شَرِّ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ وَشِرْکِہٖ وَاَنْ نَقْتَرِفَ سُوْٓءًا عَلٰٓی اَنْفُسِنَآ اَوْ نَجُرَّہٗ اِلٰی مُسْلِمٍ قَالَ اَبُوْدَاوٗدَ بِھٰذَا الْاِسْنَادِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَصْبَحَ اَحَدُکُمْ فَلْیَقُلْ اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْکُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ خَیْرَ ھٰذَا الْیَوْمِ فَتْحَہٗ وَنَصْرَہٗ وَنُوْرَہٗ وَبَرَکَتَہٗ وَھُدَاہُ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا فِیْہِ وَشَرِّ مَا بَعْدَہٗ ثُمَّ اِذَا اَمْسٰی فَلْیَقُلْ مِثْلَ ذٰلِکَ۔

شریح سے روایت ہے کہ حضرت ابو مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! ہمیں ایسا وظیفہ بتائیے جو ہم صبح و شام اور سوتے وقت پڑھا کریں۔ آپ نے انہیں حکم دیا کہ یُوں کہا کرو:۔ اے اللہ! آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے! پوشیدہ اور ظاہر چیزوں کے جاننے والے! تُو ہر چیز کا رب ہے اور فرشتے گواہی دیتے ہیں کہ نہیں کوئی معبود مگر تُو۔ پس ہم تیری پناہ چاہتے ہیں اپنے نفسوں کی شرارت سے اور راندے ہوئے شیطان کی شرارت سے اور اُس کی شرکت سے اور اس سے کہ اپنی جانوں کے ساتھ بُرا سلوک کریں یا کسی مسلمان سے کریں۔ امام ابوداؤد نے اسی اسناد کے ساتھ کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جب تم میں سے کسی کو صبح ہو تو کہے:۔ ہم نے صبح کی اور صبح کے وقت بھی اللہ کی بادشاہی ہے جو جہانوں کا رب ہے۔ اے اللہ! میں تجھ سے اس روز کی بھلائی مانگتا ہوں اور اس کی فتح اور اس کی مدد اور اس کا نور اور اس کی برکت اور اس کی ہدایت اور تیری پناہ لیتا ہوں اُس بُرائی سے جو اِس میں ہے اور اُس بُرائی سے جو اس کے بعد ہے۔ پھر شام کے وقت بھی اسی طرح کہے۔

۱۶۴۷۔ حَدَّثَنَا کَثِیْرُ بْنُ عُبَیْدٍ نَا بَقِیَّۃُ ابْنُ الْوَلِیْدِ عَنْ عُمَرَ بْنِ جُعْثُمٍ قَالَ نَا الْاَزْھَرُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰہِ الْحَرَازِیُّ قَالَ حَدَّثَنِیْ شَرِیْقٌ الْھَوْزَنِیُّ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰی عَائِشَۃَ فَسَاَلْتُھَا

شریق ہوزنی کا بیان ہے کہ میں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہو کر اُن سے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب رات کو بیدار ہوتے تو کس طرح دعا مانگا کرتے تھے۔ اُنہوں نے فرمایا کہ تم نے مجھ

بِمَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْتَتِحُ إِذَا هَبَّ مِنَ اللَّيْلِ فَقَالَتْ لَقَدْ سَأَلْتَنِي عَنْ شَيْءٍ مَا سَأَلَنِي عَنْهُ أَحَدٌ قَبْلَكَ كَانَ إِذَا هَبَّ مِنَ اللَّيْلِ كَبَّرَ عَشْرًا وَحَمِدَ عَشْرًا وَقَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ عَشْرًا وَقَالَ سُبْحٰنَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ عَشْرًا وَاسْتَغْفَرَ عَشْرًا وَهَلَّلَ عَشْرًا ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُ بِكَ مِنْ ضِيْقِ الدُّنْيَا وَضِيْقِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ عَشْرًا ثُمَّ يَفْتَتِحُ الصَّلٰوةَ۔

سے ایسی چیز پوچھی ہے جو تم سے پہلے کسی نے نہیں پوچھی۔ حضور جب رات کو بیدار ہوتے تو اَللّٰهُ اَكْبَرُ دس دفعہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ دس دفعہ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ۔ دس دفعہ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْس۔ دس دفعہ استغفار دس دفعہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ.... دس دفعہ کہتے۔ پھر کہا کرتے ۔۔ اے اللہ! میں تیری پناہ لیتا ہوں دنیا کی تنگی سے اور قیامت کے روز کی تنگی سے۔ یہ بھی دس دفعہ کہتے اور پھر نماز شروع کیا کرتے۔

۱۶۲۸۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَانَ فِي سَفَرٍ فَأَسْحَرَ يَقُوْلُ سَمِعَ سَامِعٌ بِحَمْدِ اللّٰهِ وَنِعْمَتِهٖ وَحُسْنِ بَلَائِهٖ عَلَيْنَا اَللّٰهُمَّ صَاحِبْنَا فَأَفْضِلْ عَلَيْنَا عَائِذًا بِاللّٰهِ مِنَ النَّارِ۔

سُہیل بن ابو صالح نے اپنے والدِ ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ۔۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب سفر میں ہوتے تو سحری کے وقت کہتے ۔۔ سننے والے نے سُنا، اللہ کی حمد، اُس کی نعمت اور ہمارے اچھے امتحان کے ساتھ۔ اے اللہ! ہمارا ساتھ دے اور ہم پر فضل فرما۔ ہم جہنم سے اللہ کی پناہ لیتے ہیں۔

۱۶۲۹۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ نَا أَبُوْ مَوْدُوْدٍ عَنْ مَنْ سَمِعَ أَبَانَ بْنَ عُثْمَانَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ عُثْمَانَ يَعْنِي ابْنَ عَفَّانَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ لَمْ تُصِبْهُ فَجْأَةُ بَلَاءٍ حَتّٰى يُصْبِحَ وَمَنْ قَالَهَا حِيْنَ يُصْبِحُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ لَمْ تُصِبْهُ فَجْأَةُ بَلَاءٍ حَتّٰى يُمْسِيَ قَالَ فَأَصَابَ أَبَانَ بْنَ عُثْمَانَ الْفَالِجُ فَجَعَلَ الرَّجُلُ الَّذِي سَمِعَ مِنْهُ الْحَدِيْثَ يَنْظُرُ إِلَيْهِ فَقَالَ لَهٗ مَا لَكَ تَنْظُرُ إِلَيَّ

حضرت عثمان ذی النورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ جو کہے ’’اللہ کے نام کے ساتھ، جس کے نام کے ساتھ کوئی چیز نقصان نہیں دیتی زمین میں اور نہ آسمان میں اور وہی ہے سننے والا، جاننے والا‘‘ تین دفعہ کہے تو صبح تک کوئی ناگہانی مصیبت اُس پر نہیں آئے گی اور جو تین دفعہ صبح کو کہے تو شام تک کوئی ناگہانی مصیبت اُس پر نہیں آئے گی۔ چنانچہ ابان بن عثمان کو فالج کی شکایت ہوگئی تو جس شخص نے اُن سے یہ حدیث سُنی تھی وہ اُن کی طرف دیکھنے لگا۔ دریافت کیا کہ میری طرف کس لیے دیکھ رہے ہو؟ خدا کی قسم میں نے حضرت عثمان پر بہتان نہیں باندھا اور نہ حضرت عثمان نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر بہتان باندھا۔ ہُوا یوں کہ آج جبکہ مجھے یہ عارضہ ہوا تو اُس وقت میں غُصّے کی حالت میں

فَوَاللّٰهِ مَا كَذَبْتُ عَلَى عُثْمَانَ وَلَا كَذَبَ عُثْمَانُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلٰكِنَّ الْيَوْمَ الَّذِي أَصَابَنِي فِيهِ مَا أَصَابَنِي غَضِبْتُ فَنَسِيتُ أَنْ أَقُولَهَا۔

تھا لہٰذا اس وظیفے کو پڑھنا بھول گیا تھا۔

۱۶۵۰۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَاصِمٍ الْأَنْطَاكِيُّ نَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ حَدَّثَنِي أَبُو مَوْدُودٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ عَنْ أَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ عُثْمَانَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ لَمْ يَذْكُرْ قِصَّةَ الْفَالِجِ۔

نصر بن عاصم انطاکی، انس بن عیاض، ابومودود، محمد بن کعب، ابان بن عثمان، حضرت عثمان ذی النورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مذکورہ حدیث کی طرح روایت کی لیکن فالج کے واقعے کا ذکر نہیں کیا۔

۱۶۵۱۔ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَا نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الْجَلِيلِ بْنِ عَطِيَّةَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مَيْمُونٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ أَبِي بَكْرَةَ أَنَّهُ قَالَ لِأَبِيهِ يَا أَبَتِ إِنِّي أَسْمَعُكَ تَدْعُو كُلَّ غَدَاةٍ اللّٰهُمَّ عَافِنِي فِي بَدَنِي اللّٰهُمَّ عَافِنِي فِي سَمْعِي اللّٰهُمَّ عَافِنِي فِي بَصَرِي لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ تُعِيدُهَا ثَلَاثًا حِينَ تُصْبِحُ وَثَلَاثًا حِينَ تُمْسِي فَقَالَ إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو بِهِنَّ فَأَنَا أُحِبُّ أَنْ أَسْتَنَّ بِسُنَّتِهِ قَالَ عَبَّاسٌ فِيهِ وَتَقُولُ اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ تُعِيدُهَا ثَلَاثًا حِينَ تُصْبِحُ وَثَلَاثًا حِينَ تُمْسِي فَتَدْعُو بِهِنَّ فَأُحِبُّ أَنْ أَسْتَنَّ بِسُنَّتِهِ قَالَ وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَوَاتُ الْمَكْرُوبِ اللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ أَرْجُو فَلَا تَكِلْنِي إِلَى نَفْسِي طَرْفَةَ عَيْنٍ وَأَصْلِحْ لِي شَأْنِي كُلَّهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ وَ

عباس بن عبدالعظیم اور محمد بن مثنیٰ، عبدالملک بن عمرو، عبدالجلیل بن عطیہ، جعفر بن میمون، عبدالرحمٰن بن ابوبکرہ اپنے والد ماجد کی خدمت میں عرض گزار ہوئے :۔ اباجان! میں سُنتا ہُوں کہ آپ روزانہ صبح کو یُوں دعا مانگتے ہیں :۔ اے اللہ! میرے جسم کو سلامت رکھ۔ اے اللہ! میرے کانوں کو سلامت رکھ! اے اللہ! میری آنکھوں کو سلامت رکھ۔ نہیں ہے کوئی معبود مگر تُو۔ صبح کے وقت اِسے تین دفعہ کہتے ہیں اور شام کے وقت بھی تین دفعہ۔ فرمایا کہ میں نے ان لفظوں کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دعا کرتے ہوئے سُنا ہے، لہٰذا میں آپ کی سنت کی پیروی کو بہت پسند کرتا ہوں۔ عباس بن عبدالعظیم نے اس میں کہا کہ کہے :۔ اے اللہ! میں کفر اور فاقے سے تیری پناہ لیتا ہُوں۔ اے اللہ! میں عذابِ قبر سے تیری پناہ لیتا ہوں۔ نہیں ہے کوئی معبود مگر تُو۔ صبح کے وقت تین دفعہ اور شام کے وقت تین دفعہ ان لفظوں کے ساتھ دعا کرتے، لہٰذا میں اتباعِ سنت کو بہت پسند کرتا ہُوں۔ اُن کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مصیبت زدہ یُوں دعا کرے :۔ اے اللہ میں تیری رحمت کی اُمید رکھتا ہوں۔ مجھے ایک پل کے لیے بھی میرے نفس کے سپرد نہ کرنا اور میرے تمام حالات کو درست کر دے۔ نہیں ہے کوئی معبود مگر تُو۔ بعض نے اپنے ساتھیوں سے کچھ زیادہ کہا ہے۔

بعضهم يزيد على صاحبه.

١٦٥٢ - حدثنا محمد بن المنهال نا يزيد يعني ابن زريع نا روح بن القاسم عن سهيل عن سمي عن أبي صالح عن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قال حين يصبح سبحان الله العظيم وبحمده مائة مرة وإذا أمسى كذلك لم يواف أحد من الخلائق بمثل ما وافى.

محمد بن منہال، یزید بن زُریع، روح بن قاسم، سُہیل، سمی، ابوصالح نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے صبح کے وقت کہا: "اللہ پاک ہے، بڑی عظمت والا ساتھ اپنی تعریفوں کے" اور شام کے وقت بھی اسی طرح کہا تو مخلوق میں سے کسی کو بھی اُس کے برابر ثواب نہیں ملے گا۔

باب ٥٢٧ ما يقول الرجل إذا رأى الهلال.

جب نیا چاند دیکھے تو کیا کہے؟

١٦٥٣ - حدثنا موسى بن إسمعيل نا أبان نا قتادة أنه بلغه أن نبي الله صلى الله عليه وسلم كان إذا رأى الهلال قال هلال خير ورشد آمنت بالذي خلقك ثلاث مرات ثم يقول الحمد لله الذي ذهب بشهر كذا وجاء بشهر كذا.

قتادہ کو یہ خبر پہنچی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب نیا چاند دیکھتے تو کہتے: "بھلائی اور ہدایت کا چاند، بھلائی اور ہدایت کا چاند، بھلائی اور ہدایت کا چاند، میں اُس ذات پر ایمان رکھتا ہوں جس نے تجھے پیدا کیا" تین مرتبہ۔ پھر کہتے، "سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو پچھلے مہینے کو لے گیا اور اس مہینے کو لے آیا۔"

١٦٥٤ - حدثنا محمد بن العلاء أن زيد بن حباب أخبرهم عن أبي هلال عن قتادة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان إذا رأى الهلال صرف وجهه عنه.

محمد بن علاء، زید بن حباب، ابوہلال نے قتادہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب نیا چاند دیکھتے تو اُس کی جانب سے منہ پھیر لیتے۔

باب ٥٢٨ ما يقول الرجل إذا خرج من بيته.

جب آدمی اپنے گھر سے نکلے تو کیا کہے؟

١٦٥٥ - حدثنا مسلم بن إبراهيم نا شعبة عن منصور عن الشعبي عن أم سلمة قالت ما خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم من بيتي قط إلا رفع طرفه إلى السماء فقال اللهم إني أعوذ بك أن أضل أو أُضل أو أزل أو أُزل أو أظلم أو

شعبی سے روایت ہے کہ حضرت اُمِّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب بھی میرے گھر سے نکلتے تو آسمان کی طرف دیکھتے اور کہتے: "اے اللہ! میں تیری پناہ لیتا ہوں اس بات سے کہ گمراہ ہو جاؤں یا گمراہ کیا جاؤں، پھسل جاؤں یا پھسلایا جاؤں، ظلم کروں یا ظلم کیا جاؤں، جاہل بنوں یا جاہل بنایا جاؤں۔"

أظلم أو أجهل أو يجهل علي۔

١٦٥٦۔ حدثنا إبراهيم بن الحسن الخثعمي نا حجاج بن محمد عن ابن جريج عن إسحٰق ابن عبد الله بن أبي طلحة عن أنس بن مالك أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال إذا خرج الرجل من بيته فقال بسم الله توكلت على الله لا حول ولا قوة إلا بالله قال يقال حينئذ هديت وكفيت ووقيت فيتنحى له الشيطان فيقول شيطان آخر كيف لك برجل قد هدي وكفي ووقي۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب آدمی اپنے گھر سے نکلا اور اُس نے کہا، ''اللہ کے نام کے ساتھ، میں نے اللہ پر بھروسہ کیا۔ نہ طاقت ہے اور نہ قوت مگر اللہ کے ساتھ'' فرمایا کہ اُس وقت اُس سے کہا جاتا ہے کہ تُو ہدایت دیا گیا، تیری طرف سے کفایت کی گئی اور تجھے بچا لیا گیا۔ پس شیطان اُس سے دُور ہو جاتا ہے اور دوسرا شیطان کہتا ہے کہ تُو اس آدمی کا کیا بگاڑ سکے گا جس کو ہدایت دی گئی، جس کی طرف سے کفایت کی گئی اور جس کو بچا لیا گیا۔

باب ٥٢٩ ما يقول الرجل إذا دخل بيته۔

آدمی جب اپنے گھر میں داخل ہو تو کیا کہے؟

١٦٥٧۔ حدثنا ابن عوف نا محمد بن إسمٰعيل قال حدثني أبي قال ابن عوف ورأيت في أصل إسمٰعيل قال حدثني ضمضم عن شريح عن أبي مالك الأشعري قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا ولج الرجل بيته فليقل اللهم إني أسألك خير المولج وخير المخرج بسم الله ولجنا وبسم الله خرجنا وعلى الله ربنا توكلنا ثم ليسلم على أهله۔

ابن عوف، محمد بن اسمٰعیل، اُن کے والد ماجد، ضمضم، شریح،
حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب آدمی اپنے گھر میں داخل ہونے لگے تو کہے، ''اے اللہ! میں تجھ سے داخل ہونے کی بھلائی مانگتا ہوں اور نکلنے کی بھلائی۔ اللہ کے نام کے ساتھ ہم داخل ہوئے اور اللہ کے نام کے ساتھ ہم نکلے اور اپنے رب اللہ پر ہم نے بھروسہ کیا'' پھر اپنے گھر والوں کو سلام کرے۔

باب ٥٣٠ ما يقول إذا هاجت الريح۔

جب آندھی چلے تو کیا کہے؟

١٦٥٨۔ حدثنا أحمد بن محمد المروزي وسلمة قالا نا عبد الرزاق أنا معمر عن الزهري حدثني ثابت بن قيس أن أبا هريرة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول الريح من روح الله تأتي بالرحمة و

ثابت بن قیس سے روایت ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا۔ آندھی اللہ کے حکم سے ہے جو کبھی رحمت لے کر آتی ہے اور کبھی عذاب۔ جب تم اُسے دیکھو تو بُرا نہ کہو بلکہ اللہ تعالیٰ سے اُس کی بھلائی مانگو اور اُس کی بُرائی سے اللہ کی پناہ لو۔

تَأْتِي بِالْعَذَابِ فَإِذَا رَأَيْتُمُوهَا فَلَا تَسُبُّوهَا وَسَلُوا اللّٰهَ خَيْرَهَا وَاسْتَعِيذُوا بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّهَا.

۱۶۵۹۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ وَهْبٍ أَنَا عَمْرٌو أَنَّ أَبَا النَّضْرِ حَدَّثَهُ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهَا قَالَتْ مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطُّ مُسْتَجْمِعًا ضَاحِكًا حَتّٰى أَرٰى مِنْهُ لَهَوَاتِهِ إِنَّمَا كَانَ يَتَبَسَّمُ وَكَانَ إِذَا رَأٰى غَيْمًا أَوْ رِيحًا عُرِفَ ذٰلِكَ فِي وَجْهِهِ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ النَّاسُ إِذَا رَأَوُا الْغَيْمَ فَرِحُوا رَجَاءَ أَنْ يَكُونَ فِيهِ الْمَطَرُ وَأَرَاكَ إِذَا رَأَيْتَهُ عُرِفَتْ فِي وَجْهِكَ الْكَرَاهِيَةُ فَقَالَ يَا عَائِشَةُ مَا يُؤْمِنُنِي أَنْ يَكُونَ فِيهِ عَذَابٌ قَدْ عُذِّبَ قَوْمٌ بِالرِّيحِ وَقَدْ رَأٰى قَوْمٌ الْعَذَابَ فَقَالُوا هٰذَا عَارِضٌ مُمْطِرُنَا.

سلیمان بن یسار سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجۂ مطہرہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا :۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کبھی اس طرح کھل کر ہنستے ہوئے نہیں دیکھا کہ آپ کا حلق مبارک بھی دیکھ لیتی، بلکہ صرف تبسم ہی فرماتے تھے۔ اور آپ جب ابر یا آندھی دیکھتے تو یہ بات آپ کے چہرۂ انور سے پہچان لی جاتی۔ میں عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! لوگ ابر کو دیکھ کر خوش ہوتے ہیں، اس اُمید پر کہ اس میں بارش ہوگی اور آپ جب اُسے دیکھتے ہیں تو آپ کے پُرنور چہرے پر افسردگی نظر آنے لگتی ہے۔ فرمایا اے عائشہ! مجھے اطمینان نہیں، ممکن ہے اُس کے اندر عذاب ہو کیونکہ ایک قوم کو آندھی کے ذریعے عذاب دیا گیا اور دوسری قوم نے جب عذاب کو دیکھا تو کہا :۔ یہ ابر ہم پر بارش برسانے والا ہے (۴۶ : ۲۴)۔

۱۶۶۰۔ حَدَّثَنَا ابْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ نَا سُفْيَانُ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا رَأٰى نَاشِئًا فِي أُفُقِ السَّمَاءِ تَرَكَ الْعَمَلَ وَإِنْ كَانَ فِي صَلٰوةٍ ثُمَّ يَقُولُ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا فَإِنْ مُطِرَ قَالَ اَللّٰهُمَّ صَيِّبًا هَنِيئًا.

مقدام بن شریح کے والد ماجد نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب آسمان کے کنارے سے ابر اُٹھتا ہوا دیکھتے تو کام کاج چھوڑ دیتے خواہ نماز میں ہی کیوں نہ ہوتے اور کہتے :۔ اے اللہ! میں تیری پناہ لیتا ہوں اِس کی بُرائی سے ؛ اگر بارش ہونے لگتی تو کہتے :۔ اے اللہ! سیراب کر رچتا پچتا۔

بَابٌ ۵۳۱ فِي الْمَطَرِ.

بارش کا بیان

۱۶۶۱۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ الْمَعْنٰى قَالَا نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ أَصَابَنَا وَنَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَطَرٌ فَخَرَجَ

ثابت سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا :۔ ہم پر بارش برسنے لگی اور ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم باہر نکلے اور اپنے کپڑے اُتار دیے کہ بارش آپ کے جسم اطہر پر پڑنے لگی۔ ہم

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَسَرَ ثَوْبَهُ عَنْهُ حَتّٰى اَصَابَهُ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لِمَ صَنَعْتَ هٰذَا قَالَ لِاَنَّهُ حَدِيْثُ عَهْدٍ بِرَبِّهِ۔

عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! آپ نے ایسا کیوں کیا؟ فرمایا اس لیے کہ یہ (پانی) ابھی اپنے رب کے پاس سے آ رہا ہے۔

باب ۵۳۲ فِي الدِّيْكِ وَالْبَهَائِمِ۔

مرغ اور چوپاؤں کا بیان؛

۱۶۶۲۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ ابْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَسُبُّوا الدِّيْكَ فَاِنَّهُ يُوْقِظُ لِلصَّلٰوةِ۔

قتیبہ بن سعید، عبدالعزیز بن محمد، صالح بن کیسان، عُبَیداللہ بن عبداللہ بن عُتبہ نے حضرت زید بن خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مرغ کو بُرا نہ کہا کرو کیونکہ وہ تو نماز کے لیے جگاتا ہے۔

۱۶۶۳۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ نَا اللَّيْثُ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيْعَةَ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا سَمِعْتُمْ صِيَاحَ الدِّيَكَةِ فَسْئَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهِ فَاِنَّهَا رَاَتْ مَلَكًا وَاِذَا سَمِعْتُمْ نَهِيْقَ الْحِمَارِ فَتَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ فَاِنَّهَا رَاَتْ شَيْطَانًا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تم مرغ کی آواز سنو تو اللہ تعالیٰ سے اُس کا فضل مانگو کیونکہ وہ فرشتے کو دیکھتا ہے اور جب تم گدھے کی آواز سنو تو اللہ تعالیٰ کی پناہ لو شیطان سے کیونکہ اُس نے شیطان کو دیکھا ہے۔

۱۶۶۴۔ حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ عَبْدَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَمِعْتُمْ نُبَاحَ الْكِلَابِ وَنَهِيْقَ الْحُمُرِ بِاللَّيْلِ فَتَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ فَاِنَّهُنَّ يَرَيْنَ مَالَا تَرَوْنَ۔

عطاء بن یسار نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تم رات کو کُتّوں کے بھونکنے اور گدھوں کے چلّانے کی آواز سنو تو اللہ تعالیٰ کی پناہ لو کیونکہ وہ اُن چیزوں کو دیکھتے جن کو تم نہیں دیکھتے۔

۱۶۶۵۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ نَا اللَّيْثُ عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِلَالٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ح وَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْوَانَ الدِّمَشْقِيُّ نَا اَبِيْ نَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ نَا يَزِيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ الْهَادِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عُمَرَ بْنِ حُسَيْنِ بْنِ

قتیبہ بن سعید، لیث، خالد بن یزید، سعید بن ابو ہلال، سعید بن زیاد، حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما ——— ابراہیم بن مروان دمشقی، لیث بن سعد، یزید بن عبداللہ بن الہاد، علی بن عمر بن حسین بن علی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ رات کو راستے موقوف ہو جانے کے بعد نہ نکلا کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ کے کچھ جانور ہیں جن کو زمین

عَلِیٍّ قَالَا قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَقِلُّوا الْخُرُوجَ بَعْدَ هَدْاَۃِ الرِّجْلِ فَاِنَّ لِلّٰہِ تَعَالٰی دَوَابَّ یَبُثُّهُنَّ فِی الْاَرْضِ قَالَ ابْنُ مَرْوَانَ فِی تِلْكَ السَّاعَۃِ وَقَالَ فَاِنَّ لِلّٰہِ خَلْقًا ثُمَّ ذَكَرَ نُبَاحَ الْكَلْبِ وَالْحَمِیْرِ نَحْوَہٗ وَزَادَ فِی حَدِیْثِہٖ قَالَ ابْنُ الْهَادِ وَحَدَّثَنِی شُرَحْبِیلُ بْنُ الْحَاجِبِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ عَنْ رَسُولِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِثْلَہٗ۔

میں چھوڑ دیا جاتا ہے۔ مروان نے کہا۔ اس وقت اور کہا کہ اللہ تعالیٰ کی ایک مخلوق ہے۔ پھر کتے کے بھونکنے اور گدھے کے بولنے کا ذکر کیا۔ آگے اسی طرح ہے اور ان کی حدیث میں یہ بھی ہے کہ کہا ابن الہاد، شرحبیل بن حاجب، حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے حدیث مذکورہ کی طرح روایت کی ہے۔

باب ۵۳۳ فِی الْمَوْلُودِ یُؤَذَّنُ فِی اُذُنِہٖ

بچے کے کان میں اذان کہنے کا بیان؛

۱۶۶۶۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا یَحْیٰی عَنْ سُفْیَانَ حَدَّثَنِی عَاصِمُ بْنُ عُبَیْدِ اللّٰہِ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰہِ بْنِ اَبِی رَافِعٍ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ رَاَیْتُ رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَذَّنَ فِی اُذُنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ حِیْنَ وَلَدَتْہُ فَاطِمَۃُ بِالصَّلٰوۃِ۔

عبیداللہ بن ابو رافع سے ان کے والد ماجد نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حضرت حسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے کان میں نماز جیسی اذان کہتے ہوئے سنا جبکہ حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے انہیں جنا۔

ف۔ بچے کے کان میں اذان کہنے سے مقصد یہ ہے کہ ایک تو بچے کے کان میں سب سے پہلے ذکر الٰہی کی آواز پہنچے۔ دوسرے اذان سے شیطان بھاگتا ہے لہٰذا بچے کو شیطان کے شر سے نجات ملے۔ اذان دونوں کانوں میں کہنی چاہیے۔ بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں تکبیر کہے۔ بعض حضرات کا قول ہے کہ اذان و اقامت تین تین مرتبہ کہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۶۶۷۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِی شَیْبَۃَ نَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَیْلٍ ح وَنَا یُوسُفُ بْنُ مُوسٰی نَا اَبُو اُسَامَۃَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَۃَ عَنْ عُرْوَۃَ عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُؤْتٰی بِالصِّبْیَانِ فَیَدْعُو لَهُمْ بِالْبَرَكَۃِ زَادَ یُوسُفُ وَیُحَنِّكُهُمْ وَلَمْ یَذْكُرْ بِالْبَرَكَۃِ۔

عثمان بن ابو شیبہ، محمد بن فضیل ——— یوسف بن موسیٰ ابو اسامہ، ہشام بن عروہ، عروہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں بچے لائے جاتے تو آپ ان کے لیے دعائے برکت فرماتے۔ یوسف نے یہ بھی کہا کہ ان کی تحنیک کرتے اور برکت کا ذکر نہیں کیا۔

۱۶۶۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی نَا اِبْرَاهِیْمُ ابْنُ الْوَزِیْرِ نَا دَاؤُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَطَّارُ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ اُمِّ حُمَیْدٍ عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ قَالَ لِی رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

محمد بن مثنیٰ، ابراہیم بن وزیر، داؤد بن عبدالرحمان عطار، ابن جریج، ان کے والد ماجد، ام حمید نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا۔ کیا تم نے مغرب لوگ دیکھے

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ رُئِيَ أَوْ كَلِمَةً غَيْرَهَا فِيكُمُ الْمُغَرِّبُونَ قُلْتُ وَمَا الْمُغَرِّبُونَ قَالَ الَّذِينَ يَشْتَرِكُ فِيهِمُ الْجِنُّ.

بَابٌ ۵۳۴ فِي الرَّجُلِ يَسْتَعِيذُ مِنَ الرَّجُلِ.

۱۶۶۹ - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ وَعُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ قَالَا نَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ قَالَ نَا سَعِيدٌ قَالَ نَصْرُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي نَهِيكٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اسْتَعَاذَ بِاللَّهِ فَأَعِيذُوهُ وَمَنْ سَأَلَكُمْ بِوَجْهِ اللَّهِ فَأَعْطُوهُ قَالَ عُبَيْدُ اللَّهِ مَنْ سَأَلَكُمْ بِاللَّهِ.

۱۶۷۰ - حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَسَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَا نَا أَبُو عَوَانَةَ ح وَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا جَرِيرٌ الْمَعْنَى عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اسْتَعَاذَكُمْ بِاللَّهِ فَأَعِيذُوهُ وَمَنْ سَأَلَكُمْ بِاللَّهِ فَأَعْطُوهُ وَقَالَ سَهْلٌ وَعُثْمَانُ وَمَنْ دَعَاكُمْ فَأَجِيبُوهُ ثُمَّ اتَّفَقُوا وَمَنْ أَتَى إِلَيْكُمْ مَعْرُوفًا فَكَافِئُوهُ قَالَ مُسَدَّدٌ وَعُثْمَانُ فَإِنْ لَمْ تَجِدُوا فَادْعُوا لَهُ حَتَّى تَعْلَمُوا أَنْ قَدْ كَافَيْتُمُوهُ.

بَابٌ ۵۳۵ فِي رَدِّ الْوَسْوَسَةِ.

۱۶۷۱ - حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ نَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ نَا عِكْرِمَةُ يَعْنِي ابْنَ عَمَّارٍ قَالَ نَا أَبُو زُمَيْلٍ قَالَ سَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقُلْتُ مَا شَيْءٌ أَجِدُهُ فِي صَدْرِي قَالَ مَا هُوَ قُلْتُ وَاللَّهِ مَا أَتَكَلَّمُ بِهِ قَالَ فَقَالَ لِي أَشَيْءٌ مِنْ شَكٍّ قَالَ وَضَحِكَ قَالَ مَا نَجَا مِنْ ذَلِكَ أَحَدٌ حَتَّى أَنْزَلَ اللَّهُ تَعَالَى فَإِنْ كُنْتَ

ہیں؟ میں عرض گزار ہوئی کہ مُغرِّب لوگ کون ہیں؟ فرمایا کہ جن میں جنّات کی شرکت ہے۔

جو شخص دوسرے آدمی سے پناہ مانگے

نصر بن علی اور عُبید اللہ بن عمر، خالد بن حارث، سعید، نصر بن ابو عروبہ، قتادہ، ابن ابی نہیک، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو اللہ کے نام پر پناہ مانگے تو اُسے پناہ دے دیا کرو اور جو تم سے سوال کرے کہ رضائے الٰہی کے لیے دو تو اُسے دے دیا کرو۔ عُبید اللہ نے کہا کہ اللہ کے نام پر۔

مسدد اور سہل بن بکار، ابو عوانہ —— عثمان بن ابو شیبہ، جریر، اعمش، مجاہد نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو تم سے اللہ کے نام پر پناہ مانگے تو اُسے پناہ دے دیا کرو اور جو تم سے اللہ کے نام پر مانگے اُسے دے دیا کرو۔ سہل اور عثمان نے کہا۔ اور جو تمہاری دعوت کرے اُسے قبول کر لیا کرو۔ پھر دونوں متفق ہو گئے اور جو تمہارے ساتھ اچھا سلوک کرے تو اس کا بدلہ دیا کرو۔ مسدد اور عثمان نے کہا۔ اگر بدلہ نہ اُتار سکو تو اُس کے لیے دعا کیا کرو، یہاں تک کہ تم یہ جاننے لگو کہ تم نے اُسے بدلہ دے دیا ہے۔

وسوسہ دُور کرنے کا بیان

ابو زمیل کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے پوچھتے ہوئے گزارش کی کہ میرے دل کو کیا ہو گیا ہے؟ فرمایا کہ کیا ہوا ہے؟ عرض گزار ہوا کہ خدا کی قسم، زبان پر نہیں لا سکتا۔ چنانچہ مجھ سے فرمایا کہ کیا کوئی شک واقع ہو گیا ہے؟ راوی کا بیان ہے کہ وہ ہنسنے لگے اور فرمایا کہ اس سے تو کوئی نہیں بچا، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے یہ وحی نازل فرمائی "اگر اے سننے والے! تُو شک میں ہے اُس چیز کی طرف سے جو اے محبوب! ہم نے تمہاری طرف اُتاری

فِي شَكٍّ مِّمَّا أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ فَسْئَلِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكَ الْآيَةَ قَالَ فَقَالَ لِيْ إِذَا وَجَدْتَ فِيْ نَفْسِكَ شَيْئًا فَقُلْ هُوَ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ۔

تو اُن سے پوچھو جو تم سے پہلے کتاب پڑھتے ہیں" (۱۰ : ۹۴)۔ پھر مجھ سے فرمایا کہ جب تم اپنے دل میں کوئی وسوسہ محسوس کرو تو کہو۔ وہی اوّل ہے، وہی آخر ہے، وہی ظاہر ہے، وہی باطن ہے اور وہ ہر ایک چیز کا جاننے والا ہے۔

۱۶۷۲۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ نَا زُهَيْرٌ نَا سُهَيْلٌ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَهُ نَاسٌ مِّنْ أَصْحَابِهِ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللهِ نَجِدُ فِيْ أَنْفُسِنَا الشَّيْءَ نُعْظِمُ أَنْ نَتَكَلَّمَ بِهِ أَوِ الْكَلَامَ بِهِ مَا نُحِبُّ أَنَّ لَنَا وَأَنَّا تَكَلَّمْنَا بِهِ قَالَ أَوَقَدْ وَجَدْتُمُوْهُ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ وَذَاكَ صَرِيْحُ الْإِيْمَانِ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ بعض صحابۂ کرام حاضرِ بارگاہ ہو کر عرض گزار ہوئے۔ یا رسول اللہ! ہم اپنے دلوں میں بعض ایسے خیالات محسوس کرتے ہیں جنہیں ہم زبان پر نہیں لاسکتے اور ہم یہ پسند نہیں کرتے کہ انہیں بیان کریں۔ فرمایا کیا واقعی تم ایسی باتیں پاتے ہو؟ عرض گزار ہوئے کہ ہاں۔ فرمایا کہ یہ تو ایمان کی علامت ہے۔

ف۔ شیطان اُسی دل میں وسوسے ڈالتا ہے جس کے اندر ایمان ہو۔ انسان کا اصل اور سب سے قیمتی سرمایۂ حیات ایمان ہے۔ شیطان انسان کا دشمن اور چور ہے۔ چور اُسی گھر میں داخل ہوتا ہے جس میں دولت ہو۔ جس گھر میں دولت ہی نہ ہو وہاں چور کیوں آنے لگا ہے۔ شیطان بڑا عیّار ہے اور اس کے حربے بڑے پُر اسرار ہیں۔ شیطان اصل ڈاکہ ایمان کی دولت پر مارتا ہے اور ساری عمر انسان کا پیچھا نہیں چھوڑتا۔ خاص طور پر جو مسلمانوں کے مقتدا و پیشوا ہوں جیسے علمائے دین و مشائخ عظام۔ ان کو گمراہ کرنے پر ایڑی چوٹی کا زور لگا دیتا ہے کیونکہ ایسے ایک کو گمراہ کر دینے سے ہزاروں مسلمان خود ہی اس کی بدولت گمراہ ہو جائیں گے۔ فرقہ بازی کا موجودہ چکر شیطان نے علماء کے ذریعے ہی چلایا ہوا ہے۔ فرقہ ہمیشہ وہی عالم بناتا ہے جس کو شیطان نے گمراہ کر دیا ہو لیکن دوسری طرف وہ اصلاحِ دین و خیر خواہیٔ مسلمین کا ایسا پروگرام بھی لے کر کھڑا ہوتا ہے کہ کتنے ہی مسلمان اس کی تائید و حمایت پر کمربستہ ہو کر گمراہی کے زہریلے مگر شوگر کوٹڈ کیپسول بھی خوشی نگل جاتے ہیں۔ تمام فرقہ سازوں اور فتنہ پردازوں کے حالاتِ زندگی پڑھ کر دیکھنے سے یہی بات سامنے آتی ہے کہ لوگوں کو گمراہی کی طرف بلانے کے ساتھ انہوں نے کسی نہ کسی اصلاحی پروگرام کو بھی اپنی دعوت کا حصہ بنایا۔ سادہ لوح عوام تصویر کے اس اصلاحی اور خوشنما رنگ کو دیکھ کر اس کے جال میں پھنستے چلے جاتے ہیں اور انکی اس ستم ظریفی پر جب راسخ العقیدہ علماء انہیں فہمائش کرتے ہیں کہ فلاں باتوں کے ذریعے کیوں آپ لوگوں کو گمراہ کرتے اور فساد پھیلاتے ہیں تو وہ باز نہیں آتے بلکہ اپنے اصلاحی رُخ کا حوالہ دے کر اُلٹے فہمائش کرنے والوں کو ملعون کرتے ہیں کہ انہیں مسلمانوں کی اصلاح و خیر خواہی سے کد ہے۔ اسی بات کو قرآنِ مجید نے یوں بیان فرمایا ہے۔

وَإِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِي الْأَرْضِ قَالُوْا إِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ۝ أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ۝ (۲ : ۱۱ ، ۱۲)

اور جب اُن سے کہا جائے کہ زمین میں فساد نہ کرو تو کہتے ہیں ہم تو اصلاح کرنے والے ہیں۔ سنتا ہے وہی فسادی ہیں مگر انہیں شعور نہیں۔

۱۶۷۳۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ وَابْنُ

عبد اللہ بن شداد سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس

قُدَامَةَ بْنِ أَعْيَنَ قَالَا ثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ ذَرٍّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ أَحَدَنَا يَجِدُ فِي نَفْسِهِ يُعَرِّضُ بِالشَّيْءِ لِأَنْ يَكُونَ حُمَمَةً أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنْ أَنْ يَتَكَلَّمَ بِهِ فَقَالَ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي رَدَّ كَيْدَهُ إِلَى الْوَسْوَسَةِ قَالَ ابْنُ قُدَامَةَ رَدَّ أَمْرَهُ مَكَانَ رَدَّ كَيْدَهُ۔

رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ ایک شخص نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! ہم میں سے کسی کے دل میں ایسا خیال آتا ہے کہ اُسے اپنی زبان پر لانے سے جل کر خاک ہو جانا زیادہ پسند ہوتا ہے۔ آپ نے کہا۔ اللہ بہت بڑا ہے، اللہ بہت بڑا ہے۔ سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے اُس (شیطان) کے فریب کو وسوسہ کر دیا۔ ابنِ قدامہ نے رَدَّ كَيْدَهُ کی جگہ رَدَّ أَمْرَهُ کہا ہے۔

بَابٌ ۵۳۶ فِي الرَّجُلِ يَنْتَمِي إِلَى غَيْرِ مَوَالِيهِ۔

جو دوسروں کے مالکوں کی جانب خود کو منسوب کرے

۱۶۷۴۔ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا زُهَيْرٌ نَا عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ حَدَّثَنِي أَبُو عُثْمَانَ قَالَ حَدَّثَنِي سَعْدُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ سَمِعَتْهُ أُذُنَايَ وَوَعَاهُ قَلْبِي مِنْ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ مَنِ ادَّعَى إِلَى غَيْرِ أَبِيهِ وَهُوَ يَعْلَمُ أَنَّهُ غَيْرُ أَبِيهِ فَالْجَنَّةُ عَلَيْهِ حَرَامٌ قَالَ فَلَقِيتُ أَبَا بَكْرَةَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ سَمِعَتْهُ أُذُنَايَ وَوَعَاهُ قَلْبِي مِنْ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَاصِمٌ فَقُلْتُ يَا أَبَا عُثْمَانَ لَقَدْ شَهِدَ عِنْدَكَ رَجُلَانِ أَيُّمَا رَجُلَيْنِ فَقَالَ أَمَّا أَحَدُهُمَا فَأَوَّلُ مَنْ رَمَى بِسَهْمٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَوْ فِي الْإِسْلَامِ يَعْنِي سَعْدَ ابْنَ مَالِكٍ وَالْآخَرُ قَدِمَ مِنَ الطَّائِفِ فِي بِضْعَةٍ وَعِشْرِينَ رَجُلًا عَلَى أَقْدَامِهِمْ فَذَكَرَ فَضْلًا قَالَ أَبُو عَلِيٍّ سَمِعْتُ أَبَا دَاوُدَ قَالَ قَالَ النُّفَيْلِيُّ حَيْثُ حَدَّثَ بِهٰذَا الْحَدِيثِ وَاللّٰهِ إِنَّهُ عِنْدِي أَحْلَى مِنَ الْعَسَلِ يَعْنِي قَوْلَهُ حَدَّثَنَا وَحَدَّثَنِي قَالَ أَبُو عَلِيٍّ وَسَمِعْتُ

ابو عثمان سے روایت ہے کہ حضرت سعد بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ میرے دونوں کانوں نے سُنا اور دل نے اسے محفوظ رکھا کہ محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو اپنے باپ کے سوا دوسرے کا بیٹا ہونے کا دعویٰ کرے اور وہ جانے کہ وہ باپ نہیں ہے تو جنت اُس پر حرام ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ میں حضرت ابوبکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملا اور اُن سے اس کا ذکر کیا۔ فرمایا کہ میرے دونوں کانوں نے سُنا اور دل نے محفوظ رکھا کہ محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ عاصم کا بیان ہے کہ میں عرض گزار ہوا۔ اے ابو عثمان! آپ نے دو بزرگوں کی شہادت پیش کی، وہ دونوں حضرات کیسے تھے؟ فرمایا کہ اُن میں سے ایک تو وہ ہیں جنہوں نے سب سے پہلے اللہ کی راہ میں یا اسلام کی حمایت میں تیر چلایا، یعنی حضرت سعد بن مالک اور دوسرے وہ ہیں جو بیس[2] سے زیادہ آدمیوں کو لے کر طائف سے حاضرِ بارگاہ ہوئے۔ ابو علی کا بیان ہے کہ میں نے امام ابوداؤد سے سُنا۔ نفیلی نے کہا کہ جب میں نے یہ حدیث بیان کی تو فرمایا۔ خدا کی قسم، میرے نزدیک یہ شہد سے زیادہ شیریں ہے۔ ابو علی کا بیان ہے کہ میں نے امام ابوداؤد کو فرماتے ہوئے سُنا کہ امام احمد بن حنبل فرمایا کرتے۔ اہلِ کوفہ کی حدیث میں نور نہیں ہے اور اس معاملے

أَبَادَاوُدَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ أَحْمَدَ يَقُوْلُ لَيْسَ لِحَدِيْثِ أَهْلِ الْكُوْفَةِ نُوْرٌ قَالَ وَمَا رَأَيْتُ مِثْلَ أَهْلِ الْبَصْرَةِ كَانُوْا تَعَلَّمُوْهُ مِنْ شُعْبَةَ۔

میں کسی کو اہل بصرہ جیسا میں نے نہیں دیکھا کیونکہ اُنہوں نے یہ علم شعبہ سے حاصل کیا ہے۔

۱۶۷۵۔ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ أَبِي يَعْقُوْبَ نَا مُعَاوِيَةُ يَعْنِي ابْنَ عَمْرٍو وَنَا زَائِدَةُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ تَوَلَّى قَوْمًا بِغَيْرِ إِذْنِ مَوَالِيْهِ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ لَا يُقْبَلُ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ صَرْفٌ وَلَا عَدْلٌ۔

ابو صالح نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جو غلام اپنے مالکوں کی اجازت کے بغیر دوسرے لوگوں سے ولاء قائم کرے تو اُس پر اللہ کی لعنت، فرشتوں اور تمام انسانوں کی۔ قیامت کے روز اُس کا کوئی فرض اور نفل قبول نہیں کیا جائے گا۔

۱۶۷۶۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدِّمَشْقِيُّ نَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ قَالَ حَدَّثَنِي سَعِيْدُ بْنُ أَبِي سَعِيْدٍ وَنَحْنُ بِبَيْرُوْتَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنِ ادَّعَى إِلٰى غَيْرِ أَبِيْهِ أَوِ انْتَمٰى إِلٰى غَيْرِ مَوَالِيْهِ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ الْمُتَتَابِعَةُ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔

سلیمان بن عبد الرحمٰن دمشقی، عمر بن عبد الواحد، عبد الرحمٰن بن یزید بن جابر، سعید بن ابو سعید کا بیان ہے کہ ہم بیروت میں تھے تو حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا:۔ جو اپنے باپ کے سوا کسی اور کا بیٹا ہونے کا دعویٰ کرے یا غلام اپنے مالکوں کے سوا کسی اور کو اپنا مالک بنائے تو اُس پر اللہ کی لعنت متواتر قیامت تک ہوتی رہتی ہے۔

بَابٌ ۵۳ فِي التَّفَاخُرِ بِالْأَحْسَابِ۔

حسب ونسب پر فخر کرنا

۱۶۷۷۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ مَرْوَانَ الرَّقِّيُّ نَا الْمُعَافٰى ح وَنَا أَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدٍ الْهَمْدَانِيُّ أَنَا ابْنُ وَهْبٍ وَهٰذَا حَدِيْثُهُ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِي سَعِيْدٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ قَدْ أَذْهَبَ عَنْكُمْ عُبِّيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ وَفَخْرَهَا بِالْآبَاءِ مُؤْمِنٌ تَقِيٌّ وَفَاجِرٌ شَقِيٌّ أَنْتُمْ بَنُوْ آدَمَ وَآدَمُ مِنْ تُرَابٍ لَيَدَعَنَّ رِجَالٌ فَخْرَهُمْ بِأَقْوَامٍ إِنَّمَا هُمْ فَحْمٌ مِنْ فَحْمِ جَهَنَّمَ أَوْ لَيَكُوْنُنَّ أَهْوَنَ

موسیٰ بن مروان رقی، معافی ——— احمد بن سعید ہمدانی، ابن وہب، ہشام بن سعد، سعید بن ابو سعید کے والد ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اللہ تعالیٰ نے تم سے جاہلیت کی نخوت کو دُور کر دیا لہٰذا تم مومن متقی ہو یا فاسق بدبخت۔ تم آدم کی اولاد ہو اور آدم مٹی سے بنائے گئے تھے۔ لوگوں کو قومیت پر فخر کرنا چھوڑ دینا چاہیے کیونکہ وہ جہنم کے کوئلوں میں سے ایک کوئلہ ہے:۔ ایسا نہ کیا تو اللہ تعالیٰ کے لیے اُنہیں گبریلہ بنا دینا بالکل آسان ہے جو اپنی ناک سے فضلے کو دھکیلتا ہے۔

عَلَى اللّٰهِ مِنَ الْجُعْلَانِ الَّتِيْ تَدْفَعُ بِأَنْفِهَا النَّتْنَ۔

بابُ ۵۳۸ فِي الْعَصَبِيَّةِ۔

تعصب کا بیان

۱۶۷۸- حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ نَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ مَنْ نَصَرَ قَوْمَهُ عَلَى غَيْرِ الْحَقِّ فَهُوَ كَالْبَعِيْرِ الَّذِيْ رُدِّيَ فَهُوَ يُنْزَعُ بِذَنَبِهِ۔

عبدالرحمٰن بن عبداللہ سے روایت ہے کہ اُن کے والدِ ماجد حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا :۔ جس نے حق کے بغیر اپنی قوم کی مدد کی وہ کنوئیں میں گرے ہوئے اُونٹ کی طرح ہے جسے دم پکڑ کر کھینچا جاتا ہے۔

۱۶۷۹- حَدَّثَنَا ابْنُ بَشَّارٍ نَا أَبُوْ عَامِرٍ نَا سُفْيَانُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ انْتَهَيْتُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِيْ قُبَّةٍ مِنْ أَدَمٍ فَذَكَرَ نَحْوَهُ۔

عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ اُن کے والدِ ماجد نے فرمایا :۔ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا جبکہ آپ چمڑے کے خیمے میں تھے۔ پھر اُسی طرح حدیث بیان کی۔

۱۶۸۰- حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ خَالِدٍ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ نَا الْفِرْيَابِيُّ قَالَ نَا سَلَمَةُ بْنُ بِشْرٍ الدِّمَشْقِيُّ عَنْ بِنْتِ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ أَنَّهَا سَمِعَتْ أَبَاهَا يَقُوْلُ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا الْعَصَبِيَّةُ قَالَ أَنْ تُعِيْنَ قَوْمَكَ عَلَى الظُّلْمِ۔

سلمہ بن بشر دمشقی نے بنت واثلہ بن اسقع سے روایت کی ہے کہ اُنہوں نے اپنے والدِ ماجد کو فرماتے ہوئے سُنا کہ میں عرض گزار ہُوا :۔ یارسول اللہ! عصبیت کیا چیز ہے؟ فرمایا کہ تم ظلم پر اپنی قوم کی مدد کرو۔

۱۶۸۱- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ نَا أَيُّوْبُ بْنُ سُوَيْدٍ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ أَنَّهُ سَمِعَ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يُحَدِّثُ عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ الْمُدْلِجِيِّ قَالَ خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ خَيْرُكُمُ الْمُدَافِعُ عَنْ عَشِيْرَتِهِ مَا لَمْ يَأْثَمْ۔

سعید بن مسیب سے روایت ہے کہ حضرت سراقہ بن مالک بن جعشم مدلجی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا :۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیا اور فرمایا :۔ تم میں وہ بہتر ہے جو اپنے اقربا کی مدافعت کرے جبکہ گناہ نہ کرتا ہو۔

۱۶۸۲- حَدَّثَنَا ابْنُ السَّرْحِ نَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ أَيُّوْبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَكِّيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

ابن سرح، ابن وہب، سعید بن ابو ایوب، محمد بن عبدالرحمٰن مکی، عبداللہ بن ابو سلیمان نے حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

أَبِي سُلَيْمَانَ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ دَعَا إِلَى عَصَبِيَّةٍ وَلَيْسَ مِنَّا مَنْ قَاتَلَ عَصَبِيَّةً وَلَيْسَ مِنَّا مَنْ مَاتَ عَلَى عَصَبِيَّةٍ.

وہ ہم میں سے نہیں جو عصبیت (بے جا حمایت) کی طرف بلائے، وہ ہم میں سے نہیں جو بے جا حمایت کرتا ہوا لڑے اور وہ ہم میں سے نہیں جو بے جا حمایت کرتا ہوا مرے۔

۱۶۸۳۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ عَوْفٍ عَنْ زِيَادِ بْنِ مِخْرَاقٍ عَنْ أَبِي كِنَانَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنُ أُخْتِ الْقَوْمِ مِنْهُمْ.

ابوکنانہ نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قوم کا بھانجا بھی اُسی قوم میں شمار ہوتا ہے۔

۱۶۸۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ نَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ نَا جَرِيرٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحٰقَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ حُصَيْنٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي عُقْبَةَ عَنْ أَبِي عُقْبَةَ وَكَانَ مَوْلًى مِنْ أَهْلِ فَارِسٍ قَالَ شَهِدْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُحُدًا فَضَرَبْتُ رَجُلًا مِنَ الْمُشْرِكِينَ فَقُلْتُ خُذْهَا مِنِّي وَأَنَا الْغُلَامُ الْفَارِسِيُّ فَالْتَفَتَ إِلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ فَهَلَّا قُلْتَ خُذْهَا مِنِّي وَأَنَا الْغُلَامُ الْأَنْصَارِيُّ.

محمد بن عبدالرحیم، حسین بن محمد، جریر بن محمد بن اسحاق، داؤد بن حصین، حضرت عبدالرحمٰن بن ابوعقبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے جو اہل فارس کے مولیٰ تھے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ غزوۂ اُحد میں موجود تھا۔ میں نے مشرکین میں سے ایک آدمی کو ضرب لگائی اور کہا۔ یہ میری طرف سے لو اور میں فارسی غلام ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میری جانب متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ یہ کیوں کہتے۔ یہ میری طرف سے لو اور میں انصاری غلام ہوں۔

باب ۵۳۹ إِخْبَارِ الرَّجُلِ الرَّجُلَ بِمَحَبَّتِهِ إِيَّاهُ.

جس شخص سے محبت رکھتا ہو اُسے بتا دے

۱۶۸۵۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنْ ثَوْرٍ قَالَ حَدَّثَنِي حَبِيبُ بْنُ عُبَيْدٍ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيكَرِبَ وَقَدْ كَانَ أَدْرَكَهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا أَحَبَّ الرَّجُلُ أَخَاهُ فَلْيُخْبِرْهُ أَنَّهُ يُحِبُّهُ.

حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے یہ بات معلوم ہوئی کہ آپ نے فرمایا۔ جب آدمی اپنے بھائی سے محبت رکھے تو اُسے بتا دے کہ وہ اُس سے محبت رکھتا ہے۔

۱۶۸۶۔ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ نَا الْمُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ نَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَجُلًا كَانَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ

ثابت بنانی نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھا تو دوسرا شخص اُس کے پاس سے گزرا

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَرَّ بِهِ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي لَأُحِبُّ هٰذَا فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْلَمْتَهُ قَالَ لَا قَالَ أَعْلِمْهُ قَالَ فَلَحِقَهُ فَقَالَ إِنِّي أُحِبُّكَ فِي اللّٰهِ فَقَالَ أُحِبُّكَ الَّذِي أَحْبَبْتَنِي لَهُ۔

اور عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! میں اس سے محبت رکھتا ہوں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم نے اسے بتا دیا ہے؟ عرض کی، نہیں۔ فرمایا کہ اسے بتا دو۔ پس وہ اُس سے ملا اور کہا:۔ میں آپ سے خدا کے لیے محبت رکھتا ہوں۔ دوسرے نے کہا:۔ آپ سے وہ محبت کرے جس کی خاطر آپ مجھ سے محبت رکھتے ہیں۔

بَابٌ ۵۴ الرَّجُلُ يُحِبُّ الرَّجُلَ عَلٰى خَيْرٍ يَرَاهُ۔

آدمی کا کسی میں بھلائی دیکھ کر اُس سے محبت کرنا

۱۶۸۷۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا سُلَيْمَانُ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ الصَّامِتِ عَنْ أَبِي ذَرٍّ أَنَّهُ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ الرَّجُلُ يُحِبُّ الْقَوْمَ وَلَا يَسْتَطِيعُ أَنْ يَعْمَلَ كَعَمَلِهِمْ قَالَ أَنْتَ يَا أَبَا ذَرٍّ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ قَالَ فَإِنِّي أُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ قَالَ فَإِنَّكَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ قَالَ فَأَعَادَهَا أَبُو ذَرٍّ فَأَعَادَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عبداللہ بن صامت سے روایت ہے کہ حضرت ابو ذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ عرض گزار ہوئے:۔ یا رسول اللہ! ایک آدمی قوم سے محبت رکھتا ہے۔ لیکن ان جیسے کام نہیں کر سکتا۔ فرمایا کہ اے ابو ذر! تم اُس کے ساتھ ہو جس سے محبت کرتے ہو۔ عرض گزار ہوئے کہ میں تو اللہ اور اُس کے رسول سے محبت رکھتا ہوں۔ فرمایا کہ تم اسی کے ساتھ ہو جس سے محبت رکھتے ہو۔ راوی کا بیان ہے کہ حضرت ابو ذر نے وہی بات پھر دہرائی اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پھر وہی فرمایا۔

ف۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے محبت رکھنا حقیقت میں بالواسطہ اللہ تعالیٰ سے محبت رکھنا اور ایمان کی نشانی ہے۔ اسی لیے سرورِ کون و مکاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے:۔

واللہ لا یؤمن حتیٰ اکون احب الیہ من والدہ وولدہ والناس اجمعین (بخاری)

خدا کی قسم وہ مومن نہیں جب تک میں اس کے نزدیک اُس کے والد، اُس کی اولاد اور تمام انسانوں سے پیارا نہ ہوں۔

خود پروردگارِ عالم نے اپنے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت اور تعظیم و توقیر کو جزوِ ایمان قرار دیا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خدا نے اپنا خلیفۂ اعظم بنایا ہے۔ جو اس منصب کو تسلیم کرے گا وہ لازمی آپ سے محبت رکھے گا اور یقیناً سب سے زیادہ حضور کی تعظیم و توقیر کرے گا۔ جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنے خالق و مالک کا محبوب اور خلیفۂ اعظم تسلیم کرے وہ یقیناً آپ کے ہر حکم کے سامنے گردن جھکا دے گا۔ اسی لیے پروردگارِ عالم نے فرمایا ہے:۔

فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتّٰى يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوا فِي أَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوا تَسْلِيمًا۔ (۴:۶۵)

تو اے محبوب! تمہارے رب کی قسم، وہ مسلمان نہیں ہوں گے جب تک اپنے آپس کے جھگڑے میں تمہیں حاکم نہ بنائیں۔ پھر جو کچھ تم حکم فرما دو اپنے دلوں میں اس سے رکاوٹ نہ پائیں اور دل سے مان لیں۔

جو انکے فیصلے کو تسلیم نہ کرے یا اس میں کسی قسم کی کمی بیشی یا جانبداری کا تصور بھی ذہن میں لائے تو وہ صاحبِ ایمان نہیں ہے کیونکہ ایمان تو نام ہے اُن کے اس منصب کو تسلیم کرنے کا جو خدا نے انہیں مرحمت فرمایا ہے اور گویا وہ خدا کے اس فیصلے ہی کا منکر ہے۔

جیسے صنعت کی تعریف بالواسطہ صانع کی تعریف ہے اسی طرح رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے محبت رکھنا بھی حقیقت میں اللہ تعالیٰ سے بالواسطہ محبت رکھنے کی علامت ہے۔ اپنی محبت کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ (۲:۱۶۵) اور ایمان والوں کو اللہ کی محبت سب سے زیادہ ہے۔

لہٰذا جس کو اللہ سے محبت ہوگی وہ علیٰ قدرِ مراتب اللہ کے پیاروں سے بھی محبت رکھے گا کیونکہ ہم کو اُن سے محبت ہے اور جس کو اللہ رب العزت سے محبت ہوگی وہ اللہ کے دشمنوں یعنی کافروں مشرکوں سے دلی نفرت کرے گا کیونکہ اللہ تعالیٰ کو ان سے نفرت ہے۔ یہی اَلْحُبُّ فِي اللّٰهِ وَ الْبُغْضُ فِي اللّٰهِ۔ ہے چونکہ یہ محبت و عداوت سب حکم الٰہی اور منشائے ایزدی کے تحت ہے لہٰذا ایسا کرنے والا خدا سے ہی محبت کرتا ہے لیکن جو اللہ اور رسول کے پیاروں سے محبت نہ رکھے یا اللہ اور رسول کے دشمنوں سے عداوت اور دلی نفرت نہ رکھے تو اللہ اور اس کے رسول کی محبت کا دعوٰی کرنے میں جھوٹا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۶۸۸۔ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ نَا خَالِدٌ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ مَا رَاَيْتُ اَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرِحُوْا بِشَيْءٍ اَشَدَّ مِنْهُ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلرَّجُلُ يُحِبُّ الرَّجُلَ عَلَى الْعَمَلِ مِنَ الْخَيْرِ يَعْمَلُ بِهٖ وَلَا يَعْمَلُ بِمِثْلِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ۔

ثابت سے روایت ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب کو کسی بات پر اتنے خوش ہوتے ہوئے نہیں دیکھے جتنے اس بات پر خوش ہوئے کہ ایک شخص عرض گزار ہوا:۔ یا رسول اللہ! ایک آدمی دوسرے سے اُس کے نیک کاموں کی وجہ سے محبت کرتا ہے اور اس کی طرح عمل نہیں کرتا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ آدمی اُس کے ساتھ ہے جس سے محبت رکھتا ہے۔

ف۔ آدمی اسی کے ساتھ ہوگا جس سے وہ محبت رکھتا ہے لہٰذا مسلمان کو اللہ کے سارے ہی پیارے بندوں سے محبت رکھنی چاہیے۔ محبت اسی وجہ سے ممکن ہے کہ اُن کے منصب کو تسلیم کیا جائے۔ جب تک کسی کا عالی منصب ذہن میں نہ سمائے یا اس سے کسی بہت بڑے فائدے کی امید نہ ہو اس وقت تک انسان کا ذہن کسی کی محبت پر آمادہ ہی کب ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے مقربین کو بنایا ہی ایسا ہے کہ علیٰ قدرِ مراتب نفع بخش ہیں۔ لہٰذا اپنے فائدے کے لیے، اپنی اُخروی زندگی سنوارنے کے لیے ان سے محبت کرے۔ انہیں اس لیے تسلیم کرے اور اس لیے ان سے محبت رکھے کہ ولی تو نبی نما ہوتا ہے اور نبی خدا نما ہوتا ہے۔ ولی کی صفات سے نبی کی صفات کا پتہ لگتا ہے اور نبی کی صفات سے خدا کی صفات کا ذہن میں تصور سماتا ہے۔ اسی لیے پروردگارِ عالم نے فرمایا ہے:۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ (۹:۱۱۹) اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ رہو۔

بَابُ ۵۴۱ فِي الْمَشْوَرَةِ۔
مشورے کا بیان

۱۶۸۹۔ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنّٰى نَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ بُكَيْرٍ نَا شَيْبَانُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُسْتَشَارُ مُؤْتَمَنٌ۔

ابن المثنیٰ، یحییٰ بن ابو بکیر، شیبان، عبد الملک بن عمیر ابو سلمہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جس سے مشورہ کیا گیا وہ امانت دار ہے۔

بَابُ ۵۴۲ فِي الدَّالِّ عَلَى
نیکی کی طرف بُلانے کا بیان

الْخَيْرِ۔

ف۔ جب ایک آدمی کسی سے مشورہ لے تو وہ اس پر بھروسہ کر کے مشورہ لیتا ہے کہ یہ سمجھ دار اور میرا خیر خواہ ہے۔ مشورہ دینے والے کو چاہیے کہ اس اعتماد کو ٹھیس نہ لگنے دے اور بساط بھر درست اور ایسا مشورہ دے جس میں مشورہ لینے والے کا فائدہ ہو۔ اگر وہ جان بوجھ کر درست مشورہ نہ دے یا درست مشورہ دینے میں اُس کی کوئی ذاتی غرض حائل ہو جائے تو اس نے خیانت کی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۶۹۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ نَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي أُبْدِعَ بِي فَاحْمِلْنِي قَالَ لَا أَجِدُ مَا أَحْمِلُكَ عَلَيْهِ وَلَكِنِ ائْتِ فُلَانًا فَلَعَلَّهُ أَنْ يَحْمِلَكَ فَأَتَاهُ فَحَمَلَهُ فَأَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ دَلَّ عَلَى خَيْرٍ فَلَهُ مِثْلُ أَجْرِ فَاعِلِهِ۔

حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ ایک شخص نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! میرے پاس سواری نہیں ہے لہٰذا مجھے سواری مرحمت فرما دی جائے۔ فرمایا کہ میرے پاس تو تمہیں دینے کے لیے سواری نہیں ہے لیکن تم فلاں کے پاس جاؤ شاید وہ تمہیں سواری عطا کر دے۔ پس وہ اُس کے پاس گیا تو اُس نے سواری دے دی۔ اس نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر آپ کو یہ بات بتائی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے نیک بات بتائی تو اُس کے لیے بھی نیکی کرنے والے جتنا ثواب ہے۔

بَاب ۵۴۳ فِي الْهَوَى۔

نفسانی خواہش کا بیان

۱۶۹۱۔ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ نَا بَقِيَّةُ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ عَنْ خَالِدِ بْنِ مُحَمَّدٍ الثَّقَفِيِّ عَنْ بِلَالِ بْنِ أَبِي الدَّرْدَاءِ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حُبُّكَ الشَّيْءَ يُعْمِي وَيُصِمُّ۔

حیوۃ بن شریح، ابو بکر بن ابو مریم، خالد بن محمد ثقفی، بلال بن ابو درداء نے حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کسی چیز کی محبت آدمی کو اندھا اور بہرا کر دیتی ہے۔

بَاب ۵۴۴ فِي الشَّفَاعَةِ۔

سفارش کا بیان

۱۶۹۲۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا سُفْيَانُ عَنْ بُرَيْدَةَ ابْنِ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اشْفَعُوا إِلَيَّ لِتُؤْجَرُوا وَلْيَقْضِ اللَّهُ عَلَى لِسَانِ نَبِيِّهِ مَا شَاءَ۔

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میرے پاس سفارش کرو تاکہ تمہیں ثواب ملے اور اللہ تعالیٰ جو چاہے اپنے نبی کی زبان سے فیصلہ کرواتا ہے۔

بَاب ۵۴۵ فِي الرَّجُلِ يَبْدَأُ بِنَفْسِهِ فِي الْكِتَابِ۔

جو خط کو اپنے نام سے شروع کرے

۱۶۹۳۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا هُشَيْمٌ

احمد بن حنبل، ہشیم، منصور، ابن سیرین۔ احمد نے ایک

عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنِ ابْنِ سِیْرِیْنَ قَالَ اَحْمَدُ قَالَ مَرَّةً یَعْنِیْ هُشَیْمًا عَنْ بَعْضِ وُلْدِ الْعَلَاءِ اَنَّ الْعَلَاءَ بْنَ الْحَضْرَمِیِّ كَانَ عَامِلَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْبَحْرَیْنِ فَكَانَ اِذَا كَتَبَ اِلَیْهِ بَدَاَ بِنَفْسِهٖ۔

دفعہ کہا:۔ ہشیم، ابن العلاء نے حضرت علاء بن الحضرمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی جو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے بحرین کے عامل تھے کہ جب وہ اُن کی طرف خط لکھتے تو اپنے نام سے ابتدا کرتے۔

۱۶۹۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِیْمِ نَا الْمُعَلَّى بْنُ مَنْصُوْرٍ اَنَا هُشَیْمٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنِ ابْنِ سِیْرِیْنَ عَنِ ابْنِ الْعَلَاءِ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَضْرَمِیِّ اَنَّهٗ كَتَبَ اِلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَبَدَاَ بِاسْمِهٖ۔

ابن سیرین نے ابن العلاء سے روایت کی ہے کہ حضرت علاء بن الحضرمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے عریضہ لکھا تو اپنے نام سے شروع کیا۔

بَاب ۵۴۶ كَیْفَ یُكْتَبُ اِلَى الذِّمِّیِّ۔

ذِمّی کے لیے خط کیسے لکھا جائے؟

۱۶۹۵۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ وَمُحَمَّدُ ابْنُ یَحْیٰى قَالَا نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلٰى هِرَقْلَ مِنْ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ اِلٰى هِرَقْلَ عَظِیْمِ الرُّوْمِ سَلَامٌ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى وَقَالَ ابْنُ یَحْیٰى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ اَبَا سُفْیَانَ اَخْبَرَهٗ قَالَ فَدَخَلْنَا عَلٰى هِرَقْلَ فَاَجْلَسَنَا بَیْنَ یَدَیْهِ ثُمَّ دَعَا بِكِتَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مِنْ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ اِلٰى هِرَقْلَ عَظِیْمِ الرُّوْمِ سَلَامٌ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى اَمَّا بَعْدُ۔

عُبیداللہ بن عُتبہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہرقل کے نام گرامی نامہ لکھا کہ محمد رسول اللہ کی طرف سے ہرقل کے نام جو روم کا عظیم فرد ہے۔ سلام اُس پر جس نے ہدایت کا راستہ اختیار کیا۔ ابن یحییٰ نے حضرت ابن عباس سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوسفیان نے اُنہیں بتایا کہ ہم ہرقل کے پاس پہنچے تو اُس نے ہمیں اپنے سامنے بٹھایا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا گرامی نامہ منگوایا تو اُس میں تھا:۔ اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔ محمد رسول اللہ کی طرف سے ہرقل کے نام جو روم کا عظیم فرد ہے۔ سلام اُس پر ہو جس نے راہِ ہدایت اختیار کی۔ امّا بعد۔

بَاب ۵۴۷ فِیْ بِرِّ الْوَالِدَیْنِ۔

والدین کے ساتھ نیکی کرنے کا بیان

۱۶۹۶۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِیْرٍ نَا سُفْیَانُ حَدَّثَنِیْ سُهَیْلُ بْنُ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یَجْزِیْ وَلَدٌ وَالِدَهٗ اِلَّا اَنْ یَّجِدَهٗ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ بیٹا اپنے باپ کے احسانات کا بدلہ نہیں دے سکتا مگر یہ کہ اُسے غلام پائے اور خرید کر آزاد کر دے۔

مَمْلُوكًا فَيَشْتَرِيَهُ فَيُعْتِقَهُ۔

۱۶۹۷۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيَى عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ قَالَ حَدَّثَنِي خَالِي الْحَارِثُ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كَانَتْ تَحْتِي امْرَأَةٌ أُحِبُّهَا وَكَانَ عُمَرُ يَكْرَهُهَا فَقَالَ لِي طَلِّقْهَا فَأَبَيْتُ فَأَتَى عُمَرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَلِّقْهَا۔

حمزہ بن عبد اللہ بن عمر سے اُن کے والدِ ماجد نے فرمایا کہ ایک عورت میرے نکاح میں تھی اور میں اُسے پسند کرتا تھا جب کہ حضرت عمر اُسے ناپسند فرماتے تھے۔ اُنھوں نے مجھ سے فرمایا کہ اسے طلاق دے دو تو میں نے انکار کیا۔ پس حضرت عمر نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اس بات کا ذکر کیا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اُسے طلاق دے دو۔

ف۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس حکم سے یہ بات ثابت ہو رہی ہے کہ اگر باپ حکم دے تو بیوی کو طلاق دے دینی چاہیے ورنہ باپ کا نافرمان شمار ہوگا۔ آج جبکہ اسلام سے ہماری وابستگی برائے نام رہ گئی تو اکثر یہی دیکھنے میں آتا ہے کہ بیویوں کے کہنے پر ماں باپ کو چھوڑ دیا جاتا ہے۔ والدین کے نافرمان بننا منظور کر لیتے ہیں لیکن کوشش کرتے ہیں کہ بیوی کے فرماں بردار ہونے میں حرف نہ آئے۔ اللہ تعالیٰ اہلِ زمانہ کو دین و دانش عطا فرمائے۔ آمین۔

۱۶۹۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَنْ أَبَرُّ قَالَ أُمَّكَ ثُمَّ أُمَّكَ ثُمَّ أُمَّكَ ثُمَّ أَبَاكَ ثُمَّ الْأَقْرَبَ فَالْأَقْرَبَ وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَسْأَلُ رَجُلٌ مَوْلَاهُ مِنْ فَضْلٍ هُوَ عِنْدَهُ فَيَمْنَعُهُ إِيَّاهُ إِلَّا دُعِيَ لَهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَضْلُهُ الَّذِي مَنَعَهُ شُجَاعًا أَقْرَعَ۔

بہز بن حکیم کے والدِ ماجد سے اُن کے والدِ محترم نے فرمایا۔ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! کس کے ساتھ نیکی کروں؟ فرمایا اپنی والدہ سے، پھر والدہ سے، پھر والدہ سے، پھر اپنے باپ سے، پھر جو سب سے قریب ہو، پھر جو قریب ہو اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو اپنے آزاد کردہ غلام سے زائد از ضرورت مال مانگے جو اُس کے پاس ہو اور وہ انکار کر دے مگر قیامت کے روز وہ زائد مال جس کا انکار کیا گنجے سانپ کی شکل میں اُس کے پاس آئے گا۔

۱۶۹۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى نَا الْحَارِثُ ابْنُ مُرَّةَ نَا كُلَيْبُ بْنُ مَنْفَعَةَ عَنْ جَدِّهِ أَنَّهُ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَنْ أَبَرُّ قَالَ أُمَّكَ وَأَبَاكَ وَأُخْتَكَ وَأَخَاكَ وَمَوْلَاكَ الَّذِي يَلِي ذَاكَ حَقًّا وَاجِبًا وَرَحِمًا مَوْصُولَةً۔

کُلیب بن منفعہ کے دادا جان نے فرمایا کہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! کس کے ساتھ نیکی کروں؟ فرمایا کہ اپنی ماں، اپنے باپ، اپنی بہن، اپنے بھائی اور اپنے آزاد کرنے والے کا حق واجب ہے اور صلہ رحمی کرنی چاہیے۔

۱۷۰۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ زِيَادٍ قَالَ أَنَا ح وَحَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ مُوسٰى

محمد بن جعفر بن زیاد ——— عباد بن موسیٰ ابراہیم بن سعد، اُن کے والدِ ماجد، حُمید بن عبد الرحمٰن نے حضرت عبد اللہ

نَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَكْبَرِ الْكَبَائِرِ اَنْ يَلْعَنَ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ يَلْعَنُ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ قَالَ يَلْعَنُ اَبَا الرَّجُلِ فَيَلْعَنُ اَبَاهُ وَيَلْعَنُ اُمَّهٗ فَيَلْعَنُ اُمَّهٗ۔

بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ یہ بہت ہی بڑے گناہوں سے ہے کہ آدمی اپنے والدین پر لعنت کرے۔ عرض کی گئی کہ یا رسول اللہ! آدمی اپنے والدین پر کیسے لعنت کرتا ہے؟ فرمایا کہ کسی آدمی کے باپ پر لعنت اور وہ اس کے باپ پر لعنت کرے۔ یہ کسی کی ماں پر لعنت کرے اور وہ اس کی ماں پر لعنت کرے۔

۱۷۰۱۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَهْدِيٍّ وَعُثْمَانُ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ الْمَعْنٰى قَالُوْا نَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ اُسَيْدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عُبَيْدٍ مَوْلٰى بَنِيْ سَاعِدَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ اُسَيْدٍ مَالِكِ بْنِ رَبِيْعَةَ السَّاعِدِيِّ قَالَ بَيْنَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ جَاءَهٗ رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ سَلِمَةَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ بَقِيَ مِنْ بِرِّ اَبَوَيَّ شَيْءٌ اَبَرُّهُمَا بِهٖ بَعْدَ مَوْتِهِمَا قَالَ نَعَمْ اَلصَّلٰوةُ عَلَيْهِمَا وَالْاِسْتِغْفَارُ لَهُمَا وَاِنْفَاذُ عَهْدِهِمَا مِنْ بَعْدِهِمَا وَصِلَةُ الرَّحِمِ الَّتِيْ لَا تُوْصَلُ اِلَّا بِهِمَا وَاِكْرَامُ صَدِيْقِهِمَا۔

ابراہیم بن مہدی اور عثمان بن ابو شیبہ اور محمد بن العلاء، ابو عبداللہ بن ادریس، عبدالرحمٰن بن سلیمان، اُسید بن علی بن عُبید مولیٰ بنی ساعدہ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت ابو اُسید مالک بن ربیعہ ساعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:- ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں موجود تھے کہ بنی سلمہ کا ایک شخص حاضر ہو کر عرض گزار ہوا۔ کیا والدین کی وفات کے بعد اُن کے ساتھ نیکی کرنے کی کوئی صورت باقی ہے؟ فرمایا:- ہاں اُن کے لیے دعا و استغفار کرنا، اُن کے بعد اُن کے عہد کو پورا کرنا، اُس رشتے کو جوڑنا جو اُن کی وجہ سے جُڑتا تھا اور اُن کی دوستوں کی تعظیم و تکریم کرنا۔

۱۷۰۲۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ نَا اَبُو النَّضْرِ نَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُسَامَةَ بْنِ الْهَادِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَبَرَّ الْبِرِّ صِلَةُ الْمَرْءِ اَهْلَ وُدِّ اَبِيْهِ بَعْدَ اَنْ يُوَلِّيَ۔

احمد بن منیع، ابو النضر، لیث بن سعد، یزید بن عبداللہ بن اُسامہ بن الہاد، عبداللہ بن دینار، حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:- سب سے بڑی نیکی یہ ہے کہ آدمی اپنے باپ کے دوستوں سے نیکی کرے اُس کی وفات کے بعد۔

۱۷۰۳۔ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنّٰى نَا اَبُوْ عَاصِمٍ نَا جَعْفَرُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ بْنِ ثَوْبَانَ اَنَا عُمَارَةُ بْنُ ثَوْبَانَ اَنَّ اَبَا الطُّفَيْلِ اَخْبَرَهٗ قَالَ

عمارہ بن ثوبان سے روایت ہے کہ حضرت ابو الطفیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:- میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جعرانہ کے مقام پر گوشت تقسیم فرماتے ہوئے دیکھا۔ حضرت

رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْسِمُ لَحْمًا بِالْجِعِرَّانَةِ قَالَ أَبُو الطُّفَيْلِ كُنْتُ يَوْمَئِذٍ غُلَامٌ أَحْمِلُ عَظْمَ الْجَزُورِ إِذْ أَقْبَلَتِ امْرَأَةٌ حَتّٰى دَنَتْ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَسَطَ لَهَا رِدَاءَهُ فَجَلَسَتْ عَلَيْهِ فَقَالَ مَنْ هِيَ فَقَالُوا هٰذِهِ أُمُّهُ الَّتِي أَرْضَعَتْهُ۔

ابو الطفیل کا بیان ہے کہ اُن دنوں میں لڑکا تھا اور اُونٹوں کی ہڈیاں اُٹھایا کرتا تھا۔ اسی دوران ایک عورت آئی، یہاں تک کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قریب پہنچی تو آپ نے اُس کے لیے اپنی چادر بچھا دی۔ کسی نے کہا:۔ یہ کون ہے؟ لوگوں نے کہا کہ یہ حضور کی ماں ہے جس نے آپ کو دودھ پلایا تھا۔

۱۷۰۴۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ نَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ أَنَّ عُمَرَ بْنَ السَّائِبِ حَدَّثَهُ أَنَّهُ بَلَغَهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ جَالِسًا يَوْمًا فَأَقْبَلَ أَبُوهُ مِنَ الرَّضَاعَةِ فَوَضَعَ لَهُ بَعْضَ ثَوْبِهِ فَقَعَدَ عَلَيْهِ ثُمَّ أَقْبَلَتْ أُمُّهُ فَوَضَعَ لَهَا شِقَّ ثَوْبِهِ مِنْ جَانِبِهِ الْآخَرِ فَجَلَسَتْ عَلَيْهِ ثُمَّ أَقْبَلَ أَخُوهُ مِنَ الرَّضَاعَةِ فَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَجْلَسَهُ بَيْنَ يَدَيْهِ۔

عمرو بن حارث نے عمر بن سائب سے روایت کی ہے کہ اُنہیں یہ خبر پہنچی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک روز بیٹھے ہوئے تھے کہ آپ کا رضاعی باپ آگیا۔ آپ نے اُن کے لیے کپڑے کا ایک حصہ بچھا دیا تو وہ اُس پر بیٹھ گئے۔ پھر رضاعی ماں آئیں تو اُن کے لیے کپڑے کا دوسرا حصہ بچھا دیا تو وہ اُس پر بیٹھ گئیں۔ پھر رضاعی بھائی آگیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھڑے ہو گئے اور اُسے اپنے سامنے بٹھالیا۔

ف۔ معلوم ہوا کہ اپنے کسی بڑے، معزز یا تعلق والے اگر آدمی کھڑا ہو کر ملے، اس کے لیے تعظیماً قیام کرے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں بلکہ یہ عزت افزائی اور ادب و احترام کی نشانی ہے جس کے باعث محبت میں اضافہ ہوتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۵۴۸ فِي فَضْلِ مَنْ عَالَ يَتَامٰى۔ یتیموں کی پرورش کرنے کی فضیلت

۱۷۰۵۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ وَأَبُو بَكْرٍ ابْنَا أَبِي شَيْبَةَ الْمَعْنٰى قَالَا نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ عَنِ ابْنِ حُدَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَتْ لَهُ أُنْثٰى فَلَمْ يَئِدْهَا وَلَمْ يُهِنْهَا وَلَمْ يُؤْثِرْ وَلَدَهُ عَلَيْهَا قَالَ يَعْنِي الذُّكُورَ أَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ وَلَمْ يَذْكُرْ عُثْمَانُ يَعْنِي الذُّكُورَ۔

عثمان اور ابو بکر پسران ابو شیبہ، ابو معاویہ، ابو مالک اشجعی، ابن حُدیر، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جس کی بیٹی ہو تو اُس کو زندہ درگور نہ کرے، اُسے ذلیل نہ سمجھے اور اپنے بیٹے کو اُس پر ترجیح نہ دے۔ اس میں اَلذُّكُوْرُ بھی کہا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ اُسے جنت میں داخل کرے گا۔ عثمان نے اَلذُّكُوْرُ کا ذکر نہیں کیا۔

۱۷۰۶۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا خَالِدٌ نَا سُهَيْلٌ يَعْنِي ابْنَ أَبِي صَالِحٍ عَنْ سَعِيدٍ الْأَعْشٰى

مسدد، خالد، سُہیل بن ابو صالح، سعید اعشیٰ یعنی سعید بن عبد الرحمٰن بن مکمل الزہری، ایوب بن بشیر انصاری نے حضرت ابو سعید

قَالَ اَبُوْدَاوُدَ وَهُوَ سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ مُكْمِلٍ الزُّهْرِيُّ عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ بَشِيْرٍ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عَالَ ثَلَاثَ بَنَاتٍ فَاَدَّبَهُنَّ وَزَوَّجَهُنَّ وَاَحْسَنَ اِلَيْهِنَّ فَلَهُ الْجَنَّةُ۔

خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :- جس نے تین بیٹیوں کی پرورش کی، اُنہیں ادب سکھایا، اُن کی شادی کی اور اُن کے ساتھ اچھا سلوک کرتا رہا تو ایسے شخص کے لیے جنت ہے۔

۱۷۰۷۔ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى نَا جَرِيْرٌ عَنْ سُهَيْلٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ بِمَعْنَاهُ قَالَ ثَلَاثُ اَخَوَاتٍ اَوْ ثَلٰثُ بَنَاتٍ اَوِ ابْنَتَانِ اَوْ اُخْتَانِ۔

یوسف بن موسیٰ، جریر نے سُہیل سے اسی اسناد کے ساتھ معناً روایت کرتے ہوئے کہا :- تین بہنیں یا تین بیٹیاں یا دو بیٹیاں اور دو بہنیں۔

۱۷۰۸۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ نَا النَّهَّاسُ بْنُ قَهْمٍ حَدَّثَنِيْ شَدَّادٌ اَبُوْ عَمَّارٍ عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَامْرَاَةٌ سَفْعَاءُ الْخَدَّيْنِ كَهَاتَيْنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَاَوْمَاَ يَزِيْدُ الْوُسْطٰى وَالسَّبَّابَةَ امْرَاَةٌ اٰمَتْ مِنْ زَوْجِهَا ذَاتُ مَنْصَبٍ وَجَمَالٍ حَبَسَتْ نَفْسَهَا عَلٰى يَتَامَاهَا حَتّٰى بَانُوْا اَوْ مَاتُوْا۔

شدّاد ابو عمّار نے حضرت عوف بن مالک اَشجعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :- میں اور کالے رخساروں والی عورت قیامت میں یُوں ہوں گے۔ چنانچہ درمیانی اور شہادت والی اُنگلی سے اشارہ فرمایا۔ ایسی عورت جس کا خاوند فوت ہو جائے اور وہ عزّت و جمال والی تھی لیکن اپنے یتیم بچوں کی وجہ سے اپنے نفس کو روکے رکھا، یہاں تک کہ وہ بڑے ہو گئے یا فوت ہو گئے۔

ف - جس عورت کا خاوند چھوٹے چھوٹے بچے چھوڑ کر مر جائے جن کو سنبھالنے والا اور ان کی خاطر خواہ پرورش کرنے والا کوئی نہ ہو، لہٰذا عورت بچوں کی وجہ سے دوسرا نکاح نہیں کرتی۔ سو تکلیفیں اُٹھا کر اُن بچوں کی پرورش میں مشغول رہتی ہے۔ ایسی عورت کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو اُنگلیوں سے اشارہ کر کے بتایا کہ جنت میں وہ مجھ سے اتنا ہی قریب ہو گا جتنی یہ اُنگلیاں ایک دوسری سے قریب ہیں۔ مراد انتہائی قُرب ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَاب ۵۴۹ فِيْ مَنْ ضَمَّ يَتِيْمًا۔

یتیم کو اپنے ساتھ ملا لینے والے کا بیان

۱۷۰۹۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ بْنِ سُفْيَانَ اَنَا عَبْدُالْعَزِيْزِ يَعْنِيْ ابْنَ حَازِمٍ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ سَهْلٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَنَا وَكَافِلُ الْيَتِيْمِ كَهَاتَيْنِ فِي الْجَنَّةِ وَقَرَنَ بَيْنَ اِصْبَعَيْهِ الْوُسْطٰى وَالَّتِيْ تَلِي الْاِبْهَامَ۔

عبدالعزیز ابن حازم کے والد ماجد نے حضرت سہل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :- میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں اس طرح ہوں گے۔ چنانچہ آپ نے اپنی درمیانی اور انگوٹھے کے پاس والی اُنگلی کو ملا کر دکھایا۔

بَابٌ ۵۵ فِي حَقِّ الْجِوَارِ

ہمسائے کے حقوق کا بیان

۱۷۱۰۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا حَمَّادٌ عَنْ يَحْيَى ابْنِ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا زَالَ جِبْرِيلُ يُوصِينِي بِالْجَارِ حَتَّى قُلْتُ لَيُوَرِّثَنَّهُ۔

عمرہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ جبرئیل برابر مجھے ہمسائے کے متعلق وصیت کرتے رہے، یہاں تک کہ میں نے کہا کہ ضرور اُسے میراث دلائیں گے۔

۱۷۱۱۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ بَشِيرٍ أَبِي إِسْمَاعِيلَ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ ابْنِ عَمْرٍو وَأَنَّهُ ذَبَحَ شَاةً فَقَالَ أَهْدَيْتُمْ لِجَارِي الْيَهُودِيِّ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا زَالَ جِبْرِيلُ يُوصِينِي بِالْجَارِ حَتَّى ظَنَنْتُ أَنَّهُ سَيُوَرِّثُهُ۔

مجاہد سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بکری ذبح کی تو فرمایا:۔ کیا تم نے میرے یہودی ہمسائے کے لیے ہدیہ بھیجا ہے؟ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ جبرئیل برابر مجھے ہمسایے کے متعلق وصیت کرتے رہے یہاں تک کہ مجھے گمان ہوا کہ شاید اُسے وارث بنادیں گے۔

۱۷۱۲۔ حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ أَبُو تَوْبَةَ نَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَيَّانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْكُو جَارَهُ فَقَالَ اذْهَبْ فَاصْبِرْ فَأَتَاهُ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا فَقَالَ اذْهَبْ فَاطْرَحْ مَتَاعَكَ فِي الطَّرِيقِ فَطَرَحَ مَتَاعَهُ فِي الطَّرِيقِ فَجَعَلَ النَّاسُ يَسْأَلُونَهُ فَيُخْبِرُهُمْ خَبَرَهُ فَجَعَلَ النَّاسُ يَلْعَنُونَهُ فَعَلَ اللَّهُ بِهِ وَفَعَلَ فَجَاءَ إِلَيْهِ جَارُهُ فَقَالَ لَهُ ارْجِعْ لَا تَرَى مِنِّي شَيْئًا تَكْرَهُهُ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں اپنے ہمسائے کی شکایت کرنے آیا۔ فرمایا کہ جاؤ صبر کرو۔ وہ دوسری یا تیسری دفعہ حاضر ہوا تو فرمایا:۔ جاؤ اور اپنا سامان نکال کر راستے میں رکھ لو۔ پس اُس نے اپنا سامان راستے میں رکھ لیا۔ لوگوں نے اُس سے پوچھا تو اُس نے اُنہیں وجہ بتادی۔ لوگ اُس پر لعنت کرنے لگے اور بُرا بھلا کہنے لگے۔ پس اُس کا ہمسایہ اُس کے پاس آیا اور اُس سے کہا:۔ واپس چلیے، اب آپ میری ایسی کوئی حرکت نہیں دیکھیں گے جو آپ کو ناپسند ہو۔

۱۷۱۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ الْعَسْقَلَانِيُّ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يُؤْذِ جَارَهُ وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيَقُلْ

ابوسلمہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جو اللہ اور آخری دن پر ایمان رکھتا ہے اُسے چاہیے کہ اپنے مہمان کی عزت کرے اور جو اللہ اور آخری دن (قیامت) پر ایمان رکھتا ہے تو اپنے ہمسائے کو تکلیف نہ دے اور جو اللہ اور آخری دن پر ایمان رکھتا ہے اُسے چاہیے کہ اچھی بات کہے یا خاموش رہے۔

خَيْرًا أَوْ لِيَصْمُتْ۔

١٧١٤۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ وَسَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ أَنَّ الْحَارِثَ بْنَ عُبَيْدٍ حَدَّثَهُمْ عَنْ أَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ عَنْ طَلْحَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ لِي جَارَيْنِ بِأَيِّهِمَا أَبْدَءُ قَالَ بِأَدْنَاهُمَا بَابًا قَالَ أَبُو دَاوُدَ قَالَ شُعْبَةُ فِي هَذَا الْحَدِيثِ طَلْحَةُ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ۔

مسدد بن مسرہد اور سعید بن منصور، حارث بن عُبید، ابو عمران جَونی، طلحہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا:۔ میں عرض گزار ہوئی کہ یا رسول اللہ! میرے دو ہمسائے ہیں لہٰذا کس سے ابتدا کروں؟ فرمایا کہ دونوں میں سے جس کا دروازہ زیادہ نزدیک ہے ـــ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ شعبہ نے اس حدیث میں طلحہ کے متعلق فرمایا کہ وہ قریش کے ایک فرد تھے۔

ف۔ ہمسائے سارے ہی حُسنِ سلوک کے مستحق ہیں لیکن جس کا دروازہ زیادہ قریب ہو وہ حُسنِ سلوک کا دوسروں کی نسبت اتنا ہی زیادہ مستحق ہے۔ تحفہ تحائف کے وقت ہمسایوں میں سے اُن گھروں کا حق زیادہ ہے جن کے دروازے زیادہ نزدیک ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ ١٥٥ فِي حَقِّ الْمَمْلُوكِ۔

مملوک کے حقوق کا بیان

١٧١٥۔ حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَعُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَا نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفُضَيْلِ عَنْ مُغِيرَةَ عَنْ أُمِّ مُوسَى عَنْ عَلِيٍّ قَالَ كَانَ آخِرُ كَلَامِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَاةَ الصَّلَاةَ وَاتَّقُوا اللَّهَ فِيمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ۔

زہیر بن حرب اور عثمان بن ابو شیبہ، محمد بن فُضیل، مغیرہ، اُمِّ موسیٰ سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا آخری کلام یہ تھا:۔ نماز، نماز اور اپنے غلام لونڈی کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہنا۔

١٧١٦۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنِ الْمَعْرُورِ بْنِ سُوَيْدٍ قَالَ رَأَيْتُ أَبَا ذَرٍّ بِالرَّبَذَةِ وَعَلَيْهِ بُرْدٌ غَلِيظٌ وَعَلَى غُلَامِهِ مِثْلُهُ قَالَ فَقَالَ الْقَوْمُ يَا أَبَا ذَرٍّ لَوْ كُنْتَ أَخَذْتَ الَّذِي عَلَى غُلَامِكَ فَجَعَلْتَهُ مَعَ هَذَا فَكَانَتْ حُلَّةً فَكَسَوْتَ غُلَامَكَ ثَوْبًا غَيْرَهُ قَالَ فَقَالَ أَبُو ذَرٍّ إِنِّي كُنْتُ سَابَبْتُ رَجُلًا وَكَانَتْ أُمُّهُ أَعْجَمِيَّةً فَعَيَّرْتُهُ بِأُمِّهِ فَشَكَانِي إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا أَبَا ذَرٍّ إِنَّكَ امْرُؤٌ فِيكَ جَاهِلِيَّةٌ قَالَ إِنَّهُمْ إِخْوَانُكُمْ فَضَّلَكُمُ اللَّهُ عَلَيْهِمْ فَمَنْ لَمْ يُلَائِمْكُمْ فَبِيعُوهُ وَلَا تُعَذِّبُوا خَلْقَ اللَّهِ۔

معرور بن سُوید کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ربذہ کے مقام پر دیکھا اور اُن کے اُوپر موٹی چادر تھی جبکہ اُسی طرح کی اُن کے غلام کے اُوپر تھی۔ لوگوں نے کہا۔ اے ابوذر! آپ غلام سے چادر کیوں نہیں لے لیتے تاکہ اس کے ساتھ مل کر آپ کا جوڑا پورا ہو جائے اور غلام کو دوسرا کپڑا پہنا دیتے۔ حضرت ابوذر نے فرمایا:۔ میں نے ایک آدمی کو بُرا بھلا کہا جس کی ماں عجمی تھی اور میں نے اُسے ماں کی گالی دے دی۔ اُس نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں میری شکایت کر دی۔ آپ نے فرمایا:۔ اے ابوذر! تم میں جاہلیت کی بُو باقی ہے۔ یہ بھی تمہارے بھائی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے تمہیں اِن پر فضیلت دی ہے۔ پس جس سے تمہارا نبھاؤ نہ ہو اُسے فروخت کر دیا کرو اور اللہ کی مخلوق کو تکلیف نہ پہنچایا کرو۔

١٧١٧۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ

معرور کا بیان ہے کہ ربذہ کے مقام پر ہم حضرت ابوذر

نَا الْاَعْمَشُ عَنِ الْمَعْرُوْرِ قَالَ دَخَلْنَا عَلٰى اَبِيْ ذَرٍّ بِالرَّبَذَةِ فَاِذَا عَلَيْهِ بُرْدٌ وَعَلٰى غُلَامِهٖ مِثْلُهٗ فَقُلْنَا يَا اَبَا ذَرٍّ لَوْ اَخَذْتَ بُرْدَ غُلَامِكَ اِلٰى بُرْدِكَ فَكَانَتْ حُلَّةً وَكَسَوْتَهٗ ثَوْبًا غَيْرَهٗ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِخْوَانُكُمْ جَعَلَهُمُ اللّٰهُ تَحْتَ اَيْدِيْكُمْ فَمَنْ كَانَ اَخُوْهُ تَحْتَ يَدِهٖ فَلْيُطْعِمْهُ مِمَّا يَاْكُلُ وَلْيَكْسُهٗ مِمَّا يَلْبَسُ وَلَا يُكَلِّفْهُ مَا يَغْلِبُهٗ فَاِنْ كَلَّفَهٗ مَا يَغْلِبُهٗ فَلْيُعِنْهُ قَالَ اَبُوْ دَاوُدَ رَوَاهُ ابْنُ نُمَيْرٍ عَنْ

رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے جن کے اُوپر چادر تھی اور ان کے غلام پر بھی اُسی طرح کی۔ ہم عرض گزار ہوئے کہ اے حضرت ابوذر! آپ غلام سے چادر لے کر اپنی چادر کے ساتھ جوڑا بنا لیتے اور اِسے دوسرا کپڑا پہنا دیتے۔ فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا۔ تمہارے بھائی جنہیں اللہ تعالیٰ نے تمہارے ماتحت کر دیا تو جس کے ماتحت اُس کا بھائی ہو تو اُسے کھلائے جو آپ کھائے اور اُسے پہنائے جو آپ پہنے اور ایسا کام نہ لے جو اُسے عاجز کر دے اور مشکل کام دینا ہی پڑے تو خود بھی اُس کی مدد کرے ___ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اِسے ابنِ نُمیر نے اعمش سے اسی طرح۔

١٧١٨- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ نَا ح وَنَا ابْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ نَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ كُنْتُ اَضْرِبُ غُلَامًا لِّيْ فَسَمِعْتُ مِنْ خَلْفِيْ صَوْتًا اِعْلَمْ اَبَا مَسْعُوْدٍ قَالَ ابْنُ الْمُثَنّٰى مَرَّتَيْنِ اَللّٰهُ اَقْدَرُ عَلَيْكَ مِنْكَ عَلَيْهِ فَالْتَفَتُّ فَاِذَا هُوَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هُوَ حُرٌّ لِوَجْهِ اللّٰهِ قَالَ اَمَا اِنَّكَ لَوْ لَمْ تَفْعَلْ لَلَفَحَتْكَ النَّارُ اَوْ لَمَسَّتْكَ النَّارُ۔

محمد بن علاء ___ ابن المثنیٰ، ابومعاویہ، اعمش، ابراہیم تیمی نے اپنے والدِ ماجد سے روایت کی ہے کہ حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ میں اپنے غلام کو پیٹ رہا تھا کہ پیچھے سے آواز آئی۔ اے ابو مسعود! جان لو۔ ابن المثنیٰ نے کہا کہ دو مرتبہ کہ جتنا تمہیں اس پر اختیار ہے اللہ تعالیٰ اس سے بہت زیادہ تمہارے اُوپر اختیار رکھتا ہے۔ میں نے مڑ کر دیکھا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تھے۔ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! یہ اللہ کے لیے آزاد ہے۔ فرمایا کہ اگر تم ایسا نہ کرتے تو آگ تمہیں چمٹ جاتی۔

١٧١٩- حَدَّثَنَا اَبُوْ كَامِلٍ نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ عَنِ الْاَعْمَشِ بِاِسْنَادِهٖ وَمَعْنَاهُ نَحْوَهٗ قَالَ كُنْتُ اَضْرِبُ غُلَامًا بِالسَّوْطِ وَلَمْ يَذْكُرْ اَمْرَ الْعِتْقِ۔

ابو کامل، عبد الواحد نے اعمش سے اپنی اسناد کے ساتھ اسے معنًا روایت کرتے ہوئے کہا۔ میں اپنے غلام کو کوڑے سے مار رہا تھا اور آزاد کرنے کا ذکر نہیں کیا۔

١٧٢٠- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الرَّازِيُّ نَا جَرِيْرٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ مُوَرِّقٍ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَاءَمَكُمْ مِنْ مَمْلُوْكِيْكُمْ فَاَطْعِمُوْهُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ وَاكْسُوْهُ مِمَّا

محمد بن عمرو الرازی، جریر، منصور، مجاہد، مورق، حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تمہارے لونڈی غلاموں میں سے جو تمہارے مزاج کے مطابق ہوں اُنہیں وہی کھلاؤ جو تم کھاتے ہو اور وہی پہناؤ جو تم پہنتے ہو اور جو اُن میں سے تمہارے مزاج کے مطابق

تَكْسُوْنَ وَمَنْ لَمْ يُلَائِمْكُمْ مِنْهُمْ فَبِيْعُوْهُ وَلَا تُعَذِّبُوْا خَلْقَ اللّٰهِ۔

نہ ہوں اُنہیں فروخت کر دو اور اللہ کی مخلوق کو تکلیف نہ دو۔

۱۷۲۱۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَنَا مَعْمَرٌ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ زُفَرَ عَنْ بَعْضِ بَنِيْ رَافِعِ بْنِ مُكَيْثٍ عَنْ عَمِّهِ الْحَارِثِ بْنِ رَافِعِ بْنِ مُكَيْثٍ عَنْ رَافِعِ بْنِ مُكَيْثٍ وَكَانَ مِمَّنْ شَهِدَ الْحُدَيْبِيَةَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حُسْنُ الْمَلَكَةِ يُمْنٌ وَسُوْءُ الْخُلُقِ شُؤْمٌ۔

ابراہیم بن موسیٰ، عبدالرزاق، معمر، عثمان بن زفر، رافع بن مکیث، اُن کے چچا جان حارث بن رافع بن مکیث نے حضرت رافع بن مکیث رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے اور یہ اُن حضرات میں سے ہیں، جو صلح حدیبیہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اچھا سلوک باعثِ اطمینان اور بُرا سلوک بدبختی ہے۔

۱۷۲۲۔ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُصَفّٰى نَا بَقِيَّةُ نَا عُثْمَانُ بْنُ زُفَرَ حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ ابْنِ رَافِعِ بْنِ مُكَيْثٍ عَنْ عَمِّهِ الْحَارِثِ بْنِ رَافِعِ بْنِ مُكَيْثٍ وَكَانَ رَافِعٌ مِنْ جُهَيْنَةَ قَدْ شَهِدَ الْحُدَيْبِيَةَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حُسْنُ الْمَلَكَةِ يُمْنٌ وَسُوْءُ الْخُلُقِ شُؤْمٌ۔

ابن المصفی، بقیہ، عثمان بن زفر، محمد بن خالد بن رافع بن مکیث نے اپنے چچا جان حارث بن رافع بن مکیث سے روایت کی ہے اور حضرت رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ جُہینہ سے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ حدیبیہ میں شامل ہوئے تھے۔ اُن کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اچھا سلوک کرنا باعثِ اطمینان اور بُرا سلوک کرنا بدبختی کی نشانی ہے۔

۱۷۲۳۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدٍ الْهَمْدَانِيُّ وَاَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ وَهٰذَا حَدِيْثُ الْهَمْدَانِيِّ وَهُوَ اَتَمُّ قَالَا نَا وَهْبٌ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ هَانِئٍ الْخَوْلَانِيُّ عَنِ الْعَبَّاسِ ابْنِ جُلَيْدٍ الْحَجْرِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَمْ نَعْفُوْ عَنِ الْخَادِمِ فَصَمَتَ ثُمَّ اَعَادَ اِلَيْهِ الْكَلَامَ فَصَمَتَ فَلَمَّا كَانَ فِي الثَّالِثَةِ قَالَ اعْفُوْا عَنْهُ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ سَبْعِيْنَ مَرَّةً۔

احمد بن سعید ہمدانی اور احمد بن عمرو بن سرح۔ یہ حدیث ہمدانی ہے اور زیادہ مکمل ہے، وہب، ابوہانی خولانی، عباس بن جلید حجری کا بیان ہے کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فرماتے ہوئے سُنا کہ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ! ہم خادم سے کہاں تک درگزر کریں؟ آپ خاموش رہے۔ اُس نے پھر اپنی عرض دُہرائی۔ آپ خاموش رہے۔ جب تیسری بار دریافت کیا تو فرمایا۔ روزانہ اُس سے ستر بار درگزر کیا کرو۔

۱۷۲۴۔ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسَى الرَّازِيُّ

ابراہیم بن موسیٰ رازی ـــــ مؤمل بن الفضل

اَنَا ح وَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ الْفَضْلِ الْحَرَّانِيُّ قَالَ نَا عِيْسٰى نَا فُضَيْلٌ عَنْ اَبِيْ نُعَيْمٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُو الْقَاسِمِ نَبِيُّ التَّوْبَةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَذَفَ مَمْلُوْكَهٗ وَهُوَ بَرِيٌّ مِمَّا قَالَ جُلِدَ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حَدًّا قَالَ مُؤَمَّلٌ نَا عِيْسٰى عَنِ الْفُضَيْلِ يَعْنِيْ ابْنَ غَزْوَانَ۔

حرانی، عیسٰی، فُضیل، ابو نعیم، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ابو القاسم نبی التوبہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو اپنے غلام یا لونڈی پر زنا کی تہمت لگائے اور جو کہا وہ اُس سے بری ہو تو قیامت کے روز اُس شخص کو حدِ قذف کے کوڑے مارے جائیں گے۔ مؤمل، عیسٰی نے اسے فُضیل ابن غزوان سے روایت کیا ہے۔

۱۷۲۵۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ قَالَ كُنَّا نُزُوْلًا فِيْ دَارِ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ وَفِيْنَا شَيْخٌ فِيْهِ حِدَّةٌ وَمَعَهٗ جَارِيَةٌ فَلَطَمَ وَجْهَهَا فَمَا رَاَيْتُ سُوَيْدًا اَشَدَّ غَضَبًا مِنْهُ فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ قَالَ عَجَزَ عَلَيْكَ اِلَّا حُرُّ وَجْهِهَا لَقَدْ رَاَيْتُنَا سَابِعَ سَبْعَةٍ مِنْ وُلْدِ مُقَرِّنٍ وَمَا لَنَا اِلَّا خَادِمٌ فَلَطَمَ اَصْغَرُنَا وَجْهَهَا فَاَمَرَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعِتْقِهَا۔

ہلال بن یساف کا بیان ہے کہ ہم حضرت سُوید بن مقرن کے گھر میں اُترے ہوئے تھے اور ہم میں ایک بوڑھا تیز مزاج تھا جس کے پاس ایک لونڈی تھی۔ اُس نے لونڈی کے منہ پر طمانچہ مارا۔ میں نے حضرت سُوید کو اس قدر غصّے میں کبھی نہیں دیکھا جتنا اُس روز غضب ناک تھے۔ تم اس کی تلافی سے عاجز ہو مگر یہ کہ اسے آزاد کر دو۔ میں نے خود دیکھا کہ میں حضرت مقرن کا سات بیٹوں میں سے ایک تھا اور ہمارا ایک ہی خادم تھا۔ ہمارے سب سے چھوٹے بھائی نے اُس کے منہ پر طمانچہ مارا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں حکم فرمایا کہ اُسے آزاد کر دیا جائے۔

۱۷۲۶۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا يَحْيٰى عَنْ سُفْيَانَ حَدَّثَنِيْ سَلَمَةُ بْنُ كُهَيْلٍ نَا مُعَاوِيَةُ ابْنُ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ قَالَ لَطَمْتُ مَوْلًى لَنَا فَدَعَاهُ اَبِيْ وَدَعَانِيْ فَقَالَ اقْتَصَّ مِنْهُ فَاِنَّا مَعْشَرَ بَنِيْ مُقَرِّنٍ كُنَّا سَبْعَةً عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ لَنَا اِلَّا خَادِمٌ فَلَطَمَهَا رَجُلٌ مِنَّا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْتِقُوْهَا قَالُوْا اِنَّهٗ لَيْسَ لَنَا خَادِمٌ غَيْرُهَا قَالَ فَلْتَخْدُمْهُمْ حَتّٰى يَسْتَغْنُوْا فَاِذَا اسْتَغْنَوْا فَلْيُعْتِقُوْهَا۔

معاویہ بن سُوید بن مقرن کا بیان ہے کہ اپنے آزاد کردہ غلام کو میں نے طمانچہ مارا تو میرے والدِ محترم نے اُسے اور مجھے بُلا کر فرمایا کہ اس سے قصاص لو کیونکہ ہم بنی مقرن کے افراد ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک میں ہمارے پاس صرف ایک خادم ہوتا تھا۔ ہم میں سے ایک نے اسے طمانچہ مارا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اسے آزاد کر دو۔ عرض گزار ہوئے کہ ہمارے پاس اس کے سوا اور کوئی خادم نہیں ہے۔ فرمایا کہ ان کے غنی ہونے تک خدمت کرے اور جب غنی ہو جائیں تو آزاد کر دیا جائے۔

۱۷۲۷۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَاَبُوْ كَامِلٍ قَالَا نَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ فِرَاسٍ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ ذَكْوَانَ عَنْ زَاذَانَ قَالَ اَتَيْتُ ابْنَ عُمَرَ وَقَدْ

زاذان کا بیان ہے کہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی خدمت میں حاضر ہوا اور اُنہوں نے اپنے ایک غلام کو آزاد کیا تھا۔ پس اُنہوں نے زمین سے تنکا یا کوئی اور چیز اُٹھائی

أَعْتَقَ مَمْلُوكًا لَهُ فَأَخَذَ مِنَ الْأَرْضِ عُودًا أَوْ شَيْئًا فَقَالَ مَالِي فِيهِ مِنَ الْأَجْرِ مَا يُسَوِّي هَذَا سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ لَطَمَ مَمْلُوكَهُ أَوْ ضَرَبَهُ فَكَفَّارَتُهُ أَنْ يُعْتِقَهُ۔

اور فرمایا کہ اسے آزاد کرنے میں میرے لیے اس کے برابر بھی ثواب نہیں ہے کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ جس نے اپنے غلام یا لونڈی کو طمانچہ یا کوئی اور چیز ماری تو اس کا یہ کفارہ ہے کہ اُسے آزاد کر دے۔

بَابُ ۵۵۲ فِي الْمَمْلُوكِ إِذَا نَصَحَ۔

مملوک کے خیر خواہی کرنے کا بیان

۱۷۲۸۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا نَصَحَ لِسَيِّدِهِ وَأَحْسَنَ عِبَادَةَ اللَّهِ فَلَهُ أَجْرُهُ مَرَّتَيْنِ۔

نافع نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ غلام جب اپنے مالک کی خیر خواہی کرے اور اللہ تعالیٰ کی عبادت اچھی طرح کرے تو اُس کے لیے دوگنا ثواب ہے۔

ف۔ اب ظاہری غلامی کا دَور تو بعفضلہٖ تعالیٰ اسلام کی برکت سے نہیں رہا لیکن خیر خواہی کا اجر تو باقی ہے۔ لہٰذا جو مزدور اپنے آجر کا، جو آجر اپنے مزدور کا، جو ماتحت اپنے افسر کا، جو افسر اپنے ماتحت کا، جو حکمران اپنی رعیّت کا اور جو رعیّت اپنے حکمران کی خیر خواہ ہے اور خدا کی عبادت بھی کرے تو اُسے دُگنا ثواب ملے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

بَابُ ۵۵۳ فِي مَنْ خَبَّبَ مَمْلُوكًا عَلَى مَوْلَاهُ۔

جو مملوک کو اُس کے آقا کے خلاف بھڑکائے

۱۷۲۹۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ نَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ عَنْ عَمَّارِ بْنِ زُرَيْقٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عِيسَى عَنْ عِكْرِمَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ خَبَّبَ زَوْجَةَ امْرِئٍ أَوْ مَمْلُوكَهُ فَلَيْسَ مِنَّا۔

حسن بن علی، زید بن حباب، عمار بن زُریق، عبد اللہ بن عیسیٰ، عکرمہ، یحییٰ بن یعمر، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جو کسی کی بیوی یا اُس کے غلام لونڈی کو بھڑکائے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

بَابُ ۵۵۴ فِي الْاِسْتِئْذَانِ

اجازت طلب کرنے کا بیان

۱۷۳۰۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ نَا حَمَّادٌ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَجُلًا اطَّلَعَ مِنْ بَعْضِ حُجَرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِشْقَصٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کسی حجرے میں جھانکا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اُسے مارنے کے لیے تیر لے کر اُٹھے۔ حضرت انس کا بیان ہے کہ گویا میں اب

او بمشاقص قال كأني انظر الى رسول الله صلى الله عليه وسلم يختله ليطعنه.

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اُسے مارنے کے لیے اُٹھائے ہوئے دیکھ رہا ہوں۔

۱۷۳۱۔ حدثنا موسى بن اسمعيل نا حماد عن سهيل عن ابيه قال ثنا ابو هريرة انه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من اطلع في دار قوم بغير اذنهم ففقؤا عينه فقد هدرت عينه.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ جس نے کسی کے گھر میں جھانکا اور انہوں نے اُس کی آنکھ پھوڑ دی تو اُس کی آنکھ کا قصاص نہیں ہے۔

۱۷۳۲۔ حدثنا الربيع بن سليمان المؤذن نا ابن وهب عن سليمان بن بلال عن كثير عن وليد عن ابي هريرة ان النبي صلى الله عليه وسلم قال اذا دخل البصر فلا اذن.

ربیع بن سلیمان موذن، ابن وہب، سلیمان بن بلال، کثیر، ولید، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:- جب گھر میں جھانک لیا تو اجازت کہاں رہی۔

۱۷۳۳۔ حدثنا يحيى بن حبيب نا روح ح ونا ابن بشار نا ابو عاصم قالا انا ابن جريج اخبرني عمرو بن ابي سفيان ان عمرو بن عبد الله بن صفوان اخبره عن كلدة بن حنبل ان صفوان بن امية بعثه الى رسول الله صلى الله عليه وسلم بلبن وجداية وضغابيس والنبي صلى الله عليه وسلم باعلى مكة فدخلت ولم اسلم فقال ارجع فقل السلام عليكم وذلك بعد ما اسلم صفوان بن امية قال عمرو واخبرني ابن صفوان بهذا اجمع عن كلدة بن حنبل ولم يقل سمعته منه قال يحيى بن حبيب امية بن صفوان ولم يقل سمعته من كلدة بن حنبل وقال يحيى ايضا عمرو ابن عبد الله بن صفوان اخبره ان كلدة ابن حنبل اخبره.

یحییٰ بن حبیب، روح ——— ابن بشار، ابوعاصم، ابن جریج، عمرو بن ابوسفیان، عمرو بن عبداللہ بن صفوان، کلدہ بن حنبل سے روایت ہے کہ حضرت صفوان بن اُمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اُنہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں دودھ، ہرن اور ککڑیاں دے کر بھیجا اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اُس وقت مکہ مکرمہ کے بالائی حصے میں تھے۔ میں حاضر ہوا اور سلام نہ کیا تو فرمایا کہ واپس جاؤ اور اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ کہو۔ یہ حضرت صفوان بن اُمیہ کے مسلمان ہونے سے بعد کی بات ہے۔ عمرو کا بیان ہے کہ مجھے ابن صفوان نے کلدہ بن حنبل کے واسطے سے یہ واقعہ بتایا اور یہ نہیں کہا کہ میں نے اُن سے سُنا۔ یحییٰ بن حبیب نے اُمیہ بن صفوان کہا اور یہ نہیں کہا کہ میں نے کلدہ بن حنبل سے سُنا اور اسی طرح یحییٰ کو عمرو بن عبداللہ بن صفوان نے بتایا اور اُنہیں کلدہ بن حنبل نے خبر دی۔

۱۷۳۴۔ حدثنا ابو بكر بن ابي شيبة نا

ربعی کا بیان ہے کہ بنی عامر کے ایک شخص نے نبی کریم

أَبُو الأَحْوَصِ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ رِبْعِيٍّ قَالَ نَا رَجُلٌ مِنْ بَنِي عَامِرٍ أَنَّهُ اسْتَأْذَنَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي بَيْتٍ فَقَالَ أَأَلِجُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِخَادِمِهِ اُخْرُجْ إِلَى هَذَا فَعَلِّمْهُ الِاسْتِئْذَانَ فَقُلْ لَهُ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ أَأَدْخُلُ فَسَمِعَهُ الرَّجُلُ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ أَأَدْخُلُ فَأَذِنَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَخَلَ.

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اندر آنے کی اجازت مانگی جبکہ آپ کاشانۂ اقدس میں تھے۔ اُس نے کہا۔ کیا میں اندر آجاؤں؟ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے خادم سے فرمایا کہ اس کے پاس جاؤ اور اجازت لینے کا طریقہ بتاؤ کہ کہو۔ "اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ کیا میں اندر آجاؤں"؟ اُس آدمی نے بھی سُن لیا اور عرض گزار ہوا۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ کیا میں اندر آجاؤں؟ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے اجازت مرحمت فرمادی تو وہ اندر داخل ہوگیا۔

۱۷۳۵ - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ نَا جَرِيرٌ ح وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا حَفْصٌ عَنِ الأَعْمَشِ عَنْ طَلْحَةَ عَنْ هُزَيْلٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ قَالَ عُثْمَانُ سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ فَوَقَفَ عَلَى بَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَأْذِنُ فَقَامَ عَلَى الْبَابِ قَالَ عُثْمَانُ مُسْتَقْبِلَ الْبَابِ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَكَذَا عَنْكَ وَهَكَذَا فَإِنَّمَا الِاسْتِئْذَانُ مِنَ النَّظَرِ.

عثمان بن ابو شیبہ، جریر ——— ابوبکر بن ابو شیبہ، حفص، اعمش، طلحہ، ہزیل کا بیان ہے کہ ایک آدمی آیا۔ عثمان نے کہا کہ حضرت سعد بن ابی وقاص، رضی اللہ تعالیٰ آئے اور وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دروازے پر ٹھہرے اور اجازت مانگنے کے لئے دروازے پر کھڑے ہو گئے۔ عثمان نے کہا کہ دروازے کے سامنے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا۔ سامنے کھڑے نہ ہو بلکہ ادھر اُدھر کھڑے ہوا کرو کیونکہ اجازت لینا تو نظر کی وجہ سے ہے۔

۱۷۳۶ - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللهِ نَا أَبُو دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الأَعْمَشِ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ عَنْ رَجُلٍ عَنْ سَعْدٍ نَحْوَهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

ہارون بن عبداللہ، ابو داؤد حفری، سفیان، اعمش، طلحہ بن مصرف، ایک آدمی نے حضرت سعد سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسی طرح فرمایا۔

۱۷۳۷ - حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ أَبِي الأَحْوَصِ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ قَالَ حُدِّثْتُ أَنَّ رَجُلاً مِنْ بَنِي عَامِرٍ اسْتَأْذَنَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَاهُ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَكَذَلِكَ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ مَنْصُورٍ وَلَمْ يَقُلْ عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِي عَامِرٍ.

ہناد بن السری، ابو الاحوص، منصور، ربعی بن حراش کا بیان ہے کہ مجھ سے حدیث بیان کی گئی کہ بنی عامر کے ایک شخص نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اندر آنے کی اجازت مانگی اور معنًا اُسی طرح حدیث بیان کی۔ امام ابو داؤد نے فرمایا کہ اسی طرح روایت کیا مسدد، ابو عوانہ نے منصور سے اور یہ نہیں کہا کہ بنی عامر کے آدمی سے۔

۱۷۳۸ - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا

عُبیداللہ بن معاذ، اُن کے والد ماجد، شعبہ، منصور

أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ رِبْعِيٍّ عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِي عَامِرٍ أَنَّهُ اسْتَأْذَنَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَاهُ قَالَ فَسَمِعْتُهُ فَقُلْتُ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ أَأَدْخُلُ۔

ربعی نے بنی عامر کے ایک شخص سے روایت کی کہ اُس نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اجازت مانگی۔ اسے معنًا روایت کرتے ہوئے کہا کہ میں نے سُن لیا تو عرض گزار ہوا۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ کیا میں اندر آجاؤں؟

بَاب ۵۵۵ كَمْ مَرَّةً يُسَلِّمُ الرَّجُلُ فِي الِاسْتِئْذَانِ۔

اجازت طلب کرتے وقت کتنی دفعہ سلام کرے؟

۱۷۳۹۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ نَا سُفْيَانُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا فِي مَجْلِسٍ مِنْ مَجَالِسِ الْأَنْصَارِ فَجَاءَ أَبُو مُوسَى فَزِعًا فَقُلْنَا لَهُ مَا أَفْزَعَكَ قَالَ أَمَرَنِي عُمَرُ أَنْ آتِيَهُ فَأَتَيْتُهُ فَاسْتَأْذَنْتُ ثَلَاثًا فَلَمْ يُؤْذَنْ لِي فَرَجَعْتُ فَقَالَ مَا مَنَعَكَ أَنْ تَأْتِيَنِي فَقُلْتُ قَدْ جِئْتُ فَاسْتَأْذَنْتُ ثَلَاثًا فَلَمْ يُؤْذَنْ لِي وَقَدْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اسْتَأْذَنَ أَحَدُكُمْ ثَلَاثًا فَلَمْ يُؤْذَنْ لَهُ فَلْيَرْجِعْ قَالَ لَتَأْتِيَنِّي عَلَى هَذَا بِالْبَيِّنَةِ قَالَ فَقَالَ أَبُو سَعِيدٍ لَا يَقُومُ مَعَكَ إِلَّا أَصْغَرُ الْقَوْمِ قَالَ فَقَامَ أَبُو سَعِيدٍ مَعَهُ فَشَهِدَ لَهُ۔

بُسر بن سعید سے روایت ہے کہ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا:۔ میں انصار کی مجلس میں بیٹھا تھا کہ حضرت ابو موسیٰ گھبرائے ہوئے آئے۔ ہم نے کہا کہ آپ کیوں گھبرا رہے ہیں؟ کہا کہ حضرت عمر نے مجھے بُلایا تھا۔ میں حاضر ہوا اور تین دفعہ اجازت مانگی لیکن مجھے اجازت نہ ملی تو میں لوٹ آیا۔ فرمایا کہ آپ میرے پاس کیوں نہیں آئے تھے؟ میں نے کہا۔ میں آیا اور تین دفعہ اجازت مانگی لیکن مجھے اجازت نہیں ملی تھی جبکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جب تم میں سے کوئی تین دفعہ اجازت طلب کر لے اور اُسے اجازت نہ ملے تو لوٹ آئے۔ فرمایا کہ اس ارشاد کا میرے پاس کوئی گواہ لائیے۔ حضرت ابو سعید نے کہا کہ آپ کے ساتھ نہیں جائے گا مگر جو قوم میں سب سے چھوٹا ہو۔ راوی کا بیان ہے کہ حضرت ابو سعید اُن کے ساتھ گئے اور اس بات کی شہادت دی۔

۱۷۴۰۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ دَاوُدَ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى أَنَّهُ أَتَى عُمَرَ فَاسْتَأْذَنَ ثَلَاثًا فَقَالَ يَسْتَأْذِنُ أَبُو مُوسَى يَسْتَأْذِنُ الْأَشْعَرِيُّ يَسْتَأْذِنُ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ قَيْسٍ فَلَمْ يُؤْذَنْ لَهُ فَرَجَعَ فَبَعَثَ إِلَيْهِ عُمَرُ مَا رَدَّكَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَأْذِنُ أَحَدُكُمْ ثَلَاثًا فَإِنْ أُذِنَ لَهُ وَإِلَّا فَلْيَرْجِعْ قَالَ ائْتِنِي بِبَيِّنَةٍ عَلَى هَذَا فَذَهَبَ ثُمَّ رَجَعَ فَقَالَ هَذَا أُبَيٌّ فَقَالَ أُبَيٌّ يَا عُمَرُ لَا تَكُنْ عَذَابًا عَلَى

ابو بردہ نے حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ وہ حضرت عمر کے پاس گئے اور تین دفعہ اجازت مانگتے ہوئے کہا:۔ ابو موسیٰ اجازت مانگتا ہے، اشعری اجازت مانگتا ہے، عبد اللہ بن قیس اجازت مانگتا ہے، لیکن اُنہیں اجازت نہ ملی تو لوٹ آئے۔ حضرت عمر نے اُنہیں بُلوایا کہ آپ کیوں لوٹ گئے تھے؟ کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے:۔ تم تین دفعہ اجازت مانگو۔ اگر اجازت مل جائے تو بہتر ورنہ لوٹ آیا کرو۔ فرمایا کہ اس پر میرے پاس گواہ لاؤ۔ وہ چلے گئے۔ پھر لوٹے تو کہا۔ یہ اُبی بن کعب ہیں۔ حضرت اُبی نے کہا۔ اے عمر! رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب کے لیے عذاب نہ بنیے۔ حضرت عمر

اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عُمَرُ لَا اَکُوْنُ عَذَابًا عَلٰی اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

نے کہا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب کے لیے ہرگز عذاب نہیں بنوں گا۔

۱۷۴۱۔ حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ حَبِیْبٍ نَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَیْجٍ اَخْبَرَنِیْ عَطَاءٌ عَنْ عُبَیْدِ ابْنِ عُمَیْرٍ اَنَّ اَبَا مُوْسٰی اسْتَاْذَنَ عَلٰی عُمَرَ بِھٰذِہِ الْقِصَّۃِ قَالَ فِیْہِ فَانْطَلَقَ بِاَبِیْ سَعِیْدٍ فَشَھِدَ لَہٗ فَقَالَ اَخَفِیَ عَلَیَّ ھٰذَا مِنْ اَمْرِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْھَانِیَ الصَّفْقُ بِالْاَسْوَاقِ وَلٰکِنْ تُسَلِّمُ مَا شِئْتَ وَلَا تَسْتَاْذِنُ۔

عُبَیدبن عُمَیر سے روایت ہے کہ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عمر سے اندر آنے کی اجازت طلب کی۔ پھر وہی واقعہ بیان کرتے ہوئے اِس میں کہا۔ پس حضرت ابوسعید کو ساتھ لے گئے اور اُنہوں نے گواہی دی۔ حضرت عمر نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ حکم مجھے معلوم نہ ہو سکا کیونکہ بازاروں کی خرید و فروخت نے مجھے مشغول رکھا۔ اب آپ سلام کر لیا کریں جتنی دفعہ چاہیں اور اجازت طلب نہ کیا کریں۔

۱۷۴۲۔ حَدَّثَنَا زَیْدُ بْنُ اَخْزَمَ نَا عَبْدُ الْقَاھِرِ ابْنُ شُعَیْبٍ نَا ھِشَامٌ عَنْ حُمَیْدِ بْنِ ھِلَالٍ عَنْ اَبِیْ بُرْدَۃَ عَنْ اَبِیْہِ بِھٰذِہِ الْقِصَّۃِ قَالَ فَقَالَ عُمَرُ لِاَبِیْ مُوْسٰی لَمْ اَتَّھِمْکَ وَلٰکِنَّ الْحَدِیْثَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ شَدِیْدٌ۔

زید بن اخزم، عبدالقاہر ابن شعیب، ہشام، حُمَید بن ہلال، ابوبُردہ نے اپنے والد ماجد سے اس واقعے کو روایت کرتے ہوئے کہا۔ حضرت عمر نے حضرت ابوموسیٰ سے فرمایا کہ میں آپ کو جھوٹا نہیں کہتا لیکن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے حدیث روایت کرنے کا معاملہ بڑا نازک ہے۔

۱۷۴۳۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مَسْلَمَۃَ عَنْ مَالِکٍ عَنْ رَبِیْعَۃَ بْنِ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَعَنْ غَیْرِ وَاحِدٍ مِنْ عُلَمَائِھِمْ فِیْ ھٰذَا فَقَالَ عُمَرُ لِاَبِیْ مُوْسٰی اَمَا اِنِّیْ لَمْ اَتَّھِمْکَ وَلٰکِنْ خَشِیْتُ اَنْ یَتَقَوَّلَ النَّاسُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

عبداللہ بن مسلمہ، مالک، ربیعہ بن ابوعبدالرحمٰن نے اپنے کئی علماء سے روایت کی اور اس میں کہا۔ حضرت عمر نے حضرت ابوموسیٰ سے کہا کہ میں آپ کو جھوٹا نہیں سمجھتا لیکن میں ڈرتا ہوں کہ لوگ اپنی باتوں کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جانب منسوب نہ کرنے لگیں۔

ف۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف منسوب کر کے بعض لوگ کہتے ہیں کہ اُنہوں نے حدیثیں لکھنے سے سختی کے ساتھ منع فرمایا تھا، یہ بات غلط ہے۔ ہاں شروع ایام میں حدیث کی کتابت سے اکثر حضرات خدشہ محسوس کرتے تھے کہ کہیں قرآن و حدیث آپس میں خلط ملط نہ ہو جائیں۔ اسی لیے قرآن مجید کو بعد میں علیحدہ یکجا لکھا گیا اور اُس کے مختلف نسخے مختلف شہروں میں پہنچائے گئے۔ اس کے بعد کتابتِ حدیث سے کوئی خدشہ نہ رہا۔ اب روایتِ حدیث کے سلسلے میں احتیاط کا مرحلہ باقی تھا، جس کا اندازہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اِس واقعہ سے لگایا جا سکتا ہے اور اُن کا ارشاد گرامی۔ اَمَا اِنِّیْ لَمْ اَتَّھِمْکَ وَلٰکِنْ خَشِیْتُ اَنْ یَتَقَوَّلَ النَّاسُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کس طرح نشاندہی کر

رہا ہے کہ روایتِ حدیث کے کام پر اُن بزرگوں کی نظر کتنی گہری تھی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۷۴۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَهِشَامٌ أَبُو مَرْوَانَ الْمَعْنَى قَالَا نَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ نَا الْأَوْزَاعِيُّ سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ أَبِي كَثِيرٍ يَقُولُ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَسْعَدَ ابْنِ زُرَارَةَ عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ زَارَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَنْزِلِنَا فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ قَالَ فَرَدَّ سَعْدٌ رَدًّا خَفِيًّا فَقَالَ قَيْسٌ فَقُلْتُ أَلَا تَأْذَنُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ذَرْهُ يُكْثِرْ عَلَيْنَا مِنَ السَّلَامِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ فَرَدَّ سَعْدٌ رَدًّا خَفِيًّا ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ ثُمَّ رَجَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاتَّبَعَهُ سَعْدٌ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي كُنْتُ أَسْمَعُ تَسْلِيمَكَ وَأَرُدُّ عَلَيْكَ رَدًّا خَفِيًّا لِتُكْثِرَ عَلَيْنَا مِنَ السَّلَامِ قَالَ فَانْصَرَفَ مَعَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَمَرَ لَهُ سَعْدٌ بِغُسْلٍ فَاغْتَسَلَ ثُمَّ نَاوَلَهُ مِلْحَفَةً مَصْبُوغَةً بِزَعْفَرَانٍ أَوْ وَرْسٍ فَاشْتَمَلَ بِهَا ثُمَّ رَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ وَهُوَ يَقُولُ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوٰتِكَ وَرَحْمَتَكَ عَلَى آلِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ قَالَ ثُمَّ أَصَابَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الطَّعَامِ فَلَمَّا أَرَادَ الْإِنْصِرَافَ قَرَّبَ لَهُ سَعْدٌ حِمَارًا قَدْ وَطِئَ عَلَيْهِ بِقَطِيفَةٍ فَرَكِبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ سَعْدٌ يَا قَيْسُ اصْحَبْ

محمد بن عبدالرحمٰن بن اسعد بن زرارہ سے روایت ہے کہ حضرت قیس بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے غریب خانے پر تشریف لائے تو فرمایا:۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ۔ پس حضرت سعد نے آہستہ سے جواب دیا۔ چنانچہ حضرت قیس عرض گزار ہوئے کہ آپ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اجازت کیوں نہیں دیتے؟ فرمایا چھوڑو، ہم پر زیادہ سلامتی بھیجنے دو۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دوبارہ فرمایا:۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ۔ حضرت سعد نے پھر آہستہ جواب دیا۔ سہ بارہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لوٹ گئے۔ حضرت سعد پیچھے گئے اور عرض گزار ہوئے:۔ یا رسول اللہ! میں آپ کا سلام سُن رہا تھا اور آہستہ سے جواب دے رہا تھا، چاہتا تھا کہ آپ ہم پر زیادہ سلامتی بھیجیں۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اُن کے ساتھ لوٹ آئے۔ حضرت سعد نے غسل کر لینے کی التماس کی تو آپ نے غسل فرمایا۔ پھر ایک چادر پیش کی جو زعفران یا ورس سے رنگی ہوئی تھی۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دونوں ہاتھ اُٹھا کر یوں دعا فرمائی:۔ "اے اللہ! سعد بن عبادہ کی آل میں برکت و رحمت فرما" پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا۔ جب آپ نے لوٹنے کا ارادہ فرمایا آپ کی خدمت میں گدھا پیش کیا گیا، جس پر چادر پڑی ہوئی تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سوار ہو گئے تو حضرت سعد نے فرمایا۔ اے قیس! رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ جاؤ۔ حضرت قیس کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَيْسٌ فَقَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ارْكَبْ فَأَبَيْتُ ثُمَّ قَالَ إِمَّا أَنْ تَرْكَبَ وَإِمَّا أَنْ تَنْصَرِفَ قَالَ فَانْصَرَفْتُ قَالَ هِشَامٌ أَبُوْ مَرْوَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ أَسْعَدَ بْنِ زُرَارَةَ قَالَ أَبُوْ دَاوُدَ رَوَاهُ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ وَابْنُ سَمَاعَةَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ مُرْسَلًا لَمْ يَذْكُرَا قَيْسَ بْنَ سَعْدٍ

نے مجھ سے فرمایا کہ سوار ہو جاؤ۔ میں نے انکار کیا تو فرمایا۔ سوار ہو جاؤ یا واپس لوٹ جاؤ۔ پس میں واپس لوٹ گیا۔ ہشام ابومروان نے اسے محمد بن عبدالرحمٰن بن اسعد بن زرارہ سے روایت کیا ـــــ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ روایت کیا ہے اسے عمر بن عبدالواحد اور ابن سماعہ نے اوزاعی سے مرسلاً اور اس میں قیس بن سعد کا ذکر نہیں کیا۔

١٧٤٥ - حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ الْفَضْلِ الْحَرَّانِيُّ فِي آخَرِيْنَ قَالُوْا نَا بَقِيَّةُ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَتَى بَابَ قَوْمٍ لَمْ يَسْتَقْبِلِ الْبَابَ مِنْ تِلْقَاءِ وَجْهِهِ وَلٰكِنْ مِنْ رُكْنِهِ الْأَيْمَنِ أَوِ الْأَيْسَرِ وَيَقُوْلُ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَذٰلِكَ أَنَّ الدُّوْرَ لَمْ تَكُنْ عَلَيْهَا يَوْمَئِذٍ سُتُوْرٌ.

محمد بن عبدالرحمٰن سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کسی کے گھر جاتے تو دروازے کے سامنے منہ کر کے کھڑے نہ ہوتے، بلکہ دائیں یا بائیں جانب کھڑے ہوتے اور فرماتے:۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اور یہ اس لیے تھا کہ اُن دنوں گھروں کے دروازوں پر پردے نہیں ہوتے تھے۔

باب ٥٥٦ دَقِّ الْبَابِ عِنْدَ الْاِسْتِئْذَانِ.

اجازت طلب کرتے وقت دروازہ کھٹکھٹانا؟

١٧٤٦ - حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا بِشْرٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ أَنَّهُ ذَهَبَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي دَيْنِ أَبِيْهِ فَدَقَقْتُ الْبَابَ فَقَالَ مَنْ هٰذَا فَقُلْتُ أَنَا قَالَ أَنَا أَنَا كَأَنَّهُ كَرِهَهُ.

محمد بن منکدر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ وہ اپنے والد ماجد کے قرضے کے سلسلے میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے۔ میں نے دروازہ کھٹکھٹایا۔ فرمایا کون ہے؟ عرض گزار ہوا کہ میں۔ فرمایا کہ میں میں کیا! گویا آپ نے اسے ناپسند فرمایا۔

١٧٤٧ - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوْبَ نَا إِسْمٰعِيْلُ يَعْنِي ابْنَ جَعْفَرٍ نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ نَافِعِ بْنِ عَبْدِ الْحَارِثِ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى دَخَلْتُ حَائِطًا فَقَالَ لِي أَمْسِكِ الْبَابَ فَضَرَبَ الْبَابَ فَقُلْتُ مَنْ هٰذَا وَسَاقَ الْحَدِيْثَ قَالَ أَبُوْ دَاوُدَ يَعْنِي حَدِيْثَ

ابوسلمہ سے روایت ہے کہ حضرت نافع بن عبدالحارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ باہر نکلا، یہاں تک کہ ایک باغ میں داخل ہوا۔ آپ نے مجھ سے فرمایا کہ دروازے پر ٹھہرو اور دروازہ بند کر لو۔ میں نے کہا:۔ کون ہے؟ اور آگے باقی حدیث بیان کی ـــــ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ حضرت ابوموسیٰ اشعری والی حدیث۔ چنانچہ کسی نے دروازہ کھٹکھٹایا۔

أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ فَدَقَّ الْبَابَ.

بَاب ۵۵۷ فِي الرَّجُلِ يُدْعَى أَيَكُونُ ذَلِكَ إِذْنَهُ.

۱۷۴۸۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ حَبِيبٍ وَهِشَامٍ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَسُولُ الرَّجُلِ إِلَى الرَّجُلِ إِذْنُهُ.

۱۷۴۹۔ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مُعَاذٍ نَا عَبْدُ الْأَعْلَى نَا سَعِيدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي رَافِعٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا دُعِيَ أَحَدُكُمْ إِلَى طَعَامٍ فَجَاءَ مَعَ الرَّسُولِ فَإِنَّ ذَلِكَ لَهُ إِذْنٌ قَالَ أَبُو دَاوُدَ يُقَالُ قَتَادَةُ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ أَبِي رَافِعٍ.

بَاب ۵۵۸ الِاسْتِئْذَانِ فِي الْعَوْرَاتِ الثَّلَاثِ.

۱۷۵۰۔ حَدَّثَنَا ابْنُ السَّرْحِ قَالَ نَا ح وَنَا ابْنُ الصَّبَّاحِ بْنِ سُفْيَانَ وَابْنُ عَبْدَةَ وَهَذَا حَدِيثُهُ قَالَا نَا سُفْيَانُ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي يَزِيدَ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ لَمْ يُؤْمِنْ بِهَا أَكْثَرُ النَّاسِ آيَةَ الْإِذْنِ وَإِنِّي لَآمُرُ جَارِيَتِي هَذِهِ تَسْتَأْذِنُ عَلَيَّ قَالَ أَبُو دَاوُدَ كَذَلِكَ رَوَاهُ عَطَاءٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ يَأْمُرُ بِهِ.

۱۷۵۱۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ عَنْ عَمْرٍو يَعْنِي ابْنَ أَبِي عَمْرٍو عَنْ عِكْرِمَةَ أَنَّ نَفَرًا مِنْ أَهْلِ الْعِرَاقِ قَالُوا يَا ابْنَ عَبَّاسٍ كَيْفَ تَرَى هَذِهِ الْآيَةَ الَّتِي أُمِرْنَا فِيهَا بِمَا أُمِرْنَا وَلَمْ يَعْمَلْ بِهَا أَحَدٌ قَوْلُ اللَّهِ تَعَالَى يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لِيَسْتَأْذِنْكُمُ الَّذِينَ مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ

جو بلایا جائے کیا یہی اُس کے لیے اجازت ہے؟

محمد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ایک آدمی کا قاصد ہی دوسرے آدمی کے لیے اجازت ہے۔

ابورافع نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تم میں سے کوئی کھانے کے لیے بلایا جائے اور وہ قاصد کے ساتھ آئے تو یہی اُس کے لیے اجازت ہے ——— امام ابوداؤد نے فرمایا۔ کہتے ہیں کہ قتادہ کا ابورافع سے سماع ثابت نہیں ہے۔

پردے کے تین وقتوں میں اجازت لینا

ابن السرح ——— ابن الصباح بن سفیان اور ابن عبدہ، سفیان، عبداللہ بن ابو یزید نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فرماتے ہوئے سُنا کہ اکثر لوگ آیت اِذن پر عملاً ایمان نہیں لائے جبکہ میں نے اپنی لونڈی کو بھی حکم دے رکھا ہے کہ مجھ سے اجازت لیا کرے ——— امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اسی طرح عطاء نے حضرت ابن عباس سے روایت کی ہے کہ وہ اس کا حکم دیا کرتے تھے۔

ابو عمرو نے عکرمہ سے روایت کی ہے کہ چند عراق کے رہنے والے عرض گزار ہوئے کہ حضرت ابن عباس! اُس آیت کے بارے میں آپ کیا فرماتے ہیں جس میں ہمیں اجازت لینے کا حکم فرمایا گیا ہے کہ اجازت لیا کریں اور اُس پر کوئی ایک بھی عمل نہیں کرتا۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "اے ایمان والو چاہیے کہ تم سے اجازت لیا کریں تمہارے غلام لونڈی اور وہ جو بلوغت کی عمر کو نہیں پہنچے تین وقتوں میں، ۔ نمازِ فجر سے پہلے

وَالَّذِينَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ مِنْ قَبْلِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَحِينَ تَضَعُونَ ثِيَابَكُمْ مِنَ الظَّهِيرَةِ وَمِنْ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ وَمِنْ بَعْدِ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ ثَلٰثُ عَوْرَاتٍ لَكُمْ لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌ بَعْدَهُنَّ طَوّٰفُونَ عَلَيْكُمْ قَرَأَ الْقَعْنَبِيُّ إِلٰى عَلِيمٌ حَكِيمٌ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ إِنَّ اللّٰهَ حَلِيمٌ رَحِيمٌ بِالْمُؤْمِنِينَ يُحِبُّ السَّتْرَ وَكَانَ النَّاسُ لَيْسَ لِبُيُوتِهِمْ سُتُورٌ وَلَا حِجَالٌ فَرُبَّمَا دَخَلَ الْخَادِمُ أَوِ الْوَلَدُ أَوْ يَتِيمَةُ الرَّجُلِ وَالرَّجُلُ عَلٰى أَهْلِهِ فَأَمَرَهُمُ اللّٰهُ بِالْاِسْتِئْذَانِ فِي تِلْكَ الْعَوْرَاتِ فَجَاءَهُمُ اللّٰهُ بِالسُّتُورِ وَالْخَيْرِ فَلَمْ أَرَ أَحَدًا يَعْمَلُ بِذٰلِكَ بَعْدُ۔

اور دوپہر کے وقت جب تم کپڑے اُتار دیتے ہو اور نمازِ عشاء کے بعد۔ یہ تین تمہارے لیے پردے کے وقت ہیں۔ تم پر اور اُن پر کوئی گناہ نہیں اِس کے بعد جو تمہارے ملازم تمہارے پاس گھومتے پھرتے رہتے ہیں۔"... (۲۴ : ۵۸) قعنبی نے اِسے عَلِیْمٌ حَکِیْمٌ تک پڑھا۔ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ حلم والا اور مسلمانوں پر رحم فرمانے والا ہے۔ پردہ پوشی کو پسند فرماتا ہے اور لوگوں کے گھروں پر ان دنوں پردے اور چکیں نہ تھیں۔ بعض اوقات خادم یا بیٹا یا زیرِ پرورش یتیم لڑکی آدمی کے پاس آجاتی اور وہ اپنی بیوی کے ساتھ مشغول ہوتا۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے اِن وقتوں میں اجازت لے کر آنے کا حکم فرمایا۔ جب اللہ تعالیٰ نے پردے اور اچھے حالات میسّر فرما دیئے تو بعد میں اِس پر عمل کرتے ہوئے کسی کو نہیں دیکھا گیا۔

اَبْوَابُ السَّلَامِ

سلام کا بیان

باب ۵۵۹ إِفْشَاءِ السَّلَامِ۔

سلام کو عام کرنا

۱۷۵۲۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ نَا زُهَيْرٌ نَا الْاَعْمَشُ عَنْ اَبِي صَالِحٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَا تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ حَتّٰى تُؤْمِنُوْا وَلَا تُؤْمِنُوْا حَتّٰى تَحَابُّوْا اَفَلَا اَدُلُّكُمْ عَلٰى اَمْرٍ اِذَا فَعَلْتُمُوْهُ تَحَابَبْتُمْ اَفْشُوا السَّلَامَ بَيْنَكُمْ۔

ابوصالح نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے، تم جنت میں داخل نہیں ہوگے جب تک ایمان نہ لاؤ اور ایمان کامل نہیں ہوگا جب تک ایک دوسرے سے محبت نہ کرو۔ کیا میں تمہیں ایسا کام نہ بتاؤں کہ اُسے کرو تو ایک دوسرے سے محبت کرنے لگو گے۔ آپس میں سلام کو پھیلاؤ۔

۱۷۵۳۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ نَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ اَبِي الْخَيْرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ الْاِسْلَامِ خَيْرٌ قَالَ تُطْعِمُ الطَّعَامَ وَتَقْرَاُ السَّلَامَ عَلٰى مَنْ عَرَفْتَ وَمَنْ لَّمْ تَعْرِفْ۔

ابوالخیر نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا۔ اسلام میں کونسا کام بہتر ہے؟ فرمایا کہ کھانا کھلانا اور سلام کرنا خواہ تمہاری اُس سے جان پہچان ہو یا نہ ہو۔

ف۔ کھانا کھلانے سے مراد غریبوں، محتاجوں اور بھوکوں کو کھانا کھلانا ہے۔ مہمان نوازی کرنا بھی اسی میں ہے۔ غرباء پروری پر اسلام میں بہت زور دیا گیا ہے۔ اسلام نے مِنْ جَبِيْنِ الْفُتُوْحِ زندہ رہنے پر بہت زور دیا ہے تاکہ مسلمانوں کے امیر اپنے غریبوں کو برضا و رغبت سنبھالے رہیں اور مسلمان غریب ہو کر بھی اتنے غیرت مند رہیں کہ اُنہوں دوسروں کے آگے دستِ سوال دراز نہ کرنا پڑے اور غیروں کے کسی مرحلے پر بھی منت کش نہ ہوں۔ آج جبکہ ہم نے قومی سطح پر سوچنا بند کر دیا اور خود غرض ہو کر قارون بننے کے فکر میں سرگرداں رہنے لگے تو ساری قوم میں بےچینی اور اضطراب کی لہر دوڑی ہوئی ہے۔ امیر غریبوں کے سرپرست نہ رہے تو غریبوں نے امیروں کی خیر خواہی سے ہاتھ کھینچ لیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ آپا دھاپ اور افراتفری مچی ہوئی ہے۔ کوئی کسی کا پُرسانِ حال نہیں۔ زبان میں مٹھاس ہے لیکن دل میں چور، زبان پر تسبیح ہے لیکن دل میں کھوٹ، نام کے ساتھ حاجی، حافظ اور حضرت وغیرہ کے القاب ہیں لیکن دل میں فراڈ۔ کھلانے سے باغی اور کھانے کے لیے تیار، دینے سے نفرت لیکن لینے سے پیار، خیر خواہی سے نفرت لیکن بدخواہی کا روبار، خیرات سے دُوری اور رشوت سے سروکار۔ چاہیے تو یہ تھا کہ دوسروں کو اپنے پاس سے کھلاتے رہتے اور ہر مسلمان بھائی کے خیر خواہ بن کر سلامتی چاہتے اور اُسے سلام کرتے خواہ جان پہچان ہوتی یا نہ ہوتی لیکن اب خیر خواہی کو دُور سے سلام کیا جاتا ہے، بدخواہی کے سہارے جیا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں عقل دے کہ چند روزہ زندگی کے راحت و آرام کی خاطر اپنی ابدی زندگی کو برباد نہ کریں۔ اپنی عاقبت کو سنواریں اور دوسروں کو بھی آرام سے جینے دیں۔

جس کو غمِ جہاں میں بھی یاد رہے غم بیکساں
میری طرف سے ہمنشیں جاکے اُسے سلام دے

باب ٥٦٠ كيف السلام۔

١٧٥٤۔ حدثنا محمد بن كثير قال أنا جعفر بن سليمان عن عوف عن أبي رجاء عن عمران بن حصين قال جاء رجل إلى النبي صلى الله عليه وسلم فقال السلام عليكم فرد عليه ثم جلس فقال النبي صلى الله عليه وسلم عشر ثم جاء آخر فقال السلام عليكم ورحمة الله فرد عليه فجلس فقال عشرون ثم جاء آخر فقال السلام عليكم ورحمة الله وبركاته فرد عليه فجلس فقال ثلثون۔

سلام کیسے کرنا چاہیے؟

ابورجاء سے روایت ہے کہ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور اُس نے کہا:۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ۔ آپ نے اُسے جواب دیا تو وہ بیٹھ گیا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ دس نیکیاں۔ دوسرے نے آکر کہا:۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللہِ۔ آپ نے اُسے جواب دیا تو وہ بیٹھ گیا۔ آپ نے فرمایا کہ بیس نیکیاں۔ پھر تیسرے نے آکر کہا:۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللہِ وَبَرَکَاتُہٗ آپ نے اُسے جواب دیا اور وہ بیٹھ گیا۔ آپ نے فرمایا کہ تیس نیکیاں۔

١٧٥٥۔ حدثنا إسحق بن سويد الرملي نا ابن أبي مريم قال أظن أني سمعت نافع ابن يزيد قال أخبرني أبو مرحوم عن سهل ابن معاذ بن أنس عن أبيه عن النبي صلى الله عليه وسلم بمعناه زاد ثم أتى آخر فقال السلام عليكم ورحمة الله وبركاته ومغفرته فقال أربعون قال هكذا تكون الفضائل۔

اسحاق بن سوید رملی، ابن ابومریم، نافع بن یزید، ابومرحوم

سہل بن معاذ بن انس نے اپنے والد ماجد سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اسی طرح روایت کرتے ہوئے یہ بھی کہا:۔ پھر چوتھے آدمی نے آکر کہا:۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللہِ وَبَرَکَاتُہٗ وَمَغْفِرَتُہٗ آپ نے فرمایا کہ چالیس نیکیاں اور فضیلت (نیکیاں) اسی طرح بڑھتی جاتی ہے۔

باب ٥٦١ في فضل من بدأ بالسلام۔

١٧٥٦۔ حدثنا محمد بن يحيى الذهلي نا أبو عاصم عن أبي خالد وهب عن أبي سفيان الحمصي عن أبي أمامة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن أولى الناس بالله تعالى من بدأهم بالسلام۔

پہلے سلام کرنے کی فضیلت

ابوسفیان حمصی نے حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے بہتر آدمی وہ ہیں جو پہلے سلام کرتے ہیں۔

باب ٥٦٢ من أولى بالسلام۔

١٧٥٧۔ حدثنا أحمد بن حنبل نا عبد الرزاق أنا معمر عن همام بن منبه عن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يسلم

کس کو سلام کرنا چاہیے؟

ہمام بن منبہ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ چھوٹا بڑے کو سلام کرے اور چلنے والا بیٹھے ہوئے کو اور

الصَّغِيرُ عَلَى الْكَبِيرِ وَالْمَارُّ عَلَى الْقَاعِدِ وَالْقَلِيلُ عَلَى الْكَثِيرِ۔

تھوڑے آدمی زیادہ آدمیوں کو۔

١٧٥٨- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ أَنَا رَوْحٌ نَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي زِيَادٌ أَنَّ ثَابِتًا مَوْلَى عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَلِّمُ الرَّاكِبُ عَلَى الْمَاشِي ثُمَّ ذَكَرَ الْحَدِيثَ۔

یحییٰ بن حبیب، روح، ابن جریج، زیاد، ثابت مولیٰ عبدالرحمٰن ابن یزید سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ سوار پیدل کو سلام کرے۔ پھر مذکورہ حدیث بیان کی۔

بَابٌ ٥٦٣ فِي الرَّجُلِ يُفَارِقُ الرَّجُلَ ثُمَّ يَلْقَاهُ يُسَلِّمُ عَلَيْهِ۔

جو دوسرے سے جدا ہو کر ملے تو پھر سلام کرے

١٧٥٩- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ نَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ أَبِي مُوسَى عَنْ أَبِي مَرْيَمَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ إِذَا لَقِيَ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ فَلْيُسَلِّمْ عَلَيْهِ فَإِنْ حَالَتْ بَيْنَهُمَا شَجَرَةٌ أَوْ جِدَارٌ أَوْ حَجَرٌ ثُمَّ لَقِيَهُ فَلْيُسَلِّمْ عَلَيْهِ قَالَ مُعَاوِيَةُ وَحَدَّثَنِي عَبْدُالْوَهَّابِ ابْنُ بُخْتٍ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ سَوَاءً۔

احمد بن سعید ہمدانی، ابن وہب، معاویہ بن صالح، ابوموسیٰ، ابومریم سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ جب تم میں سے کوئی اپنے مسلمان بھائی سے ملے تو اُسے سلام کرے۔ اگر دونوں کے درمیان کوئی درخت یا دیوار یا پتھر حائل ہو جائے۔ پھر ملے تو دوبارہ اُسے سلام کرے۔

معاویہ بن صالح کا بیان ہے کہ حدیث بیان کی مجھ سے عبدالوہاب بن بُخت، ابوالزناد، اعرج، حضرت ابوہریرہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بالکل اسی طرح۔

١٧٦٠- حَدَّثَنَا عَبَّاسٌ الْعَنْبَرِيُّ نَا أَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ نَا حَسَنُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ سَلَمَةَ ابْنِ كُهَيْلٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ عُمَرَ أَنَّهُ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي مَشْرُبَةٍ لَهُ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ أَيَدْخُلُ عُمَرُ۔

عباس عنبری، اسود بن عامر، حسن بن صالح، اُن کے والد ماجد، سلمہ بن کُہیل، سعید بن جُبیر، حضرت ابن عباس نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے جبکہ آپ اپنے کاشانۂ اقدس میں تھے لہٰذا کہا۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ کیا عمر اندر آجائے؟

بَابٌ ٥٦٤ فِي السَّلَامِ عَلَى الصِّبْيَانِ۔

لڑکوں کو سلام کرنے کا بیان

١٧٦١- حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ نَا سُلَيْمَانُ يَعْنِي ابْنَ الْمُغِيرَةِ عَنْ ثَابِتٍ قَالَ قَالَ أَنَسٌ

عبداللہ بن مسلمہ، سلیمان بن مغیرہ، ثابت کا بیان ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى غِلْمَانٍ يَلْعَبُوْنَ فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ۔

علیہ وسلم لڑکوں کے پاس آئے جو کھیل رہے تھے تو آپ نے انہیں سلام کیا۔

۱۷۶۲۔ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنّٰى نَا خَالِدٌ يَعْنِي ابْنَ الْحَارِثِ نَا حُمَيْدٌ قَالَ قَالَ اَنَسٌ اِنْتَهٰى اِلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا غُلَامٌ فِي الْغِلْمَانِ فَسَلَّمَ عَلَيْنَا ثُمَّ اَخَذَ بِيَدِيْ فَاَرْسَلَنِيْ بِرِسَالَتِهٖ وَقَعَدَ فِيْ ظِلِّ جِدَارٍ اَوْ قَالَ اِلٰى جِدَارٍ حَتّٰى رَجَعْتُ اِلَيْهِ۔

حمید سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہم تک پہنچے اور میں لڑکوں میں ایک لڑکا تھا۔ پس آپ نے ہمیں سلام کیا۔ پھر میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے کسی کام بھیجا اور خود ایک دیوار کے سائے میں یا دیوار کے پاس بیٹھ گئے یہاں تک کہ میں آپ کے پاس واپس آیا۔

بَابٌ ۵۶۵ فِي السَّلَامِ عَلَى النِّسَاءِ۔

عورتوں کو سلام کرنے کا بیان

۱۷۶۳۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ نَا سُفْيَانُ ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ حُسَيْنٍ سَمِعَهٗ مِنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ يَقُوْلُ اَخْبَرَتْهُ اَسْمَاءُ بِنْتُ يَزِيْدَ مَرَّ عَلَيْنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ نِسْوَةٍ فَسَلَّمَ عَلَيْنَا۔

ابو بکر بن ابو شیبہ، سفیان بن عیینہ، ابن ابو حسین، شہر بن حوشب نے حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے پاس سے گزرے اور میں عورتوں میں تھی تو آپ نے ہمیں سلام کیا۔

بَابٌ ۵۶۶ فِي السَّلَامِ عَلٰى اَهْلِ الذِّمَّةِ۔

ذمیوں کو سلام کرنا

۱۷۶۴۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا شُعْبَةُ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ اَبِيْ اِلَى الشَّامِ فَجَعَلُوْا يَمُرُّوْنَ بِصَوَامِعَ فِيْهَا نَصَارٰى فَيُسَلِّمُوْنَ عَلَيْهِمْ فَقَالَ اَبِيْ لَا تَبْدَؤُوْهُمْ بِالسَّلَامِ فَاِنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ حَدَّثَنَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَبْدَؤُوْهُمْ بِالسَّلَامِ فَاِذَا لَقِيْتُمُوْهُمْ فِي الطَّرِيْقِ فَاضْطَرُّوْهُمْ اِلٰى اَضْيَقِ الطَّرِيْقِ۔

سُہیل بن ابو صالح کا بیان ہے کہ میں اپنے والد ماجد کے ساتھ شام کے سفر پر نکلا تو نصاریٰ کے گرجوں کے پاس سے گزرے جو ہمیں سلام کرتے۔ والد محترم نے فرمایا کہ انہیں سلام نہ کرنا کیونکہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہمیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حدیث سُنائی ہے کہ انہیں سلام کرنے میں پہل نہ کرو اور جب وہ تمہیں راستے میں ملیں تو انہیں تنگ راستے کی طرف مجبور کر دیا کرو۔

۱۷۶۵۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ يَعْنِي ابْنَ مُسْلِمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْيَهُوْدَ اِذَا سَلَّمَ عَلَيْكُمْ اَحَدُهُمْ فَاِنَّمَا يَقُوْلُ اَلسَّامُ عَلَيْكُمْ فَقُوْلُوْا وَعَلَيْكُمْ قَالَ اَبُوْ دَاوٗدَ وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ

عبد اللہ بن دینار نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب یہودیوں میں سے کوئی تمہیں سلام کرتا ہے تو اَلسَّامُ عَلَیْکُمْ ہی کہتا ہے، لہٰذا تم کہہ دیا کرو کہ تمہارے ہی اوپر۔

امام ابو داؤد نے فرمایا کہ اسی طرح اسے روایت کیا ہے امام مالک نے عبد اللہ بن دینار سے اور روایت کیا ہے اسے سفیان ثوری نے

أَتَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى غِلْمَانٍ يَلْعَبُونَ فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ۔

علیہ وسلم لڑکوں کے پاس آئے جو کھیل رہے تھے تو آپ نے انہیں سلام کیا۔

۱۷۶۲۔ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى نَا خَالِدٌ يَعْنِي ابْنَ الْحَارِثِ نَا حُمَيْدٌ قَالَ قَالَ أَنَسٌ انْتَهَى إِلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا غُلَامٌ فِي الْغِلْمَانِ فَسَلَّمَ عَلَيْنَا ثُمَّ أَخَذَ بِيَدِي فَأَرْسَلَنِي بِرِسَالَتِهِ وَقَعَدَ فِي ظِلِّ جِدَارٍ أَوْ قَالَ إِلَى جِدَارٍ حَتَّى رَجَعْتُ إِلَيْهِ۔

حُمید سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہم تک پہنچے اور میں لڑکوں میں ایک لڑکا تھا۔ پس آپ نے ہمیں سلام کیا۔ پھر میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے کسی کام بھیجا اور خود ایک دیوار کے سائے میں یا دیوار کے پاس بیٹھ گئے یہاں تک کہ میں آپ کے پاس واپس آیا۔

باب ۵۶۵ فِي السَّلَامِ عَلَى النِّسَاءِ۔

عورتوں کو سلام کرنے کا بیان

۱۷۶۳۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا سُفْيَانُ ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ ابْنِ أَبِي حُسَيْنٍ سَمِعَهُ مِنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ يَقُولُ أَخْبَرَتْهُ أَسْمَاءُ بِنْتُ يَزِيدَ مَرَّ عَلَيْنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نِسْوَةٍ فَسَلَّمَ عَلَيْنَا۔

ابوبکر بن ابوشیبہ، سفیان بن عُیینہ، ابن ابوحسین، شہر بن حوشب نے حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے پاس سے گزرے اور میں عورتوں میں تھی تو آپ نے ہمیں سلام کیا۔

باب ۵۶۶ فِي السَّلَامِ عَلَى أَهْلِ الذِّمَّةِ۔

ذمیوں کو سلام کرنا

۱۷۶۴۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا شُعْبَةُ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ أَبِي إِلَى الشَّامِ فَجَعَلُوا يَمُرُّونَ بِصَوَامِعَ فِيهَا نَصَارَى فَيُسَلِّمُونَ عَلَيْهِمْ فَقَالَ أَبِي لَا تَبْدَءُوهُمْ بِالسَّلَامِ فَإِنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ حَدَّثَنَا عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَبْدَءُوهُمْ بِالسَّلَامِ وَإِذَا لَقِيتُمُوهُمْ فِي الطَّرِيقِ فَاضْطَرُّوهُمْ إِلَى أَضْيَقِ الطَّرِيقِ۔

سُہیل بن ابوصالح کا بیان ہے کہ میں اپنے والد ماجد کے ساتھ شام کے سفر پر نکلا تو نصاریٰ کے گرجوں کے پاس سے گزرے، جو ہمیں سلام کرتے۔ والد محترم نے فرمایا کہ انہیں سلام نہ کرنا کیونکہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہمیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حدیث سُنائی ہے کہ انہیں سلام کرنے میں پہل نہ کرو اور جب وہ تمہیں راستے میں ملیں تو انہیں تنگ راستے کی طرف مجبور کر دیا کرو۔

۱۷۶۵۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ مُسْلِمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْيَهُودَ إِذَا سَلَّمَ عَلَيْكُمْ أَحَدُهُمْ فَإِنَّمَا يَقُولُ السَّامُ عَلَيْكُمْ فَقُولُوا وَعَلَيْكُمْ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ

عبداللہ بن دینار نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب یہودیوں میں سے کوئی تمہیں سلام کرتا ہے تو السام علیکم ہی کہتا ہے، لہٰذا تم کہہ دیا کرو کہ تمہارے ہی اوپر۔

امام ابوداؤد نے فرمایا کہ اسی طرح اسے روایت کیا ہے امام مالک نے عبداللہ بن دینار سے اور روایت کیا ہے اسے سفیان ثوری نے

أَبِي رَافِعٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رَفَعَهُ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ يُجْزِئُ عَنِ الْجَمَاعَةِ إِذَا مَرُّوا أَنْ يُسَلِّمَ أَحَدُهُمْ وَيُجْزِئُ عَنِ الْجُلُوسِ أَنْ يَرُدَّ أَحَدُهُمْ۔

نے فرمایا۔ جب کوئی جماعت گزرے اور اُن میں سے ایک فرد بھی سلام کرے تو سب کی طرف سے کافی ہے اور مجلس سے ایک آدمی کا جواب دینا بھی سب کی طرف سے کافی ہے۔

بَابٌ ۵۷ فِي الْمُصَافَحَةِ۔

مصافحہ کرنے کا بیان

۱۷۷۰۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ أَنَا هُشَيْمٌ عَنْ أَبِي بَلْجٍ عَنْ زَيْدٍ أَبِي الْحَكَمِ الْعَنَزِيِّ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا الْتَقَى الْمُسْلِمَانِ فَتَصَافَحَا وَحَمِدَا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَاهُ غُفِرَ لَهُمَا۔

زید ابوالحکم عنزی نے حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب دو۲ مسلمان آپس میں ملیں تو مصافحہ کریں اور اللہ کی حمد وثنا کریں اور اُس سے معافی چاہیں تو دونوں کو بخش دیا جاتا ہے۔

۱۷۷۱۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا أَبُو خَالِدٍ وَابْنُ نُمَيْرٍ عَنِ الْأَجْلَحِ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُسْلِمَيْنِ يَلْتَقِيَانِ فَيَتَصَافَحَانِ إِلَّا غُفِرَ لَهُمَا قَبْلَ أَنْ يَفْتَرِقَا۔

ابو اسحاق نے حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو دو۲ مسلمان آپس میں ملیں اور دونوں مصافحہ کریں تو جُدا ہونے سے پہلے دونوں کو بخش دیا جاتا ہے۔

۱۷۷۲۔ حَدَّثَنَا مُوسٰى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ أَنَا حُمَيْدٌ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ لَمَّا جَاءَ أَهْلُ الْيَمَنِ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ جَاءَكُمْ أَهْلُ الْيَمَنِ وَهُمْ أَوَّلُ مَنْ جَاءَ بِالْمُصَافَحَةِ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب اہلِ یمن حاضر بارگاہ ہوئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تمہارے پاس اہلِ یمن آئے ہیں جو مصافحہ شروع کرنے میں سب سے پہلے ہیں۔

بَابٌ ۵۸ فِي الْمُعَانَقَةِ۔

معانقہ کرنے کا بیان

۱۷۷۳۔ حَدَّثَنَا مُوسٰى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ أَنَا أَبُو الْحُسَيْنِ يَعْنِي خَالِدَ بْنَ ذَكْوَانَ عَنْ أَيُّوبَ بْنِ بُشَيْرِ بْنِ كَعْبٍ الْعَدَوِيِّ عَنْ رَجُلٍ مِنْ عَنَزَةَ قَالَ لِأَبِي ذَرٍّ حَيْثُ سُيِّرَ مِنَ الشَّامِ إِنِّي أُرِيدُ أَنْ أَسْأَلَكَ عَنْ حَدِيثٍ مِنْ حَدِيثِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذًا أُخْبِرُكَ بِهِ إِلَّا أَنْ يَكُونَ سِرًّا قُلْتُ إِنَّهُ لَيْسَ بِسِرٍّ هَلْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

ایوب بن بشیر بن کعب عدوی سے روایت ہے کہ عنزہ کے ایک آدمی نے حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عرض کی جبکہ وہ شام سے چلے گئے تھے کہ میں آپ سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حدیثوں میں سے ایک حدیث پوچھنا چاہتا ہوں۔ فرمایا کہ اگر کوئی راز نہ ہوا تو میں تمہیں بتا دوں گا۔ میں عرض گزار ہوا کہ وہ راز نہیں ہے۔ کیا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ملاقات کے وقت آپ حضرات سے مصافحہ کیا کرتے تھے؟ فرمایا کہ میں جب بھی ملا تو آپ نے مجھ سے مصافحہ فرمایا اور ایک روز آپ نے مجھے

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَصَافَحَکُمْ إِذَا لَقِیْتُمُوْہُ قَالَ مَا لَقِیْتُہُ قَطُّ إِلَّا صَافَحَنِیْ وَبَعَثَ إِلَیَّ ذَاتَ یَوْمٍ وَلَمْ أَکُنْ فِیْ أَھْلِیْ فَلَمَّا جِئْتُ أُخْبِرْتُ أَنَّہُ أَرْسَلَ إِلَیَّ فَأَتَیْتُہُ وَھُوَ عَلٰی سَرِیْرِہٖ فَالْتَزَمَنِیْ فَکَانَتْ تِلْکَ أَجْوَدَ وَأَجْوَدَ۔

بُلوایا لیکن میں گھر میں نہیں تھا۔ جب میں آیا تو مجھے بتایا گیا کہ حضور نے مجھے یاد فرمایا ہے۔ پس میں حاضرِ بارگاہ ہوا اور آپ اپنے تخت پر جلوہ افروز تھے تو آپ نے مجھے چمٹا لیا (معانقہ فرمایا) اور یہ بڑی عمدہ بات ہے، بڑی عمدہ ہے۔

بَابٌ ۵۷۲ فِی الْقِیَامِ

تعظیماً کھڑے ہونے کا بیان

۱۷۷۴۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا شُعْبَۃُ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاھِیْمَ عَنْ أَبِیْ أُمَامَۃَ بْنِ سَھْلِ ابْنِ حُنَیْفٍ عَنْ أَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ أَنَّ أَھْلَ قُرَیْظَۃَ لَمَّا نَزَلُوْا عَلٰی حُکْمِ سَعْدٍ أَرْسَلَ إِلَیْہِ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ عَلٰی حِمَارٍ أَقْمَرَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قُوْمُوْا إِلٰی سَیِّدِکُمْ أَوْ إِلٰی خَیْرِکُمْ فَجَاءَ حَتّٰی قَعَدَ إِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

ابو امامہ بن سہل بن حُنَیف نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ بنو قریظہ جب حضرت سعد بن معاذ کی تحکیم پر اُتر آئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں بُلوایا۔ وہ ایک سفید گدھے پر سوار ہو کر آئے تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اپنے سردار یا اپنے بہتر فرد کے لیے کھڑے ہو جاؤ۔ پس وہ آئے اور آ کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس بیٹھ گئے۔

ف۔ اس حدیث کے مطابق رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بعض صحابۂ کرام کی طرف مخاطب ہو کر فرمایا کہ اپنے سردار یا اپنے بہتر فرد کی طرف کھڑے ہو جاؤ۔ سرداری اور بہتری کے لفظوں سے معلوم ہو رہا ہے کہ یہ تعظیمی قیام کا حکم دیا گیا تھا۔ بعض حضرات کا خیال ہے کہ حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیمار تھے۔ گدھے پر سوار ہو کر بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو رہے تھے تو آپ نے بعض صحابۂ کرام کو اُن کی طرف کھڑے ہونے کے لیے فرمایا کہ انہیں گدھے سے اُتار لاؤ۔ اُن کے نزدیک تعظیمی قیام تو مکروہ ہے اور یہ ضرورت کے تحت کھڑا ہونا تھا۔ یہ قیاس درست معلوم نہیں ہوتا کہ ایک ایسا معزز سوار بیماری کی حالت میں گدھے پر سوار ہو کر آ گئے، جو خود اُترنے سے بھی مجبور ہو اور اُس کے ساتھ اپنوں میں سے ایک دو آدمی بھی نہ ہوں۔ یقیناً اُن کے ساتھ اُن کے عزیزوں میں سے کئی افراد ہوں گے۔ دریں حالات اُنہیں اُتارنے کے لیے حکم نہیں دیا بلکہ تعظیماً کھڑے ہونے کے لیے ہی فرمایا ہوگا اور اس میں کوئی قباحت نظر بھی نہیں آتی کیونکہ خود رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی لختِ جگر سیدہ فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس تشریف لے جاتے تو وہ آپ کے لیے کھڑی ہو جاتیں۔ تعظیم تو رہی ایک طرف ازراہِ شفقت اپنے کسی عزیز اور پیارے کے لیے فرطِ محبت میں کھڑا ہونا بھی جائز ہے جیسے حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا شانۂ اقدس میں حاضر ہوتیں تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرطِ محبت میں کھڑے ہو جاتے اور انہیں اپنے پاس بٹھاتے رہا جیسے ابھی حدیث گذری کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا رضاعی باپ آیا تو آپ نے چادر مبارک بچھا دی اور اُنہیں ایک کونے پر بٹھایا۔ پھر رضاعی ماں آئی تو اُنہیں بھی ایک کونے پر بٹھا دیا۔ پھر رضاعی بھائی آیا تو آپ کھڑے ہو گئے اور انہیں اپنے سامنے بٹھایا۔ اسی طرح بعض روایات میں حضور کا حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے لیے کھڑا ہونا آیا ہے۔ دریں حالات فرطِ محبت میں کھڑا ہونا بھی جائز ہے اور ضرورتاً کھڑے ہونے میں تو کلام ہی نہیں۔ ہاں قیام کرنا اُس کے لیے مکروہ ہے جو چاہے کہ لوگ میرے لیے تعظیماً کھڑے ہوا کریں اور کھڑے نہ ہوں تو وہ ناراض ہو۔ ایسے شخص

کے لیے قیام نہ کرنا بہتر اور قیام کرنا مکروہ ہو سکتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۷۷۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا مُحَمَّدُ ابْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ قَالَ فَلَمَّا كَانَ قَرِيْبًا مِنَ الْمَسْجِدِ قَالَ لِلْاَنْصَارِ قُوْمُوْا اِلٰى سَيِّدِكُمْ۔

محمد بن بشار، محمد بن جعفر نے شعبہ سے اس حدیث کو روایت کرتے ہوئے کہا۔ جب وہ مسجد کے قریب تھے تو آپ نے انصار سے فرمایا۔ اپنے سردار کے لیے کھڑے ہو جاؤ۔

۱۷۷۶۔ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا نَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ قَالَ اَنَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ مَيْسَرَةَ بْنِ حَبِيْبٍ عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ عَنْ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ وَمَا رَاَيْتُ اَحَدًا كَانَ اَشْبَهَ سَمْتًا وَهَدْيًا وَدَلًّا وَقَالَ الْحَسَنُ حَدِيْثًا وَكَلَامًا وَلَمْ يَذْكُرِ الْحَسَنُ السَّمْتَ وَالْهَدْيَ وَالدَّلَّ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فَاطِمَةَ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهَا كَانَتْ اِذَا دَخَلَتْ عَلَيْهِ قَامَ اِلَيْهَا فَاَخَذَ بِيَدِهَا فَقَبَّلَهَا وَاَجْلَسَهَا فِيْ مَجْلِسِهٖ وَكَانَ اِذَا دَخَلَ عَلَيْهَا قَامَتْ اِلَيْهِ فَاَخَذَتْ بِيَدِهٖ فَقَبَّلَتْهُ وَاَجْلَسَتْهُ فِيْ مَجْلِسِهَا۔

حسن بن علی اور ابن بشار، عثمان بن عمر، اسرائیل، میسرہ بن حبیب، منہال بن عمرو، عائشہ بنت طلحہ سے روایت ہے کہ اُم المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا۔ میں نے کسی کو بھی زیادہ مشابہت رکھتے ہوئے نہیں دیکھا چال ڈھال چیت اور شکل وشباہت میں۔ حسن بن علی نے حدیثاً و کلامًا کہا ہے اور السَّمْتَ وَالْهَدْيَ وَالدَّلَّ کا ذکر نہیں کیا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت فاطمہ کرم اللہ وجہہا سے زیادہ۔ جب وہ حضور کی خدمت میں حاضر ہوتیں تو آپ اُن کے لیے کھڑے ہوتے، اُن کے ہاتھ کو بوسہ دیتے اور اپنے پاس بٹھاتے۔ جب حضور اُن کے پاس تشریف لے جاتے تو وہ آپ کے لیے کھڑی ہو جاتیں، دستِ اقدس کو پکڑ کر اسے بوسہ دیتیں اور اپنے پاس بٹھاتیں۔

باب ۳۷۵ فِيْ قُبْلَةِ الرَّجُلِ وَلَدَهٗ۔

آدمی کا اپنے بیٹے کو چومنا؟

۱۷۷۷۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ الْاَقْرَعَ بْنَ حَابِسٍ اَبْصَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُقَبِّلُ حُسَيْنًا فَقَالَ اِنَّ لِيْ عَشَرَةً مِّنَ الْوَلَدِ مَا فَعَلْتُ هٰذَا بِوَاحِدٍ مِّنْهُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَّا يَرْحَمْ لَا يُرْحَمْ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ اقرع بن حابس نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت حسین کو بوسہ دے رہے ہیں تو کہا کہ میرے دس بیٹے ہیں لیکن میں اُن میں سے کسی کے ساتھ بھی ایسا نہیں کرتا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو رحم نہ کرے اُس پر رحم نہیں کیا جاتا۔

۱۷۷۸۔ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ نَا حَمَّادٌ نَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ عُرْوَةَ اَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ ثُمَّ قَالَ تَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبْشِرِيْ

عروہ بن زبیر نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے عائشہ! تمہیں بشارت ہو کہ اللہ تعالیٰ نے تمہاری صفائی نازل

يَا عَائِشَةُ فَإِنَّ اللّٰهَ قَدْ أَنْزَلَ عُذْرَكِ وَقَرَأَ عَلَيْهَا الْقُرْآنَ فَقَالَ أَبَوَايَ قُومِي فَقَبِّلِي رَأْسَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ أَحْمَدُ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ لَا إِيَّاكُمَا۔

فرمادی اور اُن کے سامنے قرآن مجید پڑھا۔ میرے والدین نے فرمایا کہ کھڑی ہو کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سر مبارک کو بوسہ دو۔ میں نے کہا کہ میں تو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتی ہوں نہ کہ آپ دونوں کا۔

بَابٌ ۵۷۴ فِي قُبْلَةِ مَا بَيْنَ الْعَيْنَيْنِ۔

دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دینا

۱۷۷۹۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا عَلِيُّ ابْنُ مُسْهِرٍ عَنْ أَجْلَحَ عَنِ الشَّعْبِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَلَقَّى جَعْفَرَ بْنَ أَبِي طَالِبٍ فَالْتَزَمَهُ وَقَبَّلَ مَا بَيْنَ عَيْنَيْهِ۔

شعبی سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت جعفر بن ابو طالب سے ملے تو اُن سے معانقہ فرمایا اور اُن کی دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا۔

بَابٌ ۵۷۵ فِي قُبْلَةِ الْخَدِّ۔

رخسار پر بوسہ دینا

۱۷۸۰۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا الْمُغِيرَةُ عَنْ إِيَاسِ بْنِ دِغْفَلٍ قَالَ رَأَيْتُ أَبَا نَضْرَةَ قَبَّلَ خَدَّ الْحَسَنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ۔

ایاس بن دغفل کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابو نضرہ کو دیکھا کہ انہوں نے حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے رخسار پر بوسہ دیا۔

۱۷۸۱۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَالِمٍ نَا إِبْرَاهِيمُ ابْنُ يُوسُفَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ أَبِي بَكْرٍ أَوَّلَ مَا قَدِمَ الْمَدِينَةَ فَإِذَا عَائِشَةُ ابْنَتُهُ مُضْطَجِعَةٌ قَدْ أَصَابَتْهَا حُمَّى فَأَتَاهَا أَبُو بَكْرٍ فَقَالَ لَهَا كَيْفَ أَنْتِ يَا بُنَيَّةُ وَقَبَّلَ خَدَّهَا۔

ابو اسحاق سے روایت ہے کہ حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ میں حضرت ابو بکر کے ساتھ پہلی دفعہ مدینہ منورہ میں داخل ہوا تو اُن کی صاحبزادی حضرت عائشہ لیٹی ہوئی تھیں۔ اُنہیں بخار تھا۔ حضرت ابو بکر اُن کے پاس گئے اور فرمایا۔ بیٹی! تمہارا کیا حال ہے اور اُن کے رخسار پر بوسہ دیا۔

بَابٌ ۵۷۶ فِي قُبْلَةِ الْيَدِ۔

ہاتھ چومنے کا بیان

۱۷۸۲۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا زُهَيْرٌ نَا يَزِيدُ بْنُ أَبِي زِيَادٍ أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ أَبِي لَيْلَى حَدَّثَهُ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ حَدَّثَهُ وَذَكَرَ قِصَّةً قَالَ فَدَنَوْنَا يَعْنِي مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَبَّلْنَا يَدَهُ۔

عبد الرحمٰن بن ابو لیلیٰ سے روایت ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے ایک واقعہ بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ ہم نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نزدیک ہوئے اور ہم نے آپ کے دستِ اقدس کو بوسہ دیا۔

ف۔ حضرت عبد اللہ بن عمر اور دیگر صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دستِ مبارک بوسہ دیا اور آپ نے منع نہ فرمایا۔ معلوم ہوا کہ بزرگوں کے ہاتھ چومنا جائز بلکہ سنت ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ ۵۷۷ فِي قُبْلَةِ الْجَسَدِ۔

جسم چومنے کا بیان

۱۷۸۳۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ أَنَا خَالِدٌ

عبد الرحمٰن بن ابو لیلیٰ سے روایت ہے کہ حضرت اُسید بن

عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى عَنْ أُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ قَالَ بَيْنَمَا هُوَ يُحَدِّثُ الْقَوْمَ وَكَانَ فِيهِ مِزَاحٌ بَيْنَا يُضْحِكُهُمْ فَطَعَنَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي خَاصِرَتِهِ بِعُودٍ فَقَالَ أَصْبِرْنِي قَالَ اصْطَبِرْ قَالَ إِنَّ عَلَيْكَ قَمِيصًا وَلَيْسَ عَلَيَّ قَمِيصٌ فَرَفَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَمِيصِهِ فَاحْتَضَنَهُ وَجَعَلَ يُقَبِّلُ كَشْحَهُ قَالَ إِنَّمَا أَرَدْتُ هٰذَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ۔

بَابٌ ۵۷۸ قُبْلَةُ الرِّجْلِ۔

۱۷۸۴۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى نَا مَطَرُ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْأَعْنَقُ حَدَّثَتْنِي أُمُّ أَبَانَ بِنْتُ الْوَازِعِ بْنِ زَارِعٍ عَنْ جَدِّهَا زَارِعٍ وَكَانَ فِي وَفْدِ عَبْدِ الْقَيْسِ قَالَ لَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ فَجَعَلْنَا نَتَبَادَرُ مِنْ رَوَاحِلِنَا فَنُقَبِّلُ يَدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرِجْلَهُ وَانْتَظَرَ الْمُنْذِرُ الْأَشَجُّ حَتّٰى أَتٰى عَيْبَتَهُ فَلَبِسَ ثَوْبَيْهِ ثُمَّ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ إِنَّ فِيكَ خَلَّتَيْنِ يُحِبُّهُمَا اللّٰهُ الْحِلْمُ وَالْأَنَاةُ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَنَا أَتَخَلَّقُ بِهِمَا أَمِ اللّٰهُ جَبَلَنِي عَلَيْهِمَا قَالَ بَلِ اللّٰهُ جَبَلَكَ عَلَيْهِمَا قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي جَبَلَنِي عَلٰى خَلَّتَيْنِ يُحِبُّهُمَا اللّٰهُ وَرَسُولُهُ۔

بَابٌ ۵۷۹ فِي الرَّجُلِ يَقُولُ جَعَلَنِيَ اللّٰهُ فِدَاكَ۔

۱۷۸۵۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ ح وَنَا مُسْلِمٌ نَا هِشَامُ بْنُ حَمَّادٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَبَا ذَرٍّ فَقُلْتُ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ

حُضَیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو انصار کے ایک فرد تھے' وہ لوگوں سے باتیں کر رہے تھے اور مزاحیہ باتیں سُنا کر لوگوں کو ہنسا رہے تھے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُنہیں ایک لکڑی سے کونچا دیا۔ عرض کی کہ مجھے قصاص دیجیے فرمایا کہ قصاص لے لو۔ عرض گزار ہوئے کہ آپ کے اُوپر قمیص ہے جبکہ میرے اُوپر قمیص نہ تھی۔ پس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنا کُرتہ مبارک اٹھا دیا تو وہ لپٹ گئے اور آپ کے پہلو کو بوسہ دینے لگے۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! میرا مقصد صرف یہی تھا۔

پیر چومنے کا بیان

اُمِ ابان بنت وازع بن زارع نے اپنے دادا جان حضرت زارع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے جو عبد القیس کے وفد میں شامل تھے۔ اُنہوں نے فرمایا کہ جب ہم مدینہ منورہ میں حاضر ہوئے تو تیزی سے اپنی سواریوں سے اُتر کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دستِ مبارک کو چومنے لگے اور پائے اقدس کو۔ منذر اشج رُکے رہے یہاں تک کہ اپنی گٹھڑی سے دو کپڑے نکالے انہیں پہنا، پھر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اُن سے فرمایا کہ تمہاری دو عادتوں کو اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے بردباری اور تسلی سے کام کرنا۔ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ! کیا وہ میں نے پیدا کی ہیں یا اللہ تعالیٰ نے میری فطرت میں رکھی ہیں؟ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہاری فطرت میں رکھی ہیں۔ عرض کی کہ سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے دو عادتیں میرے اندر ایسی رکھی ہیں جنہیں اللہ اور اس کا رسول پسند فرماتے ہیں۔

جو کہے کہ اللہ تعالیٰ مجھے آپ پر فدا کرے

موسیٰ بن اسمٰعیل، حماد ــــــ مسلم، ہشام بن حماد، زید بن وہب نے حضرت ابو ذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے ابو ذر! عرض کی کہ یا رسول اللہ! میں حاضر و مستعد ہوں اور آپ پر فدا ہوں۔

يَا رَسُولَ اللهِ وَأَنَا فِدَاؤُكَ۔

بَاب ۵۸۰ فِي الرَّجُلِ يَقُولُ أَنْعَمَ اللهُ بِكَ عَيْنًا۔

۱۷۸۶۔ حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَنَا مَعْمَرٌ عَنْ قَتَادَةَ أَوْ غَيْرِهِ أَنَّ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ قَالَ كُنَّا نَقُولُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ أَنْعَمَ اللهُ بِكَ عَيْنًا وَأَنْعِمْ صَبَاحًا فَلَمَّا كَانَ الْإِسْلَامُ نُهِينَا عَنْ ذَلِكَ قَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ مَعْمَرٌ يُكْرَهُ أَنْ يَقُولَ الرَّجُلُ أَنْعَمَ اللهُ بِكَ عَيْنًا وَلَا بَأْسَ أَنْ يَقُولَ أَنْعَمَ اللهُ عَيْنَكَ۔

جو کہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کی آنکھیں ٹھنڈی رکھے۔

قتادہ یا کسی دوسرے سے روایت ہے کہ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہم دورِ جاہلیت میں کہا کرتے تھے کہ اللہ تم سے آنکھیں ٹھنڈی رکھے یا اچھی صبح لائے۔ دورِ اسلام میں ہم اس سے منع کر دیئے گئے۔ عبدالرزاق کا بیان ہے کہ معمر ناپسند فرماتے اگر کوئی کہتا کہ اللہ تم سے آنکھیں رکھے اور اللہ تمہاری آنکھیں ٹھنڈی رکھے کہنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

بَاب ۵۸۱ الرَّجُلُ يَقُولُ لِلرَّجُلِ حَفِظَكَ اللهُ۔

۱۷۸۷۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ نَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ رَبَاحٍ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ نَا أَبُو قَتَادَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي سَفَرٍ لَهُ فَعَطِشُوا فَانْطَلَقَ سَرَعَانُ النَّاسِ فَلَزِمْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِلْكَ اللَّيْلَةَ فَقَالَ حَفِظَكَ اللهُ بِمَا حَفِظْتَ بِهِ نَبِيَّكَ۔

جو دوسرے سے کہے کہ اللہ آپ کی حفاظت کرے

عبداللہ بن رباح انصاری نے حضرت ابو قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے ایک سفر میں تھے کہ لوگوں کو پیاس لگی تو جلدی سے چلے گئے۔ اس رات میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا پہرہ دیا۔ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تمہاری حفاظت فرمائے جیسے تم نے اس کے نبی کی حفاظت کی ہے۔

بَاب ۵۸۲ الرَّجُلُ يَقُومُ لِلرَّجُلِ يُعَظِّمُهُ بِذَلِكَ۔

۱۷۸۸۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَعِيلَ ثَنَا حَمَّادٌ عَنْ حَبِيبِ بْنِ الشَّهِيدِ عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ قَالَ خَرَجَ مُعَاوِيَةُ عَلَى ابْنِ الزُّبَيْرِ وَابْنِ عَامِرٍ فَقَامَ ابْنُ عَامِرٍ وَجَلَسَ ابْنُ الزُّبَيْرِ فَقَالَ مُعَاوِيَةُ لِابْنِ عَامِرٍ اجْلِسْ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَمْثُلَ لَهُ الرِّجَالُ قِيَامًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ۔

ایک شخص کا دوسرے کے لئے تعظیماً کھڑے ہونا

ابو مجلز کا بیان ہے کہ حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت ابن الزبیر اور حضرت ابن عامر کے پاس آئے۔ حضرت ابن عامر کھڑے ہو گئے اور حضرت ابن الزبیر بیٹھے رہے۔ حضرت معاویہ نے حضرت ابن عامر سے کہا۔ بیٹھ جاؤ کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو یہ پسند کرے کہ لوگ اس کی تعظیم کے لئے کھڑے رہا کریں تو وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں بنالے۔

ف ۔ یہی وہ قیام ہے جو جائز نہیں کہ کوئی حاکم یا امیر یہ چاہے کہ لوگ میری تعظیم کے لیے کھڑے ہوں اور اگر اس کے لیے تعظیماً کھڑے نہ ہوں تو ناراض ہو، ایسا شخص متکبر ہونے کے باعث جہنمی ہے اور اُس کے لیے قیام نہیں کرنا چاہیے کیونکہ یہ تعظیمی نہیں بلکہ جبری قیام ہے ۔ واللہ تعالیٰ اعلم ۔

۱۷۸۹۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ ابْنُ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنْ مِسْعَرٍ عَنْ أَبِي الْعَنْبَسِ عَنِ الْعَدَبَّسِ عَنْ أَبِي مَرْزُوقٍ عَنْ أَبِي غَالِبٍ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَوَكِّئًا عَلَى عَصًى فَقُمْنَا إِلَيْهِ فَقَالَ لَا تَقُومُوا كَمَا تَقُومُ الْأَعَاجِمُ يُعَظِّمُ بَعْضُهَا بَعْضًا۔

ابوبکر بن ابوشیبہ، عبداللہ بن نمیر، مسعر، ابوالعنبس، عدبس، ابومرزوق، ابوغالب سے روایت ہے کہ حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے پاس ایک لاٹھی سے ٹیک لگاتے ہوئے تشریف لائے تو ہم آپ کے لیے کھڑے ہو گئے ۔ فرمایا کہ ایسے کھڑے نہ ہوا کرو ۔ جیسے عجمی ایک دوسرے کی تعظیم کے لئے کھڑے ہوا کرتے ہیں ۔

ف ۔ خاتم الحفاظ امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۹۱۱ھ) نے مرقاۃ الصعود میں فرمایا کہ امام طبرانی نے اس حدیث کو ضعیف اور مضطرب الاسناد قرار دیا ہے کیونکہ اس کی اسناد میں ابوالعنبس نامی راوی مجہول ہے ۔ لہٰذا قیام تعظیمی کی ممانعت پر اس حدیث سے استدلال کرنا درست نہیں ہے ۔ واللہ تعالیٰ اعلم ۔

باب ۵۸۳ فِي الرَّجُلِ يَقُولُ فُلَانٌ يُقْرِئُكَ السَّلَامَ۔

ایک کا دوسرے سے کہنا کہ فلاں آپ کو سلام کہتا ہے

۱۷۹۰۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا إِسْمٰعِيلُ عَنْ غَالِبٍ قَالَ إِنَّا لَجُلُوسٌ بِبَابِ الْحَسَنِ إِذْ جَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي قَالَ بَعَثَنِي أَبِي إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ائْتِهِ فَأَقْرِئْهُ السَّلَامَ قَالَ فَأَتَيْتُهُ فَقُلْتُ إِنَّ أَبِي يُقْرِئُكَ السَّلَامَ فَقَالَ عَلَيْكَ وَعَلَى أَبِيكَ السَّلَامُ۔

غالب کا بیان ہے کہ ہم حسن کے دروازے پر بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک آدمی آیا اور کہا کہ میرے والد محترم نے میرے جدِ امجد سے روایت کرتے ہوئے کہا کہ میرے والد ماجد نے مجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا اور کہا کہ جا کر میرا سلام عرض کر دینا۔ میں حاضرِ بارگاہ ہو کر عرض گزار ہوا کہ والدِ محترم نے آپ کے لئے سلام عرض کیا ہے ۔ فرمایا کہ تم پر اور تمہارے والد پر سلام ہو ۔

۱۷۹۱۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ زَكَرِيَّا عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ أَنَّ عَائِشَةَ حَدَّثَتْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا إِنَّ جِبْرِيلَ يُقْرِئُكِ السَّلَامَ فَقَالَتْ وَعَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللهِ۔

ابوسلمہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا، بلاشبہ جبرئیل تمہیں سلام کہتے ہیں ۔ حضرت صدیقہ نے کہا، ان پر سلام اور اللہ کی رحمت ہو ۔

باب ۵۸۴ فِي الرَّجُلِ يُنَادِي الرَّجُلَ فَيَقُولُ لَبَّيْكَ۔

۱۷۹۲۔ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا حَمَّادٌ أَنَا يَعْلَى بْنُ عَطَاءٍ عَنْ أَبِي هَمَّامٍ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ يَسَارٍ أَنَّ أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْفِهْرِيَّ قَالَ شَهِدْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُنَيْنًا فَسِرْنَا فِي يَوْمٍ قَائِظٍ شَدِيدِ الْحَرِّ فَنَزَلْنَا تَحْتَ ظِلِّ الشَّجَرِ فَلَمَّا زَالَتِ الشَّمْسُ لَبِسْتُ لَأْمَتِي وَرَكِبْتُ فَرَسِي فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي فُسْطَاطِهِ فَقُلْتُ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ قَدْ حَانَ الرَّوَاحُ فَقَالَ أَجَلْ ثُمَّ قَالَ يَا بِلَالُ قُمْ فَثَارَ مِنْ تَحْتِ سَمُرَةٍ كَأَنَّ ظِلَّهُ ظِلُّ طَائِرٍ قَالَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَأَنَا فِدَاؤُكَ فَقَالَ أَسْرِجْ لِي الْفَرَسَ فَأَخْرَجَ سَرْجًا دَفَّتَاهُ مِنْ لِيفٍ لَيْسَ فِيهِمَا أَشَرٌ وَلَا بَطَرٌ فَرَكِبَ وَرَكِبْنَا وَسَاقَ الْحَدِيثَ۔

ایک آدمی دوسرے کو پکارے تو وہ لبیک کہے۔

عبداللہ بن یسار سے روایت ہے کہ حضرت ابوعبدالرحمان فہری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ میں غزوہ حنین میں شریک ہوا۔ ایک سخت گرمی کے روز ہم سفر کر رہے تھے کہ ایک درخت کے سائے میں اُترے۔ جب دن ڈھل گیا تو میں نے زرہ پہنی، گھوڑے پر سوار ہوا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوگیا۔ جب کہ آپ اپنی قیام گاہ میں جلوہ افروز تھے۔ میں عرض گزار ہوا۔ یا رسول اللہ! آپ پر سلام ہو، اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں۔ کوچ کا وقت ہوگیا ہے۔ فرمایا بہت اچھا۔ پھر فرمایا کہ اے بلال! کھڑے ہو جاؤ۔ وہ ایک بیری کے نیچے سے نکلے اور ان کا سایہ ایک پرندے کے سائے کے برابر تھا۔ فرمایا کہ میرے لئے گھوڑے پر زین کس دو۔ انہوں نے زین نکالی جس کے دونوں کنارے کھجور کے پوست کے تھے اور اس میں فخر و غرور یا نام و نمود والی کوئی چیز نہ تھی۔ آپ سوار ہوئے اور ہم بھی سوار ہو گئے۔ آگے باقی حدیث بیان کی۔

باب ۵۸۵ فِي الرَّجُلِ يَقُولُ لِلرَّجُلِ أَضْحَكَ اللّٰهُ سِنَّكَ۔

۱۷۹۳۔ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْبِرَكِيُّ وَسَمِعْتُهُ مِنْ أَبِي الْوَلِيدِ وَأَنَا لِحَدِيثِ عِيسَى أَضْبَطُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْقَاهِرِ بْنُ السَّرِيِّ يَعْنِي السُّلَمِيَّ نَا ابْنُ كِنَانَةَ بْنِ عَبَّاسِ بْنِ مِرْدَاسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ ضَحِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ أَبُو بَكْرٍ أَوْ عُمَرُ أَضْحَكَ اللّٰهُ سِنَّكَ۔

ایک کا دوسرے سے کہنا کہ اللہ آپ کو ہنستا ہوا رکھے

عیسیٰ بن ابراہیم برکی اور ابوالولید، عبدالقاہر بن سری سلمی، ابن کنانہ بن عباس، عباس بن مرداس سے اُن کے والد محترم حضرت مرداس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہنسے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ یا حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو ہنستا ہوا رکھے۔

باب ۵۸۶ فِي الْبِنَاءِ۔

۱۷۹۴۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا حَفْصٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي السَّفَرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو

مکان بنانے کا بیان

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے پاس سے

قَالَ مَرَّ بِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أُطَيِّنُ حَائِطًا لِي أَنَا وَأُمِّي فَقَالَ مَا هٰذَا يَا عَبْدَ اللّٰهِ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ شَيْءٌ أُصْلِحُهُ، فَقَالَ الْأَمْرُ أَسْرَعُ مِنْ ذٰلِكَ۔

گزرے جبکہ میں اور میری والدہ ماجدہ ایک دیوار کی لپائی کر رہے تھے۔ فرمایا عبداللہ یہ کیا ہے؟ میں عرض گزار ہوا کہ یا رسول اللہ اسے درست کر رہا ہوں۔ فرمایا کہ موت اس سے بھی نزدیک ہے۔

۱۷۹۵۔ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَهَنَّادٌ الْمَعْنَى قَالَا نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ بِإِسْنَادِهِ بِهٰذَا قَالَ مَرَّ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نُعَالِجُ خُصًّا لَنَا وَهِيَ فَقَالَ مَا هٰذَا فَقُلْنَا خُصٌّ لَنَا وَهِيَ فَنَحْنُ نُصْلِحُهُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَرَى الْأَمْرَ إِلَّا أَعْجَلَ مِنْ ذٰلِكَ۔

ابو معاویہ نے اعمش سے اپنی سند کے ساتھ اسے روایت کرتے ہوئے کہا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے پاس سے گزرے اور ہم اپنی کوٹھڑی کی مرمت کر رہے تھے۔ فرمایا یہ کیا ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ اپنی اس کوٹھڑی کی مرمت کر رہے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تو موت کو اس سے جلد باز دیکھتا ہوں۔

۱۷۹۶۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ نَا زُهَيْرٌ نَا عُثْمَانُ بْنُ حَكِيمٍ أَخْبَرَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاطِبٍ الْقُرَشِيُّ عَنْ أَبِي طَلْحَةَ الْأَسَدِيِّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ فَرَأَى قُبَّةً مُشْرِفَةً فَقَالَ مَا هٰذِهِ قَالَ لَهُ أَصْحَابُهُ لِفُلَانٍ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ قَالَ فَسَكَتَ وَحَمَلَهَا فِي نَفْسِهِ حَتَّى إِذَا جَاءَ صَاحِبُهَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَلِّمُ عَلَيْهِ فِي النَّاسِ أَعْرَضَ عَنْهُ صَنَعَ ذٰلِكَ مِرَارًا حَتَّى عَرَفَ الرَّجُلُ الْغَضَبَ فِيهِ وَالْإِعْرَاضَ عَنْهُ فَشَكَا ذٰلِكَ إِلَى أَصْحَابِهِ فَقَالَ وَاللّٰهِ إِنِّي لَأُنْكِرُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوا خَرَجَ فَرَأَى قُبَّتَكَ فَرَجَعَ الرَّجُلُ إِلَى قُبَّتِهِ فَهَدَمَهَا حَتَّى سَوَّاهَا بِالْأَرْضِ فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ فَلَمْ يَرَهَا فَقَالَ مَا فَعَلَتِ الْقُبَّةُ قَالُوا شَكَا إِلَيْنَا صَاحِبُهَا إِعْرَاضَكَ عَنْهُ فَأَخْبَرْنَاهُ فَهَدَمَهَا فَقَالَ أَمَا إِنَّ كُلَّ بِنَاءٍ وَبَالٌ عَلَى صَاحِبِهِ

ابو طلحہ اسدی نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم باہر نکلے تو ایک اونچا سا گنبد دیکھا۔ فرمایا کہ یہ کیا ہے؟ آپ کے اصحاب عرض گزار ہوئے کہ یہ فلاں انصاری کا ہے۔ آپ خاموش ہو رہے اور یہ بات اپنے دل میں رکھی۔ جب اس کا مالک آیا اور لوگوں میں اس نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سلام کیا تو آپ نے رُخ پھیر لیا۔ ایسا کئی دفعہ کیا، یہاں تک کہ وہ آدمی ناراضگی اور اعراض فرمانے کو جان گیا چنانچہ اس نے اپنے ساتھیوں سے ذکر کیا اور کہا کہ خدا کی قسم، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تو مجھے ناپسند فرما رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حضور نے آپ کے قبے کو دیکھا تھا۔ وہ آدمی قبے کی طرف گیا اور اُسے مسمار کر کے زمین کے برابر کر دیا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک روز باہر نکلے اور اُسے نہ دیکھا تو فرمایا قبے کو کیا ہوا؟ لوگوں نے کہا کہ اس کے مالک نے ہم سے آپ کے اعراض فرمانے کا ذکر کیا تو ہم نے اُسے وجہ بتا دی۔ لہٰذا اُس نے اُسے مسمار کر دیا۔ فرمایا کہ ہر عمارت اس کے مالک پر وبال ہے مگر جس کے بغیر گزارا نہ ہو۔

اِلَّا مَا لَا اِلَّا مَا یَعْنِی مَا لَا بُدَّ مِنْہُ۔

بَاب ۵۸۷ فِی اِتِّخَاذِ الْغُرَفِ۔

بالاخانے بنانے کا بیان

۱۷۹۷۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِیْمِ بْنُ مُطَرِّفٍ الرُّؤَاسِیُّ نَا عِیْسٰی عَنْ اِسْمٰعِیْلَ عَنْ قَیْسٍ عَنْ دُکَیْنِ بْنِ سَعِیْدٍ الْمُزَنِیِّ قَالَ اَتَیْنَا النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَسَاَلْنَاہُ الطَّعَامَ فَقَالَ یَا عُمَرُ اذْھَبْ فَاَعْطِھِمْ فَارْتَقٰی بِنَا اِلٰی عُلِّیَّۃٍ فَاَخَذَ الْمِفْتَاحَ مِنْ حُجْرَتِہٖ فَفَتَحَ۔

قیس سے روایت ہے کہ حضرت دکین بن سعید مزنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: ہم نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور آپ سے غلّے کا سوال کیا۔ فرمایا اے عمر! جا کر انہیں دے دو۔ پس وہ ہمیں ایک بالاخانے پر لے گئے اور اپنے حجرے کی کنجی لے کر اُسے کھولا۔

بَاب ۵۸۸ فِی قَطْعِ السِّدْرِ۔

بیری کے درخت کو کاٹنے کا بیان

۱۷۹۸۔ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِیٍّ نَا اَبُوْ اُسَامَۃَ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِیْ سُلَیْمَانَ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَیْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ حُبْشِیٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ قَطَعَ سِدْرَۃً صَوَّبَ اللّٰہُ رَاْسَہٗ فِی النَّارِ۔

نصر بن علی، ابواسامہ، ابن جریج، عثمان بن ابو سلیمان، سعید بن محمد بن جبیر بن مطعم نے حضرت عبداللہ بن حبشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے بیری کے درخت کو کاٹا تو اللہ تعالیٰ اُسے سر کے بل جہنم میں ڈالے گا۔

۱۷۹۹۔ حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ خَالِدٍ وَسَلَمَۃُ بْنُ شَبِیْبٍ قَالَا نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَنَا مَعْمَرٌ عَنْ عُثْمَانَ ابْنِ اَبِیْ سُلَیْمَانَ عَنْ رَجُلٍ مِنْ ثَقِیْفٍ عَنْ عُرْوَۃَ بْنِ الزُّبَیْرِ یَرْفَعُ الْحَدِیْثَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَحْوَہٗ۔

مخلد بن خالد اور سلمہ بن شبیب، عبدالرزاق، معمر، عثمان بن ابو سلیمان، ثقیف کا ایک آدمی، عروہ بن زبیر نے مذکورہ حدیث کو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مرفوعاً روایت کیا ہے۔

۱۸۰۰۔ حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَیْسَرَۃَ وَحُسَیْنُ بْنُ مُسْعَدَۃَ قَالَا نَا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاھِیْمَ قَالَ سَاَلْتُ ھِشَامَ بْنَ عُرْوَۃَ عَنْ قَطْعِ السِّدْرِ وَھُوَ مُسْتَنِدٌ اِلٰی قَصْرِ عُرْوَۃَ فَقَالَ اَتَرٰی ھٰذِہِ الْاَبْوَابَ وَالْمَصَارِیْعَ اِنَّمَا ھِیَ مِنْ سِدْرِ عُرْوَۃَ کَانَ عُرْوَۃُ یَقْطَعُہٗ مِنْ اَرْضِہٖ وَقَالَ لَا بَاْسَ بِہٖ زَادَ حُمَیْدٌ فَقَالَ ھِیَ یَا عِرَاقِیُّ جِئْتَنِیْ بِبِدْعَۃٍ قَالَ قُلْتُ اِنَّمَا الْبِدْعَۃُ مِنْ قِبَلِکُمْ سَمِعْتُ مَنْ یَقُوْلُ بِمَکَّۃَ لَعَنَ رَسُوْلُ

حسین بن ابراہیم کا بیان ہے کہ میں نے ہشام بن عروہ سے بیری کاٹنے کے متعلق پوچھا جب کہ وہ عروہ کے مکان سے ٹیک لگائے ہوئے تھے۔ فرمایا کہ ان دروازوں اور چوکھٹوں کو دیکھتے ہو؟ یہ حضرت عروہ کی بیریوں کے ہیں جنہیں وہ اپنی زمین سے کاٹتے تھے اور فرمایا کہ اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ حمید نے یہ بھی کہا کہ فرمایا: اے عراقی! تم یہی بدعت میرے پاس لے کر آئے ہو؟ میں نے عرض کی کہ بدعت تو آپ کی جانب سے نکلی ہے کیونکہ میں نے مکہ مکرمہ میں ایک شخص کو کہتے ہوئے سنا کہ جو بیری کو کاٹے اس پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لعنت

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَطَعَ السِّدْرَ ثُمَّ سَاقَ مَعْنَاهُ۔

فرمائی باقی حدیث اسی طرح بیان کی۔

بَاب ۵۸۹ فِي إِمَاطَةِ الْأَذٰى۔

تکلیف دِہ چیز کو ہٹا دینا

۱۸۰۱۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ حَدَّثَنِي أَبِي حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي بُرَيْدَةَ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي الْإِنْسَانِ ثَلٰثُمِائَةٍ وَسِتُّونَ مِفْصَلًا فَعَلَيْهِ أَنْ يَتَصَدَّقَ عَنْ كُلِّ مِفْصَلٍ مِنْهُ بِصَدَقَةٍ قَالُوا وَمَنْ يُطِيقُ ذٰلِكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ قَالَ النُّخَاعَةُ فِي الْمَسْجِدِ تَدْفِنُهَا وَالشَّيْءُ تُنَحِّيهِ عَنِ الطَّرِيقِ فَإِنْ لَمْ تَجِدْ فَرَكْعَتَا الضُّحٰى تُجْزِئُكَ۔

عبداللہ بن بریدہ سے روایت ہے کہ حضرت ابو بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔ انسان کے جسم میں تین سو ساٹھ جوڑ ہیں اور اس کے لیے ضروری ہے کہ اُن میں سے ہر جوڑ کی طرف سے صدقہ دے۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا نبی اللہ! اس کی طاقت کس میں ہے؟ فرمایا کہ مسجد میں پڑے ہوئے تھوک وغیرہ کو دفن کر دینا اور تکلیف دہ چیز کا راستے سے ہٹا دینا۔ اگر یہ بھی نہ ہو سکے تو چاشت کے وقت دو رکعتیں پڑھنا تمہارے لیے کافی ہوگا۔

۱۸۰۲۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ ح وَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبَّادٍ وَهٰذَا لَفْظُهُ وَهُوَ أَتَمُّ عَنْ وَاصِلٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ عُقَيْلٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ عَنْ أَبِي ذَرٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُصْبِحُ عَلٰى كُلِّ سُلَامٰى مِنِ ابْنِ آدَمَ صَدَقَةٌ تَسْلِيمُهُ عَلٰى مَنْ لَقِيَ صَدَقَةٌ وَأَمْرُهُ بِالْمَعْرُوفِ صَدَقَةٌ وَنَهْيُهُ عَنِ الْمُنْكَرِ صَدَقَةٌ وَإِمَاطَةُ الْأَذٰى عَنِ الطَّرِيقِ صَدَقَةٌ وَبُضْعَةُ أَهْلِهِ صَدَقَةٌ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ يَأْتِي شَهْوَتَهُ وَتَكُونُ لَهُ صَدَقَةٌ قَالَ أَرَأَيْتَ لَوْ وَضَعَهَا فِي غَيْرِ حَقِّهَا أَكَانَ يَأْثَمُ قَالَ وَيُجْزِئُ مِنْ ذٰلِكَ كُلِّهِ رَكْعَتَانِ مِنَ الضُّحٰى۔

مسدد، حماد بن زید ـــــ احمد بن منیع، عبّاد بن عبّاد، واصل یحییٰ بن عقیل، یحییٰ بن یعمر نے حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ صبح ہوتے ہی آدمی کے ہر پور سے پر صدقہ ہے۔ جو ملے اُسے سلام کرنا صدقہ اور اُسے اچھی بات کا حکم دینا صدقہ ہے اور اُسے بُری بات سے منع کرنا صدقہ ہے اور تکلیف دہ چیز کو راستے سے ہٹا دینا صدقہ ہے اور اپنی بیوی سے صحبت کرنا صدقہ ہے۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ اس کے پاس تو شہوت سے جاتا ہے وہ بھی صدقہ ہے؟ فرمایا فرماتا ؤ اگر وہ دوسری جگہ ایسا کرتا تو گنہگار نہ ہوتا؟ فرمایا اور ان سب کی طرف سے چاشت کی دو رکعتیں پڑھ لینا کافی ہے۔

۱۸۰۳۔ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ نَا خَالِدُ بْنُ وَاصِلٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ عُقَيْلٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ الدِّيْلِيِّ عَنْ أَبِي ذَرٍّ بِهٰذَا

وہب بن بقیہ، خالد بن واصل، یحییٰ بن عقیل، یحییٰ بن یعمر، ابوالاسود دیلی نے حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس سے حدیث کو روایت کیا اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر

الْحَدِيثَ وَذَكَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي وَسَطِهِ۔

درمیان میں کیا ہے۔

۱۸۰۴۔ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ أَنَا اللَّيْثُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ نَزَعَ رَجُلٌ لَمْ يَعْمَلْ خَيْرًا قَطُّ غُصْنَ شَوْكٍ عَنِ الطَّرِيقِ إِمَّا كَانَ فِي شَجَرَةٍ فَقَطَعَهُ فَأَلْقَاهُ وَإِمَّا كَانَ مَوْضُوعًا فَأَمَاطَهُ فَشَكَرَ اللَّهُ لَهُ بِهَا فَأَدْخَلَهُ الْجَنَّةَ۔

ابو صالح نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ایک آدمی نے قطعاً کوئی نیکی نہیں کی تھی سوائے ایک کانٹے دار ٹہنی کے راستے سے ہٹانے کے۔ خواہ اُسے درخت سے کاٹ کر کسی نے ڈال دیا تھا یا کسی اور طرح پڑی تھی۔ تو اس کے تکلیف دہ چیز کو اللہ تعالیٰ نے قبول فرمایا تھا۔ اور اس کی وجہ سے جنت میں داخل فرما دیا۔

باب ۵۹۰ فِي إِطْفَاءِ النَّارِ بِاللَّيْلِ

رات کے وقت آگ بجھا دینا

۱۸۰۵۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَنْبَلٍ نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ رِوَايَةً وَقَالَ مَرَّةً يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَتْرُكُوا النَّارَ فِي بُيُوتِكُمْ حِينَ تَنَامُونَ۔

سالم نے اپنے والد ماجد سے روایت کی اور ایک دفعہ مرفوعاً روایت کرتے ہوئے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا سوتے وقت آگ کو اپنے گھروں میں جلتی ہوئی یا کھلی ہوئی نہ چھوڑ دیا کرو۔

۱۸۰۶۔ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ التَّمَّارُ نَا عَمْرُو بْنُ طَلْحَةَ حَدَّثَنَا أَسْبَاطٌ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَاءَتْ فَأْرَةٌ فَأَخَذَتْ تَجُرُّ الْفَتِيلَةَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْخُمْرَةِ الَّتِي كَانَ قَاعِدًا عَلَيْهَا فَأَحْرَقَتْ مِنْهَا مِثْلَ مَوْضِعِ دِرْهَمٍ فَقَالَ إِذَا نِمْتُمْ فَأَطْفِئُوا سُرُجَكُمْ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَدُلُّ مِثْلَ هَذِهِ عَلَى هَذَا فَتُحْرِقَكُمْ۔

سماک نے عکرمہ سے روایت کیا ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ ایک چوہیا چراغ کی بتی کو گھسیٹتی ہوئی آئی اور اسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے بوریئے پر ڈال دیا، جس کے اُوپر آپ بیٹھے ہوئے تھے۔ چنانچہ اس سے ایک درہم کے برابر جگہ جل گئی۔ آپ نے فرمایا کہ جب تم سونے لگو تو اپنے چراغوں کو بجھا دیا کرو۔ کیونکہ شیطان ایسی چیزوں کو ایسی ہی حرکت سجھا دیتا ہے تاکہ تمہیں جلا دیا کریں۔

ف۔ رات کو سوتے وقت چراغ بجھا دینا چاہیے کیونکہ اس سے آگ لگنے کا خطرہ ہے۔ یہ اس وقت کی بات ہے جب تیل سے چراغ جلتے تھے۔ اسی طرح کھانے پینے کی چیزوں کو سنبھال کر رکھ دینا اور اچھی طرح ڈھانپ دینا۔ دروازے بند کر لینا اور سونے سے پہلے تمام احتیاطی تدابیر اختیار کر لینا مفید ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَاب ۵۹۱ فِي قَتْلِ الْحَيَّاتِ.

سانپوں کو مارنے کا بیان

۱۸۰۷۔ حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِسْمٰعِيلَ نَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا سَالَمْنَاهُنَّ مُنْذُ حَارَبْنَاهُنَّ وَمَنْ تَرَكَ شَيْئًا مِنْهُنَّ خِيفَةً فَلَيْسَ مِنَّا.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم نے سانپوں سے صلح نہیں کی جب سے اُن کے ساتھ لڑائی کی ہے لہٰذا جو ڈرتے ہوئے انہیں چھوڑ دے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

۱۸۰۸۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَيَانٍ السُّكَّرِيُّ عَنْ إِسْحٰقَ بْنِ يُوسُفَ عَنْ شَرِيكٍ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْتُلُوا الْحَيَّاتِ كُلَّهُنَّ فَمَنْ خَافَ ثَأْرَهُنَّ فَلَيْسَ مِنَّا.

عبدالحمید بن بیان سکری، اسحاق بن یوسف، شریک، ابواسحاق قاسم بن عبدالرحمان کے والد ماجد نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سانپوں کو مار دیا کرو۔ جو انہیں ڈرتے ہوئے چھوڑے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

۱۸۰۹۔ حَدَّثَنَا عُثْمٰنُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ نَا مُوسَى بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ يَرْفَعُ الْحَدِيثَ فِيمَا أَرٰى إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَرَكَ الْحَيَّاتِ مَخَافَةَ طَلَبِهِنَّ فَلَيْسَ مِنَّا مَا سَالَمْنَاهُنَّ مُنْذُ حَارَبْنَاهُنَّ.

عکرمہ نے مرفوعاً روایت کی جو میرے (موسیٰ بن مسلم) کے خیال میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مرسلاً روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو سانپوں کو انتقام سے ڈرتے ہوئے چھوڑے وہ ہم سے نہیں ہے اور جب ہماری سانپوں کے ساتھ لڑائی ہوئی تو ہم نے ابھی تک صلح نہیں کی ہے۔

۱۸۱۰۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ نَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ مُوسَى الطَّحَّانِ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ سَابِطٍ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ أَنَّهُ قَالَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّا نُرِيدُ أَنْ نَكْنِسَ زَمْزَمَ وَإِنَّ فِيهَا مِنْ هٰذِهِ الْجِنَّانِ يَعْنِي الْحَيَّاتِ الصِّغَارَ فَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَتْلِهِنَّ.

عبدالرحمان بن سابط سے روایت ہے کہ حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض گزار ہوئے کہ ہم زمزم کے قریب جھاڑو دینا چاہتے ہیں جبکہ وہاں چھوٹی قسم کے سانپ ہیں۔ چنانچہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کو مار ڈالنے کا حکم فرمایا۔

۱۸۱۱۔ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ نَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اقْتُلُوا الْحَيَّاتِ وَذَا الطُّفْيَتَيْنِ وَالْأَبْتَرَ فَإِنَّهُمَا يَلْتَمِسَانِ الْبَصَرَ وَيُسْقِطَانِ

سالم نے اپنے والد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سانپوں کو مار دیا کرو۔ خاص طور پر دو لکیروں والے اور دم بریدہ کو کیونکہ یہ دونوں نظر کو زائل کرتے اور حمل گرا دیتے ہیں۔ راوی کا بیان ہے کہ حضرت عبداللہ جس سانپ کو بھی

الجدر قال وكان عبد الله يقتل كل حية وجدها فابصره ابو لبابة او زيد بن الخطاب وهو يطارد حية فقال انه قد نهى عن ذوات البيوت۔

دیکھتے اُسے مار ڈالتے۔ حضرت ابولبابہ یا حضرت زید بن خطاب نے انہیں ایک سانپ پر حملہ کرتے ہوئے دیکھ کر فرمایا۔ گھروں میں رہنے والوں سانپوں کو مارنے سے حضور نے منع فرمایا ہے۔

۱۸۱۲۔ حدثنا القعنبي عن مالك عن نافع عن ابي لبابة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى عن قتل الجنان التي تكون في البيوت الا ان يكون ذا الطفيتين والابتر فانهما يخطفان البصر ويطرحان ما في بطون النساء۔

حضرت ابولبابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُن سانپوں کو مارنے سے منع فرمایا ہے جو گھروں میں رہتے ہیں۔ سوائے دو لکیروں والے اور دُم بریدہ سانپ کے کیونکہ وہ بینائی کو زائل کرتے ہیں اور عورتوں کا حمل گرا دیتے ہیں۔

۱۸۱۳۔ حدثنا محمد بن عبيد نا حماد بن زيد عن ايوب عن نافع ان ابن عمر وجد بعد ذلك يعني بعد ما حدثه ابو لبابة حية في داره فامر بها فاخرجت يعني الى البقيع۔

نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اپنے گھر میں سانپ پایا اس کے بعد کہ حضرت ابولبابہ نے اُن سے حدیث بیان کی تو انہوں نے حکم فرمایا اور اُسے بقیع کی طرف نکال دیا گیا۔

۱۸۱۴۔ حدثنا ابن السرح واحمد بن سعيد الهمداني قالا نا ابن وهب قال اخبرني اسامة عن نافع في هذا الحديث قال نافع ثم رايتها بعد في بيته۔

ابن سرح، احمد بن سعید ہمدانی، ابن وہب، اسامہ نے نافع سے اس حدیث کو روایت کیا۔ نافع نے کہا کہ اس کے بعد انہوں نے سانپ کو اپنے گھر میں دیکھا۔

۱۸۱۵۔ حدثنا مسدد نا يحيى عن محمد بن ابي يحيى قال حدثني ابي انه انطلق هو وصاحب له الى ابي سعيد يعودانه فخرجنا من عنده فلقينا صاحبا لنا وهو يريد ان يدخل عليه فاقبلنا نحن فجلسنا في المسجد فجاء فاخبرنا انه سمع ابا سعيد الخدري يقول قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الهوام من الجن فمن راى في بيته شيئا فليحرج عليه ثلاث مرات وان عاد فليقتله فانه شيطان۔

محمد بن یحییٰ نے اپنے والد یا جد سے روایت کی ہے کہ وہ اور اُن کے ایک ساتھی حضرت ابوسعید کی عیادت کے لیے گئے ہم اُن کے پاس سے نکلے تو ہمیں اپنا ایک اور ساتھی ملا جو اُن کے پاس جانا چاہتا تھا۔ ہم آگے بڑھے اور مسجد میں جا بیٹھے۔ وہ آئے اور ہمیں بتایا کہ انہوں نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ان میں جن بھی ہوتے ہیں۔ لہٰذا جو تم میں سے گھر میں سانپ دیکھے تو تین دفعہ اس سے نکلنے کے لئے کہنا چاہیے اگر پھر بھی نہ نکلے تو اُسے مار ڈالنا کیونکہ وہ شیطان ہے۔

۱۸۱۶۔ حدثنا يزيد بن موهب الرملي نا

ابوسائب سے روایت ہے کہ ہمیں حضرت ابوسعید خدری

الليث عن ابن عجلان عن صيفي ابي سعيد الخدري فبينما انا جالس عنده سمعت تحت سريره تحريك شيء فنظرت فاذا حية فقمت قال ابو سعيد ما لك فقلت حية ههنا قال فتريد ماذا قلت اقتلها فاشار الى بيت في داره تلقاء بيته فقال ان ابن عم لي كان في هذا البيت فلما كان يوم الاحزاب استاذن الى اهله وكان حديث عهد بعرس فاذن له رسول الله صلى الله عليه وسلم وامره ان يذهب بسلاحه فاتى داره فوجد امراته قائمة على باب البيت فاشار اليها بالرمح فقالت لا تعجل حتى تنظر ما اخرجني فدخل البيت فاذا حية منكرة فطعنها بالرمح ثم خرج بها في الرمح ترتكض قال فلا ادري ايهما كان اسرع موتا الرجل او الحية فاتى قومه رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالوا ادع الله ان يرد صاحبنا فقال استغفروا لصاحبكم ثم قال ان نفرا من الجن اسلموا بالمدينة فاذا رايتم احدا منهم فحذروه ثلث مرات ثم ان بدا لكم بعد ان تقتلوه فاقتلوه بعد الثلاث۔

۱۸۱۷۔ حدثنا مسدد نا يحيى عن ابن عجلان بهذا الحديث مختصرا قال فليؤذنه ثلاثا فان بدا له بعد فليقتله فانه شيطان۔

۱۸۱۸۔ حدثنا احمد بن سعيد الهمداني انا ابن وهب اخبرني مالك عن صيفي مولى ابن افلح اخبرني ابو السائب مولى هشام ابن زهرة انه دخل على ابي سعيد الخدري

رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ ابھی بیٹھا ہوا ہی تھا کہ میں نے اُن کے تخت کے نیچے کسی چیز کی سرسراہٹ محسوس کی۔ دیکھا تو سانپ تھا۔ میں کھڑا ہو گیا۔ حضرت ابو سعید نے فرمایا کہ تمہیں کیا ہو گیا ہے؟ عرض گزار ہوا کہ یہاں سانپ ہے فرمایا پھر کیا ارادہ ہے؟ میں نے عرض کی کہ اسے ماروں گا۔ انہوں نے اپنے گھر کی ایک کوٹھڑی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ میرا چچا زاد بھائی اس گھر میں رہتا تھا۔ جب غزوۂ خندق ہوا تو اس نے اپنی بیوی کے پاس آنے کی اجازت مانگی کیونکہ اس کی شادی ابھی ہوئی تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُسے اجازت مرحمت فرمادی اور حکم دیا کہ اپنے ہتھیاروں کے ساتھ جائے۔ وہ اپنے گھر آیا تو دیکھا کہ اس کی بیوی گھر کے دروازے پر کھڑی ہے۔ اس نے نیزے سے عورت کی طرف اشارہ کیا۔ عورت نے کہا۔ جلدی نہ کیجئے، دیکھئے تو سہی کیا نکل آیا ہے۔ وہ گھر میں داخل ہوا تو وہاں ایک بدصورت سانپ تھا۔ اس نے نیزے کا وار کیا اور اُسے نیزے پر لٹکائے ہوئے باہر نکلا۔ مجھے نہیں معلوم کہ دونوں میں سے پہلے کون مرا، آدمی یا سانپ؟ اس کی قوم کے لوگ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے: اللہ سے دعا کیجئے کہ ہمارے ساتھی کو واپس کر دے۔ فرمایا کہ اپنے ساتھی کے لیے دعائے مغفرت کرو۔ پھر فرمایا کہ مدینہ منورہ کے کچھ جنات مسلمان ہو گئے ہیں۔ جب تم کسی سانپ کو دیکھو تو اُسے تین دفعہ ڈراؤ۔ اگر اس کے بعد بھی تمہیں نظر آئے تو مار ڈالو۔ لیکن تین دفعہ ڈرانے کے بعد مارنا۔

ابن عجلان نے اس حدیث کو اختصار کے ساتھ روایت کرتے ہوئے کہا: تین دفعہ اُسے خبردار کیا کرو۔ سو اگر اس کے بعد بھی اُسے دیکھو تو مار ڈالو کیونکہ وہ شیطان ہے۔

احمد بن سعید ہمدانی، ابن وہب، مالک، صیفی مولیٰ ابن افلح، ابوالسائب مولیٰ ہشام بن زہرہ کا بیان ہے کہ وہ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے

فَذَكَرَ نَحْوَهُ وَأَتَمَّ مِنْهُ قَالَ فَآذِنُوهُ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ فَإِنْ بَدَا لَكُمْ بَعْدَ ذَلِكَ فَاقْتُلُوهُ فَإِنَّمَا هُوَ شَيْطَانٌ۔

پھر اسی طرح بلکہ اس سے مکمل حدیث بیان کرتے ہوئے کہا، اُسے تین دن تک خبردار کرو۔ اگر اس کے بعد بھی تمہیں نظر آئے تو مار ڈالو کیونکہ وہ شیطان ہے۔

١٨١٩۔ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ هَاشِمٍ نَا ابْنُ أَبِي لَيْلَى عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ حَيَّاتِ الْبُيُوتِ فَقَالَ إِذَا رَأَيْتُمْ مِنْهُنَّ شَيْئًا فِي مَسَاكِنِكُمْ فَقُولُوا أَنْشُدُكُنَّ الْعَهْدَ الَّذِي أَخَذَ عَلَيْكُنَّ نُوحٌ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَنْشُدُكُنَّ الْعَهْدَ الَّذِي أَخَذَ عَلَيْكُنَّ سُلَيْمَانُ أَنْ لَا تُؤْذُونَا فَإِنْ عُدْنَ فَاقْتُلُوهُنَّ۔

سعید بن سلیمان، علی بن ہاشم، ابن ابی لیلیٰ، ثابت بنانی، عبدالرحمان بن ابی لیلیٰ نے اپنے والد ماجد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے گھروں میں رہنے والے سانپوں کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا۔ جب تم ان میں سے کسی کو اپنے گھروں میں دیکھو تو کہو، میں تمہیں اس عہد کی قسم دیتا ہوں جو تم سے حضرت نوح علیہ السلام نے لیا تھا اور تمہیں اس عہد کی قسم دیتا ہوں جو تم سے حضرت سلیمان علیہ السلام نے لیا تھا کہ ہمیں ایذا نہیں پہنچاؤ گے۔ اگر اس کے بعد بھی نکلیں تو انہیں مار دیا کرو۔

١٨٢٠۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ أَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ مُغِيرَةَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ أَنَّهُ قَالَ اقْتُلُوا الْحَيَّاتِ كُلَّهَا إِلَّا الْجَانَّ الْأَبْيَضَ الَّذِي كَأَنَّهُ قَضِيبُ فِضَّةٍ۔

ابراہیم سے روایت ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ ہر قسم کے سانپوں کو مار دیا کرو سوائے اس سفید سانپ کے جو چاندی کی چھڑی جیسا ہوتا ہے۔

باب ۵۹۲ فِي قَتْلِ الْأَوْزَاغِ۔

گرگٹ کو مارنے کا بیان

١٨٢١۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ أَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَتْلِ الْوَزَغِ وَسَمَّاهُ فُوَيْسِقًا۔

احمد بن محمد بن حنبل، عبدالرزاق، معمر، زہری، عامر بن سعد کے والد ماجد نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے گرگٹ کو مارنے کا حکم فرمایا ہے اور اُس کا نام چھوٹا فاسق رکھا ہے۔

١٨٢٢۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّازُ نَا إِسْمَعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا عَنْ أَبِي سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَتَلَ وَزَغَةً فِي أَوَّلِ ضَرْبَةٍ فَلَهُ كَذَا وَكَذَا حَسَنَةً وَمَنْ قَتَلَهَا فِي الضَّرْبَةِ الثَّانِيَةِ فَلَهُ كَذَا وَكَذَا حَسَنَةً أَدْنَى مِنَ الْأُولَى وَمَنْ قَتَلَهَا فِي الضَّرْبَةِ الثَّالِثَةِ فَلَهُ كَذَا وَكَذَا حَسَنَةً أَدْنَى مِنَ الثَّانِيَةِ۔

سہیل کے والد ماجد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو گرگٹ کو ایک ہی چوٹ میں مار دے اس کے لیے اتنی نیکیاں ہیں اور جو دو ضربوں میں ختم کر دے اس کے لیے اتنی نیکیاں ہیں، یعنی پہلی دفعہ سے کم اور جو اُسے تین ضربوں میں مارے تو اس کے لیے دو ضربوں والے سے کم نیکیاں ہیں۔

۱۸۲۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّازُ ثَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا عَنْ سُهَيْلٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَخِي أَوْ أُخْتِي عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ فِي أَوَّلِ ضَرْبَةٍ سَبْعِينَ حَسَنَةً۔

محمد بن صباح بزاز، اسمٰعیل بن زکریا، سہیل، ان کے بھائی یا بہن نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ ایک ہی ضرب میں مارنے پر ستر نیکیاں ہیں۔

ف۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ گرگٹ کو ایک ہی ضرب میں مار دینے سے ستر نیکیاں ملتی ہیں۔ دیگر احادیث کے مطابق دو ضربوں میں مارنے پر اس سے کم نیکیاں اور تین ضربوں میں مارنے پر اُس سے بھی کم نیکیاں۔ بعض حضرات نے بیان کیا ہے کہ گرگٹ کو مارنے کا اس لیے حکم فرمایا گیا کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لیے بہت سی آگ جلائی گئی تو یہ بھی اُسے بھڑکانے کے لیے پھونکیں مارتا تھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب ۵۹۳ فِي قَتْلِ الذَّرِّ۔

چیونٹی کو مارنے کا بیان

۱۸۲۴۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ عَنِ الْمُغِيرَةِ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَزَلَ نَبِيٌّ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ تَحْتَ شَجَرَةٍ فَلَدَغَتْهُ نَمْلَةٌ فَأَمَرَ بِجِهَازِهِ فَأُخْرِجَ مِنْ تَحْتِهَا ثُمَّ أَمَرَ بِهَا فَأُحْرِقَتْ فَأَوْحَى اللّٰهُ عَلَيْهِ فَهَلَّا نَمْلَةً وَاحِدَةً۔

قتیبہ بن سعید، مغیرہ بن عبدالرحمان، ابوالزناد، اعرج، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ انبیائے کرام میں سے ایک نبی کسی درخت کے نیچے اُترے۔ انہیں ایک چیونٹی نے کاٹ دیا۔ انہوں نے ہٹانے کا حکم دیا جو اس کے نیچے سے ہٹا لیا گیا۔ پھر حکم دیا تو سب چیونٹیاں جلا دی گئیں۔ اللہ تعالیٰ نے اُن پر وحی نازل فرمائی کہ حرکت تو ایک چیونٹی کی تھی۔

۱۸۲۵۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَسَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ نَمْلَةً قَرَصَتْ نَبِيًّا مِنَ الْأَنْبِيَاءِ فَأَمَرَ بِقَرْيَةِ النَّمْلِ فَأُحْرِقَتْ فَأَوْحَى اللّٰهُ إِلَيْهِ أَفِي أَنْ قَرَصَتْكَ نَمْلَةٌ أَهْلَكْتَ أُمَّةً مِنَ الْأُمَمِ تُسَبِّحُ۔

احمد بن صالح، عبداللہ بن وہب، یونس، ابن شہاب، ابوسلمہ بن عبدالرحمان اور سعید بن مسیب نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ ایک چیونٹی نے انبیائے کرام میں سے کسی نبی کو کاٹا۔ انہوں نے حکم دیا تو چیونٹیوں کی ساری رہائش گاہ جلا دی گئی۔ اللہ تعالیٰ نے اُن پر اس سلسلے میں وحی فرمائی کہ تمہیں کاٹا تو ایک چیونٹی نے تھا لیکن تم نے تسبیح بیان کرنے والی پوری امت کو ہلاک کر دیا۔

۱۸۲۶۔ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ قَتْلِ أَرْبَعٍ مِنَ الدَّوَابِّ النَّمْلَةُ وَالنَّحْلَةُ وَالْهُدْهُدُ وَالصُّرَدُ۔

احمد بن حنبل، عبدالرزاق، معمر، زہری، عبیداللہ بن عتبہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چار جانوروں کو ہلاک کرنے سے منع فرمایا ہے یعنی چیونٹی، شہد کی مکھی، ہدہد اور چڑیا کو۔

۱۸۲۷۔ حَدَّثَنَا أَبُو صَالِحٍ مَحْبُوبُ بْنُ مُوسَى أَنَا أَبُو إِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيِّ عَنِ ابْنِ سَعْدٍ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَهُوَ الْحَسَنُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ فَانْطَلَقَ لِحَاجَتِهِ فَرَأَيْنَا حُمَّرَةً مَعَهَا فَرْخَانِ فَأَخَذْنَا فَرْخَيْهَا فَجَاءَتِ الْحُمَّرَةُ فَجَعَلَتْ تَعْرِشُ فَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَنْ فَجَعَ هَذِهِ بِوَلَدِهَا رُدُّوا وَلَدَهَا إِلَيْهَا وَرَأَى قَرْيَةَ نَمْلٍ قَدْ حَرَّقْنَاهَا فَقَالَ مَنْ حَرَّقَ هَذِهِ قُلْنَا نَحْنُ قَالَ إِنَّهُ لَا يَنْبَغِي أَنْ يُعَذِّبَ بِالنَّارِ إِلَّا رَبُّ النَّارِ۔

ابوصالح محبوب بن موسیٰ، ابواسحاق فزاری، ابواسحاق شیبانی حسن بن سعد، عبدالرحمان بن عبداللہ سے اُن کے والد ماجد نے فرمایا:۔ ہم ایک سفر میں رسول اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ آپ حاجت کے لیے تشریف لے گئے تو ہم نے ایک چڑیا دیکھی جس کے ساتھ اس کے دو بچے تھے تو ہم نے اس کے دونوں بچے پکڑ لیے وہ تڑپنے لگی۔ جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لے آئے تو آپ نے فرمایا: اس کے بچوں کی وجہ سے اسے کس نے پریشان کیا ہے۔ اس کے بچے اسے دے دو اور چیونٹیوں کی رہائش گاہ دیکھی جس کو ہم نے جلا دیا تھا تو فرمایا:۔ اسے کس نے جلایا ہے؟ عرض گزار ہوئے کہ ہم نے۔ فرمایا کہ آگ کے رب کے سوا آگ کے ساتھ عذاب دینا کسی کے لیے مناسب نہیں ہے۔

ف۔ اللہ تعالیٰ نے کافروں کے لیے جہنم تیار کی ہے۔ جس میں ہر قسم کے کافروں (کافر، مشرک، منافق) کو آگ کا عذاب دیا جائے گا۔ لہٰذا کسی آدمی یا جانور کو آگ سے نہیں جلانا چاہیے کیونکہ اس میں خدا کے عذاب سے مشابہت ہے جو بندوں کے لیے مناسب نہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چیونٹیوں کے سوراخ کو جلا ہوا دیکھ کر کسی کو آگ سے جلانے کی ممانعت فرمائی۔ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ

بَابٌ ۵۹۴ فِي قَتْلِ الضِّفْدَعِ۔

مینڈک کو مارنے کا بیان

۱۸۲۸۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عُثْمَانَ أَنَّ طَبِيبًا سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ضِفْدَعٍ يَجْعَلُهَا فِي دَوَاءٍ فَنَهَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِهَا۔

سعید بن مسیب نے حضرت عبدالرحمان بن عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک طبیب نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دوا میں مینڈک ڈالنے کے متعلق دریافت کیا تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مینڈک کو ہلاک کرنے سے منع فرما دیا۔

بَابٌ ۵۹۵ فِي الْخَذْفِ۔

کنکریاں مارنے کا بیان

۱۸۲۹۔ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ نَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ صُهْبَانَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَذْفِ قَالَ إِنَّهُ لَا يُصِيدُ صَيْدًا وَلَا يَنْكَأُ عَدُوًّا وَإِنَّمَا يَفْقَأُ الْعَيْنَ وَيَكْسِرُ السِّنَّ۔

عقبہ بن صہبان سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کنکریاں مارنے سے منع فرمایا ہے اور فرمایا کہ ان سے شکار ہوتا ہے اور نہ دشمن مرتا ہے بلکہ یہ آنکھ کو پھوڑتی اور دانت کو توڑتی ہے۔

باب ٥٩٦ فِي الْخِتَانِ.

١٨٣٠ - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدِّمَشْقِيُّ وَعَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْأَشْجَعِيُّ قَالَا نَا مَرْوَانُ نَا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الْكُوفِيُّ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ الْأَنْصَارِيَّةِ أَنَّ امْرَأَةً كَانَتْ تَخْتِنُ بِالْمَدِينَةِ فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُنْهِكِي فَإِنَّ ذٰلِكَ أَحْظٰى لِلْمَرْأَةِ وَأَحَبُّ إِلَى الْبَعْلِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ رُوِيَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بِمَعْنَاهُ وَإِسْنَادِهِ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَلَيْسَ هُوَ بِالْقَوِيِّ.

ختنے کا بیان

سلیمان بن عبدالرحمان دمشقی اور عبدالوہاب بن عبدالرحیم اشجعی، مروان، محمد بن حسان، عبدالوہاب کوفی، عبدالملک بن عمیر نے حضرت ام عطیہ انصاریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ ایک عورت مدینہ منورہ میں ختنے کیا کرتی تھی۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا، بہت جھکا کر ختنہ نہ کیا کرو کیونکہ اس میں عورت کو زیادہ سرور آتا ہے اور مرد کو زیادہ پسند ہے۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ عبیداللہ بن عمر نے عبدالملک سے اسے اپنی اسناد کے ساتھ روایت کیا۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ یہ سند قوی نہیں ہے۔

باب ٥٩٧ فِي مَشْيِ النِّسَاءِ فِي الطَّرِيقِ.

١٨٣١ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِي الْيَمَانِ عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَبِي عَمْرِو بْنِ حِمَاسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ أَبِي أُسَيْدٍ الْأَنْصَارِيِّ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ وَهُوَ خَارِجٌ مِنَ الْمَسْجِدِ فَاخْتَلَطَ الرِّجَالُ مَعَ النِّسَاءِ فِي الطَّرِيقِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلنِّسَاءِ اسْتَأْخِرْنَ فَإِنَّهُ لَيْسَ لَكُنَّ أَنْ تَحْقُقْنَ الطَّرِيقَ عَلَيْكُنَّ بِحَافَاتِ الطَّرِيقِ فَكَانَتِ الْمَرْأَةُ تَلْتَصِقُ بِالْجِدَارِ حَتّٰى إِنَّ ثَوْبَهَا لَيَتَعَلَّقُ بِالْجِدَارِ مِنْ لُصُوقِهَا بِهِ.

عورتیں راستے میں کیسے چلیں

عبداللہ بن مسلمہ، عبدالعزیز بن محمد، ابوالیمان، شداد بن ابو عمرو بن حماس، ان کے والد ماجد، حمزہ بن ابو اسید انصاری سے روایت ہے کہ ان کے والد ماجد نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا اور وہ مسجد سے باہر تھے جب کہ راستے میں مرد عورتوں سے مل گئے تھے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عورتوں سے فرمایا: ٹھہر جاؤ کیونکہ تمہیں راستے کے درمیان میں نہیں چلنا چاہیئے۔ تمہیں راستے کے ایک کنارے پر چلنا چاہیئے۔ پس ہر عورت دیوار کے ساتھ چلنے لگی یہاں تک کہ دیوار کے ساتھ لگنے کی وجہ سے اس کا کپڑا دیوار پر لٹک جاتا تھا۔

١٨٣٢ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَارِسٍ نَا أَبُو قُتَيْبَةَ سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي صَالِحٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى أَنْ يَمْشِيَ يَعْنِي الرَّجُلَ بَيْنَ الْمَرْأَتَيْنِ.

محمد بن یحییٰ بن فارس، ابو قتیبہ، داؤد بن ابو صالح، نافع نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے کہ مرد دو عورتوں کے درمیان چلے۔

باب ٥٩٨ فِي الرَّجُلِ يَسُبُّ الدَّهْرَ.

آدمی کا زمانے کو برا کہنا

۱۸۳۳۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ بْنِ سُفْيَانَ وَابْنُ السَّرْحِ قَالَا أَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤْذِينِي ابْنُ آدَمَ يَسُبُّ الدَّهْرَ وَأَنَا الدَّهْرُ بِيَدِي الْأَمْرُ أُقَلِّبُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ قَالَ ابْنُ السَّرْحِ عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ مَكَانَ سَعِيدٍ۔

محمد بن صباح بن سفیان، ابن سرح، سفیان، زہری، سعید نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے، کہ آدمی مجھے اذیت پہنچاتا ہے زمانے کو برا بھلا کہہ کر کیونکہ زمانہ میں ہوں، اختیار میرا ہے، اور رات دن کو میں بدلتا ہوں۔ ابن سرح نے سعید کی جگہ ابن مسیب کہا ہے۔

ضروری التماس

زباں تا بود در دہاں جائے گیر ثنائے محمد بود دلپذیر

۲۸ ربیع الثانی ۱۴۰۳ھ مطابق ۱۲ فروری ۱۹۸۳ء کو اس مقدس سفر کا آغاز ہوا تھا۔ یہ خدائے ذوالمنن کا فضل و کرم اور اُس کے محبوب، رحمتِ دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بے پایاں بحرِ عنایت کا صدقہ ہے کہ تقریباً ڈیڑھ سال کے اندر اس علمی قلّاش اور دائمی مریض کے ہاتھوں آج ۳۰ ذی قعدہ ۱۴۰۴ھ مطابق ۲۸ اگست ۱۹۸۴ء کو سنن ابوداؤد شریف کے ترجمہ و حواشی کا کام پایۂ تکمیل کو پہنچ گیا ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا۔

بفضلہ تعالیٰ صحیح بخاری، سنن ابن ماجہ، مؤطا امام مالک اور سنن ابوداؤد کا اُردو ترجمہ اس ناچیز کے ہاتھوں ہو چکا۔ اوّل الذکر تینوں کتابیں زیورِ طباعت سے آراستہ ہو کر منصۂ شہود پر جلوہ گر ہو چکی ہیں اور سنن ابوداؤد بھی پریس کی جانب روانہ ہونے کے لیے پر تول رہی ہے۔ مؤخر الذکر دونوں کتابوں پر احقر نے حواشی بھی لکھے ہیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ:۔

لطف و کرم ہے یہ مرے ربِ کریم کا چمکا دیا نصیب جو عبدالحکیم کا

اگر یہ کام سلیقے سے ہوا تو میرے ولیٔ نعمت، مرشدِ برحق، مفتیٔ اعظم دہلی، حضرت شاہ محمد مظہر اللہ نقشبندی، مجددی، دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۳۸۶ھ / ۱۹۶۶ء) کی چشمِ عنایت کا کرشمہ شمار کیا جائے جب کہ تمام فروگزاشتیں میری نااہلی کا نتیجہ ہیں۔ اہلِ علم حضرات سے التماس ہے کہ اختلافِ مسلک کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اس ناچیز کو ناشر کی معرفت غلطیوں سے مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اُن کی اصلاح ہو سکے اور حدیث کے تقدس کو ٹھیس نہ پہنچے۔

ربِ کریم اپنے عصیاں شعار بندے کی اس کاوش کو شرفِ قبولیت سے نوازتے ہوئے نافعِ خلائق کرے۔ اس عاجز اور ناشر کے لیے اسے کفارۂ سیئات، توشۂ آخرت اور ذریعۂ نجات بنائے، آمین۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ وَتُبْ عَلَيْنَا إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى حَبِيْبِهٖ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ أَجْمَعِيْنَ۔

گدائے درِ اولیاء:۔ عبدالحکیم خاں اختر
مجددی مظہری شاہجہان پوری
لاہور چھاؤنی

۳۰ ذی قعدہ ۱۴۰۴ھ
۲۸ اگست ۱۹۸۴ء

سنن ابوداؤد۔ جلد سوم

جدول

(پاروں کے لحاظ سے)

نام پارہ	تفصیل ابواب	میزان ابواب	تفصیل ابواب	میزان احادیث	کیفیت
پارہ ۲۲	۱ تا ۷۰	۷۰	۱ تا ۱۹۵	۱۹۵	
۲۳ "	۷۱ تا ۱۳۳	۶۳	۱۹۶ تا ۳۵۴	۱۵۹	
۲۴ "	۱۳۴ تا ۲۰۵	۷۲	۳۵۵ تا ۵۲۷	۱۷۳	
۲۵ "	۲۰۶ تا ۲۵۱	۴۶	۵۲۸ تا ۶۹۶	۱۶۹	
۲۶ "	۲۵۲ تا ۲۹۷	۴۶	۶۹۷ تا ۸۵۲	۱۵۶	
۲۷ "	۲۹۸ تا ۳۳۳	۳۶	۸۵۳ تا ۹۸۵	۱۳۳	
۲۸ "	۳۳۴ تا ۳۶۶	۳۳	۹۸۶ تا ۱۱۰۱	۱۱۶	
۲۹ "	۳۶۷ تا ۴۰۳	۳۷	۱۱۰۲ تا ۱۲۶۵	۱۶۴	
۳۰ "	۴۰۴ تا ۴۵۰	۴۷	۱۲۶۶ تا ۱۴۳۳	۱۶۸	
۳۱ "	۴۵۱ تا ۵۲۳	۷۳	۱۴۳۴ تا ۱۶۲۴	۱۹۱	
۳۲ "	۵۲۴ تا ۵۹۸	۷۵	۱۶۲۵ تا ۱۸۳۳	۲۰۹	
	میزان	۵۹۸	×	۱۸۳۳	

جدول سنن ابوداؤد جلد اوّل

(کتابوں کے لحاظ سے)

نمبر شمار	نام کتاب	تفصیل ابواب	میزان ابواب	تفصیل احادیث	میزان احادیث
۱	کتاب الطہارۃ	۱ تا ۱۴۴	۴۴	۱ تا ۳۸۹	۳۸۹
۲	کتاب الصلوٰۃ	۱۴۵ تا ۴۰۹	۲۶۵	۳۹۰ تا ۱۱۶۴	۷۷۵
۳	کتاب الکسوف	۴۱۰ تا ۴۱۸	۹	۱۱۶۵ تا ۱۱۸۴	۲۰
۴	ابواب صلوٰۃ السفر	۴۱۹ تا ۴۳۸	۲۰	۱۱۸۵ تا ۱۲۳۵	۵۱
۵	ابواب التطوع	۴۳۹ تا ۴۵۴	۱۶	۱۲۳۶ تا ۱۲۸۹	۵۴
۶	ابواب قیام اللیل	۴۵۵ تا ۴۶۶	۱۲	۱۲۹۰ تا ۱۳۵۷	۶۸
۷	ابواب شہر رمضان	۴۶۷ تا ۴۷۷	۱۱	۱۳۵۸ تا ۱۳۸۶	۲۹
۸	ابواب السجود	۴۷۸ تا ۴۸۵	۸	۱۳۸۷ تا ۱۴۰۱	۱۵
۹	ابواب الوتر	۴۸۶ تا ۵۱۷	۳۲	۱۴۰۲ تا ۱۵۴۱	۱۴۰
۱۰	کتاب الزکوٰۃ	۵۱۸ تا ۵۴۴	۲۷	۱۵۴۲ تا ۱۶۸۷	۱۴۶
۱۱	کتاب اللقطہ	x — x	x	۱۶۸۸ تا ۱۷۰۷	۲۰
۱۲	کتاب المناسک	۵۴۵ تا ۵۸۱	۱۷	۱۷۰۸ تا ۱۷۵۰	۴۳
	میزان	x	۵۸۱	x	۱۷۵۰

جدول۔ سنن ابوداؤد۔ جلد دوم

نمبر شمار	نام کتاب	تفصیل ابواب	میزان ابواب	تفصیل احادیث	میزان احادیث
۱۲	کتاب المناسک	۱ تا ۷۸	۷۸	۱ تا ۲۷۷	۲۷۷
۱۳	کتاب النکاح	۷۹ تا ۱۲۷	۴۹	۲۷۷ تا ۲۴۰	۱۳۰
۱۴	کتاب الطلاق	۱۲۸ تا ۱۷۸	۵۱	۴۰۸ تا ۵۴۲	۱۳۵
۱۵	کتاب الصیام	۱۷۹ تا ۲۵۸	۸۰	۵۴۳ تا ۷۰۴	۱۶۲
۱۶	کتاب الجہاد	۲۵۹ تا ۴۳۸	۱۸۰	۷۰۵ تا ۱۰۱۴	۳۱۰
۱۷	کتاب الضحایا	۴۳۹ تا ۴۸۱	۴۳	۱۰۱۵ تا ۱۱۱۰	۹۶

نمبر شمار	نام کتاب	تفصیل ابواب	میزان ابواب	تفصیل احادیث	میزان احادیث
۱۸	کتاب الفرائض	۴۸۲ تا ۶۲۴	۱۴۳	۱۱۱۱ تا ۱۴۶۴	۳۵۴
۱۹	کتاب الایمان والنذور	۶۲۵ تا ۶۵۵	۳۱	۱۴۶۵ تا ۱۵۳۰	
۲۰	کتاب البیوع	۶۵۶ تا ۶۸۶	۳۱	۱۵۳۱ تا ۱۵۹۸	۶۸
	میزان	×	۶۸۶	×	۱۵۹۸

جدول ـ سنن ابوداؤد ـ جلد سوم

نمبر شمار	نام کتاب	تفصیل ابواب	میزان ابواب	تفصیل احادیث	میزان احادیث
×	کتاب البیوع	۱ تا ۹۱	۹۱	۱ تا ۲۴۴	۲۴۴
۲۱	کتاب العلم	۹۲ تا ۱۲۶	۳۵	۲۴۵ تا ۳۳۶	۹۲
۲۲	کتاب الاطعمہ	۱۲۷ تا ۱۸۲	۵۶	۳۳۷ تا ۴۵۷	۱۲۱
۲۳	کتاب الطب	۱۸۳ تا ۲۲۲	۴۰	۴۵۸ تا ۵۷۰	۱۱۳
۲۴	کتاب الحروف	×	×	۵۷۱ تا ۶۱۰	۴۰
۲۵	کتاب الحمام	۲۲۳ تا ۲۲۴	۲	۶۱۱ تا ۶۲۱	۱۱
۲۶	کتاب اللباس	۲۲۵ تا ۲۶۹	۴۵	۶۲۲ تا ۷۵۷	۱۳۶
۲۷	کتاب الترجل	۲۷۰ تا ۲۸۹	۲۰	۷۵۸ تا ۸۱۱	۵۴
۲۸	کتاب الخاتم	۲۹۰ تا ۲۹۷	۸	۸۱۲ تا ۸۳۷	۲۶
۲۹	کتاب الفتن	۲۹۸ تا ۳۰۳	۶	۸۳۸ تا ۸۷۵	۳۸
۳۰	کتاب المهدی	۳۰۴ تا ۳۲۱	۱۸	۸۷۶ تا ۹۴۵	۷۰
۳۱	کتاب الحدود	۳۲۲ تا ۳۵۹	۳۸	۹۴۶ تا ۱۰۸۰	۱۳۵
۳۲	کتاب الدیات	۳۶۰ تا ۳۸۷	۲۸	۱۰۸۱ تا ۱۱۷۱	۹۱
۳۳	کتاب السنۃ	۳۸۸ تا ۴۱۷	۳۰	۱۱۷۲ تا ۱۳۴۵	
۳۴	کتاب الادب	۴۱۸ تا ۵۹۸	۱۸۱	۱۳۴۶ تا ۱۸۳۳	۴۸۸
	میزان جلد سوم	×	۵۹۶	×	۱۸۳۳
	میزان جلد دوم	×	۶۸۶	×	۱۵۹۸
	میزان جلد اول	×	۵۸۱	×	۱۷۵۰
	میزان کل	×	۱۸۶۵	×	۵۱۸۱